لغاتِ کشوری

۶۹۰

جو

بہت بڑا ذخیرہ انواع لُغات فارسی و عربی و ترکی و یُونانی مستعملۂ کُتب درسیّہ مروجۂ مدارس عام و سررشتۂ تعلیم وغیرہ کا ہے

اور

جس کے منافع اندرونی اور سبب تالیف اور ہر دلعزیز ہونے کے حالات دیباچۂ کتاب ہٰذا مین بتفصیل درج ہین

اور جس کو

جامعُ الکمالات مولوی سیّد تصدّق حسین صاحب رضوی مرحوم و مغفور مصحح مطبع ہٰذا نے بحکم مالک مطبع موصوف مدت تین سال مین بڑی محنت اور مشقت سے معتبر کتب لغات سے انتخاب کیا اور بنام مالک مطبع ممدوح منسوب فرمایا

بار دوازدہم ۱۲

بصحتِ تمام و درستی اعراب و باضافہ تحشی جدید برائے فوائد خاص و عام

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع نامی منشی نول کشور واقع لکھنؤ مین چھپی

۱۹۲۳ع

فہرست ابواب وفصول لغات کشوری

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پس از حمد کبریا و نعت رسول دوسرا و مناقب ائمۂ ہدا و اصحاب اتقیا شائقین کی خدمت فیضدرجت مین التماس کیا جاتا ہو کہ
عرصۂ دراز سے طلبۂ علم دوست کی یہ شکایت تھی کہ کریم اللغات بوجہ اختصار ہم لوگون کے انجاح مرام مین بوقت ضرورت کافی نہین
ہوتی اسلیے کہ اُسمین لغت بہت کم ہین اور کنایات و اصطلاحات کا تو نام بھی نہین ہو اور جو لغت ہین بھی اُنکے بیانمین کمی ہو یعنی ایک دو معنے
بیان پر اکتفا کی گئی ہو۔ پس ہم لوگ بڑی درسی کتابون کے لغات وکنایات و اصطلاحات کے معانی کی تلاش مین فیضیاب نہین ہو سکتے
اور چونکہ اُسمین لغات مُعرّب نہین ہین اور باختلاف حرکات لغت کے معانی بدل جاتے ہین اس سبب سے اور بھی تکلیف اُٹھاتے ہین اگر کوئی
کتاب جامع ہر قسم لغات وکنایات و اصطلاحات کے بیانمین بزبان اُردو تالیف ہو جاتی تو نہایت مفید عام ہو جاتی اور ہم لوگ شکرگزار
ہوتے جب یہ شکایتین بافراط ہونے لگین اور رئیس عالیشان منہل جود و احسان فیض گستر قدردان اہل علم و ہنر صدر آراے بزم سروری
مسکن چاربالش فضل و برتری آقاے نامدار جناب **منشی نولکشور** صاحب سی۔آئی۔ای۔ مالک مطبع اودھ اخبار کے سمع اقدس مین پہونچین
تو آقاے ممدوح نے فوراً اس پریشان حال شکستہ بال قلیل البضاعت غریق بحر عصیان و ندامت ناشناس کسے بیخبری **سید تصدق حسین**
رضوی کو جو ۱۸۶۲ء سے وابستۂ دامن دولت مطبع موصوف ہو طلب فرماکر تالیف کتاب مطلوب کا حکم فرمایا۔ اگرچہ احقر الخلائق کو انجام دہی
ایسے کار سترگ کی لیاقت نہ تھی مگر اتباعاً للحکم سمعاً و طاعۃً کہکر مدت تین سال مین اس کار اہم کو پورا کیا اور اس کتاب کا نام تیمناً و تبرکاً آقاے نامدار
کے نام نامی سے اخذ کرکے **لغات کشوری** رکھا۔ اب ذکر عنوان تالیف کیا جاتا ہو کہ اول کتب درسیہ مثل گلستان و بوستان و یوسف زلیخا
و سکندرنامہ و بہار دانش و مادھورام و انشاے منیر و انشاے خلیفہ و انوار سہیلی و مینابازار و ابوالفضل و انشاے طاہر وحید و توقیعات کسریٰ
و گل کشتی و پنجرقعہ و سہ نثر ظہوری و رسائل طغرا و اخلاق ناصری و قصائد عرفی وغیرہم کا مطالعہ کرکے اُنکے لغات و کنایات کو یکجا کیا۔ پھر
اُنمین سے مکرر لغات کو بدر کرکے بترتیب کتب لغات انگریزی یعنی ڈکشنری درست کی یعنی ہر لغت کے حرف اول کو باب اور حرف ثانی کو فصل
قرار دیا۔ اور ہر لغت کے پہلے تین حرف کا سلسلہ بیانمین التزام رکھا۔ اور جہان کہین پہلے تین حرف برابر موافق پڑ گئے مثل پنج ارکان
و پنجپایہ و پنجگاہ و پنج نوبت۔ وغیرہم کے وہان چوتھے حرف کا بھی لحاظ رکھا ہو۔ اسیطرح پانچوین اور چھٹے حرف کا بھی ایسے ہی موقع پر
خیال رہا ہو۔ غرض کہ اول کے حرفون کا التزام ہو آخر کا نہین۔ بعد ازان اُن لغات وکنایات کے معانی کتب لغات مثل صراح و
منتخب اللغات و کشف اللغات و مؤید الفضلا و برہان قاطع و غیاث اللغات و چراغ ہدایت و بہار عجم اور کئی فرہنگون معتبر سے انتخاب کرکے
لکھے اور ہر لغت پر نہایت احتیاط سے اعراب لگا دیے تاکہ طلبہ کو کسی طرح کی شکایت باقی نہ رہے اور جس زبان کا جو لغت ہوا اُسکے آگے
حرف اول اُس زبان کا واسطے نشان کے لکھ دیا جیسے ۔ع عربی + ف فارسی + ت ترکی + ی یونانی + مب مُعرّب + معرب د لغت

کہلاتا ہو جو کسی اور زبان کا تھا اور کسی قدر تصرف سے اُسکو عربی بنا لیا جیسے چین کا مُعَرَّب صین ہو غرض دست بستہ ہو حینیدکہ احقر نے اس کتاب کی تالیف مین بڑی جانفشانی کی ہو اور جناب باری کے فضل و کرم سے اُمیدکرتا ہون کہ یہ تالیف جملہ عیوب سے پاک ہو۔ اور کتب درسیہ مذکورۃ الصدر پر موقوف نہین ہو بلکہ آپ حضرات اور بھی کتب فارسی و عربی و کتب طب کے لغات اسمین پائینگے الا ماشاء اللہ۔ حتی کہ ہزار لغت اور کنایت اس کتاب مین کتاب غیاث اللغات سے بھی زیادہ ہین۔ اور یہ تو ہر لغت کے واسطے عموماً کمترین نے التزام کیا ہو کہ چند کتب لغت پیش نظر سے رجوع کرکے اس لغت کے جملہ معانی عمدہ انتخاب کرکے سب لکھدیے ہین اور اُس لغت کے حلیہ کی مطابقت کرکے جانچ کرلی ہو تاہم احقر کو اپنی عدم لیاقت اور سہو بشری سے کہ جو طینت انسان مین مُخَمَّر ہو و نیز نقصان چھاپہ سے ہدف سہام ملام ہوجانے کا بڑا خوف ہو لہذا متمنی ہون کہ ہر صاحب موجب اُسترِ سَتَرَ اللہ علیک اس کمترین کے عیب کو دامن عاطفت سے چھپاکے اکتساب ثواب آخرت فرمائین

باب الف

فصل الف مع باے موحدہ

آب - ف - اصلی معنی اس کے پانی - اور اصطلاحی آبرو - عزت - فیض - خوبی - رونق - دولت - طرز - روش - تلوار کی تیزی - چمک -

اَب - ع - باپ - پدر - دراصل اَبَوٌ تھا -

آبا - ع - پدران - یہ جمع اب کی ہو -

آباے عُلوِی - ع - کنایہ ہو نو آسمان یا نات ستارون سیارہ یعنی چلنے والون سے -

اِبا - ع - انکار کرنا - نہ ماننا - انکار -

اَبابیل - ع - دیوڈلائی نام ایک چھوٹے پرند مشہور کا ہے -

آباد - ف - بسا ہوا - ضد ویران - اور معنی خوش - خوب - آفرین - ستایش -

آبادان - ف - مزید علیہ آباد کا -

اَباد - ع - بغیر مد کے - نفرین - دعاے بد -

آبان - ف - آٹھوان مہینہ شمسی جسمین آفتاب برج عقرب مین رہتا ہو - تقریباً ماہ اگھن -

اِباحت - ع - حلال کرنا - مُباح کرنا -

آبار - ف - جلا ہوا سیسہ - اُسرب سوختہ -

آبار - ع - جمع بیر معنی کنوین کی -

آب انار - ف - کنایہ شراب سُرخ سے -

آب آتشین - ف - تیز و تند شراب -

آبارہ - ف - معنی حساب -

آب انگوری - ف - شراب انگوری -

آب بقا - ف - آب حیات - اور کنایہ شعر و سخن سے بھی -

آب باز - ف - پانی مین تیرنے والا -

آب بر ریسمان بستن - ف - غیر ممکن کی تلاش کرنا - بے فائدہ کام کرنا -

آب بر روے کار آوردن - ف - گئی ہوئی رونق اور خوبی کام مین پیدا کرنا -

آب بر آتش زدن - ف - نرمی کرنا -

آب بُردن - ف - بے رونق کرنا -

آبپاشی - ف - سینچنا - کھیتی کو پانی دینا - چھڑکاؤ پانی کا کرنا -

آبتاب - ف - رونق - چمک -

اِبتدا - ع - شروع -

اِبتذال - ع - بیہودہ خرچ کرنا - ذلیل رکھنا

اَبتَر - ع - لغوی معنی اِسکے دُم کٹا ہوا - مرادی معنی بے خبر آدمی - بد چلن - بگڑا ہوا -

اِبتسام - ع - مشتق ہو بسم سے ہنسنا - مسکرانا اور پھول کا کھلنا -

اِبتہاج - ع - خوشی - کھلنا - خوش ہونا -

آبتین - ف - بروزن آستین نام ہو فریدون کے باپ کا -

اِبتلا - ع - آزمانا - بلا مین ڈالنا -

اِبْتِغا - ع - خواہش کرنا - چاہنا -
اِبْتِلاع - ع - حلق سے نیچے نگلنا -
اِبْتِہال - ع - رونا - زاری کرنا -
آبِ جاوِیدان - ف - آبِ حیات -
اَبْجَد - ع - حروف تہجّی - الف بے -
آبِ حیات - ف - اِمرت جسکے پینے سے موت نہین آتی مراد ہی معنی شعرا در معشوق کا مُنھ
آبِ حیوان - ف - آبِ حیات -
اَبْحار - ع - جمع ہی بحر بمعنی دریا کی -
آبخورد - ف - اَن جل - آبخورش -
آبخوره - ف - پانی پینے کا برتن - گلاس
آبِ خضر - ف - آبِ حیات -
آب خوردن - ف - غصّہ کو تھامنا -
آبِ خُشک - ف - پیالہ بلّور کا -
آبخانہ - ف - پاخانہ - جھاڑا پھرنیکی جگہ -
اَبْخَره - ع - بُخار - بھاپ -
آبخور - ف - پانی کی جگہ - یعنی گھاٹ -
اَبْخاز - ع - گرجستان کے ایک شہر کا نام - اور ایک گروہ کا نام بھی -
اَبَد - ع - جسکی انتہا نہو - ہمیشگی -
آبدار - ف - چمکدار - اور پانی رکھنے والا نوکر - اور دولتمند آدمی -
آبداری - ف - چمک - صفائی -
آب در جگر ندارد - ف - یعنی مفلس ہی -
آب دُزد - ف - وہ رستہ پانیکا جسکے نیچے سے پوشیدہ پانی جاری ہو - طغرا اِس لفظ کو اسی معنی پر لایا ہی - اور وہ برتن پانی کا جسکا مُنھ تنگ ہو اور پیندے مین اُسکے سوراخ ہون ہندی پنچورہ -
آبدستان - ف - آفتابہ وضو کرنیکا -
آبدست - ف - بمعنی وضو - کام کی رونق صنعت - کاری گری -
آبدان - ف - تالاب - پانی کا برتن -
آب در سبد کردن - ف - بے فائدہ کام کرنا اور جو کام نہو سکے اُسکا ارادہ کرنا -
آب در دیده داشتن - ف - شرم کرنا
اِبْداع - ع - نئی چیز پیدا کرنا -
اِبْداء - ع - ظاہر کرنا - پیدا کرنا -
اِبْدال - ع - الف کے کسرہ سے بدل کرنا -
اَبْدال - ع - الف کے فتحہ سے اولیاء اللہ -
آب در دیده - ف - کنایہ ہی رونے سے -
اَبْر - ف - بادل -
اِبْرام - ع - تنگ کرنا - ملول کرنا - مضبوط کرنا کسی کام کا -
آبراه - ف - موری - بدرو - سیلاب -
اَبْرَص - ف - کوڑھی - چتلا - چتکبرا - اور گرگٹ جو چھپکلی کی قسم ہی اُس کو بھی کہتے ہین -
اَبْرَق - مب - مُعرّب ابرک کا مشہور چیز ہی -
اِبْراق - ع - بجلی کا کسی پہ گرنا -
اَبَرقوه - ع -
اَبَرکوه - ف - } فارس مین ایک شہر کا نام ہی
اَبْرُو - ف - بھون جو آنکھ کے اوپر ہوتی ہی
آبرو - ف - عزت - مرتبہ - نیکنامی - تازگی -
آب ریختن - ف - بے عزّت اور ذلیل کرنا
اِبْرِیسَم - مب - یاے معروف سے معرب ابریشم کا -
اَبْرِیشَم - ف - یاے مجہول سے - ریشم -
اِبْرِیق - ع - روشن - چھاگل پانی کی - تلوار چمکدار - عورت خوبصورت -
آبِ رَوان - ف - مراد ہی گھوڑے سے -
آب رفتہ در جُو آمدن - ف - بعد زوال نعمت کے سر نو سے کامیاب ہونا -
آبِ رَوشن - ف - مراد ہی رونق سے -
اِبْراء - ع - پاک ہونا - بیزار ہونا -
اَبْرار - ع - نیک لوگ -
اِبْراز - ع - باہر آنا - ظاہر کرنا -
اِبْرِیز - ع - خالص سونا یا چاندی -
اَبْرو نازک کردن - ف - ناز وغمزہ کرنا
اِبْرَه - ع - سوئی - بچھو کا ڈنک -
اَبْرو بہم درکشیدن - ف - ناخوش ہونا
اَبْرِیشمینہ - ف - ریشم کی چیز -
اَبْرَہَہ - ع - پادشاہ حبشہ کے نائب کا نام -
اَبْرِ کافور بار - ف - سفید بالون سے مُراد ہی

ابرش - ف - سرخ و سفید رنگ کا گھوڑا اور بعض کے نزدیک ابلق گھوڑا - اور سالہا ماہ مین مراد روز یعنی دن سے ہی -

ابر سیاہ - ف - مراد لشکر سے بھی -

ابرو گشادن - ف - مخاطب ہونا -

ابر آفتاب - ف - کوشش بیحاصل سے کنایہ ہی -

ابرو طاق - ف - ابروے یکتا اور بے نظیر

آب زیر کاہ انداختن - ف - مکاری

ابزار - اباز یر - ع - مصالحے جو کھانے مین ڈالے جاتے ہین مثل لہسن پیاز وغیرہ کے -

آب زیر کسی ہشتن - ف - کسی کو فریب دینا - دغا بازی کرنا -

آبستن - ف - حاملہ ہونا پیٹ سے ہونا

آبستنی - ف - پیٹ والی عورت چاپلوسی کرنیوالا - کنایہ پر لطف سے جو نام باجہ کا ہی -

آب سرخ - ف - شراب سرخ -

آبسال - ف - بمعنی ملغ -

آب سیاہ - ف - گہرا پانی - مہلک پانی بھنور دریا کا جو ڈبو دے - سیاہی دوات کی - شراب -

آبستنی روز - ف - قلب صفات سے بیا روز آبستن - دن جننے کا - روز ولادت -

آبشار - ف - جھرنا جہان سے پانی گرتا ہو چشمہ پہاڑ کا -

ابشم - ف - کویا ریشم کا کچے ریشم کا کویا جو کیڑا بناتا ہی -

آبشخور - ف - قسمت - چہ بچہ پانی کا چشمہ تالاب

آب شیراز - ف - شراب -

آب شدن - ف - شرمندہ ہونا -

آب طرب - ف - شراب -

ابطلا - ع - دیر کرنا -

ابط - ع - بغل -

ابطال - ع - باطل کرنا -

ابطال - ع - دلاور آدمی - بہادر لوگ -

ابعاد - ع - جمع ہر بعد بمعنی دوری کی -

ابقا - ع - باقی رکھنا -

ابقر - ع - شورہ جس سے باروت بنتی ہی -

ابق - ع - گریزان - بھاگنے والا -

آبکار - ف - کلال - شراب فروش -

ابکم - ع - گونگا آدمی -

ابکار - ع - جمع بکر کی کنواری عورتین اور جمع بکرہ بمعنی بامداد - صبح کا وقت -

آبگیر - ف - جوہڑ یعنی وہ گڑھا جہان پر پانی ٹھہرے - تالاب -

آبگینہ - ف - کانچ شیشہ بلور - شراب انگوری دل عاشق کا آنسو آنکھ کے -

آب گوہر - ف - مرض نزول آب کا یعنی موتیابند جس سے آدمی اندھا ہو جاتا ہی -

آب گل - ف - مراد خسارہ کے پسینے سے

آب گلگون - ف - شراب سرخ -

آب گینہ در جام افشاندن - ف - کنایہ ہی ساغر شراب کے ٹوٹنے سے -

ابل - ع - اونٹ شتر -

ابتلا - ع - محنت مین ڈالنا آزمایش کرنا بلامین پھنسانا - کہنہ کرنا کسی چیز کا - ظاہر کرنا - کفایت کرنا -

ابلاغ - ع - پہونچانا - بھیجنا -

ابلج - ع - روشن - ظاہر - مراد ابرو کشادہ -

ابلق - ع - چتکبرا سفید دست و پا گھوڑا -

ابلہ - ف - نادان - سادہ - بیوقوف -

آبلہ - ف - پھپھولا - پھنسی -

ابلہی - ف - بیوقوفی - احمق پن -

ابلیس - ع - شیطان - فریب دینے والا - بہ - نا اُمید -

ابلوج - ف - قند - شکر سفید -

ابلار - ف - کشمیر مین ایک ندی کا نام ہی -

ابلاس - ع - نا اُمید ہونا - غمگین ہونا -

آب منجمد - ف - بلور کا پیالہ - برف - یخ -

آب مروارید - ف - مرض موتیابند کا جس سے آدمی اندھا ہو جاتا ہی -

آب معلق - ف - مراد ہو آسمان سے -

آب مرغان - ف - شیراز مین ایک سیر گاہ کا نام ہی -

آب ماہ - ف - چاندنی -

ابن - ع - بیٹا - فرزند - پسر -
ابناء - ع - جمع ہو ابن کی معنی بیٹے - ساتھی ہمجنس -
ابن الوقت - ع - وہ شخص جو بمقتضاے وقت کام کرتا ہو - قابو چی -
ابن العنب - ع - کنیت ہو شراب کی -
ابن العرس - ع - راسو - نیولا -
ابن اللبون - ع - اونٹ کا بچہ شیر خوار -
ابن آوی - ع - گیدڑ - شغال -
ابن السبیل - ع - مسافر - راہی -
ابن سیرین - ع - نام ایک شخص کا جو خواب کی تعبیر کے علم کو خوب جانتے تھے -
ابن صبح - ف - کنایہ آفتاب سے -
ابن مقلہ - ع - نام ایک بڑے نامی اور کامل اور مشہور خوش نویس کا -
ابنت - ع - دختر - بیٹی -
آب نخوردن - ف - مراد دیر نہ کرنا - اور توقف نہ کرنا -
آب نقرہ - ف - سیماب - پارہ -
آبنوس - ع - نام ایک درخت سیاہ رنگ کا -
ابواب - ع - جمع باب کی دروازے اور کتاب کے حصے -
آب و دانہ - ف - رزق - خوراک - کھانا - پینا -
ابو - ع - باپ - صاحب -

ابو الفضل - ع - اکبر بادشاہ کا وزیر -
ابو البشر - ع - حضرت آدم علیہ السلام -
ابو القاسم - ع - کنیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی -
آب و آتش - ف - مراد شراب سے -
ابوت - ع - پدری - باپ ہونا -
ابو جعفر - ع - نام امام محمد باقر علیہ السلام کا -
ابو زید - ع - نام ایک شطرنج باز کامل کا جو بڑا عقلمند اور فصیح اور ظریف اور عیار تھا -
ابوی - ع - منسوب کرنا باب یعنی باپ کے -
ابہام - ع - انگوٹھا اور کھولکر بیان نہ کرنا -
ابہت - ع - بزرگی - رونق - شکوہ -
ابہل - ع - پہاڑی سرو کا تخم جسکو ہندی مین ہاؤبیر کہتے ہین -
ابہی - ع - بڑا خوبصورت -
آبیاری - ف - درختون مین پانی دینا -
آبی - ع - سرکشی اور انکار کرنیوالا -
آبی - ف - نی - گیلاپن - بہی کا میوہ -
ابی - ع - سرکش -
ابیات - ع - جمع بیت کی گھر - شعر -
ابیض - ع - سفید - تلوار - چاندی -
ابیضان - ع - دو رگ ہین چھاتی مین اونٹ کی - دودھ پانی - پیری جوانی - دو روز یا دو ماہ - اصلی معنی دو سفید چیز -
آبی و آتشی - ف - ایک سرکے برخلاف

فصل الف مع تاے فوقانی

آت - ت - گھوڑا -
اتابک - ع - لقب بادشاہان شیراز کا -
اتالیق - ت - ادب سکھلانیوالا - استاد -
اتاق - ت - مکان - خیمہ -
اتان - ع - مادہ خر - گدھی -
اتاقہ - ت - طرہ - کلغی -
اتبال - ع - فانی کرنا - دشمن رکھنا -
اتباع - ع - پیروی کرنا - تابع ہونا -
اتباع - ع - تابعدار لوگ -
اتجار - ع - بروزن اتفاق - تجارت کرنا -
اتحاد - ع - ایک ہونا - دوستی -
اتحاف - ع - تحفہ دینا - سوغات -
اتخاذ - ع - پکڑنا - لینا -
اتراب - ع - کنواری عورتین کمسن اور ہمسن -
اتراک - ع - ترک لوگ جو مغلون کی قوم سے ہین -
اتراب - ع - مٹی مین ملانا -
اتراص - ع - مضبوط کرنا - برابر کرنا -
اتساق - ع - ترتیب دینا - تمام ہونا - فراہم ہونا - درست ہونا -
اتساع - ع - کشادہ ہونا - اور نام آنکھ کے ایک مرض کا جس سے ضعف بصر ہوتا ہے -
اتسام - ع - نشان کرنا مشتق وسم سے ہے -
آتش - ف - آگ - نور - رواج - غصہ -

شیطان - اور کنایہ ہی دوزخ اور غضب خدا سے اور سکندر نامہ مین مراد ر ومیون سے -

آتش انگیز - ف - مراد سردار لشکر -

آتش افشان کردن - ف - تباہ کرنا -

آتشباز - ف - جو شخص آتشبازی بناوے اور جو بیچے -

آتش بیدود - ف - آفتاب -

آتشبازی - ف - آگ سے کھیلنا اور نام آتشبازی کے کھلونون کا -

آتش پا - ف - بیقرار - تیزرو -

آتش پیکر - ف - سورج - شیطان اور جن وغیرہ آتشی پیدایش والا -

آتش تر - ف - شراب -

آتش خوار - ف - نام ایک جانور کا ہی اور بد اور ظالم آدمی کو بھی کہتے ہین -

آتشدان - ف - انگیٹھی -

آتش دادن - ف - مراد چھوڑ دینا اور ترک کرنا - اور کسی کو بھڑکانا -

آتش دستی - ف - غلبہ - چالاکی - جلدی -

آتش زبان - ف - یاوہ گو - سخت مزاج -

آتش زدن - ف - خراب کرنا -

آتش زن - ف - ایک جانور کا نام ہی جسکو ققنس بھی کہتے ہین -

آتش زنہ - ف - چقماق -

آتش سرد - ف - شراب - لب معشوق - سونا - چاندی -

آتش فارسی - ف - مجازاً بمعنی آتشک -

آتشکار - ف - باورچی - آتشباز -

آتشکاو - ف - بمعنی دست پناہ جس سے آگ پکڑتے ہین -

آتشگیر - ف - ایضاً بمعنی دست پناہ -

آتش محلول - ف - گرم پانی - روغن گرم اور کنایہ آفتاب سے باعتبار سرخی و گرمی -

آتشی - ف - مراد دیوسے -

آتشی - آتشین - ف - آگ کا - گرم -

اتصاف - ع - کوئی صفت اختیار کرنا - تعریف کیا جانا - باہم وصف کرنا کسی چیز کا -

اتصال - ع - ملنا - لگاتار ہونا کسی کام کا اور پہونچنا -

اتضاح - ع - روشن ہونا -

اِتعاب - ع - رنج مین ڈالنا -

اَتعاب - ع - جمع ہی تعب بمعنی رنج کی -

اتفاق - ع - باہم ملنا - اچانک -

اتفاقاً - ع - اچانک - اچانک سے -

اتفاقی - ع - جو اتفاق سے بات ہو جائے -

اتقا - ع - بچنا - پرہیز کرنا - گناہ سے بچنا -

اَتقیا - ع - پرہیزگار لوگ - جمع تقی کی ہی -

اتقان - ع - استواری اور مضبوطی کرنا -

اتکا - ع - بھروسہ کرنا - تکیہ کرنا -

اتکال - ع - اعتماد کرنا - بھروسہ کرنا -

اُتکہ - ت - دایہ یعنی انّا کا شوہر -

اِتلاد - ع - پرانے مال کا مالک ہونا -

اتلاف - ع - ضائع کرنا - تلف کرنا - کھو دینا -

اَتم - ع - بہت پورا - کامل - تمامتر -

اِتمام - ع - پورا کرنا - انجام کو پہونچانا -

اُتماک - ت - نان - یعنی روٹی -

اَتون - ع - بروزن زبون - روٹی پکانے کا تنور - لوہے کا آتشدان -

آتون - ف - وہ عورت جو لڑکیونکو علم پڑھنا کپڑے سینا جالی نکالنی وغیرہ تعلیم کرے -

اِتّہام - ع - تہمت لگانا - کسی پر دوش دینا غلطی مین ڈالنا - ناحق بدنام کرنا -

اتہاب - ع - بخشش قبول کرنا - ہبہ کرنا -

اتیان - ع - رسیدگی - دخول - قدوم آنا -

فصل الف مع ثاے مثلثہ

اَثاث - ع - اسباب خانگی - گھر کا اسباب -

آثار - ع - نشانیان - پرانے نشان بچے ہوئے پڑونکے - جمع اثر بمعنی نشان کی -

اِثبات - ع - ثابت کرنا - ثبوت کو پہونچانا -

اَثر - ع - تاثیر - نشان - کھنڈر - کھوج -

اُثفیہ - ع - دیگ پایہ - چولھے کا پایہ - جمع اسکی اثافی آتی ہے -

اَثقال - ع - جمع ثقل کی - معنی اسکے بوجھ بھار -

اَثل - ع - جھاؤ کا درخت -

اِثم - ع - گناہ - جرم - جمع اسکی آثام ہی -

اور شراب اور جوا - اور جو کام شروع مین
ناروا ہو اُسکو بھی اثم کہتے ہین -
اَثمار - ع - جمع ہی ثمر بمعنی پھل کی -
آثِم - ع - گناہگار -
اِثمِد - ع - سرمہ کا پتھر جسکا سُرمہ بنتا ہو -
اَثمان - ع - جمع ہو ثمن بمعنی قیمت کی -
اَثناء - ع - بیچ - درمیان - عرصہ
درمیان کا -
اَثنا دراہ - ف - درمیان رستہ کے -
اِثنین - ع - دُو -
اَثنِیَہ - ع - جمع ہو ثنا بمعنی تعریف کی -
اِثنا - ع - دُو - یعنی دُو کی تعداد -
اِثنا عشری - ع - فرقۂ شیعہ - اور ایک
آنت کا نام بھی ہو جو معدے کے نیچے ہوتی
ہو اور اُسکا طول اُسی شخص کے بارہ انگل
کی مقدار ہوتا ہو -
اَثواب - ع - جمع ثوب کی پہننے کے کپڑے -
اَثیر - ع - عالی اور بلند اور بمناسبت
بلندی کے آسمان کو بھی کہتے ہین - اور
کُرۂ نار کو بھی کہتے ہین اسلیئے کہ آگ کا کرہ
سب کرون سے زیادہ بلند ہو -
اَثیم - ع - گناہگار -
اَثیل - ع - بروزن و معنی اصیل - ذاتی -
محکم - بڑے خاندان کی نسل کا -

فصل الف مع جیم

اِجابت - ع - ماننا منظوری مجازاً ہگنا -
اُجاج - ع - آب تلخ آب شور - کھاری یا
کڑوا پانی - کڑوا نمک -
اِجارہ - ع - ٹھیکہ - ٹھیکہ لینا -
اِجازت - ع - حکم دینا - پروانگی دینی -
اَجانب - ع - جمع ہے اجنبی معنے
بیگانہ کی -
اِجّانہ - ع - مٹی کا مرتبان جسمین سرکہ وغیرہ
رکھتے ہین -
اِجادۃ - ع - پناہ دینا - لانا -
اِجادت - ع - نیک کہنا - نیک کرنا -
روان کرنا -
اِجارت - ع - پناہ دینا - فریاد کو پہونچنا
کسی کو رہا کرا دینا -
اُجّاص - ع - آلوے بخارا -
اُجاق - ت - دیگدان - چولھا -
اِجبار - ع - جبر کرنا - زبردستی -
اِجتِبا - ع - پسند کرنا - چھانٹنا -
اِجتناء - پھل چننا - میوہ اکٹھا کرنا -
اِجتراء - ع - دلیر ہونا -
اِجتناب - ع - پرہیز کرنا - بچنا - گوشہ
پکڑنا -
اِجتماع - ع - اکٹھا ہونا - جمع ہونا -
اِجتہاد - ع - کوشش کرنا - دل سے سوچ کر
ایک بات عمدہ نکالنی

اِجترار - ع - کھینچنا - اونٹ کا چرنا - اونٹ
کا جُگالی کرنا -
اِجحام - ع - باز رکھنا اور ہلاکت کے قریب
کسی کو پہونچانا -
اَجداد - ع - باپ دادا وغیرہ -
اَجدَر - ع - لائق تر - سزاوار تر -
اَجدَع - ع - وہ شخص جسکے کان اور ناک
کٹے ہون ہندی نکٹا - بوچا -
اَجدَل - ع - ایک طائر شکاری کا نام ہو
جسکو فارسی مین چرغ کہتے ہین یہ شکرہ کی
ایک قسم ہو -
اَجداث - ع - جمع ہو جدث بمعنی قبر کی
قبرین -
اَجذَم - ع - ہاتھ کٹا ہوا آدمی - ٹُنڈا -
آجُر - ع - خشت - پکّی اینٹ -
اَجر - ع - ثواب - انعام - مزدوری -
اُجرت - ع - بدلہ - صلہ - مزدوری -
اِجراء - ع - جاری کرنا - کام چلانا -
اِجرام - ع - گناہ کرنا -
اَجرام - ع - جمع ہو جرم بمعنی جسم کی -
اُجری - ع - وظیفہ یعنی وہ کھانا جو ہر روز
محتاجون کو دیا جائے -
اَجرَب - ع - وہ شخص جسکو کھُجلی یعنی خارش
کا عارضہ ہو جسمین تر دانے نکلتے ہین -
اَجرِ غیر ممنون - ع - ثواب بے نقصان

اَجْرَد - ع - بے گھاس کا جنگل - گنجا آدمی -
اِجْزاء - ع - جزیہ دینا - بے نیاز کرنا مزدوری دینا - جزا دینا -
اَجْزاء - ع - کسی چیز کے ٹکڑے - جمع جزو کی -
اِجْزال - ع - بہت بخشش کرنا -
اَجْساد - ع - جمع ہی جسد بمعنی بدن کی -
اَجَش - ع - مرد سخت آواز -
اِجْفال - ع - دوڑ کر بھاگنا -
اَجْفان - ع - پلکون کے بال -
اَجَل - ع - وقت مقرر موت کا - وقت تقدیر -
اَجَل - ع - واسطے - سبب - لیے -
اَجَلّ - ع - بڑا بزرگ - بڑا ذیشان -
اِجْلاس - ع - بیٹھنا - کچہری کرنے کے لیے بیٹھنا -
اِجْلال - ع - بزرگی - شان - شوکت -
اَجِلّاء - ع - جمع ہی جلیل بمعنی بزرگ کی -
اِجْلِوّاذ - ع - دوڑ کر چلنا -
اَجْلاف - ع - جمع ہی جلف کی کمینے سفلے - ظالم لوگ اور جلف اُس چیز کو بھی کہتے ہین جسمین خول ہو -
اِجْلاء - ع - گھر سے باہر نکال دینا -
اَجْلیٰ - ع - روشن زیادہ -
اَجْلَد - ع - زمین سخت -
آجِل - ع - بمعنی عقبیٰ یعنی دیر مین آنیوالی -

اِجْماع - ع - اکٹھے ہونا - سب کی راے ایک بات پر متفق ہونا -
اِجْمال - ع - کھول کر نہ کہنا - بہت کو تھوڑا کر دینا - پراگندہ کو اکٹھا کر دینا بہت درستی سے کام کرنا -
اَجْمَعِین - ع - سب - تمام - سب کے سب -
اَجْمَل - ع - بہت خوبصورت -
اِجْمام - ع - گھوڑے کو آرام دینا سواری کے لیے - نزدیک ہونا کام کا -
اَجَم - ع - ایک قسم کا کھانا کھاتے کھاتے اُکتا جانا - اور ایک موضع ہی شام مین اور نرکل کا جنگل اور درختون کا گنجان اور گھنا ہونا -
اَجْنَبِی - ع - } پردیسی آدمی کسی اور شہر و دیس کا آدمی یا شے -
اَجْنَب - ع - }
اَجِنَّہ - ع - یہ جمع ہی جنین کی - وہ بچہ جو مان کے پیٹ مین ہو عوام اسکو جن کی جمع مین استعمال کرتے ہین یہ غلط ہی اسلیے کہ جن کی جمع جنہ بغیر الف کے ہو -
اَجْناد - ع - جمع ہی جُند بمعنی لشکر کی -
اَجْنِحَہ - ع - جمع ہی جناح کی - مرغون اور آدمیون کے پر اور بازو -
اِجْناب - ع - جنب ہونا جس سے آدمی کو احتیاج غسل کی ہوتی ہی -
اَجْوِبَہ - ع - جمع جواب کی یعنی بہت سے جواب -

اُجُورَہ - ع - مزدوری - محنتانہ -
اَجْوَف - ع - کھوکھلا - شکم خالی - اور وہ لفظ جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو -
اَجْوَفان - ع - دو کھوکھلی چیزین مراد ہی پیٹ اور فرج سے -
اِجْہار - ع - ظاہر کرنا -
اَجْہَر - ع - وہ شخص جسکو دن کو دکھائی نہ دے اور یہ ایک مرض ہی جسکو ہندی مین دنوندھی کہتے ہین -
آچار - ف - } ایک مشہور ترشی کا نام ہی جسکو
اَچار - ف - } ترکیب سے بناتے ہین -
اِچی - ت - بڑا بھائی - برادر کلان -

فصل الف مع حاے مہملہ

اَح - ع - آواز کھانسی کی - آواز درد کی -
اِحاطہ - ع - گھیرنا - چار دیواری گھری ہوئی
اِحالت - ع - حوالہ کرنا - حیلہ کرنا - محال بات کہنا - ایک برس کا ہونا -
اَحْباب - ع - جمع ہی حبیب بمعنی دوست کی - بہت سے دوست -
اَحِبّاء - ع - ایضاً جمع حبیب کی -
اَحْبار - ع - جمع ہی حبر بمعنی عقلمند کی -
اِحْباط - ع - باطل کرنا -
اِحْتِراز - ع - بچنا - پرہیز کرنا -
اِحْتِباس - ع - روکنا - اور خون بند ہو جانے کی بیماری جو عورتون کو ہوتی ہی -

اِحتِراس - ع - نگاہبانی کرنا -
اِحتِراق - ع - جل جانا - سوختہ ہونا -
اِحتِساب - ع - حساب کرنا - آزمایش کرنا -
اِحتِشام - ع - شکوہ - نوکر چاکر کا مالک ہونا - صاحب حشمت ہونا -
اِحتِلام - ع - خواب مین ناپاک ہونا - خواب مین کسی عورت سے جماع کرنا -
اِحتِظاظ - ع - لذت اُٹھانا - مزہ لینا - بہرہ مند ہونا -
اِحتِمال - ع - برداشت کرنا - بوجھ اُٹھانا - بات کا سہنا - گمان کرنا -
اِحتِیاج - ع - حاجت ہونا کسی چیز کی خواہش ہونی -
اِحتِیاط - ع - بچنا گناہ سے - پرہیز کرنا - بُری بات سے بچنا -
اِحتِیال - ع - فریب کرنا - حیلہ کرنا - مکر کرنا - بات بنانا -
اِحتِما - ع - بیمار کا پرہیز کرنا - حمایت کسی شخص کی کرنا -
اِحتِوا - ع - گھیرنا اور جمع کرنا -
اِحتِظا - ع - بہرہ مند ہونا - مراد پانا -
اِحتِجاب - چھپ جانا - پردہ مین جانا -
اِحتِضار - ع - حاضر ہونا موت کا -
اِحتِکار - ع - غلہ کو اس نیت سے جمع کرنا کہ بوقت گرانی نفع سے بکے -

اِحتِقار - ع - ذلیل و حقیر جاننا -
اِحتِجار - ع - حُجرہ بنانا -
اِحتِماش - ع - دو مرغون کا آپس مین لڑنا -
اِحتِراف - ع - عقل اور پیشہ وری -
اِحتِکاک - ع - کسی چیز کا آپس مین رگڑنا اور باہم گھسنا -
اِحتِجام - ع - خون نکالنے کو پچھنے لگانا -
اِحتِرام - ع - حرمت اور عزت کرنا -
اَحجار - ع - جمع ہی حجر بمعنی پتھر کی -
اَحَد - ع - ایک - یک -
اَحَدِیَّت - ع - اکائی - ایک ہونا -
اِحداث - ع - نیا پیدا کرنا - نئی بات نکالنا -
اُحُد - ع - ایک پہاڑ ہی نزدیک مدینہ کے -
اَحداق - ع - جمع ہی حدقہ بمعنی پتلی آنکھ کی -
اِحراز - ع - بچانا - گھیرنا - اُستوار کرنا -
اِحراق - ع - جلانا - جلنا -
اِحرام - ع - حرم مین آجانا - ماہہاے حرام مین داخل ہونا حج کرنے کی نیت کرنی مکہ کے قریب جاکر -
اَحرار - ع - جمع ہی حُر بمعنی آزاد کی -
اَحرَس - ع - وہ دلیر جو کسی سے نہ ڈرے -
اَحرَش - ع - سوسمار یعنی گوہ -
اِحراض - ع - عشق کی بیماری سے دُبلا اور بیمار ہونا -

اِحزان - ع - غم مین ڈالنا - غمگین کرنا -
اَحزاب - ع - جمع ہی حزب بمعنی گروہ کی -
اَحزَم - ع - بڑا ہوشیار - بڑا عقلمند -
اِحساس - ع - چھونا - حس کرنا -
اِحسان - ع - کسی کے ساتھ نیکی کرنا -
اِحسان مند - ف - وہ شخص جسکے ساتھ کسی نے اچھا سلوک کیا ہو -
اَحسَنت - ع - بہت اچھا کیا تونے اور یہ کلمہ آفرین کے مقام پر بولا جاتا ہی -
اَحسَن - ع - بہت نیک - بہت خوب -
اِحسان کار - ف - نیکی کرنیوالا -
اَحشا - ع - جو کچھ کہ سینہ اور پیٹ مین ہو مثل کلیجہ اور دل اور معدہ اور آنت کے -
اَحشام - ع - جمع ہی حشم بمعنی نوکر چاکر اور خدمتگار کی -
اِحصار - ع - شمار کرنا - ضبط کرنا -
اِحصاص - ع - حصہ دینا -
اِحضار - ع - حاضر کرنا - موجود کر دینا کسی چیز کا -
اَحفاد - ع - بیٹے - پوتے - نواسے - نوکر چاکر - خادم - غلام - لونڈیان -
اِحفا - ع - گڑگڑا کر مانگنا - مبالغہ سے سوال کرنا - ڈاڑھی مونچھ کی اصلاح کرنا -
اَحقاد - ع - جمع ہی حقد بمعنی کینہ کی -
اَحقَر - ع - زیادہ حقیر - بڑا ذلیل اپنے تئین

بسبب کسر نفسی کے بولا کرتے ہین -
اَحَقّ - ع - سزاوار تر - لائق تر -
اِحکام - ع - مضبوط کرنا -
اَحکام - ع - جمع ہو حکم کی -
اَحلیٰ - ع - نہایت شیرین - بہت میٹھا
اِحلاف - ع - قسم دینا -
اَحلاف - ع - ہم عہد اور ہم قسم لوگ -
اِحلیل - ع - سوراخ ذکر -
اَحلام - ع - جمع ہو حُلُم بمعنی خواب کی -
اَحمر - ع - بہت سرخ -
اَحمر اَقتم - ع - نہایت سرخ مائل بسیاہی
اَحمش - ع - وہ شخص جسکی پنڈلی پتلی ہو
اَحمض - ع - کھٹا مزہ -
اِحمال - ع - بوجھ اُٹھانا -
اَحمال - ع - جمع ہو حمل بمعنی بوجھ کی -
اَحمق - ع - نہایت بے وقوف -
اَحنف - ع - وہ شخص جس کے دونون
پانؤن کے پنجے کج اور ٹیڑھے ہون -
اَحور - ع - وہ شخص جسکی آنکھ کی سفیدی
بہت سفید اور سیاہی بہت سیاہ ہو -
اَحوص - ع - تنگ چشم - کنجوس -
اَحول - ع - کج چشم - بھینگا -
اَحوال - ع - جمع حال کی ہو -
اِحیا - ع - زندہ کرنا - جان ڈالنا -
اَحیا - ع - زندہ لوگ جمع ہو حی بمعنی زندگی

اور جمع ہو حی بمعنی قبیلہ اور محلہ کی -
اَحیان - ع - جمع ہو حین بمعنی زمانہ اور
وقت کی -
اَحیاناً - ع - اتفاقاً - شاید کسی زمانہ مین
کسی وقت - کبھی کبھی -

فصل الف مع خاے معجمہ

اَخ - ع - بھائی - برادر -
آخ - ف - کلمہ تحسین کا ہو بجاے آفرین کے
بولتے ہین - اور بمعنی شور و فغان کے بھی
آتا ہو -
اَخبار - ع - جمع خبر کی یعنی خبرین -
اِخبار - ع - خبر کرنا - بتلانا - اطلاع دینا -
اُخت - ع - بہن - ہمشیرہ - بُوا -
اِختتام - ع - ختم کرنا - پورا کرنا -
اَختر - ف - ستارہ -
اِختراع - ع - نئی بات نکالنی - ایجاد کرنا
اِختراق - ع - پھاڑنا - پھٹنا - پارہ پارہ
ہونا - فراخ دستی کرنا -
اِختصار - ع - کم کرنا - بہت کو تھوڑا کرنا -
اِختصاص - ع - خاص کر خصوصیت
رکھنا - خاص ہونا -
اِختفا - ع - چھپانا - پوشیدہ کرنا -
اِختلاط - ع - ملانا - محبت - دوستی -
اِختلاف - ع - فرق - تفاوت - باہم
فرق ہونا -

اِختلال - ع - خلل ڈالنا - خلل پڑنا - خلل
آختن - ف - تلوار کھینچنا -
آختہ - ف - تلوار کھینچی ہوئی - نامرد
کیا ہوا جانور -
اِختیار - ع - پسند کرنا - ایک کو ماننا -
اَختر جوزا - ف - کنایہ ہو عطارد سے
اسلیے کہ جوزا خانہ عطارد ہو -
اِختلاج - ع - عضو کا پھڑکنا -
اِختبار - ع - خبر لینا - آزمانا - امتحان -
اَختر شناس - ف - نجومی -
اِختطاف - ع - اُچک لیجانا جیسے بجلی بینائی
لیجاتی ہو - یا چلانا اونچی آواز سے -
اِختناق - ع - گلا بند ہوجانا - اختناق الرحم
ایک بیماری ہو -
اِختیال - ع - گردنکشی کرنا - خیال کرنا -
غرور کرنا - متوجہ کرنا -
اَختان - ع - جمع ختن کی جسکے معنی داماد
کے ہین -
اَختر شمردن - ف - کنایہ ہو بیدار رہنے
اور رات کے نہ سونے سے -
اِختسان - ف - ایک پادشاہ کا نام ہو
جو خاقانی اور نظامی کا ممدوح تھا -
آختہ خانہ - ف - گھوڑون کا اصطبل -
اُخدود - ع - زمین و پہاڑ کی لمبی دراڑین
اَخدان - ع - جمع خدن بمعنی دوست کی -

اَخذ۔ ع۔ لے لینا۔ پکڑنا۔ اختیار کرنا۔

آخِذ۔ ع۔ لینے والا۔ پکڑنے والا۔

اُخریٰ۔ ع۔ پچھلی عورت۔ دوسری چیز۔

آخَر۔ ع۔ اور۔ دوسرا۔ دیگر۔

آخِر۔ ع۔ پچھلا۔ ضدّ اول۔

اِخراج۔ ع۔ نکالنا۔

اِخراجات۔ ع۔ جمع خرچ بمعنی خرچ کی۔

آخِرُ الامر۔ ع۔ آخر کو۔ اس بات کا آخر۔

آخِرت۔ ع۔ انجام۔ دوسرا عالم۔ قیامت۔

اَخرَس۔ ع۔ گونگا آدمی جو بول نہ سکے اسکی جمع خُرس آتی ہے۔

آخُر۔ ف۔ یہ مخفف ہے آخور کا معنی اسکے گھوڑون کی گھاس اور وہ ہڈی جو آدمی کی گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہوتی ہے ہندی مین اُسکو ہنسلی کہتے ہین۔

آخرین تحویل۔ ف۔ کنایہ ہے روز قیامت اور وقت نزع سے۔

اَخرَب۔ ع۔ مکان یا ملک جو خراب اور ویران ہو۔

اَخرَم۔ ع۔ نکٹا آدمی جسکی ناک کٹی ہو۔

اَخزَم۔ ع۔ نرسانپ اور حاتم طائی جو مشہور سخی ہے اُسکے دادا کا نام بھی ہے۔

اَخِسّاء۔ ع۔ جمع خسیس کی کمینے اور رذیل اور ناچیز لوگ۔

اَخَسّ۔ ع۔ بڑا زبون اور بڑا خسیس آدمی۔

اَخشَم۔ ع۔ جسکو قوّت شامّہ نہو یعنی خوشبو اور بدبو کی تمیز نہ کر سکے۔

آخشیج۔ ف۔ ایک دوسرے کا ضد اور مخالف مجازاً چار عنصر کہ ایک دوسرے کے ضد ہین اور وہ خاک۔ ہوا۔ پانی آگ ہین۔

آخشیگ۔ ف۔ بمعنی مذکورۂ بالا یہ اصل ہے اور آخشیج اسی کا مُبدّل ہے۔

اِخصا۔ ع۔ خصّی کرنا۔ خصیے نکال ڈالنا۔

اَخَصّ۔ ع۔ خاص ترین وہ شخص جو کسی کے روبرو نہایت خصوصیت رکھتا ہو۔

اَخضَر۔ ع۔ سبز چیز۔ سبز رنگ۔

اَخضَع۔ ع۔ فروتن اور پست گردن۔

اِخطا۔ ع۔ خطا کرنا اور دوسرے کی خطا پکڑنا اور الزام دینا۔

اَخطَب۔ ع۔ اچھا خطبہ پڑھنے والا۔ اور خُرپزہ تلخ جسکو ہندی مین اندرائن کا پھل کہتے ہین۔

اِخطار۔ ع۔ اپنے کو خطرہ مین ڈالنا۔

اَخطار۔ ع۔ جمع ہے خطرہ بمعنی بلا کی۔

اَخَفّ۔ ع۔ سبکتر۔ بہت ہلکا۔

اِخفا۔ ع۔ پوشیدہ۔ پوشیدہ کرنا۔

اَخفَش۔ ع۔ نام ہے تین نحویون کا جو علم نحو مین امام گذرے ہین پہلا بڑا اخفش اُستاد سیبویہ کا۔ دوسرا منجھلا اخفش ہمعصر سیبویہ کا۔ تیسرا چھوٹا اخفش شاگرد سیبویہ کا۔ اور اصل لغت مین اسکے معنے ضعیف چشم ہین کہ جسکو تاریکی مین آرام رہے اور روشنی آفتاب مین دکھائی نہ دے مجازاً چھوٹی آنکھ والا۔

اِخفاف۔ ع۔ سبکبار ہونا۔ اور ہلکا ہونا۔

اَخفاف۔ ع۔ جمع خُف کی پاؤن کے موزے۔ اور اونٹ کے تلوے۔

اِخفاد۔ ع۔ جلدی اور شتاب چلنا۔

اَخگر۔ ف۔ آگ کی چنگاری۔ شرر عشق کا۔

اَخگر در پیراہن کردن۔ ف۔ بے آرام اور بیقرار کرنا۔

اِخلاص۔ ع۔ دوستی خالص کرنا۔

اِخلاص مند۔ ف۔ دوست جو خیرخواہ ہو۔

اَخِلّاء۔ ع۔ جمع ہے خلیل بمعنی دوست صادق کی۔

اَخلاط۔ ع۔ جمع خلط کی۔ اور نام ایک شہر کا روم مین۔ اور دوائین خوشبو۔

اَخلاف۔ ع۔ جمع خَلَف کی۔ سعادتمند لڑکے جو بعد مرنے باپ کے باقی رہین۔

اِخلال۔ ع۔ محتاج کرنا اور محتاج ہونا

اِخلاق - ع - پرانا ہونا اور پرانا کرنا -
اَخلاق - ع - جمع خلق کی - طریقے - آداب -
اَخمص - ع - پانون کے تلوے کا گڑھا
جو زمین سے نہین ملتا ہی -
اَخم - ف - پیشانی اور ابرو کی شکن -
اَخمہ - ف - چین اور شکن جو کسی چیز مین ہو
اِخماد - ع - آگ کا بجھا دینا
اَخمس - ع - سخت جگہ اور دلیر آدمی -
اِخمال - ع - گمنام کرنا -
اِخناس - ع - پیٹھ کے پیچھے چھپانا -
اِخناع - ع - عاجزی کرنا دوسرے سے
آخور - ف - واو غیر ملفوظ سے - گھوڑون
کے چرنے کی جگہ - وہ جگہ جہان چوپائے
گھاس کھاتے ہین - اصطبل - مجازاً گھوڑے
کی گھاس - وہ گھاس جو چوپاؤن کے آگے
سے بچ رہے - اور بمعنی مطلق آرامگاہ -
آخور سالار - ف - طویلہ کا سردار -
آخور سنگین - ف - بے گھاس کا مقام
اَخوات - ع - جمع اُخت کی - بہنین -
اِخوان - ع - بھائی - جمع اَخ کی -
آخوند - ف - معلم - اُستاد -
اُخوت - ع - برادر ہونا - بھائی ہونا -
اَخوال - ع - جمع ہی خال بمعنی تل کی - اور
جمع ہی خال بمعنی برادر مادر یعنی ماموں کی -
اَخیر - ع - پچھلا -

اَخی - ف - فارسی مین صاحب مروت
اور عربی مین میرا بھائی -
اَخیافی - ع - وہ بھائی جو ایک مان اور کئی
باپون سے ہون -
اَخیذ - ع - گرفتار - قیدی -
اَخیار - ع - بہت سے نیک لوگ -
اَخیف - ع - وہ شخص جسکی ایک آنکھ سیاہ
ہو اور ایک کبود -
اَخیل - ع - وہ شخص جسکے چہرہ پر خال ہون
اور نام ایک مرغ کا جسکے پرون پر بہت سے
خال رنگ برنگ کے ہوتے ہین -

فصل الف مع دال مہملہ

اَدا - ف - پورا کرنا - انداز - ناز -
آداب - ع - جمع ادب بمعنی طور پسندیدہ اور
عقل اور نگہداشت اور علم عربی -
اِدآب - ع - بروزن اسلام رنج مین ڈالنا -
اَدات - ع - بمعنی اوزار اور ہتھیار اور
علم صنعت -
اِدامت - ع - ہمیشگی -
اِدام - ع - نانخورش جسکو ہندی مین سالن
کہتے ہین -
اَدانی - ع - نزدیکتر لوگ - کمینے لوگ -
آداب فاضلہ - ع - پسندیدہ خصلتین اور
کنایہ ہی حکمت - شجاعت - عفت - عدالت سے -
اَدب - ع - تعظیم - قاعدہ - عقل - علم عربی -

اَدب شکستن - ف - بے ادبی کرنا -
اَدبانہ - ف - بطور ادب کے -
اِدبار - ع - لغوی معنی پیٹھ پھیرنا اور اصطلاحی
معنی - بداقبالی - نحوست - کم قسمتی - بدنصیبی
اِدّخار - ع - جمع کرنا - ذخیرہ کرنا -
اَدخنہ - ع - جمع ہی دخان بمعنی دھوئین کی
اِدرار - ع - روزینہ - پیشاب جاری ہونا -
آدرفش - ف - ایک آلہ ہی جس سے چمڑہ
مین سوراخ کرتے ہین ہندی مین اُسکو
ستالی کہتے ہین -
آدرخش - ف - صاعقہ - بجلی -
اُدراج - ع - بہت سے رستے - راہین -
اِدراک - ع - پانا - عقل - دریافت کرنا -
اِدریس - ع - نام ایک پیغمبر کا جو اپنی زندگی
مین داخل جنت ہوے -
اُدرہ - ع - ایک خصیہ کا بڑھ جانا بسبب
رطوبت یا ہوا کے -
اَدعیہ - ع - جمع ہی دعا کی -
اِدّعا - ع - دعوی کرنا - بے دلیل ایک
بات کہنی -
اَدعج - ع - سیاہ چشم -
اِدغام - ع - کھانا کسی چیز کا بغیر چبانے
کے - گھوڑے کے منھ مین لگام دینا -
ایک حرف کو دوسرے حرف مین
ملا دینا -

اِدْفاع - ع - کسی چیز کا گرم کرنا -
اَدْرِچہ - ت - قسم فرش کی جسکو چارپائی پر بچھاتے ہین جسکا حاشیہ چارون طرف سے نیچے زمین کی طرف لٹکا ہوتا ہے -
اَدَق - ع - بہت باریک - بہت مشکل -
اِدْقاق - ع - باریک کرنا - نیک کرنا - آٹا نرم گوندھنا -
اَدْکَن - ع - خاکستری رنگ -
اِدّکار - ع - یاد کرنا - نصیحت قبول کرنا -
اِدْلاء - ع - چھوڑنا - اپنا کام کسی پر ڈالنا
اِدْلاج - ع - رات کو سیر کرنا -
اَدَلّ - ع - دلیل تر - بڑا رہنما -
اِدْلال - ع - ناز کرنا - غمزہ کرنا -
اَدِلّہ - ع - جمع ہے دلیل کی -
آدم ع - ع - نام ہے پہلے پیغمبر کا جنسے انسان کی نسل چلی -
آدمِ آبی - ف - دریائی جانور جو بصورت انسان کے ہوتا ہے اور اُس کو ہندی مین جل مانس کہتے ہین -
آدمِ ثانی - ع - حضرت نوح علیہ السلام -
اِدْمال - ع - زخم کا اچھا ہونا - پوست آجانا زخم پر - کھرنڈ بندھنا زخم پر -
اِدْمان - ع - ہمیشگی - اور مشق اور ہمیشہ شراب پینا -
آدمی - نسا - وہ جو اولاد آدم کی ہو -

آدمیّت - ف - انسانیت خلق نیک تہنا
اَدْنیٰ - ع - بہت نزدیک - نالائق - کم رتبہ
اِدْنا - ع - نزدیک لانا -
اَدْناس - ع - جمع ہے دَنَس بمعنی پرک اور میل کی -
اِدْناف - ع - آفتاب کا نزدیک بغروب ہونا - آدمی کا محبوب کی جدائی مین نزدیک بمرگ پہونچنا -
اَدَوات - ع - ہتھیار - اوزار - جمع اَدات کی -
اَدْوار - ع - جمع ہے دَور بمعنی گردش کی -
اَدْوَن - ع - بڑا کمینہ - بڑا حقیر - اور بہت نزدیک -
اَدْوِیہ - ع - جمع ہے دوا کی -
اَدْہَم - ع - نام ایک بادشاہ بلخ کا جو تخت سلطنت کو چھوڑکر فقیر ہوگئے تھے - اور لوہے کی بیڑی جو قیدیون کے پیرون مین ڈالتے ہین - اور سیاہ سانپ - اور گھوڑا مشکی رنگ کا -
اِدْہاش - ع - حیران کرنا -
اِدْہاق - ع - کسی برتن کا پانی سے بھرنا یہانتک کہ چھلکنے لگے -
اَدْہان - ع - جمع ہے دُہن بمعنی روغن کی
اِدْہان - ع - چھپانا - خیانت کرنا - نفاق کرنا - جھوٹ بولنا - خراب ہونا -

اَدْہیٰ - ع - دشوار تر - مکروہ تر - اور امور معاش مین بڑا عقلمند ہونا -
اَدْیان - ع - جمع ہے دین بمعنی مذہب کی
اَدِیب - ع - جو علم ادب سے واقف ہو یعنی زبان دان اور قاعدہ دان -
اَدِیم - ع - ادھوڑی - چمڑا - مراد ہے معنی روے زمین -
اَدِیمِ طائفی - ع - مقام طائف کا چمڑا
آدینہ - ف - جمعہ کا روز -

فصل الف مع ذال معجمہ

اِذ - ع
اِذا - ع } جبھی - جسوقت - جبکہ -
آذار - ع - نام رومی مہینے کا تقریبًا ماہ چیت
اَذان - ع - آواز - اور نماز کے وقت کی بانگ
اَذیٰ - ع - تکلیف - دُکھ - ایذا -
اِذاعت - ع - ظاہر کرنا -
اِذاقت - ع - مزہ چکھانا -
آذان - ع - جمع اُذُن بمعنی گوش یعنی کان کی
اِذْخِر - ع - ایک گھاس خوشبودار ہے جسکو ہندی مین مرچیا کہتے ہین -
اِذْخار - ع - ذخیرہ کرنا - جمع کرنا -
آذَر - ف - آگ اور کنایۃً عشق سے بھی اور نام ماہ شمسی کا جو تقریبًا ماہ پوس ہے -
آذَر - ع - مخفف آذار کا جو رومی مہینہ کا نام ہے تقریبًا مطابق ماہ چیت کے -

آذر آبادگان - ف - نام ایک شہر کا -
آذربائجان - مب } نام شہر کا جسکو تبریز
آذربیجان - مب } دار السلطنت ہی -
آذرگشسپ - ف - برق بجلی نام ایک
بڑے بادشاہ کا - نام ایک بڑے آتشخانہ کا -
اذعان - ع - فرمانبرداری - اطاعت
یقین - عاجزی کرنا -
اذفر - ع - بہت تیز اچھی ہو یا بُری اور مشک
تیز بو اور بمعنی خالص -
اذقان - ع - جمع ہی ذقن بمعنی ٹھوڑی کی
اذکی - ع - بڑا عقلمند -
اِذکار - ع - ذکر کرنا - یاد دلانا - اور بیٹا
جننا -
اَذکار - ع - جمع ذکر بمعنی یاد کرنیکی -
اذل - ع - ذلیل تر -
اذلال - ع - ذلیل کرنا - خوار کرنا -
اُذن - ع - گوش بمعنی کان -
اِذن - ع - اجازت - حکم - پروانگی -
اِذناب - ع - گناہ کرنا -
اَذناب - ع - جمع ذنب بمعنی دم کی -
اذہال - ع - غافل کرنا -
اذہاب - ع - لیجانا - جاری کرنا - سونے
کا ملمع کرنا -
اذہان - ع - جمع ہی ذہن کی -
اذیت - ع - دکھ مصیبت - تکلیف -

اذیال - ع - جمع ہی ذیل بمعنی دامن کی -
آذین - ف - آئینہ بندی - آرایش -
آذیش - ف - آگ خس و خاشاک - کوڑا
دروازے کی چوکھٹ - دہلیز -

فصل الف مع راے مہملہ

آر - ف - لاؤ - لے آؤ -
اَر - ف - بمعنی اگر -
آرائے - ف } آراستہ کرنیوالا -
آرا - ف }
آرا - ع - بہت سے عقلیں -
آرابہ - ف - گاڑی چھکڑا -
ارابت - ع - شک کرنا -
اراحت - ع - آرام کرنا کسی چیز کی بو
پہچاننا کسی کو آسائش دینا - رات کو چرانا -
اراقت - ع - پانی کا گرانا -
ارادت - ع - ارادہ کرنا - مرید ہونا -
ارادی - ع - اختیاری - ارادہ کا -
آراستگی - ف - زیبایش کرنا -
آراستن - ف - زیبایش کرنا - سنوارنا -
آراستہ - ف - زیبایش کیا ہوا -
اراضی - ع - جمع ارض بمعنی زمین کی -
اراک - ع - درخت پیلو جسکی جڑ سے مسواک
بناتے ہین - قطعۂ زمین -
ارائک - ع - جمع ہی اریکہ بمعنی تخت کی -
آرام - ف - چین - سکھ -

آرامگاہ - ف - جگہ راحت و آرام کی -
آرامش - ف - فراغت - آرام - راحت
آرامیدن - ف - آرام کرنا - آرام پانا -
آرائیدن - ف - آراستہ کرنا -
آرایش - ف - زیبایش - آراستگی -
اراجیف - ع - بیہودہ لوگ - کمینے لوگ
جھوٹ باتین -
اراذل - ع - نالائق لوگ کمینے آدمی -
ارامل - ع - بیہودہ عورتین -
ارباب - ع - جمع رب بمعنی صاحب یا مالک کی
ارب - ع - بمعنی حاجت -
ارباب حجت - ع - کنایہ ہی منطقی لوگون
سے جنھون نے علم منطق پڑھا ہو -
اُربیہ - ع - ران کی جڑ - چڈھا -
اربع - ع - چار یعنی (۴) (رقم)
اربعون - ع - چالیس یعنی (۴۰) (رقم)
ارتباط - ع - دوستی - ربط کرنا - ملانا -
ارتجال - ع - بدون سوچنے کے بولنا -
جلدی بولنا - فوراً کرنا کام کا -
ارتحال - ع - کوچ کرنا - موت آنا -
ارتداد - ع - مذہب سے پھر جانا -
ارتسام - ع - منقش ہونا - تصویر کھینچنا -
ارتشا - ع - رشوت کھانا - گھونس لینا -
ارتضا - ع - باہم راضی ہونا - آپس مین
خوش ہونا -

ارتقار - ع - چڑھنا - ترقی کرنا -

ارتفاع - ع - اونچا ہونا - بلندی - نفع محصول ملک کا -

ارتکاب - ع - اختیار کرنا - پسند کرنا -

ارتضاع - ع - دودھ پینا -

ارتیاح - ع - راحت پانا -

ارتیاع - ع - ڈرنا -

ارتہان - ع - گرو رکھنا - رہن کرنا -

ارتدا - ع - کندھے پر چادر ڈالنا -

ارتقاب - ع - امیدوار ہونا -

ارتعاد - ع - کانپنا -

ارتماس - ع - پانی مین غوطہ لگانا -

ارتجا - ع - امید رکھنا -

ارتیاب - ع - شک کرنا -

ارتباح - ع - سود لینا -

ارتعاش - ع - کانپنا -

ارتشاف - ع - چوسنا -

ارتفاق - ع - رفاقت کرنا - کہنی پر تکیہ کرنا -

ارتجک - ف - برق یعنی بجلی -

ارتنگ - ف - نام ایک کتاب کا جسکو مانی نقاش نے تصنیف کیا تھا اور نام ایک بتخانہ کا اور صفحہ اور تختہ نقاشون کے نقش کرنیکا -

ارث - ع - مردے کا مال - خاکستر -

ارجل - ع - وہ گھوڑا جسکا ایک پانون سفید ہوا اور یہ گھوڑا منحوس ہوتا ہی

ارج - ف - قیمت - قدر - مرتبہ - حد - اندازہ - اور کرگدن یعنی گینڈا -

ارجمند - ف - صاحب قدر اور صاحب مرتبہ کا - جیم کے ضمہ سے غلط ہی -

ارجوحہ - ع - ہنڈولہ - جھولا -

ارجاع - ع - رجوع کرنا - متوجہ کرنا -

ارچہ - ع - مخفف ہی اگرچہ کا یہ حرف شرط کا ہی -

ارچند - ف - بمعنی ہرچند -

ارحم - ع - بڑا رحم والا - بہت ہی مہربان -

ارخا - ع - سست کرنا - چھوڑ دینا -

ارخا - ت - بمعنی پشت یعنی پیٹھ -

آرد - ف - آٹا - اناج پسا ہوا - اور تقصیر کے معنی مین بھی آیا ہی -

اردی بہشت - ف - بہار کے ایک مہینہ کا نام ہی -

اردبیل - ف - نام ایک پہلوان آتش پرستین کا اور نام ایک شہر کا آذربایجان کے ملک سے

اردشیر - ف - لقب ہی بہمن بیٹے اسفندیار کا یہ لفظ مرکب ہی لفظ ارد سے جسکے معنی غصہ اور قہر یا مانند کے ہین اور لفظ شیر سے جو جانور درندہ مشہور ہی یعنی شیر کے مانند بہادر -

اردوان - ف - نام ایک بادشاہ کا جسکا نوکر اردشیر بابکان تھا - یہ نوکر اپنے آقا کو مارکر خود بادشاہ ہوا - اور نام ایک ولایت کا -

اردو - ف - لشکرگاہ - بادشاہ کا لشکر -

اردک - ت - بمعنی مرغابی جو پرندہ مشہور ہی

ارذل - ع - بہت ذلیل - بڑا نیچ -

ارزاق - ع - جمع رزق کی - روزی -

آرزم - ع - بمعنی جنگ و کارزار اور کبھی اس سے شوکت و شان بھی مراد ہوجاتی ہی -

آرزوگاہ - ف - حصول آرزو کی جگہ -

ارژنگ - ف - نام ایک نقاش کا جو شہر چین مین رہتا تھا - اور وہ کتاب جسمین بہت تصویرین ہین - اور یہ نقاش مانی کے سوا تھا اور اسکا نظیر اور مثل تھا اور بعض کہتے ہین کہ مانی کا نام ارژنگ تھا اور لفظ (مانی) اسکے لئے بطور دعا کے تھا جو رفتہ رفتہ لقب ہوگیا - اور بعضون کا قول ہی کہ مانی کے تصویرخانہ کا نام ارژنگ تھا -

ارزان - ف - سستا جو مہنگا نہو -

ارزانی - ف - سستاپن -

آرزو - ف - امید -

آرزومند - ف - صاحب امید -

ارزیدن - ف - قیمت پانا - لائق ہونا -

ارز - ع - برنج - چاول -

ارز - ف - مول - قیمت - بھاؤ -

ارزن - ع - نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین -

اُرزِندہ ۔ ف ۔ قیمتی چیز اور بیش بہا۔
اُرزِیز ۔ ف ۔ قلعی جسکو ہندی مین رانگ کہتے ہین
اِرسال ۔ ع ۔ بھیجنا ۔ نامہ بھیجنا۔
اَرسطاطالیس ۔ ی ۔ سلطان سکندر
رومی کا وزیر ۔ اور ارسطو اسی کا مخفف ہی
اَرسطو ۔ ی ۔ نام حکیم کا ہی جو سکندر کا وزیر
اور افلاطون کا شاگرد تھا۔
اَرسلان ۔ ت ۔ بندہ ۔ غلام ۔ شیر درندہ
اِرشاش ۔ ع ۔ نہین مہین بوندیون کا پڑنا
اِرشاد ۔ ع ۔ ہدایت کرنا ۔ راہ بتلانا ۔
اَرش ۔ ف ۔ کہنی سے انگلیون کے سرے
تک کا فاصلہ ۔ اور نام ایک شہر کا۔
اَرشد ۔ ع ۔ بہت بڑا ہدایت یافتہ آدمی ۔
اَرش ۔ ف ۔ نام ایک پہلوان کا اور نام
ایک بڑے نامی تیر انداز کا۔
اَرض ۔ ع ۔ زمین ۔ دھرتی ۔
اَرضِین ۔ ع ۔ جمع ارض بمعنی زمین کی
اَرضہ ۔ ع ۔ دیمک مشہور کیڑے ہین جو بڑا
نقصان کرتے ہین ۔
اَرضی ۔ ع ۔ زمینی ۔ زمین کا۔
اِرعاف ۔ ع ۔ ناک سے خون نکالنا اور
مشک کا پانی سے بھرنا۔
اَرغنون ۔ ف ۔ نام باجہ کا ہی جسکو ارگن کہتے
ہین ۔ اور اسکا نام ارغون اور ارغن بھی ہی
اَرغل ۔ وہ شخص جسکا ختنہ نہ کیا ہو

اِرغام ۔ ع ۔ ذلیل کرنا ۔ خاک پر ناک رگڑنا
اَرغوان ۔ ف ۔ سرخ اور نارنجی رنگ ۔
اور نام ایک پھول سرخ رنگ کا ۔
اَرفع ۔ ع ۔ بلند تر ۔
اِرقام ۔ ع ۔ لکھنا ۔
اِرقال ۔ ع ۔ دوڑ کر جانا ۔ جلدی کرنا ۔
اَرَق ۔ ع ۔ بیخوابی ۔ بیداری ۔
اَرقم ۔ ع ۔ کالا سانپ جسکی پیٹھ پر سفید نقطے
ہون ۔ اور بعضون نے کہا ہی جسکی پیٹھ پر سیاہ
اور سفید نقطے اور لکیرین ہون ۔
اَرقام ۔ ع ۔ بہت سے خط ۔ خطوط ۔
اَرکان ۔ ع ۔ جمع رکن کی بمعنی ستون ۔ وزیر
امیر ۔ بڑے کارندے ۔
ارکان دولت ۔ ع ۔ امرا ۔ وزرا ۔
اِرکاض ۔ ع ۔ ان کے پیٹ مین بچہ کا
بھرنا اور بڑا ہونا اور جلدی کرنا کام مین ۔
اَرگجہ ۔ ف ۔ ایک خوشبو کا نام ہی جسکو صندل
اور گلاب اور مشک اور کافور اور عنبر اور
چنبیلی کے تیل سے مرکب کرتے ہین ۔
اِرَم ۔ ع ۔ نشان میل کا اور بہشت جو
شداد عاد نے بنائی تھی اس دنیا پر ۔
اَرمل ۔ ع ۔ بے توشہ ۔ مسکین ۔ کنوارا مرد
اَرمد ۔ ع ۔ صاحب رمد جسکی آنکھین دکھتی
ہون اور سرخ ہون ۔
اِرماض ۔ ع ۔ گرم بالو سے جل جانا ۔

اَرمان ۔ ف ۔ آرزو ۔ حسرت ۔
آرمانیدن ۔ ف ۔ آرزو کرنا ۔ حسرت کرنا ۔
ارمغان ۔ ف ۔ تحفہ ۔ انوکھی چیز ۔ سوغات ۔
آرمیدن ۔ ف ۔ آرام کرنا ۔ بدن کو چین
اور سکھ دینا ۔
اَرمَن ۔ ع ۔ ایک ملک کا نام ہی جو درمیان
ایران اور روم اور فرنگ کے واقع ہی ۔
اَرنب ۔ ع ۔ خرگوش جو مشہور جانور ہی ۔
اَرنبہ ۔ ع ۔ مادہ خرگوش ۔ ناک کا نتھنا ۔
آرنج ۔ ف ۔ کہنی ۔ اور بازو کو بھی کہتے ہین
آرندہ ۔ ف ۔ لانے والا کسی چیز کا ۔
اگرنہ ۔ ف ۔ ورنہ ۔ نہین تو ۔ اگر نہ ۔
اِرواء ۔ ع ۔ سیراب کرنا ۔
اَرواح ۔ ع ۔ جمع روح کی ۔ اور فرشتے ۔
آروغ ۔ ت ۔ ڈکار ۔ اسکو آروق بھی
بعضون نے لکھا ہی ۔
آروغیدن ۔ ف ۔ ڈکار لینا ۔
آروین ۔ ف ۔ امتحان ۔ تجربہ ۔ آزمایش
اَروند ۔ ف ۔ ایک پہاڑ کا نام جسکو الوند
بھی کہتے ہین ۔ یہ بہت بڑا پہاڑ ہی ۔
اَرّہ ۔ ف ۔ لکڑی چیرنے کا اوزار اور جڑ
دانتون کی ۔
اِرہاف ۔ ع ۔ تلوار پر تیز باڑھ رکھنا ۔
آرے ۔ ف ۔ ہان ۔
اَریب ۔ ع ۔ عقلمند ۔ عالم ۔

اَرِیحا - ع - ایک شہر ہی ملک شام مین جسکو حضرت یوشع علیہ السلام نے فتح کیا تھا -

اَرِیکہ - ع - تخت آراستہ اور وہ تخت جسپر چھت اور پردہ ہو جسکو چھپر کھٹ مسہری پردہ دار پلنگ کہتے ہین -

اَرِی - ع - شہد -

فصل الف مع زائے معجمہ

آز - ف - حرص - لالچ - اور نام ایک شہر کا -

اَز - ف - بمعنی سے -

اِزاء - ع - بمعنی مقابلہ - برابر -

آزاد - ف - بے قید بے عیب - درخت بکائن کا - سوسن سفید - اور درخت بے میوہ کو بھی کہتے ہین -

آزادی - ف - بے قیدی - بے عیب ہونا -

آزادگان - ف - مراد ایلچیون سے ہی -

آزادمردی - ف - کنایہ نادانی سے -

آزار - ف - دکھ - بیماری -

اِزاربند - ف - ناڑا -

آزاردن - ف - دکھ دینا آزردہ کرنا -

آزاری - ف - بیمار -

اِزالت - ع - دور کرنا - زائل کرنا -

ازان باز - ف - اسوقت سے -

از بُن دندان - ف - کنایہ ہی بہنایت عاجزی اور منت کشی کرنے سے -

اَزبر - ف - حفظ - یاد -

از بس - ف - بہت -

از پا افتادن - ف - بیہوش ہوجانا -

از پا در آمدن - ف - گر پڑنا زمین پر -

از پیش پاے کسی برخاستن - ف - کسی کی تعظیم کے لیے کھڑا ہوجانا -

از پرگار افتادن - ف - ضائع اور بیکار ہونا - اسلیے کہ پرگا بمعنی سامان ہی -

از پوست برآمدن - ف - اپنا حال لوگون پر ظاہر کر دینا - بہت خوش ہونا -

از تندی بزیر آمدن - ف - غصہ اور سختی سے در گذر کرنا -

از تہ ریش گذشتن - ف - فریب دینا - مکر کرنا - جعلسازی کرنا -

از جا برداشتن - ف - کسی کو اسکے مرتبہ پر پہونچا دینا - ترقی دینا -

از جا برآمدن - ف - بے حوصلگی کرنا -

از جا در آمدن - ف - اچھی حالت سے بری حالت مین ہوجانا -

از جا رفتن و شدن - ف - بے حوصلگی کرنا - بیقرار ہونا - غضبناک ہونا -

از جگر گذشتن - ف - بد دلی کرنا نامردی کرنا - ڈر جانا -

از چشم افتادن - ف - کسی کی نظر مین کسی کا بے اعتبار ہوجانا -

از چشم گہر باریدن - ف - مراد رونے سے

اِزْحام - ع - انبوہ کرنا -

آژخ - ف - مسہ سیاہ رنگ کا جو آدمی کے جسم پر نکلتا ہی -

از خر افتادن - ف - کنایہ مرنے سے ہی -

آژدن - ف - سوئی چبھو دینی -

اِزدِجار - ع - ڈرانا -

اِزدِفاف - ع - دلھن کو گھر مین لانا -

اِزدِواج - ع - نکاح کرنا - شادی کرنا -

اژدہا - ف - بڑا سانپ - اور یوسف زلیخا مین مراد عزیز مصر سے اور سکندرنامہ وغیرہ مین مراد تلوار - موت - اور ضحاک بادشاہ سے -

اژدرہا - ف - بڑا سانپ - اور برہان اور رشیدی مین لکھا ہی کہ یہ لفظ جمع اژدر کی نہین ہی بلکہ علحدہ لفظ مفرد ہی -

اژدہاے فلک - ف - یہ ایک شکل آسمانی کا نام ہی جسکو راس و ذنب عربی مین کہتے ہین -

اِزدِحام - ع - انبوہ لوگونکا - بھیڑ آدمیونکا ایک جگہ جمع ہونا - اور اژدہام غلط مشہور ہی -

از دہن مار بیرون آمدہ - ف - کنایہ ہی چیز سے ہی کہ جسمین ذرا بھی کجی نہو اور بالکل سیدھی ہو اور وہ چیز جو بہنایت لطیف اور نفیس اور صاف اور روشن ہو -

اِزدِرا - ع - حقیر اور ذلیل ہونا -

اِزدِیاد - ع - زیادہ ہونا - بڑھنا -

اِزدِراد - ع - گلے سے نیچے نگلنا -

ازدور بوسه زدن - ف - کنایه ہے نہایت ادب اور تعظیم سے -
از دست رفتن - ف - بیخود اور بے اختیار
از دست شدن - ف -} ہوجانا -
آزردگی - ف - رنج - خفگی - ناراضی -
از راه افتادن - ف - راه بھول جانا
آزردن - ف - آزرده کرنا - ستانا - آزرده ہونا - حرف دوم کے فتح سے غلط ہے -
آزرم - ف - شرم - حیا - صلح - شفقت - بزرگی - عزت - عدل - راحت - طاقت - غضب - غم - اندوه - اور نام خسرو پرویز بادشاه کی دختر کا -
آزر - ع - حضرت ابراہیم کے چچا کا نام جو بت تراش تھا اور آپکے والد کا نام تارخ تھا چونکہ اُس نے آپکو پالا تھا اور اہل عرب چچا کو باپ کہتے ہین لہذا مخالف قرآن نہین ہے -
آزرده پشت - ف - کوزه پشت - کُبڑا
آزرم و آب - ف - شرم و آبرو -
آزرده - ف - ستایا ہوا - خفا کیا ہوا -
ازرا ء - ع - کام مین سُستی کرنا -
ازرق - ع - نیلا - گربه چشم - کرنجی آنکھ والا -
ازرق طیلسانان - ف - کنایه ہے ستارون سے اس اعتبار پر که آسمان کی نیلی چادر انکے کندھون پر ہے -
ازران خود کباب خوردن - ف - اپنی محنت اور مشقت سے کوئی چیز حاصل کرنا -
از سر افگندن - ف - زور سے زمین پر کسی چیز کا دے مارنا -
از سر تازیانه دادن - ف - کوڑے کے اشارے سے کسی چیز کا دے ڈالنا -
از غلاف برآمدن - ف - بے حجاب ہونا
ازکیا - ع - پاک لوگ - ذہین آدمی -
ازکی - ع - پاکیزه تر - لذیذ تر -
از کسے ذخیره داشتن - ف - کسی کیطرف سے اُسکی شکایت اپنے دل مین جمع رکھنا -
از کسے کسوت و جامه داشتن - ف - کنایه ہے کسی کے مُرید اور خلیفه ہونے سے -
از کیسه رفتن - ف - کسی چیز کا ضائع ہونا اور کھو جانا -
ازل - ع - جسکا شروع نه ہووے -
ازلی - ع - ابدی - ازل والا -
ازلاف - ع - نزدیک کرنا - جمع کرنا - واجب ہونا -
از لب گہرباریدن - ف - کنایه ہے فصیح اور لطیف باتین کرنے سے -
ازلاق - ع - پھسلانا - بال منڈانا -
آزما - ف - آزمانے والا -
ازمان - ع - دیرینه ہونا - پرانا ہونا -
ازمان - ع - جمع زمانے کی - ازمن بھی اسکی جمع آتی ہے -
ازم - ت - ترکی مین انگور کو کہتے ہین -
آزمائش - ف - پرکھنا - آزمانا - امتحان
آزمند - ف - لالچی - حریص -
ازمیل - ع - موچیون کی رانپی جس سے چمڑا کاٹتے ہین -
ازمنه - ع - جمع زمانه کی -
ازمه - ع - جمع ہے زمام بمعنی مہار کی -
آزمودن - ف - آزمانا - جانچنا -
آژنگ - ف - جُھریان جو بڑھاپے مین جسم اور چہره پر پڑ جاتی ہین - اور میوه ہر درخت کا -
از نفس انداختن - ف - خاموش کرنا - چُپ کر دینا -
از نظر افتادن - ف - ناپسند اور بے اعتبار ہونا - کسی کی نظر سے گر جانا -
آزور - ف - لالچی - صاحب حرص -
ازواج - ع - جمع زوج کی بمعنی جوڑا -
ازوقه - آزقه - ع - تھوڑا گذاره - کم تنخواه - غذاے قلیل - یه لفظ زاے ہوز سے صحیح ہے اور ذال نخذ سے غلط -
از ہم گذشتن - ف - مرنا - اور ایک کا دوسرے سے جُدا ہونا -
از ہم گذرانیدن - ف - کنایه ہے کسی کے قتل کرنے سے -
ازہار - ع - کلیان پھولون کی - غنچے -
ازہران - ع - دو چیز روشن کنایه چاند سورج سے -

اِزہاد - ع - رغبت کرنا - خواہش کرنا - فقیر ہو جانا -

اِزہاف - ع - جھوٹ بولنا -

اِزہاق - ع - ہلاک کرنا -

اَزہر - ع - بہت روشن - چمکتا ہوا -

آزین محراب - ف - اشارہ دینا سے -

آزیرا - ف - فرید علیہ ہر زیرا کا بمعنی ازین جہت - اسلیے - اس سبب سے -

اَزیز - ع - دیگ کے جوش کی آواز - بادل گرجنے کی آواز -

اَزیغ - ف - نفرت - کینہ - غصہ - غضب -

فصل الف مع سین مہملہ

آس - ع - ایک درخت کا نام ہے جسکو فارسی مین مورد کہتے ہین - اسکا پھل حب الآس ہے

آس - ف - آٹا پیسنے کی چکی -

آسا - ف - مانند - مثل -

اَسابیع - ع - ہفتے - جمع ہے اُسبوع کی اسکے معنی ہفتے کے ہین یعنی سات دن -

اِساءت - ع - برائی - بُراپن - بدی کرنا -

اَساطین - ع - جمع ہے اُسطوانہ کی بہت سے ستون - بہت سے کھمبے -

اَساس - ع - بُنیاد - نیو - جڑ -

اَساطیر - ع - کہانیان - قصے -

اَسافل - ع - نیچ لوگ - کم رتبہ آدمی -

اَسالیب - ع - طریق - طور - راہین - جمع ہے اسلوب کی -

اَسامی - ع - یہ جمع الجمع ہے اسم بمعنی نام کی اسلیے کہ یہ جمع ہے اسمار کی اور وہ جمع اسم کی ہے

اُساری - ع - جمع ہے اسیر بمعنی قیدی کی

اِسادہ - ع - بمعنی وسادہ یعنی تکیہ -

آسایش - ف - آرام -

اَساتذہ - ع - جمع اُستاذ معرب اُستاد کی

اَسباب - ع - جمع ہے سبب کی اسکے معنی رسی - وسیلہ - پیوند - بندھن -

اُسبوع - ع - ہفتے کا دور اور سات دن

اِسباغ - ع - کامل کرنا - تمام کرنا -

اَسباط - ع - پوتے - نواسے - قومین - ذاتین حضرت موسیٰ کی اُمت -

اَسبق - ع - سب سے اوّل - سب سے بڑھا ہوا

اسپ - ف - گھوڑا -

اِسپہبد - ف - سپہ سالار -

اُسپغش - ف - وہ کیڑے جو نمدا اور پوستین اور گیہون مین پڑ جاتے ہین -

اُسپک - ف - بڑا خیمہ -

اِسپرک - ف - ایک قسم کی گھاس ہے زرد رنگ جس سے کپڑے رنگتے ہین -

اُست - ف - ہے -

اِست - ع - سوراخ دُبر -

اُستاد - ف - سکھلانیوالا -

اِستادن - ف - کھڑا ہونا -

اُستاکار - ف - اُستاد -

اُستا - ف - نام کتاب شرح ژند جسکو زرتشت پیشواے مجوس نے دین آتش پرستی مین تصنیف کیا تھا -

اَستار - ع - جمع ستر بمعنی پردہ کی -

اِستار - ع - ایک وزن ہے جو ساڑھے چار مثقال کا ہوتا ہے - اور پوشیدہ کرنا -

اِستافیل - ع - بزبان رومی انگور کو کہتے ہین

آستان - ف - دہلی - دہلیز -

اِستبقا - ع - باقی رکھنا - باقی چھوڑنا -

اِستبطاء - ع - دیر کرنا -

اِستبداد - ع - ہٹ کرنا - استقلال - مضبوطی

اِستبعاد - ع - دوری چاہنا - علیحدہ ہونے کی درخواست کرنا -

اِستبشار - ع - اچھی خبر پوچھنا - کسی سے بشارت چاہنا -

اِستبصار - ع - دانائی - بینائی - نور قلبی -

اِستبرق - ع - ریشمی کپڑا سنگین مثل اطلس کے

اِستبراء - ع - بری ہونے کی خواہش یا کبھی چاہنا - عیب یا قرض سے علیحدگی چاہنا -

اِستتار - ع - پوشیدہ کرنا - چھپانا -

اِستثناء - ع - نکالنا - الگ کرنا -

اِستثمار - ع - میوہ چننا - میوہ مانگنا -

اِستجبار - ع - غرور کرنا - تکبر کرنا -

اِستجازہ - ع - اجازت چاہنا -

اِستَجَابَت -ع- جواب کہنا۔ قبول کرنا۔ آگاہی چاہنا کسی بات مین غیب سے۔

اِستجلا -ع- روشن کرنا۔ صاف کرنا کسی چیز کو جلا دینا۔

اِستجلاب -ع- اپنی طرف کھینچنا۔ اور کسی چیز کا حاصل کرنا۔

اِستحسان -ع- نیکی طلب کرنا۔ نیک گننا

اِستحقاق -ع- طلب حق کی کرنا۔ حقدار ہونا۔ حق ثابت کرنا۔

اِستحصار -ع- شمار کرنا۔ گننا۔ حساب کرنا

اِستحقار -ع- کسی کو خوار رکھنا۔ ذلیل رکھنا

اِستحضار -ع- یاد رکھنا۔ کسی کی حاضری چاہنا۔ روبرو رکھنا۔

اِستحکام -ع- مضبوطی۔ مضبوط کرنے کی خواہش کرنا۔

اِستحالہ -ع- مشکل ہونا۔ محال کی طلب کرنا۔ ایک حال سے دوسرے حال مین ہو جانا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔

اِستخراج -ع- نکالنے کی خواہش کرنا۔ ایک بات کا نکالنا۔

اُستخوان سفید -ف- مراد دین سے

اِستخر -ع- تالاب۔ نام قلعۂ فارس کا۔

اُستخواندار -ف- مضبوط۔ قائم۔

اِستخفاف -ع- سُبکی۔ حقارت۔ شرمندگی اور خفیف اور بے عزت جاننا۔

اِستخارہ -ع- خیر اور نیکی مانگنا خدا سے اور

اِستخلاص -ع- چھڑانا۔ خلاصی کرنا۔

اُستخوان -ف- ہڈی۔ ہاڑ۔ اور حبشیونکے ایک ہتھیار کا نام۔

اِستدامت -ع- ہمیشگی چاہنا۔

اِستدعا -ع- خواہش کرنا۔

اِستدراج -ع- وہ باتین جو خلاف قیاس کسی سے ظاہر ہون۔ اگر نبی سے ظاہر ہون تو اُسکا نام معجزہ ہی۔ اور اگر ولی خدا پرست سے ظاہر ہون تو اُسکا نام کرامت ہے اور اگر کافر سے ظاہر ہون تو اُسکا نام استدراج ہی

اِستدفاع -ع- الگ کرنا کسی چیز سے کسی چیز کا

اِستدلال -ع- دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔

آستر -ف- وہ کپڑا جو رضائی کے نیچے لگاتے ہین۔ اور بغیر مدِ الف کے غلط ہی۔

اَستر -ف- ایک چوپایہ ہی جو گدھے اور گھوڑی سے پیدا ہوتا ہی ہندی مین خچر لوگ کہتے ہین کہ یہ اختراع فرعون کا ہی

اِستراحت -ع- آرام۔ طلب راحت کی کرنا

اِسترخاص -ع- رخصت چاہنا۔ طلب رخصت کی کرنا۔

اِسترخا -ع- ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا کسی عضو کا سُست ہونا۔

اِسترجاع -ع- دی ہوئی چیز کا واپس لینا اور کلمہ اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ راجِعُون کہنا۔

اِستراق -ع- چوری سے چھپکر کسی کی بات سُننا۔ اور یہ بڑا عیب ہی۔

اِسترداد -ع- لوٹا لینا۔ واپس لینا چاہنا۔

اُستردن -ف- مونڈنا۔ صاف کرنا۔

اُسترون -ف- بانجھ عورت جسکے کبھی اولاد نہو۔

اِسترضا -ع- طلب رضا کی کرنا۔ خوشنودی

اُسترہ -ف- چھرا۔ بال مونڈنیکا اوزار۔

اِستسعاد -ع- طلب سعادت کی کرنا۔ طلب نیکی کی کرنا۔

اِستسلام -ع- طلب سلامتی کی کرنا۔ واسطے اطاعت کے گردن جھکانا۔

اِستسقا -ع- طلب سیرابی کی۔ نام ایک بیماری کا ہی جسمین پیاس بہت ہوتی ہی۔

اِستشمام -ع- طلب سونگھنے کی۔ سونگھنا

اِستشہاد -ع- گواہی چاہنا۔

اِستشعار -ع- پوشیدہ دل ہی دل مین ڈرنا۔

اِستشفاع -ع- شفاعت چاہنا۔

اِستشارہ -ع- مشورہ کرنا۔ صلاح پوچھنا

اِستصلاح -ع- صلاح پوچھنا۔ مشورہ لینا

اِستطاعت -ع- طاقت۔ طاعت۔ طلب تابعداری کی کرنا۔

اِستطابت -ع- پاکی چاہنا۔ خوشی کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ لذیذ ہونا۔

اِستطلاع -ع- آگاہی ڈھونڈھنا۔ اطلاع چاہنا

اِستِطلاق - ع - قید سے چھڑانا -

اِستِظہار - ع - مدد چاہنا پشتی طلب کرنا قوی پشت ہونا -

اِستِظلال - ع - سایہ مین پناہ بیچانا -

اِستِعارہ - ع - مانگنا - عاریت لینا -

اِستِعلاء - ع - بلند ہونا - بزرگوار ہونا -

اِستِعباد - ع - غلامی مین لینا -

اِستِعجاب - ع - تعجب کرنا -

اِستِعانت - ع - مدد چاہنا مدد طلب کرنا -

اِستِعاذت - ع - پناہ لینا -

اِستِعجال - ع - شتابی مانگنا - جلدی کرنا طلب شتابی کی -

اِستِعلاج - ع - طلب علاج کی کرنا -

اِستِعداد - ع - مادّہ - طاقت علمی - سامان

اِستِعفاء - ع - طلب عفو - نوکری چھوٹنے کے واسطے استعفا کہتے ہین - کہ گویا وہ نوکر یہ چاہتا ہے کہ اب مجکو نوکری کرنے سے معاف کرو - جو لوگ اسکو استیفا کہتے ہین غلطی کرتے ہین

اِستِعلام - ع - جتلانا - خبر کرنا - طلب جاننے کی کرنا -

اِستِعماش - ع - ضعیف البصر کرنا - کم نظر کرنا -

اِستِعطاف - ع - مہربانی چاہنا - کسی کا دل ہاتھ مین لانا -

اِستِعمال - ع - کام مین لانا - عمل مین لانا -

اِستِغاثہ - ع - فریاد چاہنا - دادخواہی

اِستِغراب - ع - عجیب بات کرنا - تعجب لانا -

اِستِغراق - ع - محو ہونا - غرق ہونا - ڈوب جانا -

اِستِغفار - ع - طلب بخشش - گناہ بخشوانے کی خواہش کرنا -

اِستِغناء - ع - بے پروائی -

اِستِفتاء - ع - فتویٰ چاہنا - مسئلہ پوچھنا -

اِستِفسار - ع - پوچھنا - اظہار لینا -

اِستِفہام - ع - پوچھنا - سمجھنا - چاہنا -

اِستِفراغ - ع - فراغت چاہنا - خالی ہونا - بدن کا فضلات سے - قے کرنا -

اِستِفاضہ - ع - فیض قبول کرنا -

اِستِقامت - ع - سیدھا پن - مستقیم ہونا -

اِستِقبال - ع - آیندہ - پیش روی - آگے جانا - کسی کی پیشوائی کرنا - لینے کو جانا -

اِستِقراء - ع - تلاش کرنا - جستجو کرنا -

اِستِقدام - ع - کسی کا استقبال کرنا -

اِستِقرار - ع - ٹھہرنا - آرام کرنا کسی مقام پہ قرار پکڑنا -

اِستِقصاء - ع - کوشش تمام کرنا - اور کسی چیز کی انتہا کو پہونچنا -

اِستِقصار - ع - کم کرنا - طلب کمی کی کرنا -

اِستِقلال - ع - استحکام - مضبوطی - کم جاننا کسی چیز کو -

اِستِکساب - ع - اپنی سعی اور قوت بازو سے کسی چیز یا ہنر کا حاصل کرنا -

اِستِکتاب - ع - کتابت کرنا - لکھنا -

اِستِکانت - ع - عاجزی ظاہر کرنا - انکسار کرنا - مسکین ہونا -

اِستِکثار - ع - بہت چاہنا -

اِستِکرار - ع - تکرار کرنا - بار بار چاہنا -

اِستِکبار - ع - برا سمجھنا - غرور کرنا -

اِستِکراہ - ع - نفرت کرنا -

اِستِلقاء - ع - چت لیٹنا -

اِستِلذاذ - ع - لذت لینا - مزہ لینا -

اِستِماع - ع - سننا -

اِستَم - ف - ستم - ظلم - جفا -

اِستِمالت - ع - اپنی طرف ملا لینا - مائل کرنا -

اِستِمداد - ع - مدد مانگنا -

اِستِمساک - ع - بند کرنا - پنجہ مارنا - اور مضبوط پکڑنا -

اِستِمرار - ع - ہمیشگی -

اِستِمتاع - ع - نفع چاہنا -

اِستِمراری - ع - ہمیشگی اور ہمیشگی والا -

اِستِمزاج - ع - مزاج پوچھنا - رائے دریافت کرنی - مزاجدانی کرنا -

اِستِنارت - ع - نور پکڑنا - روشن ہونا -

اِستِنطاق - ع - بات پوچھنا - گویائی چاہنا -

اُستُن - ع - کھم - ستون -

اِستِنباط - ع - بات کھودنی - ایک بات سے دوسری بات نکالنی - چننا -

اِسْتِنْثَار۔ ع۔ ناک جھاڑنی سنکنا پراگندہ کرنا۔

اِسْتِنْبَاہ۔ ع۔ آگاہی ڈھونڈھنا خبرداری چاہنا۔

اِسْتِنْصَار۔ ع۔ مدد طلب کرنا۔

اِسْتِنْفَاس۔ ع۔ زندگانی چاہنا اور خون نکالنا۔

اِسْتِنْکَاف۔ ع۔ ننگ و عار رکھنا۔

اِسْتِنْشَاق۔ ع۔ پانی یا دوا یا ہوا ناک کے رستے سُڑکنا یعنی کھینچنا۔

اِسْتِنْجَا۔ ع۔ پانی سے دھونا ناپاکی دور کرنا۔

اِسْتِوَا۔ ع۔ برابری۔ ہمواری اور کبھی مُراد نیمروزہ یعنی دوپہر سے ہوتی ہے۔

اُسْتُوَار۔ ف۔ مضبوط۔ مُحکم۔

اُسْتُوَاری۔ ف۔ مضبوطی۔ محکمی۔

اِسْتِہْزا۔ ع۔ ہنسی کرنا اور ہنسی۔

اِسْتِہَانَت۔ ع۔ بُرا جاننا۔ خراب سمجھنا۔

اِسْتِہْلَال۔ ع۔ نیا چاند دیکھنا۔ ظاہر ہونا۔ رونا لڑکے کا پیدا ہوتے وقت۔

اُسْتَہ۔ ع۔ چھوہارے اور بیر اور شفتالو وغیرہ کی گٹھلی کو کہتے ہیں۔

اِسْتِیصَال۔ ع۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔

اِسْتِیفَا۔ ع۔ پورا کرنا۔

اِسْتِیلَا۔ ع۔ غالب ہونا۔

آسْتِین۔ ف۔ کُرتے یا انگرکھے کی بانہہ۔

آسْتِین اَفْشَانْدَن۔ ف۔ رد کرنا اور منع کرنا اور کبھی

آسْتِین زَدَن۔ ف۔

آستین افشاندن بمعنی آفرین اور تحسین اور معنی رقص اور سماع کے بھی آتا ہے۔

آسْتِین بر جبین کشیدن۔ ف۔

آسْتِین بر چشم کشیدن۔ ف۔

آسْتِین بر دیدہ کشیدن۔ ف۔

آسْتِین بر دل کشیدن۔ ف۔

[illegible]

اِسْتِینَاس۔ ع۔ طلب اُنس۔ محبت پڑ جانا۔ اُنس ہو جانا۔

اِسْتِیعَاب۔ ع۔ تمام پکڑنا۔ اول سے آخر تک تمام لینا۔

اِسْتِیلَاد۔ ع۔ ولادت چاہنا۔

اِسْتِینَاف۔ ع۔ نئے سرے سے شروع کرنا۔

اِسْتِیلَاف۔ ع۔ محبت چاہنا۔ طلب اُلفت کرنا۔

اِسْتِیثَاق۔ ع۔ مضبوطی چاہنا۔

اِسْتِلَام۔ ع۔ ہاتھ یا مُنھ سے پتھر کا چومنا۔ کھیتی کا خوشہ نکل آنا۔

اِسْجَاع۔ ع۔ باتین باقافیہ کہنا۔ فقرے باقافیہ تحریر کرنا۔

اَسْجَاع۔ ع۔ جمع ہے سجع کی۔ سخن باقافیہ کبوتر اور فاختہ کی آواز۔

اِسْحَاق۔ ع۔ نام ہے ابراہیم کے فرزند کا۔

اَسْحَار۔ ع۔ جمع ہے سَحَر بمعنی صبح کی اور جمع ہے سِحْر بمعنی جادو کی۔

اَسْخِیَا۔ ع۔ جمع ہے سخی کی۔

اَسَد۔ ع۔ شیر ببر اور نام پانچوین بُرج کا بُروج فلک سے۔

اَسْرَار۔ ع۔ جمع ہے سِرّ بمعنی بھید کی۔

اِسْرَا۔ ع۔ رات کو راہ چلنا۔

اُسَرَا۔ ع۔ جمع ہے اسیر بمعنی قیدی کی۔

اُسْرُب۔ ع۔ سیسا جس سے بندوق کی گولیان بناتے ہین۔

اَسَرّ۔ ع۔ مسرور تر۔ بڑا خوش۔

اِسْرَاف۔ ع۔ بیفائدہ خرچ کرنا۔ فضول خرچی

اِسْرَافِیل۔ ع۔ نام ہے اُس فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکیگا۔

اِسْرَائِیل۔ ع۔ نام ہے یعقوب پیغمبر علیہ السلام کا اصلی معنی اسکے مقبول خدا۔ بندۂ خدا۔

اَسْرَع۔ ع۔ بہت جلد۔ بہت شتاب۔

اُسْطُر۔ ی۔ ترازو کو کہتے ہین۔

اُسْطُرلَاب۔ صُطُرلَاب۔ ع۔ نجومیون کے ایک آلہ کا نام ہے جس سے آفتاب کی بلندی اور پستی اور نیکی اور نحوست وغیرہ آسمانی حال معلوم ہو جاتا ہے۔ واضع اسکا ارسطو ہے۔

اُسْطُقُسَّات۔ ع۔ عناصر جمع ہے اُسطُقُس بمعنی عنصر کی۔

اُسْطُورَہ۔ ع۔ افسانہ۔ سخن باطل۔

اُسْطُوانَہ۔ ع۔ ستون۔ کھمب۔

اِسْعَاد۔ ع۔ نیک کرنا۔ بختاور کر دینا۔

اِسعاف۔ ع۔ حاجت روا کردینا کسی کا کام کردینا اُسکی حسب خواہش۔

اَسعَد۔ ع۔ بہت نیک۔ بڑا سعید۔

اُسغُر۔ ع۔ خارپشت ساہی جو ایک جانور ہی

اَسَف۔ ع۔ بڑا غم سخت اندوہ۔ یا اسفی کہ بحالت غم والم کہتے ہین اسی سے ماخوذ ہی۔

اِسفَرنگ۔ ف۔ نام ایک شہر کا ہی نزدیک سمرقند کے سیف شاعر کا مولد۔

اَسفار۔ ع۔ جمع سِفر کی۔ کتابین اگلے قومون کی جیسے توریت وغیرہ ہین۔ بڑی کتابین اور جمع ہی سفیر کی۔ بہت سے مسافر۔ اور جمع ہی سَفَر کی۔

اِسفار۔ ع۔ روشن ہونا۔

اِسفاناخ۔ ع۔ پالک کا ساگ۔

اَسفَل۔ ع۔ سب سے نیچا۔ کم۔ فرومایہ۔

اَسفَلُ السّافِلِین۔ ع۔ مراد ہی ساتوین طبقۂ دوزخ سے جو سب طبقونکے نیچے ہی۔

اِسفَندِیار۔ ف۔ نام ایک بادشاہ بڑے زبردست بیٹے گشتاسپ کا جسکو رستم نے تیر دوشاخہ سے اندھا کیا تھا۔

اِسفَندارمُذ۔ ف۔ بارھوین شمسی مہینہ کا نام جسمین سورج برج حوت مین رہتا ہی۔

اِسفنج۔ ع۔ } ہوا بادل۔ ابر مردہ۔ فارسی
اِسفنجہ۔ ع۔ } اُسکی اسپنج ہی۔

اِسفِیدباج۔ ع۔ گوشت بے مصالح کا شوربا جو بیمارونکو دیتے ہین۔

اِسفِیدَاج۔ ع۔ سفیدہ کاشغری۔

اِسقاط۔ ع۔ گرانا۔ ڈال دینا۔

اُسقُف۔ ع۔ عیسائی واعظ۔ پادری۔

اِسقاء۔ ع۔ پانی یا شراب وغیرہ پلانا۔

اَسقام۔ ع۔ جمع سُقم کی۔ بیماریان دُکھ

اِسکَندَرِیَہ۔ ع۔ نام ایک شہر کا ملک مصر کے اُتر طرف۔ اسکندر بن فیلقوس کا آباد کیا ہوا

اِسکُدار۔ ف۔ ڈاک چوکی۔ قاصد۔

اِسکاف۔ ع۔ کفشگر۔ موچی۔

اِسکنہ۔ ع۔ برما جس سے سوراخ کرتے ہین

اِسکِیزَہ۔ ع۔ دولتی مارنا گھوڑیکا۔

اَسلاف۔ ع۔ بزرگ۔ اگلے وقت کے لوگ یہ جمع ہی سلف کی۔

اِسلاخ۔ ع۔ کھال کھینچنا۔

اِسلام۔ ع۔ مسلمان ہونا۔ خدا کے حکم پر گردن رکھنی۔

اَسلِحہ۔ ع۔ جمع سلاح کی بمعنی ہتھیار و اوزار

اَسلَم۔ ع۔ بہت بچا ہوا۔ سالم تر اور سانپ کا کاٹا ہوا۔

اُسلُوب۔ ع۔ طریق۔ طور۔ راہ۔

اَسماء۔ ع۔ جمع اسم کی اور نام ایک عورت خوبصورت کا جسپر سعد عاشق تھا۔

اَسمار۔ ع۔ جمع سَمَر کی بلات کو جو کہانی کہتے ہین اُسکو سمر بولتے ہین۔ رات کی باتین

اَسماع۔ ع۔ جمع سَمع بمعنی گوش یعنی کان کی

اِسماع۔ ع۔ بات سُنانی گالی دینی اور سرود کہنا۔ راگ گانا۔

آسمانہ۔ ف۔ سقف خانہ مکان کی چھت

آسمانی۔ ف۔ نیلا رنگ اور آتشبازی کی ایک قسم جسکو ہوائی کہتے ہین۔

اَسمَر۔ ع۔ گندم گون۔ گیہوان رنگ۔

اَسنان۔ ع۔ بہت سے سال۔ بہت سے دانت۔

اِسناد۔ ع۔ کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت دینا

اَسناد۔ ع۔ جمع ہی سند کی۔

اَسنٰی۔ ع۔ بلند تر۔ روشن تر۔

اَسواط۔ ع۔ جمع سوط کی۔ تازیانہ۔ کوڑا۔

اَسوَد و اَحمَر۔ ع۔ مراد ہی ملک حبش اور روم سے اور بعضون نے عرب اور عجم لکھا ہی۔

اَسوار۔ ع۔ جمع سوار کی کنگن جو ہاتھون مین پہنتے ہین۔

اَسواق۔ ع۔ جمع سُوق بمعنی بازار کی۔

اَسوَد۔ ع۔ کالا رنگ۔ کالا سانپ۔

آسُودگی۔ ف۔ آرام چین۔ بیفکری۔

اُسوَہ۔ ع۔ پیشوا۔ سرگروہ۔ افسر قوم۔

اَسوِلہ۔ ع۔ جمع ہی سوال کی۔

آسُودہ۔ ف۔ آرام یافتہ۔ بیفکر۔

اِسہاب۔ ع۔ بہت باتین کرنا جنگل مین چلنا گھوڑیکا دوڑنا۔

اِسہال۔ ع۔ پیٹ چلنا۔ دست آنا۔

اَسْہَل - ع - بہت آسان - سہل تر -
اَسِیّ - ع - غمگین - مصیبت زدہ -
آسیا - ف -
آسیاب - ف - } آٹا پیسنے کی چکّی -
آسیب - ف - دُکھ - دَھکا - خطرہ -
آسیہ - ع - نام زن فرعون جو پوشیدہ حضرت موسیٰ پر ایمان لائی تھین اور فرعون نے بُرے عذاب سے اُسکو قتل کیا تھا -
آسیمہ - ف - پریشان - سراسیمہ - حیران -
آسِیُ - ع - غمناک طبیب راہ نشین جو بید کہلاتے ہین -
اَسِیف - ع - غمناک - اندوہگین -
اَسیاف - ع - جمع سیف بمعنی تلوار کی -
اُسَیلِم - ع - نام ایک رگ کا جو درمیان خنصر اور بنصر کے ہر یعنی چھنگلیا اور اُس کے پاس والی اُنگلی کے -
اَسِیر - ف - قیدی - بندی -
اَسیری - ف - قید - بند -

فصل الف مع شین معجمہ

اَش - ف - شوربا - حریرا - پتلی شی جو پکی ہوئی ہو -
اِشارت - ع - سینن مارنا - اشارہ کرنا -
اِشاعت - ع - مشہور کرنا - پراگندہ کرنا پھیلانا -
اِشارات - ع - بوعلی سینا کی کتاب کا نام

علم حکمت مین -
اُشاق - ت - بمعنی غلام امرد جسکی داڑھی مونچھ نہو اور ترکون کے غلام کا نام -
اِشادت - ع - بلند کرنا کوٹھے کا اور آواز بلند سے پڑھنا -
اُشاح - ع - ہیکل اور زیور جو عورتین گلے مین پہنتی ہین اصل مین وشاح تھا -
اِشاش - ع - خوشی کرنا - شادی کرنا -
آشامیدن - ف - پینا - پلانا -
آشام - ف - صیغہ امر کا آشامیدن سے بمعنی (پی) اور بمعنی خوراک اور ایک ملک کا نام ہو اُتر اور پورب طرف بنگالہ کے اور پینے والا اور جادون کی تیچ -
اَشباہ - ع - صورتین اور شکلین -
اَشباح - ع - جمع ہر شبح بمعنی کالبد اور بدن اور جسم کی -
اِشبَاح - ع - پیٹ بھر کے سیر کرنا - اور اصلاح مین ضمہ - کسرہ - فتحہ کا پُر پڑھنا -
اَشباک - ع - جمع شبکہ بمعنی دام کی -
اشبخیتن - ف - چھڑکنا -
اَشبار - ع - جمع شبر بمعنی بالشت کی -
اَشبال - ع - جمع شبل بمعنی بچہ شیر کی -
اِشبال - ع - مہربانی کرنا - بچہ جننا شیرنی کا - صبر کرنا زن بیوہ کا اپنے فرزندون پر کہ دوسرا شوہر نہ کرے -

اِشتات - ع - پراگندہ کرنا -
اَشتات - ع - پراگندہ چیزین -
اُستاد - ف - چھبیسوان روز ہر مہینے شمسی کا -
اِشتباک - ع - دونون ہاتھ کی انگلیون کو باہم پیوست کرنا - درخت کی شاخون کا ایک دوسرے مین گتھ جانا - اور کبھی مراد اجتماع اور انبوہ سے ہوتی ہی -
اِشتباہ - ع - شک - شُبہہ -
اِشتداد - ع - سختی کرنا - شدت کرنا مضبوطی کرنا -
اُشتُر - ف - اونٹ -
اِشترا - ع - خرید کرنا - مول لینا -
اِشتراط - ع - شرط کرنا -
اِشتراک - ع - ساجھا - شرکت -
اِشتعال - ع - روشن ہونا - لپٹ مارنا -
اِشتغال - ع - مشغول ہونا -
اِشتقاق - ع - لکڑی وغیرہ کا چیرنا - نکالنا ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا -
اِشتکا - ع - گلہ کرنا - فریاد کرنا -
اُشتُلُم - ت - غلبہ - تُندی - زور - ظلم -
اِشتمال - ع - شامل ہونا - شامل کرنا - ملانا -
اِشتہا - ع - بھوکھ - خواہش -
اِشتہار - ع - مشہور کرنا - شہرت دینا -
آشتی - ف - دوستی - صلح -

اِشْتِیاف - سر بلند رکھنا - بجلی کو دیکھنا -

اِشْتِیاق - ع - شوق ہونا -

اَشَجّ - ع - شکستہ سر یعنی وہ چیز جسکا سر شکستہ ہو گیا ہو -

اَشْجَع - ع - دلیر - سانپ کی ایک قسم -

اَشْجَار - ع - جمع شجر بمعنی درخت -

اِشْحَام - ع - چربی گھلانا -

اَشْخَاص - ع - بہت لوگ جمع شخص کی -

اِشْخَاص - ع - کسی چیز کا بھیجنا - باہر نکال دینا - کسی کا نشانہ پر سے تیر کا گذر جانا کسی کی غیبت کرنا -

اِشْخَام - ع - دودھ یا کھانے کا سڑ جانا -

اَشَدّ - ع - مضبوط - بہت سخت - تیز مزاج -

اَشْدَق - ع - فراخ دہن -

اَشِدَّاء - ع - جمع شدید بمعنی تیز و سخت مزاج

اَشَرّ - ع - بہت بد - بڑا شریر -

اَشْرَار - ع - جمع شریر کی -

اَشْرَاف - ع - بھلے مانس - جمع شریف کی - واحد پر بھی اسکا استعمال ہوتا ہے -

اِشْرَاف - ع - جھانکنا - اوپر سے نظر ڈالنا بلند ہونا -

اِشْرَاق - ع - روشنی دینا - روشن ہونا چمکنا - اور وقت صبح کا بعد طلوع آفتاب کے -

اِشْرَاقِیان - ع - گروہ حکماے سلف کا - جو بباعث روشنی باطن کے مکاشفہ اور مراقبہ سے پڑھتے پڑھاتے تھے اور اسلیے انکو ملاقات باہمی کی حاجت نہ تھی - برخلاف حکماے مشائین کے کہ یہ ایک دوسرے کے پاس جاکر حالات دریافت کرتے تھے - چنانچہ افلاطون اور بقراط وغیرہ زمرۂ اشراقین میں سے تھے -

اَشْرِبَہ - ع - جمع شراب کی - پینے کی چیزیں -

اَشْرَف - ع - بہت بڑا شریف - بڑا بزرگ - بڑا بھلا مانس -

اَشْرَفی - ف - سکۂ زر منسوب طرف اشرف بادشاہ کے جسنے پہلے پہل طلائی سکہ بوزن دس ماشہ کے جاری کیا تھا -

اَشْعَار - ع - ابیات - جمع شعر کی اور جمع شعر کی یعنی سر اور بدن کے بال -

اِشْعَار - ع - آگاہ کرنا - مشہور کرنا - کسی کے دل میں خوف ڈالنا -

اِشْعَال - ع - آگ کو بھڑکانا -

اَشِعَّۃ - ع - جمع شعاع کی - روشنی - چمک -

اَشِعَّات - ع - جمع اشعۃ کی -

اَشْعَث - ع - نام ایک بہت بڑے لالچی کا اور منتخب میں اشعب بلے موحدہ سے ہے -

اَشْعَری - ع - نام ایک شخص کا - عجب پیدایش تھا تو اسکے تمام بدن پر بڑے بڑے بال تھے -

اَشْغَال - ع - جمع شغل کی - کام - کاروبار -

اَشْفَاق - ع - جمع شفقت کی -

اِشْفَاق - ع - مہربانی کرنا - ڈرانا -

آشفتن - ف - پریشان ہونا - خفا ہونا -

آشفتگی - ف - پراگندگی - پریشانی -

آشفتہ - ف - } پراگندہ حال عاشق

آشفتہ حال - ف - } پریشان حال -

اَشْفَا - ع - ستالی موچیوں کی جس سے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں -

آشفتہ موے - ف - وہ شخص جس کے سر کے بال بکھرے ہوے ہوں -

اَشَقّ - ع - دشوار تر -

اُشَق - ع - ایک درخت کے گوند کا نام ہے -

اَشْقَی - ع - بڑا بدبخت - بڑا شقی -

اَشْقِیَا - ع - جمع شقی بمعنی بدبخت -

اَشْقَر - ع - ہر شی سرخ رنگ جو زردی اور سیاہی مائل ہو - گھوڑا جو اسی رنگ کا ہو - ظاہرا سرنگ گھوڑا - اونٹ جسکے بال سرخ ہوں - اور کبھی مطلق گھوڑا بھی مراد ہوتا ہے -

اَشْک - ف - آنسو - رونے میں جو پانی آنکھ سے نکلتا ہے -

اِشْک - ت - گدھا -

اَشْکِ اَرغوان - ف - کنایہ اشک سرخ سے

اَشْکِ داود - ف - ایک مہرہ کا نام ہے جو نہایت سرخ اور شفاف ہوتا ہے -

اَشْکبوس - ف - نام ایک بڑے پہلوان کا جو افراسیاب کی مدد کو آیا تھا اور رستم کے ہاتھ سے قتل ہوا -

اُشکرہ - ف - طائر شکاری یعنی شکرہ
اُشکنہ - ف - بڑھئی کا برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین -
آشکار - ف - ظاہر کھلا ہوا -
اَشکال - ع - جمع شکل کی بمعنی صورت اور جمع شکل بمعنی رسن اور رسّی -
اِشکال - ع - مشکل کرنا - دشواری -
اَشکَل - ع - وہ رسّی جس سے اونٹ کا پالان باندھتے ہین - سُرخ چشم - سُرخی و سفیدی آمیختہ - خوشتر - خوبصورت - پوشیدہ تر - دشوار تر - وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پاٶن سفید ہو -
اَشکیل - ع - وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پاٶن سفید ہو - اور بمعنی مکر و حیلہ کے بھی آیا ہے -
اُشکُرف - ف - بزرگ - عظیم - نیک - خوب - قوی - شان - شوکت -
اُشلُق - ت - تہمت - بہتان -
اَشَل - ع - ٹنڈا - اور جسکا ہاتھ سوکھ جائے -
اُشمالی - ف - خوشامد بے جھیتی -
اُشلَع - ع - تیز جلنا چراغ کا -
اَشَم - ع - وہ شخص جسکی ناک بلند ہو پیشوا - صاحب شرم -
اِشمام - ع - سونگھنا - سونگھانا -
اُشنائی وادن - ف - کسیکی کسی کو پہچنوانا -

آشناہ - ف - مزید علیہ شناہ کا تیرنا پانی مین تیراک ہونا -
آشنا فروشی - ف - خوشامد - دوست کی تعریف کرنا -
اَشنَع - ع - بدتر - قبیح تر -
اُشنان - ع - ایک گھاس ہے جس سے کپڑے دھوتے ہین مثل صابون کے سفید کرتی ہے اور اسی کو جلا کر سجّی بناتے ہین -
آشنا - ف - دوست - واقف - ملاپی - پانی مین تیرنے والا -
اُشنہ - ع - ایک خوشبودار گھاس ہے جسکو ہندی مین چھڑیلہ یا ملاگیر کہتے ہین -
اِشنوسہ - ف - عطسہ - چھینک -
آشوب - ف - گھبراہٹ - فتنہ -
اَشوَس - ع - مرد دلیر - اور جو شخص تکبر اور غرور سے گوشہ چشم سے دیکھے -
اَشواک - ع - جمع شوک کی بمعنی خار یعنی کانٹا -
آشوردن - ف - خمیر کرنا - ملانا - مرکب کرنا -
اِشہاد - ع - گواہ کرنا - حاضر کرنا - مرد سے منی اور مذی کا جدا ہونا -
اَشہاد - ع - جمع شاہد بمعنی گواہ -
اَشہیٰ - ع - آرزو رکھنے والا زیادہ -
اَشہب - ع - جنگل کا شیر - کام سخت - بکری جو سپیدی رکھتی ہو - گھوڑا سبز خنگ - ہر چیز سپید سیاہی مائل -

اُشہَر - ع - زیادہ مشہور -
اَشہَل - ع - ہر چیز سیاہ زردی مائل - آدمی میش چشم -
اَشیاء - ع - چیزین - جمع شی کی -
اَشیاع - ع - گروہ دوستونکا جمع شیعہ کی -
آشیان - ف - } پرند جانور کا گھونسلا جسمین وے رہتے ہین اور انسانون کے مکانونکی چھت -
آشیانہ - ف - }

فصل الف مع صاد مہملہ

اَصابِع - ع - اُنگلیان ہاتھ اور پاٶن کی یہ جمع اِصبَع کی ہے -
اَصابعُ العَجُور - ع - نام ایک شیرینی مرکب کا جو نہایت سفید بشکل انگلیونکے ہوتی ہے -
اَصاغِر - ع - جمع اصغر بمعنی چھوٹے اور خُرد کی -
اِصابَت - ع - پہونچنا - رسائی -
اَصالَت - ع - اصل پن - جڑ -
آصال - ع - جمع اصل بمعنی شبانگاہ -
اِصبَع - ع - اُنگلی ہاتھ اور پاٶنکی -
اِصباح - ع - صبح کرنا - اور اصطلاح مین ایک حال سے دوسرے حال مین جانا -
اَصباح - ع - جمع صبح کی -
اَصباغ - ع - جمع صبغ بمعنی رنگ -
اَصبَح - ع - خوبصورت سُرخ رنگ شیر درندہ
اَصبَغ - ع - وہ مرغ جسکی دُم سفید ہو اور وہ گھوڑا جسکی دُم یا پیشانی سفید ہو -

اَصَحّ - ع - تندرست - بہت صحیح -

اَصِحّا - ع - یہ جمع صحیح کی ہی -

اَصحاب - ع - دوست - یار - جمع صحب کی

اَصحابِ مُنقَل - ع - یاران ہمصحبت ہمنشین جلیس - ہمنشین -

اَصحابِ کَہف - ع - صاحبان غار - یہ سات آدمی صاحب اسلام تھے جو دقیانوس بادشاہ کافر کے ظلم سے بھاگ کر ایک غار مین مع ایک کتّے کے جا چھپے - تین سو برس سوتے رہے ایک مرتبہ بیدار ہو کر پھر سو گئے اب قیامت تک سوتے رہینگے کتّا بھی اُن کے ساتھ ساتھ سوتا ہی اُنکے نام صحیح طور پر یہ ہین تملیخا - مکسلمینا - کشفوطط - تبیونس - کشافطیونس - ازرفطیونس - یوانس کوش اور اُنکے کتّے کا نام قطمیر ہی -

اَصحابُ الشِّمال - ع - دوزخی لوگ جنکی صفین بائین طرف تخت رب العالمین کے قیامت کو کھڑی ہونگی - لغوی معنی اِس لفظ کے بائین طرف والے -

اِصدار - ع - نکالنا - ایک بات کا صادر کرنا

اَصداف - ع - جمع صَدَف کی بمعنی سیپی

اَصدِقا - ع - جمع صدّیق بمعنی دوست -

اَصداق - ع - سچ باتین - سچائیان -

اِصداق - ع - عورت کا مہر مقرر کرنا کسی کی بات سچی کرنا -

اِصرار - ع - تاکید کرنا - ہٹ کرنا -

اِصرام - ع - فقیر ہونا -

اِصراف - ع - خرچ کرنا -

اِصطِبار - ع - صبر کرنا -

اِصطِباح - ع - صبح کو شراب پینا -

اِصطِباغ - ع - غوطہ دینا - رنگنا -

اِصطَبل - ع - گھوڑون کے باندھنے کی جگہ -

اِصطَخر - ع -
اِصطَرخ - ع - } نام قلعۂ شہر فارس کا -

اِصطِفام - ع - چھانٹنا - برگزیدگی -

اِصطِفاف - ع - صف باندھنا -

اِصطِلاح - ع - باہم صلح کرنا - اور معنی اصطلاحی اس لفظ کے یہ ہین اتفاق کرنا ایک قوم کا واسطے ٹھہرالینے معنی ایک لفظ کے سوائے معنی اصلی اُس لفظ کے -

اِصطِلام - ع - جڑ سے اُکھیڑنا -

اِصطِناع - ع - نیکی کرنا -

اِصطِیاد - ع - شکار کرنا -

اِصغاء - ع - سُننا کسی بات کا - کان جھکانا کسی بات کے سُننے کے واسطے -

اَصغَر - ع - بہت چھوٹا -

آصَف - ع - حضرت سلیمان نبی اور پادشاہ کے وزیر کا نام ہی -

اَصفاد - ع - بہت سی زنجیرین اور قیدین

اَصفَر - ع - زرد رنگ -

اِصفِرار - ع - زرد ہونا -

اَصفار - ع - جمع صفر کی بمعنی خالی -

اِصفار - ع - مفلس اور محتاج ہونا -

اِصفاح - ع - سائل کے سوال کا رد کرنا کسی کا دل کسی چیز کی طرف مائل کرنا -

اِصفَہان - ف - نام شہر کا جو فارس مین ہی اور نام ایک پردۂ موسیقی کا -

اَصفیٰ - ع - صاف زیادہ -

اَصفیاء - ع - برگزیدہ - اور پاک لوگ جمع صفی کی -

اَصلاب - ع - جمع صُلب بمعنی استخوان پشت کہ محل نطفۂ مرد کا ہی اور اصلاب سے مراد باپ دادا ہین -

اَصل - ع - جڑ - بیخ - نسب -

اَصلاً - ع - از روے اصل کے -

اَصلا - ع - بمعنی ہرگز -

اِصلاح - ع - درست کرنا -

اَصلَح - ع - بہت درست -

اَصلَع - ع - گنجا آدمی جسکے سر پر بال نہون

اَصلی - ع - ذاتی بے بناوٹ -

اَصمَع - ع - چھوٹے کان والا تیز خاطر دل آگاہ تلوار تیز - بلند تر مقامون کا جانے والا حیران - اور ابو سعید عبد الملک کے دادا کا نام ہی جو مشہور بہ اَصمعی ہی -

اِضمام - ع - بہرا ہونا - بہرا کرنا -

اَصَم - ع - بہرا جو سُنتا نہین ہو - اور وہ سانپ جس پر افسون اثر نہ کرے - اور سنگ سخت -

اِصنَعْ - ع - کر - بنا - یہ صیغہ امر کا ہو صنعت سے مشتق ہو -

اَصنَاف - ع - اقسام قسمین - یہ جمع ہی صنف کی -

اَصنَام - ع - بُت - معشوق - جمع صَنَم کی -

اِصْنَان - ع - غرور کرنا - گندہ بغل ہونا -

اَصْوَب - ع - بصواب نزدیک تر -

اَصوَات - ع - آوازین جمع صوت کی -

اُصُول - ع - جڑین - اصلین جمع اصل کی -

اُصُولِ ثَقِیل - ع - } سترہ اصول موسیقی
اُصُولِ خَفِیف - ع - } مین سے دو اصول کا نام اور اُصول کو ہندی مین تال کہتے ہین -

اُصُولِ فاختہ - ع - موسیقی مین ایک ضرب یعنی تال کا نام - اور باجہ بجانیکی ایک طرح ہندی مین اُسکو سُور فاختہ بھی کہتے ہین -

اَصْہَب - ع - ہر شی سُرخ رنگ جو سفیدی مائل ہو -

اَصِیل - ع - شام کا وقت - اصل آدمی - ایک پیدایش - محکم - ثابت رائے -

فصل الف مع ضاد معجمہ

اِضَاءَت - ع - روشن کرنا - روشن ہونا -

اِضَاعَت - ع - ضائع کرنا - کھو دینا -

اِضَافَت - ع - لگاؤ لگانا - نسبت کرنا - ایک چیز کا طرف دوسری چیز کے - مہمانی کرنا - اپنا کام خدا پر چھوڑ دینا - پناہ دینا -

اِضَافہ - ع - زیادتی - بڑھاؤ -

اَضَائِف - ع - جمع ضَیف بمعنی مہمان - اور یہ جمع خلاف قیاس ہو -

اِضَافی - ع - نسبتی جو اصلی نہ ہو -

اِضَاض - ع - پناہ کی جگہ -

اِضْجَاع - ع - پہلو کے بل سُلانا -

اِضحَاک - ع - تعجب دلانا - کسی کو ہنسانا - حوض اسقدر بھر دینا کہ پانی چھلک جائے - گھاس اُگنا زمین پر -

اَضْحیٰ - ع - کام کرنا صبح کے وقت - قربانی -

اُضْحُوکہ - ع - وہ بات جو آدمیونکو ہنسادے -

اُضْحِیَہ - ع - وہ گوسفند جو دسوین ذیحجہ کو قربانی کیجائے -

اَضْدَاد - ع - جمع ضد کی -

اِضْرَاب - ع - مُنہ پھیر لینا - مُقیم ہونا ایک مقام پر - سر نیچے کر لینا - نر کو مادہ پر چھوڑنا -

اِضْرَار - ع - نقصان کرنا - ضرر پہونچانا - ظلم سے کسی کو ایک کام پر روکنا - دوڑنا - ایک زوجہ پر دوسری زوجہ کرنا - گھوڑے کا اپنا دہانہ چبانا -

اِضْرَام - ع - آگ روشن کرنا -

اَضْرَاس - ع - داڑھ - دانت جمع ضرس کی -

اِضْطِرَاب - ع - گھبراہٹ - بیقراری - تلوار مارنا - اور مثنوی معنوی مین اضطراب بمعنی مضطرب کے آیا ہو -

اِضْطِرَار - ع - ناچار کرنا - حاجتمند کرنا - ضرورت ہونی کسی شی کی -

اِضْطِجَاع - ع - کروٹ سے سونا -

اِضْطِلَاع - ع - کسی کام کیلیے مضبوط ہونا -

اِضْطِرَام - ع - شعلہ مارنا آگ کا -

اَضْعَف - ع - بہت ضعیف - بہت ناتوان -

اَضْعَاف - ع - دو برابر والی چیزین -

اِضْعَاف - ع - دونا کرنا - ضعیف کرنا - صاحب زیادتی کا ہونا -

اَضْغَاثِ اَحلَام - ع - خوابہاے پریشان -

اَضَلّ - ع - بڑا گمراہ -

اَضْلَاع - ع - پسلیان جمع ضلع کی - اور کبھی اضلاع بمعنی اطراف و جوانب کے بھی مستعمل ہوتا ہو -

اِضْلَال - ع - راہ بھلانا - گمراہ کرنا - ضائع کرنا - مُردے کا دفن کرنا -

اِضْمَار - ع - بات کا دل مین رکھنا - دُبلا کرنا - کلام مین ضمیر کا لانا -

اِضْمِحلَال - ع - نیست ہونا - مرادی معنی انتہا کا ضعیف ہونا -

اَضَم - ع - کینہ - حسد - غصہ کرنا -

اَضْیَع - ع - بڑا ضائع کرنیوالا -

اَضْیَاف - ع - جمع ضیف بمعنی مہمان -

اَضیَق - ع - تنگ تر -

فصل الف مع طائے مہملہ

اِطاعت - ع - تابعداری کرنا حکم ماننا - میوہ کا درخت پر پکنا -

اِطابت - ع - خوش کرنا خوشبو کرنا - اور استنجا کرنا -

اُطام - ع - پیشاب کا بند ہو جانا -

اِطالت - ع - درازی سخن اور طول دینا بات اور کلام مین -

اِطارت - ع - اُڑانا کسی پرندے وغیرہ اُڑنیوالی چیز کو -

اِطاحت - ع - ہلاک کرنا -

اَطِبّا - ع - حکیم لوگ - جمع طبیب کی -

اَطراف - ع - جمع طرف بمعنی کنارہ کی - اور طبیبوں کی اصطلاح مین ہاتھ پانون آدمی کے -

اِطرا - ع - تعریف مین مبالغہ کرنا -

اِطراح - ع - پھینکنا - ڈالنا - گرانا -

اِطّراد - ع - کام کا درست ہونا - اور آگے پیچھے چلنا -

اِطراد - ع - ہنکانا - چلانا -

اِطراب - ع - خوشی کرنا -

اِطراز - ع - نقش و نگار کرنا -

اِطرار - ع - ناز کرنا - چلنا بے موقع غضب اور غصہ کرنا -

اَطریَہ - ع - میدہ کی سویّان جنکو آگ پر بھون کر دودھ اور شکر سے کھاتے ہین -

اُطروبہ - ع - خوش کرنیوالی چیز جسکو دیکھ کر انسان خوش ہو - اور بمعنی ساز اور راگ اور باجے کے بھی مستعمل ہے -

اُطروش - ت - بہرا جو سُن نہ سکے -

اُطرہ - ع - ناخن کے جڑ کی نرہ جو چمڑے کے ساتھ ملی ہوتی ہے -

اِطعام - ع - کھانا کھلانا -

اَطعِمہ - ع - جمع طعام کی کھانا -

اِطغا - ع - گمراہ کرنا -

اِطفا - ع - بجھانا - آگ کو ٹھنڈا کرنا چراغ کو گل کرنا یعنی بجھانا -

اَطفال باغ - ف - ننھے پودے درخت کے -

اِطّلاع - ع - خبر دینا - اپنا بھید کسی کو بتا دینا - قے کرنا - استفراغ کرنا -

اِطلاق - ع - چھوڑنا بے قید کر دینا - روان کرنا - دستو کا آنا -

اَطلال - ع - ویران اور پرانی سراؤن کے نشانات - گرے ہوے گھر دن کے نشان جو باقی ہون -

اَطلس - ع - بے سکہ کا درم - ریشمی سادہ کپڑا جسمین نقش نہ ہون - نام زمین آسمان کا جسمین ستارے نہین ہین - بھیڑیا درندہ جسکا رنگ سُرخ سیاہی مائل ہو -

اِطماع - ع - لالچ مین ڈالنا -

اُطُم - ع - پتھر کا قلعہ -

اِطمینان - ع - تسلی - دلاسا -

اِطناب - ع - طول دینا بات کا -

اَطناب - ع - جمع طُنُب کی خیمہ کی طنابین

اَطوار - ع - جمع طور کی -

اَطہر - ع - بڑا پاک -

اَطہار - ع - بہت پاک لوگ -

اَطیَب - ع - خوشبودار زیادہ - اور بڑا پاکیزہ -

اَطیط - ع - پیٹ بولنے کی آواز - اونٹ کا بولنا بوجھ کی زیادتی سے - اونٹ کے پالان اور گھوڑے کے زین کی آواز -

فصل الف مع ظائے معجمہ

اَظفر - ع - وہ شخص جسکے ناخن بہت بڑے ہون

اَظفار - ع - جمع ظُفُر کی بہت سے ناخن اور جمع ظَفَر کی بہت سی فتحمندیان - اور چھوٹے چھوٹے ستارے -

اِظفار - ع - فتح اور فیروزی دینا -

اِظلال - ع - سایہ ڈالنا - سایہ دار ہونا نزدیک آنا کسی چیز کا -

اَظلال - ع - جمع ظِل کی بہت سے سائے -

اِظلام - ع - تاریک ہونا - اندھیرے مین آنا ظلم اُٹھانا - دانتوں کا چمکنا -

اِظہار - ع - کھولنا - ظاہر کرنا - غالب کرنا -

اَظہر - ع - بہت ظاہر -

فصل الف مع عین مہملہ

اِعَادَت - ع - لوٹانا - پھیر کرلانا دوبارہ کرنا بار بار کرنا کسی بات یا کام کو -

اِعَاذَت - ع - پناہ مین لینا -

اِعَارَت - ع - کوئی چیز عاریت یعنی مانگے دینا

اِعَالَت - ع - بہت عیالدار ہونا - فقیر ہونا

اِعَاجِیب - ع - جمع عجیب کی -

اَعَادِی - دشمن لوگ جمع عدو کی -

اَعَاظِم - ع - جمع اعظم کی - بہت بڑے -

اَعَالِی - ع - بہت بلند - جمع اعلی کی -

اِعَانَت - ع - مدد کرنا -

اَعْتَاد - ع - سرکش لوگ -

اِعْتَاق - ع - غلام کو آزاد کرنا -

اِعْتِبَار - ع - بھروسہ کرنا - ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا - نصیحت پکڑنا - امتحان کرنا

اِعْتِدَال - ع - برابر کرنا -

اِعْتِدَاد - ع - اعتبار کرنا - شمار کرنا -

اِعْتِدَاء - ع - حد سے گذرنا - ظلم کرنا -

اِعْتِذَار - ع - عذر کرنا -

اِعْتِرَاض - ع - شبہہ کرنا - کوئی قباحت پیش کرنی -

اِعْتِرَاف - ع - اقرار کرنا -

اِعْتِرَاک - ع - جمع ہونا - اکٹھا ہونا -

اِعْتِزَال - ع - گوشہ نشینی کرنا - گوشہ مین بیٹھنا - الگ ہونا -

اِعْتِزَا - ع - اپنے کو کسی سے نسبت کرنا -

اِعْتِسَاف - ع - ظلم کرنا - راہ سے بیراہ چلنا - جور کرنا -

اِعْتِسَاس - ع - رات کو چوکیداری کرنا -

اِعْتِصَار - ع - کسی چیز کی طرف پناہ لیجانا - نچوڑنا - کسی کے قبضہ سے مال نکالنا -

اِعْتِصَام - ع - چنگل مارنا - واسطے بچنے کے کوئی شئ پکڑنا - گناہ سے اپنے کو بچانا -

اِعْتِضَاد - ع - مدد چاہنا - قوت پانا -

اِعْتِقَاد - ع - یقین کرنا - گرویدہ ہونا -

اِعْتِقَال - ع - بند کرنا - باندھنا -

اِعْتِکَاف - ع - گوشہ نشین ہونا - اپنے کو باز رکھنا - انتظار کرنا - مسجد مین گوشہ نشینی کرنا

اِعْتِلَا - ع - بلند ہونا -

اِعْتِلَاف - ع - گھاس کھانا -

اِعْتِلَاق - ع - عاشق ہونا -

اِعْتِلَال - ع - بیمار ہونا - بہانہ کرنا -

اِعْتِمَاز - ع - کسی کے کام مین عیب نکالنا

اِعْتِمَاس - ع - پانی مین غوطہ لگانا -

اِعْتِمَاد - ع - کسی پر بھروسہ کرنا -

اِعْتِنَاء - ع - غمخواری کرنا - مہربانی کرنا

اِعْتِنَاق - ع - معانقہ کرنا - گلے ملنا -

اِعْتِوَاء - ع - کسی چیز کا دست بدست لینا

اِعْتِیَاد - ع - واپس آنا - عادت کرنا -

اِعْتِیَاض - ع - عوض دینا - بدلہ دینا -

اُعْجَاب - ع - غرور کرنا - تعجب کرنا کسی چیز کو عجیب جاننا -

اِعْجَاز - ع - عاجز کرنا - ناتوان کرنا - خلاف عادت کوئی بات نبی سے ظاہر ہونی جسکے دیکھنے سے کافر عاجز ہو جائین -

اَعْجَاز - ع - جمع عجز بمعنی چوتڑ کی -

اَعْجَز - ع - بڑے چوتڑ والا - بڑا عاجز -

اَعْجَف - ع - لاغر - دبلا -

اَعْجَال - ع - جلدی کرنیوالے شتابیان گائے کے بچھڑے -

اَعْجَم - ع - جو شخص فصیح بات نہ کرسکے - اور بمعنی گونگے کے بھی آیا ہی -

اَعْجَمی - ع - مراد نادان آدمی سے -

اِعْجَام - ع - حرفون پر نقطے دینا -

اُعْجُوبَہ - ع - عجیب تر - انوکھی شئ -

اَعْدَا - ع - دشمن - بیری - جمع عدو کی -

اَعْدَاد - ع - جمع عدد کی -

اَعْدَل - ع - بہت عدل کرنے والا - گواہی دینے مین بہت لائق -

اِعْدَام - ع - نیست کرنا - منع کرنا -

اِعْذَار - ع - عذر کرنا - ختنہ کرنا - ختنہ کی ضیافت کا کھانا پکوانا - مکان مین کوڑے کرکٹ کا رہنا - بہت گناہ کرنا - کسی کو مارنا یا زخمی کرنا -

اَعْذَار - ع - جمع عُذر کی -

اَعْرَاب ۔ع۔ عربان صحرانشین ۔ گنوار آدمی جو جنگل مین خانہ بدوش رہتے ہین ۔ یہ لفظ وہ جمع ہی جسکا مفرد نہین ہی ۔

اَعْرَابی ۔ع۔ ایک شخص اعراب سے جسکے معنے ابھی مذکور ہوے منسوب اعراب سے ۔

اِعْرَاب ۔ع۔ واضح اور روشن کرنا ۔ آخر کلمات عرب کی حرکتین یعنی فتحہ کسرہ ضمہ ۔

اَعْرَج ۔ع۔ لنگڑا آدمی ۔

اَعْرَاس ۔ع۔ نئی دُلھنین ۔ جمع عرس کی ۔

اِعْرَاس ۔ع۔ داماد ہونا ۔ خوشی کرنا ۔

اِعْرَاض ۔ع۔ روگردانی کرنا ۔ منھ پھیرنا ۔

اَعْرَاض ۔ع۔ بیماریان گھر کے اسباب اور طبیبونکی اصطلاح مین وہ مرض جو بسبب دوسرے مرض کے پیدا ہوا ہو اور جمع عَرَض کی ۔ وہ چیز جو قائم بذات خود نہ ہو ۔

اَعْرَاف ۔ع۔ نام ایک مقام کا جو بہشت اور دوزخ کے درمیان ہی ۔ بالو کے بلند تودے ۔ گھوڑونکی گردنون کے بال یعنی یال ۔ اور مرغون کے تاج یعنی کیس ۔

اِعْرَاق ۔ع۔ ملک عراق کو جانا ۔ جڑ سخت ہونا ۔ شراب مین پانی ملانا ۔

اَعَزّ ۔ع۔ عزیز تر ۔

اِعْزَاز ۔ع۔ عزت کرنا ۔

اَعْزَل ۔ع۔ مرد بے سلاح ۔ نہتھا اور نام ایک ستارہ کا جسکو سماک اعزل کہتے ہین ۔

اَعِزَّہ ۔ع۔ جمع عزیز کی ۔

اِعْسَار ۔ع۔ فقیر ہونا ۔

اَعْسَر ۔ع۔ بہت دقیق ۔ بہت مشکل ۔

اَعْشیٰ ۔ع۔ وہ شخص جسکو رتوندھی آتی ہی اور عرب کے ایک شاعر زبردست کا نام ہی ۔

اَعْشَاب ۔ع۔ جمع عُشب کی ہری گھاس ۔

اَعْشَار ۔ع۔ جمع عشر کی دسوان حصہ کسی چیز کا ۔

اِعْصَاء ۔ع۔ نافرمانی کرنا ۔

اِعْصَار ۔ع۔ گرد باد جسکو ہندی مین بگولہ کہتے ہین ۔ دختر کا حد بلوغ کو پہونچنا ۔ اور ابر کا نزدیک برسنے کے ہونا ۔ گرم ہوا ۔

اَعْصَار ۔ع۔ جمع عصر بمعنی زمانہ کی ۔

اَعْصَاب ۔ع۔ جمع عَصَب کی ہندی پٹھا

اَعْضَاء ۔ع۔ جمع عضو کی بمعنی جوڑ ہاتھ کے اور پانوٴن کے ۔

اَعْضَاے رئیسہ ۔ع۔ دل ۔ دماغ ۔ کلیجہ ۔ انثیین ۔

اِعْطَاء ۔ع۔ دینا ۔ بخشش کرنا ۔

اَعْطَاف ۔ع۔ مہربانیان ۔

اِعْطَاش ۔ع۔ پیاسا کرنا ۔

اِعْظَام ۔ع۔ بزرگ کرنا ۔ عظمت کرنا ۔

اَعْظَم ۔ع۔ بہت بڑا ۔

اِعْفَاء ۔ع۔ گناہ معاف کرنا ۔

اَعِفَّاء ۔ع۔ جمع عفیف بمعنی پرہیزگار کی ۔

اِعْفَاف ۔ع۔ کسی کو پرہیزگار کرنا ۔

اَعْقَاب ۔ع۔ پس ماندگان ۔ اولاد ۔ جمع عَقب کی ۔

اِعْکَاس ۔ع۔ اوندھا کرنا ۔ پانی اور آئینہ مین کسی چیز کا عکس ڈالنا ۔

اَعْلیٰ ۔ع۔ بہت بلند ۔

اِعْلَاء ۔ع۔ بزرگوار کرنا ۔ بلند کرنا ۔

اَعْلَام ۔ع۔ جمع عَلَم کی ۔ نشان ۔ جھنڈے لڑائی کے بہت سے نام ۔ بہت سے شہر بہت سے پہاڑ ۔

اِعْلَام ۔ع۔ خبر دینا ۔ آگاہ کرنا ۔

اَعْلَم ۔ع۔ بڑا جاننے والا ۔ اور وہ شخص جسکا اوپر کا ہونٹھ پھٹا ہوا ہو ۔

اِعْلَان ۔ع۔ ظاہر کرنا ۔ کھول دینا ۔

اَعْلَن ۔ع۔ ظاہر تر ۔ بہت آشکارہ ۔

اَعَمّ ۔ع۔ جو سب جگہ ہو ۔ جس کو تمام لوگ جانتے ہون ۔

اَعْمَام ۔ع۔ جمع عم بمعنی چچا کی ۔

اَعْمَار ۔ع۔ جمع عُمر کی ۔

اَعْمَش ۔ع۔ وہ شخص جسکی آنکھ سے بسبب مرض کے پانی جاری ہو ۔ اور لقب ایک عالم کا ۔

اَعْمَال ۔ع۔ جمع عمل بمعنی کام کی اور بمعنی دیہات اور پرگنون کے بھی آیا ہی ۔

اَعْمیٰ ۔ع۔ اندھا ۔

اَعْمیٰ فطری ۔ع۔ اندھا مادرزاد ۔

اِعْنَات ۔ع۔ اپنے کو سخت کام مین ڈالنا ۔

اَعْنَق - ع - لمبی گردن والا - ہر چیز بلند - وہ کتا جسکی گردن میں پٹا پڑا ہو -

اَعْنَاق - ع - جمع عُنق بمعنی گردن کی - اور بزرگان قوم -

اَعِنَّۃ - ع - جمع عنان کی گھوڑے کی باگ -

اَعْنِی - ع - صیغہ متکلم کا - قصد کرتا ہوں میں -

اِعْوَاص - ع - دشمن پر سخت کام ڈالنا -

اَعْوَان - ع - بہت سے یاور - بہت سے حامی - مددگار لوگ -

اَعْوَام - ع - جمع عام بمعنی سال - برس -

اَعْوِنَۃ - ع - مددگار لوگ - یہ جمع عائن کی ہر خلاف قیاس -

اِعْوِجَاج - ع - ٹیڑھا ہونا -

اَعْوَر - ع - یک چشم - کانا - اور نام ہی پیٹ کی ایک آنت کا - زاغ یعنی کوّا - اور وہ شخص جو اپنی مُراد نہ پاوے - ضعیف بد دل - کم عقل - بے خبر - پرانی کتاب - اور وہ شخص جسکا بھائی ایک ماں باپ سے نہ ہو -

اِعْوَاز - ع - فقیر اور محتاج ہونا - دشوار ہونا کام کا -

اِعْوَاص - ع - مشکل کرنا کام کا دشمن پر -

اَعْیَا - ع - بہت چلنے سے تھک جانا -

اَعْیَان - ع - امیر لوگ - چشمے - آنکھیں -

اَشْیَا - خارج کی موجودہ چیزیں -

فصل الف مع غین معجمہ

آغا - ت - صاحب - مالک - خداوند - بڑا بھائی -

اِغَاثَت - ع - فریادرسی -

اَغَایِد - ع - جمع اَغْیَد کی افعل التفضیل کا صیغہ بمعنی نازک بدن - معشوق -

اَغَار - ع - نم زمین نمناک - ملنا - ورغلانا ملنا متصل ہونا -

اِغَارَت - ع - غارت کرنا - دوڑنا -

آغازِیدن - ف - قصد کرنا - ابتدا کرنا -

آغاز - ف - شروع - ابتدا -

آغاشتن - ف - فراہم کرنا - جمع کرنا - حاصل کرنا -

آغال - ف - بکریوں کے رہنے کی جگہ - گرفتار کرنا - جنگ پر تیز کرنا -

آغالیدن - ف - بھڑکانا - لڑائی کیواسطے تیز کرنا لوگوں کا -

آغاریدن - ف - ملانا - آمیز کرنا -

اَغَانِی - ع - جمع اغنیہ کی وہ باجہ جو ہاتھ سے بجایا جائے مثل چنگ اور رباب وغیرہ کے اور جو مُنہ سے بجایا جاتا ہی اُس کو مِزمار کہتے ہیں بانسری وغیرہ کے مانند -

اَغْبَر - ع - گردآلود - خاکی رنگ -

اِغْتِرَاب - ع - مسافر ہونا -

اِغْتِفَار - ع - مغفرت چاہنا -

اِغْتِرَاف - ع - چلّو سے پانی پینا -

اِغْتِسَال - ع - دھونا - غسل کرنا -

اِغْتِیَال - ع - لڑکے کا موٹا ہونا -

اَغْذِیہ - ع - جمع غذا کی - طعام - کھانا -

اِغْرَا - ع - لڑائی پر آمادہ کرنا کسی کو -

اَغْرِیرَث - ف - نام بادشاہ کا جو افراسیاب کا بھائی تھا -

اِغْرَاق - ع - غرق کرنا - کسی بات میں مبالغہ کرنا - کمان کھینچنا -

اِغْرَاب - ع - نئی چیز لانا - مسافر ہونا - پُر کرنا - مشک کا -

اَغْرَب - ع - عجیب تر -

اَغْرَاض - ع - جمع غرض کی -

اِغْرَام - ع - ہلاک کرنا - حریص ہونا - تاوان لینا -

آغِشتَن - ف - آلودہ ہونا - لتھڑنا -

آغشتہ - ف - آلودہ - لتھڑا ہوا -

اَغْصَان - ع - جمع غُصن کی - درخت کی ڈالیاں اور شاخیں -

اِغْضَا - ع -

اَغْطَش - ع -

اِغْفَال - ع -

اِغْلَاق - ع -

اَغْلَط - ع -

اِغْلَاط - ع -

اَغلاط - ع - جمع غلط کی -
اَغلاظ - ع - جمع غلیظ کی - سخت چیزین -
اَغلاظِ اَیمان - ع - سخت قسمین -
اَغلال - ع - جمع غُل کی - لوہے کے طوق
اِغلال - ع - کینہ رکھنا - خیانت کرنا -
اِغلام - ع - خلاف وضع فطری لڑکون
سے بدفعلی کرنا -
اُغلوطہ - ع - وہ چیز یا بات جس سے آدمی
وہم اور غلطی مین پڑے -
اَغلف - ع - وہ شخص جسکا ختنہ نہوا ہو -
اَغلب - ع - قریب یقین کے -
اَغلش - ع - ف - نام پادشاہ ترکستان کا -
اِغما - ع - بیہوش کرنا -
اِغماز - ع - عیب کرنا - کم حرمت کرنا -
اِغماض - ع - چشم پوشی کرنا - درگذر کرنا -
اَغمار - ع - نادان لوگ - ناتجربہ کار -
اِغمام - ع - آسمان پر ابر کا چھا جانا -
اِغنا - ع - کسی کو فائدہ دینا - دولتمند کرنا -
بے نیاز کرنا -
اَغنام - ع - جمع غنم بمعنی گوسفند کی -
اَغنّ - ع - وہ شخص جو ناک مین بات کرے -
اِغوا - ع - بہکانا - برانگیختہ کرنا -
آغوش - ف - گود بغل - اور بمعنی لونڈی
اور غلام کے بھی آیا ہے -
آغوش دادن - ف - کنایہ ہے غافل
اور بے خبر ہونے سے -
اَغیار - ع - جمع غیر کی -

فصل الف مع فا

آف - ف - سورج -
اُف - ع - افسوس -
آفات - ع - جمع آفت کی -
اَفاغنہ - ف جمع افغان بمعنی پٹھان کی -
اَفاعی - ع - جمع افعی کی - زہریلے سانپ -
اِفادہ - ع - فائدہ پہونچانا -
اَفاضل - ع - جمع افضل کی -
اَفانین - ع - درخت کی شاخین - اور
بہت سے ہنر اور انواع سخن -
آفاق - ع - جمع اُفق کی - کنارے آسمان کے
اَفّاک - ع - بڑا جھوٹ بولنے والا -
اِفاقت - ع - کسی کام سے فراغت پانا -
دکھ سے آرام پانا - ہوشیار ہونا -
اُفت - ف - کشتی مین دو پہلوانون کو
آپس سے جدا کرنا -
آفت - ع - دکھ مصیبت -
اِفتا - ع - فتوی دینا -
آفتاب - ف - سورج - دھوپ - شراب
اور کنایہ رخسار سے -
آفتاب بکوہ رفتن - ف - کنایہ ہے دولت
اور زندگانی کی انتہا اور زوال سے -
آفتاب بہ گِل اندودن - ف - ایسے امر کا
چھپانا جو کسی طرح چھپ نہ سکے -
آفتاب پرست - ف - نیلوفر کا پھول -
گرگٹ جو جانور مشہور ہے -
آفتاب خوردن - ف - رنج اور تکلیف
اور سختی اٹھانا -
آفتاب دادن - ف - دھوپ مین کسی
چیز کا سکھلانا -
آفتاب زردرو - ف - کنایہ ہے میٹھے
خربزہ سے جو میوہ مشہور ہے -
آفتاب سوار - ف - کنایہ ہے اُس شخص
سے جو رات کو جاگے اور جو صبح سویرے
اُٹھے یعنی مرد صبح خیز و شب بیدار -
آفتاب گیر - ف - چھتری - سائبان -
آفتابِ لبِ بام - ف - موت سے نزدیک
ہونیوالا آدمی -
آفتابہ - ف - پانیکا لوٹا -
آفتابی - ف - سورج مکھی اور وہ چیز جو دھوپ
مین خشک ہوئی ہو - متغیر اور شکستہ رنگ -
لوہے کی کڑھائی -
آفتابی شدن - ف - ظاہر ہونا -
اِفتتان - ع - فساد اٹھانا -
اِفتتاح - ع - شروع کرنا - کھولنا -
اِفتتاش - ع - ڈھونڈھنا -
اِفتراق - ع - آپس سے جدا کرنا ہو -
اُفتادگی - ف - عاجزی -

اُفتاد - ف - مجازاً بمعنی اتّفاق -
اُفتادن - ف - گر پڑنا -
اِفتِراح - ع - خوشی کرنا -
اِفتِراس - ع - گردن توڑنا - نشان سے کسی چیز کا پا لینا - گھوڑے پر سوار ہونا -
اِفتِخار - ع - فخر کرنا - غرور کرنا -
اِفتِضاح - ع - رُسوائی -
اِفتِعال - ع - تہمت - بُہتان -
اِفتِرا - ع - جُھوٹ بات بنانا - بُہتان -
اِفتِقاد - ع - گم کرنا - کھو دینا - کھوئی ہوئی چیز کا ڈھونڈھنا اور مہربانی کرنا شفقت کرنا -
اِفتِکاک - ع - جدا ہونا -
اِفتِقار - ع - احتیاج - افلاس - فقیری -
اِفحام - ع - کسی کو حُجّت سے خاموش کرنا -
اِفخام - ع - بزرگ کرنا -
اَفخاذ - ع - جمع فخذ بمعنی ران کی -
اَفدَر - ف - بھتیجا - بھانجا - چچا -
اَفدِیدن - ف - تعجب کرنا -
اَفراختن - ف - کھڑا کرنا - بلند کرنا -
اَفراس - ع - جمع فرس بمعنی گھوڑے کی -
اَفرِیشُم - ع - ریشم -
اَفراد - ع - جمع فرد کی -
اَفراسِ آب - ف - بارش کے وقت پانی پر جو حباب یعنی بُلبُلے اُٹھتے ہین -

اَفراشتن - ف - بلند کرنا -
اِفراح - ع - شاد کرنا -
اِفراط - ع - بہت زیادہ کرنا -
اَفراز - ف - مصالح کھانیکے مثل لونگ الائچی - دھنیے - وغیرہ کے -
اَفروختن - ف - روشن کرنا -
اَفرَنجہ - ف - نام ایک شہر کا -
آفریدن - ف - پیدا کرنا -
آفریدگار - ف - پیدا کرنیوالا -
آفریدگان - ف - پیدا کیے ہوے - یعنی دُنیا کے لوگ -
آفرین - ف - شاباش تحسین کا کلمہ ہے اور آفریدن کا صیغۂ امر بھی - اور بمعنی آفریدہ بھی آیا ہے -
آفرین گوے - ف - دعاگو -
آفری - ف - تحسین مخفف آفرین کا -
آفریننده - ف - پیدا کرنے والا - یعنی خدائے تعالیٰ -
اَفروزه - ف - چراغ کی بتّی
آفرینش - ف - پیدا کرنا -
اَفراسیاب - ت - نام ایک بادشاہ توران کا جو بڑا بادشاہ تھا -
اَفزا - ف - بڑھانیوالا - جماہی -
اِفزاع - ف - ڈرانا - کسی کی فریاد کو پہونچنا -

اَفزانیدن - ف - بڑھانا -
اَفزُودن - ف - بڑھنا - بڑھانا -
اَفزُون - ف - زیادہ بڑھا ہوا -
اَفزُونی - ف - زیادتی -
اَفسانہ - ف - کہانی - قصّہ -
اِفساد - ع - فساد کرنا - تباہ کرنا -
اَفساد - ع - جمع فساد کی - تباہیان -
اَفسَر - ف - کُلاہ - ٹوپی - حاکم -
اَفسُردن - ف - مُرجھانا - ٹھٹھرنا -
اَفسُرده - ف - مُرجھایا ہوا -
اَفسُوس - ف - دریغ - حسرت - ظُلم - طنز - بازی - ظرافت - تمسخر - اور نام شہر دقیانوس کا -
اَفسُونِ گُردگی - ف - مکّاری -
اَفسُون - ت - منتر - جادو - فریب - دلبری - چاپلوسی -
اَفسُونِ ژند - ف - آتش پرستون کا افسون اور جادو -
اَفسا - ف - جادوگر -
اَفسار - ف - گھوڑے کی باگ ڈور -
اَفسان - ف - وہ پتھر جسپر چُھری اور تلوار تیز کرتے ہین -
اِفشا - ع - ظاہر کرنا -
اَفشار - ف - نام گروه کا قزلباشون سے -
اَفشاندن - ف - جھاڑنا - پچھوڑنا -

اَفشان۔ف۔بوندین پڑی ہوئین پانی کی۔چھڑکی ہوئی کوئی چیز۔
اَفشُردن۔ف۔نچوڑنا۔
اَفشُردنِ گام۔ف۔کنایہ ہو ثابت قدم رہنے سے۔
اَفصَح۔ع۔بہت فصیح۔صاف عبارت بولنے والا۔
اَفضَل۔ع۔صاحب فضل۔سب سے تحفہ اور اشارہ ہو افضل الدین کی طرف جو نام خاقانی کا ہو۔
اِفضَاح۔ع۔رسوا کرنا۔
اَفضَح۔ع۔بڑا رسوا۔
اَفضَلی۔ع۔ابتدائی تخلص خاقانی کا۔
اِفطَار۔ع۔روزہ کھولنا۔
اَفعَال۔ع۔جمع فعل کی۔
اَفعی۔ع۔کالا سانپ بڑا زہریلا کہتے ہین کہ افعی زمرد کے دیکھنے سے اندھا ہوجاتا ہو۔
اَفعیِ آتشین دَم۔ف۔کنایہ ہو بندوق سے جسمین گولی چلاتے ہین۔
اَفغَان۔ف۔فریاد۔زاری۔اور نام ایک قوم مشہور کا ہو جو پشاور کے قریب بستی ہو۔
اُفُق۔ع۔کنارہ آسمان کا۔
آفاق۔ع۔گرداگرد عالم۔
اَفقَر۔ع۔بہت فقیر۔بہت محتاج۔

اَفکَار۔ع۔جمع فکر کی۔
اَفکَل۔ع۔لرزہ۔
اِفک۔ع۔جھوٹ۔بُہتان۔
اَفگَار۔ف۔زخم۔زخمی۔
اَفگَن۔ف۔ڈال دے۔
اَفگَندہ سُم۔ف۔عاجز۔اپاہج۔
اَفگَندن۔ف۔ڈالنا۔گرانا۔
اَفگانہ۔ف۔ناتمام بچہ جو سات مہینہ کے پہلے پیدا ہو۔
اِفلَاج۔ع۔مرض فالج کا ہونا۔کسی عضو کا بے حس وحرکت ہونا۔
اِفلَاح۔ع۔نیکی کرنا۔بھلائی کرنا۔فیروزمندی۔رستگاری۔
اَفلَح۔ع۔وہ شخص جسکا نیچے کا ہونٹھ پھٹا ہوا ہو۔
اِفلَاس۔ع۔احتیاج۔غریبی۔
اَفلَاطُون۔ع۔نام حکیم مشہور کا جو ارسطو کا اُستاد تھا۔
آفِل۔ع۔نیچے جانیوالا۔اُترنیوالا۔
آفلین۔ع۔جمع آفل کی۔
اَفلَاک۔ع۔جمع فلک بمعنی آسمان کی۔
اَفنَان۔ع۔جمع فن کی۔درخت کی شاخین علوم۔صنعتین۔
اِفنَا۔ع۔نیست کرنا۔
اَفوَاج۔ع۔جمع فوج کی۔

اَفوَاہ۔ع۔جمع فوہ کی بہت سے مُنھ۔دوائین خوشبو۔اور مجازاً بمعنی شہرت مستعمل ہو۔
اِفہَام۔ع۔سمجھانا۔
اَفیَال۔ع۔جمع فیل بمعنی ہاتھی کی۔
اَفِیل۔ع۔جوان اُونٹ۔
اَفئِدَہ۔ع۔جمع فُواد بمعنی دل کی۔
اَفیُون۔ع۔افیم۔تریاک۔

فصل الف مع قاف

آقا۔ع۔صاحب۔خداوند۔مالک۔
اَقَارِب۔ع۔رشتہ دار لوگ جمع قریب کی
اَقَاصِی۔ع۔جمع اقصی کی۔بعید۔بہت دور
آقاسی۔ت۔داروغۂ دیوانخانہ۔
اَقَالِیم۔ع۔جمع اقلیم کی۔ولایتین۔
اِقَامت۔ع۔قائم ہونا۔ایک جگہ رہنا وطن کرنا۔نماز جماعت کی اطلاع کیواسطے تکبیر کہنا۔
اِقَالَت۔ع۔بیع کا فسخ کرنا۔بعد بیچنے کے خریدار کی رضامندی سے چیز کا پھیر لینا۔گناہ سے درگذر کرنا۔ارادہ کا موقوف کرنا۔
اِقبَال۔ع۔قسمت نیک۔سامنے آنا۔دولت کا حاصل ہونا۔قبول کرنا۔دولت۔
اِقبِیل۔ع۔امالہ ہو اقبال کا۔
اِقبَالمند۔ف۔صاحب اقبال۔
اَقبَح۔ع۔بہت بدصورت۔بدتر۔

اِقتباس - ع - تتبّع - روشن کرنا - روشنی لینا نور چُننا - کسی سے علم سیکھنا - آگ لینا فائدہ حاصل کرنا - کسی کے کلام کو اپنے کلام مین بدون ذکر اُسکے نام کے درج کر لینا -

اِقتدا - ع - پیروی کرنا -

اِقتدار - ع - صاحب قدرت - طاقتور ہونا - دیگ مین کھانا پکانا -

اِقتراب - ع - نزدیک آنا -

اِقتراح - ع - مانگنا - سوال کرنا -

اِقتراض - ع - قرض لینا -

اِقتران - ع - نزدیک ہونا -

اِقتسار - ع - زبردستی کسی سے کام لینا -

اِقتسام - ع - آپس مین بانٹ لینا -

اِقتصار - ع - ایک بات پر ٹھہرنا - بس کرنا -

اِقتصاد - ع - میانہ روی اختیار کرنا - سیدھی راہ چلنا -

اِقتصاص - ع - بات کا روایت کرنا -

اِقتضا - ع - خواہش کرنا -

اِقتفا - ع - پیروی -

اِقتنا - ع - حاصل کرنا - پونجی جمع کرنا -

اِقتناص - ع - کسب کرنا - شکار کرنا -

اِقتناع - ع - قناعت کرنا -

اِقتیاس - ع - قیاس کرنا - پیروی کرنا -

اَقچہ - ت - روپیہ - اشرفی -

اِقحام - ع - کسی چیز کا کسی چیز مین ملانا -

اَقداح - ع - جمع قدح بمعنی پیالہ -

اِقداح - ع - کسی کی ہجو کرنا -

اِقدام - ع - قدم رکھنا - آگے چلنا - اور دلیری کرنا -

اَقدام - ع - جمع قدم بمعنی پانْون کی -

اَقدح - ع - ناقص تر - معیوب تر -

اَقدس - ع - بڑا پاک -

اَقدم - ع - بہت مُقدم سب سے اول -

اَقذار - ع - ناپاکیان -

اِقرار - ع - ہان کرنا -

اِقراض - ع - قرض دینا -

اِقراع - ع - قرعہ ڈالنا -

اَقران - ع - جمع قرن کی - تیّس برس یا اسّی یا سو برس - اور جمع قرن بمعنی ہمسر نزدیک - ہمسایہ -

اَقرب - ع - بہت نزدیک -

اَقربا - ع - رشتہ دار -

اَقرن - ع - پیوستہ ابرو - جُٹّی بھوون والا آدمی -

اَقرع - ع - گنجا جسکے سر پر بال نہ ہون -

اَقساط - ع - حصّے - جمع - قسط کی -

اِقسا - ع - دل کا سخت کرنا -

اِقساط - ع - عدل کرنا -

اَقسط - ع - بڑا عادل -

اَقسام - ع - جمع قسم کی ٹکڑے - اور جمع قَسَم بمعنی سوگند کی -

اِقسام - ع - قسم کھانا -

اَقصا - ع - بہت سے کنارے -

اِقصاص - ع - قاتل کو عوض مقتول کے قتل کرنا - بکری اور گھوڑی وغیرہ کو گابھ رہنا - کسی کو اسقدر مارنا کہ وہ مرنے کے قریب ہو جائے -

اَقصیٰ - ع - بہت دُور - بیت المقدس منتہائے زراعت وآبادی -

اُقط - ع - پنیر جسکو کھاتے ہین -

اَقطار - ع - بہت سے قطرے - بوندین بہت سے کنارے - اگر کی بتیان جنکو خوشبو کے لیے جلاتے ہین -

اَقطاع - ع - جمع قطع کی ٹکڑے - اور بمعنی جاگیرون اور پرگنون کے بھی مستعمل ہے

اَقطع - ع - وہ شخص جسکا ہاتھ کٹا ہو - مجازاً بمعنی چور - رہزن -

اَقفال - ع - جمع قفل کی -

اَقلّ - ع - بہت تھوڑا -

اِقلال - ع - کم کرنا - فقیری -

اَقلف - ع - وہ شخص جسکا ختنہ نہ ہوا ہو -

اَقلام - ع - جمع قلم کی -

اِقلیم - ع - ساتوان ٹکڑا ربع مسکون کا -

اِقلیمیا - ع - چاندی سونے کا میل -

اِقلید - مب - معرب ہی کلید یعنی کنجی کا -
اُقلیدِس - ی - لغوی معنی اسکے کلید ہندسہ ہین (اُقلی) زبان یونانی مین کنجی کو کہتے ہین اور دوس بمعنی ہندسہ - اور نام ایک کتاب کا علم ہندسہ اور اشکال ریاضی مین جو بنام مصنّف مشہور ہی -
اَقمر - ع - بہت سفید -
اِقمار - ع - روشن ہونا - چاندنی مین سیر کرنا - سردی کھانا قبل موسم سرما کے -
اَقمار - ع - جمع ہی قمر کی اور کنایہ ہی معشوقون اور محبوبون سے -
اِقماس - ع - پانی مین غوطہ لگانا -
اَقمشہ - ع - جمع قماش کی - پونجیان - جامہ ہاے پشمینہ - اسباب -
اِقوا - ع - ایک عیب ہی عیوب قافیہ سے جیسے گُل اور گِل اور دَور اور دُور کا باہم قافیہ کرنا - اور تمام صرف ہوجانا پونجی کا - فقیر ہونا - خالی ہونا مکان کا - پیٹ کا خالی ہونا کھانے سے -
اَقوی - ع - بڑا زبردست -
اَقویا - ع - جمع قوی کی -
اَقوات - ع - جمع قُوت بمعنی خوراک -
اَقوام - ع - جمع قوم کی -
اَقوم - ع - راست تر - درست تر -

فصل الف مع کاف

اَکابر - ع - جمع اکبر کی بہت بڑے -
اَکارِم - ع - جمع اکرم کی بہت بخشنے والے بہت بزرگ -
آکا - ت - بڑا بھائی -
اَکاذیب - ع - دروغ باتین -
اَکّار - ع - دہقان - کسان -
اَکارِع - ع - گائے بکری کے پائے جو پکائے جاتے ہین -
اِکاف - ع - گدھے کا پالان - گھوڑے کا زین - اور الف کے ضمہ سے بھی یہ لفظ آیا ہی -
اَکّال - ع - بڑا کھانیوالا -
اَکاسرہ - ع - جمع کسری کی جو لقب ہے نوشیروان بادشاہ کا - مگر اکاسرہ اولاد نوشیروان سے مُراد ہی - اور کبھی اس لفظ سے متکبر سلاطین مُراد ہوتے ہین -
اَکّالہ - ع - بہت کھانیوالا -
آگاہ - ف - خبردار - واقف -
آگاہی - ف - خبرداری -
آگاہیدن - ف - خبردار ہونا جتانا -
اَکبر - ع - بہت بڑا -
اِکباب - ع - اوندھا گرنا - اور اوندھا گرانا - لازم و متعدی دونون طرح -
اِکتِتاب - ع - لکھنا - اور لکھنا سیکھنا -
اِکتِتام - ع - چھپانا - خضاب کرنا -
اِکتِحال - ع - آنکھ مین سُرمہ لگانا -
اِکتِساب - ع - پیدا کرنا - کام اختیار کرنا - اپنی محنت سے کمانا -
اِکتِسا - ع - کپڑے پہننا -
اِکتِفا - ع - کفایت کرنا - بس کرنا -
اِکتِوا - ع - داغ دینا -
اِکتِناہ - ع - کسی چیز کی کُنہ کو پہونچنا - اصل حقیقت دریافت کرنا -
اِکتِناف - ع - پناہ پکڑنا - کسی کی حمایت مین آنا -
اِکتِیاب - ع - غمناک ہونا -
اَکتَم - ع - پوشیدہ تر - فراخ شکم -
اُکتُم - ع - فراخ شکم - راہ کشادہ -
اِکثار - ع - بہت باتین کرنا - بہت کام کرنا - بہت کھانا -
اَکثر - ع - بہت زیادہ -
اَکحَل - ع - سُرگین آنکھ والا - اور نام ایک رگ کا ہی جس کو ہفت اندام بھی کہتے ہین -
اِکدِش - ت - وہ آدمی یا گھوڑا جس کا باپ اور ولایت کا اور ماں اور ولایت کی ہو اُسکو عربی مین مُجنّس کہتے ہین - اور معنی مطلق گھوڑے کے بھی مستعمل ہی -
اَکدَر - ع - بہت مُکدّر - تیرہ تر -
اِکرام - ع - بخشش - عطا - بزرگ کرنا -

اِکرَاہ - ع - نفرت کرنا۔ کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا۔

اَکرَاد - ع - جمع کُرد کی نام ایک قوم کا جو صحرا نشین ہے۔

اَکرَم - ع - بہت بخشنے والا۔ بزرگ تر۔

اَکسِیہ - ف - بوزہ یعنی وہ شراب جو چنے سے بناتے ہین۔

اَکسُون - ف - سیاہ ریشمی کپڑا نہایت عمدہ اور بیش بہا۔ اور ایک قسم ہے عمدہ دیباے سیاہ کی۔

اِکسِیر - ع - رسائن۔ کیمیا۔

اِکسِیری - ف - کیمیاگر۔

اَکفَا - ع - جمع کفو کی۔ ہمسر۔ ہمجنس۔

اِکفَا - ع - ایک عیب کا نام عیوب قافیہ سے یعنی حرف روی یا قید کا مختلف ہونا بشرط قرب مخرج کے جیسے صباح اور سیاہ اور بابر اور شہر کا باہم قافیہ کرنا۔

اَکل - ع - کھانا۔

اُکُل - ع - میوہ۔ پھل کسی درخت کا۔

اِکلِیل - ع - تاج۔ عصابہ مرصع جواہر کار۔

اَکمَل - ع - بہت کامل۔

اِکمَال - ع - کامل کرنا۔ تمام کرنا۔

اَکمَام - ع - جمع کُمّ بمعنی آستین کی اور جمع کِم بمعنی غلاف شگوفہ کی۔

اَکمَہ - ع - اندھا مادرزاد۔

اَکنَاف - ع - جمع کنف کی جو بمعنی پناہ اور کنارہ اور طرف کے ہے۔

اَکنَان - ع - جمع کِنّ بمعنی پردہ و پوشش کی۔

اَکنُون - ف - اب۔ ابھی۔

آکو - ف - بوم۔ اُلّو۔

اَکُول - ع - بڑا کھانیوالا۔

آکُوش - ف - آغوش۔ گود۔

اَکوَان - ع - جمع کون کی بمعنی موجودات اور مخلوقات کے۔ نام دیو کا جسنے رستم کو دریا مین ڈال دیا تھا اور پھر رستم نے اُس کو قتل کیا۔

اَکوَاب - ع - آبخورے۔ گلاس۔

اَکوَاز - ع - جمع کوزہ کی۔

اَکِید - ع - محکم۔ اُستوار۔

اَکیَس - ع - بڑا عقلمند۔

اَکِیل - ع - ہمکاسہ یعنی ہمراہ کھانیوالا۔

اَکِیلَہ - ع - کھانیکی چیزین جو انسان کے کھانے مین آتی ہین۔

آگندن - ف - } بھرنا۔ پُر کرنا۔
آگنیدن - ف - }

آگندہ گوش - ف - وہ شخص جو کسی کی نصیحت نہ سُنے۔

آگندہ - ف - بھرا ہوا۔ پُر۔ اور بمعنی روئی
آگین - ف - } اور پر مرغ وغیرہ کے جو تکیوں مین بھرتے ہین۔

فصل الف مع لام

آل - ف - رنگ سرخ۔ ایک قسم کی شراب خیمہ۔ اور ترکی مین بمعنی مُہر بادشاہ۔

آل - ع - اولاد۔ اور بیٹی کی اولاد کو خصوصاً بولتے ہین۔ اہل خانہ۔ پیروان۔

آلاء - ع - جمع اِلا بمعنی نعمت کی۔

اَلا - ع - جان تو۔ آگاہ ہو تو۔ اور فارسی مین بمعنی اے۔ کلمہ خطاب۔

اِلّا - ع - نہین تو۔ اگر نہ۔

آلات - ع - جمع آلت کی بمعنی اوزار ہتھیار۔

آلاف - ع - جمع الف بمعنی ہزار کی۔

آلام - ع - جمع الم بمعنی غم۔

اَلآن - ع - ابھی۔ اسوقت۔

آلایش - ف - آلودگی۔ عیب۔ خیانت گناہگاری۔

آلائیدن - ف - لتھڑنا۔ لتھیڑنا۔

اِلٰہ - ع - } خداے تعالے۔
اللہ - ع - }

اِلٰہیات - ع - علم الٰہی کی بحثین اور مسئلے جو ایک فن ہے علم حکمت سے۔

اللہ اکبر - ف - نام ایک پہاڑ کا جو قریب شیراز کے ہے اور اُسمین سے ایک چشمہ نکلا ہے جو رکن آباد کے کنارے جاری ہے۔

اُلاغ - ت - قاصد۔ گھوڑا ڈاک چوکی کا۔

اُلاق - ت - } سواری۔ گھوڑا جو بیگار

یجاوین یعنی بغیر کرایہ سوار ہوجاوین اور
گدھا بار لادنے والا۔
الاجُق۔ ت۔ جنگلی لوگون کا گھر۔
الاجہ۔ ت۔ دو رنگ کا کپڑا دھاریدار
البتہ۔ ع۔ بیشک۔
البُرز۔ ف۔ مازندران مین ایک پہاڑ کا نام
الباس۔ ع۔ کپڑے پہنانا۔
الپ ارسلان۔ ت۔ شیر دلیر اسلیے کہ
الپ بمعنی دلیر اور ارسلان بمعنی شیر درندہ
ہے اور یہ لقب ایک بادشاہ کا ہے۔
آلت۔ ع۔ اوزار۔ ہتھیار۔
التباس۔ ع۔ شبہہ پڑنا۔ شک ہونا
التثام۔ ع۔ چومنا۔ بوسہ لینا۔
التجا۔ ع۔ آرزو کرنا۔
التجاج۔ ع۔ لڑنا۔ جنگ کرنا۔
التحاد۔ ع۔ دین سے برگشتہ ہونا۔
التحاف۔ ع۔ چادر یا لحاف سر سے اوڑھنا
التحام۔ ع۔ زخم کا بھرنا۔ اچھا ہونا۔
التذاذ۔ ع۔ لذت اٹھانا۔ مزہ لینا۔
التتر۔ ف۔ شاہ ترک اور شاہ خوارزم کا
نام ہے۔
التزاق۔ ع۔ چپکنا ایک چیز کا دوسری
چیز سے۔
التزام۔ ع۔ لازم پکڑنا۔ گردن پر مارنا۔
التساق۔ ع۔ ایک چیز کا دوسرے سے چپکنا۔

التصاق۔ ع۔ ایک چیز کا دوسری سے چپکنا
التفات۔ ع۔ توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا۔
توجہ۔ میلان۔
التقاط۔ ع۔ چننا۔ جمع کرنا کسی چیز کا۔
التقا۔ ع۔ آپس مین ملاقات کرنا۔
التمش۔ ت۔ فوج ہراول۔ سردار فوج
چھہ کا عدد۔ خطاب سلطان شمس الدین غوری
بادشاہ ہند کا۔
التماع۔ ع۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔
التماس۔ ع۔ عرض کرنا۔ تلاش کرنا۔
التمغا۔ ت۔ فرمان بادشاہی مہر بادشاہی
بابت عطا کرنے مرتبہ اور جاگیر وغیرہ کے۔
التوا۔ ع۔ لپیٹنا۔ مختصر کرنا کسی چیز کا۔
التون۔ ت۔ زر سرخ۔ نام زن طغان شاہ
اور بمعنی کنیزک۔
التہاب۔ ع۔ شعلہ بھڑکنا۔ آگ کا بھڑکنا
التیاع۔ ع۔ سوزش دل کی عشق سے۔
التیام۔ ع۔ زخم بھرنا۔ ملنا گھاؤ کا۔
الثغ۔ ع۔ توتلا آدمی جو بجاے شین
نقطہ دار سین بے نقطہ اور بجاے راے
بے نقطہ لام کہے۔
الجی۔ ت۔ پکڑنیوالا۔ لینے والا۔
الجہ۔ ت۔ } مال اور اسباب اور قیدی
الجی۔ ت۔ } جو ملک غیر سے لوٹ مین لائین
الحاح۔ ع۔ گڑگڑانا۔ منت کرکے مانگنا۔

الحاصل۔ ع۔ آخر کلام۔ خلاصہ کلام کا
الحاق۔ ع۔ ملانا۔ ایک کے دوسرے سے
لگا دینا۔
الحال۔ ع۔ ابھی اسی وقت۔
الحان۔ ع۔ گیت آوازین گائیکی۔
الخالق۔ ت۔ پوشاک معروف جو قبا کے
نیچے پہنتے ہین۔
الدگز۔ ت۔ قزل ارسلان مشہور بادشاہ
کے باپ کا نام۔
الد۔ ع۔ بڑا جھگڑالو۔
الذ۔ ع۔ لذیذ تر۔ بامزہ تر۔
الزام۔ ع۔ کسی چیز کا اپنے اوپر لازم کرلینا
یا دوسرے پر لازم کردینا۔
الزم۔ ع۔ لازم تر۔
السن۔ ع۔ } جمع لسان بمعنی زبان۔
السنہ۔ ع۔ }
الش۔ ت۔ } امیرون کے آگے کا بچا ہوا
اولش۔ ت۔ } کھانا جو نوکر کھاتے ہین
الصاق۔ ع۔ لگانا چپکانا۔
الطاف۔ ع۔ مہربانیان جمع لطف کی۔
الطف۔ ع۔ نازک تر۔ پاکیزہ تر۔
العجل۔ ع۔ بہت جلدی کر۔
الغاز۔ ع۔ پہیلیان کہنا۔
الغاز۔ ع۔ جمع لغز بمعنی پہیلی چیستان۔
الغرض۔ ع۔ القصہ۔ حاصل مطلب

الغیاث - ع - فریاد - دُہائی -

الُغ - ت - بڑا بزرگ -

اُلفت - ع - دوستی -

الُفتن - ف - بکھرنا - پریشان ہونا -

الُفتہ - ف - رند - مشرب - بیباک -

اِلفاف - ع - آپس مین لپیٹنا -

اَلفاف - ع - وہ درخت جو آپس مین لپٹے ہون یعنی پیچ در پیچ درخت -

الف بہ تن کشیدن - ف - } جسم پر
الف کشیدن - ف - } بصورت الف داغ کرنا یعنی گل کھانا بعض کہتے ہین کہ ماتم مین جسم پر اُسترہ سے بصورت الف زخم لگاتے ہین - بہار عجم مین لکھا ہی کہ ولایت مین عاشق اور قلندر اور ماتمی لوگ ایسا کرتے ہین -

الف بر خاک کشیدن - ف - کنایہ
الف بر زمین کشیدن - ف - } از شرمندگی

الف قامتان - ف - معشوق - پلکین - اور الف قامت کنایہ نگاہ سے بھی -

الفیہ - ع - نام کتاب علم نحو مین جسکی ہزار بیت ہی اور ایران کے رندونکی اصطلاح مین عضو تناسل سے مراد ہی -

الف تازیانہ - ف - کوڑے کے نشان جو جسم پر ظاہر ہون -

اِلقا - ع - ڈالنا - دل پر ایک بات ڈالنا -

اَلقاب - ع - خطاب اور نام جو بادشاہ یا کسی امیر کی طرف سے دیا جائے -

القصہ - ع - حاصل کلام - مطلب -

اُلکا - ت - پرگنہ - زمین - ملک - وطن -

اُلکہ - ت - شہر - کشور -

الکوس - ت - ایک تورانی پہلوان کا نام ہی جسکو رستم نے قتل کیا -

الکن - ع - تونلا - ہکلا - جو صاف نہ بول سکے -

الم - ع - غم - رنج - دُکھ -

المُوت - ع - قزوین اور گیلان کے درمیان ایک قلعہ مشہور کا نام -

المعی - ع - مرد نیک رائے - بڑا عقلمند -

الماس - ع - ہیرا جو مشہور قیمتی پتھر ہی اور قلمتراش چاقو اور تیغ و خنجر کو بھی کہتے ہین اور ایک قسم ہی فولاد جوہردار کی -

الماس دندان شدن - ف - کنایہ ہی گھگھیا کر منت اور عاجزی کرنے سے -

النگ - ت - مورچال - دیوار جو اپنی حفاظت اور قلعہ کے فتح کرنیکو بنائین -

النگ - ت - سبزہ زار - چمن سبز -

اُولوا العزم - ع - صاحبان عزم و ارادہ - اور نو پیغمبر جنھون نے بلاؤن پر صبر کیا ہی - اور راہ خدا مین بڑی بڑی کوششین کی ہین نام انکے یہ ہین - نوح - ابراہیم - داؤد - یعقوب - یوسف - ایوب - موسیٰ - عیسیٰ - محمد علیہم السلام -

اُولوا الالباب - ع - صاحبان عقل و خرد -

اُولوا الامر - ع - صاحبان حکومت و حکم - بادشاہ - وزیر - امیر -

الُوس - ت - قوم -

اَلویہ - ع - جمع لِوا کی - لشکر کے نشان -

الواح - ع - جمع لوح کی - تختیان -

الواز - ع - جمع لوز بمعنی بادام -

الوان - ع - جمع لون بمعنی رنگ -

آلودن - ف - لتھڑنا - آلودہ ہونا -

آلودگی - ف - آلایش - ناپاکی -

الواث - ع - جمع لوث بمعنی آلودگی -

الوند - ف - نواحی ہمدان مین ایک بہت بڑے بلند پہاڑ کا نام ہی -

الوس - ف - بسبب غصہ یا ناز کے کنکھیون سے دیکھنا -

آلوچہ - ف - ولایتی ایک میوہ کا نام جو بہت شیرین اور لذیذ ہوتا ہی -

اُلوف - ع - جمع الف بمعنی ہزار کی -

الوہیت - ع - خدائی - خداوندی -

الہام - ع - دل پر خدا کی طرف سے کچھ بات ظاہر ہو جانی -

الٰہی - ع - میرا خدا - اے میرے خدا -

الٰہی پناہ - ع - مراد ہی عالم علم حکمت الٰہی سے اور الٰہی ایک فن ہی علم حکمت کا

اَلِیْم - ع - دردناک - اور وہ بیماری جس سے تکلیف زیادہ ہو -

اِلْیَاسْ - ع - نام ایک پیغمبر کا جو بھائی حضرت خضر علیہما السلام کے ہین اِن دونون صاحبون نے آبحیات پیا ہی اور ہمیشہ زندہ رہینگے خدمت خشکی کی حضرت خضر کے سپرد ہی اور خدمت تری کی حضرت الیاس سے متعلق ہی -

اَلِیْف - ع - دوست - محبوب -

اِلَی اْلآن - ع - ہنوز - ابتک -

اَلْیَہ - ع - چوتڑ - چوتڑ کا گوشت - دُنبہ کی چکتی - اور بکسر اول غلط ہی -

فصل الف مع میم

اُمّ - ع - مان - مادر - مائی -

اَمَّا - ع - لیکن - مگر -

اِمَّا - ع - ترجمہ (یا) کا جو حرف تردید ہی -

اِمَاءْ - ع - جمع اَمَة بمعنی لونڈی -

اُمُّ الْقُرٰی - ع - مکۂ معظمہ -

اُمُّ الْکِتَاب - ع - سورۂ فاتحہ قرآن شریف لوح محفوظ -

اُمُّ الْخَبَائِثْ - ع - شراب -

اُمُّ الْوَلَدْ - ع - فقہ کی اصطلاح مین اُس لونڈی کو کہتے ہین جس نے اپنے مالک کے نطفہ سے کوئی اولاد جنی ہو - ایسی لونڈی کو اُسکا مالک اپنی زندگی مین بیچ نہین سکتا اور بعد مرنے مالک کے وہ لونڈی خود بخود آزاد ہو جاتی ہی اور اُسکے ورثا کا اُس پر کوئی دعویٰ نہین ہو سکتا -

اُمُّ الْعُلُوْم - ع - کنیت علم صرف کی -

اِمَاتَتْ - ع - مار ڈالنا - قتل کرنا -

اَمَاثِلْ - ع - ہمسران جمع مثل کی -

آمَاج - ت - نشانہ تیر اور بندوق کا یعنے جہان پر تیر وغیرہ مارتے ہین اور وہ خاک تودہ جسپر نشانہ قائم کرتے ہین -

آمَاجْگَاہ - ف - وہ جگہ جہان نشانہ رکھین اور کبھی مراد اُس سے شاہ نشین بھی ہوتی ہی -

اَمَاجِدْ - ع - بزرگ - بڑے رئیس جمع امجد کی -

آمَادَن - ف - مہیا کرنا - آمادہ کرنا -

اِمَارَتْ - ع - امیر ہونا - حکومت کرنا -

اَمَارَتْ - ع - ہنگام وعدہ - وقت نشان - علامت -

اَمَارَہ - ف - حکم کرنیوالا بدیکا -

اِمَارَہ - ف - حساب -

اِمَارَہ گِیر - ف - حساب لینے والا -

آمَاسِیْدَن - ف - سوجنا - ورم سے پھولنا -

آمَاس - ف - } سوجن - ورم -
آمَاہ - ف - }

اَمَاکِن - ع - جمع الجمع مکان کی اسلیے کہ مکان کی جمع اَمْکِنَہ - اور اَمْکِنَہ کی جمع اَمَاکِن -

آمَال - ع - اُمیدین جمع اَمَل کی -

اِمَالَہ - ع - میل دینا - مائل کرنا - اور اصطلاحاً میل دینا فتحہ کو طرف کسرہ کے جیسے رکیب اَمالِہ رکاب کا - اور کتیب اَبالہ کتاب کا -

اِمَام - ع - پیشوا - بادشاہ - ہادی - اور ڈوری معمار دنکی جس سے دیوار کی کجی نکالتے ہین -

اَمَام - ع - آگے - روبرو -

اِمَامِ مُبِیْن - ع - لوح محفوظ -

اِمَام مُحَمَّد غَزَالِیؒ - ع - نام ایک بڑے عالم اور فقیہ کا - غزالہ ایک قصبہ ہی مضافات طوس سے یہ حضرت یہانکے رہنے والے تھے -

اِمَامَتْ - ع - پیشوائی -

اَمَان - ع - پناہ - تکلیف نہ دینا -

اَمَانَتْ - ع - دھروہر - کسی کی کوئی چیز اپنی حفاظت مین رکھنی -

اَمَانِی - ع - اُمیدین جمع اُمنیہ کی -

اُمَّتْ - ع - ایک گروہ جو تابع کسی کا ہو جیسے مسلمان - نصاریٰ - یہود -

اُمَّتَان - ف - جمع اُمّت کی بطور فارسی

اَمَتْ - ع - کنیزک - لونڈی -

اَمْت - ع - پشتۂ زمین - ٹیکرا - بلند جگہ -

اِمْتِنَاع - ع - کسی کو نفع پہونچانا -

اِمْتِثَال - ع - حکم ماننا - داستان کہنا - تصور کرنا - کسی کی پیروی کرنا - بدلہ خون کا لینا - کسی سے مثل بیان کرنا -

اِمْتِحَان - ع - آزمانا - آزمایش - کسی کو مصیبت مین ڈالنا -

اِمتِداد۔ ع۔ دراز اور کشیدہ ہونا۔
اِمتِزاج۔ ع۔ ملانا۔ کسی چیز کو ملا دینا۔
اِمتِشاط۔ ع۔ کنگھی کرنا۔
اِمتِصاص۔ ع۔ چوسنا۔
اَمتِعَہ۔ ع۔ جمع متاع بمعنی پونجی کی۔
اِمتِلاَ۔ ع۔ پیٹ بھرنا۔ ایک بیماری ہی شکم کی جو بدہضمی سے ہوتی ہی۔
اِمتِناع۔ ع۔ منع کرنا۔ روکنا۔ روک۔
اِمتِنان۔ ع۔ کسی پر احسان رکھنا۔
اِمتِہان۔ ع۔ کسی کو ذلیل وخوار رکھنا۔
اِمتِیاز۔ ع۔ فرق کرنا۔ تمیز کرنا۔
اَمثَال۔ ع۔ مشہور داستانین قصّہ اور جمع مِثل بمعنی مانند کی۔
اِمثَال۔ ع۔ قصاص کرنا۔ مثلہ کرنا یعنی ناک اور کان کاٹنا۔
اَمثِلَہ۔ ع۔ جمع مِثال کی۔
اَمجَد۔ ع۔ بزرگ ترین۔
اَمجَاد۔ ع۔ بزرگ لوگ جمع امجد کی۔
آمُختَہ۔ ف۔ مخفف آموختہ کا۔
اِمدَاد۔ ع۔ مدد کرنا۔
آمَدَنی۔ ف۔ پیداوار۔ آمد۔
آمد و شد۔ ف۔ } آنا جانا۔
آمد و رفت۔ ف۔ }
آمِر۔ ع۔ حکم کرنیوالا۔ حاکم۔
اَمرِ مَعرُوف۔ ع۔ نیک کامون کا حکم کرنا موافق شرع کے جیسے روزہ۔ نماز وغیرہ
اُمَرا۔ ع۔ جمع امیر کی۔
اِمرار۔ ع۔ گزارنا۔ لنگھانا کسی چیز کو کسی مقام سے۔
اِمرُؤُ القَیس۔ ع۔ نام ایک شاعر کا جو عرب مین بڑا فصیح مشہور تھا۔
اِمرَءَۃ۔ ع۔ زن۔ عورت۔
اَمرَاض۔ ع۔ جمع مرض کی۔
اَمرَد۔ ع۔ نابالغ جس کے ابھی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔
آمُرزِش۔ ف۔ بخشایش۔ گناہ کسی کا معاف کرنا۔
آمُرزگار۔ ف۔ بخشنے والا گناہ کا۔
آمُرزیدن۔ ف۔ گناہ معاف کرنا بخشنا۔
اَمرُود۔ ف۔ } میوہ معروف ہی۔
اَمرُوت۔ ف۔ }
اِمرُوز۔ ف۔ آج کا دن۔
اَمزِجَہ۔ ع۔ جمع مزاج کی۔
اِمسَاک۔ ع۔ بند کرنا۔ روکنا۔ بخل کرنا۔
اَمس۔ ع۔ کل کا دن جو گذر گیا۔
اِمسَاس۔ چھونا۔ مس کرنا۔
اِمسَال۔ ف۔ ایکا برس۔
اِمشَب۔ ف۔ آج کی رات۔
اَمصَار۔ ع۔ جمع مصر بمعنی شہر۔
اِمضَاد۔ ع۔ جاری کرنا۔ حکم اجرا کا دینا۔
اَمطَار۔ ع۔ جمع مَطَر بمعنی باران یعنی مینھ۔
اَمعَا۔ ع۔ پیٹ کی آنتین۔ یہ جمع معا کی ہی اور آنتین چھ ہین۔ اِثنا عشری۔ صائم دقیق۔ اَعور۔ قولون۔ مستقیم۔
اِمعَان۔ ع۔ گہری نظر کرنا۔ خوب سوچنا۔
اُمِّ غَیلاَن۔ ع۔ معنی اسکے مادر دیوان اُم بمعنی مان۔ اور غیلان جمع غول بمعنی دیو کی لیکن بمناسبت مسکن دیوؤن کے بمعنی درخت ببول اور کیکر کے مستعمل ہی اور مغیلان اُسی کا مخفف ہی۔
اِمکَان۔ ع۔ ہو سکنا۔
اَمکِنَہ۔ ع۔ جمع مکان کی۔
اَمَل۔ ع۔ اُمید۔ آرزو۔
آمُل۔ ع۔ مازندران کے ایک شہر کا نام۔
اِملاَ۔ ع۔ پُر کرنا۔ یاد پر کوئی چیز لکھنا اور اصطلاح مین رسم الخط۔
اِملاَح۔ ع۔ کسی چیز مین نمک ڈالکر نمکین کرنا۔
اِملاَق۔ ع۔ مفلسی۔ فقیری۔
اَملاَک۔ ع۔ جمع مِلک کی۔
اِملاَک۔ ع۔ مالک کر دینا۔
اِملاَل۔ ع۔ رنجیدہ کرنا۔
اَملَس۔ ع۔ سادہ۔ ہموار۔ صاف۔ نرم۔
اُمِّ مِلدَم۔ ع۔ کنیت تپ دائمی کی۔ معنی اسکے مادر مرگ۔
اُمَم۔ ع۔ جمع امت کی۔ آدمیون کے گروہ

اَمن ۔ع۔ چین ۔آرام ۔صلح۔
اُمنَاء ۔ع۔ جمع امین کی جو امانت دار ہو۔
اُمنِیَّت ۔ع۔ بیخوف ہونا۔ آرام پانا۔
اُمنِیَّت ۔ع۔ آرزو۔ امید۔
آمِنہ ۔ع۔ نام والدۂ آنحضرت صلعم کا۔
آموختن ۔ف۔ سیکھنا۔ سکھانا۔
آمودن ۔ف۔ بھرنا۔ سنوارنا۔
آمودہ ۔ف۔ آراستہ۔
اُمور ۔ع۔ جمع امر کی۔
اَموات اَحمر ۔ع۔ مقتولان۔ شہیدان۔
آموزِش ۔ف۔ سیکھنا۔ سکھلانا۔
آموزگار ۔ف۔ سیکھنے والا۔ سکھانیوالا۔
آمون ۔ف۔ / آموے ۔ف۔ } درمیان ایران اور توران کے ایک نہر کا نام ہو۔
آموزناک ۔ف۔ سکھانیوالا۔
اُموِی ۔ع۔ منسوب طرف بنی اُمیّہ کے اور اُمیّہ چوتھی پشت مین یزید کے دادا کا نام۔
اِمہال ۔ع۔ نرمی۔ آہستگی۔ دیر کرنا۔ فرصت دینا۔ تاخیر کرنا۔
اُمّہات ۔ع۔ مادران۔ مائین۔
اُمّہانی ۔ع۔ چچازاد بہن آنحضرت صلعم کی بیٹی حضرت ابوطالب کی حقیقی بہن حضرت علی علیہ السلام کی۔ اور جن لوگون نے آنحضرت کی پھوپھی کا نام بتایا ہی غلط ہی۔
اُمّہاتِ سفلی ۔ع۔ چارون عنصر یعنی ہوا پانی۔ خاک۔ آگ۔ یا زمین کے طبقے۔
اُمّی ۔ع۔ منسوب طرف اُم بمعنی مان کے یعنی وہ شخص جسکا باپ یا مان طفلی مین مر جائے اور وہ باپ کی تربیت سے محروم رہے اور مان یا دایہ کی گود مین پرورش پائے چونکہ ایسا لڑکا اکثر جاہل رہتا ہی لہذا مجازاً اُس شخص کو کہتے ہین جو لکھا پڑھا نہو اگرچہ باپ کے سامنے جوان ہوا ہو اور لفظ امّی لقب ہی ہمارے پیغمبر صلعم کا اسلیے کہ آنحضرت نے کسی سے تعلیم نہین پائی تھی تاکہ فضیلت اُستاد کی آپ پر ثابت نہ ہو۔
آمیختن ۔ف۔ ملانا۔ ملنا۔
اُمید ۔ف۔ آرزو۔ آس۔
اُمیدوار ۔ف۔ اُمید رکھنے والا۔
اَمیر ۔ع۔ رئیس۔ سردار۔
آمیز ۔ع۔ ملا۔ باہم ملاوے۔
آمیزگار ۔ف۔ خلیق۔ سازگار۔
آمیزش ۔ف۔ ملانا۔
آمیغ ۔ف۔ معنی آمیزش۔
آمیزہ مو ۔ف۔ وہ مو یعنی جسکے بال کھچڑی ہون سیاہ اور سفید۔
آمین ۔ع۔ خدا یون ہی کرے۔
اَمین ۔ع۔ وہ شخص جو امانت دار ہو۔

فصل الف مع نون

آن ۔ع۔ وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔
آن ۔ف۔ وہ شخص۔ ناز۔ ادا۔ کیفیت جو حسن معشوق مین ہوتی ہی۔ مال۔ ملکیت جیسے فلان چیز از آن من است۔
اِن ۔ع۔ اگر۔ جو۔
آنات ۔ع۔ جمع آن بمعنی وقت کی۔
آنا ۔ت۔ مادر۔ مان۔
اَنا ۔ع۔ ہم۔ ہم لوگ۔
اِناء ۔ع۔ ظرف۔ برتن۔
اِنا ۔ع۔ وقت۔ موقع۔
اَنابیب ۔ع۔ جمع اُنبوب کی۔ پور نیچ کل کی جیسے لاٹھی مین ہوتی ہین۔
اِناث ۔ع۔ جمع اُنثی بمعنی مادہ۔ عورتین۔
اُناس ۔ع۔ آدمی۔ بہت لوگ۔ یہ لفظ مفرد ہی مگر بمعنی جمع آتا ہی۔
آن آشیان ۔ف۔ کنایہ آشیان ازل سے
اَنامل ۔ع۔ اُنگلیان۔
اِنابت ۔ع۔ توبہ کرنا۔ دعا مانگنا خدا کیطرف رجوع کرنا۔ بدکامونکو ترک کرنا۔
اِنائت ۔ع۔ / اَنات ۔ع۔ } دیر۔ درنگ۔ آہستگی
اَنار ۔ف۔ مشہور درخت ایک میوہ کا۔
انار ریاسین ۔ف۔ نوروز کے دن چالیس بار سورۂ یٰسین انار پر پڑھ کے جو شخص بغیر شرکت دوسرے کے اُس انار کو کھائے تمام سال امراض سے محفوظ رہے

انارت - ع - روشن کرنا -
انام - ع - خلق اللہ - دُنیا کے لوگ -
آنان - ف - وے لوگ - وے شخص -
انائی - ع - پیدایش مخلوقات - عالم ظاہر -
انانیت - ع - خویشتن بینی - خود بینی -
انبا - ع - خبر دینا - آگاہ کرنا -
انبار - ف - ڈھیر - تودہ -
انباردن - ف - پاٹنا - ڈھیر کرنا -
انبارش - ف - بھرنا - پُر کرنا -
انباز - ف - برابر کا شریک - ساتھی -
انباغ - ف - دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون - ہر ایک دوسری کی انباغ ہوئی جسکو ہندی مین سوت کہتے ہین -
انبانہ - ف - چمڑے کا تھیلا جس مین غلہ یا کپڑا وغیرہ رکھین -
انبازی - ف - شریک پن - ساتھی پن -
انباشتن - ف - } بھرنا - پاٹنا - ڈھیر کرنا
انباشتن - ف - }
انبانِ باد - ف - لہارون کی دھونکنی جس سے آگ روشن کرتے ہین -
انبانِ نفط - ف - وہ مختصر چرمی جو بارود یا نفط سے بھر کر آگ سے جلا کر دشمنون پر پھینکتے ہین اور وہ انکو جلا دیتا ہے -
انبان - ف - پکا چمڑا دباغت کیا ہوا فقیرونکی زنبیل - خرجین -

انبج - مب - معرب انبہ یعنی آنب کا -
انبر - ت - سنڈاسی - سنسی - جس سے لہار گرم لوہا پکڑتے ہین -
انبساط - ع - خوشی - کھلنا - پھیلنا -
انبعاث - ع - اٹھنا - کھڑا ہونا -
انبوہ - ف - ہجوم - گروہ -
انبوب - ع - نے جو اندر سے پولی ہوتی ہے -
انبوبہ - ع - لوٹے کی ٹونٹی -
انبودن - ف - ایک دوسرے پر چننا -
انبہ - ف - پھل مشہور جسکو آنب کہتے ہین -
انبہ - ف - مخفف ہے انبوہ کا -
انبیا - ع - جمع نبی کی -
انتَ - ع - تو ایک مرد -
انتِ - ع - تو ایک عورت -
انتباہ - آگاہ ہونا - خبردار کرنا - آگاہی -
انتباش - ع - برہنہ کرنا - کفن چرانا -
انتحال - ع - کسی کا شعر یا سخن اپنے نام سے ظاہر کرنا -
انتخاب - ع - چننا - پسند کرنا -
انتزاع - ع - باہر کھینچنا - اکھاڑنا - اکھاڑے جانا - لازم و متعدی دونون طرح آیا ہے -
انتساب - ع - نسبت کرنا - لگاؤ کرنا -
انتساخ - ع - نقل مطابق اصل لکھنا -
انتساق - ع - انتظام قبول کرنا - کسی چیز کو ترتیب دینا - لازم و متعدی دونون طرح سے آیا ہے

انتسال - ع - فرزند ہونا - نسل پیدا ہونا -
انتسام - ع - خوشبو کی چیز سونگھنا -
انتشار - ع - پھیلنا - پراگندہ ہونا -
انتصاب - ع - برپا ہونا -
انتصاف - ع - انصاف پانا - آدھا ہونا -
انتصاح - ع - نصیحت قبول کرنا -
انتطاح - ع - بیل یا مینڈھے وغیرہ کا سینگ مارنا -
انتظار - ع - راہ دیکھنا -
انتظام - ع - بندوبست - سلسلہ وار ہونا موتی کا - تمام ہونا کام کا -
انتعاش - ع - بلند ہونا - کھڑا ہونا - اور فارسی مین بمعنی عیش و نشاط مستعمل ہے -
انتفاد - ع - نفی ہونا - کھویا جانا - نہ ہونا
انتفاخ - ع - پھول جانا - ورم ہونا -
انتفاع - ع - فائدہ پانا - نفع پانا -
انتقال - ع - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا -
انتقاد - ع - نقد لینا - گھاس سے دانے کو جدا کرنا - غلہ صاف کرنا -
انتقاض - ع - عہد و پیمان توڑنا -
انتقام - ع - بدلہ لینا - بغض نکالنا -
انتکاس - ع - اوندھا ہونا -
انتکاف - ع - شرم و حیا رکھنا -
انتما - ع - بڑھنا - افزون ہونا - بھولنا -
آن تنگی - ف - اشارہ طرف عالم نزع کے یا طرف گور یعنی قبر کے -

اِنْتِہا - ع - انجام - اخیر -
اِنْتِہاز - ع - فرصت پانا - قابو پانا -
اِنْتِہاض - ع - اُٹھنا - کوچ کرنا -
اِنْتِہاب - ع - لوٹنا - غارت کرنا -
اُنْثیٰ - ع - مادہ - عورت -
اُنْثَیان - ع - } ہردو - دونون اور دونون خصیے
اُنْثَیین - ع -
اِنْجاح - ع - مطلب پورا کرنا -
اَنْجام - ع - آخر - انتہا -
اِنْجاز - ع - وعدے کا وفا کرنا - کسی کے مطلب کو روا کرنا -
اَنْجاس - ع - نجاستین - پلیدیان -
اَنْجامیدن - ف - تمام ہونا - پورا ہوجانا
اِنْجِذاب - ع - کھنچے جانا کسی شخص یا کسی چیز کی طرف -
اَنْجَس - ع - نجس تر - پلید تر -
اِنْجِلا - ع - روشن ہونا - صاف ہونا - ابر کا کھل جانا - غم دور ہونا - بے وطن ہونا -
اَنْجَل - ع - فراخ چشم -
اَنْجُم - ع - جمع نجم بمعنی ستارہ -
اَنْجُم شِناس - ف - کنایہ ہو پاسبان سے
اَنْجُمَن - ف - مجلس - محفل -
اِنْجیل - ع - مژدہ - خوش خبری - اور وہ کتاب جو حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی ہو -
اَنْجیدَن - ف - اُسترہ مارنا - ٹکڑے کرنا -

اَنْجیدگان - ف - زخمی لوگ -
آن چراغ اہل بینش - ف - یوسف زلیخا مین کنایہ ذات آنحضرت صلعم سے -
آنچہ - ف - جو کچھ -
اَنْحا - ع - جمع نحو کی جو بمعنی راہ و طور ہو -
اِنْحِداب - ع - پیٹھ کا خم ہونا - کبڑا ہونا -
اِنْحِطاط - ع - نیچے اُترنا - کم ہونا -
اِنْحِلال - ع - کشادہ ہونا - نابود ہونا -
اِنْحِراف - ع - پھر جانا - حکم عدولی کرنا -
اِنْحِصار - ع - کوتاہ ہونا - کسی چیز مین سمانا - گھیر لینا -
اِنْحِنا - ع - خم ہونا - ٹیڑھا ہونا - کبڑا ہونا -
اِنْخِراط - ع - کسی جماعت مین جانا - کسی چیز مین آنا - سوئی مین تاگا ڈالنا - پھیلا جانا -
اِنْخِراق - ع - پھٹ جانا - دریدہ ہونا -
اِنْخِفاض - ع - نشیب مین گرنا - کسی کلمہ کو کسرہ ہونا -
اِنْخِلاع - ع - اُکھڑنا - علیحدہ ہونا کسی سے -
اِنْخِلال - ع - تباہی - بربادی -
اَنْداختن - ف - ڈالنا - پھینکنا -
اَنْدار - ف - افسانہ - قصہ - حکایت -
اَنْدائیدن - ف - دیوار پر کہگل کرنا -
اَنْدامی - ف - جامہ خوش اسلوب جو بدن پر چست اور درست اور ٹھیک ہو -
اَنْدام - ف - بدن - جسم -

اَنْداز - ف - ادائے دلپذیر - ڈول - وضع - قیاس - قصد - قدرت - مقدار - مرتبہ -
اَنْدازہ - ف - طاقت - جرأت - تخمینہ - نمونہ - نشان -
اِنْدِباغ - ع - چمڑے کو پکانا -
اَنْدَروا - ف - سرنگون - حیران -
اِنْدِراج - ع - درج ہونا - داخل ہونا -
اَنْدَرز - ف - نصیحت - وصیت -
اِنْدِراس - ع - پُرانا ہونا - کہنگی -
اَنْدَر - ف - } درمیان - بیچ -
اَنْدَرون - ف -
اِنْدِفاع - ع - دُور ہونا -
اَنْدَلُس - ع - زمین مغرب مین ایک ملک کا نام -
اِنْدِمال - ع - زخم بھرنا -
اِنْدِماج - ع - ملنا - اُستوار ہونا - پیوست ہونا - داخل ہونا -
اَنْدوختن - ف - جمع کرنا - اکٹھا کرنا -
اَنْدودن - ف - لیپنا - ملمع کرنا -
اَنْدوہ - ف - غم -
اَنْدوہگین - ف - غمگین - رنجیدہ -
اَنْدُہان - ف - غمگین -
اَنْدیش - ف - سوچ - فکر -
اَنْدیشہ - ف - فکر - سوچ -
اَنْدیک - ف - کلمہ تمنا بمعنی اُمید ہو -
اَنْدیدن - ف - تعجب کرنا -

اَندیشیدن - ف - سوچنا - بچار کرنا -
اِنذار - ع - نصیحت کرنا - ڈرنا -
اِنزال - ع - اُتارنا - اُترنا -
اِنزوا - ع - گوشہ نشینی - کونے مین بیٹھنا -
اِنزیلغ - ع - حق کو چھوڑ کر باطل کی طرف جھکنا -
اِنزہاق - ع - نیست ہونا - ہلاک ہونا -
اِنس - ع - آدمی - انسان - اور یہ لفظ مفرد ہو بمعنی جمع -
اُنس - ع - محبت - پیار -
اَنس - ع - نام ایک بزرگ کا اصحاب کرام آنحضرت صلعم سے -
آنِس - ع - محبت کرنیوالا -
اُنسا - ع - جمع انیس بمعنی رفیق -
اِنسا - ع - بھول جانا -
اِنسان - ع - آدمی - آنکھ کی پُتلی -
اَنساب - ع - جمع نسب کی -
اِنسانِ عین - ع - مردمک آنکھ کی پُتلی -
اِنسانیت - ع - آدمیت - بھلامانس پن -
اَنسب - ع - بہت مناسب -
اِنسباک - ع - چاندی سونے وغیرہ کا گھلنا -
اِنسِداد - ع - بند کر دینا -
اِنسِکاب - ع - پانی گرانا - بہت رونا -
اِنسلاب - ع - گم ہونا - نیست ہونا -
اِنسلاک - ع - آنا ایک چیز کا دوسری چیز مین -

اِنسی - ع - آدمی - نام ہر عضو کا جانب اندرونی اور جانب بیرونی کو وحشی کہتے ہین - اور جانب راست یعنی دہنی طرف -
اِنشا - ع - عبارت لکھنا - کوئی بات دل سے پیدا کرنا -
اِنشراح - ع - دل کا کھلنا -
اِنشاد - ع - شعر پڑھنا -
اَنصار - ع - مددگار لوگ جمع ناصر کی -
اِنصاف - ع - نیاؤ چکانا - دو ٹکڑے کرنا -
اِنصباغ - ع - رنگین ہونا -
اِنصباب - ع - گرنا پانی وغیرہ رقیق چیز کا -
اِنصداع - ع - پھٹنا - شگافتہ ہونا -
اِنصراف - ع - پھر آنا - واپس آنا -
اِنصرام - ع - انجام کو پہونچانا - انتظام کرنا - کٹنا - قطع ہونا -
اِنضاج - ع - خلط کا پختہ کرنا - میوہ کا پکانا - اور طبیبونکی اصطلاح مین گاڑھی خلط کا پتلا کرنا - اور پتلی کا گاڑھا کرنا -
اِنضباط - ع - پیوستگی - مضبوطی -
اِنضمام - ع - فراہم ہونا - آپس مین ملنا - پیوند ہونا - وصل ہونا -
اِنطفا - ع - بجھ جانا آگ اور چراغ کا -
اِنطباع - ع - نقش ہونا - چھپ جانا -
اِنطباق - ع - آپس مین ملنا -
اَنطاکیہ - ع - شام مین ایک بہت بڑے شہر کا نام ہے

اِنطوا - ع - لپیٹا جانا کاغذ وغیرہ کا -
اَنظار - ع - جمع نظر کی -
اِنظام - ع - آراستہ کرنا - مرتب کرنا -
اِنعقاد - ع - بستہ ہونا - مجتمع ہونا -
اِنعکاس - ع - اُلٹا ہونا آئینہ یا پانی وغیرہ مین کسی چیز کی شکل کا نمودار ہونا -
اِنعطاف - ع - کج ہونا - واپس آنا -
اِنعدام - ع - نابود ہونا - نیست ہونا
اِنعام - ع - نعمت دینا - تحفہ دینا -
اَنعام - ع - جمع نعم بمعنی چارپایہ - اور نام ایک سورۂ قرآن شریف کا -
اِنغراس - ع - درخت کا اُگنا -
اِنغماس - ع - پانی مین غوطہ لگانا -
اِنغلاق - ع - دروازہ کا بند ہونا -
آنِف - ع - مطیع - تابعدار -
اَنف - ع - بینی - ناک -
اِنفاذ - ع - جاری کرنا - روان کرنا - روان ہونا - بھیجنا -
اُنفاغ - ف - شوخ - نافرمان -
اِنفاق - ع - روزی دینا - خرچ کرنا -
اَنفال - ع - جمع نفل کی - وہ لوٹ کا مال جو کافرونسے لین -
اَنفاس - ع - جمع نفس - سانس - دم -
اُنفت - ع - شرم - حیا - چشم پوشی -
اِنفتاح - ع - کشادہ ہونا - کھلنا -

اِنفِجَار - ع - چشمہ پھوٹ کر پانی بہنا۔ پھوڑے سے پیپ کا جاری ہونا -

اِنفِحَہ - ع - پنیر مایہ -

اِنفِرَاد - ع - تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا -

اَنفُس - ع - جمع نفس بمعنی روح و ذات -

اَنفُسِی - ع - مراد ہی عالم ارواح اور عالم باطنی سے - اور آفاقی مراد ہی عالم ظاہری اور عالم اجسام سے کہ یہ دنیا ہی -

اِنفِصَال - ع - جدا کرنا -

اِنفِصَام - ع - شکستہ ہونا - ٹوٹ جانا -

اِنفِطَار - ع - پارہ پارہ ہونا - پیدا کرنا -

اِنفِعَال - ع - شرمندہ ہونا -

اِنفِکَاک - ع - آپس سے جدا ہونا -

اَنقَاب - ع - جمع نَقب بمعنی سوراخ اور سُرنگ - اور جمع نِقاب کی بمعنی روبند -

اَنقَاس - ع - جمع نِقس کی لکھنے کی سیاہی -

اَنقَاص - ع - جمع نَقص بمعنی عیب کی -

اِنقَاص - ع - ناقص کرنا - کم کرنا -

اِنقِبَاض - ع - سکڑنا - بھینچنا -

اِنقِرَاض - ع - کٹنا - مدت کا آخر ہونا -

اِنقِلَاع - ع - اُکھڑنا - کھُد جانا -

اِنقِسَام - ع - حصہ حصہ ہونا -

اَنقَص - ع - کمتر - بڑا عیبناک -

اِنقِضَا - ع - گذرنا - پورا ہونا -

اِنقِطَاع - ع - کٹ جانا - منقطع ہونا -

اِنقِلَاب - ع - دور - زمانے کا اُلٹ پلٹ اُلٹا ہونا -

اِنقِیَاد - ع - قید کرنا - تابع ہونا -

اَنگ - ف - سیسہ جس سے بندوق کی گولی بناتے ہین -

اَنگ - ف - آبلہ جو جسم پر نکلتا ہی اور بمعنی اکنون یعنی اسوقت -

اِنکار - ع - نہ ماننا -

اَنگاردن - ف - معلوم کرنا -

اَنگاشتن - ف - اٹکل کرنا معلوم کرنا اور یہ لفظ کاف عربی سے غلط ہی -

اَنگارہ - ف - نقش ناتمام تصویر کا ڈول یعنی خاکہ - افسانہ - دفتر حساب -

اَنگیختن - ف - اُٹھانا بھڑکانا اکسانا -

اَنگُژ - ف - آنکس ہاتھی کے ہانکنے کا -

اِنکِبَاب - ع - دوا ڈونکی دھونی لینا - اور منہ کے بل گرنا -

اِنکِسَاف - ع - سورج مین گہن لگنا -

اِنکِسَار - ع - عاجزی -

اِنکِشَاف - ع - کھولنا - کھلنا -

اَنگِشت - ف - کوئلا جسکو سلگاتے ہین -

اَنگُشت - ف - اُنگلی -

اَنگُشت بر آتش زدن - ف - عقل کے خلاف کام کرنا -

اَنگُشت بر لب زدن - ف - کنایہ ہی سندعاے سخن سے یعنی خاموش آدمی سے بات کرانی -

اَنگُشت بر حرف نہادن - ف - کسی کے کلام یا کام وغیرہ مین عیب نکالنا -

اَنگُشت بدندان گرفتن - ف - کنایہ ہی تعجب اور حسرت و افسوس کرنیسے -

اَنگُشت بر چشم نہادن - ف - حکم کا قبول کرنا -

اَنگُشت بر در زدن - ف - کُنڈی دروازہ کی کھڑکھڑانا - دروازہ کا کھلوانا -

اَنگُشت بر جبین نہادن - ف - سلام کرنا -

اَنگُشت پیچیدن - ف - کسی چیز کو شمار کرنا -

اَنگُشت پیچ - ف - عہد و پیمان - دست آویز -

اَنگُشت خائیدن - ف - پشیمانی و افسوس کرنا -

اَنگُشت در دہان ماندن - ف - کنایہ ہی مغموم اور متاسف رہنے سے -

اَنگُشت زنہار - ف - قاعدہ ہی کہ مغلوب واسطے امان مانگنے اور پناہ چاہنے کے غالب کے آگے کلمہ کی انگلی یعنی انگشت شہادت اُٹھاتا ہی -

اَنگُشت گزیدن - ف - حیرت و ندامت کرنا -

اَنگُشت نیل کشیدن - ف - ترک کرنا اور کسی کام کا چھوڑ دینا -

اَنگُشت نُما - ف - کامل مشہور - رسوا -

اَنگُشتو - ف - روٹی کو ریزہ ریزہ کرکے گھی اور شکر ملا کے کھاتے ہین - ہندی ملیدہ -

اَنگُشتانہ - ف - درزی چمڑے یا دھات کا خول بنا کر انگلی پر پہنتے ہین -

انگشتری۔ ف۔ } یہ دونون لفظ انگشت کے
انگشترین۔ ف۔ } مزید علیہ ہین بمعنی انگوٹھی۔
انگلیون۔ ف۔ بمعنی انجیل عیسیٰ۔ نام کتاب
مانی نقاش۔ نام سادہ نام جامۂ ہفت رنگ۔
اور جو شئی کہ عجیب و غریب ہو۔
انگلہ۔ ف۔ گوے گریبان یعنی گھنڈی جو
تکمہ مین داخل کی جاتی ہے از برہان۔ اور
بمعنی تکمہ جسمین گھنڈی دیتے ہین۔ از رشیدی۔
انگور۔ ف۔ نام میوہ کا ہے۔
انگوزہ۔ ف۔ } ہینگ۔
انگژہ۔ ف۔ }
انگہ۔ ف۔ مخفف آنگاہ کا بمعنی اُسوقت۔
انموذج۔ ع۔ نمونہ۔ اور فارسی مین بمعنی
اندک اور تھوڑے کے مستعمل ہوتا ہے۔
انملہ۔ ع۔ انگلی۔
انوار۔ ع۔ جمع نور بمعنی روشنی۔ اور جمع نَور
بمعنی شگوفہ یعنی کلی۔ واضح ہو کہ شگوفہ کا
فارسی سے بالاتفاق غلط ہے۔
انوف۔ ع۔ جمع انف بمعنی ناک کی۔
انوشہ۔ ف۔ خرم۔ خوشحال۔ شہزادۂ نوجوان
مجازاً دولھا جسکی نئی شادی ہوئی ہو۔
انواع۔ ع۔ اقسام جمع نوع کی۔
انہ۔ ف۔ کلمۂ نسبت ہے جیسے ماہانہ سالانہ
انہا۔ ع۔ خبر دینا۔
انہاک۔ ع۔ دبلا اور ناتوان کرنا۔

انہدام۔ ع۔ ڈھا دینا۔ ڈھے جانا۔
انہماک۔ ع۔ کسی کام مین انتہا کی کوشش کرنا۔
انہلال۔ ع۔ زور سے مینھ برسنا آنسوؤنکا
خوب بہنا۔
انہضام۔ ع۔ گوارا ہونا۔ ہضم ہونا۔
انہیام۔ ع۔ گلنا۔ پگھلنا۔
انہزام۔ ع۔ لشکر کا شکست کھانا۔
انیاب۔ ع۔ جمع ناب کی۔ نشتر کا دانت
ہندی اسکی کچلی۔
انیس۔ ع۔ دوست۔ محبت کرنیوالا۔
انیث۔ ع۔ نرم لوہا۔
انیقہ۔ ع۔ } عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ اور
انیق۔ ع۔ } خوش آیندہ۔ خوب۔
انین۔ ع۔ نالہ و فریاد۔ اور نالہ کرنا۔
انیران۔ ف۔ ہر ماہ شمسی کی تیسوین تاریخ

فصل الف مع واو

او۔ ف۔ وہ چیز۔ وہ شخص۔
آوا۔ ف۔ مخفف آواز کا۔
آو۔ ف۔ بمعنی آب۔ پانی۔
اوّاب۔ ع۔ تسبیح کرنے والا۔ طرف خدا کے
رجوع لانیوالا۔
اوارجہ۔ معرب ہی۔ دفتر کی کتاب رجسٹر
آوارہ۔ ف۔ بیہودہ جسکا کچھ ٹھکانا نہو۔
اوارہ۔ ف۔ دفتر حساب۔ اوارجہ معرب
آوارگی۔ ف۔ بے سر و سامانی۔ بیہودگی۔

آواز۔ ف۔ آواز۔ بول منھ کا۔
آواز افتادن۔ ف۔ }
آواز خراشیدن۔ ف۔ } بیٹھ جانا آواز کا۔
آواز گرفتن۔ ف۔ }
آواز نشستن۔ ف۔ }
آوازہ۔ ف۔ شہرت۔ ناموری۔
اواسط۔ ع۔ جمع اوسط بمعنی میانہ۔
اوامر۔ ع۔ جمع امر کی۔ احکام۔
آوان۔ ع۔ وقت۔ لمحے۔ لحظے۔ یہ آن
کی جمع ہے۔
اوان۔ ع۔ وقت۔ ہنگام۔
اِوان۔ ف۔ ایوان۔ محل۔ بلند مکان۔
اوانی۔ ع۔ ظروف۔ برتن۔ جمع آنیہ کی اور
آنیہ جمع اِناکی اور اِنا بمعنی برتن۔
اوّاہ۔ ع۔ آہ کرنیوالا۔ رو رو کر دعا کرنیوالا
اوائل۔ ع۔ جمع اوّل کی۔
اوباش۔ ع۔ لچا۔ بد معاش یہ جمع ہے
بوش بمعنی کمینے کی مگر فارسی مین اوباش کا
لفظ بجاے مفرد استعمال ہوتا ہے۔
اوباریدن۔ ف۔ کسی چیز کو نگلنا۔
اوتاد۔ ع۔ جمع وتد کی۔ میخین۔ اور ایک
قسم ہے اولیاء اللہ کی جو تمام عالم مین
چار شخص ہین۔
اوتار۔ ع۔ جمع وتر کی۔ سازون کے تار
کمان کے ردوے۔

اُوتلغ۔ت۔ } مکان۔حجرہ۔
اُوتاق۔ت۔ }
اَوثق۔ع۔ محکم تر۔ اُستوار تر۔
اَوثان۔ع۔ جمع وَثَن بمعنی بُت کی۔
اَوج۔ع۔ بلندی۔
اَوجِ سَرو۔ف۔ موسیقی مین ایک راگ کا نام ہی
اَوجِ مرّیخ۔ف۔ کنایہ ہی برج اسد سے۔
اُوجلغ۔ت۔ } دیگدان۔چُولھا۔
اُوچلغ۔ت۔ }
اَوجال۔ع۔ جمع وَجَل بمعنی خوف وبیم۔
اَوجاع۔ع۔ جمع وَجَع کی۔درد۔دُکھ۔
اَوجَب۔ع۔ واجب تر۔
اَوجی۔ع۔ تخلص ایک شاعر کا۔
اَوحَد۔ع۔ ایک۔یگانہ۔
آوَخ۔ف۔ آہ۔افسوس۔کلمۂ تعجب۔
نصیب۔قسمت۔
اَوِدّا۔ع۔ جمع ودید بمعنی دوست۔
اَوداج۔ع۔ جمع وِداج بمعنی رگ گردن۔
اَودِر۔ف۔ باپ کا بھائی۔چچا۔
اَوراد۔ع۔ جمع وِرد کی۔وظیفہ۔ہر روز
جو تھوڑا سا قرآن وغیرہ پڑھا جاوے۔
اَوراق۔ع۔ جمع وَرَق کی۔اور بہت سے
پتّے درخت کے۔
اَورام۔ع۔ جمع وَرَم کی۔
اَورمزد۔ف۔ زبان پہلوی مین ستارۂ
مشتری کا نام جو قاضی فلک ہی۔
اَورَند۔ف۔ تخت۔فر۔شکوہ۔دبدبہ۔مکر۔
حیلہ۔دغا۔فریب۔
آورد۔ف۔ ضد بُرد۔اور بمعنی جنگ۔
اَورِدَہ۔ع۔ جمع وَرِید کی۔بڑی رگین
جو اُچھلتی نہین ہین۔
اَورَہ۔ف۔ قبا اور رضائی کا ابرہ جو استر
کے اوپر ہوتا ہی۔
اَورَنگ۔ف۔ تخت شاہی۔عقل۔دانش۔
فریب۔حیلہ۔اور نام ایک کیڑے کا جسے دیمک
کہتے ہین۔
اِوَزّ۔ع۔ مُرغابی۔
اَوزار۔ف۔ ہتھیار۔کام کرنے کے آلے۔
مصالح طعام۔
اَوزار۔ع۔ جمع وِزر کی۔گناہ۔بوجھ۔
اُوزُم۔ت۔ میوۂ انگور۔
اَوزان۔ع۔ جمع وَزن کی۔بوجھ۔بٹّا۔
اَوس۔ع۔ بھیڑیا۔عطا۔عوض۔اور عرب
کے ایک قبیلہ کا نام۔
اَوسَط۔ع۔ درمیان والا۔بیچ والا۔
اُوستاخ۔ف۔ گستاخ۔بیباک۔بیحیا۔
اَوساخ۔ع۔ جمع وَسَخ کی۔چرک اور پیپ
جو پھوڑے سے نکلے۔
اَوسَع۔ع۔ فراخ تر۔
اُوشاق۔ت۔ طفل۔امرد لڑکا۔
اُوشنگ۔ت۔ ہندی الگنی۔عربی معلاق۔
اَوصاف۔ع۔ جمع وَصف کی۔
اَوصِیا۔ع۔ جمع وصی کی۔
اَوضح۔ع۔ روشن تر۔
اَوضاع۔ع۔ جمع وضع کی۔طریقے۔
اَوطار۔ع۔ حاجتین۔دلی خواہشین۔
اَوطان۔ع۔ جمع وطن کی۔
اَوعِیَہ۔ع۔ جمع وِعا کی۔ظروف۔برتن۔
اور بمعنی واحد کے بھی مستعمل ہی۔
اُوغول۔ت۔ دونون واو غیر ملفوظ بمعنی
کودک۔پسر۔اور کبھی مجازاً بمعنی معشوق۔
اَوفَق۔ع۔ بہت موافق۔
اَوقاف۔ع۔ جمع وقف کی۔وہ مال جو
فقیرون اور درگاہون اور مزارون کے
واسطے وقف کرتے ہین۔
اَوقِیَہ۔ع۔ چالیس درم کے وزن کا نام ہی
اور ایک درم ساڑھے تین ماشہ کا ہوتا ہی
اَوّل۔ع۔ پہلا۔سرکا۔
اَوّل بہا مُشک بہا۔ف۔ یہ مثل سوداگرون
کا محاورہ ہی یعنی پہلی قیمت سب سے بہتر۔
اَوّل قنوت۔ع۔ وقت فجر۔صبح صادق۔
اُولنگ۔ت۔ سبزہ زار۔
اَولیٰ۔ع۔ بہتر۔سب سے اچھا۔
اُولیٰ۔ع۔ پہلی عورت۔پہلی چیز۔
اُولی۔ع۔ بواو غیر ملفوظ۔صاحبان۔خداوندان

اَوْلاد - ع - نسل - بیٹا بیٹی - اور نام ایک
دیو کا جو مازندران میں تھا -
اَوْلاغ - ت - خر - گدھا - بواو غیر ملفوظ -
اَوْلکہ ع ف - ملک - کشور -
اَوْلیا - ع - جمع ولی کی دوست - نزدیک
مقرب درگاہ خدا - مالک -
اَوْلیاءِ دَوْلت - ع - صاحبان سلطنت -
رئیس - امیر -
اَوّلین - ع - پہلے آدمی -
اُولِی اَجنحہ - ع - صاحبان بال و پر -
اور کنایہ فرشتوں سے ہے -
اَوَنْد - ف - باسن - برتن - فریب - مکر -
اَوْنگ - ف - الگنی جسپر کپڑے اور انگور کے
خوشے وغیرہ لٹکاتے ہیں -
اَوَہ - ف - آہ -
اَوْہنُ البُیُوت - ع - سست ترین خانہا
بڑا بودا گھر -
اَوہام - ع - جمع وہم کی -
آویختن - ف - لٹکانا - لٹکنا -
آوی - ع - شغال - گیدڑ -
آویزہ - ف - لٹکا - اور بمعنی محبت بھی آیا ہے
آویزش - ف - لٹکاؤ - لٹک -
آویزہ - ف - لٹکا ہوا - اور ایک قسم کا زیور
جو کانوں میں پہنتے ہیں -
اُوَیس قَرنی - ع - نام ایک ولی کامل
کا منسوب طرف قرن کے جو قبیلہ کا نام ہے
ملک یمن میں -

فصل الف مع ہائے ہوز

آہ - ع - ہائے - افسوس -
آہا - ف - ایک کلمہ ہے جو بروقت اچھا معلوم
ہونے کسی چیز کے استعمال کرتے ہیں -
اِہاب - ع - کچا چمڑا کسی حیوان کا جسکو
دباغت نہ دی گئی ہو - یا مطلق چمڑا -
آہار - ف - نشاستہ وغیرہ کو پکا کر کاغذ پر
لگاتے ہیں -
اَہالی - ع - ارکان - صاحبان - جمع اہل کی
اِہانت - ع - برا جاننا - نفرت کرنا - ذلیل سمجھنا
اُہبت - ع - گھوڑے کا ساز و سامان -
اِہتدا - ع - راہ پر لانا - ہدایت کرنا -
اِہتزاز - ع - ہلنا گھاس کا - ہلنا - خوش
ہوکر ہلنا اور نٹ کا آواز حدی سے اور
ستارہ کا چمکنا ڈوبتے وقت - خوشی خوشحالی
اِہتمام - ع - کوشش کرنا - غمخواری کرنا -
اِہجار - ع - فحش بکنا -
اِہدا - ع - ہدیہ اور تحفہ بھیجنا -
اَہدَب - ع - وہ شخص جسکی پلکیں بڑی ہوں
اِہرام - ع - بہت بوڑھا ہونا -
اَہرام - ع - بناہائے قدیم - پرانی عمارتیں
اَہرمَن - ف - م دیو - شیطان - اور مجوس
آہرمَن - ف - } کہتے ہیں کہ فاعل نیکی کا
یزدان اور فاعل بدی کا اہرمن ہے -
اَہرم - ع - شیطان - سانپ کا پھن -
آہستہ - ف - ہولا - دھیما -
آہک - ف - چونا -
اَہل - ع - گھر کے لوگ - لائق - صاحب مالک
اِہلاک - ع - ہلاک کرنا -
اِہلال - ع - نیا چاند دیکھنا - حیوان کے
ذبح کے وقت خدا کا نام لینا -
اَہلاً و سَہلاً و مَرحَبا - ع - عرب کا دستور ہے
کہ جب مسافر راہ دور سے آتا ہے تو یہ کلمات
کہتے ہیں (اہلاً) آیا - ہنگام -
(سہلاً) سیر کی تو نے یوان - محل - ملنا مکان -
جگہ تیری فراخ [illegible]
اَہل نجیبہ - ف - رند اور خراباتی شخص
اَہلّہ - ع - جمع ہلال بمعنی ماہ نو -
اَہل ذمہ - ع - وہ کافر جو بادشاہ اسلام کے
مطیع ہوں اور اپنے رسوم مذہبی چھپا کر کریں
اور کبھی مراد رعیت سے ہوتی ہے -
اَہلیّت - ع - لیاقت -
اَہلیہ - ع - جورو - گھر کی عورت -
اَہَم - ع - جسکی بڑی ضرورت ہو -
اِہمال - ع - بے معنی چھوڑنا بے مطلب
چھوڑ دینا -
آہ نیمکش - ف - بخوف ظاہر ہو جانے راز کے
چپکے چپکے ٹھنڈی سانس بھرنا -

آہن - ف - لوہا - اور سکندر نامہ مین مُراد زنگیونسے ہی -

آہنج - ف - قصد - ارادہ -

آہنِ جان - ف - مراد سخت جان و محنت کش

آہن خاے - ف - گھوڑا پرزور و سرکش -

آہن رُبا - مقناطیس - چمک پتھر -

آہن سرد کوفتن - ف - کوشش بیفائدہ کرنا جس سے مطلب حاصل نہو -

آہنگ - ف - وقت - قصد - انداز - راگ اور نام ایک باجے کا -

آہنگر - ف - لُہار -

آہنین جگر - ف - مُراد دلاور اور بہادر -

آہنی - ف -
آہنین - ف - } لوہے کی چیز -

آہنین راہ - ف - راہ دشوار گزار -

آہو - ف - ہرن - اور بمعنی عیب - اور کنایہ ہی چشم معشوق سے -

آہو برہ - ف - ہرن کا بچہ -

آہو پرستی - ف - کنایہ ہی کمال محبت شکار سے -

آہوے تر - ف - مُراد ابر سیاہ و سفید سے -

آہوے زرین - ف - کنایہ آفتاب سے -

آہوے شیر افگن - ف - معشوق کی آنکھ اور کنایہ ساقی شراب سے بھی -

آہوے فلک - ف - کنایہ آفتاب سے

اَہوا - ع - خواہشین - آرزوین -

اَہواز - ع - نام ایک شہر کا خوزستان سے اس شہر کی آب وہوا بُری ہی اور زہریلے بچھو یہان بکثرت ہین -

اَہوال - ع - جمع ہول بمعنی دہشت -

اَہوج - ع - مرد احمق و ستابکار - اور لمبے قد کا موٹا آدمی -

اَہون - ع - آسان تر -

اَہویہ - ع - جمع ہوا کی - خواہشین

آہیختن - ف - لٹکانا - تلوار کھینچنا -

فصل الف مع یاے تحتانی

آے - ع - حرف ندا یعنی او میان - او بی بی اور بمقام تحسین بھی آتا ہی -

آے - ت - شہر یعنی مہینہ -

اَیا - ع - کلمۂ ندا - اور کلمۂ افسوس -

آیا - ف - کلمۂ تمنا اور بمعنی افسوس اور بمعنی شاید اور کلمۂ استفہام اور بمعنی واللہ اعلم اور واسطے استعجاب کے بھی آتا ہی -

اِیاب - ع - بازگشت - رجوع - وطن مین واپس آنا -

اَیار - ف - رومیونکے مہینے کا نام جس مین آفتاب برج ثور مین رہتا ہی مطابق اُسکے جیٹھ کا مہینا ہندی مین -

اَیادی - ع - جمع ید کی - ہاتھ - نعمتین -

اِیَّایَ - ع - مُرا مجھکو -

ایاز - ع -
ایاس - ع - } سلطان محمود غزنوی کے غلام کا نام -

ایاغ - ت -
ایاق - ت - } شراب پینے کا پیالہ -

ایالت - ع - سرداری -

ایامیٰ - ع - مردان بے زن اور زنان بے شوہر جمع ایم کی یعنی جس مرد کی عورت مرجائے اور جس عورت کا مرد مرجائے -

ایام - ع - جمع یوم بمعنی دن کی -

آیان - ف - آیندہ - آنیوالا -

آیانی - ف - شایستگی - خوبی -

ایبک - ف - بُت - معشوق - غلام - قاصد - ہرکارہ -

آیت - ع - نشانی - فقرہ قرآن یا توریت یا انجیل کا - اور مُراد حجت ظاہر سے بھی -

ایت - ت - سگ - کُتا -

ایتلاف - ع - مجتمع ہونا - سازواری کرنا - اُلفت کرنا -

ایتلاق - ع - چمکنا - روشن ہونا -

ایتام - ع - جمع یتیم کی وہ لڑکا جسکا باپ مرجائے - اور کبھی بن مان کے بچے کو بھی یتیم کہتے ہین -

ایثار - ع - اختیار کرنا - دوسرے کا مطلب اپنے مطلب پر مقدم کرنا - بزرگی -

ایجاب - ع - ماننا - منظور کرنا - مقرر کرنا -

ایجاد - ع - نئی چیز پیدا کرنا -
ایجاز - ع - مختصر کرنا - بہت مضمون کا تھوڑا کرنا -
ایچ - ف - بمعنی ہیچ - کچھ نہین -
ایدر - ف - اس جگہ - اب -
ایدون - ف - اسطرح - اس جگہ - اسوقت -
ایدون - ف - اکنون - اب -
ایذا - ع - دکھ - دکھ دینا -
ایراد - ع - وارد کرنا - لانا -
ایراث - ع - کسی کو ترکہ پہونچانا - یا کسی شی کی دینا -
ایراق - ع - درخت کا ہرے پتے نکالنا -
ایرج - ف - فریدون بادشاہ کے بیٹے کا نام -
ایر - ع - ذکر - قضیب - عضو تناسل -
ایرسا - ع - سوسن کی جڑ - قوس قزح جسکو کمان اور دھنک کہتے ہین -
ایرمان - ف - طفیلی جو ہمراہ مہمان کے بغیر بلائے چلا آوے - اور بمعنی ندامت اور حسرت اور عاریت کے بھی -
ایزد - ف - نام خدائے تعالی کا -
ایزدی - ف - خدائی -
ایستادن - ف - کھڑا ہونا -
ایسر - ع - آسان تر - بائین جانب -
آئیس - ع - نا امید -
ایسار - ع - دولتمند ہونا -

ایشان - ف - یہ لوگ - یے -
ایصال - ع - پہونچانا - مطلب کو پہونچانا -
ایصا - ع - وصی کرنا - وصیت کرنا -
ایضا - ع - بھی -
ایضاح - ع - روشن اور آشکارا کرنا -
ایطا - ع - پائمال کرنا - روندنا - مکرر کرنا قافیہ کا - اور یہ عیب شاعری ہے - پہلا ایطائے خفی جسمین تکرار ظاہر نہو جیسے دانا و بینا اور آب و گلاب - دوسرا ایطائے جلی جسمین تکرار ظاہر ہو جیسے زیباتر و خوشتر اور ستمگر و افسونگر اور یاران و عزیزان پس ایطائے جلی عیب فاحش ہے -
ایعاد - ع - وعدہ کرنا - ڈرنا - ڈرانا -
ایفا - ع - پورا کرنا - وفا کرنا -
ایفاغ - ت - غماز - چغلخور - اونگھنے والا - روستائی - شوخ -
ایقاظ - ع - جگانا - بیدار کرنا -
ایقاظ - ع - بیدار لوگ -
ایقاع - ع - واقع کرنا - جنگ مین ڈالنا -
ایقان - ع - یقین سے جاننا -
ایقاد - ع - آگ روشن کرنا -
ایکہ - ع - درخت گنجان باہم پیچیدہ - جنگل درختون کا جہان پر بہت گنجان درخت ہون جنکو ہندی مین گبھ کہتے ہین اَیک اسکی جمع آتی ہے -

ایل - ت - دوست - تابعدار - موافق آدمی - اور جماعت کو بھی کہتے ہین - اور زبان سریانی مین نام حق تعالی کا - پس جبرئیل اور میکائیل بمعنی بندۂ خدا -
ایل - ع - گوزن - بارہ سنگھا - پہاڑی بکرا -
ایلاج - ع - ایک چیز کا دوسری چیز مین کرنا -
ایلاد - ع - جننا -
ایلام - ع - درد مند کرنا -
ایلاقات - ت - ترکونکے مساکن - مکانات -
ایلچی - ت - قاصد - نامہ بر - تابعدار -
ایلخہ - ت - گھوڑونکا گلہ - ان تینون
ایلخ - ت - لغتون مین یائے غیر ملفوظ
ایلخی - ت - ہے علامت کسرۂ ماقبل کی -
ایلغار - ت - تاخت - چڑھائی دشمن پر - حریف پر دھاوا کرنا -
ایلول - ع - رومی مہینے کا نام جسمین آفتاب برج سنبلہ مین رہتا ہے مطابق اسکے ہندی مین ماہ کنوار -
ایلیا - ع - سریانی مین بمعنی صدیق اکبر یعنی بڑا راستگو آدمی اور نام ایک شہر کا نام بیت المقدس کا - نام حضرت خضر کا لقب مرتضی علی علیہ السلام کا -
ایم - ع - سفید سانپ -
ایما - ع - اشارہ کرنا - اشارہ -
ایمان - ع - دل سے خدا پر یقین لانا -

اور امان دینا۔

اَیمان ۔ع۔ جمع یمین کی ۔ قسمین ۔ قوتین ۔ دہنے ہاتھ۔

اَیمَن ۔ع۔ بے خوف ۔ نڈر۔

اَیمَن ۔ع۔ بڑا بیخوف ۔ بڑا نڈر۔

اَیمَن ۔ع۔ مبارک تر ۔ دہنی طرف۔

اَیمن آباد ۔ف۔ جاے امن۔

اِین ۔ف۔ یہ۔

این کاخ ۔ف۔
این مصر ۔ف۔ } کنایہ دُنیا سے۔
این ویرانہ ۔ف۔

اینت ۔ف۔ کلمہ تحسین اور تعجب کا ہے بمعنی زہے۔

اینان ۔ف۔ یہ لوگ۔

آئندہ ۔ف۔ آنیوالا۔

اینک ۔ف۔ یہ کہ ۔ اب۔

اَیوان ۔ف۔ محل ۔ محل شاہی۔

ایوانِ زحل ۔ف۔ کنایہ ساتوین آسمان سے۔

ایوب ۔ع۔ نام ایک پیغمبر کا۔

اِیہام ۔ع۔ غلطی مین ڈالنا ۔ شک مین ڈالنا اور نام ایک صنعت شعری کا کہ ایسا لفظ لائین جسکے دو معنی ہون اور معنی بعید اُسکے مُراد لین۔

آئین ۔ف۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ زیب ۔ آرائش ۔ قانون۔

آئین بندی ۔ف۔ وہ زیب و آرائش جو بروقت داخل ہونے بادشاہ وغیرہ کے شہر کے بازارون مین کرین۔

آئینہ ۔ف۔ مُنھ دیکھنے کا شیشہ اور مراد علم حکمت و ہندسہ و نجوم سے اور کنایہ ہے دل سے بھی۔

آئینہ پیل ۔ف۔ لوہے کا توا صیقل کیا ہوا جو ہاتھی کی مستک پر جنگ کے وقت باندھتے ہین اسلیے کہ ہاتھی کے زخم نہ لگے۔

آئینہ پیش نفس داشتن ۔ف۔ عالم بیہوشی اور سکتہ مین واسطے تمیز زندہ اور مردہ کے آئینہ نتھنون کے پاس رکھتے ہین اگر آئینہ مکدر ہو گیا تو آدمی زندہ ہے ورنہ مُردہ۔

آئینہ چینی ۔ف۔ مُراد آفتاب سے۔

آئینہ دار ۔ف۔ نائی ۔ حجام ۔ اور ظاہر کرنیوالا کسی کے عیب یا خوبی کا۔

آئینہ گوہری ۔ف۔ اشارہ آئینہ سکندری کی طرف جو لوہے کا تھا نہایت صاف اور شفاف اور روشن۔

باب بائے عربی
فصل با مع الف

با ۔ف۔ ساتھ ۔ باوجود ۔ سامنے ۔ طرف ۔ وغیرہ ۔ اور مخفف باز کا جو شکاری جانور ہے

با ۔ع۔ مرد کثیر الجماع۔

باب ۔ع۔ دروازہ اور حصہ کتاب کا۔

باب زن ۔ف۔ سیخ کباب کی خواہ لوہے کی ہو خواہ لکڑی کی۔

بابِ قصاب ۔ف۔ یہ کُشتی کے ایک داؤ کا نام ہے جس سے حریف کو آسانی گرا دیتے ہین جسطرح قصاب بکری کو پچھاڑتے ہین

بابُ السماء ۔ع۔ کہکشان۔

بابا ۔ف۔ باپ ۔ دادا ۔ نانا ۔ سردار ۔ سفید داڑھی والا ۔ فقیر آزاد۔

بابا خمس ۔ع۔ نام ایک مسخرہ کا۔

باباے کوہی ۔ف۔ نام ایک بزرگ کا جو ہمیشہ پہاڑ پر رہتے تھے۔

بابا کیوار ۔ف۔ نام ایک فقیر بنگ نوش کا۔

بابت ۔ف۔ لیے ۔ واسطے۔

بابر ۔ت۔ نام بادشاہ کا جو اکبر بادشاہ کا دادا تھا۔

بابل ۔ع۔ ایک شہر مشہور درمیان عراق کے کہ دریاے فرات بہ جانب مشرق واقع تھا۔

بابک ۔ف۔ آئین ۔ اُستوار ۔ نام ایک بادشاہ کا جسکا بھانجا اردشیر تھا۔

بابکان ۔ف۔ منسوب طرف بابک کے۔

بابکانہ ۔ف۔ دریچہ ۔ کھڑکی۔

باج ۔ف۔ کر ۔ محصول و ٹکس ۔ لگان۔

باجدار ۔ف۔ محصول دینے والا ۔ نوکر۔

باج گزار - ف - جو سرکاری محصول ادا کرتا ہو اور ٹکس دیتا ہو -
باج گیر - ف - جو محصول لیوے -
باجی - ف - خراج دینے والا -
باجی - ت - خواہر - ہمشیرہ -
باحث - ع - زمین کھودنیوالا - بحث کرنیوالا کسی سے -
باحور - ع - موسم گرما مین سخت گرمی کے دن اور یہ ایام انیسوین تموز سے چھبیسوین تک آٹھ روز مقرر ہین - اگر یہ آٹھ روز نہایت گرمی مین گذر جائین تو علامت ارزانی غلہ کی ہو اور اگر یہ روز سردی سے گذرین تو علامت قحط کی ہو - گویا یہ آٹھ روز حاکم ہین آٹھ مہینے کے احوال پر اول مُرداد سے آخر اسفندار تک -
باخبر - ف - واقف - جاننے والا -
باختن - ف - کھیلنا - ہار دینا -
باختر - ف - ملک خراسان اور نواحی قندھار اور بمعنی آفتاب و ماہ -
باختہ - ف - ہارا ہوا -
باخود برنیامدن - ف - بے اختیار ہونا
باخہ - ت - ہندی کچھوا -
باد - ف - ہوا -
باد آورد - ف - خسرو پرویز کے منجملہ آٹھ خزانون کے ایک خزانہ کا نام - اور اس نام کی یہ وجہ ہو کہ قیصر روم نے خوف پرویز سے چند جہاز مال و زر سے بھر کر جزیرے مین حفاظت کے لئے بھیج لئے تھے باد مخالف نے اُن جہازونکو ملک پرویز مین پہونچا دیا اس سبب سے اُس خزانے کا نام گنج باد آورد رکھا گیا - اور نام ایک دوائے سفید کا - اور نام سرود کا -
باد آبستنی - ف - وہ ہوا جو درخت کو باردار کرے -
بادامہ - ف - ایک ریشمی کپڑے کا نام -
بادام - ف - ایک مشہور میوہ ہو -
بادام زنجیر - ف - تکمہ و حلقۂ زنجیر -
بادام سیہ - ف - معشوق کی آنکھ اور وہ بادام جو مردے کے تابوت پر ڈالین -
بادام و قند - ف - چشم و دہن معشوق -
بادبان - ف - جہاز کی پال -
بادپا - ف - گھوڑا تیز رو -
بادپروا - دریچہ - کھڑکی - جو ہوا آنے کے لئے بنائین -
بادپیمودن - ف - بیفائدہ کام کرنا -
باد بداماں کردن - ف - وہ کام کرنا جو نہو سکے - اور غرور و رعنائی -
باد بُروت - ف - غرور - شیخی - مردونکی -
باد برین - ف - وہ ہوا جو بین مشرق اور شمال کے چلتی ہو -
باد حلقہ - ف - خواہش نفس زن - شہوت - اور یہ مرکب ہو باد بمعنی ہوا اور حلقہ بمعنی خارش سے
باد خوان - ف - خوشامدی - بیہودہ گو -
باد دست - ف - فضول خرچ - مفلس -
باد در بروت افگندن - ف - غرور شیخی
باد در سبلت افگندن - ف -) گپ -
باد در کلہ داشتن - ف - غرور - نخوت -
باد دستی - ف - سرعت - چالاکی - تہیدستی - فضول خرچی -
باد در مشت - ف - مفلس تہیدست تہیدستی
بادر - ع - دوڑنیوالا - چالاک -
باد ریش - ف - غرور - گپ - شیخی -
بادریسہ - ف - لٹو جو چوب خیمہ پر رکھتے ہین چرخہ کی پھرکی چرخہ کی تکلہ کی -
بادزن - ف - بادکش - پنکھا -
بادسنج - ف - خام طمع - بیفائدہ کام کرنیوالا - بیہودہ گو -
باد سرخ - ف - نام مرض کا جو فساد خون سے ہوتا ہو - بائیسوان روز ہر ماہ شمسی کا کلام سخن - مدح - آہ - نالہ - تیز و تند ہوا خسرو پرویز کے ایک خزانہ کا نام - جوشش خون جسکو سرخ بادہ بھی کہتے ہین -
باد سخت - ف - اشارہ ہو حوادث زمانہ سے
باد شرط - ف - موافق ہوا -
باد شنام - ف - مقدمہ ہو مرض جذام کا -

باد صبا - ف - پُروا ہوا -
باد فر - ف - کاغذ وغیرہ کی پھرکی جسمین دُو سوراخ کرکے ڈورا ڈال کے نیچے دونون ہاتھونسے کھینچتے ہین -
باد فروش - ف - خوشامدی - بیہودہ گو اور ہندوستان مین ایک قوم کا لقب جسکو بھاٹ کہتے ہین -
باد فتق - ف - ایک مرض ہی جس سے خصیے بڑھ جاتے ہین -
باد فراہ - ف - } گناہ کی سزا - اور بدی کا بدلہ
باد افراہ - ف -
باد فرنگ - ف - مرض آتشک بہت سخت -
باد گرد - ف - گردباد - بگولہ -
باد کلہ - ف - ضربت جماع -
باد کش - ف - بڑا پنکھا - سینگی جسکو لگاکر پچھنہ مارتے ہین - لُہار کی دھونکنی -
باد گیسو - ف - غرور - نخوت - شیخی - اور یہ لفظ عورتونسے مخصوص ہی جسطرح باد بُروت مردونسے -
باد گیر - ف - ہوادار مکان - کھڑکی جو ہوا آنے کے لیے مکانین بنائین -
باد مسیح - ف - } قُم بِاِذنِ الله کہنا عیسیٰ علیہ السلام کا جس سے
باد عیسیٰ - ف -
مُردے زندہ ہو جاتے تھے -
باد مُہرہ - ف - مار مُہرہ جسکو افعی سانپ کے سر سے نکالتے ہین اور اسکا رنگ بہت سیاہ ہوتا ہی - جب سانپ کے کاٹے ہوے مقام پر اسکو لگاتے ہین فوراً چپک جاتا ہی اور زہر کو بالکل چوس لیتا ہی -
بادنجان - ف - بیگن مشہور ترکاری ہی
بادہ - ف - شراب - دارو - مدھ -
بادہ ریحانی - ف - پھولونکی شراب -
بادی - ف - ہوائی - ہوا کا - اور ہمیشہ رہیو تو -
بادی - ع - شروع کرنیوالا - ابتدا کرنیوالا - ظاہر - کھلا ہوا -
بادیان - ف - سونف مشہور دوا ہی -
بادیہ - ع - جنگل - صحرا -
بادیہ - ف - بڑا پیالہ -
بادیہ غول - ف - کنایہ دنیا سے -
باذل - ع - سخی - بہت بخشنے والا -
بار - ف - بوجھ - وقت - باری - نام خدا کا - بزرگی - گرانی - نیک - انبار - نصیب رخصت - دخل - درخت کی جڑ - کام بارگاہ - ہر چیز کی زیادتی - پھل اور میوہ درخت کا - عورتون کا حمل - ملونی اور آمیزش جیسے مشک اور زعفران مین کرتے ہین - گویّون کا ساز - بجنے والا - اور امر ہی باریدن کا یعنی برس -
بارّ - ع - بڑا نیک -
باران - ف - مینھ - بارش -
بارا فگندن - ف - کسی مقام پر فروکش ہونا
بارانی - ف - لبادہ اُون کا جو بروقت بارش مینھ کے اوڑھتے ہین - اور بمعنی بارش کے بھی آیا ہی - اور نام ترکونکے قبیلہ کا -
باران گریز - ف - سائبان - چھجہ -
بار انداز - ف - فروکش ہونیوالا -
باربگ - ف - امیر اعظم جو بلا اجازت جس وقت چاہے بادشاہ کے پاس جاسکے اور عرض بیگی جو لوگون کی عرض بادشاہ کے پاس پہونچایا کرتا ہی -
بار بردار - ف - بوجھ اُٹھانیوالا -
باربد - ف - نام ایک گویے کا جو خسرو پرویز کا مقرب اور موسیقی مین کمال رکھتا تھا -
بار بستن - ف - سفر کرنا -
باربگی - ف - عہدۂ نظارت و داروغگی -
بارحہ - ع - شب گذشتہ - گذری ہوئی رات
بارخانہ - ف - اسباب رکھنے کا مکان جسکو فی الحال گدام کہتے ہین -
بار خدا - خداے بزرگ - خداے پاک -
بارد - ع - سرد - ٹھنڈا - خنک - اور فارسی مین بمعنی بیمزہ - ناخوش - اور مجازاً نامرد شخص جو عورت پر قادر نہو -
باردان - ف - ظرف - برتن - خرجی -
باردین - ف - نام ایک شہر کا -

بارِز - ع - ظاہر ہونیوالا - آشکارا -
بارِش - ف - مینھ کا برسنا - برکھا -
بارِ عام - ف - عام کچہری بادشاہ کی -
بارِق - ع - چمکنے والا - روشن -
بارِقہ - ع - بجلی - چمک - تلوار -
بارگہ - ف - } کچہری کی جگہ - محل بادشاہی
بارگاہ - ف - }
کسی بزرگ کا مکان - بادشاہی خیمہ -
بارگاہ زدن - ف - خیمہ استادکرنا -
بارکش - ف - بوجھ لیجانیوالا -
بارگیر - ف - گھوڑا - اونٹ - بیل - اور
مجازاً وہ شخص جو کسی دوسرے آدمی کے
گھوڑے پر نوکر ہو اور اپنا گھوڑا نہ رکھتا ہو
بارگی - ف - گھوڑا - اور سکندرنامہ مین
مُراد بُراق نبوی سے -
بارُود - ف - اصل مین بمعنی شورہ اور
باروت - ف } مجازاً بمعنی معروف اسلیے
کہ بارود مین شورہ جزو اعظم ہوتا ہی -
بارُو - ف - قلعہ کی دیوار -
بارہ - ف - حصار - قلعہ - دیوار قلعہ -
گھوڑا تیز رفتار - مضمون - ایک دفعہ -
بابت - حق - شان - قاعدہ - بوزہ جو
نشہ کی چیز ہی - اور بمعنی دوست بھی
اصطلاح مین آتا ہی -
بارہا - ف - اکثر - بہت دفعہ - کئی بار -

بارے - ف - ایکدفعہ - ایک بار -
باری - ع - خدا - پیدا کرنیوالا -
بارِیاب - ف - کچہری مین داخل ہونیوالا
کسی امیر کے پاس آنیوالا -
بارِی تعالیٰ - ع - خدا برتر -
بارِیدہ - ف - کنایہ ہو امر معروف اور
مشہور سے -
بارِیک - ف - پتلا -
باریک ریسیدن - ف - اصطلاح مین
نہایت غور کرنا کسی کام مین اور بتدریج یعنی
آہستہ آہستہ اُس کام کو خوبی کے ساتھ
سرانجام دینا -
باریک شدن - ف - دُبلا ہونا -
باریدن - ف - برسنا - برسانا -
باز - ف - مسافت اور فاصلہ جو دونون
ہاتھون کھُلے ہوؤن کے درمیان مین ہو
اِس ہاتھ کی اُنگلی کے سرے سے اُس ہاتھ
کی اُنگلی کے سرے تک - تکرار - دُہرانا کسی
کام کا - کشادہ - نشیب - تیز - تفرقہ - طرف
جانب - گذرگاہ - جُدا - شراب - باج - خراج -
برگشتہ ہونا - صیغہ امر کا ہے بافتن اور
بازیدن سے - اور ظہوری اور ابوالفضل
وغیرہ مین چند مقام پر بمعنی وقت اور ہنگام
کے بھی آیا ہی - اور نام ایک پرند جانور
شکاری کا -

بازار - ف - خرید فروخت کی جگہ - اور اصطلاح
مین نفع اور معاملہ اور رونق اور رواج کو
بھی کہتے ہین -
بازار زدن - ف - فائدہ خاطرخواہ لینا -
بازپرس - ف - پوچھنا - تحقیقات ہونی
بازخواست - ف - مطالبہ پھر مانگنا -
واپس کرلینا - کسی چیز دی ہوئی کا -
بازخوردن - ف - ملاقات کرنا - مقابل ہونا
بازرگان - ف - مخفف بازارگان کا ہی
بمعنی سوداگر - بیوپاری -
بازرگانی - ف - سوداگری -
بازِغ - ع - روشن - چمکتا ہوا - طلوع کرنیوالا
بازِغہ - ع - روشن - چمکتا ہوا - طلوع کرنیوالا
اور نام ایک عورت حسینہ کا جو نسل عاد سے
تھی اور جسنے حضرت یوسف علیہ السلام کی
ہدایت سے مرتبہ معرفت حق کا پایا -
بازکردن - ف - جُدا کرنا - کھولنا -
بازکشیدن - ف - لکھنا - کتابت کرنا -
چنانچہ ابوالفضل نے اپنے مکاتیب مین یہی
معنی لیے ہین اِس فقرہ مین "وانکہ درباب
بازکشیدن فقرہ چند قلمی نمودہ اندالخ"
بازکرد - ف - یعنی جدا کیا - کھولا -
بازگشت - ف - لَوٹنا - پھر کر آنا -
بازگو - ف - دوبارہ بیان کرنیوالا -
بازِل - ف - نوبرس کا اونٹ -

بازندہ ۔ ف ۔ کھلاڑی ۔ کھیلنے والا ۔
بازندگی ۔ ف ۔ مکاری ۔ حیلہ گری ۔
بازو ۔ ف ۔ قوت ۔ استعداد ۔ بھجا ۔ ڈنڈ ۔
بازو برافرختن ۔ ف شجاعت کا کام کرنا ۔
بازوشکن ۔ ف ۔ زور آور ۔
بازوکشادن ف ۔ جوانمردی کرنا ۔ سخاوت کرنا ۔ بخشش کرنا ۔
بازی ۔ ف ۔ کھیل ۔ فریب ۔ دغا ۔
بازی خوردن ۔ ف ۔ فریب کھانا ۔
بازیگوش ۔ ف ۔ شوخ ۔ خوش مزاج ۔ کھیلنے والا ۔ کھلنڈرا ۔
بازیافتن ۔ ف ۔ پھر پانا ۔ واپس پانا ۔
بازیافت ۔ ف ۔ خریدنا ۔ پانا ۔
بازیدن ۔ ف ۔ کھیلنا ۔
بازیچہ ۔ ف ۔ کھلونا ۔ کلمہ (چہ) یہان واسطے تصغیر کے نہین ہی ۔ نسبت کے لیے ہی ۔
باس ۔ ع ۔ دُکھ ۔ رنج ۔ خوف ۔ عذاب ۔
باستان ۔ ف ۔ قدیم ۔ گذشتہ ۔ کُہنہ ۔ پرانا ۔ یہ لفظ باے فارسی سے غلط ہی ۔
باسط ۔ ع ۔ فراخی دینے والا ۔ نام خدا کا ۔
باسق ۔ ع ۔ دراز پھیکنے والا ۔
باسک ۔ ف ۔ دہن درہ ۔ یعنی جماہی اور مورخین ہنود کے نزدیک سانپون کے بادشاہ کا نام ۔
باسک درجوال شدن ۔ ف ایک قسم کا گنہگارونکے عذاب کی کہ ایک ڈوری مین اُسکو اور کُتّے کو باندھکر بند کر دیتے ہین اور کنایہ ہی بد آدمی کے ہمخانہ ہونے سے ۔
باسگونہ ۔ ف ۔ اُلٹا ۔ واژگون ۔
باسل ۔ ع ۔ دلیر ۔ بہادر ۔
باسلیق ۔ ع ۔ ایک رگ ہی ہاتھ مین ۔
باش ۔ ف ۔ رہ ۔ ٹھہرجا ۔
باش ۔ ت ۔ سر ۔ عربی راس ۔
باشندہ ۔ ف ۔ رہنے والا ۔ دیسی ۔
باشہ ۔ ف ۔ نام ایک پرند کا ہی جو چڑیونکو مار کر گوشت اُنکا کھاتا ہی ۔
باشیدن ۔ ف ۔ رہنا ۔ بسنا ۔
باشی ۔ ت ۔ سردار ۔
باصرہ ۔ ع ۔ دیکھنے کی قوت ۔ نظر ۔ آنکھ ۔
باطشہ ۔ ع ۔ سختی کرنیوالا ۔ حملہ کرنیوالا ۔ غصہ کرنیوالا ۔
باطل ۔ ع ۔ جھوٹا ۔ دروغ ۔ جھوٹ ۔ اور بے اصل ۔ اور سکندرنامہ مین اشارہ ہی طرف اس آیہ کے قَدْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ۔
باطن ۔ ع ۔ اندرونی ۔ بھیتر ۔ دل ۔
باعث ۔ ع ۔ سبب ۔ وجہ ۔ اُٹھانیوالا ۔
باغ ۔ ف ۔ یہ لفظ عربی اور فارسی مین مشترک ہی فارسی مین اس کی جمع باغات آتی ہی اور عربی مین بیغان اور باغات بھی آتی ہی ۔ اور سکندرنامہ مین مراد ہی فیلقوس اسکندر کے باپ سے اور معنی نعمت کے بھی آیا ہی ۔
باغات ۔ ف جمع باغ کی بطور عربی ۔ اور نام ایک محلہ کا اصفہان مین کہ اکثر باشندے اس محلہ کے رندواوباش ہین ۔
باغبان ۔ ف ۔ مالی ۔ اور مراد باپ سے اور مطلق مُربی سے ۔
باغ پیرا ۔ ف ۔ سکندرنامہ مین مراد ہی روشنک دختر دارا کی مان سے ۔ اور مُراد ذات سکندر سے بھی ہی ۔
باغچہ ۔ ف ۔ چھوٹا باغ ۔ باغیچہ غلط ہی ۔
باغچہ سلیمانی ۔ ف ۔ باغ طلسم جو شعبدہ اور سحر سے باغ دکھلائی دے ۔
باغستان ۔ ف ۔ باغ کی جگہ ۔ باغ ۔
باغ سبز نمودن ۔ ف ۔ فریب دینا ۔
باغ مُراد ۔ ف ۔ ہرات مین ایک باغ کا نام ہی ۔
باغ نظر ۔ ف ۔ ایک باغ کا نام ہی شہر کرمان مین ۔
باغ نسیم ۔ ف ۔ ایک باغ کا نام ہے شہر کشمیر مین ۔
باغندہ ۔ ف ۔ دُھنکی ہوئی روئی کا گالا
باغی ۔ ع ۔ حاکم سے پھرا ہوا ۔ دنگئی ۔
بافتن ۔ ف ۔ بُننا کپڑے وغیرہ کا ۔

با فلان چہ داری - ف - یعنی فلان شخص
سے تجھکو کونسی دشمنی ہی -
بافتہ - ف - بُنا ہوا - اور نام ہی ایک قسم کے
کپڑے کا -
باقر - ع - بڑا عالم - بڑا الدار - شیر درندہ
اور امام پنجم کا لقب شریف -
باقل - ع - ترکاری بیچنے والا - اور نام
ایک شخص کا جو بڑا کُند زبان اور احمق تھا -
باقی - ع - بچا ہوا -
باک - ف - خوف ڈر -
باکرہ - ع - دوشیزہ - کنواری عورت
مگر یہ غلط ہی صحیح بکر بغیر الف ہی -
باکسے آتش شدن - ف - کسی پر غصہ کرنا -
باکورہ - ع - اوّل پھل - پہلا میوہ -
باکی - ع - رونیوالا -
بال - ع - دل - جان - عیش - عظمت -
بال - ف - آدمیونکے بازو - اور مرغون
کے پر - جیسے بال مگس - بال پروانہ - اور
ایک قسم کی بڑی مچھلی - اور امر ہی بالیدن کا
بال - ت - شہد -
بال افشاندن - ف - پرواز کرنا اُڑنا -
بالا و پست - ف - مراد آسمان و زمین سے
بالا و نشیب - ف - مراد آسمان و زمین سے
بالا - ف - اوپر - قد و قامت - بلندی -
درازی - کوتل گھوڑا - اور کنایہ ہی ملک
خراسان سے بھی -
بالادست - ف - حریف - غالب - ہر چیز
نفیس و بہتر و کامل - صدر مجلس -
بالاگرفتن - ف - بلند ہونا - اور کسی کو
غافل کرکے اُسکے مال سے کوئی چیز بیجا نا
اُٹھانا - رونق اور آراستگی پانا -
بالائی - ف - بلندی - اونچائی - اوپری
شی - ملائی دودھ کی -
باللہ - ع - قسم خدا کی -
بالاتفاق - ع - سب کے اتفاق سے -
بالاجاق - ع - غالب - حاکم - زبردست -
اِسی کے مقابل (زیر جاق) ہی جو بمعنی
مغلوب و محکوم و فرمانبردار کے ہی -
بالازدن - ف - گرانا - دے مارنا -
بالاستقلال - ع - مضبوطی کے ساتھ اور
تنہا کسی کام مین مصروف ہونا -
بالِ تدرو - ف - لکہ ابر - بادل کا ٹکڑا -
بالجملہ - ع - حاصل کلام -
بالش - ف - تکیہ -
بالشت - ف - مزید علیہ بالش کا جو بمعنی
تکیہ مشہور ہی -
بالشت پیل - ف - روئی کا بڑا تکیہ بناکے
نو گرفتار ہاتھی کو اُس سے باولی دیتے ہین
بالعشی والابکار - ع - شام و صبح -
بالغ - ع - گبھرو حد بلوغ کو پہونچا ہوا -
بالُغ - ف - پیمانہ شراب -
بالغدو والآصال - ع - صبح و شام -
بالغہ - ع - کاملہ -
بالمشافہہ - ع - آمنے سامنے - روبرو -
بالوس - ف - کا فر غیر خالص ملونی والا -
بالوعہ - ع - چھوٹا حوض جسمین گندہ پانی
پاخانہ وغیرہ کا جمع ہوتا ہی -
بالی - ع - } کہنہ پرانا -
بالیہ - ع -
بالیدگی - ف - بڑھنا درخت وغیرہ کا -
بالیدن - ف - جسم کا بڑھنا - روز بروز
زیادہ اُبھرنا درخت یا حیوان کا -
بالین - ف - سرہانا تکیہ -
بالین پرست - ف - بیمار شل اپاہج
آرام دوست جو تکیہ سے سر نہ اُٹھالے -
بالین جمشید - ف - اشارہ ہی طرف مسند
سکندر کے سکندر نامہ مین -
بالین شکستن - ف - تھوڑی تعظیم کرنا -
بام - ف - گھر کی چھت - اٹاری - اور اول
صبح مخفف بامداد کا -
بام طرف - چھت کا بیرونی حصہ جس کو
چھجہ کہتے ہین -
بامداد - ف - } صبح -
بامگاہ - ف -
بامدادان - ف - بمعنی بامداد - الف اور

نون اسمین زائد ہو جیسے بہاران اور
صُبحگاہان مین۔
بام زد۔ ف۔ نقارہ جو صبح کو بجے۔
بام زمانہ۔ ف۔ پہلا آسمان۔
بام مسیح۔ ف۔ چوتھا آسمان۔
بام نہم۔ ف۔ مراد عرش سے۔
بامہ۔ ف۔ لمبی داڑھی والا۔
بان۔ ع۔ نام ایک نازک درخت کا نام ایک
خوشبو کا۔ اور بید مشک کو بھی کہتے ہین۔
بان۔ ف۔ رنگ۔ نون۔ اور بمعنی دارندہ
جیسے فیلبان وغیرہ۔ اور ایک قسم آتشبازی
کی ہندی مین۔
بانگ۔ ف۔ آواز۔
بانگ خلیل اللّٰہی۔ ف۔ کُشتی گیر جب
حریف کو اُٹھا کر چاہتے ہین کہ زمین پر
دے مارین تو اللہ اکبر بلند آواز سے کہتے
ہین۔ اور وجہ اس نام کی یہ ہو کہ حضرت
ابراہیم علیہ السلام اُٹھتے بیٹھتے اللہ اکبر
فرمایا کرتے تھے۔
بانُو۔ ف۔ امیر کی بی بی۔ بیگم
بانُوے مشرق۔ ف۔ آفتاب۔
بانُوچ۔ ف۔ ہندی جھولا۔
بانہ۔ ع۔ عربی اسکی خانہ ہو۔ موے زہار
نکلنے کا مقام۔
بانوا۔ ف۔ آوازدار۔ بے پروا۔

بانی۔ ع۔ بنانیوالا۔ بنا کرنیوالا۔
باوُجود۔ ف۔ تسپر بھی۔
باور۔ ف۔ یقین۔
باورچی۔ ف۔ رسوئیا۔ روٹی پکانیوالا
باوصف۔ ف۔ باوجود۔
باوَلی۔ ف۔ منسوب طرف شہر باول کے
جہان ریشمی کپڑا خوب بُنا جاتا ہو۔
باوِرین۔ ف۔ کُتنی یعنی چھوٹی سی ٹوکری
جسمین روئی رکھکر عورتین سوت کاتتی ہین۔
باہ۔ ع۔ قوت۔ شہوت
باہر۔ ع۔ ظاہر۔ روشن۔ کھُلا ہوا۔
باہم۔ ف۔ آپس مین۔ ایک ساتھ۔
باہُو۔ ف۔ بڑی لاٹھی۔ لٹھ۔
باید۔ ف۔ } چاہیے۔
بایست۔ ف۔ }
بایس۔ ع۔ بڑا محتاج۔ فقیر۔
بایّ حال۔ ع۔ بمعنی بہر حال۔
بایستن۔ ف۔ چاہنا۔ لائق ہونا۔
بایستہ۔ ف۔ لائق۔ بہتر۔
بایستگی۔ ف۔ سزاواری۔ بہتری۔
بایزید۔ ف۔ نام ایک ولی مشہور کا جنکو
بایزید بسطامی کہتے ہین۔
بایع۔ ع۔ بیچنے والا۔

فصل با۔ مع بائے عربی و فارسی

ببال دیگرے پریدن۔ ف۔ دوسرے
کی حمایت پر کام کرنا۔
بباد آمدہ۔ ف۔ سکندر نامہ مین بمعنی فاحشہ
ببر۔ ع۔ بروزن صَبر ایک درندہ ہو جو شیر کا
دشمن ہو از مدار و برہان اور رشیدی
مین لکھا ہو کہ ببر بفتحتین ایک جانور صحرائی
ہو بلّی کی شبیہ مگر بڑے دُم اور اُسکے پوست
کا پوستین بناتے ہین اور بہار عجم مین لکھا ہو
کہ شیر کی ایک قسم ہو۔ اور یہ بھی مسموع ہوا
ہو کہ ایک قسم ہو شیر کی جو پشم دار ہوتا ہو
فارسی مین بائے دوم کے سکون سے مستعمل ہو
ببر۔ ف۔ چوہا۔ موش۔
ببغا۔ ف۔ } طوطی۔
ببّغا۔ ف۔ }
ببینی خط بر زمین کشیدن۔ ف۔ کمال
عاجزی کرنا۔ یعنی اسکے زمین پر ناک
رگڑنا۔
ببینی رسیدن۔ ف۔ قریب موت کے
پہونچنا۔ اپنی زندگی سے بیزار ہونا۔
بپر کار بودن۔ ف۔ باقاعدہ رہنا۔
بپشت ہم رفتن۔ ف۔ کسی کی مدد کرنا
اور مجازاً اغلام کرنا۔
بپوست کسی افتادن۔ ف۔ کسی کی
بدی اور غیبت اور عیب جوئی کرنا۔
بپوست گفتن۔ ف۔ اشارہ اور کنایہ سے
در پردہ بات کہنا۔

فصل با مع تاء فوقانی

بُت۔ ف۔ مورت۔ مجازاً معشوق۔

بَتّ۔ ع۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ اور مجازاً شجر فی نسخہ جو نثر عبارت میں ہر فقرے کے شروع پر دیتے ہیں مطلب یہ کہ فقرہ اول قطع ہو گیا۔

بِتا۔ ف۔ سینہ امر کا ہے بمعنی بگذار یعنی چھوڑ دے مصدر اسکا بتاسیدن ہے۔

بتاسانید۔ ف۔ یعنی بترسانید ڈرایا۔

بتاراج دادن۔ ف۔ مال اور اسباب وغیرہ کا تباہ اور برباد کر دینا۔

بتان۔ ف۔ مراد معشوقوں سے۔

بتر۔ ف۔ اسکی اصل بدتر ہے۔

بتر۔ ع۔ قطع کرنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ دُم کٹا ہونا۔ بے فرزند ہونا۔

بُت راہ۔ ف۔ مانع راہ۔

بُتکدہ۔ ف۔ بتخانہ۔ مندر۔

بتن بر داشتن۔ ف۔ } سخت بات کا تحمل کرنا اور
بتن بر گرفتن۔ ف۔ } مکروہ چیز کی برداشت کرنا۔

بَتُول۔ ع۔ کنواری عورت۔ دنیا کے علائق سے علاحدگی کرنے والی۔ اور اسی سبب سے جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کا لقب شریف ہوا۔

بتیارہ۔ ف۔ بلا۔ آفت۔ افسون۔ مکر فریب۔ مکروہ شی۔

فصل با مع ثاء مثلثہ

بَثّ۔ ع۔ ظاہر کرنا۔ خبر کا مشہور کرنا۔ غبار اُڑانا۔ بھید کا آشکارا کرنا۔

بُثر۔ ع۔ چھوٹے آبلے یا سرخ و زرد دانے جو فساد خون سے جسم پر نکلتے ہیں۔

بُثرہ۔ ع۔ چھوٹا آبلہ۔ چھوٹا دانہ۔

بُثور۔ ع۔ جمع بثرہ کی۔

فصل با مع جیم عربی و فارسی

بجا۔ ف۔ ٹھیک۔ درست۔

بجا آوردن نشاط۔ ف۔ عیش کا حق بخوبی ادا کرنا۔

بُجال۔ ف۔ زغال۔ کوئلہ۔

بجان آمدن۔ ف۔ تنگ آنا۔ دق ہونا۔

بجان آمدہ۔ ف۔ ناخوش۔ بیدماغ۔

بجان آوردن۔ ف۔ تنگ کرنا۔ قتل کرنا۔

بجاے آوردن۔ ف۔ جاننا۔ پہچاننا۔ کسی کام کا کرنا۔

بجس۔ ف۔ ناک کا تھنا۔ پرّہ بینی۔

بجنس۔ ف۔ ویسا ہی۔

بُجُول۔ ت۔ پاؤں کے گٹّے کی ہڈی جو کھیلنے کا پانسہ۔

بُجاق۔ ت۔ چھری۔ چاقو۔

بجاہ آوردن۔ ف۔ کسی کو ذلت دینا۔

بچراغ رسیدن۔ ف۔ دولتمند ہونا۔ کسی امیر کی خدمت میں پہونچنا۔

بچش۔ ف۔ ناک کا تھنا۔ سستی۔ رنج۔ مشقت۔

بچشک۔ ف۔ طبیب۔ بید۔

بچشم کردن۔ ف۔ انتخاب کرنا۔ کسی کی عزت اور وقار کرنا۔ چشم زخم پہونچانا

بچشم کم دیدن۔ ف۔ کسی کو ذلیل جاننا۔

بچکم۔ ف۔ گھر کی دار مکان۔ بھیڑیا۔

بچنگ آوردن۔ ف۔ حاصل کرنا۔

بچنگ و دندان راہ رفتن۔ ف۔ صعوبت اور سختی سے راہ چلنا۔

بچۂ خورشید۔ ف۔ لعل و یاقوت وغیرہ۔

بچۂ خونین۔ ف۔ سرخ آنسو۔

بچۂ طاؤس علوی۔ ف۔ آفتاب۔ روز روشن۔ آگ۔ لعل۔ یاقوت۔

بچۂ کوی۔ ف۔ وہ لڑکا جو رستے میں پڑا ہو اور اسکو کوئی پرورش کے لیے اُٹھالے۔

بچۂ نو۔ ف۔ حادثہ۔ ہر چیز کا نتیجہ۔ نئی کلی درخت کی۔ نئی شاخ۔

بچیز۔ ف۔ کمترین۔ کمینہ۔ حقیر چیز۔

فصل با مع حاے مہملہ

بحار۔ ع۔ جمع بحر بمعنی دریا۔

بحت۔ ع۔ صرف۔ خالص۔

بحۃ الصوت۔ ع۔ بیٹھ جانا آواز کا۔

بُحتری۔ ع۔ نام ایک شاعر مشہور کا عرب

مین منسوب طرف بحرؔ کے جو پدر قبیلہ تھا طے مین

بحث - ع - کھودنا - تکرار کرنا - کسی بات کی تحقیق کرنی -

بحر - ع - سمندر - بڑا دریا - اور اصطلاحًا بمعنی غور و فکر - اور وزن شعر -

بحرِ اخضر - ع - نام ایک دریا کا جسکے پورب طرف چین اور پچھم طرف مین اور اُتر طرف ہندا اور دکھن طرف سمندر ہو اور اُسمین بہت جزیرے ہین ایک اُنمین سے سراندیب ہی

بحر رَوان - ف جہاز - کشتی - اور یہ مرادی معنی ہین -

بحر کمان - ف - مراد اُس فاصلے سے ہی جو بعد کھینچنے کمان کے زِہ اور کمان کے درمیان مین ہو -

بحرِ معلّق - ع - کنایہ آسمان سے -

بحر نہنگ آسا - ف - کنایہ تلوار آبدار سے -

بحرِ وسیع - ع - کنایہ آسمان سے - اور صاحب ہمتونکے ہاتھ سے بھی مراد ہی -

بحران - ع - تپ کی بیماری مین جو مزاج مین ایک سخت تغیر ہوتا ہی -

بحرین - ع - روم اور فارس کے دونون دریا - اور نام ایک شہر کا اقلیم دوم مین جو بطرف مغرب کے واقع ہی -

بحریہ - ع - دریاے عمیق اور خطرناک -

بحری - ع - سمندری - دریائی -

بحل - ع - مباح - معاف -

بحور - ع - جمع بحر کی خواہ بمعنی دریا ہو اور خواہ بمعنی وزن شعر ہو -

بحیرا - ع - نام ایک راہب اور زاہد کا جو نصرانی تھا اور جسنے راہ شام مین آنحضرتؐ کو پیغمبر آخرالزمان پہچانا تھا حالانکہ آنحضرتؐ کم سن لڑکے تھے -

فصل با مع خاے معجمہ

بخار - ع - بھاپ جو نم جگہ یا پانی کے جوش دینے یا گرمی سے اُٹھتی ہی - اور مجازًا بمعنی تپ -

بخارا - ع - نام ایک شہر کا تورانین -

بخاک افگندن - ف - ذلیل کرنا - ظلم کرنا -

بخ بخ - ع - بمعنی خوشا - آفرین -

بخت - ف - بھاگ - قسمت - نصیب -

بختاور - ف - بھاگوان - نصیب ور -

بخت بلند - ف - لقب ایک میر زمیندار کا -

بختِ دندان خاے - ف - کنایہ ہی بُری تقدیر اور طالع ناموافق سے -

بختِ سفید - ف - اچھا نصیب -

بخت نصَّر - ع - نام ایک بادشاہ کافر کا بخت بمعنی پسر اور نصّر نام بت کا چونکہ اسکو حالت طفلی مین اُس بت کے آگے پڑا ہوا پایا تھا اور اسکے باپ کا نام معلوم نہ تھا اِسلیے اِسکا یہ نام رکھا گیا -

بخت و اتفاق - ف - بغیر مشقت اور بے سعی دولت کثیر پانا -

بختو - ف - } ہر چیز غرّانے والی اور شور
بختور - ف - } کرنیوالی - عمومًا اور رعد اور شیر خصوصًا -

بختہ - ف - بھیڑا بکرا - دُنبہ فربہ -

بختی - ع - زبردست اونٹ - اور ایک قسم ہی شتر بزرگ سُرخ رنگ کی جو جانب خراسان سے لاتے ہین اور یہ منسوب ہی طرف بخت کے جو بادشاہ تھا جسکو بختِ نصّر بھی کہتے ہین - بادشاہ مذکور نے عرب کی اونٹنی اور عجم کے اونٹ کو جفت کراکے شتر بختی حاصل کیا تھا -

بختیار - ف - قسمت والا - دولتمند -

بخر - ع - مُنہ کی بدبو - گندہ دہنی -

بخردی - ف - عقل - چترائی -

بخرد - ف - دانا - ہوشیار - عقلمند -

بخس - ع - کھوٹا روپیہ و اشرفی - تھوڑی قیمت - حقیر دام - ناقص -

بخشودن - ف - بخشنا - معاف کر دینا -

بخشیدن - ف - کسی کو کچھ عطا کرنا -

بخش - ف - حصہ - بخرہ -

بخشا - ف - امر ہی بخشیدن اور بخشائیدن کا -

بخشایش - ف - عطا - بخشش - مہربانی گناہ سے درگذر کرنا -

بخشش کرگس۔ف۔ وہ مرد جنگو کرگس یعنی گدھ کھائین۔
بخشی۔ف۔ تنخواہ تقسیم کرنیوالا ملازم۔
بخل۔ع۔ کنجوسی۔
بخور۔ع۔ وہ چیزین جنکے جلانے سے خوشبو پیدا ہو۔
بخور۔ع۔ مطلق خوشبو۔
بخیل۔ع۔ کنجوس۔
بخیہ۔ف۔ ایک قسم کی مضبوط سلائی کپڑے کی۔
بخیہ از روے کار افتادن ف۔ ظاہر ہو جانا بھید کا۔
بخیدہ۔ف۔ دھنکی ہوئی روئی۔

فصل با مع دال مہملہ

بد۔ع۔ چارہ۔ علاج۔ اور لا بد بمعنی ناچار اور بد بت کا معرب بھی ہے۔
بد۔ف۔ مخفف ہے بود کا۔
بد۔ف۔ صاحب۔ خداوند۔ جیسے سپہبد بمعنی صاحب سپاہ۔
بدا۔ع۔ شروع۔ نئی راے ظاہر کرنا۔
بدایت۔ع۔ شروع ہونا۔ ابتدا۔
بداغ۔ت۔ شاخ درخت۔ تلوار۔
بدال۔ع۔ بنیا۔ غلہ فروش اور بقال ساگ پات بیچنے والا۔
بدآموز۔ف۔ ابتر جسکی تعلیم خراب ہو۔

بداندیش۔ف۔ دشمن۔
بدان تا۔ف۔ بمعنی براے آنکہ۔
بداہت۔ع۔ بے سوچ اور اچانک کوئی بات ہو جانی۔ اور سخن بے سوچ۔
بدائع۔ع۔ نادرات بے مثل۔ چیزین نئی پیدا ہوئین اور مجازاً بمعنی اشیاے عجیب۔
بدتبار۔ف۔ نالائق کنبے کا۔ بداصل۔
بدتخمان۔ف۔ آدمی بداصل کسان اور غلہ فروش مفلس ظالم اور فاسق اور بدکار لوگ۔
بدجلو۔ف۔ گھوڑا سرکش۔
بدخشان۔ف۔ نام ایک ملک کا ہے جو درمیان ہندوستان اور خراسان کے واقع ہے اور وہان لعل اور سونیکی کان ہے
بدخش۔ف۔ مخفف ہے بدخشان کا۔
بدخش مذاب۔ف۔ کنایہ ہے لعل بدخشان اور شراب سرخ رنگ سے۔
بددل۔ف۔ ڈرپوک آدمی۔
بدر۔ع۔ چودھوین رات کا پورا چاند۔ اور نام ایک مقام کا جہان جناب سالتمآب کے زمانہ مین جنگ واقع ہوئی تھی۔
بدرام۔ف۔ گھوڑا سرکش۔ اور بمعنی خوش وخرم اور مقام آسایش بھی۔
بدرستی۔ف۔ بیشک واقعی۔
بدرقہ۔ع۔ محافظ۔ نگہبان۔ رہبر۔

بدرود۔ف۔ رخصت۔ وداع۔
بدرہ۔ع۔ ہزار روپیہ کی تھیلی۔
بدریا آمدن۔ کنایہ ہے مقام خطرناک پر ہو پہنچنے سے۔
بدزہرہ۔ف۔ ترسناک۔ بددل۔ وہمی۔
بدست۔ف۔ وجب۔ بالشت۔
بدستور۔ف۔ موافق قاعدہ کے۔ حسب عادت۔
بدست باش۔ف۔ آگاہ ہو۔ باخبر اور ہوشیار رہ۔
بدست شدن۔ف۔ کسی چیز کا ہاتھ مین آنا۔ حاصل ہونا کسی شی کا۔
بدست کم گرفتن۔ف۔ حقیر اور ناچیز جاننا کسی چیز کو۔
بدسگال۔ف۔ دشمن بدکردار۔ بدخواہ
بدعت۔ع۔ نئی بات اور نئی رسم دین مین نکالنی جو آنحضرت کے زمانہ مین نہ تھی۔
بدک۔ف۔ ہدہد جو پرندہ مشہور ہے۔
بدکردار۔ف۔ بدفعل۔ اوباش۔
بدکیش۔ف۔ بدمذہب۔ ناپاک۔
بدگہر۔ف۔ / بدگوہر۔ف۔ } بداصل۔ بدذات۔
بدل۔ف۔ کشتی گیرون کی اصطلاح مین بند یعنی پیچ کے توڑ کو کہتے ہین۔
بدلگام۔ف۔ گھوڑا سرکش۔

بَدَلِ مَا یَتَحَلَّل - ع - بدلہ اُس چیز کا جو بدن
سے کم ہو جائے -
بُدَلَا - ع - ایک گروہ ہے اولیا اللہ کا اور
یہ تمام عالم مین سات شخص مین سواے
ابدال کے اسلیے کہ ابدال تمام عالم مین
ستر شخص ہین -
بَدمَست - ف - متوالا مست نشہ سے
بَدَن - ف - تن جسم -
بَدنَام - ف - جسکا نام برا نکلگیا -
بَدنژاد - ف - بداصل جسکی پیدایش مین بدی ہو
بَدنِہاد - ف - بدذات -
بَدَندان خوش آمدن - ف - کنایہ ہے
لذت پانے اور محظوظ ہونے سے -
بُدُور - ع - جمع بدر بمعنی پورے چاند کی
بِدُون - ف - سواے - سواے اسکے -
بدو - ف - اُسکو - ساتھ اُسکے -
بَدو - ع - شروع ابتدا ظاہر ہونا بیابان
صحرا -
بَدَوِی - ع - جنگلی گنوار صحرانشین -
بَدَرنت - ف - آسرا - آسرے سے -
بَدَرہ - ف - پلاؤ کا خشکہ - ہر درخت جو میوہ دار
نہ ہو عموماً اور درخت بید خصوصاً -
بَدِیدہ - ع - بیابان فراخ -
بَدِیع - ع - انوکھا - نادر - نئی بات -
بَدِیل - ع - بدلہ کسی چیز کا - اور نام
حکیم خاقانی کا -
بَدِرین - ف - بمعنی بداین یعنی ساتھ اسکے
حرف اول کے کسرہ سے غلط ہے -
بَدِیہَہ - ع - بے سوچ کہنا - ظاہر -
بَدِیہیات - ع - } وہ چیزین جنکے جاننے
بَدَاہِیات - ع - } مین فکر کرنا نہ پڑے
بَدِیہی - ع - جسمین دلیل کی حاجت نہو -

فصل بامع ذال معجمہ

بَذ - ع - غلبہ کرنا -
بَذح - ع - پھاڑنا - شگاف دینا -
بَذخ - ع - غرور کرنا - گردنکشی کرنا -
بَذر - ع - جو تخم کہ چنے سے چھوٹا ہو مگر شرط
یہ ہے کہ جسکے بونے سے غلہ حاصل ہو مثل
چاول اور گیہون اور ماش وغیرہ کے -
بَذرَقہ - ع - راہبر -
بَذع - ع - خوف - ڈر -
بَذل - ع - بخشش عطا اور گھوڑے کی دوڑ
اور تیز رفتاری -
بَذلہ - ف - لطیفہ - چٹکلہ -
بَذِیّ - ع - مرد بے شرم -

فصل بامع راے مہملہ

بَر - ف - اوپر - پھل - سینہ - آغوش
بغل - جوان عورت کی پستان - چوڑائی
گود - نزدیک -
بَرّ - ع - نام خدا کا - خشک زمین - جنگل
نیک کردار - مہربان -
بِرّ - ع - نیکی بخشش -
بُرّ - ع - گیہون -
برء - ت - ایک جو پہلا عدد ہے -
بُرء - ع - بیماری سے اچھا ہونا -
بُرءُ السّاعت - ع - لفظی معنی اسکے اچھا
ہونا ایک ساعت مین - ایک دوا کا نام
جو مفید نزلہ اور رطوبات ہے - نام کتاب
امام زکریا رازی کا جو علم طب مین ہے -
بَرَاءت - ع - کسی چیز سے بیزاری - پاک
ہونا - دور ہونا -
برابر دویدن - ف - استقبال کرنا -
برابر کشیدن - ف - ترازو مین تولنا -
بَرات - ف - حصہ - بخرہ - اور وہ کاغذ
لکھا ہوا جسکے ذریعہ سے روپیہ خزانہ سے
وصول ہو -
برآتش نشست - ف - خراب ہونا
بَرَاجِم - ع - انگلیونکی پورین -
بُرادہ - ف - چورا -
بَرَاری - ع - جمع برّ بمعنی جنگل کی -
بَراز - ع - کھلا ہوا میدان جہان درخت
بالکل نہون -
بُراز - ع - پاخانہ - گوہ - گندگی - خواہ
انسان کا ہو خواہ جانور کا -
برازد - ف - بمعنی میزیبد -

بَرَاعَت - ع - فضل - فصاحت - بلاغت
دانش - روشنی - کامل ہونا ہنر مین -
بَرَاعَةُ الاستِهلال - ع - آواز دینا لڑکے
کا بوقت ولادت - اور اصطلاح انشی یا شاعر
کا کتاب کے خطبہ یا قصیدہ کے مطلع مین
ایسے چند الفاظ کا لانا جنسے معلوم ہو کہ یہ
کتاب اور قصیدہ فلان مطلب مین ہی -
بَرَاغَلیِیدَن - ف - کسی کو جنگ پر تیز کرنا
بَرَاُفتادَن - ف - دور ہونا - نابود ہونا -
بَرَافرُوختن موم - ف - نرم بات کہنا
بَرّاق - ع - چمکتا ہوا - چمکیلا -
بُراق - ع - اُس چوپایہ کا نام ہی جس پر
شب معراج مین رسول خداصلعم سوار ہوئے
تھے اسکا قد خچر سے چھوٹا اور گدھے سے
بڑا تھا -
بَرآمَد - ف - نکاس -
بَرآمَدَن - ف - باہر نکلنا - باہر آنا -
بَرآمدنِ گوہر - ف - مراد ہی ستارونکے
نکلنے سے -
بُرّان - ف - کاٹنے والا تیز -
بَرَانِ اَہرَمَن - ف - سکندرنامہ مین اشارہ
ہی ایک پہلوان سے جسکا نام زرَراجہ تھا اور
جو زنگبار کا رہنے والا تھا اور لنگر جو شاہ
زنگبار کے ہمراہ آیا تھا - اہرمن بمعنی شیطان
بَرآن دل - ف - یعنی برآن ارادہ -

بر اندانہ - ف - سکندرنامہ مین مراد ہی
آسمان سے -
برآن سر - ف - یعنی برآن ارادہ -
بر انگشت پیچیدن - ف - یاد رکھنا -
مشہور کرنا -
برآورد - ف - آنکنا - جانچنا - تنخواہ تقسیم
کرنیکا کاغذ -
برآوُردن - ف - لانا - باہر لانا -
برآویختن - ف - لٹکانا -
بُراہام - ع - نام ایک جہود کا جو زمانہ بہرام گور
مین تھا نہایت بخیل اور کنجوس -
بَراہمہ - ف - برہمن لوگ -
بَراہِین - ع - دلیلین جمع بُرہان کی -
برائے - ف - واسطے - لیے -
بَرایا - ع - رعیت - دنیا کے لوگ - جمع
بَرِیّت کی -
بر بالیدن - ف - آستین اور پائنچون کا
چڑھانا واسطے دوڑنے کے اور مجازاً بمعنی
گریختن یعنی بھاگنا -
بر پایچہ ریدن - ف - نہایت ڈرنا -
بَربَر - ف - ایک ملک ہی طرف حبشہ کے
جہانکے آدمی سانولے ہوتے ہین -
بر بست - ف - قاعدہ - قانون - دستور
بُربَط - ع - نام ایک باجے کا ہی اسکو
عود بھی کہتے ہین -

بر بناگوش زدن - ف - طپانچہ مارنا -
آگاہ اور خبردار کرنا -
برتافتن - ف - موڑنا - بل دینا -
بَرتکان - ف - کملی - فقیرونکی گدڑی
بُرثُن - ع - نام قبیلہ کا - درندون کی
انگلیان - چنگل شیر اور گل درندون اور
مرغان شکاری کا -
بُرج - ع - وہ عمارت جو گول ہو - گنبد
بارھوان حصہ آسمان کا اور سکندرنامہ
مین مراد ہی مجلس سے -
بُرجاس - ع - نشانہ تیر وغیرہ -
بُرج آبی - ف - سرطان - عقرب - حوت
بُرج آتشی - ف - حمل - قوس - اسد -
بُرج بادی - ف - جوزا - میزان - دلو -
بُرج خاکی - ف - ثور - سنبلہ - جدی -
بَرجستن - ف - کودنا -
برجستہ - ف - ٹھیک - چست - تحفہ -
برجند - ف - نام ایک قریہ کا خراسان سے -
برجیس - ف - ستارہ مشتری -
برچشم گفتن - ف - قبول کرنا - اور اس
معنی مین بچشم گفتن بھی آیا ہی -
برچیدن - ف - چگنا -
برچیزے چشم سرخ کردن - ف
کسی چیز کی لالچ کرنا -
برچین قبا بستہ - ف - مراد مستعد سے

برحق - ف - سچ - درست -
برخ - ف - ٹکڑا - حصہ -
برخاستن - ف - اُٹھنا -
برخرِ خود سوار شدن - ف - } اپنے
برخرِ خود نشستن - ف - } گناہ
اور بداعمالی کی سزا مین گرفتار ہونا -
برخُودچیدن - ف - غرور کرنا - فخر کرنا -
برخوردن - ف - ملاقات کرنا - سامنا
ہونا - ایک چیز کا دوسری چیز سے ملنا -
نفع یاب ہونا -
برخوردار - ف - خوش - پھلا پھولا -
اور یہ دعا ہی واسطے چھوٹے کے -
برخویش نابخشودن - ف - ایسی چیز کا
قصد کرنا جسمین خطرۂ جان ہو -
برخے - ف - یاے مجہول سے تھوڑا سا -
بہت کم - اور برخے بروزن درپے بمعنی
فدیہ - قربانی - صدقہ - زکوٰۃ -
برخیا - ع - آصف حضرت سلیمان علیہ السلام
کے وزیر کے والد کا نام تھا -
برد - ع - سردی - سرد ہونا - ہمیشہ ہونا
قیام کرنا - ٹھہرے رہنا -
بُرد - ع - ایک قسم کا دھاری دار کپڑا
اور قصیدۂ بُردہ اسی سے ہے -
برَد - ع - تگرگ یعنی اولا جو بادل سے
برستا ہے -

برِد - ع - جو چیز کہ سرد ہو مثل برف کے -
بُرد - ف - ایک قسم ہے بازی شطرنج مین
کہ حریف کے تمام مُہرے پٹ جائین فقط
شاہ باقی رہجائے اور یہ بمنزلۂ نصف
مات کے ہے -
برداشتن - ف - اُٹھانا -
برداشت - ف - بمعنی سواری - اور
اُٹھانا کسی چیز کا -
بُردبار - ف - سہنے والا -
بُردجرد - ف - نام ایک قصبہ کا جو قریب
ہمدان کے واقع ہے -
بردرجلال زدن - ف - غصہ کرنا -
بردِ عجوز - ع - یہ سات روز آخر جاڑے
مین ہوتے ہین - تین روز اخیر پھاگن
کے اور چار روز شروع چیت کے -
بردع - ع - توابع ایران سے ایک ملک
ہے جہان سکندر کے وقت مین نوشابہ کی
بادشاہت تھی -
بردُنبہ دندان زدن - ف - کنایہ ہے
اغلام کی رغبت سے اسلیے کہ دُنبہ چوتڑ
کو کہتے ہین -
بردہ - ت - قیدی - غلام - لونڈی -
بُردیمانی - ع - یمن کی چادر - اور مُراد
رسول مقبول کے کفن مُبارک سے -
برذعہ - ع - گدھے کا پالان -

بررُو دویدن - ف - شوخی کرنا -
برروے روزافگندن - ف - اپنے
بھید کو ظاہر کردینا - کسی بات کا ظاہر کرنا
بررہ - ع - نیک لوگ جمع بارّ کی -
برز - ع - قدر - شکوہ - مرتبہ - بلندی
انسان کا قد - تنہ درخت کا -
برز - ع - زراعت - زیبائی - زینت
پرہیزگار - عقلمند -
برزخ - ع - زمانہ موت سے قیامت تک
اور جو چیز کہ مخالف دو چیزون مین حائل
ہو جیسے اعراف بہشت اور دوزخ مین برزخ
ہے اور بندر بہائم اور انسان مین -
برزدن - ف - اصطلاحًا گانا -
برزگر - ف - زراعت کرنیوالا دہقان
اور جو لوگ بذرگر ذال سے کہتے ہین غلط ہے
صحیح بعد باے موحدہ کے راے مہملہ ہے -
برزمین زدن - ف - بے اعتبار کرنا -
برزن - ف - کوچہ - گلی - محلہ -
برزین - ف - نام ایک کتاب کا دین مین
آتش پرستی کے - یا نام آتشکدہ کا -
برسام - ف - ایک بیماری کا نام ہے جسکو
عربی مین ذات الجنب کہتے ہین اور اصل
مین ورم کرنا اُس پردہ کا جو زیر بغل ہے کیونکہ
(بر) بمعنی بغل اور (سام) بمعنی ورم ہے -
برسرآمدن - ف - غالب ہونا - آخر ہونا -

بر سر پیچیدن - ف - نام ایک داؤ کا کشتی کے پیچوں مین سے -

بر سر پا آمدن - ف - ظاہر ہونا -

بر سر من - ف - یعنی ذمہ من -

بر سنگ زدن - ف - کہنا - ظاہر کرنا -

برش - ف - خربزہ وغیرہ کی پھانک -

برشتن - ف - بھونا -

برشکال - ف - کاف عربی سے - برسات

برص - ع - کوڑھ - بدن کا بگڑ جانا مزاج کے فساد سے - سیاہ یا سفید دھبے پڑ جانا -

برصیصا - ع - نام ایک ولی کا جو شیطان کے بہکانے سے کافر ہو گیا تھا -

بر طاق ابروے کسے مے خوردن ف - کسی کی یاد پر شراب پینا -

بر طاق بلند گذاشتن - ف -
بر طاق بلند نہادن - ف - } کسی کو مرتبہ اعلیٰ پر پہونچانا - کسی چیز کو کمال آرایش و نمایش دینا - کسی چیز کو بلند مقام پر رکھنا کہ جہاں ہاتھ کسی کا نہ پہونچ سکے - ترک کرنا - بھول جانا

بر طبع خوردن - ف - ناخوش و ناپسند آنا - غمگین ہونا -

برطرف - ف - موقوف - کام سے الگ -

برطلہ - ع - کلاہ - ٹوپی -

برعکس - ف - اُلٹا -

برغست - ف - پانی کی نہر - نام ایک قسم کے ساگ کا جو مثل پالک کے ساگ کے ہوتا ہے -

برغوث - ع - کیک - پسّو -

برغو - ف - حیوان کا سینگ جو اندر سے پولا ہو اور مثل نفیری اُسکو بجائین -

برفور - ف - بہت جلد -

برق - ع - بجلی - چمک بجلی کی -

برقہ - ع - مزید علیہ ہے برق کا -

بر قالب زدن - ف - مہیا کرنا کسی کام کو سرانجام دینا -

برق و زرق - ف - روشنی و آراستگی -

برقرار - ف - قائم - ٹھہرا ہوا -

برقع - ع - عورت کے چھپنے کا پردہ جسکو سر سے اوڑھ کر کے باہر نکلتی ہے -

برکات - ع - جمع برکت کی -

برکار - ف - پستان اور سینہ کی برآمدگی - اور بمعنی معشوق بھی آتا ہے -

برکت - ع - زیادتی - نیک بختی - افزایش -

برکت شدن - ف - تمام ہونا - مرنا -

بر کردن - ف - روشن کرنا - ظاہر کرنا -

بر کشیدن - ف - وزن کرنا - تولنا - رتبہ کسی کا بڑھانا -

برکہ - ع - پانی کا حوض -

برکی - ف - منسوب طرف برک کے - ایک قسم کا کپڑا ہے جو اونٹ کے بالون سے بناتے ہین اور یہ اکثر فقیروں کا لباس ہوتا ہے

برگ - ف - سامان - اسباب - سرانجام - التفات - پروا - پتا درخت کا -

برگ بید - ف - نام ہے ایک قسم کے خنجر کا جسکو بشکل برگ بید بناتے ہین -

برگردیدن - ف - پھر جانا پہلی بات پر نہ رہنا

برگ ریز - ف -
برگ ریزان - ف - } خزان کا موسم -

برگزیدن - ف - پسند کرنا چھانٹنا -

برگستوان - ف - گھوڑے کی گردنی یا کھر لڑائی کا لباس جو بروقت جنگ کے آپ بھی پہنتے ہین اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہین -

برگ سبز - ف - کم مقدار - حقیر چیز - تحفہ فقیر کا جو امیروں کے پاس بامید بہبودی جائے -

برگ سبز فرستادن - ف - یہ ہم معنی ہے گل فرستادن کا - ولایت مین یہ رسم ہے کہ ایک پہلوان اپنے مقابل دوسرے پہلوان کے پاس پھول بھیجتا ہے اور یہ اشارہ ہے اس بات کا کہ ہم تم سے کشتی لڑنا چاہتے ہین -

بر گناہ گوش زدن - ف - تنبیہ کرنا -

برگشتن - ف - پھر جانا - حکم نہ ماننا سکندری مین معنی عاجز ہونا -

برگشتہ - ف - پھرا ہوا -

برگ و نوا - ف - کھانے کا سامان توشہ خوراک کا -

برلنگ زدن - ف - بھاگنا -

برمالیدن - ف - عضو کا ملنا -
برمژگان دویدن - ف - کوئی چیز آنکھ سے دکھائی دینا -
برمچیدن - ف - کسی کے بدن پر نرمی سے ہاتھ پھیرنا -
برمک - ف - نام ایک مرد آتش پرست کا جو آخر عمر مین مسلمان ہوا اور بیٹا اُس کا خالد حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا -
برملا - ف - بر سر مجلس - لوگون کے سامنے -
برنا - ف - جوان - گبھرو ظریف -
برنائی - ف - جوانی -
برنج - مب - مُعَرَّب برنگ کا پیتل -
برنج شمالہ - ف - زرد پلاؤ - زردہ -
برنجن - ف - دست بند - بازو بند -
برنس - ع - سیاہ بانون کا بُنا ہوا کپڑا یہ کپڑا نادر اور گران قیمت ہوتا ہی اور سفید رنگ کا بھی ہوتا ہی اور یہ نصرانیون اور آتش پرستون کا لباس ہی - اور صحاح مین لکھا ہی لمبی ٹوپی جو راہب پہنتے ہین -
برنشاندن - ف - بٹھلانا -
برنشست - ف - اصطلاحاً سوار ہونا -
برونغار - ت - لڑائی کے وقت بادشاہ کے دہنے طرف کی فوج -
برواره - ف - گرمی کا مکان جو نہایت سرد ہو - بالاخانہ کی کھڑکی -

برو دبست راہ - ف - یعنی تردد مین ڈالنا اور تدبیر کرنے سے باز رکھا -
بروت - ف - مونچھ -
بروت کسے ریختن - ف - زبون کرنا کسی کو مغلوب کرنا -
بروت کسے را پنبہ نہادن - ف - کسی کو بنانا - مسخرہ پن اور ظرافت کرنا -
بروج - ع - جمع برج کی -
بروجہے - ف - ایسی درجہ پر -
برودت - ع - سردی -
برو درماندن - ف - شرمندہ ہونا عاجز ہونا -
بروزہ - ف - دامن کی سنجاف -
بروز - ع - باہر نکلنا - ظاہر ہونا -
بروز سیاہ نشاندن - ف - خراب حال کرنا - بدحال کرنا -
بروز فلانی نشیند - ف - یعنی مثل اُسکے تباہ حال اور گرفتار ہو -
برومند - ف - بارور - برخوردار - کامیاب -
برون - ف - مخفف بیرون کا - باہر - باہر کیطرف - سوا -
بروے آب آوردن - ف - ظاہر کرنا -
بروے استادن - ف - حریف ہونا -
برہ - ف - بکری کا بچہ - ہرن کا بچہ - اور برج حمل جو محل شرف آفتاب کا ہی -
برہان - ع - دلیل - درجہ عقلی -

برہم - ف - اُلٹ پُلٹ - خفا - ناراض -
برہنگی - ف - ننگا پن ننگ پن -
برہنہ - ف - ننگا - لُچا -
برہنہ گوئی - ف - ظاہر - ظاہر کرنا -
برہون - ع - صابون جس سے کپڑا دھوویں -
برہیختن - ف - کھینچنا - اختصار کرنا -
بری - ع - پاک - الگ - بے قصور -
بری - ع - جو چیز کہ زمین خشک اور صحرا مین ہو -
بریان - ف - بھنا ہوا -
بریانی - ف - نمکین پلاؤ کی ایک قسم -
بریت - ع - خلق اللہ - مخلوق -
بریدن - ف - کاٹنا -
برید - ع - قاصد - نامہ بر -
برید فلک - ف - چاند یعنی آسمان کا قاصد بوجہ سریع السیر ہونیکے یہ اصطلاح ہی -
بریخ زدن - ف - بھول جانا - مٹا دینا
بریخ نوشتن - ف - نابود کرنا -
بریسمان عجب افتادن - ف - شخص مکار کے ساتھ معاملہ مین پڑنا -
بریسمان کسے بچاہ افتادن - ف - کسی دوسرے کے سبب سے بلا مین پڑنا -
بریش - ف - مخفف ابریشم کا -
بریشم - ف - ریشم -
بریش کسے فراغت داشتن - ف - کسی کی ڈاڑھی پر گہنا - اسلیے کہ فراغت بمعنی

کہنے سے مستعمل ہے۔

برِیق۔ ع۔ درخشندگی۔ روشن۔ اور چمکا چوند لگانیوالا۔

برِین۔ ف۔ بہت۔ اوپر۔ برتر۔ بلند۔

فصل با۔ مع زاے معجمہ

بزّ۔ ع۔ کپڑا۔ جامہ۔ پونجی۔ گھر کا اسباب۔

بُز۔ ف۔ بکری۔ برج حمل۔ مسخرہ۔

بزّاز۔ ع۔ کپڑا بیچنے والا۔ اسباب بیچنے والا

بزاق۔ ع۔ تھوک۔ تُف۔

بُزان۔ ف۔ لفظ مفرد ہے بمعنی شہوت نشان

بزآویز۔ ف۔ نام ایک داؤ کا کشتی مین

بزبان برداشتن۔ ف۔ چاپلوسی کرکے

بزبان گرفتن۔ ف۔ کسی کو فریب دینا۔ کسی کو نالائق باتین کہنا۔

بزبازی۔ ف۔ بکرے اور بندر کا نچانا۔

بزجگر۔ ف۔ ڈرپوک آدمی۔

بزدوی۔ ع۔ منسوب طرف شہر بزدہ کے

بزر۔ ع۔ ترکاری اور پھلون کے تخم بیج

بزرجمہر۔ ف۔ نوشیروان بادشاہ کے وزیر اعظم کا نام۔

بزرگ۔ ف۔ بڑا۔ نام ایک مقام کا بارہ مقامون موسیقی سے۔

بزرگ۔ ف۔ کتان یعنی السی۔

بزرگی از سر نہادن۔ ف۔ عاجزی کرنا۔

بزرگوار۔ ف۔ مزید علیہ بزرگ کا۔

بزِشک۔ ف۔ طبیب۔

بزغالہ۔ ف۔ پہاڑی بکری کا بچہ اسلیے کہ غال بمعنی درہ کوہ ہے اور ہا نسبت کی

بزقدم۔ ف۔ حقیر۔ ناتوان۔ بہت سُست چلنے والا۔

بزگر۔ ف۔ وہ شخص جو لڑائی کے مینڈھے سدھا کر لڑاوے۔

بزگرفتن۔ ف۔ ہزل اور مسخرہ پن کرنا۔

بزگیری۔ ف۔ مکر وحیلہ کرنا۔ چوری کرنا

بزل۔ ع۔ سختی۔ شدت۔ شگاف دینا۔

بزم۔ ف۔ سبھا۔ مجلس شراب کی۔ جشن

بزم دیگر۔ ف۔ سکندر نامۂ بحری مین مراد سکندر نامۂ بحری سے۔

بزم سنگین۔ ف۔ وہ مجلس جسمین بڑا انبوہ آدمیونکا جمع ہو۔

بزم فخام۔ ف۔ کنایہ دُنیا سے۔

بزمگاہ۔ ف۔ مجلس شراب کی اور مقام عیش و عشرت کا۔

بزمہ۔ ف۔ چھوٹی مجلس۔ گوشہ محفل کا۔ مجلس شراب کی۔

بزنگاہ۔ ف۔ اُس مقام سے کنایہ ہے جہان قزاقون اور راہزنونکا خوف ہو۔

بزور۔ ع۔ جمع بزر کی جسکے معنی گذرے۔

بزور۔ ف۔ ساتھ زور کے۔

بزوغ۔ ع۔ روشنی۔ طلوع۔

بزہ۔ ف۔ گناہ۔ خطا۔ ظلم۔

بُزہ۔ ف۔ میوۂ شیرین اور خوشبودار۔

بزہ کار۔ ف۔ گنہگار۔ خطاکار۔

بزیر قلم آوردن۔ ف۔ اپنی حکومت کے تحت تصرف مین لانا۔

فصل با۔ مع سین مہملہ

بس۔ ف۔ بہت۔ کافی۔ اور حرف تشبیہ کا جیسے شیر بس بمعنی مانند شیر۔ اور کباب کی سیخ کو بھی کہتے ہین۔

بسا۔ ف۔ بہت۔ اکثر۔ تمام۔ اور نام ایک شہر کا فارس مین۔

بساتین۔ ع۔ جمع بستان بمعنی باغ۔

بساط۔ ع۔ بچھونا۔ فرش۔ چٹائی وغیرہ۔ شطرنج کا کپڑا۔ کشادگی میدان کی۔ دسترس۔ پونجی۔ گھر کا اسباب۔ سرمایہ۔ قدرت۔ چمڑے کا دستارخوان۔

بساط خانہ۔ ف۔ گھر کا اسباب۔

بسالت۔ ع۔ شجاعت۔ دلیری۔

بسام۔ ع۔ ہنستا ہوا۔ کھیلتا ہوا۔

بسان۔ ف۔ مانند۔ ویسا ہی۔

بسائط۔ ع۔ جمع بسیط کی مراد اُس سے اربع عناصر۔ پانی۔ آگ۔ خاک۔ ہوا۔

بسباسہ۔ ع۔ جاوتری۔

بست۔ ف۔ عدد بیس کا۔

بُست۔ ف۔ ایران مین ایک شہر کا نام

اور ایک وقت ہی منحوس بمقدار بارہ ساعت کے کہ بعد تین رات دن کے دورہ کرتا ہی۔ ہندی مین اُسکو بھدرا کہتے ہین۔
بُستان۔ ع۔ پھلواری۔ باغ۔ یہ بوستان سے عربی بنایا گیا ہی۔
بُستان افروز۔ ف۔ پھول تاج خروس کا ہندی کلغا۔
بُستان سرا۔ ف۔ خانہ باغ۔
بُستر۔ ف۔ بچھونا۔ چٹائی وغیرہ۔
بست شکستن۔ ف۔ حد سے گذر جانا۔
بُستُم۔ ف۔ بیسوان یعنی (۲۰)۔
بستن۔ ف۔ باندھنا۔
بستن تیغ۔ ف۔ کنایہ ظاہر ہونے۔
بستہ۔ ف۔ بقچہ۔
بستہ نگار۔ ف۔ ایک قسم راگنی کی۔
بُسَّد۔ ف۔ مرجان۔ مونگا۔
بُسر۔ ع۔ کچا چھوہارا۔
بُسراق۔ ع۔ یاقوت زرد ہندی پکھراج۔
بسر پیچیدن۔ ف۔ منت خوشامد کرنا۔ اور نام ایک داؤ کا کشتی مین۔
بسر پا آمدن۔ ف۔ مرض سے شفا پانا۔
بسر زلف صحبت داشتن۔ ف۔ پریشان اور خراب حال ہونا۔ اور خیال و رنج کا کرنا۔
بسر شدن۔ ف۔ آخر ہونا۔

بسر کشیدن۔ ف۔ کسی رقیق چیز کو ایک ہی گھونٹ مین ایکبارگی پی جانا۔
بسر کسے گردیدن۔ ف۔ کسی کے سر کے گرد پھرنا۔
بسط۔ ع۔ بچھانا۔ پھیلانا۔ فراخی۔
بسطام۔ ع۔ نام ایک شہر کا جہان حضرت بایزید پیدا ہوے تھے۔ اسکی باکو ضمہ غلط ہی۔ کسرہ یا فتحہ ہی۔
بسطت۔ ع۔ فراخی۔ کشادگی۔
بِسمِل۔ ع۔ زخمی۔ گھائل۔
بِسم اللہ۔ ع۔ خدا کے نام سے شروع کرتا ہون۔
بسملہ۔ ع۔ مخفف بسم اللہ کا۔ اور معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنے کے۔
بسند۔ ف۔ } کافی۔ کافی ہونا۔ بس کیا ہوا۔ پسند کیا ہوا۔
بسندہ۔ ف۔ }
بسوراخ مار گریختن۔ ف۔ کنایہ ہی نہایت اضطراب سے۔
بسے۔ ف۔ } بہت
بسیار۔ ف۔ }
بسے بر نیامد۔ ف۔ یعنی تھوڑی مدت بھی نہین گذری۔
بسیچ۔ ف۔ قصد۔ ارادہ۔ تیاری۔
بسیچیدن۔ ف۔ ارادہ کرنا۔

بسیط مُسبّع۔ ع۔ کنایہ زمین سے باعتبار سات اقلیم ہونیکے۔
بَسِیم۔ ع۔ ہنسنے والا۔ مسکرانیوالا۔

فصل با مع شین معجمہ

بُش۔ ف۔ ہر چیز کا بند۔ لوہے کے بند جو صندوق وغیرہ پر لگاتے ہین۔ اور جوڑ جو چاندی سونے پر لگایا جاتا ہی یعنی ٹانکا۔
بشارت۔ ع۔ خوشخبری۔
بشاشت۔ ع۔ کشادہ روئی خوش طبعی خوش ہوکر بات کہنا۔
بَشّاش۔ ع۔ خوش تازہ رو۔
بشخودن۔ ف۔ چھیلنا۔
بَشر۔ ع۔ آدمی۔ انسان۔ اسمین مذکر اور مونث برابر ہین۔
بشر حافی۔ ع۔ نام ایک ولی کا جو ننگے پانون پھرا کرتے تھے۔
بشر طِ خرد۔ ف۔ بمقتضاے عقل۔
بَشرہ۔ ع۔ چہرہ۔ مکھ۔
بُشریٰ۔ ع۔ خوشخبری۔ اچھی خبر۔ اور نام ایک شخص کا جسنے حضرت یوسفؑ کو کنوین سے نکالا تھا۔
بشریت۔ ع۔ آدمیت۔
بَشِع۔ ع۔ وہ چیز جو بدمزہ ہو اور کھانے مین گلا پکڑے۔
بشقاب۔ ت۔ بڑی رکابی۔

بشک۔ ت۔ دوڑنا۔ جھوٹ بولنا۔ عشوہ غمزہ۔ ناز۔

بشک۔ ت۔ زلف۔ سر کے بال۔

بشکال۔ ف۔ برسات۔

بشکن بشکن۔ ف۔ ہنگامہ جوش و خروش کا اور گاتے وقت چٹکی بجانا۔

بشکولیدن۔ ف۔ چالاکی کرنا۔

بشمشیر سخن گفتن۔ ف۔ مراد جنگ کرنا۔

بشن پد۔ ہ۔ ایک ہندی راگ کا نام ہے مثل دھرپد کے۔

بشولیدن۔ ف۔ پریشان کرنا۔

بشیر۔ ع۔ خوشخبری دینے والا۔ اور خوبصورت آدمی۔

فصل با۔ مع صاد مہملہ

بصارت۔ ع۔ نظر۔ بینائی آنکھ کی۔

بصائر۔ ع۔ جمع بصیرت کی جسکے معنی بینائی اور زیرکی دل کے ہیں۔

بصر۔ ع۔ آنکھ۔ بینائی۔

بصرہ۔ ع۔ نام مشہور شہر کا۔

بصل۔ ع۔ پیاز۔

بصلہ۔ ع۔ ایک گٹھی پیاز کی اور لوہے کا خود۔

بصیر۔ ع۔ دانا۔ بینا۔ اور اصطلاحاً اندھے کو بھی کہتے ہین۔

بصیرت۔ ع۔ بینائی دل یعنی دانائی

فصل با۔ مع ضاد معجمہ

بضاعت۔ ع۔ پونجی۔ سامان جس سے سوداگری کرین۔ مال۔ اسباب۔

بضع۔ ع۔ تین سے نو تک جو عدد ہو۔

بضع۔ ع۔ نکاح۔ عورت کا اندام نہانی۔

بضع۔ ع۔ گوشت کاٹنا۔ سیراب ہونا۔

بضعہ۔ ع۔ گوشت تازہ بضعہ پارہ گوشت

فصل با۔ مع طاے مہملہ

بط۔ ع۔ بطخ۔ صراحی شراب کی جو بصورت بطخ بناتے ہین۔

بطاعت گیر۔ ف۔ یوسف زلیخا مین اسکے معنے یہ ہین۔ کہ ایسا خدا ہے کہ طاعت ریائی یعنی دکھلانے والی عبادت پر مواخذہ کرتا ہے۔

بطال۔ ع۔ ناچیز آدمی۔ معطل۔ بیکار۔ دروغگو۔ بڑا بہادر۔

بطالت۔ ع۔ بیکاری۔ ہزل۔

بطالت۔ ع۔ دلیری۔

بطانہ۔ ع۔ راز پوشیدہ۔ رضائی وغیرہ کا استر۔ پیٹ کے اندر کی چیزین اور مجازاً بمعنی ارادۂ باطن۔ اور بمعنی دوست دلی کے بھی آیا ہے۔

بطحا۔ ع۔ صحراے مکہ معظمہ اور کبھی بطحا سے مراد خود مکہ معظمہ ہوتا ہے۔

بطرح دادن۔ ف۔ جنس کا گران بیچنا رعیت کے ہاتھ زور و ظلم سے۔

بطریق۔ ع۔ نصرانی اور آتش پرستوں کا زاہد اور پیشوا۔ رومیوں کی فوج کا سردار۔

بط سرخاب زلے۔ ف۔ شراب کی صراحی

بطش۔ ع۔ حملہ۔ حملہ کرنا۔ دلیری۔

بطک۔ ف۔ شراب کی چھوٹی صراحی۔

بطل۔ ع۔ بہادر۔ شجاع۔ پہلوان اسکی جمع ابطال آتی ہے۔

بطلان۔ ع۔ ناچیز اور ضائع ہونا۔

بطلیموس۔ ع۔ نام حکیم یونانی کا جسکی تصنیف کتاب مجسطی ہے۔

بطن۔ ع۔ پیٹ۔ شکم۔

بطون۔ ع۔ جمع بطن کی چھپانا۔ پوشیدگی

بطوء۔ ع۔ دیر۔ آہستگی۔

بطیخ۔ ع۔ خربزہ۔

بطین۔ ع۔ بزرگ شکم۔ بڑے پیٹ والا

بطی۔ ع۔ دیر کرنیوالا۔ آہستہ۔

فصل با۔ مع عین مہملہ

بعث۔ ع۔ اٹھنا۔ روانہ کرنا۔ زندہ کرنا اور لشکر جو کسی طرف روانہ کیا جاے نیند سے جگانا۔ پراگندہ کرنا۔ اور کبھی مراد قیامت سے

بعثت۔ ع۔ برانگیختگی۔ اٹھاؤ۔ بیداری اور پراگندگی۔

بعث و نشر۔ ع۔ کنایہ روز قیامت سے۔

بعد۔ ع۔ پس۔ پیچھے۔

بُعد۔ع۔ دُوری۔
بَعَر۔ع۔ } اونٹ و بکری و ہرن وغیرہ کی
بَعَرہ۔ع۔ } مینگنیان۔ فارسی پشک۔
بَعض۔ع۔ کوئی۔ کچھ۔ کسی چیز کا ٹکڑا
بَعِض۔ع۔ پشہ۔ مچھر۔
بَعضی۔ع۔ اسمین یاے تحتانی وحدت کی ہے
بَعلَبَک۔ع۔ نام ایک شہر کا شام مین
کہ قوم الیاس علیہ السلام کی وہان بَعل نام
ایک بُت کو پوجتی تھی۔
بَعل۔ نام ایک بُت کا۔ اور بمعنی شوہر مالک
بَعُوض۔ع۔ پشہ۔ مچھر۔
بَعِید۔ع۔ دور۔
بَعِیر۔ع۔ اونٹ۔
بِعَینِہٖ۔ع۔ عَینُ مَین۔ وہی۔

فصل با۔ مع غین معجمہ

بُغا۔ع۔ چاہنا۔
بِغا۔ع۔ زنا کرنا فاحشہ ہونا۔
بَغا۔ف۔ بمعنی ہیز۔ مُخَنَّث۔
بُغاث۔ع۔ ایک مرغ ہے سیاہ رنگ کہ
مردار کو کھاتا ہے۔ ظاہرا کرگس۔ ہندی گِدھ۔
بَغاوَت۔ع۔ دنگا۔ پھرجانا۔
بَغتَۃً۔ع۔ اتفاقاً۔ فوراً۔ اچانک۔
بُغچہ۔ت۔ چھوٹی گٹھری۔ کپڑون وغیرہ کی
بَغداد۔ع۔ نام ایک مشہور شہر کا اصل مین
باغ داد تھا یہ ایک باغ تھا کہ یہان ہر ہفتہ
نوشیروان عادل آکر مظلومون کی داد
دیتا تھا کثرت استعمال سے الف ساقط ہوگیا
اور اصطلاحاً بمعنی خراب۔ کہنہ۔ اور کنایہ شراب
کے پیالہ سے اور لوطیونکی اصطلاح مین شکم پیٹ
بَغدادِ خالی۔ف۔ م کنایہ ہے خالی پیالے
بَغدادِ خراب۔ف۔ } اور خالی پیٹ
بَغدادِ کہنہ۔ف۔ } سے۔
بَغرا۔ع۔ ایک قسم کا کھانا ہے جو گوشت
اور چاول ڈال کر پکاتے ہین اور آش بھی
کہتے ہین۔ بانی اس کھانے کا بغرا خان
بادشاہ خوارزم تھا اسواسطے بغرا کہتے ہین
اور سور نر اور کلنگ کو بھی کہتے ہین۔
بُغض۔ع۔ کینہ۔ دشمنی۔
بَغضا۔ع۔ سخت۔ دشمنی۔ عداوت۔
بَغل۔ع۔ خچر۔ اور یہ گدھے اور گھوڑی
سے پیدا ہوتا ہے۔
بَغلَق۔ف۔ نام طائر۔ اور مجازاً بمعنی تیر۔
بَغلَک۔ف۔ بغل کا دُنبل جو ویر مین کہتا ہے
بَغل گیری۔ف۔ نام ایک داؤ کا کشتی سے
بَغلی۔ع۔ کنایہ ہے چھوٹے قرآن شریف سے
جسے حمائل کہتے ہین اور جسے بغل مین رکھ سکتے ہین
بَغِیّ۔ع۔ پھرا ہوا۔ نافرمان۔

فصل با۔ مع فا

بُفت۔ف۔ بُننا۔ کپڑا بُننا۔
بِفرِستَند۔ف۔ غلط ہے۔ بفرستند صحیح ہے

فصل با۔ مع قاف

بَق۔ع۔ پشہ۔ مچھر۔
بَقا۔ع۔ باقی رہنا۔ موجود رہنا۔
بِقاع۔ع۔ جمع بُقعہ بمعنی مکان جگہ۔
بَقّال۔ع۔ ترکاری اور ساگ پات بیچنے والا
اور غلہ فروش کو بَدّال کہتے ہین۔
بَقایا۔ع۔ جمع باقی کی۔
بَقائم رِیختن۔ع۔ عاجز ہونا۔
بُقچہ۔ع۔ کپڑونکی گٹھری۔
بَقَر۔ع۔ گاے بَیل دونونکو کہتے ہین۔
بَقَرہ۔ع۔ ایک بَیل۔ اِسمین تاے وحدت
ہے تاے تانیث نہین ہے۔
بُقراط۔ع۔ نام ایک مشہور حکیم کا۔
بُقعہ۔ع۔ مکان رہنے کا۔ خانقاہ۔ مندر
بَقل۔ع۔ } ساگ پات جو تخم سے اُگے۔
بَقلہ۔ع۔ }
بَقلۃُ الحَمقاء۔ع۔ خرفہ کا ساگ۔
بَقَم۔ع۔ جیسے فارسی مین بتخفیف قاف
مستعمل ہے۔ اس لکڑی سے سرخ رنگ نکلتا ہے
بَقِیّہ۔ع۔ بچا ہوا۔ بچت۔

فصل با۔ مع کاف عربی و فارسی

بُکا۔ع۔ رونا۔
بَکار آمد۔ف۔ مردکاروان۔
بَکارَت۔ع۔ دوشیزگی۔ کنوارپن۔
بَکام۔ف۔ بمعنی موافق خواہش۔

بکاول - ت - باورچی - داروغۂ باورچیخانہ -
بکتاش - ت - نام بادشاہ خوارزم کا -
اور بعضون نے کہا ہی کہ یہ لفظ بگتاش ہی
بگ مخفف بیگ بمعنی مالک و صاحب کا اور
تاش بمعنی غلام یعنی صاحب مالک غلام -
بکتر - ف - ایک قسم زرہ کی جو بروقت
جنگ پہنتے ہین -
بکر - ع - دوشیزہ - کنواری عورت - اول
ہر چیز کا - وہ کام جسکے مثل پہلے نہ ہوا ہو -
اور بمعنی نازک و لطیف بھی آیا ہی مگر مجازاً
اور باکرہ بمعنی زن دوشیزہ غلط ہی صحیح بکر بدون
الف ہی الف کی زیادتی عوام کی ایجاد ہی -
بکر - ع - جوان اونٹ - نام قبیلہ - نام ملک
بکرہ - ع - بامداد - صبح کا وقت
بکران - ف - تہ دیگی - جو کھانا دیگ کی تہ
مین بریان ہوتا ہی - ہندی کھرچن -
بکر پوشیدہ رزی - ف - کنایہ شراب سے -
بکر نگاہ - ف - وہ معشوق جسنے ابھی لڑائی
نہ سیکھی ہو -
بکرہ - ع - بامداد - صبح -
بکرہ - ع - کنوین کی چرخی -
بکم - ع - جمع ابکم کی - گونگے لوگ جو بول نہین سکتے
بکم - ع - گنگی - گونگاپن -
بکنک - ف - حیوان جسکی دم کٹی ہو -
بکور - ع - صبح سویرے اٹھنا -

بکہ - ع - مکۂ معظمہ کا قدیمی نام -
بگ - ف - غوک - مینڈک -
بگر در رفت - ف - خراب اور تباہ ہوا -
بگرد ہست - ف - خراب اور تباہ ہی -
بگلر - ت - امیر - بزرگ -
بگلر بگ - ت - خان خانان - امیرالامرا -

فصل با - مع لام

بل - ع - بلکہ -
بلا - ع - بپت - مصیبت - دکھ -
بلا تحاشا - ع - آخر مین الف لکھنا یہ تصرف
فارسیونکا ہی اصل مین بے تحاشی تھا -
پس بلا تحاشا کے معنی بے درنگ - فوراً - اسیوقت -
بلاد - ع - جمع بلد بمعنی شہر کی -
بلادت - ع - بیوقوفی - کند ذہنی -
بلادر - ع - پھل ایک درخت کا ہندی بھلاوان
بلاغ - ع - پہونچانا -
بلاغت - ع - حسب موقع گفتگو کرنی -
جیسا حال دیکھنا ویسی بات کرنی - جوان ہونا -
بلاق - ت - پانیکا چشمہ - ناک کی نتھ -
بلا کردن - ف - کام عجیب وغریب کرنا -
بلا گردان - ع ف - تصدق کی ہوئی چیز -
بلال - ع - نام صحابی اور موذن حضرت
رسول مقبول کا اور بلال قوم حبش سے تھے -
بلاہت - ع - احمق پن - بیوقوفی - سادگی -
بلبال - ع - اندوہ اور غم شدید -

بلبان - ف - ایک باجہ کا نام ہی جس کو
منھ سے بجاتے ہین ہندی مین منھ چنگ -
بلبل - ع - نام ایک پرند خوش الحان کا -
بلبل آمل - ف - لقب طالب آملی کا کہ ایک
شاعر معتبر اور مشہور ہی -
بلبل بوستان ما زاغ - ف - کنایہ حضرت
رسول مقبول علیہ السلام سے -
بلبلہ - ف - وہ کوزہ جسمین دستگی اور ٹونٹی
دونون ہون - آواز صراحی جسکو قلقل
بھی کہتے ہین - مطلق صراحی -
بلبلہ - ع - شدت اندوہ - وسواس
مصیبت پڑنا - آبلہ -
بلخ - ع - نام ایک شہر کا خراسان مین -
بلدان - ع - جمع بلد بمعنی شہر کی -
بلد - ع - } نگر - شہر - بستی
بلدہ - ع -
بلد - ف - رہبر - پیشوا -
بلع - ع - کسی چیز کا نگل لینا -
بلعم باعور - ع - بنی اسرائیل کے ایک عالم
کا نام جو مستجاب الدعوات تھا - شیطان کے
بہکانے سے اپنے موسیٰ علیہ السلام پر دعاے
بد کی جسکے سبب سے چالیس برس تک لشکر جنگل
مین تباہ رہا - آخر یوشع پیغمبر علیہ السلام کی
دعا سے یہان بلعم کا جاتا رہا اسکے باپکا نام باعور تھا
بلغا - ع - جمع بلیغ کی - عقلمند لوگ -

بُلغار۔ ع۔ نام ایک شہر کا جسکو سکندر نے بنا کیا۔ اور ایک قسم کا چمڑا جسکو آدیم کہتے ہین
بُلغُور۔ ف۔ گیہون اور جو کا دلیا جسکو پکا کے کھاتے ہین۔
بُلَغہ۔ ع۔ جمع بالغ کی نوجوان لوگ۔
بِلقیس۔ ع۔ نام زوجۂ حضرت سلیمانؑ جو بادشاہ اور ملکہ شہر سبا کی تھی اُسکی خبر ہُدہُد جانور نے آپکو پہونچائی تھی اور بعضے کہتے ہین کہ آپنے اپنی زوجہ نہین بنایا بلکہ اُسکا نکاح ملک تبع اصغر سے کر دیا تھا جس سے اولاد بھی ہوئی
بَلَل۔ ع۔ نم۔ تری۔
بُلمہ۔ ع۔ دراز ریش جسکی داڑھی لمبی ہو۔
بُلند۔ ف۔ اونچا۔ دراز۔ بزرگ۔
بُلند شنیدن۔ ف۔ اونچا سُننا۔
بُلند کشادن گام۔ ف۔ ادا کرنا مدعا کا۔
بُلند گاہ۔ ف۔ دُشوار گزار مقام۔
بُلندی و پستی۔ ف۔ آسمان و زمین۔
بَلوا۔ ع۔ سختی۔ بلا۔ مصیبت۔ زحمت۔
بِلَّور۔ ع۔ ایک پتھر ہی صاف۔ شفاف اور بلور بہ تخفیف بھی آیا ہی۔
بَلُّوط۔ ع۔ نام ہی ایک درخت کا جسکی چھال سے چمڑا رنگا جاتا ہی۔ ہندی سیتا سپاری۔
بُلُوغ۔ ع۔ پہونچنا۔ بالغ ہونا۔ جوانی کو پہونچنا
بُلَہ۔ ع۔ جمع ابلہ بمعنی احمق۔ بیوقوف۔
بَلے۔ ف۔ ہان۔ ہان صاحب۔ ہان جی

بَلِیّات۔ ع۔ جمع بلا کی مصیبتین۔
بَلِیّت۔ ع۔ } آزار۔ رنج۔ سختی۔
بَلِیّہ۔ ع۔ }
بَلید۔ ع۔ کُند ذہن آدمی۔ کم سمجھ۔
بَلیغ۔ ع۔ جو حسب حال گفتگو کرے جسکی زبان بہت فصیح ہو۔
بَلینَاس۔ ی۔ نام ایک حکیم کا جو مصاحب سکندر کا تھا اور اُسکو علم سحر بھی یاد تھا۔

فصل با۔ مع میم

بَم۔ ف۔ آواز راگ کی جو اونچی ہوا ور بلند آواز نقارے کی۔ مقابل زیر کے کہ یہ باریک آواز ہوتی ہی۔ اور بمعنی سرچنگ یعنی بڑے زور سے ڈھول کسی کے سر پر مارنا۔
بَجُرگرد۔ ف۔ تُرت۔ فوراً۔

فصل با۔ مع نون

بِن۔ ع۔ بیٹا۔ ولد۔
بُن۔ ف۔ جڑ درخت کی۔ درخت۔ اور انتہا کسی چیز کی۔ اور ایک تخم ہی جسکو قہوہ کہتے ہین۔ اور کھیتی۔
بِنا۔ ع۔ عمارت۔ نیو عمارت کی۔
بَنّا۔ ع۔ بہت بنا کرنیوالا۔ معمار۔
بَنات۔ ع۔ جمع بنت کی بیٹیان۔ لڑکیان
بَنات النَّعش۔ ع۔ سات ستارے ہین قریب اُتر کے قطب کے چار کو نعش کہتے ہین اور تین کو بنات۔

بِنا بر۔ ف۔ اسلیے۔ اسی سبب۔
بِنا بآب رسانیدن۔ ف۔ کنایہ عمارت کے نہایت مستحکم کرنے سے۔ وجہ اسکی ظاہر ہی کہ نیو کو پانی نکلنے کی جگہ تک پہونچانا۔ اور کنایہ خرابی عمارت سے بھی ہی۔ یہ بھی ظاہر ہی کہ پانی مرنے سے عمارت گر جاتی ہی۔
بَنادِر۔ ع۔ جمع بندر کی۔ منڈیان سوداگرون کے جمع ہونیکی دریا کے کنارے۔
بَنادِق۔ ع۔ جمع بُندُق کی۔
بُنا گوش۔ ف۔ کان کی لَو۔
بنام ایزد۔ ف۔ } یعنے بنام خدا۔ اور
بنام یزد۔ ف۔ } یہ کلمہ وقت تعجب کے اور واسطے دفع چشم زخم کے اور بمقام قسم کے استعمال کرتے ہین اور اسکی املا دونون طرح درست ہے
بَنان۔ ع۔ اُنگلیونکی پورین۔
بَنّایان۔ ف۔ بہت سے معمار۔
بِنت۔ ع۔ بیٹی۔ لڑکی۔
بنت العنب۔ ف۔ } شراب اسلیے کہ
بنت الکرم۔ ف۔ } عنب اور کرم انگور کو کہتے ہین اور عرب و فارس مین انگور ہی کی شراب بنتی ہی اور عمدہ بھی ہوتی ہی
بَنج۔ ع۔ درخت خراسانی اجوائن کا اور اسکے تخم یعنی اجوائن کو بڑا لبنج کہتے ہین۔ اس بنگ یعنی بھنگ کا معرب نہین ہی جسکو پیکر پینے سے نشہ ہوتا ہی اسلیے کہ اس بھنگ کو

فقیہ اور طبیب دونون قریب کہتے ہین۔

بَنْد۔ ف۔ قید۔ فکر۔ تدبیر۔ فریب۔ حیلہ
بدن کا جوڑ۔ بندھن کشتی کا داؤ۔ زنجیر
قفل۔ قبا کا بند۔ دوال شمشیر۔ پانی کی
روک۔ گھوڑے کی رسّی۔ عہد۔ پیمان
غم۔ رنج۔ کاغذ کا ناؤ۔ توقع۔ لالچ۔ بیل
کی جوڑی جو گاڑی وغیرہ مین جوتی جائے
نام ایک ولایت کا۔

بَنْد از دہان باز کردن۔ ف۔ فریاد کرنا
کسی سے اپنی مدد کے لیے استغاثہ کرنا۔

بَنْد بستن۔ ف۔ توقع اور طمع رکھنا۔

بَنْدَر۔ ع۔ سوداگری کی جگہ دریا کے کنارے

بُنْدُق۔ ع۔ مٹّی کا غلّہ جو غلیل مین رکھکر
مارتے ہین۔ اور مشہور میوہ جس کو فُندُق
کہتے ہین۔ اور یہ ولایتی میوہ ہی سرخ رنگ
برابر بیر کے مشابہ اُنگلی کے پور کے۔

بَنْد کشادن کام۔ ف۔ ادا کرنا مقصد کا

بَنْدَگی۔ ف۔ خدمت کرنی۔ تابعداری
کرنی۔ غلامی۔ سلام کرنا۔

بَنْدَن۔ ف۔ باندھنا۔

بَنْدہ۔ ف۔ غلام۔ داس۔ تابعدار۔

بَنْدِی۔ ف۔ قیدی۔ گرفتار۔

بَنَفْش۔ ف۔ کبود رنگ۔ نیلگون۔

بَنَفْشہ رِیختن۔ ف۔ مراد سیاہی۔

بُنگُران۔ ف۔ اُن چاولونکو کہتے ہین جو
دیگ کی تہ مین بریان ہو جاتے ہین ہندی کھرچن۔

بَنْگ۔ ف۔ بھنگ۔ مُلک بنگالہ۔

بُنگاہ۔ ف۔ } مکان۔ اور جہان پر نقد
بُنگہ۔ ف۔ } اور جنس رکھتے ہین۔

بَنگش۔ ف۔ ایک ملک ہی قریب کشمیر کے
اور وہانکے باشندونکو بھی بنگش کہتے ہین

بُنگہِ تیر۔ ف۔ کنایہ برج جوزا سے۔

بُن ناپدید۔ ف۔ مراد بے انتہا۔

بُنُوّت۔ ع۔ بمعنی پسری و فرزندی۔

بَنُوماش۔ ف۔ ہندی مونگ جو غلّہ ہی

بَنُون۔ ع۔ پسران۔ فرزندان۔

بُنَہ۔ ف۔ رخت۔ سامان ضروری اسباب

بُنَہ بستن۔ ف۔ کنایہ سفر کرنے سے۔

بَنِی۔ ع۔ جمع بن کی۔ پسران بیٹے۔

بَنِی اِسرائیل۔ ع۔ اولاد حضرت یعقوبؑ
اسلیے کہ اسرائیل بزبان عبری لقب یعقوبؑ
کا ہی۔ اسرائیل بمعنی بندۂ خدا

بُنیاد۔ ف۔ نیو کسی چیز کی۔ جڑ۔

بِنیامین۔ ف۔ بروزن اسرافیل یعقوبؑ
کے بیٹے کا نام جو حقیقی بھائی حضرت یوسفؑ
کے تھے۔ اور ابن یامین غلط ہی۔

بُنیان۔ ع۔ بنیاد مکانکی۔ نیو۔

بَنِین۔ ع۔ پسران۔ فرزندان۔

فصل با مع واو

بُو۔ ف۔ سواے معنی مشہور کے بمعنی اُمید۔
طمع۔ سراغ۔ محبت۔ خوبی۔ کا شکے۔ شاید
اور مخفف بُوَد کا جسکے واو کو فتحہ ہی اور
مخفف بُوم بمعنی اُلّو کا۔

بَوّاب۔ ع۔ دربان۔ چوکیدار دروازہ کا۔

بَوادِی۔ ع۔ جمع بادیہ بمعنی صحرا کی۔

بَوار۔ ع۔ ہلاکی۔ خرابی۔ اور بہار دانش مین
لفظ بوار بمعنی مانند آیا ہی اس صورت مین
یہ کلمہ فارسی ہی اور باے موحدہ زائد ہی

بَوارِق۔ ع۔ جمع بارقہ کی جو بمعنی روشنی
چیز روشن۔ تلوار کے ہی۔

بَواطِن۔ ع۔ جمع باطن کی۔

بَواعِث۔ ع۔ جمع باعث کی۔

بَواقِی۔ ع۔ جمع باقی کی۔

بُوالعَجَب۔ ع۔ انوکھا آدمی جسکو دیکھنے سے
لوگ تعجب کرین۔

بُوالفُضُول۔ ع۔ احمق۔ بیہودہ۔ سست
آدمی جو بیٹھا ہوا باتین بنایا کرے۔

بُوالحَکَمان۔ ف۔ مراد اُن لوگونسے جو بیدین
ہون اسلیے کہ ابو الحکم کنیت سابق ابوجہل کی ہی

بُوالحَکِیمان۔ ف۔ بیوقوف اور بے شعور لوگ

بُوالہَوَس۔ ع۔ جسکو ہوس زیادہ ہو۔

بُوتم۔ ت۔ بچہ۔ طفل۔

بُوتَہ۔ ف۔ سونا یا چاندی ڈھالنے کی گھریا
کٹھالی۔ اونٹ کا بچہ۔ چھوٹا درخت شاخ دار

بُوتیمار۔ ف۔ بگلہ جو طائر مشہور ہی۔

بُوخلاف - ع - کنیت ابلیس کی -
بُود - ف - کنایہ ہی ہستی سے -
بُودادن - ف - کسی تخم وغیرہ کا بونا -
بُود و باش - ف - رہنا - سہنا -
بُودن - ف - ہونا -
بُودَنی - ف - مراد تمامی موجودات -
بُور - ف - واؤ مجہول سے گھوڑا سُرخ رنگ ظاہر اسرنگ گھوڑا -
بُورق - مب - ایک چیز ہی مانند نمک کے مُعرّب بورہ کا - ہندی کھلون -
بُورَک - ت - بروزن کوچک ایک قسم کا کھانا ہی اور بمعنی سنبوسہ -
بُورہ - ف - ایک چیز ہی مانند نمک کے تلخ مزہ ہندی مین سُہاگا کہتے ہین -
بُوزَک - ف - پھپھوندی جو سردی سے کسی چیز پر مانند روئی یا اچار وغیرہ کے لگجاتی ہی -
بُوزنہ - ف -
بُوزِینَہ - ف - } بندر جو جانور مشہور ہی -
بُوزَہ - ف - ایک قسم کی ہلکی شراب اسکے مثل انگریزی مین بیر شراب ہی -
بُوس - ف - چومنا - بوسہ -
بُوس - ع - شدت - دُکھ - رنج -
بُوستان - ف - پھلواری - باغ - اور مراد مجرے سے بھی ہی -
بُوس و کِنار - ف - چومنا - بغل مین لینا -

بُوسَہ - ف - چومنا - پیار -
بوسہ بلبِ خویش زدن - ف - اصطلاح کشتی گیرون مین خم مارنا -
بُوسِیدَن - ف - چومنا - بوسیدہ ہونا -
بُوسِیدہ - ف - پُرانا - گلا - سڑا -
بوسِیدَہ چوب - ف - وہ لکڑی جو رات کو مثل سُلگے ہوے کوئلہ کے معلوم ہو -
بُوش - ع - کروفر - دبدبہ - شان - خودنمائی - فقیر جسکے لڑکے بالے بہت ہون - خراب آدمی - کمینے لوگ - جمع اسکی اوباش ہی -
بُوغُدان - ف - وہ چیز جسمین قلندر لوگ اپنا اسباب گدائی رکھین -
بُوغُرہ - ف - ایک قسم کا کھانا ہی - گوشت اور آٹا وغیرہ ڈال کر پکاتے ہین -
بُوق - ف - کرنائے - سرنائے - بڑی تُرہی جسمین سے آواز مہیب نکلتی ہی -
بُوقُبَیس - ع - نام پہاڑ کا قریب مکہ معظمہ کے
بُوقَلَمُون - ع - مخفف اَبُوقَلَمُون کا - نام دیبائے رومی کا جو ہر لحظہ ایک نیا رنگ دکھلاتی ہی اور نام ایک جانور کا جو گرگٹ سے بڑا ہوتا ہی اور ہر لحظہ رنگ بدلتا ہی - مگر فارسیون نے اسکے الف کو حذف کردیا اور لام کے فتحہ کو جزم سے بدل دیا اور بمعنی رنگارنگ اور طرح بطرح کے استعمال مین لاتے ہین -
بُوکہ - ف - شاید - مگر -

بُوْل - ع - موت - پیشاب -
بُولسِری - ف - نام درخت کا جسکو مولسری کہتے ہین -
بُولُوک - ف - اسمین دو نون واو غیر ملفوظ ہین - بمعنی شہر اور مجازاً بمعنی آسمان -
بُوم - ع - اُلّو - ایک پرندہ ہی جو منحوس مشہور ہی اور ویرانون مین رہتا ہی -
بُوم - ف - زمین جس مین ہل نہ چلا ہو - طینت - سرشت -
بُومِ بیگانہ - ف - مراد ملک ایران سے اور یہ اصطلاح سکندرنامہ مین ہی -
بُومرہ - ع - کنیت شیطان کی -
بُومِ طلا - ف - وہ چیز جسکی زمین طلائی ہو اور نقش ونگار اُسکے دوسری جنس سے اور بمعنی زرخیز زمین جسمین خوب پیداوار ہو -
بَون - ع - جدائی - دوری - فرق درمیان دو چیز کے - زیادہ ہونا کسی سے فضل و کمال مین
بویا - ف - خوشبودار -
بوے افزار - ف - گرم مصالح مثل لونگ الائچی سیاہ مرچ - دارچینی - زیرہ وغیرہ کے -
بُویَحییٰ - ع - کنیت عزرائیل علیہ السلام کی -
بُوے شیر آمدن - ف - کنایہ ہی تازہ متولد ہونے سے -

فصل با مع ہاے ہوز

بِہ - ف - اچھا - بہتر - میوہ بہی -

بہا۔ ف۔ مول۔ قیمت۔
بہا۔ ع۔ روشنی۔ رونق۔ زیبائی۔
بہار۔ ف۔ بسنت۔ فصل ربیع اور ہر پھول کو عموماً اور گل نارنج کو خصوصاً کہتے ہین نام آتشخانہ کا۔ اور مراد مطلق بتخانہ سے۔ نام ایک بتخانہ کا۔ ایک نفیس کپڑے کی قسم
بہاران۔ ف۔ بہار۔ الف نون زائد ہی
بہارِ سفید۔ ف۔ مراد سفید رنگ سے۔
بہارِ عنبر۔ ف۔ پھیلنا عنبر کی خوشبو کا۔
بہادر۔ ت۔ بیر۔ سورما۔ شجاع۔
بہانہ۔ ف۔ حوالہ۔ سبب۔ وجہ۔ حیلہ۔
بہائم۔ ع۔ جمع بہیمہ کی۔ چوپائے جانور۔
بہبود۔ ف۔ بھلائی۔ کسی کے حق مین۔
بہبودی۔ ف۔ اچھی بات ہونی۔
بہتان۔ ع۔ ودس۔ جھوٹ لگانا۔ افترا
بہت۔ ع۔ افترا۔ جھوٹ بولنا۔ حیرانی۔
بہتر۔ ف۔ بہت اچھی چیز۔
بہترین۔ ف۔ منسوب طرف بہتر کے۔
بہجت۔ ع۔ خوشی۔ تازگی۔ زیبائش۔ خوبی
بہر۔ ف۔ واسطے۔ لیے۔ باعث۔
بہرام۔ ف۔ ستارۂ مریخ۔ نام ایک بادشاہ عراق کا جسکو بہرام گور بھی کہتے ہین۔
بہرامِ چرخ۔ ف۔ مریخ ستارہ جو پانچوین آسمان پر ہی رنگ اُسکا سرخ ہی۔
بہرامِ چوبین۔ ف۔ ہرمز بن نوشیروان کے ایک رفیق کا نام اور وہ امیر لشکر بھی تھا چونکہ وہ نہایت خشک اندام تھا لہذا یہ نام ہوا
بہرہ۔ ف۔ حصہ۔ بخرہ۔ نصیبہ۔
بہرج۔ ع۔ کھوٹا درم۔ ہر چیز زبون۔
بہرحال۔ ف۔ ہر طرح سے۔ سب طرح سے۔
بہرمان۔ ف۔ کسم کا پھول۔ ایک ریشمی کپڑا۔ یاقوت سرخ۔
بہزاد۔ ف۔ نام ایک نقاش کا جو عہد حکومت شاہ اسماعیل صفوی مین بڑا نامی تھا
بہشت۔ ف۔ جنت۔ باغ۔
بہشتی رو۔ ف۔ سادہ رو جسکی ڈاڑھی مونچھ ابھی نہ نکلی ہو۔ امرد۔ اسلیے کہ بہشت مین سوائے ہمارے پیغمبر آخر الزمان کے کل آدمی سادہ رو ہونگے یعنی حالت نوجوانی مین اور یعنی خوبصورت بھی آیا ہی۔
بہق۔ ع۔ چھیپ۔ جو اکثر نوجوانون کے منھ پر اور جسم پر ہو جاتی ہی۔
بہل۔ ف۔ امر ہی ہلیدن کا۔ چھوڑ۔
بہلول۔ ع۔ مرد خندہ رو۔ پیشوائے قوم نام ایک عارف کامل کا جو بہت مشہور ہین
بہلہ۔ ف۔ چمڑے کا دستانہ جو میر شکار لوگ ہاتھ پر چڑھا لیتے ہین۔
بہم۔ ف۔ ساتھ۔
بہم برآمد۔ ف۔ غصہ ہوگیا۔ خفا ہوگیا۔
بہم برزدن۔ ف۔ زیر و زبر کرنا۔
بہمن۔ ف۔ گیارھوان مہینہ فارسی کا ہندی بھاگن۔ نام اردشیر کا جو اسفندیار کا بیٹا تھا۔ نام عقل اول کا جو ایک فرشتہ ہی نام ایک دوا کا جو سرخ اور سفید دو قسم کی ہوتی ہی نام ایک پردہ کا موسیقی مین سے۔ نام ایک قلعہ کا جو نزدیک اردبیل کے ہی۔
بہنانہ۔ ف۔ بوزنہ۔ بندر۔
بہندر رفتن حنا۔ ف۔ مراد ہی مہندی کے رنگ کے سیاہ پڑجانے سے۔
بہو۔ ع۔ قصر۔ محل۔ ایوان۔
بہی۔ ف۔ بہتری۔ میوۂ مشہور۔
بہی۔ ع۔ / بہیہ۔ ع۔ } روشن۔ تابان۔ زیبا۔
بہیج۔ ع۔ خوش۔ خرم۔ شادمان۔
بہیر۔ ف۔ بر وزن فقیر۔ لشکر کے بازاری لوگ۔ ظاہرا یہ لفظ ہندی ہی جو فارسی بنالیا۔
بہیم۔ ع۔ نام ایک گھوڑے کا۔
بہیمہ۔ ع۔ چوپائے جانور مثل گائے بھینس کے
بہیمی۔ ع۔ منسوب طرف بہیمہ کے۔
بہین۔ ف۔ بہت بہتر۔ سب سے تحفہ۔

فصل با مع یائے تحتانی

بے۔ ف۔ بغیر۔ بدون۔ سوائے۔
بے اندامی۔ ف۔ بے ادبی۔
بے آہو۔ ف۔ بے عیب۔
بیارہ۔ ف۔ وہ درخت جسکی بیل چلے۔

بَیَاض ۔ع۔ سفیدی ۔ کاغذ سادہ ۔
بَیّاع ۔ع۔ بیچنے والا ۔ مول لینے والا ۔ دلال
بیُبَاق ۔ف۔ جو کچھ باقی نہ رہے ۔
بے بَرگ ۔ف۔ بے سامان ۔ محتاج ۔
بَیْت ۔ع۔ گھر ۔ شعر ۔
بَیْتُ اللّٰہ ۔ع۔ خدا کا گھر ۔ خانۂ کعبہ ۔
بَیْتُ الْعَتِیق ۔ع۔ پرانا گھر ۔ خانۂ کعبہ ۔
بَیْتُ الْحَرَام ۔ع۔ خانۂ کعبہ ۔
بَیْتِ اَقْصیٰ ۔ع۔ بَیْتُ الْمُقَدَّس ایک مسجد ہی ملک شام مین کہ حضرت داؤدؑ نے اسکی بنا ڈالی تھی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اتمام کو پہونچائی تھی ۔
بَیْتُ الْمَعْمُور ۔ع۔ یہ ایک مسجد ہی چوتھے آسمان پر زمرد یا یاقوت کی مقابل کعبہ ۔
بَیْتُ الْمَال ۔ع۔ خزانۂ سرکاری جسمین لوٹ کا مال اور مُردے کا مال ضبط کرکے رکھا جائے ۔ اور وہ مال جسمین تمام مسلمانوں کا حق ہو ۔
بَیْتُ الْحُزْن ۔ع۔ نام ایک حُجرہ کا جسمین حضرت یعقوب علیہ السلام تنہا بیٹھکر حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی مین رویا کرتے تھے ۔ مجازاً ہر عاشق مہجور کا گھر ۔
بَیْتُ الْخَلَا ۔ع۔ پاخانہ ۔ جاضرور ۔
بَیْتُ الْغَزَل ۔ع۔ بیت عمدہ و بہتر ۔
بَیْتُ الشَّرَف ۔ع۔ گھر بلندی و بزرگی کا اور نجومیوں کی اصطلاح مین وہ برج جسمین سات سیارہ مین سے کسی کو شرف اور سعادت حاصل ہو جیسے شرف آفتاب کا حمل مین ۔ چاند کا ثور مین ۔ مشتری کا سرطان مین ۔ زُہرہ کا حوت مین ۔ عطارد کا سنبلہ مین ۔ مریخ کا جدی مین ۔ زحل کا میزان مین ۔
بے تحاشا ۔ع۔ فوراً ۔ اچانک ۔ دفعۃً ۔
بَیتُوتَت ۔ع۔ شب باشی کرنا ۔ کسی جگہ ۔
بیجادہ ۔ف۔ ایک جوہر ہی سُرخ رنگ کہ مانند کہربا کے تنکے کو اُٹھا لیتا ہی اور ایک قسم اسکی زرد رنگ بھی ہوتی ہی ۔
بے جُفتی ۔ف۔ کنایہ بے شوہری سے ۔
بے جگری ۔ف۔ خوف ۔ دہشت ۔
بیچُوبہ ۔ف۔ خیمہ جسمین چوب نہو ۔
بیچُون ۔ف۔ بے مانند جسکا کوئی ہمسر نہو مراد خداوند عالم سے ۔
بیچہ ۔ف۔ یائے معروف سے بمعنی معشوقہ اور یہ بی بی کا مصغر ہی اور مخفف ۔
بیحضُور شُدن ۔ف۔ بیمار ہونا ۔ بے تمان ہونا ۔ ناتوان و کمزور رہونا ۔
بے حمیّت ۔ف۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔
بیخ ۔ف۔ جڑ ۔ اصل ۔ اور سکندرنامہ مین مراد میخ سے ہی ۔
بیختن ۔ف۔ چھاننا ۔
بیخویش ۔ف۔ بیخود ۔ بیہوش ۔
بیخواست ۔ف۔ بے مانگے مل جانا ۔
بید ۔ف۔ بیت کا درخت ۔
بیدِ انجیر ۔ف۔ ارنڈ کا درخت ۔
بیدِ برگ ۔ف۔ پیکان کی ایک قسم جو بصورت برگ بید بناتے ہین ۔
بیدِ مجنُون ۔ف۔ بید کی ایک قسم ہی جسکے پتّے باریک اور شاخین نازک ہوتی ہین ۔
بَیْدَا ۔ع۔ میدان ۔ بیابان ۔ ہلاک ہونا اسکی جمع بِیْد ہی ۔
بیداد ۔ف۔ ظلم ۔ ستم ۔
بیدار ۔ف۔ جاگتا ہوا ۔ جو سوتا ہوا نہو ۔
بیدار دل ۔ف۔ ہوشیار ۔
بیدپا ۔ف۔ نام حکیم کا جو زاہد تھا اور رائے دابشلیم راجۂ ہند کا واعظ تھا ۔
بیدست و پا ۔ف۔ پریشان ۔ سراسیمہ ۔
بیدل ۔ف۔ کنایہ عاشق سے ۔
بیدماغی ۔ف۔ غصّہ کے ضبط کرنے کے بعد جو طبیعت رُندھی رہتی ہی ۔
بَیْذَق ۔ع۔ شطرنج کا پیادہ ۔
بیر ۔ع۔ کنوان ۔ چاہ ۔
بیران ۔ف۔ بمعنی ویران ۔ اور نام وزیر افراسیاب بادشاہ توران کا ۔
بیرانہ ۔ف۔ بمعنی ویرانہ ۔
بے زنہاری ۔ف۔ بے امانی ۔ بے پناہی
بیرق ۔ف۔ چھوٹا نیزہ ۔ چھوٹا جھنڈا ۔ اور کپڑا جو علم پر لگاتے ہین ۔

بیرم - ف - بڑھیو ٹکا برسر - ایک قسم کا
باریک کپڑا - بڑا تیر -
بیرم - ت - عید - جشن -
بیرنگ - ف - نقشہ مکان کا کہ قبل تیاری
عمارت بنائین - خاکہ تصویر کا بغیر رنگ
بھرا ہوا - اور بمعنی ظہور وحدانیت حقانی
بیرونی - ف - بے توجہی - بیمروتی - اور
بمعنی بے رونقی بھی آیا ہے -
بیرون - ف - باہر - خارج -
بیژن - ف - نام پہلوان کا جو گیو کا بیٹا اور
بھانجا رستم کا تھا - اور منیژہ افراسیاب کی
بیٹی پر عاشق ہو کر کنوئین مین قید ہوا تھا -
بیستون - ف - نام پہاڑ کا جسکو فرہاد نے
عشق شیرین مین تراشا تھا -
بیسراک - ف - اونٹ - اونٹ کا بچہ اور
بمعنی خچر بھی آیا ہے -
بے سرودل - ف - بے پرواشخص -
بے سکون - ف - وہ شخص جو بسبب
شوخی کے کسی جا قرار نہ پکڑے -
بئس المصیر - ع - بری جاے بازگشت
اور یہ کنایہ دوزخ سے ہے -
بئس القرین - ع - بدہمنشین -
بے سلہ - ف - بیقدر - بے مقدار -
بیش - ف - زیادہ - آدھک - بہت -
بیشائبہ - ف - بے شک - بے شبہہ -

بیشہ - ف - جنگل - شیر کے رہنے کی جگہ -
بیشی - ف - زیادتی - ادھکائی -
بیضا - ع - روشن - سفید - سورج - نام
شہر کا جو فارس مین ہے -
بیضوی - ع - انڈے کے مانند شکل -
بیضاوی - ع - شہر بیضا کا رہنے والا -
بیضہ - ع - انڈا - تخم مرغ - لوہے کا خود -
جماعت - گروہ - گرمی کی سختی - ہر چیز کا
درمیان - نام تمام سر کے درد کا -
بیض - ع - جمع بیضہ بمعنی انڈہ کی -
بیض - ع - یاے معروف سے - عورتین
جنکا رنگ سفید ہو - ہر چیز مونث سفید
رنگ در ایام البیض یعنی تیرھوین چودھوین
پندرھوین تاریخ ہر مہینے کی -
بیضہ افگندن - ف - انتہا سے ڈرنا -
بیضہ آتشین - ف - آفتاب -
بیضہ در کسے شکستن - ف } کسی کو
بیضہ در کلاہ شکستن - ف } مغلوب
اور عاجز کرنا - کسی کو رسوا کرنا -
بیضہای زرین - ف - ستارے -
بیضہ زر - ف }
بیضہ زرین - ف } آفتاب -
بیطار - ع - جو چارپایون اور گھوڑون
وغیرہ کا علاج کرے -
بیع - ع - بیچنا - مول لینا - یہ لغت اضداد

سے ہے دونون معنون مین مستعمل -
بیعانہ - ع - سائی جو خرید فروخت کے لیے
پہلے کسی قدر دین -
بیعت - ع - فرمانبرداری کرنا - مرید ہونا
کسی پیر کا - اور کبھی مراد عقد نکاح سے بھی
ہوا کرتی ہے -
بیغار - ف }
بیغارہ - ف } سرزنش - طعنہ -
بےغل وغش - ف - بے کھوٹ -
بے ملونی مرادی معنی بیشک - بے شبہہ -
بیقرین - ف - بے مثل - بے مانند -
بے قیل - ف - بے شک بے گفتگو -
بیکران - ف - بے انتہا -
بیکوئی - ت - بیکس بے رفیق -
بیگ - ت - خداوند - امیر -
بیگہ - ف }
بیگاہ - ف } بیوقت - شام کا وقت -
بیگاہان - ف }
بیگانگی - ف - دشمنی -
بیگلربیگ - ت - سپہ سالار - امیر الامرا -
بیگم - ت - امیر کی زوجہ - لیڈی - بی بی
بیل - ف - کدال - پھاوڑا
بیلزن - ف - کسان - دہقان -
بیلقان - ف - نام شہر کا ایران مین -
بیلک - ف - ایک قسم تیر کی جسکی پھال

چوڑی

چوڑی ہوتی ہے-

بیل کش - ف - کسان - دہقان -

بیلہ ور - ف - دوا بیچنے والا شیشہ رنگ بیچنے والا - یہ لفظ بائے فارسی سے بھی ہے-

بیم - ف - خوف - ڈر -

بیمار - ف - روگی - آزاری -

بیماری رشتہ - ف - ہندی نارو -

بیمہ - ف - بحرت رہزنی جو کسی ساہوکار کو محصول کسی نقد یا مال کے پہونچانے کا دین اور وہ اسکی حفاظت کا ذمہ دار ہو-

بینات - ع - جمع بینہ کی روشن کرنیوالیاں گواہان صادق - دلیلین -

بینش - ف - دید - بینائی -

بین - ع - درمیان -

بین - ع - ظاہر - آشکار - گواہ -

بے نمازی - ف - کنایہ حیض سے -

بینوا - ف - بے توشہ - فقیر - بیسامان -

بینونت - ع - جدائی -

بینہ - ع - حجت روشن - گواہ -

بینی - ف - ناک -

بینی زدن - ف - انکار کرنا -

بے نیاز - ف - بے پروا -

بیوت - ع - جمع بیت بمعنی گھر کی -

بیوتات - ع - مکانات جمع بیوت کی اور بیوتات جمع بیت کی -

بیوتات - ف - محل بادشاہی جنمین بیگمین شہزادیان امیرزادیان رہتی ہون -

بیور - ف - بروزن زیور - دس ہزار - اور نام ضحاک بادشاہ کا -

بیوگانی - ف - شادی - کتخدائی -

بیوہ - ف - رانڈ جسکا شوہر مر گیا ہو - یہ لفظ بائے موحدہ کے کسرہ اور فتحہ سے دونون طرح آیا ہے -

بیہش - ف - مخفف بیہوش کا -

بیہودہ - ف - بیفائدہ - ناحق - باطل -

بیہدہ - ف - مخفف بیہودہ کا -

باب بائے فارسی

فصل بائے فارسی مع الف

پا - ف - ٹانگ - ٹنگڑی - بیخ - بنیاد طاب و طاقت - تحت - نیچا -

پا افزار - ف - جوتی - کفش -

پا انداز - ف - وہ بچھونا جو آمد و رفت کی جگہ دروازے کے مقام پر بچھاوین -

پا بالا نہادن - ف - دوڑ کر چلنا -

پا بلند کردن - ف - بھاگنا - دوڑ جانا -

پا برجا - ف - ثابت - قائم - ہمیشہ -

پا برکاب - ف - جانے پر مستعد ہونا -

پا برہنہ - ف - مراد کہنہ سے اور اُس چیز سے جسپر تمام سال گذر گیا ہو -

پا برنجن - ف - پیرونکا گہنا جسکو گوجری اور پازیب وغیرہ کہتے ہین -

پا بست - ف - عمارت کی بنیاد - اور معنی محکم اور گرفتار کے بھی آیا ہے -

پا بند - ف - رسی جال -

پا بوس - ف - پیر چومنے والا - پیر چومنا -

پا بوسی - ف - پیر چومنا -

پا پوش - ف - جوتا - پیزار -

پاتیلہ - ف - منہ کھلی ہوئی دیگ - پتیلہ -

پا جامہ - ف - ستھنا - ازار -

پا جفت کردن - ف - کسی کام کی تلاش مین حد سے زیادہ کوشش کرنا -

پاچی - ف - نالائق - کمینہ - نیچ -

پاچال - ف - وہ گڑھا جسمین جولاہہ بوقت بننے کے دونون پانون اپنے لٹکا دے ہندی مین کرگھہ کہتے ہین -

پا چاک - ف - اُپلہ - گوہا - کنڈا -

پا چلہ - ف - جوتی - جراب -

پا چاہہ - ف - جولاہے کے پیر لٹکانیکا گڑھا - کھڈی -

پا چایہ - ف - گوہ - موت -

پاچناری - ف - خدمتگار - کمینہ -

پاد - ف - نگہبان - پاسبان -

پاداش - ف - نیکی خواہ بدی کا بدلہ مگر استعمال اسکا بدی مین زیادہ ہے -

پاونگ - ف - دھان کوٹنے کی ڈھیکلی
پا درازکشیدن - ف - لیٹنا کسی چیز کا دعویٰ کرنا -
پادشاہِ نیمروز - ف - آفتاب - آدمی مبارک قدم - اور کنایہ حضرت آدم علیہ السلام سے کہ وہ حضرت آدھے دن تک بہشت مین رہے تھے - اور کنایہ جناب عالیمآب سے کہ وہ حضرت بھی نصف روز تک اپنی امت کی شفاعت فرمائینگے - واضح ہو کہ دنیا کے ہزار برس اور وہانکا ایک دن -
پار - ف - سالگذشتہ - پچھلا برس -
پارار - ف - سال بپیوستہ - تیسرا برس جو گذر گیا -
پاردُم - ف - گھوڑے کے زین کی دمچی -
پارس - ف - ملک فارس -
پارسا - ف - پرہیزگار - گناہ سے اپنے نفس کو بچانیوالا -
پارگین - ف - } چھوٹا حوض جسمین حمام اور
پارگی - ف - } باورچیخانہ وغیرہ کا پانی جمع ہوا کرے -
پارہ - ف - ٹکڑا - حصہ - تحفہ - تبرک - اور ہندی مین نام ایک مشہور دھات کا اور پرانی فارسی مین بمعنی رشوت - لوہے کا گرز - ایک مٹھائی کی قسم جسکو شکرپارہ کہتے ہین - عورت جو کنواری نہو -

پارہ دوز - ف - وہ شخص جو خیمہ وغیرہ کو سیتا ہی اور پیوند لگاتا ہی -
پارہ کار - ف - شوخ - کُپّا -
پاریدن - ف - ٹکڑے ہونا - پھٹ جانا -
پارینہ - ف - پُرانا - قدیم -
پازہر - ف - مخفف پادزہر کا - زہر مُہرہ -
پاس - ف - واسطے - تین گھنٹہ کا عرصہ ایک پہر - محافظت - پہرا -
پاسبز - ف - منحوس قدم - دلال -
پاسبان - ف - چوکیدار - پہروا -
پاستان - ف - اگلا گذرا ہوا -
پاسُخ - ف - جواب -
پاس خاطر - ف - لیے - واسطے کسی شخص کی خاطر رکھنا -
پاسداری - ف - طرفداری - نگہبانی -
پاسدار - ف - طرفدار - نگہبان -
پاسنگ - ف - وہ پتھر جو ترازو کے پلڑون کو برابر کرنیکو رکھتے ہین -
پاسَک - ف - } انگڑائی جماہی -
پاشک - ف - }
پاش - ف - پھٹنا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا اور پراگندہ کرنا -
پاشنہ - ف - پیر کی ایڑی - لکڑی - خربزہ - تربوز -
پاشنہ کوب - ف - بھاگے ہوئے شخص کے پیچھے برابر فوراً دوڑنا -
پاشیدن - ف - چھڑکنا - بکھرنا -
پاغوش - ف - غوطہ جو پانی مین لگاتے ہین
پاغندہ - ف - دھنکی ہوئی روئی کا گالا -
پاک - ف - پاک - بیگناہ - تام و کمال -
پاک پیوند - ف - سکندرنامہ مین مراد نوشابہ زوجۂ سکندر سے -
پاکار - ف - تحصیلی کا پیادہ - خدمتگار - مزدور - خاکروب - بھنگی -
پاکباز - ف - نیک آدمی -
پاکوفتن - ف - ناچنا - گت بھرنا -
پاکی - ف - صفائی - اُسترہ بال مونڈنیکا
پاکیزہ - ف - پاک - صاف -
پاگرفتن - ف - کسی جگہ قیام پکڑنا -
پالا - ف - کوتل گھوڑا -
پالایش - ف - صاف کرنا - صفائی -
پالائیدن - ف - صاف کرنا -
پالان - ف - گدھے کے اوپر کی کاٹھی - چھت - گون -
پالاے - ف - صاف کرنیوالا - چھاننےوالا
پالانی - ف - پرتل کا ٹٹو - بار بردار -
پالغز - ف - پیر پھسلنے کی جگہ اور کبھی مراد خرابی - جرم - خطا سے بھی ہوتی ہی -
پالکانہ - ف - بلند کوٹھا - مکان کی کھڑکی ترازو کے پلڑے برابر کرنیکا پتھر -

پالُودن - ف - پاک کرنا - صاف کرنا -

پالُودَہ - ف - پاک - صاف - صاف کیا ہوا - اور ایک قسم کی تیج چاولون کی جمی ہوئی جسکو فالودہ کہتے ہین -

پالُوش - ف - کھوٹا کافور -

پالَہنگ - ف - شکاربند - وہ رسّی جو گھوڑے کی لگام مین باندھتے ہین ہندی مین اُسکو باگ ڈور کہتے ہین -

پالیدن - ف - پاک کرنا - ملنا -

پالیز - ف - خربزہ - تربوز - ککڑی کا کھیت تباہ - اوجڑ -

پام - ف - رنگ - مبدل فام کا -

پامال - ف - مصیبت زدہ -

پانزدہ - ف - پندرہ - ۱۵ -

پایاب - ف - تھوڑا پانی دریا کا جس سے آدمی پیدل نکل جائے -

پاے از جا بردن - ف - کسی کی قدر و منزلت مٹا دینی -

پاے افشُردَن - ف - ثابت اور قائم ہو جانا کسی بات کے کرنے پر -

پایان - ف - انتہا - آخر - انجام -

پایان ناہی - ف - پاتال تحت الثریٰ -

پاے بَند - ف - کسی کام مین پھنسا ہوا اور بمعنی بیڑی -

پاے پَست - ف - پائمال -

پاے تابہ - ف - جُرّاب - موزہ چمڑے کا -

پاے تخت - ف - وہ شہر جہان پر بادشاہ رہتا ہو - راجدھانی -

پاے ترسا - ف - شراب پینے کا پیالہ -

پاے توغ - ف - علم برادری لشکر کا منصب

پاے خاکی کردن - ف - پیادہ جانا -

پائیدن - ف - ٹھہرنا - پائدار ہونا -

پائیدان - ف - مجلس کی آخری صف جہان جوتے اُتارے جائین ضامن کفیل نگہبان - اور بمعنی رہن اور گرد اور ایلچی گری کے بھی آیا ہی -

پاے درگِل - ف - گرفتار - حیران -

پائدار - ف - مضبوط - ہمیشہ -

پاے رنج - ف - وہ روپیہ جو بطور انعام کے قاصد یا مہمان کو دیا جائے -

پاے کاشت - ف - وہ کسان جو دوسرے گانوٗن سے جوتنے کو آیا ہو -

پاے کار - ف - وہ مقام جہان مصالح واسطے بنانے عمارت کے انبار کرین -

پاے کلاغ - ف - وہ خراب خط جو کسی سے پڑھا نہ جاے - اور مراد قلم سے بھی -

پاے کوب - ف - ناچنے والا -

پائیک - ف - بمعنی پیادہ -

پائگاہ - ف - رتبہ - درجہ -

پائمال - ف - پامال - خراب -

پائمرد - ف - مددگار - مدد دینے والا -

پائمردی - ف - مددگاری - طاقت -

پائمزد - ف - مزدوری جو قاصدون وغیرہ کو ملتی ہی -

پائندہ - ف - قائم - استوار -

پاے نہادن بر سر چیزے - ف - کنایہ ہی اُس چیز کے ترک کر دینے سے -

پایہ - ف - پانوٗن - رتبہ - درجہ - اور بمعنی زبون اور خوار کے بھی آیا ہی -

پائیز - ف - یاے معروف سے بر وزن تاثیر بمعنی فصل خزان -

پائین - ف - نیچے - زیر -

پائین پرستی - ف - خدمتگاری -

فصل باے فارسی مع تاے فوقانی

پتک - ف - ہتوڑا -

پتیارہ - ف - آفت - بلا - زشت - مہیب - نازیبا - شرمندگی - شدت - سختی - مکر - حیلہ - فریب - شور - غوغا -

پتیرہ - ف - جو چیز دلکو بُری معلوم ہو -

پتیل - ف - بتّی چراغ کی -

فصل باے فارسی مع جیم

پج - ف - کوہ - پہاڑ -

پجار - ف - کوہ - پہاڑ -

پجول - ف - پانوٗن تلے گٹے کی ہڈی -

پچپو - ف - مکاری - دغابازی -

فصل باے فارسی مع خاے معجمہ

پخ ۔ ع ۔ براز ۔ گوہ خواہ آدمی کا ہو خواہ کسی اور حیوان کا ۔

پخ پخ ۔ ف ۔ بمعنی خوش خوش و مرحبا ۔

پخت ۔ ف ۔ ماضی پختن کا ۔ لات خواہ گھوڑا لات مارے خواہ اور جانور خواہ آدمی ۔

پخت ۔ ف ۔ کسی چیز کا کسی چیز کے نیچے دب کر پس جانا ۔

پختہ ۔ ف ۔ پکا ہوا ۔ مرد ہوشیار ۔

پختہ ۔ ف ۔ روئی بنولے سے الگ کی ہوئی

پختہ جوش ۔ ف ۔ نا دا اللحم کی شراب ۔

پختہ خوار ۔ ف ۔ آدمی آرام طلب فقیر اور بمعنی داماد کے بھی مستعمل ہے ۔

پخچ ۔ ف ۔ پسا ہوا ۔ پست ۔ پژمردہ ۔

پخس ۔ ف ۔ غم اور غصہ سے بدن کا گھلنا ۔ موم اور چربی کا پگھلنا ۔

پخسیدہ ۔ ف ۔ مرجھایا ہوا ۔ غمزدہ ۔

پخش ۔ ف ۔ کسی چیز کا دب کر پس جانا ۔

پخلوچہ ۔ ف ۔ کسی کی بغل میں گدگدی کرنا ۔

فصل باے فارسی مع دال مہملہ

پد ۔ ف ۔ وہ درخت جس میں پھل نہ لگتا ہو ۔

پدر ۔ ف ۔ باپ ۔

پدرانہ ۔ ف ۔ مانند باپ کے ۔

پدرام ۔ ف ۔ خوش و خرم ۔ آراستہ ۔ سونے اور آرام کرنے کی جگہ ۔

پدروار ۔ ف ۔ موافق باپ کے ۔

پدرود ۔ ف ۔ وداع ۔ رخصت ۔

پدندر ۔ ف ۔ بروزن سکندر ۔ پدر سببی یعنی ماں کا دوسرا شوہر ۔

پدید ۔ ف ۔ / پدیدار ۔ ف ۔ } ظاہر ۔ نمودار ۔

فصل باے فارسی مع ذال معجمہ

پذیر ۔ ف ۔ قبول کرنا ۔ ماننے والا ۔

پذیرائی ۔ ف ۔ قبولیت ۔

پذیرا ۔ ف ۔ مقبول ۔ استقبال کرنا ۔ بات سننے والا ۔ قبول کرنیوالا ۔

پذیرش ۔ ف ۔ قبول ۔ فرمانبرداری ۔

پذیرفتگار ۔ ف ۔ فرمانبردار ۔ قبول کرنیوالا ۔ اقرار کرنیوالا ۔

پذیرفتن ۔ ف ۔ قبول کرنا ۔ منظور کرنا ۔

پذیرہ ۔ ف ۔ کسی کی پیشوائی کرنا ۔ کسی کے آگے جانا ۔ اور بمعنی مقبول کے بھی آیا ہے ۔

فصل باے فارسی مع راے مہملہ

پر ۔ ف ۔ بھرا ہوا ۔ بہت ۔

پر ۔ ف ۔ جانور کا پر ۔ برگ کاہ ۔ گوشہ ہر چیز کا کنارہ ۔

پرافشانی ۔ ف ۔ ترک علائق دنیا کرنا ۔

پرافگندن ۔ ف ۔ ضعیف ہونا ۔

پرافگندگی ۔ ف ۔ تتر بتر ہونا ۔

پراگندن ۔ ف ۔ تتر بتر کرنا ۔

پراگندہ ۔ ف ۔ پریشان ۔ بکھرا ہونا ۔

پرانیدن ۔ ف ۔ / پراندن ۔ ف ۔ } اڑانا ۔ کسی کی تعریف میں مبالغہ کرنا ۔ تعریف بیجا کرنا کسی کی جس میں وہ خوش ہو ۔

پر باد شدن ۔ ف ۔ / پر باد گشتن ۔ ف ۔ } تکبر اور غرور کرنا ۔

پرپا ۔ ف ۔ کبوتر پاموز ۔

پرپہن ۔ ف ۔ خرفہ کا ساگ ۔

پرتاب ۔ ف ۔ پر زور طاقت دار ۔

پرتاب ۔ ف ۔ تیر جو دور جا سکتا ہو ۔ ڈالنا وہ مسافت جو درمیان تیرانداز اور نشانہ تیر کے واقع ہو ۔

پرتابیان ۔ ف ۔ تیراندازان ۔

پرتگال ۔ ف ۔ نام ملک کا ۔ نام قوم کا فرنگ سے ۔ ایک قسم کی شراب جو بعد سات مرتبہ کی کشید کے حاصل ہو ۔

پرتو ۔ ف ۔ شعاع ۔ روشنی ۔ کرن ۔

پرخاش ۔ ف ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔

پرچم ۔ ف ۔ کپڑا جو نیزے پر باندھتے ہیں ہندی پھریرا ۔ پہاڑی گاے کی دم کے بال اور مجازاً بمعنی زلف و کاکل ۔

پرچین ۔ ف ۔ باڑ کھیت کی ۔ باغ کی آڑ جو خاردار درختوں کی شاخوں سے بناتے ہیں ۔

پرچین شدن ۔ ف ۔ مضبوط و درست ہونا

ایک چیز کا دوسری چیز مین جیسے لوہے کی کیل
تختے مین ٹھوکنا۔
پَرداختن۔ ف۔ آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔
خالی کرنا۔ مشغول ہونا۔ ساز کا بجانا۔
فارغ ہونا۔ ترک کرنا۔ تمام ہونا۔
پَرداز۔ ف۔ آرایش۔ تصویر کے گرد بیل بوٹے
بنانا۔ نقاشی کرنا۔
پَردَگی۔ ف۔ دربان۔ پوشیدگی۔ ہر چیز
پوشیدہ عموماً اور زن پردہ نشین خصوصاً۔
پُردِل۔ ف۔ بہادر۔ شجاع۔
پَردہ۔ ف۔ چلمن۔ چک۔ کپڑے کا پردہ۔
اوٹ۔ مقامات موسیقی۔ جیسے پردہ عشاق
وغیرہ۔ گوشۂ تنہائی۔ فال نیک۔
پَردہ پوش۔ ف۔ بھید پوشیدہ کرنیوالا۔
پَردہ دار۔ ف۔ دربان۔
پَردہ دریدن۔ ف۔ بھید ظاہر کردینا۔
پَردۂ دیرسال۔ ف۔ آسمان۔
پَردۂ زنبور۔ ف۔ برقع جالی دار۔
پَردۂ کج۔ ف۔ مراد فال بد سے۔
پَردہ نشین۔ ف۔ جو عورت پردے مین رہے
پُرزہ۔ ف۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پُرس۔ ف۔ پوچھ۔ دریافت کر۔
پَرستار۔ ف۔ غلام۔ کنیز۔ خدمتگار۔
پَرستِش۔ ف۔ پوجا۔ عبادت۔
پُرسِش۔ ف۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔

پَرستُک۔ ف۔ } ابابیل۔ دیودلائی۔
پَرستُو۔ ف۔ } ایک پرند مشہور ہے
پَرستَن۔ ف۔ پوجنا۔
پَرست زدن۔ ف۔ دور کی سیر کرنا۔
پَرستیدَن۔ ف۔ پوجنا۔
پُرسیدن۔ ف۔ پوچھنا۔
پُرسان۔ ف۔ پوچھنے والا۔
پُرسہ۔ ف۔ ماتم پرسی۔
پُرسیدَنی۔ ف۔ لائق پوچھنے کے۔
پَرَش۔ ف۔ اُڑنا۔
پَرشکستن مُرغ۔ ف۔ طائر کا اُڑنیکے واسطے
پر تولنا۔
پَرطاس۔ ف۔ نام ایک پہلوان کا۔
پَرطُوطی۔ ف۔ کنایہ ہے آسمان سادہ سے
جسپر ستارے نہین ہین اور وہ نوان آسمان ہے
پَرقازہ۔ ف۔ مصورونکا موقلم۔
پُرکار۔ ف۔ موٹا۔ غفص۔ دانا۔ عیار۔
پَرکالہ۔ ف۔ ٹکڑا۔ حصہ۔
پَرگار۔ ف۔ لوہے کا قلم دو شاخہ جس سے
دائرہ کھینچتے ہین۔ اور کبھی بمعنی دائرہ
اور حلقہ۔ اور طوق کے بھی آتا ہے۔ اور کبھی
مراد روزگار یعنی زمانہ سے بھی ہوتی ہے۔
پَرگار جُنبش پذیر۔ ف۔ آسمان۔
پَرگنہ۔ ف۔ ایک حصہ ضلع کا۔
پَرگندہ۔ ف۔ مخفف پراگندہ کا۔

پَرَن۔ ف۔ پَروین۔ ثریّا۔ جھمکہ۔
پَرنیان۔ ف۔ دیبا۔ ایک قسم کا کپڑا
ریشمی پھولدار ہوتا ہے۔
پَرنیانی بنفش۔ ف۔ جامہ کبود رنگ۔
پَرند۔ ف۔ اُڑنیوالی چڑیا۔ سادہ کپڑا
ریشمی۔ تلوار۔ تلوار کا جوہر۔ پَروین۔ جھمکہ۔
پَروا۔ ف۔ طاقت۔ آرام۔ توجہ۔ رغبت
فراغت۔ فرصت۔ خوف۔ دہشت۔ احتیاج
التفات۔ پرورش۔
پَروار۔ ف۔ گرمی کا ٹھنڈا مکان جس مین
موٹے ہونیکے لیے جانور چوپائے پرورش
پائین اور مجازاً بمعنی فربہ کے بھی آتا ہے۔
پَرواری۔ ف۔ جانور موٹا۔ چربی دار۔
پَرواز۔ ف۔ اُڑنا۔ نثار کرنا زر کا۔
پَرواز بر داشتن شب۔ ف۔ کنایہ ہے
رات کے آخر ہوجانے اور گذر جانے سے۔
پَروانگی۔ ف۔ اجازت۔ آگیا۔
پَروانہ۔ ف۔ تیتلی۔ کیڑا اُڑنیوالا۔ پتنگا۔
چراغ کا۔ حکمنامہ۔ حکم۔
پَروبال۔ ف۔ قوت۔ پرند جانور کے پر
اُڑنے کے اسلیے کہ بال بمعنی پر فارسی مین
آتا ہے جیسے بال مگس و بال پروانہ۔
پَرور۔ ف۔ پالنے والا۔
پَروردگار۔ ف۔ خدا تعالیٰ۔ پالنے والا۔
پَرورده۔ ف۔ پالا ہوا۔

پرورش - ف - پالنا - اور کبھی حکمت اور علم سے بھی مراد ہوتی ہے -
پروز - ف - دامن کی سنجاف -
پرویز - ف - فتحمند - نام خسرو بادشاہ کا جو نوشیروان کا پوتا اور شیرین کا عاشق تھا اور زبان پہلوی مین بمعنی چھلنی - اور چھلنی -
پرویزن - ف - آٹا چھاننے کی چھلنی -
پروین - ف - نام چند ستارون کا جنکو عربی مین ثریا اور ہندی مین جھمکا کہتے ہین -
پرہ - ف - لشکر کی صف - دامن - طرف - کنارہ ہر چیز کا - برگ کاہ - قفل کی جھڑ - جانب راست - جانب چپ - ناک کا نتھنہ - چکی کا ایک پاٹ - کنوین کی گراری -
پرہما - ف - کلنی -
پرہ بینی - ف - ناک کا نتھنہ -
پرہ قفل بر کلید زدن - ف - اُلٹا کام کرنا -
پرہیز - ف - بچنا گناہ یا کسی چیز سے -
پرہیزگار - ف - بچنے والا -
پرہیزیدن - ف - گناہ سے بچنا - پرہیز کرنا -
پری - ف - دیو - پرسون - گر عرف حال مین جنئیہ عورت کو جو نہایت خوبصورت ہو پری کہتے ہین اور ایک قسم کپڑے کی جو نہایت ملائم مثل مخمل کے رنگارنگ ہوتا ہے -
پری پیکر - ف - خوبصورت - معشوق -
پری خوان - ف - منتر جاننے والا - وہ شخص جسکے حکم مین کوئی جن ہو -
پُریدن - ف - بھرنا - پُر کرنا -
پَریدن - ف - اُڑنا - فخر کرنا - تکبر و غرور کرنا - آنکھ کا اُچکنا یعنی پھڑکنا -
پریروز - ف - پرسون کا دن گذرا ہوا -
پریر - ف - پریروز - پرسون کا دن -
پریزاد - ف - پری کی اولاد - خوبصورت شخص -
پریشان - ف - پراگندہ - مصیبت زدہ -
پریشانی - ف - پراگندگی -
پریشب - ف - پرسون کی رات -
پریشیدہ - ف - بمعنی پراگندہ -

فصل بائے فارسی مع زائے معجمہ

پزانیدن - ف - پکوانا -
پزاوہ - ف - اینٹ پکانے کا آوہ اسی کو عوام پجاوہ بولتے ہین -
پزشک - ف - طبیب - جراح -
پزشکی - ف - طبابت - بیدک -
پژان - ف - مرجھایا ہوا - بیرونق غمگین -
پژمردن - ف - مرجھانا - کُھلانا -
پژمردہ - ف - کملایا ہوا - مرجھایا ہوا -
پژوہش - ف - تلاش - قصد - کھوج -
پژوہندہ - ف - جاسوس -
پژوہیدن - ف - کھوجنا - تلاش کرنا - فکر کرنا - ڈھونڈھنا -
پزیدن - ف - پکانا -

فصل بائے فارسی مع سین مہملہ

پس - ف - تب - تو - اسلیے - آخرش - پیچھے -
پس آوردہ - ف - ربیب یعنی زوجہ کا لڑکا پہلے شوہر کا یعنے مادر جلو -
پس افگندہ - ف - خرچ سے بچی ہوئی چیز جسکو دوسرے وقت کے لیے رکھ چھوڑین - پرند جانور کی بیٹ - چوپایون کا گوبر -
پس اندیش - ف - کوتہ اندیش -
پس آہنگ - ف - پیچھے کی فوج جس کو ترکی مین چنداول کہتے ہین -
پست - ف - نیچا - کم رتبہ - کمینہ - بکسر ستو
پستان - ف - چھاتی - چوچی -
پستہ دہان - ف - معشوق کا دہن -
پستی - ف - نیچائی - کمینہ پن -
پس خوردہ - ف - جھوٹا کھانا جو بعد کھانا کھانیکے بچ رہے -
پس خیز - ف - کشتی گیر کا نومشق شاگرد -
پس خم گرفتن - ف - کسی کی طرف سے اپنے منھ کو پھیر لینا - روگردانی کرنا -
پس خم زدن - ف - بھاگ جانا -
پسر - ف - لڑکا - بیٹا -
پسراک - ف - اُستر - ہندی خچر - یہ گدھے اور گھوڑی کی جفتی سے حاصل ہوتا ہے -
پس رو - ف - پیچھے چلنے والا -
پس سر کردن - ف - کسی کیطرف سے منھ پھیر لینا

پَس فَردا ۔ ف ۔ پرسونکا دن آنیوالا ۔
پَسِ کار نشستن ۔ ف ۔ اپنے مطلب کا ترک کرنا ندامت کا اظہار کرنا ۔
پَسندیدن ۔ ف ۔ پسند کرنا ۔
پَسندیدہ ۔ ف ۔ اچھا ۔ برگزیدہ ۔
پَسَنُد ۔ ف ۔ اپنی خوشی ۔ رنجھ ۔
پَسَندَہ ۔ ف ۔ کباب کی ایک قسم ۔
پس وپیش ۔ ف ۔ سوچ ۔ بچار ۔ فکر ۔
پَسیچ ۔ ف ۔ ارادہ ۔ قصد ۔
پَسیچیدَن ۔ ف ۔ قصد کرنا ۔
پَسِین ۔ ف ۔ پچھلا ۔

فصل باے فارسی مع شین معجمہ

پُشت ۔ ف ۔ پیٹھ ۔ اور وہ چیز جو واسطے زیادتی نشہ کے شراب مین داخل کرین ۔ قوت ۔
پُشتارہ ۔ ف ۔ یہ مخفف ہی پُشتوارہ کا ۔ اُسقدر بوجھ جو پیٹھ پر اُٹھا سکین ۔
پُشتِ پناہ ۔ ف ۔ حمایت کرنیوالا ۔ حمایت ۔
پُشتِ پازدن ۔ ف ۔ کسی چیز کا رد کر دینا ۔
پُشتِ چشم نازک کردن ۔ ف ۔ معشوق کا نازاور غرور سے دیکھنا ۔ تغافل کرنا ۔ نازاور غمزہ کی آزردگی ۔
پُشت دادن ۔ ف ۔ بھاگ جانا ۔
پُشتِ دست بر زمین نہادن ۔ ف ۔ ⎫ کنایہ
پُشتِ دست بر زمین گذاشتن ۔ ف ۔ ⎭ ہی کمال عاجزی کرنے اور زاری اور منت کرنیسے
پُشتِ دست خائیدن ۔ ف ۔ افسوس کرنا ندامت کا اظہار کرنا ۔
پُشت زدن ۔ ف ۔ کسی چیز کا رد کر دینا ۔
پُشت شکستن ۔ ف ۔ ہلاک ہونا ۔
پُشت شیر ۔ ف ۔ کنایہ برج اسد سے ۔
پُشت گرمی ۔ ف ۔ مددگاری ۔ تقویت ۔
پُشت گرم شدن ۔ ف ۔ زور اور طاقت پانا ۔
پُشت ماہی ۔ ف ۔ کنایہ رات سے ۔
پُشت نمودن ۔ ف ۔ بھاگ جانا ۔
پُشتَہ ۔ ف ۔ تودہ ۔ ٹیلا ۔
پُشتی ۔ ف ۔ مدد ۔ تائید ۔ پرورش ۔
پُشتیبان ۔ ف ۔ سہارا دینے والا ۔ مددگار معاون ۔ اڑانہ ۔ ٹیکنی ۔
پُشک ۔ ف ۔ اونٹ ۔ بکری ۔ ہرن ۔ چوہے وغیرہ کا سرگین ۔ ہندی مینگنی ۔
پُشک ۔ ف ۔ گربہ ۔ بلی ۔
پُشگال ۔ ف ۔ برسات ۔
پُشکل ۔ ف ۔ چوہے ۔ بکری وغیرہ کی مینگنی ۔
پَشم ۔ ف ۔ اُون ۔
پَشم در کلاہ داشتن ۔ ف ۔ دولت کا غرور کرنا ۔ عزت اور اعتبار قائم رکھنا ۔
پَشم در کلاہ نداشتن ۔ ف ۔ فقیری خرابی ۔
پَشم دین ۔ ف ۔ ⎫ یہ الفاظ کسی کی حقارت
پَشم قُلی ۔ ف ۔ ⎭ اور ذلت کے وقت کہتے ہین اور ان نامون سے پکارتے ہین ۔
پَشم کشیدن ۔ ف ۔ کسیکو ہلاک کرنا ۔
پَشمک ۔ ف ۔ ایک قسم کی مٹھائی ہی ۔
پَشمینہ ۔ ف ۔ اُون کا کپڑا ۔
پُشنگ ۔ ف ۔ افراسیاب کے باپ کا نام اور نام ایک پہلوان کا ۔
پَشہ ۔ ف ۔ مچھر ۔
پَشیز ۔ ف ۔ ⎫ دمڑی یا آدھی ایک پیسے کا
پَشیزہ ۔ ف ۔ ⎭ چوتھا یا آٹھوان حصہ ۔
پَشیمان ۔ ف ۔ پچھتانیوالا ۔ شرمندہ ۔
پَشیمانی ۔ ف ۔ پچھتاوہ ۔ شرمندگی ۔
پَشین ۔ ف ۔ کیقباد کے بیٹے کا نام ۔

فصل باے فارسی مع فا

پُف ۔ ف ۔ ہونٹھون کو سمیٹ کے زور سے ہوا نکالنا یعنی پھونکنا ۔
پُفو ۔ ف ۔ پُف کرنا جسکے معنے ابھی ذکر ہوے ۔

فصل باے فارسی مع کاف عربی و فارسی

پَک ۔ ف ۔ بے ہنر ۔ خودرائے ۔ خودپسند ۔
پَکنَہ ۔ ف ۔ آدمی موٹا اور چھوٹے قد کا ۔
پَکوُک ۔ ف ۔ ہندی ہتوڑا ۔
پَگاہ ۔ ف ۔ سحر ۔ صبح ۔
پَگہ ۔ ف ۔ مخفف پگاہ کا ۔

فصل باے فارسی مع لام

پُل ۔ ف ۔ دریا پر جو گذرگاہ بناتے ہین ۔ اور مخفف پُول کا بمعنی پیسہ جسکو عرب فلوس کہتے ہین ۔ اور مچھلی کی پیٹھ پر کے سفنے ۔
پَلارَک ۔ ف ۔ تلوار جوہر دار ۔

پَلاس - ف - سَن کا موٹا کپڑا - ہندی ٹاٹ
نام درخت ڈھاک کا - جاجم موٹی - اور
بمعنی مکر اور حیلہ کے بھی آیا ہی -
پلاؤ - ف - ایک قسم کا کھانا جو مشہور ہی یہ
لفظ حرف اول کے فتحہ سے ہی ضمہ سے غلط ہی -
پُلپُل - ف - سیاہ مرچ -
پلچی - ف - کرٹیان اور پیسے بیچنے والا -
پُل شکستن - ف - محروم کرنا - غرق کرنا -
پلفُتہ - ف - آتشپارہ - ہندی چنگاری -
پلک - ف - پوست گرداگرد آنکھ کا یعنے
پلک چشم - اور بمعنی موے مژہ کے بھی
آیا ہی - یعنی پلکونکے بال جو مشہور ہین -
پلکان - ف - سیڑھی - زینہ چوبین -
پلنگ - ف - ایک درندہ ہی سواے
چیتے کے کہ وہ دشمن شیر ہی -
پلنگ توش - ف - نام ایک شخص کا جو شاہ
توران کیطرف سے وکیل ہوکر شاہ عباس
کے پاس گیا تھا -
پلنگر - ف - زنگیونکے شہزادے کا نام
جو سکندر کے ہاتھ سے مارا گیا -
پلنگینہ - ف - مشابہ پوست پلنگ سے
اور ایک قسم کا کپڑا جسکی دھاریان وغیرہ
پوست پلنگ سے مشابہ ہوتی ہین -
پلہ - ف - ترازو کا پلڑا - سیڑھی کا ڈنڈا - درجہ - مرتبہ
پلہ - ف - ڈھاک کا درخت -

پلیتہ - ف - چراغ کی بتی بٹی ہوئی -
پلید - ف - ناپاک -

فصل باے فارسی مع نون

پناہ - ف - بچاؤ - بچنے کا ٹھکانا -
پنبہ - ف - روئی -
پنبہ دہن - ف - کم گو اور کم سخن آدمی -
پنبہ کردن - ف - نرم کرنا - عاجز کرنا -
پنج - ف - پانچ - یعنی - (۵) صہ -
پنجم - ف - پانچوان - (۱/۵)
پنجاہ - ف - پچاس یعنی - (۵۰) صہ
پنجاہم - ف - پچاسوان - (۱/۵۰)
پنج ارکان - ف - کلمۂ طیبہ - نماز - روزہ -
حج - زکوٰۃ -
پنج پا - ف -
پنج پایہ - ف - } جانور آبی خرچنگ - کیکڑہ
پنج حس - ف - پانچ قوتین دریافت کرنیکی
سننا - دیکھنا - سونگھنا - چکھنا - چھونا -
پنج دعا - ف - پانچ وقت کی نماز
ظہر - عصر - مغرب - عشا - صبح -
پنجگشت - ف - سنبھالو کا درخت -
پنجگاہ - ف - پانچون نمازون کے پانچ
وقت اور نام ایک پردہ کا موسیقی سے -
پنج نوبت زدن - ف - مرتبہ اور دبدبہ
اور جاہ و سلطنت کا ظاہر کرنا -
پنج و چہار - ف - کنایہ نو آسمان سے -

پنجرہ - ف - جو چیز کہ مشبک اور جالی دار ہو
درندون اور پرندونکے رہنے کا گھر -
پنجر - ف - مخفف پنجرہ کا -
پنجشنبہ - ف - جمعرات کا دن -
پنجہ - ف - مخفف پنجاہ کا -
پنجۂ الماس - ف - فولادی پنجہ جس سے
کشتی گیر کسرت کرتے ہین - الماس بمعنی
فولاد بھی آیا ہی -
پنجہ ماہ - ف - یوسف زلیخا مین کنایہ حضرت
یوسف علیہ السلام سے -
پند - ف - نصیحت - بھلائی کی بات -
پندار - ف - غرور - سمجھ - اٹکل - توقع -
پنداشتن - ف - پہچاننا - معلوم کرنا -
پنگان - ف - تانبے کا کٹورا سوراخدار
جسکو پانی مین ڈال کے گھڑیکا اندازہ کرتے ہین
پنہان - ف - پوشیدہ - چھپا ہوا -

فصل باے فارسی مع واو

پوت - ف - بواؤ مجہول - بکری کی کلیجی -
پوچ - ف - نالائق - بیہودہ - خالی بمغز
پوخ - ف - آدمی کا گوہ -
پود - ف - بانا بننے کا سوت -
پور - ف - بیٹا - نام ایک راجہ قنوج کا جو
لاہور پر سکندر سے لڑا تھا - اور تیر کو بھی کہتے
ہین جو ایک پرند مشہور ہی اور وہ شخص
جو اپنے کو نادان ظاہر کرے -

پُور بیجادہ رنگ - ف - کنایہ آفتاب سے
پُور سینا - ف - حکیم بوعلی - انکے باپ کا نام سینا تھا
پُور سقّا - ف - شیخ صنعان جنھون نے ایک
فرنگن کے عشق مین کفر اختیار کیا تھا -
مگر پھر ہدایت پائی -
پُوز - ف - ناک اور چہرہ چارپایونکا -
پُوزِش - ف - عذر - معذرت -
پُوست - ف - چھلکا - غیبت - بدگوئی -
پُوست تخت - ف - فقیرون کا بستر جو
شیر یا ہرن کی کھال کا ہوتا ہے -
پُوست کاویدن - ف - بھید ظاہر کردینا -
پُوست کندن - ف - کسی کا عیب ظاہر کرنا -
پُوست کندہ گفتن - ف - ظاہر ظاہر کہنا
پُوستین - ف - کھال کا کرتا - اور بدگوئی
کرنیکے معنی بھی آتے ہین -
پُوستین باز کردن - ف - کسی کو برہنہ کرڈالنا
پُوستین دریدن - ف - عیب جوئی کرنا -
پُوسیدن - ف - بہت پرانا ہونا -
پُوش - ف - غلاف - زرہ - جوشن - اور
ایک معنی یہ ہین کہ الگ ہوجاؤ - چنانچہ اکثر
لوگ پُوش پوش بولا کرتے ہین -
پُوشانیدن - ف - کپڑا پہنانا -
پُوشاک - ف - لباس - کپڑے پہننے کے
پُوشِش - ف - لباس -
پُوشیدن - ف - پہننا - چھپانا -
پُوشیدہ - ف - چھپا ہوا - ڈھکا ہوا - اور
بمعنی خلعت اور دام صیاد کے بھی آیا ہے -
پُوشیدہ چشم - ف - اندھا -
پُوطہ دار - ف - نقد روپیہ رکھنے والا خزانچی
پُول - ف - فلوس - پیسہ - دریا کا پل -
پُولاد - ف - ایک قسم کا لوہا نہایت سخت
پُولِ سیاہ - ف - تانبے کا پیسہ -
پُوے پُوے - ف - جلدی دوڑ تیز چل
پُویندہ - ف - دوڑنیوالا - تیز قدم -
پُویہ - ف - ایک قسم کی چال گھوڑے کی
جو نہ تیز ہو اور نہ آہستہ ہو -
پُوئیدن - ف - تلاش کرنا - دوڑنا -

فصل باے فارسی مع ہاے ہوز

پہ پہ - ف - واہ واہ - سبحان اللہ -
پہلُو - ف - بمعنی شہر - اور زبان پہلوی
اسی کی طرف منسوب ہے - مرد شجاع - دلاور
صاحب جاہ و مال اور نام پسر سام بن نوح
علیہ السلام کا - نفع - فائدہ -
پہلوان - ف - سورما - بہادر - طاقت ور
پہلُو تہی کردن - ف - انکار کرنا - بات سے
پھر جانا - کنارہ کرنا -
پہلُو خوردن - ف - صدمہ اُٹھانا -
پہلُو دادن - ف - کسی کی مدد کرنا -
پہلُو دزدیدن - ف - کنارہ کرنا کسی چیز سے
اسطرح کہ کسی کو اُسکی خبر نہو -
پہلُو زدن - ف - برابری کرنا -
پہلُو نہادن - ف - سو رہنا -
پہلوِی - ف - فارسی کی سات زبانون مین سے
ایک زبان کا نام - اور مراد مذہب مجوس سے -
پہن - ف - فراخ - چوڑاؤ -
پہنا - ف - چوڑائی - چوڑاؤ -
پہن چشم - ف - شوخ - بیحیا -
پہن کردن - ف - کشادہ کرنا -

فصل باے فارسی مع یاے تحتانی

پَی - ف - پانون - کھوج - واسطے - پٹھا -
نشانِ قدم - پیچھے - طاقت -
پیاپی - ف - پے در پے - لگاتار -
پیام - ف - سندیسہ - کچھ بات کہلا بھیجنا -
پیچاک - ف - پیچ و خم - طرّہ - زُلف -
پیچش - ف - پیچ و تاب - مروڑا -
پیچیدن - ف - لپیٹنا - لپٹنا -
پیچیدہ درکار - ف - فکر اور تامل کرنیوالا -
پیچیدہ دست - ف - مُراد کم ور -
پیخال - ف - پرندونکی بیٹ -
پیختہ - ف - بمعنی میدہ -
پیدا وار - ف - فصل کی پیدا - حاصل -
پیر - ف - بوڑھا - بڑی عمر کا آدمی -
پیرانہ سری - ف - بڑھاپا -
پیر افشانی - بڑھاپے مین جوانون کا
کام کرنا - یعنی ہوس بجھانا -

پیراستن - ف - واسطے زیبایش کے کم کرنا اور کاٹنا کسی چیز کا جیسے آدمی کے ناخن تراشنا - اور بالونکی زیادتی کم کرنا اور درخت کی نامناسب شاخین چھانٹنا وغیرہ

پیرامون - ف - } گرداگرد - آس پاس -
پیرامن - ف - }

پیرایہ - ف - آرائش - لباس - زیور -

پیرزال - ف - بوڑھی عورت -

پیرزن - ف - مراد انگیٹھی سے بھی -

پیرسال - ف - بوڑھا - بوڑھی -

پیرسراندیب - ف - حضرت آدم علیہ السلام

پیرکنعان - ف - حضرت یعقوب علیہ السلام

پیرمغان - ف - آگ کا پجاری معشوق -

پیرمرید - ف - شیخ باارادت -

پیرو - ف - پچھلگو - مرید -

پیروز - ف - فتحمند -

پیروزہ - ف - فیروزہ ایک قسم کا پتھر نیلے رنگ

پیرنہ - ف - } چھلنی -
پیرن - ف - }

پیس - ف - مرض داغ سفید - برص -

پی سپران - ف - مسافر - اور پامال لوگ

پیسراک - ف - شتر جوان - خچر قوی -

پی سپید - ف - منحوس قدم -

پیسہ - ف - سیاہ اور سفید ملا ہوا - ابلق اور بمعنی مبروص کے بھی آیا ہے -

پیش - ف - آگے - سامنے -

پیشانی - ف - ماتھا - سختی - بےشرمی - شوخی - لیاقت - شائستگی - وسعت فراخی و بمعنی قسمت اور نصیب کے بھی آیا ہے

پیش آمد - ف - سلوک - رعایت -

پیش آہنگ - ف - وہ شخص جو لشکر اور قافلے کے آگے آگے چلے -

پیش بین - ف - دانا - عقلمند -

پیش پیرا - ف - سکندرنامہ مین مراد ہے فردوسی طوسی سے -

پیش خورد - ف - سب کھانون مین سے تھوڑا تھوڑا چکھنا بطور چاشنی کے - اور وہ قلیل کھانا جس سے صبح کو نہار توڑین -

پیش خیمہ - ف - خدمتگار چالاک - اور شروع آواز راگ کی -

پیش دندان - ف - وہ چیز قلیل مقدار کی جس سے صبحکو نہار توڑین -

پیش دامن - ف - خادم - نوکر -

پیشدستی - ف - نیابت - سبقت کرنا -

پیشدست - ف - نائب پیشکار غالب مددگار - آگے کام کرنیوالا -

پیشرس - ف - وہ میوہ جو فصل سے کسی قدر پہلے پختہ ہو جائے -

پیشرو - ف - آگے چلنے والا نوکر - لشکر کا ہراول - آواز راگ کی -

پیشطاق - ف - مکان کا صحن - بلند دروازہ بادشاہی محل کا - دروازہ کے آگے کا میدان یعنی افتادہ زمین -

پیش عہدان - ف - سکندرنامہ مین مراد ہے بادشاہان سابق سے -

پیش قبض - ف - مشہور ہتھیار کا نام - نام ایک پیچ کا کشتی سے - ہندی کیلی -

پیشکار - ف - سامنے کام کرنیوالا -

پیشکش - ف - نذر - تحفہ دینا - بھینٹ

پیش کشیدن - ف - غصہ کرنا - معتوب کرنا

پیشگاہ - ف - مکان کا صحن - صدر مجلس وہ فرش جو امیرونکی مسند اور بادشاہون کے تخت کے آگے بچھائین -

پیش نہاد - ف - ارادہ دل کا -

پیشوا - ف - رہنما - ہادی -

پیشواز - ف - } استقبال کرنا - استقبال
پیشباز - ف - } کرنے والا - اور ایک قسم جامہ کی جو عورتین پہنتی ہین -

پیشوائی - ف - کسی کے آگے اسکے لانے کو جانا - یعنی استقبال کرنا -

پیشہ - ف - ہنر - کسب -

پیشین - ف - اگلا - نام نماز ظہر کا -

پیشینہ - ف - اگلا - پہلے والا -

پیشینیان - ف - اگلے زمانیکے لوگ -

پیغام - ف - پیام - سندیسا -

پیغمبر۔ ف۔ سندیسا لانیوالا۔
پیغاره۔ ف۔ سرزنش۔ طعنہ۔
پیغالہ۔ ف۔ شراب کا کاسہ۔
پیغوز۔ ف۔ دہن تنگ چھوٹا مرتبان۔
پیغولہ۔ ف۔ کونہ گوشہ۔ گوشۂ چشم۔
پیک۔ ف۔ قاصد۔
پیکِ ملکِ سرمد۔ ف۔ حضرت جبرئیلؑ۔
پیکار۔ ف۔ لڑائی۔ جنگ۔
پیکانی۔ ف۔ ایک قسم ہی لعل اور یاقوت اور نوشادر کی۔
پیکان۔ ف۔ تیر یا برچھی کی پھال۔
پیکر۔ ف۔ شکل۔ جسم۔
پی کردن۔ ف۔ پانونکے گٹّے کے پاس سے رگ اور پٹّھے کو کاٹ دینا۔ اس سے پانون قابل رفتار کے نہین رہتا اگرچہ زخم اچھا بھی ہو جائے۔ مجازاً پانون کاٹ ڈالنا اور کبھی بمعنی عاجز کرنے اور بے رفتار کرنے کے بھی مستعمل ہوتا ہی۔
پیل۔ ف۔ ہاتھی۔ اور چمڑیکا تھیلہ جو واسطے رکھنے اسباب کے گھوڑے پر رکھتے ہین۔
پیل افگندن۔ ف۔ کسی پر غالب ہونا دوسرے کو عاجز کرنا۔
پیل بالا۔ ف۔ ہاتھی کے قد کے برابر۔
پیلبان۔ ف۔ ہاتھی کا نگہبان۔ اور ہاتھی کا ہانکنے والا۔

پیلبند۔ ف۔ بازی شطرنج مین ایک بند کا نام
پیلپا۔ ف۔ بیماری پانون کی جو مشہور ہی بڑی صراحی۔ لوہے کا گرز۔ دواؤنکا بڑا ڈبہ۔ زنگیونکا ایک قسم کا ہتھیار۔
پیلپایہ۔ ف۔ کھم۔ ستون۔
پیلتن۔ ف۔ قوی۔ رستم کا لقب۔
پیل را هندوستان یاد دادن۔ ف کنایہ ہی ہاتھی کے مست کرنے سے۔
پیل مال۔ ف۔ کسی کو ہاتھی کے پیرون کے نیچے کچلوا ڈالنا۔ اور اضافت سے ہاتھی لدا ہوا مال و اسباب سے۔
پیلِ محمود۔ ف۔ نام اُس ہاتھی کا جو ابرہہ بادشاہ حبش کے ہاتھیونکا سردار تھا اور یہ بادشاہ خانہ کعبہ کی خرابی کے لیے اس ہاتھی کو بھی ساتھ لایا تھا مگر مخذول ہوا۔
پیلہ۔ ف۔ ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہی اور کویا ریشم کا بھی۔
پیلہ ور۔ ف۔ شیشہ گر۔ عطار۔ اور ریشم بیچنے والا۔
پیمانہ۔ ف۔ پیمایش کا آلہ۔ ناپ۔
پیمانہ پر شدن۔ ف۔ عمر کا آخر ہونا۔
پیمان۔ ف۔ وعدہ۔ عہد۔ شرط۔
پیمایش۔ ف۔ ناپنا۔ ناپ۔
پیمودن۔ ف۔ ناپنا۔
پینہ دوز۔ ف۔ کفش اور جامہ اور گدڑی اور موزے وغیرہ پر پیوند سینے والا۔
پینو۔ ف۔ جغرات۔ دہی۔
پینکی۔ ف۔ غنودگی۔ اونگھنا۔
پیوستن۔ ف۔ ملنا۔ ملانا۔ مضبوط ہونا۔
پیوستہ۔ ف۔ ملا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔
پیوند۔ ف۔ جوڑ۔ ٹکڑا۔
پیہ۔ ف۔ چربی۔
پیہ گرگ بر سر پیرهن مالیدن۔ ف۔ مکر اور فریب اور دغا کرنا۔
پیہم۔ ف۔ برابر لگاتار۔

باب تاے فوقانی
فصل تا مع الف

تا۔ ع۔ نرم خاک۔
تا۔ ف۔ اُس تک۔ تاکہ۔ اور بمعنی گنتی کے جیسے دوتا۔ سہ تا۔ تختہ کاغذ۔ ہرگز۔ زنہار۔ مخفف تار کا۔ حرف تنبیہ کا واسطے خبردار کرنیکے اور بمعنی اگر کے جو کلمہ شرط ہی اور واسطے ابتدا اور انتہا کے بھی آتا ہی۔ اور واسطے ربط کے قائم مقام کاف ربط کا ہی اور واسطے علت کے اور قائم مقام کاف بیانیہ کا۔ اور واسطے نتیجہ کے اور بمعنی جہان دم اور ہمین کے بھی آتا ہی۔
تاب۔ ف۔ طاقت۔ رونق۔ روشنی۔ پیچیدگی۔ گرمی۔ اور صیغہ امر کا بمعنی دوڑ۔ لپیٹ۔ روشن کر۔ چمک۔

تابان۔ ف۔ چمکدار۔ چمکنے والا۔
تابدان۔ ف۔ روشندان جو حجرہ مین ہوتا ہی
تابخانہ۔ ف۔ حمام۔ وہ مکان جہان تنور روٹی پکانیکا گرما ہو۔
تابستان۔ ف۔ گرمی۔ موسم گرما۔
تابش۔ ف۔ گرمی۔ چمک۔ طاقت۔
تابع۔ ع۔ ماتحت۔ نوکر۔ فرمان بردار۔
تابعدار۔ ف۔ یہ لفظ غلط ہی اسلیے کہ تابع لفظ عربی ہی اور صیغہ اسم فاعل کا ہی ترکیب لفظ (دار) کی حاجت نہین رکھتا بے معنی ہوا جاتا ہی اسکی جگہ فرمان بردار بولنا چاہیے۔
تابعین۔ ع۔ جمع تابع بمعنی فرمان بردار کی ہی اور اصطلاح محدثین مین وہ مسلمان لوگ جنھون نے اصحاب رسول اللہ صلعم سے ایک یا زیادہ سے ملاقات کی ہو اور تبع تابعین وہ لوگ جنھون نے تابعین سے ملاقات کی ہو۔
تابناک۔ ف۔ روشن۔ چمکدار۔
تابندہ۔ ف۔ چمکنے والا۔
تابندہ ہور۔ ف۔ آفتاب چمکنے والا۔ اور سکندر نامہ مین ایک جگہ مراد سکندر سے۔
تابوت۔ ع۔ صندوق مُردہ کا۔
تابہ۔ ف۔ ہندی توا۔
تابید۔ ف۔ ہمیشہ کرنا کسی کام کو ابد تک۔
تابین۔ ع۔ کسی چیز کے پیچھے جانا۔ پیروی کرنا اگرچہ یہ مصدر ہی مگر استعمال اسکا بمعنی اسم فاعل درست ہی یعنی پیروی کرنیوالا اسی سبب سے فارسی مین اسکی جمع تابینان آتی ہی۔
تابیدن۔ ف۔ چمکنا۔
تاتار۔ ف۔ نام ایک ولایت مشہور کا۔
تاتوق۔ ع۔ آرزومند ہونا۔ بد خو ہونا۔
تاتورہ۔ ف۔ ہندی دھتورہ۔
تاثر۔ ع۔ اثر قبول کرنا۔
تاثیر۔ ع۔ اثر کرنا۔
تاج۔ ع۔ بادشاہی ٹوپی۔
تاج خروس۔ ف۔ مرغ کی کلغی۔ کیس ایک سُرخ پھول جسکو کلغہ کہتے ہین۔
تاجدار۔ ف۔ بادشاہ۔
تاجر۔ ع۔ سوداگر۔
تاج شمع۔ ع۔ شمع کی لو۔
تاجک۔ ع۔ } وہ آدمی جو عرب مین پیدا ہوا
تاجیک۔ ع۔ } اور فارس مین پرورش پاکر بڑا ہوا ہو۔ اسطرح کے لوگ اکثر سوداگری کرتے ہین اسلیے تاجک کے معنی سوداگر کے بھی لیا کرتے ہین۔ اور تاجیک نام اُس ملک کا جو سوائے ملک عرب کے ہو۔
تاجج۔ ع۔ بروزن تعلق۔ آگ کا شعلہ مارنا۔
تاجور۔ ف۔ بادشاہ۔
تاجوری۔ ف۔ بادشاہت۔
تاجیل۔ ع۔ مہلت دینا۔
تاخت۔ ف۔ فوج کا حملہ۔
تاختن۔ ف۔ حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔
تاخر۔ ع۔ دیر کرنا۔ پیچھے ہونا۔
تاخیر۔ ع۔ دیر کرنا۔ دیری۔
تادب۔ ع۔ زباندانی سکھانا۔ ادب اختیار کرنا۔
تادیب۔ ع۔ ادب دینا۔ علم زباندانی سکھانا۔
تادیہ۔ ع۔ پہونچانا۔ ادا کرنا۔
تار۔ ف۔ ڈورا۔ سوت۔ تانا۔ لوہے وغیرہ کا تار۔ اور بمعنی تاریک۔ اور مخفف تارک کا بمعنی میان سر یعنی مانگ۔ ترکی مین بمعنی تنگ۔
تارات۔ ف۔ مبدل تاراج کا بمعنی لوٹ۔
تارات۔ ع۔ جمع تارت کی۔ کئی بار کئی مرتبہ
تاراج۔ ف۔ لوٹ۔ غارت۔
تارت۔ ع۔ ایک بار۔ ایک مرتبہ۔
تارک۔ ع۔ چھوڑنیوالا۔
تارک۔ ف۔ درمیان سر کے بالون کے جو لکیر ہوتی ہی۔
تارکش۔ ف۔ وہ شخص جو تار کھینچتا ہی۔
تارمار۔ ف۔ کج مج۔ پریشان۔ پراگندہ۔
تار و پود۔ ف۔ تانا اور بانا۔
تاریخ۔ ع۔ کسی چیز کا وقت ظاہر کرنا۔ علم کسی واقعہ اور حادثہ کا۔ کسی امر عظیم سے مدت کا تعین کرنا۔ کوئی دن مہینے کا۔
تاریخ تازی۔ ف۔ تاریخ عرب۔
تاریخ دہقان۔ ف۔ اہل ایران کی واقعون سے مراد ہی

تاریخ نوروزی۔ ف۔ بادشاہونکے جشن نوروز مین جو تاریخ برستے ہین۔

تاریک۔ ف۔ سیاہ۔ کالا۔ اندھیرا۔ جسکے آرپار نظر نہ جاسکے۔

تاری۔ ف۔ مخفف تاریک کا۔

تاریکی۔ ف۔ اندھیرا۔

تاز۔ ف۔ مخفف تازہ کا۔ اور بمعنی حملہ۔

تازش۔ ف۔ حملہ کرنا۔ دوڑنا۔

تازگی۔ ف۔ تازہ ہونا۔ تازہ پن۔

تازہ۔ ف۔ نیا۔ ترت کا۔

تازہ دماغی۔ ف۔ دانائی۔ خوشحالی۔

تازی۔ ف۔ عربی زبان۔ گھوڑا عربی۔ اور کتا شکاری۔ عرب کا آدمی۔

تازیان۔ ف۔ عرب کے لوگ۔ دوڑنیوالے۔

تازیانہ۔ ف۔ کوڑا۔ چابک۔

تازیدن۔ ف۔ دوڑنا۔

تاسا۔ ف۔ اندوہ۔ ملال۔ بیقراری۔

تاسع۔ ع۔ نوان۔ یعنی (۹)

تاسف۔ ع۔ افسوس کرنا۔ افسوس۔

تاسہ۔ ف۔ غم۔ رنج۔ اضطراب۔

تاسّی۔ ف۔ اطاعت اور پیروی کرنا

تاسیس۔ ع۔ بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ اور مضبوط کرنا اور نام قافیہ کے ایک حرف کا۔

تاسینہ در موج خون آمدن۔ ف۔ مراد ہے مصیبت سخت مین مبتلا ہونے سے۔

تاش۔ ف۔ یار۔ صاحب۔ خداوند۔ شریک

تاشکند۔ ف۔ نام شہر کا توران مین۔

تاغ۔ ت۔ پہاڑ۔ آزاد درخت کا نام۔

تاغہ۔ ت۔ خالو۔ خالہ کا شوہر۔

تافتن۔ ف۔ بٹنا۔ چمکنا۔

تافتہ۔ ف۔ بٹا ہوا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا

تاقی۔ ف۔ کلاہ۔ ٹوپی۔

تاک۔ ف۔ انگور کا درخت۔ نام ایک قوم کا نواحی دہلی اور گجرات مین۔

تاکید۔ ف۔ بار بار کہنا۔ بات کا مضبوط کرنا۔

تالاب۔ ف۔ مشہور ہے جسکا پانی بہتا نہین ہے

تالار۔ ف۔ مچان جو کھیت مین باندھ کر کسان وغیرہ اُسپر بیٹھ کر رات کو پاسبانی اور حفاظت کھیت کی کرتے ہین۔

تالد۔ ع۔ پرانا مال۔

تالّف۔ ع۔ باہم اُلفت کرنا۔ محبت۔ دوستی

تالال۔ ف۔ پریشان۔ پراگندہ۔

تالّم۔ ع۔ دردناک ہونا۔ صاحب غم ہونا۔

تالّہ۔ ع۔ حق پرستی۔ عبادت اور زاری کرنا

تالی۔ ع۔ پیچھے چلنے والا۔ قائم مقام۔

تالیف۔ ع۔ اُلفت ڈالنا۔ کتاب بنانا۔ اگلے بزرگونکے قولونکو جمع کرنا۔

تامّ۔ ع۔ پورا۔ تمام۔ کامل۔

تامّل۔ ع۔ خیال کرنا۔ سوچنا۔

تانّی۔ ع۔ تاخیر۔ درنگ۔ دیر۔

تانّس۔ ع۔ خو پکڑنا۔ عادت پذیر ہونا۔

تانّف۔ ع۔ ننگ و عار رکھنا۔ شرم کرنا۔

تاوان۔ ف۔ جرمانہ۔ ڈانڈ۔

تاویل۔ ع۔ بیان کرنا خواب کی تعبیر کا کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اُسکے اور ہی معنی بیان کرنا مگر مناسبت کے ساتھ۔

تاہّب۔ ع۔ آمادہ اور مستعد ہونا۔

تاہّل۔ ع۔ شادی کرنا۔ جورو کرنا۔ اور لڑکے بالون والا ہونا۔

تاہو۔ ف۔ ایک قسم کی شراب۔

تائب۔ ع۔ توبہ کرنیوالا۔ باز آنیوالا۔

تاے تشریف۔ ف۔ ایک خلعت۔

تایق۔ ع۔ بمعنی شائق۔ صاحب شوق

تائید۔ ع۔ مدد کرنا۔

فصل تا۔ مع باے موحدہ

تب۔ ف۔ بخار۔ تابش۔ بیقراری۔

تباب۔ ع۔ ہلاکت۔ زیانکاری۔

تبادر۔ ع۔ باہم دوڑنا۔ اور کسی کام مین دوسرے پر پیشی اور سبقت لیجانا۔

تبادل۔ ع۔ بدل کرنا۔ باہم ایک دوسرے کی تبدیلی ہونی۔

تبار۔ ف۔ خاندان۔ نسل۔ اولاد۔

تبار۔ ع۔ ہلاکی۔

تبارک۔ ع۔ مبارک کرنا۔ بلند ہونا۔ پاک ہونا۔ زیادہ ہونا۔ بزرگ ہونا۔

تبارک - ع - صیغہ ماضی کا معنی اسکے بزرگ ہوا - اور نام ایک سورۂ قرآن شریف کا -

تبارک اللہ - ع - پاک اور بزرگ ہو اللہ اور استعمال اسکا مدح مین بوقت تعجب ہوتا ہو -

تباشیر - ف - ایک دواے سفید کہ بوی بانس کا نام جو زمین مین پیدا ہوتی ہو ہندی بنسلوچن اور طباشیر معرب اسکا ہو -

تباشیر - ع - اول اور شروع ہر چیز کا - اول صبح اور سپیدۂ صبح - پگڈنڈی - جو راہ کہ مین چلنے والون کے پیرونکے نشانون سے بنجاتی ہو -

تباعد - ع - ایک دوسرے سے دور رہنا -

تباغض - ع - آپس مین بغض و عداوت رکھنا -

تباہی - ف - اجڑ جانا -

تباین - ع - تفاوت اور فرق ہونا - جدا ہونا دو چیز کا آپسمین -

تبت - ع - نام ایک ملک کا درمیان پورب اور اتر کشمیر کے جہانکی مشک عمدہ ہوتی ہو -

تبت یدا ک - ع - ہلاک ہون دونون ہاتھ تیرے

تبتل - ع - باخدا ہونا - دنیا سے بیزار ہونا -

تبجیل - ع - بزرگی کرنا - عزت کرنا -

تبحر - ع - مثل دریا کے علم مین ہونا بہت علم حاصل ہو جانا -

تبخالہ - ف - چھوٹے چھوٹے آبلے جو تپ کی گرمی سے ہونٹون پر پڑ جاتے ہین اور یہ نشانی صحت کی ہو

تبختر - ع - مٹک کر چلنا - ناز کرکے چلنا -

تبخیر - ع - بو کا اٹھنا - بخار بنانا - دھوان بنا کر اٹھانا -

تبدل - ع - عوض کرنا - تبدیل کرنا - بدلنا - بدل ڈالنا -

تبذیر - ع - بے اندازہ خرچ کرنا - پراگندہ کرنا - زمین سے گھاس کا اگنا -

تبر - ف - ایک قسم کی کلھاڑی -

تبر - ع - سونا - زر - طلا - کندن -

تبرا - ع - نفرت کرنا - بیزاری - بیزار ہونا -

تبرخون - ف - سرخ صندل کی لکڑی - اور بعضے بمعنی مجیٹھ کہتے ہین اور طبرخون طاے مہملہ سے بھی آیا ہو -

تبرزد - ف - قند سفید - مصری شفاف شکر سفید براق - طبرزد اسکا معرب ہو -

تبرزین - ف - ایک قسم کا تیر ہوتا ہو کہ سوار گھوڑے کی زین مین رکھتے ہین -

تبرع - ع - بخشنا کسی چیز کا - کرنا اس کام کا جو واجب نہو - مجازاً عبادت نفل -

تبرک - ع - برکت لینا - اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے - ہندی پرشاد -

تبرکات - ع - برکت لینے کی چیزین - یہ جمع تبرک کی ہو -

تبرم - ع - استوار ہونا - عاجز آنا - رنجیدہ ہونا - ماندہ ہونا -

تبرید - ع - سرد کرنا - ٹھنڈائی -

تبریز - ف - نام شہر کا آذربائجان مین بسایا ہوا زبیدہ خاتون کا - نام ایک شعبہ کا ہو موسیقی مین -

تبسم - ع - مسکرانا - کلی کا کھلنا -

تبسط - ع - ماخوذ ہو بسط سے جس کے معنی کشادگی کے ہین -

تبشیر - ع - خوشخبری دینا -

تبصر - ع - دیکھنا -

تبصرہ - ع - بینا کرنا - اور مراد عینک سے -

تبع - ع - پیروی کرنا - اور بمعنی پیروان - یہ لفظ واحد اور جمع دونون آیا ہو -

تبعل - ع - شوہر بننا -

تبعہ - ع - انجام بد - نتیجہ بد - عذاب -

تبعہ - ع - جمع تابع بمعنی فرمان برداری -

تبعید - ع - دور کرنا -

تبعیت - ع - حکم ماننا - پیروی -

تبعات - ع - کسی چیز کے لوازم - گناہ کے عذاب - دکھ سختی - خرابیان - پیرو لوگ

تبقیہ - ع - باقی رکھنا -

تبلد - ع - کندی ذہن -

تبلیغ - ع - پہونچانا - کسی پاس کچھ روانہ کرنا

تبن - ع - سوکھی گھاس کا تنکا -

تبنی - ع - بیٹا بنانا - گود لینا -

تبور - ع - ہلاکی - کاہلی -

تبوراک - ف - چھوٹا نقارہ جو کسان لوگ

کھیتون مین رکھتے ہین اور واسطے ہنکانے
پرندونکے بجاتے ہین۔ اور بانس کے
کھٹکھٹے کو بھی کہتے ہین جو اسی کام مین
آتا ہو اور بمعنی چھلنی اور خوان اور کفچۂ
آہنی کے بھی یہ لفظ آتا ہے۔
تبوک۔ع۔ نام ایک موضع کا قریب شام کے
جہان رسول مقبول ورکا فرونسے جنگ ہوئی
تھی۔ اور دف کو بھی کہتے ہین جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے
تبہ۔ف۔ } برباد اور اجڑا ہوا۔
تبہ کار۔ف۔
تبیارہ۔ف۔ } بمعنی تپ و لرزہ۔
تبیازہ۔ف۔
تبیان۔ع۔ خوب بیان کرنا معنی کا روشن
اور آشکارا کرنا۔
تبیرہ۔ف۔ ڈھول۔ نقارہ۔
تبیرہ زن۔ف۔ نقارچی۔
تبیع۔ع۔ ایک برس کا بیل۔
تبیین۔ع۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

فصل تا۔ مع باے فارسی

تپ۔ف۔ اضطراب بے آرامی۔ بخار۔
تپاک۔ف۔ چالاکی۔ گرمجوشی۔
تپانچہ۔ف۔ تھپڑ۔ دریا کی موج۔
تپش۔ف۔ گرمی۔ سوزش۔
تپنچہ۔ف۔ مخفف تپانچہ کا۔
تپیدن۔ف۔ تڑپنا۔ گرم ہونا۔

فصل تا۔ مع تاے فوقانی

تتابع۔ع۔ پے در پے ہونا۔
تتبع۔ع۔ ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ اور
کسی کی پیروی کرنا۔
تتر۔ع۔ مخفف تاتار کا جو شہر ہے ترکستان مین
تتری۔ع۔ ملک تاتار کا رہنے والا۔ یا
اُس ملک کی کوئی چیز۔
تتق۔ع۔ چادر۔ بڑا پردہ۔ سراپردہ۔
تتماج۔ت۔ ایک قسم کی آش کا نام۔
تتمہ۔ع۔ تامی۔ بقیہ۔ آخر ہر شے کا۔
تتمیم۔ع۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ آخر کو پہونچانا۔
تتن۔ف۔ تنباکو۔

فصل تا۔ مع ثاے مثلثہ

تثاوب۔ع۔ دہن درہ۔ جماہی۔
تثاقل۔ع۔ گرانی خاطر۔ گرانبار ہونا۔
تثریب۔ع۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
تثقل۔ع۔ گرانبار ہونا۔
تثقیل۔ع۔ گرانبار کرنا۔
تثلیث۔ع۔ تین حصونمین تقسیم کرنا۔
تثمیر۔ع۔ میوہ چننا۔ نفع پانا۔
تثنیہ۔ع۔ دوگنا۔ دوکرنا۔

فصل تا۔ مع جیم

تجار۔ع۔ جمع تاجر بمعنی سوداگر کی۔
تجارب۔ع۔ باہم ایک دوسرے کو آزمانا۔
تجارب۔ع۔ جمع تجربہ کی۔ آزمائشین
تجارت۔ع۔ سوداگری۔ بیوپار۔ سوداگرنا۔
تجاسر۔ع۔ دلیری کرنا۔ شوخی و گستاخی کرنا
تجاوز۔ع۔ گذرنا۔ حد سے گزرنا۔ لانگھ جانا۔
تجاہد۔ع۔ کوشش کرنا۔
تجاہل۔ع۔ جان بوجھ کر جاہل بننا۔ اور
انجان ہوجانا۔
تجبر۔ع۔ گردنکشی کرنا۔
تجدید۔ع۔ نیا کرنا۔ نئے سرسے کوئی کام کرنا۔
تجربہ۔ع۔ آزمانا۔ آزمایش۔
تجربہ کار۔ف۔ آزمودہ۔ آزمایش کیا ہوا۔
تجرد۔ع۔ ننگا ہونا۔ تنہائی۔ علیحدگی دنیا سے
تجرع۔ع۔ گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔
تجرید۔ع۔ تنہائی۔ مجرد کرنا۔ ننگا کرنا۔
تجزیہ۔ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تقسیم کرنا۔
تجزی۔ع۔ تقسیم و ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تجسس۔ع۔ ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔
تجسم۔ع۔ برگزیدہ کرنا کسی شخص کو ساری
قوم مین سے۔ قصد کرنا کسی چیز کا کسی بڑے
کام مین پڑنا۔ موٹا تازہ فربہ ہونا۔
تجشم۔ع۔ رنج و مشقت کھینچنا۔
تجفیف۔ع۔ خشک کرنا۔
تجلد۔ع۔ مقابلہ دشمن مین جلدی کرنا اور
چالاکی کرنا۔
تجلیہ۔ع۔ چھیلنا۔ زنگ چھڑانا۔ جلا کرنا۔
روشن اور آشکارا کرنا۔

تجلّی ۔ع۔ روشن اور آشکارا کرنا۔ روشن ہونا روشنی۔ جلوہ کرنا۔ اور فارسیونکے استعمال مین مراد نور الٰہی سے جو کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام پر ظاہر ہوا تھا۔ اور کبھی تجلّی کو فارسی مین تجلّا بھی لکھتے ہین جیسے تمنّی کو تمنّا اور تماشی کو تماشا۔

تجلید ۔ع۔ کتاب کی جلد باندھنا۔ کھال کسی جانور کی کھینچنا۔

تجمّش ۔ع۔ بالونکا مونڈنا۔ آواز باریک نکالنا۔ کسی سے عشق کرنا۔

تجمّل ۔ع۔ زیبائش۔ شان وشکوہ اور جمال کی آرائش کرنا۔

تجنّب ۔ع۔ دور ہونا۔ ایک طرف ہونا۔ پرہیز

تجنّی ۔ع۔ کسی کو گنہگار ٹھہرانا۔

تجنیس ۔ع۔ ہمجنس کرنا۔ یکسان کرنا۔

تجوید ۔ع۔ نیک کرنا۔ خالص کرنا۔ اور حروف مخرج سے ادا کرنا۔

تجویز ۔ع۔ جائز کرنا۔ رائے دینا۔ کوئی نئی بات اپنی طرف سے نکالنا۔

تجویف ۔ع۔ خالی کرنا۔ کھوکھلا بنانا۔

تجہّز ۔ع۔ آمادہ ومستعد ہونا۔

تجہیز ۔ع۔ سامان کرنا۔ جہیز شادی کا دینا اور اسباب مُردے کا تیار کرنا۔

فصل تا۔ مع حائے مہملہ

تحابب ۔ع۔ باہم محبت کرنا۔ باہم پیار رکھنا

تحارُب ۔ع۔ آپسمین جنگ کرنا۔

تحاشی ۔ع۔ ایک طرف ہو جانا۔

تحافی ۔ع۔ نیک ہونا۔ جُدا ہونا۔

تحائف ۔ع۔ جمع تُحفہ کی۔

تحت ۔ع۔ زیر۔ نیچے۔

تحتُ الثّریٰ ۔ع۔ مراد زیر زمین سے اسلیے کہ ثریٰ خاک نمناک کو کہتے ہین۔

تحتُ الشّعاع ۔ع۔ دو یا تین روز آخر ہر مہینے کے جسمین چاند نہین دکھائی دیتا اور یہ دن منحوس کہلاتے ہین۔

تحتُ الحَنَک ۔ع۔ زاہدون کا معمول ہے کہ عمامہ کا ایک پیچ ٹھڈّی کے نیچے سے نکال کے سر مین لپیٹ لیتے ہین۔ حَنَک ٹھڈّی کے حصّۂ زیرین کو کہتے ہین۔

تحتّم ۔ع۔ واجب ہونا۔

تحجّر ۔ع۔ کسی چیز کا مثل پتھر کے ہو جانا۔

تحجّم ۔ع۔ پچھنے لگانا۔ چوسنا۔ باز رکھنا پستان کا اُبھرنا اور نکلنا۔

تحدّث ۔ع۔ بات کہنا۔ قصّہ پڑھنا۔

تحدید ۔ع۔ تیز کرنا۔ کسی چیز کی حد پیدا کرنا

تحذیر ۔ع۔ کسیکو ڈرانا۔ خوف دلانا۔

تحرّز ۔ع۔ پرہیز کرنا۔ اپنے کو نگاہ رکھنا۔

تحریر ۔ع۔ لونڈی غلام کا آزاد کرنا۔ لکھنا پاکیزہ کہنا۔ نغمہ کی ایک قسم جسکو گٹکری کہتے ہین۔ تصویر وغیرہ پر نقاشی کرنا۔ اور نام اُقلیدس کی کتاب کا علم ہندسہ مین۔

تحرّک ۔ع۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔

تحریص ۔ع۔ لالچ دلانا۔ حرص دلانا۔

تحریض ۔ع۔ کسی کو جنگ پر رغبت دلانا۔

تحریک ۔ع۔ حرکت دینا۔ ہلانا۔ اور کبھی مجازاً بمعنی رغبت دلانیکے بھی آتا ہے۔

تحریمہ ۔ع۔ نیت کے بعد نماز کی پہلی تکبیر۔

تحرّی ۔ع۔ نیکی اور بہتری ڈھونڈھنا۔ اور کسی جگہ دیر کرنا۔ قبلہ کی سمت معلوم کرنا۔

تحریف ۔ع۔ بدل ڈالنا۔ حروف اور معنی بدلنا۔

تحزیہ ۔ع۔ تیر کرنا۔

تحزّن ۔ع۔ غمگین ہونا۔

تحسّر ۔ع۔ افسوس کرنا۔ حسرت کرنا۔

تحسین ۔ع۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔

تحشّم ۔ع۔ غضب کرنا۔ خدمتگارون اور نوکرونکا مالک ہونا۔

تحشیر ۔ع۔ اپنے اہل وعیال کے روٹی کپڑے دینے مین تنگی اور کمی کرنا۔

تحشیہ ۔ع۔ کتاب پر حاشیہ لکھنا۔

تحصّن ۔ع۔ قلعہ بند ہونا۔

تحصین ۔ع۔ گرد شہر کے دیوار کھچوانا۔

تحصیل ۔ع۔ حاصل کرنا۔

تُحف ۔ع۔ جمع تحفہ کی نادر اشیاء۔

تحفگی ۔ف۔ تحفہ پن۔ خوبی۔

تُحفہ ۔ع۔ نادر۔ انوکھا۔ بہت خوب۔

تحقیر۔ ع۔ ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
تحقق۔ ع۔ ثابت ہونا۔ موجود ہونا۔
تحقیق۔ ع۔ دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔
تحکم۔ ع۔ دعویٰ کرنا۔ زبردستی کسی پر حکومت کرنا غلبہ کرنا اور خیابان مین ہر کہ خواہ نخواہ کسی کا حکم قبول کرنا۔
تحلیل۔ ع۔ کسی چیز کے اجزا کا کھولدینا حلال کرنا۔ کسی چیز کا کسی مقام پر فرو کش ہونا۔ کسی چیز کو گلا کر فانی کر دینا۔
تحلیہ۔ ع۔ شیرین کرنا۔ زیور پہنانا۔ کسی شخص کی تعریف وصفت کرنا۔
تحمل۔ ع۔ اُٹھانا۔ برداشت کرنا۔
تحمید۔ ع۔ تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ سراہنا۔
تحمیل۔ ع۔ لادنا۔ بوجھ لاد دینا۔
تحنن۔ ع۔ مہربانی کرنا۔
تحول۔ ع۔ حوالہ کرنا دوسرے کو۔ پھر جانا ایک جگہ سے دوسری جگہ کو۔
تحویل۔ ع۔ سپرد کرنا۔ کسی کو کوئی چیز حوالے کردینا۔ داخل ہونا۔
تحویلدار۔ ف۔ خزانچی۔ روکڑیا۔
تحیت۔ ع۔ سلام کرنا۔ دیر تک زندہ رہنا۔ بادشاہی۔ ملک۔
تحیہ۔ ع۔ سلام۔ دعا زندگی۔ دینا۔ ملک بادشاہی۔ مبارکباد کہنا۔
تحیر۔ ع۔ حیران ہونا۔ بھونچکا ہو جانا۔

فصل تا۔ مع خاے معجمہ

تخافت۔ ع۔ پوشیدہ کہنا۔
تخالف۔ ع۔ باہم مخالف ہونا۔
تخالج۔ ع۔ دلمین شک اور وسواس آنا۔
تخاوف۔ ع۔ باہم خوف کرنا۔
تخت۔ ف۔ بیٹھنے کی چوکی تخت بادشاہی دماغ کا چاق ہونا۔ شراب کے نشہ سے۔
تخت رونده۔ ف۔ کنایہ گھوڑے سے۔
تخت سلیمان۔ ف۔ نام مقام کا کشمیر مین۔
تخت عاج۔ ف۔ مراد دن سے۔
تختگاہ۔ ف۔ دار السلطنت۔ حاکم اعلیٰ کے رہنے کا شہر۔ گورنمنٹ کے مقام کا شہر۔
تختہ۔ ف۔ لکڑی ترشی ہوئی۔ تختہ۔ اور مراد تختہ تابوت سے۔
تختۂ اول۔ ف۔ مراد لوح محفوظ سے۔
تختۂ بر سر شکستن۔ ف۔ خراب و رسوا کرنا۔
تختہ بند۔ ف۔ قید۔ قیدی چھوٹی چھوٹی کھپچیان جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جاتی ہین۔ اور اُس ٹوٹے ہوے عضو کو بھی کہتے ہین جسپر کھپچیان بندھی ہون۔
تختۂ قماش۔ ف۔ دو تختے ہوتے ہین جنمین دوشالے اور پشمینہ اور لباس وغیرہ رکھکر رسی سے کس دیتے ہین تاکہ کیڑا نہ کھالے عربی مین اُسکو تخت کہتے ہین۔
تختۂ نرد۔ ف۔ شطرنج کھیلنے کا تختہ۔

تخجیل۔ ع۔ شرمندہ کرنا۔
تخدیر۔ ع۔ عورت کو پردہ مین بٹھلانا کسی عضو کو کرخت کردینا اور سُن کر دینا۔
تخریب۔ ع۔ خراب کرنا۔ اُجاڑ دینا۔
تخریج۔ ع۔ باہر نکالنا۔ ادب دینا نیکی پر خارج کرنا کسی چیز کو کسی جگہ سے۔
تخریق۔ ع۔ پارہ پارہ کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔
تخسیر۔ ع۔ کمی۔ اور ہلاک کرنا۔
تخش۔ ف۔ تیر ناوک کی کمان۔ ایک قسم تیر کی مجلس کا صدر۔ تیر آتشبازی یعنی ہوائی۔
تخشع۔ ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔
تخشیدن۔ ف۔ سب سے اوپر بیٹھنا۔
تخصیص۔ ع۔ خاص کرنا۔ خصوصیت۔
تخضع۔ ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔
تخطیہ۔ ع۔ کسی کے کام کی خطا پکڑنا۔
تخفیف۔ ع۔ ہلکا کرنا۔ بوجھ اُتارنا۔ کم کرنا۔
تخلص۔ ع۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ مختصر نام جو شعرا اپنا مقرر کرکے شعر مین نظم کرتے ہین۔
تخلف۔ ع۔ پیچھے رہنا۔ خلاف وعدہ کرنا۔
تخلق۔ ع۔ خلق کرنا۔ خوگر ہونا۔ خوشخو ہونا۔
تخلل۔ ع۔ بیچ مین آجانا۔ خلل ڈالنا۔ خرابی۔
تخلخل۔ ع۔ کسی چیز کے اجزا کا آپس سے جدا ہونا۔ کھوکھلا پن۔
تخلی۔ ع۔ خالی ہونا۔
تخلیص۔ ع۔ خلاص کرنا۔ چھوڑ دینا۔

تخلید۔ ع۔ ہمیشگی کرنا۔ ہاتھ مین کنگن پہننا

تخلیط۔ ع۔ کلام مین باطل کا ملانا۔

تخلیل۔ ع۔ سرکہ کرنا۔ انگلیون مین انگلیان ڈالنا۔ وضو کرتے وقت داڑھی مین انگلیان ڈالنا۔ خلال کرنا۔

تخلیہ۔ ع۔ خالی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

تخم۔ ف۔ بیج۔

تخماق۔ ت۔ میخ گاڑنیکا میخچو۔

تخم بازی۔ ف۔ نوروز اور عید وغیرہ کے دونون مین لڑکے رنگین انڈونسے کھیلتے ہین

تخم چیزے برافتادن۔ ف۔ کسی چیز کا نابود اور نیست اور معدوم ہوجانا۔

تخمہ۔ ع۔ بدہضمی۔

تخمہ۔ ف۔ اصل۔ پیدائش۔ اولاد۔

تخمیر۔ ع۔ خمیر اٹھانا۔

تخمین۔ ع۔ اندازہ کرنا۔ اٹکل کرنا۔

تخمینا۔ ع۔ اٹکل اور اندازہ سے۔

تخویف۔ ع۔ ڈرانا۔

تخوف۔ ع۔ ڈرنا۔

تخیل۔ ع۔ کسی چیز کا خیال مین لانا۔

تخییل۔ ع۔ کسیکو کسی بات کا خیال دلانا۔

فصل تا۔ مع دال مہملہ

تدابیر۔ ع۔ جمع تدبیر کی۔ تجویزین۔

تداخل۔ ع۔ ایک دوسرے مین داخل ہونا اور طبیبونکی اصطلاح مین ایک غذا ابھی اچھی طرح ہضم نہین ہوئی دوسری کھالینا

تدارک۔ ع۔ کوئی چیز فوت شدہ کو پانا۔ ایک کا دوسرے تک پہونچنا۔

تداول۔ ع۔ ہاتھون ہاتھ ایک دوسرے سے لینا۔ دست بدست پھرنا۔

تداوی۔ ع۔ دوا علاج کرنا۔

تدبر۔ ع۔ انجام کام کا سوچنا۔

تدبیر۔ ع۔ کسی کام کے پیچھے پڑنا۔ غور کرنا انجام کام کا سوچنا۔

تدخین۔ ع۔ دھوان کرنا۔

تدریج۔ ع۔ درجہ بدرجہ ہونا۔ تھوڑا تھوڑا ہونا

تدریس۔ ع۔ سبق دینا۔ علم سکھانا۔

تدسیہ۔ ع۔ تباہ کرنا۔ گمراہ کرنا۔

تدفین۔ ع۔ زمین مین گاڑدینا۔ دفن کرنا۔

تدقیق۔ ع۔ باریک کرنا۔ خوب کوٹنا۔ باریک بات کا نکالنا۔ آٹا گوندھنا۔

تدلک۔ ع۔ بدنکا ملنا۔

تدلیس۔ ع۔ خریدار پر مال کا عیب چھپانا۔

تدمیر۔ ع۔ کسی کو ہلاکی مین ڈالنا۔

تدنس۔ ع۔ چرک آلودہ ہونا۔

تدنیس۔ ع۔ چرک آلود کرنا۔

تدویر۔ ع۔ گول پھرانا کسی چیز کا۔

تدوین۔ ع۔ جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔

تدہین۔ ع۔ تیل ملنا۔

تدین۔ ع۔ دیندار ہونا۔ دینداری۔

فصل تا۔ مع ذال معجمہ

تذبذب۔ ع۔ دودلہ ہونا۔ تردد کرنا۔ ڈبڈھا۔ ہلنا کسی چیز کا جو ہوا مین لٹکی ہو۔

تذرو۔ ف۔ سینہ۔ بازو۔ اور بمعنی مرغ صحرائی جو نہایت خوش رنگ ہوتا ہے۔ اور یہ لفظ دال مہملہ سے لکھنا اور بمعنی کبک کہنا محض غلط ہے۔

تذرو بہاری۔ ف۔ سکندرنامہ مین مراد ہے کنیزک آراستہ سے۔

تذکرہ۔ ع۔ یادداشت۔ یاد۔ ذکر۔ اور بمعنی نصیحت کرنیکے بھی آتا ہے۔

تذکار۔ ع۔ ذکر کرنا۔ بکسر اول غلط ہے۔

تذکر۔ ع۔ یاد کرنا۔ یاد آجانا۔

تذکیر۔ ع۔ مذکر کرنا۔ یاد دلانا۔ نصیحت کرنا۔

تذکیہ۔ ع۔ جانور کا ذبح کرنا۔ آگ بھڑکانا۔

تذلل۔ ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔ اور اپنے کو دوسرونسے ذلیل جاننا۔

تذلیل۔ ع۔ دوسرے کو ذلیل اور بےعزت کرنا۔

تذلیق۔ ع۔ تیز کرنا۔

تذنیب۔ ع۔ کسی چیز کو دمدار اور دنبالہ دار کرنا

تذہیب۔ ع۔ سونیکا ملمع کرنا۔

تذییل۔ ع۔ ایک چیز کو دوسری چیز کا دامن بنانا یعنی اسکے آخر مین لگانا۔

فصل تا۔ مع راے مہملہ

تر۔ ف۔ یہ کلمہ واسطے تفضیل کے آتا ہے اور بمعنی

تازہ اور آبدار اور صاف اور پاکیزہ کے
اور بمعنی نادم اور شرمندہ کے بھی آیا ہے -
تُراب - ع - مٹی - زمین - خاک -
تَراجُع - ع - پھر جانا - آپس مین رجوع کرنا -
تَراجی - ع - باہم اُمید رکھنا -
تَراخی - ع - دیر - کاہل - تقصیر کرنا -
تَرادِیف - ع - وہ چیزین جو باہم مشابہ ہون
تَرازُو - ف - بتنگ - تلا - ٹکری - اور مراد
طبیب اور اصطرلاب سے -
تَرازوی پولاد سنجان - ف - مراد
لڑنے والونکے نیزونسے -
تَرازوی زور - ف - کنایہ مالدار سے
تَرازوی زر - ف - کنایہ مالدار بخیل اور
نازک مزاج سے -
ترازوی سنگ زن - ف - وہ ترازو
جسکا ایک پلہ زیادہ ہو اور دوسرا کم -
ترازو شدن - ف - مقابل ہونا - برابر
ہونا - تیر اور نیزہ کی پھال کا نشانہ کی
پشت سے گذر جانا -
ترازوی کافور - ف - کنایہ آفتاب سے
تراش - ف - کاٹ - کتاؤ - افتخار -
آرائش - نفع - سود -
تراشہ - ف - چھلکا تراشا ہوا - اور ایک
لوہے کا آلہ جس سے پتھر تراشتے ہین -
تراشیدن - ف - کاٹنا - چھیلنا -

تَراضی - ع - آپس مین راضی اور خوشنود ہونا -
تَراض - ع - تراضی کا مخفف ہے -
تَراکُم - ع - انبوہ - بھیڑ -
تَراکیب - ع - جمع ہے ترکیب کی -
تَرانہ - ف - راگ - گیت -
تَراوِش - ف - ٹپکنا - ٹپکا -
تَراوِیدن - ف - ٹپکنا -
تَراہی - ف - نیا پودھا نیا میوہ -
تَرائب - ع - سینہ کی ہڈیان - اور مجازاً
بمعنی سینہ کے بھی آتا ہے -
تُرُب - ف - مولی جو ترکاری مشہور ہے
تِرب - ع - ہمعمر - ہم سن -
تَرِب - ع - خاک آلودہ ہونا - فقیر ہونا -
تُربَت - ع - مٹی - زمین - قبر -
تَربُز - ف - تربوز - ہندوانہ -
تَرَبُّص - ع - اُمید رکھنا - توقف کرنا -
اور غلہ کو اُمید گرانی رکھ چھوڑنا -
تَربِیَت - ع - پرورش کرنا - پالنا -
تُرت و مُرت - ع - بمعنی زیر و زبر - یعنی
نیچے اور اوپر -
تَرَتُّب - ع - راست اور درست ہونا -
تَرتِیب - ع - ہر چیز کا درجہ قائم کرنا - اور
اُسکو اُسکی جگہ پر رکھنا -
تَرتِیل - ع - قرآن شریف کے حرفون کو
اُنکے مخارج سے ادا کرنا اور آہستگی اور

اطمینان سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا -
تَرجُمان - ع - وہ شخص جو ایک زبان کو
دوسری زبان مین بتلادے - اور بمعنی فصیح
اور تیز زبان اور خوش تقریر کے بھی آتا ہے -
تَرجَمہ - ع - ایک زبان کے مطلب کو دوسری
زبان مین بدلنا - اور معنی اُسکے بیان کرنا -
تَرجِیع - ع - رجوع کرنا - اور بوقت مصیبت
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون کہنا -
تَرَجّی - ع - اُمید اُس چیز کی رکھنا جو مل سکے
تَرجِیح - ع - غلبہ دینا - افزون کرنا -
تَرَح - ع - اندوہ - غم - رنج -
تَرحال - ع - کوچ کرنا - سفر کرنا -
تَرَحُّب - ع - مرحبا کہنا کسیکے آنے پر خوش ہونا
تَرَحُّل - ع - کوچ کرنا -
تَرَحُّم - ع - رحم کرنا - ترس کھانا - دیا کرنا -
تَرحِیب - ع - بمعنی تعظیم -
تَرحِیل - ع - کسیکو سفر مین بھیجنا -
تُرخان - ف - وہ شخص جسکو بادشاہ نے
مواخذہ عدالت سے بری کردیا ہو - اور ایک
قسم پودینہ کی - اور نام قوم چغتائی کا - اور
رئیس اور سردار اور شریف کو بھی کہتے ہین
اور لقب ابو نصر خاقانی کا - اور یہ لفظ مجازاً
عرف حال مین بمعنی مسخرہ بھی مستعمل ہے -
تَرخِیم - ع - دُم کاٹنا کسی کلمہ کے حرف آخر کو گرادینا -
تَرخِیص - ع - رخصت کرنا - اجازت دینا -

تَرَدُّد ۔ ع ۔ آمد و رفت کرنا ۔ گستکاری ۔ شک ۔ فکر ۔
تَرَدُّدَات ۔ ع ۔ جمع تَرَدُّد کی ۔
تَرْدَامَن ۔ ع ۔ بدکار ۔ گنہگار ۔
تَرْدَامَنی ۔ ف ۔ بدکاری ۔ گنہگاری ۔
تَرْدَسْت ۔ ف ۔ چُست ۔ چالاک ۔ مشّاق
کامل ہنر ۔ تیز دست ۔
تَرْدَمَاغ ۔ ف ۔ عقلمند ۔ صاحب شعور ۔ سرخوش
نیم مست یعنی نشہ کا سرور بھی ہوا اور بلا حواس بھی
تَرْدَمَاغی ۔ ف ۔ حالت عقل و شعور کی
فرحت ۔ سرور ۔ تازگی ۔ مستی معتدل ۔
تَرْدِیْد ۔ ع ۔ رد کرنا ۔ کسی بات کا جواب دینا
تَرْدِیْف ۔ ع ۔ کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے
پر سوار ہونا ۔ دو لفظونکے ایک معنی ہونا ۔
تَرْزَبَان ۔ ف ۔ فصیح ۔ خوش کلام ۔
تَرْس ۔ ف ۔ خوف ۔ ڈر ۔ دہشت ۔
تَرْسکاری ۔ ف ۔ خدا سے ڈرنا ۔
تُرْس ۔ ع ۔ ڈھال ۔ سپر ۔ سخت تیز ۔
تَرْسَا ۔ ف ۔ نصارا ۔ آتش پرست ۔
تَرْسَان ۔ ف ۔ ڈرنیوالا ۔ ڈرتا ہوا ۔
تَرْسَانِیدَن ۔ ف ۔ ڈرانا ۔
تَرْسْنَاک ۔ ف ۔ خوفناک ۔ ڈرا ہوا ۔
تَرْسَنْدَہ ۔ ف ۔ ڈرنیوالا ۔
تُرْسِی ۔ ع ۔ جو چیز ڈھال کی طرح چوڑی ہو
اور سپر کی صورت سے مشابہ ہو ۔
تَرْسِیدَن ۔ ف ۔ ڈرنا ۔ خوف کرنا ۔

تَرْسِیْل ۔ ع ۔ روانہ کرنا ۔ بھیجنا ۔ نامہ بھیجنا ۔
تُرُش ۔ ف ۔ کھٹا ۔ چوکا ۔ ناراض ۔ خفا ۔
تُرُش روی ۔ ف ۔ بدخُلق ۔
تَرَشُّح ۔ ع ۔ ٹپکنا پانیکا ۔ پانی کا چھلکنا ۔
مجازاً کم کم بوندیان مینھ کی پڑنا ۔
تَرْشُدَن ۔ ف ۔ شرمندہ اور منفعل ہونا ۔
تَرْشِیْح ۔ ع ۔ پانی دینا اور نام ایک صنعت کا ۔
تُرُشی ۔ ف ۔ کھٹائی ۔ خفگی ۔ ناراضی ۔
تَرَصُّد ۔ ع ۔ اُمید ۔ گھات لگانا ۔ اُمید رکھنا ۔
تَرْصِیْع ۔ ع ۔ زیور کو جواہر سے جڑاؤ کرنا
شعر با قافیہ و ردیف کہنا ۔ عبارت مقفی لکھنا
تَرْصِیْص ۔ ع ۔ مضبوط بنانا ۔ رانگہ کے
ساتھ کسی چیز کو جوڑنا اور بند کرنا ۔
تَرْطِیْب ۔ ع ۔ تر کرنا ۔ مزاج مین تری لانا ۔
تُرْغَاک ۔ ت ۔ پاسبانی ۔ نگہبانی شب ۔
تُرْغَاق ۔ ت ۔ اور بمعنی پاسبان بھی آیا ہی
تَرْغِیْب ۔ ع ۔ رغبت دلانا ۔ لالچ دینا ۔
تَرْف ۔ ع ۔ پنیر جو خشک دہی کا بنتا ہی ۔
تَرَفُّع ۔ ع ۔ بلندی ڈھونڈھنا ۔ کنایہ غرور سے
تَرَفُّق ۔ ع ۔ مہربانی کرنا ۔ نرمی کرنا ۔
تَرَفُّہ ۔ ع ۔ آسودگی ۔ دولتمندی ۔
تَرْفِیْہ ۔ ع ۔ آسودہ کرنا ۔ آسودگی ۔
تَرَقُّب ۔ ع ۔ اُمید رکھنا ۔ اُمید ۔ انتظار ۔
تَرْقُوَہ ۔ ع ۔ گردن کی ہنسلی ۔ جمع اسکی تراقی ہی ۔
تَرَقِّی ۔ ع ۔ بلند ہونا ۔ اوپر چڑھنا ۔

تَرْقِیْق ۔ ع ۔ باریک کرنا ۔
تَرَقِیْدَن ۔ ف ۔ پھٹنا ۔ پھوٹنا ۔ شگفتہ ہونا
تَرْقِیْم ۔ ع ۔ لکھنا ۔ رقم کرنا ۔
تَرْقِیْن ۔ ع ۔ سطرونکو پاس پاس لکھنا
حرفون پر نقطے اور اعراب لگانا ۔ کتاب کا
زینت دینا ۔ مہندی کا خضاب کرنا ۔
تَرْک ۔ ع ۔ چھوڑنا ۔ چھوڑ دینا ۔
تُرْک ۔ ف ۔ نام ایک قوم کا ترکستان مین
لکھا ہی کہ یہ لوگ اولاد تُرک بن یافث
بن نوح علیہ السلام سے ہین ۔ اور مجازاً
بمعنی سپاہی اور معشوق کے مستعمل ہی ۔
تُرْکِ چِیْن ۔ ف ۔ آفتاب بہ اعتبار اسکے
کہ وہ چین کی طرف نکلتا ہی ۔
تُرْکِ حِصَارِی ۔ ف ۔ کنایہ آفتاب سے
تُرْکِ فَلَک ۔ ف ۔ کنایہ ستارۂ مریخ سے
اور بعضے کہتے ہین کہ مُراد آفتاب سے ۔
تُرْکَان ۔ ف ۔ تُرکی عورتون کا خطاب
جیسے ہند مین بیگم ۔
تُرْکْتَاز ۔ ف ۔ دوڑ ۔ دھوپ ۔ حملہ ۔ ہلہ ۔ اور
بمعنی مرد سپاہی اور غارتگر کے بھی آیا ہی ۔
تَرْکَرْدَن ۔ ف ۔ کنایہ دھونے سے ۔
تَرْکَش ۔ ف ۔ تیر رکھنے کا خانہ ۔
تُرْکَمَان ۔ ف ۔ ترک کے مانند اور نام ایک
قوم کا ترک مین جسکے لوگ بڑے بہادر ہوتے ہین
تَرِکَہ ۔ ع ۔ مال مردہ کا ۔

ترکی ـ ف ـ زبان قوم ترک کی جو ترکستان مین بولی جاتی ہی ـ

ترکی تمام شد ـ ف ـ غرور جاتا رہا ـ

ترکی کردن ـ ف ـ ظلم و ستم کرنا ـ

ترکیب ـ ع ـ مرکب کرنا ـ کئی چیزون کا باہم آمیز کر کے کوئی چیز بنانا ـ

ترکیدن ـ ف ـ شق ہونا ـ پھٹ جانا ـ

ترگ ـ ف ـ لوہے کا خود ـ

ترمیم ـ ع ـ مرمت کرنا ـ

ترن ـ ف ـ گل نسرین ـ

ترنانہ ـ ف ـ روٹی مع دال سالن ـ

ترنج ـ ف ـ مشہور میوہ ہی مثل بڑے نیبو کے

ترنج ـ ف ـ چین چکن ـ بڑا بوٹہ جو دوشالے وغیرہ کے چارون گوشون پر ہوتا ہی ـ

ترنج روے شستہ ـ ف ـ کنایہ آفتاب سے

ترنجیدہ ـ ف ـ شکندار ـ ترشرو ـ

ترنگ ـ ف ـ بوقت تیراندازی کمان کھینچنے مین جو آواز اُسکے کڑکنے کی نکلتی ہی ـ

ترنگا ترنگ ـ ف ـ سخت چیز پر تلوار پڑنیکی آواز

ترنگبین ـ ف ـ ترنجبین ـ یہ ایک میٹھی دوا ہی جو خراسان مین خاردار درختون پر ہوا سے مانند شبنم کے گر کر جم جاتی ہی ـ

ترنم ـ ع ـ گیت گانا ـ

ترنوازی ـ ف ـ گوییے کی خوش آوازی

ترویج ـ ع ـ رائج کرنا ـ چلانا ـ

ترویح ـ ع ـ راحت دینا ـ خوشبودار کرنا

ترہ ـ ع ـ باطل چیز ـ سختی ـ ہوا ـ ابر ـ

ترہہ ـ ع ـ جمع اسکی ترہات آتی ہی ـ

ترہ ـ ع ـ دل مین کینہ رکھنا ـ

ترہ ـ ف ـ ساگ ـ ترکاری ـ

ترہات ـ ع ـ باطل چیزین ـ بیہودہ باتین

ترہل ـ ع ـ عضو کا نرم ہونا ـ گوشت کا ڈھیلا ہو جانا ـ سست ہونا ـ

ترہیب ـ ع ـ ڈرانا ـ

ترہب ـ ع ـ راہب ہونا ـ عبادت کرنا ـ

تری ـ ف ـ بیدماغی ـ ناخوشی ـ خلاف صفائی ـ آبداری ـ

تریاق ـ ع ـ زہر مہرہ ـ زہر کی دوا مرکب

تریاک ـ ف ـ زہر مہرہ ـ دواے مرکب دافع جمیع اقسام زہر ـ اصطلاحاً افیون ـ

تریاکی ـ ف ـ افیونی ـ اور نام ایک شاعر کا ـ

تریدن ـ ف ـ بمعنی رسیدن ـ پہونچنا ـ

فصل تا مع زاے معجمہ

تزاحم ـ ع ـ انبوہ ـ انبوہ کرنا ـ بھیڑ کرنا ـ

تزاید ـ ع ـ زیادہ ہونا ـ افزون ہونا ـ

تزحیر ـ ع ـ / تزحر ـ ع ـ } مرض پیچش کا ہونا ـ

تزریق ـ ع ـ کسی شخص کو مکاری و نفاق اور دروغگوئی کے ساتھ نسبت کرنا ـ

تزریق بیان ـ ف ـ کاذب ـ دروغگو ـ

تزعزع ـ ع ـ ہلنا ـ جنبش کرنا ـ

تزعیف ـ ع ـ ہلاک کرنا ـ

تزک ـ ت ـ / توزک ـ ت ـ } توزک مین واؤ زائد ہی اور غیر ملفوظ ـ معنی اسکے قانون ـ اور وہ واقعہ جسکو خود بادشاہ نے لکھا ہو ـ اور بمعنی شان و شوکت ـ

تزکی ـ ع ـ / تزکیہ ـ ع ـ } پاک کرنا ـ صاف کرنا ـ صدقہ دینا ـ زکوٰۃ دینا ـ

تزلل ـ ع ـ لغزش ـ کانپنا ـ

تزلزل ـ ع ـ زلزلہ آنا ـ ڈگمگانا ـ کانپنا ـ

تزمیر ـ ع ـ بانسری بجانا ـ

تزوج ـ ع ـ زوجہ کرنا ـ اور شوہر کرنا ـ

تزویج ـ ع ـ جوڑا لگانا ـ نزدیکی کرنا ـ عورت کو مرد اور مرد کو عورت دینا ـ

تزود ـ ع ـ زادراہ لینا ـ توشہ لینا ـ

تزویر ـ ع ـ جھوٹ بولنا ـ فریب کرنا ـ

تزہد ـ ع ـ عبادت کرنا ـ

تزییف ـ ع ـ زبون اور کھوٹا کرنا روپیہ کا ـ

تزین ـ ع ـ آراستہ ہونا ـ

تزیین ـ ع ـ زینت کرنا ـ زیبائش کرنا ـ

فصل تا مع سین مہملہ

تس ـ ف ـ گوز بے صدا ـ پھسکی ـ

تسافد ـ ع ـ جانورونکا باہم جفتی کرنا ـ

تساکر ـ ع ـ بغیر نشہ کے اپنے کو مست بنانا ـ

تسالم ـ ع ـ آپس مین صلح کر لینا ـ

تَسَامُح۔ ع۔ جوانمردی کرنا۔ آسانی کرنا۔
تَسَاوِی۔ ع۔ برابری۔ دو چیز کا برابر ہونا
تَسَاوِیُ الطَّرَفین۔ ع۔ دو طرف کا برابر ہونا
تَسَاہُل۔ ع۔ آسان کرنا۔ آسان سمجھنا۔ غفلت کرنا۔
تَسبِیح۔ ع۔ پاکی سے خدا کو یاد کرنا سبحان اللہ کہنا۔ اور مجازاً بمعنی سو دانے ڈورے مین پروئے ہوئے کے۔
تَسبِیحِ سَال۔ ف۔ سال گرہ کا ناڑا۔
تَستِیر۔ ع۔ پوشیدہ کرنا۔ پردہ ڈالنا۔
تَسَحُّب۔ ع۔ معشوق کا اپنے عاشق سے ناز اور غمزہ کرنا۔
تَسخِیر۔ ع۔ تابع کرنا۔ اپنی طرف کر لینا۔
تَسخِین۔ ع۔ گرم کرنا۔
تَسخِین۔ ع۔ پانون مین پہننے کی جوتی
تَسدِید۔ ع۔ درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔ درستی۔ اُستواری۔
تَسدِیس۔ ع۔ چھ حصوں مین تقسیم کرنا۔
تَسَرُّع۔ ع۔ شتابی کرنا۔ جلدی کرنا۔
تَسطِیر۔ ع۔ لکھنا۔ سطر بندی کرنا۔
تِسع۔ ع۔ } نو۔ یعنی (۹) لعه
تِسعَة۔ ع۔ }
تِسعُون۔ ع۔ نوے۔ یعنی (۹۰) لعه
تَسکِین۔ ع۔ تسلی۔ آرام۔ ڈھارس۔
تَسلِیح۔ ع۔ ہتھیار لگانا۔

تَسَلُّس۔ ع۔ مکاری۔ مکاری کرنا۔
تَسَلسُل۔ ع۔ جاری ہونا۔ روان ہونا سلسلہ بندی۔ لڑی بندھنا۔
تَسَلُّط۔ ع۔ حاکم ہو جانا۔ غالب آجانا۔
تَسَلِّی۔ ع۔ ڈھارس۔ خاطر جمع۔
تَسلِیخ۔ ع۔ کھال کھینچنا۔
تَسلِیم۔ ع۔ سلام کرنا۔ حکم کو ماننا کسی کی بات کو منظور کرنا۔
تَسمَہ۔ ف۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا مشہور ہے۔
تَسمَہ بازی۔ ف۔ دغا بازی۔ فریب۔ اور ایک قسم کے جوے کا نام۔
تَسمِین۔ ع۔ موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔ کسی کو روغن کھلانا۔
تَسمِیَہ۔ ع۔ نام رکھنا۔ اور بسم اللہ الرحمن الرحیم زبان سے کہنا۔
تَسنِیم۔ ع۔ نام ایک نہر بہشت کا۔
تُس نَفَسی۔ ھ۔ بیہودہ گوئی۔
تَسوِید۔ ع۔ سیاہ کرنا۔ لکھنا۔
تَسوِیس۔ ع۔ وسواس کرنا۔
تَسوِیغ۔ ع۔ روان کرنا۔ جاری کرنا۔
تَسوِیف۔ ع۔ دیر کرنا۔ وعدہ قریب کا کرکے دفانہ کرنا۔
تَسوِیل۔ ع۔ کام کا آراستہ کرنا سوال کسی سے کرنا۔ زبان سے مانگنا۔ شیطان کا گناہون کو آراستہ کرنا نفس مردم مین۔

یعنی آدمی کی نگاہ مین گناہ اچھے معلوم ہونا اور بمعنی افترا اور سخن آرائی کے بھی آیا ہے۔
تَسوِیہ۔ ع۔ برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔
تَسہِیل۔ ع۔ آسان کرنا۔
تَسَیُّر۔ ع۔ سیر کرنا۔
تَسیِیر۔ ع۔ سیر کرانا۔ جاری کرنا۔ کسی کو اُسکے شہر سے نکال دینا۔

فصل تا۔ مع شین معجمہ

تِش۔ ف۔ مخفف تیشہ بمعنی بسولے کا۔
تَشَابُہ۔ ع۔ باہم مشابہ ہونا۔
تَشَابُک۔ ع۔ آپس مین ملنا۔ چیزون کو باہم ملانا۔ اُنگلیونکا اُنگلیون مین ڈالنا اور بمعنی زیادتی چیزونکے مستعمل ہے۔
تَشَارُک۔ ع۔ ایک دوسرے کیے شریک ہونا۔
تَشَاعُر۔ ع۔ اپنے کو شاعر ظاہر کرنا۔
تَشَاکُل۔ ع۔ باہم ایک شکل ہونا۔
تَشَاوُر۔ ع۔ باہم صلاح و مشورہ کرنا۔
تَشَاہُد۔ ع۔ باہم گواہی دینا۔ باہم حاضر ہونا۔ اور بمعنی ملاقات کے بھی آیا ہے۔
تَشَبُّث۔ ع۔ چنگل مارنا۔
تَشَبُّک۔ ع۔ اُنگلیونکا اُنگلیون مین کرنا بہت سی چیزونکو باہم ملا دینا۔
تَشبِیب۔ ع۔ ایام شباب کا ذکر کرنا۔ معشوق کی صفت مین غزلین کہنا۔ اصلی معنی آگ سُلگانا۔ عشق کا بیان کرنا۔

تشبہ - ع - ہمشکل ہونا -
تشبیہ - ع - کسی کو دوسرے سے مثال دینا - مشابہ اور ہمشکل کرنا -
تشت - ف - برتن مشہور معرب اسکا طشت ہے
تشتت - ع - پراگندگی - پریشانی - تتر بتر
تشتر - ف - نام ایک شہر کا ہے -
تشحیذ - ع - چھری یا تلوار کا تیز کرنا -
تشخص - ع - تعین پانا - معین ہو جانا -
تشخیص - ع - مقرر کرنا - جانچنا - اور بمعنی اجارہ لینے کے بھی مستعمل ہے -
تشدد - ع - سختی کرنا -
تشدید - ع - سخت کرنا - استوار کرنا - حرف کو مشدد کرنا - کسی پر سختی کرنا -
تشرب - ع - پانی وغیرہ پینا -
تشریح - ع - شرح کرنا - کھولنا - اور طب مین بدن کا کل حال بیان کرنا -
تشرین - ع - بزبان رومی دو مہینون کا نام ہے - پہلا تشرین تقریباً ماہ کاتک اور دوسرا تقریباً ماہ اگھن سے مطابق ہے
تشریف - ع - بزرگ کرنا - بزرگ رکھنا عزت کرنا - اور فارسی مین بمعنی خلعت اور لفظ بردن اور آوردن وغیرہ کے ساتھ بمعنی رفتن اور آمدن یعنی جانے اور آنے کے بھی اصطلاحاً مستعمل ہے -
تشطیح - ع - بیحیائی کرنا - اور صوفیا کی اصطلاح مین ظاہر شرع کے مخالف کلمات کہنا
تشعب - ع - شاخ در شاخ ہونا - اور گروہ در گروہ ہونا -
تشفع - ع - شفاعت کرنا -
تشفی - ع - تسکین - تسلی - شفا پانا -
تشقق - ع - شگافتہ ہونا - پھٹ جانا -
تشکک - ع - شک مین پڑنا شبہہ مین پڑنا
تشکل - ع - کسی چیز کی شکل وصورت پکڑنا
تشکی - ع - شک کرنا -
تشکیک - ع - شک مین ڈالنا کسی کو -
تشکیل - ع - شکل بنانا - صورت بنانا -
تشمیر - ع - دامن کمر مین لپیٹنا - کشتی کو چلانا - مجازاً بمعنی چستی و چالاکی -
تشمیم - ع - سونگھنا -
تشنگی - ف - پیاس -
تشنج - ع - عضو بدن کا اینٹھ جانا -
تشنہ - ف - پیاسا -
تشنیع - ع - برا کہنا - لعنت ملامت کرنا -
تشوش - ع - متفکر ہونا - پریشان ہونا اور بمعنی پریشانی بھی مستعمل ہے -
تشوق - ع - آرزومندی کرنا -
تشویق - ع - کسی کو آرزومند کرنا -
تشویر - ع - اشارہ کرنا - شرمندگی سے پسینے پسینے ہو جانا - خجالت - شرمساری -
تشویش - ع - فکر مین ڈالنا - پریشان کرنا اور بمعنی فکر و تردد بھی مستعمل ہے -
تشویہ - ع - بریان کرنا - بھوننا -
تشتہ - ف - بروزن پشتہ چراغ مین تیل ڈالنے کا پیمانہ مثل پلی کے -
تشہد - ع - کلمۂ شہادت پڑھنا یعنے اشہد ان لا الہ الا اللہ کہنا -
تشہی - ع - آرزو کرنا -
تشہیر - ع - بدی کے ساتھ مشہور کرنا کسی کی رسوائی کرنا - شہرت دینا -
تشیید - ع - مضبوط کرنا گچ اور چونے سے استحکام کے ساتھ عمارت بنانا -
تشیخ - ع - شیخی کرنا - اپنی تعریف آپ کرنا -
تشیع - ع - اپنے کو شیعہ کہنا - اور مذہب شیعہ کا دعوی کرنا -
تشییع - ع - مسافر کو راہ تک پہونچانے کو جانا - جنازے کے پیچھے چلنا -
تشین - ع - شان پانا - عزت دار بننا -

فصل تا - مع صاد مہملہ

تصابی - ع - امرد پرستی - عشق بازی -
تصادق - ع - دوستی - کلام مین سچائی کرنا -
تصادم - ع - باہم کوٹنا - ہندی دھکا اور کبھی مراد انبوہ اور بھیڑ ہوتی ہے -
تصاریف - ع - گردشین -
تصاعد - ع - بلند ہونا - چڑھنا - اور باہم ملکر بلند ہونا -

تَصَافُحْ - ع - باہم ہاتھ ملانا - بروقت ملاقات کے مصافحہ کرنا -
تَصَانِیْف - ع - کتابین تصنیف کی ہوئین -
تَصَاوِیْر - ع - تصویرین صورتین کھنچی ہوئین -
تَصْحِیْح - ع - صحیح کرنا - درست کرنا -
تَصْحِیْف - ع - لکھنے یا پڑھنے مین جان کر کچھ غلطی کرنا - لفظ کے خلاف سے تبدیل کرنا -
تَصْدِیْر - ع - مُقدم کرنا - دیباچہ لکھنا -
تَصَدُّق - ع - وسیلہ کرنا - صدقہ کرنا -
تَصَدِّی - ع - درپیش ہونا - سامنے آنا -
تَصْدِیْع - ع - تکلیف دینا - دردسر دینا -
تَصْدِیْعَہ - ع - ایکمرتبہ تکلیف وردسر دینا -
تَصْدِیْق - ع - سچا کرنا - سچا جاننا -
تَصَرُّف - ع - دخل دینا - کچھ کا کچھ کر دینا -
تَصَرُّم - ع - کٹ جانا -
تَصْرِیْف - ع - گردان کرنا - گردانیا -
تَصْرِیْم - ع - کاٹنا -
تَصْرِیْح - ع - ظاہر کرنا -
تَصْعِیْد - ع - بلندی پر چڑھنا - اور اصطلاح اطبا مین دواؤنکے بعض اجزاے لطیف کو آگ کی تائید سے دیگ وغیرہ کے سرپوش مین جمانا مثل کافور اور نوسادر وغیرہ کے -
تَصَعُّد - ع - اوپر چڑھنا -
تَصْغِیْر - ع - چھوٹا کرنا -
تَصَفُّح - ع - کسی کام مین خوب غور سے نظر کرنا صفحہ صفحہ دیکھنا - حاصل اُس سے تلاش جستجو -
تَصْفِیْق - ع - ہاتھ پر ہاتھ مارنا - ہوا کا درخت کو ہلانا - شراب کا ایک برتن سے دوسرے برتن مین اُنڈیلنا -
تَصْفِیَہ - ع - صفا کرنا - صفائی کرنا -
تَصَلُّف - ع - گپ مارنا -
تَصَلُّب - ع - سخت اور محکم ہونا -
تَصْلِیْب - ع - سولی دینا - دار پر کھینچنا -
تَصْمِیْم - ع - پختہ کرنا - خالص کرنا -
تَصَنُّع - ع - بناوٹ - کارگیری - خوشامد - عورت کا اپنا بناؤ سنگار کرکے دکھلانا -
تَصْنِیْف - ع - کوئی کتاب بنانا - دل سے کچھ مضمون نکالنا - قسم قسم علیحدہ علیحدہ کرکے بیان کرنا -
تَصْنِیْف نہادن - ف - بہتان کرنا -
تَصَوُّر - ع - دھیان - خیال -
تَصَوُّف - ع - پشمینہ پہننا - ماخوذ صوف بمعنی پشم سے - اور اصطلاح مین خواہش نفسانی سے پاک ہونا اور کل شی مین ظہور خداے تعالے کا جاننا - اور نام اُس علم کا جو صوفی لوگ پڑھتے ہین یعنی علم فقیری -
تَصْوِیْب - ع - راست اور درست رکھنا - اور سچائی - اور کسی کو سچا کہنا -
تَصْوِیْر - ع - صورت - صورت گری صورت اور شکل کسی چیز کی تیار کرنا -
تصویر سایہ دار - ع - بت پتھر وغیرہ کے -
تَصْیِیْد - ع - صید کرنا - شکار کرنا -

فصل تا مع ضاد معجمہ

تَضَاد - ع - باہم ضد ہونا - آپس مین ایک دوسرے کا دشمن ہونا -
تَضَاعُف - ع - دوچند ہونا - دوچند -
تَضَایُق - ع - باہم دیگر تنگ ہونا تنگی ہونا دشوار پکڑنا -
تَضَجُّر - ع - دلتنگ ہونا بے آرام ہونا غمگین ہونا - دلتنگی - رنج -
تَضْحِیْک - ع - ہنسنا - ہنسانا -
تَضَرُّر - ع - ایذا پانا - بیمار ہونا - صدمہ اُٹھانا -
تَضَرُّع - ع - گڑگڑانا - منت کرنا - زاری کرنا -
تَضَرُّم - ع - غصہ کرنا - آگ کا بھڑکنا -
تَضْرِیْم - ع - آگ کا بھڑکانا -
تَضْعِیْف - ع - ناتوان کرنا - زیادہ کرنا دور کرنا - دوچند کرنا -
تَضَمُّن - ع - پیٹ مین لے لینا بیچ مین ملا لینا - لفظ کا معنی پر محیط ہونا -
تَضْمِیْن - ع - ضامن کرنا کسی کو - اپنی پناہ مین کسی کو لانا - کسی کے شعر مشہور کو اپنے اشعار مین لانا -
تَضْمِیْد - ع - لیپ کرنا - لیپ -
تَضَوُّع - ع - مشک کی خوشبو کا پھیلنا -
تَضْیِیْع - ع - ضائع کرنا - کھونا - برباد کرنا -

تضیق ع۔ تنگ ہونا۔
تضییق ع۔ تنگ کرنا کسی کو تنگ پکڑنا۔

فصل تا۔ مع طائے مہملہ

تطابق ع۔ باہم مطابق ہونا مطابقت
تطاول ع۔ ظلم تکبر۔ درازدستی کرنا۔
تطبیق ع۔ مطابق کرنا۔
تطرق ع۔ راہ کرنا۔ راہ پانا شکستہ ہونا
تطفیہ ع۔ آگ کا بجھانا۔
تطلیق ع۔ عورت کا چھوڑ دینا طلاق دینا
تطوع ع۔ حکم ماننا فرمانبرداری کرنا جو چیز واجب نہو اُسکا بجالانا یعنی مستحب اور نفل
تطول ع۔ احسان رکھنا کسی بخشش کی زیادتی کرنا۔
تطویل ع۔ دراز کرنا مہلت دینا۔
تطہر ع۔ پاک ہونا غسل کرنا۔ اپنے کو گناہ سے بچانا۔
تطہیر ع۔ پاک کرنا۔
تطیب ع۔ خوشبودار ہونا۔
تطییب ع۔ خوشبودار کرنا۔ پاک کرنا اور خوش کرنا۔
تطیر ع۔ فال بد لینا۔
تطییر ع۔ پرند جانور کو اُڑانا۔

فصل تا۔ مع ظائے معجمہ

تظاہر ع۔ باہم پشتی کرنا۔ مددگاری کرنا
تظلم ع۔ ظلم سے فریاد کرنا۔ رونا اور زاری کرنا کسی کے ستم کرنے سے۔
تظلیل ع۔ سایہ ڈالنا۔ سایہ داری

فصل تا۔ مع عین مہملہ

تعارض ع۔ کسی کے سامنے آنا۔ جھگڑا کرنا۔
تعارف ع۔ جان پہچان۔ باہم شناخت کرنا
تعاطف ع۔ باہم مہربانی کرنا۔
تعاقب ع۔ بھاگے ہوئے کے پیچھے دوڑنا واسطے پکڑنے کے۔
تعاقد ع۔ باہم گرہ باندھنا۔ عہد و پیمان آپس مین کرنا۔
تعال ع۔ بیا۔ آؤ۔
تعالیٰ ع۔ بلند ہوا یہ صیغہ فعل ماضی کا ہے مگر اسم الٰہی کا اکثر حال واقع ہوا کرتا ہے جیسے حقتعالیٰ کے معنے یہ ہین۔ خدا برتر ہے
تعانق ع۔ بغلگیر ہونا۔
تعاون ع۔ باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا
تعاہد ع۔ باہم عہد کرنا ضامن ہونا۔
تعب ع۔ رنج۔ ماندگی۔ تھکن۔
تعبد ع۔ بندگی کرنا عبادت کرنا۔
تعبیر ع۔ بیان کرنا خواب کے معنے بتلانا۔
تعبیہ ع۔ آراستہ کرنا۔ پنہان کرنا کسی چیز کی آرایش اسطرح کرنا کہ وہ عجیب و غریب دکھلائی دے۔ اور آراستہ اور آمادہ کرنا لشکر کا
تعتم ع۔ دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
تعجب ع۔ اچنبھا۔ انوکھاپن۔
تعجیب ع۔ کسی کو تعجب مین ڈالنا۔
تعجیل ع۔ شتابی کرنا۔ جلدی کرنا کسی کام مین اُس کام کے وقت کے پہلے۔
تعجیم ع۔ حرفون پر نقطے لگانا۔ عربی کو عجمی کرنا
تعداد ع۔ گننا۔ شمار کرنا۔
تعدی ع۔ ظلم۔ ستم حد سے بڑھ جانا۔
تعدید ع۔ شمار کرنا۔ گننا۔
تعدیل ع۔ کسی چیز کو کسی چیز کے برابر کرنا۔ راست اور درست کرنا۔
تعدیہ ع۔ حد سے گذرانا فعل لازم کو متعدی کرنا
تعذر ع۔ عذر کرنا۔ معذور ہو جانا۔
تعذیب ع۔ دُکھ دینا۔ عذاب کرنا۔
تعذیر ع۔ عذر کرنا۔ معذور رکھنا۔
تعرض ع۔ پیش آنا۔ چھیڑنا۔
تعرف ع۔ شناخت کرنا۔ پہچاننا۔
تعریب ع۔ لفظ عجمی کو عربی کرنا۔ کلام پاک کرنا خطا سے۔ بات کا جواب دینا۔
تعریض ع۔ کسی کو کسی کام پر لانا۔ چھیڑنا۔ کنایہ سے بات کہنا۔
تعریف ع۔ معنی بیان کرنا۔ سراہنا جتلانا۔ اسم نکرہ کو معرفہ کرنا۔
تعریس ع۔ پچھلی رات کو مسافر کا منزل پر اُترنا اور آرام کرنا۔
تعریش ع۔ سر اُٹھا کر مُنہ کھولنا گدھے کا
تعریہ ع۔ برہنہ کرنا۔ ننگا کرنا۔

تعزیت ۔ع۔ } ماتم پرسی کرنا۔ ماتم کرنا۔
تعزیہ ۔ع۔ }
تعزیر ۔ع۔ سیاست کرنا۔ سزا دینا۔
تعزیل ۔ع۔ عہدے سے موقوف کرنا۔
تعسر ۔ع۔ دشواری۔ مشکل ہونا۔
تعسف ۔ع۔ بے راہ چلنا۔ گمراہ جانا۔
تعشم ۔ع۔ امید کرنا۔ طمع رکھنا۔
تعشق ۔ع۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
تعشم ۔ع۔ نہایت بوڑھا ہونا۔ خشک ہوجانا
تعصب ۔ع۔ پچ کرنا۔ طرفداری کرنا۔
تعضب ۔ع۔ تیز زبانی کرنا۔
تعطر ۔ع۔ خوشبودار ہونا۔ خوشبو ہونا۔
تعطیر ۔ع۔ خوشبو کرنا۔
تعطل ۔ع۔ بیکار رہنا۔
تعطش ۔ع۔ پیاسا ہونا۔ پیاس۔
تعطف ۔ع۔ مہربانی کرنا۔
تعطیل ۔ع۔ بیکار کرنا۔ کسی شخص کو۔
تعظم ۔ع۔ بزرگ ہونا۔
تعظیم ۔ع۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔
تعفن ۔ع۔ بدبو ہونا۔ سڑ جانا۔ بدبو۔
تعفف ۔ع۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔
تعقب ۔ع۔ پیچھے سے آنا۔ کسی کے عیب اور برائیوں کو ڈھونڈھنا۔
تعقیب ۔ع۔ کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا دیر کرنا۔ بعد نماز کے بیٹھکر وظیفہ پڑھنا۔

تعقل ۔ع۔ سمجھنا۔ جاننا۔ فکر کرنا۔
تعقید ۔ع۔ پوشیدہ بات کہنا اس طرح کہ کوئی اُس کو اچھی طرح سمجھ نہ سکے۔ بہت گرہیں لگانا اور اصطلاحاً تقدیم و تاخیر کرنا واسطے رعایت وزن شعر کے اور یہ عیب ہی۔
تعلق ۔ع۔ لگاؤ۔ علاقہ رکھنا۔
تعلقہ ۔ع۔ علاقہ لگاؤ۔
تعلل ۔ع۔ حجت کرنا۔ بہانہ کرنا۔ سبب کو دریافت کرنا۔ اور بمعنی دیر اور تاخیر کے مستعمل ہی۔ اور طبیبوں کی اصطلاح میں کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا کرکے کھانا۔
تعلم ۔ع۔ کسی سے کچھ سیکھنا۔ علم پڑھنا۔
تعلیل ۔ع۔ وجہ بیان کرنا۔ دلیل لانا۔ کسی شخص کو کسی چیز کے ساتھ مشغول کردینا۔ علت کو زائل کرنا۔ پانی کا پے درپے پینا۔
تعلیق ۔ع۔ لٹکانا۔ کسی چیز کو کسی دوسری شی سے متعلق کرنا۔
تعلیقہ ۔ع۔ اسباب کا ضبط کرنا۔
تعلیم ۔ع۔ سکھانا۔ علم پڑھانا۔
تعمل ۔ع۔ عمل میں لانا۔ کام کرنا۔
تعمق ۔ع۔ غور کرنا۔ کسی چیز کی کنہ کو پہنچنا۔
تعمیر ۔ع۔ عمارت بنانا۔ آباد کرنا۔
تعمیق ۔ع۔ غور کرنا۔ کسی کام کا انجام سوچنا۔ دوراندیشی کرنا۔ گڑھا کھودنا۔
تعمیل ۔ع۔ عمل دینا۔ کام سپرد کرنا۔

تعمیم ۔ع۔ دوسرے کے پگڑی باندھنا۔ کسی چیز کو شامل کرنا۔ اور بمعنی عام۔
تعمیہ ۔ع۔ اندھا کرنا۔ کسی چیز کو چھپانا۔ اور مجازاً معما کہنا۔
تعنت ۔ع۔ کسی کا عیب ڈھونڈھنا اور بمعنی بدگوئی مستعمل ہی۔
تعند ۔ع۔ دشمنی کرنا۔ لڑائی لڑنا۔
تعنف ۔ع۔ ملامت۔ سختی۔ ستم کرنا۔
تعنیف ۔ع۔ ملامت کرنا۔ درشتی کرنا۔
تعود ۔ع۔ عادت کرنا۔ خوگر ہونا۔
تعوذ ۔ع۔ پناہ مانگنا۔ اعوذ باللہ کہنا۔
تعویذ ۔ع۔ پناہ دینا۔ پناہ میں لانا۔ بچاؤ اور مجازاً وہ دعا جو لکھکر واسطے حفاظت کے بازو وغیرہ پر باندھیں۔
تعویق ۔ع۔ باز رکھنا۔ روکنا۔ بند کرنا دیر اور تاخیر میں ڈالنا۔
تعویل ۔ع۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
تعہد ۔ع۔ کسی کام کے سرانجام کرنے کو اپنے ذمہ پر لینا۔ ضامنی کرنا۔
تعیش ۔ع۔ عیش کرنا۔ اسباب اور سامان عیش کو مہیا اور فراہم کرنا۔
تعین ۔ع۔ مقرر ہونا اور ہر چیز معین کے مخصوص ہونا ایک چیز کا بہت سی چیزوں میں سے اور کبھی مراد ہستی اور وجود سے بھی ہوتی ہی
تعینات ۔ع۔ تشخصات۔ خصوصیات۔

تعیین - ع - مخصوص کرنا ایک چیز کا بہت سی
چیزون مین سے کسی کے منھ پر اُسکی بُرائیان
بیان کرنا - موتی مین سوراخ کرنا لیکن فارسی مین
ایک (یا) کو واسطے تخفیف کے حذف کر دیتے
ہین اور یہ ایک قسم کی تفریس ہے -
تعیینات - ع - بروزن تحقیقات جمع ہے
تعیین کی - اور فارسی مین مجازاً بمعنے مقرر
اور متعین کے مستعمل ہے -
تعییر ملامت کرنا - شرم دلانا -

فصل تا - مع غین معجمہ

تغابن - ع - باہم نقصان اُٹھانا - غبن کھانا
زیانکاری - گھاٹا - نقصان - اور مجازاً بمعنے
افسوس - اور یوم التغابن روز قیامت -
تغار - ف - تغاری - کونڈا مٹی کا -
تغافل - ع - غفلت کرنا - جان بوجھ کر
باہم غفلت کرنا -
تغاری - ت - انکا بھائی - ماموں -
تغایر - ع - فرق باہم مغائر ہونا -
تغذیہ - ع - غذا دینا - پالنا - خورش دینا -
تغریب - ع - شہر بدر کرنا - جلا وطن کرنا -
تغریر - ع - غرور کرنا - مشک کو پانی سے پر کرنا
پرندیکا اُڑنیکو قصد کرنا -
تغشی - ع - پہننا - اوڑھنا - غش ہو جانا -
تغلب - ع - غلبہ کرنا - غالب ہو جانا -
زبردستی کرکے مال کسی کا لے لینا -
تغلق - ع - بمعنی سردار - اور نام ایک بادشاہ کا
تغلیس - ف - نام ایک شہر کا جو دار السلطنت
ملک ارمن مین ہے -
تغلیط - ع - کسی کو غلطی مین ڈالنا - کسی کو
غلطی کی طرف منسوب کرنا -
تغلیظ - ع - کسی پر سختی کرنا -
تغمد - ع - خدا کا اپنے بندے کو غرق رحمت
کرنا - اور اُسکے عیب اور گناہ کو چھپانا -
تغمہ - ف - یہ لفظ غلط ہے صحیح تمغہ ہے -
تغیر - ع - اپنی پہلی حالت سے بدل جانا -
تغییر - ع - کسی چیز کو اُسکی پہلی حالت سے بدلدینا -
تغیظ - ع - غصہ کرنا -

فصل تا - مع فا -

تف - ف - بخار - حرارت - روشنی - بدبو -
تُف - ف - تھوک - تھوکنا -
تفاح - ع - سیب مشہور میوہ ہے -
تفاخر - ع - آپسمین فخر کرنا - اورون سے
اپنے کو بہتر اور بڑا سمجھنا -
تفاریق - ع - جمع تفریق کی - جُدائیان
تفریقین - قسمین -
تفاسیر - ع - جمع تفسیر کی - قرآن شریف
کی شرحین -
تفاصل - ع - آپسمین جُدا کرنا - فرق کرنا -
تفاصیل - ع - جمع تفصیل کی -
تفاضل - ع - اورون سے زیادہ ہو جانا -
تفاوت - ع - فرق - فاصلہ - دوری -
درمیان دو چیزونکے -
تفاؤل - ع - فال لینا - آپسمین شگون لینا اگر
شگون نیک بر خلاف تطیر کے کہ اُس کے
معنی فال بد لینے کے ہین - اور یہ اوپر گذرا -
تفت - ف - گرم - سوختہ - غضبناک - مجازاً
بمعنی مفلس - اور نام ایک مقام کا حوالی یزد سے
پھولن اور میوہ کی ٹوکری -
تفتان - ف - جو چیز کہ آفتاب یا آگ سے
گرم ہوئی ہو - اور ایک قسم روٹی کی -
تفتت - ع - ریزہ ریزہ ہو جانا -
تفتہ - ف - نہایت گرم - سوختہ - جلا ہوا
اور مجازاً بمعنی عاشق -
تفتہ جگر - ف - مراد عاشق سے -
تفتن - ف - گرم ہونا - خفا ہونا - جلنا -
تفتیح - ع - کھولنا - کھولدینا -
تفتیدہ - ع - جو چیز کہ آفتاب یا آگ سے
گرم ہوئی ہو -
تفتیش - ع - تلاش کرنا کھوجنا ڈھونڈھنا -
تفجع - ع - دردمند ہونا -
تفجیع - ع - دوسرے کو دردمند کرنا -
تفجر - ع - پانیکا جاری ہونا -
تفجیر - ع - پانی کا جاری کرنا -
تفحص - ع - ڈھونڈھنا کھوجنا - تلاش کرنا -
تفحیم - ع - سیاہ کرنا - اور رات کی تاریکی

اور سیاہی مین سیر کرنا۔
تفخیم ۔ع۔ بزرگ کرنا۔ بزرگ رکھنا۔
تفرّج ۔ع۔ کشایش۔ خوشحالی۔ اور مجازاً بمعنی سیر و تماشا فارسی مین مستعمل ہی۔
تفرّد ۔ع۔ یگانہ ہونا۔ خلوت پسند کرنا۔
تفرّر ۔ع۔ بھاگنا۔ ڈرنا۔ پرہیزگاری۔
تفرید ۔ع۔ یگانہ کرنا۔ اکیلا رہنا۔
تفریس ۔ع۔ پھاڑنا۔ درندہ بن چرپایہ بنا
تفرّس ۔ع۔ اون نظر مین دیکھتے ہی پہچان لینا کسی شی کا اُس چیز کی علامات اور آثار سے۔ اور بمعنی دانائی۔
تفرقہ ۔ع۔ فرق۔ فاصلہ۔ جدائی۔
تفریح ۔ع۔ خوش کرنا۔ فرحت دینا۔
تفریط ۔ع۔ ضائع کرنا۔ کوتاہی اور کمی کرنا کسی کام مین۔
تفریق ۔ع۔ فرق کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
تفرّق ۔ع۔ پراگندہ کرنا۔
تفرّق اتّصال ۔ع۔ طبیبون کی اصطلاح مین بمعنی زخم اور جراحت۔
تفریع ۔ع۔ پہاڑ پر چڑھنا۔ پہاڑ پر سے اُترنا۔ کسی چیز مین سے فرع نکالنی۔
تفرّغ ۔ع۔ کسی کام کے لیے فارغ ہونا۔
تفریغ ۔ع۔ دوسرے کو کام سے فارغ کرنا۔ پانی کا گرانا۔ برتن کا خالی کرنا۔

تفزیع ۔ع۔ کسی کو ڈرانا۔
تفسطط ۔ع۔ احمق ہونا۔ ہذیان بکنا۔ حقائق کا انکار کرنا۔ سوفسطائی ہونا۔
تفسان ۔ف۔ نہایت گرم۔
تفسیدن ۔ف۔ گرم ہونا۔ تتا ہونا۔
تفسیح ۔ع۔ کشادہ کرنا۔ کشادگی۔
تفسیر ۔ع۔ بیان کرنا۔ اور کلام خدا کی شرح کرنا۔ اور بمعنی شرح۔
تفش ۔ع۔ انتہائی گرمی۔
تفصّی ۔ع۔ تنگی اور سختی سے خلاصی پانا۔
تفصیل ۔ع۔ جدا کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ کتاب کو فصل فصل کرنا۔ قصاب کا بکری کے بند بند کو الگ الگ کرنا۔
تفضیل ۔ع۔ فضیلت دینا۔ بزرگی کرنا۔
تفضیح ۔ع۔ رُسوا کرنا۔ فضیحت کرنا۔
تفضّل ۔ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت۔
تفطیر ۔ع۔ کسی کا روزہ کھلوانا۔
تفقّد ۔ع۔ گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ پرسش کرنا۔ مجازاً بمعنی مہربانی۔ دلجوئی۔ غمخواری۔
تفقّہ ۔ع۔ علم فقہ جاننا۔ عقلمند ہونا۔
تفکّر ۔ع۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔
تفکّہ ۔ع۔ میوہ کھانا۔
تفک ۔ف۔ بندوق۔
تفل ۔ع۔ تھوکنا۔ تھوک۔
تفلسف ۔ع۔ بمعنی علم حکمت۔

تفنگ ۔ف۔ بندوق۔
تفنگچی ۔ف۔ بندوقچی۔ بندوق والا۔
تفنّن ۔ع۔ شاخ شاخ ہونا۔ گونہ گونہ ہونا۔ ایک حال سے دوسرے حال مین ہونا۔
تفنید ۔ع۔ ملامت کرنا۔ کسیکو دروغگوئی اور بیوقوفی کے ساتھ نسبت کرنا۔
تفو ۔ف۔ لُعاب دہن۔ تھوک۔
تفوّق ۔ع۔ برتری ڈھونڈھنا۔ اوپر ہونا۔
تفویض ۔ع۔ سپرد کرنا۔ اپنا کام دوسرے کے حوالے کرنا۔
تفہ ۔ع۔ بیمزہ۔ جس چیز مین کسی طرح کا مزہ نہو جیسے لوکی۔ کھیرا۔
تفہّم ۔ع۔ خود سمجھ جانا۔
تفہیم ۔ع۔ دوسرے کو سمجھانا۔

فصل تا۔ مع قاف

تقا ۔ع۔ پرہیزگاری۔
تقابل ۔ع۔ باہم مقابل ہونا۔ روبرو ہونا۔
تقاتل ۔ع۔ ایک دوسرے کو قتل کرنا۔
تقادیر ۔ع۔ جمع تقدیر کی۔
تقارب ۔ع۔ باہم قریب ہونا۔ پاس پاس ہونا۔
تقاریر ۔ع۔ جمع تقریر کی۔
تقاسم ۔ع۔ باہم سوگند کھانا۔ قسم کھانا۔ مال کے حصے لگانا۔
تقاضا ۔ع۔ خواہش۔ مانگنا۔
تقاعد ۔ع۔ کسی کام سے باز رہنا۔ کسی کام کے

کرنے سے رُک بیٹھنا -
تقاطر - ع - پے در پے قطرے ٹپکنے -
تقاطع - ع - باہم ایک دوسرے کو قطع کرنا -
تقالیب - ع - گردشین زمانہ کی - یہ جمع ہو
تقلیب کی جسکے معنی کروٹ بدلنے کے ہین -
تقاوی - ع - قوت دینا اور اصطلاح مین
وہ روپیہ جو سرکار بطور قرضہ کے زمیندارونکو
واسطے درستی کار زراعت کے دے -
تقاویم - ع - جمع تقویم کی جنتریان - پترے
تقبل - ع - قبول کرنا - منظور کرنا -
تقبیح - ع - زشت کرنا - بُرا کام کرنا -
تقبیل - ع - بوسہ دینا - چومنا کسی چیز کا
تقتیر - ع - اہل عیال کے روٹی کپڑے مین تنگی کرنا
تقدس - ع - پاک کرنا - پاک ہونا -
تقدمۃ الجیش - ع - پیشواے لشکر -
تقدم بالشرف - ع - مقدم ہونا بسبب بزرگی
کے جیسا تقدم حضرت محمد مصطفے صلعم کا حضرت آدم پر
تقدم - ع - پہلے ہونا -
تقدمہ - ع - پیش کرنا - در پیش ہونا - مگر یہ
لفظ بمعنی مفعول اکثر آتا ہو اور بمعنی مقدمہ اور
پیشوا کے مستعمل ہوتا ہو - اور اصطلاحاً وہ روپیہ
جو پہلے کام تیار ہونے کے مزدور کو پیشگی دیا
جائے - فارسی اسکی پیشدادہو -
تقدیر - ع - اندازہ کرنا - اور اندازہ جو خدا نے
پہلے ہی سب کا کر لیا ہو -

تقدیس - ع - پاک کرنا - پاکی سے منسوب کرنا
تقدیم - ع - پیش پہونچانا - مقدم کرنا -
تقذر - ع - پلید رہنا -
تقرب - ع - نزدیکی -
تقرر - ع - مقرر ہونا - ٹھہرنا - قرار پکڑنا
تقرع - ع - کروٹین بدلنا -
تقریب - ع - نزدیک کرنا - اصطلاح مین بات
کہنا کہ مطلب کو لازم ہو جائے -
تقریباً - ع - تخمیناً -
تقریر - ع - مقرر کرنا - بات کرنا - قرار دینا -
تقریض - ع - } یہ لفظ صراح مین دونون طرح
تقریظ - ع - } آیا ہو معنی اسکے تعریف کرنا
زندہ شخص کی جو اکثر کتابونکے آخر مین ہوتی ہو
تقریع - ع - بد کہنا - ملامت کرنا - کوٹنا -
کروٹین بدلنا - بیقراری -
تقسم - ع - پراگندہ ہونا - قسم قسم ہونا -
تقسیم - ع - بانٹنا - حصے کرنا -
تقشف - ع - موٹے اور میلے کپڑون اور کم
روزی کے ساتھ زندگی بسر کرنا اور بمعنی فقیری
کے مستعمل ہو - اور تقشف جلد مراد ہو بدن کی
کھال کی سیاہی اور سختی سے -
تقشیر - ع - چھلکا اُتارنا -
تقصیر - ع - کمی کرنا - کوتاہی اور سُستی کرنا
کسی کام مین - خطا - قصور -
تقصیروار - ف - خطاکار اور گنہگار آدمی -

تقضی - ع - مدت کا تمام ہونا -
تقطیر - ع - ٹپکانا - قطرہ گرانا -
تقطیع - ع - ٹکڑے کرنا - قطع دار بنانا
وزن کرنا شعر کا اجزاے عروض کے ساتھ
اور مراد آرایش لباس و زیور وغیرہ سے -
تقطع - ع - ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا -
تقفیل - ع - قفل لگانا -
تقلب - ع - پلٹنا - گردش - پھر جانا -
تقلد - ع - کوئی کام اپنے ذمہ لینا - پیروی -
تقلص - ع - کپڑے یا کسی عضو کا اوپر چڑھ
جانا یعنی سُکڑ جانا -
تقلقل - ع - بیقراری - اندوہ - آواز کرنا
صراحی کا پانی وغیرہ اونڈیلنے کے وقت -
تقلیب - ع - اُلٹنا - پلٹنا - کروٹ بدلنا
ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا -
تقلیس - ع - دف بجانا - خوش آوازی سے گانا -
تقلیم - ع - کاٹنا - ناخن تراشنا -
تقلید - ع - گلوبند درمیان گردن کے
ڈالنا - اپنے ذمہ کوئی کام لینا - مجازاً کسی کی
پیروی کرنا بدون دریافت اسکی حقیقت کے اور
شمشیر حمائل کرنا -
تقلیل - ع - کم کرنا - تھوڑا کرنا -
تقماق - ع - مینخ کوب - ہندی مینخچو -
تقوی - ع - ڈرنا - پرہیزگاری -
تقوم - ع - راست اور درست ہونا -

تَقْوِیَتْ ۔ع۔ قوت دینا۔ طاقت۔
تَقْوِیْم ۔ع۔ قیمت کرنا۔ سیدھا کرنا۔ اور جنتری بخومیہ نکی۔ قائم کرنا کسی چیز کا اور بمعنی صورت کے بھی آتا ہو۔
تَقِیْ ۔ع۔ خدا سے ڈرنیوالا۔ پرہیزگار۔
تَقَیُّدْ ۔ع۔ قید ہونا۔ بند ہونا۔ مقید ہونا۔
تَقْیِیْد ۔ع۔ قید کرنا۔ بند کرنا۔

فصل تا۔ مع کاف عربی

تَکَاثُرْ ۔ع۔ بہتایت۔ کثرت۔ افزون ہونا
تَکَاثُفْ ۔ع۔ دلدار اور موٹا ہونا۔ فراہم ہونا
تَکَارُمْ ۔ع۔ آپس مین کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔
تَکَاسُلْ ۔ع۔ اپنے کو سست اور کاہل دکھلانا۔
تَکَافُوْ ۔ع۔ آپس مین برابر ہونا۔
تَکَافِیْ ۔ع۔ باہم برابر ہونا۔
تَکَالِیْف ۔ع۔ جمع ہو تکلیف کی۔
تَکَامُلْ ۔ع۔ تمام ہونا۔ کامل ہونا۔
تَکَاہُلْ ۔ع۔ اپنے کو سست بنانا۔ کاہل دکھلانا۔
تَکَبُّرْ ۔ع۔ غرور کرنا۔ اپنے کو بڑا سمجھنا۔
تَکْبِیْر ۔ع۔ بزرگ کرنا۔ بڑا کہنا۔ بڑا کرنا خدا کو بزرگی سے یاد کرنا۔ اللہ اکبر کہنا۔
تَکَثُّرْ ۔ع۔ زیادہ ہونا۔
تَکْثِیْر ۔ع۔ زیادہ کرنا۔ افزون کرنا۔ اور علم حساب کی اصطلاح مین ضرب کرنا ایسے دو عدد کا جو باہم برابر نہون جیسے سات کو نو مین ضرب کرنا۔
تَکْثِیْف ۔ع۔ گاڑھا و دلدار و فراہم کرنا۔

تَکَحُّلْ ۔ع۔ اپنی آنکھ مین سرمہ لگانا۔
تَکْحِیْل ۔ع۔ دوسرے کی آنکھ مین سرمہ دینا۔
تَکَدُّرْ ۔ع۔ مکدر ہونا۔ گندلا ہونا۔
تَکْذِیْب ۔ع۔ جھٹلانا۔ جھوٹا کرنا۔
تَکْرَار ۔ع۔ بار بار پھر آنا۔ بار بار کرنا۔
تَکَرُّجْ ۔ع۔ کسی چیز کا مزہ اور بو بگڑ جانا۔ کھانیکا سڑ جانا۔ یہ مصدر جعلی ہو کرج سے جو معرب ہو کرہ کا۔ اور کرہ بمعنی پھپھوندی۔
تَکَرُّرْ ۔ع۔ بار بار ہونا۔ کسی چیز کا۔
تَکَرُّعْ ۔ع۔ وضو کرنا۔
تَکَرُّمْ ۔ع۔ کرم کرنا۔ بخشش دینا۔
تَکْرِیْر ۔ع۔ بار بار کرنا۔ بار بار پھر آنا۔
تَکْرِیْم ۔ع۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔
تَکَسُّرْ ۔ع۔ ٹوٹ جانا۔
تَکَسُّلْ ۔ع۔ کاہل اور سست ہونا۔
تَکْسِیْر ۔ع۔ توڑنا۔ اور تعویذ نویسون کی اصطلاح مین کسی اسم کے عدد کو تعویذ کے خانون مین اس طرح سے لکھنا کہ جس طرف سے گنو شمار برابر اترے۔
تَکُش ۔ف۔ ترکونکے ایک بادشاہ کا نام۔
تَکَفُّلْ ۔ع۔ ضامن اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا۔
تَکْفِیْر ۔ع۔ کافر کہنا۔ گناہ کا کفارہ دینا۔ کسی چیز کا مخفی اور پوشیدہ کر دینا۔
تَکْفِیْل ۔ع۔ کفالت کرنا۔ ضمانت دینا۔
تَکْفِیْن ۔ع۔ مردے کو کفن پہنانا۔

تُکْلَان ۔ع۔ اعتماد۔ توکل۔ بھروسہ۔
تَکَلْتُو ۔ت۔ گھوڑیکا خوگیر۔
تَکْلَہ ۔ف۔ نام ایک بادشاہ شیراز کا جو تیسرا بادشاہ تھا اتابکان شیراز سے۔
تَکَلُّف ۔ع۔ اپنے اوپر تکلیف اٹھانا۔ وہ بات دکھلانی جو اپنے مین نہو۔ جان بوجھکر رنج و غم مول لینا۔
تَکَلُّم ۔ع۔ بات کرنا۔ اور امر کا صیغہ اگر لام کو فتحہ سے پڑھین بمعنی بات کر۔
تَکْلِیْف ۔ع۔ کسی کو رنج مین ڈالنا۔ دکھ پہونچانا کسی کو ایسے کام کا حکم دینا جو اسکی طاقت سے خارج ہو مگر فارسی مین بمعنی مطلق حکم کے مستعمل ہو۔
تَکْلِیْل ۔ع۔ کسی کے سر پر تاج پہنانا۔ چمکنا۔ جنگ مین بد دل ہونا۔ کام مین کوشش کرنا۔
تُکْمَہ ۔ف۔ گریبانکی گھنڈی۔
تَکْمِیْد ۔ع۔ گرم پوٹلی سے بدنکا سینکنا۔
تَکْمِیْل ۔ع۔ کامل کرنا۔
تَک وَتا ۔ف۔ اپنے پانوٗن سے دوڑنا گھوڑیکا دوڑانا۔ تک بمعنی اپنے پانونسے دوڑنا اور تا مخفف ہو تاز کا بمعنی دوڑانا گھوڑیکا۔
تَکَوُّن ۔ع۔ ہو جانا۔ وجود پانا۔
تَکْوِیْن ۔ع۔ ہست کرنا۔ پیدا کرنا۔ وجود دینا۔
تَکْوِیْر ۔ع۔ سر پر پگڑی لپیٹنا۔ گٹھری باندھنا
تِکَّہ ۔ع۔ ازار بند۔

تکییف۔ ع۔ حقیقت دریافت کرلینا۔ وقف ہونا
تکیہ۔ ع۔ جسپر سہارا لگایا جائے۔ پیٹھ کو جس چیز سے لگائین۔ اور بمعنی عصا اور لاٹھی کے بھی آیا ہی اور فارسی مین فقیر دنکے رہنے کا مکان اور تکیہ جو سرہانے رکھتے ہین۔ مجازاً بمعنے پشت و پناہ۔ اور بمعنی اعتماد۔
تکیہ زدن۔ ف۔ بھروسا کرنا۔

فصل تا۔ مع کاف فارسی

تگ۔ ف۔ ڈگ۔ قدم۔ کنوئین وغیرہ کی تہ۔ کسی چیز کی گہرائی۔ اور بمعنی دوڑنا اور کبھی بمعنی چشمہ کے بھی آتا ہی۔
تگاپو۔ ف۔ یہ لفظ کاف عربی اور فارسی دونون سے آیا ہی۔ بمعنی دوڑ دھوپ اور آمد و رفت حد سے زیادہ کرنا۔
تگامشی۔ ف۔ دوڑ دھوپ کرنا کسی کے پیچھے دوڑنا۔
تگانیدن۔ ف۔ جھاڑنا۔ جھٹکنا۔
تگاور۔ ف۔ تیز رو گھوڑا۔
تگاور ابلق۔ ف۔ مراد دنیا سے۔ اور ابلق باعتبار رات اور دنکے۔
تگرگ۔ ف۔ اولا جسکو ژالہ اور تگرچہ بھی فارسی مین کہتے ہین
تگدو۔ ف۔ دوڑ دھوپ۔ بڑی تلاش یہ اصل مین تگ و دو تھا۔ تگ بمعنی قدم اور دو۔ دویدن سے جسکے معنی دوڑنا ہین۔
تگ و پو۔ ف۔ بمعنی تگدو یعنی دوڑ دھوپ
تگین۔ ف۔ نام بادشاہ خراسان کا جو باپ سلطان محمود کا تھا۔ اور بمعنی پہلوان۔ آگ چھوٹا حوض۔

فصل تا۔ مع لام

تل۔ ع۔ تودہ خاک کا۔ ٹیلہ بالو کا۔ زمین بلند۔ تلال اسکی جمع ہی۔ اور فارسی مین یہ لفظ تل بہ تخفیف لام آتا ہی۔
تلا۔ ف۔ زر۔ سونا۔ اسکو عربی دان فارسیون نے طاے حطی سے لکھا ہی جیسے کہ تپیدن کو طپیدن۔
تلاج۔ ع۔ شور۔ غل۔ جو آدمیون کے ہجوم اور بھیڑ مین ہوتا ہی۔
تلازم۔ ع۔ باہم لازم ہونا۔
تلاش۔ ع۔ جستجو۔ ڈھونڈھنا۔
تلاشی۔ ت۔ ڈھونڈھنے والا۔ بعضے ناواقف تلاش کو لفظ عربی جانکر متلاشی بمعنی تلاش کنندہ بولتے ہین۔ یہ غلط ہے صحیح بجاے متلاشی کے تلاشی ہی اس لیئے کہ لفظ تلاش ترکی ہی۔
تلاشی۔ ع۔ نیست اور نابود ہونا۔ یہ مصدر ہی ماخوذ لاشے سے۔
تلاطم۔ ع۔ آپس مین ایک دوسرے کو تماچے مارنا دریا کی موجونکا باہم تھپیڑے کھانا۔
تلافی۔ ع۔ تدارک پانا۔ ہاتھ مین لانا۔ دلجوئی کرنا۔ ایک دوسرے کو پانا۔
تلاق۔ ع۔ آپس مین ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔ اور یوم التلاق روز قیامت
تلاقی۔ ع۔ باہم ملاقات کرنا۔
تلال۔ ع۔ جمع تل کی جسکے معنی اوپر گذرے
تلالا۔ ع۔ بمعنی روشن۔ نعرہ قلندرون کا
تلالو۔ ع۔ چمکنا۔ روشنی دینا۔
تلامذہ۔ ع۔ } جمع تلمیذ بمعنی شاگرد کی۔
تلامیذ۔ ع۔ }
تلاوت۔ ع۔ پڑھنا۔ قرآن شریف پڑھنا
تلب۔ ع۔ گروہ آدمیونکا۔
تلبس۔ ع۔ لباس پہننا۔
تلبیس۔ ع۔ ملنا۔ چھپانا عیب کا کسی سے اور بمعنی مکر و فریب مستعمل ہی۔
تلبیس خانہ۔ ف۔ مراد دنیا سے۔
تلبیہ۔ ع۔ حاجیونکا لبیک کہنا۔
تلثم۔ ع۔ } چومنا۔ کسی چیز کا بوسہ لینا۔
تلثیم۔ ع۔ }
تلجلج۔ ع۔ بات کہنے مین تردد کرنا۔
تلخ۔ ف۔ کڑوا۔ سیاہ رنگ۔ ناگوار۔
تلخ جرفان۔ ف۔ نعمت کھاکے ناشکری کرنیوالے لوگ۔ کفران نعمت کرنیوالے۔
تلخ کمیت۔ ف۔ گھوڑا تیایا کمیت۔
تلخ کام۔ ف۔ مراد عاشق سے۔
تلخہ۔ ف۔ خلط صفرا۔ اور وہ ظرف جس مین

خلط صفرا ہی۔ ہندی پتہ۔
تلخیص ۔ع۔ خلاصہ کرنا۔ پاک وصاف کرنا
اور نام ایک کتاب کا علم معانی مین۔
تلذذ ۔ع۔ لذت لینا۔ مزہ اٹھانا۔
تلطف ۔ع۔ مہربانی۔ لطف کرنا۔
تلف ۔ع۔ ہلاک ہونا۔ اور بمعنی ضائع اور
تباہ مستعمل ہی۔
تلفیف ۔ع۔ لپیٹنا۔ خط پر لفافہ کرنا۔
اور تلافیف اسکی جمع ہی۔
تلفظ ۔ع۔ الفاظ کا منھ سے نکلنا۔ بولنا۔
تلفیق ۔ع۔ جمع کرنا۔ درست کرنا۔ ترتیب دینا۔
تلقاء ۔ع۔ روبرو۔ برابر۔ دیکھنا۔
تلقب ۔ع۔ لقب پانا۔
تلقف ۔ع۔ کسی چیز کو جلد لے لینا چالاکی کرنا
تلقن ۔ع۔ سمجھنا۔ تعلیم کو قبول کرنا۔
تلقی ۔ع۔ ملاقات کرنا۔ قبول کرنا۔
تلقیب ۔ع۔ ملقب کرنا۔ لقب دینا۔
تلقین ۔ع۔ سمجھانا۔ تعلیم دینا۔
تلک ۔ن۔ کسی مقدار کا پیمانہ۔
تلک ۔ع۔ اسم اشارہ ہی واسطے قریب کے
ترجمہ اسکا۔ این۔ یہ۔
تلمذ ۔ع۔ شاگرد ہونا۔ شاگردی۔
تلمع ۔ع۔ روشن ہونا۔ چمکنا۔
تلمیح ۔ع۔ سبک نگاہ کرنا کسی چیز کیطرف اور
اصطلاح اہل معانی مین اشارہ کرنا اپنے کلام مین
کسی قصہ کی طرف۔ یا اصطلاحات نجوم یا موسیقی
کا لانا۔ یا اپنے کلام مین آیات قرآن شریف
یا احادیث کا لانا۔
تلمیذ ۔ع۔ شاگرد۔ اور فارسی مین حرف
اول کے فتحہ سے بھی آتا ہی۔
تلنگ ۔ف۔ دکن مین ایک ملک کا نام ہی
جسکو تلنگانہ بھی کہتے ہین اور حیدرآباد
دار الملک اسکا ہی۔
تلنگ ۔ف۔ انگلی سے دف اور دائرہ اور
مثل انکے کا بجانا۔
تلنگ ۔ف۔ حاجت۔ خواہش۔
تلنگانہ ۔ف۔ گدایانہ۔ فقیرانہ۔
تلنگی ۔ف۔ مردت۔ دردمندی گدائی فقیری
تلو ۔ع۔ پیرو۔ وہ اونٹ کا بچہ جو اپنی ماںکے
پیچھے پیچھے چلے۔
تلوسہ ۔ع۔ / تلواسہ ۔ع۔ } اندوہ۔ ضطراب۔ بیقراری
تلون ۔ع۔ رنگا رنگ ہونا۔ رنگ برنگ
تلویح ۔ع۔ اشارہ کرنا۔ چمکانا۔ روشن کرنا
ظاہر کرنا۔ اصول فقہ مین نام ایک کتاب کا۔
تلویم ۔ع۔ ملامت کرنا۔
تلوین ۔ع۔ طرح بطرح کرنا۔
تلہ ۔ع۔ تلف ہونا۔ حیران ہونا۔
تلہ ۔ت۔ چڑیاروں کا جال جسکو خاک مین
پوشیدہ کرکے پرندوں کا شکار کرتے ہین
تلہی ۔ع۔ کھیلنا۔ بازی کرنا۔
تلہب ۔ع۔ آگ کا شعلہ مارنا۔ بھڑکنا۔
تلہج ۔ع۔ حرص۔ لالچ۔ کسی چیز کی محبت
تلہف ۔ع۔ دریغ۔ افسوس۔ اندوہ۔
تلیین ۔ع۔ نرم کرنا۔ ملین کرنا۔

فصل تا۔ مع میم

تم ۔ف۔ تاریکی۔ سیاہی۔ نام آنکھ کی ایک بیماریکا
جو مثل پردہ کے آنکھ مین ہوجاتی ہی عربی غشاوہ
تماثیل ۔ع۔ تصویرین۔ فرمان بادشاہی
یہ جمع تمثال کی ہی۔
تماثل ۔ع۔ مشابہ ہونا۔ آپسمین ہم مثل ہونا
تماچہ ۔ف۔ تھپڑ۔ دھپ۔
تمادی ۔ع۔ کشیدگی۔ درازی۔
تمارض ۔ع۔ بغیر مرض کے بیمار بننا۔
تماسخ ۔ع۔ بدل جانا صورت کا خوبصورتی
سے بدصورتی کی طرف۔
تماسک ۔ع۔ آپس مین چنگل مارنا۔ اپنے کو نگاہ
رکھنا۔ بندش۔ صبر۔ تحمل۔ وقار۔
تماسیح ۔ع۔ جمع تمساح۔ نہنگ۔ گھڑیال۔
تماشا ۔ع۔ اصل مین تماشی تھا ماخوذ مشی سے
فارسی مین الف کے ساتھ آتا ہی مثل تمنا اور تقاضا کے
کہ یہ بھی اصل مین تمنی اور تقاضی تھے معنی اسکے
بیدل چلنا۔ باہم سیر کرنا۔ رغبت اور شوق سے
چیزوں کا دیکھنا۔ اور بمعنی ہنگامہ کے بھی آیا ہی۔
تمالک ۔ع۔ اپنے نفس کا مالک ہونا۔ اپنے اختیار مین

رہنا اور بمعنی اختیار اور طاقت مستعمل ہی۔
تمام ۔ع۔ پورا۔ کامل۔
تمام اجزا ۔ف۔ کامل۔ پوری چیز۔
تمام عیار ۔ف۔ بے کھوٹ خالص۔
تمائم ۔ع۔ جمع تمیمہ بمعنی تعویذ کی۔
تمتام ۔ع۔ توتلا آدمی۔
تمتع ۔ع۔ برخورداری پانا۔ فائدہ اُٹھانا
تمثال ۔ع۔ صورت۔ تصویر۔ فرمان شاہی
تمثال گر ۔ف۔ نقاش۔ مصور۔
تمثل ۔ع۔ مثل لانا۔ کسی چیز کے مثل ہونا
تمثیل ۔ع۔ مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔
تمجید ۔ع۔ بزرگ کرنا۔
تمحل ۔ع۔ مکر کرنا۔ حیلہ کرنا۔
تمدد ۔ع۔ کشیدگی۔ کھینچنا۔
تمدید ۔ع۔ کھینچنا۔
تمدن ۔ع۔ شہر مین رہنا۔ انتظام شہر کا کرنا
پیشہ ورونکا ایک جگہ جمع ہونا
تمدیح ۔ع۔ تعریف کرنا۔
تمر ۔ع۔ سوکھی ہوئی کھجور۔
تمر ۔ع۔ نام مرض کا جو آنکھ مین پیدا ہوتا ہی
تمر ۔ت۔ آہن۔ لوہا۔ مغلونکے ایک سردار کا
نام ۔اور نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا جس کو
ناواقف لوگ تیمور بروزن زیتون کہتے ہین
اصل یہ ہی کہ رسم الخط ترکی کا جانتے نہین کہ ضمہ کو
بصورت واو اور فتحہ کو بصورت الف اور
کسرہ کو بصورت یا لکھتے ہین۔ اور یہ حروف
نقط لکھنے کے ہین اور پڑھنے مین نہین آتے
تمرد ۔ع۔ سرکشی کرنا۔ سرکشی۔
تمرستان ۔ف۔ کھجور کا باغ۔
تمرہ ۔ع۔ ایک کھجور یعنی ایک عدد کھجور۔
تمرن ۔ع۔ نرم ہونا۔ کسی چیز کی عادت کرنا۔
تمریخ ۔ع۔ بدن پر تیل وغیرہ ملنا۔
تمسار ۔ف۔ جو مفرد دوا مین بیچے۔ پنساری
تمساح ۔ع۔ نہنگ۔ ناکہ۔ گھڑیال۔
تمسخر ۔ع۔ ہنسی۔ ٹھٹھا کرنا۔
تمسک ۔ع۔ کسی چیز مین چنگل مارنا۔ پکڑنا
کسی شی کا۔ مجازاً دست آویز۔
تمشی ۔ع۔ ارادہ۔ جاری کرنا۔ روان کرنا
راہ چلنا۔ کام کرنا۔
تمشیت ۔ع۔ جاری کرنا۔ روان کرنا۔
تمطی ۔ع۔ خمیازہ۔ انگڑائی۔
تمغہ ۔ت۔ نشان۔ مُہر۔ داغ جو گھوڑے کی
ران پر کرتے ہین۔ محصول جو سوداگرون سے
لیتے ہین۔ مہر سرکاری جو اسباب سوداگری پر
بعد لینے محصول کے لگائی جاتی ہی۔ فرمان
بادشاہی۔ شاعر کا اپنے مضمونکو مکرر باندھنا۔
تمغاچی ۔ف۔ محصول لینے والا۔ اور مُہر کرنیوالا
جو سرکار کیطرف سے مقرر ہو۔
تمکن ۔ع۔ جگہ پکڑنا۔ قائم ہونا۔
تمکنت ۔ع۔ غرور۔ ٹیپ ٹاپ۔
تمکین ۔ع۔ جگہ دینا۔ عین جگہ پر پاؤن رکھنا
رتبہ دینا۔ قدر ۔ عزت۔ مرتبہ۔
تمکین دادن ۔ف۔ } تعریف کرنا۔
تمکین کردن ۔ف۔ } عزت دینا۔
تملق ۔ع۔ نرم ہونا۔ عادت پکڑنا۔ اور بمعنی
چاپلوسی اور دوستی مستعمل ہی۔
تملک ۔ع۔ مالک ہونا۔
تململ ۔ع۔ بیقراری۔ بے آرامی۔ اور وہ
حالت جو درمیان خواب اور بیداری کے ہو
تملیح ۔ع۔ کھانے مین نمک ڈالنا۔ کسی چیز کو
نمکین کرنا۔ نمکین شی کا لانا۔
تملیک ۔ع۔ کسی شخص کو کسی چیز یا کسی مال
کا مالک کرنا اور اُسکے قبضہ مین دینا۔
تمم ۔ع۔ صیغہ امر کا ہی یعنے اسکے تمام کر۔
تمن ۔ت۔ دس ہزار آدمی۔ اور بیس روپیہ۔
تمنا ۔ع۔ یہ اصل مین تمنی تھا فارسی مین الف کے
ساتھ آتا ہی۔ آرزو اور خواہش کرنا۔
تموج ۔ع۔ پانیکا موج مارنا۔ آب یا کی طغیانی
دریا مین طوفان جو ہوا سے آتا ہی۔
تموز ۔ع۔ وہ ایام جنمین آفتاب برج سرطان
مین رہتا ہی ہندی مین تقریباً ساونکا مہینہ
مجازاً بمعنی سخت گرمی کے مستعمل ہی۔
تمول ۔ع۔ مالدار ہونا۔ دولتمندی۔
تمویہ ۔ع۔ بروزن تفریہ۔ سونیکا ملمع کرنا
آرایش کرنا۔ مکر۔ فریب۔ چاپلوسی

تموِیہات ۔ع۔ جمع ہی تمویہ کی کنایہ ہی مکر و
فریب اور خوشامد اور چاپلوسی کی باتونسے ۔
تمہّل ۔ع۔ دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
تمہیل ۔ع۔ مہلت دینا۔ فرصت دینا۔
تمہید ۔ع۔ بچھونا بچھانا۔ ہموار اور نیک
اور درست کرنا کسی کام کا۔
تمیمہ ۔ع۔ تعویذ۔ اور بمعنی مُہرہ سیاہ و سفید
جو بچونکے گلے مین ڈالتے ہین۔ تمائم جمع۔
تمیز ۔ع۔ بروزن تفعیل معنے اسکے جدا کرنا
مجازاً بمعنی عقل و ہوش۔ لیکن فارسی مین
ایک (یا) واسطے تخفیف کے حذف ہو جاتی ہی
اور تمیز بروزن عزیز پڑھا جاتا ہی۔

فصل تا مع نون

تَن ۔ع۔ بدن۔ پنڈا۔ تنخواہ۔ اور دفتر تن
بمعنی دفتر تنخواہ۔ اور آلایش نفسانی اور
کدورت بشری سے بھی مراد ہی۔
تناد ۔ع۔ ایک دوسرے کو پکارنا۔ اور
یوم التناد کنایہ ہی روز قیامت سے۔
تنازع ۔ع۔ باہم جھگڑا کرنا۔ جھگڑا۔
تنازل ۔ع۔ باہم اُترنا۔ ایک مقام مین
تناسب ۔ع۔ باہم نسبت ہونا۔ مناسبت رکھنا
تن آسانی ۔ف۔ راحت۔ آرام۔
تناسخ ۔ع۔ زائل ہونا ایک صورت سے دوسری
صورت مین ہونا۔ روح کا ایک قالب سے
نکلکر دوسرے قالب مین آنا۔

تناسُل ۔ع۔ بچہ جننا۔ اولاد پیدا کرنا
نسل آپس مین بڑھانا۔
تنافر ۔ع۔ نفرت کرنا۔ بھاگنا۔ اور اصطلاح
علم معانی مین ایسے چند لفظونکا جمع کرنا جن کا
پڑھنا زبان پر دشوار ہو اور طبیعت آدمی کی
نفرت کرے جیسے خواجہ توجہ تجارت میکنی۔
تنافس ۔ع۔ باہم سانس لینا۔ فخر کرنا۔
تنافی ۔ع۔ ایک دوسرے کی نفی کرنا
منافی ہونا۔ ایک دوسرے کو نیست کرنا۔
تناقض ۔ع۔ ایک دوسرے کو توڑنا۔
باہم مخالف ہونا۔
تناور ۔ف۔ قوی جُثّہ۔ جسیم۔ موٹا۔ اور
بمعنی طاقت دار کے بھی آتا ہی۔
تناول ۔ع۔ لینا۔ پکڑنا کسی چیز کا۔ اور
مجازاً بمعنی کھانا کھانے کے مستعمل ہی۔
تناہی ۔ف۔ منتہی ہونا۔ انتہا کو پہونچنا۔
اور رکنا کسی چیز سے۔
تنبل ۔ف۔ موٹا آدمی۔ جاہل سست
اور بیکار۔ نکما۔ کاہل۔
تنبول ۔ف۔ پان جو مشہور درخت کے پتے
ہین۔ اور بمعنی کباده یعنی چھوٹی کمان۔ اور
بمعنی پان تامول اور تانبول بھی آیا ہی۔
تنبان ۔ف۔ پاجامہ۔ سُتھنا۔ ازار۔
تنبک ۔ف۔ بازیگرون یعنی نٹونکا چھوٹا
ڈھول۔ چھوٹا نقارہ۔ طبلہ۔

تنبک تعلیم ۔ف۔ چھوٹا ڈھول جو بروقت
کشتی لڑنے کے بجایا جاتا ہی اور یہ ولایت
مین علی العموم رسم ہی۔
تنبیہ ۔ع۔ جتلانا۔ واقف کرنا۔ اور مجازاً
مارنا قید کرنا۔
تنبُّہ ۔ع۔ آگاہ ہونا۔
تنجیم ۔ع۔ ستارہ شناسی۔ اچھی اور بُری
ساعت کا جاننا۔
تنحنح ۔ع۔ گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔
تنحّی ۔ع۔ دور ہونا۔
تنخواہ ۔ف۔ مزدوری۔ روپیہ جو بابت
نوکری اور خدمت کرنے کے لے۔
تنخواہ گرفتن ۔ف۔ لوطیونکی اصطلاح مین
بمعنی کون گرفتن۔
تند ۔ف۔ تیز۔ سخت مزاج۔ غصہ والا۔
تند باد ۔ف۔ آندھی۔ جھکڑ۔
تندخو ۔ف۔ بدمزاج آدمی۔
تندرو ۔ف۔ بخیل آدمی۔
تندرلے ۔ف۔ بیوقوف آدمی۔
تندرست ۔ف۔ جسکو بیماری نہو۔
تندر ۔ف۔ بجلی کی کڑک۔ بُلبُل جو ایک
پرندہ خوش آواز مشہور ہی۔
تن دردادن ۔ف۔ قبول کرنا۔ دوسرے
کے حکم پر راضی ہو جانا۔
تند شیر۔ سکندر نامہ مین ایک جگہ مراد سکندر سے

تُندمار سیاہ۔ ف۔ وہ شخص جو مال کی نگہداشت مین رنج و غم کھینچے اور تردد کرے۔
تُندُو۔ ف۔ عنکبوت۔ مکڑی۔
تُندہی۔ ف۔ کوشش۔
تَنذِیر۔ ع۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔
تَن رُو شُدن۔ ف۔ کنایہ یکسو ہونے سے
تَنَزُّل۔ ع۔ اترنا۔ درجہ سے کم ہونا۔
تَن زَدن۔ ف۔ خاموش رہنا چپ رہنا۔
تَنزِیل۔ ع۔ بھیجنا۔ اور بمعنی قرآن شریف اور نام ایک کتاب کا علم سلوک مین۔
تَنَزُّہ۔ ع۔ دور ہونا عیب سے۔ باغ اور سبزہ زار کی سیر کرنا۔ مجازاً بمعنی خوشی جمع اسکی تنزہات ہی
تَنزِیہ۔ ع۔ دور کرنا اور پاک کرنا بدا و بری اور خراب چیزونسے۔
تَنَسُّک۔ ع۔ عبادت کرنا۔ خدا پرستی اور بمعنے تصوف کے بھی آیا ہی۔
تَنَسُّق۔ ع۔ مرتب ہونا۔ منتظم ہونا۔
تَنسُوق۔ ت۔ نادر۔ تحفہ۔ چیز نفیس۔ عجیب و غریب شی۔
تَنسُوقات۔ ت۔ نادرات۔ عجائبات۔ اشیاء کمیاب۔ جمع تنسوق کی۔
تَنَسُّم۔ ع۔ سانس لینا۔ سونگھنا۔
تَنسِیم۔ ع۔ دم کھینچنا۔ ہوا کھانا۔
تَنسِیق۔ ع۔ انتظام کرنا۔ ترتیب دینا۔

تَنَسُّل۔ ع۔ اولاد جاری کرنا نسل بڑھانا
تَنَشُّر۔ ع۔ پراگندہ کرنا۔
تَنشِیط۔ ع۔ خوش کرنا۔ شادمان کرنا۔
تَنَشُّط۔ ع۔ خوش ہونا۔ شادمانی کرنا۔
تَنَصُّر۔ ع۔ نصارا بننا۔ مذہب عیسوی اختیار کرنا۔ عیسائی ہوجانا۔
تَنصِیف۔ ع۔ دو حصہ کرنا۔ برابر دو ٹکڑے کرنا۔ آدھون آدھ کرنا۔
تَنصِیص۔ ع۔ کسی چیز کا ظاہر کرنا۔
تَنضِیج۔ ع۔ پکانا۔ پختہ کرنا۔
تَنظِیر۔ ع۔ مثال لانا۔ نظیر بنانا۔
تَنظِیم۔ ع۔ موتی دھاگے مین پرونا۔ مجازاً درستی امورات شہر اور دربار وغیرہ کی کرنا۔
تَنعِیم۔ ع۔ نازو نعمت دینا۔ نازو نعمت مین پالنا اور نام ایک موضع کا جو تین کوس مکہ معظمہ سے اُس طرف واقع ہی یہان عمرہ کے ارکان عمل مین لائے جاتے ہین۔ اور حج تمام ہوتا ہی۔
تَنعِیش۔ ع۔ عیش دینا۔ عیش مین رہنا۔
تَنَعُّم۔ ع۔ نازو نعمت۔ نازو نعمت مین پلنا۔
تَنَعُّمات۔ ع۔ جمع تنعم بمعنی عیش و عشرت کی
تَنَفُّر۔ ع۔ نفرت کرنا۔ بھاگنا۔
تَنفِیر۔ ع۔ بھگانا۔
تَنفِیذ۔ ع۔ حکم اور فرمان اور نامہ جاری کرنا
تَنَفُّس۔ ع۔ سانس لینا۔ اپنے کو نفیس جاننا
تَنَقُّل۔ ع۔ نقل کرنا۔ کھانا کھانا۔

تَنقِی۔ ع۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔
تَنقِیش۔ ع۔ نقش کرنا۔
تَنقِیص۔ ع۔ نقصان کرنا۔ کم کرنا۔
تَنقِیح۔ ع۔ پاک اور صاف کرنا کسی چیز کا عیب سے خالص کرنا۔
تَنقِیہ۔ ع۔ پاک اور صاف کرنا۔
تُنُک۔ ف۔ باریک۔ نازک۔ لطیف کم۔ تھوڑا۔ ہلکا۔
تُنُک دل۔ ف۔ نرم دل
تُنُک مایگی۔ ف۔ مفلسی۔
تَنکِیر۔ ع۔ عام کرنا۔ بھیس بدلنا۔ ناشناس کرنا۔ انجان کرنا۔ کسی چیز کو اچھی حالت سے بری حالت کیطرف پھیر دینا۔
تَنگ۔ ف۔ سکڑا ہوا۔ بھچا ہوا۔ پہاڑ کا درہ اور بمعنی خرداد یعنی ایک گدھے کا بوجھ۔ نواڑ جس سے گھوڑے کا زین کستے ہین۔ کارنامہ نقاشان نام ایک ملک کا بدخشان مین نام ایک ملک کا ترکستان مین۔ مخفف ارتنگ کا جسکے معنے تختۂ نقاشی کے ہین اور بمعنی قریب اور نزدیک کے بھی آیا ہی۔
تُنگ۔ ف۔ گون جسمین غلہ وغیرہ ڈالتے ہین۔ وہ برتن یا کوزہ جسکا پیٹ بڑا اور گردن چھوٹی اور منھ تنگ ہو۔
تِنگ۔ ف۔ پرندونکی چونچ۔
تِنگار۔ ف۔ سہاگہ جو مشہور دوا ہی۔

تنگ آمدن۔ ف۔ نزدیک آنا۔ عاجز آنا۔
تنگبار۔ ف۔ جسجگہ ہر ایک شخص کو دخل نہو۔
تنگتاب۔ ف۔ جسکی طاقت جاتی رہی ہو
ناتوان۔ ناطاقت۔
تنگ ترکان۔ ف۔ نام ترکونکے ایک ملک کا
کہ ترکان تنگی منسوب اُسکی طرف ہین۔
تنگ چشم۔ ف۔ بخیل۔ کنجوس۔ نو دولت
اور صفت معشوق کی بھی آتی ہو اس لیے کہ
معشوق دوسرے کیطرف دیکھتا نہین ہو۔
تنگ چشمی۔ ف۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ اور کنایہ
کم نگاہی معشوق سے اسلیے کہ وہ بوجہ حسن
اور غرور حسن یا بسبب افراط شرم کے کسی دوسرے
کی طرف دیکھتا نہین ہو۔ اور بمعنی فرومایگی
اور کم آنکاہی اور کمینہ پن کے بھی آتا ہو۔
تنگ حوصلگی۔ ف۔ }
تنگ حوصلگی۔ ف۔ } پست ہمتی۔
تنگ درزی۔ ف۔ چوتھا حرف دال مہملہ بمعنی
اسکے خوب وصل کرنا۔ اختلاط۔ خوب چمٹانا
دو چیزونکا اسطرح وصل کرنا کہ اُنکا جوڑ بہت
غور کرنے سے معلوم ہوسکے۔
تنگدست۔ ف۔ محتاج۔ مفلس۔
تنگدل۔ ف۔ بخیل۔ کم خرچ۔ آزردہ دل
اور بدنما اور بیرونق سے بھی مراد ہوتی ہو۔
تنگری۔ ت۔ خداے تعالیٰ۔
تنگ سال۔ ف۔ قحط کا برس جسمین پانی نہ برسے

تنگ شکر۔ ف۔ نام ایک پیچ کا فن کُشتی مین سے
تنگ عیش۔ ف۔ مفلس۔ دردمند۔
تنگلوشا۔ ف۔ رومیونکے نگارخانہ اور تصویرخانہ
کا نام۔ اور قصائد خاقانی کے شارح نے
لکھا ہو کہ تنگلوشا نام ایک حکیم کا ہو جس نے
کتاب ارژنگ تصنیف کی۔
تنگناے۔ ف۔ جاے تنگ۔ تنگ گزرن
اور کوچہ تنگ۔ یعنی تنگ گلی اور کنایہ قبر سے
تنگوز۔ ت۔ خوک۔ سُور۔
تنگہ۔ ف۔ کاف عربی سے بمعنی سکۂ رائج خواہ
سونیکا ہو خواہ چاندیکا خواہ تانبے کا۔
تُنگہ۔ ف۔ چمڑیکی جانگیا جو کُشتی لڑنیوالے
بروقت کُشتی کے پہنتے ہین۔
تنگی۔ ف۔ سکڑاپن۔ ضد فراخی کی۔
تنمیہ۔ ع۔ بڑھنا درخت یا حیوان یا انسان کا
تنمیق۔ ع۔ تحریر کرنا۔ لکھنا۔
تنّور۔ ع۔ روٹی پکانیکا ظرف۔ روے زمین
وہ جگہ جہانسے پانی نکلے۔ وہ حوض جسمین پانی
جمع ہو۔ وہ حوض جسمین کاغذ کی ردی وغیرہ
بھگو کر کاغذ بناتے ہین۔ نام ایک جنگل کا
نام ایک پہاڑ کا۔
تنُور۔ ف۔ بغیر تشدید نون کے روٹی پکانیکا
ظرف جو مشہور ہو۔
تنوُّر۔ ع۔ آگ روشن کرنا۔ بدن پر نورہ ملنا۔
تنورہ۔ ف۔ چار آئینہ۔ جہلتہ جو بروز جنگ
پہنتے ہین۔ اور بمعنی انگیٹھی کے بھی آیا ہو۔

تنوّع۔ ع۔ طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا۔
تنوفہ۔ ف۔ بیابان۔ جنگل۔
تنومند۔ ف۔ قوی جثہ۔ فربہ۔ موٹا
صاحب قوت۔ طاقت دار۔ مجازاً دولتمند۔
تنومندی۔ ف۔ فربہی۔ موٹاپا۔ قوی جثہ
ہونا۔ توانائی۔ طاقت۔
تنویر۔ ع۔ روشن کرنا۔ نور دینا۔ لیکن بمعنی
روشنی کے مستعمل ہو۔
تنویم۔ ع۔ سلانا۔
تنوین۔ ع۔ نون پیدا کرنا۔ دو زبر یا دو زیر
یا دو پیش کا بڑھنا۔
تنہ۔ ف۔ دھڑ درخت کا جڑسے لگکے مقام
شاخون تک جہانسے اُسکی شاخین اُگنی شروع
ہوتی ہین۔ اور بمعنی مطیع اور فرمانبردار کے
بھی اصطلاحاً آتا ہو۔ اور ان اخیر معنونکے لیے
بہار عجم مین یہ لفظ بضمتین (تُنُہ) لکھا ہو۔
تنہ خواری۔ ف۔ رنج و غم کرکے اپنے جسم کا
گھلا دینا۔ اور بمعنی عذاب کے بھی ہو۔
تنہا۔ ف۔ اکیلا۔ اور بمعنی خالی کے بھی آیا ہو۔
تنیدن جولاہہ و عنکبوت۔ ف۔ کپڑا بُننا
پیدا کرنا۔ گرد پھرنا۔ سُوت کاتنا۔
تنّین۔ ع۔ اژدہا۔ بڑا سانپ۔ نام ایک ستارہ
کا آسمان پر شکل بڑے سانپکے۔ جسکے ایک سرکو
راس کہتے ہین اور دوسرے سرکو ذنب اور

یہ مثل اور سیاروں کے چلتا بھی ہے اور اسکو
تینین فلک بھی کہتے ہین اور تینین فلک بمعنے
کہکشان کے بھی آیا ہے۔
تنیدہ۔ ف۔ بُنا ہوا۔ اور مجازاً اطلاق
اس لفظ کا جسم انسان پر بھی آتا ہے۔

فصل تا۔ مع واو

تو۔ ف۔ واو معروف سے کلمہ خطاب کا ہے
بمعنی (تو) اور خود اور ترا کے بھی معنی ہین
تو۔ ف۔ واو مجہول سے بمعنی پردہ اور تہ
جیسے تو بر تو بمعنی پردہ اور تہ بر تہ اور بمعنے
درون کے بھی ہے جو مقابل مین بیرون کے
ہے۔ یعنی کسی چیز کا اندر۔
توا۔ ع۔ ہلاکت۔
تواب۔ ع۔ توبہ قبول کرنیوالا۔
توابل۔ ع۔ گرم مصالح جو کھانیمین ڈالتے ہین
مثل لونگ الائچی سیاہ مرچ زیرہ وغیرہ کے
تواتر۔ ع۔ پے در پے ہونا۔
توارد۔ ع۔ باہم ایک جگہ اُترنا۔ اور شاعری کی
اصطلاح مین ایک مضمون کا دو شخصوں کے ذہن
مین آنا۔ یا ایک مصرعہ یا بیت وغیرہ کا
موافق نظم ہو جانا۔ بغیر باہمی اطلاع کے۔
تواری۔ ع۔ پنہان ہونا۔ پوشیدگی۔
تواریخ۔ ع۔ جمع تاریخ کی۔ علم واقعات کا
اور علم سنون کا۔
توازن۔ ع۔ دو چیزونکا آپس مین برابر
اور ہموزن ہونا۔
توازی۔ ع۔ باہم برابر ہونا اسطرح (۱۱)
تواضع۔ ع۔ فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
تواضع سمرقندی۔ ف۔ جھوٹی خاطرداری
کسی کی کرنا۔
توافق۔ ع۔ باہم یکجا ہونا۔ موافق ہونا۔
آپسمین ایک ہونا۔ باہم مدد کرنا۔
توافر۔ ع۔ بہتایت۔ کثرت۔ زیادتی۔
توالد۔ ع۔ آپس مین جننا۔ اولاد پیدا کرنا
کثرت اولاد کی ہونا۔
توالی۔ ع۔ پے در پے ہونا۔ متواتر ہونا۔
توام۔ ع۔ جُڑوان بچہ جو ایک بچہ کے ہمراہ
دوسرا بچہ ایک ہی حمل سے پیدا ہو۔ اور بمعنی برج
جوزا کے بھی آیا ہے۔
توامان۔ ع۔ یہ تثنیہ توام کا ہے۔ دونون
بچے جو ایک حمل سے ایک ہی ساتھ پیدا
ہون۔ اور بمعنی برج جوزا کے بھی آیا ہے۔
توان۔ ف۔ زور۔ قوت۔ قدرت۔ طاقت
اور فتح اول غلط ہے۔
توانا۔ ف۔ طاقت دار۔ صاحب قوت۔
توانستن۔ ف۔ سکنا۔ طاقت رکھنا۔
توانگر۔ ف۔ صاحب قدرت اس لیے کہ یہ مرکب
ہے توان بمعنی طاقت اور گر کلمہ نسبت سے
اور بمعنی مالدار مجاز ہے اس لفظ کو الف کے بغیر
لکھنا خطا ہے اور پڑھنا جائز۔
توانگری۔ ف۔ صاحب قدرت ہونا۔ مالداری
توانائی۔ ف۔ طاقت۔ قوت۔
توانی۔ ع۔ سستی کرنا۔ تقصیر کرنا۔
توبال۔ ع۔ لوہے اور تانبے کا بُرادہ
توبرہ۔ ف۔ گھوڑے کو دانہ کھلانیکا تھیلہ۔
توبک۔ ف۔ گنجینہ۔ مخزن۔ خزانہ
توبہ۔ ع۔ گناہ سے پھرنا۔ باز آنا۔
توبیخ۔ ع۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔ سرزنش
ملامت جھڑکی۔
توپ۔ ت۔ فوج۔ لشکر۔ اور توپ مشہور۔
توپ توپ۔ ت۔ فوج فوج یعنی بہت۔
توت۔ ف۔ میوہ مشہور ہے جس کو شہتوت
کہتے ہین۔
توتیا۔ ع۔ سرمہ (طا) سے لکھنا خطا ہے۔
توثیق۔ ع۔ محکم اور مضبوط کرنا۔
توجع۔ ع۔ درد پیدا کرنا۔
توجہ۔ ع۔ کسی آدمی یا کسی چیز کیطرف منھ کرنا۔
توجیہ۔ ع۔ کسی کیطرف منھ پھیرنا۔ اور بیان
اچھا کرنا۔ وجہ بتلانا۔ دلیل لانا۔
توحد۔ ع۔ یکتائی۔ ایک ہونا۔ وحدانیت
توحش۔ ع۔ وحشی ہونا۔ وحشت کرنا۔
توحید۔ ع۔ ایک ماننا۔ ایک جاننا۔
توخت۔ ف۔ جمع کیا۔ ادا کیا۔
توختن۔ ف۔ حاصل کرنا چاہنا جمع کرنا
ادا کرنا۔ اور یہ لغات اضداد سے ہے۔

تَوَدُّد - ع - دوستی - محبت -
تودہ - ف - انبار - ڈھیر - ٹیلہ -
تَودِیع - ع - رخصت کرنا - وداع کرنا - اور بمعنی سپرد کرنے کے بھی آتا ہے -
تَوَرُّع - ع - پرہیزگاری -
تُوَر - ت - نام بڑے بیٹے فریدون بادشاہ کا کہ ملک توران اسکی طرف منسوب ہے - اور بمعنی پہلوان بہادر - اور نام ایک گھاس کا جسکا مزہ کھٹا ہوتا ہے - اور بمعنی بھاگنے کے بھی ہے - اور اسمین واو معروف ہے -
تُور - ت - واو مجہول سے بمعنی جالی جو اکثر ڈولھون اور بہلیون کی سواری کے پردون مین لگی ہوتی ہے اور مچھلی کے شکار کا جال -
تَور - ع - تغار - پانی کا کوزہ - طبق جمع اسکی اَتوار آتی ہے -
تُوران - ت - ایک مشہور ملک کا نام منسوب طرف تور پسر فریدون کے -
تُورک - ف - خرفہ کا ساگ جو مشہور ہے اور برہان مین تُورک بروزن کوچک ہے -
تُورَہ - ت - واو مجہول سے - قانون دستور العمل رسم اور مجازاً وہ شریعت جو چنگیز خان نے اپنی طرف سے وضع کی تھی - اب بمعنی حکم شدید بادشاہی کے مستعمل ہے -
تَورِیت - ع - نام کتاب آسمانی کا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی -

تَورِیَہ - ع - چھپانا - ارادہ کسی چیز کا دل مین کرنا - اور خلاف اُسکے زبان سے ظاہر کرنا -
تَورِیب - ع - کج کرنا - کجی - ٹیڑھا کرنا -
تُوز - ف - صیغہ امر کا ہے توزیدن سے بمعنی جمع کر - اور بہ ترکیب اسم کے بمعنی جمع کرنیوالا - اور بمعنی بھوج پتر جو مشہور پہاڑی پتّہ ہے -
تَوَزُّع - ع - پراگندگی - پریشانی -
تُوزُک - ت - اُسمین واو غیر ملفوظ ہے بمعنی سامان آرائش - انتظام لشکر اور دربار کا -
تَوزِیع - ع - پراگندہ کرنا - بانٹنا - ٹکڑے کرنا -
تُوزیدن - ف - جمع کرنا - اکٹھا کرنا -
تَوَزی - ف - قسم جامہ نفیس جو شہر توز مین بنتا ہے - یہ شہر ملک فارس مین ہے -
تَوزِین - ع - باہم وزن کرنا دو چیز کا -
توزیر - ع - ناحق کسی کو گنہگار بنانا -
تَوَسُّخ - ع - میلا رہنا -
تَوَسُّط - ع - میانہ روی - اعتدال - واسطہ کرنا -
تَوَسُّع - ع - فراخی کرنا - فراخ ہونا - کشادگی -
تَوسِعَہ - ع - کشادہ کرنا - کشادگی -
تَوَسُّل - ع - وسیلہ ڈھونڈھنا - کسی کو درمیان مین ڈالنا -
تَوسِیع - ع - فراخ کرنا - کشادہ کرنا -
تَوسِیخ - ع - چرکین - اور میلا کرنا -
تَوسَن - ف - گھوڑے کا بچہ جو تند خوا اور شوخ اور سرکش ہو -

تَوسَنی کردن - ف - سرکشی کرنا -
تُوش - ت - واو مجہول سے بمعنی سینہ -
تُوَّت - توانائی - جسم - بدن -
تُوَشُّح - ع - اپنے گلے مین ہار بدھی پہننا -
تُوشدان - ف - جسمین خوراک سفر کی رکھین -
توشقان - ت - واو غیر ملفوظ ہے - خرگوش -
تُوشک - ت - فرش - بچھونا - گدّا -
تُوشک خانہ - ف - وہ جگہ جہان گھر کا اسباب رکھین قسم پارچہ وغیرہ سے - توشخانہ غلط ہے -
تُوشمال - ت - بکاول - خانساماں -
تُوشہ - ف - زادراہ - راہ کا خرچ و خوراک -
تُوشہ بر داشتن - ف - سفر کرنا -
تَوشِیح - ع - کسی کی گردنمین بدھی ڈالنا - ہار پہنانا - آرایش کرنا - اور نام ایک صنعت شعری کا کہ ہر مصرع یا بیت کے حرف اول کے جمع کرنے سے کسی کا نام پیدا ہو -
تَوَصُّل - ع - کسی چیز سے پیوند چاہنا -
تَوصِیف - ع - تعریف کرنا - وصف کرنا -
تَوصِیَہ - ع - وصیت کرنا -
تَوضِیح - ع - روشن اور پیدا کرنا - اور نام ایک کتاب کا اصول فقہ حنفی مین -
تَوَطُّن - ع - وطن اختیار کرنا - کسی چیز پر دل لگانا -
تَوطِین - ع - آرام دینا -
تَوطِیَہ - ع - بچھونا بچھانا - پامال کرنا - مجازاً

بمعنی تمہید کلام یعنی اصل مطالب بیان کرنے
سے پہلے تمہید اُٹھانا اور اُسکے ذریعہ سے
اصل مطلب کو آراستگی دینا یا قوت دینا۔
توظیف ۔ع۔ ہر روز رسد دینا۔ وظیفہ مقرر کرنا
تُوغ ۔ت۔ عَلَم اور نشان فوج کا۔
توغل ۔ع۔ مشق کامل کرنا۔ کسی کام مین
دل بہت لگانا۔ مشغول رہنا۔
توفق ۔ع۔ موافق۔ یکسانی۔
توفر ۔ع۔ کسی چیز کا بہت ہونا۔
توفیر ۔ع۔ بہت کرنا۔ بہت ہونا۔ فائدہ جو
کسی چیز کے ٹھیکہ لینے مین ہو۔
توفیق ۔ع۔ موافق کر دینا۔ برابر کرنا۔ اصطلاحی
معنے موافق کرنا خدا کا اسباب نیکی کے موافق
خواہش بندے کے استعمال اس لفظ کا حصول
اسباب خیر مین ہوتا ہی۔ شر مین نہین۔
توفیہ ۔ع۔ تمام دیدینا۔ اپنے اقرار وعہد کو
پورا پورا اچھی طرح وفا کرنا۔
توق ۔ع۔ } آرزومندی اور غلبہ شہوت کا
توقان ۔ع۔ }
توقد ۔ع۔ آگ کا بھڑکنا۔
توقر ۔ع۔ اپنی عزت کا خیال رکھنا۔
توقیر ۔ع۔ دوسرے کی عزت کا خیال رکھنا۔
توقع ۔ع۔ اُمید رکھنا۔ بھروسہ کرنا۔ مگر
فارسی مین اکثر بمعنے امید مستعمل ہی۔
توقف ۔ع۔ دیر کرنا۔ وقفہ کرنا۔

توقی ۔ع۔ نگہبانی۔
توقیع ۔ع۔ دستخط کرنا۔ بادشاہ کا فرمان یا
فرمان بادشاہی جو مضمون مہر پر شامل ہو
برخلاف منشور کے کہ اُسمین مہربانی اور رحم
کے مضامین ہوتے ہین۔
توکل ۔ع۔ بھروسہ کرنا خدا پر۔ دل اُٹھانا
دنیا سے اور خدا پر لگانا۔
توکیل ۔ع۔ وکیل کرنا۔ کسی کام کا کسی
شخص پر چھوڑ دینا۔ مختار کرنا۔
توکید ۔ع۔ اُستواری۔ استوار کرنا۔
تولا ۔ع۔ محبت بھروسا۔ اُمید۔ پھر جانا
حکومت کرنا۔ کسی کو دوست رکھنا کسی
کے کام کو اپنے ذمہ لینا۔
تولب ۔ع۔ گدھے کا بچہ۔
تولچہ ۔ف۔ تولہ جو بارہ ماشہ کا ہوتا ہی
تولد ۔ع۔ پیدا ہونا۔ زائیدہ ہونا۔
تولع ۔ع۔ لالچ کرنا۔ اور بمعنی لالچ۔
تُولہ ۔ت۔ واؤ مجہول سے کُتّے کا پلہ اور
ایک قسم کے کُتّوں کا نام ہی جو بڑے شکاری ہوتے
ہین اور پوشیدہ جانور کو اُسکی بو سونگھ کر
شکار کر لاتے ہین۔
تولی ۔ع۔ پھر جانا۔ حکومت کرنا۔ دوست
رکھنا۔ کسی کا کام اپنے ذمہ لینا۔
تولید ۔ع۔ جننا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا۔
تولیت ۔ع۔ حاکم کرنا۔ پے درپے ہونا۔

پیٹھ پھیر لینا۔ اور کسی چیز کا خرید کے داموں
پر بیچ ڈالنا۔ ذمہ دار کرنا۔ کسی شخص کو کسی
کام کی سپردگی پر۔
تولیہ ۔ع۔ بروزن تعریف۔ عاشق کر دینا
لڑکے کا جُدا کر دینا اُسکی مان سے۔
تُومان ۔ت۔ گردہ۔ پرگنہ۔ ابر
دس ہزار آدمی۔ بیس روپیہ زر نقد۔
تُون ۔ف۔ عورت کا بچہ دان۔ حمام
سوراخ حمام کا۔ بھڑبھونجے کا بھاڑ۔ غلیظ
ڈالنے کا مقام۔ جسکو عربی مین مزبلہ کہتے ہین
تُونی ۔ف۔ غلیظ اُٹھانے والا۔ بھنگی۔
چور۔ دغاباز۔ مکّار۔
تُو وخدا ۔ف۔ یہ قسم ہی یعنی تجھکو خدا کی قسم
توہّم ۔ع۔ وہم مین ڈالنا۔ وہم کرنا۔
توہّن ۔ع۔ کسی چیز کو سُست کر دینا۔
توہین ۔ع۔ اہانت کرنا۔ سُست کرنا۔
کسی کو ذلیل اور بیعزت کرنا۔
توی ۔ت۔ واؤ مجہول سے بمعنے شادی
وعروسی۔ متاخرین اسکو (طا) سے لکھتے ہین

فصل تا مع ہاے ہوز

تہ ۔ف۔ نیچے۔ فرش۔ تلا۔
تہادی ۔ع۔ آپسمین ہدیہ وتحفہ بھیجنا۔
تہالک ۔ع۔ باہم ہلاک ہونا۔
تہامہ ۔ع۔ ملک عرب مین اُس زمین کا نام
جسپر مکہ معظمہ واقع ہی۔

تہانی - ع - جمع تہنیت کی۔ اور مصدر بھی ہے
یعنی مبارکباد کہنا اور تہنیت کرنا۔
تہاون - ع - خوار اور ذلیل رکھنا۔ کسی کو
حقیر سمجھنا۔
تہبج - ع - کسی عضو کا مشابہ بہ ورم ہونا۔
ہندی مین بھر بھراہٹ۔
تہبند - ف - لنگی۔ لنگوٹ۔
تہبندی - ف - کتاب کی جز بندی اور
رنگریزونکی اصطلاح مین کپڑے کو پہلے ایسے
رنگ مین رنگنا کہ جسکے بعد رنگ مقصود مین
رنگنے سے رنگ پکا اور مضبوط ہو جائے۔
تہتیک - ع - پردہ دری کرنا۔ رسوائی۔
تہجد - ع - رات کو سونا۔ رات کو جاگنے مین کاٹنا
مجازاً وہ نمازین جو بعد نصف شب کے زاہد
لوگ نیند سے اُٹھ کر کے پڑھتے ہین۔
تہ جرعہ - ف - } تھوڑی شراب جو بعد پینے
تہ جرعگی - ف - } کے پیالے کی تہ مین
باقی رہ گئی ہو۔
تہجی - ع - کسی کی ہجو کہنا - ہجے کرنا -
حروف مفردہ کو ترکیب دیکے پڑھنا۔
تہجین - ع - ذلیل کرنا۔ بیعزت کرنا
تہ خانہ - ف - نیچے کا گھر۔
تہدید - ع - ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا۔
تہذیب - ع - آراستہ کرنا۔ پاک کرنا۔
کسی چیز کو اصلاح دینا۔

تہ ریش گذاشتن - ف - فریب دینا۔
تہ کردن زانو - ف - ادب سے بیٹھنا۔
تہ گیرہ - ف - ہندی تہ دیگی۔
تہلکہ - ع - ہلاک ہونا۔ مرنا۔ نیست ہونا۔
تہلیل - ع - لا الہ الا اللہ کہنا۔
تہمت - ع - عیب لگانا۔ بُرائی کرنا۔
کسی کی طرف گمان بد کرنا۔ فارسی مین
یہ لفظ بہ سکون ہاے ہوز مستعمل ہے۔
تہمتن - ف - دلاور - اور لقب ہے
رستم پہلوان مشہور کا۔
تہ میدانی - ف - آدمی بے سروپا۔
خانہ بدوش جسکا گھر در نہو۔
تہ نشان - ف - تلوار وغیرہ کے قبضہ پر جو
سونے یا چاندی کے تارون کا کوفت کا کام
بنا ہی مثل گل بوٹے کے۔
تہ نشین - ف - تہ پر بیٹھنے والا۔ تلچھٹ
تہنیت - ع - مبارکباد دینا۔ گوارا کرنا
تہ و بالا - ف - زیر و زبر نیچے اوپر۔
تہود - ع - نیک کام کرنا۔ توبہ کرنا۔ مذہب
یہود اختیار کرنا۔
تہور - ع - مردانگی۔ زیادتی۔ قوت غضبی کی
تہوع - ع - ڈاک لگنا۔ یعنی قے کی آواز ہو
اور مادہ کچھ نہ نکلے۔ ہندی اُبکائی۔
تہویل - ع - خوف دلانا۔ ڈرانا۔
تہی - ف - خالی جو بھرا ہوا نہو۔

تہی آخور - ف - وہ شخص جسپر کھانا پانی بند ہو
آب و دانہ کے قحط مین مبتلا ہو۔
تہیج - ع - آندھی اور غبار کا اُٹھنا۔
تہی کرد - ف - یعنی بھاگا۔
تہی کردن جاے - ف - مراد کوچ کرنا۔
تہی ماندن - ف - محروم رہنا۔
تہیدست - ف - خالی ہاتھ۔ مفلس۔
تہیگاہ - ف - چوتڑے اور پر اور پہلوے
نیچے جو مقام ہے۔ ہندی کُکھی۔ کوکھ۔
تہی مغز - ف - بیوقوف - جاہل -
تہیہ - ع - تیاری - سامان -

فصل تا مع یاے تحتانی

تی - ف - مخفف تہی بمعنی خالی کا۔
تی تی - ف - ولایت کے گوئیے ناچنے کے
وقت یہ الفاظ کہتے ہین جیسے ہند مین
ناچ کی تعلیم دیتے وقت ہاتھ سے تال دیتے ہین اور
زبان سے مثل تا تا تھی وغیرہ کے کہتے ہین -
تیار - ع - موجزن - جلد رفتار - کودنے
اور اُچھلنے والا - مجازاً بمعنی موجود اور مہیا کا
درست اور قابل کام کے اور ان مجازی
معنونمین تیار تاے فوقانی اور طیار طاے
حطی سے دونون طرح صحیح ہے -
تیتبا - ع - دفع کرنا - انتظار - عشوہ - ناز -
تیر - ف - کمان کا تیر - ستارۂ عطارد - نام
چوتھے مہینے سال شمسی کا جب آفتاب برج

سرطان مین ہوتا ہی ہندی مین تقریبًا ماہ
ساون اور اسکو (تیر ماہ) بھی کہتے ہین۔ ہر مہینے
شمسی کی تیرھوین تاریخ۔ سیدھی کڑی چھت
کی۔ طاقت۔ قدرت۔ غصہ۔
تیر آور۔ ف۔ مکار۔ حیلہ گر۔ قزمساق۔
تیر بکسے دادن۔ ف۔ بادشاہونکا قاعدہ
تھا کہ جب کسی کو امان دینا منظور رہتا تھا تو
اپنے نام کا کھدا ہوا خاص تیر اُسکو دیتے تھے
گویا یہ نشانی امان دینے کی تھی۔
تیر پرتاب۔ ف۔ ایک قسم کا تیر جو بہت
دور جائے اور تیز ہوائی۔
تیر تمام۔ ف۔ تیر کامل اور بے عیب۔
تیر تظلّم۔ ف۔ کنایہ مظلومونکی آہ سے۔
تیر چرخ۔ ف۔ ستارہ عطارد۔
تیر خدنگ۔ ف۔ مراد مضراب سے جس سے
ستار وغیرہ بجاتے ہین۔
تیر دان۔ ف۔ ترکش جسمین تیر رکھین۔
تیر دو کمانہ۔ ف۔ وہ تیر جو نشانہ پر
لگ کے اُچٹ کر دوسری جگہ کو توڑے۔
تیر دستی۔ ف۔ لاٹھی۔ عصا۔
تیر ساز۔ ف۔ ساز کی مضراب۔
تیر سبک زخمہ۔ ف۔ } وہ تیر جو کبھی
تیر شکر زخمہ۔ ف۔ } خطا نہ کرے
تیر کاکل رُبا۔ ف۔ وہ تیر جو کاکل کو
اُڑا دے اور صاحب کاکل کو ضرر نہ پہونچے

اور یہ کمال مبالغہ ہی تعریف تیر اندازی مین۔
تیر کش۔ ف۔ تیر دان اور ترکش اسکا
مخفف ہی اور وہ سوراخ جو دیوار قلعہ وغیرہ
مین ہوتے ہین جس سے توپ و بندوق
حریف کو مارتے ہین۔ ہندی رندہ۔ جھانکی۔
تیر کشیدن۔ ف۔ اصطلاحًا درد کرنا۔
تیر گ زدن۔ ف۔ اصطلاحًا زخم تیر سے
خون جاری ہونا۔
تیرگی۔ ف۔ تاریکی۔ سیاہی۔ دُھندھلا پن
اور بمعنی کدورت خاطر کے بھی آتا ہی۔
تیر گردانی۔ ف۔ جب کوئی چیز گم ہو جاتی ہی
تو حاضرین کے نام دور پیالہ پر لکھکر تیر اُسمین
رکھتے ہین اور افسون پڑھتے ہین تیر خود بخود
حرکت کرکے چور کے نام پر ٹھہر جاتا ہی۔
تیر گان۔ ف۔ مراد مظلومونسے۔
تیر ہوائی۔ ف۔ وہ تیر جو آسمان کیطرف
پھینکین اور ایک قسم آتشبازی کی۔
تیرہ۔ ف۔ تاریک۔ سیاہ رنگ۔ گندلا
خشمناک۔ غصہ والا۔
تیرہ روزی۔ ف۔ عیاری۔ مکاری
بدقسمتی۔ مفلسی۔
تیرہ روزگار۔ ف۔ بدنصیب۔ بدقسمت
تیز۔ ف۔ چالاک۔ دھار جو خوب
کاٹ کرے۔ یہ لفظ یاے مجہول سے ہی۔
تیز۔ ف۔ یاے معروف سے گوز۔ پاد۔

تیز دان۔ ف۔ یاے معروف سے مقعد۔
تیز ہوش۔ ف۔ عقلمند۔ دانا۔
تیس۔ ع۔ بکرا۔ آہوے نر۔
تیسّر۔ ع۔ آسان ہونا۔
تیسیر۔ ع۔ آسان کرنا۔ آسانی۔
تیش۔ ت۔ یاے مجہول سے دندان
اور لفظ تیشہ اسی سے ماخوذ ہی۔
تیشہ۔ ف۔ لکڑی تراشنے کا ہتھیار مراد
بڑھئی کے بسولے سے۔
تیشہ بر پا زدن۔ ف۔ مراد ہی معذوری
رفتار سے۔
تیغ۔ ف۔ مبدل تیز کا۔ جیسے آمیز اور آمیغ
تلوار۔ چھُری۔ خنجر۔ اور مراد پشت یعنی پیٹھ
اور روشنی ماہ یعنی چاندنی سے۔
تیغا۔ ف۔ خنجر۔ چھوٹی تلوار۔
تیغ بخاک کردن۔ ف۔ مراد ہی فساد
اور خونریزی کے ترک کرنے سے۔
تیغ دودمہ۔ ف۔ وہ تلوار جسکے دونون
طرف باڑھ یعنی دھار اور آبداری ہو۔
تیغدار۔ ف۔ مراد پہلوان سے۔
تیغ زنگار خوردہ۔ ف۔ مراد پُرانی تلوار سے
تیغ سوزن ربا۔ ف۔ } وہ تلوار جو اپنی
تیغ سوزن دار۔ ف۔ } کمال آبداری سے
سوئی کو اُٹھالے۔ مراد یہ کہ بڑی آبدار۔
تیغ شدن۔ ف۔ ردو بدو ہونا۔

تیغ کشیدن مینی - ف - کنایہ ہی مریض کی ناک کے گوشت خشک ہونے اور ہڈی کے ابھر آنے سے - اور یہ علامت بد ہی -

تیغ کوہ - ف - پہاڑ کی چوٹی -

تیغ مُہنّد - ف - ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار اسلیے کہ عرب اور عجم مین تیغ ہندی کا بڑا اعتبار ہوتا ہی -

تیغ و ترنج بمیان آوردن - ف - کنایہ ہی امتحان لینے سے - ماخذ اس اصطلاح کا تیغ و ترنج زلیخا کا ہی جو اُسنے حضرت یوسفؑ کے امتحان حُسن کیلیے زنان مصر کے ہاتھ مین دیا تھا -

تیغہ پُشت - ف - قطار مہرہاے پشت ریڑھ کی ہڈی کی گریان -

تیقُّظ - ع - بیدار ہونا - بیداری -

تیقُّن - ع - یقین کرنا - اعتبار کرنا -

تیقُیظ - ع - بیدار کرنا - اور بمعنی بیداری مستعمل ہوتا ہی -

تیم - ع - بندہ - غلام -

تیُم - ف - یاے معروف سے کاروانسرا اور کنایہ دنیا سے -

تیُماج - ت - بودار چمڑا جسکو ادیم اور بلغار بھی کہتے ہین -

تیمار - ف - غمخواری اور خدمت کرنا اور بیمار کا علاج کرنا -

تیمُّم - ع - بجاے پانیکے پاک مٹی سے ہاتھ اور منھ کا مسح کرنا بموجب قاعدۂ شرع کے -

تیمُّن - ع - بابرکت ہونا - مبارکبادی لینا - برکت لینا -

تیموُر - ت - بمعنی فولاد - اور نام ایک بادشاہ مشہور کا - اس لفظ مین یاے تحتانی اور واو غیر ملفوظ ہی اسطرح پڑھنا چاہیے (تمُر) اور چونکہ ترکی مین اعراب بالحروف ہوتے ہین لکھنا جائز ہی - مگر ہان نظم مین بضرورت وزن شعر اگر اشباع سے پڑھا جائے تو جائز ہی -

تیُن - ع - انجیر مشہور میوہ ہی -

تیُناب - ف - بروزن سیماب - سوتے مین جو خواب دیکھتے ہین - عربی رؤیا -

تیُول - ت - جاگیر - مدد معاش -

تیہ - ع - تکبُّر اور غرور کرنا - اور وہ بیابان جسمین چلنے والا ہلاک ہو - اور ہر طرف پریشان اور سرگردان پھرنا - اور اصطلاحًا وہ جنگل جسمین حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سمیت چالیس برس سرگردان رہے -

تیہ بنی اسرائیل - ع - وہ جنگل جسمین حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سمیت چالیس برس تک سرگردان رہے اور اُس سے نکل نہ سکے قوم مین بارہ سبط اور ہر سبط مین پچاس ہزار آدمی تھے -

تیہو - ف - ایک پرند مشہور کا نام ہی

تیہوج - ف - تیہوج معرب تیہو کا ہی

باب ثاے مثلثہ

فصل ثا مع الف

ثابت - ع - قائم - مضبوط -

ثاد - ع - نم - جاڑا - سرا -

ثار - ع - بدلہ خونکا لینا - طلب خون کرنا -

ثاقِب - ع - روشن - درخشان - اونٹنی جسکے دودھ بہت ہو -

ثالث - ع - تیسرا -

ثالث ثلاثہ - ع - قوم نصاریٰ کہ تین خدا کے قائل ہین - حق تعالیٰ - عیسیٰؑ - مریمؑ -

ثالثہ - ع - ساٹھوان حصہ دقیقہ کا یعنی لمحہ اور لحظہ - منٹ کا ساٹھوان حصہ -

ثآلیل - ع - بروزن مفاعیل جمع ہی ثولول کی جسکی ہندی مستہ ہی اور سر پستان یعنی گھٹنی

ثامن - ع - آٹھوان حصہ یعنی ($\frac{1}{8}$)

ثانی - ع - دوسرا -

ثانیہ - ع - دقیقہ - انگریزی سکنڈ - یعنی ساٹھوان حصہ گھنٹہ کا - منٹ -

ثانوِی - ع - دوسرے والا - دومی -

ثائر - ع - کینہ کا بدلہ لینے والا -

فصل ثا مع باے موحدہ

ثبات - ع - پائداری - قیام -

ثبت - ع - لکھنا - تحریر کرنا - قرار دینا - حجت اور بمعنی مرد معتمد - ثابت دل - سچا -

ثبوت -ع- ثابت ہونا-
ثبور -ع- کسیکو ہلاک کرنا- ہلاکت اور ہلاک ہونا- نیست ونابود ہونا-

فصل ثا- مع جیم

ثج -ع- پانی اور خونکا جاری ہونا- بہنا قربانی کے خونکا-
ثجاج -ع- جاری کرنیوالا- جاری ہونیوالا
ثجیج -ع- پانی اور خونکا بہنا-

فصل ثا- مع خاے معجمہ

ثخن -ع- دل- مٹاپا- حجم-
ثخین -ع- محکم- دلدار- موٹا- سخت-

فصل ثا- مع دال مہملہ

ثدی -ع- انسانکی چھاتی- چوچی- خواہ مرد ہو خواہ عورت- اور بہائم کی چھاتی کو ضرع کہتے ہین-

فصل ثا- مع راے مہملہ

ثراء -ع- مالدار ہونا- توانگری-
ثرب -ع- چربی کی ہلکی چادر جو معدہ اور آنتون پر محیط ہی-
ثرد -ع- روٹی کے ٹکڑے شوربے مین بھگونا منھ کی پھوہار پڑنا-
ثرط -ع- سریش-
ثروت -ع- کثرت مالکی- توانگری- نعمت-
ثری -ع- خاک- نمناک- زیر زمین-
ثریا -ع- پروین چھ ستارے ہین آسمان پر باہم متصل ہندی جھمکا- اور کبھی مراد دانتونسے بھی ہوتی ہی- نام ایک عورت کا جو بڑی حسینہ تھی-
ثرید -ع- روٹی کے ٹکڑے گوشت کے شوربے مین بھیگے ہوے-

فصل ثا- مع عین مہملہ

ثعالب -ع- جمع ثعلب کی جسکو ہندی مین لومڑی کہتے ہین-
ثعبان -ع- بڑا سانپ- اژدہا- جمع اسکی ثعابین آتی ہی-
ثعلب -ع- روباہ- لومڑی-
ثعلبان -ع- نر لومڑی- روباہ نر-
ثعلبیہ -ع- نام ایک مقام کا ہی-

فصل ثا- مع غین معجمہ

ثغر -ع- آگے کے دانت- سرحد ملک اسلام اور ملک کفار کے درمیان کی- جگہ خوف کی اور بمعنی دانت توڑنیکے بھی آیا ہی-
ثغرہ -ع- گھوڑے کے سینہ کے اوپر کا گڑھا آدمی کی گردن کے نیچے ہنسلی کا گڑھا- اونٹ کی گردن کا گڑھا جہان قربانی کے لیے نیزہ مارتے ہین- آدمی کے سینہ اور شکم کے درمیان کا گڑھا جسکو ہندی مین کوڑی کہتے ہین-
ثغور -ع- جمع ثغر بمعنی سرحد کے-

فصل ثا- مع فا

ثفر -ع- پاردم- ہندی دُمچی-
ثفل -ع- بھوسی- پاخانہ- پھوک-

فصل ثا- مع قاف

ثقات -ع- جمع ثقہ کی- معتمد لوگ-
ثقالت -ع- گرانی- بوجھ- بھاری پن-
ثقابہ -ع- آگ کا بھڑکنا-
ثقافہ -ع- عقلمند ہونا- استوار ہونا- چست ہونا
ثقال -ع- موٹی عورت- بڑے چوتڑ والی-
ثقبۂ عنبیہ -ع- ایک سوراخ ہی وسط مین طبقۂ عنبیہ کے درمیان آنکھ کے جسکو فارسی مین مردمک اور ہندی مین پتلی کہتے ہین روشنی اسی مین ہوکر آنکھ کے اندر جاتی ہی-
ثقبہ -ع- سوراخ- چھید-
ثقب -ع- جمع ثقبہ بمعنی سوراخ کی-
ثقت -ع- استواری- مضبوطی-
ثقل -ع- گرانی- بوجھ- زمین مین گڑا ہوا مال- مردہ- گناہ- جمع اسکی اثقال ہی-
ثقل -ع- بھاری ہونا- گرانبار ہونا-
ثقل -ع- مسافر کا مال اور نوکر چاکر ہر چیز نفیس جو رکھ چھوڑنے اور باحتیاط رکھنے کے قابل ہو جیسا کہ حدیث شریف مین ہی- انی تارک فیکم الثقلین- ثقلین ثقل کا تثنیہ ہی-
ثقلان -ع- / ثقلین -ع- دو گروہ انس اور جن کے-
ثقہ -ع- اعتقاد کرنا- استواری- مرد معتمد جسکے قول اور فعل پر اعتبار ہو-

ثقیل - ع - گران - بھاری - بوجھل

فصل ثا - مع کاف

ثکل - ع - مرنا - ہلاک ہونا - کسی کے دوستونکا کم ہوجانا - بغیر فرزند ہونا ماں کا -

ثکلی - ع - وہ عورت جسکا فرزند مرگیا ہو -

فصل ثا - مع لام

ثلاثا - ع - منگل کا دن - روز سہ شنبہ -

ثُلاث - ع - تین -

ثُلاث - ع - تین تین -

ثلاثہ غسالہ - ع - اصطلاح مین وہ تین پیالے شراب کے جو وقت صبح پیتے ہین اوراس سے غم اور بدنکی کثافت اور چہرہ کی تیرگی جاتی ہو

ثلاثی - ع - وہ صیغہ جسمین اصلی تین حرف ہون

ثلب - ع - بوڑھا اونٹ - مرد پیر -

ثلب - ع - عیب کرنا - نقصان کرنا -

ثلب - ع - چرک - میل -

ثلبہ - ع - بوڑھی اونٹنی -

ثلث - ع - تیسرا حصہ یعنی (⅓) اور بسکون لام بھی آیا ہو - اور نام ایک خط کا -

ثلثان - ع - تین حصونمین سے دو حصے -

ثلثون - ع - تیس (۳۰)

ثلج - ع - برف -

ثلع - ع - } کسی کا سر توڑنا -
ثلغ - ع -

ثلم - ع - سوراخ کرنا -

ثلہ - ع - آدمیونکا غول -

فصل ثا - مع میم

ثُم - ع - بس - پھر -

ثَمّ - ع - آنجا - اُسجگہ -

ثمار - ع - جمع ثمر بمعنی میوہ کی -

ثمال - ع - مرد کارگزار - آدمیونکا فریادرس

ثمال - ع - زہر ہلاک کرنیوالا -

ثمان - ع - آٹھ یعنی (۸) ملے ر

ثمانین - ع - اسی یعنی (۸۰) لسہ ر

ثمد - ع - تھوڑا پانی -

ثمر - ع - پھل درخت کا - میوہ - مال - زر فرزند - سونا - چاندی - نتیجہ -

ثمر - ع - مال بسیار -

ثمرات - ع - جمع ثمرہ بمعنی میوہ کی -

ثمرہ - ع - نتیجہ - پھل - انجام - میوہ -

ثمن - ع - قیمت - مول - قدر -

ثمن - ع - آٹھوان حصہ یعنی (⅛) -

ثمود - ع - نام ایک شخص کا نسل نوح علیہ السلام سے چوتھی پشت - اور نام ایک قبیلہ کا جنکے لوگونپر حق تعالی نے حضرت صالح کو بھیجا تھا اور یہ نبی ثمود کہلاتے تھے منسوب طرف ثمود کے ان لوگون نے حضرت صالح کی اونٹنی کے پانون کاٹ ڈلے اوراس سببسے غارت ہوگئے -

ثمیر - ع - میوہ دار -

ثمین - ع - قیمتی - گرانبہا -

ثمینہ - ع - چیز گران قیمت - بیش بہا -

فصل ثا - مع نون

ثنی - ع - گاؤ اور گوسفند جسکو تیسرا برس اور گھوڑا جسکو چوتھا برس اور اونٹ جسکو چھٹا برس ابھی ابھی شروع ہوا ہو -

ثنا - ع - تعریف - مدح - ستایش -

ثناء - ع - مکان کا صحن - وہ رسّی جس سے اونٹ کے زانو باندھین -

ثنایا - ع - چار دانت سامنے کے دو اوپر اور دو نیچے - اور بضم اول پڑھنا خطا ہو

ثنائی - ع - لفظ دو حرفی - اور دندان ثنائی دو دانت آگے کے -

فصل ثا - مع واو

ثواب - ع - مزد - بدلا - نیک - عوض - مگر امور خیر اور اچھی باتونکا جو آخرت مین ملیگا -

ثوّاب - ع - بروزن صرّاف - لباس بیچنے والا اور لباس رکھنے والا -

ثوابت - ع - وہ ستارے جو حرکت نہین کرتے -

ثواقب - ع - روشنی دینے والی چیزین -

ثوب - ع - کپڑا - جامہ - لباس -

ثوبا - ع - خمیازہ - جماہی -

ثوبان - ع - واپس آنا - اور نام ہو غلام جناب رسول مقبول صلعم کا -

ثور - ع - بیل - نرگاؤ - نام دوسرے برج کا آسمان پر جو بشکل بیل ہو - نام پدر قبیلہ کا

سفیان ثوری منسوب طرف اسی قبیلہ کے
نام ایک پہاڑ کا کہ مکہ معظمہ مین۔ اور معنی پسپوا ہوئے قوم
کائی جو پانی پر جمجاتی ہی جسکو فارسی مین جامہ
غوک کہتے ہین سفیدی جو ناخن کی جڑ مین ہوجاتی
ہی مرد احمق۔ نادان آدمی۔ گرد و غبار کا
اٹھنا خصیہ کا بڑھ جانا۔ ٹڈی کا اچھلنا خون کا نکلنا

ثوران ۔ع۔ گرد و غبار کا اٹھنا۔ خون کا جوش مارنا
فتنہ و فساد کا ہونا۔

ثؤلول ۔ع۔ سرپستان۔ ہندی بھٹنی اور
بمعنی مسہ۔ جمع اسکی ثآلیل بر وزن مفاعیل ہی

ثوم ۔ع۔ سیر۔ ہندی لہسن۔

فصل ثا مع یاے تحتانی

ثیاب ۔ع۔ پہننے کے کپڑے جمع ثوب کی۔

ثیّبہ ۔ع۔ وہ عورت جو کنواری نہو خواہ اسکا
شوہر زندہ ہو خواہ مردہ۔

ثیّبات ۔ع۔ زنان شوہر دیدہ۔ جمع ثیّبہ کی

باب جیم عربی

فصل جیم۔ مع الف

جا ۔ف۔ جگہ۔

جابجا ۔ف۔ جگہ جگہ۔ ہر ایک جگہ۔

جابر ۔ع۔ جبر کرنیوالا۔ زیادتی کرنیوالا بھری ہوئی
جوڑ بٹھانیوالا۔ شکستہ بند۔

جابلسا ۔ع۔ بہت بڑا شہر ہی سرحد مغرب مین

جابلقا ۔ع۔ بہت بڑا شہر ہی سرحد مشرق مین

جاثمین ۔ع۔ اوندھے پڑے ہوے لوگ
مرے ہوے لوگ۔ بیحس و حرکت والے۔

جاثوم ۔ع۔ کابوس ایک عارضہ کا نام ہی
جس سے آدمی سوتے مین ڈرتا ہی۔

جاجم ۔ت۔ ایک قسم ہی فرش رنگین کی۔

جاحد ۔ع۔ باوجود جاننے کے انکار کرنیوالا۔

جاحظ ۔ع۔ وہ شخص جسکی آنکھ کا ڈھیلا باہر نکل آیا
ہو۔ اور نام ایک عالم مشہور کا۔

جاداد ۔ف۔ مراد مالیت اسباب مکان سے

جادادن ۔ف۔ جگہ دینا۔

جادل ۔ع۔ لڑنیوالا۔ بیدلیل بحث کرنیوالا

جادو ۔ف۔ منتر۔ سحر۔ اور اسکے معنی جادوگر
کے بھی آتے ہین۔

جادوکشان ۔ف۔ جادوگرونکے قتل کرنیوالے

جادوگر ۔ف۔ جادو کرنیوالا۔ ساحر۔

جادوی ۔ف۔ سحر۔ ساحری۔

جادّہ ۔ع۔ راہ راست اور راہ باریک جو صحرا
مین پیدل مسافرونکی آمد و رفت سے بنجاتی
ہی۔ ہندی پگڈنڈی۔ مگر فارسی مین یہ لفظ بے
تخفیف دال مستعمل ہی یعنی (جادہ)

جاذب ۔ع۔ کشش کرنیوالا۔ جذب کرنیوالا

جاذبہ ۔ع۔ جذب کرنیوالی۔ یہ ایک قوت کا
نام ہی جو انسان کے جسم مین ہی اور بمعنے
تاثیر اور کشش محبت کے بھی مستعمل ہی۔

جار ۔ع۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔ شریک تجارت مین
پناہ مانگنے والا۔ پناہ دیا گیا۔ شوہر زن

جار ۔ت۔ جمعیت۔ ڈھنڈھورے کی آواز

جارچی ۔ت۔ نقیب۔ ڈھنڈھوریا۔

جارزدن ۔ت۔ ڈھنڈھورا پیٹنا۔

جارحہ ۔ع۔ زخم کرنیوالا۔ جانور شکاری ہاتھ
اور دوسرا عضو آدمی کا۔ جوارح جمع ہی۔

جاروب ۔ف۔ جھاڑو۔ سوہنی۔

جاری ۔ع۔ روان۔ بہتا ہوا۔

جاری مجری ۔ع۔ قائم مقام۔

جاریہ ۔ع۔ کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی۔ بیٹی
جاری ہونیوالی۔ نعمت جو خدا کی طرف سے
ملے۔ جواری اسکی جمع آتی ہی۔

جازم ۔ع۔ قصد مضبوط کرنیوالا۔ ساکن
کرنیوالا حرف متحرک کو۔ قطع کرنیوالا۔

جاسوس ۔ع۔ جو شخص ایک ملک کی خبر پوشیدہ
دوسرے ملک مین بھیجے یا لائے۔ جستجو کرنیوالا
احوال کا۔ جواسیس اسکی جمع ہی

جاعل ۔ع۔ پھیرنیوالا۔ ظاہر کرنے والا
پیدا کرنیوالا۔ بنانیوالا۔

جاغر ۔ت۔ مرغونکا چینہ دان یعنی پوٹہ
جسکو عربی مین حوصلہ کہتے ہین۔

جاف ۔ع۔ خشک۔

جافی ۔ع۔ ظلم کرنیوالا۔ جفا کرنیوالا۔

جاگرم کردن ۔ف۔ کسی جگہ دیر تک بیٹھنا

جاگیر ۔ف۔ قطعہ زمین جو سرکار سے ملے۔

جاگیردار - ف - جسکو جاگیر ملی ہو -
جالب - ع - اپنی طرف کسی چیز کا کھینچ لینے والا
جالس - ع - بیٹھنے والا - بٹھانیوالا -
جالوت - ع - نام بادشاہ کا ذکر جسکو طالوت کے ہمراہی داؤد علیہ السلام قتل کیا تھا -
جالہ - ف - برزن لالہ - دریا سے پار ہونیکا آلہ جو چند لکڑیان باندھکر بطور کشتی کے بنا لیتے ہین اور چند مشک کو پھونک کر اُسکے نیچے باندھکر اُسپر بیٹھ لیتے ہین -
جالینوس - مب - ایک مشہور یونانی حکیم کا نام
جالی - ع - جلا کرنیوالا - صاف کرنے والا کدورت کا روشن کرنیوالا -
جام - ف - پیالہ شراب پینے کا - نام شہر کا خراسان مین جو مولد عبدالرحمن جامی کا ہے اور کبھی مراد آسمان سے بھی ہوتی ہے -
جام جہان نما - ف - } کیخسرو نے ایک بڑا
جام جہان بین - ف - } جام بنایا تھا اور
اُسمین ہندسہ اور خطوط ایسے کندہ کیے تھے جس سے حوادث روزگار اور احوال عالم کے خیر و شر کا معلوم ہو جاتا تھا جسطرح اصطرلاب کے خطوط اور رقوم سے ستارون کا حال معلوم ہوتا ہے -
جام جم - ف - مناسبت جام کی جمشید کی طرف اسوجہ سے ہے کہ اُسی نے پہلے پہل جام بنوایا تھا
جام سحر - ف - آفتاب -
جام سفالینہ - ف - مراد آدمی کے جسم سے

جام عالی - ف - پیالہ بہت بڑا - کاسہ -
جام فرعونی - ف - فرعون نے ایک جام سونیکا اتنا بڑا بنوایا تھا جسکو چار آدمی اُٹھاکر مجلس مین دورہ دیتے تھے -
جام کیخسرو - ف - جام جہان نما -
جام گیتی نما - ف - جام جہان نما - اور یوسف زلیخا مین ایک مقام پر مراد دل سے -
جام یافت - ف - یعنی مراد پائی -
جامح - ع - سرکشی کرنیوالا -
جامد - ع - مثل پتھر کے جما ہوا - اور وہ لفظ جس سے کوئی مشتق نہو اور نہ وہ کسی سے مشتق ہو
جامع - ع - جمع کرنیوالا - شامل - اور وہ مسجد جسمین نماز جمعہ پڑھین -
جامعیت - ع - سب طرح کی خوبیان جمع کرنیوالا ہونا - جامع ہونا -
جامول - ف - حرامزادہ - شریر - خراب آدمی -
جامگی - ف - روزینہ - وظیفہ - جامۂ کہنہ - تلچھٹ جو شراب پینے کے بعد پیالے مین باقی رہے اور بمعنی خوراک جو نوکر یا غلام کو دین -
جاموس - مب - بھینسا - ارنہ -
جامہ - ف - پہننے کے کپڑے - بچھانیکا فرش صراحی - پیالہ شراب کا یعنی جام کا مزید علیہ -
جامہ در خم نیل کردن - ف - مرادف ہے تعزیت کرنے اور ماتمداری سے -
جامۂ سرخ پوشیدن - ف - قہر و غضب مین آنا

جامۂ صورت - ف - وہ کپڑا جسپر تصویرین ہون
جامۂ غوک - ف - کائی جو پانی پر ہوتی ہے
جامۂ فتح - ف - وہ کپڑا جو بروز جنگ کے نیچے پہنتے ہین اور اُس کپڑے پر دعائین اور آیتین مثل انا فتحنا وغیرہ کے لکھی ہوتی ہین -
جامہ کن - ف - حمام کا بیرونی درجہ جہان کپڑے اُتارتے ہین اور اسکو جامہ خانۂ حمام بھی کہتے ہین
جامہ گذاشتن - ف - کسی بادشاہ یا ولی یا کسی بزرگ کا مرنا -
جامۂ گلدوز - ف - لباس کارچوبی و گلکاری
جان - ف - روح - طاقت - جان -
جانّ - ع - نون کے تشدید سے نام ابو الجن کا جو جنون اور پریون کا باپ ہے - اور کبھی یہ لفظ بمعنی مطلق جن کے آتا ہے مگر مجازاً -
جان آزاری - ف - دُکھ دینا -
جانان - ف - جان - معشوق - پیارا - الف اور نون اسمین زائد ہے جیسے جاویدان مین -
جانانہ - ف - کنایہ معشوق سے -
جان آہن - ف - بیرحم - سخت جان دلاور
جانب - ع - طرف -
جانباز - ف - بڑا محنتی - جان پر کھیل جانیوالا -
جان بردن - ف - زندگانی کرنا -
جان بلب - ف - جو مرتا ہو اور اُسکی جان لبون پر آگئی ہو - قریب مرگ -
جانبین - ع - دونون طرف - طرفین -

جانِ بر یان۔ ف۔ کنایہ شراب انگوری سے

جانِ جان۔ ف۔ اشارہ طرف ذات حقتعالی کے اور کنایہ روح اعظم سے اور مراد آگ سے اور ایک قسم کی روٹی چندرتہ کی ہندی پرا ٹھا

جان درمیان داشتن۔ ف۔ کنایہ نہایت الفت اور محبت سے۔

جانِ دارو۔ ف۔ تریاق۔ نوشدارو۔

جاندار۔ ف۔ } سلاحدار۔ ہتھیار بند اور بمعنی دوست و مددگار کے بھی آیا ہے۔
جانہ دار۔ ف۔ }

جانشین۔ ف۔ قائم مقام۔ وہ شخص جو کسی کی جگہ پر بیٹھے۔

جانفشانی۔ ف۔ محنت۔ سعی۔

جانفرسا۔ ف۔ کاہیدہ جان۔

جانفزا۔ ف۔ آب حیات۔

جان کندن۔ ف۔ جان اکھڑنا موت کے وقت۔ اور کنایہ ہے بڑی محنت کرنے سے۔

جانکاہ۔ ف۔ جان کا گھٹانیوالا۔

جانگزا۔ ف۔ جان پر خطرہ پہونچانیوالا۔

جان من و جان شما۔ ف۔ یہ مقام قسم مین کہتے ہین یعنی تمکو قسم ہے میری جانکی اور مجکو قسم ہے تمھاری جان کی اور بمقام محبت اور اتحاد مین بھی کہتے ہین یعنی میری جان اور تمھاری جان ایک ہے۔ یا یہ معنی ہین کہ میری جان تمھاری جان پر فدا ہو۔

جان نواز۔ ف۔ جانکا نوازش کرنیوالا۔

جانور۔ ف۔ جو صاحب جان یعنی زندہ ہو مجازاً وحش و طیور سوائے انسان کے۔

جان و ہوش بودن۔ ف۔ کنایہ ہے کمال محبت اور اتحاد سے۔

جانی۔ ف۔ منسوب طرف جان کے جو بمعنی روح اور زندگی کے ہے۔ دوست پیارا

جانی۔ ع۔ گنہگار۔ تقصیردار۔

جاوِدان۔ ف۔ ہمیشہ۔

جاودانی۔ ف۔ ہمیشگی۔

جاورس۔ س۔ چینہ ایک قسم کا غلہ ہے

جاوِید۔ ف۔ } ہمیشہ دائم۔ برقرار
جاوِیدان۔ ف۔ }

جاہ۔ ع۔ رتبہ۔ قدر۔ مرتبہ۔ عزّت۔

جاہل۔ ع۔ ان پڑھا۔ بیعلم۔

جاہلیّت۔ ع۔ وہ زمانہ جو مسلمانون سے پہلے تھا جبکہ لوگ بت پرستی کرتے تھے اور بمعنی جاہل ہونیکے بھی آتا ہے۔

جاے۔ ف۔ جگہ۔ مقام۔

جاے انگشت نہادن۔ ف۔ جگہ عیب اور خطا اور لغزش کی پکڑنا۔

جاے تخلیہ۔ ف۔ مقام سونے اور آرام کا

جاے جو۔ ف۔ بمعنی آتشدان۔

جائداد۔ ف۔ اسباب۔ مال۔

جائر۔ ع۔ جور کرنیوالا ستمگار۔ راہ حق چھوڑکر جو راہ باطل پر ہو جائے۔

جائز۔ ع۔ درست۔ مطابق شرع۔

جائزہ۔ ع۔ انعام۔ صلہ۔ نیک بدلہ۔ اور اہل دفتر کی اصطلاح مین علامت تصحیح کی جو بعد مقابلہ کے بناتے ہین۔

جائع۔ ع۔ بھوکا۔ گرسنہ۔

جاے فلان پیداست۔ ف۔ }
جاے فلان خالی است۔ ف۔ } جب کسی غیر حاضر شخص کو یاد کرتے ہین تو یہ الفاظ کہتے ہین۔
جاے فلان سبز است۔ ف۔ }

جائگاہ۔ ف۔ مقام۔ جگہ۔

جائی۔ ف۔ نام پھول کا جسکو جاہی جوہی کہتے ہین۔ اور یہ لفظ یاے معروف سے ہے۔

فصل جیم۔ مع باے موحدہ

جُب۔ ع۔ چاہ۔ کنوان۔

جَبا۔ ع۔ خراج باج اور اصطلاح مین اپنا پیالہ شراب یا قہوہ کا دوسرے کو تواضع کرنا۔

جُبات۔ ع۔ جمع جابی کی۔ مال جمع کرنیوالے بخیل لوگ۔ جمع کرنیوالے مال خراج کے۔

جَبّار۔ ع۔ جبر کرنیوالا۔ بھرنیوالا۔ ظلم کرنیوالا غرور کرنیوالا۔ مراد گردن کش اور ایک نام خدا کے نامون مین سے معنی اس کے توڑنیوالا۔ کامون کا اور اس معنی کرکے یہ اسم جلالی ہے اور ٹوٹے ہوے کو جوڑنیوالا اور اس معنی کرکے یہ اسم جمالی ہے۔

جبّاری ۔ع۔ تکبّر۔ شان۔
جبال ۔ع۔ جمع جبل بمعنی پہاڑ کی۔
جبال راسیات ۔ع۔ بلند اور مضبوط پہاڑ یہ دونون لفظ جمع کے صیغہ ہین۔
جبا کردن ۔ف۔ اپنا پیالہ شراب یا قہوہ کا دوسرے کو تواضع کے طور پر دینا۔
جبان ۔ع۔ نامرد۔ بد دل۔ بزدل۔
جبانت ۔ع۔ نامردی۔ بد دلی۔
جبان ۔ع۔ / جبانہ ۔ع۔ } صحرا۔ بیابان۔ جنگل۔
جباہ ۔ع۔ جمع جبہہ کی۔ پیشانیان۔
جبایت ۔ع۔ مال جمع کرنا۔ خراج جمع کرنا۔
جبایر ۔ع۔ جمع جبیرہ کی اور وہ چھوٹی کھپاچین ہوتی ہین جو ٹوٹے ہوے عضو پر باندھتے ہین۔
جبابرہ ۔ع۔ جمع جبّار کی۔ گردنکش لوگ
جبت ۔ع۔ بت۔ کاہن۔ نجومی۔ جادو جادوگر۔ اور جو چیز کہ سواے خدا کے پوجی جاے۔
جبجبہ ۔ع۔ شکنبہ یعنی معدہ۔
جبر ۔ع۔ بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ پٹی۔ ٹوٹے ہوے کو باندھنا۔ اچھا کرنا کسی کے حال کا کسی کو زبردستی کسی کام پر مقرر کرنا۔
جبراً ۔ع۔ ازروے بے اختیاری۔
جبروت ۔ع۔ عظمت۔ بزرگی۔ تکبر اور اصطلاح مین بزرگی اور جلال خدا کا اور قدرت
جبر و مقابلہ ۔ع۔ ایک علم کا نام ہے فنون حساب مین سے جس سے مقادیر مجہولہ کو بوسیلہ مقادیر معلومہ کے کمی بیشی کرکے معلوم کرتے ہین اسلیے کہ اس علم کی اصطلاح مین جبر بمعنی زیادہ کرنیکے ہے اور مقابلہ بمعنی کم کرنے کے۔
جبریہ ۔ع۔ فتحہ (یا) کا بمناسبت لفظ قدریہ کے ہے۔ وہ لوگ جو کہتے ہین کہ بندہ کو اپنے کام مین اختیار نہین ہے۔
جبرئیل ۔ع۔ / جبرئیل ۔ع۔ / جبرائیل ۔ع۔ } نام فرشتہ مقرب و مشہور کا۔
جبل ۔ع۔ کوہ۔ پہاڑ۔
جبل الرحمۃ ۔ع۔ ایک پہاڑ کا نام عرفات مین
جبلت ۔ع۔ پیدایش۔ خلقت۔ طبیعت۔
جبلہ ۔ع۔ اونٹ کا کوہان۔
جبلّی ۔ع۔ طبعی۔ ذاتی۔ پیدائشی۔
جبلی ۔ع۔ پہاڑی۔ پہاڑ کا۔
جبن ۔ع۔ پنیر اور سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے ہین۔ اور بمعنی نامردی۔ بد دلی۔ بد دل ہونا۔
جبہہ ۔ع۔ پیشانی۔ ماتھا۔ دسوین منزل چاند کی منزلون سے اور وہ چار ستارے ہین برج اسد کی پیشانی پر۔
جبّہ ۔ع۔ فقیرونکا لباس۔
جبۂ درویش ۔ف۔ کنایہ ہے جاڑے کے آفتاب۔ ابر۔ رات سے۔
جبیرہ ۔ع۔ کھپاچین جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر واسطے درستی کے باندھین۔ اور کنگن۔
جبین ۔ع۔ پیشانی۔ ماتھا۔
جبین گرفتہ ۔ف۔ ترشرو آدمی۔

فصل جیم۔ مع ثاے مثلثہ

جث ۔ع۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
جثام ۔ع۔ کابوس۔ سوتے مین ڈرنا۔
جثم ۔ع۔ آدھی رات کا گذرنا۔ کھیت کے درختونکا زمین سے بلند ہونا۔
جثمان ۔ع۔ تن۔ جسم۔ بدن۔
جثو ۔ع۔ زانو کے بل بیٹھنا۔
جثوم ۔ع۔ آدھی رات کا گذرنا۔ کھیت کے درختونکا زمین سے بلند ہونا۔
جثہ ۔ع۔ بدن۔ تن۔ جسم۔
جثی ۔ع۔ دوزانو بیٹھنا۔ پانون کی انگلیونکے بل کھڑا ہونا۔

فصل جیم۔ مع حاے مہملہ

جحد ۔ع۔ جان بوجھکر انکار کرنا۔
جحش ۔ع۔ گدھے کا بچہ۔ گھوڑے کا بچہ اور بمعنی جفا اور سختی و غضب۔ اور نام ایک صحابی کا
جحمرش ۔ع۔ عورت بہت بڑھیا۔ بدشکل عورت جحامر اسکی جمع ہے
جحود ۔ع۔ دیدہ و دانستہ انکار کرنا۔
جحی ۔ع۔ مخفف جوحی کا جو نام ایک مسخرہ کا ہے
جحیش ۔ع۔ مرد خودراے۔ اور متکبر۔

جحیم۔ع۔ وہ آگ جو گڑھے مین روشن کیجائے
وہ آگ جو بہت تیز ہو اور جسکا شعلہ بہت
بلند جائے۔ اور نام چھٹے دوزخ کا۔

فصل جیم۔ مع دال مہملہ

جَد۔ع۔ بخت۔ توانگری۔ نصیب۔ بزرگی
بے نیازی۔ دریا کا کنارہ۔ کپڑیکا قطع کرنا۔
تمام ہونا۔ دادا۔ نانا۔
جِد۔ع۔ کسی کام مین کوشش کرنا۔ دُرستی
جُد۔ع۔ وہ کنوان جو کھیت مین ہو۔
جِدّاً۔ع۔ ازروے سعی کے۔ ازروے کوشش کے
جِدار۔ع۔ دیوار۔
جِدال۔ع۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ لڑائی جنگ
جَداول۔ع۔ جمع جدول بمعنی لکیر اور نہر کی۔
جُدائی۔ف۔ دُوری۔ جدا ہونا۔ تفرقہ۔
جَدب۔ع۔ تنگسالی۔ عیب کرنا۔
جِدّت۔ع۔ نیا ہونا۔ تازگی۔ نیاپن۔
جَدَث۔ع۔ گور۔ قبر۔ اَجداث جمع ہی۔
جَدَد۔ع۔ زمین ہموار۔
جُدَد۔ع۔ جمع جدّہ۔ بمعنی راہ کی۔
جَدُر۔ع۔ دیوار۔
جُدُر۔ع۔ جمع جدار بمعنی دیوار کی۔
جَدَر۔ع۔ آبلے پڑنے کے نشان۔
جُدران۔ع۔ جمع جُدر بمعنی دیوار کی۔
جُدَری۔ع۔ چیچک۔ سیتلا۔
جَدع۔ع۔ ناک کان ہاتھ کاٹنا۔
قید خانے مین بند کرنا۔ قید کرنا۔
جَدل۔ع۔ لڑائی جنگ۔
جَدوَل۔ع۔ پانی کی نہر۔ کھائی۔ مجازاً
سُرخ لکیرین گرد کسی ورق کے۔
جَدوار۔ع۔ ایک جڑ ہی مخروطی شکل سیاہ
رنگ دوا مین مستعمل ہی۔ ہندی نربسی۔
جَدّہ۔ع۔ دادی۔ نانی۔
جِدّہ۔ع۔ ایک شہر مشہور کا نام ہی دریاے
مکہ کے کنارے پر کُتّے کے گلے کا پٹہ۔
جَدی۔ع۔ بکرا۔ بُزغالہ۔ نام ایک برج کا
آسمان پر۔ نام ستارے کا جو قریب قطب
شمال کے ہی۔ عرف مین اسی ستارے کو
قطب کہتے ہین۔
جَدید۔ع۔ نیا۔ نو۔ نام ایک بحر کا انیس ۱۹
بحرون شعر سے کہ یہ نئی پیدا کی گئی ہی۔
جَدیدان۔ع۔ کنایہ ہی دن اور رات سے
جَدیر۔ع۔ لائق۔ موافق۔ سزاوار۔

فصل جیم۔ مع ذال معجمہ

جُذاذ۔ع۔ ہر چیز کا ریزہ اور ٹکڑا۔
جُذام۔ع۔ کوڑھ۔ خون کے بگڑنے کی بیماری
جس سے بدن گل جاتا ہی۔
جَذب۔ع۔ کھینچنا۔ کشش کرنا۔
جَذبہ۔ع۔ ایکبار کھینچنا۔ دل کا جوش۔
جَذر۔ع۔ اصل ہر چیز کی۔ جڑ سے اکھیڑنا
علم حساب مین جس عدد کو فی نفسہ ضرب
کرین اُس کو جذر اور جو اُس سے حاصل ہو
اُس کو مجذور کہتے ہین۔
جُذرہ۔ع۔ آگ کا پتنگا جو اُڑ جاتا ہی۔
جِذع۔ع۔ درخت کا تنہ۔ درخت کی شاخ
جَذَع۔ع۔ بیل اور گھوڑا جو تیسرے برس
مین ہو اور اونٹ جو پانچوین برس مین ہو
اور بکری اور بکرا جو دوسرے برس مین ہو۔
جَذلان۔ع۔ شادان۔ خوش و خُرّم۔
جِذم۔ع۔ ہر چیز کی جڑ۔ عمارت کی نیو۔
جُذُوع۔ع۔ جمع جذع کی۔ درخت کی
شاخین اور درخت کے تنے۔
جَذوَہ۔ع۔ آگ کی چنگاری۔

فصل جیم۔ مع راے مہملہ

جَرّ۔ع۔ کھینچنا۔ گناہ کرنا۔ کسی کلمہ کو زیر دینا
حرکت زیر کی۔ پہاڑ کا دامن۔ اور کوڑیان
ٹھیکریان۔ مٹی کے ٹکڑے۔ کشش۔
جَر۔ف۔ شگاف زمین۔ مجازاً بمعنی نقب
یعنی سرنگ اور سلامت کوچہ۔
جُر۔ف۔ گھوڑیکا زین۔
جِراب۔ع۔ چمڑے کی تھیلی۔ توشہ دان
بیل کی کھال۔ ادھوڑی۔ مجازاً پانو کا موزہ
جَراب۔ع۔ خالی کشتی۔
جُرأت۔ع۔ دلاوری۔ چالاکی۔ جوانمردی
جَرّاح۔ع۔ زخم دینے والا۔ جراح جو مشہور ہی
جِراحت۔ع۔ زخم۔ گھاؤ۔ بفتح جیم غلط ہی۔

جَراد۔ ع۔ ملخ۔ ٹڈی
جَرّارہ۔ ع۔ لشکر گران۔ بڑی فوج۔ اور ایک قسم ہی بچھو کی کہ زمین پر دُم کو گھسیٹ کے چلتا ہی اور یہ بچھو جسکو ڈنک مارتا ہی اُسکے ہر بُن مو سے خون جاری ہو جاتا ہی۔
جَرّار۔ ع۔ اپنی طرف کھینچنے والا۔ اور لشکر بہت انبوہ دار۔
جُراز۔ ع۔ تلوار بہت تیز۔
جرائِد۔ ع۔ جمع جریدہ بمعنی دفتر کی۔
جَرائِم۔ ع۔ جمع جریمہ بمعنی گناہ اور خطا کی۔
جَرَب۔ ع۔ کھجلی اور خارش کا مرض یعنی [illegible]ی جسمین سے کچھ مواد نکلے۔
جُرَب۔ ف۔ دُرّاج۔ تیتر۔ پرندہ مشہور ہی۔
جَرِّ ثقیل۔ ع۔ نام ایک علم کا جسمین بھاری چیزونکے کھینچنے کے قاعدے مندرج ہوتے ہین۔
جِرجیس۔ ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جنکو اُنکی اُمت کے لوگ انواع عذاب سے ہر مرتبہ قتل کرتے تھے اور ہر مرتبہ وہ خدا کے حکم سے زندہ ہو کر اپنی امت کو راہ حق کی ہدایت فرماتے تھے۔
جُرح۔ ع۔ زخم۔ گھاؤ۔
جَردہ۔ ف۔ سیاہ رنگ۔
جُرز۔ ع۔ بنجر زمین جسمین گھاس بھی نہوتی ہو۔
جَرَس۔ ف۔ گھنٹہ کی آواز۔ گھڑیال۔
جُرعہ۔ ع۔ ایک گھونٹ۔ وہ مقدار پانی وغیرہ کی جو یکبارگی ایکدم مین پی لیجاوے۔

جُرُف۔ ع۔ وہ گڑھا جسمین پانی جمع ہو رہے فارسی مین اسکو آبگیر کہتے ہین۔
جَرگ۔ ت۔ کشتی گیرونکا حلقہ۔
جَرگہ۔ ت۔ انبوہ آدمیونکا۔
جِرم۔ ع۔ تن۔ جسم۔ دھڑ۔
جَرَم۔ ع۔ گزیر۔ چارہ۔ علاج۔ لاجرم بمعنی ناگزیر۔ ناچار۔ لاعلاج۔
جَرم۔ ع۔ کسب کرنا۔ لینا۔ سزاوار ہونا گناہ کرنا۔ جلتی زمین۔ اور معرب گرم کا۔
جُرم۔ ع۔ گناہ۔ خطا۔ قصور۔
جُرموز۔ ع۔ چھوٹا حوض۔ چھوٹا مکان چھوٹا کنوان۔ آدمی کے اعضا۔
جَرمہ۔ ف۔ گھوڑا سفید رنگ کا نقرہ۔
جُرُنغار۔ بُرُنغار۔ ت۔ جُرنغار وہ فوج جو وقت لڑائی کے بائین جانب بادشاہ کے ہو اور بُرُنغار وہ فوج جو بروز جنگ داہنی طرف بادشاہ کے رہے۔
جُرّہ۔ ف۔ دلیر۔ شجاع گھوڑا سواری کا۔ ترکی مین ہر پرندہ جو نر ہو اور خصوصًا نام باز کے نر کا اگرچہ جُرّہ بہ نسبت باز کے کم طاقت اور چھوٹا اور کم شکار ہوتا ہی مگر یہ باز کا نر ہی اور باز اسکی مادہ ہی۔
جِرّہ۔ ع۔ نشخوار یعنی وہ گھاس وغیرہ جو اکثر چوپائے بعد کھا چکنے کے پھر معدہ سے حلق مین نکال لاتے ہین اور پھر چبا کر

اُسکو نگل لیتے ہین۔ ہندی جگالی۔
جَرِی۔ ع۔ دلیر۔ دلاور۔ دل چلا آدمی۔
جرَیان۔ ع۔ روان ہونا پانی وغیرہ کا۔ اور فارسی مین رائے مہملہ کے سکون سے بھی مستعمل ہی۔
جریب۔ مب۔ ایک آکہ زمین کی پیمایش کا یہ گریک کا معرب ہی۔
جَرِیح۔ ع۔ زخمی۔ گھائل۔
جَرِید۔ ع۔ قاصد۔ جاسوس۔ نامہ بر۔
جَرِیدہ۔ ع۔ تنہا۔ اکیلا۔ درخت کی شاخ بغیر پتونکی۔ لکھنے والونکا دفتر۔
جَرِیش۔ ع۔ بلغور۔ ہندی۔ دلیا۔
جَرِیم۔ ع۔ جڑ سے کاٹا ہوا۔ بنیاد سے نکالا ہوا۔
جُرمانہ۔ ع۔ وہ روپیہ جو گنہگار سے لین اور جریانہ جو مشہور ہو گیا ہی غلط ہی۔
جَرِیمہ۔ ع۔ گناہ۔ خطا۔ جُرم۔
جُرِین۔ ع۔ وہ جگہ جہان خرمونکو خشک کرین۔

فصل جیم۔ مع زائے معجمہ

جُز۔ ف۔ سوائے۔ بدون۔
جَزا۔ ع۔ بدلا۔ عوض۔
جَزالَت۔ ع۔ محکمی۔ استواری۔ خوبی اور بزرگی۔ اور تمام ہونا۔
جَزائِر۔ ع۔ جمع جزیرہ بمعنی ٹاپو کی۔ اور نام ایک قسم کی بڑی بندوق کا۔
جَزائِل۔ ع۔ جمع جزیلہ کی چیزین محکم اور بہت سخت اور بمعنی زیادہ اور بہت چیزین

جُز دِیدَہ - ف - نابینا - اندھا -
جَزرومَد - ع - گھٹاؤ اور بڑھاؤ پانیکا جو سمندر مین ہوتا ہی بسبب کشش چاند کے - اور ہندی مین اسکو جوار بھاٹا کہتے ہین -
جَزر - ع - کاٹنا - قطع کرنا - اونٹ کو قربانی کرنا - اور اُسکی کھال کھینچنا - درخت سے میوہ توڑنا - دریا کے پانی کا گھٹنا اور کم ہونا اور یہ خلاف مد کے ہی کہ مد پانی کے بڑھنے کو کہتے ہین - حرف کو پڑھنے مین مد نہ دینا -
جَزَر - مب - گزر - کا معرّب - زردک گاجر
جَزع - ع - مہرۂ سلیمانی جو سفیدی اور سیاہی ملا ہوا ہوتا ہی - اور کبھی جزع سے آنکھ مراد لیجاتی ہی باعتبار اُسکی سیاہی اور سفیدی کے
جَزَع - ع - بیصبری - ناشکیبائی -
جَزل - ع - خشک موٹی لکڑی کا چیرنا بات محکم اور مضبوط کہنا - کریم بسیار عطا دینے سخی بہت بخشش کرنیوالا - عقلمند - نیک تدبیر والا - اور آواز کبوتر کی -
جَزَل - ع - اونٹ کے کوہان کا زخم جو پالان اور کجاوے سے پڑجاوے -
جَزم - ع - قطع کرنا - حرف کا ساکن کرنا - وہ ارادہ جس سے آدمی پھر نہین اور یہ لفظ بمعنی یقین کے بھی آتا ہی -
جُزو - ع - حصہ - ٹکڑا -
جزولایتجزیٰ - ع - وہ چیز جو انتہاے باریکی اور چھوٹے ہونیکے سبب سے اس قابل نہو کہ دو یا تین جگہ اُسکو تقسیم کرسکین -
جُزورسی - ف - بخیلی - کنجوسی -
جُزوی - ع - تھوڑا - منسوب بہ جزو -
جُزویات - ع - افراد حصے جو کلیات نہون
جَزیرہ - ع - وہ قطعہ زمین کا جسکے چارون طرف پانی ہو -
جَزیل - ع - بڑی محکم چیز - بزرگ -
جَزیلہ - ع - پُر - بسیار - بہت -
جِزیہ - ع - محصول کی ایک مقدار معین جو ہر سال کافر ذمی سے لیجاوے -

فصل جیم - مع سین مہملہ

جَسارت - ع - دلیری - مردانگی - گذرنا تجاوز کرنا -
جَسّاس - ع - بڑی جستجو کرنیوالا - اور نام دجال کے گدھے کا -
جَسامت - ع - جسیم ہونا - موٹا ہونا -
جُستجو - ف - تلاش - ڈھونڈھنا -
جَستن - ف - کودنا -
جُستن - ف - ڈھونڈھنا - تلاش کرنا -
جستہ رگ - ف - خبردار - ہوشیار -
جَسَد - ع - تن - بدن - آدمی اور جن اور فرشتہ کا جسم - گوسالہ بھی اسرائیل اور خون خشک اور زعفران -
جِسر - ع - پُل جو دریا وغیرہ پر ہوتا ہی
جَسک - ع - درد - رنج - بلا -
جسم - ع - بدن - اور جو شی کہ طول اور عرض اور عمق رکھتی ہو -
جسم تعلیمی - ع - وہ مقدار جسکے لیے لمبائی اور چوڑائی - اور گہرائی ہو -
جُسمان - ع - تن - بدن -
جُسمانی - ع - جسم کا - جسم دار -
جَسیم - ع - فربہ - موٹا - صاحب جسم -

فصل جیم - مع شین معجمہ

جَش - ع - کوٹنا - توڑنا -
جُشا - ع - آروغ - ڈکار -
جَشب - ع - طعام ناگوار یعنی بغیر دال سالن کی روکھی روٹی -
جَشن - ف - محفل خوشی کی - خوشی - عیش
جَشن سدہ - ف - نام جشن کا جو دسوین تاریخ ماہ بہمن کو کرتے ہین -
جَشیب - ع - ہر چیز سخت - ناگوار - بدمزہ بُرا کھانا - روکھی روٹی -
جَشیش - ع - لغور خواہ پکا ہوا ہو خواہ خشک ہندی دلیا -

فصل جیم - مع صاد مہملہ

جَص - ع - گچ کا معرّب یعنی عمارت کا چونہ اور یہ لفظ جیم کے کسرہ سے بھی آیا ہی -
جَصّاص - ع - گچ گر یعنی چونہ بنانیوالا اور لقب ایک حنفی فقیہ کا -

فصل جیم ۔ مع عین مہملہ

جُعبہ ۔ع ۔ بروزن کعبہ بمعنی ترکش تیردان
جَعد ۔ع ۔ گھونگھر والے بال ۔ مُڑے ہوئے بال ۔
جَعدِ پَرچَمیہ ۔ ف ۔ جھنڈے اور نشان کے سر پر کے بال ۔
جَعدَہ ۔ع ۔ زن کفتار ۔ ابوجعدہ کنیت بھیڑیے کی
جَعدُ الیَدین ۔ع ۔ } مرد بخیل اور کنجوس ۔
جَعدُ الاصابع ۔ع ۔ }
جَعفَر ۔ع ۔ ندی ۔ نالہ پانی کا ۔ بنی عامر کے پدر قبیلہ کا نام ۔ نام ایک مرد کا ۔ ایک درد شخص کا نام جسکو جعفر برمکی کہتے ہین ۔ نام ایک کیمیا گر کا ۔ نام رسول مقبول کے چچا صاحب کا جنکو جعفر طیار کہتے ہین ۔ اور بمعنی خربزہ کے بھی آیا ہی
جَعفَر بَرمَکی ۔ع ۔ ہارون رشید کے وزیر کا نام
جَعفَری ۔ ف ۔ ایک قسم کا گیندا جو پھول ہی زرد رنگ کا ۔ اور مجازاً مطلق زرد رنگ ۔
جَعل ۔ع ۔ کرنا ۔ بنانا ۔ پیدا کرنا ۔ نقل کرنا کسی چیز کا اسطرح جو اصل کے مشابہ ہو جائے ۔
جُعَل ۔ع ۔ ایک جانور ہوتا ہی سیاہ رنگ پر دار مشابہ زنبور کے جو سرگین اور گوبر وغیرہ گندگی مین پیدا ہوتا ہی ۔ ہندی گبرونڈا ۔
جَعلی ۔ع ۔ وہ نقلی چیز جو مثل اصلی کے معلوم ہو

فصل جیم مع غین معجمہ

جُغ ۔ ف ۔ لکڑی کا جوا جو بیل کی گردن پر رکھکے ہل چلاتے ہین ۔
جُغ ۔ ف ۔ وہ لکڑی جو دہی مین پھیر کر مکھن نکالتے ہین ۔ ہندی متھنی ۔ رئی ۔
جُغرات ۔ ف ۔ دہی جو دودھ جما کر بناتے ہین
جُغرافیہ ۔ع ۔ علم ہر صورت زمین کا جسمین خشکی اور تری اقلیموں کا بیان ہوتا ہی ۔
جُغرافیان ۔ ف ۔ علم جغرافیہ جاننے والے ۔
جُغَلَہ ۔ ف ۔ امرد ۔ سادہ رو جسکے داڑھی مونچھ نہو ۔ اور امرد لڑکا ناچنے والا ۔

فصل جیم ۔ مع فا

جُفّ ۔ع ۔ پژمردہ ۔ خراب ۔ مُرجھایا ہوا خشک ۔ بے آب ۔
جَفا ۔ ف ۔ ظلم ۔ ستم ۔
جفا پیشہ ۔ ف ۔ } ظالم ۔ ستمگار ۔
جفا گستر ۔ ف ۔ }
جُفاء ۔ع ۔ کوڑا کرکٹ ۔ چاندی سونے کا میل
جُفاف ۔ع ۔ خشک ہونا ۔ سوکھ جانا ۔
جِفان ۔ع ۔ بہت بڑے کاسے انگور کی شاخین
جِفانِ کالجواب ۔ع ۔ کاسے بہت بڑے مانند حوض کے ۔
جُفت ۔ ف ۔ جوڑا ضد طاق کی اور ہر شے جو دو ہون ۔ زن و شوہر ۔ نر و مادہ ۔ اور ہل چلانے والی جوڑی بیل کی ۔
جُفت ران ۔ ف ۔ کسان جو ہل چلاوے ۔
جُفت شدن ۔ ف ۔ کنایہ جماع کرنیسے ۔
جُفت کردن نظر ۔ ف ۔ بغور تمام کسی چیز کیطرف گھورنا اور دیکھنا ۔
جُفتاک ۔ ف ۔ سُرخاب کا جوڑا جسکو ہندی مین چکوا چکوی کہتے ہین ۔
جُفت نقش دیوار شدن ۔ ف ۔ کنایہ ہی نہایت حیران ہونے سے ۔
جُفتہ ۔ ف ۔ سُرین ۔ چہ تر ۔ گھوڑے کی پچھلے پیرون سے دولتی مارنا ۔ کنوان ۔ گڑھا سوراخ ۔ چھید ۔
جَفتَہ ۔ ف ۔ خمیدہ ۔ کج ۔ اور ان معنون مین چفتہ جیم فارسی سے بھی آیا ہی ۔
جُفتہ زدن ۔ ف ۔ اعلام کرنا ۔
جُفتہ طاق ۔ ف ۔ کنایہ دونون بھوون سے
جُفتی ۔ ف ۔ جفت ہونا ۔ جماع کرنا ۔
جَفر ۔ع ۔ بکری کا بچہ چار مہینے کا ۔ مکہ معظمہ مین نام ایک مقام کا ۔ نام ایک علم مشہور کا جس سے احوال غیب پر آگاہی ہوتی ہی ۔
جَفن ۔ع ۔ آنکھ کی پلک یعنی وہ پوست جو آنکھ کے ڈھیلے پر پڑا ہوا ہی فارسی مین پردۂ چشم اور لحاف چشم اور پلک کہتے ہین اور کبھی پلک فارسی مین بمعنی موے مژہ کے بھی آتا ہی لیکن جفن بمعنی موے مژہ نہین ہی بلکہ موے مژہ کی عربی ہُدب اور جمع اہداب ہی اور جفن کے معنی نیام شمشیر کے بھی ہین یعنی تلوار کا میان ۔
جُفنَہ ۔ع ۔ کاسہ چوبین ۔ کٹھری ۔ چھوٹا کنوان ۔
جَفیر ۔ع ۔ بروزن نقیر ترکش جسمین تیر رکھین

فصل جیم - مع قاف

جق جق - ع - شور و غوغا - بک بک -

فصل جیم - مع کاف فارسی

جگر - ف - کلیجہ - اور کبھی بمعنی رنج - غم غصہ - امید - انتظار - تاب - طاقت کے بھی آتا ہی -

جگر باختن - ف - بد دلی - ڈرنا -

جگر بند - ف - مجموع کلیجہ اور پھیپھڑہ اور دل وغیرہ - اور کنایہ فرزند سے -

جگر بند پیش زاغ نہادن - ف - کنایہ ہی محنت اور بلا کے اختیار کرنے سے -

جگر تاب - ف - کلیجہ کا گرم کرنیوالا -

جگر خوارہ - ف - مراد عاشق سے -

جگر داشتن - ف - تاب و طاقت رکھنا -

جگر سا - ف - ایذا پہونچانیوالا -

جگر گوشہ - ف - کنایہ فرزند عزیز سے -

جگی جگی - ف - یہ ایک کلمہ ہی جو مغلوب اور عاجز آدمی بر وقت عجز و اضطراب کہتا ہی اور جگی جگی بمعنی غبغب کے بھی ہی جو ایک گوشت نرم ہوتا ہی ٹھوڑی کے نیچے -

فصل جیم - مع لام -

جَلّ - ع - بزرگ ہوا - یہ صیغہ ماضی کا ہی -

جَل - ف - ایک جانور ہی مثل بلبل کے خوش آواز -

جُلّ - ع - برگستوان - ہندی جھول گھوڑے یا گدھے وغیرہ کی - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید لام کے آتا ہی اور معرب ہی گل کا یعنی پھول کسی درخت کا -

جلاء - ع - گھر سے نکالدینا - دیس سے پردیس نکالدینا - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر ہمزہ کے آتا ہی - اور یہ بھی معنی لکھے ہین کہ آپ سے ترک وطن کردینا -

جلاء - ع - روشن کرنا - صاف کرنا - زنگ جھڑانا - اور بمعنی سرمہ کے بھی آتا ہی - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر ہمزہ کے بھی آتا ہی -

جَلّاء - ع - شخص جلا دکرنیوالا - صیقل گر -

جلّاب - ع - کھینچنے والا - ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانیوالا - وہ شخص جو چارپایونکو بیچنے کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجائے -

جُل آب - ف - کائی جو پانی پر جمجاتی ہی -

جُلّاب - مب - معرب ہی گلاب کا - اور بمعنی شربت جو قند اور گلاب سے بناتے ہین - مجازاً بمعنی دوائے مسہل -

جلاجل - ع - جمع جلجل کی - وہ گھونگھرو جو چمڑے کے پٹے پر سی کے اونٹ و بیل وغیرہ کی گردن مین ڈالتے ہین - اور بمعنی جھانجھ اور منجیرہ اور زال کے بھی ہی کہ ایک قسم مشہور کے باجے ہین -

جلّاد - ع - دُرّہ یا کوڑا مارنیوالا - کھال کسی جانور کی کھینچنے والا - تلوار مارنیوالا -

جلادت - ع - چستی - چالاکی - جوانمردی -

جلافت - ع - پیٹ خالی ہونا - مجازاً بمعنی جہالت اور حماقت اور کمینہ پن کے مستعمل ہی

جَلّال - ع - وہ بیل وغیرہ جو غلیظ کھاوین اور بمعنی مہتر یعنی بھنگی کے بھی جو گوہ اٹھا کر لیجاوے

جَلال - ع - بزرگی اور صفات عمدہ باطنی

جُلال - ع - بزرگ -

جِلال - ع - جمع جُل کی جو بمعنی جھول چارپایونکے ہی

جَلالہ - ع - اللہ کا لفظ اور یہ اسم اعظم ہی -

جَلالت - ع - بزرگ ہونا - بزرگی -

جَلالی - ف - منسوب طرف جلال الدین بادشاہ کے

جَلاوطن - ف - پردیس نکالدینا اور کسی کا اپنے آپ گھر سے بے گھر ہونا - ترک وطن کرنا -

جَلائل - ع - بزرگیان - جمع جلیلہ کی -

جَلب - ع - لینا - کھینچنا -

جَلَب - ع - کھینچنا - سودا - نفع - سود اور وہ مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو بغرض نفع کے لیجاوین -

جُلَب - ع - ہلکا بادل بغیر مینھ کا -

جَلَب - ف - فارسی مین بمعنی زن فاحشہ اور بمعنی شور و غوغا -

جِلباب - ع - چادر -

جلباب سمن - ف - مراد چادر سفید سے -

جُلبان - ع - سبز مونگ جو غلہ مشہور ہی -

جُلجلان - ع - کشنیز یعنی دھنیا -

جَلد - ع - تازیانہ - کوڑا مارنا - چست و چالاک تیز - شتاب - سخت ہونا - چست ہونا سانپ کا کاٹنا - عورت سے جماع کرنا -

جِلد ۔ ع ۔ پوست ۔ چمڑا ۔ کھال کسی حیوان کی
جَلَد ۔ ع ۔ گاے اونٹنی وغیرہ کے بچہ کی کھال جو اُسکے مرجانے کے بعد گھاس بھر کے دودھ دوہنے کے وقت اُسکی ماںکے آگے ڈالدیتے ہین کہ وہ اُسکو اپنا بچہ تصور کرکے اچھی طرح دودھ دے اور بمعنی زمین سخت وہموار ۔
جِلد گر ۔ ف ۔ کتاب کی جلد بنانیوالا ۔
جَلدُو ۔ ت ۔ انعام ۔ صلہ ۔ بدلہ ۔ نیک
جلدی ۔ ف ۔ شتابی ۔ تیزی ۔ چالاکی ۔
جُلَسا ۔ ع ۔ مجلس کے لوگ جمع جلیس کی ۔ جو بمعنی ہمنشین ہی ۔
جَلسہ ۔ ع ۔ محفل ۔ ملاقات نشست ۔
جِلف ۔ ع ۔ ظلم کرنیوالا ۔ خالی مشکہ ۔ ہر چیز جسکا پیٹ خالی ہو ۔ وہ حیوان جسپر کھال نہو اور جسکا پیٹ پھٹا ہوا ہو ۔ مجازاً بمعنی مردار ناپاک ۔ کمینہ ۔ خود سر ۔
جَلق ۔ ع ۔ مٹھی لگاکر انزال کرنا زلق کا مبدل ہی
جَلقی ۔ ف ۔ وہ شخص جو جلق لگاوے ۔
جُلگہ ۔ ت ۔ مرغزار ۔ سبزہ زار ۔
جَلمد ۔ ع ۔ } سخت پتھر ۔ سخت آدمی ۔
جُلمود ۔ ع ۔ }
جُلنار ۔ ع ۔ معرب ہی گلنار کا اور گلنار ایک قسم ہی انار کی کہ اسمین سواے پھول کے پھل نہین ہوتا ۔ مگر پھول سرخ اور بڑا مثل گیندے کے پھول کے صد برگ یعنی بہت پتی والا ہوتا ہی اُسکو گلنار فارسی بھی کہتے ہین ۔
جِلو ۔ ت ۔ گھوڑے کی باگ ۔ اور گھوڑا کوتل
جَلوت ۔ ع ۔ ظاہر کرنا ۔ اپنے کو کو دکھانا اور یہ ضد خلوت کا ہی ۔
جُلود ۔ ع ۔ چمڑے حیوانات کے جمع جلد کی ۔
جِلو ریز ۔ ف ۔ سبک عنان یعنی ڈھیلی باگ کیے گھوڑا دوڑاے ہوے ۔
جُلوس ۔ ع ۔ بیٹھنا ۔
جَلوہ ۔ ع ۔ اپنے کو ظاہر کرنا ۔ بناو سنگار کرکے لوگونکو دکھانا ۔ اور کبھی مجازاً بمعنی خرام معشوق کے بھی آتا ہی ۔
جلوہ گاہ ۔ ف ۔ مراد دنیا یا صحن سے ۔
جَلی ۔ ع ۔ روشن ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ اور کاتبونکی اصطلاح مین موٹا خط ۔
جَلید ۔ ع ۔ برف ۔ اولہ ۔ یخ ۔
جَلیدی ۔ ع ۔ آنکھ کی تین رطوبتونمین سے ایک رطوبت کا نام ۔
جَلیس ۔ ع ۔ ہمنشین ۔
جَلیل ۔ ع ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔

فصل جیم ۔ مع میم

جَم ۔ ع ۔ تمام ۔ بہت ۔
جَم ۔ ف ۔ نام بادشاہ فارس کا ۔ یعنی جمشید ۔
جِم ۔ ع ۔ نام شیطان کا ۔
جُم ۔ ع ۔ صدف ۔ سیپ ۔
جَماد ۔ ع ۔ جو چیز کہ حیوانات سے نہو یعنی بیجان ہو ۔ اور وہ زمین جسپر پانی نہ برسے ۔ وہ سال جسمین پانی نہ برسے یعنی سال قحط ۔ وہ چیز کہ جسکو نشو و نما نہو ۔ وہ اونٹنی جسکے دودھ نہو آدمی بخیل وکنجوس ۔ زمین سخت ۔
جَمادات ۔ ع ۔ وہ چیزین جو بیجان ہون اور اکثر اطلاق اسکا معدنی چیزون پر آتا ہی ۔ جیسے پتھر وغیرہ ۔
جَمادی ۔ ع ۔ منسوب طرف جماد کے بمعنے بیجان شی مثل پتھر و مٹی وغیرہ کے ۔
جُمادی الاُولیٰ ۔ ع ۔ پانچوان مہینہ قمری ہی مسلمانونکا پہلے مہینے محرم سے ۔
جُمادی الاُخریٰ ۔ ع ۔ } چھٹا مہینہ قمری
جمادی الآخرہ ۔ ع ۔ } حساب سے مسلمانونکا
اور جمادی الثانی کہنا معتبر نہین ہی اسلیے کہ استعمال عرب مین جمادی الثانی نہین ہی اور یہ بھی وجہ ہی کہ ثانی اُس مقام پر آتا ہی جہان اُسکے بعد ثالث بھی ہو ۔ اور یہ بھی وجہ ہی کہ جمادی کے آخر مین الف مقصورہ بصورت یاے تحتانی ہی جو کتابت مین رہتا ہی اور تلفظ مین بسبب اجتماع ساکنین کے گرجاتا ہی بس جب الف مقصورہ کے سبب سے اسکی صورت مؤنث کی ہوگئی تو اسکی صفت بھی اولیٰ اور اُخریٰ یا آخرہ کے ساتھ آنی چاہیے تاکہ صفت و موصوف مین تطابق باقی رہے ۔
جِمار ۔ ع ۔ کنکریان مارنا ۔ اور یہ فعل حاجی لوگ مناسک حج کے ادا کرنے مین کرتے ہین ۔

جمازہ - ع - تیز رفتار اونٹ یعنی تیز چلنے
والا اور فارسی میں یہ لفظ بغیر تشدید میم کے بھی آتا ہے
جماش - ع - آدمی شوخ اور دلیر -
جماع - ع - مرد کا عورت سے صحبت کرنا -
جماع الاثم - ع - شراب کا بینا - اور یہ لفظ
بمعنی شراب کے بھی آیا ہے -
جماعت - ع - گروہ آدمیوں کا - اور نام
ایک شکل کا سولہ شکلوں رمل سے -
جماعہ دار - ف - وہ شخص جو چند سپاہیوں کا
افسر ہو - اور جمعدار جو مشہور ہے غلط ہے -
جمال - ع - خوبی صورت اور سیرت کی
اور حسن اور خوبصورتی انسان کی -
جمال - ع - } شتربان - ساربان -
جمالہ - ع - }
جمال - ع - جمع جمل بمعنی اونٹ کی -
جمان - ع - موتی - گوہر - اور چاندی کی
گھنڈیاں جو بشکل موتی کے بناتے ہیں -
جمام - ع - گھوڑے کا آرام پانا - بعد تھک جانے کے
جمام - ع - پر اور لبالب ہونا ظرف کا پانی سے -
جماہیر - ع - گروہ آدمیوں کا - جمع جمہور کی -
جمجمہ - ع - کھوپڑی سر کی - کاسہ سر آدمی
یا دیہ لکڑی کا -
جمد - ع - برف - یخ -
جمدر - ف - ایک ہتھیار کا نام ہے جس کو
جمدھر اور کٹار کہتے ہیں -

جمدہ - ع - معنی بزرگ و بلند -
جمر - ع - بہت سی چنگاریاں آگ کی -
جمرہ - ع - ایک چنگاری آگ کی - کنکری
کنکری مارنا حج میں - نام ایک مرض کا جسمیں
چند دانے چوڑے نہایت سرخ نکلتے ہیں اور
انمیں بڑی سوزش اور جلن ہوتی ہے - ہندی
میں اس مرض کو آتشک کہتے ہیں -
جمشید - ف - نام فارس کے ایک بادشاہ کا
جو حکیم پیشہ تھا - واضح ہو کہ یہ نام خاتم و نگین
و اسپ و تخت و باد و صفت ماہی و طیور وغیرہ کے
ساتھ آوے تو مراد حضرت سلیمان علیہ السلام
سے ہوگی اور اگر سد و آئینہ و آبحیوان وغیرہ کے
ساتھ آوے تو مراد سکندر سے ہوگی - اور اگر
جام و شراب و بزم و جشن و نوروز وغیرہ کے ساتھ
آوے تو مراد جمشید بادشاہ سے ہوگی -
جمع - ع - اکٹھا کرنا - جماعت آدمیوں کا گروہ
اسم واحد کو جمع کرنا - نام ایک صنعت کا کہ شاعر
چند چیز کو ایک صفت میں جمع کردے -
جمع انداز - ف - وہ تیرانداز جسکا ہر تیر نشانہ
پر پڑے اور کوئی تیر خطا نہ کرے -
جمعہ - ع - ساتوان دن مسلمانوں کی تعطیل کا
ہندی شکر - اور بضمتین بھی درست ہے -
جمعیت - ع - جمع ہونا گروہ آدمیوں کا -
جم غفیر - ع - ہجوم عام - جماعت کثیر -
جمل - ع - اونٹ - شتر نر -

جمل - ع - جملے - حساب اعداد ابجد کا -
جمل - ع - خوبی صورت اور سیرت کی -
جمل - ع - خوبصورت - خوش سیرت -
جمل - ع - شتربان - ساربان -
جملگی - ف - تمام - سب - اس لفظ میں یاے
مصدری ہے اور جملہ کی ہاے ہوز کاف فارسی
سے بدل گئی ہے مثل پردگی اور خانگی وغیرہ کے
جملہ - ع - فقرہ - حصہ کلام -
جمود - ع - جمنا - جم جانا -
جمود - ع - جمی ہوئی چیز -
جموع - ع - جماعتیں - جمع ہے جمع کی -
جمہور - ع - گروہ آدمیوں کا - یہ لفظ جیم کے
فتحہ سے غلط ہے اسیطرح جو اسم اس وزن پر ہوگا
وہ بضم حرف اول و سوم ہوگا مثل دستور
زنبور - عصفور - صندوق وغیرہ کے -
جمیع - ع - تمام - سب -
جمیعا - ع - سب کے سب -
جمیل - ع - خوبصورت - حسین -

فصل جیم - مع نون

جن - ع - بھوت - دیو - اور یہ اسم جنس ہے
ایک اور ہزار وغیرہ پر بھی اطلاق کر سکتے
ہیں جسطرح انسان اسم جنس ہے -
جنن - ع - سپر - ڈھال -
جناب - ع - درگاہ - آستانہ - چوکھٹ
گرداگرد گھر کا - بغل -

جُنَاب ۔ع۔ درد پہلو۔
جِنَاب ۔ع۔ اہل و عیال سے دور ہونا۔ وہ رسّی جو چار پایونکے گلے مین باندھ کے اُنکو کھینچین۔
جَنَاب ۔ف۔ فارسی مین معنی شرط اور جوے کے آتا ہی۔
جُنَاب ۔ف۔ فارسی مین معنی دکان ہی۔
جُنَابہ ۔ف۔ دو لڑکے جُڑوان جو ایک حمل سے پیدا ہون۔ عربی توامان۔
جَنَابَت ۔ع۔ دوری۔ مجازاً ناپاکی یعنی حاجت غسل کی اسلیے کہ اسمین بھی طہارت اور نماز وغیرہ سے دوری ہو جاتی ہی۔
جُنَات ۔ع۔ جمع جانی بمعنی گنہگار کی۔
جَنَاح ۔ع۔ پرند جانورون کے پر۔ آدمی کا بازو۔ لشکر کا مقدمہ یعنی ہراول۔
جُنَاح ۔ع۔ گناہ۔
جَنَادِل ۔ع۔ جمع جَنْدَل بمعنی پتھر کی۔
جَنَازَہ ۔ع۔ تابوت مردیکا۔
جَنَاغ ۔ت۔ } آپس مین شرط بدنا جسکو کہتے
جَنَاق ۔ت۔ } ہین۔ مرا یاد ترا فراموش
جُنَاغ ۔ت۔ } گھوڑیکا زین پوش۔
جُنَاق ۔ت۔ }
جَنَان ۔ع۔ دل۔
جِنَان ۔ع۔ جمع جنت بمعنی بہشت کی۔
جَنَائِب ۔ع۔ جمع جنیبت کی۔ وہ گھوڑے آراستہ جو سواری اُمرا کے آگے زینت کے لیے کوتل لیجاتے ہین۔
جِنَایت ۔ع۔ گناہ کرنا۔
جِنَایَات ۔ع۔ بہت سے گناہ تقصیرین۔
جُنُب ۔ع۔ ناپاک آدمی۔ بے غسل آدمی۔
جَنْب ۔ع۔ پہلو۔ کنارہ۔
جُنْبِش ۔ف۔ حرکت مارنا۔
جُنْبِش زَنَخ ۔ف۔ کنایہ ہی مسخرہ پن کرنیسے۔
جُنْبَک ۔ف۔ جست کرنا۔ کودنا۔
جَنَّت ۔ع۔ بہشت۔ اصل مین وہ باغ جسکے درخت بوجہ کثرت کے زمین کو چھپالین۔
جُنْد ۔ع۔ لشکر۔ فوج۔ اور نام ایک وا کا جسکو جُند بید ستر بھی کہتے ہین اور وہ سگ آبی کا خایہ ہوتا ہی یعنی بیضہ۔
جَنْدَل ۔ع۔ بروزن صندل۔ بڑا پتھر۔
جِنْس ۔ع۔ ہر چیز کی ایک نوع جسکے نیچے بہت سی قسمین مندرج ہون۔ اور منطقیونکی اصطلاح مین جنس وہ ہی جسکے نیچے چند نوع ہون اور نوع وہ ہی جسکے نیچے چند صنف ہون اور صنف وہ ہی جسکے نیچے افراد ہون۔ پس حیوان جنس ہی۔ اور انسان نوع۔ اور فرنگی و حبشی و ہندی صنف اور ہر صنف کے اشخاص افراد ہین۔
جِنْسِیَّت ۔ع۔ ایک جنس ہونا ایک میل ہونا۔
جَنَف ۔ع۔ ظلم کرنیکا ارادہ کرنا۔
جَنگ ۔ف۔ لڑائی۔
جُنگ ۔ف۔ بڑی بیاض جسمین ہر قسم کے اشعار و مضامین وغیرہ مندرج ہون۔
جَنگِ زرگری ۔ف۔ دوسرے شخص کے فریب دینے کے لیے کسی سے ظاہر مین لڑنا۔ لیکن باطن مین ملے رہنا۔
جَنگلی بکیا ۔ف۔ ایک حیوان ہوتا ہی بصورت آدمی کہ ایک پانون رکھتا ہی اور بات نہین کر سکتا مجازاً آدمی بیوقوف اور بے سر و پا کو کہتے ہین۔
جنگ گاہ ۔ف۔ لڑائی کا میدان۔
جنوب ۔ع۔ دکھن۔ اور جو ہوا کہ دکھن کی طرف سے چلے۔
جُنُود ۔ع۔ جمع جُند بمعنی لشکر کی۔
جُنُودِ کبریا ۔ف۔ کنایہ فرشتون سے۔
جِنَّہ ۔ع۔ جمع جِنّی کی۔ بہت سے دیو و پری اور اَجِنّہ جو اسکی جمع مشہور ہی وہ غلط ہی اسلیے کہ اَجِنّہ جمع جَنین کی ہی اور جَنین وہ بچہ جو ابھی مان کے پیٹ مین رہے۔
جِنّی ۔ع۔ ایک جن۔ اور جن اسم جنس ہی۔
جَنِّی ۔ع۔ میوہ جو درخت سے گرے۔
جُنَیبَت ۔ع۔ آراستہ گھوڑا کوتل۔
جُنَید ۔ع۔ نام ایک ولی ساکن بغداد کا۔
جَنِین ۔ع۔ وہ بچہ جو مان کے پیٹ مین ہو۔

فصل جیم۔ مع واؤ

جَوّ ۔ع۔ فرق جو زمین اور آسمان کے بیچ مین ہی اور ہوا جو درمیان زمین و آسمان کے بھری ہی۔
جَوَاب ۔ع۔ بمعنی مقابل و پاسخ۔

جَوَاب ۔ ف ۔ بمعنی آتش جو۔
جَوَابدِہ ۔ ف جس سے مطالبہ کیا جائے
جَوَاد ۔ ع ۔ بہت بخشش کرنیوالا۔ نام خدا کا
گھوڑا تیز رفتار۔ تشدید داو کا غلط ہو۔
جَوَاذِب ۔ ع کشش کرنیوالی چیزین۔ یہ
جمع جاذبہ کی ہو۔
جِوَار ۔ ع ۔ ہمسایگی۔ پڑوس۔ فتحہ جیم کا جو اس
لفظ مین مشہور ہو غلط ہو۔
جَوَارِح ۔ ع ۔ ہاتھ پاؤن اور دیگر اعضا آدمی
کے جنسے کسب معیشت انسان کرتا ہو۔ اور
شکاری جانور۔
جُوَارِش ۔ مب ۔ یہ معرب گوارش کا ہو
فتحہ جیم کا غلط ہو۔ دواے مرکب ہاضم
خوش مزہ۔ بخلاف معجون کے کہ اُسمین خوش مزہ
ہونیکی قید نہین ہو۔
جَوَارِی ۔ ع ۔ جمع جاریہ کی۔ لونڈیان اور
بیٹیان۔ اور کشتیان۔ اور چیزین جاری
ہونیوالیان۔
جَوَاز ۔ ع ۔ گذرنا۔ روان ہونا۔ روانی۔
درست ہونا۔ موافق شرع۔
جُوَاز ۔ ف ۔ کولھو جسمین تیل وغیرہ نکالین
جَوَاسِیس ۔ ع جمع جاسوس کی۔
جُوَال ۔ مب ۔ اصل اسکی گوال ہو۔ گون کو
کہتے ہین جسمین غلہ بھر کر ٹٹو یا بیل وغیرہ پر
لادتے ہین۔ فقیرون کی گدڑی۔ مجازاً
جسم انسان۔ سکندرنامہ مین ہو ؎ ہم از
بہر مزدی ہم از بہر مال + بکوشیم تا جان بود در جوال
جَوَّالہ ۔ ع ۔ تیزی کیساتھ گول پھرنیوالی چیز
جَوَامِع ۔ ع ۔ جمع جامعہ کی وہ ہے کہ طوق
جو گنہگارونکی گردنون مین پہناتے ہین مجازاً
بمعنی تمام اور سب کے۔
جَوَان ۔ ف ۔ گبرو۔ بالغ۔
جوان سنگدیدہ ۔ ف ۔ وہ بہادر جو بڑی
ریاضت کرچکا ہو اور بڑی مصیبت جھیل چکا
ہو۔ یعنی کار آزمودہ اور تجربہ کار۔
جَوَانِب ۔ ع ۔ اطراف۔ طرفین۔
جوانمرد ۔ ف ۔ مرد سخی۔
جَوَاہِر ۔ ع ۔ جمع جوہر کی۔
جَوَاہِر مُجَرَّدَہ ۔ ع ۔ عقول عشرہ اور یہ حکیمون
کے نزدیک دس فرشتے ہین۔
جَوَائِز ۔ ع ۔ انعامات بخششین۔ تحفے
اور یہ جمع جائزہ کی ہو۔
جو بجو ۔ ف ۔ یعنی جز و کل۔ تام و کمال۔
جُوبِی ۔ ع ۔ نام ایک بہت بڑے مسخرے کا
جُود ۔ ع ۔ بخشش۔ سخاوت۔
جَود ۔ ع ۔ نیک۔ نیک چیزین۔ مینھ کا برسنا
زور و شور سے بہت برسنا۔ جوانمردی کرنا۔
جُودَت ۔ ع ۔ نیکی۔ نیک ہونا۔ خوبی ہر چیز کی
جُودت ۔ ع ۔ گھوڑے کی تیز رفتاری۔
جُودِی ۔ ع ۔ نام ایک پہاڑ کا جہان حضرت
نوح کی کشتی بعد طوفان کے ٹھہری تھی۔
جوذر ۔ ع ۔ جنگلی گاے کا بچہ۔
جَور ۔ ع ۔ ظلم۔ ستم۔ ظلم کرنا۔
جُورَب ۔ ع ۔ موزہ۔ جُرّاب۔
جَوز ۔ مب ۔ معرب گوز کا۔ اخروٹ۔
جَوزَا ۔ نام تیسرے برج آسمانی کا جو دو پیکر
ہو۔ نام ایک عورت کا۔ اور دہ کالی بکری
جسکی پیٹھ پر سفید دھاری ہو۔
جَوز بُویا ۔ ع ۔ جائفل۔
جوز بر گنبد انداختن ۔ ف ۔ کنایہ ہو بیفائدہ
کام کرنے اور بیکار کوشش کرنے سے۔
جُوز زدن ۔ ف ۔ آتشدان مین کوئلے ڈالنا
جَوز شکستن ۔ ف ۔ ایک قسم کی فال ہو۔
جَوزَق ۔ ع ۔ روئی کا پھل قبل چٹکنے کے۔
جوز مائل ۔ ع ۔ دھتورہ کا پھل۔
جوزن ۔ ف ۔ ساحر۔ جادوگر اسلیے کہ اکثر
ساحر جَو پر منتر پڑھکے مارتے ہین۔
جوز ہندی ۔ ف ۔ مغز ناریل۔
جُوسَق ۔ ع ۔ معرب ہو کوشک بمعنی قصر محل کا
اور نام مقتدر باللہ عباسی کے محل کا بغداد مین۔
جُوسَنگ ۔ ف ۔ جو کے وزن کے برابر۔
جُوش ۔ اُبال۔ سوزش دل کی۔
جَوش ۔ ع ۔ سینہ۔ آدھی رات۔ کم آدمی کی
اُبلنا دیگ کا۔ ندی کا پانی سے بھر جانا۔
جُوشاندن ۔ ف ۔ جوش دینا۔ اُبالنا۔

جوشش - ف - جوش -
جوشن - ف - زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین
جوشیدن - ف - اُبلنا - جوش مارنا -
جوشیدہ مغز - ف - کنایہ اُس شخص سے
جو غصہ مین بھرا ہو - پرخشم -
جوع - ع - بھوک - اور گرسنہ ہونا -
جوع الکلب - ع - ایک مرض ہو کہ آدمی
چاہے کتنا ہی کھائے مگر بھوک کم نہو اور سیری
حاصل نہو اور اس مرض کو شہوت کلبی بھی کہتے ہین
جوع البقر - ع - ایک مرض ہو کہ باوجودیکہ
معدہ کے تمام اعضا پر حالت گرسنگی کی طاری
رہتی ہو یعنی غذا جزو بدن نہین ہوتی -
جوعان - ع - بھوکا آدمی - گرسنہ -
جوف - ع - شکم - پیٹ - خول ہر چیز کا -
جوفروش گندم نما - ف - کنایہ ہو مکار
اور دغاباز آدمی سے -
جوق - مب - } فوج - لشکر - آدمیون کا گروہ
جُوق - ت - } پرندون کا غول - فرشتون
اور جنون کا گروہ -
جوگندم - ف - داڑھی جسمین سفید اور
سیاہ بال ہون -
جول - ت - وا و مجہول سے بیابان -
جولان - ع - دوڑنا - دوڑانا گھوڑون کا
گرد پھرنا - گھوڑے کو کاوے پر لگانا - مگر
فارسی مین بسکون لام مستعمل ہو -

جُولان - ع - لوہے کی زنجیر یا بیڑی جو گنہگا(رون)
کے پانؤن مین پہناتے ہین -
جولانی - ف - گھوڑا - پیالہ شراب کا -
جولاہ - ف - جولاہہ کپڑا بننے والا -
جولقی - ع - قلندر کمل پوش -
جولہ - ف - جولاہہ - مکڑی - عنکبوت -
جولیدہ - ف - ژولیدہ - پریشان -
جونہ - ع - عطردان - عطرفروش کا بکس -
جوہر - مب - معرب ہو گوہر بمعنی سنگ قیمتی کا
اور اصل ہر شی کی اور خلاصہ اُس کا - اور
اصطلاح مین وہ چیز جو بذات خود قائم ہو
اور یہ جوہر ضد عرض کا ہو جو بذات خود قائم
نہین ہوتا بلکہ بوسیلہ جوہر قائم رہتا ہو
جیسے کپڑا جوہر ہو اور رنگ اُسکا عرض ہو
جوہر اول - ع - کنایہ جبرئیل علیہ السلام سے
اور حکیمونکے نزدیک عقل اول -
جوہر فرد - ع - جزو لایتجزی جو کسی طرح سے
تقسیم اور ٹکڑے نہین ہوسکتا - اور شاعرون
کے نزدیک مراد دہان معشوق سے -
جوہر ناب - ف - جوہر خالص -
جوہری - ع - صاحب جوہر جو جواہر بیچتا ہو -
جوہی - ف - نام ایک پھول کا -
جوے - ف - نہر پانی کی جو جاری ہو -
جوی - ع - ساخر مین الف مقصورہ بصورت
یاے تحتانی - سوزش دل کی عشق سے

جویا - ف - ڈھونڈھنے والا -
جویبار - ف - جس جگہ بہت سی نہرین پانی
کی بہتی ہون -
جویان - ف - ڈھونڈھنے والا -
جوئیدن - ف - ڈھونڈھنا -
جوئیدہ - ف - ڈھونڈھنے والا -

فصل جیم مع ہاے ہوز

جہات - ع - جمع جہت کی - اطراف -
جہاد - ع - کافرون سے لڑنا -
جہاد اکبر - ع - صوفیون کی اصطلاح مین
بمعنی ریاضت - فقر - نفس کشی -
جہاد اصغر - ع - صوفیون کی اصطلاح مین
کافرون سے لڑنا -
جہار - ع - ظاہر ہونا -
جہاز - ف - بہت بڑی کشتی ایک وضع خاص
کی جو سمندر مین چلتی ہو -
جہاز - ع - اونٹ کا پالان - عورت کی شرمگاہ
جہاز - ع - دلھن کا اسباب جہیز - مسافر
کا اسباب - مردے کا سامان دفن و کفن -
جہالت - ع - نادانی - بے علمی -
جہان - ف - دنیا - عالم -
جہان در جہان - ف - بسیار - بہت -
جہانیان - ف - دنیا کے لوگ - خلق اللہ -
جہانیدن - ف - کُدانا - اُچھالنا -
جہت - ع - طرف - واسطے -

جہد - ع - کوشش - سعی - طاقت -
جُہد - ع - رنج - مشقت -
جہد جہید - ع - بہت بڑی کوشش -
جہر - ع - کھلا ہوا کسی چیز کا آواز بلند پڑھنا
جہل - ع - نادانی - نہ جاننا -
جہل مرکب - ع - اعتقاد کر لینا کسی چیز کی حقیقت کا برخلاف اُسکی حقیقت کے جیسے کوئی رانگے کو چاندی جان لے -
جہل بسیط - ع - نہ جاننا کسی چیز کی حقیقت کا
جہلہ - ع - جمع جاہل کی -
جہندہ - ف - کودنیوالا -
جہنم - ع - گہرا کنوان اور نام پہلی دوزخ کا
جہود - ف - قوم یہود -
جہودی - ف - ایک یہودی یاے تحتانی اسمین وحدت کی ہو - جہود جمع ہو -
جہول - ع - بڑا نادان - بڑا بیوقوف -
جہیدن - ف - کودنا - اُچھلنا -
جہیز - ع - اِبالہ جہاز کا ہو معنی اسکے سامان اور اسباب جو لڑکی کو بروقت شادی کے دین مرد یکا سامان دفن و کفن - جوے کار و پیہ -

فصل جیم - مع یاے تحتانی

جیاب - ع - جمع جیب کی خلاف قیاس -
جیاد - ع - جمع جید بمعنی خالص کی - اور جمع جود بمعنی گھوڑے تیز رفتار کی اور جمع جید بمعنی گردن کی -
جیب - ع - گریبان - پیرہن - سینہ - دل مجازاً آوہ تھیلی جو نیچے گریبان کے سیتے ہین اب مختلف مقام پر لگائی جاتی ہو -
جیبہ - ت - بفتح اول بکسرہ اور بکسر زرہ -
جیحون - ع - نام ایک دریا کا نزدیک بلخ کے
جید - ع - گردن -
جید - ع - خوب - کھرا - نیک -
جیران - ع - ہمسائے - پڑوسی - جمع جار کی
جیرہ - ع - طعام راتبہ جو کسی کو دیا جائے -
جیش - ع - لشکر - دیگ کا اُبلنا - دل کی شورش اور بیتابی -
جیغہ - ف - نام ایک زیور مرصع کا جس کو پگڑی پر باندھتے ہین -
جیغہ جیغہ - ف - بھونڈل جو برق سے مرکب دیا جاتا ہو ولایت کی عورتین مزید حسن کے لیے اُسکو پیشانی اور بھووین پر لگاتی ہین - ہندوستان کی عورتین بھی اِس کو باریک کترکے لگاتی ہین اور نام اُسکا افشان رکھا ہو -
جیفہ - ع - حیوان مردہ جسمین بدبو ہوگئی ہو
جیل - ع - گروہ آدمیون کا - فوج - نام ایک گانو کا نزدیک بغداد کے -
جیلان - ع - نام ایک ملک کا نام ایک گانو کا نزدیک بغداد کے جسکو جیل بھی کہتے ہین -
جیوش - ع - جمع جیش بمعنی لشکر کی -
جیوہ - ع - سیماب - ہندی پارہ -

باب جیم فارسی

فصل جیم فارسی مع الف

چابک - ت - چست - چالاک - کوڑا تازیانہ
چابک خرام - ف - تیز چلنے والا -
چابکدست - ف - تیز دست - جو شخص ہاتھ کے کام مین چالاک ہو -
چابکی - ف - چالاکی چستی - اور گھوڑا تیز رفتار
چاپلوس - ف - خوشامد کرنیوالا -
چاپلوسی - ف - خوشامد -
چاچ - ف - ایک شہر کا نام ملک توران مین جو تاشکند کے نام سے مشہور ہو - اِس شہر کی کمان مشہور ہو جسکو کمان چاچی کہتے ہین
چادر کافوری - ف - کنایہ صبح سے -
چادر نیلی - ف - سرمئی رنگ کی چادر - کنایہ آسمان سے - اور کنایہ رات سے -
چادر لاجورد - ف - آسمان - سبزہ زار -
چار - ف - مخفف چہار کا - اور مخفف چارہ بمعنی علاج کا -
چار آئینہ - ف - نام ایک قسم کی زرہ کا -
چار ارکان - ف - چار عنصر یعنی آگ - پانی خاک - ہوا -
چار بالش - ف - مسند - بادشاہی تخت -
چار پایہ - ف - چوپایہ جانور -
چار برگ - ف - نام ایک پھول کا اور بعضے

لالہ کوہی کو کہتے ہین۔ یعنی پہاڑی لالہ۔
چار بند۔ ف۔ دنیا۔
چار پنج۔ ف۔ چار دوائین یعنی پیچ کاسنی
پیچ رازیانہ۔ پیچ کرفس۔ پیچ کبر۔
چار تکبیر زدن۔ ف۔ یعنی ترک کلی یعنی کُل
چیز کا ترک کردینا۔ اور نیز کنایہ ہو نماز جنازہ
سے کہ یہ نماز چار تکبیر پر تمام ہو جاتی ہو۔
چار تار۔ ف۔ اربع عناصر۔ یعنی آگ اور
چار جوہر۔ ف۔ پانی۔ اور ہوا۔ اور خاک
چار خم۔ ف۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام کمان کا
حصے کے درجہ کھینچنا۔ نام ایک قسم کی کمان خمدار کا
چار دیوار۔ ف۔ کنایہ ہو رات سے۔
چار زبان۔ ف۔ کنایہ شخص پرگو اور کثیر الکلام
سے یعنی جو شخص بہت باتین کرے۔
چار سُو۔ ف۔ چار طرف۔ اور وہ بازار جسکے
چارون طرف رستہ اور دکانین ہون۔ اور
وہ بزار رستہ جسمین چار راہین مجتمع ہون۔
ہندی مین اسکو چوراہہ کہتے ہین۔
چار شاخ۔ ف۔ گنہگار کے عذاب کی ایک قسم
چار شانہ۔ ف۔ تنومند۔ قوی ہیکل۔ موٹا
گرانا موزون قد اور بداندام اور بھدا۔
چار شنبہ۔ ف۔ بدھ کا دن۔
چار ضرب۔ ف۔ ایک قسم ہو صوفیون کے ذکر کا
شغل کی۔ اور ایک قسم ہو ساز کے بجانیکی جسکو
ہندی مین چوتالا کہتے ہین۔ اور اصطلاح مین

کنایہ سر اور داڑھی اور بھون اور مونچھ کے
بال منڈا ڈالنے سے جو بعضے قلندر کرتے ہین
چار طاق۔ ف۔ چار گوشہ کا خیمہ وغیرہ
ہندی مین راوٹی بولتے ہین۔
چار طاق افگن۔ ف۔ فراش۔
چارق۔ ت۔ جنگلی لوگون کا ایک قسم کا جوتا
چارقب۔ ت۔ امیرونکا ایک طرح کا لباس
چار گام۔ ف۔ گھوڑا تیز رفتار۔
چار گوشہ۔ ف۔ چوکھونٹی چیز۔
چارم اصطرلاب۔ ف۔ کنایہ قرآن شریف
سے اسلیے کہ بعد توریت اور انجیل اور زبور
کے یہ چوتھی کتاب آسمانی ہو۔
چار مادر۔ ف۔ اربع عناصر۔
چار مرغ خلیل۔ ف۔ کبوتر۔ کوا۔ مرغ یعنی
خروس۔ مور۔ ان چارونکو حضرت ابراہیم نے بموجب
حکم خدا ذبح کرکے انکا گوشت وغیرہ ایک مین
ملاکے پہاڑ پر رکھدیا اور پھر ایک ایک کو بُلایا
بحکم خدا ہر ایک زندہ ہوکر آپکے پاس چلا آیا۔
چار مغز۔ ف۔ اخروٹ۔
چار منزل۔ ف۔ شریعت۔ طریقت۔ معرفت۔ حقیقت
چار موجہ۔ ف۔ گرداب۔ بھنور۔
چار میخ شدن۔ ف۔ نہایت مضبوط ہونا
اور ایک قسم گنہگارونکو سزا دینے کی کہ زمین پر
چت لٹاکے میخون سے ہاتھ پاؤن باندھ دیتے ہین
چاروا۔ ف۔ چرپایہ جانور۔

چارہ۔ ف۔ علاج۔ مدد۔ تدبیر۔ مکر۔ فریب
چاش۔ ت۔ وہ مقام جہان غلہ کو بھوسے
سے صاف کرکے رکھین۔
چاشت۔ ف۔ پہر دن چڑھا ہوا۔ اور
اسوقت کے کھانیکا بھی نام ہو۔
چاشنی۔ ف۔ تھوڑا سا نمونہ کھانے یا شراب کا
چاشنی گیر۔ ف۔ باورچی۔ خانساماں۔
چاق۔ ت۔ تندرست۔ طاقتدار۔ چالاک۔
چاک۔ ف۔ پھٹا ہوا۔ چرا ہوا۔
چاکر۔ ف۔ نوکر۔ خدمتگار۔
چاکران۔ ف۔ یہ لفظ مرکب ہو چاک اور
ران سے اور کنایہ ہو فرج اور دُبر سے۔
چال۔ ف۔ وہ گھوڑا جسکے بال سُرخ اور سفید
ملے ہوے ہون۔ گڑھا۔ کنوان۔ جوے کا
داؤن۔ اور بمعنی چکور جو پرند مشہور ہو۔
چالاک۔ ف۔ چُست۔ تیز۔
چالاکی۔ ف۔ تیزی۔ چُستی۔
چالش۔ ف۔ چلنا۔ حملہ جنگ مین کرنا۔
چالیش۔ ف۔ مٹک کی چال۔ گھمنڈ اور
غرور کی چال۔ اترا کر چلنا۔
چالیک۔ ف۔ لڑکون کے ایک کھیل کا نام
ہو جسکو ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین۔
چامغ۔ ف۔ چاہ عمیق۔ گہرا کنوان۔
چامیدن۔ ف۔ موتنا۔ پیشاب کرنا۔
چانہ۔ ف۔ فک اسفل یعنی ٹھوڑی کی ہڈی

چاؤوش - ت - نقیب لشکر اور قافلہ کا۔
چاویدن - ت - چبانا۔ چڑیونکا غل مچانا۔
چاہ - ت - کنوان -
چاہ زنخ - ت - ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہ کن - ت - ظالم۔ مکار۔ دغاباز۔
چاے - ت - } مشہور پتی ہے جسکو پکا کر پیتے ہین
چا - ت - } اور چاہ ہاے ہوز سے غلط ہے

فصل جیم فارسی مع باے فارسی

چپ - ت - بایان - بائین طرف۔
چپاتی - ت - پتلی روٹی جو توے پر پکاتے ہین پھلکا - یہ لفظ منسوب ہے طرف چپات کے جو بمعنی تماچہ کے ہے اور یہ روٹی بھی ہاتھ کی تھپکی سے بڑھائی جاتی ہے۔
چپ انداز - ت - وہ شخص جو تیر بازگشتی مارے اور اصطلاح مین بمعنی مکار و دغاباز -
چپچلہ - ت - بلند ٹیلہ اور اونچا پشتہ جسپر لڑکے بیٹھ کے چوتڑ کے بل نیچے کھسکتے ہین بطور کھیل کے اور کیچڑ کی زمین جہان پیر رپٹتا ہو۔
چپ دادن - ت - ترک کرنا کسی کام کا۔
چپ رفتن - ت - مخالفت کرنا۔
چپقلش - ت - لڑائی تلوار کی - انبوہ۔
چپکن - ت - انگرکھا ایک قسم کا۔

فصل جیم فارسی مع تاے فوقانی

چتر - ت - چھتری - چھوٹے بال سر کے۔
چتر آبگون - ت - آسمان -
چتر روز - ت - آفتاب -
چتر زدن - ت - ایک ورزش ہے کشتی گیرون کی کہ دونون ہاتھ زمین پر ٹیک کر اُلٹے کھڑے ہوجاتے ہین -
چتر سیمابی - ت - } چودھوین رات
چتر سیمین - ت - } کا پورا چاند۔
چتر عنبرین - ت - اندھیری رات۔
چتر کحلی - ت - آسمان - ابر سیاہ -
چتر نور - ت - سورج - آفتاب -
چتوک - ت - کنجشک - چڑیا -

فصل جیم فارسی - مع خاے معجمہ

چخ - ت - چھری اور تلوار کا میان - جھگڑا - لڑائی - میل - پیپ - چرک -
چخاچخ - ت - آواز تلوار کی بروقت لڑائی کے
چخیدن - ت - لڑائی کی خواہش کرنا - لڑنا کوشش کرنا - تیز تیز سانس لینا - ہانپنا -

فصل جیم فارسی - مع راے مہملہ

چرا - ت - کسواسطے - کیون -
چرا - ت - چرنا - چرانیکی جگہ - چراگاہ -
چراگاہ - ت - چرانیکی جگہ حیوانات کی -
چرازن - ت - چرندہ - چرنیوالا -
چراغ - ت - دیا جسمین بتی جلتی ہے چراغ کرنا - اور اگلے پیر جو گھوڑا اُٹھا دیتا ہے اسکو بھی چراغ کہتے ہین اور اُسکو چراغپا بھی بولتے ہین
چراغ آسمانی - ت - کنایہ بجلی سے -
چراغ برگردن - ت - چراغ روشن کرنا
چراغپا - ت - اگلے پیر گھوڑا جو اٹھالیوے - اور جس چیز پر چراغ رکھین - چراغدان -
چراغ روز - ت - کنایہ چراغ بیفروغ سے اور مراد آفتاب سے بھی -
چراغ سپہر - ت - آفتاب -
چراغ نشستن - ت - بجھ جانا چراغ کا -
چراغوارہ - ت - قندیل - چراغدان -
چرانیدن - ت - چرانا حیوانات کو گھاس چرانا
چرب - ت - غالب ہونا - غالب - چکنا -
چرب آخور - ت - وہ شخص جو ناز و نعمت مین بسر کرتا ہو - فراخی معاش -
چرب پہلو - ت - موٹا - فربہ - اور جسکی نزدیکی سے لوگونکو فائدہ ہو -
چرب دست - ت - چالاک - شیرین دستکار اور ہنرمند -
چرب زبان - ت - جو شخص خوشامد کی باتین بناکر لوگونکا دل اپنی طرف مائل کرے چاپلوسی کی باتین کرنیوالا - فریبیا -
چرب قامت - ت - بلند قد - لمبا خوش قد
چربک - ت - نقاشونکا چربہ - پوری جو گھی مین تلی جاتی ہے - ملائی جو دودھ پر سے اُتاری جاتی ہے -
چربک - ت - دروغ - خوشامد - طعنہ - دل لگی - مسخرگی - شرمندگی - پہیلی - چیستان

چرب و خشک ۔ ف ۔ تھوڑا بہت ۔ برا بھلا ۔ سخاوت بخیلی ۔ سخی بخیل ۔
چربہ ۔ ف ۔ کاغذ چکنا اور باریک ہرن وغیرہ کی جھلی کہ نقاش تصویر یا کسی نقش پر رکھکر سوقلم سے اُس تصویر وغیرہ کا عکس نقش اُتار لیتے ہین ۔ اور ملائی جو دودھ پر پڑ جاتی ہو ۔
چربی ۔ ف ۔ فربہی ۔ مٹاپا ۔
چربیدن ۔ ف ۔ غالب ہونا ۔
چرتہ ۔ ف ۔ آدمی کی کھال کا رنگ ۔
چرخ ۔ ف ۔ آسمان ۔ گریبان جامہ کا ۔ کمان سخت ۔ چرخہ جسمین روئی کاتی جاتی ہو ۔ گرد کسی کے پھرنا ۔ فقیر زنکارات کیوقت گھومنا کنوئین کی گراری ۔ کولھو جسمین تیل پیرا جاتا ہو منجنیق جسمین پتھر رکھ کے کھاکے دشمن کو مارتے ہین ۔ نام ایک پرندہ شکاری کا جسکو چرغ بھی کہتے ہین ۔ اور جو چیز چرخ مارے ۔ کمہار کا چاک ۔ ایک قسم کی اطلس جو ریشمی کپڑا ہوتا ہو ۔
چرخاب ۔ ف ۔ گرداب ۔ بھنور ۔
چرخ انداز ۔ ف ۔ کماندار کو کہتے ہین جو تیر انداز بھی ہو ۔
چرخ آبنوس ۔ ف ۔ آسمان اول ۔
چرخ دولابی ۔ ف ۔ آسمان ۔ آکاس ۔
چرخ ریسک ۔ ف ۔ جھینگر جو رات کو فریاد کرتا ہو ۔
چرخ زرین کاسہ ۔ ف ۔ چوتھا آسمان چونکہ آفتاب وہان پر ہو اسلیے کہتے ہین ۔
چرخ زن ۔ ف ۔ ناچنے والا ۔ پیراک ۔
چرخ فلک ۔ ف ۔ کنایہ عرش اعظم سے ۔
چرخ قبا ۔ ف ۔ اضافت مقلوبی سے معنی قبلے اطلس ۔ اور دامن کا دَور بغیر اضافت مقلوبی کے ۔
چرخ کمان ۔ ف ۔ کمان کا حلقہ ۔
چرخلی زدن ۔ ف ۔ چرخ مارنا اور دشمن پر غالب ہونے کے وقت کشتی گیرون کا خوشی مین ناچنا ۔
چرخ مقوس ۔ ف ۔ کنایہ فلک اول سے عموماً اور فلک البروج یعنی کرسی سے خصوصاً ۔
چرخوک ۔ ف ۔ لکڑی کا لٹو مخروطی شکل کا جسپر لڑکے ڈورا لپیٹ کر گھماکے زمین پر پھینکتے ہین ڈورا کھل جاتا ہو اور وہ لٹو دیر تک گھوما کرتا ہو ۔
چرخہ ۔ ف ۔ سوت کاتنے کا چرخہ ۔ وہ چیز جو برابر دورہ کرے ۔ نام ایک دوا کا جسکو عربی مین سُکاعی کہتے ہین ۔
چرخی ۔ ف ۔ جو چیز برابر چرخ مارتی رہے چنانچہ کبوتر چرخی وغیرہ ۔ اور نام ایک قسم کی اطلس نفیس کا ۔
چرده ۔ ف ۔ بمعنی رنگ ۔ مگر یہ لفظ سیا کے ساتھ مستعمل ہو ۔
چرزہ ۔ ف ۔ حیوان اور آدمی کی کھال ۔
چرس ۔ ف ۔ بروزن قفس ۔ قید خانہ ۔ زندان ۔ شکنجہ یعنی آزار ۔ وہ حوض جسمین انگور جمع کر کے لاتون سے روندتے ہین تاکہ شیرہ اُنکا نکل آوے ۔ وہ چیزین جو فقیر لوگ بھیک مانگ کر جمع کرین ۔
چرسدان ۔ ف ۔ فقیرون کی جھولی جسمین بھیک کی چیزین جمع کرتے جائین ۔
چرغ ۔ ف ۔ ایک جانور شکاری کا نام جو شکرہ کی قسم سے ہوتا ہو ۔ عربی صقر ۔
چرغینہ ۔ ف ۔ بدآدمی رنیچ قوم ۔
چرک ۔ ف ۔ ریم ۔ پیپ ۔ میل آدمی کے بدن کا ۔ میل لوہے وغیرہ کا جو آگ کے ذریعہ سے جدا ہوتا ہو ۔
چرکر ۔ ف ۔ مُغنّی گانیوالا ۔
چرکن ۔ ف ۔ میلا ۔ میل مین لتھڑا ہوا
چرکین ۔ ف ۔ وہ زخم جسمین سے پیپ بہا کرے ۔ اور کنایہ مال دُنیا سے ۔
چرم ۔ ف ۔ چمڑا ۔
چرمدان ۔ ف ۔ کیسہ ۔ تھیلی چمڑے کی ۔
چرمینہ ۔ ف ۔ چمڑے کی چیز ۔
چرندہ ۔ ف ۔ حیوان گھاس چرنیوالا ۔
چرند ۔ ف ۔ حیوان ۔ چوپایہ ۔
چریدن ۔ ف ۔ چرنا ۔ گھاس کھانا ۔

فصل جیم فارسی مع سین مہملہ

چس ۔ ف ۔ گوز بے صدا ۔ ہندی پھسکی ۔

چسپانیدن ۔ ف ۔ چپکانا۔
چسپان ۔ ف ۔ } چپکا ہوا۔
چسپیده ۔ ف ۔ }
چسپیدگی ۔ ف ۔ چپکنا۔
چسپیدن ۔ ف ۔ لپٹنا۔ چپکنا۔
چست ۔ ف ۔ چالاک۔ درست۔ ٹھیک۔ محکم
چستہ ۔ ف ۔ شیردان بکری اور بھیڑ وغیرہ کا
چستہ ۔ ف ۔ حیوانات کا چوتڑ اور ران۔
چستہ خوار ۔ ف ۔ وہ شخص جسکو بے تلاش عمدہ اور مزہ دار کھانے ملا کرین ۔
چستی ۔ ف ۔ چالاکی۔ درستی۔ مضبوطی۔

فصل جیم فارسی مع شین معجمہ

چش ۔ ف ۔ امر ہی چشیدن کا۔ یعنی چکھ اور چشم کا مخفف بھی ہی۔
چشانیدن ۔ ف ۔ چکھانا بطور نمونہ کے کوئی چیز کسی کو کھلانا۔
چشت ۔ ف ۔ نام ایک مقام کا۔
چشتہ خوار ۔ ف ۔ مخفف ہی چاشتہ خوار کا یعنی بغیر محنت مزے دار کھانا کھانیوالا۔
چشم ۔ ف ۔ آنکھ۔ اور کنایہ ہی کسی سوال کو قبول کرنے سے امید۔ توقع چشم زخم۔ اور نام ایک دوا کا جسکو چاکسو کہتے ہین۔
چشمارو ۔ ف ۔ بروزن شفتالو وہ صورت جو نظر بد کے دفعیہ کے واسطے باغ یا کھیت وغیرہ مین بناتے ہین تاکہ نظر بد سے حفاظت ہے

چشم بد ۔ ف ۔ نظر بد۔ بد نظر۔
چشم بلبل ۔ ف ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کو بلبل چشم بھی کہتے ہین ۔
چشم بند ۔ ف ۔ افسون۔ خواب بندی
چشم بندان ۔ ف ۔ وہ لوگ جو منتر پڑھکے کسی کی کیند مٹا دین۔ اور بمعنی مطلق جادوگران اور کنایہ شاعرون سے بھی اسلیے کہ اکثر فکر مضمون مین آنکھین بند کر لیتے ہین ۔
چشم براہ داشتن ۔ ف ۔ انتظار کرنا۔
چشم بر زمین انگندن ۔ ف ۔ شرمندگی یا شرم یا تواضع کی راہ سے آنکھ نیچی کر لینا۔
چشم پوشی ۔ ف ۔ آنکھ چرانا کسی کا عیب چھپانا کسی کی خطا سے درگذر کرنا ۔
چشم بے آب ۔ ف ۔ بیحیا بیشرم ڈھیٹ
چشم بے آب داشتن ۔ ف ۔ بیحیائی کرنا
چشم حستی ۔ ف ۔ ظاہری آنکھ۔
چشمخانہ ۔ ف ۔ آنکھ کا گھر ۔
چشم خروس ۔ ف ۔ گھونگچی ایک دانہ مشہور ہی
چشمداشت ۔ ف ۔ امید۔ بھروسا۔
چشم دریده ۔ ف ۔ شوخ۔ بیحیا۔
چشم را آب دادن ۔ ف ۔ تماشا کرنا چیز مرغوب اور روے محبوب کا دیکھنا۔
چشم رسیدن ۔ ف ۔ نظر بد کا اثر پہونچنا
چشم روشنی ۔ ف ۔ بمعنی مبارکباد ۔
چشم زاغ ۔ ف ۔ آدمی بیحیا ۔

چشم زخم ۔ ف ۔ آزار اور نقصان اور دکھ جو نظر بد کے اثر سے پہونچے ۔
چشم زد ۔ ف ۔ طرفۃ العین جسکو ہندی مین پل کہتے ہین۔ اشارہ کرنا آنکھ سے نظر بد لگنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔
چشم زدن ۔ ف ۔ پلکون کا جھپکانا۔ جاگنا۔ ڈرنا۔ وہم کرنا۔ اشارہ کرنا۔ تھوڑا سا زمانہ جسکو پل کہتے ہین۔ شرم وحیا رکھنا۔
چشم سیاہ ۔ ف ۔ معشوق کی آنکھ کی تعریف بھی ہی اور مراد اندھی آنکھ سے بھی ۔
چشم سفید گشتن ۔ ف ۔ کنایہ بیہوش ہونیسے
چشم سیاہ کردن ۔ ف ۔ حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ طمع کرنا۔ لالچ کرنا ۔
چشم سرخ کردن ۔ ف ۔ عاشق ہونا لالچ کرنا۔ غصہ کرنا ۔
چشم شب ۔ ف ۔ چاند ۔
چشم شدن ۔ ف ۔ ظاہر ہونا۔ روشن ہونا
چشم شور ۔ ف ۔ نظر بد جو فوراً اثر کرے ۔
چشم فرنگی ۔ ف ۔ عینک سے مراد ہی ۔
چشمک ۔ ف ۔ عینک چھوٹی آنکھ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ نام دوا کا ہندی چاکسو ۔
چشم کردن ۔ ف ۔ چشم زخم پہونچانا ۔
چشم گرم کردن ۔ ف ۔ نظارہ کرنا کسی چیز کو رغبت سے دیکھنا۔ تھوڑی دیر سو رہنا۔
چشم گشتہ ۔ ف ۔ احول۔ بھینگا۔

چشم نمائی - ف - دھمکانا - ڈانٹنا -
چشم و چراغ - ف - کنایہ سبب بینائی اور
سرمایۂ بصارت سے - اور مراد فرزند سے -
چشم ورو داشتن - ف - حیا اور شرم رکھنا
چشمہ - ف - پانیکا سوتا - سوئی کا ناکہ -
چشمہا دیدن - ف - کنایہ ہی بہت
بڑے تجربہ سے - آزمودہ کاری -
چشمۂ آتش فشان - ف - آفتاب -
چشمۂ تدبیر - ف - دماغ - حکیم آدمی -
چشمۂ خاوری - ف - آفتاب -
چشمۂ خضر - ف - آبحیات - دہان معشوق -
چشمۂ خون - ف - دل -
چشمۂ روشن - ف - آفتاب -
چشمۂ سار - ف - جہان بہت چشمے ہون -
چشمۂ سوزن - ف - انتہائی بخیلی و کنجوسی -
چشمۂ سیماب - ف - } چاند - سورج -
چشمۂ سیماب ریز - ف - }
چشمۂ قند - ف - معشوق کا دہن -
چشمۂ مغز - ف - دماغ -
چشمۂ نوش - ف - دہان معشوق -
چشمۂ ہور - ف - آفتاب - سورج -
چشیدن - ف - چکھنا -

فصل جیم فارسی مع غین معجمہ

... وہ لکڑی جسکو دہی مین گھماکر ... تے ہین - ہندی رئی - متھنی -

چغ - ف - بیل کی گردن پر کا جوا -
چغار - ف - بیحیا فاحشہ عورت جو گالی بہت بکے -
چغالہ - ف - کچا میوہ -
چغامہ - ف - قصیدہ جو سترہ بیت سے
زیادہ ہوتا ہی کسی کی تعریف مین -
چغان - ف - } ایک قسم کا باجہ ہوتا ہی
چغانہ - ف - } جسکی صورت قریب قریب
ایسی ہوتی ہی جیسے ہندوستان مین ڈفالیون
کا بانہ ہوتا ہی -
چغد - ف - اُلو جو منحوس پرندہ مشہور ہی
اور محل کی دیوار کے کنگرے -
چغر - ف - غوک - مینڈک - اور وہ پھوڑا
جسکا منھ بند ہوا اور اندر ہی اندر پیپ جمع ہو
چغل - ت - چغلی کھانیوالا آدمی - لترا -
چغوک - ف - سرخاب - کنجشک یعنی چڑیا -
چغند - ف - بالونکا جوڑا جو اکثر عورتین
سر کے پیچھے باندھتی ہین -
چغیدن - ف - سعی کرنا - کوشش کرنا -
تیز تیز سانس لینا - ہانپنا -

فصل جیم فارسی مع فا

چفالہ - ف - فوج - پرندونکا غول -
چفت - ف - چست - فربہ - موٹا - دبیز
اور گندہ شی - تنگ چسپان - وہ تھونی
جو شکستہ عمارت کے نیچے لگا دیتے ہین
تاکہ وہ گرے نہین -
چفت - ف - وہ لکڑی جسپر انگور یا کدو وغیرہ
کی بیل چڑھاتے ہین - ہندی مین اسکو
خصوصًا انگور کی بیل چڑھانے والی چیز
کو ٹٹی بولا کرتے ہین -
چفت - ف - دروازہ کی زنجیر - کنڈی -
چفتہ - ف - بکری کی سری - جو چیز خمیدہ
اور کج ہو - تہمت - بہتان - برابر - نزدیک
اور گلی ڈنڈے مین کی لمبی لکڑی جسکو ڈنڈا
کہتے ہین - مکان کا طاق -
چفسیدن - ف - بمعنی چسپیدن چپکنا -

فصل جیم فارسی مع قاف

چق - ف - وہ لکڑی جسکو دہی مین گھماکر
گھی نکالتے ہین - ہندی رئی - متھنی -
چق - ف - بیل کی گردن پر کا جوا -
چقاچق - ف - } تلوار اور تیر کی آواز جو
چقاچاق - ف - } پیاپے آدمی کے بدن
پر پڑنے مین نکلتی ہی -
چقماق - ت - } اُس آلہ آہنی کا نام جسکو
چقمق - ت - } پتھر پر مارکے آگ نکالتے
ہین - اور بمعنی طعنہ اور سرزنش کے بھی
آتا ہی مگر اصطلاحًا اور مجازًا -
چقندر - ف - نام ایک ترکاری مشہور کا
چقوک - ف - کنجشک - چڑیا -

فصل جیم فارسی مع کاف عربی و فارسی

چک - ف - حد کسی چیز کی - قبالہ زمین - باغ -

بیعنامہ۔ فرمان۔ غلہ کو بھوسے سے جدا
کرنیکا آلہ چوبی۔ حصہ۔ وظیفہ۔ مددمعاش
تلوار اور گرز وغیرہ کے پڑنے کی آواز کشتی مین
سخت کے ٹوٹنے کی آواز۔ ٹھوڑی کی ہڈی
چکاچاک۔ ف۔ } ضرب تلوار و تبر و گرز
چکاچاک۔ ف۔ } وغیرہ کی آواز سوتے
مین آدمی کے دانت کرکرانیکی آواز۔
چکاد۔ ف۔ ماتھا۔ پیشانی۔ ڈھال۔
چکاسہ۔ ف۔ خارپشت۔ ساہی۔
چکان۔ ف۔ ٹپکتا ہوا۔
چکاندن۔ ف۔ ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ گرانا
چکاوک۔ ف۔ ایک آواز ہے راگ کی
ایک پرند جانور ہے خوش آواز ہندی
چنڈول اسکے سر پر تاج بھی ہوتا ہے۔
چکرہ۔ ف۔ پانیکا قطرہ ٹپکنا۔
چکس۔ ف۔ جانوران شکاری کے بیٹھنے کا
اڈا۔ اور بمعنی شرمندگی کے بھی آیا ہے
چکسہ۔ ف۔ کاغذ یا پتے مین دوا وغیرہ
بندھی ہوئی۔ ہندی پڑیا۔
چکش۔ ف۔ لوہارونکا ہتھوڑا۔
چکلہ۔ ف۔ قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ پرگنہ۔
چکمہ۔ ف۔ موزہ جو پاؤن مین پہنتے ہین
چکمیزک۔ ف۔ ایک مرض کا نام جسمین پیشاب
قطرہ قطرہ بے اختیار ٹپکا کرتا ہے۔ عربی
مین جسکو تقطیر البول کہتے ہین۔

چکن۔ ف۔ ایک قسم ہے کشیدہ کی یعنی ریشم
یا سوت یا نقرئی تار کا کام جو کپڑے پر
بنایا جاتا ہے۔
چاک و چانہ۔ ف۔ چک بمعنی ٹھوڑی کی
ہڈی اور چانہ بمعنی ٹھوڑی۔ مراد چک چانہ
سے قابلیت اور استعداد۔
چکہ۔ ف۔ قطرہ۔
چکہ۔ ف۔ خرد۔ چھوٹا۔
چکیدہ۔ ف۔ ٹپکا ہوا۔ اور بمعنی گرز۔
چکیدہ خون۔ ف۔ شراب سرخ انگوری۔
چگل۔ ف۔ ایک شہر ہے ترکستان مین وہانکے
حسن خیز آدمی وہانکے بہت حسین ہوتے ہین
چگونگی۔ ف۔ کیفیت حال کہ کسطرح پر ہے۔
چگونہ۔ ف۔ کسطرح۔ کیونکر۔

فصل جیم فارسی مع لام

چل۔ ف۔ امر ہے چلیدن کا یعنی چلا جا۔
یہ مصدر فارسی اور ہندی مین مشترک ہے
چل۔ ف۔ مخفف ہے چہل بمعنی چالیس کا
اور بمعنی احمق اور گنوار کے بھی ہے اور وہ
گھوڑا جسکے اگلے دونون ہاتھ سفید ہون
چل۔ ف۔ آدمی کا عضو تناسل۔
چلاؤ۔ ف۔ پکے ہوے چاول خشکہ۔
چلپاسہ۔ ف۔ چھپکلی۔
چلپچی۔ ت۔ ہاتھ منھ دھونیکا طشت۔
چلتہ۔ ف۔ زرہ۔

چلستان۔ ت۔ وہ جنگل جہان پانی نہ ملے
چلغوزہ۔ ف۔ پھل درخت صنوبر کا ہے
جو میوہ مشہور ہے۔
چلقب۔ ف۔ } چلتہ۔
چلقد۔ ف۔ }
چلہ۔ ف۔ چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ
مین بیٹھکر عبادت کرتے ہین اور چالیس دن
چلی۔ ف۔ حمق۔ بیعقلی۔ بیوقوفی۔
چلی۔ ف۔ نامردی۔
چلیپا۔ ف۔ معرب صلیب کا۔ سولی جو
نصاریٰ لوگ بطور تبرک اپنے پاس رکھتے ہین
اور وہ اس شکل کی ہوتی ہے + اور انکے اعتقاد
مین حضرت عیسیٰ کو اسی سولی پر چڑھایا تھا
چلیدن۔ ف۔ چلنا۔ جانا۔ بھاگنا۔
سزاوار ہونا۔ لائق ہونا۔

فصل جیم فارسی مع میم

چم۔ ف۔ ناز کی چال۔ خرام معشوقانہ۔
پیچ اور خم۔ اور امر ہے چمیدن کا۔
چماق۔ ف۔ گرز لوہے کا جو شش پہلو
ہو۔ اور موٹی لاٹھی جسکا سر گرہ دار ہو
اور مجازاً بمعنی عضو تناسل۔
چمان۔ ف۔ پیالہ شراب کا۔ ناز سے
چلنا۔ نازکی سے اہراکر چلنا۔
چمانہ۔ ف۔ شراب کا پیالہ۔ ناز سے چلنا
مزید علیہ چمان کا جیسے روان اور روانہ

چمانی - ف - ناز سے چلنے والا - اور ساقی -
چمچہ - ت - اسکو قاشق بھی کہتے ہین - اور یہ بھی ترکی ہی چمچہ لفظ مشہور ہی -
چمگرپش - ف - کھیل کود -
چمن - ف - باغ مین وہ خاص مقام جہان طرح طرح کے پھولونکے درخت ہون باغ کا چبوترہ جسکے گرد پھولونکے درخت ہون - باغ کی کیاری - باغ کی روش اور کبھی مراد محفل سے
چمیدن - ف - لچکنا - ناز سے چلنا -
چمین - ف - بمعنی گوہ اور پیشاب اور ان معنوئین (چامین) بھی آیا ہی -

فصل جیم فارسی مع نون

چنار - ف - ولایت مین یہ درخت بہت بڑا ہوتا ہی اور پتے اسکے پنجہ انسان سے مشابہ عمر اسکی ہزار برس کی پھل اسمین نہین ہوتا رات کو اس سے آگ کی چنگاریان جھڑتی معلوم ہوتی ہین معشوق کے منھدی لگے ہاتھ کو اسکے پتے سے تشبیہ دیتے ہین -
چنان - ف - ایسا مثل اسکے اصل اسکی چون آن ہی اور یہ مخفف اسکا ہی -
چناچن - ف - تیر اور تلوار پڑنیکی آواز -
چنانچہ - ف - جیسا کہ -
چنبر - ف - حلقہ - طوق - دف - کمند - دائرہ کا محیط - چرخ مارنا - گھیرا ہر چیز کا - دور آسمان کا -
چنبر بازی - ف - کنایہ چرخ مارنے اور ناچنے سے
چنبر جہاندن - ف - برچھا ہلانا دشمن کے گرد گھوڑے کو کاوہ پر لگانا -
چند - ف - عدد غیر معلوم تین سے نو تک یہ لفظ کبھی واسطے استفہام کے آتا ہی اور کبھی واسطے خبر دینے کے اور بمعنی چند مدت بھی آیا ہی -
چندان - ف - اسقدر - اتنی دیر -
چندانکہ - ف - جتنا کہ - جسقدر کہ -
چندال - ف - چوڑھا - چمار - حلال خور بھنگی - کمینہ اور بمعنی پاسبان بھی آیا ہی -
چنداول - ت - فوج کے کچھ سپاہی جو واسطے حفاظت کے لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہین برخلاف ہراول کے
چندگاہ - ف - کئی دفعہ - کئی بار -
چندلا - ف - چند تہ -
چندمردہ - ف - وہ شخص جو قائم مقام چند شخصونکا ہو -
چندن - ف - صندل اسی کا معرب ہی جو ایک لکڑی خوشبودار مشہور ہی -
چندے - ف - تھوڑا سا - تھوڑی دیر -
چندین - ف - اتنی - اسقدر - اتنا -
چنگ - ف - ایک مشہور باجے کا نام ہاتھی کا آنکس - جو چیز کہ کج ہو - نام کتاب مانی کا جو نگارخانۂ مانی - آدمی کا پنجہ - جانور کا چنگل -
چنگال - ف }
چنگل - ف } پنجہ جانور اور آدمی کا -
چنگلوک - ف - وہ شخص جسکے ہاتھ اور پانون ٹیڑھے اور کج ہون -
چنگی - ف - چنگ بجانیوالا -
چنگیز خان - ف - ترکستان کے ایک بادشاہ عظیم الشان کا نام جو کافر مذہب تھا اور بڑا ظالم
چنگیز نژادان - ف - قوم ازبک کے لوگ -
چنو - ف - مخفف چون او کا -
چنین - ف - مخفف چون این کا -

فصل جیم فارسی مع واو

چو - ف - مانند - اگر - مثل - جب -
چوب - ف - لکڑی -
چوبا - ت - تھونی - بلی - کھم -
چوب تعلیم دہ - ف - وہ لکڑی جس سے معلم لڑکونکو ادب دے - تیلی - اور وہ کھپچی جسکو لڑکا حرفونپر رکھکر انکی شکل پہچان کر پڑھے -
چوبخوار - ف - دیمک - مشہور کیڑا ہی -
چوبدست - ف }
چوبدستی - ف } ہاتھ کی لکڑی - لاٹھی
چوبدار - ف - نوکر جو ہاتھ مین عصا لیکر آگے سواری کے دوڑے -
چوب شکاف - ف - لکڑی چیرنیکی پچر -
چوبک زن - ف - نقارہ بجانیوالا -
چوبکی - ف - چوبدار -
چوب گز - ف - گز اور لکڑی پیمائش کرنیکا گز
چوبہ - ف - کبھی مراد تیر سے ہوتی ہی -

چُوبِین - ف - لکڑی کی چیز منسوب بہ چوب -
چُوبِینہ - ف - لقب بہرام کا جو مصاحب
چُوبِین - ف - اور سردار لشکر ہرمز بن
نوشیروان کا تھا اور یہ لقب اسوجہ سے ہوا
کہ وہ نہایت دُبلا اور خشک اندام تھا - اور
رومال سُرخ رنگ جو سر پر باندھتے ہین -
چوپان - ف - گڈریا - بکریون کا چرواہا -
اور حیوانات کا رکھوالا -
چوترہ - ف - وہ زمین کا قطعہ جو بلند اور
چوکور بناتے ہین ہندی مین چبوترہ کہتے ہین
چوغا - ف - بانو کا موٹا کپڑا سیا ہوا ایک
قسم کا جو فقیرونکا لباس ہی -
چوخیدن - ف - پھسلنا - گر پڑنا -
چُوزہ - ف - مرغی کا بچہ -
چُوزہ رُبا - ف - غلیواج چیل -
چُوشیدن - ف - چُوسنا -
چوگان - ف - ڈنڈا جو ایک سرے پر سے
کج ہو - نقارے کی چوب جسکا سر کج ہو -
چوگان رزم - ف - کنایہ تلوار سے -
چوگان سُنبُل - ف - مراد زلف معشوق سے -
چوگانی - ف - وہ گھوڑا جو چوگان بازی مین
خوب دَوڑے اور عمدہ کام دے -
چُون - ف - چو - مانند - اگر - کیونکر -
چُون وچرا - ف - کیون - کسواسطے - تکرار -
اور حجت کرنا -

چُون وچند - ف - بمعنی کیفیت وکمیت -
چُونی - ف - تو کسطرح پر ہو -

فصل جیم فارسی مع ہاے ہوز

چہ - ف - کیا -
چہ - ف - مخفف چاہ کا - کنوان -
چہا - ف - بمعنی چہ بسیار -
چہار - ف - چار (۴) للعدد
چہار اقلیم ہند - ف - مراد تمام ہندستان
سے اسلیے کہ ہندوستان چار اقلیم مین واقع ہی
چہار باد - ف - چار ہوائین - صبا یعنے
پُروا ہوا - دَبُور - یعنے پچھوا ہوا - شمال یعنی
اُتر کی ہوا - جنوب یعنی دکھن کی ہوا -
چہار تارہ - ف - نام ایک باجہ کا -
چہار دانگ - ف - پورب اور پچھم اور
اُترا ور دکھن یعنی چار جہت دُنیا کی -
چہار بالش - ف - اسکے چار معنی ہین اول
تخت اور مسند جس پر بادشاہ اور امیر لوگ
بیٹھین - دوئم عناصر اربعہ یعنی آگ - پانی
ہوا - خاک - سوئم دنیا اور عالم - چہارم چارون
طرفین یعنی پورب پچھم - اُتر - دکھن -
چہار دریچہ - ف - کنایہ ہی کان - آنکھ -
ناک دہن یعنی مُنھ سے -
چہاردہ - ف - چودہ (۱۴) للعدد
چہار دہم - ف - چودھوان - ۱۴
چہار سُو - ف - چار طرفین - پورب پچھم

اُتر دکھن -
چہار زبان - ف - وہ شخص جو اپنی ایک بات
پر قائم نہ رہے - اور ہر لحظہ دوسری بات کہے -
چہار شنبہ - ف - بُدھ کا دن -
چہار طاق - ف - ایک قسم کا خیمہ ہوتا ہی
جسکو ہندی مین راوٹی کہتے ہین -
چہار طبع - ف - گرمی - سردی - خشکی - تری -
چہار گاہ - ف - ایک قسم ہی راگ کی -
چہار گوشہ - ف - ہر چیز مربع اور چوکھونٹی
عموماً اور تابوت مردہ کا خصوصاً -
چہارُم - ف - چوتھا ۴
چہار میخ حیات - ف - کنایہ اربع عناصر سے
چہار موجہ - ف - گرداب - بھنور -
چہبچہ - ف - کنوئین وغیرہ کے نزدیک ایک گڑھا
بنا دیتے ہین تاکہ خراب پانی اُسمین جمع ہوا کرے
چہ بیژن - ف - وہ کنوان جسمین بیژن نام
پہلوان گیو کے بیٹے رستم کے بھانجے کو افراسیاب نے
قید کیا تھا اس جرم پر کہ وہ منیژہ افراسیاب کی بیٹی
پر عاشق ہوا تھا - آخر رستم نے چھڑایا -
چہچہہ - ف - بروزن قہقہہ - بلبل وغیرہ
چڑیونکے چہکنے اور بولنے کی آواز -
چہر - ف - مخفف چہرہ کا -
چہرہ - ف - صورت - مُنھ - روے آدمی -
چہرہ پرداز - ف - مصوّر -
چہرہ خیر - ف - روشن - صاف -

چہرزاد - ف - نام ہما دختر بہمن بادشاہ کا جسکو بہمن موجب اپنی شریعت کے نکاح مین لایا اور داراب اُس سے پیدا ہوا - اور نام دختر افراسیاب کا بھی -
چہرہ شدن - ف - } لڑنے کے لیے اُٹھنا
چہرہ گردیدن - ف - } حریف کا مقابل ہونا
چہرہ کشائی - ف - نقاشی - مصوری -
چہ زُہرہ - ف - برج سنبلہ سے مراد ہو -
چہل - ف - چالیس - (۴۰) للعہ
چہلم - ف - چالیسوان - پلہ
چہل تنان - ف - گروہ ابدال - یہ اولیاء اللہ چالیس ہین تمام عالم مین -
چہ مُزد کرد - ف - یعنی کیا حاصل کیا -
چہ مُزد کرد کہ او نہ خواہد کرد - ف - یہ مثل اُس مقام پر کہتے ہین کہ جب بڑے سے ایک کام نہو سکا اور چھوٹے نے اُس کا ارادہ کیا جیسے بادشاہ چہ مزد کرد کہ وزیر نہ خواہد کرد -

فصل جیم فارسی مع یاے تحتانی

چی - ت - بمعنی دارندہ یعنی رکھنے والا -
چیچک - ت - آبلہ - نام بیماری مشہور کا جسکو سیتلا کہتے ہین -
چیخ - ف - یاے مجہول سے بروزن میخ وہ شخص جسکی آنکھونکی بوجہ مرض کے پلکین جھڑ گئی ہون
چیدن - ف - چُننا - چُگنا -
چیرہ - ف - غالب - بہادر - شجاع - غالب ہونا - تسلط پانا - اور ہندی مین پگڑی -
چیرہ بند - ف - وہ شخص جو رنگین اور منقش پگڑی باندھے - دستار بند - اور اسکی ترکیب بطور فارسی کے بنائی ہو - ہندی مین چیرہ بند کنواری عورت کو کہتے ہین -
چیرہ دست - ف - دستکار اچھا کاریگر غالب - زبردست - سرکش -
چیرہ دستی - ف - زبردستی - غلبہ - سرکشی -
چیز - ف - شے - کچھ -
چیز لیز - ف - } تھوڑی سی چیز - اندک و
چیز میز - ف - } قلیل - اوچھی پونجی -
چیست - ف - کیا ہو -
چیستان - ف - اصل اسکی چیست آن ہو ہندی پہیلی -
چیک چیک - ف - پرندونکی آواز -
چیلدو - ت - یاے معروف اور واو مجہول سے بمعنی انعام -
چین - ف - شکن - بل - چُرس نام ملک کا -
چین برابرو افگندن - ف - غصہ سے بھون پر بل ڈالنا اور کنایہ بوڑھا ہونیسے
چین کُشاد - ف - غصہ جاتا رہا تنگدلی اور کنجوسی مٹ گئی -
چینہ - ف - پرند جانور جو دانہ چُن چُن کر کھاتے ہین اُسکو چینہ کہتے ہین - اور دیوار کے ردّے کو بھی کہتے ہین -
چینہ دان - ف - } پوٹا جسمین جانور دانہ
چینہ دانہ - ف - } کھا کر جمع کرلیتا ہو -
چینی - ف - چین کی چیز - چین کا آدمی -
چینی پرند - ف - چادر منقش اور پھولدار -

باب حاے مہملہ

فصل حا - مع الف

حاتم - ع - نام ایک مشہور سخی کا -
حاتم اصمّ - ع - نام ایک مشہور ولی کامل کا -
حاجّ - ع - تشدید جیم سے صیغہ اسم فاعل کا ہو بمعنی حج کرنیوالا - اور جمع حاجی کی بحذف یاے نسبت جیسے روم اور یہود جمع رومی اور یہودی کی ہو مگر فارسی مین تخفیف جیم یعنی بغیر تشدید آتا ہو -
حاجب - ع - دربان - پردہ کرنیوالا - چوبدار - پردہ دار - ابرو یعنی بھون -
حاجت - ع - خواہش - ضرورت -
حاجز - ع - مانع اور حائل درمیان دو چیز کے - نام ایک منزل کا راہ مکہ مین -
حاجی - ع - منسوب طرف جماعت حاجیون کے مگر فارسی مین بغیر تشدید آتا ہو -
حاجّہ - ع - حج کرنیوالی عورت -
حادّ - ع - تیز - تند -
حادث - ع - نئی چیز جو پہلے نہو -
حادثہ - ع - واقعہ نو پیدا - مصیبت -
حاذق - ع - زیرک - دانا - اُستاد کام مین

حاتر ۔ گرمی کرنیوالا۔
حارث ۔ع۔ شیر درندہ ۔ زراعت کرنیوالا نام ہشام کے بیٹے کا کہ سرداران عرب سے تھا۔
حارس ۔ع۔ نگہبان ۔ پاسبان ۔
حارّہ ۔ع۔ کشت زار ۔
حازم ۔ع۔ دانا۔ ہوشیار ۔ دور اندیش۔ پیش بین ۔ استوار ۔
حاسد ۔ع۔ حسد کرنیوالا ۔ ڈاہ رکھنے والا
حاسر ۔ع۔ برہنہ ۔ اور وہ شخص جسکے پاس جنگ مین خود اور زرہ اور سپر ہو۔
حاسہ ۔ع۔ نام ایک قوت کا جو چیزون کو معلوم کرتی ہی مثل سامعہ باصرہ ۔ لامسہ وغیرہ کے اور اسکی جمع حواس ہی۔
حاشا ۔ع۔ دوری ۔ پاکی ۔ ہرگز ۔ سوا ۔ پناہ ۔ خالی ۔ مگر ۔ اور نام جنگلی پودینہ کا ۔
حاشیہ ۔ع۔ کنارہ ۔ نوکر ۔ خدمتگار ۔ شترجوان
حاشیہ نشین ۔ ف ۔ نوکر عزت دار ۔
حاشا للہ ۔ع۔ م پاکی اور دوری ہی خدا کو
حاش للہ ۔ع۔ انکا استعمال مقام انکار مین ہی
حاوند ۔ع۔ کھیتی کاٹنے والا ۔
حاصل ۔ع۔ نتیجہ ۔ مطالب ۔
حاضر ۔ع۔ موجود سامنے ہونیوالا ۔ آگاہ ۔
حاضرہ ۔ع۔ شہر ۔ قصبہ ۔ گانون ۔
حاضری ۔ع۔ مراد ہی احضر سے یعنے وہ طعام جو موجود ہو ۔ موجودگی ۔

حافد ۔ع۔ یار ۔ دوست ۔ خدمتگار ۔ پوتا ۔ نواسا ۔ داماد ۔ سالا ۔ سسرا ۔
حافر ۔ع۔ سم گھوڑیکا ۔ کھودنیوالا کنوئین وغیرہ کا ۔ حوافر اسکی جمع ہی۔
حافرہ ۔ع۔ اول ہر چیز کا ۔ حالت اصلی ۔ اول خلقت جسپر پیدا ہوا ۔ گھوڑیکا سم ۔
حافظ ۔ع۔ حفظ کرنیوالا ۔ قرآن شریف جسکو یاد ہو ۔ فارس کے لوگ مطرب اور قوال کو حافظ کہتے ہین
حافظہ ۔ع۔ قوت یاد رکھنے کی ۔
حافی ۔ع۔ برہنہ پا ننگے پانون والا ۔
حاق ۔ع۔ درمیان کسی چیز کا بیچ ۔ وسط
حاقہ ۔ع۔ قیامت ۔
حاکم ۔ع۔ حکم کرنیوالا ۔ والی ملک کا ۔
حاکہ ۔ع۔ جمع حائک بمعنی جولاہے کی ۔
حاکی ۔ع۔ حکایت کرنیوالا ۔ بات کرنیوالا
حال ۔ع۔ موجود زمانہ ۔ اور فارسیونکی اصطلاح مین بمعنی رقص اور وجد کے بھی ہی
حالا ۔ ف ۔ ابھی ۔ اسیوقت ۔
حالات ۔ع۔ جمع حال کی ۔
حالب ۔ع۔ دودھ دوہنے والا ۔ اور ایک رگ ہی ران مین ۔
حالت ۔ع۔ حال واردات ۔ سانحہ ۔
حال کردن ۔ ف ۔ وجد کرنا ۔
حال گردیدن ۔ ف ۔ متغیر ہونا حال کا

حالی ۔ع۔ جلد ۔ فی الحال ۔ ابھی اور وہ شخص جو زیور سے آراستہ ہو ۔
حام ۔ع۔ نام ہی نوح علیہ السلام کے بیٹے کا جنکی نسل سے حبشی پیدا ہوے ۔
حامد ۔ع۔ تعریف کرنیوالا ۔
حامض ۔ع۔ کھٹا ۔ ترش ۔
حامل ۔ع۔ بوجھ اٹھانیوالا
حاملات ۔ع۔ بوجھ اٹھانیوالیان ۔ اور پیٹ والی عورتین ابر پانی سے بھرے ہوے
حامل وحی ۔ع۔ جبرئیل علیہ السلام ۔
حاملہ ۔ع۔ عورت پیٹ والی یعنی جسکے پیٹ مین بچہ ہو ۔
حامی ۔ع۔ حمایت کرنیوالا نگاہ رکھنے والا سوزان ۔ نہایت گرم ۔ جلتا ہوا
حامیہ ۔ع۔ وہ لوگ جو اپنی قوم کی حمایت اور مدد کرین اور شی نہایت گرم دہکتی ہوئی
حانث ۔ع۔ قسم توڑنیوالا ۔ گنہگار ۔
حانوت ۔ع۔ دکان ۔
حاوی ۔ع۔ گھیرنیوالا ۔ احاطہ کرنیوالا
حاویہ ۔ع۔ گھیرنیوالی عورت ۔ جو عورت کسی چیز وغیرہ پر حاوی ہو ۔
حائر ۔ع۔ سرگشتہ ۔ حیران ۔ لاغر ۔ دبلا پانیکا بھنور ۔ وہ موضع جہان امام حسین کا مشہد واقع ہی ۔
حائض ۔ع۔ وہ عورت جو بحد حیض پہنچی ہو

حائضہ - ع - وہ عورت جسکو حیض آیا ہو -
حائط - ع - دیوار -
حائب - ع - گنہگار -
حائک - ع - جولاہہ - کپڑا بُننے والا -
حائل - ع - باز رکھنے والا - درمیان دو چیز کے مانع آنیوالا - بیچ مین آنیوالا -

فصل حا - مع باے موحدہ

حَبّ - ع - گوی - دانہ -
حُبّ - ع - محبت - دوستی -
حِبا - ع - بخشنا - بخشش کرنا -
حَباب - ع - بُلبلہ پانی کا -
حِباب - ع - دوستی کرنا -
حُباب - ع - بُلبلہ پانی کا - دوستی - اور بمعنی سانپ اور دیو کے بھی آیا ہو -
حَبّات - ع - جمع حبّہ کی - دانے - گولیان -
حباحب - ع - کرم شب افروز - جگنو -
حُباری - ع - ایک پرند کا نام جو برابر مرغابی کے ہوتا ہو رنگ اسکا سیاہ و زرد و فارسی مین اسکو چرز کہتے ہین -
حِباک - ع - راہ - بالو کا ٹیلہ - پانی کی لہرین زرہ کی کڑیان - گھونگروالے بال -
حَبّال - ع - رسّی بٹنے والا -
حِبالہ - ع - جال - پھندا - رسّی -
حُبالی - ع - پیٹ والی عورتین جمع حُبلی کی -
حبائل - ع - زنان حاملہ پیٹ والی عورتین یہ جمع الجمع حُبلی کی ہو اسلیئے کہ حُبلی کی جمع حُبالی اور حُبالی کی جمع حبائل - اور جمع حبالہ بمعنے رسن و دام کی یعنی رسیان اور پھندے -
حبائل شیطان - ف - کنایہ زنان فاحشہ سے -
حبّذا - ع - بہت اچھا بہت خوب ہو - بہتر -
حِبر - ع - سیاہی دوات کی - عقلمند - نیکوکار -
حَبس - ع - قید - بند -
حَبش - ع - حبشیون کا ملک - اور مراد بت سے -
حَبَشہ - ع - گروہ حبشیون کا -
حَبَشی - ع - منسوب طرف حبش کے -
حَبط - ع - ناچیز ہونا - معدوم ہونا - باطل ہونا ثواب جانا - ہنا -
حَبک - ع - کپڑے کا اچھا بُننا - کسی چیز کا اچھا اور مضبوط بنانا - کاتنا - گردن انا -
حُبُک - ع - جمع حباک کی جسکے معنی اوپر گذرے اور ذوالحبک مراد آسمان سے -
حَبل - ع - رسّی - باگڈور - رگ -
حَبَل - ع - عورت کا حمل -
حبل الورید - ع - رگ گردن -
حبل الذراع - ع - ایک رگ ہو ہاتھ مین -
حبل المتین - ع - مضبوط رسّی - اور اکثر مراد قرآن شریف سے ہوتی ہو -
حُبلیٰ - ع - پیٹ والی عورت - حاملہ -
حُبوب - ع - جمع حَبّ کی - دانے جیسے گیہون جو - چنا - اور گولیان -
حُبور - ع - خوش کرنا - خوش ہونا -
حُبوط - ع - باطل ہونا ثواب اور کام کا -
حبّہ - ع - دانہ - گولی - ایک رتّی کا وزن -
حبیب - ع - دوست - معشوق - یار -

فصل حا - مع تاے فوقانی

حتّیٰ - یہانتک - یہانتک کہ -
حتف - ع - مرگ - موت -
حتک - ع - دوڑ کر چلنا -
حتم - ع - استوار کرنا - حکم کرنا - کام کا واجب کرنا - کسی پر ارادہ کا مضبوط کرنا -
حتن - ع - گرمی کا تیز ہونا - مانند برابر - نزدیک بکسر اول بھی آیا ہو -
حتو - ع - بہت تیزی کے ساتھ دوڑنا -

فصل حا - مع جیم

حج - ع - ارادہ کرنا - کسی چیز کا - حجت مین غالب ہونا - طواف کعبہ کرنا موسم مقرر پر کسی کے پاس بہت آمدورفت کرنا -
حجاب - ع - پردہ -
حُجّاب - ع - جمع حاجب یعنی پردہ دار دربان -
حجابت - ع - پردہ داری دربانی - ایلچی گری -
حُجّاج - ع - جمع حاج کی حج کرنیوالے لوگ -
حَجّاج - ع - بہت حجت کرنیوالا - اور لقب ایک بادشاہ ظالم کا جسکو حجاج بن یوسف ثقفی کہتے ہین - لکھا ہو کہ اس ظالم نے ستر ہزار آدمیون کو ناحق قتل کیا ہو -

حجاج ۔ع۔ ایک دوسرے پر حجت لانا۔
حجاز ۔ع۔ ملک جسمین مکہ مدینہ طائف اور وہ زمین جو درمیان نجد اور غور کے واقع ہو شامل ہین۔ اور نام ایک مقام موسیقی کا۔
حجام ۔ع۔ پچھنے لگانیوالا شخص جو بعد پچھنے لگانیکے سینگی سے خون کھینچتا ہے۔
حجال ۔ع۔ جمع حجلہ کی جسکے معنی آگے مذکور ہین
حجامت ۔ع۔ پچھنے لگاکر سینگی سے خون کھنچوانا
حجب ۔ع۔ پردے جمع حجاب کی۔
حجت ۔ع۔ دلیل۔ برہان۔ غلبہ۔
حجج ۔ع۔ جمع حجت کی۔
حجج ۔ع۔ جمع حجہ بمعنے سال کی۔
حجر ۔ع۔ حرف اول کو تینون حرکتین۔ باز رکھنا کسی شخص کو اسکے تصرف سے اور بمعنی حرام
حجر ۔ع۔ سنگ۔ پتھر۔ جمع اسکی احجار ہے۔
حجر ۔ع۔ خرد۔ عقل۔ دیوار کعبہ حطیم کے اندر اتر طرف کی۔
حجر ۔ع۔ جمع حجرہ کی۔ کوٹھریان۔
حجر ۔ع۔ کنارہ۔ بغل۔
حجر الاسود ۔ع۔ کالا پتھر۔ اور ایک پتھر ہے کعبہ مین جسکا چھونا باعث دور ہونے گناہ کا ہے
حجرہ ۔ع۔ کوٹھری۔
حجرات ۔ع۔ جمع حجرہ کی۔ کوٹھریان۔
حجل ۔ع۔ کبک۔ چکور۔ مشہور پرند ہے۔
حجلہ ۔ع۔ وہ مقام جو دلہن کیلیئے مثل خیمے کے بناتے ہین اور آرایش سے آراستہ کرین دلھن کا چھپر کھٹ فارسی مین فتح اول اور سکون دوم سے مستعمل ہے مگر حرف اول کو ضمہ محض غلط ہے
حجم ۔ع۔ جسامت۔ جثہ۔ موٹائی۔ ڈل۔ پستان کا ابھرنا۔ ہر چیز کی اٹھان۔
حجون ۔ع۔ آدمی سست اور کاہل۔
حجہ ۔ع۔ ایکبار حج کرنا۔ اور بمعنی سال۔
حجی ۔ع۔ عقل۔ کنارہ کسی چیز کا۔
حجی ۔ع۔ حریص ہونا۔ لالچی ہونا۔ بخیل ہونا۔ ملازم ہونا۔ پانی کے بلبلے۔ حباب۔
حجیز ۔ع۔ یاے مجہول سے امالہ حجاز کا جسکے معنی اوپر گذرے۔

فصل حا مع دال مہملہ

حد ۔ع۔ انتہا۔ کنارہ۔ فاصلہ دو چیز کا۔ گنہگار کو سزا دینا اور مارنا تا کہ پھر گناہ نہ کرے۔ تیزی ہر چیز کی۔ غصہ۔ غضب۔ باز رکھنا۔ اندازہ کرنا۔ جدا کرنا ایک چیز کا دوسری چیز سے۔ اور منطق کی اصطلاح مین تعریف شی کی اسکی ذاتیات سے کرنا جیسے تعریف انسان کی ساتھ حیوان ناطق کے کرنا۔
حدا ۔ع۔ } وہ گیت جو شتربان اونٹ کو
حدی ۔ع۔ } ہانکتے وقت گاتے ہین اور اونٹ اُس سے مست ہوکر تیز چلتا ہے۔
حداثت ۔ع۔ نیاپن۔ نوجوانی۔ تازگی۔ شروع ہر چیز کا۔
حداثت سن ۔ع۔ طفلی۔ خردسالی۔
حداد ۔ع۔ لوہار۔ آہنگر۔ زندان بان۔
حداد ۔ع۔ تیز چیزین۔ سیاہ کپڑے ماتم کے یعنی ماتمی کپڑے پہننا۔ اور جمع حدید کی بھی ہے۔
حدائق ۔ع۔ جمع حدیقہ کی وہ باغ جنمین درخت بہت ہون اور جنکے گرد دیوار ہو۔
حدایج ۔ع۔ عورتونکی سواریان پردہ دار مثل عماری وڈولی وغیرہ کے جمع حدج کی۔
حدب ۔ع۔ پیٹھ کا کوبڑ۔ کبڑاپن۔ ٹیلہ۔
حدب ۔ع۔ مہربانی کرنا۔
حدبہ ۔ع۔ پیٹھ کا کوبڑ۔
حدت ۔ع۔ تیزی۔ تندی۔
حدۃ ۔ع۔ تنہا رہنا۔ تنہائی۔ اسی سے ہے علاحدہ جو بمعنی الگ کے مستعمل ہے اصل اسکی علی حدۃ ہے یعنی اوپر تنہائی کے۔
حدث ۔ع۔ بے وضو ہوجانا۔
حدث ۔ع۔ لڑکا۔ امرد۔ نوجوان اور نیز قصہ اور افسانہ کے بھی آتا ہے۔
حدثات ۔ع۔ لڑکیان نوجوان۔
حدثان ۔ع۔ نوجوان لڑکے۔
حدثان ۔ع۔ ابتدا کسی چیز کی۔
حدثان ۔ع۔ واقعہ۔ سانحہ۔ حادثہ۔
حدج ۔ع۔ اونٹ پر کجاوہ و خواہ بوجھ کسکے باندھنا۔ کسی پر تہمت لگانا۔
حدج ۔ع۔ عورتونکی سواری پردہ دار مثل

ڈونی وغیرہ کے۔

حَدَج ۔ع۔ اندرائن کا پھل۔

حَدَر ۔ع۔ اوپر سے نیچے آنا۔ بلندی سے پستی مین لانا۔ جلدی کرنا۔ لکڑی کی مار پڑنے سے کھال کا ورم کر آنا۔ موٹا اور دلدار ہونا۔

حَدَر ۔ع۔ وہ مقام جہان سے نیچے آئین۔ جاری ہونا آنسو کا آنکھ سے۔

حَدس ۔ع۔ دانائی دریافت کرنا۔ فراست

حَدَق ۔ع۔ آنکھون کی سیاہیان۔ حدقہ کا جمع ہے۔ اور معنی بادنجان یعنی بینگن کے بھی آیا ہے

حَدَقہ ۔ع۔ آنکھ کی سیاہی۔

حُدُوث ۔ع۔ نیا پیدا ہونا کسی چیز کا اور یہ صفت مخلوقات کی ہے۔

حُدُود ۔ع۔ حد کی جمع ہے۔

حَدُور ۔ع۔ جائے نشیب۔ پست مقام۔

حُدَیبیہ ۔ع۔ نام ایک موضع کا کہ مکہ سے دو فرسخ پر ہے جہان حضرت رسول مقبول صلعم نے قریش کے ساتھ صلح فرمائی تھی۔

حَدِیث ۔ع۔ خبر۔ بات۔ نئی چیز۔ اور ارشاد حضرت رسول صلعم کا۔

حَدِید ۔ع۔ تیز چیز۔ لوہا۔

حَدِیقہ ۔ع۔ وہ باغ جسمین درخت خرما وغیرہ بکثرت ہون اور گرد اسکے چہار دیواری گھری ہوئی ہو اگرچہ کہ انگور وغیرہ ہی کی ہو۔ اور نام ایک گانو کا جو قریب مدینہ منورہ کے واقع ہے

فصل حا۔ مع ذال معجمہ

حِذاء ۔ع۔ برابر۔ مقابل۔

حِذار ۔ع۔ ڈرنا۔ خوف۔

حِذاق ۔ع۔ دانا ہونا۔ عقلمند ہونا۔

حَذاقت ۔ع۔ عقلمند ہونا۔ خوب بانت کرنا۔ دانائی۔ عقلمندی۔ کام مین اُستاد ہونا۔

حَذَر ۔ع۔ پرہیز کرنا۔ ڈر۔ اندیشہ۔

حَذِر ۔ع۔ ڈرنیوالا۔ ترسان۔

حَذف ۔ع۔ گرا دینا۔ ڈالدینا۔ دور کرنا۔ ایک حرف کا کسی کلمہ سے۔

حِذق ۔ع۔ عقلمندی۔

حُذُل ۔ع۔ پیراہن۔ ازار۔

حَذو ۔ع۔ دو چیز کو باہم برابر کرنا۔

حَذور ۔ع۔ } ڈرنیوالا۔ خوفناک۔
حَذِیر ۔ع۔ }

حُذَیفہ ۔ع۔ نام ایک بڑے صحابی رسول صلعم کا

فصل حا۔ مع رائے مہملہ

حَرّ ۔ع۔ گرمی۔ گرم ہونا۔ زمین پتھریلی۔

حِرّ ۔ع۔ عورت کی شرمگاہ۔

حُرّ ۔ع۔ آزاد جو غلام نہو۔ غلام جو آزاد ہوگیا ہو۔ برگزیدہ ہر شے مین۔ کبوتر۔ سانپ۔ ہرن کا بچہ۔ گھوڑا۔ نیک اور اچھا۔ اچھا کام۔

حِرا ۔ع۔ مکہ معظمہ مین ایک پہاڑ کا نام جسکے غار مین حضرت رسول صلعم نے نبوت سے پہلے عبادت خدا کی چند روز فرمائی تھی۔

حِراب ۔ع۔ جمع حَرب بمعنی جنگ کی۔

حُرّاث ۔ع۔ جمع حارث بمعنی کسان کی

حِراثت ۔ع۔ کھیتی کرنا۔ زراعت کرنا۔

حَرارت ۔ع۔ گرمی۔ آنچ۔

حَرارت عزیزی ۔ع۔ اصلی گرمی جو روح کی اصلی حرارت سے بدن مین ہوتی ہے اور یہ ایک بخار لطیف ہے جو دل کے خون سے اُٹھتا ہے اور تمام رگون اور پٹھون مین پھیلتا ہے۔

حَرارت غریبی ۔ع۔ خارجی گرمی جو بسبب کسی مرض وغیرہ کے بدن مین پیدا ہوجائے۔

حَرارہ ۔ع۔ ناچنا۔ نقارے اور دف وغیرہ کو آگ سے سینکنا۔ چند ساز سے ایک آواز ملکر نکلنا۔ چند گلون سے آدمیون کے ایک آواز ملکر نکلنا۔ آدمیون کا شور وغل۔

حُرّاس ۔ع۔ جمع حارس بمعنی پاسبان کی

حِراست نگہبانی۔ محافظت۔

حَرافت ۔ع۔ تیز مزہ ہونا کسی چیز کا۔

حُراق ۔ع۔ } سوت وغیرہ کا سوختہ جسپر چقماق
حُراقہ ۔ع۔ } اور پتھر سے آگ جھاڑتے ہین

حَرّاق ۔ع۔ خوب جلانیوالا۔

حَرام ۔ع۔ منع کرنا۔ روکا گیا۔ ناروا۔ ناشایستہ۔ ناجائز۔

حرام توشہ ۔ف۔ نمکحرام۔ حرام خوار۔

حَرّان ۔ع۔ بہت تشنہ۔ پیاسا۔ نام ایک شہر کا شام مین جسمین زرتشت پیدا ہوا تھا۔

حَرَامی ۔ ف ۔ چور۔ دزد۔ راہزن جمع اسکی حرامیان لاتے ہین ۔
حَرْب ۔ ع ۔ لڑائی۔ جنگ۔ نام ایک مرد کا۔
حَرَب ۔ ع ۔ غصہ مین ہونا۔ کسی کا مال لے لینا۔
حِرْبا ۔ ع ۔ گرگٹ جانور مشہور ہی۔
حَرْبگاہ ۔ ف ۔ جنگ کا میدان ۔
حَرْبہ ۔ ع ۔ لڑائی کا ہتھیار ۔
حَرْث ۔ ع ۔ بونا۔ کھیتی کرنا۔ آگ روشن کرنا۔ مال جمع کرنا۔ قرآن پڑھنا۔ چوپایہ کا دُبلا کر دینا۔ بسبب بہت ہانکنے کے۔ عقلمند ہونا۔
حَرَج ۔ ع ۔ تنگی۔ سختی۔ گناہ ۔
حِرْز ۔ ع ۔ پناہ کی جگہ۔ جائے اُستوار۔ اور مجازاً بمعنے تعویذ کے مستعمل ہی ۔
حَرْس ۔ ع ۔ نگہبانی کرنا۔
حَرَس ۔ ع ۔ نگہبانان۔ محافظ لوگ ۔
حِرْص ۔ ع ۔ لالچ۔ طمع۔ آرزو۔
حَرَض ۔ ع ۔ وہ بیماری جو عشق یا کسی اور غم سے ہو۔ مرض موت کا۔ فساد مذہب۔ عقل کا فساد۔ نام ایک شہر کا یمن مین ۔ وہ شخص جو ہتھیار نہ باندھے اور جنگ کرے۔ گرا ہوا آدمی جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ وہ شخص جس سے اُمید نیکی کی نہ ہو۔
حَرْف ۔ ع ۔ سخن۔ کنارہ تلوار کی دھار۔ عیب۔ طرف۔ خالص۔ اور نحو یونکی اصطلاح مین وہ لفظ جسکے معنی بغیر ملائے دوسرے کلمہ کے حاصل ہون جیسے عربی مین۔ مِنْ۔ عَلٰی وغیرہ اور فارسی مین از۔ بر وغیرہ ۔ حرف تہجی ۔
حُرْف ۔ ع ۔ حَبُّ الرَّشاد۔ فارسی سپندان ہندی ہالون ۔ ترہ تیزک کے تیج ۔
حِرَف ۔ ع ۔ پیشہ کرنا۔ کسب کرنا ۔
حِرَف ۔ ع ۔ جمع حِرْفَہ بمعنے پیشہ کی۔
حَرْفِ بارگیر ۔ ف ۔ وہ حرف جو کسی شخص کا تکیہ کلام ہو ۔
حَرْفِ چگشی ۔ ف ۔ کڑی بات سخت کلام اسلیے کہ چکش ترکی مین ہتوڑے کو کہتے ہین ۔
حَرْف در کار کسے کردن ۔ ف ۔ کسی کے قول مین عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا ۔
حَرْف زدن ۔ ف ۔ بات کرنا ۔
حَرْف قالبی ۔ ف ۔ کسی سے سنی ہوئی بات بغیر معنے اور مطلب سمجھے ہوے بیان کرنا ۔
حَرْف گیر ۔ ف ۔ نکتہ چین عیب نکالنے والا ۔
حَرْفِ گلوسوز ۔ ف ۔ کڑی بات سخت کلام
حِرْفَہ ۔ ع ۔ }
حِرْفت ۔ ع ۔ } پیشہ۔ کسب ۔
حَرْق ۔ ع ۔ جلنا۔ غصہ سے دانت کٹکٹانا ۔ کسی چیز کا کسی چیز پر گھسنا ۔
حُرْق ۔ ع ۔ آگ۔ آگ کا شعلہ ۔
حَرِق ۔ ع ۔ وہ شخص جسکے اعضا پھٹے ہوے ہون ۔ وہ ابر جسمین سخت بجلی ہو ۔
حُرْقَت ۔ ع ۔ سوزش۔ جلن ۔
حَرَکات ۔ ع ۔ جمع حَرَکت کی۔ فارسی کی نظم مین اکثر بسکون حرف دوم آتا ہی ۔
حَرَکاتِ نفسانی ۔ ع ۔ وہ حرکتین جنسے روح کو حرکت کرنا پڑے جیسے غضب۔ لذت خوشی۔ خوف۔ بیقراری۔ رنج۔ غم۔ شرمندگی۔ فکر۔
حَرَکت ۔ ع ۔ جنبش۔ یہ لفظ بسکون حرف دوم غلط ہی اور جس کسی اُستاد نے اپنی نظم مین بہ سکون حرف دوم باندھا ہی اچھا نہین کیا اور نہ اُسپر عمل ہو سکتا ہی۔ ملا فوقی ۔ ف زبس خوش حرکت و شیرین ادا بود ＊ کہ گر میداد تیزی خوشنما بود ۔
حَرَکتِ مذبوحی ۔ ع ۔ کنایہ تھوڑی جنبش بکار سے
حَرَم ۔ ع ۔ احاطہ جو گرداگرد خانہ کعبہ کے ہی فارسی مین معنی اندرون مکان۔ منکوحہ عورت اور اُس لونڈی کے جو آقا کی خدمت اور صرف مین آگئی ہو بھی استعمال کرتے ہین ۔
حُرُم ۔ ع ۔ احرام حج کا باندھنا۔ حرام ہونا ۔
حِرْم ۔ ع ۔ وہ چیز جو حرام ہو ۔
حُرُم ۔ ع ۔ احرام باندھے ہوے لوگ۔ حرمت اور عزت والے لوگ۔ اشہر حُرُم چار مہینے جنمین بسبب اُنکی حرمت کے جنگ حرام تھی رجب۔ ذوالقعدہ۔ ذوالحجہ۔ محرم ۔
حِرْمان ۔ ع ۔ محروم ہونا۔ کچھ نہ ملنا۔ ناامیدی
حُرْمَت ۔ ع ۔ عزیز ہونا۔ عزت۔ حرام ہونا
حَرَم سرا ۔ ف ۔ زنانہ مکان ۔
حَرَم گاہ ۔ ف ۔ محل سرا۔ زنانہ مکان۔ اور

بمعنی منکوحہ عورت کے بھی مستعمل ہوتا ہے
اسکو تسمیۃ الحال باسم المحل کہتے ہین فارسی
مین بعض الفاظ پر باوجود موجود ہونے معنے
ظرفیت کے لفظ گاہ یا خانہ یا سرا زیادہ
کردیتے ہین جیسے حرم گاہ - مکتب خانہ
منزل گاہ - بزم گاہ - حرم سرا وغیرہ -
حَرْمَل - ع - سپند جسکو اسپند بھی کہتے ہین اسکو
واسطے دفع نظر بد کے آگ پر جلاتے ہین -
حَرَمَین - ع - کعبہ جو مکہ معظمہ مین واقع ہے
اور روضہ رسول مقبول صلعم کا جو مدینہ منورہ
مین ہے لیکن باطلاق جزو کے کل پر مکہ معظمہ
و مدینہ منورہ دونوںکو حرمین کہتے ہین -
حُرُوب - ع - جمع حرب کی لڑائیان -
حُرُوق - ع - ایندھن - لکڑی جلانیکی -
حَرُون - ع - گھوڑا سرکش - سرکش -
حَرُونی - ع - سرکشی -
حَرُور - ع - آفتاب کی گرمی - آگ کی گرمی
اور وہ گرم ہوا جو رات کو چلے - اور سموم
وہ گرم ہوا جو دنکو چلے -
حُرُوف - ع - جمع حرف کی -
حُرُوفِ مُعجَم - ع - وہ حروف جنپر
نقطہ ہو -
حُرَّہ - ع - آزاد عورت جو کسی کی لونڈی نہو
اور لونڈی جو آزاد ہوگئی ہو - وہ ابر جس سے
بہت مینھ برسے - وہ اونٹنی جو بہت دودھ دے

حَرَّہ - ع - پیاسا ہونا - زمین پتھریلی -
حِرَّہ - ع - پیاس - تشنگی -
حَرِیّ - ع - سزاوار - لائق - زیبا -
حُرِّیَّت - ع - آزادی - آزاد ہونا غلامی
سے - کسی کا غلام نہ ہونا -
حَرِیر - ع - ریشمی کپڑا - وہ شخص جو غصہ او غضب سے
گرم ہو جائے - اور مجازاً بمعنی کاغذ بھی -
حَرِیری - ع - اصطلاحاً ریشمی کپڑا بیچنے والا
حَرِیرہ - ع - ریشمی کپڑا - نام ایک قسم کے کھانیکا
ہے جو شیرینی اور گھی وغیرہ سے پکاتے ہین -
حَرِیص - ع - لالچی - حرص کرنیوالا -
حَرِیف - ع - ہم پیشہ - ہم کار - شریک -
حِرِّیف - ع - وہ چیز جو تیز مزہ ہو اور بسبب
تیزی کے زبان کو کاٹے -
حَرِیفِ دَغَل - ف - کشتی کے ایک پیچ کا نام
حَرِیق - ع - سوزش - جلن - جلا ہوا اور
آگ کا شعلہ - آگ کی لپٹ -
حَرِیم - ع - گھر کے چارونطرف کی دیوار -

فصل حا - مع زائے معجمہ

حَزَاز - ع - سر کی بھوسی ہندی بفا -
حِزَام - ع - چوپائے جانور کا تنگ - دستبند
لڑکے کا گہوارہ مین -
حَزَامَت - ع - کام مین ہوشیار اور آگاہ ہونا
حِزْب - ع - گروہ آدمیونکا - ہتھیار - منھ
حِزْبُ اللہ - ع - نیک لوگونکے گروہ سے مراد ہے

حَزْر - ع - اندازہ کرنا غلہ کا کھیت مین اور
میوہ اور پھل کا درخت پر -
حِزْق - ع - آدمیونکا گروہ - پرندونکا غول
حِزْقِیل - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا -
حَزْم - ع - چوپایہ کا تنگ کسکر باندھنا -
استواری - ہوشیاری - کام کی آگاہی -
اندیشہ کرنا - عاقبت اندیشی - انجام بینی -
حُزَم - ع - جمع حزمہ کی -
حُزْمَہ - ع - لکڑی یا گھاس کا گٹھا - کاغذ
وغیرہ کی گدی یادستہ -
حُزْن - ع - } غم - اندوہ - رنج -
حَزَن - ع -
حَزِن - ع - غمگین - رنجیدہ -
حُزَّہ - ع - ازار کا نیفہ -
حَزِیران - ع - سال رومی کا نوان مہینہ
موافق ماہ اساڑھ کے تھوڑے تفاوت سے -
حَزِین - ع - غمگین - رنجیدہ -

فصل حا - مع سین مہملہ

حَسّ - ع - معلوم کرنا اندازے سے دریافت
کرنا - آگاہ ہونا - حرکت کرنا - آواز نرم کرنا -
بخشنا - مہربان ہونا - کسی چیز کا یقین کرنا -
وہ درد جو بعد بچہ جننے کے عورتونکو ہوتا ہے
سخت جاڑا جو گھاس کو جلاوے - نرم آواز -
حَسّ - ع - گوشت کا آگ پر بھوننا بغیر وسیلہ
کسی برتن کے - کسی چیز کا جڑ سے اکھاڑنا -

حِساب ۔ع۔ گنتی ۔ شمار۔ علم حساب کا۔
حساب از کسی بُردن ۔ف۔ کسی شخص سے
حساب از کسی بر داشتن ۔ف۔ بڑھنا اور اُس سے
حساب از کسی بگرفتن ۔ف۔ علیحدہ ہونا
حساب مناسک ۔ف۔ مراد آداب حج سے
حساب نہ گرفتن ۔ف۔ متوجہ نہونا۔
حُسّاد ۔ع۔ رشک کرنیوالے جمع حاسد کی۔
حَسّاس ۔ع۔ دریافت کرنیوالا حس کرنے
اور اندازہ سے کسی چیز کا معلوم کرنیوالا۔
حُسام ۔ع۔ تیز تلوار۔ تلوار کی دھار۔
حَسّان ۔ع۔ بہت خوب۔ بہتر عقلمند۔ نام
ایک مشہور شاعر عرب کا جو مداح حضرت رسول
کے تھے یعنے حَسّان بن ثابت انصاری۔
حَسّانِ عَجَم ۔ف۔ لقب خاقانی شاعر مشہور کا
اُنھون نے بھی مثل حَسّان بن ثابت کے آنحضرت
صلعم کی مدح کی ہو اسی سبب سے یہ لقب اُنکا ہوا۔
حِسان ۔ع۔ خوبصورت لوگ۔
حُسّان ۔ع۔ خوبصورت شخص۔ خوب۔
حَسَب ۔ع۔ اندازہ۔ شمار کسی چیز کا۔
شرف اور بزرگی کسی شخص کی از روے
مال یا مرتبہ یا دین یا نسب کے یعنی باپ
دادے کیوجہ سے فخر اور بزرگی۔
حَسْب ۔ع۔ گننا۔ شمار کرنا۔ کافی ہونا۔
بس ہونا۔ کافی۔ موافق۔ مثل۔ مانند۔
حُسْب ۔ع۔ تدبیرین۔ کامونکی مزدوریان

حُسبان ۔ع۔ شمار کرنا۔ اندازہ کرنا۔ گنتیان
واحد اور جمع دونون آیا ہو۔ اور معنی سخت
عذاب کے بھی آتا ہو۔
حِسبان ۔ع۔ معلوم کرنا۔
حَسْبُ الفرمُودہ ۔ف۔ یہ محض غلط ہو اسلیے
کہ الف اور لام کلمہ فارسی پر نہین لاتے ہین۔
حَسْبُ الاَمر ۔ع۔ یہ صحیح ہو۔ بموجب حکم کے۔
حَسْبِی وکَفٰی ۔ع۔ بس ہو مجکو اور کافی ہو۔
حَسَد ۔ع۔ ڈاہ۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا
حَسرَت ۔ع۔ ارمان۔ افسوس۔ پشیمانی۔
حَسَک ۔ع۔ یہ معرّب ہو خسک کا جو خاے
نقطہ دار سے ہو۔ ہندی گوکھرو ایک دوا
مشہور ہو۔ لوہے کے بھی گوکھرو بناکے
دشمن کی راہ مین ڈالتے ہین تاکہ فوج دشمن
کے پیادے اور گھوڑے زخمی ہو جائین۔
حَسْم ۔ع۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔
حِسِّ مُشترک ۔ع۔ ایک قوت ہو جسمین تمام
صورتین محسوسات کی بوسیلۂ حواس خمسہ ظاہری
منقش ہوتی ہین۔ گویا حسِ مشترک مثل حوض کے
ہو اور پانچون حواس ظاہری مثل نالیون کے
ہین جنسے پانی حوض مین پہونچتا ہو۔ مقام
حس مشترک کا جوت پیشانی مین ہو۔ اور
حواس خمسہ کے نام یہ ہین۔ سمع۔ قوت سننے
کی۔ بصر۔ قوت دیکھنے کی۔ شم۔ قوت سونگھنے کی
ذوق۔ قوت چکھنے کی۔ لمس۔ قوت چھونے کی

حَسَن ۔ع۔ نیک۔ خوبصورت۔ اچھا۔
اور نام بڑے نواسے حضرت رسول صلعم کا۔
حَسَن اَبدال ۔ع۔ نام ایک بزرگ کا اور
نام اُس شہر کا جسمین مزار اُن بزرگ کا ہو۔
حَسَن بَسَن ۔ف۔ بہت نیک۔ بہت اچھا۔
اسلیے کہ حَسَن معنی نیک ہو اور بَسَن موکد اور
تابع اُسکا ہو اکیلا بَسَن بے معنی ہو۔
حَسَن صبّاح ۔ع۔ نام ایک ولی اللہ کا۔
حَسَنی ۔ع۔ منسوب طرف امام حسنؑ کے۔
حُسن ۔ع۔ خوبصورتی۔ خوش شکلی۔ نیکی
خوبی۔ محاسن اسکی جمع ہو۔
حُسنِ برِشتہ ۔ع۔ حسن پختہ و نمکین یعنے
سانولا رنگ۔ سبزہ رنگ۔
حُسنِ صَبیح ۔ع۔ گورا رنگ۔
حُسنِ طلب ۔ع۔ مانگنا کسی چیز کا کنایہ اور
اشارہ مین اسطرح کہ مانگنا صاف ظاہر نہو۔
حُسنِ گلوسوز ۔ف۔ حسن شیرین حسن دلچسپ
اور پسندیدہ گورا رنگ سُرخ و سفید۔
حُسنُ المآب ۔ع۔ اچھی جگہ بازگشت
قرب الٰہی۔ نزدیکی خدا کی۔
حُسنِ مُطلق ۔ع۔ خدا کا حسن۔ نور الٰہی
جو نہ کم ہوتا ہو نہ اُسکی کوئی حد ہو۔
حُسنِ مُقیَّد ۔ع۔ مخلوقات کا حسن جو کبھی
بڑھتا ہو کبھی گھٹتا ہو کبھی مٹ جاتا ہو۔
حُسنِ مَطلع ۔ع۔ بعد مطلع کے دوسرے مطلع کا

نام غزل ہو یا قصیدہ ۔
حُسنیٰ ۔ع ۔ بہت خوبصورت ۔ نیکتر ۔ اور یہ اَحسن کا مونث ہی ۔
حَسناء ۔ع ۔ عورت خوبصورت صاحب جمال
حَسنات ۔ع ۔ نیکیان ۔ جمع حَسنہ کی ۔
حَسنہ ۔ع ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔
حَسو ۔ع ۔ پرند کا چونچ سے پانی پینا آدمی کا شوربا وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینا ۔
حَسُود ۔ع ۔ بہت حسد کرنیوالا ۔ بدخواہ ۔
حُسُود ۔ع ۔ جمع حسد کی ۔
حُسُور ۔ع ۔ آنکھ کی بینائی کا کم ہوجانا اسطرح کہ دور کی شی دکھائی نہ دے ۔
حَسَک ۔ع ۔ خاردار چیز ۔ کانٹون کی شی مجازاً آدمی بد اور شریر ۔
حِسّی ۔ع ۔ دکھائی دینے والی اور معلوم ہونیوالی چیز جو بذریعہ ایک کے حواس خمسہ سے دریافت ہو ۔
حِسِیب ۔ع ۔ یاے مجہول سے الہ حساب کا ۔
حَسِیب ۔ع ۔ یاے معروف سے بزرگوار کافی ۔ حساب کرنیوالا ۔
حَسِیر ۔ع ۔ عاجز ۔ بیمار ۔ افسوس کرنیوالا ۔
حَسِیس ۔ع ۔ آواز نرم ۔ آگ بھڑکنے کی آواز
حَسِین ۔ع ۔ خوبصورت ۔ خوش شکل ۔
حُسَین ۔ع ۔ تصغیر حسن کی اور نام چھوٹے نواسے حضرت رسول مقبول صلعم کا ۔
حُسَینی ۔ع ۔ منسوب طرف امام حسینؑ کے

فصل حا مع شین معجمہ

حَشا ۔ع ۔ جو کچھ پیٹ اور سینہ مین ہی یعنی دل کلیجہ تلی پھیپھڑا ۔ گردہ وغیرہ اور بعضی دل کے اکثر مستعمل ہوتا ہی ۔
حُشاشہ ۔ع ۔ وہ تھوڑی جان جو بیمار یا زخمی کے بدن مین باقی ہو اور اُسکو رمق بھی کہتے ہین ۔
حَشائِش ۔ع ۔ جمع حشیش یعنی سوکھی گھاس کی
حَشر ۔ع ۔ اُٹھانا ۔ مجازاً قیامت ۔
حَشَر ۔ع ۔ گروہ ۔ انبوہ ۔
حَشَرات ۔ع ۔ جمع حَشَرہ کی ۔ وہ جانور جو زمین مین سوراخ کرکے رہتے ہین ۔ مثل سانپ ۔ نیولا ۔ چوہا وغیرہ کے ۔ اسی لیے انکو حشرات الارض بھی کہتے ہین زمین کیطرف اضافت کرکے ۔
حَشفہ ۔ع ۔ سر ذکر ۔ عضو تناسل کا سر ۔
حَشَم ۔ع ۔ نوکر چاکر ۔ خدمتگار لوگ ۔
حُشمَت ۔ع ۔ دبدبہ ۔ بزرگی ۔ شرم حیا ۔ غضب ۔ بفتح اول غلط ہی ۔
حُشمَت ۔ع ۔ جوروء ۔ کنبہ ۔ اونٹ کی بہالی
حُشُمَت ۔ع ۔ مطیع اور خدمتگار لوگ ۔
حَشو ۔ع ۔ بھرنا ۔ وہ روئی یا اون وغیرہ جو تکیہ اور لحاف وغیرہ مین بھری جائے ۔ وہ کلام زائد جو داخل مطلب مین واقع ہو ۔ بھرتی کا لفظ ۔ عیب ۔ اونٹ نوجوان ۔
حَشِیش ۔ع ۔ سوکھی گھاس ۔ فارسی مین اسکو کاہ کہتے ہین ۔ حشائش جمع ہی ۔

فصل حا مع صاد مہملہ

حُصا ۔ع ۔ جمع حصاۃ کی ۔ ٹھیکریان ۔ سنگریزے ۔
حَصاۃ ۔ع ۔ ایک ٹھیکری ۔ ایک سنگریزہ
حَصاد ۔ع ۔ کھیتی کاٹنا ۔ زراعت کا کاٹنا
حَصّاد ۔ع ۔ کھیتی کاٹنے والا ۔
حِصار ۔ع ۔ قلعہ ۔ گڑھی ۔
حَصافت ۔ع ۔ عقل کی مضبوطی ۔ مطلق استواری اور مضبوطی ۔ مضبوط ہونا ۔ کسی چیز کی خشکی اور تنگی ۔
حِصال ۔ع ۔ قلعہ ۔ احاطہ ۔ موسیقی کا ایک شعبہ
حَصان ۔ع ۔ پارسا عورت ۔ شوہردار عورت
حِصان ۔ع ۔ عمدہ گھوڑا اور بہتر جسکی نسل قابل رکھنے کے ہو ۔
حِصانت ۔ع ۔ استواری ۔ مضبوطی ۔
حَصانت ۔ع ۔ پرہیزگاری ۔ محکم ہونا ۔
حَصَب ۔ع ۔ ایندھن جلانیکا ۔ لکڑی ۔
حَصبہ ۔ع ۔ زمین پتھریلی ۔
حُصبہ ۔ع ۔ چھوٹے چھوٹے دانے بڑی جلن والے جو آدمی کے جسم مین نکلتے ہین ۔ فارسی مین اسکو سرخچہ کہتے ہین یہ بھی ایک قسم چیچک کی ہی مگر خوفناک نہین ہی ۔
حَصباء ۔ع ۔ سنگریزہ ۔
حَصحَصَ الحق ۔ع ۔ ظاہر ہوگیا حق ۔
حَصد ۔ع ۔ کھیتی کا کاٹنا ۔

حصد - ع - سوکھی گھاس -
حصر - ع - گھیرنا - احاطہ کرنا کسی چیز پر -
حصرم - ع - کچا انگور جسکا مزہ کھٹا ہوتا ہی آدمی بخیل اور ترش رو اور تند خو -
حصص - ع - جمع حصہ کی -
حصص - ع - دوڑنا - سر مین بالونکا کم ہونا
حصف - ع - سانپ -
حصن - ع - پناہ کی جگہ - قلعہ -
حصن - ع - عورت کی پارسائی او عفت -
حصن - ع - عورت کا پردہ مین بیٹھنا اور پارسا اور پرہیزگار ہونا -
حصور - ع - وہ شخص جو باوجود مردی کے عورت کیطرف رغبت نہ کرے -
حصول - ع - حاصل ہونا - پیدا ہونا -
حصون - ع - قلعے جمع حصن کی -
حصون - ع - مرد پرہیزگار -
حصہ - ع - ٹکڑا - جزو -
حصیر - ع - بوریا - چٹائی -
حصیف - ع - استوار - مرد درست عقل
حصین - ع - محکم استوار - مضبوط - اور بمعنی زندان یعنی قید خانہ کے بھی آیا ہی -
حصینہ - ع - استوار - محکم -

فصل حا - مع ضاد معجمہ

حضار - ع - جمع حاضر کی - حاضرین مجلس
حضاجر - ع - کفتار ہندی ہنڈار جانور درندہ ہی
حضان - ع - ایک چھاتی کا دوسری چھاتی سے بزرگ یعنی بڑا ہونا -
حضانت - ع - بچہ کو گود مین لینا پرورش کرنا - کبوتر اور مرغ وغیرہ کا انڈون اور بچونکو پرونکے تلے لینا -
حضر - ع - ضد سفر اپنے گھر مین رہنا شہر مین اقامت کرنا - سفر سے گھر مین آنا اور مخفف ہی حضرموت کا جو ایک ملک ہی ولایت یمن سے -
حضرت - ع - نزدیکی - حضور - درگاہ - حاضر ہونا - اور کلمہ تعظیم کا بزرگونکے لیے -
حضرات - ع - جمع حضرت کی مراد بزرگ لوگ
حضرموت - ع - نام شہر اور قبیلہ کا -
حضض - ع - ایک دوا کا نام - ہندی سوت
حضن - ع - ان کا بچہ کو گود مین لینا - مرغی اور کبوتری وغیرہ کا انڈون اور بچون کو اپنے پرونکے تلے لینا -
حضور - ع - حاضر ہونا - سامنے رہنا سامنا اور عرف مین کلمہ تعظیم کا -
حضیض - ع - پستی - نشیب -

فصل حا - مع طاے مہملہ

حطام - ع - ہر چیز کا ریزہ - سوکھی گھاس کا چھوٹا تنکا - اور کنایہ مال قلیل سے -
حطب - ع - لکڑی - چوب -
حطب - ع - لکڑی جمع کرنا کسی کیواسطے لکڑی لانا -
حطب - ع - مرد لاغر خشک اندام -
حطل - ع - بھیڑیا - گرگ - احطال جمع -
حطمہ - ع - بڑی تیز آگ - اور نام تیسری دوزخ کا بھی ہی -
حطیم - ع - بمعنی شکستہ - نام کعبہ کے پتھر کا جو درمیان رکن اور زمزم کے ہی خانہ کعبہ کی دیوار بیرونی پچھم کی طرف جہان کعبہ شریف کا ناوُدان واقع ہی -

فصل حا - مع ظاے معجمہ

حظ - ع - نصیب - بہرہ - بہرہ مند ہونا - صاحب نصیب ہونا - مگر فارسی لوگ اکثر معنے فائدہ اور خوشی اور خرمی کے استعمال کرتے ہین اور بہ تخفیف ظاے معجمہ پڑھتے ہین -
حظوظ - ع - جمع حظ کی -
حظی - ع - صاحب دولت - صاحب رتبہ -
حظیرہ - ع - لکڑی و نرکل وغیرہ کا احاطہ جو واسطے رہنے حیوانات کے بنایا جائے اور بمعنی احاطۂ قبرستان اور گنبد قبر کے مستعمل ہی -
حظیظ - ع - بابہرہ - صاحب نصیب -

فصل حا - مع فا

حف - ع - کسی چیز کا احاطہ کرنا - خدمت کرنا - مہربانی کرنا - خشک ہوجانا گھاس کا زمین مین - تمام سر کے بال منڈانا - داڑھی مونچھ کے بالون کو کم کرنا - پرند جانورون کے پرونکا آواز کرنا اُڑتے وقت -

حفاوت - ع - حال پوچھنا - خوشی کا ظاہر کرنا - مہربانی کرنا -
حفاظ - ع - پرہیزگاری کرنا - شرم کرنا - حمیت کرنا - مروت کرنا - نگہبانی کرنا -
حفاظ - ع - جمع حافظ کی -
حفاظت - ع - نگہبانی - پاسبانی -
حفد - ع - چستی - اور چالاکی سے کام کرنا -
حفدہ - ع - جمع حافد کی - یار لوگ خدمتگار -
حفر - ع - زمین کا کھودنا -
حفرہ - ع - گڑھا - سوراخ -
حفص - ع - جمع کرنا - آرام کرنا - نام ایک قاری مشہور کا - چمڑے کی تھیلی - شیر کا بچہ -
حفظ - ع - یاد کرنا - یاد رکھنا -
حفظ الغیب - ع - کسی کو اُسکے پیٹھ پیچھے بھلائی اور نیکی سے یاد کرنا -
حفی - ع - مہربان - عقلمند - منت سے گڑگڑا کر سوال کرنیوالا -
حفیر - ع - کھُدی ہوئی قبر -
حفیظ - ع - نگہبان - محافظ - خدا کا نام -

فصل حا - مع قاف

حق - ع - راست - درست - سزاوار - واجب - لائق - خدا کا ایک نام - وعدہ کا پورا کرنا - بات سچ بولنا -
حقا - ع - درست ہے - سچ ہے - قسم خدا کی -
حقارت - ع - خواری - نفرت کرنا - ذلیل سمجھنا - حقیر جاننا - بکسر اول غلط ہے -
حقانی - ع - مراد اُس شخص سے جو خدا کی محبت میں رہے -
حقانیت - ع - خدا کا ذکر - سچائی - درستی
حقائق - ع - جمع حقیقت کی -
حقب - ع - اسی برس کی مدت -
حقب - ع - روزگار - زمانہ - احقاب جمع -
حقب - ع - پالان - شتر کا تنگ -
حقبہ - ع - اسی برس کی مدت -
حق پرست - ف - سچا آدمی - وہ شخص جو خدا کا مطیع ہو -
حقدار - ف - جسکا حق ہو - وارث -
حقد - ع - دشمنی - کینہ - بغض -
حقن - ع - کسی چیز کو نکلنے سے روکنا اور بند کرنا - پیشاب وغیرہ کا روکنا -
حقنہ - ع - دوا کی پچکاری جو واسطے دفع مرض کے پاخانہ کے مقام میں دیجاتی ہے -
حقود - ع - وہ شخص جسکے دل میں بڑا کینہ ہو
حقوق - ع - جمع حق کی -
حقہ - ع - ڈبہ جسمیں جواہر اور دوائیں وغیرہ رکھیں - اور کبھی کنایہ دہن سے -
حقہ باز - ف - بازیگر - مداری - جہان متی مجازاً بمعنی عیار اور مکار -
حقیت - ع - حق - حقداری -
حقیر - ع - ذلیل - خوار - چھوٹا -
حقیق - ع - ثابت - سزاوار - لائق -
حقیقت - ع - اصل - ماہیت - کسی شے کی ذات اور اصل -
حقیقی - ع - اصلی جو بناوٹ کا نہو -

فصل حا - مع کاف

حک - ع - چھیلنا - دور کرنا - کھرچنا کسی چیز کو دوسری چیز سے -
حک شدن - ف - محو ہونا - ناپدید ہونا -
حکاک - ع - مہرکن - نگینہ ساز - کسی چیز کا دور کرنیوالا اور چھیلنے والا -
حکاکہ - ع - برادہ کسی چیز کا - چھیلن -
حکام - ع - جمع حاکم کی -
حکایت - ع - بات - کہانی -
حکم - ع - جمع حکمت کی -
حکم - ع - فرمانا - فرمان - پروانہ -
حکم - ع - باز رکھنا - گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا -
حکم - ع - نیک کو بد سے جدا کردینے والا - انصاف چکانیوالا - قضیہ - دلال -
حکما - ع - جمع حکیم کی -
حکم انداز - ف - وہ تیرانداز کامل کہ جسکا تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے -
حکمت - ع - دانائی - عقلمندی - نام علم کا -
حکمت مدنی - ع - انتظام شہر کے قاعدے اور شریعت نبوی جسکا ظہور مدینہ سے ہوا -

حِکمتِ عَمَلی ۔ ع ۔ جاننا انتظام احوال معاش اور معاد کا بوجہ کامل ۔ اور افراد اسکے تین ہین (۱) تہذیب اخلاق (۲) تدبیر منازل (۳) سیاست مدن

حُکمران ۔ ف ۔ حاکم ۔ بادشاہ فرمانروا ۔

حُکمنامہ ۔ ف ۔ پروانہ ۔

حُکومَت ۔ ع ۔ حکم کرنا ۔ فرمانروائی ۔

حِکّہ ۔ ع ۔ کھجلی جو کبھی کبھی آدمی کے کسی عضو مین ہوتی ہی نہ وہ کھجلی جو مرض مشہور ہی ۔

حَکیم ۔ ع ۔ دانا اور سب علوم کا جاننے والا

فصل حا مع لام

حَلّ ۔ ع ۔ کھولنا مشکل چیز کو آسان کردینا گرہ کا کھولنا تلّی کا تیل اُترنا ۔ حلال ہونا واجب ہونا ۔ عورت کا عدۃ سے باہر ہونا ۔

حِلّ ۔ ع ۔ روان ہونا احرام سے باہر نکلنا حرم سے باہر آنا ۔ قسم کا کفّارہ دینا ۔

حَلّاج ۔ ع ۔ دُھنیا ۔ روئی کا دُھنکنے والا اور لقب حسینؒ بن منصور کا جنھون نے انا الحق کہا تھا اور قصہ اُنکا مشہور ہی ۔

حَلّاجی کردن ۔ ف ۔ کسی کو سخت یا کھنا ظاہر مین یا کنایہ مین ۔

حُلاحِل ۔ ع ۔ سردار ۔ چودھری ۔

حَلّاف ۔ ع ۔ بہت قسم کھانیوالا ۔

حَلّاق ۔ ع ۔ بال مونڈنے والا ۔ نائی ۔

حَلال ۔ ع ۔ روا ۔ جائز ۔ درست ۔ اور وہ چیز جو موافق شرع کے درست ہو ۔

حَلّال ۔ ع ۔ بہت گرہ کا کھولنے والا مشکل کام کا آسان کرنیوالا ۔ تلّی کا تیل بیچنے والا ۔

حَلالی خواستن ۔ ف ۔ مرتے وقت لوگون سے اپنا کہا سنا وغیرہ معاف کرانا ۔

حُلّام ۔ ع ۔ } بھیڑ اور بکری کا چھوٹا بچہ ۔
حُلّان ۔ ع ۔ } لفظ حلوان اس معنی مین غلط مشہور ہو گیا ہی ۔

حَلاوَت ۔ ع ۔ شیرینی ۔ مٹھائی ۔

حَلائِل ۔ ع ۔ جمع حلیلہ کی ۔ نکاحی عورتین ۔

حَلْب ۔ ع ۔ دودھ کا دوہنا ۔

حَلَب ۔ ع ۔ نام ایک شہر کا شام مین ۔

حَلَبی ۔ ع ۔ حلب کا ۔ اکثر آئینہ حلبی مشہور ہو

حُلبہ ۔ ع ۔ میتھی جسکا ساگ مشہور ہی ۔

حِلّت ۔ ع ۔ حلال ہونا ۔ کشادگی ۔ مباح ہونا

حِلتیت ۔ ع ۔ انگوزہ ۔ ہینگ ۔

حِلس ۔ ع ۔ پلاس ۔ موٹی کملی ۔

حَلِس ۔ ع ۔ دلیر ۔ شجاع ۔

حَلف ۔ ع ۔ قسم کھانا ۔

حِلف ۔ ع ۔ سوگند ۔ قسم ۔ عہد ۔

حَلَف ۔ ع ۔ ایک قسم کی گھاس ہی
حَلفاء ۔ ع ۔ } جس سے بوریا بنتے ہین فارسی مین اسکو وخ اور لخ کہتے ہین ۔

حَلفہ ۔ ع ۔ ایک مرتبہ قسم کھانا ۔

حُلفاء ۔ ع ۔ جمع حلیف کی قسم کھانیوالے ۔

حَلق ۔ ع ۔ گلا ۔ گلو ۔ مونڈنا بالون کا ۔

حُلقوم ۔ ع ۔ نای ۔ گلو ۔ نرخرہ ۔

حَلقہ ۔ ع ۔ گھیرہ ۔ احاطہ ۔ مجلس کا دور ہر چیز گول ۔

حَلَقہ ۔ ع ۔ جمع حالق بمعنی نائی کی ۔

حَلقہ بگوش ۔ ف ۔ غلام ۔ فرمانبردار ۔ کیونکہ ولایت مین معمول ہی کہ غلام کے کان مین سونے یا چاندی کی بالی ڈال دیتے ہین ۔

حَلقہ بر در زدن ۔ ف ۔ کنایہ ہی احوال پوچھنے اور صاحب خانہ کو بلانے سے ۔

حَلقچی ۔ ف ۔ جلیبی جو مشہور مٹھائی ہی ۔

حَلقۂ زرّین ۔ ف ۔ سونے کی بالی ۔ بجلی ۔

حَلقۂ عنبرین ۔ ف ۔ مراد سیاہی ۔

حَلقۂ میم ۔ ف ۔ کنایہ ہی دہان معشوق سے

حَلکت ۔ ع ۔ سیاہی سخت ۔ حالک سخت سیاہ

حُلَل ۔ ع ۔ جمع حلہ بمعنی جامہ کی ۔

حِلم ۔ ع ۔ کسی کو سزا دینے مین آہستگی کرنا بردباری کرنا

حُلم ۔ ع ۔ بالغ کا خواب دیکھنا اور وہ چیز جو خواب مین دکھائی دے ۔

حَلمہ ۔ ع ۔ سر پستان ۔ بھٹنی ۔

حُلو ۔ ع ۔ شیرین ۔ میٹھا ۔

حُلول ۔ ع ۔ اُترنا کسی چیز کے وعدہ کا پہونچنا قربانی کا قربان کی جگہ پر پہونچنا ۔ واجب ہونا ۔ عورت کی عدۃ کا آخر ہونا ۔ ایک چیز کا دوسری چیز مین اسطرح گھس جانا کہ تمیز

نہ ہو سکے۔

حَلّ و عقد۔ ع۔ کھولنا اور باندھنا۔

حَلوا۔ ع۔ } میٹھی چیز۔ شیرین شئے
حَلوی۔ ع۔

حُلوان۔ ع۔ دلال کی اُجرت۔ وہ چیز جو کسی کو رشوت مین دین۔ عورت کا مہر۔ کسی چیز کا شیرین اور میٹھا ہونا۔

حلوائے بے دُود۔ ف۔ کنایہ ہو میٹھے پھلون سے جو آفتاب کی گرمی سے پکتے ہین اور دھوان آگ کا اُنکو نہین پہونچتا۔

حلوائے پشمین۔ ف۔ ایک قسم کی مٹھائی کا نام

حلوائے شہید۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا

حلوائے مغزی۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا جسمین مغز پستہ اور مغز بادام بہت ملایا جاتا ہو اور نہایت سفید مزہ دار ہوتا ہو۔

حلوائے مقراضی۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا جسمین بہت سے میوے باریک کترکے ملاتے ہین۔

حَلوائی۔ ع۔ شیرینی بیچنے اور بنانیوالا۔

حُلّہ۔ ع۔ جامہ۔ جُبہ۔ پوشاک۔ یمن کی چادر۔

حَلّہ۔ ع۔ نام شہر کا۔ نام قبیلہ کا۔ نام ایک موضع اور ایک محلہ کا شام مین۔

حِلّہ۔ ع۔ راہ مکہ معظمہ مین ایک منزل کا نام اور بمعنی مقام و منزل و مجلس۔

حُلِیّ۔ ع۔ زیور چاندی سونیکا جمع ہو حلیہ کی۔ فارسی مین بغیر تشدید یا کے مستعمل ہو

حَلیب۔ ع۔ کچا دودھ تازہ۔

حَلیف۔ ع۔ ہم عہد۔ ہم سوگند۔ تیز زبان

حَلیل۔ ع۔ شوہر۔ ہم خانہ۔ ہمسایہ۔

حَلیم۔ ع۔ فربہ اونٹ۔ آدمی بردبار اور غصہ سہنے والا۔ اور فارسیونکے استعمال مین نام آش معروف کا جو ایک قسم کا کھانا مشہور ہو۔

حلیمہ رض۔ ع۔ نام رسول مقبول صلعم کی دائی کا۔

حُلیہ۔ ع۔ زیور سونے چاندی وغیرہ کا۔

حِلیہ۔ ع۔ خلعت۔ صورت۔ چہرہ۔ خلقت آرایش۔ کسی چیز کی صفت۔

حلیلہ۔ ع۔ منکوحہ عورت۔ زوجہ۔ جورو۔

فصل حا۔ مع میم

حَم۔ ع۔ سسرا۔ سالا۔ وغیرہ یعنی سسرال کیطرف کا رشتہ دار۔

حِمیٰ۔ ع۔ سبزہ زار۔ چراگاہ۔

حُمیٰ۔ ع۔ تپ۔ بخار۔

حَماد۔ ع۔ } کالی کیچڑ۔
حَماۃ۔ ع۔

حُمات۔ ع۔ جمع حامی بمعنی مددگار کی۔

حَماسَت۔ ع۔ دلیری۔ دلیر ہونا۔ اور نام دیوان ابوتمام کا جسمین شجاعان عرب کی دلیری کے اشعار جمع کیے ہین۔

حُماض۔ ع۔ ایک ساگ ہو ترش مزہ جسکو فارسی مین ترشہ کہتے ہین۔

حِمار۔ ع۔ خر۔ گدھا۔

حَماقت۔ ع۔ بیوقوفی۔ بیعقلی۔

حَمّال۔ ع۔ بہت بوجھ اُٹھانیوالا مرد۔

حَمّالہ۔ ع۔ بہت بوجھ اُٹھانیوالی عورت۔

حَمّام۔ ع۔ نہانیکی جگہ جو گرم ہوتی ہو۔

حمام زنان۔ ف۔ مجازاً وہ جگہ جہان بہت شور اور غل ہو۔

حِمام۔ ع۔ مرگ۔ موت۔

حُمام۔ ع۔ تپ۔ بخار۔

حَمام۔ ع۔ کبوتر۔ قمری۔ فاختہ۔ اور ہر پرند جسکے گلے مین طوق ہو۔ یہ لفظ بمعنی واحد و جمع دونونکے مستعمل ہوتا ہو۔

حَمامہ۔ ع۔ ایک کبوتر۔ ایک قمری۔ ایک فاختہ ایک پرند جس کے گلے مین طوق ہو۔ حرف تا کا اس لفظ کے آخر مین تانیث کے لیے نہین ہو بلکہ واسطے وحدت کے ہو۔

حِمایت۔ ع۔ طرفداری۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔

حَمائد۔ ع۔ خوبیان۔ اچھی خصلتین۔

حَمائل۔ ع۔ تلوار کا پرتلہ۔ اور جو شی بغل کے نیچے لٹکائین۔ اسی سبب سے چھوٹی تقطیع کے قرآن شریف کو بھی حمائل کہتے ہین کہ وہ بسبب کسی کے گلے مین لٹکا لینے کے قابل ہوتا ہو۔ اور بمعنی ہار۔ اور کبھی مراد تعویذ سے بھی ہوتی ہو

حُمرت۔ ع۔ سخت گرمی۔ سیاہی۔

حَمد۔ ع۔ تعریف۔ تعریف کرنا۔ اور اصطلاح خاص مین بیان جلال و عظمت حق تعالیٰ کا۔

حُمدان - ف - } اصطلاحاً عضو تناسل -
حُمدُون - ف -
حُمدُونہ - ع - بوزنہ - بندر -
حُمر - ع - جمع احمر کی - سرخ چیزین -
حُمُر - ع - جمع حمار کی - گدھے -
حُمرا - ع - سال سخت - عورت سُرخ رنگ
ہر شے مؤنث جو سُرخ رنگ ہو -
حُمرت - ع - سُرخی - لالی -
حُمرہ - ع - نام ایک شکل کا ہر رمل کی سولہ
شکلون مین سے -
حَمزہ - ع - نام ایک ساگ کا جسکو ترہ تیزک
کہتے ہین - شیر درندہ - نام حضرت رسول
مقبول کے چچا صاحب کا -
حِمّص - ع - نخود چنا - جو غلہ مشہور ہر -
حُمق - ع - بیوقوفی - احمق پن -
حُمقا - ع - جمع احمق کی - بیوقوف لوگ -
حِمل - ع - وہ بوجھ جو پیٹھ یا سر پر اُٹھائین -
اور بمعنی گناہ کے بھی آیا ہر -
حَمل - ع - وہ بوجھ جو گردن پر اُٹھائین اور
مطلق اُٹھانا - اور بار شکم یعنی عورت کے
پیٹ مین جو بچہ ہوتا ہر - اور بمعنی گمان کرنے
اور قیاس کرنیکے بھی آیا ہر -
حَمَل - ع - بکری اور بھیڑ اور ہرن کا بچہ اور نام
پہلے برج آسمان کا جو بہ شکل مینڈھے کے ہر
جس دن آفتاب اُس برج مین داخل ہوتا ہر
وہی روز نوروز ہر - ولایت مین اس مہینہ
سے موسم بہار شروع ہوتا ہر اور ہندوستان
مین یہ مہینہ آخر بہار کا ہر -
حَملہ - ع - ہلہ کرنا - دھاوا -
حَمَلہ - ع - جمع حامل کی - اُٹھانیوالے -
حملہ گیری - ف - کنایہ حملۂ حریف کے تحمل سے
حَمُو - ع - سسرالی رشتہ دار عورت و مرد کے
حُموضت - ع - تُرشی - کھٹائی -
حَمُول - ع - طب کی اصطلاح مین کپڑا دوا کا
تھڑا ہوا جو بتی بناکے دُبر یا فرج مین کرتے ہین
حَمُول - ع - بڑا بوجھ اُٹھانیوالا اور مجازاً
بمعنی صابر اور متحمل کے -
حَمِیّت - ع - غیرت - ننگ - شرم -
حِمیَت - ع - پرہیز کرنا - حفاظت شے -
حَمِید - ع - ستودہ - تعریف کیا ہوا -
حَمِیر - ع - جمع حمار کی - گدھے -
حِمیَر - ع - نام قبیلہ بنی سبا کا جسمین سے ضحاک
بادشاہ تھا -
حُمَیقا - ع - ٹھینگنی - عورت بیوقوف -
حَمِیم - ع - دوست - رشتہ دار - بخار والا -
گرم - آب گرم -

فصل حا مع نون

حِنّا - ع - مہندی کی پتی اور استعمال فارسی
مین بہ تخفیف نون مستعمل ہر -
حِنائے سرِ ناخن - ف - کنایہ اُس چیز سے
جو قریب بہ زوال ہو -
حَنّاط - ع - گیہون بیچنے والا - خوشبو بیچنے والا
حَنّان - ع - بخشنے والا - رحمت کرنیوالا - اور
خدا کے نامون مین سے ایک نام -
حَنّانہ - ع - نوحہ کرنیوالا - اور نام ایک
ستون چوبی کا جس سے رسول مقبول تکیہ لگا کر
خطبہ فرمایا کرتے تھے جب منبر تیار ہوا اور آپ منبر
پر تشریف فرما ہوے تو وہ ستون حضرت کی جدائی
سے چیخ کر رونے لگا اسی سبب سے حنانہ نام ہوا -
اور حنانہ اُس عورت کو بھی کہتے ہین جو پہلے شوہر
سے اولاد رکھتی ہو اور دوسرے شوہر کے مال سے
اُن لڑکون کی پرورش کرتی ہو اور اُس کمان کو
بھی کہتے ہین جو تیر لگانیکے وقت بہت کڑکتی ہو
حِنث - ع - گناہ - قسم کا توڑنا -
حَنجَر - ع - } زخرہ - حلقوم گلے کا نل -
حَنجَرہ - ع -
حَنجَرہ غلطک - ف - گانے مین ایک قسم
کی آواز جسکو ہندی مین گٹکری کہتے ہین -
حَنجَرۂ غلطان - ف - خوش آواز یعنے
گانیوالا گٹکری کے ساتھ -
حَنَس - ع - مار - سانپ -
حِنطہ - ع - گندم - گیہون -
حَنظَل - ع - اندرائن کا پھل -
حَنَق - ع - کینہ - دشمنی - غصہ کرنا -
حَنَک - ع - کام دہن ہندی تالو اور ٹھوڑی کے

پنجے کا مقام۔ پرند جانور کی چونچ۔
حَنُوط۔ ع۔ مرکب خوشبو جو مردہ کیواسطے تیار کرتے ہین اُسپر ملنے کے لیے۔
حَنِیذ۔ ع۔ بکری یا گاے کا بچہ بریان کیا ہوا
حَنِیف۔ ع۔ دین کا سچا۔ مائل بحق باطل سے حق کیطرف آنیوالا امر حق پر ثابت رہنے والا اور وہ شخص جو حضرت ابراہیم کی ملت پر ہو
حَنِین۔ ع۔ آرزومندی۔ بہت رونا۔ نالہ فریاد و اونٹنی کا چیخنا بچہ کی جدائی مین۔
حُنَین۔ ع۔ نام ایک عالم زبردست کا جسنے کتب یونانی کا عربی مین ترجمہ کیا۔ نام ایک موضع کا درمیان مکہ معظمہ اور طائف کے جہان کفار رسول مقبول صلعم سے لڑے تھے۔ نام ایک عرب کے موچی کا جو بڑا عقلمند تھا۔
حَنِیّہ۔ ع۔ وہ کمان جو کھینچنے مین بہت کڑکتی ہو

فصل حا مع واو

حَوّا۔ ع۔ نام حضرت آدم کی بی بی کا۔
حَوَاج۔ ع۔ جمع حاج کی حج کرنیوالے۔
حَوَاجِب۔ ع۔ جمع حاجب کی۔ ابرو بھون دربان۔ پردہ کرنیوالے چھپانیوالے۔
حَوَادِث۔ ع۔ جمع حادثہ کی مصیبتین تکلیفین۔ زمانہ کی گردشین۔
حَوَالُہ۔ ع۔ بعد۔ دوری۔
حُوَّارَہ۔ ع۔ میدے کی روٹی سفید رنگ
حَوَارِی۔ ع۔ دھوبی۔ سفید کپڑے والا۔ مددکرنیوالا۔ اصحاب حضرت عیسیٰ کے۔
حَوَاس۔ ع۔ جمع حاسہ کی اور یہ دس ہین پانچ ظاہری اور پانچ باطنی۔
حَوَاس خمسہ ظاہری۔ ع۔ پانچ حس ظاہر کے ذائقہ۔ باصرہ۔ شامہ۔ لامسہ۔ سامعہ۔
حَوَاس خمسہ باطنی۔ ع۔ پانچ حس باطن کے حس مشترک۔ خیال۔ متصرفہ۔ واہمہ۔ حافظہ۔
حَوَاشِی۔ ع۔ جمع حاشیہ کی۔ کنارے۔ لوگ جا
حَوَاصِل۔ ع۔ جمع حوصلہ بمعنی پوٹہ کی اور نام ایک جانور آبی کا جسکا بڑا پوٹہ ہوتا ہے۔
حَوَافِر۔ ع۔ جمع حافرہ کی۔ گھوڑے اور گدھے کے سُم۔
حَوَالَہ۔ ع۔ } سپرد کرنا۔ سونپ دینا۔
حَوَالَت۔ ع۔
حَوَالِی۔ ع۔ گرداگرد کسی چیز کا۔ واضح ہو کہ اس لفظ کے لام کو کسرہ دینا اور یاے معروف سے پڑھنا یہ تصرف فارسیون کا ہے اصل مین لام کو فتحہ ہے اور آخر مین الف مقصورہ بصورت یا۔ اور عبارت عربی مین یہ لفظ ہمیشہ کسی ضمیر کیطرف مضاف ہوتا ہے۔ اور الف مقصورہ یاے تحتانی سے بدل جاتا ہے جیسے ؎
حوالیہ زمن گل ہیچ عمیق۔
حَوَالِی شہر۔ ف۔ شہر کا نواح یعنی شہر کے گرداگرد کی زمین۔
حَوَامِل۔ ع۔ حاملہ یعنی پیٹ والی عورتین
حَوَائج۔ ع۔ جمع حاجت کی خلاف قیاس
حُوب۔ ع۔ گناہ۔ بلا۔ بیماری۔ اندوہ ہلاکی۔ وحشت۔
حُوبا۔ ع۔ تن انسان۔ آدمی کا جسم۔
حُوبَت۔ ع۔ گناہ کرنا۔
حُوت۔ ع۔ مچھلی۔ نام بارھوین برج آسمان کا جو بصورت مچھلی کے ہے۔ اور یہ مشتری کا گھر ہے۔
حَوْرا۔ ع۔ وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور آنکھ اور بال اُسکے نہایت سیاہ ہون۔
حُور۔ ع۔ جمع ہے حورا کی یعنی سفید رنگ اور سیاہ آنکھ اور کالے بال والیان۔ فارسی مین یہ لفظ بمعنی مفرد مستعمل ہوتا ہے اور الف نون کے ساتھ اسکی جمع آتی ہے اسطرح کی عورتین بہشت مین مومنونکو ملینگی انشاءاللہ تعالیٰ۔
حُورُالعِین۔ ع۔ عین جمع ہے عیناء بمعنی زن فراخ چشم کی۔ یعنی عورتین سفید پوست سیاہ آنکھ کالے بال بڑی آنکھون والیان۔
حَوْزَہ۔ ع۔ کونہ اور درمیان مملکت کا۔
حَوْصَلَہ۔ ع۔ پوٹہ یعنی معدہ پرند جانور کا جو حلق کے نیچے ہوتا ہے جسمین وہ دانہ جمع کرلیتا ہے۔ اور مجازی معنی اسکے مقدور۔ ہمت۔
حَوْض۔ ع۔ وہ جگہ جہان پانی ہمیشہ ٹھہرا رہے۔
حوض آب۔ ف۔ سکندرنامہ مین ایک جگہ مراد برج حوت سے۔
حوض نوشین کلاب۔ ف۔ گلاب ملے ہوے

شربت کا حوض ـ

حُوَیضَہ ـ ع ـ اسمین یا تو (ہا) واسطے تشبیہ کے ہے یعنی مثل حوض کے ـ یا (تاے فوقانی) وحدت کی ہے جو وقف سے (ہا) ہوگئی ہے یعنی ایک حوض یا زائد ہے ـ

حَوقَلَہ ـ ع ـ لَاحَولَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہنا ـ

حَول ـ ع ـ بازگشت ـ قوت ـ توانائی ـ سال برس ـ گرداگرد چیز کا ـ حال سے پھر جانا ـ لڑکے کا پورے سال کا ہونا ـ ایک برس کامل کا کسی چیز پر گذر جانا ـ

حَوَل ـ ع ـ کج بین ہونا ـ بھینگا ہونا ـ

حِوَل ـ ع ـ پھر جانا ایک حال سے دوسرے حال مین ـ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ـ

حَولَقَہ ـ ع ـ لَاحَولَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ـ

حَوِیلی ـ ع ـ اصل اسکی حوالی تھی یعنی گرداگرد کسی چیز کا ـ فارسیون کے تصرف سے حوالی لام کے کسرہ اور یاے معروف سے ہوا ـ اسکا امالہ حویلی ہے ـ اب حویلی بمعنی اُس مکان کے جسکے چارطرف دیوار ہو مستعمل ہے ـ

فصل حا ـ مع یاے تحتانی

حَیّ ـ ع ـ زندہ ـ جیتا ہوا ـ نام عرب کے ایک قبیلہ کا ـ نام خدا تعالی کا ـ فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید یاے تحتانی کے مستعمل ہے ـ

حَیَّ ـ ع ـ بیا ـ آ ـ

حَیَاء ـ ع ـ شرم ـ اونٹنی وغیرہ کی فرج

حَیَا ـ ع ـ بغیر ہمزہ کے باران ـ مینھ ـ

حَیَات ـ ع ـ زندگی ـ

حَیَّات ـ ع ـ لمبے کیڑے ـ اور جمع حیّہ بمعنے سانپ کی ـ

حِیَاض ـ ع ـ جمع حوض کی ہے ـ

حِیَاطَت ـ ع ـ نگہبانی ـ احتیاط ـ

حِیَاکَت ـ ع ـ کپڑا بننا ـ

حَیَّال ـ ع ـ بڑا حیلہ کرنیوالا ـ بڑا مکار ـ

حِیتَان ـ ع ـ جمع حُوت بمعنی مچھلی کی ـ

حَیثُمَا ـ ع ـ ہر کجا ـ جہان کہین جس جگہ ـ

حَیثِیَّت ـ ع ـ یہ مصدر جعلی ہے مجازاً بمعنے وضع ـ اسلوب ـ طور ـ طریق ـ

حَیدَر ـ ف ـ شیر درندہ ـ اور لقب حضرت علی علیہ السلام کا ـ

حَیرَان ـ ع ـ بھوچکّا ـ ہکّا بکّا ـ

حَیرَت ـ ع ـ بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہجانا ـ بھوچکّاپن ـ

حَیرَت آباد ـ ف ـ مقام حیرت ـ

حَیِّز ـ ع ـ کنارہ ہر چیز کا ـ جگہ ـ مکان ـ حکیمون کی اصطلاح مین سطح باطنی جسم حاوی کی جو مماس ہو سطح ظاہری جسم محوی کو ـ

حَیزَبُون ـ ع ـ زن پیر ـ بوڑھی عورت ـ

حَیصَ بَیص ـ ع ـ لڑائی ـ غوغا ـ جنگ ـ شور و غل ـ حیص کے معنی ـ راہ سے بیراہ ہونا ـ بیص کے معنی ـ سختی ـ تنگی ـ

حَیض ـ عورتون کا ماہواری خون جو ہر مہینہ مین تین دن سے کم نہین اور دس دن سے زیادہ نہین آیا کرتا ہے ـ

حَیضَاء ـ ع ـ وہ عورت جو حالت حیض مین ہو ـ

حَیضُ الرِّجَال ـ ع ـ لوگونکی پیٹھ پیچھے غیبت ـ

حَیط ـ ع ـ احاطہ ـ چاردیواری ـ

حِیطَان ـ ع ـ جمع حائط کی ـ دیوارین گھر کی ـ

حَیف ـ ع ـ افسوس ـ ظلم ـ ستم ـ

حِیَل ـ ع ـ جمع حیلہ کی ـ

حَیل ـ ع ـ توانائی ـ طاقت ـ

حِیل ـ ع ـ حضرت یعقوب کے مامون کی بیٹی کا نام جو حضرت یعقوب کی بی بی اور حضرت یوسفؑ کی والدہ تھین ـ

حِیلَہ ـ ع ـ فریب ـ بہانہ ـ

حَیلُولَہ ـ ع ـ درمیان دو چیز کے آنا اور حائل ہونا

حِین ـ ع ـ وقت ـ ہنگام ـ روز قیامت ـ

حَین ـ ع ـ موت ـ مرگ ـ ہلاکت ـ

حَیَوَان ـ ع ـ مصدر ہے بمعنی زندہ رہنا اور زندگانی ـ اور معنی جاندار اور زندہ کے مجاز ہے فارسی مین بہ سکون (یا) مستعمل ہوتا ہے ـ

حَیوَانِ خُوارانِ جہان ـ ف ـ مراد ہے موت اور غم اور فکر سے ـ

حَیوَانَات ـ ع ـ جمع حیوان کی ـ

حَیوَانی ـ ع ـ منسوب طرف حیوان کے ـ

حَیَّہ ـ ع ـ سانپ ـ بڑا بچھو ـ

باب خاے معجمہ

فصل خا مع الف

خَابُور۔ ت۔ بچر۔ وہ کھونٹی جو لکڑی مین ٹھونک کر لکڑی کو چیرتے ہین۔ نام مقام کا ترکستان مین۔
خَات۔ ف۔ غلیواز۔ چیل۔
خَاتِم۔ ع۔ ختم کرنیوالا۔
خَاتَم۔ ع۔ انگوٹھی۔ مُہر۔ خواتم جمع ہی۔
خَاتِمَہ۔ ع۔ کتاب کا آخری حصّہ۔ انجام۔
خَاتُون۔ ت۔ ترکی مین یہ عمدہ عورتونکا لقب ہوتا ہی جیسے بی بی۔ بیگم۔ مگر جمع اسکی عربی دان فارسیون کے تصرف سے خواتین آتی ہی جیسے فرامین جمع فرمان کی۔
خَاتُونِ فَلَک۔ ف۔ } آفتاب۔ سورج۔
خَاتُونِ یَغْمَا۔ ف۔ }
خَاتُونِ عَرَب۔ ف۔ لقب حضرت فاطمہ اور کعبہ کا
خَاج۔ ف۔ چلیپا۔ صلیب نصاریٰ۔
خَاد۔ ف۔ غلیواز۔ چیل۔
خَادِع۔ ع۔ فریب دینے والا۔ مکار۔
خَادِم۔ ع۔ خدمت کرنیوالا۔ نوکر۔
خَار۔ ع۔ کانٹا۔
خَارَا۔ ف۔ } سخت پتھر ایک قسم کا کپڑا جو
خَارَہ۔ ف۔ } دھوپ مین رکھنے سے ٹکڑے اور پارہ پارہ ہو جاتا ہی جسطرح کتان چاندنی مین اور نام ایک لحن کا موسیقی مین۔

خَاربَست۔ ف۔ } کانٹونکی چار دیواری
خَاربَنْد۔ ف۔ } جو باغ اور کھیت کے گرد لگا دیتے ہین تاکہ جانور اور آدمی اندر نہ آسکے
خَارپُشت۔ ف۔ ساہی جو جانور مشہور ہی
خَارِج۔ ع۔ باہر۔ الگ۔ نکلا ہوا۔
خَارِج آہنگ۔ ف۔ بے سُرا۔
خَارِج آہنگی۔ ف۔ بے سُراپن اور مراد ظہور مکروہات سے بھی۔
خَارِج زدن۔ ف۔ کھوٹی چاندی وغیرہ پر ٹکسال کے باہر سکہ لگانا۔
خَارچِین۔ ف۔ باغ اور کھیت کے گرد اور مکانکی دیوار و پیر جو کانٹے لگاتے ہین۔
خَارخَار۔ ف۔ تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ غم۔
خَار در رہ نہادن۔ ف۔ مشکل کام کا کسی کے آگے پیش کرنا۔ کسی کی ایذا کی تدبیر کرنا
خَارِش۔ ف۔ کھجلی کا مرض
خَارشُتُر۔ ف۔ نام ایک خاردار گھاس کا جسکو اونٹ بڑے مزے سے کھاتا ہی اسکو اُشترخوار بھی کہتے ہین۔
خَارعَقرَب۔ ف۔ کنایہ مریخ ستارے سے اسلیے کہ بُرج عقرب خانۂ مریخ ہی۔
خَارِق۔ ع۔ پھاڑنیوالا۔ پارہ کرنیوالا۔ مجازاً ولی کی کرامت اسلیے کہ کرامت بھی گویا عادت کو پارہ کرتی ہی۔
خَارِق عَادَات۔ ع۔ معجزے انبیا کے اور کرامتین اولیا کی۔

خَارِم۔ ع۔ نام کاٹنے والا۔ مجازاً بمعنی مفسد اور شریر کے بھی آتا ہی۔
خار نہادن۔ ف۔ کسی کی ایذا کی تجویز کر لینا
خَارِیدَن۔ ف۔ کھجلانا۔
خَازِن۔ ع۔ جمع کرنیوالا۔ خزانچی۔
خَازُنَہ۔ ف۔ سالی۔ جورو کی بہن۔
خازہ۔ ف۔ کہگل جو دیوار پر کرتے ہین۔
خاستَن۔ ف۔ اُٹھنا۔ کھڑا ہونا۔
خَاسِر۔ ع۔ زیانکار۔ نقصان اُٹھانیوالا۔ جسکے مال مین نقصان ہوا ہو۔ اور وہ شخص جو اپنا نقصان آپ کرے۔
خَاش۔ ف۔ خوشدامن۔ ساس۔
خَاشَاک۔ ف۔ } کوڑا کرکٹ۔
خَاشَہ۔ ف۔ }
خَاشِع۔ ع۔ عاجزی اور فروتنی کرنیوالا
خَاشِی۔ ع۔ ڈرپوک۔ ڈرنیوالا۔
خَاص۔ ع۔ مخصوص۔ نج۔ ذاتی۔
خَاصَان۔ ف۔ خاص لوگ۔ مخصوص لوگ اور مراد انبیا اور اولیا سے بھی۔
خَاصِرہ۔ ع۔ کمر۔ تہیگاہ۔ کمھی۔
خَاصگی۔ ف۔ بادشاہ اور امیر کا مصاحب رسالہ دار۔ خزانچی۔ وہ لونڈی جو مالک کی مدخولہ ہو۔ یعنی حرم۔ ہر چیز نفیس و مرغوب
خَاصِیَّہ۔ ع۔ وہ صفت جو کسی سے خاص ہو

جیسے ہنسنا اور رونا وغیرہ انسان سے اور
فارسی کے استعمال مین بغیر تشدید صاد کے
یعنے چیز بہتر کے آتا ہی جو لائق خاص لوگون
اور امیرونکے ہو - اسی سبب سے امیرون
وغیرہ کے کھانیکو مجازاً خاصہ کہتے ہین -
خاصیّت - ع - طبیعت - اثر -
خاضع - ع - عاجزی اور فروتنی کرنیوالا
خاطِب - ع - وہ مرد جو عورت کی خواستگاری
کرے - شوہر - داماد -
خاطِر - ع - جو چیز دلمین گذرے اور بمعنی دل بھی
خاطر پریش - ف - اسم فاعل ترکیبی ہی
یعنے خاطر کا پریشان کرنیوالا -
خاطر جمع - ف - دل کی تسلّی -
خاطر نشین - ف - جو بات دلمین بیٹھ سکے
اور یقین ہو سکے -
خاطِف - ع - لیجانیوالا - برق خاطف
اسلیے کہتے ہین کہ بجلی آنکھون کی بینائی
لیجاتی ہی یعنی آنکھین جھپک جاتی ہین -
خاطی - ع - وہ شخص جو اپنے ارادہ سے خطا
کرے اور مخطی وہ شخص جو ارادہ نیکی کا کرے
اور بلا قصد اُس سے خطا سرزد ہو -
خافِض - ع - نیچے لانیوالا - حرکت کسرہ کی
دینے والا - خدا کا نام اس اعتبار سے کہ
وہ خوار اور زیر کرنیوالا سرکشونکا ہی -
خافِق - ع - وہ شخص جسکا دل دھڑکتا ہو
اور جسکا سر ہلتا ہو بسبب غلبۂ نیند کے یعنی
اونگھنے والا - دُرّہ مارنیوالا -
خافقین - ع - مشرق و مغرب یعنی پورب پچھم
خاقان - ع - بادشاہ - بزرگ - اول مین
یہ لقب تھا بادشاہان چین اور ترکستان
کا اب ہر بادشاہ کو کہتے ہین -
خاک - ف - مٹی - راکھ - نام ایک موضع کا
خاک بر لب - ف - کسی امر کے انکار مین
کسی شخص کا قسم کھانا -
خاکبازی - ف - کھیل کود -
خاکِ بسیط - ف - زمین -
خاک بیز - ف - نیاریہ یعنی وہ شخص جو بطمع
زر راکھ دھوتا ہو اور وہ شخص جو اپنے مطلب
کیواسطے بڑی کوشش اور محنت کرے -
خاک تودہ - ف - مٹی کا تودہ جس پر تیر
لگانیکی مشق کرتے ہین -
خاک جگر گیر - ف - وہ زمین جہان سے
جانیکو دل نہ چاہے -
خاک خوردن تیر - ف - تیر کا نشانے پر
نہ پہونچنا اور زمین پر گر پڑنا -
خاکدان - ف - وہ مقام جہان پر کوڑا
کرکٹ ڈالین مجازاً دنیا -
خاکدان دیو - ف - کنایہ دنیا سے -
خاک در ترازو افگندن - ف - کسی کو
حقیر اور بے اعتبار جاننا -
خاکروبہ - ف - کوڑا کرکٹ جو بہارنے
یعنی جھاڑو دینے سے جمع ہو -
خاکروب - ف - مہتر - بھنگی -
خاکِ ریحان - ف - قاعدہ ہی کہ مٹی کے
ناندے وغیرہ مین خاک بھر کے ریحان کو
بوتے ہین - ریحان سوائے گلاب کے ہر قسم کے
خوشبودار پھول کو کہتے ہین خصوصاً نازبو کو
خاکزاد - ف - خاکی - مراد انسان سے
خاکسار - ف - غریب مانند خاک کے -
خاکستر - ف - راکھ - خاک -
خاکِ ظلمات رنگ - ف - مراد دنیا سے
خاک فراموشان - ف - مراد قبر سے -
خاکِ فیروزہ - ف - فیروزہ کی کرچ یعنی
بہت چھوٹا فیروزہ -
خاکِ مرکّب - ف - مراد موالید ثلاثہ سے
یعنی نباتات اور جمادات اور حیوانات -
خاکمال کردن - ف - ایک پہلوان کا
دوسرے پہلوان کو زمین پر چت کر دینا -
خاک مُردہ - ف - اور سرزمین -
خاکہ - ف - تصویر کا مسودہ -
خاکیان - ف - مراد آدمیون سے -
خاگ - ف - مرغی کا انڈا -
خاگینہ - ف - } انڈون کا سالن جو گوشت
خایہ ریزہ - ف - } وغیرہ کی ترکیب سے
بناتے ہین - عرف مین مرکب تلے ہوے انڈے کو

کبھی خاگینہ کہتے ہین۔

خال ۔ع۔ بزرگی۔ عقلمندی۔ تکبر۔ غرور
انکا بھائی یا مامون نقطہ سیاہ جو جسم پر ہوتا ہو
ہندی تِل۔ اور مجازاً استعمال فارسی مین
بمعنی آبلہ اور چھالہ کے بھی آیا ہو۔

خالد ۔ع۔ ہمیشہ رہنے والا۔ اور نام ایک
مرد کا جو بڑا سخی تھا۔

خالص ۔ع۔ جو کسی دوسری شئ سے ملا نہو

خالصہ ۔ع۔ خاصہ۔ خالص۔ اصطلاح مین
وہ زمین بادشاہی جو کسی کی جاگیر نہو۔

خالق ۔ع۔ پیدا کرنیوالا۔

خالو ۔ع۔ اس لفظ مین واو زائد ہو اور
واسطے تحسین کلمہ کے ہو اصلی معنی اس کے
ان کا بھائی یعنی مامون مگر اس زمانہ مین
بمعنی شوہر خالہ کے مشہور اور مستعمل ہو۔

خالہ ۔ع۔ ماں کی بہن۔

خالی ۔ع۔ جسمین کچھ بھرا ہوا نہو۔

خالیہ ۔ع۔ بمعنی گذشتہ اور قدیم۔

خام ۔ف۔ کچا۔ بے اصل۔ خالص۔ چمڑا
بغیر پکایا ہوا۔ شراب مقطر۔

خام چرم ۔ف۔ مراد جسم انسان سے۔

خام خوے ۔ف۔ بے تدبیر۔ نادان۔

خام دست ۔ف۔ ناتجربہ کار۔ بے مصرف
مال خرچ کرنیوالا۔

خام دستی ۔ف۔ ناتجربہ کاری۔ فضول خرچی

خام ریش ۔ف۔ بیعقل۔ مسخرہ۔

خام سوز ۔ف۔ جو چیز کہ اوپر سے جل جائے
اور اندر سے کچی رہے۔

خامش ۔ف۔ چپ۔ مخفف خاموش کا۔

خامل ۔ف۔ گمنام۔ کمینہ۔

خاموش ۔ف۔ چپ چپکا۔ اور بمعنی خاموشی
کے بھی آتا ہو جیسے مہمان کبھی بمعنی مہمانی اور
میانجی بمعنی میانجی گری کے آتا ہو۔

خاموشیدن ۔ف۔ چپکا ہونا۔

خامہ ۔ف۔ قلم لکھنے کا۔

خامہ زدن ۔ف۔ قلم پر قط لگانا۔

خامی ۔ف۔ کچاپن۔ نادانی۔

خان ۔ف۔ سابق مین یہ لقب ترکستان
اور خطا کے بادشاہوں کا تھا اب ہر رئیس اور امیر
کو کہتے ہین اور بمعنی کاروانسرے کے بھی
آیا۔ اور مخفف خانہ بمعنی گھر کا۔

خانخانان ۔ف۔ امیر الامرا۔ مالک سرائے

خاندان ۔ف۔ گھرانا۔

خانسامان ۔ف۔ مالک سامان کھانے
وغیرہ ضروریات کا۔ داروغہ۔

خانق ۔ع۔ گلا گھونٹنے والا۔

خانقاہ ۔ف۔ فقیروں اور درویشون
کے رہنے کا مکان۔

خانمان ۔ف۔ مخفف ہو خان ومان کا
خان مخفف خانہ بمعنی گھر کا اور مان کے معنی
گھر کا اسباب وغیرہ۔

خانوادہ ۔ف۔ خاندان۔

خانہ ۔ف۔ گھر۔ مکان۔ اور مراد خیمہ سے بھی

خانہ بر خروس بار کردن ۔ف۔ کنایہ ہو
مکان کے خراب کرنے سے۔

خانہ بدوش ۔ف۔ وہ آدمی جسکا گھر نہو
مسافر۔ فقیر بے تعلق۔ رند بے خانمان۔
بے ٹھکانے۔ پریشان حال۔

خانہ تیر ۔ف۔ برج جوزا جو عطارد کا گھر ہو
اور یہ برج بادی ہو۔

خانہ جنگی ۔ف۔ آپس کی لڑائی۔ فساد

خانۂ خورشید ۔ف۔ برج اسد۔

خانہ دار ۔ف۔ مالک مکان۔ پاسبان

خانہ رس ۔ف۔ وہ میوہ جو ڈال سے
کچا توڑ کر گھر مین کسی ترکیب سے پختہ کیا گیا ہو
جیسے پال کا آم۔

خانۂ راستان ۔ف۔ کعبۂ شریف۔

خانہ زاد ۔ف۔ گھر کا پیدا۔ مراد غلام زادہ سے

خانہ کن ۔ف۔ گھر کا ویران کرنیوالا۔ مراد
فرزند ناخلف سے۔

خانہ کردن کمان ۔ف۔ کمان کے گوشونکا
حالت اصلی سے ٹیڑھا ہو جانا۔

خانۂ ماہی ۔ف۔ آب۔ پانی۔

خانی ۔ف۔ چھوٹا حوض۔ اور ایک قسم کا
سکہ جو توران مین رائج ہو۔

خاوَر - ف - مشرق - اور کبھی بمعنی مغرب کے بھی آتا ہی -
خاوَرِی - ف - مُراد خراسان کے ساکن سے
خاوِنْد - ف - مالک - صاحب خانہ -
خاوِی - ع - خالی جسمین کچھ نہو -
خائِب - ع - نا امید - محروم - بے نصیب
خایسک - ف - لوہارونکا ہتوڑا -
خائِض - ع - غور اور فکر کرنیوالا -
خائِف - ع - ڈرپوک - ڈرنیوالا -
خائِن - ع - امانت مین خیانت کرنیوالا -
خایہ - ف - انڈا مرغی کا - بیضہ آدمی اور چارپایون کا -
خایۂ زرّین - ف - آفتاب -
خایۂ غُلامان - ف - انگور کی ایک قسم ہی
خایہ نہادن - ف - انڈا دینا مرغی کا ذلت کی بات کا کرنا - ڈرنا -
خائیدن - ف - چبانا -

فصل خا مع باے موحدہ

خَب - ع - مرد مکار اور حیلہ گر - بالو کا پشتہ
خِب - ع - فریب دینا -
خَبا - ع - چھپانا - پوشیدگی - مینھ - گھاس
خَباء - ع - خیمہ -
خَبایا - ع - پوشیدگیان - خیمے -
خَبار - ع - نرم زمین - سوراخ دار -
خَبّاز - ع - روٹی پکانیوالا - نانبائی -
خَباط - ع - دیوانگی -
خُبث - ع - پلیدی - پلید ہونا - ناخوش یعنی بُرا ہونا - بُرائی - بد باطنی میل -
خُبثُ الحَدِید - ع - یم آہن یعنی لوہے کا میل جو آگ مین گرم کرکے کوٹنے وقت نکلتا ہی -
خُبجہ - ف - تمرہندی - املی -
خب خب - ف - بوسہ کی آواز -
خَبَر - ع - آگاہی - پیام - سند لیا کسی کی بات رسول مقبول صلعم کی حدیث - اور کبھی خبر بمعنی خبر دار کے بھی آتا ہی جیسے خبر شدم -
خِبرَت - ع - عقلمندی - آزمایش - جاننا
خُبرت - ع - کسی چیز کا جاننا -
خبر دار - ف - واقف - جاننے والا -
خبر کسی گرفتن - ف - اصطلاحًا کسی کے ساتھ اغلام کرنا اور زنا کرنا -
خبرگیر - ف - چوکیدار - خبر لینے والا -
خُبز - ع - روٹی نان -
خَبز - ع - روٹی پکانا -
خَبط - ع - جنون کا ملجانا عقل مین جنون
خَبن - ع - جامہ کے دامن کا چڑھا لینا یا سی لینا تاکہ وہ چھوٹا ہوجائے - دُور کردینا دوسرے حرف ساکن کا رُکن سے جیسے فاعلاتن سے الف گراکر فعلاتن کردینا -
خَبی - ع - پوشیدہ - پنہان -
خَبِیث - ع - پلید - ناپاک - بد باطن -
خَبِیر - ع - واقف - جاننے والا - دانا -
خَبِیص - ع - ظریف - خوش طبع -

فصل خا مع تاے فوقانی

خَتم - ع - مُہر کرنا - قرآن شریف کا تمام پڑھنا - پورا کرنا اور تمام کرنا کسی کام کا -
خَتَم - ع - مُہر کی ہوئی چیز -
خَتّار - ع - فریب دینے والا -
خِتام - ع - موم یا لاکھ جسکو کسی چیز پر لگاکر مُہر کردین -
خِتامَہ - ع - بمعنی ختام اسکے آخر مین تاے تانیث زائد ہی -
خِتان - ع - ختنہ - اور مقام کاٹنے کھال کا
خُتلی - ف - ختل کا گھوڑا اور یہ ایک ملک ہی بدخشان سے کہ اُسکو ختلان بھی کہتے ہین اور یہان کا گھوڑا بہت عمدہ ہوتا ہی -
خَتَن - ع - داماد -
خُتَن - ع - نام ایک شہر کا حدود چین سے جہان سے مشک لاتے ہین -
خَتن - ع - ختنہ کرنا -
خُتنَہ - ع - عضو تناسل کے آگے کی کھال کاٹنا
خُتُونَت - ع - داماد ہونا -
خُتَیعَہ - ع - زہگیر یعنی چمڑے کا انگشتانہ جو تیرانداز لوگ اُنگلیوں کے سر پر پہنتے ہین -

فصل خا مع جیم

خَج - ع - مخفف خجالت کا -

خجالت - ع - شرمندگی حیا اگرچہ صاحب منتخب
لکھتے ہین کہ خجالت کہنا عوام کی خطا ہی صحیح
خجلت ہی لیکن اکثر اُستادون نے باندھا ہی
عرفی ؎ بہ بخت بے اثرم آن کند خجالت عجز * کہ ضعف
با محل زفاف باد اباد ؛ صائب ؎ زرستی نبود
شاخہا بے بر را + خجالتیکہ من از قامت رسا دارم
خجستہ - ف - مبارک - ہمایون -
خجل - ع - شرم و حیا کرنا -
خجل - ع - شرمندہ - جامہ کہنہ -
خجلت - ع - شرمندہ ہونا - شرمندگی لیکن
اکثر فارسی مین بسکون جیم مستعمل ہی -
خجند - ع - نام ایک قصبہ کا اور دار النہر سے
خجیر - ع - خوب پسندیدہ -

فصل خا مع دال مہملہ

خد - ع - چہرہ - رخسارہ - گال - اور فارسی مین
یہ لفظ اکثر بغیر تشدید دال کے مستعمل ہوتا ہی -
خدا - ف - مالک - صاحب - خود آنیوالا - اس
صورت مین یہ لفظ مرکب ہی کلمہ (خود) اور کلمہ (آ)
سے اسلیے کہ حق تعالی اپنے ظہور مین کسی کا
محتاج نہین ہی - جب یہ لفظ مطلق ہوتا ہی تو
سوائے ذات باریتعالی کے دوسرے پر اطلاق
نہین کرتے مگر جس صورت مین کہ مضاف ہو
کسی چیز کیطرف جیسے کدخدا - دہ خدا -
خدا خدا کردن - ف - ڈرتے ڈرتے کام
کرنا - خدا کیطرف پناہ لیجانا -

خدا بر دارد - ف - یہ بددعا ہی یعنے
خدا جواب دہد - ف - خدا موت دے
خداج - ع - نقصان - ناقص - ناتمام -
معمولی جننے کیوقت سے پہلے جننا -
خدارت - ع - پردہ نشینی -
خداع - ع - فریب دینا -
خدام - ع - جمع خادم کی - نوکر لوگ -
خداوند - ف - صاحب - مالک -
خداوندگار - ف - صاحب - مالک - لفظ
گار مین یا تو کلمہ نسبت ہی یا زائد ہی جیسے
فیروزمند اور شادمند مین (مند) زائد ہی -
خدائی - ف - صاحبی - خدا ہونا -
خدایا - ف - اے خدا - یا خدا -
خدائع - ع - جمع خدیعت بمعنی مکر و فریب کی
خدایگان - ف - بادشاہ - خداوند - یہ مرکب
ہی لفظ خدا اور لفظ گان سے جسکے معنے
لائق اور سزاوار کے ہین یعنی وہ شخص جو لائق
عنایت خدا کے ہو - یا گان واسطے نسبت کے
ہی جو فائدہ تشبیہ کا دیتا ہی جس طرح لفظ وند
خداوند مین یعنی وہ شخص جو بہت بڑا مالک غالب ہو
خدر - ع - معنی پردہ -
خدر - ع - خوابیدگی اور سستی اندام کی یعنی
عضو کا سُن ہو جانا اور بے حس ہو جانا -
خدر - ع - سُست - بیحس -
خدری - ع - وہ درد یا مرض جس سے عضو کی

حس باطل ہو جاتی ہی -
خدشہ - ع - خراش - خلش - اور مجازاً بمعنے
شک اور شبہہ کے مستعمل ہی -
خدع - ع - فریب دینا - دغا کرنا -
خدعہ - ع - مکر - فریب -
خدم - ع - نوکر - چاکر - غلام - یہ لفظ اسم
جمع ہی خادم کا -
خدمت - ع - چاکری کرنا - کام کرنا - اور
استعمال فارسی مین بمعنی تحفہ اور سلام اور
کورنش کے بھی آتا ہی -
خدمات - ع - دال کے فتحہ سے جمع خدمت کی
خدمتی - ف - یائے معروف سے بمعنی تحفہ و
نذرانہ و پیشکش -
خدنگ - ف - نام ایک درخت کا جسکی
لکڑی بہت مضبوط اور صاف اور سیدھی
ہوتی ہی چونکہ اسکی لکڑی سے اکثر تیر بناتے
ہین لہذا مجازاً تیر کا نام ہو گیا اور ایک قسم
کے چھوٹے تیر کو بھی خدنگ کہتے ہین -
خدو - ف - آب دہن - تھوک -
خدور - ف - مرد کاہل اور سست -
خدوک - ف - غصہ - رشک - شرمندگی
اندوہ - غم - پریشانی - وسواس - فکر -
خدیج - ع - وہ بچہ جو معمولی وقت ولادت سے
پہلے پیدا ہوا ہو اگرچہ پوری خلقت کا ہو -
خدیجہ - ع - رسول مقبول کی پہلی بی بی کا

حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ کل عورتوں سے پہلے آپ ہی ایمان لائی تھین

خَدِیعَت -ع- مکر۔ فریب۔

خَدِیو۔ ف۔ بمعنی خداوند۔

فصل خا۔ مع ذال معجمہ

خُذب -ع- کاٹنا تلوار مارنا۔ جھوٹ بولنا۔

خَذَب -ع- نادانی۔ درازی۔

خُذُع -ع- قطع کرنا۔ گوشت کا تیمہ کرنا۔

خَذْف -ع- ذال کے سکون سے پھینکنا اور مارنا کنکری اور سنگریزہ اور چھوہارے کی گٹھلی وغیرہ کا دو انگلی یا فلاخن سے۔ اور بمعنی ٹھیکری ذال معجمہ کے فتحہ سے ہی۔

خَذْق -ع- پرند جانور کی بیٹ۔

خَذْل -ع- چھوڑ دینا۔ ذلیل کرنا۔ مدد اور یاری نہ کرنا۔

خِذلَان -ع- چھوڑ دینا۔ مدد نہ کرنا اور بے نصیب ہونا۔

خَذُول -ع- شرمندہ۔ بے نصیب۔

فصل خا۔ مع رائے مہملہ

خَر۔ ف۔ گدھا۔ کلان۔ بڑا اور کبھی اس لفظ سے مراد احمق آدمی ہوتا ہی۔

خَرّ -ع- اوپر سے نیچے گرنا۔

خَرَاب -ع- مصدر ہی بمعنی ویران کرنا۔ مگر فارسی مین بمعنی ویران اور ضائع کے آتا ہی اور مجازاً بمعنی مست اور فقیر اور دیوانہ کے بھی آتا ہی

خَرَابَات۔ ف۔ شرابخانہ۔ قمارخانہ۔

خَرَاباتی۔ ف۔ شرابی۔ جواری۔

خَرَابہ۔ ف۔ ویرانہ۔ اجڑا ہوا مکان۔ اور مجازاً ملک غنیم کو بھی کہتے ہین۔

خَرَابی بَصرہ۔ ف۔ کنایہ ہی خرابی اور ویرانی جسم سے یعنی موت سے۔

خَرَابی۔ ف۔ کنایہ ہی مستی سے۔

خَرَاج -ع- محصول زمین کا۔

خُرَاج -ع- پھوڑا جو جسم پر نکلتا ہی۔

خَرّاد۔ ف۔ وہ شخص جو لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر صاف اور سڈول کرتا ہی۔ چونکہ اس لفظ کا ماخذ کتب لغت عرب مین پایا نہین گیا اور ملا نورالدین ظہوری نے خوان خلیل مین اس لفظ کو لفظ نہاد کے ساتھ قافیہ کیا ہی اس سے ظاہرا معلوم ہوتا ہی کہ فارسیون نے خراط کی (طا) کو (تا) کے ساتھ بدلکے پھر بسبب قرب مخرج کے (د) کے ساتھ بدل کر لیا ہی۔

خَرّاز -ع- چمڑا سینے والا۔ موچی۔

خَرَاس۔ ف۔ آٹا پیسنے کی چکی جسکو بیل گھما کر آٹا پیستے ہین۔ اور کولھو۔

خَرّاس -ع- مٹکہ۔ تھلیا بنانیوالا۔ کمھار۔

خَرَاش۔ ف۔ چھیلنا۔

خَرّاط -ع- وہ شخص جو لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر صاف اور سڈول کرتا ہی۔

خَرّاطت -ع- چرخ پر لکڑی چڑھا کر صاف کرنا۔

خَراطِین۔ مب۔ معرب ہی خراتین کا کیچوے جو گیلی زمین مین ہوتے ہین۔

خُرَافَت -ع- بیہودہ کلام۔ اور خرافہ نام ہی ایک شخص کا جو عرب مین بڑا جھوٹا گذرا ہی

خُرَافَات -ع- بیہودہ باتین۔ جمع خرافت کی

خِرَام۔ ف۔ نرم رفتار نازکی کی چال مٹک کی

خِرَامَان۔ ف۔ خوش رفتار مٹک کر چال چلنے والا۔ نزاکت کی چال چلتا ہوا۔

خَرَائِد -ع- کنواری عورتین۔ شرمیلی عورتین۔ موتی بغیر سوراخ کے۔

خَرِب -ع- ویران۔ اجاڑ۔

خَربُزہ۔ ف۔ بڑا میوہ خوشبودار۔ اور یہ مشہور میوہ ہی خر بمعنی بڑا اور بزہ بمعنی میوہ شیرین خوشبودار۔ انھین صفتونکے سبب سے اس میوہ کا یہ نام ہوا۔

خَربَط۔ ف۔ بڑی بط۔ قاز جو مشہور پرند ہی۔ اور بمعنی احمق آدمی کے بھی۔

خَربَندہ۔ ف۔ مالک یا خادم گدھے کا۔

خَرپاچہ۔ ف۔ گدھے کا بچّہ۔

خَرپَشتہ۔ ف۔ بڑا بھڑ۔

خَرپُشتہ۔ ف۔ اونچا ٹیلہ۔

خُرت -ع- سوئی کا ناکا۔

خَرج -ع- باہر نکلنا۔ فارسی کے استعمال مین وہ مال جو صرف ہوسکے۔ اگرچہ جیم فارسی سے غلط ہی مگر کثرت استعمال سے معیوب نہین ہی

خَرج راہ شدن۔ ف۔ سفر مین مرجانا
خرچنگ۔ ف۔ کیکڑا۔ مشہور جانور آبی ہے
اور نام برج سرطان کا۔ کیکڑے کو عربی مین
سرطان کہتے ہین اور یہی صورت اس برج کی ہے
خَرچین۔ ف۔ چار جامہ۔ کاٹھی کا تھیلہ۔
خرخشہ۔ ف۔ بیموقع لڑائی کرنا جھگڑا اور
بکھیڑا اور فساد کرنا۔
خُرد۔ ف۔ چھوٹا ضد بزرگ۔ ریزہ ہر ایک چیز کا
ان معنون مین واو کے ساتھ لکھنا غلط ہے۔
خُرد مُرد۔ ف۔ بالکل ریزہ ریزہ۔
خِرد۔ ف۔ عقل۔ دانائی۔
خِردمند۔ ف۔ عقلمند۔ دانا آدمی۔
خُرداد۔ نام شمسی مہینہ کا جو تقریبًا ماہ
اساڑھ سے مطابق ہوتا ہے۔
خُردل۔ ع۔ ہندی رائی۔
خُردِل۔ ف۔ نامرد۔ ڈرپوک۔
خُردہ۔ ف۔ ریزہ ہر چیز کا۔ چنگاری آگ
کی۔ عیب۔ نکتہ۔
خُردہ بینی۔ ف۔ عیب نکالنا باریکی دیکھنا۔
خُردہ فروش۔ ف۔ بساطی۔
خُرزہ۔ ع۔ موزہ و کفش و مشک وغیرہ سینا۔
خَرزن۔ ف۔ چابک۔ کوڑا۔ تازیانہ۔
خَرزد۔ ف۔ عضو تناسل گندہ و دراز۔
خَرزہرہ۔ ف۔ کنیر کا درخت۔ اور یہ دو قسم
کا ہوتا ہے۔ سفید اور سرخ۔

خَرس۔ ع۔ مٹکہ۔ تھالیہ۔ مٹھور۔
خِرس۔ ف۔ ریچھ۔ بھالو۔
خُرس۔ ع۔ مہمانی ولادت کا کھانا۔
خَرَس۔ ع۔ گونگا ہونا۔ گنگی۔
خَرسَک۔ ف۔ لڑکونکے ایک کھیل کا نام۔
خُرسند۔ ف۔ خوش۔ راضی۔ اس لفظ کا
واو کے ساتھ لکھنا غلط ہے۔
خَرسنگ۔ ف۔ بڑا پتھر۔ اسلیے کہ خر بمعنی بڑا
اور سنگ بمعنی پتھر ہے۔
خُرسندی۔ ف۔ خوشی۔ رضامندی۔
خُرشید۔ ف۔ آفتاب روشن اسلیے کہ خُر بمعنے
آفتاب اور شید یاے مجہول سے بمعنے روشن۔
یہ لفظ رشیدی مین بغیر واو کے لکھا ہے مگر
سراج اللغات مین لکھا ہے کہ لفظ خورشید مین
واو معدولہ ہے اس لفظ کو بغیر واو کے لکھنا
نہ چاہیے اگرچہ رشیدی مین بغیر واو کے لکھا ہے
خَرص۔ ع۔ میوہ کا درخت پر اور کھیتی کا کھیت
مین اندازہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
خُرص۔ ع۔ سونے یا چاندی کا چھلا اور بالی۔
خِرص۔ ع۔ شتر قوی۔ اور معرب خرس بمعنے
ریچھ کا۔ اور بمعنی برچھی۔
خَرَص۔ ع۔ بھوکھا ہونا۔
خَرط۔ ع۔ لکڑی کاٹنا۔ ہر چیز کٹی ہوئی اور
چھلی ہوئی صاف کرنا۔
خَرطنبور۔ ف۔ وہ چھوٹی لکڑی یا ہڈی وغیرہ

جو طنبورے وغیرہ کے تونبے پر جاکے اوسپر سے
تار چڑھاتے ہین۔ ہندی گھرج۔
خُرطوم۔ ع۔ ہاتھی کی سونڈ۔
خَرِف۔ ع۔ بوڑھا پھوس جو بدحواس ہو
بوڑھا بیعقل۔
خَرَف۔ ع۔ وہ بدحواسی جو بڑھاپے سے ہو
خَرق۔ ع۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
خَرَق۔ ع۔ شرمندہ ہونا۔ نادان ہونا۔
خُرق۔ ع۔ بے عقلی۔ نادانی۔
خَرِق۔ ع۔ نادان۔ بے عقل۔
خَرق والتیام۔ ع۔ پھٹنا اور پھر ملجانا۔
خَرقِ عادت۔ ع۔ کنایہ اولیا کی کرامات
سے اسلیے کہ خلاف عادت ہوتی ہے۔
خِرقہ۔ ع۔ پرانا جامہ۔ گدڑی۔ لباس فقیرونکا
خَرَک۔ ف۔ چھوٹا گدھا۔ انگور خام۔
خَرکس۔ ف۔ احمق آدمی۔ بیوقوف۔
خَرکمان۔ ف۔ بہت بڑی اور سخت کمان
خُرگاہ۔ ف۔ عیش کی جگہ۔ خیمہ۔ بڑا خیمہ۔
خَرگیرفتن۔ ف۔ کسی کو احمق فرض کرلینا۔
خَرگوش۔ ف۔ جانور مشہور۔ اور مراد ہے
برج سرطان سے جو چاند کا خانہ اصلی ہے۔
خَرم۔ ع۔ ناک کے نتھنے کا پھاڑنا۔ ناک کاٹنا
اور عروض مین فعولن کا (فا) اور مفاعلن
کی (میم) گرادینا۔ سوراخ کرنا۔
خُرّم۔ ف۔ تازہ۔ سیراب مجازًا بمعنی خوش

اور شادے اور یہ لفظ ان معنے مین عربی اور فارسی مین مشترک ہی ۔
خُرّم آباد ۔ ف ۔ خوشی کی جگہ ۔
خُرما ۔ ف ۔ چھوہارا ۔ مشہور میوہ ہی ۔ اور کنایہ مرد کے عضو تناسل سے ۔
خرمست ۔ ف ۔ گرا جو کسی کا کہنا نہ مانے ۔
خرمگس ۔ ف ۔ بڑی مکھی ۔ کھا ۔
خرمن ۔ ف ۔ کھلیان ۔ تودہ غلہ کا جس سے ابھی تک بھوسہ الگ نہ کیا ہو ۔
خرمن ماہ ۔ ف ۔ چاند کے گرد کا ہالہ کُنڈل
خرمہرہ ۔ ف ۔ کوڑی جو ہندوستان مین بطور زر کے رائج ہی ۔ گھونگا ۔ سنکھ ۔
خُرّمی ۔ ف ۔ خوشی ۔
خروار ۔ ف ۔ بڑا تودہ ۔ اسقدر بوجھ جسکو گدھا اُٹھا سکے ۔
خُروج ۔ ع ۔ باہر نکلنا ۔ باغی ہونا کسی کے حکم سے منحرف ہو جانا ۔
خُروس ۔ ف ۔ مرغ گھر کا پلا ہوا ۔
خُروسان طاؤس دُم ۔ ف ۔ کنایہ ہی سرا سے برتنوں سے ۔
خُروس صُبحگاہ ۔ ف ۔ کنایہ آفتاب سے ۔
خُروس عرش ۔ ف ۔ کتب منقولات مین لکھا ہی کہ بالاے عرش ایک مرغ ہی جو صبح سے پہلے اول وہی بانگ دیتا ہی پھر اُس کی آواز سنکر زمین کے مرغ بانگ دیتے ہین ۔

خُروش ۔ ف ۔ واؤ مجہول سے غل ۔ شور ۔
خَروف ۔ ع ۔ بکری کا بچہ ۔
خُزہ ۔ ف ۔ کیچڑ ۔ تل اور سرسون کے تیل کا غل یعنی کھلی ۔ خاک کا تودہ ۔
خُرہ ۔ ف ۔ دیمک جو کیڑا مشہور ہی ۔
خُرء ۔ ع ۔ پرند جانور کی بیٹ ۔
خَریدہ ۔ ع ۔ لڑکی نابالغ ۔ عورت شرمیلی کنواری عورت ۔ موتی بغیر سوراخ کا ۔
خَریطہ ۔ ع ۔ تھیلی ۔ لفافہ امیرون کے خط کا ۔
خِریع ۔ ع ۔ خرگوش کا بچہ ۔
خَریف ۔ ع ۔ موسم خزان کا جبکہ آفتاب برج میزان مین آتا ہی اور ہندوستان مین وہ فصل جسمین جوار ۔ مکئی وغیرہ ہوتی ہی جسکو ساونی بھی کہتے ہین ۔
خِریق ۔ ع ۔ پھٹا ہوا ۔

فصل خا ۔ مع زاے معجمہ

خَز ۔ ع ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ ایک قسم کا پوستین ۔ اور فارسی مین بغیر تشدید کے بھی مستعمل ہی اور نیز فارسی مین امر ہی خزیدن کا اور نام ایک شہر کا اور مخفف خزان کا ۔
خزان ۔ ف ۔ موسم پت جھاڑ کا جسمین پتے درختون کے گر جاتے ہین ۔
خزان حنا ۔ ف ۔ مہندی کے رنگ کی زردی ۔
خزانچی ۔ ف ۔ خزانہ رکھنے والا ۔ روکڑیا ۔
خزانہ ۔ ع ۔ گودام نقد کا جہان نقد روپیہ رہتا ہو
خزائن ۔ ع ۔ جمع خزانہ کی ۔
خزر ۔ ف ۔ نام ایک ملک کا جو ترکستان کے اُتّر طرف ہی آدمی وہان کے سفید رنگ ہوتے ہین
خزرج ۔ ع ۔ نام ایک قبیلہ کا عرب سے ۔
خزری ۔ ف ۔ منسوب طرف ملک خزران کے
خزران ۔ ف ۔ نام ایک ملک کا قریب ترکستان
خزعبل ۔ ع ۔ عجیب باتین جنسے ہنسی آوے
خزعبیل ۔ ع ۔ ناحق اور باطل ۔
خزف ۔ ع ۔ ٹھیکری ۔ سفال ریزہ ۔
خزی ۔ ع ۔ رسوا آدمی ۔
خزی ۔ ع ۔ رسوائی ۔
خزیدن ۔ ف ۔ گھسنا ۔ چھپنا ۔
خزینہ ۔ ع ۔ خزانہ ۔ روکڑ کا گودام جہان نقد روپیہ رہتا ہو ۔ یہ اصل خزانہ کا ہی ۔

فصل خا ۔ مع سین مہملہ

خَس ۔ ف ۔ کوڑا تنکے ۔ گھاس ایک قسم کی گھاس خوشبودار جو مشہور ہی ۔
خَسّ ۔ ع ۔ تخم کاہو ۔ کمینہ ۔ نالائق ۔ کنجوس فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید بھی مستعمل ہی ۔
خسارت ۔ ع ۔ ہلاکت ۔ گمراہی ۔ زیان ۔
خسارہ ۔ ع ۔ نقصان ۔ ٹوٹا ۔
خساست ۔ ع ۔ نالائقی ۔ زبون ہونا ۔ بخیلی ۔ کنجوسی ۔
خساندن ۔ ف ۔ بھگونا ۔ ترکرنا دانتون مین داڑھی کا دبانا ۔

خسانیدن - ف - داڑھی کا دانتون مین لینا -

خسائس - ع - برائیان - بُری چیزین -

خس بدندان گرفتن - ف - عاجزی کرنا امان چاہنا - پناہ مانگنا -

خسپیدن - ف - سونا -

خست - ع - بخیلی -

خستہ - ف - گٹھلی خرما وغیرہ کی - خراب عاشق - بیمار - گھائل - زخمی - مفلس -

خستہ جان - ف - محتاج -

خستگی - ف - زخمی پن - دلگیری - رنج -

خستن - ف - زخمی ہونا - زخمی کرنا -

خستو - ف - دانہ میوہ کا جیسے دانۂ خرما دانۂ شفتالو وغیرہ -

خستوانہ - ف - فقیرونکی گدڑی جو رنگ برنگ ٹکڑونکی بنی ہوتی ہے -

خسر - ع - زیان - نقصان -

خسر - ف - سُسرا - جورو اور شوہر کا باپ -

خسران - ع - ٹوٹا - نقصان -

خسرو - ف - سیاوش بن کیکاؤس بادشاہ کے بیٹے کا نام - نام پرویز بن ہرمز بن نوشیروان کا جو شیرین کا عاشق تھا - مجازاً ہر بادشاہ کو کہتے ہین -

خسور - ع - وہ شخص جسکو نقصان اور ٹوٹا بہت پہونچا ہو -

خسروانہ - ف - بادشاہانہ - شاہانہ -

خسروانی - ف - ایک قسم آگ کی -

خسف - ع - زمین مین دھنس جانا - چاند کو گہن لگنا -

خسک - ف - گوکھرو جو مشہور دوا ہے اور وہ گوکھرو جو لوہے کے بناکے دشمن کی راہ مین پھیلا دیتے ہین -

خسک - ف - کُسم کا پھول -

خسکدانہ - ف - کسم کے بیج -

خسوف - ع - زمین مین دھنس جانا - چاند کو گہن لگنا - اور سورج گہن کو کسوف کہتے ہین -

خسیر - ع - زیان زدہ یعنی جو شخص نقصان اور ٹوٹا اُٹھائے -

خسیس - ع - بخیل - زبون - نالائق -

فصل خا مع شین معجمہ

خش - ف - سانس - خوشدامن -

خشب - ع - لکڑی - چوب - ہیزم -

خشت - ف - اینٹ چھوٹا نیزہ ہندی سانگ -

خشتک - ف - چوکونہ کپڑا جیسا بغل اور میانی مین لگایا جاتا ہے -

خشتک قیار - ف - وہ اینٹ وغیرہ جسپر جواری لوگ کوڑیان وغیرہ پھینکتے ہین -

خشخشہ - ف - کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ

خشخاش - ف - مشہور دانہ ہے جو پوست کے ڈوڈون مین سے نکلتا ہے -

خشف - ع - لپٹنا - پتھر پر سر دے مارنا -

خشف - ع - ہرن کا بچہ -

خشک - ف - سوکھا ہوا - خالص - بمعنے بخیل - کنجوس -

خشک آورد - ف - یعنی چپ ہو رہا -

خشک بند - ف - زخم کا ایک طرح کا علاج جو بغیر باندھنے تر دوا کے کرین -

خشک پہلو - ف - بخیل - کنجوس -

خشک دماغی - ف - دیوانگی - جنون -

خشک ریش - ف - وہ زخم جو اوپر سے بھی خشک ہو جائے ہندی کھرنڈ -

خشک زر - ف - آفتاب - زر خالص -

خشک سال - ف - قحط کا برس -

خشک مغز - ف - سودائی - دیوانہ -

خشک مغزی - ف - دیوانگی - جنون -

خشکار - ف - آٹا بغیر چھنا ہوا بھوسی سمیت

خشکہ - ف - چاول اُبالے ہوے -

خشکی - ف - سوکھاپن - تری نہ ہونا -

خشم - ف - غصہ - خفگی - غضب -

خشمگین - ف - وہ شخص جو غصہ مین ہو -

خشمناک - ف - غصہ کا بھرا ہوا - غصہ ور -

خشن - ع - جو چیز کہ سخت اور کھر کھری ہو

خشو - ف - ساس - خوشدامن -

خشوع - ع - عاجزی - فروتنی - خوف -

خشوک - ف - بُرا آدمی - چرب زبان

خشونت ۔ع۔ سختی۔ کھُرکھُراپن۔ درشتی۔
خشی ۔ع۔ خوف۔ ڈر۔
خشیّت ۔ع۔ ڈرنا اور ڈرانا۔
خشیہ ۔ع۔ ڈر۔
خشیج ۔ف۔ عنصر۔ ضِد۔ مخالف۔

فصل خا۔ مع صاد مہملہ

خصاصہ ۔ع۔ فقیری۔ مفلسی۔ بدحالی۔
خصّاف ۔ع۔ موچی۔ چمار۔
خصال ۔ع۔ جمع خصلت کی۔ عادتین۔
خصام ۔ع۔ لڑنا۔ جنگ کرنا۔ اور جمع خصم کی لڑنیوالے۔ جنگ کرنیوالے۔
خصائص ۔ع۔ جمع خصیصہ کی۔ عادتین خصلتین۔ خاصیتین۔
خصائل ۔ع۔ جمع خصلت کی۔
خصب ۔ع۔ عیش و عشرت۔ آسودگی۔
خصر ۔ع۔ میان مردم یعنی کمر۔
خصر ۔ع۔ سرما۔ جاڑا۔
خصر ۔ع۔ سردی۔ ٹھنڈک۔
خصل ۔ع۔ وہ نقد جو داؤ بد کے جوے پر رکھین۔ جوے کی شرط۔
خصلت ۔ع۔ خو۔ عادت۔
خصم ۔ع۔ دشمن۔ مالک۔ صاحب۔ اور انھین آخیر معنونکے سبب سے شوہر کو خصم کہتے ہین۔
خصمانہ ۔ف۔ غور۔ پرداخت۔ تربیت اور مبنی مانند دشمن اس صورت مین الف اور نون اسمین واسطے تشبیہ کے ہوگا۔
خصمی ۔ف۔ دشمنی۔ مالکیت۔
خصوص ۔ع۔ خاص ہونا خصوصیت۔
خصوصیّت ۔ع۔ خاص ہونا خاص کرنا۔
خصوصیات ۔ع۔ جمع خصوصیت کی۔
خصوم ۔ع۔ جھگڑالو۔ دشمن۔
خصوم ۔ع۔ جھگڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔
خصومات ۔ع۔ جمع خصومت کی۔
خصومت ۔ع۔ دشمنی جھگڑا۔ کینہ
خصی ۔ع۔ جس جانور کے خصیہ نکالڈالین
خصیہ ۔ع۔ بیضہ۔ انڈا۔
خصیتان ۔ع۔ دو انڈے۔
خصیم ۔ع۔ جھگڑالو۔ دشمن۔
خصین ۔ع۔ لکڑی چیرنے کی کلھاڑی

فصل خا۔ مع صاد معجمہ

خضاب ۔ع۔ ہر رنگ عموماً اور وسمہ اور مہندی کا رنگ خصوصاً۔
خضارہ ۔ع۔ دریا۔
خضب ۔ع۔ رنگ کرنا۔ رنگنا۔
خضب ۔ع۔ وہ چیز جس سے بالونکو رنگین کرین
خضر ۔ع۔ نام ایک پیغمبر مشہور کا۔ اور یہ لفظ بکسر اول اور سکون دوم سے بھی درست ہے
خضر ۔ع۔ شاخ سبز۔ ہری ٹہنی۔
خضرا ۔ع۔ ہری گھاس۔ سبزہ۔ ہر چیز سبز جو مونث ہو۔ نام ایک عمارت کا ہمدان مین۔ آسمان۔ بزرگ قوم۔
خضراے دِمَن ۔ع۔ وہ سبزہ اور گھاس جو گھورے پر اُگے۔ اور کنایہ ہے اُن عورتون سے جو ظاہر مین خوبصورت اور باطن مین بُری اور بد اور بد اصل ہون۔ اور ہر چیز جسکا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو۔
خضرت ۔ع۔ سبزی۔ ہریالی نباتات کی اور انسان مین گندم گونی یعنی گیہوان رنگ۔
خضریات ۔ع۔ ترکاریان۔ سبزیان۔
خضور ۔ع۔ سبز ہونیوالا۔
خضور ۔ع۔ سبزیان۔
خضوع ۔ع۔ عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا
خضیب ۔ع۔ رنگین۔ رنگا ہوا۔
خضیب ۔ع۔ نام ایک غلام حبشی کا۔ اور بعضون نے صاد بے نقطہ سے بھی لکھا ہے۔

فصل خا۔ مع طاے مہملہ

خط ۔ع۔ لکیر جسمین فقط طول ہو عرض اور عمق نہو۔ نام ایک موضع کا۔
خط از خون نوشتن ۔ف۔ کنایہ ہے نہایت عاجزی کرنے سے۔
خطا ۔ع۔ گناہ کرنا۔ اور وہ گناہ جو بغیر ارادہ کے سرزد ہو۔
خطا ۔ف۔ نام شہر کا جو درمیان ترکستان اور چین اور توران کے واقع ہے۔

خطا آمرزگار۔ ف۔ گناہ بخشنے والا۔
خطاب۔ ع۔ کسی سے روبرو بات کرنا۔ نام
اور لقب جسمین کچھ تعریف ہو۔ اور بمعنی غصہ
کے بھی آتا ہی۔
خطابہ۔ ع۔ خطبہ پڑھنا۔
خطِ استوا۔ ع۔ وہ خط جو بیچوں بیچ زمین کے
فرض کیا گیا ہو۔
خُطَّاف۔ ع۔ ابابیل جو پرند مشہور ہی۔
خِطَام۔ ع۔ اونٹ کی نکیل۔
خَطَایا۔ ع۔ جمع خطیہ کی۔ گناہ خطائین۔
خط بر آب کشیدن۔ ف۔ بفائدہ کام
کرنا۔ اور دشوار کام کرنیکا ارادہ کرنا۔
خط بر خاک کشیدن۔ ف۔ کنایہ ہی
نجالت اور شرمندگی سے۔
خط بخون دادن۔ ف۔ اپنے قتل پر
راضی ہوکر اجازت دینا۔
خُطَب۔ ع۔ جمع خطبہ کی دیباچے کتاب کے۔
خَطب۔ ع۔ دشوار کام۔ حادثہ۔
خُطَبا۔ ع۔ جمع خطیب کی۔ خطبہ پڑھنے والے۔
خُطبہ۔ ع۔ وہ کلام جسمین حمد خدا اور نعت رسول
صلعم اور پند ونصیحت طرف خلائق کے ہو۔
اور بمعنی دیباچۂ کتاب کے بھی آتا ہی۔
خِطبہ۔ ع۔ نکاح کرنیکی خواہش کسی عورت
یا اُسکے ولی سے کرنا۔
خطِ جواز۔ ع۔ پروانۂ راہداری۔

خَطَر۔ ع۔ قدر۔ جاہ۔ عظمت۔ بزرگی۔ آفت
دشواری۔ اندیشہ۔ ضرر۔
خطِ راہ۔ ف۔ پروانۂ راہداری۔
خطِ ریحان۔ ف۔ وہ خط جلی جسکے حرفون
کے عرض مین پھول بناتے ہین۔ خط گلزار۔
خَطرہ۔ ع۔ اندیشہ آفت کا دل مین آنا۔
خَطف۔ ع۔ بجلی کی چمک جس سے آنکھین
مین چکاچوند آجائے۔
خُطفہ۔ ع۔ ایک مرتبہ بجلی کا چمکنا جس سے
آنکھین خیرہ ہو جائین۔
خط کشیدن۔ ف۔ محو کرنا۔ ترک کرنا۔
مٹادینا۔ برطرف کرنا۔ آڑی نکالنا۔ لکھنا۔
خطِ مستقیم۔ ع۔ سیدھی لکیر۔
خطِ مندل۔ ف۔ منتر پڑھنے والون کا
دائرہ اور حصار جو زمین پر کھینچ کے اُسکے اندر
بیٹھکر منتر وغیرہ پڑھتے ہین۔
خُطُوب۔ ع۔ جمع خَطب کی۔ دشوار کام
بڑے کام۔ حادثے۔
خُطوہ۔ ع۔ وہ فاصلہ جو راہ چلتے وقت دونون
پانوٗنکے درمیان ہو۔ قدم۔ ڈگ۔
خُطوات۔ ع۔ جمع خُطوہ کی۔
خِطّہ۔ ع۔ وہ زمین جسپر مکان بنانے کیواسطے
گرداگرد اُسکے خط کھینچدین۔ زمین محدود۔
ٹکڑا زمین کا۔ بڑا شہر۔
خَطّی۔ ع۔ منسوب طرف خط کے جو ایک موضع کا
نام ہی۔ اور یہ لفظ اکثر نیزہ کی صفت مین
واقع ہوتا ہی اسلیے کہ وہان کا نیزہ عمدہ
ہوتا ہی یا منسوب طرف خط یعنی لکیر کے اسلیے
کہ نیزہ کا سیدھا ہونا اُسکی خوبی مین داخل ہی
خطیب۔ ع۔ خطبہ پڑھنے والا۔ لوگونکو
مخاطب کرکے کلام کرنیوالا۔
خطیر۔ ع۔ بزرگ۔ بڑا۔ عظیم۔
خطیہ۔ ع۔ گناہ۔ خطا۔

فصل خا۔ مع فا

خُف۔ ع۔ موزہ۔ اونٹ کے پانوٗن کی
تلی۔ آدمی کا تلوا۔ سخت زمین۔
خِف۔ ع۔ سبک۔ ہلکا۔
خُفّ۔ ع۔ چماق کا سوختہ۔
خَفا۔ ع۔ پوشیدگی۔ پنہانی۔
خِفا۔ ع۔ پوشش۔
خفاجہ۔ ع۔ ایک قبیلہ ہی عرب مین بنی عامر
سے کہ اکثر اُسکے لوگ راہزنی کرتے ہین۔
یہ لفظ جیم فارسی سے غلط ہی۔
خُفّاش۔ ع۔ چمگادڑ جو پرند مشہور ہی۔
خَفّاف۔ ع۔ موزہ سینے والا۔ اور موزہ
بیچنے والا۔
خِفاف۔ ع۔ جمع خُف کی۔ بہت سے موزے
اور جمع خِف بمعنی سبک اور ہلکے کی۔
خِفاف۔ ع۔ سبک۔ ہلکا۔
خَفایا۔ ع۔ جمع خفیہ کی۔ پوشیدگیان۔

خِفّت ۔ع۔ سُبکی۔ ہلکاپن۔
خُفتان ۔ف۔ ایک قسم کا لباس سپاہیونکا جو بروز جنگ پہنتے ہین۔یعنی چلتہ۔
خُفتنگ ۔ف۔ کابوس کا مرض جو سوتے مین لوگ ڈرتے ہین۔
خُفت وخیز ۔ف۔ آہستگی۔دیر۔تاخیر اور کنایہ جماع سے بھی۔
خُفتن ۔ف۔ سونا۔
خُفتہ ۔ف۔ خمیدہ۔کج۔ٹیڑھا۔
خَفچاق ۔ت۔ نام ایک قوم صحرانشین کا ترکستان مین۔دست خفچاق وہ جنگل جسمین قوم خفچاق کی بودوباش ہو اور یہ جو بعضونے گمان کیا ہو کہ خفچاق ایک بیابان کا نام ہو غلط ہو۔
خُفچہ ۔ف۔ وہ چھوٹی لکڑی جسکے سرے پر لوہا نکیلا تیز لگا ہوا ہو۔
خَفَر ۔ع۔ شرم۔شرمگین ہونا۔نگہبانی۔
خُفرق ۔ع۔ زشت۔بد۔بُرا۔بےغیرت۔
خَفض ۔ع۔ تن آسانی۔عیش۔آہستہ چلنا۔دختر کا ختنہ کرنا۔آہستہ بولنا۔اندازہ کرنا۔کام کا آسان کرنا۔کسی کو اُسکے مرتبہ سے گرا دینا۔کلمہ کو کسرہ دینا۔کسی جگہ بودوباش اختیار کرنا۔
خَفَقان ۔ع۔ نام ایک مرض مشہور کا یعنی دل کا دھڑکنا اور بیقرار ہونا۔فارسی مین یہ لفظ بہ سکون حرف دوم بھی آتا ہو۔

خَفگی ۔ف۔ اصلی معنی اسکے گلے کا گھٹنا۔مجازاً۔غضب۔آزردگی۔خفا ہونا۔
خَفَہ ۔ف۔ گلے کا گھونٹنا اور اشارہ مرض خناق سے بھی۔
خَفی ۔ع۔ پوشیدہ۔چھپا ہوا۔
خَفیّات ۔ع۔ پوشیدگیان۔
خَفیر ۔ع۔ شرمناک۔فریادرس۔نگہبان راہبر۔قاصد۔
خَفیف ۔ع۔ سبک۔ہلکا۔
خَفیق ۔ع۔ گھوڑے کے چلنے کی آواز۔ہوا کے چلنے کی آواز۔صاحب خفقان۔نیند کے غلبہ مین اونگھنے والا۔
خُفیہ ۔ع۔ پنہانی۔پوشیدگی۔
خُفینہ ۔ع۔ چھپی ہوئی چیز۔

فصل خا۔مع لام

خَل ۔ع۔ سرکہ۔فقیر ہونا۔دُبلا ہونا۔
خِل ۔ع۔ یار۔دوست۔
خَلا ۔ع۔ پاخانہ۔خالی جگہ۔خالی ہونا۔
خَلاب ۔ع۔ کیچڑ۔راہ مین جو کیچڑ ہوتی ہو۔
خَلابہ ۔ع۔ زبان سے لُبھا لینا۔
خَلار ۔ف۔ نام ایک موضع کا تو ابع شیراز سے جہانکی شراب بہت عمدہ ہوتی ہو۔
خَلاش ۔ف۔ شور۔غوغا۔
خِلاش ۔ف۔ رستہ کی کیچڑ۔
خَلاشہ ۔ف۔ کوڑا کرکٹ۔

خَلاشان ۔ف۔ کنایہ ہو حاسدون اور دشمنون اور مفسدون سے۔
خَلاص ۔ع۔ چھٹکارا۔مخلصی۔رہائی۔
خِلاص ۔ع۔ خالص۔زرخالص مقبول سچی محبت۔سنارونکی گھریا۔
خَلاصی ۔ع۔ یہ لفظ غلط ہو اسلیے کہ خلاص خود مصدر ہو اور بعضے کہتے ہین یاے تحتانی کی زیادتی جائز ہو اور یہ فارسیونکا ایک قسم کا تصرف ہو۔
خُلاصہ ۔ع۔ اصل۔پاک۔صاف۔
خَلاعت ۔ع۔ ماں باپ کے حکم سے باہر ہونا۔بیباان اور پریشان ہونا۔گناہ کرنا۔
خِلاع ۔ع۔ جمع خِلعت کی جو پہنتے ہین۔
خِلاف ۔ع۔ بید کا درخت۔آپسمین نااتفاقی کرنا۔برعکس۔مخالفت۔
خِلافت ۔ع۔ جانشینی کسی کی جگہ پر اسکی وفات کے بعد بیٹھنا۔تمام بادشاہان اسلام پر تسلط۔
خِلاق ۔ع۔ ایک قسم کی خوشبو۔
خَلاق ۔ع۔ نصیب۔خوبی کا حصہ۔
خَلّاق ۔ع۔ بہت پیدا کرنیوالا۔نام خدا کا۔
خلّاق المعانی ۔ع۔ لقب خاقانی شاعر کا۔
خَلافت ۔ع۔ پُرانا ہونا۔پُراناپن۔کہنگی۔
خِلال ۔ع۔ درمیان۔فاصلہ درمیان دو چیز کے۔دوستی کرنا کسی سے۔بہت سے دوست۔خصلتین۔عادتین۔دانت کُریدنیکا تنکا اور کنایہ

باریک اور لاغر سے بھی۔
خلال ۔ع۔ سرکہ بیچنے والا۔
خلال مائدہ ۔ ہر پان جسکو پکا کر دودھ
اور شکر سے ساتھ کھاتے ہین۔
خلان ۔ع۔ جمع خلیل بمعنی دوست کی
خلانیدن ۔ ف ۔ چبھونا۔
خلائف ۔ع۔ جمع خلیفہ کی۔
خلائق ۔ع۔ جمع خلق کی۔
خلت ۔ع۔ دوستی۔ محبت۔
خلت ۔ع۔ خصلت۔ نیک۔
خلت ۔ع۔ خصلت۔ حاجت۔ درویشی
خلج ۔ع۔ کھینچنا۔ باہر لیجانا۔ آنکھون اور
بھو نسے اشارہ کرنا۔ چبھنا۔
خلجان ۔ع۔ چبھنا۔ اور کنایہ تردد اور تفکر
اور وسواس سے۔ یہ لفظ فارسی مین کبھی
بہ سکون لام بھی مستعمل ہوتا ہے۔
خلخ ۔ ف ۔ بر وزن فرخ نام ایک شہر
حسن خیز کا ترکستان مین۔
خلخال ۔ع۔ پازیب۔ گوجری۔ جھانجھ
اور نام ایک شہر کا آذربائجان مین۔
خلخال زر ۔ ف ۔ کنایہ آفتاب سے۔
خلد ۔ع۔ بقا دائمی ہمیشگی۔ نام بہشت کا
خلش ۔ ف ۔ چبھنا۔ اور بمعنی خصومت
اور مناقشہ اور جھگڑے کے مستعمل ہے۔
خلط ۔ع۔ ملنا۔ ملجانا۔

خلط ۔ع۔ ملی ہوئی شے۔ اور چارون خلطون
مین سے ایک خلط یعنی خون یا صفرا۔ یا
بلغم یا سودا۔
خلطہ ۔ع۔ آمیزش ۔ شرکت ۔ صحبت ۔
خلع ۔ع۔ کسی جگہ سے نکلنا ۔ کسی عضو کا
نکلجانا اپنے جوڑ سے ۔ کپڑا اتارنا بدن سے ۔
موزہ نکالنا پانون سے ۔ خلعت دینا۔ شوہر کا
اپنی زوجہ سے کچھ مال لیکر اُسکو طلاق دینا۔
خلع ۔ع۔ طلاق لینا عورت کا اپنے شوہر
سے بعوض بخشنے مہر کے یا کچھ مال دیکر۔
خلع روح ۔ع۔ اپنی جان دوسرے کے
جسم مردہ مین لیجانا۔
خلع بدن ۔ع۔ جدا کرنا اپنے بدن کا روح
سے اور روح کو دوسرے کے جسم بیجان
مین ڈالنا۔ اور اس عمل کو جوگی لوگ بڑی
ریاضت سے حاصل کرتے ہین اور اصطلاح
حکما مین اس عمل کا نام سیمیا ہے۔
خلعت ۔ع۔ لباس یا پوشاک جو امیر یا
بادشاہ کی طرف سے کسی کو عطا ہو۔ اور
یہ لفظ بفتح اول غلط ہے۔
خلف ۔ع۔ پیچھے سے آنیوالا۔ جانشین
فرزند نیک اور پرہیزگار۔
خلف ۔ع۔ پس یعنی پیچھے۔ بُری بات۔
فرزند بد نسل اور بد اطوار اور نالائق۔
مرد بیخیر۔ پانی بھرنا۔ قے کرنا۔

خلف ۔ع۔ وعدہ کے خلاف کرنا۔
خلف ۔ع۔ انسان کی چھاتی کا سر یعنی
بھٹنی۔ حیوانکے تھن کی نوک۔ آدمی جھگڑالو۔
خلفاء ۔ع۔ جمع خلیفہ کی۔
خلق ۔ع۔ } خو۔ عادت ۔ مروت ۔ دین
خلق ۔ع۔
خلق ۔ع۔ پیدا کرنا۔ پیدا کیا ہوا۔ پیدا
کیے ہوے یعنے دنیا کے لوگ۔ پیدایش۔
اندازہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
خلق ۔ع۔ جامۂ کہنہ۔ پُرانا کپڑا۔
خلق ۔ع۔ کپڑے کا پُرانا ہونا۔
خلقان ۔ع۔ جمع خلق کی۔ پُرانے کپڑے۔
خلقت ۔ع۔ پیدایش ۔ پیدا کرنا۔
خلل ۔ع۔ کشادگی ۔ رخنہ ۔ تباہی کام
کی ہونی ۔ فتور واقع ہونا۔
خلم ۔ ف ۔ ناک کا غلیظ پانی ۔ رینٹ ۔
خلم ۔ع۔ یار ۔ دوست ۔ آشنا ۔
خلو ۔ع۔ خالی ہونا۔
خلو ۔ع۔ خلوت کرنا۔
خلوت ۔ع۔ تنہائی اور خالی ہونا مکان کا
غیر سے ۔ مجازاً بمعنے جاے خالی۔
خلوت صحیح ۔ع۔ تنہا ہونا خاوند اور جورو کا
واسطے ہم بستر ہونے کے ایسے مقام مین
جہان پر کوئی اور انسان حتی کہ چھوٹا لڑکا
بھی بلکہ جانور تک نہو۔

خُلُود - ع - ہمیشہ پن - ہمیشگی -
خُلُوص - ع - سادہ اور پاک ہونا - اور مجازاً معنے دوستی خالص -
خَلُوق - ع - بوے خوش - خوشبو -
خَلَہ - ع - سیخ سر تیز - اور جو چیز چبھنے والی ہو مثل برچھی وغیرہ کی نوک کے -
خَلِی - ع - بیغم - بیفکر - خالی کار و بار سے -
خَلِیج - ع - ایک شاخ دریا کی جو زمین طرف خشکی سے گھری ہوا اور ایکطرف سمندر سے ملی ہو -
خَلِیط - ع - شریک - ساجھی - ہر چیز ملی ہوئی -
خَلِیدَن - ف - چبھنا - زخم کرنا -
خَلِیعُ العِذار - ع - بے لگام شتر بے مہار
خَلِیفَہ - ع - جانشین - ولیعہد کسیکی جگہ پر بعد اُسکی وفات کے مقرر ہونیوالا -
خَلِیق - ع - صاحب خُلق - مروت والا -
خَلِیل - ع - سچا دوست - اور لقب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا -

فصل خا مع میم

خَم - ع - کج - ٹیڑھا پن -
خُم - ع - مٹکا اور پیپہ شراب وغیرہ کا -
خُمِ افلاطون - ف - کتب تواریخ مین لکھا ہے کہ جب افلاطون حکیم بہت بوڑھا ہوا تو ایک بہت بڑے مٹکے مین بیٹھا اور اُسکے شاگردون نے بموجب اُستاد کی نصیحت کے مٹکے کا مُنھ خوب مضبوط بند کرکے ایک پہاڑ کے غار مین رکھدیا -

خُمار - ع - بقیۂ مستی - اعضا شکنی اور درد سر وغیرہ جو بعد اُترنے نشۂ شراب کے ہوتا ہے -
خِمار - ع - اوڑھنی باریک پٹی جو عورتین سر پر سے اوڑھتی ہین -
خَمّار - ع - شراب بنانے اور بیچنے والا -
خُماسی - ع - وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون -
خَم اندر خَم داشتن - ف - حریف برابر رہنا
خَمان - ف - کمان خم ہونا - وہ چیز خم شدہ -
خمانیدن - ف - کسی کی حرکات وغیرہ کی بطور تمسخر کے نقل کرنا -
خُماہن - ف - ایک قسم کا پتھر جو سیاہ رنگ سرخی مائل ہوتا ہے -
خُمخانَہ - ف - شراب خانہ باعتبار اسکے کہ شرابخانون مین اکثر مٹکے رکھے ہوتے ہین -
خُمخانۂ شیرین فسانہ - ف - مراد دنیا سے
خَم در خَم - ف - پیچ در پیچ -
خَمر - ع - شراب -
خُمرَہ - ع - چھوٹی چٹائی - بوریا -
خُمرَہ - ع - چھوٹا خم - مٹلیا -
خَم زدن - ف - کنایہ بھاگنے سے -
خُمس - ع - پانچ (۵) ۵ ر پانچ عورتین -
خُمس - ع - پانچوان حصہ - (۱/۵) -
خُمس - ع - پانچوان حصہ مال کا لینا -
خَمسُون - ع - پچاس (۵۰) ۵۰ ر
خُمسَہ - ع - پانچ مرد - پانچ اُنگلیان -

خَمسۂ مُتَحَیِّرَہ - ع - پانچ ستارے چلنے والے سواے چاند اور سورج کے یعنی عُطارد - زُہرہ مِرّیخ - مشتری - زحل - اور انکو متحیرہ اسلیے کہتے ہین کہ یہ ستارے کبھی اپنی معمولی چال کو چھوڑ کر اُلٹے یعنے پیچھے چلنے لگتے ہین -
خَمط - ع - پیلو کا درخت - کھٹا دودھ - ہر چیز ترش - ہر چیز کڑوی کسیلی -
خُمع - ع - گرگ - بھیڑیا -
خَم کسے خوردن - ف - کسی کا فریب کھانا
خُمَل - ع - دوست خالص -
خُمِ نیلتاب - ف - کنایہ آسمان سے -
خَم وچَم - ف - اترانا - ناز و ادا معشوق کی چلنے کیوقت -
خُمُود - ع - سرد ہونا آگ کا - بیہوش ہونا - آرام کرنا -
خَموش - ف - چُپ چاپ مخفف خاموش کا
خَموشیدن - ف - چُپ رہنا - چپ ہوجانا
خُمول - ع - گمنام ہونا - گمنامی -
خَمیازہ - ف - انگڑائی - جماہی -
خَمیازہ بر چیزے کشیدن - ف - کسی چیز کے اشتیاق اور آرزو مین رہنا -
خمیازہ خشک - ف - بیحاصل آرزو -
خَمیدَن - ف - ٹیڑھا ہونا - خم کھانا -
خَمیدہ - ف - کبڑا - ٹیڑھا -
خَمیس - ع - جمعرات کا دن - روز پنجشنبہ اور

وہ کپڑا جو پانچ گز کا لمبا ہو۔ وہ لشکر جو پانچ
فوج رکھتا ہو یعنی مقدمہ۔ قلب۔ میمنہ۔
میسرہ۔ ساقہ۔ اسی ترتیب پر ہو ترکی
مین ہراول۔ قول۔ جرنغار۔ برنغار
جنداول۔
خمیر۔ ع۔ } وہ چیز جو کسی چیز کی زیادتی
خمیرمایہ۔ ع۔ } کا منشا ہو۔ آٹا سڑا ہوا۔ جو
اور آٹا کو پھلا دیتا ہو۔

فصل خا۔ مع نون

خنادق۔ ع۔ جمع خندق کی کھائیان۔
خنازیر۔ ع۔ جمع خنزیر بمعنی سور کی۔ اور
نام ایک مرض کا جو گلے پر ہوتا ہو ہندی مین
اسکو کنٹھ مالا کہتے ہین۔
خناس۔ ع۔ دیو بد۔ شیطان جو دلون
مین وسوسہ ڈالتا ہو۔
خنافس۔ ع۔ جمع خنفسا کی اور یہ ایک
کیڑا سیاہ رنگ گوبر وغیرہ نجاست مین
پیدا ہوتا ہو۔
خناق۔ ع۔ بیماری حلق کی مشہور ہو
اسمین اندر سے حلق گھٹ جاتا ہو۔
خنبیدن۔ ف۔ تالی بجانا۔ تال دینا۔
خنبک۔ ف۔ تالی بجانا اسطرح کہ آواز
اصول سے نکلے ایک قسم کا کپڑا سخت اور
کم قیمت اور موٹا جسکو فقیر پہنتے ہین۔ شور
غل۔ نقارے کی چوب۔ مراد آواز سے۔

خنث۔ ع۔ سست۔ کج۔ سست ہونا۔ کج ہونا
خنثی۔ ع۔ وہ شخص جسکی علامت مرد اور
عورت دونونکی ہو۔
خنجر۔ ف۔ بڑا چھرا مشہور ہتھیار ہو اور
بمعنی تلوار کے بھی آیا ہو۔
خنجیر۔ ف۔ وہ بدبو جو چمڑا اور ہڈی وغیرہ
کے جلانیکی ہو۔
خندان۔ ف۔ ہنستا ہوا۔ ہنسوڑ۔
خندانیدن۔ ف۔ ہنسانا۔
خندریس۔ ع۔ پرانی شراب۔ پرانے گیہون
خندق۔ ع۔ کھائی جو شہر کے چار طرف
بنائی جاتی ہو۔ یہ معرب ہو کندہ کا۔
خندگار۔ ف۔ مخفف ہو خداوندگار کا
اور مجازاً بمعنی بادشاہ۔ حاکم۔ اُستاد معلم
مالک۔ مگر بمعنی اُستاد اور معلم کے مخفف ہو
خواندگار کا۔
خندہ۔ ف۔ ہنسی۔
خندۂ جام۔ ف۔ موج جام شراب کی۔
خندۂ زمین۔ ف۔ کنایہ ہو سبزہ کے
اُگنے اور پھولونکے کھلنے سے۔
خندۂ زیرلب۔ ف۔ تبسم۔ مسکرانا
خندیدن۔ ف۔ ہنسنا۔ قہقہہ لگانا۔
خنزیر۔ ع۔ خوک۔ سور۔
خنصر۔ ع۔ } چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔
خنصرہ۔ ع۔ }

خنفساء۔ ع۔ گوبر کا کیڑا۔ عربی مین اسکو
جُعل اور ہندی مین گبرونداکہتے ہین۔
خنق۔ ع۔ گلے کا گھوٹنا۔ اور وہ شخص جسکا
گلا گھونٹا ہو۔
خنک۔ ف۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ خوش۔
خنگ۔ ف۔ ہر چیز سفید خصوصاً گھوڑا
سفید رنگ کا۔ جب ایسے گھوڑے کا رنگ
سیاہی اور سبزی مائل ہوتا ہو تو اسکو سبزہ خنگ
کہتے ہین اور جب خالص سفید رنگ ہوتا ہو
تو اسکو نقرہ خنگ کہتے ہین۔
خنگ بت۔ ف۔ سفید پتھر کا بت۔ مجازاً
بلور کا پیالہ۔ نام ایک عاشق کا۔
خنگ مگسی۔ ف۔ گھوڑا سفید رنگ کا جسپر
سیاہ یا سرخ نقطے یعنے بُنکیان ہون۔
خنو۔ ف۔ بدزبان۔ بدسلیقہ۔ پوچ
گفتگو مین بھوہڑ۔
خنو۔ ف۔ ظرف۔ کاسہ۔ پانی کا مٹکہ۔
غلہ رکھنے کی مٹھور۔
خنوس۔ ع۔ کسی چیز کے پیچھے چھپنا۔
خنوس۔ ع۔ چھپنے والا۔
خنیا۔ ف۔ راگ۔ ساز۔
خنیاگر۔ ف۔ گویا۔ ڈوم۔ قوال۔
خنیدہ۔ ف۔ بمعنی پسندیدہ۔

فصل خا مع واو

خو۔ ف۔ عادت۔ خصلت۔

خَوُ۔ ف۔ خودرو گھاس۔ کاٹنا۔ دور کرنا۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ عشق پیچاں جو نام ایک سخت بیلدار کا ہو معمار دنکی پاڑ۔

خواب۔ ف۔ نیند اور نیند میں جو دکھائی دے اور مراد غفلت سے۔

خوابِ خرگوش۔ ف۔ تغافل۔ فریب۔

خوابِ صیّاد۔ ف۔ دھوکا۔ مکر۔ فریب۔

خوابناکان۔ ف۔ کبھی مراد آنکھوں سے ہوا کرتی ہو۔

خوابیدن۔ ف۔ سونا۔

خوابانیدن۔ ف۔ سلانا۔

خواتین۔ ف۔ جمع خاتون کی جو ترکی میں بمعنی زن عمدہ پردہ نشین کے ہو اور یہ جمع عربی دان فارسیونکا تصرف ہو۔

خواجہ۔ ف۔ صاحب خانہ۔ گھر کا مالک۔ سردار۔ پیر۔ مالدار۔ حاکم۔ صاحب جمعیت دل۔ روح۔ وہ خدمتگار جسکا آلہ تناسل کاٹ ڈالا گیا ہو۔ اور توران میں لقب سادات ہوتا ہو۔ اور بمعنی وزیر بادشاہ کے بھی مستعمل ہوا ہو۔

خواجہ بعث و نشر۔ ف۔ مالک روز قیامت کے مراد آنحضرت صلعم سے۔

خواجہ تاش۔ ف۔ ایک مالک کے کئی غلام ایک آقا کے بہت سے نوکر۔ یہ ہر ایک آپس میں خواجہ تاش ہوتے۔

خواجہ سرا۔ ف۔ وہ غلام جسکی علامت مردی کاٹ ڈالی گئی ہو اور کام زنانہ گھر کا کرتا ہو۔

خواجہ فلک۔ ف۔ مراد آفتاب سے اور کبھی مراد ستارہ مشتری سے۔

خوار۔ ف۔ کھانیوالا۔ مثلاً شراب خوار وغیرہ۔ ذلیل اور خراب اور بے اعتبار آدمی۔ نام ایک موضع کا عراق میں کہ زمین وہاں کی سخت اور کم زراعت ہو۔

خوار۔ ع۔ بیل کی آواز۔

خوارج۔ ع۔ جمع ہو خارج اور خارجی کی۔

خوارزم۔ ع۔ نام مشہور شہر کا ترکستان میں۔

خوارق۔ ع۔ جمع خارق کی۔ وہ امور جو خلاف عادت واقع ہوں۔ مجازاً بمعنے کرامات اولیاء اللہ کے۔

خواری۔ ف۔ ذلت۔ رسوائی۔ بے اعتباری اور بمعنی گالی کے بھی آیا ہو۔

خواستگاری۔ ف۔ چاہنا۔ خواہش کسی چیز کی کرنا۔ مانگنا۔ مگر بمعنے شادی اور تقرر نسبت نکاح کے مستعمل ہو۔

خواستار۔ ف۔ مانگنے والا۔ خواہش کسی چیز کی کرنیوالا۔ طلبگار۔

خواستن۔ ف۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔

خواستہ۔ ف۔ مال۔ زر۔ اسباب۔

خواص۔ ع۔ جمع خاص کی۔ مگر فارسی میں بغیر تشدید صاد کے آتا ہو اور جمع خاصّہ کی بمعنی خدمتگاران ممتاز اور بمعنی ایک خدمتگار اور مصاحب کے بھی آتا ہو۔

خواطر۔ ع۔ جمع خاطر کی۔ طبیعتیں۔ دل۔

خواقین۔ ع۔ جمع خاقان بمعنی بادشاہ بزرگ کی

خوال۔ ف۔ واو معدولہ سے طعام خوردنی چراغ کا کاجل۔

خوان۔ ف۔ دستارخوان کھانیکا طعام رکھنے کا کٹھرا جو لکڑی کا بنا ہوتا ہو۔

خوانا۔ ف۔ واو معدولہ سے پڑھنے والا اور وہ خط جو بے تامل پڑھ لیا جائے۔

خوانچہ۔ ف۔ چھوٹا خوان۔

خواندگی۔ ف۔ پڑھائی۔ پڑھنا۔

خواندن۔ ف۔ پڑھنا۔ بلانا۔

خواندہ۔ ف۔ پڑھا ہوا۔ بلایا ہوا۔

خوان سالار۔ ف۔ بکاول۔ باورچی خانساماں۔

خوان کرم۔ ف۔ خوان بخشش کا عام کے لیے جسپر کسی کی روک ٹوک نہو۔

خوان یغما۔ ف۔ خوان لوٹ کا یعنی عام لنگر اور سدابرت۔

خوانین۔ ف۔ جمع خان کی اور خان لغت ترکی ہو اصل میں شاہان ترکستان کا لقب ہو مگر اب امیروں کے القاب میں مستعمل ہو عربی دان فارسیوں نے اس لفظ کو بطور عربی کے جمع کرلیا۔

خواہ۔ ف۔ چاہ۔ مانگ۔

خواہش ۔ف۔ آرزو۔ تمنا۔
خوب ۔ف۔ اچھا۔ بہتر۔ نیک۔ مضبوط
اور بمعنی معشوق کے بھی۔
خوبان ۔ف۔ جمع خوب بمعنی معشوق کی
خوبروئی ۔ف۔ معشوقی۔
خوجہ ۔ف۔ مخفف خواجہ کا۔ خواجہ سرا
وہ غلام جو آلہ مردمی نرکھتا ہو۔
خوخ ۔ع۔ شفتالو جو مشہور میوہ ہے۔
خود ۔ف۔ واو معروف سے۔ بروزن زرد
لوہے کی ٹوپی۔
خود ۔ف۔ واو معدولہ سے۔ آپ۔ یہ لفظ
بفتح اول ہے اسی سے اسکا قافیہ (بد وغیرہ)
کے ساتھ نظم میں آتا ہے۔
خودو ۔ع۔ عورت۔ نازک۔ جوان۔ خوبصورت
خودبخود ۔ف۔ آپ ہی آپ۔
خودحساب ۔ف۔ وہ شخص جو اپنے اعمال
کا آپ حساب کیا کرے۔
خودسوار ۔ف۔ خودسر۔ خودرائے۔
خودسازی ۔ف۔ اپنے ظاہر کو آراستہ رکھنا
خودسری ۔ف۔ کسی کی اطاعت نہ کرنا
کسیکا کہنا نہ ماننا۔ غرور کرنا۔
خودشکن ۔ف۔ عاجزی کرنیوالا۔
خودفگن ۔ف۔ یکہ ناز۔ شہسوار۔
خودکاشت ۔ف۔ جو شخص کہ خود ہی مالک
زمین کا ہو اور آپ ہی اسکو بووے۔

خودکام ۔ف۔ خودغرض۔
خور ۔ع۔ سستی۔
خور ۔ف۔ واو معدولہ سے۔ خوراک
طعام۔ آفتاب ہر ماہ شمسی کی گیارھوین
تاریخ اور امر ہے خوردن سے بمعنی کھا۔
خوراک ۔ف۔ خورش۔ کھانا۔
خورانیدن ۔ف۔ کھلانا۔ کھلوانا۔
خورائے ۔ف۔ لائق شخص۔
خورجین ۔ف۔ چمڑے کا تھیلا۔
خورد ۔ف۔ کھایا۔ سزاوار۔ لائق۔ اور
بمعنی طعام کے بھی آیا ہے۔
خوردخوان ۔ف۔ خوان طعام۔
خوردن ۔ف۔ کھانا۔ کھلانا۔ کسی سے ملاقات
کرنا۔ کسی شی کی ضرب جسم پر لگنا۔
خوردنی ۔ف۔ خورش۔ کھانیکی چیز۔
خورش ۔ف۔ طعام۔ خوراک۔
خورشید چہ منہ کرد کہ او نہ خواہد کرد ۔ف۔
یہ مثل اُس مقام پر استعمال کرتے ہین جہان
بڑا عاجز ہو چکا ہو اور چھوٹا اُس کام کا قصد
کرے یعنی باپ نے کیا بنا لیا جو بیٹا بنا لیگا۔
خورشید را بگل نہفتن ۔ف۔ کسی امر بدیہی
اور ظاہر کا انکار کرنا۔
خورشید سوے کوہ ۔ف۔ کنایہ ہے
آفتاب کے نزدیک بہ غروب ہونیسے۔
خورشید سوار ۔ف۔ کنایہ اُس شخص سے

جو صبح کو بہت سویرے اُٹھتا ہو اور جو بہت
ہوشیار اور بیدار دل ہو۔
خورشید لب بام ۔ف۔ کنایہ عمر کے آخر ہونے
سے یعنی موت سے قریب۔
خورنق ۔ع۔ ایک عمدہ محل کا نام جو نعمان
بن منذر نے سمنار معمار سے واسطے رہنے
بہرام گور بادشاہ کے بنوایا تھا۔
خورہ ۔ف۔ واو معدولہ سے۔ کوڑھ کی
بیماری۔ جذام اور بعضون نے بمعنی مرض
الجوزہ کے لکھا ہے جس سے بال گر جاتے ہین
خوزستان ۔ف۔ نام ایک ولایت کا فارس سے
خوزی ۔ف۔ منسوب طرف خوز کے جسکو
خوزستان بھی کہتے ہین۔
خوش ۔ف۔ واو معدولہ سے۔ راضی۔
خوب۔ شاداب۔ تر و تازہ۔ یہ لفظ بضم اول
غلط ہے اسی سبب سے اسکا قافیہ ساتھ
لفظ سرکش اور غش وغیرہ کے کرتے ہین
نہ ساتھ لفظ خمش اور ہُش کے۔
خوشا ۔ف۔ بہت خوش۔ بہت خوب
اسمین الف واسطے افادہ بمعنی کثرت کے ہے
خوشامد ۔ف۔ ایسی باتین جس سے دوسرا
آدمی جو مخاطب ہے خوش ہو۔
خوشانیدن ۔ف۔ سکھانا۔ خشک کرنا۔
خوشترک ۔ف۔ نہایت ہی خوب۔
خوشدامن ۔ف۔ ساس۔

خوش عنان۔ ف۔ شائستہ اور فرمانبردار
گھوڑا کہ باگ کے اشارہ پر پھر جائے۔
خوش غلاف۔ ف۔ وہ تلوار جو ذراسی
حرکت مین کاٹھی سے نکل پڑے۔
خوش قلم۔ ف۔ وہ کاغذ جو بہت صاف
اور چلنا ہو جسپر قلم نہ رُکے۔
خوشگوار۔ ف۔ میٹھی چیز۔ لذیذ شے جسکے
کھانیسے طبیعت خوش ہو جائے۔
خوشگاہ۔ ف۔ رندون کی اصطلاح مین
کنایہ ہے عورت کی شرمگاہ سے۔
خوشنود۔ ف۔ راضی۔ خوش۔ رضامند۔
خوش نشین۔ ف۔ آسودہ مقیم۔ اور وہ
شخص کہ اُسکا جہان دل چاہے سکونت اختیار کرے
خوشہ۔ ف۔ گچھا۔ بالی اناج کی۔
خوشہ ندادن۔ ف۔ کنایہ خراج نہ دینے سے
خوشی۔ ف۔ شادی۔ سرور۔
خوشیدن۔ ف۔ سوکھنا۔ خشک ہونا۔
خوض۔ ع۔ پانی مین غوطہ لگانا۔ کسی چیز
مین فکر کرنا۔ سوچنا۔
خوف۔ ف۔ ڈرنا۔ ڈر۔
خوفناک۔ ف۔ ڈرپوک۔ ڈر کا بھرا ہوا۔
خوک۔ ف۔ سور۔ مشہور حیوان ہے۔
خوگر۔ ف۔ } عادی یعنی وہ شخص جسکو کسی بات
خوگیر۔ ف۔ } کی عادت ہوگئی ہو۔
خول۔ ع۔ دولت۔ حشمت۔ نوکر چاکر۔

خولنجان۔ ع۔ پانکی جڑ ہندی کلیجن۔
خون۔ ف۔ لہو۔ اور مراد قتل سے بھی۔
خونبہا۔ ف۔ قیمت خونکی یعنی وہ روپیہ
جو عوض خونکے مقتول کے وارثونکو دیا جائے
عربی مین اسکو دیت کہتے ہین۔ کبھی مجازاً
یہ لفظ بمعنی مقابل اور مانند کے بھی آتا ہے۔
خون خروس۔ ف۔ کنایہ شراب سُرخ سے۔
خون خم۔ ف۔ کنایہ مطلق شراب سے۔
خون خوردن۔ ف۔ غم کھانا۔ مشقت اُٹھانا۔
خوندار۔ ف۔ خونی۔
خون درمیان ست۔ ف۔ جنگ درمیان
ہے یعنی لڑائی ہو رہی ہے۔
خون در جگر جوش زدن۔ ف۔ کنایہ ہے
فساد اور کینہ کے ظاہر ہونیسے۔
خونریز۔ ف۔ خونی۔ خون گرانیوالا۔
خون شدن۔ ف۔ ہلاک ہونا۔ قتل ہونا۔
خون کبوتر۔ ف۔ کنایہ شراب سُرخ سے۔
خون گرمی۔ ف۔ اُلفت۔ محبت۔
خون گرفتہ۔ ف۔ اجل گرفتہ۔ قابل قتل۔
خون ناموس۔ ف۔ کنایہ شراب سے۔
خوناب خم۔ ف۔ مراد شراب سے۔
خوناب۔ ف۔ خون خالص۔ اور کنایہ ہے
اشک خونین سے بھی۔
خونابہ۔ ف۔ مراد محنت اور مشقت سے۔
خونی۔ ف۔ لائق قتل کرنیکے۔

خونین۔ ف۔ خونسے لتھڑا ہوا۔
خوی۔ ف۔ واو معدولہ سے بدنکا عرق
جسکو ہندی مین پسینہ کہتے ہین۔ اور بمعنی
ریشمی سُرخ کپڑے کے۔ اور نام ایک مقام کا۔
خوی۔ ف۔ } آب دہن۔ تھوک۔
خوے۔ ف۔ }
خوے از بغل روان شدن۔ ف۔
کنایہ شرمندہ ہونیسے۔
خوید۔ ف۔ گیہون یا جو کا درخت جو سبز ہو
خویش۔ ف۔ واو معدولہ سے۔ آپ۔
اپنا۔ قوم۔ قریب۔ قلبیہ۔ ہل۔
خویشان۔ ف۔ اپنے رشتہ دار لوگ۔
خویشاوند۔ ف۔ اپنے لوگ۔
خویشتن۔ ف۔ آپ۔
خویش دار۔ ف۔ مراد احتیاط والا جو اپنے
کو آفتون سے محفوظ رکھے۔
خویشی۔ ف۔ اپنایت۔ قرابت۔
خویدن۔ ف۔ خو پکڑنا۔

فصل خا مع ہاے ہوز

خہ۔ ف۔ خوش۔ خوشا۔ یہ کلمہ تحسین ہے۔
خہ خہ۔ ف۔ یہ تعریف اور تحسین کی تاکید
ہے یعنی واہ واہ۔ بہت ہی خوب۔
خہے۔ ف۔ یہ کلمہ تحسین اور تعجب کا ہے جیسے
زہے یعنے مرحبا۔ آفرین۔ بارک اللہ۔ کچھ خہے کو
زہے کے قیاس پر بکسر اول پڑھنا غلط ہے۔

فصل خا مع یائے تحتانی

خی - ف - کھال پانیکی - بڑی مشک -
خیاب - ع - ناامید - بے نصیب -
خیابان - ف - چمن - کیاری -
خیار - ع - ایک قسم کی ترکاری جسکو کچا اور پکاکے بھی کھاتے ہین ہندی کھیرا - اور بمعنی اختیار - قبول کرنا - مقبول اور نیک لوگ - اور بہت خیار کی نسخے ہین یہ مین بین - دو ہین بموجب شرع -
خیارشنبر - ع - املتاس کا درخت -
خیارک - ف - نام ایک دُمل کا جو ران بھی جڑ مین ہوتا ہی - ہندی بد
خیارزہ - ف - ککڑی یہ بھی شکل کھیرے کے کھائی جاتی ہی -
خیاشم - ع - پردے ناک کے - یہ جمع خیشوم کی ہی -
خیاط - ع - سوزن - سوئی - اور بمعنی دھاگے کے بھی آیا ہی -
خیّاط - ع - درزی -
خیاطت - ع - کپڑا سینا درزیکا کام کرنا
خیال - ع - وہ صورت جو بیداری مین تصور کرے یا خواب مین دیکھے - اور وہ صورت جو پانی یا آئینہ مین دکھائی دے -
خیال پختن - ف - کنایہ امید و لالچ سے جسکے حاصل ہو -

خیالات - ع - جمع خیال کی -
خیام - ع - جمع خیمہ کی -
خیّام - ع - خیمہ دوز - تخلص ایک شاعر کا -
خیانت - ع - ناراستی - فریب - امانت مین چوری کرنا -
خیبت - ع - ناامیدی - یاس بے آس ہونا - بے نصیبی -
خیدر - مب - ہری گھاس - غلہ کا ہرا درخت یہ معرّب ہی خوید کا -
خیر - ع - نیکی - بھلائی -
خیّر - ع - بہت بڑا نیک -
خیرات - ف - جمع خیر کی - اعمال نیک -
خیرباد - ف - یہ کلمہ ہر وقت رخصت کے کہتے ہین - مجازاً یعنی رخصت سفر سے مستعمل ہوتا ہی -
خیرباد گفتن - ف - رخصت کرنا اور رخصت ہونا -
خیرخواہ - ف - بھلائی چاہنے والا -
خیرخیر - ف - یائے معروف سے بمعنی بیہودہ -
خیرگی - ف - حیرت - تیرگی - تاریکی - شوخی بیحیائی - سرکشی - تعجب -
خیرمقدم - ع - یہ ایک کلمہ ہی جو دوست ہر وقت آنے دوست کے کہتا ہی -
خیرہ - ع - اختیار - قبولیت - مقبول ہونا اس صورتمین یہ مصدر ہی - اور بمعنی نیک لوگ بہت اچھے لوگ - اس صورت مین جمع خیر کی -

خیّرہ - ع - عورت نیک اور نیکوکار -
خیرہ - ف - یائے معروف سے - سرگشتہ حیران - متعجب - شوخ - سست - تاریک بیہودہ - سرکش - دلیر - بیوجہ - بے سبب بیشرم - بیحیا - آنکھونکے سامنے جو غبار سا آجائے - عضو جو سو جائے یعنی سُن ہو جائے -
خیرہ رائے - ف - سست عقل - پریشان فکر -
خیرہ سر - ف - پریشان - سرکش - اور بیہودہ پھرنیوالا -
خیرہ کُش - ف - کسی کو ناحق اور بے سبب قتل کرنیوالا -
خیرو - ف - ایک پھول ہوتا ہی زرد -
خیری - ع - سفید - سرخ - کبود - اسکو گل خیرو بھی کہتے ہین -
خیریّت - ف - نیکی - بھلائی - خیر و عافیت
خیز - ف - اُٹھ - موج پانیکی - کبوتری کی مستی وقت خوشی کے نر کے ساتھ -
خیزران - ع - ایک ریشہ دار درخت ہوتا ہی جسکے ریشہ سے کرسی وغیرہ بنی جاتی ہی ہندی مین اسکو بینت کہتے ہین -
خیزد و سیز - ف - یائے مجہول سے - ذوق شوق - محبت - اختلاط - ارتباط -
خیزیدن - ف - اُٹھنا - کھڑا ہونا -

خلسانیدن۔ ف۔ } ترکرنا۔ بھگونا۔
خلیسیدن۔ ف۔ }

خَلِیش۔ ع۔ ایک قسم کا کپڑا جسکے تار موٹے ہوتے ہین اور یہ کپڑا نہایت سنگین بنا ہوا ہو۔ استعمال فارسی مین بکسر اول آتا ہے۔

خیشخانہ۔ ف۔ امیرونکا مکان بطور خیمہ کے جو گرمیونکی فصل مین خیش کپڑے سے بنایا جاتا ہے اور پانی اُسپر چھڑکا جاتا ہے۔

خَیشُوم۔ ع۔ ناک۔ ناک کے نتھنونکی ہڈی

خَیط۔ ع۔ دھاگا۔ ڈورا۔ سوت۔

خَیطِ اَسوَد۔ ع۔ سیاہی رات کی۔

خَیطِ اَبیَض۔ ع۔ روشنی صبح کی۔

خَیطَل۔ ع۔ گربہ۔ بلّی۔

خَیف۔ ع۔ ڈرنا۔ اور نام ایک مقام کا عرب مین جہان کی مسجد مشہور ہے۔

خَیف۔ ع۔ ایک آنکھ کا کبود ہونا اور دوسری کا سیاہ۔ ہندی مین ایسی آنکھ کو طاقی کہتے ہین۔

خِیفَہ۔ ع۔ خوف۔ ڈر۔

خَیفا۔ ع۔ وہ مادہ اسپ یعنی گھوڑی جسکی ایک آنکھ سیاہ اور دوسری سفید ہو۔ اور اسی مناسبت سے خیفا نام ایک صنعت کا بھی ہو عبارت لکھنے مین کہ ایک کلمہ نقطہ دار الا دوسرا بغیر نقطہ کا علی الترتیب ہو۔

خَینک۔ ف۔ یاے معروف سے بمعنی مشک جسمین پانی بھرا جاتا ہے۔

خَیل۔ ع۔ گروہ سوارون اور پیدلونکا گھوڑونکا گلہ۔ اور بمعنے بسیار یعنی بہت اور یہ جمع ایسی ہے جسکا واحد نہین ہے اور بعضون نے اسکی جمع خیول کہی ہے فارسی مین یہ لفظ بمعنی مطلق گروہ کے آتا ہے خواہ آدمی ہون خواہ فرشتے اور جن و پرند اور چرند اور زمین کے کیڑے وغیرہ ہون۔

خیل خیل۔ ع۔ مراد فوج فوج۔

خیلتاش۔ ف۔ گروہ غلامون اور نوکرونکا جو ایک مالک کے زیر حکومت ہون اور یہ لفظ بمعنی صاحب اور امیر کے بھی آیا ہے۔

خیلخانہ۔ ف۔ بمعنی خاندان۔

خیل قفچاق۔ ف۔ مراد گروہ صحرائی

خیلے۔ ف۔ بہت زیادہ۔

خِیم۔ ع۔ یاے معروف سے۔ خو۔ عادت۔ مگر کلام فردوسی مین بمعنی خوے بد کے ہے۔

خَیم۔ ع۔ بزدلی کرنا۔ ڈرنا۔

خِیَم۔ ع۔ جمع خیمہ کی۔

خیمگی۔ ع۔ منسوب طرف خیمہ کے۔ وہ شخص جو خیمہ مین ہو۔ خیمہ دوزکی سوئی۔ اور بمعنی فراش کے بھی آیا ہے۔

خُیُو۔ ف۔ آب دہن۔ تھوک۔

خُیُول۔ ع۔ گھوڑے۔ سوارونکا غول۔ یہ جمع ہے خیل کی جسکے معنی اوپر گذرے

باب دال مہملہ

فصل دال مع الف

دا۔ ع۔ بیماری۔ مرض۔

دَا۔ ف۔ بغیر ہمزہ کے ردّہ۔ پیار کا۔

داءُ الثَّعلَب۔ ع۔ ایک مرض ہے جس سے بال جھڑ جاتے ہین ہندی بالخورہ۔

داءُ الاَسَد۔ ع۔ جذام کا مرض۔

داءُ الفِیل۔ ع۔ فیل پانون۔

دَاب۔ ع۔ خو۔ خصلت۔ عادت۔

دابر۔ ع۔ اُلٹا چلنے والا۔ بقیہ چیز کا اصل۔

دابوغہ۔ ف۔ ہندوانہ۔ تربز۔

دابّہ۔ ع۔ جو حیوان کہ زمین پر چلتا ہو مگر اکثر اطلاق اسکا اُن چوپایون پر ہوتا ہے جنپر سوار ہوتے ہین یا جنپر بوجھ لادتے ہین۔

دابشلیم۔ ف۔ نام ایک راجہ ہند کا جو بڑا عادل اور عقلمند تھا قصہ کلیلہ دمنہ اسی راجہ سے ہے۔

داثر۔ ع۔ ہلاک ہونیوالا۔ غافل۔

داج۔ ع۔ تاریک۔ تاریکی۔ بہت تاریک۔

داحض۔ ع۔ پھسلنے والا۔ دور ہونیوالا اور بمعنے باطل کے بھی ہے۔

داحضہ۔ ع۔ حجت باطل۔

داخل۔ ع۔ اندر آنیوالا۔ اندرونی۔

داخلہ۔ ع۔ اندر آنیوالی۔

داخل - ف - مکان کے آگے کا بیٹھکہ
داخول - ف - نشست کا دالان یا کمرہ
ہندی چوپال - اور وہ علامت جو کھیت وغیرہ
مین کھڑی کرتے ہین جس سے جانور بھاگین -
داد - ف - انصاف - عدل - بخشش -
دادار - ف - حاکم عادل اور منصف
یہ لفظ مرکب ہی داد اور آر سے جو کلمہ ہی
نسبت کا -
داد خواہ - ف - فریادی -
داذر - ف - برادر - بھائی - دوست -
داذک - ع - بوڑھا غلام -
داذگر - ف - منصف -
داذنی - ف - قرض -
دار - ع - گھر - خانہ - مکان - محلہ -
دار - ع - مطلق لکڑی - نام ایک درخت
کا - پھانسی چڑھانیکی لکڑی - سولی -
دارا - ع - نام بادشاہ فارس کا جس سے
سکندر لڑا تھا اور ہر بادشاہ کو بھی دارا کہتے
ہین - اور کبھی اشارہ خداے تعالی کیطرف
ہوتا ہی اسلیے کہ دارا معنی رکھنے والا ہی اور
حقتعالی تمام عالم کا دارندہ ہی اور مبنی پر تمند
داراب - ف - بیٹا بہمن بادشاہ کا -
دارائی - ف - حکومت - بادشاہت اور
خدائی - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو مشہور ہی
دار کبست - ف - لکڑی اور تختونکی پاڑ
جسپر راج اور مزدور بیٹھکر کام عمارت کا کرتے
ہین - اور انگور اور کدو وغیرہ کی بیل
چڑھانیکا ٹھاٹھر -
دارباز - ف - بازیگر یعنی نٹ -
دارالسلام - ع - گھر سلامتی کا نام بہشت کا
دارالسلطنت - ع - گورنمنٹ کا صدر مقام
بادشاہ کے رہنے کی جگہ -
دارالشفا - ع - گھر صحت کا - ہسپتال جہان
بیمارونکا علاج ہوتا ہی - دواخانہ -
دارالصفا - ع - خانہ کعبہ -
دارالضرب - ع - جسجگہ اشرفی یا روپے
یا پیسے پر سکہ لگاتے ہین ٹکسال -
دارالآخرۃ - ع - قیامت -
دارالامان - ع - امن کا مکان جہان پر
لڑائی اور فساد کچھ نہ ہو -
دارالامارۃ - ع - دارالسلطنت - گورنمنٹ
کے رہنے کا صدر مقام -
دارالبوار - ع - گھر ہلاکت کا یعنی دوزخ -
دارالحرب - ع - وہ مقام جہان پر
خدا کی عبادت کرنیکی ممانعت کیجائے یعنی ملک
کفار جو مطیع اسلام نہو - چونکہ ایسا ملک لائق
جہاد کے ہی اسلیے دارالحرب نام رکھا -
دارالخلافت - ع - راج دھانی - دارالسلطنت
بادشاہ کے رہنے کا شہر -
دارالعدالت - ع - کچہری -
دارالعیار - ع - وہ مقام جہاں پر کھوٹا
اور کھرا زر پرکھا جاتا ہی -
دارالفنا - ع - دنیا -
دارالقضا - ع - کچہری عدالت کی -
دارالقرار - ع - بہشت - جنت -
دارالقمامہ - ع - وہ مقام جہان کسبیان
رہتی ہوں - اور وہ جگہ جہان کوڑا اور میلا
اور نجاست وغیرہ ڈالی جاتی ہی -
دارالملک - ع - وہ مقام جہان پر بادشاہ رہتا ہو -
دارالمرز - ع -
دارالنعیم - ع - ناز و نعمت کا گھر - مراد
اس سے بہشت ہی -
دارچینی - ف - ایک خوشبو دار لکڑی کا
نام جو چین سے آتی ہی مثل بچ کے ہوتی ہی
دارششدر - ف - دنیا - باعتبار
اسکے کہ دنیا مین چھ طرف ہوتے ہین - پورب
پچھم - اتر - دکھن - اوپر - نیچے -
دارع - ع - زرہ پہنے ہوے - زرہ پوش -
دار فلفل - ع - پیپلین جو مشہور دوا ہی -
دار مدار - ف - ٹھہراؤ - قرار -
دارین - ع - دین و دنیا - دونون جہان
دنیا اور آخرت -
داس - ف - درانتی - ہنسیا - گھاس
کاٹنے کا اوزار لوہے کا -
داس افگندن - ف - مال کا خرچ کرنا -

داستان - ف - قصہ - کہانی - شہرت - اور لقب زال پدر رستم کا -

داش - ف - چونہ پکانیکی بھٹی - کمہار کا آنوان - اینٹ پکانیکا پزاوہ -

داشتن - ف - رکھنا -

داعی - ع - دعا کرنیوالا مانگنے والا طلب کرنیوالا - بلانیوالا - ارادہ کرنیوالا -

داعیہ - ع - خواہش - ارادہ - داعی جمع ہے -

داغ - ف - دھبا -

داغ بر یخ زدن - ف - بیحاصل کام کرنا -

داغ بر حجریہ نہادن - ف - حکومت کرنا -

دافق - ع - پانی گرانیوالا - اور ما دافق پانی گرایا گیا اسمین اسم فاعل بمعنی مفعول ہے -

دافعہ - ع - دفع کرنیوالی - نام ایک قوت کا جسم مین جو غذا کے فضلہ کو دفع کرتی ہے -

دال - ع - دلالت کرنیوالا - راہ دکھانیوالا -

دال - ف - طائر شکاری جسکو عقاب کہتے ہین اور یہ سیاہ رنگ ہوتا ہے -

دام - ف - جال - پھندا - جنگلی جانور جو گھاس کھاتے ہین - جیسے ہرن وغیرہ اور دُدوہ چوپائے ہین جو درندہ ہین مثل شیر اور پلنگ وغیرہ کے - اور دو واونکے وزن مین دام بجتہ اشارہ ماشہ یا اکیس ماشہ کا ہوتا ہے اور دام خام بارہ ماشہ کا -

دام - ع - ہمیشہ ہوجیو -

داما - ع - دریا - سمندر -

داماد - ف - نیا دولھا - مجازاً بیٹی کا شوہر -

دامان - ف - دامن -

دامع - ع - اشک ریز - روتا ہوا -

دامغ - ع - سر توڑنیوالا -

دامگاہ دیو - ف - کنایہ دُنیا سے -

دامن - ف - آنچل - انگرکھے وغیرہ کا لٹکا ہوا حصہ جو ہوتا ہے -

دامن افشاندن - ف - غرور اور ناز کرنا -

دامن برزمین کشیدن - ف - غرور اور ناز سے راہ چلنا - اترانا چلنے مین -

دامن بدندان گرفتن - ف - کنایہ ہے تیز بھاگنے سے -

دامن چیدن - ف - کنارہ کرنا علیحدہ ہونا -

دامن شب - ف - پچھلی رات -

دامن کوہ - ف - پہاڑ کے نیچے کا میدان -

دامنی - ف - باریک چادر ایک عرض کی یعنی ایک پٹی جسکے بیچ مین سیون نہو -

دانا - ف - عقلمند -

دانائے پیشینہ - ف - سکندرنامہ مین مراد فردوسی شاعر مشہور سے -

دانائی - ف - عقل - دانش -

دانچہ - ف - عدس - کھڑی مسور -

دانستہ - ف - جان کر - جانا ہوا -

دانستن - ف - جاننا -

دانش - ف - عقل - دانائی -

دانش آموز - ف - بمعنی اُستاد اور شاگرد دونون کے آیا ہے -

دانق - ع - مردنادان - دُزد - چور - اور ستور لاغر یعنے دُبلا چوپایہ - اور یہ معرب دانگ کا یعنی چھ رتی کا وزن -

دانگ - ف - چھ رتی کا وزن -

دانگانہ - ف - گھر کا اسباب - کچھ لوگون کا آپس مین چندہ کرکے سیر و سفر کیلیے سامان کھانیکا اپنے واسطے مہیا کرنا -

دانہ - ف - مراد اسباب اور مال سے -

دانہ تست - ف - یعنی تیری ہی یاد اور تیرا ہی ذکر ہے -

دانیہ - ع - نزدیک ہونیوالی -

دانی - ع - نالائق - کمینہ - پاجی - ماخوذ دنائت سے - اور بمعنی نزدیک ماخوذ دنو سے -

داد - ف - دیوار خواہ پختہ ہو خواہ کچی اور اسکو داے بھی کہتے ہین - مکر حیلہ - فریب دشنام - گالی - جوے کی شرط زیادہ کرنا -

داؤد - ع - اصل اسکی دو واو سے ہے اسطرح (داوود) حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد کا اسم شریف کتاب زبور انھین پر آسمان سے نازل ہوئی تھی -

داور - ف - بمعنی حاکم - اصل اسکی دادور تھی یعنی صاحب انصاف لیکن واسطے تخفیف کے

دوسری دال گرا دی گئی - اور کبھی اس لفظ سے مراد ذات حقتعالی ہوتی ہے -

دَاوَرِی - ف - حاکمیت - قصہ - معاملہ - خصومت - جنگ - شکایت - نالش کرنا -

دَاوَرِی گاہ - ف - مقام حکومت انصاف -

دَاہ - ف - کنیز - لونڈی -

دَاہِ عَرَب - کنایہ ذلیل اور خوار سے -

دَاہُول - ف - وہ آدمی کی شکل جو کھیتون مین واسطے بھگانے جانورونکے بناتے ہین

دَاہِیَہ - ع - سختی زمانہ کی - بلا - حادثہ - مصیبت - امر بزرگ -

دَاہِی - ع - دانا - عقلمند -

دَائِر - ع - گرد پھرنیوالا -

دَائِرَہ - ع - وہ سطح مستوی گول ہے جو محیط ہو ایک گول خط سے جسکے بیچ بیچ ایک نقطہ ہو اُس سے جو خط نکلین سب آپسمین برابر ہون - حلقہ - گھیرا - گول خط - گردش زمانہ - مجازاً حلقہ مجلس اور لشکر کا - نام باجہ کا جو مشہور ہے - اور مراد قلعہ سے بھی -

دَائِم - ع - ہمیشہ -

دَائِمًا - ع - ہمیشہ - ہر وقت -

دائِمی - ع - ہمیشہ - ہر لحظہ -

دَائِن - ع - قرض دینے والا -

دَایَہ - ف - وہ عورت جو کسی بچہ کو اپنا دودھ پلاوے اور اُسکو پالے -

فصل دال مع باے موحدہ

دُبّ - ع - خرس - ریچھ -

دَبّ - ع - آہستہ چلنا - اثر کرنا شراب اور بیماری کا جسم مین - اثر کرنا کھنگی کا لباس مین

دَبْ - ع - اعلام کرنا - نواطت - کپڑے پر بیل بوٹے بنانا - پوشیدہ کرنا - چھپانا -

دُبّ اَکْبَر - ع - بناتُ النَّعش کُبریٰ اور
دُبّ اَصْغَر - ع - بناتُ النَّعش صُغریٰ - سات ستارے ہین قریب قطب شمالی کے جو آپسمین ملکر بصورت ریچھ معلوم ہوتے ہین اب اس ترکیب کے بعد ایک بڑا ہے اور دوسرا چھوٹا اگر اپنے موقع پر فقط لفظ دُبّ استعمال ہوتا ہے تو مراد اس سے بناتُ النَّعشِ کُبریٰ ہوتی ہے -

دُبَّا - ع - کدوے خشک - تونبا -

دَبَاب - ع - طواعت - اعلام -

دَبَاغَت - ع - چمڑے کا پکانا اور درست کرنا اور پاک اور صاف کرنا -

دَبْدَبَہ - ف - آواز ڈھول اور نقارے کی مجازاً بمعنے جاہ وہیبت وبزرگی وشان -

دُبُر - ع - پشت پیچھا ہر چیز کا - مجازاً بمعنے مقعد یعنی پاخانہ کا مقام -

دِبْس - ع - دوشاب یعنی شیرہ انگور کا -

دَبِسْتَان - ف - مکتب - مدرسہ - یہ لفظ اصل مین اَدَبِسْتَان تھا یعنی ادب کا مقام -

دَبَق - ع - سریش یا لاسہ جس سے پرند جانورونکا شکار کرتے ہین -

دَبُوب - ع - غار عمیق - بہت گہرا غار -

دَبُور - ع - وہ ہوا جو مغرب کیطرف سے چلے ہندی مین پچھوا ہوا کہتے ہین -

دَبُوس - ف - لوہے کا گرز - دَبُّوس تشدید معرب اسکا ہے -

دَبَّہ - ع - چمڑے کا کپہ جسمین گھی وغیرہ رکھین -

دَبَّہ در پاے پیل افگندن - ف - مراد ہے فتنہ انگیزی سے - اور دیدہ ودانستہ اپنے کو ہلاکت مین ڈالنے سے -

دَبِیب - ع - زمین پر آہستہ چلنا -

دَبِیر - ع - کاتب - نویسندہ - منشی -

دَبِیرِ فَلَک - ع - ستارہ عطارد -

دَبِیز - ع - موٹا - دلدار -

دَبِیقِی - ع - ایک قسم ہے دیبا کی جو نہایت عمدہ ہوتی ہے منسوب طرف دبیق کے جو ایک قریہ ہے ملک مصر مین یہ وہانکا کپڑا ہے -

دَبِیلَہ - ع - بروزن فتیلہ - بڑا ورم گول -

فصل دال مع ثاے مثلثہ

دِثَار - ع - وہ کپڑا جو دوسرے کپڑونکے اوپر پہنا جاتا ہے جیسے جبہ یا چادر وغیرہ اور جو کپڑا بدن سے متصل رہتا ہے اُسکو شعار کہتے ہین -

دَثْر - ع - مال بسیار - بڑی دولت -

دَثَرَہ - ع - کپڑے کی چرک اور میل -

دُثُور - ع - جلدی بھول جانا کسی چیز کا یاد سے اُتر جانا - دھبّے کا مٹ جانا -
دَثُور - ع - مرد گمنام -

فصل دال مع جیم عربی

دَجّال - ع - طلا - سونا - تلوار کا جوہر بہت جھوٹ بولنے والا - لقب ایک بہت بڑے جھوٹے کا جو آخر زمانہ مین پیدا ہوگا مخالف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا -
دَجاج - ع - مُرغیان اور مُرغ کو بھی کہتے ہین
دَجاجہ - ع - ایک مُرغی اسکے آخر مین تاے تانیث نہین ہی تاے وحدت ہی -
دِجلہ - ع - نام ایک ندی کا جو بغداد کے نیچے بہتی ہی مجازاً ہر ندی کو دجلہ کہہ سکتے ہین -
دُجی - ع - تاریکی رات کی - اندھیرا -

فصل دال مع خاے معجمہ

دُخ - ع - دھوان آگ کا -
دُخان - ع - دھوان -
دُخت - ف - مخفف دختر کا بیٹی -
دُختر - ف - لڑکی - بیٹی -
دُخترِ آفتاب - ف - مراد شراب سے -
دُختر خانہ - ف - وہ لڑکی جسکا ابھی نکاح نہوا ہو اور اپنے باپ کے گھر مین ہو -
دُخترِ رز - ف - انگور کی شراب -
دُخترک - ف - چھوٹی لڑکی -
دُختندر - ف - سوتیلی بیٹی یعنی دوسری ان کے بیٹ سے یا دوسرے باپ کے نطفہ سے -
دَخل - ع - آمد - آمدنی - اندر آنا - کچھ اپنا تصرف کرنا - اعتراض کرنا کسیکے کام مین -
دَخمہ - ف - وہ تہخانہ جسمین کفار عجم مُردون کو رکھتے ہین - گورخانہ گبران -
دُخن - ع - } جیسا ایک غلہ مشہور ہی -
دَخنہ - ع - }
دُخُول - ع - گھسنا - اندر جانا -
دَخیل - ع - کسی کے کام مین دخل دینے والا وہ کلمہ جو اور زبان کا ہو اور کلام عرب مین لایا جائے - نام ایک حرف کا نو حرفون قافیہ مین سے جو واقع ہو درمیان رَوی و الف تاسیس کے جیسے شاغل کا غین اور فاضل کا ضاد اور بمعنی دوست خاص کے بھی آیا ہی -

فصل دال مع دال مہملہ

دَد - ف - چوپایہ کہ درندہ ہو مثل شیر بھیڑیے - چیتے وغیرہ کے - اور دام وہ جنگلی چوپایہ جو گھاس کھاتا ہو مثل ہرن اور بارہ سنگے وغیرہ کے -

فصل دال مع راے مہملہ

دَر - ف - اندر - بیچ - دروازہ -
دُرّ - ع - گاے اور بکری کا دودھ - نیک کام - نیکی - خوبی - مینھ کا بہت برسنا -
دُر - ع - بڑا موتی - فارسی مین بغیر تشدید بمعنی مطلق موتی کے آتا ہی - اور کبھی کنایۃً انسوسے بھی ہوتا ہی -
دَرا - ف - گھنٹہ - گھنٹالا - زنگولہ - اور اُسکو جرس بھی کہتے ہین -
درآب و آتش بودن - ف - محنت اور مشقت مین مبتلا ہونا -
دُرّاج - ع - } تیتر ایک مشہور پرند ہی جو اکثر
دُرّاجہ - ع - } جھاڑیون مین ملتا ہی -
دَرّاجہ - ع - دو بڑے برج جو دروازہ قلعہ کے دونون طرف ہوتے ہین -
دَراری - ع - ستارے روشن اور بڑے یہ جمع دُرّی کی ہی جو بمعنی ستارۂ روشن ہی
دَراز - ف - لمبا -
درازدستی - ف - ظلم - بے انصافی -
درازدُم - ف - گرگٹ مشہور جانور ہی -
دراز شدن - ف - سونا - لیٹ جانا -
درازگوش - ف - ایک قسم کا گدھا جسکے کان بڑے ہوتے ہین - نصاری اُسکی تعظیم کرتے ہین اسلیے کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سواری مین رہتا تھا -
درازنفسی - ف - بہت کہنا - کلام کو طول دینا - سانس کو روکنا - دم بڑھانا -
دَراست - ع - داتائی عقلمندی سبق لینا - سبق دینا -
دُرّاعہ - ع - ایک قسم کا لباس مشائخ کا اور وہ اکثر صوف کا ہوتا ہی مثل کرتہ یا عبا کے اور

فا - سی مین بغیر تشدید کے مہملہ کے بھی آتا ہے
دراُفتادنِ شخ - ف - یعنی گرہ بات نامہ
مین مبتلا ہونا
دراُفتادن - کسی شخص کے ہمراہ کسی
بات مین بحث کرنا - باہم جھگڑنا - آپس مین
جنگ و خصومت کرنا -
دَرّاک - ع - بڑا جاننے والا - مغز سخن کو
بہت جلد اور بہت خوب سمجھ لینے والا -
دِرام - ف - سا ہی ایک جانور خاردار ہے
درآمدن - ف - آنا - اندر آنا -
درانگشت آوردن - ف - یعنی لکھ لینا -
درآویختن - ف - لٹکنا - لٹک جانا -
دَراہِم - ع - جمع دِرہم کی جو ساڑھے تین ماشہ
وزن مین ہوتا ہے -
دِرَایت - ع - دانائی - عقل - دانش
دِرَائیدن - ف - جرس یعنی گھنٹہ کا آواز
کرنا بولنا - کہنا -
دَرب - ع - بڑا دروازہ - پھاٹک - اور
بمعنی کوچہ - محلہ -
درباب - ف - بابت -
درباختن - ف - ہار دینا -
دربار - ف - کچہری - بادشاہی -
دربارہ - ف - بابت -
دَربان - ف - دروازہ کا چوکیدار -
دَربدَر - ف - ایک دروازہ سے دوسرے
دروازہ پر جانا -
دربرآوردن - ف - دروازہ بند کرنا -
دربند - ف - قلعہ - حصار - دروازہ - دریا
کابل - بند یعنی گذرگاہ دریا - فاصلہ درمیان
دو ولایت کے - نام قلعہ کا - نام ایک شہر کا -
نزدیک شروان کے - قلعہ کا دروازہ -
درپاے افگندن - ف - کسی کام مین
سستی کرنا اور ذلیل جان کر نہ کرنا -
درپوست اُفتادن - ف - کسی کے } عیب مین
درپوستین اُفتادن - ف - }
غور کرنا اور کسی کا عیب ظاہر کر دینا -
درپوست درآمدن - ف - کسی کے
بھید سے واقف ہو جانا -
درپوست گفتن - ف - کسی بات کا
اشارہ اور کنایہ سے پوشیدہ کہنا -
درپیش - ف - سامنے -
درج - ع - کسی چیز کا کسی چیز مین داخل کرنا -
کاغذ کا لپیٹنا - قصیدہ یا نثر عبارت جو کاغذ
پر لکھ کر شاعر یا منشی اپنے پاس رکھے اپنے
اظہار کمال کے لیے - اور مراد نامہ اور
کتاب سے بھی -
دُرج - ع - صندوقچہ اور ڈبہ جسمین زیور
اور جواہر وغیرہ رکھتے ہین -
دَرَج - ع - جمع دَرجہ کی - بہت سی راہین
سیڑھی کے ڈنڈے -
دَرجات - ع - جمع درجہ کی - بلند زینے -
دُرجِ عقیق - ف - کنایہ دہن سے -
درجوال رفتن - ف - کسی کے فریب
اور دغا مین آجانا -
دَرجہ - ع - رتبہ - اور تین سو ساٹھوان حصہ
کرہ کا - پائگاہ - پایہ - ایک ڈنڈا نردبان
یعنی سیڑھی کا -
درخاک نشستن - ف - ذلیل وخوار ہونا
دُرخش - ف - بجلی - آگ - روشنی -
دُرخشان - ف - چمکتا ہوا - جگمگاتا ہوا -
دُرخشیدن - ف - چمکنا - روشنی دینا -
درخط شدن - ف - رنجیدہ ہونا - خراب
ہونا - شرمندہ ہونا - اور کنایہ عاجز ہونے
سے بھی اسلیے کہ جب کوئی دوڑنے سے
کسی کے ساتھ مین عاجز آجاتا ہے تو زمین پر
حلقہ کھینچکر اُسمین بیٹھ جاتا ہے -
درخم بودن - ف - کسی کے دفع کرنیکی
تدبیر مین رہنا -
دَرخُور - ف - } لائق - سزاوار -
دَرخُورد - ف - }
درخواست - ف - خواہش - عرضی -
دَرد - ف - دُکھ -
دُرد - ف - } تلچھٹ - گاد -
دُردی - ع - }
دردمند - ف - دُکھی - درد والا -

دُردا ۔ ف ۔ افسوس ۔

دُرد آزما ۔ ف ۔ مریض ۔ بیمار ۔

دَرد پیش آوردن ۔ ف ۔ ابتدائے صحبت مین کسی کی طرف سے افعال ناشائستہ ظہور مین آنا ۔

دُر دریائی ۔ ف ۔ سکندرنامہ مین مراد ہے دیار روم اور فرنگ اور یونان کے معشوقون سے ۔

دُرَر ۔ ف ۔ جمع ہے دُر بمعنی موتی کی ۔

دَر رخنہ بودن ۔ ف ۔ کنایہ ہے محل رسوائی اور خرابی مین رہنے سے ۔

در رزق زدن ۔ ف ۔ یعنی اپنے پیشہ اور فکر معیشت مین مستعد رہنا ۔

دَر رکاب ایستادن ۔ ف ۔ مالک کے حکم پر ہر وقت موجود رہنا ۔ ولسے خدمت کرنا ۔

دَرز ۔ ع ۔ شگاف ۔

دَرز زدن ۔ ف ۔ طالب ہونا ۔ مانگنا ۔

دَرزگیری ۔ ف ۔ مربوط کرنا ۔ دو چیزونکا آپسمین بہت مضبوطی سے وصل کرنا ۔

دَرزمین استخوان یافتن ۔ ف ۔ تلاش کے بعد کسی چیز کا نشان پاجانا ۔

دَرزن ۔ ف ۔ سوزن ۔ سوئی ۔ اصل اسکی دَرز زن تھی یعنی دَرز کی بند کرنیوالی ۔

دَرس ۔ ع ۔ عورت کا حائض ہونا ۔ کپڑے کا پرانا ہونا ۔ کتاب کا پڑھنا ۔ عورت کے ساتھ جماع کرنا ۔ گیہون کا بھوسہ سے الگ کرنا ۔

دَرساعت ۔ ف ۔ فوراً ۔ فی الفور ۔

دُرست ۔ ف ۔ ٹھیک ۔ چست ۔ واجبی تمام ۔ پورا ۔ اشرفی ۔ درم ۔ دینار ۔

دَرسرکردن ۔ ف ۔ یعنی برباد کرنا ۔

دَرسرمہ میل زدن ۔ ف ۔ کنایہ ہے آفتاب کے غروب ہونیسے ۔

دُرشت ۔ ف ۔ سخت ۔ کھردرا ۔ بھاری ۔

دُرشتی ۔ ف ۔ سختی ۔ بدخلقی ۔ پہلوانی ۔ تناوری ۔ فربہی ۔ مٹاپا ۔

دِرع ۔ ع ۔ زرہ جو لڑائی کیوقت پہنتے ہین

دَرفش ۔ ف ۔ ایک آر ہے جس سے چمڑے مین سوراخ کرتے ہین ہندی سُتالی ۔

دُرفش ۔ ف ۔ جھنڈا ۔ علم ۔ لشکر کا نشان سہ گوشہ کپڑا جو علم پر باندھتے ہین ۔

دُرفشان ۔ ف ۔ روشن ۔ چمکتا ہوا ۔

دُرفشیدن ۔ ف ۔ چمکنا ۔ کانپنا ۔

دَرق ۔ ع ۔ } ڈھال ۔ سپر
دَرقہ ۔ ع ۔ }

دَرک ۔ ع ۔ پانا ۔ معلوم کرنا ۔

دَرک ۔ ع ۔ دوزخ کا طبقہ ۔

دَرکہ ۔ ع ۔ تہ ۔ نشیب ۔ دوزخ کا طبقہ ۔ یہ برعکس دَرجہ کے ہے یعنی پایہ زیرین ۔

دَرکات ۔ ع ۔ جمع دَرکہ کی بمنازل دوزخ دوزخ کے مقامات ۔ یہ مقابلہ مین درجات کے ہے کہ وہ بمعنی عمدہ مقامات کے ہے ۔

در کارکردن ۔ ف ۔ کسی کو کچھ تعلیم کرنا کسی کے لیے کچھ خرچ کرنا ۔

دَرگشا ۔ ف ۔ کلید ۔ کنجی

دَرکُل ۔ ف ۔ تمام ۔ بالکل ۔

دَرگاہ ۔ ف ۔ دربار ۔ کچہری ۔ مقبرہ ۔

درگرفتن ۔ ف ۔ موافق آنا ۔ کسی چیز پر چپٹا ہونا ۔ جلانا ۔ اثر کرنا ۔ برابر ہونا ۔ صحبت کا روشن ہونا آگ اور چراغ کا ۔

دَرگِل فروماندن ۔ ف ۔ عاجز ہونا ۔

در لوزینہ سیر کردن ۔ ف ۔ }
دَر مغز بادام سیر آمیختن ۔ ف ۔ } اصلی معنی اسکے بادام مین لہسن ملادینا مگر استعمال اسکا ان معنون مین ہے کہ کسی کے عیش و عشرت مین خلل ڈالدینا ۔ اور کسیکی خوشی مین غم پیدا کردینا ۔

دِرَم ۔ ع ۔ مخفف درہم کا ۔ اسکا وزن ساڑھے تین ماشہ کا ہوتا ہے ۔

دَرما ۔ ف ۔ خرگوش مشہور جانور ہے ۔

دَرمان ۔ ف ۔ علاج ۔ دوا ۔ دارو اور بمعنی چھوہرے اس صورت مین بالضم ہے ۔

دَرماندن ۔ ف ۔ عاجز ہونا ۔ ناچار ہونا ۔

درماندہ ۔ ف ۔ ناچار ۔ عاجز ۔

دَرماہہ ۔ ف ۔ تنخواہ ۔ ماہواری ۔

دِرم ریز ۔ ف ۔ بخشش کرنیوالا ۔

دُرِّ مکنون ۔ ع ۔ موتی یکتا ۔ بیش قیمت

دَرْنَکَہ۔ ف۔ میدہ کی سفید روٹی۔
دَرْمُنَہ۔ ف۔ نام ایک دوا کا جو گھاس کی قسم سے ہوتی ہے اسکو دَرْمُنَہ ترکی بھی کہتے ہین
دَرْمیان۔ ف۔ بیچ۔
دَرَن۔ ف۔ جونک جو لگانیسے خون کو چوس لیتی ہے۔
دَرِنْدَہ۔ ف۔ پھاڑنیوالا۔
دَرْنَگ۔ ف۔ تاخیر۔ دیر۔ فرصت۔
دِرَو۔ ف۔ کھیتی کاٹنا۔
دَرْوا۔ ف۔ سرنگون۔ اُلٹا لٹکا ہوا۔ محتاج اور بمعنی حاجب کے بھی آیا ہے۔
دَرْوازَہ۔ ف۔ نام ایک قلعہ کا روم مین۔
دُرُود۔ ف۔ اگر حق تعالیٰ کی طرف سے ہو تو رحمت مراد ہوتی ہے اور فرشتونکی جانب سے بمعنی استغفار اور مومنونکی طرف سے بمعنی دعا۔ اور جانوران چرند اور پرند کیجانب سے بمعنے تسبیح مراد ہوتی ہے اور یہ لفظ بمعنے کھیتی کاٹنے اور لکڑی تراشنے کے بھی آیا ہے
دُرُودگر۔ ف۔ نجار۔ بڑھئی۔
دُرُدْگر۔ ف۔ مخفف دُرُودگر کا ہے۔
دِرَوگر۔ ف۔ کھیتی کاٹنے والا۔
دُرُوز۔ ع۔ جمع دَرز بمعنی شگاف کی۔
دَرُون۔ ف۔ اندر۔ درمیان۔
دَرُوش۔ ف۔ نشتر فصاد کا جس سے فصد کھولی جاتی ہے۔

دُرُوغ۔ ف۔ جھوٹ۔ بہتان۔
دُرُوغ زَن۔ ف۔ } کاذب۔ جھوٹا۔
دُرُوغ گو۔ ف۔ }
دُرُور۔ ع۔ روان ہونا پسینے کا۔ جاری ہونا دودھ وغیرہ کا۔
دَرُون پَرْوَر۔ ف۔ مراد حقتعالیٰ سے۔
دُرُودَن۔ ف۔ } کاٹنا کھیتی کا۔ اور لکڑیکا تراشنا۔
دُرُویدن۔ ف۔ }
دَرُوبَست۔ ف۔ سب تمام یعنی بدون کسی دوسرے کے تصرف کے۔
دَرْوَبَنْد۔ ف۔ نام شہر کا۔ زنجیر اور قفل دروازہ کا دربند سے اسمین واو زیادہ ہے
دَرْوِیزَہ۔ ف۔ گدائی۔ بھیک مانگنا۔
دَرْوِیش۔ ف۔ فقیر۔ یہ اصل مین دردیز تھا زا کو شین سے بدل لیا۔ اور درویز اصل مین درآویز تھا یعنی دروازہ سے چمٹنے والا پس جو انسان کے دروازہ سے چمٹا وہ بھکمنگا ہے اور جو خدا کے در سے چمٹا وہ فقیر کامل ہے۔
دُرَّہ۔ ع۔ بڑا موتی۔
دِرَّہ۔ ع۔ چمڑہ کا مضبوط تسمہ جس سے گنہگار کو حد شرعی ماری جاتی ہے۔
دَرَہ۔ ف۔ کشادگی درمیان دو پہاڑ کے اور یہ لفظ راے مہملہ کی تشدید سے بھی آیا ہے
دَرْہَم۔ ف۔ ملا۔ جلا۔ رنجیدہ۔ خفا۔
دِرْہَم۔ ع۔ ساڑھے تین ماشہ کا وزن۔

دُرِّی۔ ع۔ ستارہ بڑا روشن۔
دَرِی۔ ف۔ ایک قسم فارسی زبان کی منسوب طرف درۂ کوہ کے۔
دَریابار۔ ف۔ بڑا دریا۔ اور وہ ملک جو دریا کے کنارہ پر ہو۔ اور جزیرے۔
دریاے اَخضر۔ ف۔ نام ایک دریا کا منجملہ سات دریاؤن کے کہ ہر ایک سمندر کی شاخ ہے۔ اور مراد آسمان سے بھی۔
دَریاے آب۔ ف۔ کنایہ آسمان سے۔
دریاے ثالث۔ ف۔ مراد مینھ سے اسلیے کہ دریا تین قرار دیے گئے ہین انہار بہشت جو آسمان پر ہین سمندر جو گرداگرد زمین کے محیط ہے۔ مینھ جو آسمان اور زمین کے بیچ مین ہے۔
دَریاے خُون۔ ف۔ کنایہ عشق الٰہی کے دریاے ناپیداکنار سے۔
دَریاے ہَفت اَختر۔ ف۔ کنایہ ساتون آسمانون سے ہے۔
دَریافتن۔ ف۔ پانا۔ تحقیق کرنا۔
دَریافت۔ ف۔ تحقیق۔ اور صیغہ ماضی کا بمعنی تحقیق کیا اور پایا۔
دُرِّیَتیم۔ ف۔ بڑا موتی آبدار جو اکیلا اور تنہا صدف یعنی سیپ مین ہو۔
دَریچَہ۔ ف۔ کھڑکی۔
دَریخانَہ۔ ف۔ درگاہ۔ دربار بادشاہی۔

دَرِیدَہ - ف - پھٹا ہوا -
دَرِیدہ دَہَن - ف - منھ پھٹ - بیہودہ
دَرِیدَن - ف - پھاڑنا -
دَرِیغ - ف - افسوس - حسرت - غم -
دِرِیغا - ف - افسوس ہی - غم ہی - اسمین الف ربط کا ہی جیسے خوشا اور بسا مین یعنی خوش ست اور بس ست -
دَرْیُوزَہ - ف - } بھیک مانگنا - گدائی
دَریُوزگی - ف -

فصل دال مع زاے عربی وفارسی

دُزد - ف - چور - چوری کرنیوالا -
دُزدیدن - ف - چرانا -
دُزدی - ف - چوری -
دُزدِحِنا - ف - وہ سفیدی جو ہاتھ یا پاؤن مین بعد لگانے مہندی کے باقی رہجاتی ہی
دِژ - ف - قلعہ - گڑھی - زشت - بد -
دِژبان - ف - صاحب قلعہ -
دِژخیم - ف - بدخصلت - زشت خو - اور کنایہ دشمن سے بھی -
دِژرُوئین - ف - نام ایک قلعہ کا جسمین گشتاسپ بادشاہ کی بیٹیان اور اسفندیار کی بہنین قید تھین آخر اسفندیار ہفتخوان کی راہ سے گیا اور اس قلعہ کو فتح کر کے اپنی بہنون کو چھڑا لایا - اور کبھی اس لفظ سے مراد آسمان بھی ہوتا ہی -
دَژَم - ف - غمگین - افسردہ - بیمار - آشفتہ - خشمگین - بد دماغ -
دِژَمان - ف - افسوس اور حسرت والا -
دُژن - ف - ہر چیز جسکا مزہ تیز ہو -

فصل دال مع سین مہملہ

دَساتیر - ء - جمع دُستُور کی -
دَست - ف - ہاتھ - فائدہ - نفع - نصرت - ظفر - غلبہ - صدر - مسند - قوت - قدرت - طاقت - طرز - روش - قاعدہ - ایک چیز تمام جیسے یکدست سلاح - ایک مرتبہ جیسے یکدست بازی - وزیر بادشاہ کا -
دَستار - ف - پگڑی -
دستار بر زمین زدن - ف - کسی سے انصاف چاہنا - عاجزی کرنا - گڑگڑانا -
دستار بزرگ - ف - بغیر اضافت راے مہملہ کے قلتبان - قرمم - بھڑوا -
دَستاربند - ف - عالم - صاحب عمامہ -
دَستارچہ - ف - رومال - کمربند - رومال جو گھوڑے کی گردن مین باندھین - اور بمعنی ہدیہ اور تحفہ اور مبارکباد بھی لکھا ہی
دستارخوان - ف - دسترخوان جسپر کھانا رکھ کر کھاتے ہین -
دَست از چیزی برکندن - ف - کسی شی سے ہاتھ اٹھا لینا - ترک کر دینا -
دَست از دامن داشتن - ف - کنایہ ہی چھوڑ دینے سے -
دَست از کار داشتن - ف - کنایہ ہی خدمت ترک کر دینے سے -
دَست از ہم دادن - ف - متفرق ہونا
دَست اَفزار - ف - ہتھیار کاریگر کا -
دَست اَفشاندن - ف - رد کرنا - ترک کرنا - اور بمعنی ناچنے کے بھی آیا ہی -
دَست آموز - ف - ہاتھ پر پرورش پایا ہوا
دَست انداز - ف - لٹیرا - ظالم -
دستان - ف - جمع دست بمعنی ہاتھ کی خلاف قیاس نام زال رستم کے باپ کا - مکر - حیلہ - گیت - نغمہ - آواز - افسانہ - کہانی
دستانہ - ف - غلاف ہاتھ کا -
دَست آویز - ف - سند جس سے اپنا مطلب ثابت کر سکین -
دَست بازی - ف - پنجہ لڑانا - ہاتھ سے زور آزمائی کرنا - معشوق سے چہل کرنا - ہاتھ سے شطرنج کھیلنا -
دَست باف - ف - آسان کام -
دَست بالا - ف - غالب - معزز -
دَست بالا کردن - ف - فریاد کرنا -
دست بدامان دادن - ف - کسی پیر کا مرید ہونا -
دست بدندان بُردن - ف - } پشیمان ہونا افسوس کرنا
دَست بدندان کردن - ف -

دست برابر وگرفتن - ف - کسی کے حسن کی تاب نظارہ نہ لانا -

دست بر بر نہادن - ف - سلام کرنا ولایت کے لوگون کا قاعدہ ہو کہ سلام کرتے وقت ہاتھ سینہ پر رکھ لیتے ہین -

دست بر پشت چنبر کردن - ف - کسی گنہگار کی مشکین کس لینا -

دستبُرد - ف - مال کا لوٹ لینا - دلیری غلبہ - فتح - قدرت -

دست بردل - ف - بیقرار - مضطرب -

دست بردل گذاشتن - ف - دوسرے کو

دست بردل نہادن - ف - تسلی دینا

دست برروے دست - ف - بیکار رہنا معطل ہونا -

دُست بر فلک زدن - ف - دعا کرنا -

دُست بر لب گرفتن - ف - امر عجیب و غریب کے ظہور پر تعجب سے چُپ رہجانا -

دُست برنجن - ف - کنگن وغیرہ جو عورتین ہاتھون مین پہنتی ہین -

دست بسر - ف - متحیر - افسوس کرنیوالا - سلام کرنا - سلام کرنیوالا -

دست بستہ - ف - مستعد - مطیع - بخیل - کنجوس - نماز پڑھنے والا - عجیب و غریب -

دُست بقچہ - ف - کپڑون کی گٹھری -

دست بند - ف - نام ایک قسم کے زیور کا جو عورتین کلائی مین پہنتی ہین -

دست بخت - ف - ہاتھ کا پکایا ہوا اور ہاتھ کا پالا ہوا -

دست پرور - ف - ہاتھ کا پرورش یافتہ

دست پناہ - ف - لوہے کا ایک آلہ جس سے آگ پکڑتے ہین -

دست پیمان - ف - وہ نقد یا جنس یا زیور جو قبل مقاربت کے دلھن کو دین مہر معجل

دُست پیش داشتن - ف - منع کرنا اور کنایہ گدائی سے بھی -

دُست پیچ - ف - دست آویز - ذریعہ

دست جستن - ف - گدائی کرنا -

دُستِ چرب - ف - دست کی اضافت سے بمعنی امداد و اعانت اور بغیر اضافت بمعنی چالاک و ہنرمند -

دُست چیر - ف - بمعنی غالب -

دُست خر - ف - کنایہ ہو کیر خر سے اور یہ لفظ کلام قدما مین بمعنی سخت گالی کے آیا ہے

دست خوش - ف - وہ شخص جو مسخرہ ہو

دستخط - ف - نشان کرنا اپنے نام کا -

دُستِ خون - ف - اخیر بازی جو بعد ہار جانے مال و اسباب کے کھیلنے والا اپنے خون پر داؤ بد کے کھیلے -

دست دادن - ف - کسی چیز کا میسر آجانا کسی پیر کی بیعت کرنا -

دست داشتن - ف - کنایہ معاف کرنیسے

دست درآستین کشیدن - بیکار رہنا معطل ہونا - کام و خدمت کا ترک کرنا -

دست درخوان داشتن - ف - کسی شخص کے قتل مین کوشش کرنا -

دست در قلیہ کردن - ف - قرمی کرنا اور بھڑواپن -

دست درکمر داشتن - ف - اٹھلا کر چلنا خود نمائی - ناز - انداز -

دُسترخوان - ف - مخفف دستار خوان کا وہ کپڑا جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہین -

دُسترس - ف - پہونچ - قدرت - توانگری

دُست رنج - ف - کسب پیشہ - کاریگری - صنعت - محنت - مشقت - مزدوری - اُجرت -

دُست زور - ف - بمعنی غلبہ -

دست ستون زنخ کردن - ف - کنایہ متحیر ہونے اور فکر کرنے سے -

دست شُستن - ف - ناامید ہونا -

دست فروکوفتن - ف - کشتی لڑنے پر کسی سے آمادہ ہونا -

دُستک - ف - ہاتھ پر ہاتھ مارنا - تالی -

دستکار - ف - کاریگر - ہاتھ کا چالاک -

دستکاری - ف - کاریگری -

دست کش - ف - تحفہ - عصا - لاٹھی مغلوب - ترک کرنیوالا -

دَستِ کلیم۔ ف۔ کنایہ آفتاب سے۔
دستگاہ۔ ف۔ قدرت جمعیت۔ سامان اسباب۔ مقام صدر
دَستگہ۔ ف۔ سند۔ اسلیے کہ دست بمعنی مسند آیا ہی۔
دَستگیر۔ ف۔ مددگار۔ قیدی۔ گرفتار
دستمال۔ ف۔ وہ رومال جس سے ہاتھ کو پونچھتے ہین۔ صافی۔ زبون۔ قیدی۔
دَستمایہ۔ ف۔ سرمایہ۔ پونجی۔
دَست مجلس۔ ف۔ میر مجلس۔
دَست مزد۔ یار۔ مددگار۔
دَست موسیٰ۔ ف۔ کنایہ آفتاب سے۔
دَستِ مزد۔ ف۔ اُجرت۔ مزدوری۔
دَستنبو۔ ف۔ گلدستہ خوشبو سونگھنے کا
دَستنبویہ۔ ف۔ میوہ خوشبودار جو سونگھا ہووے۔ وہ چیز مرکب عطر وغیرہ سے جسکو ہاتھ مین واسطے سونگھنے کے رکھتے ہین۔
دَست و پا۔ ف۔ کوشش۔ تلاش۔
دَست و دل۔ ف۔ قوت۔ ہمت۔
دَستور۔ ف۔ قانون۔ قاعدہ۔ طرز
دَستور۔ ع۔ آئین۔ رخصت۔ اجازت وزیر۔ امیر۔ صاحب مسند۔ صاحب قدرت۔
دَستوری۔ ع۔ رخصت۔ اجازت۔ وزارت۔
دَستوانہ۔ ف۔ ہاتھ مین پہننے کا زیور۔
دَستہ۔ ف۔ قبضہ چھری یا تلوار وغیرہ کا۔ یار۔ مددگار۔ گروہ آدمیون کا۔ پھول یکجا بندھے ہوے اور بمعنی مسخرہ بھی آیا ہی۔
دَستیار۔ ف۔ مددگار۔
دَست یافتن۔ ف۔ غالب ہونا۔
دَستینہ۔ ف۔ ہاتھ مین پہننے کا زیور۔
دَسم۔ ع۔ زخم کا مضبوط باندھنا شیشہ مین کس کے ڈاٹ لگانا۔ مینھ کی پھوہار سے زمین کا کسیقدر تر ہوجانا۔ دروازہ بند کرنا۔
دَسم۔ ع۔ چکناہٹ۔ چکنا ہونا۔
دَسِم۔ ع۔ چکنی چیز۔
دُسومت۔ ع۔ چکنائی۔ خواہ تیل کی ہو خواہ گھی اور چربی کی۔

فصل دال مع شین معجمہ

دَش۔ ف۔ اپنے کو آراستہ کرنا۔
دُش۔ ف۔ زشت۔ بد۔ بُرا اسی سے ماخوذ ہی دُشنام و دشمن و دُشوار وغیرہ۔
دَشت۔ ع۔ صحرا۔ بیابان۔
دُشت۔ ف۔ زشت۔ بد۔ بُرا۔
دشت بیاض۔ ف۔ نام ایک مقام کا خراسان مین۔ وحشی دشت بیاض شاعر یہین سے تھے۔
دُشخوار۔ ف۔ مشکل۔ کٹھن۔
دُشمن۔ ف۔ یہ لفظ مرکب ہی دُش بمعنی بد اور مَن بمعنی ذات و نفس سے۔ معنی اسکے بدنفس اور بدذات۔ یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آتا ہی۔
دُشمن کام۔ وہ شخص جو حسب مدعا دشمنون کے خراب اور ذلیل ہو جائے۔
دَشنہ۔ ف۔ خنجر جو ایک قسم کا ہتھیا
دُشنام۔ ف۔ بُرا نام مراد گالی سے
دُشوار۔ ف۔ دُش بمعنی زشت اا دار کلمہ نسبت کا۔ معنی اسکے مشکل۔

فصل دال مع عین مہملہ

دَع۔ ع۔ صیغہ امر کا ہی معنی اسکے چھو
دَع۔ ع۔ دفع کرنا۔ دور کرنا۔
دُعا۔ ع۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔
دُعابت۔ ع۔ مزاح۔ ظرافت۔ خوش
دُعات۔ ع۔ چاہنے والے مانگنے وا
دُعا کردن۔ ف۔ رخصت کرنا
دُعا گفتن۔ ف۔ رخصت ہونا
دِعامت۔ ع۔ ستون کھڑا کرنا۔
دعادی۔ ع۔ جمع دعوی کی جسطرح جمع فتوی کی۔ مگر واؤ کے کسرہ سے بھی در
دُعاے قدح۔ ع۔ نام ایک دعا
دَعائم۔ ع۔ تخت کے پائے۔ عمارت ستون۔ جمع دعامہ بمعنی ستون کی
دَعت۔ ع۔ آرام۔ سکون۔ راحت
دَعوت۔ ع۔ کسی شخص کو بلانا کھانا کے واسطے یا جنگ کے لیے۔
دِعوت۔ ع۔ نسب مین دعوی کرنا اپنا بیٹا بنانا۔ متبنی کرنا۔
دَعوات۔ ع۔ جمع دَعوت بمعنی دعا
دَعوی بکرسی نشاندن۔ ف۔ ثبو

دلیلون اور گواہون سے ثابت کرنا۔

دَعِیّ ۔ع۔ وہ شخص جو فرزندی مین لیا جاوے جسکو مُتبنّیٰ بھی کہتے ہین۔ اور یہ لفظ بمعنے حرام زادہ اور ولد الزنا کے بھی آیا ہی۔

فصل دال مع غین معجمہ

دَغا ۔ف۔ فریب۔

دَغاباز ۔ف۔ فریبی۔

دَغدَغہ ۔ف۔ خوف۔ تشویش خاطر۔

دِغدِغہ ۔ف۔ گدگدی۔ کسی کی بغل یا پہلو مین اُنگلیون سے گدگدانا کہ وہ ہنسے۔

دَغَل ۔ع۔ مکر۔ حیلہ۔ فریب۔ عیب۔ مکّار فریبیا۔ دغاباز۔ کھوٹی چاندی یا سونا۔

فصل دال مع فا

دُف ۔ف۔ / دَفّ ۔ع۔ } نام باجہ کا جو مشہور ہی۔

دَف ۔ بمعنی پہلو۔

دَفّالی ۔ف۔ دف بجانیوالا۔

دَفاتر ۔ع۔ جمع دفتر کی۔ مجموعے کاغذات کے۔

دَفائن ۔ع۔ جمع دفینہ بمعنی مال مدفون کی۔

دَفتر ۔ع۔ مجموعہ کاغذات کا۔

دَفترِ نَمَدی ۔ف۔ حرف بے اصل۔ اور کنایہ عورت کی شرمگاہ سے اور اسی معنون مین کتاب نمدی اور بیاض نمدی بھی آیا ہی۔

دَفتین ۔ع۔ جولاہون کے بُننے کا ایک آلہ جو بطور کنگھی کے ہوتا ہی اور بروقت بُننے کے ہر بار اُسکو حرکت دیتے جاتے ہین۔ اور خوشنویسون اور نقاشونکا مقوّہ جسمین کاغذ با احتیاط رکھے جاتے ہین۔ کتاب کے پُٹھے۔

دَفتی ۔ف۔ پُٹھہ کتاب کا۔

دَفع ۔ع۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔

دَفعۃً ۔ع۔ یکبارگی۔ ایک مرتبہ۔

دَفَعات ۔ع۔ جمع دَفعہ کی۔

دَفعہ ۔ع۔ ایکبار۔

دَفق ۔ع۔ پانی کا گرانا۔

دِفلی ۔ع۔ خرزہرہ۔ کنیر جو ایک درخت ہی

دَفن ۔ع۔ زمین مین پوشیدہ کرنا۔

دَفین ۔ع۔ زمین مین پوشیدہ چیز۔

دَفینہ ۔ع۔ گڑا ہوا مال۔

فصل دال مع قاف

دَق ۔ع۔ گدائی۔ ایک قسم کا لباس پشمینہ۔ اعتراض کرنا۔ مواخذہ کرنا کسی کے کام مین

دَقّ ۔ع۔ کوٹنا۔ آٹا کردینا۔

دِقّ ۔ع۔ باریک۔ تھوڑی چیز۔ نام ایک مرض کا جو آدمی کو باریک اور دُبلا کردیتا ہی۔

دُقاق ۔ع۔ باریک۔ اندک۔

دِقاق ۔ع۔ جمع دقیق کی۔ باریکیان۔

دَقّاق ۔ع۔ کوٹنے والا کسی چیز کا دھوبی جو کپڑون کو کوٹتا اور چھانتا ہی۔ گندی گر۔ آٹا بیچنے والا۔ آٹا پیسنے والا۔ لقب ایک ولی کا جنکا نام شیخ ابو علی تھا اسلیے کہ یہ آرد فروش تھے

دَقائق ۔ع۔ جمع دقیقہ کی۔ مشکل اور باریک اور لطیف چیزین۔

دِقّت ۔ع۔ باریکی۔ باریک ہونا۔ خسّت ۔ کنجوسی۔ مجازاً بمعنی تکلیف۔

دُقّہ ۔ع۔ گرد و غبار جو ہوا سے اُڑتا ہی۔

دَقّہ ۔ع۔ لکڑی جس سے کسی چیز کو کوٹین لباس فقیری اور گدائی کا۔

دِقّ شیخوخت ۔ع۔ وہ یبوست یعنی خشکی جو بغیر حرارت کے مزاج پر غالب ہو اور یہ مشابہ دِق سے ہوتی ہی اور اکثر بوڑھون کو لاحق ہوتی ہی اسمین بھی آدمی دُبلا ہوجاتا ہی اور بدن کی کھال سخت ہوجاتی ہی۔

دَقَل ۔ع۔ درخت پھلا ہوا۔

دَقُّ الحَصیر ۔ع۔ بوریا کوبی جب کوئی شخص نیا مکان بنواتا ہی تو کھانا پکواکر لوگون کی دعوت کرتا ہی اسکو فارسی مین بوریا کوبی اور عربی مین دقّ الحصیر کہتے ہین اور یہ لفظ بمعنے محنت اور مشقت کے بھی آیا ہی۔

دَق و لَق ۔مب۔ یہ عربی بنایا گیا ہی دَق اور لَق سے معنی اسکے وہ جنگل جسمین گھاس تک نہو اور لَق و دَق بھی بولتے ہین۔

دَقیانوس ۔ع۔ ایک بادشاہ کافر اور ظالم کا نام جسکے خوف سے اصحاب کہف شہر سے بھاگ کر پہاڑ کے غار مین چھپے تھے۔

دَقیق ۔ع۔ مہین آٹا۔ باریک چیز۔ کم اور

تھوڑی شے۔ مجازاً بمعنی مشکل۔
دَقِیقَہ ۔ ع ۔ گوسفند۔ باریک چیز۔ اور اصطلاح نجوم مین ساٹھوان حصہ درجہ کا

فصل دال مع کاف عربی و فارسی

دَکّ ۔ ف ۔ تقدیر الٰہی ۔ گدا ۔ فقیر ۔ محکم مضبوط ۔ صدمہ ۔
دُکّ ۔ ع ۔ کوہ ۔ پہاڑ ۔ راہنما ۔
دَکّ ۔ ع ۔ کوٹنا ۔ ریزہ ریزہ کرنا اور بمعنے زمین ہموار ۔
دُکّان ۔ ع ۔ معنی اسکے مشہور ہین فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید کاف کے بھی آتا ہے اسمین بعد دال کے واؤ کا لکھنا اور پڑھنا غلط ہے
دَکاکِین ۔ ع ۔ جمع دُکان کی ۔
دُکانچہ ۔ ف ۔ چھوٹی دُکان ۔
دُکہ ۔ ع ۔ مخفف دُکان کا ۔
دَکّہ ۔ ع ۔ کوٹنا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ۔
دَگدَگ ۔ ف ۔ آواز دانت کڑکڑانے کی ۔
دِگر ۔ ف ۔ اور چیز ۔ اور شخص ۔ بعد ۔ دفعہ ۔
دِگرگون ۔ ف ۔ اور طرح ۔ اور ہی طرح ۔
دُگل ۔ ف ۔ بمعنی دغل جسکے معنی ذکر ہوچکے ۔
دُگلہ ۔ ف ۔ قبا سپاہیون کی جو مشہور ہے

فصل دال مع لام

دِلآرا ۔ ف ۔ دل کا آرایش دینے والا اور آراستہ کرنیوالا مراد معشوق سے ۔
دِلآرام ۔ ف ۔ دل کا آرام دینے والا مراد معشوق سے اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد روشنک دارا کی بیٹی سے ۔
دِلاسا ۔ ف ۔ تسلّی ۔
دِلاص ۔ ع ۔ لوہے کی زرہ جو چمکتی ہوئی ہو اور بمعنی روشن اور تابان کے بھی آیا ہے
دل افگار ۔ ف ۔ جسکا دل زخمی ہو مراد عاشق سے ۔ دلخستہ ۔
دَلّال ۔ ع ۔ وہ شخص جو بہت راہ بتاوے اور وہ جو بائع اور مشتری مین سودا کرا دے ۔
دَلال ۔ ع ۔ غمزہ ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔
دِلال ۔ ع ۔ ناز نخرہ ۔
دَلالت ۔ ع ۔ راہ دکھانا ۔ وجہ ثبوت ۔
دَلّالہ ۔ ع ۔ راہ دکھانیوالی عورت ۔ نکاح کرانیوالی عورت ۔ وہ عورت جو دوسری عورتونکو بدراہ اور خراب کردے ۔ کٹنی ۔
دَلّالی ۔ ف ۔ حق دلال یا دلالہ کا ۔
دَلّاک ۔ ع ۔ بدن ملنے والا ۔ حمامی ۔
دِلاور ۔ ف ۔ دل چلا آدمی ۔ بہادر ۔
دلاوری ۔ ف ۔ بہادری ۔
دِلآویز ۔ ف ۔ دلپسند جو دل کو بھاوے
دَلائل ۔ ع ۔ جمع ہے دلیل کی ۔
دِلباز ۔ ف ۔ چالاک ۔ نڈر ۔
دِلبازی ۔ ف ۔ بے سوچے شتابی کرنا ۔ خطرہ مین بیخوف اپنے کو ڈالنا ۔
دِلبادل ۔ ف ۔ نام ایک بڑے خیمہ کا ۔
دِل بچیزے دُوختن ۔ ف ۔ دل کا کسی چیز کی طرف بالکل متوجہ کرنا ۔
دِل بدریا کردن ۔ ف ۔ کنایہ اُس سخاوت سے جو کوئی اپنی حیثیت سے بڑھکے کرے ۔
دِلبر ۔ ف ۔ معشوق ۔ دل کا لیجانیوالا ۔
دلبری ۔ ف ۔ معشوق پن ۔
دل بر کب دَویدن ۔ ف ۔ یعنی لہو کے آنسوؤن سے رونا ۔
دلبستہ ۔ ف ۔ دل لگا ہوا ۔
دلبستگی ۔ ف ۔ دل کا لگنا ۔ علاقہ دل کا ۔
دِلبند ۔ ف ۔ مُراد فرزند سے ۔
دِلپذیر ۔ ف ۔ دلپسند ۔
دِلپسند ۔ ف ۔ وہ شے جو دل کو پسند ہو ۔
دِلتنگ ۔ ف ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ رنجیدہ ۔
دِل جمع ۔ ف ۔ خاطر جمع ۔
دِلخستہ ۔ ف ۔ رنجیدہ ۔ دلفگار ۔
دِلدار ۔ ف ۔ معشوق ۔ پیارا ۔
دِلدادگان ۔ ف ۔ یعنی عاشقان ۔
دِل دادن ۔ ف ۔ ڈھارس دینا ۔ دلیر کرنا ۔
دِل دِل کردن ۔ ف ۔ بیقراری کرنا ۔
دُلدُل ۔ ف ۔ نام اُس مادہ خچر کا ہے جو سفید سیاہی مائل تھی اور حاکم اسکندریہ نے پیغمبر خدا صلعم کو دی تھی اور اُنھون نے حضرت علی علیہ السلام کو دی تھی ۔
دِل دَویدن ۔ ف ۔ عاشق ہونا اور کسی

چیز کے لینے کی لالچ کرنا -

دِلدِہی - ف - تسلی کرنا - دلیر کرنا ڈھارس دینا - عاشق ہونا -

دِلدوز - ف - دل مین گھس جانیوالا -

دِلرُبا - ف - معشوق - محبوب -

دِلِستان - ف - مراد معشوق سے -

دِل شب - ف - آدھی رات -

دِلفگار - ف - زخمی دل - مراد عاشق سے

دُلفین - ع - ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہی -

دَلق - ع - مصدر ہی بمعنی لغزانیدن یعنے پھسلانا - اور ایک قسم کا لباس فقیرونکا جو بالون کا ہوتا ہی - مرادی معنی گدڑی اور بمعنی نالائق اور کمینہ -

دَلق - ع - تیز زبان -

دَلق - مب - یہ معرب ہی دَلَہ کا جسکے معنی ہین جنگلی بلی اسکے پوست کا پوستین بناتے ہین اور وہ بہت عمدہ ہوتا ہی -

دَلقک - ف - نام ایک بڑے مسخرہ کا -

دِلکش - ف - مرغوب چیز -

دَلک - ع - بدن کا ہاتھ سے ملنا -

دُلُک - ع - زوال آفتاب - غروب - سیاہی -

دِل گرفتن - ف - رغبت کرنا - رنجیدہ ہونا

دِل گرم - ف - پُرمحبت -

دِل گرمی - ف - مدد - محبت -

دَلّ - ع - ناز و کرشمہ - نخرہ -

دُلمُل - ف - بروزن بُلبُل کچے چنے یعنے ہرے بوٹ کو آگ مین بھونکر جو کھاتے ہین ہندی ہولا - اسیطرح خواہ جو ہو خواہ گیہون وغیرہ مگر ہرا مع غلاف جو آگ مین بھونکر کھاوین -

دَلو - ع - ڈول - نام برج کا آسمان پر - اور بمعنی سختی اور بلا -

دُلُوک - ع - آفتاب کا زوال یعنی ڈھلنا اور قریب غروب کے ہونا -

دَلُوک - ع - روغن خوشبو وغیرہ کا بدن پر ملنا -

دِل و جان یکے کردن - ف - کسی کام مین بڑی محنت اور بڑا اہتمام کرنا -

دَلَہ - ف - جنگلی بلی اور بعضے کہتے ہین کہ سفید لومڑی - اور نام ایک مکار عورت کا -

دِلہاث - ع - شیر جو درندہ مشہور ہی -

دَلِیدہ - ف - وہ غلہ جو چکی سے ریزہ ریزہ ہوکر نکلے اور آٹا نہوا ہو ہندی دَلیا -

دِلیرانہ - ف - دلیر کے مانند -

دِلیر - ف - دل چلا - چالاک -

دَلیل - ع - راہ دکھلانیوالا - رہبر اور راہنما - وجہ ثبوت -

دَلیلی - ف - دونون یاے معروف ایک قسم کا سیب جو میوہ مشہور ہی -

فصل دال مع میم

دُم - ف - پونچھ جانور کی -

دَم - ف - خون - لہو -

دَم - ف - سانس - بات - افسون - منتر فریب - مکر - ایک گھونٹ پانی کا - لوہارون کی دھوکنی کی ہوا - غرور - تلوار کی باڑھ اور تیزی ہنگام - وقت -

دِماء - ع - جمع دَم بمعنی خون کی -

دِماثت - ع - نرمی - ہمواری - نرم خوئی -

دَمادم - ف - پَردرپَے - دمبدم -

دَمار - ف - ہلاک - ہلاکی - مگر فارسی مین حرف اول کے کسرہ سے مشہور ہی -

دِماغ - ع - مغز سر - دماغ کا گودا - مجازاً بمعنے تکبر - غرور - طاقت - کیف - نشہ - خواہش مگر فارسی مین بفتح دال بھی جائز ہی -

دِماغ بیہودہ پختن - ف - کنایہ ہی بیحاصل فکر زیادہ کرنے سے -

دِماغ دومغز - ف - دماغ قوی -

دماغ رسانیدن - ف - مست اور سرخوش ہونا

دماغ سوختن - ف - بہت محنت کرنا - بہت فکر کرنا - زیادہ غور کرنا -

دَمامہ - ف - نقارہ دھونسا - نفیری -

دَمامیل - ع - جمع دُمَّل کی - پھوڑے -

دَمال - ع - سرگین - گوبر - خُرما سڑا ہوا -

دمان - ف - جوش مارنیوالا - پھنکار مارنیوالا - مست خشمناک - غصہ مین بھرا ہوا - اتھلے غضب مین چیخنے والا - یہ لفظ اکثر پاتمی اژدہے شیر گھڑیال - دریا - سیلاب کی صفت مین آتا ہی

دمباز - ف - فریبی - دغاباز -
دمبدم - ف - ہردم - ہر لحظہ -
دم بستن - ف - چپ ہوجانا -
دم بے قدم - ف - قول بے فعل -
دم تسلیم - ف - مرنیکا وقت خاموشی
دوسرے کی مرضی پر راضی رہنا -
دم خر پیمودن - ف - بیہودہ کام کرنا -
دم خوردن - ف - فریب کھاجانا -
دم درکشیدن - ف - خاموش ہوجانا -
دمدمہ - ف - فریب - چاپلوسی - مکر حیلہ
نقارہ - ڈھول - نقارہ کی آواز - شہرت -
چار دیواری جو قلعہ کے گرد ہوتی ہی -
دمس جو لڑائی مین مورچال بناتے ہین -
دمدمہ - ع - ہلاک - زلزلہ - غصہ - عذاب -
دمر - ع - اوندھا - الٹا -
دم زدن - ف - بات کرنا -
دمساز - ف - دست موافق -
دم سرد - ف - آہ ناامید -
دم سیاوشان - ایک دوا ہی
سرخ رنگ کہ اسکو خون سیاوشان بھی
کہتے ہین اور عربی مین دم الاخوین نام ہی
دم سیچہ - ف - ایک چھوٹا سا پرندہ ہی کہ
باربار دم کو ہلایا کرتا ہی عربی صعوہ ہندی ممولا
دمشق - ع - نام ایک شہر کا جو پایتخت ملک
شام کا تھا - بنا کیا ہوا دمشاق بن مزدد
یا دمشق نام غلام نمرود کا -
دم صور - ف - روز قیامت -
دم طاؤس - کنایہ آسمان سے -
دمع - ع - آنسو - آنسو بہانا اور حکیمون
دمع - ع - } کی اصطلاح مین نام ایک
مرض چشم کا جسمین ہر وقت آنکھون سے
پانی قطرہ قطرہ بہا کرتا ہی -
دمعہ - ع - آنسو -
دم قمری - ف - نام ایک لحن کا موسیقی سے
دمکش - ف - وہ شخص جو گانے مین دوسرے
کی موافقت اور پیروی کرے اور اسکی
آواز کو مدد دے ہندی آس دینے والا -
دمکشی - ف - گانے مین دوسرے کی
آواز کو مدد دینا -
دم گرگ - ف - صبح کاذب -
دم گاؤ - ف - بڑا کوڑا جس سے بیل یا
گدھے وغیرہ ہانکے جائین - نفیری - قرنا -
دمل - ع - پھوڑا -
دم لابہ - ف - کتے کا دم ہلانا - اور کنایہ
چاپلوسی و عاجزی و خوشامد سے -
دم الاخوین - ع - خون سیاوشان ایک
دوا ہی سرخ رنگ حابس خون -
دمن - ع - غلیظ اور گوبر وغیرہ کا ڈھیر
دمنہ - ع - نام ایک گیدڑ کا جو بڑا مکار تھا
اور قصہ اسکا کلیلہ دمنہ مین مذکور ہی - مجازاً
ہر مکار اور حیلہ گر کو کہتے ہین -
دمنہ - ع - غلیظ اور سرگین تہ برتہ کا ڈھیر
دموز - ع - بغیر اجازت کسیکے گھر مین چلا جانا
دموع - ع - جمع دمع کی آنکھون کے آنسو
دموی - ع - منسوب طرف دم یعنی خون کے
دمہ - ف - دمونکنی - بھکنی -
دمیدن - ف - اگنا - جوش مارنا - پھونکنا
طلوع کرنا - یہ لفظ لازم اور متعدی دونون آیا ہی
دمیم - ع - زشت رو - بدصورت -

فصل دال مع نون

دن - ع - لمبا مٹکا جو زمین پر بغیر گڑھا کیے
ٹک نہ سکے ہندی مٹھور - دنان اسکی جمع ہی
اگر یہ لفظ فارسی مین بغیر تشدید نون کے آتا ہی
دنائت - ع - زبونی - نالائقی - پست ہمتی
کنجوسی - کمینہ پن -
دنانیر - ع - جمع دینار کی -
دنب - ع - چارپایون کی دم -
دنبال - ف - پیچھا کسی چیز کا - جانور کی دم
دنبالہ - ف - پیچھا - دم - ہاے ہوز اسمین
یا واسطے تشبیہ کے ہی یا زائد ہی -
دنبہ - ف - چوتڑ - دم - مینڈھا جسکی دم
چوڑی ہوتی ہی یعنی چکتی - نام ایک قسم کے
کھانے کا اور معنی مکر و فریب کے بھی آیا ہی
دنبہ نہادن - ف - فریب دینا -
دندان - ف - دانت - اور معنی بوسکے بھی

دندان بلند - ف - کنایہ بوڑھے گھوڑے سے
دندان بر جگر افشردن - ف - مرنے پر مستعد ہو جانا - سخت اور دشوار کام کرنے کی جرأت کرنا -
دندان بخون بردن - ف - کنایہ ہے صبر کرنے اور خون جگر پینے سے -
دندان بکام فرو بردن - ف - کامیاب ہونا - مقصد کا پورا حاصل کرنا - کسی پر غالب آنا - غضب اور غصہ کرنا -
دندان تیز کردن - ف - لالچ کرنا -
دندان دراز - ف - لالچی -
دندان زنی - ف - برابری کرنا - دشمنی کرنا
دندان سفید - ف - خندان - ہنستا ہوا -
دندان سرخ کردن - ف - کسی چیز پر رغبت کرنا - کسی چیز کی خواہش کرنا -
دندان فگن - ف - ایک قسم ہے مچھلی کی جسکا گوشت نہایت مزہ دار ہوتا ہے -
دندان کنان - ف - عاجزی کرنیوالا اور خوف زدہ - اور گڑگڑانیوالا -
دندان نمودن - ف - ہنسنا -
دندانہ - ف - مشابہ دانت کے -
دندانی کردن - ف - شرمندہ کرنا -
دنس - ع - چرک - میل - میلا ہونا -
دنس - ع - چرک آلودہ - میلا -
دنگ - ف - دیوانہ - حیران - احمق

دنگل - ف - کشتی لڑنیکی جگہ - لڑائی کا مقام
دنو - ع - نزدیک ہونا - نزدیکی -
دنی - ع - ناکس - نالائق - پست ہمت - کمینہ - مگر استعمال فارسی مین بغیر تشدید (یا) کے آتا ہے مشتق دنائت سے - اور بمعنی نزدیک ہونیوالا - مشتق دنو سے -
دنیہ - ع - نالائق کمینہ -
دنیا - ع - یہ جہان - اصلی معنی اسکے عورت بہت نزدیک ہونیوالی - مشتق دنو سے اسلیے کہ دنیا بہ نسبت عقبی کے آدمی سے بہت نزدیک ہے - یا بمعنی سخت خسیس نالائق اس صورت مین دنیا مؤنث ہے ادنی کی مشتق دنائت سے
دنیا پرست - ف - بخیل - کنجوس -
دنیوی - ع - منسوب طرف دنیا کے - اور ابن حاج نے لکھا ہے کہ دنیاوی اور دنیائی یہ دو نون لفظ غلط ہین -

فصل دال مع واو

دو - ع - بمعنی بیابان -
دوا - ف - دارو -
دواب - ع - چوپائے مثل گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ کے جنپر سوار ہوتے ہین اور بوجھ لادتے ہین - فارسی مین یہ لفظ اکثر بغیر تشدید باے موحدہ کے آتا ہے -
دوات - ع - وہ برتن جسمین سیاہی لکھنے کی رکھکر لکھا کرتے ہین - فارسی مین دوات کو آمہ بر وزن نامہ کہتے ہین -
دواج - ع - }
دواج - ع - } بالاپوش - لحاف -
دواج - ع - }
دواج - ع - لباس -
دواج - ع - قبا -
دوادو - ف - ہر طرف دوڑنا پے در پے -
دوار - ع - بہت پھرنیوالا - دور کرنیوالا
دوار - ع - ایک مرض کا نام جسمین آدمی کا سر پھرا کرتا ہے یعنی گردش سر -
دوازدہ - ف - بارہ (عدد) ۱۲
دوازدہم - ف - بارھوان حصہ (۱/۱۲)
دواسپہ - ف - کنایہ جلدی اور سرعت سے
دواعی - ع - جمع داعیہ بمعنی خواہش باعث - ارادہ کی -
دوال - ف - } چمڑے کا تسمہ - نقارے کی چوب جو موٹے تسمہ کی ہوتی ہے اور بمعنی تلوار کے بھی آیا ہے -
دوال - ف - }
دوال باز - ف - فریبی - دغا بازی -
دوال قصب - ف - کنایہ حلقہ گریبان سے
دوالک - ف - ایک قسم کا جوا جو چمڑے سے کھیلا جاتا ہے -
دوالک بازی - ف - مکاری - بیحیائی
دوام - ع - ہمیشگی -
دوان - ف - دوڑتا ہوا -

دُوَان ۔ ف ۔ مزید علیہ دُو ۔ عدد معروف کا
دَوَانیدن ۔ ف ۔ دوڑانا ۔
دَوَاوین ۔ ع ۔ جمع دیوان کی جو بمعنی
کتاب اور دفتر کے ہی ۔
دَوَاہی ۔ ع ۔ جمع دَاہِیَہ کی جسکے معنی حادثہ
اور آفت اور سختی زمانہ کے ہین ۔
دَوَائر ۔ ع ۔ جمع ہو دَائرہ کی ۔
دَوَائی ۔ ف ۔ مزید علیہ دَوَا کا ۔ اور یہ
تصرف فارسیان متاخرین کا ہو قدما کے
کلام مین نہین ہو ۔ اشرف کہتے ہین ؎
بادہ در خم کہنہ چون گردد دوائی می شود
پیر شد چون دختر رز مومیائی می شود
دُوبارہ ۔ ف ۔ دوسری دفعہ ۔
دُوبالا ۔ ف ۔ دُگنا ۔
دُوبُعد ۔ ف ۔ کنایہ چوڑائی اور لمبائی سے
دُوپَزِ وِیزَنی ۔ ف ۔ پھول ۔ دوبارہ آٹا جو
دومرتبہ چھانا گیا ہو ۔ مَیدہ ۔
دُوپَزِنی رِقاق ۔ ف ۔ باریک روٹی
یعنی پھلکا جسکا آٹا دو مرتبہ چھانا گیا ہو ۔
دُوپیازہ ۔ ف ۔ وہ گوشت جسمین پیاز
تلی ہوئی ڈالکر پکاتے ہین ۔
دُوپَیکر ۔ ف ۔ برج جوزا جو بصورت
دو کودک برہنہ کے آپس مین ملا ہوا ہو ۔
عربی مین اسکو تَوامان کہتے ہین ۔ اور کبھی
مراد دو رنگ سے بھی ہوتی ہو ۔

دُوتا ۔ ف ۔ جھکا ہوا ۔ کُبڑا ۔
دُوتار ۔ ف ۔ نام باجہ کا مثل ستار کے ۔
دُوتاہ ۔ ف ۔ دوگنا ۔
دُوتیغہ بازی ۔ ف ۔ مراد سپہگری کے
کمال ہنر سے ۔
دُوجہان ۔ ف ۔ دنیا اور دین ۔
دُوچار ۔ ف ۔ ملاقات ۔ مقابل ۔
دُوچند ۔ ف ۔ دُونا ۔ دُگنا ۔
دُوحرف ۔ ف ۔ مُراد لفظ کن سے جو
کلمۂ عربی ہو معنی اسکے (ہوجا) اور یہ
کلمۂ حق تعالی نے روز ازل وقت پیدا
کرنے مخلوقات کے فرمایا تھا پس تمام عالم
اُسی وقت موجود ہو گیا ۔
دَوحَہ ۔ ع ۔ درخت ۔
دُوخت ۔ ف ۔ سلائی سینا ۔
دُوختن ۔ ف ۔ سینا ۔
دُود ۔ ف ۔ دھوان ۔ غم ۔ رنج ۔ سانس
اور مراد سیاہی فوج سے بھی ۔
دُود ۔ ع ۔ کیڑے پہ اسم جمع ہو واحد اس کا
دُودَہ بمعنی ایک کیڑا ۔
دُودَہ ۔ ع ۔ ایک کیڑا جمع اسکی دُود اور
دیدان ہو ۔
دُودَہ ۔ ف ۔ خاندان ۔ خویش و تبار
چراغ کا کاجل ۔
دُود بر آوردن ۔ ف ۔ خراب و ہلاک کرنا ۔

دُود دشت ۔ پریشان ۔ متفرق دھوان
دُود آہنگ ۔ ف ۔ } وہ روزن جسمین سے
دُود کش ۔ ف ۔ } دھوان باہر جائے
دُود کردن ۔ ف ۔ ظاہر کرنا ۔
دُودِلہ ۔ ف ۔ متردد ۔ جو شخص دُھکڑ پکڑ مین ہو
اور کبھی بمعنی منافق کے بھی آتا ہو ۔
دُودُ الحریر ۔ ع ۔ ریشم کے کیڑے ۔
دُودمان ۔ ف ۔ خاندان ۔ قبیلہ ۔ کنبہ ۔
دَور ۔ ف ۔ گردش ۔ گول ہونا ۔ ایک شی کا
اُسی کے نفس پر ٹھہرنا ۔ زمانہ ۔
دُور ۔ ف ۔ بعید ۔
دوران ۔ ع ۔ بمعنی گردش آسمان جسے زمانہ
کہتے ہین ۔ گردش سر کی جو مرض مشہور ہو
مگر فارسی مین اکثر بسکون واو مستعمل ہو ۔
دُور اندیش ۔ ف ۔ جو شخص دُور کی بات
سوچتا ہو ۔ انجام بین ۔
دُورباش ۔ ف ۔ دو شاخہ نیزہ جسکی چوب
جواہر سے جڑاؤ ہوتی ہو اور بادشاہون
کی سواری کے آگے آگے رہتا ہو تاکہ لوگ
اُسکو دیکھکر ہٹ جائین ۔ اور کنایہ آہ سے
دُوربین ۔ ف ۔ دور اندیش ۔ انجام بین
اور نام ایک آلہ کا جس سے دُور کی شی
نزدیک دکھائی دیتی ہو ۔
دُور تَرک ۔ ف ۔ بہت دور ۔
دُور دست ۔ ف ۔ وہ مقام جہان جانا

بہت مشکل ہو۔

دُورَنگ - ف - منافق۔

دُورُوئی - ف - نفاق۔

دَوْرَہ - ع - گردش - پھراؤ - گشت - گرداگرد پھرنا - چھوٹا مرتبان۔

دُورُو - ف -
دوزبان - ف - } منافق آدمی -

دُوزَخ - ف - جہنم - نرک - نام ایک گھاس کا جس سے بوریا بنایا جاتا ہے۔

دُوزَخی - ف - جہنمی - منسوب طرف دوزخ کے۔

دُوزخ - ف - جہنم۔

دُوس - ف - کھلیان کوٹنا - پامال کرنا - کسی چیز کو صیقل کرنا - چمکانا - نام ایک قبیلہ کا یمن سے۔

دُوست - ف - پیارا - یار۔

دُوستی - ف - یاری - پیار۔

دُوستکام - ف - وہ شخص جسکا مطلب حسب مراد دوستون کے حاصل ہو۔

دُوستکامی - ف - اپنے حصہ کا پیالۂ شراب دوسرے کی تواضع کرنا - جام شراب جو دوست آپسمین ایک دوسرے کو دیتے ہین کہ فلان شخص کی یاد پر نوش کرو۔

دُوسَری - ف - نفاق۔

دُوش - ف - مونڈھا - گذری ہوئی رات

دُوشہ - ف - وہ برتن جسمین گائے بھینس وغیرہ کا دودھ دوہا جائے۔

دُوشا - وہ چوپایہ جسکا دودھ دوہین جیسے گائے بھینس وغیرہ۔

دُوشاب - ف - رس انگور یا چھوارے کا جسکو دو ایک روز رکھ چھوڑین تاکہ وہ گھٹا ہو جائے اسی لیے دوشاب کہتے ہین کہ یہ آب انگور ہے اور مدت اسپر گذر گئی ہے۔

دُوشاب دِلی - ف - ہردم ایک چیز کیطرف رغبت کرنا جیسے حاملہ عورتون کو ہر ایک چیز کی رغبت ہوتی ہے۔

دُوشاخہ - ف - اُس لکڑی کو کہتے ہین جسمین دو شاخ ہون اور اُسکو بطور شکنجہ کے گنہگارون کی گردن پر واسطے عذاب کے رکھتے ہین۔

دُوش زدن - ف - آگاہ کرنا - اصلی معنی اسکے شانہ ہلانا۔

دُوشنبہ - ف - پیر کا دن۔

دُوشندہ - ف - دودھ دوہنے والا۔

دُوشیدن - ف - دودھ دوہنا۔

دُوشیزگی - ف - کنوارپن۔

دُوشیزہ - ف - کنواری عورت۔

دوصاد - ف - کنایہ دونون آنکھون سے۔

دُوصحن - ف - آسمان اور زمین۔

دُوطفل ہندو - ف - آنکھونکی پتلیان۔

دُوغ - ف - مٹھا - گھی نکلا ہوا دودھ۔

دُوک - ف - چرخہ کا تکلہ۔

دُوکدان - ف - چرخہ۔

دُوکَون - ف - دنیا اور آخرت۔

دوگان - ف - دوگنا۔

دوگانہ - ف - دو رکعت نماز کی۔

دُوَل - ع - جمع دولت کی۔

دُول - ف - واو مجہول سے پانی بھرنے کا ڈول - منگار - بیحیا - تھیلی - اسی لیے کمر پر جو ہمیانی باندھتے ہین اُس کو دُلمیان کہتے ہین واؤ کو حذف کرکے۔

دُولاب - ع -
دُولابہ - ع - } چرخ - رہٹ - گراری

دولت - ع - گردش زمانہ کی ساتھ نیکی اور فتح اور اقبال کے - مال جو ہاتھون ہاتھ پھرے - مال اور زر کو اسی وجہ سے دولت کہتے ہین کہ یہ ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ مین چلا جاتا ہے۔

دُولت - ع - نوبت - غنیمت - جنگ اور لڑائی مین غلبہ - پہونچنا مال کا کسیکو۔

دَولتمند - ف - } صاحب دولت اور
دَولتی - ف - } روپیہ والا آدمی۔

دُوَم - ف - دُوسرا۔

دُومار - ف - کنایہ ہے ضحاک بادشاہ سے اسلیے کہ اسکے دونون شانون پر زخم ہوگئے تھے اور اسمین دو سانپ پیدا ہوگئے تھے۔

دُو مُرغ ۔ ف ۔ کنایہ ہی روح اور نفس ناطقہ سے
اور بعض نے بمعنی صوت اور ہیولی کے لکھا ہی
دُو مست آہُو ۔ ف ۔ کنایہ ہی معشوق کی
دو نون آنکھون سے۔
دُو مغز ۔ ف ۔ کنایہ ہی بادام سے۔
دُو مو ۔ ف ۔ جسکے بال سفید اور سیاہ
ملے ہوے ہون یعنی ادھیڑ۔
دُون ۔ ع ۔ سوا ۔ غیر ۔ تھوڑا ۔ نزدیک ۔
تحت ۔ نیچے ۔ حقیر ۔ سفلہ ۔ کمینہ۔
دُونان ۔ ف ۔ کمینے اور خسیس لوگ۔
دُو دو نون سر نگون در مشک سودہ ف
کنایہ دو نون بھوون سیاہ سے۔
دُو نیم ۔ ف ۔ دو حصے برابر ایک شی کے۔
دَوِیّ ۔ ع ۔ کان کا آواز کرنا۔ اگر آواز نرم
اور غلیظ ہوگی تو دوی کہین گے اور اگر آواز
باریک اور تیز ہوگی تو کنین۔ ہوا چلنے کی
آواز ۔ مکھی اور مچھر کی آواز۔ پرندجانور کے
پرونکی آواز۔
دَوِیدَن ۔ ف ۔ دوڑنا۔
دَوِیست ۔ ف ۔ دو سو۔

فصل دال مع ہاے ہوز

دَه ۔ ف ۔ دس ۔ (۱۰) عدد
دِه ۔ ف ۔ دے ۔ گانون ۔ اور کلمہ نفی بھی
ہی جیسے ہندی مین دور ہو۔
دَہا ۔ ع ۔ عقلمندی تیزی طبیعت کی۔
دُہات ۔ ع ۔ جمع دَاہی بمعنی عقلمند کی۔
دِہات ۔ ف ۔ جمع دِہ بمعنی گانون کی۔
دِہاق ۔ ع ۔ بھرا ہوا ۔ مالامال۔
دہاقین ۔ ع ۔ جمع ہی دہقان کی یعنے
کسان لوگ ۔ دہاتی آدمی۔
دَہان ۔ ف ۔ مُنہ۔
دہان بند ۔ ف ۔ زبان بندیکا تعویذ۔
دَہانہ ۔ ف ۔ موہانہ دریا وغیرہ کا۔
دِہانیدن ۔ ف ۔ دیوانا۔
دِہ پنجی ۔ ف ۔ کھوٹی چاندی کھوٹا سونا
دِہ خداے ۔ ف ۔ صاحب قریہ۔
دَہ دِل ۔ ف ۔ } منافق ۔ بہادر ۔ متردد
دَہ دِلہ ۔ ف ۔ } پریشان خاطر۔
دَہ دَہی ۔ ف ۔ زرخالص ۔ کھرا کامل عیار
اور بمعنی روشن بھی۔
دَہر ۔ ع ۔ رات دن ۔ زمانہ۔
دَہ روز ۔ ف ۔ مدت قلیل۔
دَہرَہ ۔ ف ۔ نام ایک قسم کے ہتھیار کا
مثل خنجر کے۔
دَہری ۔ ع ۔ پرانا بوڑھا ۔ اور وہ شخص جو
عالم کو قدیم جانے اور قیامت کا قائل نہو۔
دُہریہ ۔ ع ۔ وہ شخص جو زمانہ کو خدا تصور
کرتا ہی۔
دِہ زدہ ۔ ف ۔ ویران گانون۔
دِہستان ۔ ف ۔ بمقابلہ شہرستان کے۔
دَہش ۔ ف ۔ انعام دینا ۔ بخشش ۔ سخاوت
دَہشت ۔ ف ۔ خوف ۔ حیرت ۔ پریشانی
دِہقان ۔ مع ۔ معرب ہی دِہگان کا ۔
گنوار ۔ کسان ۔ رئیس ۔ قریہ۔
دِہقان آذر پرست ۔ ف ۔ سکندرنامہ
مین مراد شخص ایرانی تاریخ دان سے۔
دِہقانیت ۔ ع ۔ گنوارپن۔
دَہکدہ ۔ ف ۔ وہ مکان جو گانون مین
واقع ہو۔ اسمین اضافت مقلوب ہی۔
دِہ کیا ۔ ف ۔ رئیس قریہ ۔ گانون کا مقدم
زمیندار۔
دُہل ۔ ف ۔ ڈھول۔
دُہل دریدن ۔ ف ۔ کسی کو گانے سے
منع کرنا اور چپ کر دینا۔
دُہل دریدہ ۔ ف ۔ رسوا اور بمعنی خاموش
یعنی چپ کے بھی آیا ہی۔
دَہلیز ۔ ف ۔ چوکھٹ ۔ شروع مکان کا ۔
دَہُم ۔ ف ۔ دسوان حصہ ۔ (۱/۱۰)
دُہمت ۔ ع ۔ سیاہی ۔ تاریکی۔
دَہ مَردَہ ۔ ف ۔ جھوٹا ۔ گپی ۔ بیہودہ
بکنے والا۔
دَہن ۔ ف ۔ مُنہ۔
دُہن ۔ ع ۔ تیل ۔ روغن۔
دَہن تیغ ۔ ف ۔ تلوار کی دھار۔
دَہن تلخ بودن ۔ ف ۔ کسی کا گلہ کرنا۔

دُہن مصری - ت - روغن بلسان -

دَہنہ - ت - دریا کا موہانہ - ملک کی سرحد - نام ایک پتھر کا جسکو دہنہ فرنگ کہتے ہین - دانہنج اسکا معرب ہی -

دُہنیت - ع - چربی - چکناہٹ -

دُہور - ع - جمع دَہر بمعنی زمانہ کی -

دَہ ہلال - ت - دسون انگلیون کے ناخنون کے سرے جو گول ہوتے ہین -

دِہی - ت - زمیندار -

دہ یک ستان - ت - خراج تحصیلنے والا محصول لینے والا -

فصل دال مع یاے تحتانی

دِی - ت - شب و روز گذشتہ -

دَی - ت - نام ماہ شمسی کا جبکہ آفتاب برج جدی مین رہتا ہی - ہندی مین تقریبًا ... اور کبھی اس لفظ سے مراد فصل جاڑے کی ہوتی ہی مجازًا -

دِیار - ع - جمع دار بمعنی گھر کی - مجازًا بمعنے ملک اور شہر کے مستعمل ہی -

دَیّار - ع - باشندہ - صاحب خانہ -

دَیّان - ع - بدلہ لینے والا - قہر کرنیوالا - حساب کرنے والا - اور یہ ایک نام ہی حقتعالی کے اسماے صفات سے -

دِیانت - ع - دینداری - راستی -

دِیبا - ت - ایک قسم کا ریشمی کپڑا باریک -

دِیبلج - مب - معرّب ہی دیباہ کا - اور دیباہ بھی دیبا ہی بزیادتی ہا -

دِیباجہ - مب - چہرہ - رخسارہ شروع

دِیباچہ - ت - اور آغاز کتاب کا - خطبہ کتاب کا -

دِیبہ - ت - یاے مجہول سے یہی دیبا ہی اسمین (ہ) الف کے بدل ہی جیسے کہ لفظ خارا اور خارہ مین -

دِیباہ - ت - مزید علیہ دیبا کا -

دِیباے روم - ت - سکندر نامہ مین مراد ہی شاہان روم کے احوال سے -

دِیت - ع - خونبہا - روپیہ خون کے عوض کا - مقدار اسکی شرع مین دس ہزار درہم ہین - مگر فارسی مین یہ لفظ بمعنی مطلق بہانہ کے بھی آتا ہی -

دَیجور - ع - اندھیری رات - دَیاجیر اسکی جمع ہی - اور بمعنی مطلق اندھیری اور تاریکی کے بھی آیا ہی -

دِیدار - ت - منھ - چہرہ - بینائی - دیکھنا -

دِیدان - ت - جمع دُودہ بمعنی کیڑے کی -

دیدبان - ت - وہ سوراخ جس مین سے نشانہ کو تاکین - اور وہ شخص جو کسی بلند مقام پر بیٹھ کے چارون طرف دیکھتا ہے اور آمد فوج دشمن وغیرہ سے اہل قلعہ کو خبر دیتا رہے - اور دیدبان بمعنی جاسوس اور مخبر کے بھی آیا ہی - اور اُس شخص کو بھی کہتے ہین جو کسی کا ناظر حال ہو -

دِیدن - ت - دیکھنا -

دَیدن - ع - خو - عادت -

دِیدہ بر سم نہادن - ت - مرجانا -

دیدہ بر دوختن - ت - کنایہ ہی اغماض اور غرور کرنے سے -

دِیدہ سرخ کردن - ت - لالچ کرنا - کسی پر عاشق ہونا -

دَیر - ت - بتخانہ - مندر - گنبد -

دِیر شدن - ت - تمام ہونا - خراب ہونا - فوت ہونا -

دَیر کہن - ت - دنیا -

دَیر مسدّس - ت - دنیا -

دَیر مینا - ت - آسمان -

دِیرپان - ت - باقی - پائدار -

دِیروز - ت - گذرا ہوا کل کا روز -

دِیرباز - ت - زمانہ دراز - مدت قدیم اور اسمین لفظ باز باے موحدہ سے غلط ہی -

دِیرینہ - ت - پرانا -

دِیرینہ دوز - ت - پرانا کپڑا سینے والا -

دِیز - ت - لون - رنگ -

دِیس - ت - بمعنی مثل اور مانند - یہ لفظ واسطے تشبیہ کے آتا ہی -

دِیشب - ت - کل کی رات جو گذر گئی -

دِیک - ع - } خروس - مُرغ -
دِیکہ - ع - }
دِیگ - ف - ہانڈی - دیگچی -
دِیگ بَر باد کردن - ف - چڑھے پر دیگ
چڑھاتا کھانا پکانیکے لیے -
دِیگچہ - ف - ہنڈیا - چھوٹی پتیلی -
دِیگدان - ف - چولھا -
دِیگدان سرد - ف - مرد بخیل -
دِیگر - ف - اَور - دوسرا -
دَیلَم - ع - نام ایک ملک کا جہانکے باشندون
کے بال گھونگھر والے ہوتے ہین - اور وہ شخص
جسکے والدین مین سے ایک حبشی ہو اور دوسرا
ترکی - اور بمعنی سختی اور بلا - اور دُراج یعنی
تیتر کے بھی ہے -
دَیلمی - ع - نام ایک قوم کا جنکے سر کے بال
گھونگھر والے مثل زنجیر کے ہوتے ہین -
دِیم - ف - مُنھ - چہرہ - روشنی -
دِیمَہ - ف - ایک قسم کا چمڑہ -
دِین - ع - مذہب - پنتھ - بدلہ دینا - اور بمعنی
حساب کے بھی ہے -
دَین - ع - قرض - اُدھار - واضح ہو کہ اگر
ادا کرنیکے لیے وقت بھی مقرر ہو جائے
جیسے فلان روز یہ روپیا ادا ہو گا تو اسکو دَین
کہینگے اور اگر وقت مقرر نہو گا تو قرض -
دِینار - ع - نام ہے ایک سکہ کا جو یہانکے
حساب سے اڑھائی روپیہ کا ہوتا ہے -
دِینارِ سُرخ - ف - سکہ سونیکا -
دِین دِہقان - ف - سکندر نامہ مین مراد
دین زردشت سے ہے -
دِین درست - ف - دین اسلام -
دِینِہ - ف - بمعنی دیروز یعنی کل کا روز
گذرا ہوا - منسوب طرف دی کے -
دِینہائے آلودہ - ف - مراد ہے دین باطل
آتش پرستوں سے -
دِیو - ف - بھوت جن - اور کنایہ ابلیس سے
اور بمعنی فریب کے بھی ہے -
دِیوارِ بلند - ف - کنایہ دولتمند سے -
دِیوان - مب - یائے معروف سے اصلی
معنی اسکے جگہ جمع ہونے آدمیون کی مجازاً
بمعنی کچہری - دار العدالت - صاحب سند
اور کتاب غزلونکی -
دِیوان - ف - یائے مجہول سے جمع دیو کی -
دِیوانِ تن - ف - مخفف دیوان تنخواہ کا -
دِیوانگی - ف - پاگل پن - دیوانہ پن -
دِیوان نہادن - ف - عدالت کرنا -
دِیوانہ - ف - پاگل - سڑی -
دِیوانی - ف - کچہری عدالت کی جس مین
نالش قرض اور داد و ستد کی کیجاوے -
دِیو باد - ف - آندھی کا بگولہ -
دَیُّوث - ع - بیغیرت - بیشرم - بھڑوا -
جو اپنی جورو سے کسب کرائے -
دِیوچہ - ف - جونک - دیمک - اور یہ دونون
کیڑے مشہور ہین -
دِیو دار - ف - ایک پہاڑی درخت ہے
جسکا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہے -
دِیو زدہ - ف - وہ شخص جسکو خلل جن وغیرہ
کا ہو جائے - آسیب زدہ -
دِیو نژاد - ف - کنایہ ہے گھوڑے قوی
اور تیز چلنے والے اور تناور سے -
دِیو سار - ف - مانند دیو کے اسلیے کہ سار
بمعنی مانند ہے -
دِیو سفید - ف - وہ دیو جسکو رستم نے بڑی
محنت سے مازندران مین قتل کیا تھا - اور
نام ایک پہلوان مازندرانی کا - اور کنایہ
دیو قوی سرکش سے -
دِیو لاخ - ف - دیوونکے رہنے کا مقام -
دِیو مار - ف - اژدہا -
دِیو مَردُم - ف - ایک قسم حیوان کی جسکو
بن مانس کہتے ہین اور بمعنی آدمی شریر
اور مفسد کے بھی آیا ہے -
دِیو مرید - ف - کنایہ شیطان سے جو بُرا
سرکش اور بد ہے -
دُیُون - ع - جمع دَین بمعنی قرض کی -
دِیو ہفت سر - ف - کنایہ ہے زمین کے
کُرہ سے باعتبار سات اقلیمون کے

دِیہ ۔ن۔ گانوں ۔

دِیہیم ۔ن ۔ تاج بادشاہی ۔

باب ذال معجمہ

فصل ذال مع الف

ذا ۔ع ۔ یہ فرد ۔ اسم اشارہ ہی مفرد مذکر قریب کے واسطے ۔

ذاب ۔ع ۔ بمعنی عیب ۔ اور بہت بڑا پیاسا جسکے ہونٹھ مارے پیاس کے سوکھ گئے ہون ۔ اور پگھلا ہوا ۔

ذابح ۔ع ۔ ذبح کرنیوالا ۔

ذات ۔ع ۔ صاحب ۔ مالک ۔ اور حقیقت اور اصل ہر شی کی ۔

ذاتِ بحت ۔ع ۔ مراد حقتعالی جل شانہ سے اسلیے کہ بحت بمعنی صرف و خالص ہی ۔

ذاتُ الشمال ۔ع ۔ جانب ست چپ اور مراد گنہگار دن اور کافرونسے اسلیے کہ قیامت کے روز انکے بائین ہاتھونمین انکے نامہاے اعمال بموجب حکم خدا آئینگے ۔

ذاتُ الصدور ۔ع ۔ صاحب سینہ کا یعنی جاننے والا دلون کے بھیدون کا مراد ہی اولیا اللہ سے اور طبیبونکی اصطلاح مین ورم سینہ کا ۔

ذاتُ الیمین ۔ع ۔ جانب دست راست ہاتھونمین بروز قیامت آئینگے ۔

ذاتُ البین ۔ع ۔ وہ شخص جو دو آدمیون کے درمیانمین واسطہ ہو کسی کام مین یعنی درمیانی اور قضیہ دلال ۔ اور معاملہ یا تقدمہ جو درمیان دو شخصونکے ہو ۔

ذاتُ البروج ۔ع ۔ آٹھوان آسمان جسکو شرع مین کرسی کہتے ہین ۔

ذاتُ العماد ۔ع ۔ صاحب عمارتون بلند اور صاحب ستونون کا اس لیے کہ عماد بمعنے عمارتہاے بلند اور ستونون کے ہی ۔

ذاک ۔ع ۔ یہ اسم اشارہ ہی طرف بعید یعنی دور کے اسکا ترجمہ فارسی مین (آن) اور ہندی مین (وہ) ہی ۔

ذاکر ۔ع ۔ ذکر کرنیوالا ۔ یاد کرنیوالا ۔

ذاہل ۔ع ۔ بھولنے والا ۔ غافل ۔

ذائب ۔ع ۔ گلنے والا ۔ پگھلنے والا ۔

ذائع ۔ع ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔ پراگندہ ۔

ذائق ۔ع ۔ چکھنے والا ۔

ذائقہ ۔ع ۔ مزہ چکھنے کی قوت جو زبانمین ہی ۔ اور بمعنی مزہ غلط مشہور ہی ۔

فصل ذال مع باے موحدہ

ذب ۔ع ۔ ہنکا دینا ۔ باز رکھنا ۔ دور کرنا ۔ دبلا ہونا ۔ جنگلی بیل ۔

ذُباب ۔ع ۔ مگس ۔ مکھی ۔ سبز رنگ ہی ۔ یہ اکثر زمرد کی صفت مین آتا ہی

ذُبال ۔ع ۔ جمع ہی ذُبالہ کی ۔

ذُبالہ ۔ع ۔ فتیلہ ۔ بتی چراغ کی ۔

ذبح ۔ع ۔ گلا کاٹنا جانور کا شرعی طور پر ۔

ذِبحِ اکبر ۔ع ۔ وہ گوسفند جو حضرت اسمعیل ع کے فدیہ اور بدلہ مین بہشت سے آیا تھا ۔ اور معنی قربانی ۔ عید الضحی ۔

ذبر ۔ع ۔ لکھنا ۔

ذُبول ۔ع ۔ لاغری ۔ پژمردگی ۔

ذبیح ۔ع ۔ } وہ جانور جو شرعی طریقہ سے

ذبیحہ ۔ع ۔ } ذبح کیا جائے ۔

فصل ذال مع خاے معجمہ

ذخائر ۔ع ۔ جمع ذخیرہ کی ۔ گودام ۔

ذُخر ۔ع ۔ کسی چیز کا رکھ چھوڑنا ۔ کوئی چیز رکھی ہوئی کسی وقت کے خیال سے ۔

ذُخرہ ۔ع ۔ ذخیرہ ۔ رکھی ہوئی چیزین ۔

ذخیرہ ۔ع ۔ وہ چیز جو کسی وقت پر کام آنے کے لیے رکھ چھوڑین ۔ فارسی اسکی نخی

فصل ذال مع راے مہملہ

ذر ۔ع ۔ بگذار ۔ چھوڑ ۔

ذرات ۔ع ۔ جمع ہی ذرہ کی ۔

ذراری ۔ع ۔ جمع ذریت بمعنی نسل کی ۔

ذراریح ۔ع ۔ جمع ذُروح کی اور یہ ایک کیڑا پردار ہی بقدر چھوٹے بادام کے سرخ رنگ

تام جسم پر سیاہ نقطے۔اس کیڑے کا کھانا
زہر قاتل ہی۔
ذِراع ۔ع۔ بازو۔ ہاتھ کا گز۔اور مقدار اسکی
کہنی سے انگلیونکے سرے تک ہی۔
ذَرائِع ۔ع۔ جمع ذریعہ بمعنی وسیلہ کی۔
ذَرع ۔ع۔ طاقت۔ہاتھ کے گز سے ناپنا۔
ذَرَع ۔ع۔ لالچ۔جنگلی گاے کا بچہ۔
ذَرق ۔ع۔ پرند جانور کی بیٹ۔
ذُرُور ۔ع۔ سوکھی دوا جو زخم پر چھڑکین
ذُروَہ ۔ع۔ بلندی پہاڑ کی۔پہاڑ کی چوٹی
کنگرہ۔سب سے اونچی چیز۔
ذَرّہ ۔ع۔ چھوٹی چونٹی اور وہ باریک ذرّے
جو نور آفتاب مین سوراخ سے نکلتے ہوے
معلوم ہوتے ہین۔اور وہ مقدار جو ایک جو
کے سو حصّون مین سے ایک حصّہ ہو۔
ذُرّہ ۔ع۔ چینا۔جوار۔اور یہ دونون غلّے
مشہور ہین۔
ذُرِّیَّت ۔ع۔ اولاد۔نسل۔
ذَرِیعَہ ۔ع۔ وسیلہ۔واسطہ۔دست آویز
اور اصل مین ذریعہ اُس اونٹنی کو کہتے ہین
جسکی آڑ مین چھپ کر صیاد شکار کھیلے۔

فصل ذال مع فا

ذَفَر ۔ع۔ تیز خوشبو۔تیز بدبو۔مگر اکثر تیز خوشبو
کے معنو مین آتا ہی۔جیسے مشک اذفر۔
اور یہ لغت اضداد سے ہی۔
ذَفِیف ۔ع۔ زود۔جلد۔سبک۔

فصل ذال مع قاف

ذَقَن ۔ع۔ زنخدان۔ٹھوڑی۔اسکی جمع
اذقان آتی ہی۔

فصل ذال مع کاف

ذُکا ۔ع۔ آفتاب۔سورج۔
ذَکا ۔ع۔ ذہانت۔عقل۔طبیعت کی
تیزی۔عقلمندی۔شعلہ کا بھڑکنا۔
ذِکر ۔ع۔ یاد کرنا زبان سے۔
ذُکر ۔ع۔ یاد کرنا دل مین۔
ذِکرِ آرّہ ۔ع۔ ایک قسم کے وظیفہ کا نام ہی
فقیرون مین جو شرکت زبان اور سینہ سے
ہوتا ہی مثل کشش آرے کے۔
ذَکَر ۔ع۔ مرد کا عضو تناسل۔اور بمعنی نر جو
ضد مادہ ہی۔اور بمعنی فولاد۔
ذُکُور ۔ع۔ جمع ذکر کی بہت سے مرد۔
ذَکوٰۃ ۔ع۔ بروزن صلوٰۃ۔گلا کاٹنا اور ذبح
کرنا جانور کا بطور شرع۔
ذَکِیّ ۔ع۔ ذہین۔تیز فہم عقلمند۔اور فارسی
مین اکثر بغیر تشدید یاے تحتانی کے
یہ لفظ آتا ہی۔

فصل ذال مع لام

ذُل ۔ع۔ خواری۔ذلت۔
ذِل ۔ع۔ نرمی۔مطیع ہونا۔
ذَلاقَت ۔ع۔ تیز زبانی۔فصاحت تیزی
صفائی تقریر کی
ذِلَّت ۔ع۔ خواری۔گناہ۔
ذَلَق ۔ع۔ تیز زبانی بے آرام ہونا۔پرند
جانور کا بیٹ کرنا۔ہر چیز کی تیزی۔
ذَلُول ۔ع۔ نرم۔مطیع۔تابعدار۔
ذَلِیق ۔ع۔ تیز زبان۔سنان تیز۔
ذَلِیل ۔ع۔ خوار۔بے عزت۔گنہگار۔نرم
آسان۔مطیع۔تابعدار۔

فصل ذال مع میم

ذَم ۔ع۔ ہجو کرنا۔بُرائی کرنا۔ہجو۔
ذِم ۔ع۔ نہایت دُبلا اور لاغر۔
ذَمائِم ۔ع۔ جمع ذمیمہ کی۔بُرائیان بدیان
شرارتین۔بد چیزین۔
ذِمّت ۔ع۔ عہد۔پیمان۔عہدہ ضمانت
ذِمّہ ۔ع۔ عہد۔امان۔زنہار۔پناہ۔
ضمانت۔اور اہل ذمہ وہ لوگ جو اہل کتاب
مثل یہود و نصاریٰ کے ہون اور قول اور
عہد کرکے ملک اسلام مین ہین یعنی یہ کہ اپنے
فرائض مذہبی کو پوشیدہ طور سے ادا کرینگے
اور مطیع اسلام رہینگے وغیرہ وغیرہ۔
ذِمّی ۔ع۔ اہل کتاب جنکو مسلمانونکے
ملک مین پناہ دی گئی ہو یعنی کافر جزیہ
دینے والے مطیع اسلام۔
ذَمِیم ۔ع۔ }
ذَمِیمہ ۔ع۔ } بد اور خراب چیز۔زشت۔

فصل ذال مع نون

ذَنَب ۔ع۔ دُم۔ پونچھ۔ نام ایک ستارہ آسمان کا جسکو ذَنَبُ الفرس کہتے ہین اور نام ایک شکل کا آسمان پر جسکے ایک طرف کو راس اور دوسرے کو ذنب کہتے ہین۔

ذَنْب ۔ع۔ گناہ۔

ذُنُوب ۔ع۔ جمع ذنب بمعنی گناہ کی۔

ذَنُوب ۔ع۔ پانی کا بھرا ہوا ڈول مطلق ڈول۔ گھوڑا لمبی دُم والا۔

فصل ذال مع واو

ذُو ۔ع۔ خداوند۔ صاحب۔ جیسے لفظ ذوالفضل بمعنی صاحب فضل۔

ذَوات ۔ع۔ جمع ہی ذات کی۔

ذُوَابہ ۔ع۔ سر کے آگے کے بال۔ گیسو۔

ذَوائب ۔ع۔ جمع ذُوابہ بمعنی گیسو کی۔

ذَوب ۔ع۔ پگھلنا۔ سخت ہونا آفتاب کی گرمی یعنی دھوپ کا۔

ذَوَبان ۔ع۔ گلنا۔ پگھلنا۔ بیقراری۔

ذُوجَسَدَین ۔ع۔ مراد ستارۂ عطارد سے اسلیے کہ گھر اُسکا جوزا ہی اور جوزا کو دو پیکر اور ذُوجَسَدین کہتے ہین کیونکہ جوزا بصورت دو لڑکون برہنہ ملے ہوے کے ہی۔

ذُوذُوابہ ۔ع۔ } ایک ستارہ منحوس کا نام ہی جو کبھی کبھی شکل جھاڑو کے نکلتا ہی۔
ذوذُنابہ ۔ع۔

ذُوفُنون ۔ع۔ وہ شخص جو کئی فن جانتا ہو اور جسکو کئی طرح کے علم آتے ہین۔

ذَوق ۔ع۔ مزہ چکھنا۔ چکھنا۔ چاشنی۔ فارسی مین معنی لذت و مزہ و نشاط و خوشی کے مستعمل ہی۔

ذُوالالباب ۔ع۔ صاحب مغز۔ صاحب عقل تیز فہم۔ عقلمند۔

ذُوالجلال ۔ع۔ صاحب شوکت۔ صاحب عزت۔ دبدبہ والا۔ مراد خدا سے۔

ذُوالحِجّہ ۔ع۔ بارھوان مہینہ قمری۔

ذوالخمار ۔ع۔ نام ایک بہت بڑے ساحر اور کاہن کا جو اپنے مُنھ پر نقاب ڈالے رہتا تھا۔

ذُوالفقار ۔ع۔ نام حضرت علی علیہ السلام کی تلوار کا۔ فقار بمعنی ریڑھ کی ہڈی کی گُریان چونکہ اس تلوار کی پیٹھ برابر نہ تھی بلکہ اونچی نیچی تھی اس سبب سے ذوالفقار نام رکھا گیا فا کے کسرہ سے غلط ہی۔

ذوالقعدہ ۔ع۔ گیارھوان مہینہ قمری۔

ذوالقربی ۔ع۔ رشتہ دار لوگ۔

ذُوالقرنین ۔ع۔ لقب ہی سکندر کا اسلیے کہ وہ دو گیسو رکھتا تھا اور قرن گیسو کو کہتے ہین۔ یا یہ کہ وہ دنیا کی دونون سمتون یعنی مشرق و مغرب تک پہونچا تھا۔ یا یہ کہ وہ کریم الطرفین تھا مان اور باپ دونون کی طرف سے۔ یا یہ کہ وہ نور اور ظلمت دونون مین داخل ہوا تھا۔ اصلی معنی اس لفظ کے۔ صاحب دو قرن کا۔ بعض محقق کہتے ہین کہ یہ ذوالقرنین جسکا ذکر قرآن شریف مین ہی یہ دوسرا بادشاہ ہی سواے سکندر رومی پسر فیلقوس کے اسلیے کہ ان دونون مین تفاوت زمانہ بہت ہی۔

ذُوالنُّون ۔ع۔ لقب ہی یونس علیہ السلام کا اسلیے کہ یہ سات روز مچھلی کے پیٹ مین رہے تھے آپکا قصہ بڑا ہی۔ نون بمعنی مچھلی ہی۔

ذُوالنُّون مصری ۔ع۔ ایک فقیر کامل کا لقب ہی اسلیے کہ یہ ایک روز کشتی پر سوار تھے کسی کا موتی کھو گیا لوگون نے آپ پر چوری کا گمان کیا آپکی دعا سے مچھلیان پانی پر اُبھر آئین اور ہر ایک کے مُنھ مین ایک موتی تھا آپنے اُس شخص کا موتی پہچنوا کر اُسکو دیدیا۔

ذوالمِنَن ۔ع۔ صاحب احسانون کا یعنی خداے تعالی۔ مِنَن جمع مِنَّت بمعنی احسان کی۔

ذُونَاب ۔ع۔ کنایہ ہی جانور درندہ سے مثل شیر اور بھیڑیے وغیرہ کے اسلیے کہ ناب دندان نیش یعنی کچلی کو کہتے ہین۔

فصل ذال مع ہاے ہوز

ذَہاب ۔ع۔ مصدر ہی بمعنی جانا اور گذرنا اور چھوڑنا۔ ذہاب و ایاب۔ معنی اسکے جانا اور واپس آنا۔

ذَہَب ۔ع۔ سونا۔ زر۔

ذَہْلت ۔ع۔ بمعنی غفلت ۔

ذِہن ۔ع۔ فہمیدگی۔ زیرکی۔ عقل۔

ذِہن ۔ف۔ باطن۔ تہ۔

ذِہن دریا ۔ف۔ بھنور۔ دریا کی تہ۔

ذُہُول ۔ع۔ } غفلت۔ فراموشی۔
ذُہولت ۔ع۔

ذہین ۔ع۔ وہ شخص جسکا ذہن تیز ہو عقلمند حرف اول کے کسرہ سے غلط ہی۔

فصل ذال مع یاے تحتانی

ذِی ۔ع۔ خداوند۔ صاحب۔

ذِیاب ۔ع۔ جمع ذِیب بمعنی بھیڑیے کی۔

ذِیب ۔ع۔ گرگ۔ بھیڑیا۔ اور بجاے یاے تحتانی کے ہمزہ بھی آیا ہی۔

ذِی بال ۔ع۔ صاحب شان۔ صاحب عزت اور بمعنی صاحب باز و غلط ہی اسلیے کہ بال بمعنی باز و فارسی ہی پس اسکی ترکیب لفظ ذی کے ساتھ خلاف محاورہ ہی۔

ذِی سَلَم ۔ع۔ نام ایک مقام کا۔ اور سَلَم ایک درخت ہی خاردار۔

ذَیل ۔ع۔ دامن۔

ذِی الحِجَّہ ۔ع۔ بارھوان مہینہ قمری۔

ذِی القعدہ ۔ع۔ گیارھوان مہینہ قمری اصلی معنی اسکے صاحب بیٹھنے کا چونکہ اس مہینہ مین جنگ حرام تھی پس گویا عرب کے لوگ لڑائی اور جنگ سے اس مہینہ مین بیٹھ رہتے تھے یعنی باز رہتے تھے۔

باب راے مہملہ

فصل را مع الف

را ۔ف۔ یہ حرف علامت مفعول کی ہی اور کبھی بمعنی براے آتا ہی جیسے خدارا یعنے براے خدا۔ اور کبھی بدلہ اضافت کے آتا ہی جیسے ع کمان را نشد ناوک اندر حریر یعنی ناوک آن کمان۔ اور کبھی را سببیہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہی جیسے قضارا یعنی بسبب قضا۔ اور کبھی زائد ہوتا ہی جیسے ٥ گرچہ تن من زپی سوز رہست + رحمت تو از پے این وزہست

رابِح ۔ع۔ سود دینے والا۔ نفع بخشنے والا فائدہ دینے والا۔

رابِض ۔ع۔ بمعنی قلعہ دار۔

رابِط ۔ع۔ ربط دینے والا۔ ملانیوالا۔

رابِطہ ۔ع۔ لگاؤ۔ علاقہ۔

رابِع ۔ع۔ چوتھا۔

رابِعہ ۔ع۔ چوتھی چیز مونث۔ اور نام ایک پارسا عورت کا ہی جو بصرہ مین رہتی تھین اور یہ اپنے باپ کی چوتھی لڑکی تھین اسلیے رابعہ انکا نام ہو گیا تھا۔

رابِیہ ۔ع۔ بمعنی زمین بلند۔

راتِبہ ۔ع۔ ہر روز کا معمول۔ اور وہ خوراک جو روزانہ مقرر ہو۔

راتِع ۔ع۔ چرنیوالا۔

راتِق ۔ع۔ باندھنے والا۔

راجِح ۔ع۔ افزون۔ غالب۔ فائق۔ بہتر اور وہ پلہ ترازو کا جو بوجھ کے سبب سے نیچا رہے۔ اور مرجوح اونچا پلہ۔

راجِع ۔ع۔ رجوع کرنیوالا۔ واپس ہونیوالا۔

راجِل ۔ع۔ پیادہ۔ پیدل چلنے والا۔

راجی ۔ع۔ اُمیدوار۔

راح ۔ع۔ شراب۔ شاد ہونا۔ خوشی۔ اور جمع راحت بمعنی ہتھیلی ہاتھ کی۔ اور بمعنی راہ اور قرار پکڑنے کے بھی آیا ہی۔

راحت ۔ع۔ آرام۔ آرایش اور ہاتھ کی ہتھیلی۔

راح رُوح ۔ع۔ نام ایک لحن کا باربدی کے تیس لحنو نمین سے۔ آرام۔ دل۔

راح ریحانی ۔ع۔ ایک قسم کی شراب ہی جو پھولونسے بنائی جاتی ہی۔

راحِل ۔ع۔ کوچ کرنیوالا۔

راحِلہ ۔ع۔ سواریکا جانور خواہ اُسپر سوار ہون خواہ بوجھ لادین۔ اونٹ گھوڑا وغیرہ خواہ نر ہو خواہ مادہ۔ اور تاے فوقانی اسمین واسطے مبالغہ کے ہی۔

راد ۔ف۔ سخی۔ بہادر۔

رادّ ۔ع۔ رد کرنیوالا۔

رَادِع - ع - ہٹا دینے والا - رُوکنے والا -

رَادِفَہ - ع - پیچھے آنیوالی - پھُونکنا صور کا دوسری دفعہ - اور یہ بروز قیامت ہوگا

رَادِی - ف - سخاوت - جوانمردی حکمت شجاعت - عقلمندی -

رَاز - ف - بھید - پوشیدہ بات -

رَاز دان - ف - بھید کا جاننے والا -

رَازِ زمین - ف - مُراد سبزہ اور پھُولونسے

رَازِق - ع - رزق دینے والا -

رَازِی - ع - منسوب طرف رَے کے جو ایک شہر ہے - اسمین زاے نقطہ دار زیادہ کی گئی ہے -

رَازِیانج - مب - بادیان - سونف -

رَازِیانہ - ف - سونف -

رَاس - ع - سر بلندی کسی چیز کی -

رَاسِب - ع - تہ نشین - نیچے بیٹھ جانیوالا -

راست مزہ - ف - شیرین مزہ -

رَاسُ المَال - ع - سرمایہ تجارت کا -

راست - ف - درست - سچ - ٹھیک دہنا ہاتھ - نام ایک مقام کا بارہ مقامات موسیقی سے -

راستہ - ف - صف بازار کی دکانونکی -

راستباز - ف - سچا -

راستی - ف - درستی - سچائی -

راسخ - ع - اُستوار - مضبوط -

رَاسُو - ف - نیولا - ایک جانور مشہور ہے جو سانپ کا دشمن ہے -

رَاس وذَنب - ع - ایک شکل ہے آسمانپر بصورت اژدہے کے - اسکو تنین فلک بھی کہتے ہین - اِسکے ایک طرف کو راس اور دوسرے کو ذنب بولتے ہین -

رَاسِیَہ - ع - اُستوار - مضبوط -

رَاسِیات - ع - جمع راسیہ کی -

رَاش - ف - تودہ اور انبار غلہ کا -

رَاشِد - ع - ہدایت یافتہ - راہ راست پانیوالا -

رَاشِی - ع - رشوت دینے والا اور رشوت لینے والے کو مُرتشی کہتے ہین -

رَاصِد - ع - مراد نجومی سے - منجم -

رَاضِی - ع - خوش - شاد -

رَاعِی - ع - نگہبان - حاکم - والی - چرواہا -

رَاغ - ع - جنگل - پہاڑ کا دامن - سبزہ زار -

رَاغِب - ع - رغبت کرنیوالا -

رَافَت - ع - مہربانی -

رَافِضِی - ع - منسوب طرف رافضہ کے -

رَافِضَہ - ع - اُس گروہ کو کہتے ہین جو اپنے سردار کو چھوڑدے -

رَافِع - ع - بلند کرنیوالا - اُٹھانیوالا - کلمہ کو حرکت پیش کی دینے والا - دادخواہ اپنا قصہ آگے حاکم کے لیجانیوالا -

رَاقِف - ع - چمکنے والا -

رَاقِب - ع - منتظر - انتظار کرنیوالا -

رَاقِم - ع - لکھنے والا -

رَاقِع - ع - کپڑے پر پیوند سینے والا -

رَاقِی - ع - منترباز - جادوگر - اور وہ شخص جو مریض پر دُعا دم کرے - افسون پڑھنے والا - اور بمعنی اوپر چڑھنے والے کے بھی آیا ہے -

رَاقِص - ع - ناچنے والا - اور نام ایک ستارہ کا ہے آسمانپر جو تنین یعنی اژدہاے فلک کے مُنھ مین ہے -

رَاکِب - ع - سوار -

رَاکِد - ع - بندھا پانی جو جاری نہو -

رَاکِع - ع - جھکنے والا خدا کے سامنے رکوع کرنے والا - گھٹنون پر ہاتھ رکھ کے بطور حکم شرع جھکنے والا -

رَام - ف - تابعدار - فرمانبردار - ہلا ملا -

رَامِح - ع - نیزہ دار - نیزہ مارنیوالا -

رَامِش - ف - نغمہ - سرود - راگ -

رَامِشگر - ف - / رَامِشی - ف - } مُطرب - گویّا -

رَامِی - ع - تیرانداز - سنگ انداز یعنے پتھر مارنیوالا - تہمت لگانیوالا -

رَاندن - ف - ہانکنا - چلانا -

رَانین - ف - ازار - پاجامہ

راوند۔ ع۔ نام ایک دوائے مسہل کا۔ ریوند
اسی کا امالہ ہی۔
راوِغ۔ ع۔ فریبی۔ مکّار۔ دغاباز۔
راوق۔ ع۔ شراب کی صافی۔ مگر فارسی کے
استعمال مین مجازاً بمعنی شراب صاف ہی۔
راوِی۔ ع۔ روایت کرنیوالا۔ کہانی
کہنے والا۔ سیراب ہونیوالا۔
راوِیَہ۔ ع۔ وہ اونٹ جسپر پانیکی بھری ہوئی
پکھال ہو۔ پانیکی مشک۔
راہ۔ ف۔ رستہ۔ راہ۔ پردۂ سرود۔ انتظار
ہوش اور بمعنی مرتبہ جیسے صدرہ بمعنی سوبار
رہ اسکا مخفف ہی۔
راہب۔ ع۔ زاہد گوشہ نشین۔ ترسا۔ نصاریٰ کا
پادری۔ دنیا کا ترک کرنیوالا۔
راہ برداشتن۔ ف۔ سفر کرنیوالا۔
راہ بخت۔ ف۔ عیش زندگی کی راہ۔
راہبر۔ ف۔ راہ بتانیوالا۔
راہِ بریدہ۔ ف۔ وہ راہ جو ڈاکو وغیرہ کے
سبب سے بند ہوگئی ہو۔
راہ بریدن۔ ف۔ کنایہ سفر کرنا۔
راہ پیش گذاشتن۔ ف۔ رہنمائی کرنا۔
راہ دادن۔ ف۔ اجازت دینا۔ منظور کرنا۔
راہدار۔ ف۔ نگاہبان راہ کا۔ چوکیدار
سڑک کا۔ اور چور کو بھی کہتے ہین۔
راہداری۔ ف۔ چوکیداری راہ یا سڑک کی

راہِ رُخصت۔ ف۔ راہِ درست۔
راہِ عدم کوب شدن۔ ف۔ مرجانا۔
راہِ کوہ رفتن۔ ف۔ مجازاً اغلام کرنا۔
راہن۔ ع۔ گرو رکھنے والا کسی چیز کا۔
راہنما۔ ف۔ راہ دکھلانیوالا۔
راہوار۔ ف۔ رفتار گھوڑے کی۔ اور
گھوڑے کو بھی بولتے ہین۔
راہی۔ ف۔ مسافر راہ چلنے والا۔
رائے۔ ف۔ عقل۔ تجویز۔ خیال۔ دانائی۔
رایات۔ ع۔ جمع رایت کی۔
رایت۔ ع۔ نیزہ۔ علم لشکر کا۔
رائج۔ ع۔ جاری۔ جو شئی پھیلی ہوئی ہو۔
رائحہ۔ ع۔ مطلق بو۔ مگر بمعنی بوے خوش یعنی
خوشبو کے مستعمل ہی۔
رائے زن۔ ف۔ عاقل۔ دانا۔ عقلمند۔
رائش۔ ع۔ رشوت دینے والے اور لینے والے
کے درمیانین جو دلالی کرے۔
رائض۔ ع۔ مُراد چابک سوارے۔
رائق۔ ع۔ پانی جاری اور صاف
شفاف اور لطیف شی۔
رائگان۔ ف۔ مُفت۔ بے عوض۔ ضائع
رائگان خوار۔ ف۔ مُفت کا کھانیوالا۔
رائی العین۔ ف۔ دیکھنا آنکھ سے۔

فصل را مع بائے موحدہ

رَبّ۔ ع۔ خداوند۔ پروردگار۔ پالنے والا۔
یعنی خدائے تعالیٰ جل شانہ۔
رُب۔ ع۔ انگور اور انار اور سیب وغیرہ کا
پانی نچوڑا اور آگ پر پکایا ہوا۔
رُبَّ۔ ع۔ بمعنی تھوڑا۔ اور بمعنی بہت
رُبا۔ ف۔ لیجانیوالا۔
رِبا۔ ع۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ سُود۔
رَباب۔ ع۔ نام ایک باجہ کا جو مشہور ہی۔
ابر سفید۔ نام ایک خوبصورت عورت کا جسپر
ایک شخص رعد نامے عاشق تھا۔ نام ایک
موضع کا مکہ مین۔ نام ایک پہاڑ کا مدینہ مین
رَباح۔ ع۔ سُود۔ اور نام آنحضرت صلعم کے
غلام کا۔ نام ایک قلعہ کا اُندلس مین۔
رُباط۔ ع۔ سرائے۔ مسافرخانہ۔
رِباط۔ ع۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز کو
خوب کسکے مضبوط باندھین۔
رَباعی۔ ع۔ اونٹ سات برس کا۔ گھوڑا
اور بیل اور بکرا چار برس کا۔
رُباعی۔ ع۔ وہ چار مصرعے جنکا پہلا اور
دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہو۔ اور
رباعی بحر ہزج اخرب و اخرم مثمن سے
ہوتی ہی خاص وزن اُس کا یہ ہی۔
لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ۔ اور جو بحر ہزج
مذکور سے نہو اُس کو قطعہ کہینگے۔
رَبّانی۔ ع۔ منسوب طرف رب کے۔
رُبائیدن۔ ف۔ اُچک کر لیجانا۔

رَبح - ع - نفع - سود - فائدہ جو تجارت مین ہوتا ہی -

رَبَض - ع - دیوار شہر پناہ کی - گرداگرد قلعہ کا اہل خانہ مثل جورو اور مان اور بہن وغیرہ کے -

رَبط - ع - لگاؤ - علاقہ -

رُبع - ع - چوتھا حصہ کسی چیز کا (۱/۴)

رِبع - ع - وہ تپ جو دو روز درمیان دیکر آوے -

رَبع - ع - مکان سرا - محلہ - منزل -

رَبع شدّاد - ع - مراد باغ ارم سے -

رُبع مسکون - ع - چوتھائی حصہ زمین کا جو آباد ہی -

رِبقہ - ع - حلقہ رسّی کا -

رَبّنا - ع - اى پروردگار ہمارے -

ربّ النّوع - ع - وہ فرشتہ جو حق تعالیٰ کی جانب سے واسطے پرورش اور حفاظت ہر نوع کے انواع نباتات اور حیوانات اور جمادات سے مقرر ہی پس واسطے پرورش ہر نوع کے ایک فرشتہ علحدہ ہی -

رُبوبیّت - ع - پروردگاری - خدائی -

رُبودن - ف - اُچک لینا - جلدی سے بزور کسی سے کسی چیز کا لے بھاگنا -

رَبوہ - ع - تودہ - اونچی زمین ٹیلا اور مراد زمین بیت المقدس سے اسلیے کہ یہ زمین سب زمینوں سے زیادہ بلند ہی -

رَبیب - ع - وہ لڑکا جو عورت اپنے پہلے شوہر کے نطفہ سے لیکر دوسرے شوہر کے گھر مین آوے پس اس دوسرے شوہر کا وہ لڑکا ربیب کہلائیگا -

رَبیبہ - ع - وہ لڑکی جو پہلے خاوند کی ہو اور اُسکی ماں اپنے ساتھ دوسرے شوہر کے گھر مین لے آوے - شوہر ثانی کی یہ ربیبہ ہی -

رَبیع - ع - موسم بہار اور یہ ہند مین چیت بیساکھ اور دوسری ولایتون مین بیساکھ جیٹھ ہی - اور نام ایک مرد سخی کا جس کو ربیع بن فصل کہتے ہین -

رَبیعُ الاوّل - ع - تیسرا مہینہ قمری -

رَبیعُ الآخر - ع - چوتھا مہینہ قمری -

فصل را مع تاے فوقانی

رِتاج - ع - بڑا پھاٹک جسمین چھوٹی کھڑکی آمد و رفت کیلیے لگی ہوتی ہی -

رَتَب - ع - وہ کشادگی جو کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان مین ہوتی ہی -

رُتبہ - ع - درجہ - مرتبہ -

رَتق - ع - باندھنا -

رَتق و فَتق - ع - اول لفظ کے معنی باندھنا دوسرے کے معنی کھولنا -

رَتَم - ع - وہ ڈورا جو واسطے کسی یادداشت کے انگلی مین باندھ لیتے ہین - فارسی مین لفظ یاد آور اسی معنی مین ہی -

فصل را مع ثاے مثلثہ

رَثّ - ع - کہنہ - پرانا - بدحالی -

رِثاث - ع - جمع رثّ کی -

رَثیث - ع - تاج کا گوشوارہ -

فصل را مع جیم

رَجاء - ع - اُمید - بھروسا - اُمید رکھنا اور بمعنی ترسیدن یعنی ڈرنے کے بھی آیا ہی -

رَجا - ع - بغیر ہمزہ کے بمعنی جانب اور کنارہ کسی چیز کا جیسے کنارہ آسمان کا - کنوین کا کنارہ

رِجال - ع - جمع رجل بمعنی مرد کی -

رَجَب - ع - ساتوان مہینہ مسلمانون کا -

رُجحان - ع - جھک جانا ترازو کے ایک پلہ کا اور زیادہ ہونا - اور بمعنی زیادتی اور فوقیت کے بھی مستعمل ہی -

رَجَز - ع - نام ایک بحر کا اُنیس بحرون شعر سے وزن اسکا چھ مرتبہ مستفعلن ہی اور آٹھ بار بھی آتا ہی - اور وہ اشعار جو عرب لوگ معرکون اور لڑائیون مین بہ مضامین فخر اور مردانگی اور اپنی قوم کی شرافت اور بزرگی کے اظہار کے لیے پڑھتے ہین -

رِجز - ع - پلیدی - عذاب - شرک -

رِجس - ع - پلیدی - عذاب - گناہ -

رَجع - ع - لوٹنا - پھرنا - واپس ہونا -

رَجعت - ع - بازگشت اور بازگشت یعنی

رجوع شوہر کی طرف زوجہ طلاق دی ہوئی کے مدت عدہ کے اندر۔

رَجْعَتُہ اَلْقَھْقَرِی ۔ع۔ اپنی ایڑی کیطرف چلنا یعنے اُلٹے پانوٗن چلنا۔

رَجْف ۔ع۔ زلزلہ۔ سخت ہلنا زمین کا۔

رَجْفَہ ۔ع۔ زمین وغیرہ کی سخت جنبش اور لرزہ۔

رِجْل ۔ع۔ پا۔ پانوٗن۔

رَجْل ۔ع۔ پیادہ ہونا۔

رَجُل ۔ع۔ مرد جو حد بلوغ کو پہونچگیا ہو۔

رَجِل ۔ع۔ سر کے بال لمبے اور لٹکے ہوے جنمین گھونگھر نہو۔

رَجْلَہ ۔ع۔ خرفہ کا ساگ۔

رَجْم ۔ع۔ پتّھر مارنا۔ سنگسار کرنا۔ نفرین کرنا اٹکل اور گمان سے بات کہنا اور کسی کو گالی دینا۔

رُجُولَت ۔ع۔ }
رُجُولِیَّت ۔ع۔ } مردی۔ مرد ہونا۔

رَجُوم ۔ع۔ پتّھر مارنیوالا۔ چلانیوالا۔

رُجُوم ۔ع۔ وہ ستارے جو مثل شعلہ کے آسمان پر دوڑتے ہوے معلوم ہوتے ہین اور جن سے شیاطین بھگائے جاتے ہین۔

رَجِیع ۔ع۔ جو چیز کہ رد کی جائے آدمی کا گوہ۔ چوپائے کا گوبر۔ بکری وغیرہ کی مینگنی۔

رَجِیم ۔ع۔ سنگسار کیا گیا۔ ہنکایا گیا۔ یہ لفظ اکثر شیطان کی صفت واقع ہوتا ہو اسلیے کہ وہ بھی آگ کے شعلہ سے جو مثل ستارہ کے آسمان پر دوڑتا ہوا معلوم ہوتا ہی ہنکایا جاتا ہی۔

فصل را۔ مع حاے مہملہ

رَحَا ۔ع۔ }
رَحیٰ ۔ع۔ } آسیا۔ چکّی۔

رِحَال ۔ع۔ جمع رَحْل کی جو بمعنی کوچ کرنے اور پالان شتر کے ہی۔

رَحَاح ۔ع۔ فراخ۔ کشادہ۔

رَحْل ۔ع۔ مسکن۔ منزل۔ اسباب۔ کوچ کرنا۔ سامان۔ اونٹ کا پالان۔ مجازاً لکڑی کے دو تختہ جو شکل مخصوص سے بنائے جاتے ہین اور جنپر قرآن شریف رکھکر تلاوت کرتے ہین۔

رِحْلَت ۔ع۔ کوچ۔ کوچ کرنا۔

رَحِم ۔ع۔ زہدان یعنی بچہ دان جسمین لڑکا اپنی ماں کے پیٹ مین رہتا ہی۔

رَحْم ۔ع۔ مہربانی کرنا۔ بخش دینا۔

رُحَمَا ۔ع۔ جمع رحیم بمعنی مہربان کی۔

رَحْمَان ۔ع۔ مشتق رحمت سے یہ صیغہ ہی صفت مشبہ کا معنی اسکے بخشنے والا اور اطلاق اس لفظ کا سوائے ذات باری تعالیٰ کے کسی اور پر جائز نہین ہی۔

رَحْمَت ۔ع۔ بخشش۔ مہربانی۔

رَحِیض ۔ع۔ دھوئی ہوئی اور صاف کی ہوئی چیز خواہ کپڑا ہو خواہ ہاتھ وغیرہ۔

رَحِیق ۔ع۔ شراب خالص اور صاف۔

رَحِیل ۔ع۔ کوچ۔

رَحِیم ۔ع۔ مہربانی کرنیوالا۔

فصل را۔ مع خاے معجمہ

رُخ ۔ف۔ چہرہ۔ مُنھ۔

رُخ ۔ع۔ نام ایک بڑے زبردست مُرغ کا جو ہاتھی اور گینڈہ تک کو اُٹھا لیجاتا ہی اور نام ایک مُہرۂ شطرنج کا۔

رَخَا ۔ع۔ نرمی۔ سستی۔ فراخی عیش کی۔

رَخَاوَت ۔ع۔ سستی۔ ڈھیلا پن۔

رُخَام ۔ع۔ پتھر سفید اور نرم اور بعضے کہتے ہین سنگ مرمر۔

رَخْت ۔ع۔ اسباب۔ سامان۔ جامہ۔ لباس۔ اور کبھی مراد ہوش و عقل سے۔

رَخْت اَفگَندن ۔ف۔ مقیم ہونا۔ کسی جگہ بود و باش اختیار کرنا۔

رَخْت بُردن ۔ف۔ سفر کرنا۔

رَخْت بَستن ۔ف۔ کوچ کرنا۔

رَخْت کَش ۔ف۔ مسافر۔

رُخْسار ۔ف۔ گال۔ کلّہ۔

رَخْش ۔ف۔ وہ گھوڑا جسکا رنگ سفید اور سُرخ ملا ہوا ہو اور بعضے کہتے ہین کہ یہ رنگ درمیان سیاہ اور بھورے کے ہوتا ہی رُستم کے گھوڑے کو ایسا ہی رنگ ہونیکی

وجہ سے رخش کہتے تھے۔ اور مجازاً ہر گھوڑے
کو رخش کہتے ہین۔
رَخشان ۔ف۔ چمکتا ہوا۔ روشن۔
رَخشا ۔ف۔ مخفف رخشان کا۔
رَخشِ بیجادہ نعل ۔ف۔ گلاب کا درخت
رَخشِ عنان تاب ۔ف۔ گھوڑا نہایت
چالاک جو محتاج چابک ارنیکا نہو۔
رَخشیدن ۔ف۔ چمکنا۔
رَخص ۔ع۔ نرم۔ نازک۔
رُخص ۔ع۔ ارزانی۔ سستا ہونا۔
رُخصت ۔ع۔ ارزانی۔ اجازت۔ چھٹی۔
رُخ کسے بُردن ۔ف۔ کنایہ ہے کسی شخص
کی آبروریزی اور بےعزتی کرنے سے۔
رَخَم ۔ع۔ گاڑھا دودھ۔ مہربانی۔ نرمی۔
دوستی۔ نام ایک مقام کا درمیان شام اور
نجد کے۔ نام ایک پہاڑ کے درہ کا شہر مکہ معظمہ
مین۔ نام ایک پرندہ مردار خوار کا جس کو
ہندی مین گِدھ کہتے ہین۔
رُخنہ ۔ف۔ سوراخ دیوار کا۔ مطلق سوراخ
اور کنایہ عیب اور فساد سے۔
رِخو ۔ع۔ نرمی۔ سست ہونا۔
رِخوہ ۔ع۔ نرمی سستی۔ نام ایک درد کا
جو عضو کو سست کردیتا ہے۔
رَخیدن ۔ف۔ ہانپنا۔ سانس کا پھولنا۔
اور جلد جلد آنا بوجہ دوڑنے وغیرہ کے۔

رَخیص ۔ع۔ ارزان۔ سستا۔ جامۂ نازک۔
رَخیم ۔ع۔ سخن نرم اور سلیس۔ آدمی ضعیف
اور نرم آواز کنایہ مرد زنانہ سے۔

فصل را۔ مع دال مہملہ

رَدّ ۔ع۔ پھیر دینا۔ پھیر لینا۔ واپس لانا۔
نہ ماننا۔ اور بمعنی رَدَہٗ دیوار۔
رِدا ۔ع۔ اوڑھنے کی چادر۔
رِدا پوش ۔ف۔ کنایہ زاہد اور فقیر سے
رَداءت ۔ع۔ زبون ہونا۔ فاسد ہونا۔
تباہ ہونا۔ ردّی ہونا۔
رِدف ۔ع۔ سُرین یعنی چوتڑ۔ کسی کے پیچھے
پیچھے آنا۔ سوار کے پیچھے ایک گھوڑے پر بیٹھنا
رد کردن ۔ف۔ قے کرنا۔
رد و بدل ۔ف۔ باتین ٹیڑھی۔ اور خراب جو
بحث اور لڑائی کے وقت زبان پر آتی ہین
جسکو ہندی مین تو تو مین مین کہتے ہین۔
رَدَہ ۔ف۔ صف۔ قطار۔
رَدِی ۔ع۔ بگڑا ہوا۔ ناقص۔ زبون۔
رَدِیف ۔ع۔ وہ شخص جو ایک گھوڑے
پر کسی سوار کے پیچھے سوار ہو۔ اور وہ لفظ
جو کرر مصرعونکے آخر مین آوے۔
ردیف سرطان ۔ع۔ کنایہ برج اسد سے

فصل را۔ مع ذال معجمہ

رَذالت ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔
رَذالہ ۔ع۔ نالائق۔ کمینہ۔ اور ان معنون
مین زاے ہوز سے غلط مشہور ہے۔
رَذایا ۔ع۔ جمع رَذیہ کی۔ وہ اونٹنیان جو
چلتے چلتے راہ مین تھک گئی ہون۔
رَذائل ۔ع۔ جمع رذیلت کی۔ نالائقیان
کمینہ پن کی باتین۔
رَذیل ۔ع۔ نالائق۔ کمینہ۔
رَذیلت ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔
رَذیلہ ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔ عورت
نالائق اور کمینہ۔

فصل را۔ مع زاے معجمہ

رَز ۔ف۔ درخت انگور کا۔ انگور۔ اور امر ہے
رزیدن کا جسکے معنی رنگنے کے ہین۔
رَزّاق ۔ع۔ بڑا رزق دینے والا۔ مراد
ہے خداے تعالی سے۔
رَزانت ۔ع۔ آہستگی۔ استواری اور
گرانباری یعنی بھاری بھرکم ہونا۔ مضبوطی۔
رَزایا ۔ع۔ مصیبتین۔ جمع ہے رزیہ کی۔
رِزق ۔ع۔ خوراک۔ کھانا۔ روزی۔
رَزم ۔ف۔ جنگ۔ لڑائی۔
رزمگاہ ۔ف۔ لڑائی کا میدان اور
جنگ کا مقام۔
رزمہ ۔ف۔ کپڑونکی بڑی گٹھری۔
رَزین ۔ع۔ آہستہ۔ آرام کیا ہوا۔ گرانمایہ۔
بھاری بھرکم۔ اور فارسی مین بمعنی اُستوار
اور مضبوط کے مستعمل ہے۔

رَزیدن۔ ف۔ رنگنا۔
رَژدہ۔ ف۔ لالچی بہت کھانیوالا۔

فصل را۔ مع سین مہملہ

رَس۔ ف۔ پہونچ۔ پہونچنے والا۔
رَسا۔ ف۔ پہونچنے والا۔
رِسالت۔ ع۔ پیام پہونچانا۔ پیامبری۔
رِسالہ۔ ع۔ چھوٹی کتاب۔ نامہ۔
رَسّام۔ ع۔ نقاش مُصَوِّر۔ اور نام ایک لوہار کا جسنے سکندر کے واسطے نہایت تدبیر سے لوہے کا آئینہ بنایا تھا۔
رَسان۔ ف۔ پہونچانے۔ پہونچنے والا۔
رَساندن۔ ف۔ پہونچانا۔
رَسائی۔ ف۔ پہونچ۔
رَسائل۔ ع۔ جمع ہی رسالہ کی۔ بہت سے مکتوب۔ بہت سے نامے۔
رَست۔ ف۔ رَستن سے بمعنی رہا ہوا۔
رِست۔ ف۔ رِیسیدن سے بمعنی کاتا۔
رُست۔ ف۔ اُگا۔ درخت کا اُگنا۔
رُستاخیز۔ ف۔ } قیامت۔
رُستخیز۔ ف۔ }
رَستگار۔ ف۔ خلاصی پانیوالا۔
رُستم۔ ف۔ نام ایک مشہور پہلوان کا۔
رُستمِ برف۔ ف۔ برف سے صورت پہلوان کی بناتے ہین نہایت خوفناک۔
رُستمِ یکدست۔ ف۔ نام ایک پہلوان کا ہی سوائے رستم زال کے اور یہ ماں کے پیٹ سے ایک ہاتھ کا پیدا ہوا تھا۔
رَستن۔ ف۔ چھوٹنا۔
رُستن۔ ف۔ اُگنا۔
رُستنی۔ ف۔ گھاس پات درخت وغیرہ جو زمین سے اُگے۔
رَستہ۔ ف۔ صف۔ قطار بازار کی دُکانین جو دور تک برابر برابر ہون۔ مجازاً بمعنی راہ و بازار اور بمعنی آزاد اور رہائی پائے ہوے کے۔
رُستہ۔ ف۔ اُگی ہوئی چیز۔ اور بمعنی محکم اور مضبوط کے بھی آیا ہی۔
رِستہ۔ ف۔ صیغہ اسم مفعول کا ہی رِیسیدن سے جسکے معنی کاتنا ہین۔
رُستی۔ ف۔ راحت۔ فراغت۔ نعمت۔ رزق۔ روزی۔
رَسَد۔ ف۔ حصہ۔ غلہ کا قافلہ۔
رُسغ۔ ع۔ پہونچا ہاتھ کا۔ کلائی۔
رُسغہ۔ ع۔ ہاتھ کی کلائی کا جوڑ۔ پانوںکے گٹے کا جوڑ۔
رُسُل۔ ع۔ جمع ہی رسول بمعنی قاصد کی۔
رَسم۔ ع۔ قاعدہ۔ قانون۔ دنیا کی ریت مجازاً بمعنی وظیفہ و مشاہرہ۔
رَسمِ آباد۔ ف۔ سکندرنامہ مین مراد طریق حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔
رَسمُ الخط۔ ع۔ لکھنے کا قاعدہ۔
رَسمی۔ ف۔ ریت والی چیز۔ دستور کی بات چاکر۔ خراج گذار۔
رَسمی گاؤ۔ ف۔ وہ بیل جو کھیتی کے کام مین آوے۔
رَسمیات۔ ع۔ جمع ہی رسمی کی۔ ریت والی چیزین۔ دستور کی باتین۔
رَسَن۔ ف۔ رسی۔
رَسَنِ آفتاب۔ ف۔ کنایہ خطوط شعاعی سے۔
رَسَن باز۔ ف۔ بازیگر۔ نٹ۔
رَسَن در گردنِ آفتاب کردن۔ ف۔ مراد زلف گرداگرد چہرۂ معشوق سے۔
رُسوا۔ ف۔ ذلیل۔ خوار۔
رُسوائی۔ ف۔ ذلت۔ خواری۔
رُسوب۔ ع۔ وہ چیز جو پانی اور شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جائے فارسی مین اسکو دُرد اور ہندی مین تلچھٹ کہتے ہین۔
رُسوخ۔ ع۔ مضبوطی۔ محکمی۔
رَسول۔ ع۔ قاصد۔ پیغام بیجانیوالا۔ اور وہ پیغمبر جو صاحب کتاب ہو یعنے نئی کتاب لیکر خدا کی طرف سے آوے۔
رُسوم۔ ع۔ جمع ہی رسم کی۔
رَسید۔ ف۔ بمعنی رسیدن بھی آیا ہی۔
رَسیدن۔ ف۔ پہونچنا۔ میوہ کا پکنا۔

مرتبہ کمال پر پہونچنا۔
رَسِیدَہ ۔ ف ۔ بمعنی پختہ۔
رَسِیدَگی ۔ ف ۔ پہونچ ۔ جوان ہونا ۔ سن بلوغ
کو پہونچنا۔
رَسِیل ۔ ع ۔ ہمراہ ۔ قاصد ۔ پیغام کا
پہنچانیوالا۔ بھیجا گیا۔
رَسِیلَہ ۔ ع ۔ مکتوب ۔ خط ۔

فصل را ۔ مع شین معجمہ

رَش ۔ ف ۔ اٹھارھوین تاریخ ہرماہ شمسی
کی ۔ ایک قسم ریشمی کپڑے کی اور بمعنی
بازو جسکی عربی عضد ہی ۔
رَش ۔ ع ۔ ٹپکنا پانی کا ۔ آنسوؤنکا ٹپکنا
آنکھونسے ۔ مینھ کی پھوہار پڑنا ۔
رِشَا ۔ ع ۔ رسی ۔
رَشَا ۔ ع ۔ ہرن کا بچہ ۔
رَشَاد ۔ ع ۔ راہ راست پر آنا ۔ ہدایت پانا ۔
رائی جو دوا مشہور ہی ۔ ترہ تیزک جس کو
ہالون کہتے ہین ۔ حب الرشاد ۔ یعنی
تخم ترہ تیزک ۔
رَشَادَت ۔ ع ۔ ہدایت ۔ راہ راست پر رہنا ۔
نیک راہ پر چلنا ۔
رَشَاش ۔ ع ۔ } پانی یا خون جو کسی جگہ پر
رَشَاشَہ ۔ ع ۔ } ٹپکے ۔
رَشَاقَت ۔ ع ۔ خوبصورت قد ہونا ۔
رِشْتَن ۔ ف ۔ کاتنا ۔

رِشْتَہ ۔ ف ۔ دھاگا ۔ تاگا ۔ سوتان جسکو
دودھ اور شکر کے ساتھ کھاتے ہین ۔ رسی
نام بیماری کا جسمین پانو مین زخم ہوجاتا ہی
اور اُس سے سوت کے مانند تار نکلتا ہی
ہندی مین نارو کہتے ہین ۔
رِشْتَہ بانگشت بستن ۔ ف ۔ کنایہ یاد رکھنے
سے اسلیے کہ یادداشت کے واسطے
ڈورا انگلی مین باندھ لیتے ہین ۔
رِشْتَہ پیچان ۔ ف ۔ کنایہ لپٹے ہوے
سانپ سے ۔ مار پیچان ۔
رِشْتَہ دراز دادن ۔ ف ۔ مہلت اور فرصت
دینا ۔
رِشْتَہ زدن ۔ ف ۔ پیمایش کرنا ناپنا ۔
رِشْتَۂ عُمر ۔ ف ۔ سالگرہ کا ناڑا ۔
رَشْح ۔ ع ۔ ٹپکنا پانی کا کسی جگہ پر ۔
رَشْحَہ ۔ ع ۔ جسم سے پسینہ کا ٹپکنا ۔
رُشْد ۔ ع ۔ ہدایت ۔ نیک راہ پر چلنا ۔ راہ
راست پانا ۔
رَشْف ۔ ع ۔ چوسنا ۔
رَشْک ۔ ف ۔ حسد ۔ ڈاہ ۔
رَشْکِین ۔ ف ۔ حسد کرنیوالا ۔
رُشْمیز ۔ ف ۔ لکڑی کھانیوالا کیڑا عربی
مین ارضہ اور ہندی مین دیمک کہتے ہین ۔
رُشْوَت ۔ ع ۔ وہ چیز جو کسی کو دین تاکہ وہ
شخص ناحق کی کارسازی کرے ۔

رَشِید ۔ ع ۔ راہ راست دکھانیوالا ۔
اور راہ راست پانیوالا ۔ راست تدبیر ۔
ہدایت کیا ہوا ۔ ہدایت یافتہ ۔ نام خدا تعالی
کا ۔ نام خاقانی کے بیٹے کا ۔
رَشِیقہ ۔ ع ۔ نیکو قد ۔ زیبا اندام ۔ خوبصورت قد
اور خوبصورت جسم ہونا ۔

فصل را ۔ مع صاد مہملہ

رَصَاص ۔ ع ۔ قلعی ۔ رانگ ۔
رَصَانَت ۔ ع ۔ استواری ۔ مضبوطی ۔
رَصَد ۔ ع ۔ کسی سے امید رکھنا ۔ اور جمع
راصد کی بمعنی نظر کرنیوالے ۔ دیکھنے والے ۔
سر راہ مسافرونکے خبر گیران لوگ ۔ اور یہا
چوترہ جو پہاڑ کی چوٹی پر سات سو گز بلند
بناتے ہین اور نجومی لوگ اُسپر بیٹھ کے
ستارونکا احوال دریافت کرتے ہین ۔
رَصَد در کار بستن ۔ ف ۔ کام کو نہایت
خوبی سے انجام کو پہونچانا ۔
رَصَدگاہ ۔ ف ۔ جاے امید ۔

فصل را ۔ مع ضاد معجمہ

رِضَا ۔ ع ۔ خوشنودی ۔ اور اہل تصوف
کی اصطلاح مین راضی رہنا بندہ کا خدا کی
مرضی پر خواہ راحت ہو خواہ رنج ۔ اور یہ مرتبہ
رنج کا ہی اس سے کم مرتبہ صبر کا ہی
اور اس سے زیادہ مرتبہ تسلیم کا ہی
اور لقب علی ابن موسی علیہم السلام کا

رَضَاع ۔ع۔ بچہ کا دودھ پینا دو برس
کے اندر۔ شیر خوارگی۔ بکسر را بھی آیا ہی۔
رَضَاعَت ۔ع۔ بچہ کی شیر خوارگی یعنی
دودھ پینا اور مدت اُسکی دو برس تک ہی۔
رِضْوَان ۔ع۔ خوشنودی۔ رضامندی
نام فرشتہ کا جو موکل اور دربان بہشت ہی۔
رَضَوِی ۔ع۔ } منسوب طرف حضرت امام
رَضَوِیَّہ ۔ع۔ } علی موسیٰ رضا علیہ السلام کے
رَضِی ۔ع۔ پسندیدہ جس سے دوسرا خوش ہو
رَضِیع ۔ع۔ طفل شیر خوار دودھ شریک
یعنے دو بچے جنھون نے ایک دائی کا دودھ
پیا ہو وہ دونون آپس مین ایک دوسرے
کے رضیع کہلاتے ہین۔
رَضِیَّہ ۔ع۔ راضی کی گئی۔ راضی شدہ۔

فصل را مع طاے مہملہ

رَطْب ۔ع۔ وہ چیز جو اپنی رطوبت اصلی سے
تر ہو یا اپنی خاصیت اور تاثیر سے تر ہو۔
رُطَب ۔ع۔ خرما تر و تازہ۔
رَطْبُ اللِّسَان ۔ع۔ تر زبان۔ مراد
شکر گزار سے ہی۔
رَطْل ۔ع۔ آدھ سیر کا وزن۔ یا آدھ سیر کا
پیمانہ۔ وہ پیالہ شراب کا جس مین آدھ سیر
شراب سمائے اور بمعنی مطلق پیالہ شراب
کے بھی آتا ہی۔
رَطْلِ گِران ۔ف۔ بڑا پیالہ شراب کا
اور بڑا پیمانہ۔
رُطُوبَت ۔ع۔ تری۔ نمی۔
رُطُوبَتِ اَصْلِیَّہ ۔ع۔ پیدایشی تری اور
رطوبت جو اعضا مین ہوتی ہی۔

فصل را مع عین مہملہ

رِعَا ۔ع۔ ہری گھاس۔ چرائی کی شی
بیل اور بکری کا گلہ۔ چرواہے۔ حاکم لوگ
رَعَا ۔ع۔ چرنا۔ چرانا۔
رُعَات ۔ع۔ جمع راعی کی۔ چرواہے
نگہبان لوگ۔ اور مجازاً بمعنی بادشاہون
اور حاکمون کے۔
رِعَاث ۔ع۔ گوشوارہ۔ گلوبند۔
رُعَاف ۔ع۔ وہ خون جو دماغ سے
ناک کی راہ آوے۔ نکسیر۔
رِعَایَا ۔ع۔ جمع رعیّت کی۔
رِعَایَت ۔ع۔ کسی چیز کی نگاہداشت کرنا۔
لحاظ کرنا۔ طرفداری کرنا۔ طرفداری۔
رُعْب ۔ع۔ خوف۔ ڈر۔
رَعْد ۔ع۔ آواز ابر کی اور بعضے کہتے
ہین آواز اُس فرشتے کی جو ابر کو ہانکتا ہی اور
نام عاشق رباب کا۔
رَعْشَہ ۔ع۔ کپکپی۔ وہ بیماری جس سے
ہاتھ اور دوسرے اعضا بغیر قصد اور
ارادہ کے لرزتے ہین۔
رَعْنَا ۔ع۔ وہ عورت جو نازکی کے سبب سے
سست رہتی ہو۔ وہ عورت جو ہر وقت
بناؤ سنگار کیے رہے۔ اور فارسی کے استعمال
مین بغیر ہمزہ کے بمعنی زیبا۔ خوشنما۔ چالاک
صاحب غرور۔ خودآرا کے مستعمل ہوا اور
نام ایک پھول کا جو اندر سے سرخ اور باہر سے
زرد ہوتا ہی۔ اور مجازاً بمعنی دورنگ کے
رَعْنَائی ۔ف۔ خودآرائی۔ زیبائی۔
رُعُونَت ۔ع۔ نادانی۔ نرمی۔ سست ہونا
سرکشی۔ غرور۔ خودآرائی۔ زینت۔
رَعْی ۔ع۔ چرنا۔ چرانا۔ نگہبانی۔
رِعْی ۔ع۔ ہری گھاس چوپایون کے
کھانیکے قابل۔
رَعِیب ۔ع۔ خائف۔ ڈرنیوالا۔
رَعِیَّت ۔ع۔ وہ شی جس کی چرواہا اور
گلہ بان نگہبانی کرے مجازاً پرجا۔ دنیا کے
لوگ جو ماتحت کسی حاکم کے ہون۔

فصل را مع غین معجمہ

رَغَام ۔ع۔ خاک بالوئی ہوئی۔
رَغَائِب ۔ع۔ جمع رغیبہ کی مرغوب چیزین
رِغَاب ۔ع۔ نرم زمین۔
رَغَب ۔ع۔ خواہش کرنا۔ لالچ کرنا۔ اور
اندازہ سے زیادہ اور بہت کھانا۔
رَغْبَت ۔ع۔ خواہش۔ دلی توجہ۔
رَغَد ۔ع۔ عیش۔ نعمت۔ خوشی۔
رَغْم ۔ع۔ خاک آلودہ ہونا۔ مکروہ رکھنا

ذلیل وخوار ہونا - اور مہمانداری کے برخلاف کام کرنا -

رغو - ع - کف - پھین - جھاگ -

رغیب - ع - رغبت کرنیوالا -

رغیف - ع - چھوٹی موٹی روٹی ٹکیہ -

فصل را - مع فا

رف - ع - بہت کھانا - عورت کے ہونٹھون کا بوسہ لینا - کسی کے ساتھ نیکی کرنا - کسی چیز کے رنگ کا چمکنا - چوسنا - گلے بکری کا گلہ بڑے اونٹ - بردارۂ خانہ یعنی مکانکے دروازہ کے دو نون طرف جو طاق کے مثل بناتے ہین واسطے بیٹھنے لوگون کے

رفات - ع - ٹوٹا ہوا - ریزہ ریزہ - وہ چیز جو ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے -

رفادہ - ع - گدی جو کپڑے کی چند تہ کرکے بعد فصد کھولنے کے رگ پر رکھ کے باندھ دیتے ہین - پٹی زخم کی - رفیدہ اسکا آلہ ہے

رفاق - ع - جمع رفیق کی -

رفاقت - ع - ہمراہی - رفیق ہونا -

رفاہ - ع - آرام - فراخی عیش کی آسانی -

رفاہت - ع - } تن آسانی - فراخی عیش کی
رفاہیت - ع - }

رفت - ف - گیا - رفتار -

رفتار - ف - چال -

رفتن - ف - جانا - چلنا - مجازاً مرنا -

رفتن - ف - پھاڑنا - جھاڑو دینا -

رفث - ع - جماع - فحش - بری باتین کہنا حالت جماع مین عورت سے باتین کرنا -

رفد - ع - بڑا کاسہ - بخشش -

رفرف - ع - باز و بہت پھیلانا پرندکا واسطے نیچے اترنے کے - عمارت کا طاق - جامۂ سبز - تکیہ - خیمہ - نام مقام اسرافیل علیہ السلام کا - نام مرکب کا جسپر رسول خدا صلعم شب معراج سوار ہوئے تھے -

رفراف - ع - شتر مرغ -

رفس - ع - کسی چیز کو ٹھوکر مارنا -

رفض - ع - چھوڑنا - ترک کرنا -

رفع - ع - بلند کرنا - اٹھانا - کسی کلمہ کو حرکت پیش کی دینا - غلہ کا اٹھانا - حاکم کے آگے قصہ لیجانا - موقوف کرنا - برطرف -

رفع دیوانی - ف - کنایہ حساب دیوانی سے

رفعت - ع - بلندی مرتبہ کی - بلند قد ہونا

رفق - ع - نرمی - مہربانی -

رفقا - ع - جمع رفیق کی -

رفقہ - ع - اسم جمع ہے بمعنی گروہ ہمسفر -

رفو - ع - درست کرنا پھٹے ہوے کپڑے کا جوڑکر سوت وغیرہ سے -

رفیدہ - ع - آلہ رفادہ بمعنی زخم کی پٹی کا -

رفیف - ع - چمکنا - جامۂ نرم -

رفیع - ع - بلند مرتبہ - بلند آواز - شریف

رفیق - ع - ساتھی - ہمسفر - دوست -

فصل را - مع قاف

رق - ع - بندگی - غلامی -

رق - ع - ہرن کی جھلی جسپر لکھتے ہین -

رقاب - ع - جمع رقبہ بمعنی گردن کی - اور بمعنی غلامان و کنیزان کے بھی ہے -

رقابت - ع - انتظار - نگہبانی - رقیب ہونا

رقاد - ع - نیند - سو رہنا -

رقاص - ع - ناچنے والا -

رقاع - ع - جمع رقعہ کی - پیوند - چیتھڑے ٹکڑے کاغذ و کپڑے کے - چھوٹے خط - نام ایک خط کا چھ خطوط مین سے جسکو ابن مقلہ خوشنویس نے وضع کیا ہے -

رقاق - ع - باریک روٹی - پھلکا -

رقائق - ع - چیزین باریک کنایہ اسرار اور رموز سے -

رقائم - ع - جمع رقیمہ بمعنی خط کی -

رقبا - ع - جمع رقیب بمعنی نگہبان کی -

رقبہ - ع - گردن - بندہ - غلام -

رقبہ - ع - وہ زمین جو ندی کنارے ہو - اب مطلق زمین کانونکے متعلق کرتے ہین -

رقت - ع - نرمی - ملائمت - باریکی - پتلاپن - مجازاً بمعنی رونے کے مستعمل ہے - اور بمعنی الفت اور محبت کے بھی آتا ہے -

رقص - ع - ناچنا - اور کبھی مراد سیر سے

رقصِ اُصُول ۔ع۔ ایک قسم ناچ کی جسکو
ہندی مین بارہ تال کا ناچ کہتے ہین۔
رقصِ چار پارہ ۔ف۔ } تینون قسمین
رقصِ وانی ۔ف۔ } ہین ناچ کی
رقصِ گجکلاہ ۔ف۔ }
رقصِ مولوی ۔ف۔ } دونون قسمین ہین
رقصِ مُلّا ۔ف۔ } ناچ کی اور رندون
کی اصطلاح مین کنایہ حرکت جماع سے۔
رقطا ۔ع۔ ہر چیز مؤنث جسپر سیاہ اور سفید
نقطے ہون۔ اور نام ایک صنعت کا جسمین
ایک حرف نقطہ دار اور ایک حرف بے نقطہ کا ہو
رُقعہ ۔ع۔ پیوند۔ چیتھڑا۔ خط۔ چٹھی۔
رَقم ۔ع۔ لکھنا۔ مُہر کرنا۔ حرفون پر نقطہ لگانا۔
کپڑیکا دھاری دار بُننا۔
رَقَم ۔ع۔ خط لکھا ہوا۔ زمانہ کی سختی۔
رقمِ اوّل ۔ع۔ کنایہ نور محمدی یا عرش سے۔
رُقود ۔ع۔ خواب کرنا۔ سونا۔ اور جمع راقد
بمعنی سونیوالے کی۔
رُقوم ۔ع۔ جمع رقم کی۔
رَقیب ۔ع۔ پاسبان۔ نگہبان۔ دربان۔
اور وہ دو شخص جو ایک معشوق پر عاشق
ہون ہر ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہو
اسلیے کہ ہر ایک دوسرے سے معشوق کی
نگہبانی اور حفاظت اور بچاؤ کرتا ہو۔
رقیبانِ راز ۔ف۔ کنایہ انبیا و اولیا سے
رقیبانِ شب ۔ف۔ چوکیدار۔ پاسبان
رِقّیت ۔ع۔ بندگی کرنا۔ غلامی کرنا۔
رَقیق ۔ع۔ پتلا۔ باریک۔
رَقیمہ ۔ع۔ لکھی ہوئی شے۔ خط۔
رُقیہ ۔ع۔ سحر۔ جادو۔ افسون۔ منتر۔
رُقیّہ ۔ع۔ نام رسولخدا صلعم کی دختر کا۔

فصل را۔ مع کاف عربی

رِکاب ۔ع۔ سواری کے اونٹ۔ حلقہ
لوہے کا جو گھوڑیکی زین پر باندھتے ہین اور
بر وقت سواری کے پانوُن اُسمین رہتے ہین
رِکاب ۔ف۔ لمبا پیالہ ہشت پہلو اور بعضون
نے لکھا ہو کہ بمعنی پیالہ دراز بطریق مجاز کے
ہو در حقیقت بمعنی چھوٹی کشتی کے ہو۔
رِکابدار ۔ف۔ وہ شخص جو رکاب پکڑکے
اپنے آقا کو گھوڑے پر سوار کرائے۔ اور اصطلاح
مین وہ شخص جو رنگ برنگ کے کھانے پکائے
اور طرح بطرح کے حلوے اور مربّے وغیرہ بنائے
رِکابی ۔ف۔ منسوب طرف رکاب کے
معانی۔ چھوٹا طباق۔ پیالہ شراب کا۔
رِکاز ۔ع۔ خزانہ جو زمین مین گڑا ہو۔
رَکاکت ۔ع۔ سُستی۔ ضعیفی۔ باریکی
اور بمعنی بیعزتی کے بھی ہے۔
رُکبہ ۔ع۔ زانو۔ گھٹنا۔
رَکض ۔ع۔ گھوڑے کو سواری مین ایڑ لگانا
تاکہ وہ دوڑے۔ گھوڑا دوڑانا۔
رُکن ۔ع۔ خویش۔ قریب۔ جانب قوی
اور جزو اعظم ہر شے کا۔ قوت۔ دیوار کا کونا
کنارہ پہاڑ کا۔ ستون۔ کھنبا۔
رُکناباد ۔ف۔ نام ایک سیرگاہ کا شیراز مین
رُکنِ حطیم ۔ع۔ } کعبہ شریف کے دو
رُکنِ یمانی ۔ع۔ } رکنونکا نام۔
رُکنی ۔ف۔ زر خالص۔
رُکوب ۔ع۔ سوار ہونا۔
رَکوب ۔ع۔ مرد بہت سواری کرنیوالا
چوپایہ جو لائق سواری کے ہو۔
رُکون ۔ع۔ آرام کرنا۔ کسی چیز کی طرف
رغبت کرنا۔ چین سے بیٹھنا۔
رِکوہ ۔ع۔ چمڑیکا ڈول۔
رِکیب ۔ع۔ رکاب۔ امالہ رکاب کا۔
رَکیدن ۔ف۔ غصے مین آپ ہی آپ
چپکے چپکے بڑبڑانا۔
رَکیک ۔ع۔ سُست۔ ضعیف۔ باریک
حقیر۔ بیعزت۔ بے غیرت۔ بیحیا۔
رَکین ۔ع۔ محکم۔ استوار۔ مضبوط۔ وہ شخص
جو آہستہ اور بھاری بھر کم ہو۔
رَکیّہ ۔ع۔ کنوان۔ ندی۔
رَکیّ ۔ع۔ جمع رکیہ کی۔ کنوین۔ ندیان۔

فصل را مع کاف فارسی

رَگ ۔ف۔ نس۔ ناڑی۔
رگ بند ۔ف۔ عربی جبیرہ۔ ہندی ٹپی

اسکے باندھنے سے خون رُک جاتا ہو۔
رگِ جان۔ ف۔ شریان اور یہ وہ رگ ہو جو دلسے تعلق رکھتی ہو اسکے کٹنے سے فوراً آدمی مرجاتا ہو۔
رگِ رُستنی۔ ف۔ کنایہ قوت نامیہ سے
رگزن۔ ف۔ فصاد۔ رگ کھولنے والا
رگ گفتن۔ ف۔ سستی کرنا۔
رگِ گردن۔ ف۔ غرور۔ سرکشی۔

فصل را مع میم

رَم۔ ع۔ بھاگنا۔
رَم۔ ع۔ بغیر تشدید کے۔ بھاگنا اور بمعنی گھوڑون اور بکریونکے گلے کے بھی ہو ظاہراً ان معنون مین مخفف (رمہ) کا۔ نام ایک جنگل اور صحرا کا۔ اور بمعنی دہشت
رِماح۔ ع۔ جمع رُمح بمعنی نیزہ کی۔
رُمّاح۔ ع۔ برچھی والے۔ برچھی بنانیوالے
رِماح۔ ع۔ برچھیت کامل۔
رَماد۔ ع۔ راکھ۔ خاکستر۔
رَمّاعہ۔ ع۔ سر کا وہ مقام جو بچپنے مین نرم ہوتا اور لپکتا ہو ہندی تالو۔
رِماک۔ ع۔ کشتی کے بادبان۔
رِمال۔ ع۔ جمع رَمل بمعنی ریت اور بالو کی۔
رُمّان۔ ع۔ انار جو میوہ مشہور ہو۔
رمانیدن۔ ف۔ بھگانا۔
رماتیر۔ ع۔ تیر اندازی کرنا۔

رَمائِم۔ ع۔ جمع رمیمہ بمعنی بوسیدہ کہنہ کی
رُمح۔ ع۔ نیزہ۔ بھالا۔
رَمَد۔ ع۔ بیماری آنکھ کی ہو۔ سرخ ہوجانا آنکھ کی سفیدی کا اور اکثر اس مرض مین درد بشدت آنکھ مین ہوتا ہو اور پانی بہتا ہو۔
رَمز۔ ع۔ اشارہ کرنا۔ کنایہ۔ پوشیدگی۔
رَمِش۔ ف۔ بھاگنا۔
رَمس۔ ع۔ خاک گور۔ مردہ کا دفن کرنا
رَمَص۔ ع۔ سفید کیچڑ جو آنکھ کے کوئے مین جمع ہو اور جو بہنے لگے وہ غمص ہو۔
رَمَضان۔ ع۔ نام نوین مہینے قمری کا جسمین مسلمان روزے رکھتے ہین۔ اور یہ لفظ ماخوذ ہو رمض سے جسکے معنے جلانے کے ہین چونکہ یہ مہینا بسبب روزے رکھنے کے گناہونکو جلا دیتا ہو اسلیے یہ نام ہوا۔
رَمَق۔ ع۔ بقیہ جان۔ تھوڑیسی جان۔
رَمکہ۔ ع۔ گھوڑی۔ مادۂ اسپ۔
رَمل۔ ع۔ ریگ۔ بالو۔ نام ایک علم کا جس سے احوال گذشتہ اور آئندہ بشرط کامل ہونیکے معلوم ہوجاتا ہو۔
رَمَل۔ ع۔ نام ایک بحر کا ہو انیس بحر دن عروض سے۔
رَمنہ۔ ف۔ چراگاہ۔ وہ مقام جہان ہرن وغیرہ چرتے پھرتے ہین۔
رُموز۔ ع۔ جمع ہو رمز کی۔

رَمہ۔ ف۔ ریوڑ بکریونکا۔
رَمی۔ ع۔ پھینکنا۔ تیر مارنا۔ تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ زیادہ کرنا۔
رَمیدن۔ ف۔ بھاگنا۔ وحشت کرکے بھاگ جانا۔
رَمیم۔ ع۔ بوسیدہ۔ کہنہ۔ پرانا۔
رَمیہ۔ ع۔ ایک مرتبہ تیر مارنا۔

فصل را۔ مع نون

رَن۔ ف۔ محنت مشقت۔ ظاہراً یہ لفظ مخفف رنج کا ہو۔
رَنج۔ ف۔ تکلیف۔ دُکھ۔
رنجانیدن۔ دُکھ دینا۔ خفا کرنا۔
رنجش۔ ف۔ رنج۔ دُکھ۔
رَنجور۔ ف۔ بیمار۔ رنجیدہ۔ اصل اسکی رنجور تھی جیسے مزدور کی اصل مزدور۔
رَنجہ۔ ف۔ تکلیف۔ دُکھ۔ رنج۔
رَنجیدن۔ ف۔ آزردہ ہونا۔
رِند۔ ف۔ وہ منکر جسکا انکار شرعی باتون سے از روے عقلمندی کے ہو نہ بسبب جہالت کے۔
رَند۔ ف۔ لے بھاگنا۔ چرانا۔ گرد خاک لکڑی کی چھیلن جو رندہ سے نکلے اور بمعنی خوشبو کے بھی آیا ہو۔
رِندانہ کرد۔ ف۔ یعنی رندونکی طرح کا کام کیا۔

رَنْدِش ۔ ف ۔ چھیلن۔ وہ ریزے لکڑی یا تانبے وغیرہ کے جو چھیلنے سے گرتے ہین ۔

رَنْدَہ ۔ ف ۔ ایک اوزار ہی جس سے بڑھئی تختہ وغیرہ لکڑی کے صاف کرتے ہین ۔

رَنگ ۔ ف ۔ اس لفظ کے معنی ۳۴ ہین ۱۔ لون یعنی رنگ۔ ۲ حصہ و نصیب ۳۔ عیب و شرم ۴۔ رنج و محنت ۵۔ قوت و توانائی ۶ جان ۷۔ زبردست و تنڈ۔ ۸ مال و زر ۹ نفع و فائدہ ۱۰۔ فقیرونکی گدڑی۔ ۱۱۔ طرز و روش ۱۲ پہاڑی بکرا و بیل۔ ۱۳ مکروحیلہ ۱۴۔ زمین سے اُگنا۔ ۱۵ خوبی۔ ۱۶ خوشی و تندرستی۔ ۱۷۔ شرمندگی و شرم۔ ۱۸ خون ۱۹ رونق و لطافت ۔ ۲۰۔ تھوڑی پونجی ۲۱۔ سونا چاندی۔ ۲۲۔ چوری۔ ۲۳۔ جوا اور جوے کا روپیہ ۲۴ صاحب و حاکم ۔ ۲۵۔ باپ۔ ۲۶ ۔ امون ۲۷۔ نقطہ۔ ۲۸۔ عمدہ کام کرنیوالا۔ ۲۹ جھانجھ ۳۰۔ غصہ و غضب۔ ۳۱۔ ابریشم ۔ ۳۲ ۔ خیانت ۔ ۳۳۔ مال و اسباب۔ ۳۴ مثل و مانند۔

رَنگ آمیز ۔ ف ۔ نقاش۔ مصور ۔

رَنگ بَسْت ۔ ف ۔ وہ رنگ جو ہمیشہ پائدار اور مضبوط اور برقرار اور بے تغیر ہو ۔

رنگ برُو شکستن ۔ ف ۔ چہرے کے رنگ کا زرد ہو جانا غیرت اور شرم یا خوف سے ۔

رنگ بر روے کار آوردن ۔ ف ۔ کسی کام کو نہایت رونق دینا ۔

رَنگ بر آب ریختن ۔ ف ۔ فکر کرکے

رنگ بر آب زدن ۔ ف ۔ کوئی تازہ منصوبہ کسی کام مین پیدا کرنا ۔

رَنگ دادن ۔ ف ۔ متغیر ہونا ۔

رَنگرِز ۔ ف ۔ کپڑونکا رنگنے والا۔ اور اس معنی مین رنگریز غلط ہی ۔

رَنگریز ۔ ف ۔ بمعنی نقاش اور مصور اور معمار کے صحیح ہی نہ بمعنی کپڑا رنگنے والے کے ۔

رَنگ ریختن ۔ ف ۔ عمارت کی نیو ڈالنا کسی کام کی بنیاد قائم کرنا ۔

رَنگ زِندہ ۔ ف ۔ کنایہ سبز رنگ سے ۔

رَنگ کردن ۔ ف ۔ دغا کرنا ۔ فریب دینا

رَنگ گرفتن ۔ ف ۔ متغیر ہونا ۔

رَنگ نہ بستن ۔ ف ۔ فائدہ نہ اُٹھانا کام کا بعوض بننے کے بگڑ جانا ۔

رَنگین ۔ ف ۔ رنگا ہوا ۔

رُنُود ۔ ف ۔ جمع رند کی۔ یہ جمع بطور تصرف فارسیان عربی دان کے ہی ۔

فصل را ۔ مع واو

رُو ۔ ف ۔ منھ ۔ رُخ ۔ چہرہ ۔ وجہ ۔ سبب ۔

رُو انداختن ۔ ف ۔ سوال کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔ گڑگڑانا ۔

رُو از سنگ داشتن ۔ ف ۔ بیحیا ہونا ۔

رُو آوردن ۔ ف ۔ متوجہ ہونا ۔

رَوَابِط ۔ ع ۔ جمع رابطہ کی ۔ باندھنے والی چیزین ۔ اسباب ۔ علاقے ۔

رُوات ۔ ع ۔ جمع راوی کی ۔ بات کے نقل کرنیوالے ۔ پانی بھرنے والے ۔ اور راوی بمعنی ساقی کے بھی آیا ہی ۔

رَواج ۔ ع ۔ مقبول بازار ۔ عام دستور اور حرف اول کے کسرہ سے تصرف فارسیونکا ہی ۔

رَوَاح ۔ ع ۔ عصر اور مغرب کے درمیان کا وقت ۔ قریب شام ۔

رَوَاحِل ۔ ع ۔ جمع راحلہ کی ۔ سواریان ۔

رَوَا داشتن ۔ ف ۔ جائز رکھنا ۔

رَوَازِن ۔ ع ۔ جمع روزن کی ۔ روشندان کھڑکیان ۔ سوراخ ہر چیز کے ۔

رَوَاشِن ۔ ع ۔ جمع روشن کی ۔ روشندان عمارت کے ۔

رَوَافِض ۔ ع ۔ جمع رافضی کی اور رافضی منسوب طرف رافضہ کے اور رافضہ ۔ وہ گروہ لشکر کا جو اپنے سردار کو چھوڑ دے ۔

رِوَاق ۔ ع ۔ چھجہ مکان کا ۔

رِواق مسیح ۔ ع ۔ کنایہ چوتھے آسمان سے ۔

رِوَاقیان ۔ ع ۔ حکماے اشراقین جو اپنی صفائی دل اور مکاشفہ سے لوگونکے دلونکا حال معلوم کرلیتے تھے ۔ اور بعضے کہتے ہین کہ ان حکیمونکو رواقیان اسلیے کہتے ہین کہ اپنے کوٹھے کے برآمدے پر بیٹھ کر بیمارونکا معالجہ کرتے تھے احتیاج نبض دیکھنے کی انکو نہ تھی

رَوَان ۔ ف ۔ فی الحال ۔ فوراً ۔ جلد ۔ جو چیز کہ مثل پانی کے ہو اور جاری ۔ بہتا ہوا ۔ جانے والا ۔ روح ۔ جان ۔ نفس ناطقہ اور رُوان حرف اول کے ضمہ سے بمعنی روح غلط مشہور ہی ۔

رِوَایت ۔ ع ۔ کسی کی بات نقل کرنا کسیکی بات دُہرانا ۔

رَوَائی ۔ ف ۔ رواج ۔ رونق ۔ حاجت کا بر آنا ۔ مطلب کا ہو جانا ۔

رَوَائح ۔ ع ۔ جمع رائحہ بمعنی خوشبو کی ۔

رُوبَان ۔ ع ۔ جھاڑو دینے والا ۔ اور جھاڑتا ہوا ۔

رُوبَاہ ۔ ف ۔ لومڑی مشہور جانور ہی ۔

رُوبَاہ بازی ۔ ف ۔ مکر و فریب ۔ دغابازی

رُوبَاہ زرد ۔ ف ۔ کنایہ آفتاب سے ۔

رُو بچیزے انداختن ۔ ف ۔ کسی چیز کیطرف متوجہ ہونا ۔

رُو بدیوار ۔ ف ۔ کنایہ حیران سے ۔

رُو برُو ۔ ف ۔ سامنے ۔

رُوبکار ۔ ف ۔ سامنا ۔ مجازاً وہ کاغذ جسمین فیصلہ لکھا جاوے حاکم کے رو برو ۔

رُوبَہ ۔ ف ۔ لومڑی ۔

رُوبیدن ۔ ف ۔ جھاڑو دینا ۔ جھاڑنا ۔

رُو پوش ۔ ف ۔ چھپا ہوا ۔ جو شخص کہ کسی آڑ مین چھپ جائے ۔ نقاب ۔ برقع ۔

رَوث ۔ ع ۔ سرگین ۔ گوہ ۔ گوبر ۔

رُوح ۔ ع ۔ جان ۔ بولنا ۔ رحمت ۔ قرآن ۔ نام حضرت عیسیٰ کا ۔ نام حضرت جبرئیل کا ۔

رَوح ۔ ع ۔ آسایش ۔ فرحت ۔ تازگی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈی ہوا ۔ خوشبو ۔

رُوحانی ۔ ع ۔ منسوب طرف روح کے ۔

رَوحانی ۔ ع ۔ منسوب طرف رَوح کے رُوح اور رَوح مین بحالت نسبت الف اور نون زائد آتا ہی ۔

رُوحانیان ۔ ع ۔ فرشتے اور جن ۔

رَوحات ۔ ع ۔ آسائشین ۔ خوشیان ٹھنڈی ہوائین ۔ خوشبوئین ۔

رُوحُ المُعَظَّم ۔ ع ۔ نام ہی حضرت جبرئیل

رُوحُ الاَمِین ۔ ع ۔ فرشتہ مقرب کا ۔

رُوحُ القُدُس ۔ ع ۔ وہ روح جو حضرت عیسےٰ پر نازل ہوئی تھی ۔ حضرت جبرئیل ۔

رُوحُ اللہ ۔ ع ۔ حضرت عیسیٰ ۔

رُوح تُوتیا ۔ ف ۔ جست جو ایک دھات مشہور ہی اسکو جلا کر آنکھ مین بطور سرمہ لگاتے ہین ۔ اور بمعنی شراب کے بھی آیا ہی ۔

رُوح حیوانی ۔ ف ۔ وہ روح جس سے زندگی قائم رہتی ہی اور اسکا مقام دل ہی ۔

رُوحِ طَبعی ۔ ع ۔ وہ روح جس سے قوت قائم رہتی ہو اور اعضا بڑھتے ہین اور ہر عضو کو اُسکے سبب سے غذا پہونچتی ہی اسکا مقام جگر ہی

رُوحِ مُجَرَّد ۔ ع ۔ مطلق روح ۔ اور کنایہ حضرت عیسےٰ اور حضرت جبرئیل سے ۔

رُوحِ مُکَرَّم ۔ ع ۔ جبرئیل علیہ السلام ۔

رُوحِ نفسانی ۔ ع ۔ وہ روح جس سے قوت حس و حرکت کی قائم رہتی ہو اور آدمی بولتا ہی

رُوحِ نباتی ۔ ع ۔ نباتات کی روح ۔

رُوخ ۔ ف ۔ ایک لمبی گھاس ہوتی ہی جسمین پھل اور پتا نہین ہوتا اور اُس سے بوریا بنتے ہین ۔

رُود ۔ ف ۔ جو نہر کہ جاری ہو ۔ ندی نالا ۔ نام ایک باجہ کا ۔ بکری وغیرہ کا رودہ ۔ کمان کا رودہ ۔ تانت ۔ اور رود بمعنی فرزند کے بھی آیا ہی ۔

رُودَاد ۔ ف ۔ کیفیت ۔ حال ۔

رُودادن ۔ ف ۔ توجہ کرنا ۔ حاصل ہونا ۔ واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

رُودبار ۔ ف ۔ جہا پر بہت نہرین جاری ہون ۔ آب جاری کی جلے نشیب ۔ نام ایک شہر کا درمیان گیلان اور قزوین کے ۔

رُودخانہ ۔ ف ۔ وہ زمین جسپر سیلاب پانی کا جاری ہو ۔ جاے رود ۔

رُودخیز ۔ ف ۔ سیلاب ۔ موج ۔

رُودخیزان ۔ ف ۔ جمع رودخیز بمعنی موج کی اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد فوج سے

رُودکی ۔ ف ۔ نام ایک شاعر کا جو مُوجد غزل فارسی ہی یہ باشندہ رُودک کا تھا جو موضع ہی سمرقند مین

روده - ت - تانت - انتڑی -
روز - ت - دن -
روزِ اُمّید و بیم - ت - روزِ محشر -
روزِ بازخواست - ت - روزِ قیامت -
روزِ بازار - ت - رونق - گرمی بازار و وہ مقام جہاں بروزِ معین آدمی جمع ہوکر آپس میں خرید و فروخت کریں -
روزِ بخش - ت - روزِ ازل -
روزِ باران - ت - روزِ جمعیت -
روز درمحنت گزار - ت - کنایہ مسافر سے -
روزِ دگر - ت - روزِ قیامت -
روز دیر شدن - ت - ضائع ہونا روزگار کا -
روزِ سیاہ - ت - روزِ بد - روزِ ماتم -
روزِ عذر آوری - ت - روزِ قیامت -
روزِ کور - ت - بغیر اضافت کے بیخبر نادان -
روزگار - ت - زمانہ - مجازاً بمعنی مدت فرصت شغل - پیشہ - نوکری -
روزگاران - ت - مزید علیہ روزگار کا -
روز مرّہ - ت - ہمیشہ - ہر روز -
روزن - مب - یہ معرب ہے روزن کا بمعنی سوراخ دیوار - سوراخ ہر چیز کا کھڑکی -
روزنامہ - ت - وہ کتاب جسمین ہر روز کا حال لکھا جائے -
روزنامچہ - ت -
روزہ - ت - شرعی طور سے تمام دن بھوکا اور پیاسا رہنا - برت -

روزہ مریم - ت - کنایہ خاموشی سے -
روزی - ت - رزق -
روزینہ - ت - ہر روز کا خرچ جو روز روز کہیں سے ملتا رہے -
رؤس - ع - جمع راس بمعنی سر کی -
رؤسا - ع - جمع رئیس بمعنی سردار کی -
روساختن - ت - شرمندہ ہونا اور بمعنی تصویر کھینچنے کے بھی آیا ہے -
روستا - ت - قریہ گانوں - اور مخفف روستائی بمعنی دہقانی کا -
روستائی - ت - دہقان - گنوار -
روسپی - ت - فاحشہ اور بدکار عورت -
روسرکہ کردن - ت - ناک بھوں سکیڑنا چین بجبین ہونا -
روسفید - ت - معزز - ممتاز - دولتمند -
روسیاہ - ت - گنہگار - خطا وار -
روش - ت - رفتار - طرز - طریقہ - طور - ڈھنگ - مجازاً باغ کی پٹڑی -
روش - ت - واو مجہول سے مخفف روشن کا -
روشن - مب - معرب ہے روشن کا - چمکتا ہوا - عمارت کا روشندان -
روشناس - ت - مشہور اور معروف شخص جان پہچان - خوبصورت - خوش قطع -
روشنان - ت - آسمان کے ستارے -
روشنی - ت - چمک -

روشن ضمیر - ت - روشندل -
روشن قیاس - ت - صاحب عقل -
روشن کتاب - ت - قرآن مجید -
روض - ع - جمع روضہ بمعنی باغ کی -
روضہ - ع - باغ سبزہ زار -
روضات - ع - جمع روضہ کی -
روضہ جاوید - ت - کنایہ بہشت سے یا ذات باری تعالی سے -
روعانی - ع - منسوب ہے روع بمعنی عقل اور دل کے -
روعت - ع - ڈرنا - ڈرانا - تعجب میں لانا -
روع - ع - خوف - ڈر -
رُوع - ع - عقل - دل -
روغن - ت - تیل -
روغن زبانی - ت - چرب زبانی -
روغن قاز مالیدن - ت - خوشامد کرنا فریب دینا - دغا کرنا -
رؤف - ع - بڑا مہربان -
رو فرمودن - ت - شرمندہ کرنا -
رو فگندن - ت - عاجزی کرنا - گڑگڑانا -
روکش - ت - شرمندہ کرنے والا - اور بمعنی حریف اور مقابل کے بھی آیا ہے -
روکردن - ت - حاصل ہونا - روبرو کرنا - توجہ کرنا - ظہور کرنا -
روگردانیدن - ت - منہ ہٹانا - منہ پھیر لینا -

رُوگرفتن - ف - منھ چھپانا -
رُومال - ف - وہ کپڑا جس سے مُنھ پونچھیں
رُوناس - ف - مجیٹھ جس سے سُرخ رنگ رنگا جاتا ہی -
رُو نداشتن - ف - شرمیا ہونا -
رَونق - ف - چمک - زیبایش -
رُو نیافتن - ف - کسی کی توجہ اور شفقت اپنے حال پر نہ پانا -
رُوہینا - ف - واؤ مجہول سے ایک قسم کا فولاد جو جوہر دار ہوتا ہی -
رُوییدن - ف - اُگنا - درخت کا جمنا
رُوئین - ف - دھات کا - کانسے یا پیتل کی کوئی شی بنی ہوئی -
رُوئین تن - ف - لقب اسفندیار کا کہتے ہین کہ کسی صاحب کمال کی دعا سے یا کسی اور تدبیر سے اُسکے جسم پر کوئی حربہ اثر نکرتا تھا
رُوئین خم - ف - سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد نقارہ سے -
رُوئین دِژ - ف - نام ایک قلعہ کا ولایت توران مین کہ ارجاسپ افراسیاب کے پوتے نے جو حاکم اس قلعہ کا تھا گشتاسپ کی بیٹیون یعنی اسفندیار کی بہنونکو بلخ سے لیجاکر اُس قلعہ مین قید کیا تھا اسفندیار نے ہفتخوان کی راہ سے جاکر اس قلعہ کو فتح کیا اور اپنی بہنونکو چھڑا لایا -

رُوے - ف - واؤ معروف سے بمعنی مُنھ چہرہ - سبب - طاقت - آس - اُمید -
رُوے - ف - واؤ مجہول سے ایک قسم کی دھات ہو جسکو کانسہ کہتے ہین -
رَوِیّ - ع - سیراب - تازہ - اور نام حرف اصلی قافیہ کا جسپر مدار قافیہ ہوتا ہی اور اصل مین یہ لفظ تشدید (یا) سے ہی لیکن عجم کے شاعر بغیر تشدید استعمال کرتے ہین -
رُوے آہن - ف - کلاہ آہنی یعنی خود -
رُویا - ع - خواب - سپنا -
رُوے بند - ف - نقاب - برقع -
رُؤیَت - ع - آنکھ سے دیکھنا - جاننا
رَوِیَّت - ع - فکر - تامل -
رُوے چیزے نداشتن - ف - شرمندگی سے سامنے نہ جا سکتا -
رُوئداد - ف - حال - حقیقت -
رو بدست - ف - کُشتی کے ایک پیچ کا نام اور کنایہ مکر اور فریب سے اور بمعنی طپانچہ یعنی تھپڑ -
روبدستی خوردن - ف - فریب کھانا اور طپانچہ یعنی تھپڑ کھانا -
رُوے زرد - ف - کنایہ شرمندہ اور خوفناک یعنی خوف زدہ سے -
رُوینہ - ف - بروزن سُوزنہ - مجیٹھ جس سے سرخ رنگ رنگتے ہین -

رَوِیَّہ - ع - حاجت - فکر - تامل -
رَوِیَہ - ف - طریقہ - دستور -

فصل را مع ہاے ہوز

رَہ - ف - رستہ - راہ - کرت - یعنی مرتبہ و دفعہ و بار - قاعدہ - قانون - آہنگ - نغمہ -
رَہا - ف - چھوٹا ہوا - آزاد - خلاص -
رُہاق - ع - ابتداے بلوغ -
رِہان - ع - گرو کرنا - شرط کرنا - گھوڑا دوڑانے مین شرط بدنا - شرطین - یہ لفظ جمع اور مصدر دونون آیا ہی -
رَہاندن - ف - چھڑانا - رہائی دلانا -
رَہانیدن - ف - } قید سے آزاد کرنا -
رَہ انجام - ف - گھوڑا تیز رفتار - قاصد
رہ آورد - ف - سوغات - تحفہ جو مسافر دوسرے شہر کی عمدہ چیز اپنے دوست کے واسطے بطریق ہدیہ لاوے -
رَہائی - ف - چھٹکارا -
رُہبان - ع - ڈرنا - نصاریٰ یا ترسا کا زاہد - پادری - اور جمع راہب کی بھی ہی - جو مشتق رَہب بمعنی خوف سے ہی پس راہب وہ شخص جو عذاب خدا سے ڈرتا ہی - مگر اطلاق لفظ راہب کا قوم ترسا و نصاریٰ کے عابد اور زاہد اور پرہیزگار پر آتا ہی پس لفظ رُہبان بموجب تحقیق صاحب قاموس مفرد اور جمع دونون ہی
رَہبان - ع - خائف - ڈرنیوالا -

رُہبانیّت - ع - قوم ترسا و نصاری کا زہد یعنی جورو نہ کرنا - غذائے لطیف نہ کھانا - اپنے نفس کو باز رکھنا اُن لذات سے بھی جو شرع مین حلال ہین -

رَہبَر - ف - ہادی - رہنما -

رَہَج - ع - گرد - غبار - شور - غل -

رَہِ جام یافت - ف - یعنی کامیاب ہوا -

رَہ داشتن - ف - حفاظت راہ - انتظار کسی کا کرنا - سفر کرنا -

رَہزَن - ف - چور - لوٹیرا جو راہ مین مسافرونکو لوٹتا ہو -

رِہص - ع - بیخ - جڑ - بنیاد - دیوار کی نیو -

رَہط - ع - مردونکا گروہ -

رَہَق - ع - نزدیک ہونا - گمراہ ہونا - جھوٹھ بولنا - کسی چیز پر گرد کا اس طرح پڑنا کہ وہ چیز چھپ جائے - کسی چیز کا معلوم کر لینا - حرام اور فساد پر قائم رہنا - غرور کرنا - بیہوش ہونا - ظلم کرنا - عیب کرنا - دوڑنا -

رَہگُذر - ف - عام راہ - سڑک - شاہراہ - مجازاً بمعنی سبب کے بھی مستعمل ہوتا ہی -

رِہمَہ - ع - باران نرم - مینھ کی پھوہار -

رَہن - ع - گرو - گرو کرنا - مال یا زمین کا کسیکے پاس گرو رکھنا -

رَہ نشین - ف - مراد اُس طبیب سے جو راہ مین بیٹھتا ہو -

رَہنُما - ف - راہ دکھلانیوالا - پیر -

رَہو - ع - زمین پست و نشیب اور بمعنی بلند جگہ اور زمین بلند کے بھی ہی یہ لغت لغات اضداد سے ہی -

رَہوار - ف - گھوڑا تیز رفتار -

رَہی - ف - بندہ - غلام -

رَہیدن - ف - چھوٹنا - رہائی پانا -

رَہی زادہ - ف - غلام زادہ -

رَہین - ع - جو وہ چیز جو گرو رکھی ہوئی ہو -

فصل را - مع یائے تحتانی

رَیّ - ع - سیراب کرنا -

رَے - ف - نام ایک شہر کا -

رِیا - ع - ظاہرداری دلمین جو بات ہو اُسکے برخلاف کام کرنا لوگونکے دکھانیکو -

رِیاح - ع - جمع ریح کی - ہوائین - آندھیان -

رِیاحین - ع - جمع ریحان کی - نباتات پھول خوشبودار -

رِیاست - ع - سرداری -

رِیاض - ع - جمع روضہ بمعنی باغ کی -

رِیاضت - ع - محنت کرنا - مشقت کرنا - رنج اور تکلیف کھینچنا - فرمانبرداری - نفس کشی - اور طبیبونکی اصطلاح مین وہ حرکت جو اپنی خواہش اور ارادہ سے کرین جسمین سانس پھول جائے اور دم چڑھنے لگے مثل ڈنڑ کرنے اور مگدر ہلانیکے - گھوڑون کو سکھانا اور آراستہ کرنا واسطے سواری کے -

رِیاضی - ع - حکمت کی تین قسمون طبعی ریاضی الٰہی مین سے یہ ایک قسم ہی اور اس ریاضی مین اُن اُمور سے بحث کیجاتی ہی جو فقط وجود خارجی مین محتاج مادہ کے ہین جسطرح مقدار اور عدد خاص کہ مادیات مین پائے جاتے ہین نہ مطلق عدد - اور اقسام علم ریاضی کے یہ ہین - علم ہندسہ - علم حساب - علم نجوم علم موسیقی - علم مناظر و مرایا - علم جبر و مقابلہ علم جر اثقال -

رِیاکار - ف - فریبی - مکّار - منافق -

رَیّان - ع - سیراب - تر و تازہ -

رَیب - ع - شک - گمان -

رَیبُ المَنُون - ع - زمانے کے حادثے -

رَیباری - ف - سانڈنی سوار -

رِیبت - ع - گمان - شک - تہمت - اور وہ چیز جو شک مین ڈالے -

ریچار - ف -
ریچال - ف - } آچار - اچار -
ریچالہ - ف -

رِیح - ع - مطلق بو خواہ خوشبو ہو خواہ بدبو - وہ ہوا جو دنیا مین چلتی ہی - وہ ہوا جو پیٹ مین گھومتی ہی - وہ ہوا جس کے خلل سے جسم کے جوڑون مین درد پیدا ہوتا ہی -

رَیحان - ع - نام ایک خط مشہور کا - روئیدگی

سبزہ ۔ ناز بو جو ایک قسم کا پھول ہے ۔ ہر گھاس
خوشبو دار ۔ ہر پھول سوائے گلاب کے
پھول کے ۔ کبھی مجازاً بمعنی شراب کے بھی آتا ہے
ریحانہ ۔ ف ۔ وہ چیز جسمین ریحان بوئین
ریحانی ۔ ف ۔ ایک طرح کی شراب جو پتلی اور
سبز رنگ اور خوشبو اور نہایت صاف ہوتی
ہے اور ایک قسم کا خوشبو دار تنباکو پینے کا ۔
ریخ ۔ ف ۔ پتلا گوہ انسان یا حیوان کا ۔
ریختن ۔ ف ۔ ڈالنا ۔ بیٹھنا ۔
ریختن صفراے خورشیدہ ۔ ف یعنی دور
کر دینا کینہ کی آگ کا ۔
ریختہ پا ۔ ف ۔ تیز قدم گھوڑا خوبصورت
ریختہ دم ۔ ف ۔ وہ تلوار یا چھری جسکی دھار
سخت چیز پر پڑنے سے کر گئی ہو ۔
ریختہ گر ۔ ف ۔ قالب مین ڈھال کر برتن
بنانیوالا ۔
ریدن ۔ ف ۔ ہگنا ۔
ریزان ۔ ف ۔ ڈالتا ہوا ۔ گراتا ہوا ۔
ریزش ۔ ف ۔ ڈالنا ۔ گرانا ۔
ریزہ ۔ ف ۔ ٹکڑا ۔ ذرا ۔
ریزہ خوانی ۔ ف ۔ گٹکری کے ساتھ گانا ۔
ریزہ سرائی ۔ ف ۔ نغمہ سرائی ۔ گانا ۔
ریزہ کاری ۔ ف ۔ مہین کام کرنا ۔
ریستن ۔ ف ۔ حوض یا کنوین کے اندر اترنا
بل دینا ۔ توجہ کرنا ۔ ہگنا ۔ پاخانہ پھرنا ۔

ریسمان ۔ ف ۔ سوت ۔ ڈورا ۔ رسی ۔
ریسمان باز ۔ ف ۔ بازیگر ۔ نٹ ۔
ریسمان بازی ۔ ف ۔ بازیگری تماشا
جو نٹ کرتے ہین ۔
ریسمان دراز کردن ۔ ف ۔ مہلت دینا
دوسرے کو خود مختار کر دینا ۔
ریسیدن ۔ ف ۔ کاتنا ۔
ریش ۔ ع ۔ یاے معروف سے پرند جانورون
کے پر ۔ عمدہ لباس ۔ معاش کی فراخی ۔
ریش ۔ ف ۔ یاے معروف سے داڑھی ۔
ریش ۔ ف ۔ یاے مجہول سے ۔ زخم ۔ زخمی ۔
ریش بابا ۔ ف ۔ ایک قسم انگور کی ۔
ریش پر باد ۔ ف ۔ تکبر ۔ غرور ۔
ریش بہنر ۔ ف ۔ یاے مجہول سے اور آخر مین
زاے معجمہ وہ زخم جو بغیر چاک کیے اچھا ہو ۔
ریشخند ۔ ف ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔ تمسخر کسی کو
مسخرہ بنانا ۔
ریش قاضی ۔ ف ۔ روئی ڈاٹ جو
شراب کے شیشہ کے منھ مین دیتے ہین ۔ وہ
کپڑا صافی کا جسمین شراب چھانتے ہین وہ
کپڑا جو شیشہ شراب کے منہ پر باندھتے ہین ۔
ریش گاو ۔ ف ۔ احمق ۔ نادان ۔ مسخرہ
خام طمع ۔ لالچی ۔
ریش گاوی ۔ ف ۔ حماقت ۔ بیوقوفی ۔
ریشمال ۔ ف ۔ بے غیرت ۔ دیوث ۔

وہ شخص جو اپنی جورو کی ناجائز کمائی کھائے ۔
ریشمالی ۔ ف ۔ بے غیرتی ۔ دیوثی ۔
ریشہ ۔ ف ۔ درخت کی جڑین جو مہین ہوں
اور بمعنی زلف اور طرۂ دستار کے بھی ہے ۔
ریشہ ۔ ع ۔ یاے معروف سے ۔ مرغ کا ایک پر
ریطہ ۔ ع ۔ ایک پٹی چادر ۔
ریع ۔ ع ۔ کھیتی کی زیادتی ۔ نفع جو کھیتی سے
حاصل ہو ۔ محصول کھیتی کا ۔
ریعان ۔ ع ۔ شروع ہر چیز کا ۔ نوجوانی ۔
ریق ۔ ع ۔ تھوک ۔ ناشتا ۔ یعنی نہار ۔
ریگ ۔ ف ۔ بالو ۔ ریت ۔ اور کبھی مراد رمل
سے جو علم معروف ہے ۔
ریگ بوم ۔ ف ۔ بغیر اضافت کے ریگستان
ریگ ریختن ۔ ف ۔ خراب کرنا ۔
ریگ شو ۔ ف ۔ بیارہ دھونیوالا ۔ نیاریا
ریم ۔ ف ۔ میل خواہ جسم کی خواہ کپڑے کی ۔
پیپ جو پھوڑے سے نکلتی ہے ۔ کثافت
لوہے یا چاندی وغیرہ کی ۔
ریم آہن ۔ ف ۔ لوہے کی میل جو آگ مین
نکلتی ہے ۔
ریمگین ۔ ف ۔ میلا کچیلا ۔ چرک آلود ۔
ریمن ۔ ف ۔ میلا ۔ چرک آلود ۔ سرکش
مکار ۔ بدنفس ۔ خراب ۔
ریمیا ۔ ف ۔ بروزن کیمیا ۔ نام ایک علم کا جسکا
کامل جہان چاہے دم بھر مین چلا جاوے

رَیْن ۔ع۔ گناہ کا کسی پر غالب ہوجانا۔ خبیث اور بدنفس ہونا۔
رِیْن ۔ع۔ ایسی جگہ گرنا جہانسے نکلنا ممکن نہو
رِیو ۔ ف۔ مکر۔ حیلہ۔ فریب۔
رِیوند ۔ ف۔ اصل راوند کا ایک دواے مسہل بہت مشہور ہی۔
رِیَہ ۔ع۔ فارسی شُش۔ ہندی پھیپھڑا۔
رَئیس ۔ع۔ سردار اور سکندرنامہ مین ایک مقام پر نام بادشاہ کا۔

باب زاے معجمہ

فصل زا۔ مع الف

زابُل ۔ ف۔ نام ایک شہر کا ولایت سیستانسے اور نام ایک مقام کا راگ مین۔
زابُلستان ۔ ف۔ ملک سیستان۔
زاج ۔ع۔ پھٹکری۔
زاجِر ۔ع۔ منع کرنیوالا۔ جھڑکنے والا۔
زاحِف ۔ع۔ وہ تیر جو قریب نشانہ کے پہونچکر زمین پہ لگے اور پھر اُچٹ کر نشانہ پر لگے۔ وہ حیوان جو پیٹ کے بل زمین پر چلے۔ واضح ہو کہ حیوان چار قسم کے ہوتے ہین۔ (۱) ماشی جو پیرونسے چلے (۲) طائر جو پرونسے اُڑے (۳) زاحف جو پیٹ کے بل گھسل کر چلے (۴) سابح جو پانی مین تیرے۔
زاحِل ۔ع۔ تھک جانیوالا۔ زائل ہونیوالا۔
زاخِر ۔ع۔ وہ دریا جو زور کرکے چڑھتا ہی اور جسکا پانی کنارون سے باہر بہنے لگتا ہی یعنی موج مارنیوالا۔
زاخَل ۔ ف۔ درخت تھوہڑ کا جو کڑوا اور زہردار ہوتا ہی اور دودھ بھی اُسمین سے نکلتا ہی عربی مین زَقُّوم کہتے ہین۔
زاد ۔ع۔ توشہ جو مسافر سفر مین اپنے ساتھ رکھتے ہین۔ راہ کا خرچ و کھانا وغیرہ۔
زاد ۔ ف۔ جنا۔ پیدا کیا اور بمعنی فرزند اور بمعنی سن و سال۔
زاد بُوم ۔ ف۔ مقلوب الاضافت ہی یعنی بوم زاد بمعنی اسکے وہ جگہ اور زمین اور مقام اور وطن جہان آدمی پیدا ہوا ہو۔
زادَہ ۔ ف۔ جنا ہوا۔ اور بمعنی فرزند۔
زادۂ خاک ۔ ف۔ کنایہ چاندی سونیسے
زادۂ شش روز ۔ ف۔ کنایہ تمام عالم سے اسلیے کہ حقتعالی نے عرش سے لے کر تَحْتُ الثَّریٰ تک چھ روز مین پیدا فرمایا ہی۔
زادِراہ ۔ ف۔ راہ کا خرچ۔ توشہ راہ کا۔
زادَن ۔ ف۔ جننا۔
زار ۔ ف۔ ہر چیز کی انبوہی و زیادتی جیسے لالہ زار۔ گلزار۔ اور بمعنی ضعیف۔ خوار۔ نالان۔ عاجزی۔ اندوہ۔ غم۔
زار نالی ۔ ف۔ بیقراری سے رونا عاجزی سے فریاد کرنا۔
زاری ۔ ف۔ رونا۔ عاجزی کرنا۔ ضعیفی
زارِیدن ۔ ف۔ رونا۔
زاغ ۔ ف۔ کوّا۔ مشہور پرند ہی۔ کمان کا گوشہ جو سیاہ سینگ کا دونون طرف کمان کے گوشون پر لگاتے ہین۔ نام ایک راگ کا موسیقی سے۔
زاغ ۔ع۔ صیغہ ماضی کا پھرا۔ جھکا۔ مائل ہوا۔
زاغ پا ۔ ف۔ سرزنش۔ طعنہ۔ نام ایک پرند کا
زاغ شب ۔ ف۔ کنایہ سر کے بالون سے
زاغ کمان ۔ ف۔ کمانکے گوشونکی نوک۔
زاغُول ۔ ف۔ واؤ مجہول سے۔ نام ایک لوہے کے نوکدار اوزار کا ہندی کُدال۔
زاک ۔ ف۔ پھٹکری۔
زال ۔ ف۔ بوڑھی عورت۔ بوڑھا مرد جسکے بال سب سفید ہوگئے ہون۔ اور نام رستم کے باپ کا جسکے پیدایشی سب بال سفید تھے۔
زالِ کُوفہ ۔ ف۔ لقب ایک بڑھیا کا جو کوفہ مین رہتی تھی اسی کے گھر کے تنور سے طوفان نوح نے جوش مارا تھا مگر اُسکو کچھ ضرر نہین پہونچا
زالِ مَدائِن ۔ ف۔ یہ ایک بڑھیا مدائن مین تھی کہ اسکی کوٹھری نوشیروان کے مقام نشست کے پاس تھی کہ اُسکے کھانا پکانیکے دھوین سے نوشیروانکو بہت تکلیف ہوتی تھی ہرچند نوشیروان زرکثیر دیتا رہا مگر بڑھیا نے اپنی کوٹھری نہ بیچی اور نہ بادشاہ نے زبردستی لی۔

زانو - ف - گھٹنا -
زانو شہ کردن - ف - کسی کے پاس نہایت ادب سے بیٹھنا
زانو زدن - ف - }
زانی - ع - حرام کار - زنا کرنیوالا مرد -
زانیہ - ع - زنا کرنیوالی عورت -
زاوی - ع - ریزہ - گوشہ ہر چیز کا -
زاویہ - ع - کنج - کونہ - گوشہ مکان کا کونہ ہر چیز کا -
زاویۂ قائمہ - ع - شکل اسکی یہ ہے
زاویۂ حادّہ - ع - } شکل یہ ہے
زاویۂ منفرجہ - ع -
زاہد - ع - وہ شخص جو دنیا کی رغبت اور خواہش نہ رکھے اور سواے خدا کے کسی سے تعلق نہ کرے -
زاہد خشک - ف - وہ زاہد جسکو شوق عبادت کرنیکا نہو -
زاہر - ع - کھلا ہوا پھول - روشن - بلند -
زائیدگی - ف - پیدائش - پیدا ہونا -
زائیدن - ف - جننا بچہ کا -
زائچہ - ف - جنم پترہ - اور قرعہ پھینک کر جو رمل کی شکلین رمال لکھتے ہین -
زائد - ع - بڑھا ہوا - حساب سے افزون -
زائر - ع - ملنے والا - زیارت کرنیوالا -
زائل - ع - دور ہونیوالا - جاتا رہنے والا -

فصل زا - مع باے موحدہ

زبّ - ع - بچونکا عضو تناسل - اور معنی ناک

زُبا - ع - بلند پشتے جنپر سیلاب کا پانی نہ پہونچ سکے -
زباب - ع - بڑے چوہے جو سرکش ہون -
زبابہ - ع - ایک بڑا چوہا سرکش -
زبّاب - ع - مویز بیچنے والا -
زباد - ع - نام ایک خوشبو کا جو سفید زردی ملی ہوئی ہوتی ہے اور یہ جنگلی بلاؤ کے خصیہ کا عرق ہے گاڑھا مثل شہد کے اور یہ اسکی مستی ہوتی ہے ہندی مین اسکو مشک بلائی کہتے ہین
زبان - ف - بولی - اور منھ مین جو زبان ہے
زبان آور - ف - شاعر فصیح صفا زبان
زبان آوری - ف - زبانکی تیزی -
زبان بازی - ف - بربری کرنا خصومت کرنا
زبان بر دیوار مالیدن - ف - قناعت کرنا
زبان بر خاک مالیدن - ف - عاجزی کرنا
زبان بکسے یکے کردن - ف - کسی کے کلام کی موافقت کرنا -
زبان بہ مسمار دوختن - ف - چپ رہنا -
زبان بہ قفا - ف - گل فرمان - اس پھول کے پیچھے ایک شے مثل چڑیا کی زبان کے ہوتی ہے پس اسی سبب سے اسکو نافرمان کہتے ہین کیونکہ جو شخص حکم بادشاہ کا قبول نہین کرتا ہے اسکی زبان گدی کیطرف سے باہر کھینچ لیجاتی ہے
زبان بند - ف - وہ تعویذ جو واسطے زبان بندی دشمنون اور بدگویونکے لکھا جاتا ہے -

زبان بند خرد - ف - کنایہ شراب سے -
زبان بر زبان - ف - وہ شخص جو ابھی کچھ کہے اور ابھی کچھ اُسکے خلاف کہنے لگے -
زبان تر کردن - ف - بات کرنا -
زبانِ ترازو - ف - کانٹا یعنی وہ ڈوری وغیرہ جو ترازو کی ڈنڈی کے بیچ مین ہوتا ہے
زباندان - ف - فصیح و بلیغ
زبان دراز - ف - بیہودہ -
زبان درکشیدن - ف - چند نوجوانی -
زبان دادن - ف - اقرار کرنا - شرط کرنا -
زبان زدہ - ف - مشہور و معروف -
زبان سوختن - ف - بات کرنے سے بالکل زبان کو بند کرلینا - گفتگو ترک کرنا -
زبان سنگین - ف - گونگا -
زبان فروش - ف - بہت بکنے والا -
زبان گندمی - ف - نرم زبانی -
زبانگیر - ف - جاسوس -
زبانہ - ف - لپٹ آگ کی شعلہ اور ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کی ڈوری وغیرہ کا نٹا -
زبانی - ف - سرکش لوگ - دوزخ کے نگہبان اور موکل - یہ جمع زبنی کی ہے -
زبانیان - ف - سرکش لوگ - دوزخ کے دربان فارسی لوگ زبانی کو مفرد استعمال کرتے ہین اور اسکی جمع بطور فارسی کے الف اور نون کے ساتھ لاتے ہین جیسے حور کی جمع حوران

زَبانیہ - ع - موکلان دوزخ - دربانان دوزخ -
زُبادہ - ع - مزید علیہ زُبیہ کا زمین کے بلند ٹیکرے جنپر سیلاب کا پانی نہ پہونچ سکے -
زَبَد - ع - مسکہ - جھاگ - کف -
زُبدہ - ع - مسکہ - خلاصہ ہر چیز کا - چیدہ
زُبُر - ع - کتابیتن تحریرین - لوہے کے پتر - تختیان - لوح محفوظ -
زَبر - ع - لکھنا عقل - توانا مضبوط غصہ سے چیخ کر بولنا -
زِبر - ع - کتاب -
زِبَر - ف - حفظ پڑھنا - یاد پڑھنا -
زَبَر - ف - طاقتور - اوپر والا -
زُبرہ - ع - لوہے کا پتر - نام ایک ستارہ روشن کا جو بُرج اسد کے دوش پر واقع ہوا اور سیرگیارھوین منزل ہو چاندکی -
زِبرہ - ع - ایک تحریر - ایک کتاب -
زِبرِج - ع - زیور - زینت - آرایش ہلکا ابر سُرخ رنگ کا -
زَبرجد - ع - ایک قسم کا جوہر ہو سبز رنگ زردی مائل مثل زُمرد کے -
زَبردست - ف - غالب - طاقتور -
زَبردستی - ف - دھینگا دھینگی کرنا -
زِبرِقان - ع - چودھوین رات کا چاند نام ایک صحابی کا - وہ شخص جسکی داڑھی بہت کم ہو - اور کبھی اس لفظ سے مراد کاغذ سفید بھی ہوتا ہو -
زِبل - ع - لید - گوبر - گوہ -
زَبل - ع - زمین کو طاقت دینا اور اچھا کرنا پانس ڈالکر -
زَبُور - ع - لکھی ہوئی چیز - تحریر - اور نام کتاب داؤد علیہ السلام کا -
زَبون - ف - بد - بدتر - بیوقوف عاجز بیچارہ قیدی - اونٹ لات مارنیوالا -
زَبیب - ع - مویز یعنی خشک انگور ہندی مین اسکو داکھ کہتے ہین -
زُبیدہ - ع - ہارون رشید کی بیوی کا نام یہ نہایت بزرگ ہمت اور نیک تھی -

فصل زا - مع جیم

زُجاج - ع - شیشہ - کانچ - وہ چیز جو بصورت قندیل سفید شیشہ کی بنائین - اور معنی اُس شیشہ کے بھی آیا ہو جسمین عرق بھرتے ہین
زِہاج - ع - بہت سے شتر مرغ -
زَجّاج - ع - شیشہ بنانیوالا - اور لقب علم نحو کے ایک امام کا -
زَجّاجی - ف - شیشہ بیچنے والا -
زُجاجہ - ع - کانچ - شیشہ - شیشہ کی قندیل نام ایک گانو کا مصر مین -
زَجر - ع - روکنا - باز رکھنا - منع کرنا - مگر فارسی کے محاورہ مین معنی لازم آتا ہو یعنی مار گھڑکی - جھڑکی -
زَجرہ - ع - آواز بہت کڑی سخت شور صور کی آواز جو قیامت کے دن پھُنکیگا -
زَجیر - ع - منع کرنیوالا - باز رکھنے والا -
زَجیہ - ع - وہ عورت جسنے ابھی بچہ جنا ہو -

فصل زا مع حاے مہملہ

زِحاف - ع - گرنا ایک حرف کا شعر مین یا حرف کے درمیان سے اور ایسے شعر کو مزاحف کہتے ہین -
زِحام - ع - انبوہی - بہتایت -
زَحف - ع - بچہ کا گھُٹنیون چلنا حیوان کا بیٹ کے بل گھسل کر چلنا خطا کرنا تیر کا نشانہ سے - تیر کا نشانہ پر لگنا مگر پہلے زمین پر ٹھوکر کھاکے - دشمن پر چڑھائی کرنا لشکر کا اکٹھا ہوکے -
زُحَل - ع - نام ایک ستارہ مشہور کا جو ساتوین آسمان پر ہو ہندی مین اس کو سنیچر کہتے ہین اور نحس اکبر ہو -
زَحم - ع - زحمت - انبوہ - تنگی -
زَحمت - ع - تکلیف - دُکھ - رنج - تنگی - اور مراد لوگونکی کثرت سے -
زَحیر - ع - بیماری شکم کی ہو جسمین مروڑا ہوتا ہو آنون لہو کے دست آتے ہین فارسی مین اسکو پیچش کہتے ہین - اور عرف مین مجازاً بمعنی ناخوش اور آزردہ کے مستعمل ہو -

فصل زا - مع خاے معجمہ

زَخ - ف - شور غل - گھنٹہ کی آواز -

زخارف - ع - جمع ہے زخرفہ کی دنیا کی ظاہری
آرائشین - ملمع کی ہوئی چیزین یعنی وہ چیزین
جنکا ظاہر اچھا ہوا ور باطن خراب - وہ باتین
جو اصل مین غلط ہون -
زخار - ع - دریا موج مارنیوالا جسکا پانی
کنارونسے بہ نکلے مشتق زخر سے جسکے معنے
مین دریا کا لبالب ہونا پانی سے -
زخار - ف - یہ لفظ فارسی بھی ہے بمعنے
نعرہ مارنیوالا اور شور کرنے والا اسلیے
کہ لفظ زخ فارسی مین بمعنی شور اور آواز سخت
کے ہے پس اس صورت مین یہ لفظ مرکب
ہے لفظ زخ اور کلمہ آر سے -
زخر - ع - بھرجانا دریا کا پانی سے اور بہ نکلنا
پانی کا کنارونسے - لبالب بھرنا کسی چیز کو -
گھنا نکلنا ہری گھاس کا -
زخرف - ع - ظاہری آرائش - ظاہر کی
زیب چیز - خوبی کلام کی جھوٹ ملانے
سے ظاہر اچھا باطن خراب اور برا -
زینت ظاہری جھوٹی بات کو
زخرفہ - ف - رنگ کی شکل کرنا - مکاری - دغابازی
سڑجانا پوست کا - گھاور
زخم - ف - }
زخم دار - ف - } گہرا گھاؤ -
زخم درست - ف - کنایہ موت سے -
زخم کوس - ف - بڑا نقارہ -

زخمہ - ع - ساز بجانیکی چیز - مضراب - نقارہ
کی چوب - ڈنکا وغیرہ - اور مصطلحات مین معنی
حرکت ہمانع کے بھی لکھا ہے -

فصل زا - مع دال مہملہ

زد - ف - مارا - چوٹ مارنا -
زدا - ف - صاف کرنیوالا - پاک کرنیوالا -
اور امر بھی بمعنی پاک کر -
زدودن - ف - زنگ چھڑانا - صیقل کرنا
زد و کوب - ف - مار پیٹ -
زدن - ف - اسکے بہت معنی ہین (۱) مارنا
جیسے تیغ زدن (۲) کھانا - کباب زدن (۳)
پینا - ساغر زدن (۴) کرنا - مشق زدن (۵)
مشابہ ہونا - این رنگ بفلان رنگ میزند (۶)
کھولنا - رگ زدن (۷) ڈالنا - قرعہ زدن
(۸) پھیرنا - عنان زدن (۹) جلانا - آتش زدن
(۱۰) بھڑکنا - شعلہ زدن (۱۱) ملنا - روغن زدن
(۱۲) برپا کرنا - خیمہ زدن (۱۳) لکھنا - نقش زدن
(۱۴) رکھنا - تخت زدن - (۱۵) بچھانا - فرش زدن
(۱۶) پہننا - تاج زدن (۱۷) باندھنا - گرہ زدن
(۱۸) بند کرنا - قفل زدن (۱۹) بجانا - طبل زدن
(۲۰) لینا - بوسہ زدن (۲۱) لوٹنا - راہ زدن
(۲۲) کہنا - حرف زدن (۲۳) گلانا - آبلہ زدن
(۲۴) چھڑکنا - نمک زدن - (۲۵) گرانا -
آب زدن (۲۶) راہ طے کرنا - پا زدن
(۲۷) کاٹنا - ناف زدن (۲۸) چلانا - قلم زدن

اور سوا اسکے بھی اور بہت معنی ہین -
زدہ - ف - مارا ہوا - چوٹ کھایا ہوا -

فصل زا - مع رائے مہملہ

زر - ف - اکثر بمعنی طلا یعنی سونے کے آتا
ہے اور کبھی چاندی اور روپے اور نقد پر
بھی اسکا اطلاق کرتے ہین اور بمعنی اشرفی
کے بھی اور بمعنی نہایت بوڑھے کے بھی خواہ عورت
ہو خواہ مرد اور بمعنی زال کے بھی جو رستم پہلوان
کا باپ تھا - اور مخفف زرد کا بھی آیا ہے -
زراب - ف - بمعنی شراب زرد رنگ اور
بمعنی حل کیے ہوے سونیکے بھی آیا ہے -
زراد - ع - زرہ بنانیوالا - نام ایک عالم کا -
زرادخانہ - ف - سلاح خانہ -
زراعت - ع - کھیتی - کھیتی کرنا -
زراف - ع - }
زرافہ - ع - } شتر گاؤ پلنگ -
زر افشان شدن - ف - سخاوت کرنا
کسی کی تعریف کرنا -
زر افشان کوس - ف - کنایہ آفتاب سے
زراق - ع - مکار - نفاق والا -
زر اندودن - ف - سونا چڑھانا کسی چیز
پر - ملمع کرنا -
زراوند - ع - نام ایک دوا کا اور یہ دو قسم
کی ہوتی ہے لمبی کو طویل اور گول کو مدحرج
کہتے ہین -

زَرْ بَاف - ف - سنہری -
زَرْ بَفت - ف - کپڑا چاندی اور سونیکے تارون اور سوت سے بُنا ہوا -
زَرْ پَرست - ف - روپیہ کا لالچی -
زَرْتُشت - ف - نام ایک مرد کا جو منوچہر بادشاہ کی نسل سے تھا اور شاگرد فیثاغورث حکیم کا اسنے گشتاسپ بادشاہ کے زمانہ مین نبوت کا دعویٰ کیا اور آتش پرستی کا دین ایجاد کیا مجوس لوگ اسکو پیغمبر جانتے ہین اور جو اسنے ایک کتاب ژند بناکر اپنی امت کو دی تھی اُسکو کتاب آسمانی کہتے ہین -
زُرَّت - ع - جوار ایک غلہ مشہور ہی -
زَرِ جَعفَری - ف - خالص سونا منسوب ہی جعفر برمکی وزیر سے جسکے حکم سے صاف سونیکا استعمال جاری ہوا تھا -
زَرِ خُشک - ف - } خالص سونا -
زَرِ خَلاص - ف - }
زَرْد - ف - پیلا - اور کبھی مراد شام سے ہوتی ہی -
زَرْد - ع - زرہ بنانا - لقمہ کا گلے سے نیچے نکلنا - گلا گھوٹنا -
زُرُد - ع - بہت کھانا - اور بمعنی زرہ -
زُرْد - ع - جوار جو غلہ مشہور ہی -
زَرْد آب - ف - پیپ - زرد پانی صفرا -
زَرْد آلو - ف - نام ایک مشہور میوہ کا جسکو خشک کرنے کے بعد خوبانی کہتے ہین -
زَرْد چَشم - ف - شکاری مرغ مثل باز اور باشہ اور جُرّہ اور شاہین وغیرہ کے -
زَرْد چُوب - ف - ہلدی -
زَرْد رُخ - ف - کنایہ عاشق سے -
زَرِ دست اَفشار - ف - نام ایک قسم کے بیش قیمت اور خالص سونیکا جو خسرو پرویز کے خزانہ مین تھا مثل موم کے نرم -
زَرْدُشت - ف - } یہ دونون نام بھی
زَرْدُہشت - ف - } اُسی زرتشت کے ہین جسکی تعریف ابھی گذری -
زَرْدَک - ف - گاجر -
زَرْدوزی - ف - چاندی یا سونیکے تارونکا کام -
زَرِ دَہ دَہی - ف - } خالص سونا -
زَرِ دَہ مِہی - ف - }
زَرِ سارا - ف - زر خالص -
زَرِ سُرخ - ف - سونا - اشرفی -
زَرِ سفید - ف - چاندی روپیہ -
زَرِ صامت - ف - اصلی معنی زر خاموش اور مراد اس سے بھی سونا چاندی اشرفی روپیہ - مال - اور صامت بمقابلہ ناطق یعنی بولنے والے کے ہی پس مال صامت تو زر و نقرہ وغیرہ ہوا اور مال ناطق لونڈی غلام گھوڑا - ہاتھی وغیرہ ہی -
زَرْع - ع - کھیتی - کھیتی کرنا -
زَرْغُب - ف - ایک قسم کا کپڑا ہوتا ہی جسکو کمخت کہتے ہین -
زُرْفِین - ع - دروازہ کا حلقہ یعنی زنجیر -
زَرْقا - ع - وہ عورت جسکی آنکھین سبز اور نیلی ہون - اور نام ایک خاص عورت کا عرب سے جو بہت تیز نظر تھی کہتے ہین کہ زرقا ایک دن کی راہ کی دوری سے سوار کو بخوبی دیکھ لیتی تھی -
زَرْق - ع - جھوٹ - کر - نفاق - پرند کا بیٹ کرنا - گردش آنکھون کی - دوا کا ٹپکانا کسی جگہ - اندھا ہونا
زُرْق - ع - نیلی آنکھون والے - اندھے بالوکے ٹیلے اور تودے - صاف پانی جنمین کدورت نہو - یہ جمع اَزرق کی ہی
زَرَق - ع - کبود چشم ہونا - صاف ہونا پانیکا میل سے -
زُرَّق - ع - ایک مرغ شکاری [illegible] ہندی کہتے ہین باز سفید - اور [illegible] اور بمعنی غلہ فشان کہتے ہین - زرانق اسکی جمع
زَرِ قلب - ف - کھوٹا [illegible]
زَرْک - ف - سونے کے [illegible] رہنا -
زَرگَر - ف - سُنار -
زَرگَری - ف - سُنار کا پیشہ [illegible]
زَرِ گُل - ف - گُلاب کا زیرہ -

زرِ مغربی ۔ ف ۔ خالص سونا۔ اور مجازاً کنایہ آفتاب سے ۔

زرنب ۔ ع ۔ نام ایک دوا کا ہندی برہمی اور یہ خوشبودار ہوتی ہے اور بعضے بعضے زعفران کہتے ہین ۔

زرنباد ۔ ع ۔ نام دوا کا ہندی نرکچور ۔

زرنگار ۔ ف ۔ وہ چیز جس پر سونے کے نقش بنے ہون ۔

زرنیخ ۔ ع ۔ ہڑتال ۔

زرود ۔ ع ۔ نام ایک موضع کا کہ مکہ معظمہ کی راہ مین جہان پانی نہین ملتا ہے ۔

زرہ ۔ ف ۔ چلتا ۔

زرہ گوش ۔ ف ۔ منافق ۔

زرین ۔ ف ۔ سونیکا کام کیا ہوا ۔

زرین بیضہ خور ۔ ف ۔ یوسف زلیخا مین مراد حضرت یوسف کی ٹوپی سے ۔

زرین درفش ۔ ف ۔ علم زرین ۔

زرین درخت ۔ ف ۔ ترنج کا درخت

زرائید سنگ مین مراد سکندر کے تخت سے

زرا ... ۔ ف ۔ سکندرنامہ مین مراد رمل کی شکلیں ہے ۔

زرائیمہ ۔ ف ۔ سکندرنامہ مین مراد ستارہ سے ۔

فصل زا ۔ مع شین معجمہ

زشت ۔ ف ۔ برا ۔ بھونڈا ۔ بدشکل ۔

زشتی ۔ ف ۔ برائی ۔ بدشکلی ۔

فصل زا ۔ مع عین مہملہ

زعاف ۔ ع ۔ وہ زہر جو فوراً ہلاک اور قتل کر ڈالے ۔ ناگہانی موت ۔

زعاق ۔ ع ۔ شور مزہ ۔ کھاری اور کڑوا پانی جو پی نہ سکین ۔

زعرور ۔ ع ۔ نام ایک میوہ کا اور بعضے کہتے ہین ایک قسم کا بیر ہے ۔

زعف ۔ ع ۔ کسی کو اس طرح قتل کرنا کہ وہ اُسی جگہ فوراً مر جائے ۔

زعفران ۔ ع ۔ کیسر ۔

زعم ۔ ع ۔ ظن ۔ گمان ۔ ایسی بات کہنا جسکے سچ اور جھوٹ ہونے مین کہنے والا خود متردد ہو ۔ جھوٹ بولنا ۔

زعم ۔ ع ۔ طمع کرنا ۔ لالچ کرنا ۔

زعم ۔ ع ۔ ضامن ہونا ۔

زعیم ۔ ع ۔ ضامن ۔ پیشوا ۔ وکیل ۔ کفیل ۔ رئیس قوم ۔

فصل زا ۔ مع غین معجمہ

زغال ۔ ع ۔ کوئلہ ۔

زغل ۔ ع ۔ اناکا بچہ کو دودھ پلانا ۔

زغن ۔ ف ۔ چیل مشہور پرندہ ہے ۔

زغند ۔ ف ۔ جست ۔ کود جیسا کہ ہرن کی چوکڑی ۔

زغیر ۔ ع ۔ کتان ۔ ہندی السی ۔

فصل زا ۔ مع فا

زفاف ۔ دُلہن کو دولہا کے گھر روانہ کرنا ۔ دولہا کا دُلہن کو پہلی مرتبہ ہم بستر کرنا ۔

زفان ۔ ف ۔ زبان ۔

زفانہ ۔ ف ۔ سُلگتا ہوا کوئلہ ۔ انگارا ۔

زفت ۔ ف ۔ دُرشت ۔ سخت ۔ فربہ ۔ موٹا محکم ۔ مضبوط ۔ تیز مزہ ۔ جو زبان کو کاٹے کسیلی چیز جو کھانے مین گلا پکڑے مثل ہڑ اور بہیڑہ وغیرہ کے ۔

زُفت ۔ ف ۔ بخیل ۔ بدخو ۔ بدمزہ ۔

زِفت ۔ ع ۔ قیر کی ایک قسم کا نام اور یہ درخت صنوبر کا گوند ہے جو سیاہ اور مثل لاہ کے چکنے والا ہوتا ہے اور اسکو کشتی کی درزون پر ملتے ہین تاکہ پانی اندر نہ آئے اور قیر کو قار بھی کہتے ہین ۔

زفر ۔ ع ۔ سانس کو کھینچ کر بلند کرنا ۔ پانی پلانا باندھنا ۔ آواز کا سننا ۔ آگ کا سلگانا اور روشن کرنا ۔

زفر ۔ ع ۔ بوجھ اسباب مسافر کا ۔

زفر ۔ ع ۔ مرد دلیر شیر جو درندہ مشہور ہے دریا ۔ نہر بڑے پانی کی بخشش بہت اور زیادہ ۔ بوجھ اُٹھانیوالا اونٹ فربہ اور موٹا ۔ لشکر ۔ فوج ۔ آدمیونکا گروہ ۔

زفیر ۔ ع ۔ سانس کو کھینچنا اور پھر بلند کرنا

سختی۔ بلا۔ گدھے کی پہلی آواز اور اخیر کی آواز
کو شہیق کہتے ہین۔

فصل زا۔ مع قاف

زِق۔ع۔ مشک پانی وغیرہ کی۔
زَقّوم۔ع۔ درخت تھوہڑ کا اور یہ کڑوا زہر آلود
ہوتا ہو اور اسمین سے دودھ نکلتا ہو اور
ایک درخت ہو دوزخ مین جو خوراک
دوزخیون کی ہوگی۔ اور فارسی مین یہ لفظ
بغیر تشدید قاف کے بھی آتا ہو۔
زُقّہ۔ع۔ وہ دانہ پانی جو پرند جانور مثل کبوتر
کے اپنے گلے سے نکال کے بچہ کو بھراتا ہو
اور وہ دوا جو بچہ کی مان اپنے دودھ مین گھول
کے بچہ کے حلق مین ڈالے۔ اور نام ایک
چھوٹے سے پرند کا۔ اور وہ دوا
مسہل جو نئے بچہ کو بعد پیدا ہونیکے دیتے
ہین اسکو ہندی مین گھُٹّی کہتے ہین۔

فصل زا۔ مع کاف

زَک۔ع۔ ناطاقتی اور دُبلاپے سے
چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھانا اور آہستہ آہستہ
زمین پر چلنا۔
زَکّ۔ف۔ تہمت دینا۔ الزام دینا۔
زَکاء۔ع۔ بڑھنا۔ پھولنا۔ زیادہ ہونا۔ عیش
و عشرت کرنا۔
زَکاب۔ع۔ لکھنے کی سیاہی۔
زُکام۔ع۔ سردی کی بیماری جسمین ناک
بہتی ہو۔
زَکَرِیّا۔ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا۔
زُکرہ۔ع۔ شراب کی مشک۔
زکوٰۃ۔ع۔ چالیسوان حصہ مال کا جو خدا
کی راہ مین ہر سال دینا مسلمانون پر فرض ہو
اور یہ صدقہ شرعی ہو۔
زَکِیّ۔ع۔ پاک۔ صاف۔
زَکِیاک۔ع۔ آہستگی کی چال۔
زَکیدن۔ف۔ آپ ہی آپ غصہ اور قہر
سے بڑ بڑانا۔
زُکال۔ف۔ کوئلہ جو سیاہ ہو۔

فصل زا۔ مع لام

زَلّات۔ع۔ لغزشین۔ غلطیان۔
زَلازِل۔ع۔ زلزلے۔ بھونچال۔ یہ جمع
ہو زلزلہ کی۔
زُلال۔ع۔ پانی شیرین اور صاف۔
زَلّت۔ع۔ پھسلنا۔ لغزش۔ مراد ہو
ناپسندیدہ کام سے اور اس لفظ کو بطریق
ادب کے استعمال کرتے ہین جیسے زلّتِ انبیا۔
زِلزال۔ع۔ ہلانا۔ لرزہ کرنا۔
زَلزلہ۔ع۔ بھونچال۔ زمین کا لرزنا۔
زُلف۔ع۔ ایک حصہ رات کا۔ مگر فارسی
لوگ اپنے تصرف سے اس لفظ کو لام کے جزم
سے پڑھتے ہین اور چونکہ رات کالی ہوتی ہو اس
مناسبت سے مجازاً اس لفظ کے یہ معنی لیتے
ہین یعنی بالونکی لٹ جو کانکے قریب ہوتی ہو
زُلفۃ۔ع۔ درجہ۔ منزلت۔ نزدیکی۔
ٹکڑا رات کا۔ اور فارسی مین کبھی مجازاً بمعنے
دوستی کے آتا ہو۔
زُلفین۔ع۔ زنجیر۔
زَلَق۔ع۔ پھسلنا۔ زمین برابر جسمین گھاس
تک نہو۔ ہاتھ سے انزال کرنا۔
زَلِق۔ع۔ وہ شخص جسکو جلد غصہ آجائے
اور وہ شخص جو ادخال سے پہلے منزل ہوجائے۔
زَلَل۔ع۔ لغزش۔ نقصان۔ کجی ترازو کی
جائے لغزش۔
زَلو۔ف۔ } جونک۔
زَلوک۔ف۔ }
زَلّہ۔ع۔ جھوٹا کھانا اگلے کا بچا ہوا۔
زَلّہ۔ف۔ جھینگر جو گرمی کی راتون مین
بولا کرتا ہو۔
زَلّہ بند۔ف۔ وہ شخص جو جھوٹا کھانا آگے
کا بچا ہوا دوسرے وقت کے واسطے
رکھے۔
زلیخا۔ف۔ جلیبی مشہور
زَلیق۔ع۔ بچہ جو پیدا ہو
معمول سے پہلے نکل پڑے۔

فصل زا۔ مع میم

زَم۔ف۔ نام ایک ندی کا ہو شہر مردمین
زِمام۔ع۔ مہار اونٹ کی نکیل۔ وہ رسی جو

اونٹ کی نکیل مین دونون طرف باندھتے ہین۔

زَمان۔ ع۔ وقت۔ عرصہ۔ زمانہ۔ ساعت۔ موت۔ عہد۔ فرصت۔ اور جب یہ لفظ بمقابلہ زمین واقع ہوتا ہو تو بمعنی آسمان ہوتا ہو۔

زَمانہ۔ ع۔ وقت۔

زَمانیان۔ ف۔ زمانہ کے لوگ جو قدیم نہین ہین حادث ہین۔

زَمانی۔ ف۔ زمانہ۔ نو پیدا۔

زَمَخشَر۔ ع۔ نام ایک قصبہ کا مضافات خوارزم سے جہان جاراللہ صاحب کشاف پیدا ہوئے تھے۔

زُمُخت۔ ف۔ کسیلا مزہ مثل ہڑ وغیرہ کے۔

زَمر۔ ع۔ بانسری بجانا۔

زُمَر۔ ع۔ آدمیون کے متفرق گروہ۔ اور نام ایک سورۂ قرآنی کا۔

زُمُرد۔ ف۔ ایک جوہر ہو سبز رنگ بیش قیمت۔

زُمُرُدین۔ ف۔ وہ شے جسمین رنگ زمرد کا یعنی سبز پایا جائے۔

مرہ۔ ع۔ جماعت۔ گروہ آدمیونکا۔

۔ ع۔ راگ۔ گیت۔ آہستہ گانا۔

۔ ع۔ ایک کنوان ہو کعبہ کے پاس۔

ن۔ ف۔ جاڑا۔ فصل سرما۔

۔ ع۔ استوار۔ ارادہ۔ قصد۔

ن۔ ع۔ زمانہ۔ وقت۔ آفت۔

زَمِن۔ ع۔ وہ شخص جو ہاتھ پیرون سے اپاہج ہو اور چل پھر نہ سکے۔ اور وہ شخص جو زمانہ کی آفت اور مصیبت مین مبتلا ہو۔

زَمہَرِیر۔ ع۔ سخت سردی جس سے کافرون پر عذاب کیا جائے گا۔ کرۂ ہوا کا ایک طبقہ جو نہایت سرد ہو۔

زَمی۔ ف۔ مخفف زمین کا۔

زَمین۔ ف۔ وہ کرہ جسپر ہم رہتے ہین۔

زَمِین۔ ع۔ شل۔ اپاہج۔

زَمینِ دیوار۔ ف۔ نام ایک روش کا جسکو ڈنڈ بیلنا کہتے ہین۔

زَمین دُوز۔ ف۔ ایک قسم کا خیمہ۔

زَمین در زَمین۔ ف۔ تمام زمین۔

زَمیندار۔ ف۔ کسان۔ مالک زمین۔

زَمین زادہ۔ ف۔ خاکی پیدایش۔

زَمینِ کِینہ۔ ف۔ بغیر اضافت کے وہ شخص جو بڑا سخت کینہ والا ہو۔

زَمین مُردہ۔ ف۔ وہ زمین جو قابل کھیتی کے نہو۔

فصل زا۔ مع نون

زَن۔ ف۔ عورت۔ جورو۔

زِنا۔ ع۔ حرام کاری غیر منکوحہ عورت سے صحبت داری کرنا۔

زَنّا۔ ع۔ بڑا حرام کاری کرنیوالا۔

زَنادِقہ۔ ع۔ جمع زِندِیق بمعنی مُلحِد کی۔

زُنّار۔ ع۔ جنیو یعنی وہ دھاگا جو ہندو لوگ گلے مین رکھتے ہین۔ اور مجوس وغیرہ کافر کمر پر باندھتے ہین۔

زَنانیر۔ ع۔ جمع زُنّار کی اور بمعنی سنگریزے چھوٹی کنکریان۔

زَن بمُزد۔ ف۔ قرم۔ قرمساق۔ بھڑوا۔

زَنبَق۔ ع۔ ایک پھول نہایت خوشبو دار اور تیز بو۔ بعض محققین کہتے ہین کہ زنبق معرب ہو چنبہ کا جو پھول مشہور ہو اور بمعنی چنبیلی کے تیل کے بھی آیا ہو۔

زُنبُور۔ ع۔ بھڑ جو مشہور ڈنک مارنیوالی مکھی ہو زنابیر اسکی جمع ہو۔

زُنبُورَک۔ ت۔ بڑی بندوق اور چھوٹی توپ جو اونٹ پر لیجاتے ہین۔

زُنبُورہ۔ ف۔ تیر کی بھال چھوٹی توپ نام ایک ساز کا۔

زُنبُوری۔ ف۔ کپڑا سوراخدار مثل جالی لوٹے وغیرہ کے۔

زَنبِیل۔ ع۔ تھیلی۔ جھولی جسمین فقیر لوگ بھیک مانگ کر چیزین رکھتے ہین۔

زِنجار۔ مب۔ مُعَرَّب زنگار کا۔

زَنجَبِیل۔ ع۔ سونٹھ۔ سوکھی ہوئی ادرک نام ایک چشمہ کا بہشت مین۔

زَنجِیر۔ ف۔ کڑیان لوہے کی گتھی ہوئین۔

زَنجِیر مُو۔ ف۔ گھونگھر والے بالون والا۔

زَنجِیری۔ ف۔ قیدی۔ دیوانہ۔

زَنخ۔ ف۔ ٹھوڑی۔ طعنہ۔ بیہودہ۔

زنخدان - ف - ٹھوڑی اس لفظ مین کلمہ (دان) زائد ہو -
زنخ زدن - ف - بیہودہ گوئی کرنا -
زن خواستن - ف - عورت کی طلبگاری کرنا - نسبت یا منگنی کرنا -
زند - ف - نام اُس کتاب کا ہو جو زردشت نے لوگونکو بنا کر دی تھی اور دعوی کیا تھا کہ خدا کی طرف سے مجھپر نازل ہوئی ہو اور یہ لفظ بمعنی عظیم اور بزرگ کے بھی آیا ہو -
زند - ع - بند دست - کلائی کی ہڈی -
زندان - ف - قید خانہ -
زندان سکندر - ف - نام ایک تہخانہ کا شہر یزد مین کہتے ہین کہ تابوت سکندر کا اسی تہ خانہ مین رکھا ہو -
زندانیان - ف - قیدی لوگ - بند ہوئے
زندباف - ف - بلبل - قمری - فاختہ -
زند پیچ - ف - سفید کپڑا کلپ دار -
زندخوان - ف - بلبل - قمری - فاختہ -
زندگانی - ف - } زندگی - جینا -
زندگی - ف - }
زندلاف - ف - بلبل - قمری - فاختہ جو خوش آواز ہو - اور بمعنی قیدی -
زندہ - ف - جیتا ہوا - جاندار - کلان - بزرگ عظیم - فربہ - موٹا -
زندہ پیل - ف - یعنی بہت بڑا ہاتھی لقب ایک بزرگ کا جنکا نام شیخ احمد تھا قریہ جام کے رہنے والے -
زندہ دار - ف - بہت جاگنے والا -
زندہ رود - ف - بڑی ندی - نام ایک بڑی نہر کا اصفہان مین -
زندہ شدن باد - ف - ہوا کا چلنا -
زندیق - مب - معرب زندیک کا ہو اور یہ لفظ مرکب ہو زند نام کتاب زردشت اور یائے نسبت اور کاف تصغیر سے جو تحقیر کے معنی دیتا ہو مراد اس لفظ سے بیدین کافر بے ایمان ملحد -
زنگ - ف - گھنٹا - گھنٹا لانا قوس - نام ملک کا - میل لوہے وغیرہ کا - چاندنی - دھوپ تند - تیز - پانی - خراب -
زنگانہ رود - ف - نام ایک باجہ کا جسکو حبشی بجاتے ہین نام ایک ندی کا جو شہر زنگان کی طرف سے گذرتی ہو -
زنگلہ - ف - جھانجھ - گھنٹا - نام ایک مقام کا موسیقی مین گھنگھرو جو ناچتے وقت پانو نمین پہنتے ہین تا کہ پانو نکی دھمک سے آواز نکلے -
زنگولہ - ف - }
زنگولہ بستن - ف - مرتبہ بلند کا دعوی کرنا ولایت مین رسم ہو کہ جب پہلوان لوگ پہلوانی کے کمال پر پہونچتے ہین تو پانون مین گھنگھرو پہنتے ہین -
زنگلہ شاوران - ف - نام ایک بہت بڑے پہلوان ایرانی کا -
زنگی - ف - ملک زنگ کا حبشی -
زنہار - ف - پناہ - امان - مہلت - بچاؤ عہد - پیمان - امانت - خوف - شکوہ - شکایت - پرہیز - حسرت - افسوس - شتاب - جلد - ہوش - آگاہی - اور بمعنی ہرگز کے بھی ہو -
زنہار خوار - ف - عہد کو توڑنیوالا -
زنہار خواہ - ف - پناہ مانگنیوالا -
زنہاری - ف - امان مانگنے والا - وہ شخص جو قول اور عہد کرے - وہ کافر جو مسلمانونکی پناہ مین آیا ہو -
زنیق - ع - محکم - اُستوار -
زنیم - ع - وہ شخص جو کسی خاندان سے مشہور ہوا اور اصل مین وہ اُس خاندان سے نہو - وہ شخص جو خست اور بُرائی مین مشہور ہو -

فصل زا - مع واو

زو - ف - اُس سے - مخفف از او - اور بمعنی غلہ فشان مخفف زود بمعنی شتاب اور جا
زواجر - ع - موانع - روکنے ... رہنا -
زوار - ع - بہت زیارت کرنیوالا
زوار - ع - زیارت کرنیوالے - جمع
زوال - ع - جاتا رہنا - ایک حال سے دوسرے حال مین ہو جانا کسی جگہ سے دور ہو جانا -

نیست و نابود ہونا ۔

زَوَالہ ۔ ع ۔ آٹے کا پیڑہ جسکو پھیلا کر روٹی پکائی جاتی ہے ۔

زَوَاہِر ۔ ع ۔ جمع ہے زاہرہ کی جسکے معنی ہیں ۔ روشن ۔ بلند ۔ کھلا ہوا پھول ۔

زَوَایَا ۔ ع ۔ جمع زاویہ کی ۔ گوشے ۔ کونے ۔

زَوَائِد ۔ ع ۔ جمع ہے زائد کی ۔ وہ اشیا جو مطلب سے زیادہ ہوں ۔

زَوج ۔ ع ۔ جوڑا ۔ جفت خواہ مرد ہو خواہ عورت اور وہ عدد کہ جب اسکو نصف کریں تو دونوں ٹکڑے اسکے بغیر ٹوٹنے کے برابر رہیں جیسے چار ۔ چھ ۔ آٹھ ۔ وغیرہ ۔

زَوجہ ۔ ع ۔ جورو ۔ عورت کا بیاہا ہوا آدمی

زُود ۔ ف ۔ جلد ۔ شتاب ۔

زُودخیز ۔ ف ۔ چالاک

زُودسیر ۔ ف ۔ ناپائدار چیز

…دِی ۔ ف ۔ شتابی ۔ جلدی ۔

…ر ۔ واؤ معروف سے جھوٹ ۔ فریب

… ف ۔ پہلوان ۔

… ۔ چھوٹی کشتی ۔

… ف ۔ طاقت اور زوروالا

… ف ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔

…زہ ۔ ف ۔ بر وزن کوزہ ۔ نوحہ گریہ ماتم ۔ شور ۔ غوغا ۔

زَوزَن ۔ ف ۔ نام ایک شہر کا خراسان میں درمیان ہرات اور نشاپور کے ۔

زَولیدن ۔ ف ۔ اُلجھنا ۔

زَوِیَّت ۔ ع ۔ پیچیدہ ہونا ایک عمارت کا اول یا آخر سے ۔ گردہ ۔

فصل زا ۔ مع ہائے ہوز

زِہ ۔ ف ۔ کلمہ تحسین کا ہے بمعنی شاباش آفرین ۔ چلہ کمان کا ۔ کنارہ ہر چیز کا جیسے زہ گریبان ۔ زہ حوض ۔

زِہ ۔ ف ۔ نطفہ ۔ بچہ ۔ فرزند ۔

زِہاب ۔ ع ۔ ٹپکنا پانی کا چشمہ وغیرہ سے ۔

زُہّاد ۔ ع ۔ زاہد لوگ ۔ عابد لوگ اور پرہیزگار یہ جمع زاہد کی ہے ۔

زَہادت ۔ ع ۔ تقوی اور پرہیزگاری کرنا ۔ زہد ۔ پرہیزگاری ۔

زِہار ۔ ع ۔ عورت کی شرمگاہ ۔ اور مرد کا عضو تناسل ۔

زِہ بازِہ ۔ ف ۔ آوازیں تعریفوں کی جو ہر طرف سے پے در پے آویں ۔

زِہ بر زدن ۔ ف ۔ حد باندھنا کسی چیز کی کتاب کا شیرازہ باندھنا ۔

زُہد ۔ ع ۔ پرہیزگاری کرنا ۔ تقوی کرنا ۔ دنیا کی لذتوں کو چھوڑ دینا ۔

زِہدان ۔ ف ۔ بچہ دان ۔ رحم عورت کا جسمیں مرد کا نطفہ قرار پاتا ہے ۔

زَہر ۔ ف ۔ بس ۔ سم ۔

زُہَر ۔ ع ۔ شگوفے ۔ کلیاں ۔ جمع زہرہ بمعنی شگوفہ کی ۔

زَہرا ۔ ع ۔ لقب جناب فاطمہ علیہا السلام کا

زَہرَبا ۔ ف ۔ وہ کھانا جسمیں زہر ملا ہو ۔

زَہرخند ۔ ف ۔ غصہ اور قہر اور شرمندگی کی حالت میں ہنسنا ۔

زَہردارو ۔ ف ۔ بمعنی تریاق ۔

زَہرگیا ۔ ف ۔ ایک گھاس ہے زہردار ۔

زَہرناب ۔ ف ۔ مجازاً کڑوا پانی ۔

زَہرنوشیدن ۔ ف ۔ دوسروں کے طعن اور سخت کلام کی برداشت کرنا ۔

زُہرہ ۔ ع ۔ نام ہے ایک ستارہ کا جسکو سوک کہتے ہیں ۔ نام ایک عورت کا جسپر ہاروت اور ماروت فرشتے مائل ہوئے تھے ۔ اور بمعنی سفیدی رنگ اور حسن ۔ نام قبیلۂ قریش کا ۔

زُہرہ ۔ ع ۔ شگوفہ ۔ خوبی ۔ آرایش ۔ تازگی ۔

زَہرہ ۔ ف ۔ پتہ ۔ دلیری ۔ شجاعت ۔ قوت ۔

زَہرہ باختن ۔ ف ۔ نامردی کرنا ۔

زُہف ۔ ع ۔ ہلکا ہونا ۔ دوڑنا ۔

زُہق ۔ ع ۔ نیست اور نابود ہونا ۔ مرجانا ۔

زَہِق ۔ ع ۔ تیز رفتار ۔

زَہَق ۔ ع ۔ زمین ایسے جنگل کی جسمیں درخت اور پانی نہو ۔

زِہگیر ۔ ف ۔ انگشتانہ چمڑے یا سینگ وغیرہ کا جو بوقت تیراندازی انگوٹھے میں پہنتے ہیں ۔

زہمت ۔ ع ۔ سڑے ہوے گوشت اور مچھلی کی بدبو جو ناگوار گذرے ۔

زہ و زاد ۔ ف ۔ بچہ اور فرزند مراد اس سے اہل و عیال ۔ لڑکے بالے ۔

زہوق ۔ ع ۔ نیست ہونا ۔ ہلاک ہونا ۔ باطل ہونا ۔ تیر کا نشانہ سے گذرنا ۔

زہوق ۔ ع ۔ نیست اور نابود ہونیوالا ۔

زہے ۔ ف ۔ کلمہ تحسین کا ہے آفرین شاباش

زہیدن ۔ ف ۔ جوش کرنا ۔ باہر آنا ۔

زہیر ۔ ع ۔ کھلا ہوا تاباں ۔ روشن ۔ درخت کلیوں سے لدا ہو ۔

فصل زا مع یاے تحتانی

زی ۔ ف ۔ اندازہ ۔ حد ۔ طرف ۔ نزدیک اور مخفف زیست کا ۔

زیی ۔ ف ۔ حیات ۔ زندگی ۔

زیی ۔ ع ۔ لباس ۔ جامہ ۔ پوشاک ۔

زیاد ۔ ع ۔ زیادہ ۔ زیادہ ہونا ۔ نام ایک بازی کا سات بازیون نرد سے ۔ نام ایک کافر کا جسنے آنحضرت صلعم پر جھوٹی گواہی زنا کی دی تھی اور اُسکو سنگر بھی کہتے ہین اور کنایہ عبد اللہ بن زیاد سے جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے بڑا ظلم کی تھی ۔

زیادت ۔ ع ۔ زیادتی ۔ فزونی ۔ نہایت

زیادہ ۔ ع ۔ بہت افزون ۔

زیادہ سری ۔ ف ۔ غرور ۔ سرکشی اور بمعنی خودپسندی بھی ۔

زیارت ۔ ع ۔ ملاقات کسی بزرگ سے آدمی یا مزار وغیرہ کو دیکھنا ۔

زیافت ۔ ع ۔ کھوٹا ہونا ۔ کھوٹا پن ۔

زیان ۔ ف ۔ نقصان ۔ حرج ۔

زیب ۔ ع ۔ زینت ۔ زیبایش ۔

زیبا ۔ ف ۔ لائق ۔ آراستہ ۔ زیب اور زینت دینے والا ۔

زیبان ۔ ف ۔ خوب ۔ زیبا ۔

زیبایش ۔ ف ۔ زیبائی خوبصورتی آرایش ۔ آراستگی ۔

زیبق ۔ ع ۔ پارہ ۔

زیبیدن ۔ ف ۔ زیبا ہونا ۔ آراستہ ہونا ۔

زیت ۔ ع ۔ روغن زیتون ۔

زیتونی ۔ ف ۔ رنگ سرخ مائل بہ زردی

زیج ۔ معرب ۔ نجومیون کی کتاب جسمین حرکت آسمانون اور ستارون کی نقشون مین لکھی ہوتی ہے یہ معرب زیک کا ہے ۔

زیر ۔ ف ۔ یاے معروف سے آواز باریک جو بم کے مقابلہ مین ہوتی ہے اور بم موٹی آواز کو کہتے ہین ۔ نام ایک پردہ کا موسیقی سے ۔ ہر شے باریک ۔

زیر ۔ ف ۔ یاے مجہول سے کم ۔ در ۔ نیچے

زیر افگن ۔ ف ۔ دری ۔ توشک ۔ نام ایک راگ کا ہندی بھیرون ۔

زیرا کہ ۔ ف ۔ اسواسطے ۔

زیر با ۔ ف ۔ نام ایک قسم کے کھانیکا ۔

زیر بند ۔ ف ۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے ۔

زیر بار ۔ ف ۔ بوجھ کے نیچے تھکا ہوا وہ شخص جسپر بوجھ پڑا ہوا ہو ۔

زیر جامہ ۔ ف ۔ پاجامہ ۔ ازار ۔

زیر جاق ۔ ف ۔ محکوم ۔ مغلوب ۔ نرم فرمانبردار ۔ اور مراد کونی سے بھی ۔

زیر دست ۔ ف ۔ مغلوب ۔ پوشیدہ ۔

زیرک ۔ ف ۔ عقلمند ۔ دانا ۔ حکیم ۔

زیر کاسہ ۔ ف ۔ نام ایک پیچ کا کشتی مین

زیرکی ۔ ف ۔ دانائی ۔ عقلمندی ۔

زیر و زار ۔ ف ۔ آواز حزین و آہستہ ۔

زیر و زبر ۔ ف ۔ اوپر نیچے ۔ اُلٹ پلٹ

زیرہ ۔ ف ۔ نام ایک مصالحہ گرم کا ۔

زیست ۔ ف ۔ زندگی ۔ جینا ۔

زیستن ۔ ف ۔ جینا ۔

زیغ ۔ ع ۔ حق کی طرف پھر جانا ۔

زیف ۔ ع ۔ کھوٹا روپیہ یعنے ٹکسال باہر جسکا چلن نہو

زیف ۔ ع ۔ روپیہ اشرفی کا کھوٹ

زین ۔ ع ۔ آراستگی ۔ خوبی ۔

زینت ۔ ع ۔ آرایش ۔ سجیلاپن ۔ اور

وہ چیز جس سے آرایش کرین مثل عمدہ کپڑون اور زیور وغیرہ کے۔

زِریَن۔ ف۔ گھوڑے کی کاٹھی۔

زِنہار۔ ف۔ پناہ۔ امان۔ ترک کرنا عہد۔ پیمان۔ قول۔ مہلت۔ شکوہ۔ شکایت۔ پرہیز اور بمعنی ہرگز۔

زِینہ۔ ف۔ سیڑھی۔

زِیور۔ ف۔ گہنا۔

زے دقاف۔ ف۔ یاے مجہول سے کنایہ بے ربط اور فضول باتون سے۔

باب زاے فارسی

ژاژ۔ ف۔ ایک گھاس ہو سفید و سخت اور کانٹون والی اور بدمزہ جسکو اونٹ بھی نگل نہین سکتا۔

ژاژ خاے۔ ف۔ وہ شخص جو بیہودہ اور بےمعنی اور بیفائدہ باتین کرے۔

ژاژی۔ ف۔ بیہودہ گوئی۔

ـ پرند جانور۔ ونکا پوٹہ۔

ـ اولا جو آسمان سے برستا ہے

م بمعنی اوس کے بھی آیا ہے سعدی

ن ۵ ژالہ بر لالہ فرود آمدہ ہنگام سحر

ت چون عارق گلبوے عرق کردہ یار

اور بمعنی جالہ کے بھی ہے اور وہ یہ کہ چند مشکون کو پھلا کے آپس مین باندھ کے اوپر مشکون کے لکڑیان باندھ کے گھاس وغیرہ ڈال کے اوسپر بیٹھتے ہین اور دریا وغیرہ کے پار جاتے ہین۔

ژخ۔ ف۔ مسّہ جو آدمی کے بدن پر سیاہ رنگ گوشت کا ٹکڑا پیدا ہو جاتا ہے اور بمعنی نالہ اور فریاد اور شور کے بھی ہے۔

ژرد۔ ف۔ کھانا بہت کھانا۔

ژرف۔ ف۔ عمیق۔ گہرا۔

ژغژغ۔ ف۔ دانت کڑکڑانیکی آواز سرما کے باعث سے یا سخت چیز چبانے کی آواز۔ یا جاڑے کی شدت یا قہر و غضب مین دانتون کے کٹکٹانیکی آواز۔

ژفک۔ ف۔ کیچڑ جو آنکھونکے کونون مین جمع ہو جاتی ہے۔

ژفیدن۔ ف۔ ڈرنا۔

ژند۔ ف۔ پرانا کپڑا۔ گدڑی۔ چیتھڑا چقماق اور ہر چیز بڑی اور کلان اور خوفناک نام کتاب زرتشت آتش پرست کا جسکو وہ کہتا تھا کہ آسمان سے مجھپر اُتری ہے۔ نام ایک پہاڑ کا۔

ژندباف۔ ف۔ بلبل۔ قمری۔ فاختہ اور مثل انکے جو خوش آواز پرند ہو۔

ژندرود۔ ف۔ نام نہر کا اصفہان مین۔

ژندگی۔ ف۔ کہنگی۔ پرانا پن۔

ژندہ۔ ف۔ پرانا کپڑا۔ گدڑی چیتھڑا بہادر بزرگ اور عظیم اور بڑی اور خوفناک اور بمعنی مست کے بھی آیا ہے جیسے ژندہ پیل بمعنی بڑا ہاتھی یا مست ہاتھی۔

ژوپین۔ ف۔ واو مجہول اور یاے معروف سے وہ برچھی جسکا پھل دو شاخہ ہو۔

ژولیدہ۔ ف۔ پریشان۔ درہم برہم۔

ژولیدن۔ ف۔ اُلجھنا۔ پریشان ہونا۔

ژوہیدن۔ ف۔ چھت کا ٹپکنا مینہ وغیرہ کے پانی سے۔

ژیان۔ ف۔ خشمناک۔ غُصہ مین بھرا ہوا تُندخو۔ اس لفظ کا اطلاق کل درندون اور شکاری جانورون اور شکاری پرندون پر ہوتا ہے اور بعضون نے انسان کو بھی اس لفظ مین داخل کیا ہے۔

ژیغ ژیغ۔ ف۔ بمعنی قطرہ قطرہ۔

باب سین مہملہ

فصل سین۔ مع الف

سا۔ ف۔ مانند۔ مشابہ۔ موافق۔

سابح۔ ع۔ گھوڑا نہایت دوڑنیوالا۔ آدمی پانی مین تیرنے والا۔

سابع۔ ع۔ ساتوان حصہ (۱/۷) ع۔

سابغ۔ ع۔ پورا کامل۔ تمام۔ وسیع۔

سابق۔ ع۔ اگلا۔ بڑھا ہوا۔ سبقت لیجانیوالا لڑکونکا سبق دینے والا۔

سابقا۔ ع۔ پہلے۔ اول دفعہ۔

سَابِقَہ ۔ ع ۔ وہ امر جو پہلے سے کسی کام کے سرانجام کا وسیلہ ہو ۔ زمانہ سابق کی معرفت اور جان پہچان ۔ پہلی عورت ۔

سَابِقَہ سَالار ۔ ف ۔ بمعنی سردار ۔

سَابِقِین ۔ ع ۔ اگلے زمانہ کے لوگ ۔

سَاتِر ۔ ع ۔ ڈھکنے والا ۔ چھپانیوالا ۔

سَاتگِین ۔ ف ۔ بڑا پیالہ شراب کا ۔

سَاتُور ۔ ع ۔ فرعون کے ساحرینمین سے ایک ساحر کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے تھے ۔

سَاج ۔ ع ۔ سیاہ لکڑی ۔ سال کی لکڑی جس سے کشتی بناتے ہین ۔ ایک قسم کا پتھر جس سے تلوار وغیرہ کو صیقل کرتے ہین اور نام ایک پرند کا ۔

سَاجِد ۔ ع ۔ سر جھکانیوالا ۔ سجدہ کرنیوالا ۔

سَاجِع ۔ ع ۔ با قافیہ بات کرنیوالا ۔

سَاجُور ۔ ع ۔ کُتّے کے گلے کا پٹّہ ۔

سَاچَق ۔ ت ۔ ایک دوردراز دل شادی کے کچھ گھڑے میوہ اور شیرینی نقل وغیرہ کے مع لباس دُلھن کے جو دولھا کے گھر سے دلھن کے گھر بھجاتے ہین اُسکو ساچق کہتے ہین ۔

سَاچمہ ۔ ت ۔ چھرّہ جو بندوق مین بھر کر یا پیسون وغیرہ کی تھیلی جو توپ مین بھر کے دشمن کو مارتے ہین ۔

سَاجبہ ۔ ع ۔ باران شدید ۔ بڑا مینھ ۔

سَاحَت ۔ ع ۔ میدان ۔ آنگن ۔ صحن ۔

سَاحِر ۔ ع ۔ جادوگر ۔

سَاحِرہ ۔ ع ۔ عورت جادو کرنیوالی ۔

سَاحِق ۔ ع ۔ پیسنے والا ۔ رگڑنیوالا ۔

سَاحِل ۔ ع ۔ دریا کا کنارہ ۔

سَاخْتن ۔ ف ۔ موافقت کرنا ۔ بنانا ۔

سَاخْت ۔ ف ۔ بناوٹ ۔ بناؤ ۔ بنانا گھوڑے کا زیور اور زین کا اسباب ۔

سَاخْتہ ۔ ف ۔ مستعد ۔ آمادہ ۔ درست ۔

سَاخْتہ رُو ۔ ف ۔ شرمندہ ترشرو مُنھ بنائے ہوے ۔

سَاخِر ۔ ع ۔ تابع کرنیوالا ۔ لوگونکو اپنی طرف مائل کرنیوالا ۔

سَادات ۔ ع ۔ یہ جمع سادت کی ہو اور سادات جمع تکسیر سائد کی اور سائد بمعنی سیّد پس سادات جمع الجمع سائد کی ہے نہ جمع سیّد کی ۔

سَادِس ۔ ع ۔ چھٹا حصّہ (⅙)

سَادِگی ۔ ف ۔ صفائی ۔ بے آرائشی ۔

سَادَہ ۔ ف ۔ لڑکا بے داڑھی مونچھ کا احمق نادان ۔ خالص ۔ خالی ۔ فارغ بے نقش کی کوئی شئی ۔

سادہ پُرکار ۔ ف ۔ معشوق جو بہت شوخ اور عیار ہو ۔

سَادَہ دِل ۔ ف ۔ نادان ۔ احمق ۔

سَادَہ رُوے ۔ ف ۔ بے داڑھی مونچھ کا اور کنایہ معشوق سے ۔

سَادَہ لَوح ۔ ف ۔ احمق بے شعور ۔

سَاذَج ۔ معب ۔ یہ معرب ہی سادہ کا اور نام دوا کا جسکی ہندی تیزپات ہی ۔

سَار ۔ ف ۔ نام ایک پرند سیاہ رنگ خوش آواز کا ۔ اور بمعنی صاحب جیسے شرمسار اور بمعنی سر جیسے نگونسار ۔ اور بمعنی رنج و محنت کے بھی آیا ہی اور واسطے کثرت کے بھی آتا ہی جیسے شاخسار ۔ اور بمعنی مانند جیسے خاکسار ۔ اور بمعنی جگہ جیسے نمکسار اور بمعنی اونٹ جیسے ساربان ۔

سَارَا ۔ ف ۔ خالص اور یہ لفظ سواے عنبر اور مشک اور زر کے اور کی صفت واقع نہین ہوتا ہی ۔ اور کشف مین لکھا ہی کہ سارا ایک قسم عنبر کی ہی ۔

سَاربان ۔ ف ۔ } شتربان ۔
ساروان ۔ ف ۔ }

سَارِق ۔ ع ۔ دُزد ۔ چور

سَارَہ ۔ ع ۔ ایک قسم کی پردہ اور بمعنی رشوت ۔ اور ... ابراہیم علیہ السلام کا ۔

سَارِی ۔ ع ۔ اثر کرنے والا کسر کُل اجزا مین پہونچ جانیوالا ۔

سَاز ۔ ف ۔ بناؤ ۔ باجہ ۔ سامان سفر ۔

استعداد ـ دنق کام کی تجمل ـ تواں سے
اتھیا ـ مہمانی ـ ضیافت ـ چاق ـ توانا ـ
موافق ـ مکر ـ حیلہ ـ مثل ـ مانند ـ نفع ـ من ابد
یعنی نت ـ
سازش ـ ف ـ لگاؤ ـ میل ـ اتفاق ـ
سازگاؤ ـ ف ـ وہ تسمہ جس سے چوپائے
ہنکائے جاتے ہین ـ
سازگار ـ ف ـ موافق ـ لائق اور معنی
دوست موافق ـ
سازمند ـ ف ـ آراستہ ـ سازگار ـ
سازیدن ـ ف ـ سازش کرنا ـ موافقت
کرنا ـ راست کرنا ـ
ساس ـ ف ـ کھٹمل مشہور جو اکثر اہی
جو چارپائی مین ہو جاتا ہو ـ
ساسان ـ ف ـ نام بہمن بادشاہ کے بیٹے
کا جو اپنی بہن ہما کے خوف سے بھاگ کر
... ہو گیا تھا ـ اور یہ ہما موجب دین زرتشتی
... اسکے باپ بہمن کے عقد مین
... اولاد ساسانی کہلاتے ہین
... اصلی معنی گدا اور فقیر کے ہین
... قصاب ـ
... ـ بلند ـ چمکتا ہوا ـ
... ع ـ چھرا اور بغدا قصاب کا اور
معنی خنجر کے بھی آیا ہو ـ
ساعات ـ ع ـ جمع ساعت کی ـ

ساعت ـ ع ـ ڈھائی گھڑی ـ گھنٹہ ـ
ساعتِ سنگین ـ ف ـ منحوس ساعت
ساعد ـ ع ـ بازو ـ مگر فارسی کے استعمال
مین ہاتھ کی کہنی سے نیچے اور ہتھیلی سے
اوپر کو ساعد کہتے ہین ـ
ساعور ـ ع ـ روٹی پکانیکا تنور ـ
ساعی ـ ع ـ کوشش کرنیوالا ـ دوڑنیوالا
چغل خور ـ بدگوئی کرنیوالا ـ
ساغر ـ ف ـ پیالہ شراب کا ـ
سافر ـ ع ـ سفر کرنیوالا ـ مسافر ـ ومعنی
ظاہر ـ عورت روکشادہ ـ گھوڑا کم گوشت
یعنی دبلا ـ
سافل ـ ع ـ نیچے والا ـ زیر ـ پست ـ
ساق ـ ع ـ پنڈلی ـ
ساقِ عروس ـ ف ـ ایلان مین ایک قسم
کی مٹھائی کا نام ـ
ساقط ـ ع ـ گرنیوالا ـ گراہوا ـ نکما ـ
ساقہ ـ ع ـ لشکر کے پیچھے کی فوج جسکو ترکی
مین چنداول کہتے ہین ـ
ساقی ـ ع ـ شراب پلانیوالا ـ
ساکب ـ ع ـ پانی یا خون گرانیوالا ـ
ساکت ـ ع ـ چپکا ـ خاموش ـ
ساکن ـ ع ـ ٹھہرا ہوا بے حرکت ـ
سال ـ ف ـ برس ـ سمت ـ
سال ـ ی ـ کشتی ـ اور ہندی مین نام

ایک درخت مشہور کا ـ
سالار ـ ف ـ سردار ـ
سالارِ بیتُ الحرام ـ ف ـ کنایہ ذات
آنحضرت صلعم سے ـ
سالارِ خان ـ ف ـ بکاول ـ باورچی ـ
سالانہ ـ ف ـ وہ مقرر چیز جو بعد سال بھر
کے ملے ـ
سالب ـ ع ـ لیجانیوالا ـ مٹانیوالا ـ
سالبہ کلیہ ـ ع ـ وہ جملہ جسمین کل کی نفی ہو
جیسے لا شئی من الانسان بحجر ـ
سالبہ جزئیہ ـ ع ـ وہ جملہ جسمین بعض کی نفی ہو
جیسے بعض الحیوان لیس بانسان ـ
سالخورد ـ ف ـ بوڑھا ـ کہنہ ـ پرانا ـ
سالِ شمسی ـ ف ـ وہ برس جو سورج کی چال
پر حساب کیا جاتا ہو ـ
سالغ ـ ع ـ چھ برس کا بیل یا بکرا ـ
سالف ـ ع ـ اگلا ـ قدیم جو پہلے گذر گیا ـ
سالِ قمری ـ ف ـ وہ برس جو چاند کی
چال پر حساب کیا جاتا ہو ـ
سالک ـ ع ـ راہ چلنے والا ـ اور صوفیون
کی اصطلاح مین وہ شخص جو خدا کی نزدیکی بھی
چاہے اور عقل معاش بھی رکھتا ہو ـ
سالکان ـ ف ـ جمع سالک کی ـ
سالم ـ ع ـ ثابت ـ تندرست ـ پورا ـ
سالماً و غانماً ـ ع ـ یعنی اس حال مین کہ

سلامت رہنے والا اور غنیمت یعنی مال اور
دولت لانے والا ہو ۔
سالوس ۔ ف ۔ فریبی ۔ زبان دراز ۔
چرب زبان ۔ مکار ۔ اور بمعنی فریب بھی ۔
سالوسی ۔ ف ۔ چرب زبانی ۔ فریب کرنا
سالوک ۔ ع ۔ مبالغہ کا صیغہ ہی بہت بڑا
راہ چلنے والا ۔ بے سلاح ۔ اور بمعنی چور اور ڈاکو
اور رہزن کے بھی آیا ہی ۔
سالیان ۔ ف ۔ جمع سال کی خلاف قیاس
اور بمعنی ایک برس بھی اس صورت مین الف
اور نون زائد ہوگا مثل بہاران کے اور بعضے
کہتے ہین کہ سالیان جمع سالی کی ہی یعنی وہ چیز
جس سے سال قرار پایا ہو اور وہ زمانہ اور
وقت ہی پس سالیان بمعنی ازمنہ اور اوقات
یعنی زمانون اور وقتونکے ہی ۔
سام ۔ ع ۔ موت ۔ ہلاکی ۔ سونا ۔ چاندی
نام پہاڑ کا ۔ نام حضرت نوح کے بیٹے کا ۔
سام ۔ ع ۔ زہر دینے والا ۔ کھانے مین زہر
مخلوط کر دینے والا ۔
سام ۔ ف ۔ نام رستم پہلوان کے دادا کا
اور بمعنی ورم اور درد جیسے سرسام اور بمعنی
آگ جیسے سام اندر یعنی وہ کیڑا جو آگ مین
رہتا ہو اور مخفف اسکا سمندر ہی ۔
سام ابرص ۔ ع ۔ نام ایک جانور زہردار
کا یعنی چھپکلی یا سوسمار جسے گوہ کہتے ہین ۔

سامان ۔ ف ۔ اسباب تیاری کی چیزین
اندازہ ۔ قدر ۔
ساماخچہ ۔ ف ۔ م } عورتونکا سینہ بند جسے
ساماکچہ ۔ ف ۔ } محرم اور انگیا کہتے ہین
سامر ۔ ع ۔ قصہ گو ۔ داستان کہنے والا ۔
سامری ۔ ع ۔ نام ایک شخص کا جو قصبہ سامرہ
کا رہنے والا تھا اس نے حضرت موسیٰ کی
قوم کو گوسالہ بناکے گمراہ کیا تھا قصہ اسکا بڑا
ہی مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید کے آیا ہی
سامرہ ۔ ع ۔ نام ایک قصبہ مشہور کا درمیان
حر زمین کے ۔
سامع ۔ ع ۔ سننے والا ۔
سامعہ ۔ ع ۔ کان مین جو قوت سننے کی ہی ۔
سامی ۔ ع ۔ بلند ۔ اونچا ۔
سان ۔ ف ۔ رسم ۔ طرز ۔ روش ۔ عادت
مانند ۔ مثل ۔ سامان ۔ سرانجام ۔ سوہان ۔
یعنی سوہن جس سے لوہا وغیرہ رگڑتے
ہین ۔ ٹکڑا ۔ پارہ ۔ حصہ ۔ تلوار یا چھری
پر باڑھ رکھنے کا پتھر ۔
سانح ۔ ع ۔ م } ظاہر ہونے والا ۔ پیش
سانحہ ۔ ع ۔ } آنے والا ۔ اور وہ شکار جو
تیرانداز کے بائین طرف سے داہنی طرف
آوے اور اس طرح کے شکار کو مبارک جانتے ہین
اور بارح وہ شکار جو تیرانداز کے داہنی طرف سے
بائین طرف آوے پس اس طرح کے شکار کو

بد اور نامبارک جانتے ہین ۔ اگرچہ معنے
لغوی سے معلوم ہوتا ہی کہ سانحہ اُس
امر کے ظہور کو کہینگے جو اچھا اور مرغوب
ہو لیکن استعمال اس لفظ کا امر مکروہ اور
وحشت آمیز اور ناپسندیدہ کے ظہور مین ہی ۔
سادین ۔ ف ۔ پٹاری ۔ صندوقچہ ۔
ساہرہ ۔ ع ۔ زمین ہموار ۔ دوزخ ۔ زمین قیامت
ساہی ۔ ع ۔ بھولنے والا ۔ غافل ۔
سائے ۔ ف ۔ گھس ۔ رگڑ ۔
سایبان ۔ ف ۔ چھپر ۔ آفتاب گیر جو دھوپ
سے بچاوے ۔
سائح ۔ ع ۔ روزہ دار ۔ مسجد مین رہکر
عبادت کرنیوالا ۔
سائحات ۔ ع ۔ روزہ رکھنے والی عورتین
سیر کرنیوالی عورتین ۔
سائر ۔ ع ۔ باقی ۔ تمام ۔ سیر کرنیوالا ۔
سائس ۔ ع ۔ سیاست کرنیوالا اور
مطلق نگہبان خصوصاً نگہبان گ
سائغ ۔ ع ۔ گوارا ۔ خوش
سائق ۔ ع ۔ پیچھے سے ہنکا
قائد آگے سے کھینچنے والا ۔
سائل ۔ ع ۔ مانگنے والا ۔ جا
پوچھنے والا ۔ جاری ہونیوالا ۔
سائل بکف ۔ ف ۔ وہ فقیر نادار جس کے
پاس بھیک مانگنے کا ٹھیکرا بھی نہو ۔

سائمہ - ع - وہ چوپائے جو باہر چرا کرین
سایہ - ف - چھاؤن - اور کبھی مراد ہات
سے اور سکندر نامہ مین اشارہ طرف
ظلمات کے -
سایہ افگندن - ف - توجہ کرنا - محبت اور
شفقت کرنا -
سایہ دست - ف - مدد - امانت -
سایہ پرست - ف - اشارہ اس شخص کی
طرف جو ناز و نعمت و عیش مین پلا ہو -
سایۂ یک کلاہ - ف - کنایہ فر و شوکت
بادشاہی سے -
سائیدن - ف - پیسنا -
سائیس - ف - غلط ہر سائس اور
سئیس بروزن قاصر اور رئیس صحیح ہر
گھوڑونکی خدمت کرنیوالا -

فصل سین مع باے موحدہ

...ب - ع - دشنام - گالی - گالی دینا - اور
... کاٹنا - قطع کرنا - نیزہ مارنا -
... پگڑی - چادر - رسی - باریک
... دینا -
... اس شہر کا جسکی بلقیس ... حضرت
... مقیم تھین اور یہ ملک یمن مین ہر -
سبابہ - ع - پہلی انگلی ہاتھ کی انگوٹھے کے
پاس والی - چونکہ سب بمعنی گالی کے ہر پس
ایام جاہلیت مین جب کوئی کسی کو گالی دیتا تھا
اُسکی طرف اسی انگلی سے اشارہ بھی کرتا تھا
اسی سبب سے اسکو سبابہ کہتے مین - اور
اہل اسلام نے اس انگلی کا نام مسبحہ رکھا ہر
سُبات - ع - زمانہ - خواب - راحت - اور
نام ایک مرض کا جسمین نیند بہت ہوتی ہر
یہانتک کہ ایسا مریض مشکل سے بیدار ہوتا ہر
سَباحت - ع - شناوری - پانی مین تیرنا -
سَبّاح - ع - تیرنیوالا -
سِباخ - ع - کھاری زمینین -
سِباع - ع - درندے مثل شیر بھیڑیے وغیرہ کے
سُباعی - ع - شعر کی ایک قسم جسمین سات مصرع
ہوتے ہین اور کبھی سباعی سے سات تارے
یا سات آسمان مراد ہوتے ہین -
سِباق - ع - دوڑنے مین ایک دوسرے
پر بڑھنا اور سبقت لیجانا -
سَبّاق - ع - بڑا سبقت لیجانیوالا -
سَبّاک - ع - سکہ ڈھالنے والا - روپیہ اور
اشرفی بنانیوالا - زرگر - سنار -
سِبال - ع - جمع سَبَلت بمعنی مونچھ کی -
سَبَب - ع - رسی - وہ چیز جو پیوند کا باعث
ہو - پیوند - وہ چیز جو وسیلہ ہو دوسری چیز کے
حاصل ہونیکا - وجہ - باعث - گالی دینا
اور عروض کی اصطلاح مین وہ لفظ دو حرفی
جسکا ایک حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو -
اسباب اسکی جمع ہر -
سَبت - ع - ہفتہ کا دن - سنیچر -
سُبحان - ع - اسم مصدر ہر - حق تعالی
کو پاکی کیساتھ یاد کرنا -
سُبحان اللہ - ع - پاک ہر اللہ - پاکی سے
یاد کرتا ہون خدا کو - اور استعمال اس کلمہ کا
اکثر مقام تعجب مین ہر -
سُبحانَ الحیّ الذی لایموت - ع - پاک ہر
وہ زندہ جو کبھی نہ مریگا -
سُبحہ - ع - تسبیح - سمرن -
سَبد - ع - ٹوکرا - ٹوکری -
سَبز - ف - ہرا - معشوق سانولی رنگت کا
نام ایک شہر کا توران مین -
سَبزان - ف - معشوقان سبز رنگ -
سَبزانِ چمن - ف - کنایہ درختوں سے -
سَبز بختی - ف - نیک طالعی - خوش نصیبی
سَبز بخت - ف - خوش نصیب -
سَبز پا - ف - منحوس اور نا مبارک قدم -
سَبز پوش - ف - فرشتہ - خضر پیغمبر - رجال الغیب
سَبز تہ گلگون - ف - معشوق سبزہ رنگ
نمکین جسکی جلد کے نیچے سے سرخی خون کی
بسبب نزاکت اور نازکی کے نمایان ہو -
سَبز چشم - ف - کرنجی آنکھون والا - علم قیافہ
مین لکھا ہر کہ ایسا شخص بڑا بیمروت ہوتا ہر
سَبز در سَبز - ف - نام راگ کا موسیقی مین
سبز شدن - ف - اُگنا - ظاہر ہونا - سرسبز ہونا

سبز طاؤس ۔ف۔ کنایہ آسمان سے۔
سبز کار ۔ف۔ وہ شخص جس سے بہت عمدہ اور خوب کام سرزد ہون۔
سبزک ۔ف۔ نیلکنٹھ پرند مشہور ہے۔
سبز گردن ۔ف۔ بونا۔ اُگانا۔
سبزوار ۔ف۔ نام ایک شہر کا ایران مین۔
سبزہ ۔ف۔ بمعنی سبزک جو نیلکنٹھ پرند ہے ہریاول۔ سبز دیدگی۔ خط رخسار۔
سبزہ آخور ۔ف۔ ہری گھاس جو پایون کے کھانے کی۔
سبزۂ بیگانہ ۔ف۔ خودرو سبزہ جسکو کسی نے بویا نہو۔
سبزی ۔ف۔ ہریاول گھاس وغیرہ کی۔ سبز رنگ۔ ہرا پن۔
سبزینہ ۔ف۔ معشوق سبزہ رنگ و نمکین۔
سبسب ۔ع۔ جنگل۔ بیابان۔
سبط ۔ع۔ بیٹے کی اولاد۔ بیٹی کی اولاد۔ ایک گروہ یعقوب علیہ السلام کے بیٹون مین سے اور بمعنی قوم و قبیلہ۔
سبُط ۔ع۔ / سبَط ۔ع۔ / سبِط ۔ع۔ } لمبے اور سیدھے اور لٹکے ہوے بال جو گھونگھر والے نہون۔
سبطین ۔ع۔ مراد حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام سے۔ جو نواسے جناب رسولخدا صلعم کے تھے۔

سبع ۔ع۔ سات۔ (۷) سعہ
سبُع ۔ع۔ درندے جانور مثل شیر اور بھیڑیے اور ریچھ وغیرہ کے۔
سُبع ۔ع۔ کسی چیز کا ساتوان حصہ۔ اور قرآن شریف کا ساتوان حصہ جسکو ایک منزل بھی کہتے ہین۔
سبع المثانی ۔ع۔ کنایہ سورۂ الحمد سے اور بعضے کہتے ہین کنایہ تمام قرآن شریف سے
سبع شداد ۔ع۔ مراد ساتون آسمان سے شداد جمع شدید کی ہے مگر یہان مراد آسمان سے۔
سبعۂ امعا ۔ع۔ معدہ اور چھ انتڑیان جنکے نام یہ ہین۔ اثنا عشری۔ صائم۔ دقیق۔ اعور۔ قولون۔ مستقیم۔
سبعۂ الوان ۔ع۔ سات رنگ مشہور یعنے سیاہ۔ سفید۔ سرخ۔ سبز۔ زرد۔ نیلا۔ عباسی۔ اور سات قسم کے کھانے۔
سبعۂ طوال ۔ع۔ / سبعۂ معلقات ۔ع۔ } عرب کے فصیح اور بلیغ اور مشہور سات شاعرون نے سات قصیدے کہکر کعبہ شریف کے دروازہ پر فخر کی راہ سے لٹکا دیے تھے تاکہ لوگون پر انکا کمال ظاہر ہو۔
سبعین ۔ع۔ ستر (۷۰)
سبعی ۔ع۔ / سبعیت ۔ع۔ } درندگی۔ درندہ پن۔ درندہ ہونا۔
سبق ۔ع۔ آگے جانا۔ دوسرے سے بیشی اور زیادتی لیجانا۔
سَبَق ۔ع۔ شرط لگانا گھوڑ دوڑ یا تیر کے لگانے مین۔ وہ حصہ کتاب کا جو ہر روز بطور سیکھنے کے پڑھا جاوے۔
سبق بردن ۔ف۔ غالب ہونا کسی پر کسی چیز مین پیشدستی لیجانا۔
سبقت ۔ع۔ آگے جانا۔ بیشی لیجانا۔
سبک ۔ع۔ ڈھالنا سکہ کا۔ چاندی اور سونے کا گلانا۔
سَبُک ۔ف۔ ہلکا اور مجازاً بمعنی تیز رفتار چست۔ چالاک۔ بے تعلق۔ اور بمعنی شتاب اور جلدی کے بھی لکھا ہے۔
سبکباش ۔ف۔ یعنی ترک تعلق کر۔
سبکپا ۔ف۔ تیز رفتار۔
سبکتگین ۔ف۔ سلطان محمود غزنوی کے باپ کا نام۔ اور بعضون نے سین کے فتحہ سے بمعنی چالاک اور سبک قدم کے لکھا۔
سبک جولان ۔ف۔ چالاک۔
سبک خیز ۔ف۔ چالاک۔
سبکدست ۔ف۔ چالاک۔
سبکدستی ۔ف۔ چالاکی۔
سبک رو ۔ف۔ تیز رفتار۔
سبک روح ۔ف۔ ظریف۔ خوش طبع۔ بے تعلق۔ بے تکلف۔ بے کینہ۔ بے فکر۔ ہر کام مین چست و چالاک۔ تیز رفتار

سبکروحی۔ ف۔ کمال بے تعلقی اور معنے پاکیزہ بات کہنے کے بھی آیا ہے۔
سبکسار۔ ف۔ فارغ البال۔ بے تعلق۔
سبک سر۔ ف۔ فرومایہ۔ کمینہ۔
سبک سری۔ ف۔ حماقت۔ کمینہ پن۔
سبک سیر۔ ف۔ تیز رفتار۔
سبک عنان۔ ف۔ تیز رفتار۔
سبک مغز۔ ف۔ بے عقل۔ بے وقار۔
سبکی۔ ف۔ ہلکاپن۔ بیعزتی۔ بیقدری اور بر وزن قمری غلط ہے۔
سبل۔ ع۔ آشوب چشم۔ سرخی جو آنکھ مین پیدا ہو جاتی ہے۔ ٹیڑھا بال جو آنکھ کے اندر پیدا ہو جاتا ہے اور ڈھیلے پر کھٹکتا ہے۔ نام ایک مرض کا جس سے آنکھ کی رگین سرخ اور موٹی ہو جاتی ہین اور آنکھ سے کیچڑ اور پانی بہا کرتا ہے۔
سبل۔ ع۔ جمع سبیل بمعنی راہ کی۔
...۔ ع۔ مونچھ۔ فارسی مین بہ سکون ... پر مستعمل ہے۔
...۔ ...ٹلیا۔ گھڑا۔
...۔ بڑا پاک اور یہ خدا کا نام ہے۔
...۔ ع۔ بہت تعریف کرنیوالا۔
...سبوحیان۔ ف۔ منسوب طرف سبوح کے جو نام خدا کا ہے مراد فرشتون سے۔
سبوس۔ ف۔ چھانن۔ گیہون وغیرہ کی یعنی آٹے کی بھوسی۔ چوکر۔
سبوسہ۔ ف۔ بفا جو سر مین ہو جاتی ہے۔
سبیل۔ ع۔ راہ۔ راستہ۔ سڑک۔ اور بمعنی وقف کے بھی آیا ہے۔ اور بمعنی اُس پانی اور شربت کے جو راہ خدا مین وقف کوین۔

فصل سین۔ مع پاے فارسی

سپارش۔ سفارش۔ ف۔ کسی سے کسی کے حق مین سعی کرنا۔ کوئی شئے کسی کو سونپنا اور سپرد کرنا۔
سپاری۔ ف۔ چھالیا جو پان مین کھاتے ہین۔
سپاس۔ ف۔ تعریف۔ تعریف کرنا۔ دل اور زبان سے کسی کا شکر کرنا۔
سپاس بردن۔ ف۔ تعریف اور شکر کرنا۔
سپانخ۔ ف۔ پالک کا ساگ۔
سپاہ۔ ف۔ فوج۔
سپاہان۔ ف۔ نام ایک شہر کا ایران مین جسکا معرب اصفہان ہے۔
سپر۔ ف۔ ڈھال۔
سپر افگندن۔ ف۔ } جنگ مین نامردی کرنا
سپر در آب انداختن۔ ف۔ } عاجز ہونا۔ ہار جانا۔
سپردن۔ ف۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ امانت رکھوانا۔ قناعت کرنا۔
سپردن۔ ف۔ راہ چلنا۔ جانا۔ پامال کرنا۔ تمام کرنا۔
سپردنی۔ ف۔ لائق سونپنے کے۔
سپرداری۔ ف۔ نگہبانی۔ خدمتگاری۔
سپرز۔ ف۔ تلی ایک عضو مشہور ہے جو پیٹ کے اندر ہوتا ہے۔
سپرغم۔ ف۔ ریحان جسکو فارسی مین ناز بو اور ہندی مین مروہ کہتے ہین اسکے سونگھنے سے دل کو قوت اور فرحت حاصل ہوتی ہے گویا یہ سپر ہے غم کی۔
سپری۔ ف۔ گذری ہوئی چیز۔ تمام اور آخر ہو گئی ہوئی شئے۔ ناچیز۔
سپری شدن۔ ف۔ طے ہونا۔ گذرنا۔ تمام ہونا۔ آخر ہونا۔
سپس۔ ف۔ پیچھے۔ بہت پیچھے۔ بعد۔
سپستان۔ ف۔ لسوڑا۔ یہ اصل مین سگ پستان تھا یعنی مشابہ پستان سگ سے یہ ایک درخت مشہور کا پھل ہے۔
سپش۔ ف۔ جون جو آدمی کے سر اور کپڑون مین پڑ جاتی ہے۔
سپند۔ ف۔ نام پہاڑ کا۔ کالا دانہ جسکو نظر بد کے دفع کیلیے جلاتے ہین۔
سپندان۔ ف۔ کالا دانہ۔ رائی اور بمعنی انگیٹھی مخفف سپند دان کا۔
سپنج۔ ف۔ مہمان۔ عاریت۔ اور کنایہ عمر قلیل سے۔
سپنجی سرا۔ ف۔ چرواہون اور

رکھوالو نکا جھونپڑا جو کھیت وغیرہ مین بنالیتے
ہین - اصلی معنی سہ و پنج کے تین اور پانچ
ہین یعنی وہ مقام جسکو قیام نہوا اور مراد
دنیا سے بھی -
سپوختن - ف - } چبھونا -
سپوزیدن - ف - }
سپہ - ف - مخفف سپاہ کا - فوج -
سپہبد - ف - سردار لشکر - سپہ سالار -
سپہر - ف - آسمان -
سپید - ف - یاے مجہول سے ایک رنگ
مشہور ہے - نام قلعۂ توران کا - نام ایک ندی
کا - نام ایک دیو کا -
سپیدار - ف - نام ایک درخت کا جو خوبصورت
اور خوش قد اور سیدھا ہوتا ہے اس مین
پھل نہین لگتا اور لکڑی اسکی سفید ہوتی
ہے اصل مین یہ سپید دار تھا اور دار بمعنی
درخت کے ہے -
سپید بخت - ف - نیکبخت - خوش نصیب
سپید دست - ف - مردسخی - اور لقب
حضرت موسی علیہ السلام کا - اور بمعنی چور
اور دغاباز اور خیانت پیشہ کے بھی ہے -
سپید رود - ف - نام ایک ندیکا درمیان
شہر گیلان اور شروان کے -
سپید شدن - ف - ظاہر اور آشکار ہونا
مجازاً نامور اور معزز ہونا -

سپید کار - ف - وہ شخص جو نیک اور متقی
اور پرہیزگار ہو -
سپیدہ - ف - نام ایک دوا ے مشہور کا
اور کنایہ روشنی صبح سے -
سپیدہ دم - ف - صبح صادق اور مراد سفید بالونسے بھی ہے

فصل سین - مع تاے فوقانی

ست - ع - چھ - (۶) اور چھ عورتین -
ستا - ف - تعریف کرنا - امر ہے
ستودن کا بمعنی تعریف کر - شامیانہ -
نام ایک لحن کا موسیقی سے - مخفف ستار
کا - تین پیالے شراب کے جو نہار
پیتے ہین -
ستار - ف - ایک باجہ مشہور ہے -
ستار - ع - بڑا چھپانیوالا - نام خدا کا -
ستارہ - ف - تارہ جو آسمان پر چمکتا ہے
نام ایک باجہ کا جسکو ستار کہتے ہین - بخت
نصیب - طالع - کنایہ آنسو سے بھی -
ستارۂ سحر ستارۂ صبح - ف - ستارہ زہرہ
جو صبح ہوتے طلوع کرتا ہے - اور کبھی یہ ستارہ
شام کو بھی طلوع کرتا ہے - اور بمعنی آفتاب
کے بھی لکھا ہے -
ستارہ شمردن - ف - تمام رات جاگنا -
ستارزن - ف - ستار بجانے والا - سیخ
کباب کی تین شاخ والی - پہلے معنون مین
ستا مخفف ستار کا ہے -

ستاخ - ف - } نرم اور نازک ٹہنی درخت
ستاک - ف - } کی اور بمعنی مطلق شاخ
درخت کے بھی آیا ہے -
ستام - ف - خاص زیور گھوڑے کا - ساز
گھوڑے کا مثل زین اور لگام وغیرہ کے -
ستان - ف - آستان - چوکھٹ جس جگہ
بہت انبوہ کسی چیز کا ہو جیسے گلستان بمعنی باغ جہان
قسم قسم کے پھول بہت سے ہوتے ہین اور کبھی
بمعنی مطلق جگہ کے آتا ہے جیسے ادبستان اور
شبستان - اور وہ شخص جو چت لیٹا ہوا ہو
ستاندن - ف - لینا -
ستائیدن - ف - تعریف کرنا - سراہنا -
ستایش - ف - تعریف - دعا - شکر -
ستبر - ف - موٹا - دلدار - سنگین - سطبر
اسی کا معرب ہے -
ستبری - ف - موٹائی - گاڑھاپن -
ستخر - ف - بمعنی تالاب -
ستد - ف - صیغہ ماضی کا بمعنی
ہو کہ دال ساکن اور ماقبل مفتوح
مضارع کی ہے سواے ان تینوں
کے اور کسی ماضی مین نہین آب
زد - (۲) آید - (۳) ستد -
ستدن - ف - لینا - واضح ہو کہ اس مصدر
سے سواے ایک صیغۂ ماضی (ستد)
کے اور افعال مشتق نہین ہوے ہین -

سَتَر - ف - مخفف اَستر بمعنی خچر کا -
سِتر - ع - پردہ - پوشش - خوف - حیا -
سَتر - ع - بمعنی مستور - پوشیدہ چیز اور مصدر
ہی بمعنی چھپانا -
سَتَر - ع - ڈھال - سپر -
سُتُردن - ف - صاف کرنا - مونڈنا -
سُترگ - ف - بڑا - بزرگ - کلان -
سَتَرَنج - ف - دو تین غلّے باہم ملے ہوے
سَتَرون - ف - بانجھ عورت جسکے کبھی بچہ
نہین ہوتا - ستر مخفف اَستر بمعنی خچر کا اور
وَن کلمہ تشبیہ کا - چونکہ خچر کے آپسمین اولاد
نہین ہوتی بلکہ اسکی پیدایش گدھے اور گھوڑی
سے ہوتی ہی اسلیے بانجھ عورت کو سَتَرون کہا
سُترَہ - ع - پوشش - وہ مقدار کسی چیز کی
جسمین آدمی پوشیدہ ہو جائے -
سِتَم - ف - ظلم - بے انصافی -
ستم رسیدہ - ف - مظلوم جسپر ظلم ہوا ہو -
... - ف - مظلوم -
... ن - ظالم - ظلم کرنیوالا -
... صورت مکروہ اور خوفناک اور
... یہ کا جو خواب مین ڈراتا ہی -
... ن - ف - تعریف کرنا -
ستودان - ف - گورخانہ یعنی مقبرہ گبرون
اور آتش پرستونکا یہ لوگ مُردون کے
تابوت اِس مکان مین رکھتے ہین -

سُتُودہ - ف - سراہا ہوا - تعریف کیا ہوا -
سُتُور - ف - چوپایہ مثل بیل - اونٹ خچر
گھوڑے - گدھے کے -
سُتُوقہ - مب - یہ معرب ہی ستہ کا جسکے
معنی کھوٹے روپیہ اور کھوٹی اشرفی کے ہین
سُتُون - ف - پیلپایہ - کھم مکان کا -
سُتُوہ - ع - عاجز - تھکا ہوا - ملول -
سِتّون - ع - ساٹھ - (۶۰)
سِتّہ - ع - چھ اور چھ مرد -
سَتّہ - ع - کلام زشت اور عیب -
سَتُہ - ف - کھوٹا سکہ اصل اسکی ستہ تھی اسلیے
کہ کھوٹے روپیہ مین دو طرف دو پرت
چاندی کی ہوتی ہی - اور بیچ مین تانبے
کی اور سُتُوقہ اِسیکا معرب ہی -
سَتی - ف - لوہا - فولاد - ایک قسم نیزہ یعنی
برچھی کی -
سِتی - ع - لقب عورتون کا ہوتا ہی جیسے
خاتون - بیگم وغیرہ - اور یہ اصل مین سَیّدتی
تھا کثرت استعمال سے ستی ہو گیا مگر فارسی
مین تلے فوقانی کے کسرہ سے آتا ہی حکیم انوری
کہتے ہین ؎ گویند ستی زن عفیفہ است -
سَتیر - ع - چھپا ہوا - پرہیزگار -
سِتیز - ف - لڑائی جنگ - جھگڑا - غصہ
دشمنی - اور صیغہ امر کا بھی ہی -
سِتیزہ - ف - لڑائی - جنگ - جھگڑا -

سِتیزیدن - ف - لڑنا -
سِتیہش - ف - لڑائی - جنگ -
سِتیہیدن - ف - لڑنا - جنگ کرنا -

فصل سین - مع جیم

سَجا - ع - خط کا لفافہ - کتاب کا عنوان
یعنی دیباچہ - نامہ کا شروع -
سَجّاد - ع - سجدہ کرنیوالا -
سَجّادہ - ع - مُصلّی - جاے نماز - نماز کے
پڑھنے کا بچھونا - نشان سجدہ کا ماتھے مین
سِجاف - ع - گوٹ جو جامہ کے چارو نطرف
لگائی جاتی ہی عوام اسکو سنجاف کہتے ہین
سِجال - ع - جمع سَجل بمعنی ڈول پر آب کی
یعنی ڈول پانی سے بھرا ہوا - اور مصدر
بھی ہی ... آپس مین فخر کرنا کسی کام مین
سَجاوَندی - ع - نام کتاب کا علم قرات مین
سَجاوندی کردن - ف - کنایہ تماشی کرنیسے
سَجایا - ع - جمع سجیّہ کی عادتین خصلتین -
سَجدات - ع - جمع سجدہ کی -
سَجدہ - ع - سر زمین پر رکھنا خدا کے آگے -
نام ایک سورہ قرآن شریف کا -
سَجع - ع - خوش آواز پرندون کی آواز مثل
بلبل اور قمری وغیرہ کے اصلی معنی اسکے قمری
کی آواز - دو فقرون کے آخری الفاظ کا
برابر ہونا نثر مین - نظم مین اسیکا نام قافیہ ہی -
سِجف - ع - پردہ - اور پردہ ڈالنا -

رات کا بہت اندھیرا ہونا۔
سَحف ۔ ع ۔ کمر کی باریکی پیٹ کا دُبلاپن۔
سِجِلّ ۔ ع ۔ قبالہ ۔ چک ۔ حکمنامہ قاضی کا۔
شَہی ۔ ف پادشاہی ۔ دامادی ۔ ہر چیز جو میٹھی ہو ۔ حلوا ۔ مرغوب شی ۔
شَہید ۔ ع ۔ گواہ ۔ وہ شخص جو راہ خدا مین بیگناہ قتل ہوا ہو ۔ وہ شخص جسکے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو ۔ نام حقتعالی کا ۔
شَہیدی ۔ ف ۔ وہ تربز جو اندر سے سرخ ہو
شَہیر ۔ ع ۔ مشہور
شَہیق ۔ ع ۔ پچھلی آواز گدھے کی جو بھاری ہوتی ہے اور پہلی آواز کو جو باریک ہوتی ہے اسکو زفیر کہتے ہین ۔

فصل شین مع یاے تحتانی

شیاد ۔ ف ۔ مکار ۔ فریب دینے والا ۔
شِیار ۔ ع ۔ ہفتہ کا دن ۔ سنیچر ۔
شِیاف ۔ ع ۔ چند دوائین جنکو ترکیب دیکر شل بتی کے بناتے ہین اور مرض چشم یا مقعد وغیرہ مین استعمال کرتے ہین ۔
شِیافِ اَبیض ۔ ع ۔ خاص دوا آنکھ کی ہے جو چند دواؤن کو جنکا جز و اعظم سفیدہ کاشغری ہے ترکیب دیتے ہین یہ سوزش اور سرخی آنکھ کو بہت فائدہ مند ہوتی ہے

شَیب ۔ ع ۔ بڑھاپا ۔ سفید بال ہونا ۔
شِیب ۔ ف ۔ یاے مجہول سے مخفف ہے نشیب بمعنی پستی کا ۔
شیب وتیب ۔ ف ۔ سرگشتہ مدہوش
شِیبان ۔ ع ۔ نام ایک ولی کا ۔ نام قبیلہ کا
شَیبَتُ ۔ ع ۔ بڑھاپا ۔
شِیمُبیدَن ۔ ف ۔ کانپنا ۔ آٹا گودھنا ۔ مجازاً بمعنی فریفتہ اور عاشق ہونا
شَیپُور ۔ ف ۔ ایک نام باجہ کا جو لڑائی کے وقت بجاتے ہین اسکو نفیری اور نای رومی بھی کہتے ہین ۔
شیثؑ ۔ ع ۔ نام حضرت آدمؑ کے بیٹے کا اور یہ بھی پیغمبر تھے ۔
شَیخ ۔ ع ۔ خواجہ ۔ بوڑھا جو پچاس برس سے زیادہ ہو ۔ بزرگ ۔
شیخ الرئیس ۔ ع ۔ لقب بوعلی سینا حکیم کا ۔
شیخکان ۔ ف ۔ کاف عربی سے جمع شیخک کی جو تصغیر مع التحقیر شیخ کی ہے ۔
شَیخوخت ۔ ع ۔ بڑھاپا پچاس برس سے آخر عمر تک سن شیخوخت کہلاتا ہے ۔
شَیخ نَجدی ۔ ع لقب ہے شیطان کا ۔ اسلیئے کہ جب قریش آنحضرت صلعم کے قتل مین مشورہ کرنے لگے تو شیطان بصورت مرد پیر آکر اس مشورہ مین شریک ہوا اور کہا کہ مین شیخ ہون ملک نجد کا رہنے والا ۔

شَید ۔ ف ۔ بروزن قید بمعنی مکر و فریب ۔
شِید ۔ ف ۔ یاے مجہول سے روشنی آفتاب ۔
شِید ۔ ع ۔ یاے معروف سے دیوار کی کہگل خواہ مٹی کی ہو خواہ چونے وغیرہ کی ۔
شَید ۔ ع ۔ دیوار کا لیپنا خواہ کہگل سے خواہ چونے وغیرہ سے ۔
شَیدا ۔ ع ۔ مدہوش دیوانہ ۔
شِیدی ۔ ف ۔ لقب حبشیون کا ہے ۔ اسی سبب سے ہر حبشی کو شیدی کہتے ہین ۔
شَیذُمان ۔ ع ۔ گرگ ۔ بھیڑیا ۔ یا ایک قسم گرگ درندہ کی ۔
شِیر ۔ ف ۔ یاے مجہول سے جانور درندہ جو مشہور ہے اور سکندرنامہ مین ایک مقام پر مراد سکندر بادشاہ سے ہے ۔
شِیر ۔ ف ۔ یاے معروف سے دودھ ۔
شِیراز ۔ ف ۔ نام شہر کا ایران مین جسکو شیراز بن طہمورث نے بنایا تھا ۔
شِیراز ۔ ع ۔ وہ دہی جسکا پانی نکال ڈالا گیا ہو ۔ شوا ریز اس کی جمع ہے ۔
شیر اَندام ۔ ف ۔ وہ شخص جسکے بازو سخت اور تیار ہون اور سینہ چوڑا اور کمر پتلی ۔
شیران پولادخاے ۔ پہلوان لوگ ۔
شیر برفی ۔ ف سرد ملکون مین لڑکے برف کے شیر بناکے رستون پر کھڑا کردیتے ہین اور جانور انکو دیکھ کے بھاگتے ہین ۔

شیر بہا۔ ف۔ یاے معروف سے وہ چڑھاوا جو دولھا کی طرف سے دلھن کو جاتا ہے ترکی مین اُسکو ساچق اور ہندی مین بری کہتے ہین

شیر خدا۔ ف۔ ترجمہ اسد اللہ کا یہ لقب ہے حضرت مرتضیٰ علی علیہ السلام کا۔

شیر خشت۔ ف۔ یاے معروف سے نام ایک دواے مسہل کا جو سفید مثل گوند کے نرم ہوتی ہے۔

شیر خانہ۔ ف۔ یاے معروف سے بمعنی شیر بچہ

شیر ژیان۔ ف۔ غصہ مین بھرا ہوا شیر۔

شیر شادروان۔ ف۔ تصویر شیر کی جو فرش اور پردہ وغیرہ پر کھینچتے ہین۔

شیر علم۔ ف۔ تصویر شیر کی جو نشان کے پھریرے پر بناتے ہین واسطے اظہار شوکت اور شگون غلبہ کے

شیر غلط۔ ف۔ پہلوان کا کشتی مین زمین پکڑنا کہ پھر وہ کسی طرح چت نہین ہوسکتا اس نام کی وجہ یہ ہے کہ شیر کبھی اپنی پیٹھ زمین پر نہین لگاتا ہے اور نہ کبھی چت ہوتا ہے۔

شیر قلاب۔ ع۔ قلندر کی کمر کے تسمہ کا بکسوا جو اکثر بصورت شیر ہوتا ہے۔

شیر قالین۔ ف۔ تصویر شیر کی جو اکثر قالیچہ وغیرہ پر بنی ہوتی ہے

شیرک شدن۔ ف۔ دلیر ہونا۔ غالب ہونا

شیر گردون۔ ف۔ آفتاب۔ برج اسد

شیر گیر۔ ف۔ وہ شخص جسکو شراب کا نشہ زیادہ نہ ہو۔ معزز۔ صاحب مرتبہ۔ بہادر۔ نیم مست جسکو ہوش بھی ہو۔

شیر ماہی۔ ف۔ یاے مجہول سے ایک بہت بڑی مچھلی ہوتی ہے جسکے دانت کے دستے بنتے ہین

شیر مرغ۔ ف۔ یاے معروف سے مراد چیز عجیب اور کمیاب اور نادر سے۔

شیر مست۔ ف۔ یاے معروف سے ہرن اور بکری وغیرہ کا بچہ جسکا دودھ سے پیٹ بھرا ہوا اور اِس سبب سے وہ مست یعنی کُلانچین مارتا پھرے۔

شیر و شکر۔ ف۔ ایک قسم کا نفیس ریشمی کپڑا

شیروان۔ ف۔ یاے مجہول سے نام شہر کا

شیرویہ۔ ف۔ یاے مجہول سے بمعنی شجاع مرد دلیر۔ اور نام خسرو پرویز کے بیٹے کا۔

شیر ہشتن۔ ف۔ یاے معروف سے حسرت اور افسوس کرنا۔ موجودہ نعمت کا چھوڑ دینا یعنی دودھ بھری تھالی مین لات مارنا۔

شیرین۔ ف۔ میٹھا عزیز۔ مرغوب۔ نایاب اور نام معشوقۂ فرہاد کا۔

شیرین باف۔ ف۔ وہ کپڑا جو نہ بہت موٹا ہو نہ بہت باریک۔

شیرین کاری۔ ف۔ کام کا اچھے طور پر سرانجام دینا۔

شیشم۔ ع۔ آبنوس کی لکڑی

شیشاک۔ ت۔ یاے معروف سے بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو۔

شیشہ۔ ف۔ کانچ۔ اور بمعنی آئینہ بھی۔

شیشہ بندی وہ سیٹی بجانا۔

شیشہ باز۔ ف۔ مکار۔ دغاباز۔ ایک فرقہ بازیگر دنکا جو شیشہ پانی کا بھرا ہوا سر پر رکھ کے ناچتا اور کرتب دکھاتا ہے۔

شیشہ بازی۔ مکاری۔ دغابازی اور نام ایک ناچ کا جسکی صفت ابھی ذکر ہوئی

شیشہ بر سر بازار شکستن۔ ف۔ کنایہ ہے بھید کے ظاہر کر دینے سے۔

شیشہ بر سنگ۔ ف۔ کنایہ اُس شخص سے جو شکستہ حال اور خراب کیفیت ہو۔

شیشہ جان۔ ف۔ نازک دل۔ نازک مزاج

شیشۂ حجام۔ ف۔ جیسے ہندوستان مین دستور ہے کہ بعد پچھنہ لگانے کے سینگی سے خون کو کھینچتے ہین ولایت مین شیشہ لگاکر خون کھینچتے ہین۔

شیشۂ دل۔ ف۔ نامرد۔ ڈرپوک۔

شیشۂ ساعت۔ ف۔ بالو کی گھڑی۔

شیطان۔ ع۔ خدا کا دشمن۔ دیو۔ سانپ اور ہر سرکش اور نافرمان کو بھی کہتے ہین۔ خواہ انسان ہو خواہ جن۔ خواہ چوپایہ۔

شیطانی شدن۔ ف۔ خواب مین محتلم ہونا یعنی سوتے مین جو نجس ہو جاتے ہین۔

شیعہ۔ ع۔ مطیع۔ تابعدار۔ مدد کرنیوالے لوگ گروہ علحدہ سرخود اور غالب۔

عرف مین وہ لوگ جو مذہب امامیہ رکھتے
ہین - یہ لفظ واحد اور جمع دونون طرح
مستعمل ہے -
شیعی - ن - منسوب طرف شیعہ کے -
شیفتہ - ن - عاشق - مدہوش -
شیفتگی - ن - بیہوشی - حیرانی -
شیلان - ت - یاے معروف سے کھانے
کا دسترخوان - کھانے کا خوان - مجازاً
بمعنی کھانے یعنی طعام کے بھی آیا ہے
عُناب جو ایک میوہ مشہور ہے -
شیلانجی - ت - باورچیخانہ کا داروغہ
اور بمعنی بزقصاب کے بھی -
شِیَم - ع - عادتین خصلتین - یہ جمع شیمہ
کی ہے -
شیم - ع - وہ زمین جو کبھی گوڑی نگئی ہو -
شیم - ع - ایک قسم کی مچھلی چھلکون والی -
شیمہ - ع - طبیعت - خصلت - عادت -
شَین - ع - زشتی - برائی - عیب -
شین - ن - مخفف نشین کا بمعنی بیٹھ -
شیوا - ن - یاے مجہول سے فصیح و بلیغ
شیوا زبان - ن - فصیح - بلیغ - تیز زبان
شیوہ - ن - یاے مجہول سے ناز کرشمہ
طرز - روش - طریقہ - ہنر -
شیوۂ بزاز - ن - پہلے بری چیز خریدار کو
دکھانا پھر اچھی اور عمدہ دکھانا اور
یہی بزازونکا دستور ہے -
شیوع - ع - ظاہر ہونا - رواج پانا -
شیون - ع - یاے مجہول سے نوحہ ماتم
نالہ فریاد - رونا -
شیون - ع - جمع شان کی - اور جمع شین
بمعنی زشتی اور عیب کی -
شیہہ - ن - آواز گھوڑے کی اور اسکو
عربی مین صَہیل کہتے ہین -

باب صاد مہملہ

فصل صاد مع الف

صابر - ع - صبر کرنے والا - اور لقب
حضرت ایوب علیہ السلام کا -
صابون - ع - جس سے کپڑے دھوتے ہین -
صابی - ع - پھرنے والا ایک دین سے
دوسرے دین کی طرف -
صاحب - ع - مالک - یار - وزیر خداوند -
اسپر کسرہ اضافت کا نہین آتا ہے جیسے صاحبدل
صاحبقران - صاحب غرض - مگر
کبھی بطور شاذ بھی آتا ہے -
صاحب الزمان - ع - لقب ہے حضرت
امام محمد مہدی علیہ السلام کا - از غیاث
صاحب جوزہ - ن - ستارہ عطارد
اسلیے کہ جوزا خانۂ عطارد ہے
صاحب خبر - ن - کنایہ ایلچی سے
صاحب فراش - ع - کنایہ ایسے مریض
اور بیمار سے جو چل پھر نہ سکتا ہو -
صاحبقران - ن - وہ شخص جسکے نطفہ
کے قرار پانے وقت یا جسکی ولادت کے وقت
زحل اور مشتری یا زہرہ اور مشتری کو
قران ہو یعنی یہ دونون ستارے ایک ہی
برج مین ہون اور یہ بات سالہاے دراز
کے بعد ہوتی ہے اور ایسا مولود ضرور پادشاہ
ہوتا ہے اور اس کی پادشاہی دیر تک رہتی
ہے امیر تیمور کا بھی لقب صاحبقران ہے
اور یہ بادشاہ چھ اقلیم کا تھا -
صاحبہ - ع - سہیلی - جورو - عورت ہم صحبت
صاحبی - ن - ایک قسم انگور کی - نام ایک
قسم کے کپڑے ریشمی دھاری دار کا -
صاحی - ن ہوشیار - بغیر ابر کا دن -
صاخّہ - ع - سخت اور کڑی آواز جو کانکو
بہرا کردے - قیامت -
صادر - ع - نکلنے والا - ایک جگہ سے بس
صادر وارد بمعنی جانے والے اور
آنے والے کے مستعمل ہے -
صادق - ع - سچا - درست آجانا معنی کا
کسی شی پر -
صارخ - ع - چیخنے والا - چلانیوالا -
صارم - ع - تیز تلوار خوب کاٹنے والی
اور بمعنی مرد دلیر اور بہادر کے -

صَارُوج ۔ع۔ وا و معروف سے چونا خاکستر وغیرہ مین ملا ہوا ۔

صَاع ۔ع۔ زمین پست ۔ ایک وزن ہی جو بموجب تحقیق کے دوسو چونتیس (۲۳۴) تولہ کا ہوتا ہے ۔

صَاع سِتَان ۔ف۔ زکوٰۃ فطر لینے والا یعنی وہ فقیر و محتاج جو گیہون اور جو وغیرہ صدقہ عیدالفطر کا لیتا ہے ۔

صَاعِد ۔ع۔ پستی سے طرف بلندی کے جانے والا ۔ اوپر چڑھنے والا ۔

صَاعِقَہ ۔ع۔ بجلی جو ابر سے زمین پر گرے ۔ موت ۔ عذاب ہلاک کرنیوالا ۔ عذاب کی چیخ ۔ کوڑا جو فرشتہ ابر کے ہاتھ مین ہی جس سے وہ بحکم الٰہی ابر کو ہنکاتا ہی ۔

صَاف ۔ع۔ بے ملاوٹ ۔ خالص ۔ صفا ۔ اور فارسی مین یہ لفظ بمعنی شراب صاف کے مستعمل ہوتا ہے ۔

صَافّ ۔ع۔ صف باندھنے والا ۔

صَافَّات ۔ع۔ صف باندھنے والے اور قرآن شریف مین مراد فرشتے ہین جو درگاہ الٰہی مین صف باندھے ہوئے منتظر حکم خدا کے کھڑے رہتے ہین ۔

صَافِن ۔ع۔ ایک رگ کا نام ہی جو پنڈلی مین ہوتی ہے ۔ وہ گھوڑا جو تین پیرون پر کھڑا ہوا اور چوتھے پیر کا ناخن زمین پر ٹیکے رہے اور اس طرح کا گھوڑا تیز رفتار ہوتا ہے ۔

صَافِنَات ۔ع۔ وہ گھوڑے جنکی صفت ابھی مذکور ہوئی ۔

صَافِی ۔ع۔ صاف بیکھوٹ ۔ یہ اسم فاعل ہے ماخوذ صفا سے جیسے قاضی قضا سے اور راضی رضا سے اور استعمال فارسی مین وہ کپڑا جسمین دوا یا شراب وغیرہ چھانین ۔

صَاقُور ۔ع۔ کلند ۔ تبر ۔ کلہاڑی ۔

صَاقُورَہ ۔ف۔ کاسۂ سر کے اندر کا مغز ۔ تیسرا آسمان ۔

صَالِب ۔ع۔ تپ گرم بغیر لرزہ کی خلاف نافض کے کہ وہ مع لرزہ ہوتی ہے ۔

صَالِح ۔ع۔ نیک جو گنہگار نہ ہو ۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جنکی دعا سے اونٹنی پتھر سے پیدا ہوئی تھی ۔

صَالِحَہ ۔ع۔ نیک عورت ۔ نیکی ۔ اعمال اچھے اور نیک ۔ نام ایک پہاڑ کا دمشق مین جسپر شیخ محی الدین ابن العربی کی قبر ہے ۔

صَالِغ ۔ع۔ بیل اور بکری چھ برس کی ۔

صَامِت ۔ع۔ خاموش ۔ چپکا ۔ چاندی سونا ۔ اس لیے کہ مال صامت کنایہ ہے زیور اور نقد وغیرہ سے اور مال ناطق مراد ہے لونڈی اور غلام اور چوپایہ سے

صَانِع ۔ع۔ کاریگر ۔ بنانیوالا ۔

صَاہِل ۔ اونٹ جو ہاتھ پانون مارے

صَائِب ۔ع۔ رسا ۔ پہونچنے والا ۔ درست اور تخلص ایک شاعر کا جنکا محمد علی نام تھا ۔

صَائِغ ۔ع۔ زرگر سُنار ۔

صَائِل ۔ حملہ کرنیوالا ۔

صَائِمُ الدَّہر ۔ع۔ وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے ۔

صَائِم ۔ع۔ روزہ دار ۔ روزہ رکھنے والا ۔ روزے رکھنے والے یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے ۔ اور صائم نام ہی دوسری انتڑی کا منجملہ چھ انتڑیون پیٹ کے ۔

فصل صاد مع باے موحدہ

صَبّ ۔ع۔ پانی کا گرانا ۔ پانی کا گرنا اور بمعنی عاشق کے بھی ۔

صَبَا ۔ع۔ وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہو یعنی پُروا ہوا ۔ اور کبھی مراد صبح کی ہوا سے نام ایک نغمہ کا موسیقی سے ۔

صِبَا ۔ع۔ کودکی ۔ لڑکپن ۔

صَبَاد ۔ع۔ خواہش کرنا دل کا کسی چیز کی طرف لڑکون کے ساتھ کھیلنا ۔ عاشقی ۔

صَبَّاح ۔ع۔ صاحب حسن ۔ گوری رنگت والا بہت خوبصورت ۔ شعلہ قندیل کا ۔

صَبَاح ۔ع۔ صبح تڑکا ۔ خوب ۔ خوبصورت ۔

صَبَاحُ الخَیر ۔ع۔ یہ ایک کلمہ ہے کہ جو صبح کو آپسمین کہتے ہین ۔

صَبَاحَت ۔ع۔ خوبصورتی گوری رنگت کے ساتھ برخلاف ملاحت کے کہ وہ سبزہ رنگ ہے

صَبَّار ۔ع۔ بڑا صبر کرنے والا۔
صَبَّاغ ۔ع۔ رنگریز ۔ رنگنے والا۔
صَبَّاغ الارض ۔ع۔ مراد آفتاب سے اسلیے کہ تمام جمادات اور نباتات اور حیوانات کو رنگ اسی آفتاب کے اثر سے پہونچتا ہے۔
صَبَّاغ فلک ۔ع۔ کنایہ چاند سے۔
صَبَب ۔ع۔ پست زمین نشیب زمین کسی پر عاشق ہو جانا۔
صُبح ۔ع۔ فجر ۔ تڑکا۔
صُبح آخرین ۔ف۔ ⎫
صُبح دُوم ۔ف۔ ⎬ صبح صادق۔
صُبح راستین ۔ف۔ ⎭
صُبح نخستین ۔ف۔ صبح کاذب۔
صِبر ۔ع۔ ایلوا ۔ ایک تلخ گوند مشہور ہے واضح ہو کہ اسکے حرف دوم کو سکون جائز نہین ہے مگر بضرورت شعری ۔ اور بعضے کہتے ہین کہ بمعنی ایلوا حرف اول کے کسرہ اور حرف دوم کے سکون سے بھی جائز ہے۔
صَبغ ۔ع۔ رنگنا ۔ رنگ کرنا۔
صِبغ ۔ع۔ رنگ۔
صِبغۃ اللہ ۔ع۔ کنایہ دین محمدی سے۔
صَبُوح ۔ع۔ وہ شراب جو صبح کو پی جاتی ہے برخلاف غبوق کے کہ یہ وہ شراب ہے جو شام کو پی جاتی ہے۔
صُبُوح ۔ع۔ وقت صبح۔

صَبُوحی ۔ع۔ صبح کی شراب اور وقت صبح شراب پینا۔
صَبُور ۔ع۔ وہ شخص جو صبر کرے اور وہ شخص جو بدلہ لینے مین جلدی نہ کرے۔
صَبُوری ۔ع۔ کام مین جلدی نہ کرنا۔
صَبِی ۔ع۔ وہ لڑکا جسکا دودھ چھوٹ گیا ہو ۔ یعنی دودھ نہ پیتا ہو۔
صِبی ۔ع۔ طفلی ۔ کودکی ۔ لڑکپن۔
صِبیان ۔ع۔ جمع صبی کی ۔ لڑکے ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ صاد کے ضمہ سے بھی آیا ہے۔
صَبِیح ۔ع۔ خوبصورت ۔ سفید رنگ یعنی گوری رنگت والا ۔ برخلاف ملیح کے کہ وہ سبزہ رنگ اور نمکین ہوتا ہے۔
صَبِیّہ ۔ع۔ لڑکی ۔ دختر۔

فصل صاد مع حاے مہملہ

صِحاب ۔ع۔ جمع صاحب کی یار لوگ۔
صَحَابت ۔ع۔ یار ہونا ۔ یاری کرنا ۔ صحبت مین رہنا۔
صَحَابہ ۔ع۔ یار لوگ ۔ ہم صحبت۔
صَحَاح ۔ع۔ تندرستی عیب سے پاک ہونا ۔ مرض سے صحت پانا ۔ تندرست ۔ عیب سے پاک ۔ صحیح ۔ نام کتاب لغت کا۔
صِحَاح ۔ع۔ جمع صحیح کی تندرست لوگ۔
صَحاری ۔ع۔ جمع صحرا بمعنی جنگل کی۔
صِحَاف ۔ع۔ بڑے بڑے پیالے اور کاسے

صَحَّاف ۔ع۔ کتاب کی جلد بنانے والا کتاب بیچنے والا۔
صَحَائف ۔ع۔ جمع صحیفہ کی کتابین۔
صَحب ۔ع۔ اسم جمع صاحب بمعنی یار کا ہے اور اصحاب جمع الجمع ہے۔
صُحبت ۔ع۔ یاری ۔ پاس رہنا۔
صِحَّت ۔ع۔ تندرستی۔
صَحرا ۔ع۔ وہ جنگل جسمین گھاس اور درخت نہون ۔ میدان ۔ ریگستان۔
صَحراے جان ۔ف۔ عالم ارواح۔
صَحرا نَوَرد ۔ف۔ صحرانورد جنگل کا پھرنے والا۔
صُحُف ۔ع۔ جمع صحیفہ بمعنی کتاب کی اور استعمال فارسی مین حرف دوم کے سکون سے بھی یہ لفظ آتا ہے۔
صَحن ۔ع۔ بڑا طباق ۔ بڑا طشت ۔ گھر کا آنگن ۔ ہموار زمین۔
صَحن ناسُودہ ۔ف۔ مراد کنواری عورت کے اندام نہانی یعنی شرمگاہ سے۔
صَحنَک ۔ع۔ تصغیر صحن کی چھوٹا طباق اور رکابی۔
صَحو ۔ع۔ ہوشیاری ۔ ہوشیار ہونا مستی سے ہوش مین آنا ۔ آسمان کا صاف ہونا ابر و غبار سے اور اصطلاح صوفیہ میں گم اور نابود کرنا اپنے اوصاف کو اور

عادت کا یعنی اوصاف بشری کا مٹا دینا-
صَحِیح -ع- تندرست-عیب سے پاک-
صَحِیفَہ -ع- کتاب-رسالہ-

فصل صاد مع خاے معجمہ

صَخَّاب -ع- فریاد کرنے والا-
صَخَب -ع- فریاد اور زاری کرنا-
صَخر -ع- بڑا پتھر-
صَخرَہ -ع- بڑا پتھر-نام ایک پتھر کا ہے جو بیت المقدس مین ہوا پر معلق ہے اور اُسکو صَخرَہ صما بھی کہتے ہین-نام ایک بد صورت دیو کا جو سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی لیگیا تھا-
صَخرِیَہ -ع- سنگستان-

فصل صاد مع دال مہملہ

صَد- ف-سو ایک سو-جو عدد مشہور ہے اصل اسکی سد سین سے بھی ہے چونکہ سد بمعنی حائل اور مانع ہے اسلیے اسکو صاد سے لکھتے ہین-
صَدّ -ع- باز رکھنا-پھیر دینا-
صَدَا -ع- آواز گونج-وہ آواز جو گنبد اور کنوین اور پہاڑ وغیرہ سے واپس آتی ہے-
صَدَارَت -ع- بالانشینی-نام ایک منصب کا جو قریب وزارت کے ہوتا ہے-پیش رانی ابتدا کرنا-شروع-
صُدَاع -ع- دردسر-
صِدَاق -ع- عورت کا مہر-
صَدَاقَت -ع- دوستی سچاپن-

صَدپا -ع-ف کھنکھجورا
صدبرگ - ف- گیندا مشہور درخت کا پھول ہے ہر پھول مین بہ نسبت اسکے اقسام کے پنکھڑیان بہت ہون-
صَدَد -ع- مقابلہ-نزدیکی-برابری کسی چیز کی مجازاً بمعنی قصد کرنا-درپے ہونا-
صَدر -ع- سینہ-اول ہر چیز کا-اوپر-ابتدا-بالانشین-امیر-
صَدرِ خُجَند- ف-نام ایک بزرگ کا ہے جو شہر خجند کے رہنے والے تھے-
صُدرَہ -ع- سینہ پوش-چھوٹا کرتہ-پیرہن نیم تنہ-صدری-
صُدغ -ع- } شقیقہ کنپٹی-
صُدغَہ -ع- }
صُدغَین -ع- دونون کنپٹیان-
صَدَف -ع- سیپی-چھوٹا پیالہ شراب پینے کا-نام تین ستارون کا جو قطب کے گرد ہین اور انکو صَدَفِ قُطب کہتے ہین-
صِدق -ع- سچائی-سچ تعریف اور بمعنی نام نیک-اور بعضون نے کہا ہے کہ بفتح اول سچ بولنا-اور بکسر اول سچ-
صَدق -ع- نیزہ سیدھا اور سخت مرد راست اور کامل-ہر چیز کامل-
صُدُق -ع- سچ بولنے والے-
صُدُق -ع- جمع صدق بمعنی سچ کی-

صَدَقَہ -ع- خدا کے نام پر جو فقیر ونکو دین-
صَدَقَہ جَارِیَہ -ع- نہر-کنوان-پل-مسجد وغیرہ
صَدمَہ -ع- دو چیزون کو ایک مرتبہ آپس مین رگڑنا-اور ضرر پہونچانا-
صُدُور -ع- سینے-چھاتیان-بالانشین لوگ-امیر لوگ-جمع صدر کی-اور مصدر بھی ہے بمعنی باہر نکلنا کسی جگہ سے-
صَدُوق -ع- بہت بڑا سچ بولنے والا-
صَدِید -ع- پیپ جو زخم سے نکلتی ہے کھولتا ہوا پانی جو بہت جوش دینے سے گاڑھا ہوجائے-
صِدِّیق -ع- بڑا سچا-کسی کی بات کو بڑا سچ جاننے والا-لقب خلیفہ اول کا-
صَدِیق -ع- دوست-بہت سے دوست مفرد اور جمع دونون آیا ہے اور مذکر اور مونث اسکا یکسان ہے-

فصل صاد مع راے مہملہ

صُرَاح -ع- خلاصہ ہر چیز کا خالص-نام ایک کتاب لغت کا-اور بمعنی روشنائی-وہ شراب جس مین پانی نہ ملا ہو-
صِرَاح -ع- روبرو ہونا-
صَرَاحَت -ع- آشکارا ہونا-ظہور-
صُرَاحِی -ع- شراب یا پانی رکھنے کا برتن-جو اکثر بشکل کدو ہوتا ہے-
صُرَاخ -ع- چیخ-چنگھاڑ-آواز سخت-

صُراخ - ع - مور - طاؤس -
صِراط - ع - راہ راست - سیدھا رستہ - نام ایک پل کا جو دوزخ پر ہوگا بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز -
صِراع - ع - آپسمین کشتی لڑنا -
صَرّاف - ع - روپیہ اور اشرفی کا پرکھنے والا اور علم صرف جاننے والے کو بھی کہتے ہین -
صَرافت - ع - روپیہ اشرفی کا پرکھنا خاص ہونا - خرچ کرنا -
صُرام - ع - سختی - بلا - جنگ -
صِرام - ع - کٹے ہوئے درخت کے ٹکڑے -
صَرّام - ع - چرم گر - چمڑا بنانے والا -
صَرامت - ع - دلاوری - چالاکی - کاٹنا قطع کرنا - اور بمعنی بزرگی بھی -
صَرح - ع - محل - قصر - عمارت عالی - اور بمعنی ظاہر کرنا -
صَرح - ع - ہر چیز خالص -
صرح مُمرّد - ع - قصر درخشان اور سادہ اور ہموار - اور کنایہ آسمان سے -
صَرخہ - ع - چیخ - فریاد - عذاب -
صُرد - ع - ایک پرند ہے بڑے سر کا جو چڑیا کو شکار کرتا ہے فارسی کاگ - ہندی لٹورا
صَرصَر - ع - باد تند - آندھی -
صَرع - ع - پچھاڑنا زمین پر - نام مرض جو زمین پر گرادیتا ہے - ہندی مرگی -

صِرف - ع - ہر شے خالص - شراب خالص جسمین پانی نہ ملا ہو -
صَرف - ع - روپیہ اور اشرفی کا پرکھنا خرچ کرنا - بوتہ - سونا چاندی گلانیکی گھریا - حیلہ - حادثہ - گردش زمانہ کی - اوندھا کرنا کسی چیز کا - نام علم مشہور کا -
صَرفہ - ع - بخیلی اور تنگی خرچ مین کرنا - فائدہ افزونی - نفع - حیلہ - مکر -
صَرفی - ع - علم صرف جاننے والا -
صَرم - معرب چرم بمعنی چمڑے کا قطع کرنا - کاٹنا - درخت اور بات کا کاٹنا -
صُرم - ع - بریدگی - کوتاہی -
صِرم - ع - لوگونکی جماعت - مکان - اکھٹے اور مجتمع - موزہ بغلدار -
صُروف - ع - حادثے - زمانہ کی گردشین -
صُرّہ - ع - تھیلی - ہمیان -
صِرّہ - ع - جاڑا - جاڑے کی شدت آواز - فریاد - غل - شور -
صَرّہ - ع - غل - فریاد - چیخ - لوگونکی جماعت سختی - اندوہ - گرمی کی شدت -
صَریح - ع - ظاہر - آشکارا -
صَریخ - ع - فریاد کرنے والا - دادخواہ اور بمعنی آواز سخت کے بھی -
صَریر - ع - آواز قلم کی جو لکھتے وقت نکلتی ہے ٹڈیکا شور و غل آواز جوتے کی وقت چلنے کے - دروازہ کی آواز کھولتے اور بند کرتے وقت

صَریف - ع - دروازہ اور گراری کی آواز خالص چاندی - دودھ تازہ دوہا ہوا -
صَریمہ - ع - قصد - ترک کرنا کسی کام کا - رات کا ایک ٹکڑا اور حصہ -

فصل صاد مع عین مہملہ

صِعاب - ع - جمع صعب کی دشواریان
صَعب - ع - دشوار - سرکش شیر درندہ -
صَعدہ - ع - ایک گورخر بہت سے گورخر - مفرد اور جمع دونون آتا ہے -
صَعق - ع - بیہوش ہونا - مرجانا - آسمان کا گرمانا بجلی کو - بجلی کا کسی کو بیہوش کردینا -
صَعق - ع - سختی آواز کی -
صَعِق - ع - مرد سخت آواز -
صَعقہ - ع - بیہوشی - بیہوش ہونا -
صُعلوک - ع - فقیر - درویش -
صُعوبت - ع - سختی - دشواری -
صُعود - ع - بلندی پر چڑھنا - اوپر چڑھنا
صَعود - ع - اوپر چڑھنے والا - بلندی - سختی عذاب - نام پہاڑ کا دوزخ مین -
صَعوہ - ع - ممولا پرند مشہور ہے
صَعید - ع - خاک - روے زمین - مٹی -

فصل صاد مع غین معجمہ

صِغار - ع - جمع صغیر کی چھوٹے - خرد - کوچک - خوار لوگ -

صَغَارَت - ع - چھوٹائی - خردی -

صَعَب - ع - وہ آدمی یا جانور جسکا سر بہ نسبت ڈیل کے چھوٹا ہو -

صِغَر - ع - خردی - چھٹائی - چھوٹاپن -

صِغَرِ سِن - ع - خردسالی - لڑکپن -

صُغْرَیٰ - ع - چھوٹی عورت ہر شے مؤنث جو چھوٹی ہو - اور اصطلاح اہل منطق مین پہلا قضیہ شکل کا -

صَغِیر - ع - خرد - چھوٹا -

فصل صاد مع فا

صَفّ - ع - قطار - پرا - آدمیون کا رستہ لین - گوشت کو سیخ پر چڑھانا - پرندجانور کا اپنے پرونکو پھیلانا - اور یہ لفظ فارسی مین بغیر تشدید کے بھی آتا ہے -

صَفَا - ع - پاک بے کھوٹ - بے کدورت صفائی - دوستی خالص - نام ایک پہاڑی کا مکۂ معظمہ مین - پاکیزگی -

صِفَات - ع - جمع ہے صفت کی -

صَفَاد - ع - بیڑی اور زنجیر وغیرہ جس سے قیدی کو باندھین -

صِفَار - ع - جمع صفر کی جسکے معنی آگے مذکور ہوتے ہین -

صَفَّار - ع - کانسہ کے برتن ڈھالنے والا

صِفَاق - ع - جھلی یعنے باریک پوست جو کھال کے نیچے اُگتا ہے اور اُسی پر بال اُگتے ہین اور وہ پوست جو آنتون وغیرہ پر ہوتا ہے -

صِفَاہَان - ب - نام شہر کا جسکو اصفہان بھی کہتے ہین اور یہ معرب سپاہان کا ہے اس شہر مین کان سرمہ کی ہے اور یہ سرمہ نہایت خوب اور مشہور ہے - نام ایک راگ کا موسیقی مین جو پچھلی رات کو گایا جاتا ہے -

صَفَائِح - ع - جمع صفیحہ کی تختے چوڑے پتھر ہر چیز کے چوڑے ٹکڑے مثل کاغذ کے -

صِفَت - ع - بیان کرنا کسی کے حال کا - گن - تعریف - علامت - نشان کسی شے کا واضح ہو کہ صفت اور وصف مین بموجب اصطلاح کے فرق یہ ہے کہ جو کوئی کسی کی تعریف کرے وہ وصف ہے اور جو اُس شخص کی ذات مین نیک خصلتین ہون وہ صفت ہے اور علم صرف کی اصطلاح مین اسم فاعل اسم مفعول صفت مشبہہ فعل التفضیل کو صفت کہتے ہین

صَفْح - ع - معاف کرنا کسی کے گناہ کا -

صَفْحَہ - ع - ایک رخ ورق کا -

صفدر - ع - لشکر کی صف کو پھاڑنیوالا -

صفر - ع - تہی - خالی - مجازاً بمعنی خالی ہونا کھوکھلا ہونا - چھوٹا دائرہ اس شکل کا (٥) جو علم حساب مین کسی عدد کے دہ چند کرنیکے لیے دہنی طرف لکھتے ہین - ہندی مین تو یہی شکل باقی رہی اور عربی اور فارسی مین اُس کے عوض نقطہ (۰) دیتے ہین اور اہل تقویم کی اصطلاح مین صفر علامت ستارۂ زہرہ اور برج حمل کی ہے -

صُفْر - ع - زردی - روئین جسکو ہندی مین کانسی کہتے ہین -

صَفَر - ع - نام دوسرے مہینے قمری کا -

صَفْرَا - ع - نام ایک خلط زرد رنگ کا چار خلطون مین سے جسکو فارسی مین تلخہ اور ہندی مین پت کہتے ہین اور یہ بہت کڑوا ہوتا ہے اور کبھی لفظ صفرا بمعنی تلخی بھی آتا ہے اور بمعنی ہر شے جو زرد رنگ ہو - اور بمعنی کمان کے بھی آیا ہے جس سے تیر لگاتے ہین -

صَفْرَاءِ فَاقِع - ع - رنگ زرد - ڈہڈہا -

صَفْرَاوِی - ع - منسوب طرف صفرا کے -

صُفْرَت - ع - زردی -

صَفْرَت - ع - بھوک - بھوکا -

صَفْصَاف - ع - بید کا درخت -

صَفْصَف - ع - ہموار زمین -

صَفْع - ع - گردن پر گھونسا مارنا -

صَفْقَہ - ع - کسی کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا واسطے بیعت یا بیچنے وغیرہ کے -

صَفِّ نِعَال - ع - آخری صف جہان اہل مجلس جوتیان اتارتے ہین - نِعَال جمع نعل کی اور نعل بمعنی پاپوش اور کفش کے -

صَفْوَان - ع - ہموار پتھر - نام ایک مرد کا جسکے ساتھ منافقون نے ام المومنین عایشہ رض کو

تہمت لگائی تھی۔ از منتخب۔

صِفْوَۃ - ع۔ صاد کی تینون حرکتو سنے بمعنی خلاصہ۔ صاف۔ برگزیدہ۔

صَفُورَا - ع۔ بیٹی حضرت شعیب علیہ السلام کی جو حضرت موسیٰ کے نکاح مین تھین۔

صُفُوف - ع۔ جمع صف کی قطارین۔

صَفَوِی - ع۔ منسوب طرف شاہ صفی کے جو درویش صاحب کمال تھے۔ تیمور بادشاہ کو انکے کمال باطنی پر بڑا اعتقاد تھا پوتا انکا شاہ اسمٰعیل بادشاہ ایران ہوا اسکے بعد بہت بادشاہ ایران کے انھین کی اولاد سے ہوئے۔

صُفَّہ - ع۔ ایوان خانہ۔ دالان جسکی چھت پٹی ہوئی ہو۔ اہل صفہ وہ غریب مسلمان جنکو گھر نصیب نہ تھا اور مسجد کے کونے مین اپنی بسر کرتے تھے زمانہ رسول صلعم مین۔

صَفِی - ع۔ برگزیدہ۔ دوست خالص ہر چیز صاف اور خالص۔ وہ اونٹنی جو بہت دودھ دے۔ لقب آدم علیہ السلام کا۔

صَفِیّہ - ع۔ عورت برگزیدہ۔ نام ایک زوجۂ حضرت رسول صلعم کا۔

صَفِیحَہ - ع۔ چوڑی تلوار۔ چوڑی ہر چیز۔

صَفِیر - ع۔ آواز پرندجانورون کی۔ وہ آواز جو پرند جانورون کے بلانے کے واسطے کرتے ہین اور یہ معرب سیٹی کا ہے۔

صَفِیق - ع۔ سخت چمڑا۔ سنگین کپڑا۔

صِفِّین - ع۔ نام ایک مقام کا نزدیک موضع رقعہ کنارے آب فرات کے۔

فصل صاد مع قاف

صَقَّار - ع۔ سخن چین۔ لترا۔ کافر شراب بیچنے والا۔

صِقَالَت - ع۔ صیقل کرنا۔

صَقَّال - ع۔ صیقل کرنے والا۔

صِقَال - ع۔ آئینہ خواہ تلوار کی صفائی۔

صَقْر - ع۔ چرغ جو پرندہ شکاری ہے۔ ہر پرند جو شکار کرے مثل باز اور شاہین وغیرہ کے۔ کھٹا دودھ۔ کھٹی شراب۔ کلھاڑی سے لکڑی چیرنا کسی لوہے کے آلہ سے پتھر وغیرہ کا توڑنا۔ دھوپ کا تیز ہونا۔

صُقُر - ع۔ دیُّوث۔

صَقِیع - ع۔ اوس۔ شبنم۔

صَقِیل - ع۔ روشن۔ چمکتا ہوا۔

فصل صاد مع کاف

صَک - ع۔ ٹھونکنا۔ کوٹنا۔ سخت مارنا۔ دروازہ کا زور سے بند کرنا۔ نامہ۔ قبالہ یہ چک سے عربی بنایا گیا ہے۔

صِکَاک - ع۔ قبالے۔ نامے۔

صُکَاک - ع۔ ہوا۔

صَکَّاک - ع۔ قبالہ دستاویز لکھنے والا۔

صُکُوک - ع۔ جمع صک بمعنی قبالہ کی۔

صَکِیک - ع۔ ضعیف۔ ناتوان۔

فصل صاد مع لام

صَلّ - ع۔ صاف کرنا شراب کا۔

صِلّ - ع۔ ایک قسم کا سانپ چھوٹا اور زرد جسکے کاٹے کا منتر نہین ہے۔ بلا سخت۔

صَلَا - ع۔ دعوت عام کرنا۔ آواز دینا۔ واسطے کھانا کھلانے یا کچھ دینے کے۔

صِلَا ع۔ بریان۔ بھنا ہوا۔

صلابت - ع۔ سختی۔ سخت ہونا۔

صِلات ع۔ جمع صلہ بمعنی انعام کی۔

صَلَاح ع۔ نیکی۔ ضد فساد۔

صِلَاح - ع۔ آپسمین صلح کرلینا۔ دوستی۔

صَلَاحِیت - ع۔ نیکی۔ نیک ہونا۔

صَلَاصِل - ع۔ جمع صلصل بمعنی فاختہ کی۔ اور بڑے پیالے۔

صَلَایہ - ع۔ بقا اور سل دونونکو کہتے ہین۔

صَلْب - ع۔ سولی پر چڑھانا۔

صُلْب - ع۔ ریڑھ کی ہڈی کی گریان۔ سخت۔ قوت۔ چست۔ سخت زمین۔

صَلَب ع۔ سخت یا ہڈی کی چربی۔

صُلَّب ع۔ سخت باڑھ رکھنے کا پتھر۔

صُلْبی - ع۔ پشت کا۔ نسل کا۔

صُلْبِیَہ - ع۔ نام ساتوین پردہ چشم کا جو تمام پردون کے بعد ہے۔

صُلْت - ع۔ کشادہ پیشانی۔ آشکارا اور ظاہر چیز۔ سخاوت۔

صُلح ۔ع۔ آشتی ضد فساد کی۔ سیل۔
صُلح کل ۔ع۔ ہر مذہب کے آدمی سے دشمنی نہ رکھنا۔ دوست و دشمن سب کے ساتھ محبت سے پیش آنا۔
صُلحاَ ۔ع۔ جمع صالح کی نیک آدمی۔
صَلد ۔ع۔ سخت اور صاف۔
صِلدِم ۔ع۔ شیر درندہ مشہور ہے۔ ہر چیز سخت اور کڑی۔
صَلصَال ۔ع۔ مٹّی بالو ملی ہوئی۔ گندھی ہوئی۔ مٹّی خام اور خشک کہ جب اُسکو انگلی سے بجائین انتہائے خشکی کی وجہ سے آواز دے خمیر آدم علیہ السلام کا ایسی ہی مٹّی سے تھا اور جب ایسی مٹّی کو پکا لیتے ہین تو فخار کہتے ہین
صُلصُل ۔ع۔ بروزن بلبل یعنی فاختہ کہ پرند مشہور ہے۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال۔
صَلصَلہ ۔ع۔ زنجیر اور لوہے اور گھنٹہ کی آواز
صَلع ۔ع۔ نام ایک مرض کا جسکو ہندی مین گنج کہتے ہین۔ اور گنجے کو عربی مین۔ اصلع۔
صَلَف ۔ع۔ گپ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ اندازہ سے باہر ہو جانا۔ ایسا کلمہ کہنا جو سننے والے کو ناگوار گذرے۔ اپنی جھوٹی تعریف کرنا۔ کم برکت ہونا طعام یعنی کھانے کا۔
صَلِف ۔ع۔ بے مزہ کھانا۔ وہ ابر جسمین گرج یعنے گڑگڑاہٹ زیادہ اور مینھ کم ہو۔ گپ مارنیوالا۔ اپنی تعریف جھوٹی کرنیوالا۔

صَلم ۔ع۔ جڑ سے کان کاٹ لینا۔
صَلوٰة ۔ع۔ نماز۔ درود۔ دعا۔ آمرزش۔ رحمت۔ واضح ہو کہ بمعنی نماز و دعا بندہ کی طرف سے اور بمعنی رحمت و آمرزش خدا کی طرف سے اور بمعنی درود رسول صلعم پر۔
صَلَوَات ۔ع۔ جمع ہے صلوٰة کی۔ فارسی مین اکثر لام کے جزم سے بھی آتا ہے۔
صَلُوخ ۔ع۔ سختی اور بلا ہلاک کرنیوالی۔
صُلُول ۔ع۔ گوشت کا سڑ جانا۔ پانی کا بیزہ ہونا
صِلہ رَحم ۔ع۔ محبت رکھنی اور سلوک کرنا اپنے عزیزون اور رشتہ دارون سے۔
صِلہ ۔ع۔ بخشش۔ عطا۔ انعام ملنا۔ پیوند۔ خویشی۔
صَلِیب ۔ع۔ سخت۔ کڑا۔ سولی پر جو آدمی چڑھایا گیا ہو۔ سولی۔ چلیپا۔ صلیب معرب چلیپ کا ہے اسکی شکل یہ ہے +
صَلِیبی ۔ع۔ مراد قوم نصارے سے
صَلِیبی خط ۔ف۔ وہ خط جسکے چار کونے ہون۔ اور سکندر نامہ مین مراد پیمائش کی جریب سے
صَلِیل ۔ع۔ زنجیر اور لوہے کی آواز۔ آواز ضرب شمشیر کی۔ دریا کے پانی بہنے کی آواز۔

فصل صاد مع میم

صَمّ ۔ع۔ نہ سننا۔ بہرا ہونا۔
صُمّ ۔ع۔ بہرے لوگ بہت سے سخت پتھر۔
صِمّ ۔ع۔ مرد دلیر۔ شیر درندہ۔
صَمّا ۔ع۔ بہری عورت۔ زمانہ کی سختی۔ سخت پتھر۔
صَمَات ۔ع۔ خاموش رہنا چپ رہنا۔
صُمَاح ۔ع۔ بد بو پسینہ بغل کی بدبو۔ داغ۔
صِمَاخ ۔ع۔ کان کا سوراخ۔
صِمَاد ۔ع۔ بلندیان۔ سخت زمینین۔ یہ جمع صمد کی ہے۔
صَمَاد ۔ع۔ ٹھوس چیز۔
صِمَام ۔ع۔ شیشہ کی ڈانٹ۔ بوتل کا کاگ۔
صَمت ۔ع۔ خاموشی۔ چپ چاپ۔
صَمَد ۔ع۔ بہتر۔ بزرگ۔ بے نیاز۔ بلند دائم۔ وہ شخص جسکی طرف خلق کی رجوع ہو۔ وہ شخص جو بھوکا اور پیاسا نہ ہو۔
صَمد ۔ع۔ کسی کام کا ارادہ کرنا شیشہ کے سر کو مضبوط باندھنا۔ بلند جگہ سخت زمین۔ دھوپ کی تیزی سے چہرہ کا پوست جل جانا۔
صَمَدیت ۔ع۔ بزرگی بے نیازی۔ انسانی عادتون سے پاک ہونا۔
صَمصَام ۔ع۔ شمشیر برّان۔ تیز تلوار۔
صَمصَم ۔ع۔ مرد بخیل۔
صَمغ ۔ع۔ گوند۔ فارسی مین ژد کہتے ہین۔
صَمَم ۔ع۔ بہراپن۔ گرانی کان کی۔
صِمَم ۔ع۔ جمع صمہ کی دلیر لوگ بہت سے شیر درندے۔ نر سانپ۔
صُمُوت ۔ع۔ خاموش اور چپ رہنا۔
صُمّ بُکم ۔ع۔ جمع اصم و ابکم کی بہرے

اور گونگے لوگ۔ فارسی مین بجائے مفرد آتا ہے جیسے حور جمع حوراء کی۔

صِمَّہ -ع- شیر- مرد دلیر- نر سانپ۔

صَمِیم -ع- ہر چیز کا درمیان- ہر چیز کا خلاصہ- خلوص- خالص- دل کا بیچ- بہرا آدمی- ہر چیز کا مغز- ہڈیکا گودا- گرمی اور سردی کی شدت- مرد خالص- یہ لفظ جمع اور مفرد دونون طرح آیا ہے۔

صَمِیل ع- خشک۔

فصل صاد مع نون

صَنَادِید -ع- جمع صندید کی بزرگ لوگ-

صَنَادِیق -ع- جمع صندوق کی۔

صَنَّاع -ع- بڑا کاریگر-

صُنَّاع -ع- جمع صانع بمعنی کاریگر کی-

صِنَاعت -ع- کاریگری- پیشہ- ہنر-

صُنَان -ع- بدبو بغل کی-

صَنَائع -ع- جمع صنعت کی- کاریگریان-

صَنْج - مب- چنگ ایک باجہ مشہور ہے اور پیتل وغیرہ کی دو ورکا بیان جنکو آپس مین لڑا کر بجاتے ہین- ہندی جھانجھ۔

صَنْدَل -ع- مشہور خوشبودار لکڑی ہے

صَنْدَلی -ف- چھوٹا تخت چوکی-

صُنْدُوق -ع- مشہور چیز ہے- فارسی مین اکثر بفتح اول آتا ہے-

صَنْدُوقچہ -ف- چھوٹا صندوق-

صِنْدِید -ع- بزرگ- بہادر شریف جوانمرد مینھ بڑی بڑی بوندون والا-

صُنْع -ع- کاریگری- کام بنانا- پیدا کرنا- کسی پر نیکی کرنا-

صَنْعَاء -ع- نام ایک قصبہ کا یمن مین مگر حالت نسبت مین اسکے آخر مین خلاف قیاس نون زائد کر کے صنعانی کہتے ہین-

صَنْعَان -ع- نام ایک بزرگ کا جنکے سات سو مرید تھے شیخ فریدالدین عطار بھی انکے مرید تھے-

صَنْعَت -ع- پیشہ- ہنر- کاریگری-

صِنْف -ع- ایک قسم اقسام ہر نوع سے جیسے نوع انسان کی صنفین یعنی قسمین چینی اور ترکی اور حبشی وغیرہ ہین-

صَنَق -ع- بدبوے بغل کی شدت-

صَنِق -ع- بڑی بدبو اور سڑی ہوئی چیز-

صَنَم -ع- بت مجازاً بمعنی معشوق- اور بمعنے بدبو کے بھی ہے-

صنم- مرد گندہ بو-

صنوان -ع- خرمے کے کئی درخت جو ایک جڑ سے نکلے ہون وہ ندیان جو ایک چشمہ سے نکلی ہون- بھائی جو ایک مان باپ سے ہون

صنوبر -ع- درخت چلغوزہ کا جسکو ہندی مین چیڑ کہتے ہین- اور درخت سرو ناز کو بھی صنوبر کہتے ہین-

صُنُوف -ع- جمع ہے صنف کی-

صَنِیع -ع- تلوار تیز اور چمکتی ہوئی- خدا کی پیدا کی ہوئی چیز یعنے مخلوق-

صَنِیعَہ -ع- نکوئی- ہنر-

فصل صاد مع واو

صَوَاب -ع- راست- درست- برخلاف خطا کے- راستی- درستی-

صَوَابدید -ف- صلاح- تجویز- درست

صوارف -ع- جمع صارفہ کی حادثے زمانہ کی گردشین-

صَوَارِم -ع- تلوارین تیز اور کاٹنے والیان

صُوَاع -ع- بڑا پیالہ شراب پینے کا نام ایک پیمانہ کا علاوہ صاع کے-

صَوَاعِق -ع- جمع صاعقہ کی بجلیان-

صَوَانع -ع- قالب مین کسی چیز کا ڈھالنا

صَوَانِع -ع- ڈھالنے والا- ڈھلیا- سنار اصطلاحاً جھوٹ بات بنانے والا-

صَوَامِع -ع- جمع ہے صومعہ کی تنہائی عبادت خانے-

صَوْب -ع- طرف- جانب- راستی جو ضد خطا کی ہے سیدھا چلنا-

صُوبہ -ف- پادشاہت کا ایک حصہ-

صُوبہ دار -ف- حاکم صوبہ کا-

صَوْت -ع- آواز- آواز کرنا-

صُور ع- جانور کی سینگ جسکو بجاتے ہین اور وہ چیز جسکو اسرافیل علیہ السلام محشر کے

روز پھونکینگے ایک مرتبہ کل مخلوق کے مار ڈالنے کے لیے اور دوسری دفعہ واسطے زندہ کرنے کے اور ان دونون نفخون کے بیچ مین چالیس برس کا فاصلہ ہوگا۔
صُوَر۔ ع۔ جمع صورت کی صورتین۔
صَوَر۔ ع۔ کجی۔
صُورَت۔ ع۔ تصویر۔ شکل۔ نمونہ۔
صورت بازی۔ ف۔ اپنی صورت کو دوسرے کی وضع اور شکل پر بنانا ہندی مین اسکو بہروپ کہتے ہین۔
صُورَت کشا۔ ف۔ مُصوّر۔ نقاش۔
صُورَت نگری۔ ف۔ صورت بنانا مصوّری نقاشی۔ تصویر بنانا۔
صُوَرِ مرئیات۔ ع۔ وہ صورتین جو نظر سے دکھلائی دیتی ہین۔
صُورِی۔ ع۔ ظاہری منسوب طرف صورت کے۔
صُوف۔ ع۔ پشم۔ اُون۔ ایک قسم کا موٹا۔ کپڑا بھیڑی کے بالون کا۔
صُوفی۔ ع۔ پشم پوش۔ بالون کا کپڑا پہننے والا اسلیے کہ صوف بمعنی پشم یعنی بال کے ہے اور فقیرونکی اصطلاح مین صوفی وہ شخص ہے جو اپنے دل مین خدا کے سوا کسی کا خیال آنے نہ دے اور اپنی خاطر کو آلائش دنیا سے پاک و صاف رکھے۔ اور صوفی بمعنی مخلص بھی آیا ہی
صَوْل۔ ع۔ زیادتی کرنا۔ حملہ کرنا۔ کسی پر غصہ مین جھپک کر جانا۔
صَوْلَت۔ ع۔ دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت۔
صَوْلَجان۔ ع۔ چوگان۔ ڈنڈا جسکا سر کج یعنے خم ہو۔
صَوْم۔ ع۔ روزہ۔ ایک روزہ دار۔ بہت سے روزہ دار۔ یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے۔ مگر استعمال اسکا اکثر بمعنی روزہ آیا ہے۔
صَوْمُ العَذْرَا۔ ع۔ } روزہ حضرت مریمؑ
صَوْمِ مریم۔ ع۔ } یعنے رات کو نیت کرنا اور دن بھر کسی سے بات نہ کرنا۔
صَوْمَعہ۔ ع۔ نصاریٰ کا عبادت خانہ جسکی عمارت کا سر بلند اور باریک بناتے ہین مجازاً اہل اسلام کا عبادت خانہ بھی۔
صِیَوْن۔ ع۔ نگہبانی۔ حفاظت۔

فصل صاد مع ہاے ہوز

صَہ۔ ع۔ اسم فعل ہے بمعنی امر معنی اسکے خاموش رہ چپ رہ۔
صَہَّال۔ ع۔ گھوڑا بہت آواز کرنے والا
صُہَال۔ ع۔ گھوڑے کی آواز۔
صَہَب۔ ع۔ سرخی۔ یا رنگ تیرہ مائل بہ سرخی جیسے رنگ کیت گھوڑے کا۔
صَہْبا۔ ع۔ سفید انگور کی شراب۔ نام ایک موضع کا خیبر مین۔
صِہر۔ ع۔ سُسرا۔ داماد۔ عزیز قریب چاہیے شوہر کا ہو چاہے زوجہ کا۔ بہن کا شوہر یعنی بہنوئی۔ اصہار جمع ہے بمعنی اہل خانۂ زن اور اہل خانۂ مرد۔
صُہُوبَت۔ ع۔ رنگ سرخ مائل بزردی و سفیدی۔ صراح مین لکھا ہے رنگ سفید مائل بہ سرخی جیسے گلابی کہتے ہین منتخب مین لکھا ہے رنگ تیرہ مائل بسرخی۔ مفرح القلوب مین لکھا ہے رنگ متوسط درمیان سرخی اور زردی کے جو مائل ترہ سفیدی ہو۔
صَہُود۔ ع۔ جسیم۔ تناور۔ موٹا۔
صَہِیل۔ ع۔ گھوڑے کی آواز۔

فصل صاد مع یاے تحتانی

صِیَاح۔ ع۔ آواز بلند۔ نوحہ۔ فغان۔
صَیَّاد۔ ع۔ شکاری۔ شکار کرنے والا۔
صَیَّاغ۔ ع۔ ڈھالنے والا۔ ڈھلیا۔ سنار۔
صِیَاغت۔ ع۔ زرگری۔
صِیَام۔ ع۔ جمع صوم بمعنی روزہ کی۔
صِیَانَت۔ ع۔ بچانا۔ حفاظت۔ نگہبانی۔
صَیِّب۔ ع۔ ابر برسنے والا۔
صِیت۔ ع۔ آوازہ۔ شہرت۔ ذکر خیر۔
صَیحَہ۔ ع۔ سخت آواز۔ فغان۔ عذاب۔
صَید۔ ع۔ وہ جانور جسکو شکار کرین۔ اور بمعنی مصدر بھی ہے یعنے شکار کرنا۔
صَیدِ حَرَم۔ ع۔ جو وحشی زمین حرم مین ہو اُسکا قتل کرنا اور شکار کرنا حرام ہے

اور اطلاق سرحد کا زمین گرد اگرد خانہ کعبہ پر اس تفصیل سے ہے - پورب طرف چھ کوس - پچھم طرف تیرہ کوس - اتر طرف بارہ کوس - دکھن کی طرف چوبیس کوس -

صَیرَفِی - ع - صراف جو روپیہ اشرفی کو پرکھتا ہے - کاسون مین دخل و تصرف کرنے والا - لقب ایک خوشنویس کا - لقب ایک شاعر کا -

صَیرُورَت - ع - جانا ایک جگہ سے دوسری جگہ کو - چلنا پھرنا -

صِیغَہ - ع - چاندی سونے وغیرہ کا قالب مین ڈھالا ناخالص - طریقہ - اصل بنا ہوا لفظ - اور اصطلاح خاص مین بمعنی نکاح کے بھی آیا ہے -

صَیِّف - ع - موسم گرمی کا - گرما -

صَیقَل - ع - آئینہ اور تلوار وغیرہ کا چمکانے والا یعنی روشن اور صاف کرنے والا - تلوار کا تیز کرنے والا - صاف کرنے کا اوزار - اور بمعنی صیقل کرنے کے بھی آیا ہے - زنگ دور کرنا - صاف کرنا -

صَیقَلِی - ع - صیقل کرنے والا - صاف کرنے والا - صیاقلہ اسکی جمع ہے اوزار صاف کرنیکا - پتھر باڑھ رکھنے کا -

صین - ع - معرب چین شہر مشہور کا -

صَیُود - ع - شکاری - شکار کرنے والا -

باب ضاد معجمہ

فصل ضاد مع الف

ضَاب - ع - ایک درخت ہے کڑوا مثل تھوہڑ اور اندرائن کے -

ضَابِط - ع - انتظام کرنے والا -

ضَابِطَہ - ع - قاعدہ - دستور -

ضَاجِر - ع - دل تنگ - بے آرام - غمگین - مضطرب - بیقرار -

ضَاحِک - ع - ہنسنے والا ہنستا ہوا -

ضَار - ع - مضر - ضرر پہونچانیوالا -

ضَارِب - ع - مارنیوالا - اندھیری رات -

ضَارِی - ع - شکار کے پیچھے دوڑنے والا جیسے کتا وغیرہ -

ضَاغِط - ع - نام ایک درد کا جسمین معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اس عضو کو نچوڑے ڈالتا ہے اور اُمیٹھے دیتا ہے -

ضَاغُوط - ع - ایک حالت ہے جسمین آدمی کو سونے مین معلوم ہوتا ہے کوئی اُس کا گلا گھونٹے دیتا ہے -

ضَالّ - ع - گمراہ - راہ بھٹکا ہوا -

ضَالَّہ - ع - وہ چیز جو کھو گئی ہو -

ضَالِّین - ع - گمراہ لوگ -

ضَامِن - ع - خاطر جمع کرنے والا کفیل وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو -

ضَان - ع - آدمی کے بدن کی بدبو - اور بمعنی میش یعنی بھیڑی -

ضَائِع - ع - کھویا ہوا - بیفائدہ - برباد ہوا - کھویا گیا -

فصل ضاد مع بائے موحدہ

ضَب - ع - سوسمار - ایک جانور ہے جسکو ہندی مین گوہ کہتے ہین - غصہ کینہ زمین پر سونا - ہونٹھ کی ایک بیماری جسمین ہونٹھ سے خون جاری ہوجاتا ہے - ورم -

ضِبَاب - ع - جمع ضب کی -

ضُبَاح - ع - لومڑی کی آواز

ضَبط - ع - نگاہ رکھنا ہرشے کا اُسکی حد پر انتظام -

ضَبُع - ع - کفتار - بجو - ہنڈار -

ضَبع - ع - بازو - بغل -

ضَنبُور - ع - شیر درندہ -

ضَبِیب - ع - خون اور پانی کا جاری ہونا

فصل ضاد مع جیم

ضَجَّہ - ع - غل - شور - چیخ -

ضَجِر - ع - تنگدل - غمگین - تنگ جگہ -

ضَجَر - ع - دل تنگی - بے آرامی - رنج غم - بیقراری - دل کا تڑپنا -

ضَجرَت - ع - تنگدلی - غم سے بے آرامی -

ضَجِیع - ع - کروٹ سے سونا - پہلو زمین پر رکھنا -

ضُجُوع - ع - بڑا ڈول - وہ عورت جو
مخالف شوہر کے ہو - ضعیف عقل -
ضُجُور - ع - تنگدل - مضطرب - غمگین -
ضَجِیج - ع - غل کرنا - چیخنا -
ضَجِیع - ع - ہمخوابہ - ہمبستر -

فصل ضاد مع حاے مہملہ

ضُحیٰ - ع - پہر دن چڑھے کا وقت -
ضَحَا - ع - چاشت کا کھانا -
ضَحّاک - ع - بڑا ہنسنے والا - راہ روشن
اور آشکارا - نام ایک بادشاہ ظالم کا جو
شداد کا بھانجا تھا بغضب خدا سے اُسکے
شانہ کے درمیان مین زخم ہو گیا تھا اور اُس
زخم مین سانپ پیدا ہوا تھا کہ آدمی کے سر کا
بھیجا اُسکی غذا تھی آخر اُس ظالم کو فریدون نے
گرفتار کیا اور مارا گیا - ضحاک عربی بنایا گیا ہے
دہ آک سے اور آک کا ن عربی سے فارسی مین بمعنی عیب
کے ہے چونکہ اس بادشاہ مین دس عیب تھے اسلیے
یہ نام ہوا اور وہ دس عیب یہ ہین (۱) بدشکلی
(۲) بہت چھوٹا قد (۳) ظلم (۴) جھوٹ بولنا
(۵) بودا پن (۶) بیدینی (۷) کھانا بہت
کھانا (۸) بیشرمی (۹) بیوقوفی (۱۰) بدزبانی
ضَحّاکَہ - ع - عورت بڑی ہنسنے والی -
ضِحک - ع - آواز سے ہنسنا - قہقہہ
ضَحک - ع - عورت کا حائض ہونا -
ابر سے چمکنا بجلی کا - بندر کا چیخنا -

ضُحَکَہ - ع - وہ شخص جسپر لوگ ہنسین مسخرہ
ضُحکَہ - ع - ایک مرتبہ ہنسنا -
ضَحل - ع - تھوڑا پانی -
ضَحو - ع - پہر دن چڑھے کا وقت - روشن
ضَحوَہ - ع - اور آشکارا - کھانا چاشت کا -
ضَحُوک - ع - بہت بڑا ہنسنے والا -
راہ روشن اور آشکارا اور کشادہ -
ضَحوکہ - ع - عورت بہت بڑی ہنسنے والی -
راہ کشادہ اور ظاہر -
ضُحُوکَہ - ع - وہ چیز جو لوگون کو ہنساوے
اور وہ شخص جسپر لوگ ہنسین -
ضَحِیم - ع - وہ شخص جسکی گردن یا مُنھ
یا ٹھوڑی مین کجی ہو -

فصل ضاد مع خاے معجمہ

ضَخَام - ع - بڑے ڈیل ڈول کا - بزرگ
جثہ - ہر چیز جو بزرگ اور بڑی ہو -
ضَخَامت - ع - موٹا ہونا - جسامت اور
فربہی - موٹاپا -
ضَخِیم - ع - موٹا - موٹی چیز - بزرگ جثہ -

فصل ضاد مع دال مہملہ

ضِد - ع - برخلاف - برعکس - فرق -
اضداد اسکی جمع ہے -
ضدید - ع - بادمخالف - ہونا موافق -

فصل ضاد مع راے مہملہ

ضَر - ع - گزند - سختی - بدحالی - لاغری -
دُبلاپا - زیان - نقصان -
ضِر - ع - پہلی زوجہ کی موجودگی مین دوسری
عورت کرنا -
ضَرّار - ع - سختی - گزند - ضرر -
ضِراب - ع - نر کا مادہ پر کودنا یعنی جفتی
کھانا - کسیکو تلوار مارنا
ضَرّاب - ع - روپیہ اشرفی پر سکہ لگانیوالا -
ضَرارت - ع - گزند اور ایذا پہونچانا - صدمہ
دینا - اندھا ہونا -
ضِرار - ع - آپسمین ایک دوسرے کو ضرر
اور گزند پہونچانا - نام چند صحابی کا - مسجد
ضرار ایک مسجد تھی جسکو منافقون نے بنایا تھا
حقتعالے نے اُسکو ہدم یعنی گرا دینے کا حکم فرمایا
ضُراط - ع - پاد - یعنی وہ ریح جو پیٹ سے
آواز کے ساتھ نکلے -
ضَرّاط - ع - پادنے والا - پدوڑا
ضَراعت - ع - زاری - عاجزی - فروتنی
ضِرام - ع - لکڑی کے باریک باریک
ریزے یعنی چیپٹیان جس سے آگ سلگاتے
ہین فارسی مین اُسکو فرزینہ کہتے ہین -
ضَرب - ع - مارنا - بیان کرنا - ملانا
ایک چیز کا دوسری چیز مین - دوڑ کر چلنا - مثل
مانند - ہر چیز کی قسم - ظاہر کرنا - پانی مین
تیرنا - کسیکو سلا دینا - لفظ آخر شعر کا -
ضَرَب - ع - شہد سفید اور گاڑھا -

ضَرْبُ الْاَزَب - ع وہ ضرب جسکا نشان بعد اچھا ہوجانے کے بھی باقی رہے -

ضَرْبُ الْفَتْح - ع - خوشی کا شادیانہ جو بعد فتح کے نوبت اور نقارہ بجاتے ہین -

ضَرْبُ الْمَثَل - ع کہاوت -

ضَرَبَان - ع - دل کا تڑپنا - وہ درد جسمین شرائین بڑی شدت سے اُچھلتی ہین ہندی مین اُسکو لپک کہتے ہین -

ضَرْب و قِسْمَت - ع - ضرب دینا ایک عدد کا دوسرے عدد مین جیسے تین کو پانچ مین ضرب دیا پندرہ ہوئے قسمت تقسیم کرنا ایک عدد کا دوسرے عدد پر جیسے اٹھارہ کو چھ پر تقسیم کیا ہر واحد کو تین تین پہونچے -

ضَرْبہ - ع - جو مارنے سے چوٹ پہونچے اسکو ضربہ کہتے ہین - اور جو گر پڑنے سے چوٹ پہونچے اُسکو سقطہ کہتے ہین اور ضربہ پانسہ کو بھی کہتے ہین جس سے جُوا کھیلتے ہین اور پانسہ کو قرعہ بھی کہتے ہین -

ضَرَّتَان - ع - وہ دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون - ہندی سوتین -

ضَرْح - ع - قبر کھودنا مردے کیلیے -

ضَرَر - ع - تکلیف - دُکھ

ضِرْس - ع - دندان بزرگ - دندان آسیا جسکو ہندی مین ڈاڑھ کہتے ہین -

ضَرْس - ع - دانت سے کاٹنا زور سے سختی زمانہ کی - تکلیف - مصیبت -

ضَرَس - ع - کند ہوجانا دانت کا ترشی سے -

ضَرِس - ع - بھوکھ کی شدت سے جو شخص بدخو اور غضبناک ہو -

ضَرْط - ع - پادنا -

ضَرْع ع - گاے اور بکری وغیرہ کے تھن -

ضَرَع ع - زاری - فروتنی - عاجزی - سُست ناتوان - گھوڑے کا بچہ جو ابھی دوڑ نہ سکتا ہو - چھوٹی چیز - خرد سال - کم سن - خوار ہونا -

ضَرِع - ع - خوار - زبون - ضعیف -

ضِرْغام - ع - شیر درندہ بفتح اول غلط ہے -

ضُرُوب - ع - بمعنی انواع و اقسام -

ضَرُور - ع - جس چیز کا ہونا لازم ہو -

ضَرُورَت - ع - جسکے بغیر کام نہ چلے حاجت -

ضَرُورِی - ع - منسوب طرف ضرورت کے تاے فوقانی اسکی گرادی گئی ہے -

ضَرَّہ - ع - وہ عورت جو پہلی عورت پر لائی جائے پس ہر عورت دوسری عورت کی ضرہ یعنی سوت اور سوکن ہوئی - چھاتی - چھاتی کی جڑ - سختی - ایذا - چکی کا ایک پاٹ - اور دونون پاٹ کو ضرتان کہتے ہین -

ضَرِیبَہ - ع - طبیعت - خو - تلوار - تلوار کی تیزی - تلوار کی ضرب کھایا ہوا -

ضَرِیس - ع - بہت بھوکا -

ضَرِیح - ع - قبر - ضرائح جمع ہے -

ضَرِیر - ع نابینا - اندھا - بیمار - دُبلا -

ضَرِیع - ع - نام ایک گھاس کانٹوندار کا جسکے زہر کے سبب کوئی چوپایہ نزدیک اُسکے نہین جا سکتا ہے - نام ایک چیز کا دوزخ مین جو آگ سے زیادہ تیز ہوگی اور ایلوے سے زیادہ کڑوی اور سڑے ہوے مردار سے زیادہ گندی اور بدبو اور یہ اہل دوزخ کو کھلائی جائیگی نعوذ باللہ منہا -

ضَرِیک - ع فقیر - بدحال - محتاج - نابینا - اندھا - اپاہج - بیوقوف کرگس نر جسکو ہندی مین گدھ کہتے ہین یہ ایک بڑا پرند مردار خوار ہے) ضرائک اسکی جمع ہے -

ضَرِیم - ع - سوختہ - جلا ہوا -

فصل ضاد مع عین مہملہ

ضِعَاف - ع - جمع ضعیف کی -

ضَعْد - ع - گلا گھوٹنا -

ضِعْف - ع - دوچندان - دوگنا -

ضَعْف - ع - بیہوشی - نقصان عقل -

ضُعْف - ع - سستی - ناتوانی - کمزوری

ضُعَفَا - ع - جمع ضعیف کی -

ضُعْفُ التَّالِیف - ع - وہ چیز نظم کرنا جو خلاف محاورہ کے ہو جیسا کہ اس مصرعہ مین بعضون نے گمان کیا ہے ؎ حکیمی سخن بر زبان آفرین - اسلیے کہ فاصلہ درمیان اسم کے جیسے کہ یہان سخن ہے اور امر کے جس سے معنی

فاعلیت کے پیدا ہون جیسے کہ بیان آفرین ع
درست نہین سخن آفرین برابر چاہیئے تھا اُوگی
مثال ؎ ہمہ از مہر او خون دل آشام -
اسمین بھی خون آشام برابر چاہیئے تھا -
ضَعِیف - ع - ناتوان - ناطاقت - بوڑھا

فصل ضاد مع غین معجمہ

ضَغَائِن - ع - جمع ضَغِینَہ بمعنی کینہ کی -
ضِغث - ع - تنکون کا مٹھا - جھاڑو -
اَضغاث اسکی جمع ہے - اور اضغاث احلام
بمعنی خوابہاے پریشان جنکی تعبیر درست نہو -
ضَغط - ع - نچوڑنا - بھیچنا - تنگ کرنا کسی
چیز کا - دیوار وغیرہ پر زور سے رگڑنا -
ضَغط - ع - تنگی - سختی - کراہت -
ضَغطَہ - ع - ایک مرتبہ بھیچنا -
ضَغطَۃُ القبر - ع - فشار قبر -
ضُغطَہ ع - سختی - مشقت - تنگی - فشار -
ضِغن - ع - کینہ -
ضَغِینَہ - ع - بمعنی کینہ -
ضَغِیط - ع - سست راے ضعیف عقل -

فصل ضاد مع فا

ضَفَادِع - ع - جمع ضفدع بمعنی مینڈک کی -
ضَفَائِر - ع - جمع ضَفِیرَہ کی اور ضفیرہ بمعنی
گُندھے ہوے بالون کا جوڑا -
ضِفدَع - ع - مینڈک - نام ایک ورم کا
جو بصورت مینڈک حلق مین پیدا ہو جاتا ہے -
ضِفَّہ - ع - ندی اور دریا کا کنارہ -
ضَفِیر - ع - گُندھے ہوے سر کے بال -
ضَفِیرَہ - ع - گُندھے ہوے بالون کا
جوڑا جو عورتین سر پر باندھتی ہین -

فصل ضاد مع لام

ضَلّ - ع - گمراہ - ہ - بُرا -
ضَلَال - ع - گمراہی - ضایع ہونا - ہلاک
ہونا - گم ہونا - مغلوب ہونا -
ضَلَالَت - ع - } گمراہی
ضِلّت - ع - }
ضِلَعُ - ع - } پسلی - پہلو کی ہڈی - اور سلطنت
ضِلَع - ع - } کی شاخ -
ضَلَلُ - ع - گمراہی - گمراہ کرنا -
ضُلُوع - ع - اور اضلاع جمع ہے ضلع کی -
ضَلُول - ع - بہت بڑا گمراہ -
ضَلِیل - ع - گمراہ - راہ بھولا ہوا -
ضِلِّیل - ع - بہت بڑا گمراہ -

فصل ضاد مع میم

ضَمّ - ع - ملنا - ملانا ایک چیز کا دوسری
چیز مین - نام ایک حرکت کا جسکو پیش کہتے ہین
مگر کلمہ مبنی مین - واضح ہو کہ حرکت پیش کو
ضم اسلیے کہتے ہین کہ یہ حرکت دونون
ہونٹھون کے ملنے سے حاصل ہوتی ہے - ازغیاث
ضِماد - ع - دوا کسی قدر پتلی پسی ہوئی
جسکو ہندی مین لیپ کہتے ہین -
ضَمَان - ع - قبول کرنا - کفالت کرنا - کفیل
ہونا - ہندی محاورہ مین اسکو ضامنی کہتے ہین -
ضَمَائِر - ع - جمع ضمیر کی -
ضَمد - ع - زخم پر مرہم لگانا - لیپ کرنا -
ضَمر - ع - لطیف بدن - نازک اندام -
ضُمر - ع - } لاغری - دُبلاپا - پیٹ کا پیٹھ سے
ضُمر - ع - } چپک جانا -
ضِمن - ع - اندرون اندر -
ضُمُور - ع - ضعف - لاغری - دُبلاپا -
ضَمُور - ع - لاغر - دُبلا - ضعیف -
ضَمَّہ - ع - پیش کی حرکت جیسے دُودھ
کی پہلی دال پر ہے -
ضَمِیر - ع - اندیشہ - خاطر - دل کا انداز -
وہ چیزین جو دلمین گذرین - پوشیدگی بھید -
وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو اسم غیر مظہر -
ضُمَیرَان - ع - سپرغم - ریحان - نازبو -
ضَمِیم - ع - ملا ہوا - شامل کیا گیا -
ضَمِیمَہ - ع - وہ شے جو کسی اور شے پر زیادہ
کر کے لگا دیوین -
ضَمِین - ع - کفیل - ضامن -

فصل ضاد مع نون

ضَنَاک - ع - موٹی عورت -
ضُنَاک - ع - زکام -
ضِنَاک - ع - استوار خلقت - بڑا درخت -
ضِنّت - ع - بخل - بخیلی - کنجوسی -

ضَنْک - ع - تنگی ہر چیز کی - تنگ
ضَنِی - ع - لاغر - دُبلا -
ضَنِین - ع - بخیل - کنجوس -
ضَنِیک - ع - مفلس دُبلا - بیوقوف -

فصل ضاد مع واو

ضَو - ع - روشنی آفتاب کی روشنی
ضَوابِط - ع - جمع ہی ضابطہ کی - قواعد -
ضَواحِک - ع - چار دانت ہین جو درمیان کچلیون اور ڈاڑھون کے واقع ہین اور بعضے کہتے ہین کہ چار دانت آگے کے جو ہنسنے مین کھل جاتے ہین -
ضَور - ع - بہت کڑی بھوکھ -
ضَومَران - ع - سپر غم - ریحان - نازبو -

فصل ضاد مع ہاے ہوز

ضَہْد - ع - قہر کرنا غصہ کرنا -
ضَہْوَة - ع - پانی کا حوض -
ضُہُول - ع - اونٹنی اور بکری کا کم دودھ ہونا - کسی کے حق کو ناقص یا باطل کرنا -
ضَہُول - ع - وہ کنوان جسمین پانی کم ہو - کم دودھ کی اونٹنی یا بکری -
ضَہْیا - ع - وہ عورت جسکو حیض کا خون نہ آوے - وہ عورت جسکے دودھ نہو -

فصل ضاد مع یاے تحتانی

ضِیا - ع - روشنی - روشنی آفتاب کی واضح ہو کہ ضیا نور سے قوی تر ہی اور نور سنا سے قوی تر ہے -
ضَیْح - ع - دودھ پانی ملا ہوا -
ضِیاع - ع - جمع ضائع اور ضَیْعہ کی زمینین کھیتی کی -
ضِیاعات - ع - زمینین کھیتی کی -
ضِیافت - ع - مہمانی کا کھانا کھلانا -
ضَیْر - ع - گزند - نقصان -
ضَیْع - ع - ضائع اور ہلاک ہونا -
ضَیْعَہ - ضائع اور ہلاک ہونا - تجارت حرفہ - پیشہ - زمین کھیتی کی -
ضَیْغَم - ع - گزندہ - شیر درندہ -
ضَیْف - ع - مہمان اور مہمانان جمع اور مفرد دونون آیا ہی - کسی کو مہمان رکھنا - آفتاب کا نزدیک بہ غروب ہونا - کسی پر رنج اور غم کا نازل ہونا -
ضِیف - ع - پہلو -
ضِیْق - ع - تنگی - مکان اور کپڑے وغیرہ کی تنگی - تنگ - تنگ ہونا -
ضَیْق - ع - تنگ - تنگی - تنگ ہونا -
ضَیِّق - ع - تنگ - بخیل - کنجوس -
ضِیقُ النَّفَس - ع - تنگی سانس کی مشہور مرض ہی ہندی مین اسکو دمہ کہتے ہین -
ضَیْم - ع - کسی کے حق کا نقصان کردینا کسی پر ظلم کرنا - ستم کرنا - بدلہ لینے مین ضرر سے اندیشہ نہ کرنا -
ضَیْمُران - ع - سپر غم - ریحان - نازبو -
ضُیُوف - ع - جمع ضیف بمعنی مہمان کی -
ضَیْوَن - ع - بلی کا نر - بلاؤ -

باب طاے مہملہ

فصل طا مع الف

طَاب - ع - خوشبو - پاک - لذیذ -
طَابَق - مب - معرب تابہ کا ہندی توا جسپر روٹی پکاتے ہین -
طَابَقَ النَّعْلُ بِالنَّعْل - ع - مطابق ہو گئی جوتی ساتھ جوتی کے مراد یہ کہ فلان شے فلان شے سے مطابق ہو گئی -
طَابِقُ النَّعْلِ بِالنَّعْل - ع - مطابق کرنیوالا جوتی کا ساتھ جوتی کے یعنی وہ شخص جو کسی کے قدم بقدم چلتا ہو کل امور مین -
طَابَہ - ع - شراب خرما - مدینہ منورہ -
طَاجَن - ع - کڑاہی - ماہی توا جسمین کوئی چیز بریان کرین -
طَاحُون - ع -
طَاحُونہ - ع - } آسیا - چکی -
طَارِف - ع - تازہ اور نیا اور بہتر مال -
طَارِق - ع - حادثہ شدید - وہ ستارہ جو قریب صبح کے نکلتا ہے - ہر شے جو رات کو ظاہر ہو - وہ شخص جو رات کو رستہ چلے اسی سبب سے چور کو بھی طارق کہتے ہین -

طارم - مب - لکڑی کا مکان - بلند مکان - بالاخانہ یہ لفظ معرب ہے تارم کا

طاری - ع - ظاہر ہونیوالا یکایک - وہ امر جو یکایک عارض ہو جائے سبب نیچے اُترنے والا کسی مقام اور کسی جگہ سے -

طاس - مب - معرب تاس کا - بڑا طشت نام ایک جامۂ زرتار کا - اور منتخب مین لکھا ہے وہ ظرف جسمین پانی یا شراب پیین -

طاس بازی - ف - ایک کھیل ہے بازیگرونکا کہ تھالی کو اُچھال کے لکڑی پر روکتے اور اسکو نچاتے ہین - اور معنی شعبدہ بازی اور فریب اور مکاری کے بھی آیا ہے -

طاسک - ف - تصغیر طاس کی چھوٹا طشت

طاط - ع - وہ شخص جو بڑا جھگڑالو ہو - دلیر - مست اونٹ -

طاطا - ع - سر نیچا کرنا جیسا رکوع مین -

طاعات - ع - جمع طاعت کی -

طاعت - ع - بندگی عبادت -

طاعن - ع - نیزہ مارنیوالا - طعنہ دینے والا

طاعون - ع - شامت - مرگ عام - نام ایک مرض وبائی کا اور وہ ایک زہرلا ورم ہلاک کرنیوالا خصیہ یا چھاتی یا بغل یا رانکی جڑ مین ہوا کرتا ہے یا چھوٹا دانہ مانند باقلا کے سُرخ یا سیاہ یا نیلا نکلتا ہے اور اُسمین بڑی جلن ہوتی ہے - اور تپ وبائی مار ڈالنے والی بھی ضرور ہوتی ہے

طاغوت - ع - نام بُت کا - نام دیو کا - کاہن - شیطان - گمراہونکا سردار -

طاغی - ع - پھرا ہوا - باغی - مفسد حد سے گذر جانے والا - اطاعت اور ادب کی حد سے نکل جانیوالا - اور گلستان مین ایک مقام پر مراد فرعون سے ہے -

طاغیہ - ع - بجلی - عذاب کی چنگھاڑ -

طاف - ع - گشت کرنیوالا - طواف کرنیوالا -

طافح - ع - بدست شراب سے چھکا ہوا -

طافی - ع - وہ چیز جو ہلکے پن سے پانی پر تیرے ضد راسب کی اور راسب وہ چیز جو بھاری پن سے مثل تلچھٹ کے پانیکی تہ مین بیٹھ جائے -

طاق - ع - بنائے خمیدہ خمدار جگہ بنی ہوئی محراب - ردائی دار جُبہ - تنہا مفرد - اکیلا -

طاقت - ع - قوت - زور - توانائی -

طاقچہ - ع - چھوٹا طاق -

طاق خم پشتہ - ف - مراد عماری سے -

طاقدیس - ف - خسرو پرویز کے تخت کا نام جسکا طول ایکسو ستر گز تھا اور عرض ایکسو بیس گز کا اور جواہر سے کُل جڑاو تھا -

طاق کج ف
طاق مینا ف } مراد آسمان سے
طاق نیلوفر ف

طاقہ - ف - ایک عدد کپڑے کا واضح ہو کہ جسطرح گھوڑے مین راس اور ہاتھی مین زنجیر استعمال کرتے ہین اسیطرح کپڑے کے واسطے طاقہ مستعمل ہے -

طاقی - ف - ایک قسم کی ٹوپی -

طال - ع - دراز ہوا - بڑھ گیا -

طالب - ع - طلب کرنیوالا - ڈھونڈھنے والا -

طالح - ع - بدکار آدمی - بدآدمی -

طالع - ع - نصیب - طلوع کرنے والا صبح کاذب - ماہ نو -

طالعہ - ع - طلوع کرنیوالی - روشنی -

طالق - ع - عورت رہا شدہ قید نکاح سے اونٹنی چرائی پر چھوڑی ہوئی - رہا - آزاد -

طالقان - ع - نام ایک شہر کا بلخ اور مرو مین

طالوت - ع - نام ایک سردار کا بنی اسرائیل سے جسنے جالوت کافر سے جنگ کی اور حضرت داؤد علیہ السلام نے جو طالوت کے سپاہیون مین سے تھے جالوت کو مارا -

طامات - ع - جھوٹ - گپ - شیخی - جو صوفی لوگ اپنے کمالات کے اظہار مین کرین - باتین بے اصل اور پریشان - فارسی مین بغیر تشدید مستعمل ہے -

طامث - ع - حیض والی عورت -

طامح - ع - سرکش - بلند -

طامع - ع - طمع کرنیوالا - لالچی -

طامہ - ع - سختی - بلا - قیامت -

طامۃ الکبریٰ - ع - قیامت -

طاؤس - ع - مور مشہور پرند ہے -

طاؤسِ پرکندہ۔ف۔بے رونق۔بدنما۔
طاؤسِ عرش۔ف۔مراد حضرت جبرئیل سے۔
طٰہٰ۔ع۔نام سورۂ قرآن مجید کا۔نام پیغمبر صلعم کا اسلیئے کہ اشارہ ہے (یا طاہر) سے۔
طاہر۔ع۔پاک۔جو ناپاک نہو۔
طائحہ۔ع۔حادثہ ہلاک کرنے والا۔اور مرد ہلاک شدہ۔
طائر۔ع۔اُڑنیوالا پرند۔کردار۔دماغ۔اور وہ چیز جس سے فال نیک یا فال بد لین۔
طائرِ سدرہ۔ف۔ } جبرئیل علیہ السلام
طائرِ قدس۔ف۔ }
طائع۔ع۔فرمانبردار۔
طائف۔ع۔طواف کرنیوالا۔خیال جو نیند مین دکھائی دے۔سپنا۔نام ایک موضع کا قریب مکہ معظمہ کے۔اور معنی کوتوال بھی آیا ہے اسوجہ سے کہ وہ تونگو شہر مین حفاظت کے لیے پھرتا ہے۔
طائفہ۔ع۔گروہ آدمیونکا۔جماعت۔کسی چیز کا ایک ٹکڑا۔
طائل۔ع۔فائدہ۔افزونی۔توانگری۔
طائی۔ع۔منسوب طے کے جو قبیلہ عرب مین ہے۔

فصل طا مع باے موحدہ

طِبّ۔ع۔علم بیدک۔بیماریونکے علاج کرنیکا علم۔علاج جسم و جان کا۔نرمی۔جادو۔
طِبابت۔ع۔حکیمی۔فن طب۔

طَبّاخ۔ع۔باورچی پکانیوالا۔
طَباشیر۔سب۔معرب تباشیر کا ہندی مین اسکو بنسلوچن کہتے ہین۔
طَباشیرِ صُبح۔ف۔صبح صادق کی سفیدی۔
طَباطَبا۔ع۔لقب اسمٰعیل بن ابراہیم بن حسن بن علی علیہم السلام کا انکی زبان مین لکنت تھی۔اور قاف کی جگہ طا بولتے تھے پس قبا کو طبا کہتے تھے اس سبب سے انکا یہ لقب ہوگیا انکی اولاد کو سادات طباطبائی کہتے ہین۔
طَبّاع۔ع۔صاحب طبیعت عقلمند تیز فہم۔کمھار۔تلوار بنانیوالا۔ڈھلیا۔
طِباع۔ع۔سرشت اور خو آدمی کی جو کبھی زائل نہو۔اور جمع طبع اور طبیعت کی بھی۔
طِباق۔ع۔موافق کرنا دو چیز کا آپسمین۔برتین جو تلے اوپر ہون۔
طَبّال۔ع۔نقارچی۔
طَپانچہ۔ف۔طمانچہ۔تھپڑ۔
طَبائع۔ع۔جمع ہے طبیعت کی بھی۔
طَبائعِ اربعہ۔ع۔(۱) سرد تر۔(۲) سرد خشک (۳) گرم تر۔(۴) گرم خشک۔
طَبخ۔ع۔پکانا۔
طَبرخون۔ف۔بید سرخ۔یا ایک لکڑی ہے سرخ رنگ تلخ مزہ یا صندل سرخ اور بمعنے غصہ اور آتش لنگ بھی آیا ہے۔

طَبرخون زدن۔ف۔ہلاک کرنا۔
طبرزد۔سب۔معرب تبرزد کا۔مصری۔
طَبع۔ع۔سرشت آدمی کی پیدائشی خو۔خط وغیرہ پر مُہر کرنا۔نقش کرنا۔چھاپنا۔چاندی سونے پر سکہ لگانا۔قالب مین کوئی چیز ڈھالنا۔تلوار بنانا۔مٹی سے برتن بنانا۔
طَبع۔ع۔حشیمہ۔پانی کی نہر۔زنگ۔میل۔عیب۔زشتی۔برائی۔
طَبع۔ع۔تلوار وغیرہ کا زنگ۔
طَبِع۔ع۔آدمی پست ہمت۔
طَبیعی۔ع۔منسوب طرف طبیعت کے اسلیے کہ اگر تیسرا حرف یے تحتانی ہو تو حالت نسبت مین گرادیتے ہین جیسے مدنی منسوب طرف مدینہ کے۔نام ایک فن کا فنون حکمت سے۔
طَبعی۔ع۔منسوب طرف طبع کے۔
طَبَق۔ع۔لاسا جس سے پرندونکو شکار کرتے ہین۔آدمی اور ٹڈی کا گروہ۔
طَبَق۔ع۔تہ۔پرت۔طبقہ۔پردہ کسی چیز کا وہ چیز جو برابر اور موافق دوسری چیز کے ہو۔خوانچہ وغیرہ۔روے زمین۔آدمی یا ٹڈی کا گروہ۔عورتکی شرمگاہ۔اور اصطلاح مین دو عورتون کا آپس مین عضو مخصوص کو رگڑکر خواہش بجھانا۔نام گھوڑے کے مرض کا کہ گرد ناف ورم ہو جاتا ہے۔
طِبُق۔ع۔طریق۔دستور۔

طبقات -ع- جمع طبقہ کی ہے -
طبقری -ع- نام ایک موضع کا -
طبقہ -ع- درجہ -
طبل -ع- ڈھول - بڑا نقارہ -
طبل از زیر گلیم بر آمدن -ف- کنایہ ہی کسی کے بھید ظاہر ہوجانے سے -
طبل خوردن -ف- بھاگنا -
طبل در زیر گلیم بودن -ف- کنایہ ہی کسی کے بھید پوشیدہ رہنے سے -
طبلہ -ع- چھوٹا صندوقچہ - پٹاری -
طبن -ع- آدمی بڑا عقلمند -
طبی -ع- طب کی شے منسوب طب سے -
طبی -ع- چوپایونکی پستان یعنی تھن -
طبیب -ع- علاج کرنیوالا -
طپیدن -ف- مبدل تپیدن کا اصلی معنی گرم ہونا - مجازی معنی بیقرار ہونا -
طبیخ -ع- کسی چیز کا پانی جوش کیاہوا جو شاندہ کسی دوا کا - اینٹ پختہ -
طبیخ -ع- خربزہ مرادف بطیخ کا -
طبیعت -ع- مزاج - خو - عادت - پیدائش -
طبیعی -ع- منسوب طرف طبیعت کے ذاتی خلقی - پیدائشی -

فصل طا مع حاے مہملہ

طح -ع- کسی چیز کا کوٹنا - ایڑی کا ملنا -
طحاب -ع- نام ایک موضع کا -
طحال -ع- تلی نام ایک مقام کا -
طحال -ع- نام ایک بیماری کا جو تلی مین پیدا ہو جاتی ہے -
طحس -ع- عورت سے جماع کرنا -
طحش -ع- باریک ہونا آنکھ کا -
طحطح -ع- / طحطاح -ع- } توڑنا - پریشان کرنا -
طحل -ع- بڑا ہونا اور ورم کرنا تلی کا -
طحل -ع- غضبناک -
طحلب -ع- کائی جو پانی پر جم جاتی ہی -
طحن -ع- غلہ کا آٹا کرنا -
طحن -ع- آٹا -

فصل طا مع راے مہملہ

طر -ع- تیز کرنا پیکان کا - کاٹنا - چیرنا - تھپڑ مارنا - گرپڑنا - اُچک لیجانا -
طر -ع- بمعنی ہمہ - تمام - جمیع -
طرابلس -ع- ایک شہر ہے شام مین اور ایک شہر ہے مغرب مین -
طراثیث -ع- نام ایک میوہ کا -
طراح -ع- یعنی نقاش - معمار -
طراحی -ف- نقاشی - معماری -
طراد -ع- باہم ایک دوسرے پر حملہ کرنا -
طراد -ع- چھوٹی کشتی تیز جانیوالی -
طرادہ -ع- رنگین کپڑا جو جھنڈے اور نشان کے سرے پر باندھتے ہین -
طرار -ع- تیز زبان - چور - گرہ کاٹنے والا -
طراز -ع- نقش و نگار ہر چیز کا - آرایش - اور بمعنی سنجاف کے بھی -
طراز -ع- نام ایک شہر کا حدود ترکستان مین جہانکے لوگ خوبصورت ہوتے ہین -
طرازیدن -ف- نقش کرنا -
طراق -ف- وہ آواز جو تازیانہ یعنے کوڑا مارنے مین نکلتی ہی -
طراوت -ع- تازگی - نہ بمعنی تری -
طرائف -ع- چیزین عمدہ اور نفیس - مال تازے اور نئے اور لطیف -
طرائق -ع- اشراف لوگ - عزیز لوگ - قوم کا گروہ -
طرب -ع- خوشی - شادی - شوق -
طربال -ع- بلند منارہ - بلند عمارت - بلند اور لمبی دیوار - گرجا گھر بلند -
طرح -ع- گرانا - دور کرنا - مکانکی نیو کا ڈالنا - نئی عمارتکا نمونہ - کسی کلام سے کنارہ کرنا - نقاشی - زبردست کا اپنی کسی چیز کو گران قیمت پر زیردست کے ہاتھ بیچنا - وضع - ڈھنگ - طور -
طرح افشاندن -ف- / طرح ریختن -ف- / طرح کردن -ف- } کسی چیز کی بنا ڈالنا
طرخان -ف- نام بادشاہ ترکستان کا اور

ده شخص جسکو بادشاہ نے خدمت کرامت
کردی ہو - نام ایک ساگ کا جسکو کھاتے ہین -
طرخون - ع - نام ایک درخت کا جسکی جڑ
عاقرقرحا ہے - یا بید سُرخ کی لکڑی -
طَرد - ع - ہنکانا - دُور کرنا - مگر استعمال اسکا
اکثر مکھی اور بھڑ اور بھنبھوڑ اور جو ہے اور
سانپ وغیرہ کے ہنکانے مین ہے -
طُرَر - ع - جمع طُرّہ کی جو آگے مذکور ہے -
طَرز - ع - طرح ڈھنگ -
طَرش - ع - بہرا پن -
طرطب - ع - بڑی چھاتی لٹکی ہوئی -
طرطوس - ف - نام ایک زبردست
پہلوان کا - نام ایک شہر رونق دار کا -
طَرَف - ع - کنارہ - جانب سمت جہت
کسی چیز کا ٹکڑا اور حصہ اور فارسی مین بمعنی
مقابل اور حریف کے بھی آتا ہے اور کبھی بمعنی
وقت کے بھی آتا ہے - جیسے طرف صبح و طرف شام -
طَرْف - ع - آنکھ - آنکھ کا پھرانا - آنکھ کے پپوٹے
کا پھڑکنا - کنکھیون سے دیکھنا - پلکون کا
جھپکانا - گوشہ - کنارہ - اور فارسی مین
بمعنے ڈاب نقرئی و طلائی کے بھی آیا ہی
جو زینت کے لیے کمر مین باندھتے ہین -
طِرف - ع - مان اور باپ کی طرف سے
بزرگ زادہ اور اصیل یعنی کریم الطرفین
خواہ انسان ہو خواہ غیر انسان -

طَرفا - ع - جھاؤ کا درخت -
طرف بستن - ف - فائدہ حاصل کرنا -
نفع اُٹھانا - اسلیے کہ طرف بمعنی ڈاب ہے
اور باندھنا اسکا موجب زینت کا ہے -
طرفۃ العین - ع - ایکمرتبہ پلک کا جھپکانا
اور مراد اس سے بہت تھوڑا زمانہ ہوتا ہے
اور یہ لفظ بضم اول غلط ہے -
طرفدار - ف - حاکم سرحد کا -
طرفدار پنجم - ف - کنایہ مریخ سے اسلیے کہ
اسکا مقام پانچوان آسمان ہے -
طرف شدن - ف - مقابل اور حریف ہونا
طرفگاہ - ف - مراد دُنیا سے -
طرف گرفتن - ف - گوشہ مین بیٹھنا -
حمایت کسی کی کرنا - گوشہ نشینی -
طَرفہ - ف - ایک دفعہ پلک جھپکانا - آنکھ مین
چوٹ کے سبب سے جو سُرخی کا نقطہ پڑجاتا ہے -
طُرفہ - ع - نئی چیز عمدہ - عجیب - تحفہ - اور
مجازاً بمعنی معشوق کے بھی -
طَرفے - ف - یائے مجہول اسے بمعنی اندکے -
طرفین - ع - دونون جانب -
طُرُق - ع - جمع طریق کی رستے - راہین -
طَرق - ع - مارنا - توڑنا - نر کا مادہ سے
جُفتی کھانا - رات کو آنا - عقل کی سُستی -
آواز راگ اور باجون کی -
طَرْق - ع - چربی - موٹاپا - طاقت -

طَرّقوا - ع - صیغہ جمع امر حاضر کا ہے بمعنے
راہ دو - ایک طرف ہو جاؤ - ہٹ جاؤ -
معمول ہو کہ چوبدار اور نقیب بادشاہون کی
سواری کے آگے طرقوا طرقوا کہتے چلتے ہین -
طرقوازن - ف - چوبدار نقیب -
طِرم - ع - گاڑھا شہد -
طرموث - ع - جاہل -
طَرُوب - ع - شادمان - خوش وخرم
طُروب - ع - خوشیان - شادیان -
طُروق - ع - رات کو آنا - نر کا مادہ کے
ساتھ جفتی کرنا -
طُرّہ - ع - زُلف پیشانی کے بال - مکان کا
چھجا - ہر چیز کا کنارہ - منقش کا پھندنا -
طَرِی - ع - تازہ - نیا -
طَریان - ع - حادث ہونا - وارد ہونا کسی چیز کا
کسی چیز مین ظاہر ہونا - تازہ ہونا -
طرید - ع - ہنکایا گیا - مردود -
طریدہ - ع - مجازاً بمعنے حملہ -
طریر - ع - مرد خوبصورت - خوش لقا -
طریف - ع - غریب - نادر - نوزاد - عجیب -
طریق - ع - کوفتہ - مضروب - مارکھایا ہوا -
چوٹ کھایا ہوا - رستہ - راہ اس لیے کہ
چلنے والون کے پیرون سے راہ کوفتہ ہوتی ہے
اور بمعنی شرمندہ اور خجل کے بھی آیا ہے اور اصطلاح
رمل مین نام ایک شکل کا سولہ شکلون رمل

تن سے -
طریقت - ع - راہ خدائی باطن کی -
طریق گشتہ - ع - یعنی شرمندہ ہوا -
طریقہ - ع - راہ طور - رستہ - ڈھنگ - روش - مذہب -
طریقہ - ع - سستی - ناتوانی -

فصل طا مع سین مہملہ

طسوج - ب - معرب طسو کا - کنارہ - کونا - یو تہائی دانگ یعنی دو حبہ کے برابر - اور چوبیسواں حصہ ہر چیز کا -

فصل طا مع شین معجمہ

طشت - ب - معرب طشت کا تسلہ -
طشت کسے از بام اُفتادن - ف - کسی کا رسوا ہوجانا - کسی کا بھید ظاہر ہوجانا -
طشت و خایہ - ف - نام ایک کھیل کا کہ مرغی کے انڈے کو خالی کرکے شبنم یا پارہ سے بھرکے سوراخ اُسکا بند کرکے طشت مین رکھکر تیز دھوپ مین رکھتے ہین وہ انڈا اچھلنے لگتا ہے - اور کنایہ آسمان و زمین سے بھی -

فصل طا مع عین مہملہ

طعام - ع - خورش - کھانا -
طعان - ع - نیزہ مارنا - اور جمع طاعن بمعنی نیزہ مارنے والے کی -
طعم - ع - مزہ - لذت
طعم - ع - کھانے کی چیز - طعام - خورش

طعمہ - ع - خورش - روزی - کھانا -
طعمہ - ع - ایک مرتبہ چکھنا -
طعن - ع - نیزہ مارنا - عیب گیری کرنا کسی کے کام مین عیب نکالنا - اور بمعنی سیر اور رفتار کے بھی آیا ہے -
طعنہ - ع - ایک مرتبہ نیزہ مارنا - عیب جوئی کرنا کسی کے کام مین عیب نکالنا -

فصل طا مع غین معجمہ

طغان - ف - نام ایک بادشاہ ترک کا اور مخفف طغیان کا بھی آیا ہے -
طغان شاہ - ت - نام ایک بادشاہ عظیم القدر کا اولاد افراسیاب سے -
طغرا - ف - ایک قسم کا خط ہے پیچیدہ حرفون کا جسمین نام یا القاب بادشاہون کا فرمان پر لکھا جائے - ظاہرا یہ لفظ ترکی ہے -
طغرل - ت - نام ایک بادشاہ کا اولاد سلجوق سے -
طغرل - ت - نام ایک پرند شکاری کا جسکو ہندی مین بحری کہتے ہین -
طغیان - ع - حد سے گذر جانا - مجازاً بمعنی زیادتی - کثرت - مگر استعمال اسکا بغیر یاے نامرغوب کی افزونی مین آتا ہے اور اسی باعث سے کبھی بمعنی ظلم اور نافرمانی کے بھی آتا ہے -
طغیانی - ف - زیادتی - کثرت - لفظ طغیان کے آخر مین یاے تحتانی زیادہ کی ہے

اگرچہ یہ درست نہین ہے اسلیے کہ طغیان خود مصدر ہے اسکو یاے مصدری کی ضرورت نہین ہے مگر یہ فارسیون کا تصرف ہے کہ اکثر مصادر مین یاے مصدری زیادہ کردیتے ہین مثل فضول و فضولی اور خلاص و خلاصی اور سلامت و سلامتی کے -

فصل طا مع فا

طفاوہ - ع - دائرہ جو آفتاب کے گرد واقع ہوتا ہے - اور دائرہ گرد ماہتاب کو ہالہ کہتے ہین -
طفرہ - ع - فرصت فاصلہ جو کسی کام کے کرنے مین پڑ جائے -
طفل - ع - نیا پیدا بچہ خواہ آدمی کا ہو خواہ حیوان کا یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -
طفل چہل روزہ - ف - کنایہ حضرت آدم سے اسلیے کہ چالیس روز مین اُنکی مٹی کا خمیر ہوا تھا -
طفل شب - ف - کنایہ چاند سے -
طفل ہندو - ف - کنایہ آنکھ کی پتلی سے -
طفولیت - ع - طفلی - لڑکپن - یہ مصدر جعلی ہے واو کی زیادتی سے خلاف قیاس جیسے رجولیت
طفیف - ع - قلیل - تھوڑا - ناتمام -
طفیل - ع - نام ایک شاعر کوفی کا جو بغیر بلائے طعام کی محفل مین ہر ایک شخص کے مکان مین چلا جاتا تھا - مجازاً اب ہر ایسے شخص کو کہتے ہین جو بغیر بلائے لوگون کے ساتھ دعوت کھانے چلا جائے اور محاورہ فارسی مین مجازاً لفظ طفیل

معنی وسیلہ اور ذریعہ کے بھی آتا ہے۔
طُفیلی - ف - متاخرین لفظ طفیل مین یاے زائد لگاکر طفیلی کہتے ہین - یا منسوب طرف طفیل کے - اور کبھی یاے طفیلی مصدری ہوتی ہے بمعنی طفیل ہونا -

فصل طا مع لام

طَلّ - ع - شبنم - اوس -
طُلّاب - ع - جمع ہے طالب کی -
طِلا - ع - پتلی دوا جو کسی عضو پر ملین اور بمعنے زر سرخ - سونا - اور بمعنے لمع کرنے اور لمع کے بھی آیا ہے -
طلاق - ع - چھوٹ جانا عورت کا قید نکاح سے اور بمعنے کشادگی اور روانی اور آزادی اور عیش و نشاط کے بھی آیا ہے
طلاق شکم - ف - پیٹ کی روانی دستو نکا آنا -
طلاق طبیعت - ع - کشادگی طبیعت کی -
طلاقت - ع - زبان کی کشادگی - زبان کی روانی اور تیزی - لقلقہ - تیز زبانی -
طلاوت - ع - تروتازگی - خوبصورتی - رونق - خوبی - قبولیت - سحر - جادو -
طلائی - ع - سونیکی چیز منسوب طلا سے -
طلاے دست افشار - ف - خسرو پرویز کے خزانہ مین ایک سونا بیش قیمت مانند موم کے نرم تھا اسکو دست افشار بھی کہتے ہین -
طلایہ - ع - فوج جو شہر اور لشکر کی رات کو محافظت کرتی ہے -
طلب - ع - مانگنا - خواہش کرنا -
طُلَب - ع - آدمیون کا گروہ -
طَلَبہ - ع - جمع ہے طالب کی -
طِلبہ - ع - مطلوب - آرزو - خواہش -
طلبیدن - ف - بلانا - چاہنا - مانگنا یہ ایک تصرف فارسیون کا ہے کہ طلب لفظ عربی کا مصدر اپنے طور پر بنا لیا اور مثل اسکے بھی جیسے رقصیدن رقص سے اور فہمیدن فہم سے اور غارتیدن غارت سے -
طَلع - ع - شگوفہ خرما درخت موز جس کو ہندی مین کیلہ کہتے ہین -
طِلسم - ع - تماشا جو بشکل عجیب و غریب نظر مین دکھائی دے - وہمی خیالات - اور وہ صورت اور شکل ڈرونی اور مہیب جو خزانون کے اوپر بنا دیتے ہین -
طِلسمات - ع - جمع ہے طلسم کی -
طَلع - ع - شگوفہ خرما - اندازہ - مقدار -
طِلع - ع - راز بھید - بھید سے واقفیت -
طلعت - ع - دیدار - مُنھ دیکھنا - رُخ -
طَلق - ع - دردزہ جننے کا درد جو عورتون کو بچہ پیدا ہوتے وقت ہوتا ہے - ایک قسم کا پتھر سفید چمکدار تہ بتہ جسکو ابرق کہتے ہین ہرن شکاری کتا - مجازاً بمعنے شراب -
طِلق - ع - حلال - آزاد - رہا شدہ -
طَلِق - ع - تیز زبان - زبان آور -
طَلق روان - ف - کنایہ شراب سے اس مناسبت سے کہ اگر ابرق مثل پانی کے ہو جائے تو اکسیر اعظم ہو اور شراب کے فائدے بھی قریب اکسیر کے ہین -
طلق روان گوہری - ف - انگور کی شراب -
طَلق الوجہ - ع - کشادہ رو - خوبصورت خندان
طَلق الیدین - ع - کشادہ دست سخی -
طَلق اللسان - ع - کشادہ زبان - فصیح -
طَلَل - ع - جسم - کالبد - تن - بدن ڈیل ڈول ویران مکانون کے نشان -
طَلوب - ع - بمعنے طالب -
طُلوع - ع - آفتاب کا نکلنا - ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا - باہر نکلنا - ظاہر ہونا ہر چیز کا -
طَلیعہ - ع - وہ لشکر جو فوج کے آگے آگے واسطے دریافت کرنے دشمن اور پانی وغیرہ اور اُترنے کی جگہ کے جایا کرتا ہے - اور سپاہ محافظ شہر اور لشکر کی بوقت شب - اسکی جمع طلائع آتی ہے -
طَلیق - ع - قید سے آزاد - رہا شدہ -
طَلیق الوجہ - ع - کشادہ رو - خندان -
طَلیق اللسان - ع - تیز زبان - فصیح -

فصل طا مع میم

طمّاع - ع - بڑا لالچی -
طُمّاع - ع - جمع طامع بمعنی لالچی کی -
طماعت - ع - لالچ کرنا - طمع کرنا -

طماغہ۔ ت۔ } بازاور چرغ وغیرہ کی ٹوپی۔
طماقہ۔ ت۔ }
طمانیت۔ ع۔ اطمینان تسلی۔
طمث۔ ع۔ حیض کا خون عورت کا حائض ہونا۔ عورت کی بکارت توڑنا۔ کسی چیز کا میلا اور خراب ہو جانا۔
طمرؤس۔ ع۔ دروغ گو جھوٹا۔
طمس۔ ع۔ ناپدید کرنا۔ کسی چیز کا نشان تک مٹا دینا۔ دور ہونا۔ ہلاک کرنا۔
طمطراق۔ ع۔ کر و فر شان۔ تجمل۔
طمطم۔ ع۔ غیر فصیح جسکی زبان درست نہو۔
طمع۔ ع۔ لالچ۔ حرص۔ اُمید۔
طمع۔ ع۔ لالچی۔ حریص۔
طمع خام۔ ف۔ تمنا اُس چیز کی جو ممکن نہو۔
طمغاج۔ ت۔ نام ولایت کا ترکستان سے۔
طموس۔ ع۔ معدوم ہونا۔ پُرانا ہونا۔ محو کردینا۔ مٹا دینا۔
طمیس۔ ع۔ نابینا۔ اندھا۔

فصل طا۔ مع نون

طناب۔ ع۔ رسی۔ خیمہ کی ڈوری۔
طناز۔ ع۔ اشاروں مین بات کرنیوالا۔ کنایہ مین بات کرنیوالا۔ ناز کرنے والا۔ اٹھلا کر چلنے والا۔ شوخ۔
طنب۔ ع۔ خیمہ کی ڈور۔ اطناب جمع ہے۔
طنبک۔ سب۔ معرب تُنبک کا۔ ڈھولکی۔

طنبور۔ ع۔ طنبورہ مشہور باجہ ہے۔
طنجیر۔ ع۔ سب۔ معرب تنجیر کا۔ پتیلہ۔ دیگچہ۔
طنز۔ ع۔ ناز نخریہ۔ رمز کی بات کہنا طعنہ۔
طنطنہ۔ ع۔ آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی۔ کر و فر۔ اور بمعنی آواز نقارہ اور ڈھول کے بھی مستعمل ہے۔ واضح ہو کہ دونون نقارون مین ایک کو زیر کہتے ہین اور دوسرے کو بم پس آواز زیر کو طنطنہ کہتے ہین اور آواز بم کو دمدمہ۔
طنین۔ ع۔ صدا۔ آواز۔
طنین۔ ع۔ آواز مکھی اور زنبور اور مچھر وغیرہ چھوٹی مکھیون کی۔ کان کی آواز یعنے جھنجھناہٹ۔ طشت اور لگن کی آواز۔

فصل طا۔ مع واو

طوارق۔ ع۔ جمع طارقہ کی۔ وہ حادثے اور زمانہ کی سختیان اور آفتین جو رات کو آسمان سے زمین پر نازل ہوتی ہین۔
طواف۔ ع۔ کسی چیز کے گرد پھرنا۔ خانہ کعبہ کے گرداگرد گھومنا۔
طواف۔ ع۔ وہ خادم جو نرمی اور مہربانی سے اپنے مالک کی خدمت کرے۔ مردبہت طواف کرنیوالا یعنی بہت گرد پھرنے والا۔
طوالت۔ ع۔ درازی۔
طوامیر۔ ع۔ جمع طومار کی جسکے معنی آگے مذکور ہین
طوارئح۔ ع۔ حادثے اور واقعے جو ہلاک کرنیوالے ہون۔ آفتین۔

طوائف۔ ع۔ جمع طائفہ بمعنی گروہ کی۔
طوبیٰ۔ ع۔ مؤنث ہے اطیب کا بمعنی پاک تر اور خوشبودار تر۔ اور کبھی بمعنی عیش اور خوشی اور بشارت اور فرحت کے بھی آتا ہے۔ نام ایک درخت کا بہشت مین جسکی ایک ایک شاخ کل بہشتیون کے مکانون مین ہوگی اور اُس ایک شاخ سے طرح طرح کا میوہ اور خوشبوئین حاصل ہونگی۔
طود۔ ع۔ بڑا پہاڑ۔
طور۔ ع۔ بمعنی مطلق پہاڑ۔ اور اُس پہاڑ کا نام جسپر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی اور اُسکو طور سینا بھی کہتے ہین اور فقط طور بھی اور یہ پہاڑ ملک شام مین ہے۔
طور۔ ع۔ ایک مرتبہ اطوار اسکی جمع ہے مجازاً بمعنی وضع۔ ڈھنگ۔
طوس۔ سب۔ معرب توس کا۔ نام ایک شہر کا ولایت خراسان مین۔
طوطک۔ ف۔ واو معروف سے نام ساز کا
طوطی۔ سب۔ معرب توتی کا ایک پرند ہے سبز رنگ جسکو طوطا کہتے ہین۔ اور توتی ایک چھوٹا پرند اور بھی ہے جو شہتوت کو بڑی رغبت سے کھاتا ہے۔ اور شہتوت کی فصل مین بہت دکھائی دیتا ہے۔ پس یہ منسوب ہے طرف توت بمعنی شہتوت کے۔
طوع۔ ع۔ رغبت اطاعت۔ اپنی خوشی سے

طوعًا۔ ع۔ ازروے فرمانبرداری کے۔
طوعًا و کرہًا۔ ع۔ اطاعت اور فرمانبرداری اور کراہت اور دھینگا دھینگی سے۔
طوغ۔ ت۔ نشان اور جھنڈا فوج کا۔
طوف۔ ع۔ کسی چیز کے گرد پھرنا۔ اور بمعنی مطلق سیر اور گشت کے بھی آتا ہے۔
طوفان۔ ع۔ سیلاب پانی کا جو ڈبودے۔ سخت آندھی۔ ہر چیز جو بہت غالب ہو اور کل کو گھیر لیوے۔
طوق۔ ع۔ طاقت۔ توانائی۔ گردن بند۔ گول بٹہ۔ حلقہ۔ جو چیز کہ گول ہو۔
طوق بردن۔ ف۔ سبقت لیجانا۔
طوق و تاج۔ ف۔ مراد تخت و تاج سے۔
طول۔ ع۔ احسان کرنا کسی پر بیشی لیجانا بزرگی اور فضل مین کسی پر غالب ہونا۔ قدرت۔ توانگری۔ بخشش۔ عطا۔
طول۔ ع۔ درازی۔ لمبائی۔ لمبا ہونا۔
طول۔ ع۔ بڑی رسی جسکے ایک سرے سے چوپایہ کا پاؤن باندھ کے چرنیکو چھوڑ دین۔
طول۔ ع۔ لمبی اور دراز چیزین۔
طول امل۔ ع۔ کنایہ حرص دنیا سے۔
طومار۔ ع۔ نامہ خط۔ کتاب۔ بڑا مکتوب۔
طومی۔ مب۔ واو معروف سے معرب ہے توی کا جو واو مجہول سے ہے ترکی مین شادی عروسی کو کہتے ہین۔

طوی۔ ع۔ نام ایک میدان کا شام مین کہ اسکو وادی ایمن بھی کہتے ہین۔
طوی۔ ع۔ گرسنگی۔ بھوکھ۔
طویت۔ ع۔ پیچیدگی۔ نیت۔ اندیشہ۔
طویل۔ ع۔ لمبا۔ دراز۔ نام ایک بحر کا انیس بحرون شعر سے۔
طویلہ۔ ع۔ یاے معروف سے لمبی رسی جو گھوڑون کے پیرون مین باندھتے ہین ہندی پچھاڑی۔ وہ لمبی رسی جسمین چند گھوڑون کے پیرونکو باندھ دین۔ مجازًا وہ مکان جسمین بہت سے گھوڑے باندھے جاتے ہین اور طویلہ بمعنے موتیونکی لڑی کے بھی ہے۔
طویلہ بستن۔ ف۔ خیمہ برپا کرنا۔
طویلہ بیرون زدن۔ ف۔ کنایہ ہے ظاہر ہونے اور باہر نکلنے سے۔
طویلۂ در۔ ف۔ موتیون کی لڑی۔

فصل طا۔ مع ہاے ہوز

طٰہٰ و یٰسٓ۔ ع۔ دونون نام ہین دو سورتون قرآن مجید کے۔ اور حقیقت مین یہ دونون نام پیغمبر صلعم کے ہین طٰہٰ کنایہ ہے یا طاہر سے اور یٰس اشارہ ہے یا سید سے۔
طہارت۔ ع۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ پاک ہونا۔ اور بمعنی وضو اور استنجا کے مستعمل ہے۔
طہر۔ ع۔ پاک ہونا عورت کا حیض سے اور پاکی کے دن جن مین حیض نہو۔

طہران۔ مب۔ معرب تہران کا جو ایک شہر ہے ایران کے شہرون سے۔
طہماسپ۔ ف۔ شاہان ایران سے ایک بادشاہ کا نام جو بڑا عادل اور سخی تھا۔
طہمورث۔ ف۔ نام ایک بادشاہ ایران کا جسنے سات سو برس بادشاہت کی ہے یہ ہوشنگ کی اولاد سے تھا کہتے ہین کہ اسنے ایک دیو کو مسخر کرکے اپنا مرکب بنایا تھا اور اسپر سوار ہوا کرتا تھا اسی سے اسکو دیوبند کہتے ہین۔
طہور۔ ع۔ پاک۔ پاک کرنیوالا۔ پاک ہونا۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز پاک کیجائے۔
طہیر۔ ع۔ پاک کرنیوالا۔ پاک۔

فصل طا۔ مع یاے تحتانی

طی۔ ع۔ بھوکھ۔ گرسنگی۔ لپیٹنا۔ فارسی مین یہ لفظ اکثر لپیٹنے کے معنے مین بغیر تشدید کے مستعمل ہوا کرتا ہے۔
طے۔ ع۔ بروزن مے۔ نام ایک قبیلہ کا یمن سے جسکی طرف حاتم طائی منسوب ہے۔
طیار۔ ع۔ اڑنے والا۔ پرندہ جو خوب اڑسکے۔ بہت خوب اڑنے والا۔ تیز فہم لقب جعفر بن ابی طالب علیہما السلام کا اسلیے کہ وہ بہشت مین فرشتون کے ساتھ اڑتے پھرتے ہین۔ یہ چچازاد بھائی آنحضرت صلعم کے تھے۔ فارسی مین یہ لفظ مجازًا بمعنی مہیا اور آمادہ اور مستعد کے مستعمل ہے

طیّارہ - ع - کنایہ کشتی اور جہاز اور گھوڑے تیز رفتار سے -

طیّاش - ع - سبک عقل جسکی عقل جاتی رہی ہو - ہلکا - بیہودہ آدمی -

طیّان - ع - گرسنہ - بھوکا - پیچیدہ مٹی کے برتن بنانے والا - طیّان نام ایک شاعر کا جو بیہودہ گو تھا -

طیب - ع - خوشبو - خوشی - پاک ہونا خوش طبعی - مذاق -

طیب - ع - کسی چیز کا لذید اور پاک ہونا

طیّب - ع - پاک - حلال - لذید - مزہ دار -

طیّب الادا - ع - کنایہ خوش آواز اور خوشگو سے

طیّبات - ع - نزاکتین - دل لگیان -

طیبت - ع - پاک ہونا حلال ہونا - مزاح خوش طبعی - اور مذاق -

طیبہ - ع - حضرت رسول صلعم کا مدینہ منورہ

طیر - ع - ایک پرند - بہت سے پرند - یہ لفظ مفرد اور جمع دونون آیا ہے -

طیران - ع - اُڑنا -

طیرگی - ف - سبکی - خفت -

طیرہ - ع - غصہ - غضب -

طیرہ - ع - خفت - سبکی - شرمندگی - عیب و بمعنی غمناک اور شرمندہ کے بھی آیا ہے -

طیرہ - ع - فال بد - بُرا شگون -

طیش - ع - سبکی - سبک ہونا - ہلکا پن - عقل کا زائل ہو جانا - تیر کا خطا کرنا نشانہ سے - مجازاً بمعنے غصہ - بیدماغی - خفگی -

طیف - ع - غضب - جوش غصہ کا - دیوانگی اور وہ خیال جو خواب مین دکھائی دے -

طے کردن - ف - لپیٹنا - فیصلہ کرنا -

طے کش - ف - طے کا روزہ رکھنے والا - اور صفت اس روزہ کی یہ ہے کہ بعد تین روز کے کھانا کھاتے ہین اور درمیان مین شام کو تین چار پانی کے قطرون سے روزہ کو افطار کر لیتے ہین -

طیلسان - ع - معرب تالسان کا ایک قسم کی چادر ہوتی ہے جو خطبہ پڑھنے والے اور قاضی لوگ اپنے کندھون پر ڈال لیتے ہین طیالسہ اسکی جمع ہے -

طیِ لسان - ع - زبان کا لپیٹ لینا - مراد اس سے خاموشی ہے - اور کبھی کنایہ استعداد کلام اور قوت گویائی سے بھی ہوتا ہے -

طین - ع - مٹی - خاک نمناک -

طینت - ع - تھوڑی مٹی - سرشت - خو - پیدائش خلقت - خصلت اصلی -

طینی - ع - گلی - مٹی کی چیز -

طیور - ع - جمع طیر بمعنے پرند کی -

طیہوج - ع - معرب تیہو کا اور تیہو ایک پرند ہے مشابہ کبک سے جسکو چکور کہتے ہین لیکن چکور سے چھوٹا ہوتا ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ ہندی مین اسکو لوا کہتے ہین جو مشہور پرند ہے تیتر کی قسم سے -

باب ظاے معجمہ

فصل ظا مع الف

ظاعن - ع - مسافر -

ظالم - ع - ظلم کرنیوالا -

ظامی - ع - تشنہ پیاسا -

ظان - ع - مرد - بدگمان - وہ شخص جو کسی پر تہمت لگا دے -

ظاہر - ع - کھلا ہوا - اور نام خدا کا -

ظاہری - ع - منسوب طرف ظاہر کے -

فصل ظا - مع باے موحدہ

ظبا - ع - جمع ظبی بمعنی ہرن کی -

ظبی - ع - ہرن -

ظبیہ - ع - آہوے مادہ - ہرن کی مادہ - عورت اور حیوان کی فرج - یعنی شرمگاہ - چھوٹی تھیلی چمڑے کی - خم مشکی - مشہور -

فصل ظا مع راے مہملہ

ظراف - ع - وہ شخص جو نہایت عقلمند ہو بڑا خوش طبع بڑا دل لگی باز -

ظرافت - ع - خوش طبعی - عقلمندی -

ظرف - ع - عقلمندی - برتن - اور محاورۂ فارسی مین بمعنی حوصلہ کے بھی آتا ہے -

ظرفا - ع - جمع ظریف کی -

ظروف - ع - جمع ظرف بمعنی برتن کی -
ظریف - ع - زیرک عقلمند - خوش طبع -

فصل ظا - مع عین مہملہ

ظعائن - ع - جمع ظعینہ بمعنی ہودج کی -
ظعان - ع - وہ رسی جس سے ہودج کسین -
ظعن - ع - کوچ کرنا - سفر کرنا - سیر کرنا -
ظعین - ع - کوچ کرنیوالا - جانیوالا -
ظعینہ - ع - وہ عورت جو ہودج مین بیٹھی ہو -

فصل ظا - مع فا -

ظفر - ع - فتح - فتحمندی -
ظفر - ع - ناخن -
ظفرہ - ع - ناخنہ جو آنکھ مین پڑجاتا ہے اور یہ آنکھ کی بیماری ہے -

فصل ظا - مع لام

ظل - ع - سایہ - خیال - نمونہ - رات کا ایک ٹکڑا - اول جوانی - گرمی کی شدت وہ ابر جو آفتاب کو چھپائے - رات کی اندھیری واضح ہوکہ اول روز کے سایہ کو ظل کہتے ہین اور آخر روز کے سایہ کو فے - اور ظل بمعنے بہشت کے بھی آیا ہے -
ظل اللہ - ع - سایہ خدا کا اور اصطلاح مین بادشاہ عادل کو کہتے ہین -
ظلال - ع - سایہ ابر کا سایہ دار مقام -
ظلال - ع - جمع ظل بمعنی سایہ کی -
ظلام - ع - اول شب کی تاریکی -
ظلام - ع - جمع ظلمت بمعنی اندھیری کی -
ظلام - ع - بڑا ظلم کرنیوالا - سخت ظالم اور بمعنی مطلق ظالم کے بھی آتا ہے -
ظل زمین - ف - کنایہ رات سے -
ظل ظلیل - ع - سایہ دراز اور کشیدہ اور ہمیشہ رہنے والا - سایہ تمام اور کامل -
ظلف - ع - چراہوا سم جسکو کھر کہتے ہین جیسے گائے اور بکری وغیرہ کا سم - برخلاف گھوڑے اور گدھے وغیرہ کے سم کے کہ اسکو حافرہ کہتے ہین - اظلاف اسکی جمع ہے -
ظلف - ع - سخت چیز بن -
ظلف - ع - روزی کی تکلیف - شدت معیشت
ظلف - ع - جاے بلند - بلند ٹیلہ -
ظلل - ع - بہت سے سایبان - بہت سے ابر -
ظلم - ع - بی انصافی - کسی کا حق کم کرنا -
ظلم - ع - تاریکی - تاریک ہونا رات کا -
ظلم - ع - پانی - برف - دانت کی سفیدی -
ظلم - ع - جمع ظلمت بمعنی اندھیری کی -
ظلمات - ع - جمع ظلمت کی - تاریکیان اور نظم مین بضرورت بہ سکون لام بھی جائز ہے -
ظلمات ثلثہ - ع - تین تاریکیان - حضرت یونس علیہ السلام کے لیے تاریکی رات کی تاریکی مچھلی کے پیٹ کی تاریکی تہ دریا کی - پیٹ کے بچہ کیلیے تاریکی ماں کے پیٹ کی - تاریکی بچہ دان کی تاریکی اس جھلی کی جسمین وہ ہوتا ہے - اور بعضے کہتے ہین کنایہ ہی - کدورت طبعی - اور ہوائے نفسانی - اور صفات حیوانی سے -
ظلمانی - ع - وہ شے جو شفاف نہو - تاریک واضح ہو کہ یہ منسوب ہے طرف ظلم بمعنی تاریکی کے اور الف و نون ما قبل یاے نسبت کا بعض الفاظ مین زیادہ آتا ہے جیسے نورانی حقانی جسمانی -
ظلمت - ع - تیرگی - اندھیرا -
ظلمہ - ع - جمع ظالم کی -
ظلول - ع - سایہ کرنا -
ظلوم - ع - سخت ظالم - بڑا ظلم کرنے والا -
ظلہ - ع - سائبان - چھجہ - ابر جو آفتاب کو چھپالے - وہ چیز جو سایہ کرے -
ظلیف - ع - بدحال - خراب - خوار - زمین سخت اور اونچی نیچی - کام سخت و دشوار سختی - مشکل - رائگان چیز -
ظلیل - ع - دائمی سایہ - سایہ دار جگھ وہ چیز جو سایہ کرلے -
ظلیم - ع - جسپر ظلم ہوا ہو - مظلوم -

فصل ظا - مع میم

ظما - ع - پیاس - پیاسا ہونا -
ظماء - ع - جمع ظمان بمعنی پیاسے کی -
ظمان - ع - تشنہ - پیاسا -

فصل ظا - مع نون

ظن - ع - گمان - وہم - تہمت -
ظنت - ع - تہمت -

ظُنُون - ع - جمع ظن بمعنی گمان کی -

ظَنُون - ع - مرد بدگمان - مرد ضعیف اور کم حوصلہ - کنوان کم پانی کا -

ظَنِین - ع - وہ شخص جسپر تہمت لگائی گئی ہو

ظَنّی - ع - منسوب طرف ظن کے -

فصل ظا - مع واو

ظَوَاہر - ع - زمین کی بلندیان - زمین سے اگی ہوئی چیزین -

فصل ظا - مع ہاے ہوز

ظِہار - ع - ہم پشت ہونا - موافق ہونا کہنا مرد کا اپنی منکوحہ عورت سے کہ تو مجھپر مثل پشت مان میری کے ہے شرع مین ایسا کہنے سے مرد پر وہ عورت حرام ہو جاتی ہے اور جبتک مرد کفارہ ندے حلال نہین ہوتی اور کفارہ اُسکا یہ ہے کہ ایک بردہ آزاد کرے اور اگر یہ ممکن نہو تو دو مہینے روزے پیہم یعنے لگاتار رکھے اور اگر یہ بھی ممکن نہو تو ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلاوے اور واجب و لازم ہے کہ کفارہ قبل جماع کے دے -

ظِہَارہ - ع - رضائی وغیرہ کا ابرہ یعنی اوپر والا کپڑا - اور استر کو بطانہ کہتے ہین -

ظَہارت - ع - قوی پشت ہونا -

ظَہر - ع - پشت - پیٹھ -

ظُہر - ع - درد پشت - پیٹھ کا درد -

ظُہر - ع - زوال آفتاب کا وقت -

ظُہُور - ع - ظاہر ہونا - کوٹھے پر چڑھنا -

ظَہِیر - ع - ہم پشت مددگار - پشت پناہ وہ شخص جسکی پیٹھ مین درد ہوتا ہو - یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -

ظَہِیرہ - ع - دن دوپہر کا وقت جو بہت گرم ہو

فصل ظا - مع یاے تحتانی

ظَیَان - ع - جنگلی چنبیلی - شہد -

ظِئر - ع - دائی یعنی انا جو دوسرے شخص کے بچہ کو دودھ پلاوے -

باب عین مہملہ

فصل عین - مع الف

عَابِث - ع - کھیل کود کرنے والا -

عَابِد - ع - عبادت کرنیوالا - پوجاری -

عَابِر - ع - راہ سے گذرنے والا - پل پر سے اُترنے والا - پار دریا کے جانیوالا -

عَاتِق - ع - رہا شدہ - آزاد - پرانی شراب بڑی مشک - نوجوان عورت - وہ عورت جسنے ابھی شوہر کیا ہو - ہر چیز پرانی مگر غیر جاندار -

عَاتی - ع - حد سے گذر جانے والا - سرکش نافرمان - مغرور - متکبر -

عَاج - ع - ہاتھی دانت - اور کبھی مراد سفیدی سے ہوتی ہے -

عَاجِز - ع - ناچار جس سے کچھ نہو سکے -

عَاجِل - ع - جلدباز - جلدی کرنے والا - اور کبھی مراد دُنیا سے -

عَاجِلہ - ع - بے مہلت - دنیا یہ جہان -

عَاد - ع - ہود پیغمبر کی قوم کا نام اور یہ لوگ عاد بن سام بن نوح کی نسل سے تھے

عَادات - ع - جمع ہے عادت کی -

عَادت - ع - خو - خصلت -

عَادِل - ع - منصف - انصاف کرنیوالا - برابر کرنیوالا - پرہیزگار جو فاسق نہو - وہ شخص جسکی شرع مین گواہی معتبر ہو -

عَادی - ع - خوگرفتہ - جسکو کسی چیز کی عادت پڑ گئی ہو - ہر چیز کہ عادت ہو جائے منسوب طرف عادت کے - عادت کی تے مصدری یاے نسبت کے ملنے سے گر گئی اور منسوب طرف قوم عاد کے - اور بمعنی دشمن و ظالم -

عَاذِر - ع - زخم کا نشان - خون استحاضہ آدمی کا پاخانہ - یعنی گوہ -

عَاذِل - ع - ملامت کرنے والا -

عَار - ع - شرم - عیب -

عَارِج - ع - اوپر چڑھنے والا -

عَارِض - ع - فوج کا بخشی - لشکر کا شمار کرنے والا - سالار فوج - ملنے والا لاحق ہونے والا - ابر سیاہ - رخسارہ اور بمعنی مطلق ابر کے بھی -

عَارِضہ - ع - حاجت - رنج - بیماری اسکی جمع عوارض ہے -

عَارِضی - ع - لاحق جو اصلی نہو -

عارف - ع - پہچاننے والا - جاننے والا - صبر کرنیوالا - ولی خدا -
عارفہ - ع - عورت پہچاننے والی اور صبر کرنیوالی اور جاننے والی -
عاری - ع - ننگا - برہنہ - خالی -
عاریت - ع - مانگنا - مانگ کر کوئی چیز لینی - کوئی چیز مانگے دینی - یہ لفظ منسوب ہے طرف عار کے اس لیے کہ مانگنا شرم کی بات ہو اور یہ لفظ یائے تحتانی کی تشدید سے بھی آیا ہو -
عازم - ع - قصد اور ارادہ کرنیوالا -
عاسل - ع - شہد نکالنے والا -
عاسی - ع - بہت بوڑھا شخص -
عاشر - ع - دسوان حصہ (۱/۱۰)
عاشق - ع - عشق رکھنے - چاہنے والا -
عاشورا - ع - } دسوین تاریخ ماہ محرم کی -
عاشوراو - ع - } اسکے آخر مین بجاے الف ہاے ہوز لکھنا اسطرح (عاشورہ) غلط ہے -
عاصف - ع - تیز آندھی - اور وہ روز جس مین سخت آندھی چلے -
عاصفہ - ع - بہت تیز ہوا - سخت آندھی عواصف اسکی جمع ہے -
عاصم - ع - باز رکھنے والا - نگاہ رکھنے والا نام ایک قاری کا جنکے شاگرد حفص ہین -
عاصی - ع - گنہگار - مجرم - خطاکار نافرمان - وہ سیاہ ابر جو برسے نہین اور طبیبونکی اصطلاح مین معدہ عاصی وہ جو مسہل کا اثر قبول نہ کرے اور رگ عاصی وہ جو فصد مین خون نہ دے -
عاطر - ع - خوشبودار -
عاطف - ع - مڑنیوالا - مہربانی کرنیوالا -
عاطفت - ع - مہربانی کرنا - مہربانی -
عاطل - ع - برہنہ - ننگا - خالی - بیکار -
عاف - ع - خطا معاف کرنے والا -
عافیت - ع - آرام -
عافین - ع - معاف کرنیوالے خطاؤن کے یہ جمع عاف کی ہو -
عاق - ع - سرکش ماں اور باپ کے ساتھ
عاقب - ع - پیچھے آنیوالا - وہ شخص جو کسی کا نائب ہو -
عاقبت - ع - آخر - انجام -
عاقد - ع - گرہ لگانیوالا - عہد کرنیوالا -
عاقر - ع - بانجھ جسکے لڑکا پیدا نہو مرد ہو خواہ عورت اسمین مذکر و مونث برابر ہے -
عاقل - ع - عقلمند - زیرک - دانا -
عاقلہ - ع - عقلمند عورت -
عاکف - ع - گوشہ نشین - مسجد مین ایک گوشہ کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا -
عاکفان - ع - جمع فارسی ہو عاکف کی -
عاکفین - ع - جمع عربی ہے عاکف کی -
عالم - ع - جو چیز کہ سواے خدا تعالے کے ہے - وہ عالم ہے - جہان - مخلوقات - اور بمعنی انواع مخلوقات کے بھی آتا ہے اور محاورۂ فارسی مین بمعنی حالت اور صورت کے بھی -
عالم - ع - جاننے والا - علم والا - پڑھا ہوا -
عالم آب - ف - کنایہ ہو نشۂ شراب سے -
عالم امر - ع - عالم ارواح اور عالم ملائکہ -
عالم اسباب - ع - دُنیا -
عالم برزخ - ع - موت اور قیامت کے درمیان مین روحون کے رہنے کا مقام -
عالم جبروت - ع - مرتبہ صفات خُدا کا -
عالم لاہوت - ع - عالم ذات خدا کا -
عالم ملکوت - ع - مرتبہ اسماے الٰہی کا -
عالم معنی - ع - وہ عالم جو محسوس نہو سکے -
عالم ناسوت - ع - عالم فانی - دُنیا -
عالم ہیولانی - ع - عالم اجسام کا -
عالمی - ع - عالم کا رہنے والا - دُنیا کا -
عالمیان - ف - جمع ہے عالمی کی -
عالی - ع - بلند - برتر -
عالیجناب - ع - بلند درگاہ - بلند مرتبہ -
عالی حضرت - ع - بلند مرتبہ کا آدمی -
عام - ع - برس - سال -
عام - ع - پھیلا ہوا - مشہور - کُل کو گھیرے ہوے - آدمی عام ضد خاص کا -
عامر - ع - } آباد کرنیوالا - آباد - اور نبی عامر
عامرہ - ع - } نام قبیلہ کا -

عامری - ع - منسوب طرف قبیلہ بنی عامر کے -
عامل - ع - حاکم - عمل کرنیوالا - کاریگر -
عامل دریا - ف } کنایہ آفتاب سے -
عامل کان - ف }
عامہ - ع - مشہور - عام - ضد خاصہ -
عامی - ع - ناخواندہ - جاہل -
عاند - ع - دشمن - عناد رکھنے والا -
عانہ - ع - موضع زیر ناف - پیڑو -
عاہات - ع - آفتین - سختیان -
عاہت - ع - آفت - بلا - سختی -
عاہر - ع - حرامکار - زنا کرنیوالا -
عاہل - ع - وہ عورت جسکے شوہر نہو -
عاہن - ع - محتاج - مردسست و کاہل -
عائب - ع - عیب کرنیوالا - عیبی -
عائد - ع - الٹ کر آنیوالا - عود کرنیوالا -
عائق - ع - روکنے والا - حائل - مانع -
عائل - ع - فقیر - درویش -
عائلی - ع - فقیری - درویشی -

فصل عین مع باے موحدہ

عب - ع - آستین -
عبّ - ع - دمبدم پانی پینا -
عبا - ع - کملی - نام ایک لباس خاص کا -
عباد - ع - خدا کے بندے - جمع عبد کی -
عبّاد - ع - عبادت کرنیوالے - جمع عابد کی -
عبادت - ع - پوجا - بندگی -
عبارت - ع - بیان - بات بیان کرنا -
عبّاس - ع - شیر درندہ - نام حضرت رسول صلعم کے چچا صاحب کا انھین کی اولاد مین خلفاے عباسیہ ہوے ہین - نام حضرت علی علیہ السلام کے صاحبزادے کا جو ام البنین کے بطن سے تھے اور جو کربلا مین شہید ہوے -
عبّاسی - ع - منسوب طرف عباس کے - نام ایک رنگ کا جو سرخ مائل بہ کبودی ہوتا ہے اور کنایہ رنگ سیاہ سے بھی اسلیے کہ خلفاے عباسیہ نے سیاہ رنگ اپنے لیے خاص کر لیا تھا -
عبّاسیان - ف - اولاد حضرت عباس آنحضرت صلعم کے چچا صاحب کی -
عبث - ع - بے فائدہ - بیہودہ -
عبد - ع - بندہ - غلام -
عبد المطلب - ع - نام حضرت رسول صلعم کے دادا صاحب کا -
عبد مناف - ع - نام حضرت رسول صلعم کے دادا صاحب کے دادا صاحب کا -
عبد الجنہ - ع - کابوس جس سے آدمی سوتے مین ڈرتا ہے -
عبدہ - ع - عبادت کرنیوالے - جمع عابد کی -
عبر - ع - خواب کی تعبیر کہنا - انجام کی خبر دینا -
عبر - ع - ہر چیز بہت - گروہ - گرمی آنکھ کی - نام قبیلہ کا - وہ عورت جسکا فرزند مر گیا ہو -
عبر - ع - محصول جو کشتی سے اترتے ہوئے اور دریا سے پار جاتے ہوئے لیا جاتا ہے -
عبر - ع } دریا کا کنارہ - گھاٹ -
عبر - ع }
عبر - ع - عبرت پکڑنا - رونا -
عبرت - ع - اندیشہ - نصیحت پکڑنا -
عبرہ - ع - وہ محصول جو کشتی اور جہاز کے مسافرون سے لیا جائے - راہداری کا محصول اور بمعنی عبور کے بھی آیا ہے - اور کبھی مجازاً بمعنے خراج ملک کے بھی آتا ہے -
عبرہ - ع - آنکھ کا آنسو - رونا -
عبری - ع } زبان اہل کنعان کی -
عبرانی - ع }
عبس - ع - ترش روئی - کج خلقی - بول - پیشاب - سوکھا گوہ -
عبق - ع - خوشبودار چیز -
عبقری - ع - لباس لطیف جو عجیب و غریب ہو - ہر چیز جو نفیس اور عمدہ ہو -
عبودیت - ع - بندگی - غلامی -
عبور - ع - راہ سے گذر جانا - پل کے پار جانا - دریا کو اتر جانا -
عبوس - ع - ترشرو - بدخلق -
عبوس - ع - ترشروئی - نام مرض کا جس سے پیشانی پر شکنین پڑ جاتی ہین -
عبوست - ع - ترشروئی -

عَبْہَر - ع - زرد نرگس - اور جو نرگس سیاہ ہوتی ہے اُسکو شہلا کہتے ہیں -

عَبِید - ع - بہت سے غلام - یہ جمع عبد کی نہیں ہے بلکہ اسم جمع ہے جو معنی جمع کے رکھتا ہے -

عُبَیْد - ع - چھوٹا غلام - یہ تصغیر عبد کی ہے

عَبِیر - ع - نام ایک خشک خوشبو کا ہے جو مشک اور صندل اور گلاب اور زعفران ملاکر بناتے ہیں اور کپڑوں پر چھڑکتے ہیں -

فصل عین مع تاے فوقانی

عِتَاب - ع - ملامت کرنا - غصہ کرنا - ناز کرنا - خفگی - غصہ - ناز -

عَتَاد - ع - سفر کی تیاری - اسباب سفر کا -

عِتَاق - ع - آزاد ہونا لونڈی وغلام وغیرہ کا -

عِتَاقت - ع - آزاد ہونا -

عَتْب - ع - غصہ کرنا خفگی ظاہر کرنا -

عَتَبہ - ع - دہلی - آستانہ - چوکھٹ -

عَتَبَات - ع - چوکھٹیں - سختیاں - بلائیں -

عِتْرَت - ع - اولاد - اپنے - یگانے - عزیز -

عِتْق - ع - آزادی - آزاد ہونا -

عُتُق - ع - کہنہ ہونا - پرانا ہونا -

عُتُل - ع - سخت آواز - بہت کھانیوالا - ظالم -

عُتُو - ع - سرکشی -

عِتِی - ع - حد سے گذر جانا - غرور کرنا - انتہا کے بڑھاپے کو پہونچنا -

عِتِیب - ع - یاے مجہول سے امالہ عتاب کا

عَتِید - ع - حاضر - مہیا - موجود -

عَتِیق - ع - پرانا - بزرگ - برگزیدہ - آزاد -

عَتِیل - ع - تشنہ - پیاسا - مزدور - خادم -

فصل عین مع ثاے مثلثہ

عِثَار - ع - } سر کے بل گرنا -
عِثَارَت - ع - }

عَثَر - ع - گر پڑنا -

عَثَرَات - ع - لغزشیں - سر کے بل گرنے -

عَثْرَت - ع - لغزش - سر کے بل گرنا -

فصل عین مع جیم

عُجَاب - ع - انوکھا - تعجب -

عَجَاج - ع - گرد - غبار -

عُجَادات - ع - انگور کے دانے -

عِجَاف - ع - دبلے اور لاغر لوگ -

عُجَالت - ع - جلدی کرنا -

عُجَالہ - ع - جو چیز کہ بہت جلد حاضر کیگئی ہو -

عَجَائب - ع - جمع ہے عجیب کی -

عَجَائز - ع - جمع عجوز کی - بڑھیا عورتیں -

عَجَب - ع - تعجب - انوکھا پن -

عِجَب - ع - مرد متکبر - صاحب غرور -

عُجْب - ع - تکبر - غرور - خودبینی -

عَجْز - ع - } عاجز ہونا - ناتوانی - عاجزی -
عِجْز - ع - }

عُجْز - ع - چوتڑ - ہر چیز کا پچھا -

عَجَزَہ - ع - جمع ہے عاجز کی -

عَجَف - ع - لاغری - دبلاپا -

عَجِف - ع - لاغر - دبلا -

عِجْل - ع - بچھڑا گائے کا بچہ - نام ایک قبیلہ کا -

عَجِل - ع - دوڑنے والا -

عَجَلَت - ع - شتابی - جلدی -

عَجْم - ع - حرفوں پر نقطے دینا حرفوں کے اعراب -

عُجْم - ع - کند زبان لوگ - ملک عجم کے باشندے - گونگے لوگ - گونگے حیوان -

عَجَم - ع - وہ ملک جو سواے عرب کے ہو خصوصاً بمعنی ملک ایران توران - اور مردم غیر عرب کو بھی عجم کہتے ہیں - چھوہارے اور انگور اور ہر چیز کی گٹھلی اور تخم یعنی بیج -

عَجَمی - ع - جو شخص باشندہ عرب کا نہو اکثر مراد ایرانی اور فارسی سے ہوتی ہے -

عَجْن - ع - آٹے وغیرہ کا خمیر کرنا -

عَجُوز - ع - بڑھیا - بوڑھی عورت - اور عجوزہ ہاے ہوز کے ساتھ غلط ہے -

عَجُول - ع - بہت دوڑنیوالا - حیران -

عُجَّہ - ع - } مرغی کے انڈوں کا خاگینہ جو تلا جاتا ہے -
عِجَّہ - ع - }

عَجِیب - ع - انوکھا - وہ شے جس سے تعجب پیدا ہو -

عِجِّیز - ع - جو جماع پر قادر نہو - نامرد -

عَجِیل - ع - باشتاب - جلدی کرنیوالا -

عَجِین - ع - خمیر -

فصل عین مع دال مہملہ

عَدّ۔ع۔شمار کرنا۔گننا۔
عِدا۔ع۔جمع عدو بمعنی دشمن کی۔
عُدات۔ع۔جمع عادی کی۔ظلم کرنیوالے۔حد سے گذر جانے والے۔دشمن۔
عِداد۔ع۔شمار۔بخشش۔وقت موت۔
عَدالت۔ع۔انصاف۔برابری۔عادل ہونا۔لائق گواہی کے ہونا۔مجازاً بمعنی انصاف کی کچہری کے بھی۔
عَداوت۔ع۔دشمنی۔
عِدّت۔ع۔شمار۔گنتی۔وہ مدت کہ جس مین عورت بعد طلاق کے دوسرا شوہر نہ کر سکے۔واضح ہو کہ یہ مدت طلاق والی کے لیے تین مہینہ یا تین حیض ہین۔اور بیوہ کے لیے چار مہینہ اور دس روز۔اور حاملہ عورت کے لیے جب لڑکا پیدا ہو جائے۔
عُدّت۔ع۔ہر چیز کی درستی اور تیاری اور موجودگی۔جس سے حاجت رفع ہو۔
عَدَد۔ع۔گنتی۔شمار۔ہندسہ۔
عَدَس۔ع۔مسور۔مشہور غلہ ہے۔
عَدْل۔ع۔برابر کرنا۔انصاف۔انصاف کرنیوالا۔نیکمرد۔جو شرعاً گواہی کے لائق ہو اور بمعنی مثل۔نظیر۔مانند۔
عَدلَین۔ع۔دو مرد نیک لائق گواہی کے۔
عَدم۔ع۔نہین۔نفی۔نہونا۔نیستی اور فقیری۔گم کرنا۔منع کرنا۔
عُدم۔ع۔فقیر۔محتاج۔
عَدْن۔ع۔جگہ ہمیشہ رہنے کی۔کسی جگہ مین ہمیشہ رہنا۔بہشت کے باغ جنمین بہشتی لوگ ہمیشہ رہین گے۔اسمین دال کو فتحہ غلط ہی۔
عَدَن۔ع۔نام ایک جزیرہ کا حدود یمن مین جہان سے موتی عمدہ حاصل ہوتا ہے۔
عَدْنان۔ع۔نام ایک شخص فصیح کا اجداد حضرت رسول صلعم سے اور عربون کا نسب انھین تک بالاتفاق ثابت ہوتا ہے۔
عَدُو۔ع۔دشمن۔بیری۔
عُدْوان۔ع۔دشمنی کرنا۔ظلم۔ستم اور جمع عادی۔بمعنی دشمن و ظالم کی۔
عُدُول۔ع۔پھر جانا راہ سے۔روگردانی کرنا۔منھ پھیر لینا۔اور جمع عادل کی بھی۔
عُدول۔ع۔گواہ مقبول۔سچا آدمی پرہیزگار۔نیکمرد۔بڑا عادل۔
عُدْوہ۔ع۔ندّی اور دریا کا کنارہ۔
عِدْوَہ۔ع۔جائے دور۔
عَدْوَہ۔ع۔بلند جگہ۔
عُدوِی۔ع۔تجاوز کرنا حد سے۔ظلم کرنا۔
عَدِید۔ع۔مثل۔نظیر۔مانند۔گنتی گنی ہوئی چیز۔مجازاً بمعنی فراوان یعنے بہت کے بھی آتا ہے۔
عَدِیل۔ع۔قدر اور مرتبہ مین برابر۔وہ دو شخص جو ایک کجاوہ مین دونون طرف بیٹھین ہر ایک دوسرے کا عدیل ہوا۔
عدیم۔ع۔ناپیدا۔گم۔نایاب۔درویش۔فقیر۔نادان۔دیوانہ۔

فصل عین مع ذال معجمہ

عذاب۔ع۔دُکھ۔
عَذابُ الْھُون۔ع۔ذلت کا عذاب۔
عَذابُ الْحَرِیْق۔ع۔آگ سے جلانے کا عذاب مراد عذاب دوزخ۔
عِذار۔ع۔رخسارہ۔چہرہ۔
عَذْب۔ع۔پانی میٹھا اور خوش مزہ اور خوشگوار اور بمعنی خوش مزہ اور شیرین کھانیکی چیز کے بھی۔نام درخت کا۔
عَذَب۔ع۔کوڑا کرکٹ۔بعد لڑکا پیدا ہونیکے جو کچھ کہ عورت کے بچہ دان سے مثل خون و آنول وغیرہ کے نکلے۔ترازو کے اُٹھانے کا ڈورا جو ڈنڈی کے بیچ مین ہوتا ہے۔
عَذِب۔ع۔پانی جسپر کائی جمی ہوئی ہو۔
عُذر۔ع۔بہانہ۔معذور رکھنا۔
عَذراء۔ع۔لڑکی کنواری۔بن بدھا موتی نام وامق کی معشوقہ کا۔نام برج سنبلہ کا کہ وہ بھی لڑکی کی شکل پر ہے۔واضح ہو کہ کنواری لڑکی کو عذراء اس لیے کہتے ہین کہ مرد کو اُسکے ساتھ جماع کرنا متعذر یعنی دشوار اور مشکل ہوتا ہے۔

عُذرٰی - ع معذور رکھنا - عذر چاہنا۔
عُذرِزنان - ف - کنایہ حیض سے -
عُذرِلنگ - ف - بہانہ سست اور
ضعیف جو قابل قبول کرنیکے نہو۔
عَذِرَہ - ع - آدمی اور چوپایہ کا گوہ -
عَذُوبَت - ع پانیکی خوش مزگی اور مٹھاس
اور بمعنی شیرینی دوسری چیزونکے مجاز ہے -
عِذیَوط - ع وہ شخص جسکا بمجرد انزال کے
پائخانہ بے اختیار نکل پڑے اور یہ ایک
مرض سخت ہی - اور کبھی مجازاً مرض مذکور پر
بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہی -

فصل عین مع راے مہملہ

عَرا - ع - درگاہ - مکانکا صحن -
عَرا - ع - وہ جنگل جسمین گھاس تک نہو۔
عُرات - ع - جمع عاری بمعنی ننگے و برہنہ کی -
عَرّادہ - ع - چھوٹا منجنیق جس مین پتھر رکھکر
گھماکر دشمن کو مارتے ہین -
عُراضہ - ع - کسی قسم کا تحفہ جو مسافر اپنے
دوستونکے واسطے لاوے -
عِراق - ع - واضح ہو کہ عراق دو ہین (۱)
عراق عجم اسمین خراسان اور اصفہان داخل
ہین (۲) عراق عرب اسمین وہ ملک داخل
ہین جو آس پاس دریاے دجلہ کے واقع ہین
بغداد بھی اسمین شامل ہی عراق کے اصلی معنی
لغت مین کنارہ دریا کے ہین چونکہ یہ دونون
ملک دریا کے کنارے واقع ہین اسلئے انکو
عراق کہتے ہین پس عراق عجم دریاے جیحون کے کنارے پر ہی
اور عراق عرب دریاے دجلہ و فرات کے کنارے پر
اور عراق نام ایک مقام کا بھی ہی موسیقی مین
جسکو پہر دن چڑھے گاتے ہین -
عِراقَین - عراق کا تثنیہ ہی یعنی عراق عرب
اور عراق عجم - اور کبھی اس لفظ سے مراد
کوفہ اور بصرہ ہوتی ہی -
عِراک - ع انبوہی کرنا -
عَرّاک - ع خوب ملنے والا - گوشمالی دینے والا
کان اُمیٹھنے والا - جنگ کرنیوالا -
عَرائس - ع - جمع عَروس کی عورت ہو یا مرد
جسکی ابھی شادی ہوئی ہو - مگر اکثر اطلاق
اسکا نئی دُلھن ہی پر کرتے ہین -
عَرَب - ع - ملک مشہور ہی - اور اس ملک کے
شہرون کے رہنے والون کو بھی عرب کہتے ہین
عُرُب - ع - ملک عرب کے شہرونکے رہنے والے -
عَرَبان - ف جمع فارسی عرب کی ہی یعنی وہ
لوگ جو باشندے شہر کے ہین ملک عرب سے -
عَربَدَہ - ع - لڑائی - جنگ - بدخوئی -
عَربِستان - ف - عرب کا ملک -
عَرَبی - منسوب طرف عرب کے -
عَرَج - ع - لنگڑا ہونا - پیدائشی لنگڑا پن -
عُرجُون - ع - خرما وغیرہ کی شاخ خشک وکج -
عَرخَو - ع - کتے کے بھونکنے اور بلی کے
غُرّانیکی آواز بر وقت غصہ کے -
عِرس - ع - خاوند والی عورت - زن شوہردار -
عُرس - ع کھانا شادی یا نکاح وغیرہ کا -
عُرس - ع طعام عروسی - مجازاً اُس کھانیکو بھی
کہتے ہین جو کسی بزرگ کے روز وفات سال
بھر کے بعد فاتحہ دلوا کے تقسیم کرتے ہین -
عَرش - ع - تخت - چھت -
عَرشیان - ف - مراد فرشتے -
عَرصَہ - ع - میدان - بساط شطرنج کی - مکانکا
صحن - مجازاً بمعنی فاصلہ -
عَرصَات - ع - جمع عرصہ کی اور بمعنی قیامت -
عَرض - ع - ظاہر کرنا کسی چیز کا کسی شخص پر -
چوڑان - اسباب گھر کا - ملامت - دیوانگی -
عَرَض - ع - وہ چیز جو دوسری چیز کے سبب سے
قائم ہو خلاف جوہر کے کہ یہ بذات خود قائم
ہوتا ہی مثل رنگ اور کپڑے کے کہ رنگ عرض
ہی اور کپڑا جوہر - وہ بیماری جو بسبب کسی
مرض کے ہو جیسے درد سر کہ بسبب تپ کے ہو -
عِرض - ع - ناموس - آبرو - عزت - جسم -
بدن - جسد -
عُرض - ع - جانب - طرف - کنارہ -
عَرض بیگی - ف - وہ شخص جو لوگونکی حاجتون
اور سوالون کو بادشاہ سے عرض کرے -
عرض حیات - ع - اصطلاح مین زندگی
کے زمانہ کو خوبی اور خوشی سے بسر کرنا -

عَرضِ عُمر - ع - کنایہ زندگی کی لذت سے -
عَرضگاہ - ف - میدان شمار فوج کا -
عَرضَہ - ع - ایک مرتبہ ظاہر کرنا کسی چیز کا - کسی شخص پر ظاہر کرنا - عرض کرنا -
عُرضَہ - ع - ہمت - حیلہ - بہانہ - حجت اور بمعنی ڈھال کے بھی مستعمل ہے -
عَرعَر - ع - چیڑ کا درخت -
عَرف - ع - بوے خوش - خوشبو -
عُرف - ع - پہچان - نیکی - احسان - مشہور
عُرَفا - ع - جمع عارف کی جسکے معنی گذرے
عَرَفات - نام ایک میدان فراخ اور کشادہ کا جو مکہ سے نو کوس پر واقع ہے یہان نوین ذیحجہ کو جو روز عرفہ اور روز حج ہے حاجی لوگ کھڑے ہوکر اعمال حج ادا کرتے ہین -
عِرفان - ع - پہچاننا - لیکن بمعنی پہچاننے اور معرفت خداے تعالے کے مستعمل ہے - اور بمعنی شرم وحیا کے بھی آیا ہے -
عَرفہ - ع - نوین تاریخ ذیحجہ کی اور یہ تاریخ حاجیون کے کھڑے ہونے کی ہے مقام عرفات مین یہ لفظ حرف دوم کے سکون سے غلط ہے -
عُرفی - ف - تخلص شاعر مشہور کا -
عِرق - بدن کی رگ - نس - درخت کی باریک جڑ - زمین شور جسمین کچھ نہ اُگے -
عَرَق - ع - جسم کا پسینہ - وہ پانی جو دوا کے جوش کے بخار سے حاصل ہو -

عَرق - ع - گوشت ہڈی سے چھڑانا - وہ ہڈی جسمین مطلق گوشت نہ لگا ہو - وہ راہ جسکو لوگ نہ پہچانین -
عَرق - ع - وہ دودھ جسکا مزہ بگڑ گیا ہو -
عِرقُ النَّسا - ع - نام ایک رگ کا جو چوتڑ سے پنڈلی تک گئی ہے - اس رگ کے درد کا بھی نام یہی ہے ہندی مین اس درد کا نام رانگھن ہے -
عَرَقِ بہار - ف - وہ عرق جو نارنج اور ترنج کے پھولونکا بطور گلاب کے کھینچین اور بمعنی شراب کے بھی آیا ہے -
عَرَق چِین - ف - پگڑی کے نیچے کی ٹوپی اور بمعنی رومال بھی ہے -
عَرَق ریز - ف - خدمتگار - خادم - جفاکش - شرمندہ - اور بمعنی شرمندگی دینے والے کے بھی آیا ہے -
عَرَق ریختن - ف - کسی کام مین بڑی کوشش کرنا - شرمندہ ہونا -
عَرَق کردن - ف - شرمندہ ہونا -
عِرقِ مَدَنی - ع - نام مرض جسکو فارسی مین رشتہ اور ہندی مین نارو کہتے ہین
عَرَقیہ - ع - چھوٹا رومال جس سے پسینہ پونچھا کرتے ہین -
عَرگوزِی - ف - اصل معنی اسکے پاد کے لگنا - اسلئے کہ عر بمعنی چرک اور گوز بمعنی پاد ہے مگر اصطلاحاً بمعنی شور و غوغاے بے محل کے مستعمل ہے -

عُرم - ع - پانیکے روک کی مینڈ -
عَرُوب - ع - وہ عورت جسکے ساتھ اُسکا شوہر بہت محبت رکھتا ہو - وہ عورت جو اپنے شوہر کے ساتھ بڑی محبت رکھتی ہو - وہ عورت جو خندہ پیشانی اور خندہ رو ہو -
عُرُوج - ع - چڑھنا - بلند ہونا -
عَرُوس - ع - دولہا - دُلھن مگر عرف مین اکثر اطلاق اُسکا دُلھن ہی پر ہوتا ہے -
عَرُوسانِ بہاری - ف - کنایہ گل اور سبزہ وغیرہ سے جو فصل بہار مین ہون -
عَرُوسِ جہان - ف - کنایہ چاند سے -
عَرُوسِ عَرَب - ف - کعبۂ شریف -
عَرُوسِ عَدَن - ف - کنایہ چاند اور رات سے
عَرُوسَک - ف - گڑیان جنسے لڑکیان کھیلتی ہین - نام میوہ کا زرد آلو کی قسم سے -
عَرُوسی - ع - شادی نکاح کی -
عُرُوض - ع - ظہور - عارض ہونا -
عَرُوض - ع - نام علم شعر کا -
عُرُوق - ع - جمع عرق کی - بدن کی رگین - درخت کی باریک جڑین -
عُروَہ - ع - ہر چیز کا گوشہ - ہر چیز کا دستہ جو ہاتھ سے مضبوط پکڑ سکین جیسے آفتابہ وغیرہ مین ہوتا ہے -
عُروَۃُ الوُثقیٰ - ع - گرفت - مضبوط -

عُریَان - ع - ننگا - برہنہ -
عَرِیش - ع ہودج - ٹٹی جسپر انگور کی شاخین پڑی رہتی ہین -
عَرِیض - ع - چوڑا -
عَرِیضَہ - ع - عرضی - عرض کیا گیا -
عَرِیکَہ - ع - طبیعت - اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ -
عَرِین - ع - وہ جنگل اور صحرا جسمین درخت بہت ہون - اکثر شیر ایسے ہی جنگل مین رہتا ہی اسی لیئے شیر کی اس کے ساتھ نسبت کرکے شیر عرین کہتے ہین اور اکثر ناواقف لوگ جو اس لفظ کو غین نقطہ دار سے سمجھکر شیر غرین کہتے ہین جو غلط ہی -

فصل عین مع زاے معجمہ

عِز - ع - عزت - ارجمندی -
عُزا - ع - غلبہ - غلبہ کرنا - باران سخت -
عَزا - ع مصیبت پر صبر کرنا - نسبت کرنا - کسی چیز سے - شکایت کرنا - مجازاً ماتم پرسی -
عُزّیٰ - ع - مونث اَعَزَّ کا - نام ایک بت کا اور یہ ایک درخت تھا جسکو عرب پوجتے تھے - بحکم رسول صلعم خالد بن ولید نے اُسکو جلادیا -
عَزَازِیل - ع - نام شیطان کا -
عَزائم - ع - منتر - اور افسون اور دعائین جو واسطے حاضر ہونے جنون اور پریون کے پڑھین - قرآن مجید کی آیتین جو واسطے بیمارون کی شفا کے پڑھتے ہین - فریضے خدا کے جو اُسنے اپنے بندون پر واجب کیئے ہین -
عَزَب - ع - مرد مجرد جسکی جورو نہو - اور بمعنی زن بے شوہر کے بھی آیا ہی -
عِزَّت - ع - حرمت -
عِزرائیل - ع - نام ایک فرشتہ مُقرب کا جو روحون کو قبض کرتے ہین -
عَزل - ع - بیکاری - بیکار کرنا - جدا کرنا - عورت سے نزدیکی کرنے مین بغیر انزال الگ ہوجانا - ان معنون مین بضم اوّل غلط ہی -
عَزَل - ع - بے ہتھیار کا ہونا -
عُزَل - ع - بے سلاح بے ہتھیار والا -
عُزل - ع - بے ہتھیار والے -
عُزلَت - ع - گوشہ نشینی - زن و فرزند سے جدا ہوکر بیٹھنا - عبادت کے لیے -
عَزل و نَصب - ع - تغیری و بحالی -
عَزم - ع - ارادہ - قصد - ارادہ کرنا کسی چیز پر قصد دلی کرنا - کسی شخص کو قسم دیدینا ان معنون مین یہ لفظ بضم اول بھی آیا ہی -
عَزمَات - ع - جمع عزم کی -
عَزو - ع - نسبت کرنا ایک چیز کی دوسری چیز کی طرف - مصیبت پر صبر کرنا -
عَزَّ وَجَلَّ - ع - دونون صیغہ ماضی کے ہین اور یہ ماضی واسطے دوام کے ہے معنی ان کے غالب ہوا اور بزرگ ہوا -
عَزُوم - ع - بوڑھی اونٹنی - اور بڑھیا عورت -
عِزہَات - ع - سست جسکی قوت باہ جاتی رہی ہو -
عُزَیر - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا -
عَزِیز - ع - کمیاب - آرزومند - قادر - غالب کسی پر - ارجمند - مرغوب - پیارا - اب لقب بادشاہ مصر کا ہی - اور زمانہ قدیم مین یہ لقب مصر کے وزیرون کو ملا کرتا تھا -
عَزِیم - ع - دشمن قوی - سخت دشمن -
عَزِیمَت - ع - قصد دلی - ارادہ - خدا کا فریضہ - منتر - افسون - دعا -

فصل عین مع سین مہملہ

عُس - ع - قدح بزرگ - بڑا کاسہ -
عَسیٰ - ع - قریب ہی اور نزدیک ہے (کہ ایسا ہووے) اور بمعنی یقین اور شاید کے بھی یہ لفظ آیا ہی -
عسار - ع - درویشی - فقیری - مفلسی -
عَسَارت - ع - دشواری - سختی - شدت -
عَسَاکِر - ع - جمع عسکر بمعنی لشکر کی -
عَسَالَہ - ع - شہد کی مکھی - شہد کا چھتہ -
عَسجَد - ع - زر - طلا - سونا - جواہر مثل موتی اور یاقوت وغیرہ کے -
عُسر - ع - دشواری - دشوار ہونا کام کا -
عَسِر - ع - دشوار مشکل -
عُسرَت - ع - تنگی - مفلسی - دشواری -
عَسَس - ع - وہ شخص جو حفاظت شہر کی رات کو کرے - کوتوال - محافظ شہر -

عَسْقَلَان-ع-نام شہر کا شام مین-
عَسکَر-ع-لشکر-فوج-ہر چیز جو بہت ہو-
تاریکی رات کی نام محلہ کا نیشاپور مین نام
سامرہ کا جو ایک قصبہ ہی-
عَسکَرِی-ع عسکر کا رہنے والا-اور کنایہ
امام علی نقی عسکری اور امام حسن عسکری
علیہما السلام سے-
عَسَل-ع-شہد-
عَسَل-ع-کھانے مین شہد ملانا-کسی کی
خوب تعریف کرنا-عورت کا نکاح کرنا-
عَسَلی-ع-زرد کپڑا جو یہود واسطے
امتیاز اور شناخت کے اپنے جامون کے
مونڈھون پر سیتے تھے-
عَسَم-ع-خشک ہوجانا بند دست اور
قدم کا اور کج ہوجانا اُنکا-
عُسُن-ع-پُرانی چربی-
عُسن-ع-فربہی-موٹاپا-
عَسِیر-ع-دشوار-مشکل-
عُسَیلَہ-ع-لذت جماع اور آب منی-

فصل عین مع شین معجمہ

عُش-ع-آشیانہ یعنی گھونسلا پرندکا-
عِشَاء-ع-تاریکی رات کی جو وقت نماز کا
ہی اور اس نماز کو بھی عشا کہتے ہین-
عَشَاء-ع وہ کھانا جو رات کو کھاتے ہین-
عَشَا-ع-بغیر ہمزہ کے شب کوری-رتوندی
عُشَّاق-ع-جمع ہی عاشق کی-اور نام ہی ایک
راگ کا جو دو گھڑی دن رہے گاتے ہین-
عَشَائِر-ع-جمع عشیرہ کی کنبے قبیلے-
عُشب ع-ہری گھاس-
عَشر-ع-کسی چیز مین دسوان حصہ لینا-
عُشر-ع-دسوان حصہ (۱/۱۰) اور دس
آیتین قرآن مجید کی-
عُشَر-ع-ایک درخت ہے کڑوا قاتل جسکو
آگ اور مدار کہتے ہین-اور ہر نبات کو
بھی کہتے ہین جسمین سے دودھ نکلے-
عَشَر-ع-دس (۱۰) اور دس عورتین
عَشَرَہ-ع-دس مرد-اور دس عدد-
عَشَرَات-ع-جمع عشرہ کی دہائیان
جیسے دس بیس تیس وغیرہ-
عِشرَت-ع-خوش دلی-خوش زندگانی
کرنا باہم-عیش-یہ لفظ بفتح اول غلط ہی-
عُشر خوان-ف-لڑکا نوآموز جو قرآن
پڑھتا ہو-اسلیے کہ لڑکے کو اول دس آیتین
قرآن شریف کی ابتدای تبرک کے سبق دیتے
ہین اور بمعنی قاری قرآن شریف کے بھی ہی
اصطلاحاً وہ شخص جو مردکی قبر پر قرآن پڑھے-
عُشر عَشِیر-ع-سوان حصہ (۱/۱۰۰)
عَشرَہ کامِلَہ-ع-دس چیز کامل-اور
کنایہ دس روز دن سے جو حاجی لوگ رکھین
تین روزے ایام حج مین اور سات روزے
بعد حج کے اور یہ حکم اُن لوگون پر ہے جو
قربانی کی قدرت نہین رکھتے ہون-
عِشرِین-ع-بیس (۲۰) عـــہ
عِشق-ع-کسی شے کو نہایت دوست
رکھنا بعض طبیب کہتے ہین کہ عشق ایک
مرض ہی قسم جنون سے جو شکل حسین دیکھنے
سے پیدا ہوجاتا ہی یہ لفظ ماخوذ ہی عشقہ سے
جسکو لبلاب اور عشق پیچان بھی کہتے ہین
اور اس نبات کا قاعدہ ہی کہ جس درخت پر
لپٹتی ہی اُسکو خشک کردیتی ہی پس یہی حالت عشق کی
بھی ہی کہ جسکو ہوتا ہی اُسکو خشک اور زرد کردیتا ہی-
عِشقباز-ع-ف عاشق-چاہنے والا-
عِشق پیچان-ف-م ایک نبات مشہور ہی
عَشَقَہ-ف-ع جو درخت پر پھیلتی
ہے اُسکا پھول سُرخ ہوتا ہی-
عُشم-ع-خشک روٹی-
عِشّوق-ع-بڑا عشق کرنیوالا-
عَشوَہ-ع-چھپا کر کام کرنا-آگ جو رات
کو دور سے دکھائی دے-تاریکی-
عِشوَہ-ف-ناز-فریب-وہ حرکت
معشوق کی جو عاشق کو فریفتہ کرلے-
عَشِی-ع-اول شام-سر شام-
عَشِیّ-ع-رات کا کھانا-
عَشِیَّت-ع-شام کا وقت-
عَشِیر-ع-وہ شخص جو دوسرے شخص کے ساتھ

عـــہ دونون حرکت عین سے اس لفظ مین صحیح ہی ۱۲ منہ

ایک جگہ پر زندگی بسر کرے - کنبے کا آدمی
ہمسایہ - دسوان حصہ کسی چیز کا -
عَشِیرَہ - ع - کنبہ - قبیلہ - اہل خانہ -
عَشِیقَہ - ع - بمعنی معشوقہ -

فصل عین مع صاد مہملہ

عَصَا - ع - لاٹھی -
عِصَابَہ - ع - وہ چیز جس سے سر وغیرہ کو
باندھین - پٹی - دستار - پگڑی - ایک
قسم بردیمانی کی - گروہ آدمیون کا -
عُصَات - ع - جمع عاصی بمعنی گنہگار کی -
عَصَّار - ع - روغنگر - تیلی -
عُصَارَہ - ع - ہر چیز نچوڑی ہوئی کا پھوک
ہر چیز نچوڑی ہوئی کا روغن - رس - پانی -
عَصَافِیر - ع - جمع عصفور بمعنی کنجشک
کی - ہندی چڑیان -
عِصَام - ع - وہ تسمہ جو اُٹھانے کے لیے
مشک مین لگاتے ہین - ڈول کی رسی -
نام ایک مرد نیک خصلت کا جو نعمان
بن منذر کے دربان تھے -
عَصَب - ع - پے - پٹھے - یہ جمع ہے
عصبہ بمعنی پٹھہ کی مگر محاورہ مین اکثر بجائے
مفرد کے مستعمل ہوتا ہے -
عَصَبَات - ع - خویشان اور فرزندان
نرینہ جو باپ کی طرف سے ہون -
عَصَبَہ - ع - پٹھہ جس سے مضبوطی اور
حس و حرکت اعضا کی رہتی ہے جمع اسکی
عصب اور اعصاب آتی ہے - خویش اور فرزند
نرینہ جو باپ کی طرف سے ہو -
عُصبہ - ع - گروہ مردون کا دس سے
چالیس تک -
عَصَبِیَّت - ع - طرفداری - مضبوطی
اور خویشاوندی -
عَصر - ع - زمانہ - روزگار - آخر روز -
نام نماز کا - نچوڑنا انگور وغیرہ کا -
عُصعُص - ع - دونون چوتڑ کے درمیان
کی ہڈی جو قریب مقعد کے ہے دم غزہ -
عُصفُر - ع - گل کاجیرہ - ہندی کسنبھ
اور جو کپڑا کہ اسکے رنگ مین رنگا جاتا ہے اسکو
معصفر کہتے ہین اور اُسکے پھول کو گل معصفر
کہنا جیساکہ عوام مین مشہور ہے خطا ہے -
عصفور - ع - کنجشک - چڑیا -
عِصمَت - ع - گناہ سے اپنے کو باز رکھنا
اسطرح کہ تمام عمر مین کبھی کوئی گناہ
کبیرہ نہ کیا ہو -
عُصمُو - ع - پانی بھرنے کی گراری -
پانی بھرنے کا ڈول - عصامیر اسکی جمع ہے -
عَصو - ع - لاٹھی سے کسیکو مارنا -
عُصُوف - ع - ہوا کا بہت تیز چلنا -
عَصُوف - ع - آندھی -
عَصُوم - ع - بہت کھانیوالا -
عِصیَان - ع - یہ مصدر ہے اصلی معنی سخت
ہونا - اصطلاحی گناہ - اس لیے کہ گناہ
کرنے سے آدمی سخت دل ہو جاتا ہے -
عَصِیب - ع - طرفدار - استوار - رشتہ دار -
عصیدہ - ع - ایک قسم ہے حلوا کی -
عصیر - ع - انگور وغیرہ کا نچوڑا ہوا شیرہ
ہر چیز کا نچوڑا ہوا پانی وغیرہ اور کبھی بمعنی
شراب انگوری کے بھی آتا ہے -

فصل عین مع ضاد معجمہ

عَض - ع - دانت سے کاٹنا -
عَضَاد - ع - چھوٹے قد اور موٹے ڈیل کا
خواہ مرد ہو خواہ عورت -
عِضَاد - ع - کنگن عورتون کا زیور مشہور ہے -
عُضَادَہ - ع - لکڑی کے دروازہ کا بازو -
عُضَال - ع - دشوار کام سخت بیماری -
عَضب - ع - اصلی معنی اسکے قطع کے
ہین مگر بمعنے تلوار مستعمل ہے -
عَضبیَّت - ع - تیز زبانی -
عَضُد - ع - بازو - نام عضد الدولہ
دیلمی بادشاہ شیراز کا -
عَضد - ع - مدد کرنا - یاری کرنا -
عَضل - ع - باز رکھنا بیوہ عورت کو دوسرا
شوہر کرنے سے - سخت اور دشوار ہونا
کام کا کسی پر - سخت کام -
عِضل - ع - بدزشت - بہت بُرا -

عُضَل - ع - سختیان - بلائین -
عَضَل - ع - جمع عضلہ کی -
عَضَلَہ - ع - وہ گوشت کا ٹکڑا جسکے ہر ریشہ ریشہ مین چربی ملی ہوئی ہو -
عُضو - ع - ٹکڑا بدن کا بفتح اول غلط ہے -
عَضو - ع - ٹکڑے ٹکڑے کرنا -
عَضُوب - ع - جمع عضب کی تلوارین -
عَضُوم - ع - بسیار خوار بہت کھانیوالا -

فصل عین مع طاے مہملہ

عَطَا - ع - بخشش - دینا -
عَطّار - ع - خوشبو بیچنے والا - عطر بیچنے والا - گندھی - اور یہ جو عوام مین بمعنی دوا فروش مستعمل ہو خالی کراہت سے نہین ہے -
عُطَارِد - ع - بدھ - یہ ستارہ مشہور دوسرے آسمان پر ہے اُسکو دبیر فلک بھی کہتے ہین علم و عقل اس سے متعلق ہین شرف اسکا سنبلہ مین اور وبال اسکا قوس مین ہوتا ہے اور کیمیا گرون کی اصطلاح مین بمعنی جست کے ہے -
عَطَّار کرخ - ع - نام ایک محلہ کا بغداد مین -
عُطَاس - ع - چھینک - اور وہ عارضہ جس سے چھینکین آئین -
عِطَاش - ع - تشنگان - پیاسے -
عُطَاش - ع - پیاس کا مرض کہ جسقدر پانی پیا جاوے پیاس نہ بجھے -
عَطَایَا - ع - جمع عطیہ کی بخششین -
عَطَاے کُبریٰ - ع - کنایہ ہے عمر طبیعی سے جسکی مدت ایک سو بیس برس ہے -
عُطْب - ع - پنبہ - روئی -
عَطَب - ع - نرمی - نازکی -
عَطَب - ع - ہلاک ہونا - ہلاکی -
عِطْر - ع - بوے خوش - خوشبو -
عَطِر - ع - خوشبو کرنا - خوشبو ہونا -
عِطْرسا - ف - عطر ملا ہوا -
عِطْرِیات - ع - خوشبودار چیزین -
عَطْس - ع - چھینکنا -
عَطْسَہ - ع - چھینک -
عَطَش - ع - تشنگی - پیاس -
عَطْشان - ع - تشنہ - پیاسا -
عَطْف - ع - پھر جانا لپٹنا - خواہش کرنا - مہربانی - دامن کی سنجاف -
عَطَل - ع - عورت بدون زیبایش اور بغیر زیور کی - بغیر نقطہ کا حرف جیسے ح - د - س - ل - م - وغیرہ -
عُطْلَت - ع - بیکاری -
عَطُوف - ع - مہربان شفیق -
عَطُوفہ - ع - مہربان عورت -
عَطُوفَت - ع - مہربانی شفقت -
عَطِیَّات - ع - جمع عطیہ کی بخششین -
عَطِیَّہ - ع - بخشش انعام - دی ہوئی چیز -

فصل عین مع ظاے معجمہ

عِظَام - ع - جمع عظیم کی - بزرگ لوگ اور جمع عظم کی ہڈیان -
عَظْم - ع - استخوان - ہڈی -
عُظْم - ع - بزرگی - بڑائی -
عِظَم - ع - کلانی - ضد صغر یعنی بڑاپن خلاف چھوٹے پن کے -
عُظَما - ع - جمع عظیم کی - بزرگ لوگ -
عُظْمیٰ - ع - بزرگ عورت - ہر مونث چیز - جو بڑی اور بزرگ ہو -
عَظَمَت - ع - بزرگی - قدر - یہ لفظ حرف دوم کے سکون سے غلط ہے -
عَظِیم - ع - بزرگ - بڑا -

فصل عین مع فا

عَفَارِیت - ع - جمع عفریت بمعنی دیو کی -
عِفَاف - ع - پارسائی - پرہیزگاری -
عِفَّت - ع - پرہیزگاری - پارسائی - حرام چیزون سے بچنا خصوصاً شہوت حرام سے -
عِفْرِیت - ع - دیو خبیث نہایت بد -
عَفْص - ع - مازو - مشہور دوا ہے -
عَفِص - ع - ہر چیز جسکا مزہ کڑوا اور کسیلا ہو اور کھانے مین گلا پکڑے اور زبان اینٹھا دے -
عَفْعَف - ع - آواز کتے کی -
عَفَن - خراب ہونا ہوا کا - سڑ جانا گوشت اور ہر شے کا -

عِفْن-ع-گندہ-بدبو-
عَفْو-ع-خطا کا معاف کر دینا-حالت قدرت مین کسی سے بدلہ اور عوض نہ لینا-
عَفُوّ-ع-بہت بڑا خطا کا معاف کردینے والا
عفوصت-ع-کسیلاپن-
عُفُونَت-ع-بدبو-سڑاندھ-
عَفِیْف-ع-پارسا-پرہیزگار-جو شخص حرامکاری نہ کرتا ہو-
عَفِیْفَہ-ع-عورت پارسا اور پرہیزگار-

فصل عین مع قاف

عِقَاب-ع-عذاب کرنا-عذاب دکھ-
عُقَاب-ع-نام ایک پرند شکاری کا-ہر چیز جو بلند ہو-چھوٹا ڈورا جو کان کے سوراخ مین ڈالین واسطے لٹکانے گوشوارہ کے کیمیاگرونکی اصطلاح مین بمعنی نوشادر-
عُقَاب اَفگن-ف-کنایہ حلقہ بگوش سے اسلیئے کہ عقاب بمعنی کان کے ڈورے کے ہے پس مراد اس سے غلام مطیع-خادم-تابعدار
عُقَابِ آسمان-ف-چند ستارہ ہین بصورت عقاب کے آسمان پر انکو نسر طائر بھی کہتے ہین بعض کہتے ہین کہ عقاب کرگس یعنے گدھ کو کہتے ہین
عُقَابَین-ع-دو لکڑیان لمبی زمین مین گاڑ کے اُسکے اوپر گنہگارونکو باندھ دیتے ہین-
عُقَابِین-ع-لوہے کے کانٹے جو دشمنون کی راہ مین بچھا دیتے ہین-

عُقَار-ع-شراب-اور ایک قسم کا کپڑا جو سُرخ ہوتا ہے-
عَقَار-ع-پانی-زمین کھیتی کی-درخت خرما گھر کا اسباب گانونکی زمین-
عُقَّار-ع-دوا جو گھاس کی جڑ کی قسم سے ہو
عَقَارِب-ع-جمع عقرب بمعنی بچھو کی-
عقاقیر-ع-جمع عُقّار کی وہ دوائین کہ جو بیخ نبات کی قسم سے ہون-
عِقَال-ع-وہ رسی جس سے اونٹ اور دوسرے چوپایون کے پانون باندھین-
عَقَائد-ع-جمع عقیدہ کی وہ چیزین جنکو حق اور سچا جانکر دلمین مضبوط کرلین-
عَقِب-ع-پاشنہ-ایڑی پانون کی اور بمعنے بیٹا-پوتا-
عُقْب-ع-انجام عاقبت-کام کا اخیر-
عَقَب-ع-پے جس سے کمان کا چلہ بناتے ہین بعض محققین کہتے ہین کہ عصب زرد پٹھہ کو کہتے ہین اور عقب سفید کو-
عَقْب-ع-کسی چیز کے پیچھے آنا-یہ مصدر ہے-
عَقَبَات-ع-راہین دشوار گذار یہ جمع عَقَبَہ کی ہے-
عِقْبَان-ع-جمع عقاب بمعنی عذاب کی-
عُقْبَان-ع-جمع عقاب پرندہ مشہور کی
عُقْبیٰ-ع-آخرت-دوسرا جہان-
عَقَبَہ-ع-وہ راہ جس سے گذرنا نہایت مشکل ہو-اور مراد امر سخت اور عظیم سے بھی-

عَقْد-ع-گرہ لگانا-عہد کرنا-نکاح کرنا-بیع کرنا-بیچنا-
عَقَد-ع-بات کرنے مین زبانکا لکنت کرنا
عِقْد-ع-موتیون وغیرہ کا ہار-
عُقَد-ع-جمع عقدہ بمعنی گرہ کی-
عَقْدِ رَوَان-ف-نکاح متعہ جو مذہب امامیہ مین ہوتا ہے-از غیاث-
عَقْدِ زِفَاف-ع-کنایہ نکاح سے-
عُقْدَہ-ع-گرہ-کنایہ مشکل بات سے-
عَقْر-ع-بانجھ ہونا عورت ہو یا مرد-پانون باندھ دینا چوپایہ کا جسمین وہ چل نہ سکے-چوپایہ کے پیر کاٹ ڈالنا-
عُقْر-ع-عورت کا زرمہر-وہ روپیہ جو شبہہ سے جماع کرنے مین واجب ہوتا ہے مرد خواہ عورت کا بانجھ ہوجانا-
عَقَر-ع-خوف سے پیرون کا کانپنا-
عَقْرَب-ع-بچھو-نام آٹھوین برج کا آسمان پر جو بشکل بچھو ہے اور مجازاً بمعنے منحوس کے آتا ہے-
عَقْرِبی-ع-ایک قسم ہے عمدہ لعل کی جو منجملہ جواہر کے ہے-
عَقْعَق-ع-ایک پرند ہے سیاہ رنگ اور تیز اُڑنے والا-منتخب مین لکھا ہے کہ یہ جنگلی کوا ہے-

عُقل - ع - خرد - دانائی - اور حکیمون کی اصطلاح مین بمعنی فرشتہ -
عقل اوّل - ع - پہلا فرشتہ منجلہ دس فرشتون کے جو حکما کے نزدیک معین ہین اور اسکو جوہر اول بھی کہتے ہین اور کنایہ حضرت جبرئیل اور روز رسول مقبول اور عرش اعظم سے -
عُقَلا - ع - جمع عقیل بمعنی عقلمند کی -
عقل فعّال - ع - دسوان فرشتہ جسکو عقل عاشر بھی کہتے ہین اور حکما کے نزدیک اسی نے تمام عالمونکو پیدا کیا ہے اور حضرت جبرئیل یہی عقل فعال ہین بموجب قول فصیل کے
عقل کل - ع کنایہ حضرت جبرئیل اور روز محمدی سے - اور کبھی کنایہ عرش اعظم سے بھی -
عُقلہ - ع - بند - اور نام ایک شکل کا رمل کی شکلون سے اس صورت پر - ⁝
عقلی - ع - جو بات صرف ذہن مین آوے اور خارج مین موجود نہ ہو -
عُقُوبت - ع - عذاب - دکھ - سزا -
عقود - ع - جمع عقد کی جسکے معنی گذرے -
عقور - ع - کاٹنے والا کتا -
عُقوق ع - نافرمانی مان اور باپ کی کرنا -
عُقول - ع - جمع عقل کی دانائیان فرشتے -
عقول عشرہ - ع - دس فرشتے جنھون نے بموجب مذہب حکما حکم خدا سے کل عالم کو پیدا کیا اور سارا انتظام کرلیا -

عَقوہ - ع - میدان - مکان کا صحن -
عِقیان - ع - زر - سونا -
عَقیب - ع - پیرو - جو چیز کہ پیچھے ہو -
عَقیدہ - ع - بھروسا دلکا - مذہب -
عَقیدت - ع - جسپر یقین کرنے سے اُس مذہب مین شامل ہوسکے -
عقیم - ع - بانجھ - نا اُمید -
عَقیق - ع - نام ایک سرخ پتھر کا جو یمن کی طرف سے آتا ہے اور مراد لب یعنی ہونٹھ سے اور سکندرنامہ مین مراد روشنک دارا کی بیٹی سے -
عَقیقہ - ع - لڑکے کے نام رکھنے کی ضیافت بچہ کے سر کے بال مونڈنا ساتوین دن روز پیدائش سے - وہ بکری وغیرہ جو پیدائش مولود کے پہلے ہفتہ مین واسطے بچہ کے قربان یعنے ذبح کرتے ہین -
عَقیل - ع - مرد بزرگ اور بڑا عقلمند - نام ابی طالب علیہ السلام کے بیٹے کا جو بہ نسبت قریش کے بڑے عقلمند تھے -
عَقیلہ - ع - عورت عقلمند اور سردار قوم کی ہر چیز جو اپنی جنس مین بہتر اور بہت مقبول ہو بزرگ قوم - مروارید - موتی - چوپایہ کے پانون باندھنے کی رسی -
عَقیم - ع - بانجھ خواہ مرد ہو خواہ عورت بانجھ عورت وہ جسکو حمل نہ رہے اور بانجھ مرد وہ جسکے نطفہ سے حمل نہ رہے - لفظ عقیم مین مذکر اور مونث برابر ہے -

فصل عین مع کاف

عُکاشہ - ع - عنکبوت - مکڑی -
عُکاظ - ع - نام بازار کا جو درمیان نخلہ اور طائف کے ہے -
عکرمہ - ع - مادہ کبوتر - کبوتری -
عکس - ع - اُلٹا کرنا - اُلٹنا - لوٹنا - اور وہ شکل جو کسی چیز کی آئنہ یا پانی مین دکھلائی دے -
عَکّہ - ع - ایک قسم جنگلی کوے کی جو ابلق ہوتا ہے - اور بعض کہتے ہین کہ ایک پرند ہے جسکو عقعق بھی کہتے ہین - نام مقام کا -
عُکّہ - ع - گھی وغیرہ رکھنے کا برتن - بالوکا تودہ جو دھوپ سے جلنے لگے - گرمی کی سختی -

فصل عین مع لام

عُلا - ع - بلندی - بزرگی -
عَلی - ع - اوپر -
علاۃ - ع - سندان جسپر لوہا پیٹا جاتا ہے ہندی مین اُسکو نہائی اور اہرن کہتے ہین -
عِلاج - ع - چارہ - تدبیر -
عَلیحدہ - ع - جدا - الگ -
عَلاف - ع - گھاس کا بیچنے والا -
عَلاقہ - ع - لگا لگاؤ کسی چیز سے تعلق مناسبت درمیان دو چیز کے - کسی کے ساتھ

ولی ربط رکھنا خواہ دوستی ہو خواہ دشمنی خواہ
نوکری۔ روزی حاصل کرنیکا وسیلہ۔
علاقہ۔ ع۔ جو چیز کسی دوسری چیز کے
ساتھ ظاہر مین لٹکی ہو یا بندھی ہو۔
علاقہ بوستار۔ ف۔ پگڑیکا طرّہ۔
علی الخصوص۔ ع۔ خاص کرکے خصوصاً
علی الدوام۔ ع۔ ہمیشہ۔
علی الصّباح۔ ع۔ صبح تڑکے۔
علی الحال۔ ع۔ بہت جلد۔ ابھی۔
علی الرغم۔ ع۔ برخلاف۔ برعکس۔
یہ معنی مجازی ہین اسلیے کہ رغم کے معنی ذلیل
ہونا اور خاک آلودہ ہونا ہین پس کسی کے
برخلاف کام کرنا گویا اُسکا ذلیل کرنا ہے۔
علی الاطلاق۔ ع۔ بے قید۔
عَلالا۔ ع۔ شور۔ غوغا۔ غل
عُلالہ۔ ع۔ ہر چیز کی باقی۔ تھوڑی شی۔
علّام۔ ع۔ بہت بڑا دانا اور جاننے والا۔
علامات۔ ع۔ جمع ہے علامت کی۔
علامت۔ ع۔ نشان۔ پتہ۔
علّامہ۔ ع۔ } بہت ہی بڑا دانا اور
علّامی۔ ع۔ } جاننے والا۔ واضح ہو کہ تاے
فوقانی علامہ مین اور یاے تحتانی علامی
مین واسطے تانیث اور نسبت کے نہین ہین
بلکہ واسطے مبالغہ کے ہین۔ یا یہ کہ ان دونون
لفظون مین دو دو علامت مبالغہ
ہین۔ مگر اطلاق ان دونون لفظون کا حق
تعالٰی پر نہین کرتے ہین برخلاف علاّم
کے اسلیے کہ انمین شائبہ تاے تانیث اور
یاے نسبت کا پایا جاتا ہے۔
علانیہ۔ ع۔ ظاہر۔ کھلم کھلا
علاوہ۔ ع۔ ایک بوجھ جو دوسرے بوجھ کے
اوپر رکھین۔ ہر چیز جو دوسری چیز پر رکھی جاے
سوا۔ ماسوا۔ اسکے سوا۔ بفتح اول غلط ہے۔
علائق۔ ع۔ جمع علاقہ کی۔
عِلّت۔ ع۔ مرض۔ سبب۔ وجہ۔
علّت اُولیٰ۔ ع۔ } کنایہ عقل اول سے
علّت اصل۔ ع۔ }
علّت آفتاب۔ ف۔ کنایہ مرض یرقان سے
علّت تامّہ۔ ف۔ ع۔ سبب کامل۔
علّت صُوری۔ ع۔ صورت ظاہری
جو بعد بننے کے اُس چیز کی ہو گئی ہو۔
علّت غائی۔ ع۔ فائدہ اُس شی کا یعنے
جس کام کے لیے وہ چیز بنائی گئی ہو۔
علّت فاعلی۔ ع۔ جس سے کوئی شی بنائی ہو۔
علّت مادّی۔ ع۔ وہ مادہ اور اسباب
جس سے وہ شی بنی ہو۔
علّت مشائخ۔ ع۔ ایک بیماری ہے کہ جو
سوداوی یبوست یعنی خشکی سے بعضے بوڑھون
کی مقعد مین کھجلی پیدا ہوجاتی ہے اور اس سبب
سے وہ اغلام کرانے لگتے ہین۔
عَلَف۔ ع۔ چوپایون چارہ جو وہ
کھاتے ہون۔ گھوڑے کی گھاس۔
علق۔ ع۔ جما ہوا خون۔ ہر چیز جو دوسری
چیز مین لٹکی ہوئی یا چمٹی ہوئی ہو۔ نام ایک
کیڑے سیاہ رنگ کا جسکو جونک کہتے ہین۔
عِلَل۔ ع۔ جمع علّت بمعنی سبب اور مرض کی۔
عَلَم۔ ع۔ جھنڈا اور نشان فوج کا۔ کوہ بلند
چونکہ ان دونون مین نمو اور بلندی ہوتی ہے
لہذا بمعنی مشہور و معروف مستعمل ہے اور
بمعنی نام خاص جو کسی کا ہو یعنی وہ نام جس سے
کوئی عورت خواہ مرد مشہور ہو۔ اور بمعنی نقش جلبہ
یعنی کپڑے پر جو بیل بوٹے بنے ہوتے ہین۔
عِلم۔ ع۔ آگاہ ہونا۔ جاننا۔ عقل۔
عَلَم افگندن۔ ف۔ کسی کے مقابلہ سے
بسبب خوف وغیرہ کے بھاگ جانا۔ مقابلہ نہ کرنا۔
علم الیقین۔ ع۔ جاننا کسی چیز کا کمال
یقین کے ساتھ مع اُسکی کیفیت اور ماہیت کے
اسطور پر کہ اصلا شک اور شبہہ کی بو تک اُسمین
نہو باوجودیکہ اُس چیز کو دیکھا نہو۔ اور یہ پہلی قسم
ہے تین قسمون یقین سے اور وہ یہ ہین۔
علم الیقین۔ عین الیقین۔ حق الیقین۔
علم نظر۔ ع۔ علم مناظرہ جسمین بحث
کرنے کے ادب مذکور ہوتے ہین۔ اور بمعنی
علم عقلی جیسے منطق۔ حکمت۔
عَلَنی۔ ع۔ ظاہر۔ ظاہر ہونا

عِلم شدن - ف - ظاہر اور مشہور ہونا -
عِلمِ کلام - ع - کنایہ اُس علم سے جسمین مقدمات
نقلی کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرتے ہین اور
اور اُس علم والون کو متکلمین کہتے ہین -
عِلمِ لدنی - ع - وہ علم جو حقتعالے کسی کو محض اپنے
فضل وکرم سے عطا فرمائے بغیر اسکے کہ وہ شخص
کسی اُستاد سے پڑھے - لدُن بمعنی نزدیک ہے -
عُلُو - ع - بلندی - اونچائی - فارسی مین
کبھی بغیر تشدید واؤ کے بھی آتا ہے -
عُلُوق - ع - لٹکنا - چمٹنا - دوست رکھنا -
عورت کے رحم مین جمنا خون کا مرد کے نطفہ
کے ہمراہ ابتدائے ایام حمل مین -
عُلُوفہ - ع - خوردنی - خورش - خوراک -
عُلُوم - ع - جمع ہے علم کی -
علوی - ع - وہ سید جو اولاد علی علیہ السلام سے
ہو سوائے بطن اطہر حضرت فاطمہ علیہا السلام کے -
عُلوِی - ع - آسمانی جیسے فرشتہ - ستارہ -
عَلَویان - ف گروہ سادات -
عُلویان - ف - فرشتے - ستارے -
عَلِیّ - ع - بلند نام حقتعالےٰ کا - نام
حیدر کرار علیہ السلام کا -
عُلیا - ع - جو چیز بہت بلند ہو اور یہ لفظ
مؤنث ہے اعلیٰ کا -
عَلِیقہ - ع - توبڑہ جسمین دانہ رکھکر گھوڑے
کے منھ پر باندھتے ہین کھانے کے لیے -

عَلِیل - ع - بیمار - مریض -
علیم - ع - جاننے والا - صاحب علم -
عَلِیّہ - ع - بلند بلند مرتبہ -
علیین - ع - اونچی کھڑکیان بہشت کی -
بلند مکان بہشت کے - نیک بندون کے
اعمال کی کتاب - بعض کہتے ہین کہ علیین
اسم مفرد ہے بمعنی بہشت کے

فصل عین مع میم

عَم - ع - چچا - باپ کا بھائی -
عَما - ع - گمراہی - اندھاپن - ابر غلیظ -
عِماد - ع - ستون - کھمبے - بلند عمارتین -
یہ جمع عمادہ کی ہے - مگر یہ لفظ بمعنی مفرد
اور جمع دونون آیا ہے -
عِمادات - ع - عمارت کے ستون -
عِمارت - ع - مکان - آبادی - آباد کرنا
اور بمعنی مرمت کے بھی آیا ہے
عَماری - ع - اونٹ کی محمل ہودج جو ہاتھی
کی پیٹھ پر کسا جاتا ہے - یہ منسوب ہے طرف
عمار کے جو اسکا واضع تھا - اور عماری بغیر
تشدید میم کے بھی آیا ہے - اور بمعنی تابوت
مردہ کے بھی آیا ہے -
عُمّال - ع - جمع ہے عامل کی - حاکم - کارگزار
جو سرکار کیطرف سے مقرر ہون -
عِمامہ - ع - دستار - پگڑی - اور میم
کے تشدید سے بھی آیا ہے -

عُمان - ع - نام شہر کا یمن مین دریائے محیط کے
کنارہ پر اسی لیے دریائے اعظم کو اسکی طرف
نسبت کرکے دریائے عمان کہتے ہین -
عُمّان - ع - نام شہر کا شام مین -
عَمان - ف - جمع فارسی ہے عم بمعنی چچا کی
اور جمع عربی عم کی اعمام ہے -
عَمائم - ع - جمع عمامہ بمعنی پگڑی کی -
عَمد - ع - اپنے اختیار سے کام کرنا قصد
ارادہ - ستون کھڑا کرنا - گرز مارنا -
عَمداً - ع - قصداً - ارادہ سے - قصد سے -
عُمدہ - ع - وہ جس پر اعتماد کیا جائے -
نفیس - تحفہ - بہتر -
عُمر - ع - زندگی -
عُمران - ع - آبادی نام حضرت موسیٰ علیہ السلام
کے والد ماجد کا - نام حضرت مریم علیہا السلام
کے والد شریف کا - نام حضرت ابوطالب
جناب رسول مقبول صلعم کے چچا صاحب کا -
عُمرانات - ع - آبادیان - جمع عمران کی -
عُمرِ طبعی - ع - کنایہ ایکسو بیس برس کی عمر سے
عَمرو لیث - ع - واو زائد غیر ملفوظہ سے
نام ایک بادشاہ کا جسنے شیراز کو بسایا تھا -
عَمَش - ع - کمزوری بینائی کی ضعف بصر
مرض کے سبب سے آنکھو نسے آنسو بہنا -
عُمُوق - ع - کنوین اور دریا وغیرہ کی تہ - گہرائی
عُمق - ع - گہرا ہونا -

عَمَل - ع - کار - کام - عہدہ -
عملخانہ - ع - کارخانہ - دیوانخانہ -
عمل گیسو - ع - نام ایک راگ کا جسکو
ہندی مین دھناسری کہتے ہین -
عِمْلَہ - ع - کار - ام - عمل -
عَمْلَہ - ع - نیکی -
عَمَلَہ - ع - کام کرنے والے جو اپنے
ہاتھ سے کام کرین - جمع عامل کی -
عَمَلی - ع - جو منسوب عمل سے ہو -
عَمَہ - ع - گمراہی خرابی - عاجزی
عَمُو - ف - چچا - باپ کا بھائی - لفظ عم بمعنی
چچا پر واو زیادہ کرلیا ہے اسیطرح لفظ
خال بمعنی ماموں پر واو زیادہ کرکے خالو بنالیا
مگر اب خالو عرف مین شوہر خالہ کو کہتے ہین -
عَمُود - ع - ستون - کھمبا - خیمہ کی چوب -
گرز - ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کی رسی یا کانٹا
سردار قوم کا - اور کنایۃ آلہ تناسل سے بھی
اور علم ہندسہ کی اصطلاح مین سیدھا
خط جو سیدھے خط پر واقع ہو - اور
زاویہ قائمہ پیدا کرے -
عُمُوز - ع - گوشت دانتونکے بیچ کا -
گوشت دانتون کی جڑونکا - مسوڑے -
عُمُوم - ع - عام ہونا - سب جگہ ہونا -
سبکو گھیر لینا - بے قید ہونا -
عَمَّہ - ع - پھوپھی - باپ کی بہن -

عَمی - ع - آنکھ اور دل کی بینائی کا جاتا رہنا -
عُمی - ع - جمع اعمی بمعنی اندھے کی -
عَمْیا - ع - اندھی عورت - ہر چیز مؤنث
جو اندھی ہو - پوشیدگی - چھپی ہوئی چیز -
عَمِید - ع - قوم کا پیشوا -
عَمِیق - ع - گہرا - اور بمعنی دور و دراز
کے بھی آیا ہے -
عَمِیم - ع - عام - شامل سبکو گھیر لینے والا -

فصل عین مع نون

عَن - ع - بمعنی از - سے
عَنا - ع - تکلیف - دکھ - رنج - مشقت -
عَنّاب - ع - انگور بیچنے والا -
عُنّاب - ع - نام میوہ مشہور کا -
عُنّاب تر - ف - کنایہ اشک سرخ سے -
عِناد - ع - دشمنی - بیر - لڑائی لڑنا -
عَنادِل - ع - بلبلین جمع عندلیب کی -
عَناصر - ع - جمع عنصر کی جسکے معنی آگے مذکور ہین -
عَناق - ع - بکری کا بچہ جو مادہ ہو مگر چار مہینے تک
کا - سختی - بلا - کام سخت اور دشوار - گھوڑا
گوش گردن - نام جانور جسکو سیہ گوش کہتے ہین
عِناق - ع - آپس مین گلے ملنا
عِنان - ع - لگام - باگ -
عِنان بر عِنان - ف - ہمسر - برابر -
عِنان برکشیدن - ف - گھوڑا دوڑانا -
عِنان باز کشیدن - ف - ترک کرنا چھوڑ دینا -

عنان تاب - ف - وہ گھوڑا جو فقط لگام
کے اشارہ پر پھر جاوے -
عنان تاب شدن - ف - روانہ ہونا -
عنان تافتن - ف - عاجز ہونا - مقابلہ سے
پیٹھ پھیر لینا - روگردانی کرنا -
عنان تازی - ف - جرأت کرنا -
عِنان خوش کردن - ف - جانا اور آنا -
عِنان در عِنان آوردن - ف - مقابل ہونا
برابر ہونا - ہمسر ہونا -
عِنان دادن - ف - گھوڑا دوڑانا -
عِنان در زدیدن - ف - ترک کرنا چھوڑ دینا
عنان راندن - ف - روان ہونا -
عنان زنان رفتن - ف - کنایہ ہے سوار
کے بہت جلد اور نہایت تیز جانے سے -
عنان کشیدن - ف - اطاعت کرنا -
عنان گران کردن - ف - ٹھہر جانا سوار کا
عِنان گردش - ف - گھوڑے کا آمادہ ہونا
عَناقید - ع - جمع عنقود بمعنی خوشۂ انگور کی -
عَنایَت - ع - مہربانی - قصد کرنا کسی
چیز کا اہتمام کرنا -
عِنایت - ع - دوسرے کے کام وغیرہ کے
لیے آپ رنج و تکلیف اٹھانا -
عِنَب - ع - انگور مشہور میوہ ہے -
عَنبَر - ع - نام ایک عمدہ خوشبو مشہور کا ہے
بعض کہتے ہین کہ ایک قسم کی دریائی گائے کا

گو برے اور صحیح یہ ہے کہ یہ خوشبو موم ہے جو
بعض کوہستان ہند اور چین مین شہد کی
مکھیونسے حاصل ہوتا ہے اور چونکہ یہ آگ پر پگھلتا ہے
یہی دلیل قوی ہے اسکے موم ہونے پر-

عَنبَرچہ - ف } ایک قسم کا عورتون کا
عَنبَرینَہ ف } زیور ہے جو مثل دھُدھگی کے
گلے مین پہنا جاتا ہے اندر اُسکے عنبر بھرا
ہوتا ہے اور اوپر موتی ٹکے ہوتے ہین -

عَنبَرِین - ف عنبر کی سی خوشبو دار شے -
ہر چیز خوشبو سیاہ رنگ

عِنَبِیَہ - ع - نام تیسرے طبقہ کا آنکھ
کے سات طبقون مین سے اور اسکا رنگ
مختلف ہوتا ہے کسی کی آنکھ کا سیاہ ہوتا ہے
اور کسی کی آنکھ کا بھورا یا نیلا وغیرہ-

عَنَت - ع - گناہ - زنا - فساد - ہلاکی
خرابی عاجزی - سخت کام مین پڑنا-

عِندَ - ع - نزدیک -

عَندَلیب ع بلبل - ہزار داستان -

عُنصُر ع - اصل - بنیاد - جزو اصلی -
اور طبیبونکی اصطلاح مین ایک ان چار ون
مین سے - پانی - آگ - ہوا - خاک -
عناصر اسکی جمع ہے -

عُنصُرِی - ع - منسوب طرف عُنصر کے
اور تخلص ہے ایک شاعر کا۔

عُنصُل - ع جنگلی پیاز اسکو پیاز نرگس
اور پیاز موش بھی کہتے ہین -

عَنف - ع سختی - اور درشتی کرنا - لڑنا - تیزی
تندی - غصہ -

عُنفُوان - ع - اوّل ہر شے کا - آغاز جوانی -

عُنُق - ع - گردن -

عَنقَا ع لمبی گردن کی عورت - سیمرغ -
سختی - بلا - زمانہ کا حادثہ -

عَنقَائے مُغرِب - ع - اس طائر عظیم الجثہ کا
عنقا اسلیے نام ہوا کہ اسکی گردن بہت لمبی
تھی اور مُغرِب اسکی صفت اسلیے ہوئی کہ
یہ بڑے بڑے جانورون اور آدمیون کے
لڑکونکو نگل جاتا تھا - یا یہ کہ عجیب الخلقت
تھا یعنی ڈیل ڈول بہت بڑا لمبی گردن چار
پانون منہ مثل آدمی کے پر بہت بڑے بڑے
طرح بطرح رنگ کے - یہ طائر
زمین اصحاب الرس مین پیدا ہوا تھا آخر
بدعائے حضرت حنظلہ بن صفوان علیہما
السلام کے جو اُسوقت مین پیغمبر تھے یہ بلا
دفع ہوئی - اور حق تعالے نے اسکو کسی جزیرے
مین ڈالدیا - اور بعضے مغرب کو بمعنی مخفی اور
نابود کے کہتے ہین -

عَنقَرِیب - ع - نزدیک - ابھی -

عُنقُود - ع - انگور کا خوشہ -

عَنکَبُوت - ع - مکڑی مشہور جانور ہے -

عَنکَبُوتِیَہ - ع - چوتھا طبقہ آنکھ کے سات
طبقونین سے اور یہ ایک جھلی باریک ہے
مثل مکڑی کے جالے کے

عُنوَان - ع - سرنامہ - سرخی مطلب کی
دیباچہ اول ہر چیز کا -

عُنُود - ع - ناحق اور بیجا کام کرنا - لڑنا -

عَنُود - ع - گمراہ لڑنے والا -

عَنِید - ع - لڑاکا سرکش -

عَنِیف - ع - تند سخت خو - لڑاکا سخت بات

عَنِیق - ع - گردن - دوسرے کے گلے
مین باہین ڈالنے والا -

عِنِّین - ع - نامرد جو مرد عورت کے
کام کا نہو - یعنے جماع پر قادر نہو -

فصل عین مع واو

عَوَّا - ع - وہ کتا جو فریاد بہت کرے -

عُوّ - ع - بھیڑیے اور کتے اور گیدڑ اور
لومڑی اور ہرن کی آواز -

عِوَار - ع - عیب - شگاف - کپڑے کا
پھٹ جانا - ہر چیز مین جو عیب ہو -

عُوّار ع - پرستو - ابابیل جو ایک پرند
بہت مشہور ہے - وہ کوڑا جو آنکھ کے اندر
پڑجاے - ناتوان کم طاقت - بزدل - عوارر جمع ہے

عُوَارِت - ع - بہت سے عیب -

عَوَارِض ع - جمع ہے عارضہ کی -

عَوَارِض - ع - نام ایک پہاڑ کا دیار طے مین
کہ حاتم کی قبر وہان ہے -

عَوَارِف - ع - پہچاننے والے صبر کرنیوالے احسان کرنے والے - خوشبو بان - اور مجازاً بمعنی بخشندہ نکے بھی آیا ہے -
عَوَارِدہ - ع - بد دل - کم طاقت -
عَوَاصِف - ع - سخت اور تیز آندھیان -
عَوَاطِف - ع - مہربانیان -
عَوَاقِب - ع - پیچھے آنے والے - وہ چیزین جو کسی چیز کے پیچھے آوین - کامونکے انجام -
عَوَالِم - ع - جمع عالم بمعنی جہان کی -
عَوَالِی - ع - بلند چیزین - جمع عالیہ کی -
عَوَام - ع - جمع عامہ کی - کل آدمی - عام لوگ
عَوَام - ع - گھوڑا خوش رفتار
عَوَامِل - ع - جمع عامل کی - عمل کرنیوالے حاکم لوگ - کارندے -
عَوَان - ع - شوہر والی عورت - ادھیڑ عورت - ادھیڑ گائے - ہر شی میانہ سال -
عَوَان - ع - ظالم - سخت گیر - جھڑکنے والا بادشاہی سرہنگ -
عَوَائِد - ع - جمع عائدہ کی - واپس آنیوالے لوگ - منفعتین - فائدے - مہربانیان -
عَوَائِق - ع - جمع عائقہ کی روکنے والی چیزین - حادثے - موانع -
عُوج - ع - نام ایک شخص بہت بڑے لمبے قد کا جو آدم علیہ السلام کے وقت مین پیدا ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک زندہ رہا عمر اُسکی تین ہزار پانچ سو برس کی ہوئی - اسقدر دراز قد تھا کہ حضرت نوح علیہ السلام کا طوفان جسمین اونچے پہاڑونکے اُونچے درخت تک ڈوب گئے تھے وہ پانی اسکی کمر تک تھا آخر بحکم خدا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا اُسکو مارا اور وہ اُسکے ٹخنہ پر پڑا اور مرگیا اسکے باپ کا نام عُوق تھا اور لوگوں مین جو اُسکا نام عُوج بن عنق مشہور ہے محض غلط ہے صحیح عُوج بن عُوق ہے -
عَوَج - ع - کج ہونا - ٹیڑھا ہونا -
عِوَج - ع - کجی - ٹیڑھاپن -
عُود - ع - ہر درخت کی لکڑی - نام لکڑی خاص کا جو سیاہ رنگ ہوتی ہے اور آگ پر جلانے سے خوشبو دیتی ہے ہندی مین اسکو داگر کہتے ہین - نام بربط مشہور باجے کا -
عَوْد - ع - لوٹنا - پھرنا - بوڑھا اونٹ -
عُودُ الصَّلِیب - ع - نام ایک درخت خاص کی لکڑی کا جسکی عیسائی صلیب بناتے ہین
عُودسوز - ف - انگیٹھی
عُودِ قِمَارِی - ع - وہ عود جو شہر قمار سے لایا جائے اور یہ بہت عمدہ ہوتا ہے -
عُودِی - ع - وہ رنگ جو مشابہ عود کی لکڑی سے ہو - اور یہ رنگ سیاہ ذرا مائل بہ سفیدی اور سرخی ہوتا ہے - ایک قسم کا کپڑا ریشمی سیاہ رنگ کا -
عَوْذ - ع - } پناہ مانگنا -
عَوْذَہ - ع -
عَوَر - ع - ننگا - برہنہ -
عَوَر - ع - ایک آنکھ اندھی ہونا - کانا ہونا -
عَوِر - ع - بد باطن آدمی
عَوْرَت - ع - مرد و زن کی شرمگاہ - وہ چیز جسے دیکھنے اور دکھانے سے شرم آوے عورت کو مجازاً اسلیے عورت کہتے ہین کہ سر سے پاؤن تک اسکا تمام جسم عورت ہے یعنی قابل پوشیدہ کرنے اور چھپانیکے - اور کبھی مجازاً بمعنی دشواری اور سختی کے بھی آتا ہے -
عَوْز - ع - انگور کا دانہ -
عَوَز - ع - حاجت - فقیر ہونا - گم ہونا -
عَوْص - ع - دشواری - سختی -
عِوَض - ع - بدلہ کسی چیز کا - قائم مقام
عَوْق - ع - باز رکھنا - رد کرنا - پھیر دینا - قید کرنا - وہ شخص جسمین خیر نہو - وہ شخص جو لوگون کو خیر کرنے سے روکے -
عُوق - ع - نام عُوج کے باپ کا -
عَوِق - ع - روکنے والا - منع کرنے والا -
عَوَق - ع - گرسنگی - بھوکھ -
عَوْل - ع - کسی کا روٹی کپڑا اپنے ذمہ لینا اور اسکو اپنے عیال مین لینا - بہت عیالدار ہونا - بخشش بہت کرنا - دوسرے کا حصہ زیادہ لگانا - غلبہ کرنا - ظلم کرنا - اپنے

عیال کو روٹی کپڑا دینا۔ دشوار ہونا کام کا کسی پر غالب ہونا۔ کسی کو بدنام کرنا۔ زیادہ ہونا۔ اوپر چڑھنا۔ رونیکی آواز بلند کرنا۔

عَوْل ۔ع۔ رونیکے ساتھ کی آواز۔

عَوْل ۔ع۔ اعتماد اور بھروسہ کسی پر کرنا۔

یاری۔ مدد۔ مدد چاہنا۔

عَوْن ۔ع۔ یاری۔ مددگاری۔ مدد کرنا۔

عَوَانُ ۔ع۔ میانہ سال یعنی ادھیڑ ہونا۔

عَوِیص ۔ع۔ } مشکل۔ دشوار۔
عَوِیصَہ ۔ع۔ }

عَوِیل ۔ع۔ آواز رونیکے ساتھ کی۔

فصل عین مع ہاے ہوز

عَہد ۔ع۔ زمانہ۔ روزگار۔ پیمان۔ سوگند۔ زنہار۔ نصیحت۔ وصیت۔ امان۔ نگہداشت حیا۔ رعایت۔ حرمت۔ پہچاننا۔ چھاننا۔ قول کو وفا کرنا۔ خدا کو ایک جاننا۔

عَہِید ۔ع۔ وہ شخص جو کسی کام کی ذمہ داری کرے۔

عُہدَہ ۔ع۔ منصب۔ رتبہ۔ ذمہ داری۔

عَہَر ۔ع۔ حرامکاری کرنا۔ زنا کرنا۔

عِہر ۔ع۔ حرامکاری زنا۔

عِہن ۔ع۔ اون رنگی ہوئی پشم رنگین۔

عَہن ۔ع۔ کسی جگہ مقیم ہونا۔ کسی جگہ سے نکلنا۔ کسی کام مین کوشش کرنا۔ جلد سے کسیکی مراد بر لانا۔ خشک ہوجانا درخت خرما کے پتّو نکا۔

عُہُود ۔ع۔ جمع ہے عہد کی۔

عُہُون ۔ع۔ جمع عِہن بمعنی پشم رنگین کی۔

عَہِید ۔ع۔ ہم قسم۔ ہم پیمان۔ ہم عہد۔ کہنہ۔ دیرینہ۔ ہم زمان۔ ہم عصر۔

فصل عین مع یاے تحتانی

عِیَادَت ۔ع۔ بیمار پرسی

عِیَاذ ۔ع۔ پناہ۔ پناہ لینا۔

عِیَاذاً بِاللہ ۔ع۔ پناہ خدا کی۔

عِیَار ۔ع۔ چاشنی سونے اور چاندی کی جسکو ہندی مین بانگی کہتے ہین کسوٹی لگانا سونے اور چاندیکا اچھا برا آزمانا۔ تولنے کا کانٹا۔

عَیَار ۔ع۔ تولنا۔ چاندی سونیکی چاشنی لینا۔

عَیَّار ۔ع۔ مرد چالاک۔ بہت آمد و رفت اور بڑا حرکت کرنے والا۔ بہت چلنے والا۔

عَیَّارِی ۔ف۔ چالاکی۔

عَیَّاش ۔ع۔ بہت عیش کرنے والا اچھی اور خوش زندگانی کرنے والا۔

عِیَال ۔ع۔ زن و فرزند۔ جورو لڑکے۔ اور دوسرے رشتہ دار وغیرہ جنکا زرقی کپڑا وغیرہ اس شخص نے اپنے ذمہ لیا ہو۔

عِیَان ۔ع۔ آنکھ سے دیکھنا۔ مجازاً بمعنی ظاہر۔ یہ لفظ بفتح اول غلط ہے

عَیب ۔ع۔ برائی۔ نقصان۔ کمی

عَیب بردن ۔ف۔ ظاہر کرنا عیب کا۔

عَیبَہ ۔ع۔ چمڑے کا صندوق۔ جامہ دان۔ چمڑے کا تھیلہ۔ ہتھیار رکھنے کا بکس۔

عِید ۔ع۔ خوشی اور جشن کا روز جو ہر چیز کہ بار بار آوے۔ چونکہ روز جشن ہر سال عود کرتا ہے یعنے پھر آتا ہے اسلیے عید کہا۔

عَیر ۔ع۔ جنگلی خرگوش شہری گدہا۔

عِیر ۔ع۔ قافلہ ہر چوپایہ جسپر غلہ لادین۔

عِیس ۔ع۔ اونٹ سفید رنگ سرخی مائل اور کبھی مراد قافلہ سے بھی۔

عِیسیٰ ۔ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا۔

عَیش ۔ع۔ خوش زندگانی کرنا۔ ناز و نعمت مین زندگی بسر کرنا۔

عِیشَہ ۔ع۔ اچھی زندگانی۔

عِیص ۔ع۔ درخت بہت گھنا۔ نام حضرت اسحٰق پیغمبر کے بیٹے کا جنکی اولاد سے رومی ہین

عَیقَہ ۔ع۔ ندی کا کنارہ۔ ساحل۔

عَیل ۔ع۔ فقیر ہونا۔ سیر کرنا۔ بہت پھرنا۔

عَیلَہ ۔ع۔ درویشی۔ فقیری۔

عَین ۔ع۔ آنکھ۔ پانی کا چشمہ۔ آفتاب کا چشمہ اشرفی۔ زر سرخ۔ مال۔ نقد۔ باران۔ وہ ابر جو قبلہ کی طرف سے اُٹھے۔ مہتر۔ سردار ہر چیز عمدہ۔ ہر شے کی ذات۔ وہ بھائی جنکی مان اور باپ ایک ہون۔ شخص۔ ایک آدمی نفس حقیقت ہر چیز کی۔ المخانہ۔ تو جاسوس دیدبان۔ پانی جاری ہونیکی جگہ۔ دیدار۔ نظر کرنا۔ اہل شہر۔ کسی چیز کو نظر لگانا۔ پیشوا انگور۔ زانو۔ گھٹنا۔ حرف۔ مشہور۔ وغیرہ

عِین - ع - جمع عیناء کی - زنان خوش چشم -
عَیْنَا - ع - خوش چشم عورت -
عَیْنُ الْحَیٰوۃ - ع - آبحیات کا چشمہ -
عَیْنُ الْقِطْر - ع - چشمہ رال کا - چشمہ گندھک کا - چشمہ پگھلے ہوے تانبے کا - روغن درخت چیڑ کا - نام ایک روغن سیاہ اور بدبو کا جو خارشتی اونٹونکی جلد پر ملاجاتا ہے -
عَیْنُ الْھِر - ع - ایک جوہر ہے قیمتی جو بلی کی آنکھ سے مشابہ ہے ہندی لہسنیا -
عَیْنُ الدِّیک - ع - آنکھ مرغ کی - ایک دانہ سرخ رنگ ہے جسکا سر سیاہ ہوتا ہے ہندی مین اُسکو گھنگچی کہتے ہین -
عَیْنُ الْکَمَال - ع - چشم زخم - وہ نظر جو اچھی چیزونکو ضرر پہونچائے -
عَیْنُ الْیَقِین - ع - بعد دیکھنے کے کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت کو بخوبی دریافت کرلینا نہایت یقین کیساتھ - واضح ہو کہ یقین کے تین درجہ ہین (۱) علم الیقین یعنی بغیر دیکھے کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت کا معلوم کرلینا نہایت یقین کیساتھ جسمین ذرا بھی شک و شبہہ نہو جیسے آدمی جانتا ہے کہ زہر کھالینا مار ڈالتا ہے (۲) عین الیقین جسکا بیان گذرا جیسے کسی کے روبرو کسی نے زہر کھایا اور مرگیا (۳) حق الیقین اس یقین کا درجہ سب سے زیادہ ہے یعنی وہ شخص اُس چیز مین داخل ہوگیا - یا وہ چیز خود بن گیا - یا اُسمین محو ہوگیا جیسے خود زہر کھالیا اور مرنے لگا -
عَیْنُ اللّٰہ - ع - بمعنی حفظ خدا -
عَیْنُ کافور - ع - مراد سینۂ محبوب سے -
عینین - ع - دونون آنکھین -
عُیُوب - ع - جمع عیب کی -
عَیُّوق - ع - نام ایک ستارہ کا آسمان پر جو نہایت سرخ رنگ اور بہت روشن ہے دہنے کنارے پر کہکشان کے -
عُیُون - ع - آنکھین - پانی کے چشمے جمع عین کی - نام کتاب حکمت کا بوعلی سینا سے -
عَیُون - ع - شور چشم - بدنظرا - وہ شخص جسکی نظر اچھی چیزونکو ضرر پہونچائے -
عُیُول - ع - درویشی - فقیری -
عَیُول - ع - سیر کرنا - بہت پھرنا -

باب غین معجمہ

فصل غین مع الف

غاب - ع - جنگل صحرا خصوصًا وہ جنگل جسمین شیر رہے - یہ جمع غابہ کی ہے -
غَابَات - ع - بہت سے جنگل -
غَابَہ - ع - جنگل - زمین نشیب -
غَابِر - ع - آنے والا - اور جانے والا - ہلاک ہونے والا - باقی ماندہ
غَابِن - ع - وہ شخص جو کام کرنمین سست ہو
غَادِر - ع - بیوفا - جو عہد پورا نہ کرے
غَادِیَہ - ع - صبح - وہ ابر جو صبح کو پیدا ہو - صبح کے وقت کا باران یعنی مینھ
غَاذِیَہ - ع - نام ایک قوت کا جو غذا مین تصرف کرتی ہے اور اُسکو مشابہ جوہر بدن کے کرتی ہے - اور کُل اعضا کو پہونچاتی ہے -
غَار - ع - گڑھا - پہاڑ کی کھو - جنگلی جانورونکے رہنے کا بل - زمین پست -
غَارِ زَرْف - ف - مراد دنیا سے -
غَارَت - ع - لوٹ - مال لوٹ لینا -
غَارَتِیدَن - ف - لوٹنا - غارت کرنا - یہ مصدر ہے فارسیون نے غارت سے بنالیا ہے جو لفظ عربی ہے مثل طلبیدن و فہمیدن وغیرہ کے -
غَارِس - ع - درخت بونے والا - باغبان
غَارِق - ع - غریق - وہ شخص جسکے سر سے پانی اونچا ہوجائے - ڈوب جانے والا -
غَارِیقُون - ع - نام دواے مسہل بلغم کا -
غَازَہ - ف - گلگونہ ایک قسم کی سرخی ہوتی ہے جو عورتین اپنے منھ پر ملتی ہین -
غَازِی - ع - قتل کرنے والا کافرون کا جنگ یعنی لڑائی مین -
غَازِی - ف - دار باز - ہندی نٹ -
غَاسِق - ع - چاند پروین - رات -
غَاشِیَہ - ع - گھوڑے کا زین پوش - پالان - قیامت - دوزخ کی آگ - وہ بیماری جو اندر جسم کے ہو - بیہوش کرنیوالی - اور ڈھانپ

لینے والی۔
غاشیہ بافان ریش۔ ف۔ مسخرے لوگ۔
غاصِب ۔ع۔ غیر کا حق بجبر لینے والا۔
غافِر ۔ع۔ چھپانیوالا۔ گناہ بخشنے والا۔
غافِل ۔ بیخبر۔ غفلت والا۔
غاق ۔ع۔ آواز کوے کی
غالِب ۔ع۔ زبردست۔ غلبہ والا
غالی ۔ع۔ گران۔ مہنگا۔ حد سے گذر جانیوالا
غالیچہ ۔ف۔ اونی بچھونا۔ گلکاری کیا ہوا۔
غالیہ ۔ع۔ مشہور خوشبو ہے جو عنبر اور مشک
اور کافور وغیرہ سے مرکب کے بناتے ہین۔
غامِض ۔ع۔ گڑھا۔ گہرا۔ زمین پست
کلام پوشیدہ اور دیر فہم۔
غانِما ۔ع۔ اس حالت مین کہ مال غنیمت
لینے لوٹ کا مال رکھنے والا ہو۔
غانی ۔ع۔ تونگر۔ دولتمند۔ بے نیاز
راگ گانے والا۔
غانیہ ۔ع۔ وہ عورت جو حسن وجوانی
کے سبب سے زیور اور زینت سے بے نیاز ہو
یا وہ عورت کہ سوائے اپنے شوہر کے اور مردون
کی پروا نہ کرے۔ یا وہ عورت پارسا کہ باوجود
جوانی کے اسکو خواہش مرد کی نہو خواہ اسکا
شوہر ہو خواہ نہو۔ غوانی اسکی جمع ہے
غاوی ۔ع۔ گمراہ۔
غائِب ۔ع۔ جو موجود نہو۔

غائب باز۔ ف۔ بڑا کامل شطرنج کھیلنے والا
کہ آپ دور بیٹھا رہے اور دوسرے کے
واسطہ سے مہرے خانون مین رکھوائے
اور اپنے حریف کو مات دے۔
غایَت ۔ع۔ کسی چیز کی انتہا۔ آخر۔ عَلَم
نشان۔ جھنڈا۔ غرض۔ مطلب۔
غائر ۔ع۔ ہر چیز جو نیچے چلی جاوے
زمین پست۔ گھس جانیوالی شئے۔
غائص ۔ع۔ غوطہ مارنیوالا پانی مین۔
غائط ۔ع۔ آدمی کا پاخانہ یعنی گوہ۔
غائلہ ۔ع۔ شر۔ بدی۔ آفت۔ ناگہانی بلا
غائی ۔ع۔ منسوب طرف غایت کے جو
معنی کسی چیز کی انتہا کے ہے۔

فصل غین مع بائے موحدہ

غِب ۔ع۔ وہ تپ جو ایک روز درمیان
دیکے آوے۔ باریکا بخار ہفتہ مین ایک مرتبہ
کسی کی ملاقات کرنا۔ یا ایک روز آنا اور
ایک روز نہ آنا۔ ہر چیز کی نہایت۔
غَب ۔ع۔ چوپایہ کا ایک دن بیچ پانی پینا
غُبّ ۔ع۔ دریا بہت موج مارنیوالا۔
جسکا پانی کنارون سے بہ نکلے۔
غُبار ۔ع۔ مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد۔ اور مراد
رنج وکدورت سے بھی۔
غُبار برآمدن۔ ف۔ مراد بے رونق ہونا
غَباوت ۔ع۔ کند ذہنی۔ کم فہمی۔

غَبَب ۔ع۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت
اور اسکو طوق گلو بھی کہتے ہین اور حسن
مین داخل ہے۔
غَبرا ۔ع۔ زمین گرد آلود۔ یہ مؤنث اغبر
کا ہے اور کبھی نظم مین ہمزہ گر جاتا ہے
غَبَرہ ۔ع۔ گرد وغبار۔ وہ زمین جسمین
درخت بہت سے ہون۔
غُبرہ ۔ع۔ سیاہی۔ تیرگی۔
غِبطہ ۔ع۔ آرزو کرنا کسی کے مال کی بدون
اسکے کہ اس سے اسکے مال کا زوال چاہے
برخلاف حسد کے کہ حاسد دوسرے کا زوال
نعمت چاہتا ہے۔
غَبغَب ۔ع۔ گوشت لٹکا ہوا نیچے ٹھوڑی
کے یہ پرگوشت اور موٹے آدمی کے حسن اور
خوبصورتی مین داخل ہے۔
غَبن ۔ع۔ خطا واقع ہونا تدبیر اور رائے
مین سست عقل ہونا۔ بھول جانا۔
غَبن ۔ع۔ خرید وفروخت مین نقصان
اٹھانا۔ فراموشی۔ بھول۔
غَبن فاحش ۔ع۔ صریح خسارہ اور بڑا
نقصان جو کسی چیز کی خرید مین ہو پہنچے۔
غَبوق ۔ع۔ آخر روز اور سرشام کی شراب
غَبی ۔ کند ذہن۔ کم عقل۔
غُبَیب ۔ع۔ نام مقام مدینہ اور یمامہ مین
غَبین ۔ع۔ ضعیف رائے۔ سست عقل۔

فصل غین مع ثائے مثلثہ

غث - ع - لاغر - دبلا - فاسد - خراب - سڑ جانا گوشت وغیرہ کا - مجازاً سڑا ہوا گوشت - اور پیپ -

غثر - ع - مرد فرومایہ - کمینہ -

غثی - ع - جی کا متلانا -

غثیان - ع - متلی -

فصل غین مع جیم فارسی

غچک - ف - نام ایک باجہ کا جو بہت مشہور ہے ہندی سارنگی -

فصل غین مع دال مہملہ

غد - ع - کل کے دن کی صبح -

غدا - کل کا روز جو ہوگا - فردا روز -

غداء - ع - صبح کے وقت کا کھانا - جیسے عشا رات کے وقت کا کھانا -

غداۃ - ع - وقت صبح -

غدار - ع - بہت بڑا غدر کرنے والا - بہت بڑا بے وفا آدمی -

غدد - ع - جمع غدہ کی جسکے معنی آگے مذکور ہین

غدر - ع - بیوفائی - بیوفائی کرنا -

غدر - ع - بیوفا -

غدر - ع - تاریک ہونا رات کا -

غدق - ع - آب بسیار - بہت پانی -

غدو - ع - وقت صبح -

غد و بعد غدا - کل کا روز -

غدوۃ - ع - صبح صادق سے طلوع آفتاب تک

غدور - ع - بہت بڑا بے وفا -

غدہ - ع - گرہ کے مانند ایک چیز سخت اور گول ہوتی ہے گوشت یا چربی مین -

غدیر - ع - تالاب جسمین پانی بارش اور سیل کا جمع ہو جاوے -

غدیر - ع - بہت بڑا بیوفا -

فصل غین مع ذال معجمہ

غذ - ع - زخم سے پیپ کا جاری ہونا -

غذا - ع - خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو

غذا - ع - بغیر ہمزہ کے - اونٹ کا پیشاب -

غذی - ع - امالۂ غذا یعنی خوراک کا -

فصل غین مع رائے مہملہ

غر - ع - مرد غافل اور ناآزمودہ کار -

غر - ع - غرور کرنا - وہ دانہ جو پرند اپنے بچہ کو بھراتا ہے - تلوار کی تیزی -

غرر - ع - مشہور لوگ - بزرگ لوگ - اور پیشانیونکی سفیدیان -

غردت - - بددل - عورت فاحشہ - قحبہ -

غرمت - ایک مرض ہے جس سے خصیہ بڑا ہو جاتا ہے - یا گلے مین گھنگھا نکل آتا ہے -

غرا - ع - سریش - چیز چپکنے والی -

غرا - ع - ہر چیز مؤنث جو سفید اور روشن ہو

غراب - ع - زاغ - کوا - ایک قسم کی کشتی جو دریا مین چلتی ہے -

غراب البین - ع - ایک قسم جنگلی کوے کی جو سیاہ رنگ اور سرخ چونچ کا ہوتا ہے عرب ایسے کوے کو منحوس جانتے ہین اور انکا اعتقاد ہے کہ اگر کسی کام کو جاتے ہوئے ایسے کوے پر نظر پڑ جاوے تو اُس شخص مین اور اُسکے مقصد مین جدائی ہوجائے یعنی حاجت روا نہو اور اگر دوستونکے سامنے آکر بیٹھے تو آپسمین جدائی ہوجائے اسی سبب سے اسکا غراب البین یعنی جدائی کا کوا نام ہوا -

غراب سیہ - ف - مراد رات سے -

غرار - ع - کمی اور نقصان ہر چیز مین - کم عقلی - نادانی - روش - طرز - نمونہ - طریقہ طور - تیزی تلوار کی - مقدار اور مدت کسی چیز کی کم ہوجانا دودھ کا - کاسد ہونا بازار کا -

غرارہ - ع - ناآزمودہ کار ہونا - کسی کے فریب مین آجانا -

غرارہ - ع - غلہ کی گون -

غرام - ع - حرص لالچ - عشق - محبت - شیفتگی - ہلاک - عذاب - دائمی بدی -

غرامت - ع - تاوان - تاوان زدہ ہونا - پشیمانی - عذاب -

غران - ف - شور کرنے والا غصہ سے چیخنے والا سخت اور دور تک آواز نکالنے والا -

غرانیق - ع - جمع غرنوق کی جسکے معنی آگے مذکور ہین - غرانیق العلیٰ مراد بتون سے -

غرائب - ع - جمع غریبہ کی اشیائے عجیب

غَرائر - ع - جمع غرارہ کی۔ غلہ کی گونین۔
اور جمع غریرہ کی۔ نیک خصلتین۔ مناسب
لوگ۔ وہ جوان جو کار آزمودہ نہون۔ اور
جمع غرار کی جسکے معنی ابھی گذرے۔
غَرب - ع - بڑا ڈول پانی بھرنیکا۔ پانی رکھنے
کا برتن۔ تلوار اور زبان کی تیزی۔ ہر چیز کی
تیزی۔ گھوڑا تیز رفتار۔ چاند اور سورج
کے ڈوبنے کی جگہ۔ دور ہونا۔ فراق۔ جدائی۔
چھپ جانا۔ نیچے بیٹھ جانا۔ گوشہ چشم کا ناسور۔
غَرَب - ع - نام ایک درخت خاردار کا۔
غُرب - ع - وطن سے دور ہوجانا۔
غُرب - ع - عجیب و غریب۔ نادر۔
غُربا - ع - جمع غریب بمعنی مسافر کی۔
غِربال - ع - آٹا چھاننے کی چھلنی۔ وہ مرد
جو سخن چین یعنے لُترا ہو۔ اور بمعنی دف کے
بھی آیا ہے۔
غُربت - ع - مسافرت۔
غَربی - ع - ایک رنگ ہے سرخ۔ خرما
کی شراب۔ وہ چیز جو منسوب طرف غرب کے ہو۔
غربیلہ د۔ ہندی نخرہ۔
غَرث - ع - گرسنگی۔ بھوک۔
غَرثان - ع - گرسنہ بھوکھا۔
غرچک - ف - احمق۔ نادان۔
غرچہ - ف - نادان۔ زبون۔ ہیز۔ نامرد۔
غردل - ف - بد دل۔ بودا۔ ڈرپوک اسلیے
کہ غر بمعنی زن قحبہ کے ہے۔
غَرَر - ع - روشنی۔ خطر۔ شرط جو کسی چیز
کی خرید و فروخت مین کرین۔
غُرَر - ع - جمع غُرّہ کی سفیدیان پیشانی
کی سفیدیان۔ اول ہر چیز و نکی۔ بہترین۔
بہتر اور عمدہ۔ قوم کے سردار لوگ۔ اور
دُرر غُرر موتی عمدہ اور بہتر اور اچھے۔
غَرس - ع - زمین مین درخت بٹھلانا۔ وہ
درخت جو زمین مین بٹھلایا گیا ہو۔ کالا کوا۔
غَرش - ف - غصہ مین شور کرنا۔
غَرَض - ع - نشانہ۔ مجازاً حاجت۔ مقصد۔
غرغر - ف - رسی کھینچنے کی چرخی۔
غرغرہ - ع - پانی حلق مین بھرانا۔ وہ آواز
جو گلا گھٹنے مین نکلے۔ آواز دیگ کی وقت
جوش کے۔ روح کے اٹکنے کی آواز گلے
مین وقت موت کے ہندی گھرا۔
غُرَف - ع - جمع غرفہ بمعنی کھڑکی کی۔
غُرفہ - ع - بالاخانہ جو کوٹھے کے کنارے
ہو۔ دریچہ۔ کھڑکی۔ ایک چلو پانی۔
غَرفہ - ع - ایک مرتبہ چلو مین پانی بھر لینا۔
غَرفہ - ع - چلو سے پانی اُٹھانا۔
غَرَق - ع - مصدر ہے بمعنی ڈوب جانا۔ اور
سر سے پانیکا اونچا ہو جانا۔ مگر مشہور اور مستعمل
را سے مہملہ کے سکون سے ہے۔
غَرِق - ع - غریق۔ ڈوبا ہوا۔
غرقاب - ع - بڑا گہرا پانی۔ یہ لفظ
بقلب اضافت ہے۔
غرقہ - ع - اسمین ہا ے نسبت ہے یعنے
غریق۔ ڈوبا ہوا۔
غُرم - ع - تاوان۔ نقصان۔
غُرم - د - پہاڑی بھیڑ۔
غُرنُوق - ع - } ایک پرندہ ہے پانیکا رہنیوالا
غُرنیق - ع - } سیاہ رنگ دراز گردن جسے
کہتے ہین یہ کلنگ ہے۔ اور وہ جوان
جو گورا رنگ خوبصورت نازک بدن ہو۔ اور
نام ایک بت کا بھی۔
غَرو - ع - آخر مین واو۔ وہ نے جس کا قلم
بناتے ہین۔
غُروب - ع - ڈوبنا چاند و سورج وغیرہ کا
غُرُور - ع - گھمنڈ۔ فریب۔
غَرُور - ع - فریب دینے والا۔ دنیا۔
شیطان۔ دوا کا پانی جس سے غرغرہ کرین۔
غُرّہ - ع - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو
ایک درم کی مقدار سے زیادہ ہو۔ سردار بہتر اور
عمدہ ہر چیز سے۔ مجازاً پہلی تاریخ چاند کی۔
غِرّہ - ع - فریفتگی۔ غرور۔ غافلی۔
غَرّہ - ع - فریفتہ ہونا۔ غرور کرنا۔
غَرِیب - ف - نادر۔ مسافر۔ مجازاً مفلس محتاج
غریب زادہ - ف - اصطلاحاً کسی کے پیٹ کا
غریبی - ف - گھربار سے جدائی۔

غُرِّیدن - ف - ڈرونی آواز سے چلانا-
غَرِیْزہ - ع - خصلت نیک - ضامن - وہ جوان جو نا آزمودہ کار ہو-
غَرِیزہ - ع - اصل طبیعت - سرشت -
غَرِیزَت - ع - سرشت - طبیعت -
غَرِیزی - ع - اصلی طبیعی - خلقی -
غَرِیق - ع - ڈوبا ہوا -
غَرِیم - ع - تاوان زدہ - قرضدار - قرضخواہ -
غَرِین - ف - یہ لفظ جو شیر کی صفت مین واقع ہوتا ہے بمعنے چیخنے والے کے محض غلط ہے صحیح عین مہملہ سے ہے یعنی اُس بیشہ اور جنگل کے جسمین شیر رہتا ہو-
غَرِیو - ف - یائے مجہول سے - شور - فریاد - غل - چیخ کی آواز - غوغا -
غَرِیوان - ع - شور کرنیوالا چیخنے والا -

فصل غین مع زائے معجمہ

غَزا - ع - جہاد - جنگ کرنا کافرونسے -
غُزات - ع - جمع غازی یعنی قاتل کفار کی -
غَزال - ع - ہرن کا بچہ - ہرنوٹا - آفتاب
غَزّال - ع - رسّی بیچنے والا -
غَزالہ - ع - ہرن کا بچہ جو مادہ ہو - آفتاب
غَزالی - ع - منسوب طرف غزالہ کے جو نام ایک قریہ کا ہے دیہات طوس سے امام محمد غزالی رہ اسی گاؤن مین پیدا ہوے تھے -
غَزل - ع - کاتنا - رسّی بٹنا - سوت - رسّی
غَزَل - ع - وہ کلام جسمین عورتون کے حسن و جمال کی تعریف اور عشق و عاشقی کا ذکر ہو-
غَزِل - ع - وہ شخص جو عورتونکی اور اُنکے عشق کی باتین کرے -
غَزْنہ - ع - تینون طرحسے درست ہے نام
غَزْنی - ع - ایک شہر کا جسمین سلطان محمود
غَزْنِین - ع - غزنوی پیدا ہوا تھا -
غَزْو - ع - آخر مین واؤ - جہاد - لڑنا - اور جنگ کرنا مسلمانون کا کافرونسے -
غَزَوات - ع - جمع غزوہ کی -
غَزْوہ - ع - جنگ مسلمانونکی کافرونسے دین اسلام کے لیے بشرطیکہ رسول صلعم یا امام وقت اُس جنگ مین ہمراہ ہون ورنہ اُس جنگ کو سریہ کہین گے -

فصل غین مع زائے فارسی

غَژ - ف - امر ہے غژیدن کا یعنی بیٹھے بیٹھے چوتڑونکے بل رستہ چل -
غَژب - ف - انگور کا دانہ جو پختہ و تازہ ہو-
غَژگاؤ - ف - ایک قسم کی گائے جسکی دم کا مورچھل بناتے ہین - ہندی سُرے گائے -
غَژم - ف - انگور کا دانہ جو پختہ و تازہ ہو-
غَژیدن - ف - مثل لڑکونکے چوتڑونکے بل بیٹھے بیٹھے ہاتھونکو زمین پر ٹیک کے چلنا -

فصل غین مع سین مہملہ

غَسّاق - ع - گندہ اور بدبو چیز مثل پیپ کے
غُسالہ - ع - وہ پانی جس سے ہاتھ منہ دھوتین وہ پانی جو بعد وضو کے کسی جگہ گرے دھوون
غَسَق - ع - اول شب کی تاریکی -
غُسک - ف - ایک جانور ہے چھوٹا کاٹنے والا - ہندی مین اُسکو کٹھل کہتے ہین -
غُسل - ع - تمام بدن سے نہانا
غَسل - ع - مطلق دھونا ہر چیز کا کسیکو مارنا اس طرح کہ اُسکے درد ہونے لگے - عورت سے بہت جماع کرنا - نر کا مادہ سے بہت جفتی کھانا -
غِسل - ع - وہ پانی جس سے دھووین - سر دھونیکی چیز مثل کھلی میں وغیرہ کے -
غُسل خانہ - ف - کنایہ حمام سے -
غِسلین - ع - وہ پانی جس سے زخم وغیرہ کو دھویا ہو - وہ خون اور پیپ اور گندہ پانی جو اہل دوزخ کے بدنون سے جاری ہوگا - نام ایک درخت کا دوزخ مین - نام ایک چشمہ کا دوزخ مین جسمین کافرونکا کثافتین جمع ہونگی -
غَسُول - ع - وہ پانی جس سے کوئی چیز دھوئی جائے - وہ چیز جس سے سر وغیرہ دھوئین جیسے رزد مٹی اور کھلی وغیرہ -
غَسِیل - ع - دھویا گیا - نہلایا گیا -

فصل غین مع شین معجمہ

غِشا - ع - پوشش - پردہ - غلاف مین ایک پوست جسکو ہندی مین جھلّی کہتے ہین -
غِش - ع - کدورت - عیب - خیانت - کینہ -

بد دروني - بدباطني - خيانت - کھوٹا پن -
غَش - ع - ظاہر کرنا خلاف اُس بات کے کہ ہو دلمین ہو - منافق پن - خیانت کرنا - ملانا کم قیمت چیز کا سونے اور چاندی اور مشک اور شراب وغیرہ مین - اور بمعنی بیہوش مگر اس معنی مین یہ لفظ اصل مین غشی تھا فارسیون نے اسکی یاے تحتانی کو حذف کر دیا ہے -
غُش - ع - منافق - خیانت کرنے والا - دغاباز - بدباطن - بدخواہ -
غِشاوہ - ع - جھلی - پردہ -
غِشی - ع - بیہوش ہونا - بیہوش کرنا - عورت سے جماع کرنا - پوشیدہ کرنا - چھپانا - تازیانے کوڑا مارنا - کسیکے پاس آنا - خیانت کرنا -
غِشیان - ع - عورت سے جماع کرنا -
غَشَیان - ع - بیہوش ہونا -

فصل عین مع صاد مہملہ

غَصب - ع - کسیکی چیز کو ظلم سے چھین لینا - کسیکا حق جبر سے نہ دینا -
غُصَص - ع - جمع ہے غصہ کی
غُصن - ع - درخت کی شاخ -
غُصون - ع - جمع غصن کی درخت کی شاخین -
غُصّہ - ع - اندوہ گلوگیر - وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے مجازاً بمعنی خفگی مگر تحقیق یہ ہے کہ مجازاً بھی غصہ اُس خفگی کو کہینگے جو کسی کے خوف سے ضبط کرے اور دل ہی دلمین گھٹ کے رہ جائے اسصورت مین معنی حقیقی سے کچھ مناسبت باقی رہتی ہے اسی سبب سے فصیح لوگ اطلاق غصہ کا حقتعالے کی نسبت جائز نہین رکھتے ہین بلکہ ایسے مقام پر الفاظ قہر و غضب استعمال کرتے ہین -

فصل عین مع ضاد معجمہ

غَض - ع - آنکھونکا بھینچ کر بند کرنا - دھیمی آواز سے بولنا - تحمل اور برداشت کرنا کسی بُری اور مکروہ بات اور کسی نقصان کی -
غضارِیف - ع - جمع ہے غضروف کی -
غَضَب - ع - غصہ غصہ کرنا - خفگی - قہر
غضَب - ع - بڑا غضبناک آدمی ہو یا سانپ
غَضبان - ع - وہ شخص جو غصہ اور قہر مین بھرا ہو - خشمناک - قہرناک - اور استعمال فارسی مین اُس پتھر کو بھی کہتے ہین جو منجنیق سے دشمن کیطرف پھینکتے ہین -
غُضرُوف - ع - وہ ہڈی نرم جو چبانے کے قابل ہو ہندی مین کرّی کہتے ہین -
غَضَنفَر - ع - شیر درندہ - شیر نر -
غَضُوب - ع - بڑا غضبناک - بڑا خشمگین
غَضِیض - ع - نازک کلی درخت کی تازہ -

فصل عین مع طاے مہملہ

غِطا - ع - پردہ - پوشش -
غِطرِس - ع - } مرد ظالم - اور
غِطرِیس - ع - } صاحب غرور -
غِطریف - ع - بزرگ - شریف - جوانمرد -
غَطَکش - ع - پانی کا گندلا ہونا - آہستہ آہستہ رستہ چلنا بیماری یا بڑھاپے کے سبب سے -
غَطَش - ع - ضعف بصر -
غطِیط - ع - آواز خرخر کی جو بعض آدمیونکے گلے سے سوتے مین نکلتی ہے - وہ آواز جو گلا گھونٹتے اور ذبح کرتے وقت گلے سے نکلے -

فصل عین مع فا

غَفّار - ع - بڑا چھپانے والا - بڑا بخشنے والا ایک نام ہے حق تعالے کے نامونین سے -
غِفار - ع - نام ہے پدر قبیلہ کا اور اسی قبیلہ سے ابو ذرؓ غفاری ہین -
غُفار - ع - پنڈلی اور پیشانی اور گردن اور گدی اور ڈاڑھی کے دونون جانب کے بال -
غَفر - ع - چھپانا - گناہ کا بخشنا - اسباب کا چھپا کر رکھنا - بالونپر خضاب لگانا -
غُفران - ع - بخشش گناہ معاف کرنا -
غَفص - ع - دلدار - گبر سے بطور عربی بنا لیا ہے
غَفلت - ع - بھول چوک - چوک جانا -
غَفور - ع - بڑا بخشنے والا گناہون کا - اور ایک نام ہے حقتعالے کے نامونین سے -
غَفیر - ع - چھپانے والا - لوہے کا خود جو تمام سر کو چھپائے اور جم غفیر اتنا بڑا گروہ آدمیونکا جو روے زمین کو چھپالے - یا اتنا بڑا گروہ جسکی انتہا دکھائی نہ دے جم بمعنی گروہ -

فصل غین مع لام

غُلّ ۔ع۔ لوہے کا طوق۔ بند۔ تشنگی۔
پیاس۔ پیاس کی شدت۔ سوزش قلب۔
غِلّ ۔ع۔ کینہ۔ خیانت۔ کدورت۔
کھوٹاپن۔ کسی کی طرف سے کینہ رکھنا۔
غَلَا ۔ع۔ قحط۔ گران ہونا نرخ غلہ اور ہر چیز کا
غَلَّات ۔ع۔ جمع غلّہ بمعنے اناج کی۔
غُلَات ۔ع۔ جمع ہے غالی کی وے شخص
جو حد سے گذر گئے ہون تشدد اور سختی کرنے مین
غُلَاظ ۔ع۔ موٹا۔ ولدار۔ درشت۔ سخت۔
غِلَاظ ۔ع۔ جمع غلیظ کی جسکے معنی آگے ذکر ہین
غِلَاظت ۔ع۔ موٹاپن۔ درشتی۔ سختی
غِلَاف ۔ع۔ اوپر کا پردہ۔ خول پوشش۔
غِلَالہ ۔ع۔ شلوکہ جو کپڑون یا زرہ
وغیرہ کے نیچے پہنتے ہین۔
غُلَالہ ۔ف۔ فارسی مین بمعنی زلف معشوق ہے۔
غُلَام ۔ع۔ لڑکا۔ مجازاً۔ نوکر۔ بندہ۔
غَلَبہ ۔ع۔ زبردستی۔ زور۔ غالب ہونا۔
غُلْبَاء ۔ع۔ ایسا مقام جہان پر بہت سے
درخت گھنے اور آپسین ملے ہوے ہون۔
غُلْباء عین کے ضمہ سے غلط ہے۔
غُلْبہ ۔ع۔ یہ جمع ہے غلبا بمعنی مذکور کی۔
غَلَبَات ۔ع۔ جمع ہے غلبہ کی۔
غَلَت ۔ع۔ سہو کرنا۔ غلط کرنا۔
غَلْتَبان ۔ف۔ مرد بے حمیت۔ دیوث
بھڑوا۔ اسکو قلتبان بھی کہتے ہین۔
غَلَس ۔ع۔ آخر شب کی اندھیری۔
غَلَط ۔ع۔ خطا کرنا سخن مین اور حساب
کتاب مین۔ اور بعضون نے کہا ہے کہ غلط طاے
حطی سے خطاے سخن کو کہتے ہین اور غلت تاے فوقانی
سے خطاے حساب کو اور لفظ غلط بمعنی فاعل
یعنے غلط کرنے والے اور بمعنی مفعول یعنی غلط کیے
گئے کے بھی آتا ہے۔ اور غلطی یاے تحتانی
کی زیادتی سے ناواقفونکا محاورہ ہے۔ واضح
ہو کہ غلط دو طرح پر ہے۔ ایک غلط عام جیسے
لفظ منصب کہ بفتح صاد مشہور ہے اور اصل
مین صاد کے کسرہ سے ہے پس یہ معیوب نہین ہے
اسلیے کہ تمام شعرا منصب کا قافیہ لب اور
غبغب کے ساتھ باندھ گئے ہین۔ دوسرا
غلط عوام جیسے لفظ تراوت کہ اسکو عوام
الناس تراوٹ بولتے ہین اور یہ معیوب ہے۔
غَلْطَاق ۔ت۔ کرتہ۔
غَلْطَان ۔ف۔ لڑھکتا ہوا۔
غَلْطَک ۔ف۔ کروٹ بدلنا۔ گاڑیکا پہیہ۔
غلط کردن ۔ف۔ ضایع کرنا۔
غلطیدن ۔ف۔ لوٹنا۔ کروٹ سے لیٹنا۔
غِلْظ ۔ع۔ موٹاپن۔ ولدار ہونا۔
غَلَظ ۔ع۔ زمین سخت اور ناہموار
غِلْظَت ۔ع۔ موٹاپن۔ دل۔ موٹائی۔
غُلْغُل ۔ف۔ پرند جانورون خصوصاً
بلبلونکا شور کرنا مستی سے۔
غُلْغُلہ ۔ف۔ شور۔ غل۔ غوغا۔
غَلْف ۔ع۔ کسی چیز کا غلاف مین کرنا۔
غُلُف ۔ع۔ جمع ہے غلاف کی۔
غَلَف ۔ع۔ ختنہ نہ کرنا۔ فراخی عیش کی۔
غَلْق ۔ع۔ دروازہ کا بند کرنا۔
غَلَق ۔ع۔ وہ چیز یا وہ لکڑی جس سے
دروازہ کو بند کرین اسکو مغلاق بھی کہتے ہین
اور فارسی مین کلیدان کہتے ہین۔
غُلُق ۔ع۔ بند دروازہ۔
غَلِق ۔ع۔ سخن بستہ اور مشکل۔
غُلَّک ۔ت۔ ایک برتن جیسے گھڑے وغیرہ کا
منہ اوپر سے چمڑے سے منڈھ کر ایک سوراخ
اُسمین کرکے پیسے اور روپے محصول والے
اُسمین ڈالتے رہتے ہین۔ اسکو غولک بھی
کہتے ہین۔ اور فارسی مین غلہ دان۔
غَلَل ۔ع۔ سوزش۔ جلن۔ تشنگی۔ پیاس۔
غُلَل ۔ع۔ جمع غلیل بمعنی پیاسے کی۔
غِلْمَان ۔ع۔ جمع ہے غلام بمعنی امرد لڑکے
کی بہشت مین بھی ایک مخلوق بصورت امرد
لڑکون کے اہل جنت کی خدمت مین رہینگے
اگرچہ یہ جمع ہے مگر فارسی مین بمعنی مفرد مستعمل
غُلْمَت ۔ع۔ تیز شہوت ہونا۔
غُلْمَت ۔ع۔ تیزی شہوت کی اور غلبہ اُسکا
غِلْمَہ ۔ع۔ جمع غلام بمعنی امرد لڑکے کی۔

غلوّ - ع - ہاتھ بلند کرنا - جہانتک بلند ہوسکے اور بمعنی ہجوم اور بمعنی حد سے گذرنے کے بھی آیا ہے - اور علم معانی کی اصطلاح مین ایک قسم ہے مبالغہ کی جو بحسب عقل اور عادت دونون کے محال ہو -

غلو - ف - فارسی مین بمعنی شور و غوغا -

غلول - ع - اسباب غنیمت مین خیانت کرنا -

غلول - ع - وہ کھانا جو بوڑھے اور کمزور آدمی کے پیٹ مین جلد ہضم ہوجائے -

غلولہ - ف - گولی -

غلّہ - ع - اناج -

غلی - ع - اُبلنا دیگ وغیرہ کا -

غلیان - ع - جوش مارنا - اُبلنا - جوش فارسی مین بسکون لام بھی آتا ہے -

غلیان - ف - قلیان - حقہ -

غلیث - ع - جو اور گیہون ملا ہوا -

غلیظ - ع - موٹا - دلدار - مجازاً ناپاک -

غلیل - ع - پیاس - شدت پیاس کی دل کی سوزش - کینہ - بغض - تشنہ - پیاسا -

غلیواز - ع - چیل مشہور پرند ہے -

فصل غین مع میم

غم - ع - رنج - دکھ - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید میم کے مستعمل ہے -

غماد - وہ شخص جو بیہوش ہو یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -

غماد - ع - مکان کی چھت -

غمار - ع - انبوہی - بسیاری - کثرت -

غمّاز - ع - آنکھ سے اشارہ کرنیوالا - طعنہ کرنے والا - سخن چین - چغلخور -

غماص - ع - اونگھنا -

غمام - ع - }
غمامہ - ع - } سحاب - ابر -

غمان - ع - غمناک - رنجیدہ -

غمائم - ع - جمع غمامہ بمعنی ابر کی -

غمخوار - ف - یار - دوست -

غم خوردن - ف - غم کھانا -

غمد - ع - چھری اور تلوار کا میان -

غمدان - ف - کنایہ دنیا سے -

غمر - ع - بہت پانی - پانی کا کسی چیز کو چھپا لینا - انبوہی - کثرت - کینہ کرنا - پیاسا ہونا - جوانمرد - سخی آدمی -

غمر - ع - کینہ تشنگی - پیاس -

غمر - ع - نادان - ناآزمودہ کار - احمق -

غمرات - ع - سختیان - آدمیونکی کثرتین -

غمز - ع - آنکھ سے اشارہ کرنا - سخت نچوڑنا - تنگ بھینچنا - تہمت کرنا - سخن چینی - چغلخوری -

غمز - ع - مال زبون - مرد ضعیف -

غمزدگی - ف - غمزدہ ہونا -

غمزہ - ع - ف - آنکھ اور بھون سے معشوقانہ اشارہ کرنا - سخت نچوڑنا - تنگ بھینچنا -

غمس - ع - پانی مین ڈبو دینا - ستارہ کا ڈوبنا -

غمص - ع - آنکھ کی کیچڑ - چرک چشم -

غمض - ع - پست زمین - گڑھا - سخن کا پیچیدہ اور دور از فہم ہونا -

غموض - ع - اونگھنا -

غمکدہ - ف - غم کا گھر - اور کنایہ دنیا سے -

غمگسار - ف - دکھ دور کرنے والا - غمخوار اسلیے کہ گساردن بمعنی خوردن ہے -

غموس - ع - جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائے اور یہ قسم کھانیوالے کو گناہ مین ڈبو دیتی ہے اور دوزخ مین لیجاتی ہے اور غموس اُس جھوٹی قسم کو بھی کہتے ہین جس سے کسی کا حق یا مال وغیرہ تلف اور ضایع ہوجائے -

غموص - ع - نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے اور بمعنی سوگند دروغ کے بھی -

غموض - ع - ہر فن کی مشکلین - ہر علم و ہنر کی پوشیدگیان -

غموم - ع - جمع ہے غم کی -

غمّہ - ع - اندوہ - غم - پوشیدہ کام دریا اور ہر چیز کی تہ -

فصل غین مع نون

غنا - ع - توانگری - بے نیازی - دولتمندی

غناء - ع - ہمزہ کے ساتھ - گانا - راگ - نغمہ -

غناء - ع - سود - نفع - فائدہ -

غناء - ع - جا انبوہ کسی چیز کی جیسے قریۂ غناء

دہ گاؤن جسمین لوگ بہت بسے ہون اور
روضۂ غنا۔ وہ باغ جسمین بہت کثرت ہو
غنائم ۔ ع۔ جمع غنیمت کی۔ لوٹ کے مال۔
غنج ۔ ع۔ معشوق کا کرشمہ اور ناز اور
بمعنی حرکت چشم و ابرو کے بھی۔
غنجار ۔ ف ۔ گلگونہ۔ اور یہ ایک دوا
مرکب ہے جو عورتین یا دتی حسن کے لیے منہ پر ملتی ہین
غنچہ ۔ ف ۔ جیم عربی سے اور بقول ضعیف جیم
فارسی سے بھی۔ کلی۔ بغیر کھلا ہوا پھول۔
غنچۂ آب ۔ ف۔ حباب۔ پانی کا بلبلہ۔
غنم ۔ ع۔ بکری مشہور جانور ہے۔
غنودن ۔ ف ۔ اونگھنا۔
غنّہ ۔ ع۔ ناک مین بولنے کی آواز۔
غنی ۔ ع۔ بے پروا۔ دولتمند۔
غُنیت ۔ ع۔ بے نیازی۔ دولتمندی۔
غنیم ۔ ع۔ لوٹنے والا۔ لٹیرا دشمن۔
غنیمت ۔ ع۔ لوٹ کا مال۔ لوٹ۔

فصل غین مع واو

غوادی ۔ ع۔ جمع غادیہ کی وقت صبح کے ابر
غواشی ۔ ع۔ جمع غاشیہ کی۔ پردے۔ خیمے۔
بیہوش کرنے والے۔ اندر دنی بیماریان
زیارت کرنے والے زین پوش۔
غواص ۔ ع۔ دریا مین غوطہ لگانے والا
واسطے نکالنے موتی کے۔
غوامض ۔ ع۔ کلام کی پوشیدگیان اور
دقیقین ۔ باریک معانی۔
غوانی ۔ ع۔ جمع غانیہ کی۔ وہ عورتین جو
اپنے شوہرون سے خوش ہون۔ اور جو اپنے
حسن و جوانی کے سبب زیور اور آرائش سے
بے پروا ہون۔ یا وہ عورتین جنکو باوجود
جوانی کے خواہش مردون کی نہو۔
غوایت ۔ ع۔ گمراہی۔
غوائل ۔ ع۔ جمع غائلہ کی۔ سختیان۔
برائیان۔ بدیان۔ بلائین
غوث ۔ ع۔ فریادرس۔ فریاد۔
غورج ۔ ت۔ مینڈھا شاخدار لڑائی کا۔
غوجی ۔ ع۔ چھوٹا گڑھا۔
غوچہ ۔ ت۔ مرغ کی کلغی۔
غور ۔ ع۔ گہراؤ ہر چیز کی گہرائی اور تہ
پست زمین۔ نیچے جانا۔ فائدہ پہونچانا۔
غور ۔ ف ۔ واو مجہول سے نام ایک
ملک کا نزدیک قندھار کے۔
غورہ ۔ ف۔ واو مجہول سے کچا انگور
جسکا مزہ ترش یعنے کھٹا ہوتا ہے۔
غوزہ ۔ ت۔ روئی کا پھل جو ابھی چٹکا نہو۔
غوص ۔ ع۔ پانی مین غوطہ مارنا۔
غوطہ ۔ ع۔ پانی کے اندر جانا۔ اسمین واو
معروف ہے اسلیے کہ لفظ عربی مین واو مجہول
نہین آتا ہے۔ اور نام ایک شہر کا۔
غوغا ۔ ع۔ شور۔ مثل آدمیونکی ٹڑی
جماعت کثیر۔ ٹڈی دل۔ بڑی فریاد۔
غوغائیان گلبن ۔ ف کنایہ بلبلون سے
غوک ۔ ف ۔ مینڈک۔ عربی۔ ضفدع۔
غول ۔ ع۔ واو معروف سے ایک قسم دیو اور
جن کی جو جنگلونمین رہتے ہین اور رنگ
برنگ کی شکلونمین اپنے کو ظاہر کرتے ہین۔
غول ۔ ف۔ واو مجہول سے۔ گوش
کان۔ فوج کا انبوہ۔ گروہ۔
غول ۔ ت ۔ وہ فوج جسمین سردار بھی ہو۔
غول سیہ ۔ ع۔ کنایہ رات سے۔
غوی ۔ ع۔ گمراہ۔ کجرو۔

فصل غین مع یاے تحتانی

غی ۔ ع۔ گمراہی۔ گمراہ ہونا۔ نام ایک
صحرا کا جہنم مین۔
غیابت ۔ ع۔ وہ چیز جو دوسری چیز کو چھپا
لیوے۔ غائب ہونا۔ گہراؤ۔ کنوین اور
دریا وغیرہ کی تہ۔
غیاث ۔ ع۔ فریادرسی۔ فریاد۔ فریاد کو
پہونچنے والا۔ جسکے سبب سے خلاصی پائین
غیار ۔ ع۔ وہ زرد کپڑا جو یہودی لوگ
اپنے کپڑے پر نزدیک شانہ کے سی لیتے ہین
تاکہ معلوم ہو کہ یہ یہودی ہے۔
غیاف ۔ ع۔ جسکی داڑھی بہت بڑی لمبی ہو
غیب ۔ ع۔ پوشیدگی۔ ناپدیدگی۔ ناپدید
ہونا۔ پست زمین۔ شک۔ گمان۔

غَیبَت - ع - غائب ہونا - پیٹھ پیچھے -
غِیبَت - ع - کسیکے پیٹھ پیچھے اُسکو بُرا کہنا اور اُسکا عیب بیان کرنا -
غَیبُوبَت - ع - ناپدید ہونا - غائب ہونا - مجازاً بمعنی جدائی اور مفارقت کے بھی -
غَیبَہ - ف - تیر و نگا ترکش -
غَیث - ع - باران - مینہ -
غَیدَاق - ت - نام مقام کا ترکستان میں -
غَیدَاقی - ف - ایک قسم تیر کی - جو نہایت آبدار اور مضبوط ہوتا ہے یہانتک کہ پتھر کو بھی توڑ جاتا ہے - یہ شہر غیداق سے آتا ہے -
غَیر - ع - سواے - علیحدہ شے -
غَیرِ مُکَرَّر - ف - کنایہ شخص اجنبی سے جس سے پہلے کی ملاقات نہو -
غَیرَت - ع - رشک کرنا - شرم -
غَیرِ مُتَنَاہِی - ع - جسکی انتہا نہو -
غَیرِ وَاقِع - ع - جھوٹ - خلاف دستور -
غَیرِ وُقُوعِی - ع - ناشایستگی - نالائقی - وہ امر جسکا وجود نہو - بے اصل -
غَیض - ع - پانیکا گھٹ جانا مراد اس سے بہت تھوڑا پانی - صحرا - جنگل - مجازاً بمعنی تھوڑی بخشش کے بھی -
غِیض - ع - شگوفہ - کلی -
غَیطَلَہ - ع - صحرا - جنگل -
غَیظ - ع - سخت غصہ -

غَیف - ع - پرند جانوروں کا گروہ -
غِیل - ع - صحرا - جنگل - نیستان -
غَیل - ع - وہ دودھ جو عورت جماع کراتے میں لڑکے کو پلادے یہ دودھ لڑکے کے حق میں بڑا نقصان رکھتا ہے -
غِیلَان - ع - جمع غول بمعنی دیو کی -
غَیم - ع - وہ ابر جو آسمان کو چھپالے -
غَیمِ ہَاطِل - ع - ابر برسنے والا -
غَین - ع - ابر - وہ ابر جو آسمان کو چھپالے - تشنگی - پیاس - تیرگی - اندھیری - سیاہی - نام ایک حرف کا حروف تہجی سے - مجازاً بمعنی بلبل اسلیے کہ بلبل کو فارسی میں ہزار کہتے ہیں اور غین کے عدد ہزار ہیں -
غُیُوب - ع - جمع ہے غیب کی -
غَیُور - ع - بڑا رشک کرنے والا - بڑا شرم کرنے والا - بڑا غیرت دار -
غُیُوم - ع - جمع غیم بمعنی ابر کی -

باب فا

فصل فا مع الف

فَا - ف - بمعنی با جیسے فا ہر گفت بمعنی با او گفت
فِئَہ - ع - آدمیوں کا گروہ -
فِئَتَین - ع - تثنیہ فئہ کا - آدمیوں کے دو گروہ
فَاتِح - ع - شروع کرنیوالا - کھولنے والا
فَاتِحَہ - ع - نام قرآن شریف کی پہلی سورت کا کھولنے والی عورت - یہ مونث ہے فاتح کا - مجازاً دیباچہ - اول اور شروع کسی چیز کا -
فَاتِر - ع - سست - زبون - نیمگرم پانی -
فَاتِق - ع - پھاڑنے والا -
فَاتِک - ع - دلیر - شجاع - بہادر -
فَاتِن - ع - فریفتہ کرنیوالا - گمراہ کرنیوالا - مفتون کرنے والا - شیطان -
فَاجِر - ع - مرد بدکردار - گنہگار - حرامکار زانی - زنا کرنیوالا -
فَاجِرَہ - ع - بدکار اور حرامکار عورت -
فَاحِش - ع - بدی میں حد سے گذرنیوالا - ہر بدی جو حد سے گذر جائے -
فَاحِشَہ - ع - بدعورت - زن بدکار عورت زنا کرنے والی - برا کام سخت گناہ - بدی - ہر چیز جسکا کرنا شرع میں منع ہے -
فَاخِتَہ - ع - مشہور پرند ہے - فارسی گو اسکو خاے نقطہ دار کے جزم سے استعمال کرتے ہیں
فَاخِتَہ ضَرب - ف - ایک نوع ہے اصول موسیقی سے جسکو اصول فاختہ ضرب بھی کہتے ہیں
فَاخِر - ع - فخر کرنے والا - تحفہ - عمدہ - معزز -
فَاخِرَہ - ع - ہر چیز عمدہ اور بیش قیمت -
فَار - ع - بہت سے چوہے جمع فارہ کی - اور بمعنی نافہ مشک کے بھی -
فَارَاب - ع - نام ایک شہر کا اطراف ترکستان میں جہاں معلم ثانی شیخ ابونصر فارابی پیدا

ہوا تھا۔ اور یہ سواے فاریاب کے ہے

فَارِعَہ -ع- عورت خوش طبع۔

فَارِد -ع- جدا۔ اکیلا۔ یگانۂ زمانہ۔

فَارِس -ع- گھوڑے کا سوار۔ گھوڑیکا مالک نام ایک ولایت کا ایران مین جسکے چار شہر ہین (۱) شیراز (۲) اصفہان (۳) کرمان (۴) یزد بعضے کہتے ہین کہ فارس مُعَرَّب ہے پارس بہ سکون را کا۔

فَارِغ -ع- خالی۔ بے کام۔

فَارِغُ البَال -ع- فارغ دل جس کو کچھ کام نہو بے اندیشہ۔ بے فکر۔

فَارِغخطی -ف- لا دعوی اور آزادی نامہ۔

فَارِق -ع- فرق کرنے والا۔ جدا کرنیوالا

فَارُوق -ع- فرق کرنیوالا درمیان حق اور باطل کے۔ لقب خلیفہ دوم کا۔ نام تریاق کا جو مرض کو صحت سے جدا کر دیتی ہے۔

فَارَہ -ع- ایک جوہا۔ مشک کا نافہ۔

فَارِہ -ع- تیز رفتار۔ عقلمند۔

فَارِیَاب -ع- نام ایک شہر کا خراسان مین جو وطن ہے ظہیر فاریابی شاعر مشہور کا۔

فَاژہ -ف- دہن درہ۔ ہندی جماہی اور معنی انگڑائی کے بھی ہے۔

فَاس -ع- لکڑی چیرنے کی کلھاڑی۔

فَاسِخ -ع- تباہ اور فاسد کرنے والا۔ تباہ اور فاسد ہونیوالا۔ بیع وغیرہ کا فسخ کرنے والا یعنی پھیر لینے والا۔ ارادہ اور قصد کا توڑنے والا۔

فَاسِد -ع- بد۔ بگڑا ہوا۔ خراب۔ تباہ۔

فَاسِق -ع- بدکار مرد۔

فَاسِقہ -ع- بدکار عورت۔

فَاش -ف- ظاہر۔ آشکار۔

فَاصِل -ع- جدا کرنے والا۔

فَاصِلہ -ع- دوری۔ فرق۔

فَاضِل -ع- خوب صاحب فضل۔ افزون۔

فَاضِلَہ -ع- بزرگ۔ افزون۔ زیادہ عطا۔ بخشش۔ عورت صاحب فضل۔

فَاطِر -ع- پیدا کرنیوالا۔ خالق۔

فَاطِن -ع- دانا۔ عقلمند۔

فَاعِل -ع- کرنے والا۔ کام کرنے والا

فَاق -ع- صیغہ ماضی کا ہے۔ یعنے فوقیت لے گیا۔ فائق ہو گیا۔

فَاق -ت- تیر کا سوفار۔ یا چلہ کمان مین جو ڈورا بندھا ہوتا ہے جسمین تیر کے سوفار کو پھنسا کے کھینچتے ہین۔

فَاقِد -ع- گم کرنے والا۔

فَاقِدُ البَصَر -ع- اندھا آدمی۔

فَاقِع - زرد رنگ۔ ڈہڈہا۔

فَاقہ -ع- بھوکا رہنا۔ فقیری۔ حاجت

فَاکِر -ع- کسی کام مین فکر کرنے والا۔

فَاکِہہ -ع- میوہ مثل انگور و سیب و انار وغیرہ کے۔ فواکہ اسکی جمع ہے۔

فَال -ع- شگون۔

فَالِج -ع- نام مرض کا جسمین آدمی کا آدھا بدن جوڑان مین ڈھیلا اور سست اور بے حرکت ہو جاتا ہے۔

فَالِق -ع- پھاڑ کر نکالنے والا کسی چیز کا۔

فَالِقُ الاِصْبَاح -ع- نکالنے والا صبح کی سفیدی کا رات کی سیاہی سے یعنی حق تعالے

فَالُودَہ -ع- چاولون کی پیچ جما کر بناتے ہین۔ مشہور شے ہے۔

فَالُوذ -ع- / فَالُوذَج -ع- } فالودہ مشہور شے ہے۔

فَام -ف- رنگ۔ لون۔

فَانُوس -ع- سخن چین۔ لترا۔ فانوس جسمین شمع جلاتے ہین اسکا یہ نام اسلیے ہوا کہ فانوس سے روشنی باہر آتی ہے تو گویا فانوس سخن چین اور لتری ٹھہری۔

فَانُوسِ خَیَال -ف- / فَانُوسِ خَیَالِی -ف- } وہ فانوس جس مین شمع وغیرہ جلاکے گرد اسکے کاغذ کی تصویر کسی طرح کی کاٹکر کسی چیز پر چپکا کے وصل کرتے ہین اور اس چیز کو گردش دیتے ہین روشنی مین ان تصویرنکا گھومنا بڑا لطف دیتا ہے۔

فَانِی -ع- مرنے والا۔ فنا ہونے والا۔ وہ شخص جو بہت بوڑھا ہو۔

فَانِیذ - ع - شکر سفید - مصری -
فَائِت - ع - نیست ہونے والا -
فَائِح - ع - } خوشبو - اور وہ چیز
فَائِحَہ - ع - } جس مین سے خوشبو آوے -
فَائِدہ - ع - نفع - سود -
فَائِز - ع - پہونچنے والا - پانے والا -
خلاصی اور رہائی اور فتح اور مراد پانے والا -
فَائِض - ع - فیض دینے والا -
فَائِق - ع - بلند ہونے والا - فوقیت
اور بزرگی رکھنے والا - بہتر - برگزیدہ -
افزون - نام کتاب کا علم حدیث مین
جار اللہ زمخشری صاحب تفسیر کشاف سے -

فصل فا مع باے موحدہ

فَبِہَا - ع - لغوی معنی اسکے پس ساتھ اسکے
لیکن مجازاً بمعنے بہتر اور بہت خوب کے ہین -

فصل فا مع تاے فوقانی

فَتَا - ع - مرد جوان - بہادر - سخی -
فَتَات - ع - عورت جوان -
فُتَاتَہ - ع - ہر چیز کا ریزہ -
فَتَّاح - ع - کھولنے والا - حکم کرنے والا -
اور ایک نام ہے خدا کے نامون سے -
فَتَادَن - ف - گرنا - گر پڑنا - حرف اول
کے کسرہ سے غلط مشہور ہے -
فَتَّان - ع - فتنہ انگیز - چور - شیطان
سنار - پیشہ ور - فسادی -

فَتْح - ع - کھولنا - مجازاً جیتنا ملک کا -
فَتْحُ الْبَاب - ع - کشادگی کامون کی -
شروع اور آغاز موسم برسات کا -
فَتْحَہ - ع - زبر - جیسے حد کی ح پر ہے -
فِتْر - ع - کشادگی درمیان انگوٹھے اور
شہادت کی انگلی کے - فرق درمیان دو چیز کے
فَتْر - ع - سستی - ناتوانی -
فِتْرَاک - ع - تسمہ جو دہنے اور بائین زین کے
لٹکاتے ہین واسطے باندھنے شکار وغیرہ کے -
فَتَرَات - ع - جمع فترت کی -
فَتْرَت - ع - ضعف - سستی - ناتوانی
وہ زمانہ جو درمیان دو پیغمبرون کے ہو -
فَتْش - ع - جستجو کرنا - کھود کرنا -
فَتْق - ع - کشادگی - پھاڑنا - نام ایک
بیماری کا جس سے خصیہ بڑا ہو جاتا ہے -
فِتَن - ع - جمع فتنہ کی -
فِتْنَہ - ع - عذاب - دیوانگی - آزمائش
حیرت - تعجب - گمراہی - کفر - رسوائی
گمراہ کرنا - دیوانہ ہونا - مال - اولاد اصطلاحاً
بمعنی عاشق - فریفتہ - اور بمعنی معشوق
کے بھی آیا ہے -
فِتْنَہ بر چیزے شدن - ف - کسی
چیز پر عاشق اور فریفتہ ہونا -
فَتْوٰی - ع - حکم شرع - شرعی فیصلہ -
فُتُوَّت - ع - جوانمردی - مروت -

فُتُوح - ع - کشائشین جمع ہے فتح کی -
اور مصدر بھی ہے بمعنی کشائش اور شادی کے -
فُتُوحَات - ع - جمع ہے فتوح کی -
فُتُور - ع - سستی - سست ہونا - مجازاً
بمعنی خرابی اور برائی کے مستعمل ہے -
فَتٰی - ع - جوانمرد - بہادر - جوان ابتداے
بلوغ سے چالیس برس تک اور بمعنی سخی
کے بھی آیا ہے -
فُتِیّ - ع - جوان لوگ -
فَتِیّ - ع - مرد جوان -
فِتْیَان - ع - جوان لوگ - جوانمرد لوگ -
فَتَیَان - ع - دو جوان - رات اور دن -
فَتِیلَہ - ع - بٹی ہوئی چیز - بتی -

فصل فا مع جیم

فَجّ - ع - راہ کشادہ درمیان دو پہاڑ کے
فِجّ - ع - خام - کچا - ناپختہ -
فُجَاء - ع - } ناگاہ - یکایک پکڑنا -
فُجَاءَۃ - ع - }
فَجَاجَت - ع - خامی - کچا پن - ناپختگی -
فُجَّار - ع - جمع فاجر بمعنے بدکار کی -
فَجَّار - ع - بڑا بدکاری کرنے والا -
فَجْر - ع - پانی جاری کرنا - سفیدی صبح
کی یعنی صبح تڑکا - گناہ اور زنا پر آمادہ ہونا -
فَجْر - ع - جوانمردی - کرم - بخشش - احسان
فُجُر - ع - جمع فاجر بمعنی بدکار کی -

فجرہ - ع - زناکار لوگ - بدکار لوگ - یہ جمع فاجر کی ہے -
فجعت - ع - دردمندی مصیبت -
فجل - ع - مولی - مشہور ترکاری ہر
فجل - ع - سُست ہونا -
فجور - ع - گناہ کرنا - حق سے ناحق کیطرف پھر جانا - دین سے برگشتہ ہونا - بیاری سے اچھا ہونا - بینائی کا کم ہوجانا - جھوٹ بولنا - نافرمانی کرنا - ناز کا ضائع کرنا - زناکرنا
فجور - ع - مرد بدکار - حرامکار -
فجوہ - ع - دو پہاڑونکے درمیان کا کشادہ زمین کشادہ - گڑھا -
فجیعت - ع - درد سخت - مصیبت -

فصل فا - مع حاے مہملہ

فحاش - ع - بہت بڑا بدکار - بڑا بدزبان -
فحاوی - ع - جمع فحوا بمعنی مطلب کی
فحش - ع - حد سے گذرنا بدیکا -
فحشا - ع - بُرا کام - زنا - حرامکاری -
فحص - ع - جستجو کرنا - کسی چیز کو ڈھونڈھنا
فحل - ع - نر - مادہ کا ضد - ستارہ سہیل -
فحم - ع - زگال - ہندی کوئلہ -
فحوٰی - ع - } مضمون یعنی مطلب
فحوا - ع - }
فحول - ع - مرد لوگ - مادہ - جانورونکے نر - یہ جمع فحل بمعنی نر کی ہے -

فصل فا مع خاے معجمہ

فخ - ع - ایک قسم کا پھندا جس سے پرند جانورونکا شکار کرتے ہین -
فخار - ع - مٹی کا برتن پکا یا ہوا -
فخار - ع - ناز کرنا - فخر کرنا -
فخار - ع - بڑا ناز کرنے والا -
فخامت - ع - بزرگی - قدر - بلندی - سطبری - موٹاپن -
فخت - ع - روشنی چاندکی -
فخذ - ع - } ران - جانگھ -
فخذ - ع - }
فخر - ع - گھمنڈ - غرور - ناز -
فخری - ف - ایک قسم انگور کی -
فخفرہ - ف - جو ایک غلہ مشہور ہے اور گیہون کے آٹے کی بھوسی -
فخور - ع - بہت بڑا ناز گھمنڈ کرنے والا -
فخور - ع - ناز کرنا - غرور کرنا -
فخیم - ع - بزرگ قدر - ہر چیز بزرگ -

فصل فا - مع دال مہملہ

فدا - ع - سربہا اور سرخرید یعنی کسی قیدی کی اپنا ہو یا غیر اپنے مال کو دیکر جان بچا لینا یا اپنے کو خلاص کرلینا اور خرید لینا اپنا مال دیکر - اور جو چیز کہ تصدق کیجائے -
فدامت - ع - درشتی - جفاکاری -
فدان - ع - جوا جو بیلونکی گردن پر رکھ کر ہل یا گاڑی وغیرہ مین جوتتے ہین -
فدفد - صحرا - زمین ہموار -
فدک - ع - نام ایک گانون کا جسمین حضرت رسول صلعم کا ایک باغ خرمے کا تھا -
فدوی - ع - قربان ہونے والا - کسی کے عوض اپنی جان دینے والا -
فدیہ - ع - وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دیکر اُسکو سرکار سے خرید لین - سربہا - صدقہ -

فصل فا - مع راے مہملہ

فر - ع - بھاگنے والا - بھاگنے والے جمع اور مفرد دونون آتا ہے -
فر - ف - شان - شوکت - دبدبہ - نور زیبا - لفظ فرخ اسی سے مرکب ہے -
فرا - ف - آگے - نزدیک - دور - اوپر بلند - اور یہ کلمہ کبھی زائد بھی آتا ہے -
فرا - ع - گورخر مشہور جانور ہے -
فرا - ع - پوستین سینے والا - لقب ایک نحوی کا -
فرابرز - ف - نام ایک پہلوان کا دارابادشاہ کے سپہسالارونمین سے -
فرات - ع - آب شیرین - میٹھا پانی نام ایک ندیکا عرب مین جو نزدیک کوفہ کے جاری ہے -
فراتر - ف - بیشتر
فراخ - ف - وسیع کشادہ - چوڑا - اور کبھی مجازاً بمعنی بہت کے آتا ہے -
فراختن - ف - بلند کرنا - اونچا لیجانا -

فراخوری - ہند - شائستگی - لیاقت - سزاواری
فراخور - ف - شایستہ - لائق - سزاوار -
فراخی - ف - کشادگی - وسعت -
فرادی - ع - ایک ایک - الگ الگ -
تنہا تنہا - یہ جمع فرد کی ہے -
فرادیس - ع - جمع فردوس کی -
فرار - ع - بھاگنا - بھاگ جانا - ڈرنا -
فرّار - ع - بھاگنے والا -
فرارسیدن - ف - پہونچنا - آگے پہونچنا
فرارفتن - ف - جانا آگے بڑھنا -
فراری - ف - بھاگا ہوا - بھگوڑا -
فراز - ف - کھلا ہوا - پھیلا ہوا - بندھا ہوا
کشادہ - بند - اوپر - بلند - نشیب - نیچے
پست - اور بمعنی بر جیسے فراز چشم بمعنی بر چشم
جوڑا - چکلا - عقب - پیچھے - قرب - نزدیک -
آگے - حضور - روشن - جمع - اکٹھا -
فراہم - بلندی - پستی - سرکش -
آلت تناسل - اور زائد بھی آتا ہے -
فرازی - ف - بلندی -
فرازدن - ف - ظاہر کرنا کسی بات کا -
فرازندہ - ف - بلند کرنے والا -
فرازیدن - ف - بلند کرنا - کھڑا کرنا -
فراس - ع - شیر درندہ -
فرّاس - ع - گھوڑیکا خادم - سئیس -
فراست - ع - دانائی - عقلمندی - تیزفہمی کا

قیافہ - اور قیافہ ایک علم ہے کہ آدمی کی صورت
دیکھکر اُسکی سیرت معلوم کرلین -
فراست - ع - گھوڑے کی سواری کرنا -
گھوڑونکے اچھے بُرے ہونے کی شناخت -
فراست شناس - ف - قیافہ شناس
فرستوک - ف - ابابیل پرند مشہور ہے
فراسخ - ع - جمع فرسخ کی جسکے معنی آگے ذکر ہین
فراش - ع - جامۂ خواب - شب خوابی کپڑے -
متعلق فرش - بچھونا - عورت رات کو ساتھ
سونے والی - بچھونا بچھانا - پرند کا جھوجھہ -
فراش - ع - پروانے جو رات کو شمع اور چراغ
وغیرہ پر گرکر جل جاتے ہین - جمع فراشہ کی -
فرّاش - ع - فرش بچھانے والا - مکان
صاف کرنے والا نوکر -
فراشہ - ع - ایک پروانہ جو شمع پر گرتا ہے
فرّاشہ - ع - مجازاً بمعنی جاروب - جھاڑو -
فراغ - ع - کام سے فرصت پانا -
فراغبالی - ف - بیکاری - فرصت -
فراغت - ع - خالی ہونا - فرصت -
فراق - ع - جدائی -
فراگرفتن - ف - سیکھنا - اپنے قبضہ مین کرنا
یاد کرلینا - معلوم کرنا -
فرامرز - ف - نام رستم پہلوان کے بیٹے کا -
فرامش - ہند - مخفف فراموش کا -
فراموش - ف - بھول چوک -

فراموشیدن - ف - بھولنا - بھول جانا
فرامین - ف - جمع فرمان کی بادشاہی پروانے
فراوان - ف - بہت کثیر - زیادہ -
فراویز - ف - دامن کی سنجاف -
فراہ - ع - نام ایک شہر کا جہانکے ابونصر
فراہی صاحب نصاب الصبیان مشہور ہین -
فراہت - ع - استاد ہونا کسی فن مین عقلمندی
اُستادی - گھوڑے کی خوش رفتاری -
فراہم - ف - اکٹھا - جمع -
فرارِج - ع - جمع فرّوج کی گھر کی مرغی کے چھوٹے بچے
فرائد - ع - جمع فریدہ بمعنی تنہائی -
فرائض - ع - جمع فریضہ کی - فرمودہ خدا
کا جسکا بجالانا واجب ہے مثل نماز روزہ زکوٰۃ
وغیرہ کے - نام علم تقسیم میراث کا -
فربہ - ف - موٹا -
فربہی - ف - موٹاپا -
فرنی - ف - فربہ - کلان - انوری
شاعر اپنے کلام مین لائے ہین -
فرت - ف - شتابی - جلدی -
فرتوت - ف - نہایت بوڑھا بڑی عمر کا
جو کسی کام کے قابل نہ رہا ہو - یہ لفظ پیر
یعنی بوڑھے کی صفت واقع ہوتا ہے -
فرث - ع - سرگین - گوبر -
فرج - ع - عورت خواہ مرد کا اندام نہانی
مگر اکثر استعمال اسکا عورت ہی کی شرمگاہ کیلئے

آتا ہے۔ اور بمعنی رخنہ۔ سوراخ۔ چھید۔ شگاف۔ درار۔ کھڑکی۔ کھولنا۔ چیرنا۔ دو چیز کے درمیان کی کشادگی۔ زائل اور برطرف ہونا غم و رنج کا۔
فَرَج -ع- کشائش۔ آسائش۔ آرام
فُرَج -ع- جمع فرجہ بمعنی شگاف کی۔
فَرجام -ف- انجام۔ انتہا۔ آخر۔ اور بمعنی عاقبت اور لائق کے بھی جیسے نافرجام بمعنی بدعاقبت اور نالائق کے۔
فَرجَد -ف- دادا کا باپ۔
فَرجہ -ع- کشادگی۔ تھوڑا فرق جو درمیان دو چیز کے ہو۔ کسی چیز کا شگاف۔
فَرجہ -ع- تنگی اور دشوار سے باہر ہونا۔
فُرجہ جُو -ف- فرصت ڈھونڈھنے والا۔
فَرَح -ع- شادی۔ خوشی۔ سرور۔
فَرِح -ع- شادان۔ خوش۔ مسرور۔
فَرح آباد -ف- نام شہر کا ایران میں۔
فَرحَت -ع- شادی۔ خوشی۔ خرمی۔
فَرخ -ع- گھر کی مرغی کا چوزہ۔ ہر پرند کا بچہ۔ افراخ اسکی جمع ہے۔
فَرُّخ -ف- مبارک۔ ہمایون۔ خوبصورت
فَرخار -ف- نام شہر کا ترکستان میں جہاں کے آدمی نہایت حسین اور خوبصورت ہوتے ہیں اور بمعنی بتخانہ کے بھی آیا ہے۔
فَرخج -ف- زشت۔ برا۔ بدصورت۔

فَرخُندہ -ف- مبارک۔ ہمایون۔ زیبارخ
فَرد -ع- طاق۔ تنہا۔ یگانہ۔
فَردا -ف- کل کا دن جو آویگا۔
فِردَوس -ع- وہ باغ جسمین کل باغونکے میوہ دار درخت وغیرہ موجود ہوں نام بہشت کا اور بعضوں نے کہا ہے طبقۂ اعلیٰ بہشت کا۔
فِردَوسی -ف- نام شاعر مصنف شاہنامہ ساکن شہر طوس کا۔
فِرز -ع- مخفف فرزین کا جو شطرنج مین ایک مہرہ بمنزلۂ وزیر کے ہوتا ہے۔
فَرزان -ف- حکمت۔ علم۔ دانش۔
فَرزانگی -ف- دانائی۔ عقلمندی۔
فَرزانہ -ف- حکیم۔ دانا۔ عقلمند۔
فَرزَجہ -ع- وہ کپڑا جو دواؤن مین تر اور آلودہ کرکے دُبر یعنی مقعد اور عورت کے قُبل یعنی آگے اندام نہانی مین رکھیں۔
فَرزدق -ع- لقب ایک شاعر مشہور کا ملک عرب مین۔ نام انکا ہمام بن غالب تھا۔
فَرزند -ع- ف- بیٹا ہو خواہ بیٹی۔
فرزین -ف- } نام مُہرۂ شطرنج کا جو
فِرزین -معرب- } بمنزلۂ وزیر ہوتا ہے اور رفتار اسکی کج ہوتی ہے۔
فرزین نہادان -ف- کنایہ کج نہاد ن یعنے خراب آدمیون سے اسلیئے کہ فرزین کی چال کج ہوتی ہے۔

فَرَس -ع- گھوڑا۔
فُرس -ع- فارس کے ملکون کے رہنے والے
فَرَس افگندن -ف- عاجز اور مغلوب کرنا۔
فَرَس طنبور -ف- حرک یعنی وہ لکڑی یا ہڈی جو طنبور اور ستار وغیرہ کے تونبے پر چسپان کرکے تار اُس پر سے دوڑاتے ہین۔ ہندی مین اُسکو گھڑج کہتے ہین۔
فَرَس گشتن -ف- کنایہ کمال کوشش اور دوڑ دھوپ کرنے سے۔
فِرستادن -ف- بھیجنا۔
فِرستَند -ف- بمعنی بھیجین صحیح ہے اور فرسیند بجاے اسکے غلط ہے۔
فَرسخ -معرب- } تین میل کی مقدار اور ہر
فَرسنگ -ف- } میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے اور ہر گز چھ مٹھی یا چوبیس اُنگل کا۔
فَرسُودن -ف- گھِسنا۔
فَرسُودہ -ف- چیز پرانی اور بے کام۔
فَرسُودہ روزگار -ف- تجربہ کار۔ اور زمانہ کا نشیب و فراز جھیلا ہوا۔
فَرش -ع- بچھونا۔ بچھانیکی چیز۔
فِرِشتہ -ف- اصل اسکی فرستہ یعنی خدا کا بھیجا ہوا۔ خدا کا قاصد نورانی۔
فُرَص -ع- جمع فرصت کی۔
فَرص -ع- کاٹنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔
فِرصاد -ع- شہتوت مشہور میوہ ہے۔

فُرصَت - ع - آرام پانا - مہلت دینا -
فَرض - ع - کسی چیز کا وقت معین کرنا -
مشخص کرنا بخشش کرنا - اندازہ کرنا -
حکم خدا کا - واجب کیا ہوا خدا کا -
فَرط - زیادتی - بہتایت - غلبہ -
فَرع - ع - شاخ درخت کی ٹہنی -
فِرعَون - ع - لقب ایک بادشاہ مصر کا
جو حضرت موسیٰ کے وقت مین تھا - مجازًا
بمعنی سرکش اور مغرور -
فَرعی - ع - جو اصلی نہو - منسوب فرع سے -
فَرغَر - ف - چھوٹا تالاب -
فَرغُل - مب - معرب ہے فرگل لفظ
فارسی کا - روئی بھرا ہوا لبادہ -
فَرغَند - ف - اکاس بیل جو خاردار
درختون پر پھیلتی ہے -
فَرفتہ - ف - مخفف ہے فریفتہ کا -
فَرفَخ - مب - خرفہ کا ساگ - یہ معرب ہی
پرپہن کا معنے اسکے چوڑا پر -
فَرفَر - ف - جلد جلد - شتاب - شتاب -
فَرفَرہ - ف - گول چکنی چمڑے یا کاغذ کی
جسمین سوراخ کرکے ڈورا ڈال کے لڑکے
دونون ہاتھ سے کھینچتے ہین اور وہ گھومتی ہے
ہندی مین اسکو بھرکی کہتے ہین -
فَرق - ع - کسی چیز کو آپس سے جدا کرنا
سر کے بالونکے بیچ کی کشادگی جسکو ہندی
مین مانگ کہتے ہین - اور بمعنی دسری بھی -
فِرق - ع - بکری یا ہرن یا گاے وغیرہ کا
گلہ - پہاڑ - پشتہ - ٹیلہ - شگاف - درار -
کسی چیز کا ٹکڑا -
فُرق - ع - جدائی - قرآن شریف -
فَرَق - ع - ڈرنا - صبح - سفیدہ صبح کا -
فَرِق - ع - ڈرنے والا - ہری اور چھوٹی
گھاس پھیلی ہوئی جو زمین کو چھپالے جسکو
سبزہ کہتے ہین -
فِرَق - ع - آدمیونکے گروہ - جمع فرقہ کی -
فُرقان - ع - فرق کرنیوالا درمیان حق
اور باطل کے - نام قرآن شریف کا -
فُرقت - ع - جدائی -
فَرقَد - ع - گوسالہ - گاے کا بچھڑا -
ایک ستارہ اُن دوستارون مین سے جو
نزدیک قطب شمال کے ہین -
فَرقَدان - ع - نام اُن دوستارون کا
فَرقَدَین - ع - جو قطب شمال کے پاس ہین
اور گرد قطب کے گھومتے ہین اور شام سے
صبح تک ظاہر رہتے ہین - چھپتے نہین ہین -
فِرقہ - ع - قوم - گروہ -
فَرفیر - ع - بنفشہ کا پھول -
فَرکَند - ف - وہ زمین جسمین بسبب
پانی سیلاب یا بہتا کے گڑھے پڑگئے ہون
اور جابجا پانی بھرا ہو -
فَرکَندن - ف - زمین کا خراب ہوجانا
پانی کی رَو یا سیلاب سے -
فَرمان - ف - حکم شاہی - بادشاہی پروانہ
فَرمانَدہ - ف - حاکم - بادشاہ -
فَرمان رَسیدن - ف - کنایہ موت کے
آنے سے ہے -
فَرمائش - ف - بطور حکم سفارش کرنا بطور
حکم کچھ کام کرانا یا کچھ مانگنا -
فَرمُودن - ف - فرمانا - حکم دینا -
فَرَنجک - ف - کابوس جس سے آدمی سوتے
مین ڈرتا ہے اور چیخ اٹھتا ہے -
فِرِند - مب - یہ معرب ہے پرند کا - تلوار
تلوار کا جوہر - ریشمی سادہ کپڑا بغیر پھول کا
ریشمی سادی چادر -
فَرَنگ - ف - یورپ - نصاریٰ کا ملک
اور کنایہ گورے اور سفید رنگ سے -
فَرَنگیس - ف - افراسیاب بادشاہ
توران کی بیٹی کا نام جو سیاوش کے نکاح
مین تھی کیخسرو اسی کے پیٹ سے تھا -
فَرو - ف - کم - نیچے - کم رتبہ -
فَرو - ع - بروزن سرو لومڑی کا پوستین -
فُروتر - ف - بہت کم - بہت نیچا -
فُروتَرین - ف - عاجز - تواضع کرنیوالا
فُرُوتَن - ف - بہت ہی نیچا -
فُروتَنی - ف - اپنے کو حقیر جاننا - عاجزی -

فروج - ع - جمع فرج کی جو بمعنی شگاف اور
عورت کی شرمگاہ کے ہے -
فرّوج - ع - } گھر کی پلی ہوئی مرغی کا
فرّوجہ - ع - } چوزہ -
فروخت - ف - بیچنا - بیچا -
فروختہ - ف - بیچا گیا - اور بمعنی روشن -
فروختن - ف - بیچنا -
فروخوردن - ف - تحمل اور بردباری کرنا
فرود - ف - زیر نیچے - پائین -
فرودست - ف - زیر حکم - کم رتبہ -
اور بمعنے ناطاقت اور کمزور کے بھی -
فرودگاہ - ف - جگہ اُترنے کی جہان پر
سفر مین قیام کیا جائے -
فروردین - ف - مدت رہنے آفتاب کی
برج حمل مین اور یہ پہلا مہینہ فارسی کا اکتیس
روز کا ہوتا ہے - مطابق اسکے تقریباً ہندی
مین بیساکھ اور انگریزی مین ماہ مارچ -
فروز - ف - تابش - روشنی آفتاب
کی چمک - اور بمعنی فرود بھی آیا ہے -
فروز - ف - مخفف فراویز کا جسکے معنی
سنجاف دامن جامہ کے ہین -
فروزان - ف - روشن -
فروزینہ - ف - وہ چیز جس سے آگ سلگائین
مثل تنکے وخس وغیرہ کے - اور بمعنی چقماق
فروس - ع - جمع فرس بمعنی گھوڑے کی

فروست - ع - گھوڑے کی سواری -
فروسیت - ع - گھوڑے کی پہچان -
فروش - ف - بیچنا - بیچنے والا -
فروشندہ - ف - بیچنے والا -
فروع - ع - شاخین - درختکی ٹہنیان
جمع فرع کی - اصطلاحاً بمعنی علم فقہ -
فروغ - ف - روشنی - شعاع
آفتاب اور آگ کی تابش -
فروق - ع - فرق کرنا - جدا کرنا -
فروق - ع - فرق کرنیوالا - جدا کرنیوالا -
فروکش - ف - اُترنے والا - کسی جگہ
کسی مکانین رہنے والا -
فروکش شدن - ف - اُترنا کسی جگہ -
کسی مقام مین رہنا -
فروکوفتن - ف - ٹھوکنا - دے مارنا -
فروگذاشت - ف - چھوڑنا - بھول جانا
معاف کردینا - بھول سہو -
فروگذاشتن - ف - چھوڑ دینا - قصور
معاف کردینا - بھول جانا -
فرومانده - ف - عاجز -
فروماندگان - ف - عاجز لوگ
فروماندگی - ف - عاجزی - ناچاری
فروماندن - ف - ناچار ہونا - عاجز ہونا
فرومایگان - ف - کمینے لوگ - نالائق
فرومایہ - ف - کمینہ - نالائق بد اصل

فرّہ - ف - شان - شوکت - دبدبہ -
فرہ - ع - زیادتی - غلبہ - سبقت - ظفر
فتح - زیادہ - افزون - غالب - فتحمند -
فرہ - ع - خوش منش -
فرہ - ع - انتہا سے زیادہ خوش ہونا -
فرِہ - ع - انتہا سے زیادہ خوش اور شاد
فرہین اور فارہین اسکی جمع ہے -
فرہاد - ف - نام ایک سنگتراش مشہور کا
جو شیرین پر عاشق ہوا تھا -
فرہنگ - ف - عقل - ادب - ہر چیز کا
نگاہ رکھنا - مجازاً کتاب فارسی لغتون کی
جیسے فرہنگ رشیدی وغیرہ -
فرہیختہ - ف - ادب سیکھا ہوا -
فرہین - ع - حد سے زیادہ خوش لوگ -
فریاد - ف - غل واسطے مدد مانگنے کے
دُہائی دینا - دُہائی -
فریادی - ف - دہائی دینے والا -
فریب - ف - دغا - مکر - عشوہ - ناز -
اور بمعنی طلسم کے بھی -
فریبرز - ف - امالہ فرابرز کا جو نام ایک
پہلوان مشہور کا ہے - اور نام ایک
بادشاہ کا بھی ہے -
فرید - ع - } اکیلا - تنہا - بے مثل -
فریدہ - ع - } بے مانند - یگانہ -
فریدون - ف - نام ہے ایک بادشاہ

عظیم الشان فارس کا جو ضحاک کو قتل کر کے آپ بادشاہ ہوا تھا۔

فَرَنیَر۔ ف۔ یاے معروف سے ایک گھاس خوشبودار ہے جسکو ہندی مین مرجیا گند کہتے ہین۔

فَرِیسہ۔ ع۔ وہ شکار جسکی گردن کتے یا شیر یا چیتے نے توڑ ڈالی ہو اور بمعنی بادلی کے بھی آیا ہے۔

فَرِیش۔ ع۔ یاے مجہول سے۔ لوٹ لینا تاخت و تاراج۔

فَرِیضہ۔ ع۔ حکم خدا کا۔ واجب کیا ہوا خدا کا بندونپر جیسے روزہ و نماز۔

فریفتن۔ ف۔ یاے مجہول سے فریب کھانا۔ فریب دینا۔ مجازاً عاشق ہونا۔

فَرِیفتہ۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ فریفتہ فریب کھایا ہوا۔ مجازاً بمعنی عاشق۔

فَرِیق۔ ع۔ وہ گروہ جو کسی قوم سے جدا ہو کر دوسرے موضع مین جاوے۔ بڑا گروہ

فِرْیَہ۔ ع۔ جھوٹ۔ دروغ۔ افترا۔

فصل فا مع زاے معجمہ

فِزا۔ ف۔ افزائش۔ زیادہ کرنا۔

فَزَع۔ ع۔ خوف۔ گھبراہٹ۔ ڈر۔

فَزِع۔ ع۔ ترسان۔ ڈرنیوالا۔

فَزَعِ اکبر۔ ع۔ مراد قیامت سے۔

فُزُودَن۔ ف۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔

فُزُون۔ ف۔ زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ افزون

فُزُونی۔ ف۔ زیادتی۔ فزونی۔

فصل فا مع سین مہملہ

فَسَاد۔ ع۔ بگاڑ۔ تباہی۔ لینا مال کا ظلم و جبر سے۔ تباہ ہونا۔

فِسَار۔ ف۔ گھوڑے کا تکمہ جو چمڑے کا ہوتا ہے۔ اور گھوڑے کے گلے پر رہتا ہے اور مخفف افسار کا بھی بمعنی باگ ڈور۔

فِسَان۔ ف۔ ایک قسم کا پتھر ہے جس پر چھری اور تلوار وغیرہ تیز کرتے ہین۔ اور اُس پتھر کو بھی کہتے ہین جو چوڑا اور گول بناتے ہین اور اسکو گردش دیکر چھری وغیرہ پر باڑھ رکھتے ہین ہندی سان۔

فَسَانہ۔ ف۔ مخفف افسانہ کا بمعنی ماجرا اور سرگذشت۔ اور گذرا ہوا قصہ۔ اور بمعنی قصہ بے اصل کے مجاز ہے۔

فَسَائیدَن۔ ف۔ افسون کرنا۔ منتر کرنا۔

فَسَائیدَن۔ ف۔ تابعدار کرنا۔

فَسَائِندہ۔ ف۔ افسون گر۔ منتر کرنیوالا

فُسْتُق۔ مع۔ معرب ہے پستہ کا جو ایک مشہور میوہ ہے۔

فُسْتُقی۔ مع۔ معرب ہے پستئی کا جو ایک مشہور رنگ ہے سبز بہ زردی مائل مشابہ بمغز پستہ کے رنگ سے۔

فُسحَت۔ ع۔ فراخی جگہ کی۔ مکان کی کشادگی اور وسعت۔

فَسْخ۔ ع۔ قصد کا پھیر دینا۔ راے کا توڑ دینا۔ فکر اور ارادہ کا بدل دینا۔ نکاح اور بیع کا باطل کر دینا۔

فَسَدَہ۔ ع۔ فساد کرنے والے۔

فَسْر۔ ع۔ مطلب کا کھول کر بیان کرنا کسی پوشیدہ بات کا ظاہر کرنا۔ ہم معنی تفسیر کا۔ نظر کرنا طبیب کا مریض کے پیشاب کو۔

فُسُرْدگی۔ ف۔ سردی کے سبب سے جم جانا۔ ٹھٹھرنا۔ ٹھٹھراپن۔

فُسُردَن۔ ف۔ سردی سے جم جانا۔ ٹھٹھرنا

فِسْق۔ ع۔ خدا کا حکم نہ ماننا۔ بدکام کرنا۔ گناہ کرنا۔

فَسَقَہ۔ ع۔ جمع فاسق کی۔ گنہگار

فُسُوس۔ ف۔ واو مجہول سے۔ بازی دل لگی۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ مسخراپن دریغ۔ حسرت۔ افسوس۔

فِسُوس۔ ع۔ نام شہر دقیانوس کا۔ اور یہ واو معروف سے ہے۔

فُسُوس۔ ف۔ مخفف افسوس کا۔

فُسُوق۔ ع۔ بمعنی فسق یعنی گناہ کرنا۔

فُسُون۔ ف۔ سحر۔ جادو۔ افسون۔

فَسِیح۔ ع۔ وسیع۔ فراخ۔ مکان۔

فَسِیحَہ۔ ع۔ کشادہ۔ فراغ۔

فِسِّیق۔ ع۔ وہ شخص جو ہمیشہ گناہ کے کام اور خلاف شرع کام کیا کرتا ہو۔

فصل فا - مع شین معجمہ

فش - ف - ہم معنی وش یعنی مانند کا - پگڑی کا سرا جو لٹکا ہوتا ہے - اور بمعنی گھوڑے کے یال کے بال -
فِشار - ف - نچوڑنا - بھینچنا -
فُشار - ف - ہذیان - بیہودہ - گالی -
فِشاردن - ف - نچوڑنا - چبھونا -
فَشا فِش - ف - آواز پے در پے تیروں کے مارنے کی لڑائی مین -
فِشان - ف - جھاڑتا ہوا - جھاڑنیوالا
فِشاندن - ف - جھاڑنا -
فُشر - ف - ہذیان - بیہودہ - گالی -
فُشردن - ف - نچوڑنا -
فُشرده - ف - نچوڑا گیا -

فصل فا - مع صاد مہملہ

فَص - ع - نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہین - اور بکسر اوّل اور بضم اول بھی آیا ہے
فَصاحت - ع - خوش گوئی تیز زبانی اور کشادہ سخن ہونا - اور اصطلاح علم معانی مین خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور مشکل اور ترکیب غیر مانوس اور تعقید وغیرہ سے -
فَصّاد - ع - فصد کھولنے والا -
فِصال - ع - مفارقت - جدائی - لڑکے کا دودھ چھڑا لینا - اور جمع فصیل کی -
فَصّال - ع - بہت بڑا جدا کرنے والا -
اور کبھی مجازاً بمعنی دربان کے بھی آتا ہے -
فَصد - ع - خون نکالنا رگ سے -
فصل - ع - ایک موسم سال کے چار موسمون سے - کلام کا ایک ٹکڑا کنایۃً ایک حصہ - جدا کرنا - جدا ہونا - دو چیزون کے درمیان کا پردہ باز رکھنا - کاٹنا -
فَصلُ الخِطاب - ع - احادیث نبوی کہ وہ حق کو باطل سے جدا کر دیتی ہین ہر کلام فصیح اور روشن تر اور صاف صاف اور جدا کرنے والا حق کو باطل سے -
فُصُوص - ع - جمع فص یعنی نگینہ کی نام ہے کتاب کا علم تصوف مین شیخ محی الدین بن عربی سے بیان اسرار حقیقت الٰہیہ مین -
فُصُول - ع - جمع ہے فصل کی -
فُصول چہارگانہ - ف - جاڑا - گرمی - اور ربیع - خریف -
فَصِیح - ع - خوش گو - صحیح کلام کرنیوالا
فَصِید - ع - جسکی فصد کھولی گئی ہو -
فَصِیل - ع - شہر پناہ - دیوار قلعہ کی چار دیواری شہر کی - اونٹنی کا بچہ جسکا دودھ بینا چھڑا دیا جائے یعنی اسکی مان سے جدا کر لیا گیا ہو -

فصل فا - مع ضاد معجمہ

فَضا - ع - کشادہ زمین - زمین کی فراخی کشادگی مکان کے صحن کی - کھلا ہوا میدان
بکسر اوّل غلط ہے -
فَضاحت - ع - رسوائی -
فُضالہ - ع - ہر چیز کی زائد اور بیکار شَی - مثل بھوک اور چھلکے وغیرہ کے درخت کی ٹہنیان بے موقع قابل چھانٹ ڈالنے کے درخت کے پتے گرے ہوئے - آگے کا بچا ہوا کھانا وغیرہ - جھوٹھا - نام حضرت رسول صلعم کے ایک غلام کا جو ہند مین آیا تھا -
فُضالہ چین - ع - کنایہ باغبان سے کہ وہ زائد شاخونکو کاٹ ڈالتا ہے -
فَضائح - ع - جمع فضیحت کی - رسوائیان
فَضائل - ع - زیادتیان - افزونیان بلند درجے - عمدہ ہنر جمع فضیلت کی - اور بعضون نے کہا ہے کہ فضائل باطنی نعمتین - اور فواضل - ظاہری نعمتین -
فَضائل اَربعہ - ع - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت -
فَضح - ع - رُسوائی -
فَضل - ع - افزونی زیادتی بخشش - غلبہ کرنا کسی پر فضیلت مین - نام شاعر کا -
فُضَلا - ع - جمع فاضل کی -
فُضَلات - ع - جمع فضلہ کی -
فَضلِ رَبیع - ع - ہارون رشید کے وزیر کا نام - جو بڑا سخی اور نیک تھا -
فُضلہ - ع - آگے کا بچا ہوا کھانا وغیرہ

وہ شاخین جو بعد توڑ لینے پھل کے دوبارہ
قابل پھلنے کے نہ رہین۔ ہر چیز کی زائد اور
بیکار شئے۔ پھوک۔ ثُفل۔ اور طبیبونکے
نزدیک غذا کا وہ پھوک جو معدہ اور مثانہ
اور مقعد اور دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہی۔

فُضُوح ۔ ع۔ رسوائی۔

فُضُول ۔ ع۔ مصدر ہے بمعنی افزونی اور
زیادتی کے۔ اور جمع فضل کی بھی بمعنی
افزونیان۔ زیادتیان۔ بزرگیان۔

فَضُول ۔ ع۔ زیادہ گو۔ وہ شخص جو
غیر ضروری کام اور بیکار باتین کرے۔

فُضُول نفس ۔ ف۔ کنایہ ہے وعظ
کرنے والے اور نصیحت کرنے والے سے۔

فُضُولی ۔ ع۔ بیہودہ۔ زیادہ گو۔

فِضّہ ۔ ع۔ نقرہ۔ چاندی۔

فَضِیحت ۔ ع۔ رسوائی۔ بدنامی۔

فُضَیل ۔ ع۔ نام ایک ولی کامل کا۔

فَضِیلت ۔ ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔

فصل فا۔ مع طاے مہملہ

فِطَام ۔ ع۔ لڑکے کی دودھ بڑھائی بعد
پورے ہونے دو برس کے۔ اور بمعنی
شکستگی اور مفارقت اور جدائی کے ہر چیز سے

فَطَانت ۔ ع۔ دانائی۔ عقلمندی۔

فَطر ۔ ع۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ شروع
کرنا کسی کام کا۔ روزہ کھولنا روزہ دار کا۔

فِطر ۔ ع۔ روزہ کشائی۔ روزہ کھولنے والا۔
روزہ کھولنے والے۔ مفرد اور جمع دونون
آیا ہے۔ آٹا گوندھنا۔

فِطرت ۔ ع۔ پیدائش۔ دانائی۔ دین
اسلام۔ صدقہ عید رمضان کا۔

فِطری ۔ ع۔ خلقی۔ پیدائشی۔ منسوب
سے طرف فطرت کے۔

فُطس ۔ ع۔ چوڑی ناک والا۔

فَطَن ۔ ع۔ عقلمند ہونا۔ عقلمندی۔

فَطِن ۔ ع۔ زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔

فِطنت ۔ ع۔ زیرکی۔ دانائی۔ عقلمندی۔

فَطُور ۔ ع۔ وہ چیز جس سے روزہ کھولین۔

فَطِیر ۔ ع۔ تازہ گندھا ہوا آٹا خمیر کی ضد۔

فِطِّیس ۔ ع۔ بڑا ہتوڑا جس سے لوہا کوٹین
ہند مین اُسکو گھن کہتے ہین۔

فَطِیم ۔ ع۔ وہ لڑکا جسکا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔

فصل فا مع ظاے معجمہ

فَظّ ۔ ع۔ بدخو۔ بدخصلت۔ سخت دل
درشت سخن۔ بدزبان۔

فَظِع ۔ ع۔ کسی کام کا دشوار جاننا کسی
شئے سے برتن کا بھر جانا۔ یعنے لبالب
ہونا کسی کام سے تنگ آجانا۔

فَظِیع ۔ ع۔ حد سے زیادہ قبیح اور بُری چیز۔

فصل فا۔ مع عین مہملہ

فِعل ۔ ع۔ کام۔ کردار۔ کام۔ حرکت جنبش
آدمی کی۔ اونٹنی اور ہر مادہ کی فرج۔

فَعَال ۔ ع۔ کار نیک۔ سخاوت۔ ہر
کام مین مروت خواہ نیک کام ہو خواہ بد۔

فِعَال ۔ ع۔ جمع فعل بمعنی کام کی آپسین
مل مل کر کام کرنا۔ تبر اور بسولے کا دستہ۔

فَعّال ۔ ع۔ بہت بڑا کام کرنیوالا۔ ایک
نام خدا کے نامونسے۔ اور عقل فعال دسوین عقل۔

فَعَل ۔ ع۔ کرنا۔

فِعل و انفعال ۔ ع۔ فعل بمعنی کام جیسے
حرکت بڑھئی کی لکڑی کاٹنے مین۔ اور انفعال
بمعنی اثر قبول کرنا جیسے لکڑی کا کٹ جانا
بڑھئی کے کاٹنے سے۔

فصل فا۔ مع غین معجمہ

فَغ ۔ ف۔ بت۔

فُغاک ۔ ف۔ نادان۔ بیوقوف۔
اور بعضون نے بمعنی حرامزادہ اور بدذات
اور شریر کے بھی لکھا ہے۔

فغان ۔ ف۔ نالہ۔ فریاد۔ واضح ہو کہ
فغان نالہ سے بلند تر ہے۔

فُغانی ۔ ف۔ تخلص ایک شاعر مشہور کا

فغفور ۔ ف۔ نام ایک بادشاہ چین کا۔
فغفور اصل مین بغپور تھا۔ بغ بمعنے بت اور
پور بمعنی پسر چونکہ اسکے مان اور باپ نے اسکو
بت کی نذر کر دیا تھا اسلیئے یہ نام ہوا۔

فغم ۔ ع۔ خوشبو کا سونگھنا۔ عورت کا بوسہ لینا

فَغَم - ع - کسی جگہ ہمیشہ کے لیے مقیم ہونا کسی چیز پر لالچ کرنا -

فصل فا - مع فا

فَفْ - ع - دونون ہونٹھونکو زور سے بھیچ کے سانس کا نکالنا - ہندی - پھونکنا

فصل فا مع قاف

فُقَّاح - ع - گل - پھول - شگوفہ -

فَقَار - ع - پیٹھ کی گڑیان گردن سے کمر تک

فُقَاع - ع - مرد سرخ رنگ -

فُقَاع - ع - جو کی شراب - بوزہ -

فَقَاہ - ع - دانائی عقلمندی -

فَقَاہت - ع - دریافت کرنا - جاننا عقلمندی

فَقْد - ع - گم کرنا - گم ہونا -

فِقْدَان - ع - گم ہونا کھویا جانا گم کرنا

فَقْر - ع - افلاس - فقیری -

فُقَرا - ع - جمع ہے فقیر کی -

فِقَرَات - ع - پیٹھ کی گڑیان گردن سے کمر تک یہ جمع ہے فقرہ کی -

فِقْرہ - ع - پیٹھ کی ایک گڑیا - عبارت نثر کا ایک ٹکڑا بمنزلہ مصرعہ بیت کے -

فَقَط - ع - بس -

فَقْع - ع - سخت دوڑنا - چوری کرنا نہایت زرد ہونا - خالص ہونا - خالص کرنا بلوغ کی حد کو پہونچنا -

فُقْع - ع - مخفف فقاع بمعنی بوزہ کا

فَقْع - ع - سماروغ اور یہ ایک سفید پھول مثل چتر کے ہوتا ہے جو نمناک زمین میں اُگتا ہے ہندی میں اسکو بھین چھتر اور کُکُرمُتّہ کہتے ہین -

فُقْع گشادن - ف - اصطلاحاً فخر کرنا بڑائی کرنا - گپ مارنا - تعریف کرنا -

فُقُوع - ع - خالص ہونا - زرد - ڈنڈھا ہونا

فِقْہ - ع - دریافت کرنا - جاننا علم کا مگر یہ لفظ مخصوص ہوگیا ہے علم معرفت احکام شریعت سے اوسمین ہا ملفوظ ہے

فُقَہَا - ع - جمع فقیہ کی ہے بمعنی جاننے والے علم شریعت کے -

فَقِید - ع - نایاب -

فَقِیدُ المِثل - ع - بے مانند - بے مثل -

فَقِیر - ع - مفلس - درویش - واضح ہو کہ فقیر وہ جسکے پاس ایک روز کا کھانا اُسکے اہل و عیال کا ہو - اور مسکین کا درجہ اس سے بڑھا ہوا ہے وہ شخص جسکے پاس کچھ نہو -

فَقِیع - ع - مرد سرخ رنگ -

فَقِیہ - ع - عالم دانا - علم فقہ جاننے والا

فصل فا مع کاف

فَک - ع - ملی ہوئی دو چیزونکا آپس سے جدا کرنا - خلاص کرنا - آزاد کرنا - جبڑا جسمین دانت پیوست ہوتے ہین -

فَکِّ اَسْفَل - ع - نیچے کا جبڑا -

فَکِّ اَعْلیٰ - ع - اوپر کا جبڑا -

فَکَاک - ع - جدا کرنا - خلاص کرنا -

فَکَاہَت - ع - خوش طبع ہونا -

فُکَاہَت - ع - مزاح - خوش طبعی -

فِکْر - ع - سوچ - اندیشہ - اور یہ لفظ حرف اول کے فتحہ سے بھی آیا ہے -

فِکَر - ع - جمع فکرت بمعنی اندیشہ کی -

فِکْرَت - ع - سوچ - اندیشہ -

فَکَیْفَ - ع - پس کیونکر - اور اس لفظ کو استفہام کیواسطے بھی بولتے ہین -

فِگَار - ف - بمعنی زخم اور زخمی دونون کے آتا ہے اسی واسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہین اور جو لوگ دلفگار کے معنی معشوق تصور کرتے ہین محض غلط ہے -

فَگَانَہ - ف - وہ بچہ جو ایام ولادت مقررہ کے پہلے پیٹ سے نکل پڑے -

فَگَندَن - ف - ڈالنا -

فصل فا - مع لام

فَلَا - ع -
فَلَات - ع -
} بیابان - وہ صحرا جسمین پانی اور گھاس تک نہو

فَلَاح - ع - رستگاری - فیروزی - بقا - خیریت - نیکی

فَلَّاح - ع - کشاورز - کھیتی کرنے والا -

فَلَاحَت - ع - زراعت کھیتی کرنا -

فُلَاخُن - ف - مخفف ہے فلاخان کا یہ آلہ ہے

پتھر مارنیکا - ہندی مین گوپھن لیکن خاص غلط ہے -

فلاخان - ف - بمعنی فلاخن ہے -

فلاّس - ع - پیسے بیچنے والا -

فلاسفہ - ع - حکیم لوگ - دانشمند لوگ یہ جمع ہے فلسفی بمعنی حکیم کی -

فلاسنگ - ف - بمعنی فلاخن اور بیابان

فلاطون - ی - نام ایک حکیم مشہور کا -

فلاطوس - ف - نام ایک مقام کا جہانکے آدمی بڑے عقلمند مشہور ہین -

فلاکت - ع - فلک زدگی - ناداری - مفلسی - گردش زمانہ کی - محتاجی -

فلان - ع - شخص غیر معلوم - بفتح اول غلط

فلانی - ف - شخص غیر معلوم - یہ فارسیونکا تصرف ہے کہ لفظ عربی مین یاے تحتانی زیادہ کی ہے مثل قربان اور قربانی وغیرہ کے - یہ لفظ بفتح اول غلط ہے -

فلخودن - ف - }
فلخیدن - ف - } روئی کا دھنکنا

فلذہ - ع - پارہ جگر - کلیجے کا ٹکڑا -

فلز - ع - وہ جوہر کانی جو آگ مین پگھل سکے جیسے چاندی - سونا - تانبا وغیرہ معدنیات -

فلزات - ع - جمع فلز کی

فلزی - ع - معدنی - کانی -

فلس - ع - تانبے کا پیسہ - مچھلی کا کھپرا

فلسطین - ع - نام ایک ملک کا شام مین -

فلسفہ - ع - حکیم ہونا - دانشمند ہونا علم موجودات کا -

فلسفی - ع - حکیم - دانشمند - یہ منسوب ہے - طرف فلسفہ کے جو بمعنی حکیم اور دانشمند ہونے کے ہے -

فلغ - چیرنے والا - پھاڑنے والا - لکڑی چیرنے کی بڑی کلھاڑی - تبر -

فلفل - ب معرب پلپل کا - سیاہ مرچ

فلق - ع - چیرنا - پھاڑنا -

فلق - ع - صبح صادق کا سفیدہ -

فلک - ع - کشتی - کشتیان - یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -

فلک - ع - آسمان - افلاک جمع ہے

فُلُک - ع - جمع فلک بمعنی آسمانکی -

فلک اطلس - ع - عرش - واضح ہو کہ اطلس درم بے سکہ کو کہتے ہین پس جسطرح درم بے سکہ نقوش حروف سے سادہ ہوتا ہے یہ نوان آسمان ستارون سے سادہ اور خالی ہے -

فلک الافلاک - ع - عرش اعظم یعنی نوان آسمان

فلک البروج - ع }
فلک ثابتہ - ع } فلک ثابتہ آٹھوان آسمان ہے جس پر وے ستارے ہین جنکو حرکت نہین ہے اس آسمان کو شرع مین کرسی کہتے ہین اور حکما فلک البروج -

فلکہ - ع - بادریسہ اور یہ ایک لٹو گول لکڑی کا ہوتا ہے جو ستون خیمہ پر نصب کرتے ہین اور اس چھوٹی گول لکڑی سوراخ دار کو بھی کہتے ہین جو چرخہ کے تکلے مین ہوتی ہے -

فلکی - ع - آسمانی -

فلو - ع - لڑکے کا دودھ چھڑا دینا -

فلوّ - ع - گدھے یا گھوڑے کا بچہ ایک ایک سال کا جو دودھ سے تڑا لیا گیا ہو -

فلوس - ع - جمع ہے فلس بمعنی پیسہ کی -

فلہ - ع }
فلّہ - ف } بعد بچہ پیدا ہونے کے جو حیوان کا دودھ دو تین دن تک نکلتا ہے ہندی مین اسکو پیوسی کہتے ہین

فلہذا - ع - پس اسی واسطے -

فلیو - ف - یاے مجہول سے بمعنی بیہودہ - نالائق - بیفائدہ - احمق -

فلیوان - ف - جمع فلیو کی ہے -

فصل فا مع میم

فم - ع - دہان - منہ - اور یہ لفظ حرف اول کے کسرہ اور ضمہ سے اور میم کی تشدید سے بھی آیا ہے -

فم معدہ - ع - معدہ کا منہ - کوڑی -

فصل فا مع نون

فنّ - ع - حال - گونہ - طرح - نوع - قسم ہر چیز کی قسم اور نوع - مگر استعمال فارسی مین بغیر تشدید نون کے بمعنی ہنر اور کشتی کے داؤ کے مستعمل ہوتا ہے -

فِنا - ع - حوالی - نواحی - گرداگرد مکان کا
مکانکے دروازہ کے آگے کا کشادہ صحن -
فَنا - ع - نیست ہونا - مرنا - ہلاک ہونا -
فِنجان - ع - چھوٹی پیالی قہوہ وغیرہ پینے کی
فنجنوش - ف - لوہے کا میل مصنوعی -
فن خوردن - ف - کسی کی دغا مین آجانا -
فَنَد - ع - بڑا پہاڑ - وہ زمین جسپر مینھ کا
پانی نہ برسا ہو - درخت کی ٹہنی - گروہ -
جماعت - نوع - گونہ - طرح - قسم -
فَنَد - ع - دروغ - خطا - جھوٹ - عقل
کی کمی اور سستی خواہ مرض سے ہو خواہ
بڑھاپے سے - مگر استعمال فارسی مین بسکون
نون بمعنی مکر اور دغا اور فریب کے مستعمل ہے -
فُندُق - ع - ایک میوہ مشہور ولایت کا
جو سرخ رنگ بیر کے برابر آدمی کی انگلیونکے
سرون سے مشابہ ہوتا ہے شاعر لوگ کبھی
اس سے معشوق کے ہونٹھ کو مثال دیتے ہین
اور کبھی منہدی سے رنگین انگلیون کے
سرون کو اور اُسکو بُندق بھی عربی مین
کہتے ہین - کاروان سرا جو سر راہ ہو کھیلنے
کا گیند - نام ایک مقام کا -
فُندُق بستن - ف - انگلیونکی پورون
کو منہدی سے رنگین کرنا -
فُندُق شکستن ف - کنایہ ہے معشوق
کے بوسہ لینے سے -

فَنَن - ع - شاخ - ٹہنی - افنان اسکی جمع ہے
اور افانین جمع الجمع ہے -
فُنُون - ع - جمع فن بمعنی ہنر کی -

فصل فا - مع واؤ

فَوات - ع - گذر جانا - مرجانا - کھویا جانا -
فَواحِش - ع - جمع فاحشہ کی - بدکار اور
حرامکار عورتین - بُرے کام - بدیان -
بڑے گناہ - وہ چیزین جنکا کرنا شرع
شریف مین منع ہے -
فُواد - ع - قلب - دل افئدہ جمع ہے -
فوارہ - ع - وہ چیز جو دیگ مین آگ پر
جوش مارے -
فَوّارہ - ع - بہت بڑا جوش مارنیوالا -
فَواصِل - ع - قرآن مجید کی آیتونکے آخری
کلمات جو بمنزلہ قافیونکے ہین شعر مین -
فَواضِل - ع - بخششین - بزرگ - بڑے
انعام - جمع ہے فاضلہ کی - واضح ہو کہ فواضل
وہ نعمتین ہین جو دوسرونکی طرف بھی جاسکین
اور یہ شخص دے سکے مثل علم ہنر - عطا وغیرہ
اور فضائل وہ نعمتین ہین جو اس شخص کی
ذات مین ہون نہ یہ دے سکے اور نہ دوسرا
لے سکے مثل خوبصورتی - عقل - طاقت
حیا - شرم - اصالت وغیرہ کے -
فُواق - ع - ہچکی وہ ہوا جو سینہ سے
نکلتی ہے - فارسی مین اسکو ٹہکا کہتے ہین اور
بمعنی اُس حالت کے بھی ہے جو آدمی کو مرتے
وقت نزع کے عالم مین لاحق ہوتی ہے
فواکِہ - ع - جمع فاکہہ بمعنی میوہ کی -
فَوائح - ع - جمع فائحہ کی - خوشبو
دینے والی چیزین - خوشبوئین -
فَوائد - ع - جمع ہے فائدہ کی -
فَوت - ع - مرنا - گم ہونا - گذر جانا -
فَوج - ع - لشکر جنگی سپاہ - گروہ -
فَوحات - ع - خوشبوئین -
فَور - ع - ہنگام - وقت - ساعت -
جلد - شتاب - جلدی - جوش مارنا - جوش
خواہ دیگ کا ہو خواہ چشمہ وغیرہ کا -
فُور - ف - واو معروف سے نام بادشاہ قنوجکا
فَوَران - ع - جوش - اُبال -
فُوران - ف - نام شہر قنوج کا -
فَوز - ع - خلاص ہونا - رہائی پانا - رہائی -
مطلب کو بخوبی پہونچنا -
فُوطہ - ف - کمربند - بے سیا ہوا کپڑا - نہانے
کی لنگی - وہ روپیہ جو رعایا خزانہ سرکاری
مین داخل کرے - تھیلی - خصیہ - اور بمعنی
پگڑی اور رومال کے بھی آیا ہے -
فوفل - مب - معرب ہے پوپل کا -
ڈلی اور سپاری جو پان مین کھاتے ہین -
فَوق - ع - اوپر -
فوقانی - ع - اوپر کا - اوپر والا -

فولاذ - ب - معرب ہے پولاد کا - لوہا ہے
جوہردار جو بہت مشہور ہے -
فوم - ع - سیر جسکو ہندی مین لہسن کہتے ہین
اور بمعنی گیہون اور چنے کے بھی ہے -
فوہ - ع - دہان - منہ - افواہ جمع ہے -
فوہ - ع - بوے خوش - خوشبو -
فوُہ - ع - ہاے مختفی سے - ہندی مجیٹھ
جس سے کپڑے سرخ رنگے جاتے ہین -
فوہات - ع - جمع فوہ بمعنی منہ کی -

فصل فا - مع ہاے ہوز

فہام - ع - بہت بڑا سمجھنے والا -
فہد - ع - یوز - چیتا - جانور شکاری ہے -
فہرس - ب - معرب ہے فہرست کا -
فہرست - ف - تفصیل نامون اشیاء
مندرجۂ کتاب وغیرہ کی جو اول کتاب پر
یا علیحدہ ہوتی ہے بطریق اختصار کے -
فہم - ع - سمجھ - عقل - دانائی -
فہمانیدن - ف - سمجھانا -
فہمیدن - ف - سمجھنا -
فہو - ع - بھول جانا - بھول چوک -
فہوم - ع - جمع فہم کی -
فہیم - ع - بڑا سمجھنے والا -

فصل فا - مع یاے تحتانی

فی - ع - سایہ ہر چیز کا جو زمین پر پڑتا ہے
بعد زوال آفتاب یعنی دوپہر دن کے بعد
اور ظل اُس سایہ کو کہتے ہین جو قبل زوال
یعنے دوپہر دن کے پہلے پڑتا ہے - اور
بمعنی خراج - غنیمت - لوٹ - تاراج -
فی - ع - ایک حرف جارہ ہے بمعنی کسرہ دینے والا
ترجمہ اسکا فارسی مین (در) ہندی مین (بیچ)
فیاح - ع - بہت بڑا دریا -
فیاد - ع - بوم نر - نر الو -
فیاض - ع - فیض پہونچانے والا -
بہت بڑی بخشش کرنے والا -
فیافی - ع - جمع فیفا بمعنی بیابان کی -
فیال - ع - فیلبان - ہاتھی والا -
فی الجملہ - ع - ماحصل کلام - حاصل سخن -
فی الحال - ع - فوراً - ابھی -
فی المثل - ع - کہاوت مین -
فی الواقع - ع - حقیقت مین -
فیثاغورس - ع - نام حکیم مشہور کا -
فیجن - ع - سداب - ستلی - دوا مشہور ہے -
فیح - ع - خوشبو کا پھیلنا - فصل بہار
کی زیادتی - فراخی - ارزانی -
فید - ع - اٹھلا کر چلنا - مال کا تلف ہوجانا
مرجانا - ہلا دینا - پینا - پسی ہوئی زعفران
نام ایک قلعہ کا راہ مکہ معظمہ مین کہ فیدنامے
ایک شخص نے اسکو بنایا تھا - نام ایک موضع
کا راہ مکہ مین - نام ایک شہر کا راہ مکہ مین
فیروز - ب - یاے معروف سے معرب ہے پیروز کا
جو یاے مجہول سے ہے بمعنی کامیاب فتحمند -
فیروزمند - ف - کلمہ مند زائد ہے بمعنی کامیاب
فیروزہ - ب - یاے معروف سے معرب ہے
پیروزہ کا - نام ایک پتھر سبز رنگ کا جو
بہت مشہور ہے - اور بفتح اول بھی آیا ہے -
فیروزۂ بوسحاقی - ف - ایک قسم ہے بہت
عمدہ فیروزہ کی کہ جسکی کان ابواسحاق نامے
ایک شخص نے نیشاپور مین پیدا کی تھی -
فیروزہ حبابی - ف - وہ فیروزہ جو بشکل
حباب بیچ مین سے اُٹھا ہوا ہو -
فیروزہ خرگاہ - ف - کنایۂ آسمان ہے -
فیروزہ طارم - ف - کنایۂ آسمان ہے -
فیروزہ کاخ - ف - کنایۂ آسمان سے -
فیروزی - ف - فتحمندی - فتح -
فیصل - ع - حاکم وہ نیاؤ کرنے والا جو
مقدمونکے حق اور باطل کو آپس سے
جدا کردے - مگر فارسی لوگ مجازاً بمعنے
انفصال اور جھگڑا چکانیکے استعمال کرتے ہین -
فیصلہ - ع - جھگڑا چکانا -
فیصلی - ف - حاکم - پنچ -
فیض - ع - نہر کا پانی اسقدر زیادہ ہونا
کہ کنارونسے بہنے لگے - پانی کا گرانا - بڑی
بخشش - فائدہ کثیر - خبر کا ظاہر ہوجانا -
فیضان - ع - پانیکا چھلکنا - پانی کا جاری
ہونا - خبر کا عام ہوجانا - مگر فارسی لوگ

بہ سکون حرف دوم مستعمل کرتے ہین -
فَیَف - ع - وہ صحرا جسمین پانی نہو -
فَیفَا - ع - بیابان ہموار -
فِیل - ب - معرب ہے پیل بمعنی ہاتھی کا
فیول اور افیال اسکی جمع ہے -
فَیِل - ع - سست رائے ضعیف العقل -
فیلاقوس - ی - نام ایک حکیم کا -
فیلبان - ف - ہاتھی کا خادم -
فیل باران - ف - آخر برسات کا مینھ
جو بڑے زور شور سے برستا ہے ہندی ہتھیا
فیل تل - ف - تودہ کسی چیز کا جو برابر
ہاتھی کے قد کے ہو -
فیلسوف - ی - حکیم - عقلمند - اور معنی
ترکیبی اسکے دوستدار علم وحکمت کا اسلیئے
کہ زبان یونانی مین فیل بمعنے دوست ہر
اور سوف بمعنی علم وحکمت کے -
فیلقوس - ع - نام سکندر بادشاہ کے
باپ کا - نام ایک حکیم کا -
فیل مرغ - ع - نام ایک مشہور پرند کا ہے
فیلولہ - ع - عقل اور تدبیر کا ضعف -
وقت نماز عصر کے سو رہنا اور یہ باعث جنون ہے
فیمابین - ع - درمیان - بیچ مین -
فی نفسہ - ع - اپنی اصل مین - اپنی ذات مین
فیوح - ع - جمع فیح کی - خوشبوؤن کا
پھیلنا - بہار کی ارزانیان - فراخیان -
فیوحات - ع - یہ جمع الجمع فیح کی ہے -
فیوض - ع - جمع ہے فیض کی -
فیوضات - ع - جمع فیوض کی - اور
جمع الجمع فیض کی ہے -
فیول - ع - جمع فیل بمعنے ہاتھی کی
فیہج - ع - شراب - پیالۂ شراب کا -

باب قاف

فصل قاف مع الف

قاآن - ت - بادشاہ جو بہت عادل
اور سخی اور عاقل ہو - یہی نام چنگیز خان کے بیٹے کا
بھی تھا - اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے
مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر -
قاب - ت - طباق - بڑا برتن بطور
رکابی کے - تھال - کھانیکا خوان -
قالب - ف - عینک اور آئینہ کا خانہ
وہ ہڈیان جنسے جوا کھیلتے ہین ہندی پانسہ
کہنی کی ہڈی - پانون کے گٹھہ کی ہڈی -
قاب - ع - قبضۂ کمان سے بیچ کا حصہ کمان
اور چلہ کے بیچ کا فاصلہ - مقدار کسی چیز کی -
قاب خانہ - ف - قمار خانہ جوا کھیلنے کا مکان
اسلیئے کہ قاب بمعنی پانسہ کے ہے -
قاب قوسین - ع - مقدار دو کمان -
قابض - ع - قبض کرنے والا -
قابل - ع - آگے آنے والا - قبول کرنیوالا
سال آئندہ - سزاوار - پسندیدہ - ضامن
قابلہ - ع - آگے آنیوالی - قبول کرنیوالی
سزاوار - پسندیدہ - متکفل - ضامن
مگر بمعنی دائی جنائی کے جو لڑکا پیدا ہوتے وقت
زچہ اور بچہ کی خدمت کرتی ہے مستعمل ہے
قابلیت - ع - قابل ہونا - لائق ہونا - لیاقت
قابو - ت - بمعنی فرصت - موقع - بوتا
قابوس - ب - معرب ہے کاؤس کا جو نام
ایک بادشاہ مشہور کا ہے - نام ایک حکیم کا -
قاپو - ت بمعنی دروازہ -
قاپوچی - ت - بمعنی دربان -
قاپی - ت - بمعنی دروازہ -
قاتل - ع - قتل کرنے والا -
قادر - ع - قدرت والا - طاقت رکھنے والا
ایک نام حقتعالے کے نامونمین سے -
قادر انداز - ف - تیرانداز کامل ہنر جسکا
تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے اور اس کو
قدرانداز بھی کہتے ہین -
قادر علی الاطلاق - ع - ہر کام پر
بہت بڑا صاحب قدرت - مراد حقتعالی سے
قاذورہ - ع - نجاست - پلیدی -
قاذورات - ع - نجاستین - پلیدیان -
قار - ت - بمعنی برف -
قار - ع - بمعنی تیر جو ایک روغن
سیاہ اور چپکنے والا ہوتا ہے -

قَارّ - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے قرار سے
بمعنے قرار پکڑنے والا-
قَارَن - ف - نام ایک پہلوان کا جو
رستم کے زمانہ مین تھا - نام پسر خانخانان کا
قَارِع - ع - قرعہ چھینک کے نال دیکھنے والا
رمال - وہ شخص جس کے سر کے بال کسی مرض
کے سبب سے گر گئے ہون - شورہ کا
قبول کرنے والا - دروازہ کا کھٹکھٹانیوالا -
قَارِعَہ - ع - سختی - زمانہ کا حادثہ - گذشتہ
اور آیندہ بات بتلانے والی - گنجی - کوٹنے
والی - اور بمعنی قیامت -
قَارُو - ع - راج ہنس پرند مشہور ہی
قَارُورَہ - ع - حقہٴ بارود - شیشی -
وہ گول شیشی جو بصورت مثانہ بناکر مریض کا
پیشاب اسمین رکھکر طبیب کو دکھاتے ہین اور
یہ جو پیشاب کو قارورہ بولتے ہین یہ مجاز ہے
اور اسی کو تسمیہ حال بہ اسم محل کہتے ہین -
قَارُون - ع - یہ ایک شخص بڑا مالدار تھا
اسنے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ
بے ادبی کی تھی اس سبب سے حقتعالیٰ نے
اسکو مع اسکے مال کے زمین مین دھنسا دیا قصہ
اسکا بڑا ہے یہ حضرت موسیٰؑ کا چچازاد بھائی تھا -
قَارِی - ع - خوانندہ - پڑھنے والا -
قَاز - ت - نام ایک پرند مشہور کا - بڑی بط -
قَازغَان - ت - تانبے کی دیگ - لوہے کی کڑاہی

قَاسِر - ع - جبر کرنیوالا - زبردستی سے
کسی کو کسی کام پر رکھنے والا -
قَاسِم - ع - بانٹنے والا تقسیم کرنیوالا -
قَاسِی - ع - سخت دل - سیاہ دل -
قَاش - ت - لمبا ٹکڑا جو کسی میوہ کی لمبان
سے کٹا ہو - ہندی پھانک -
قَاشِر - ع - چھلکا اُتارنے والا -
قَاشُق - ت - چمچہ -
قَاص - ع - قصہ خوان واعظ - کسی
کی خبر دینے والا -
قَاصِب - ع - کاٹنے والا گوشت کا -
ذبح کرنے والا جانور کا -
قَاصِد - ع - ارادہ کرنے والا - سیدھی
راہ چلنے والا - قصد کرنے والا - لکڑی کا
توڑنے والا - اور کبھی یہ لفظ فارسی مین
بمعنی مستعد قتل کے بھی آتا ہے -
قَاصِر - ع - کوتاہی کرنے والا -
قَاصِرَاتُ الطَّرف - ع - وہ عورتین جو
اپنے شوہرونکے سوا کسی دوسرے مرد
کو کنکھیونسے بھی نہ دیکھین -
قَاصِی - ع - کسی چیز کی نہایت کو پہونچنے والا
اور بمعنے دور اور باشندہٴ راہ دور کے مستعمل ہے
قَاضِی - ع - جھگڑا چکانے والا حکم کرنیوالا
ادا کرنے والا قرض کا -
قَاضِی بَیضَا - ع - صاحب تفسیر بیضاوی

اور بیضا ایک شہر ہے فارس مین -
قَاضِی چرخ - ف - ستارہ مشتری -
اور یہ ستارہ سعد اکبر ہے -
قَاطِبَہ - ع - ہمہ - تمام - سب -
قَاطِر - ت - خچر -
قَاطِع - ع - قطع کرنے والا - کاٹنے والا
قَاطِعُ الطَّرِیق - ع - قُطَّاعُ الطَّرِیق یعنے
رہزن - لٹیرا - راہ مین لوٹنے والا -
قَاطِعِین - ع - مسافر لوگ -
قَاطِن - ع - مقیم - رہنے والا - ساکن -
قَاطِنِین - ع - مقیم لوگ - باشندے -
قَاع - ع - زمین ہموار اور فراخ -
قَاعِد - ع - بیٹھنے والا - بیٹھا ہوا - وہ
عورت جسکا حیض اور جننا موقوف ہوگیا ہو
قَاعِدَہ - ع - بنیاد - تلی نیچے کی مقدار -
قانون - دستور - عورت بیٹھی ہوئی - بنیاد -
قَاف - ع - نام پہاڑ کا جو گردا گرد تمام
عالم کے ہے کہتے ہین کہ یہ زمرد سبز کا ہی
اور اسی کے عکس سے آسمان کا رنگ نیلگون ہے
نام حرف مشہور کا -
قَاف تا قاف - ف - مراد تمام جہان
قَافِلَہ - ع - سیدنی - گروہ مسافرونکا -
قَافِیَہ - ع - لفظ بیت کے اخیر کا جو
بدلتا جاتا ہے -
قَافِیَہ تنگ شُدن - ف - عاجز ہوجانا کسی سے

گفتگو مین یا کسی کام مین

قَاق -ع- سُکھایا ہوا گوشت کہ اُسکو گھی مین تل کے کھاتے ہین- مجازاً لاغر اور دبلا اور خشک اندام آدمی-

قَاق -ع- بڑے لمبے قد کا آدمی-

قَاقُلہ -ع- بڑی الائچی-

قَاقُلَتَین -ع- چھوٹی بڑی الائچی-

قَاقُم -ع- نام ایک جانور کا ہے جسکا پوست بہت سفید اور ملائم ہوتا ہے اور اُسکی پوستین بناتے ہین اور وہ بہت بیش قیمت ہوتی ہے

قَال -ع- گفتگو- مباحثہ-

قَالِب -لام کے کسرہ اور فتحہ سے دونون طرح درست ہے- اینٹ وغیرہ کا سانچہ وہ چیز جس سے چھینٹ پر نقش کرتے ہین - ہندی چھاپہ اور بمعنی جسم- بدن-

قَالِب -ع- پھیرنے والا- اُلٹا کرنے والا اوندھا کرنے والا-

قالب تہی کردن -ف- بیہوش ہوجانا- مرجانا- جان دینا-

قَال کردن -ف- گفتگو کرنا- گانا-

قَال مَقَال -ع- بڑی گفتگو-

قَالی -ع- نام قوم کا- غالیچہ-

قَالِیچہ -ف- چھوٹا بچھونا ایک قسم کا مشہور ہے

قَالِین -ف- بڑا بچھونا ایک قسم کا جو بہت مشہور ہے-

قَامت -ع- قد-

قَامِع -ع- توڑنیوالا- ذلیل کرنیوالا-

قَامِعہ -ع- توڑنیوالی- خوار کرنے والی-

قَامُوس -ع- دریائے عمیق- نام ایک کتاب کا لغت عرب مین تصنیف مجد الدین بن یعقوب فیروز آبادی-

قَان -ت- بمعنی خون-

قَانِت -ع- فرمانبردار- نماز مین دعا مانگنے والا- خاموش- چپکا- حق تعالے کا حکم ماننے والا-

قَانِتِین -ع- جمع قانت کی-

قَانِط -ع- مایوس- ناامید-

قَانِطِین -ع- جمع قانط بمعنی ناامید کی-

قَانِع -ع- تھوڑی چیز پر صبر کرنیوالا-

قَانُون -ع- اصل ہر چیز کی- مسطر کتاب کا اندازہ ہر چیز کا- مجازاً بمعنی قاعدہ- دستور اور نام کتاب کا بوعلی سینا سے علم طب مین- نام مشہور باجہ کا-

قَانِی -ع- حد سے زیادہ سرخ-

قَاوُس -ع- بڑا جہاز-

قَاہِر -ع- قہر کرنیوالا- زور آور- ایک نام خدا کے نامونمین سے-

قَاہِرہ -ع- غالب- زبردست- نام ایک شخص کا مصر مین-

قَاہ قَاہ -ف- زور کی ہنسی- ٹھٹھا-

قَائِد -ع- اندھے کو اُسکی لاٹھی پکڑکے لیجانے والا آگے سے کھینچنے والا- برخلاف سائق کے کہ وہ بمعنی پیچھے سے ہنکانے والے کے ہے- فوج کا سردار حاکم-

قَائِف -ع- قدم کا نشان پہچاننے والا علم قیافہ جاننے والا- شگونیا-

قَائِل -ع- کہنے والا- قیلولہ کرنے والا یعنے دوپہر کو سونے والا- مجازاً وہ شخص جو اپنی خطا کا اقرار کرے-

قَائِلہ -ع- کہنے والی- دوپہر کو سونے والی-

قَائِم -ع- کھڑا ہونیوالا- کھڑا ہوا- اور شطرنج بازونکی اصطلاح مین یہ کہ دونون کھیلنے والے آپسمین برابر رہین-

قَائِم انداز -ف- شطرنج باز کامل اور بینظیر اصطلاحاً بمعنی غالب-

قائم رختن -ف- مغلوب اور عاجز ہونا

قَائِمہ -ع- یعنی پایہ- پورے درجہ کا زاویہ-

قَائِن -ت- شوہر کا بھائی- یعنی دیور یا جیٹھ- زوجہ کا بھائی یعنے سالا-

فصل قاف مع بائے موحدہ

قَبا -ع- پوشاک مشہور ہے-

قُبا -ع- ایک موضع ہے نزدیک مدینہ منورہ کے کہ مسجد قبا جسکی طرف منسوب ہے

قُبَاب -ع- جمع ہے قُبّہ کی اور قُبّہ کو ہندی مین کلس کہتے ہین- بضم اول غلط مشہور ہے

قَبَاچہ۔ ف۔ چھوٹی قبا۔
قَبَاحَت۔ ع۔ زشتی۔ بُرائی۔ زبونی۔
قُبَاد۔ ف۔ نام ایک بادشاہ کیانی کا نام نوشیروان کے باپ کا جو آل ساسان سے تھا ہر بادشاہ عظیم الشان کو بھی کہتے ہین۔
قَبَاکَردن۔ ف۔ جامہ اور پیراہن وغیرہ کا چاک چاک کرنا۔
قَبَالَہ۔ ع۔ سند مکانکی۔ کاغذ مکان کا ضامنی نامہ۔ خط شرعی۔ بکسر اول غلط ہی
قَبَان۔ ع۔ بڑی ترازو۔
قَبَاہ۔ ف۔ بمعنی قبا۔
قَبَائِح۔ ع۔ جمع قبیحہ کی۔ بُرائیان۔
قَبَائِل۔ ع۔ جمع قبیلہ کی۔ آدمیون کے گروہ
قِبَب۔ ع۔ جمع قُبّہ کی۔
قَبْج۔ ب۔ معرب کبک کا جو بمعنی چکور ہی اور یہ ایک پرند مشہور ہے۔
قَبْچَاق۔ ت۔ نام ایک جنگل کا درمیان توران اور ترکستان کے یہان لوٹیرے رہتے ہین۔ مجازاً قبچاق بمعنی بیباک کے بھی آتا ہے۔
قُبْح۔ ع۔ بُرائی۔ بدی۔ زشتی۔
قَبْر۔ ع۔ گور جسمین مردہ دفن ہوتا ہے۔
قَبْرِستَان۔ ف۔ جہان بہت قبرین ہون۔
قَبُرغَہ۔ ت۔ پہلو۔ استخوان پہلو۔ پسلی۔
قُبَّرَہ۔ ع۔ چکاوک ایک پرند مشہور ہی اور بعضون نے بمعنی سرخاب لکھا ہے

قَبْس۔ ع۔ آگ لینا۔ بتّی وغیرہ جلانا۔
قَبَس۔ ع۔ آگ کا انگارہ بغیر دھوین کا
قَبْض۔ ع۔ اُنگلیونکے سرسے کوئی چیز پکڑنا۔
قَبَض۔ ع۔ درد شکم۔ درد جگر۔ شادمانی خوشی۔ بزرگی۔
قَبِض۔ ع۔ شادمان۔ خوش۔
قَبَص۔ ع۔ درد اور گرفتگی شکم۔
قَبْض۔ ع۔ پنجہ سے پکڑنا کسی شَے کا پکڑ۔ گرفتگی۔ بندش۔ ملک۔
قَبْضَہ۔ ع۔ وہ چیز جو مٹھی بھر ہو۔ وہ مقدار کسی چیز کی جو مٹھی مین سما سکے۔ وہ چیز جسکو مٹھی مین پکڑین۔ دستہ تلوار و چھری وغیرہ کا۔ گرفت کی جگہ۔ قابو۔ ملک۔
قِبْطِی۔ ع۔ اولاد قبط کی۔ اور قبط نام ہی نوح علیہ السلام کے ایک پوتے کا مصر مین جو قبطی لوگ تابعان فرعون سے تھے وہ اسی قبط کی اولاد سے تھے۔
قَبَق۔ ت۔ گول کدو ترکاری مشہور ہی
قَبَق اَنداز۔ ف۔ تیرانداز۔ نشانہ کا اُڑانے والا اسلیئے کہ زمانہ قدیم مین ترک لوگ کدو کو لٹکا کے اسپر تیر لگاتے تھے اور نشانہ اُڑانیکی مشق کرتے تھے۔
قَبْقَاب۔ ع۔ نعلین چوبین یعنی کھڑاون پشتہ دار۔ دروغگوئی۔ اونٹ مستی سے بلبلانے والا۔ شیر ڈکارنیوالا۔ مہرہ جس سے کپڑے اور کاغذ پر مُہر کرتے ہین۔

قُبُل۔ ع۔ عورت کے آگے کی شرمگاہ اندام نہانی۔ فرج۔
قُبُل۔ ع۔ بہت سے گروہ آگے سامنے برخلاف دبر کے کہ بمعنی جانب پشت کے ہی
قِبَل۔ ع۔ طرف۔ جہت۔ جانب۔ اور مجازاً بمعنی طریق کے بھی آیا ہے۔
قَبْل۔ ع۔ پیش۔ پہلے۔ بعد کا ضد۔
قَبَل۔ ع۔ بلندی زمین کی۔
قُبْلَہ۔ ع۔ بوسہ۔ مچھی۔ چوما۔
قِبْلَہ۔ ع۔ وہ طرف جسکی سمت نماز پڑھتے وقت منھ کرتے ہین۔ کعبہ۔
قِبْلَہ گاہِ مَجُوس۔ ف۔ آتش۔ آگ۔
قَبُوح۔ ع۔ زشت۔ زبون۔ بُرا۔
قُبُور۔ ع۔ جمع ہے قبر کی۔
قَبُول۔ ع۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ اور یہ وزن مصدر کا شاذ ہے۔ اور اکثر استعمال فارسی مین بمعنی مقبول کے آتا ہے۔
قُبُول۔ ع۔ آگے آنا۔
قُبُولِیَّت۔ ع۔ یہ غلط مشہور ہے۔
قَبُولِی۔ ف۔ ایک قسم ہے بے گوشت پلاؤ کی جو چاول اور چنے کی دال ملا کر پکتا ہی
قُبَّہ۔ ع۔ گول عمارت مثل گنبد وغیرہ کے اور بمعنی عماری۔ چنبر۔ حقہ۔ چھتری۔ خیمہ۔ کنگرہ۔ کلس کے بھی آتا ہے۔ اور

شرح خاقانی مین بمعنی سواد شہر کے بھی لکھا ہے
قبۃ الاسلام - ع - لقب شہر بصرہ کا -
لقب شہر بخارا کا -
قبیح - ع - بد - زبون - برا -
قبیصہ - ع - وہ چیز جو ہاتھ کی انگلیونکے
سرے وسنے پکڑی جائے -
قبیل - ع - پذیرفتار - اور بمعنی گروہ مردم
قبیلہ - ع - گروہ - وہ جماعت جسمین
سب لوگ ایک باپ کی اولاد سے ہون -

فصل قاف مع تائے فوقانی

قتال - ع - آپسمین جنگ کرنا ہتھیارون
سے لڑائی لڑنا - لڑائی - جنگ
قتّال ع - بہت بڑا قتل کرنے والا -
قتام - ع - گرد - غبار -
قتیق - ع - ترشی کھٹائی - جو سالن مین
پڑتی ہے - کھٹا دہی -
قتل - ع - تلوار وغیرہ ہتھیار سے مار ڈالنا
قتلیٰ - ع - بہت سے مقتول - جمع قتیل کی
قتی ت - چھوٹا صندوق - صندوقچہ -
قتیل - ع - مقتول کشتہ - قتل کیا گیا -
خواہ عورت ہو خواہ مرد -

فصل قاف مع ثائے مثلثہ

قثاء - ع - ککڑی -
قثد - ع - کھیرا -
قثد - ع - کھیرا کھانا - بڑا اونٹ -

فصل قاف مع جیم فارسی

قچ - ت - } لڑائی کا مینڈھا شاخدار
قوچ - ت -

فصل قاف مع حائے مہملہ

قح - ع - سادہ - خالص بے ملونی کا -
نیکی - بدی - درشت اور ظالم آدمی
وغیرہ سے - کچا خربزہ -
قحاب - ع - سرفہ کھانسی -
قحب - ع - کھانسنا - وہ شخص جسکو
کھانسی آئی ہو - بوڑھا - بڑا -
قحبہ - ع - عورت بدکار اور فاحشہ
یہ مشتق ہے قحاب بمعنی کھانسی سے
چونکہ عرب کی بدکار عورتین مردون کو
کھنکھار کر بلاتی ہین اسلیئے یہ نام رکھا گیا -
قحط - ع - خشک سال - کال - منہگا
ہو جانا غلہ کا بسبب نہ برسنے پانی کے -
قحط سالی - ف - خشک سالی -
قحطان - ع - سام بن نوح علیہ السلام
کے ایک پوتے کا نام -
قحف - ع - کاسہ سر یعنے دماغ کے
اوپر کی ہڈی - کھوپڑی -
قحوط - ع - پانیکا آسمان سے نہ برسنا -

فصل قاف مع دال مہملہ

قد - ع - لمبائی مین کسی کا چیرنا یا پھاڑنا -
جڑ سے کاٹ ڈالنا - کوتاہ کرنا سخن کا جنگل کا
کاٹنا کسی چیز کی بلندی کا کم کر دینا - بالا
قامت - بدن کی لمبائی - اور لفظ قد بغیر
تشدید دال کے بھی آیا ہے -
قدام - ع - دیرینہ کہنہ - پرانا پادشاہ -
قدّام - ع - سردار بزرگ قوم - ہمیشگی -
قدّام - ع - آگے - سامنے - سفر یا کسی
جگہ سے آنے والے لوگ -
قدامت - ع - دیرینہ ہونا - کہنہ ہونا پرانا
ہونا - ہمیشگی - پرانا پن -
قدح - ع - چیرنا - پھاڑنا - توڑنا - دانت
یا لکڑی کو کیڑے کا کھانا - آگ لگا دینا -
عیب لگانا - طعنہ دینا - کسیکی ہجو کرنا -
قدح - ع - بڑا پیالہ - کاسہ - تیر بے پھالکا
قدح خوار - ف - مراد شراب خوار سے -
قدر - ع - تانبے کی دیگ خواہ پتیلہ ہو خواہ
پتیلی مٹی کا ہنڈا خواہ ہنڈیا -
قدر - ع - عزت - بزرگی - بزرگ رکھنا
اندازہ کسی چیز کا - اندازہ کرنا - قسمت
روزی - دولتمندی - بے نیازی - طاقت
قدر - ع - قضا - حکم - نہایت - اندازہ
کسی چیز کا - حکم الٰہی - اندازہ کیا ہوا خدا کا
واسطے بندہ کے تقدیر - اور بمعنی برابر اور
شریک اور مطلق اندازہ کے بھی آیا ہے -
قدر انداز - ف - وہ تیر انداز جسکا تیر
نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے -

قُدرَت ۔ع۔ طاقت۔ قوت۔
قدرخان ۔ف۔ لقب بادشاہ چین کا۔ اور بعضے کہتے ہین لقب بادشاہ ترکستان کا
قدرداں ۔ف۔ قدر جاننے والا۔
قدرمایہ ۔ف۔ تھوڑی مقدار۔
قدرے ۔ف۔ تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔
قُدس ۔ع۔ پاکیزگی۔ پاک۔ پاک ہونا۔
قُدُس ۔ع۔ نام ایک پہاڑ کا عرب مین
قُدسیان ۔ف۔ فرشتے۔ نیک بندے اولیاء اللہ۔ جمع قدسی کی۔
قدغن ۔ت۔ تاکید۔ تقید۔
قدغنچی ۔ت۔ تاکید کرنے والا۔ دربان چوبدار۔ سرکاری پیادہ۔
قدکشیدن ۔ف۔ ظاہر اور نمایاں ہونا۔
قِدَم ۔ع۔ پرانا ہونا۔ دیرینہ پرانا۔ قدیم ہونا۔ کہنگی۔ ایک صفت خدا کی۔
قُدُم ۔ع۔ آگے آنا۔
قُدُم ۔ع۔ آگے جانا۔
قَدَم ۔ع۔ پیر۔ پانوں دونوں پانوں کا فاصلہ چلنے مین۔ نشان۔ اثر۔
قُدُم ۔ع۔ کسی کام پر بڑا اقدام کرنیوالا۔
قُدَما ۔ع۔ جمع قدیم کی۔ اگلے لوگ پرانے وقت کے آدمی۔
قدم بر سر چیزے نہادن ۔ف۔ کنایہ اُس چیز کے ترک کر دینے سے۔

قدمت ۔ع۔ دیرینہ ہونا۔ کہنگی۔
قدم سنجی ۔ف۔ راہ چلنا۔
قدم صدق ۔ع۔ نشان نیک۔
قُدُور ۔ع۔ جمع قدر یعنی دیگ مسی یا دیگ گلی کی۔
قدوس ۔ع۔ بڑا پاک۔ ایک نام ہے خدا کے نامون مین سے۔
قُدُوم ۔ع۔ کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے واپس آنا۔ یہ مصدر ہے۔
قدُوم ۔ع۔ بڑھئی کا بسولہ۔ نام ایک مقام کا جہان حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کیا تھا۔ بڑا اقدام کرنے والا۔
قدوہ ۔ع۔ پیشوا۔ برگزیدہ۔
قدید ۔ع۔ وہ گوشت جو دھوپ مین خشک کرکے رکھ چھوڑا ہو کھانے کے لیئے۔
قدیر ۔ع۔ بڑا صاحب قدرت۔ طاقتور توانا۔ قادر۔ نام خدا کا۔ اور وہ چیز جو دیگ مین پکائی جائے۔
قدیم ۔ع۔ کہنہ۔ دیرینہ۔ پرانا۔ ہمیشہ جو ہمیشہ سے ہو۔
قِدیم ۔ع۔ بادشاہ۔ پیشوا۔ سردار۔
قدیمی ۔ع۔ یہ لفظ غلط ہے۔

فصل قاف مع ذال معجمہ

قذر ۔ع۔ پلیدی۔ نجاست۔
قذِر ۔ع۔ نجس۔ پلید۔
قذعمل ۔ع۔ اونٹ فربہ یعنے موٹا۔
قذف ۔ع۔ پتھر مارنا۔ گالی دینا۔ زنا اور حرامکاری اور بدی سے کسی کو نسبت کرنا استفراغ یعنے قے کرنا۔
قذف ۔ع۔ بڑا جنگل۔
قُذَف ۔ع۔ کنگرے۔ جمع قذفہ کی۔
قُذفہ ۔ع۔ ایک کنگرہ۔
قذی ۔ع۔ کوڑے کرکٹ کا باہر پھینکنا۔
قذی ۔ع۔ کوڑا کرکٹ۔
قذی ۔ع۔ خاک باریک۔

فصل قاف مع راے مہملہ

قُر ۔ع۔ سردی۔ سردی کی فصل۔ جاڑا۔
قَر ۔ع۔ وہ چیز جو سرد اور ٹھنڈی ہو۔
قُرٰی ۔ع۔ جمع قریہ یعنی گانوں کی۔
قِری ۔ع۔ مہمانی۔ مہمانی کرنا۔
قراء ۔ع۔ مہمانی کرنا۔
قُرّاء ۔ع۔ جمع قاری کی۔ پڑھنے والے اور قرآن خوان لوگ۔
قُرّا ۔ع۔ عبادت کرنے والا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ اس صورت مین یہ لفظ مفرد ہے۔
قَرّاء ۔ع۔ خوشخوان۔ خوش آواز پڑھنے والا
قرا ۔ت۔ رنگ سیاہ۔
قِرات ۔ع۔ یہ لفظ بر وزن ہدایات اور قرأت ۔ع۔ علت دونون طرح آیا ہے پڑھنا۔ اصطلاحاً حرفونکا مخارج سے نکا

قَراب - ع - تلوار اور خنجر وغیرہ کا نیام
آپسمین نزدیک ہونا - نزدیکی -
قَرابت - ع - رشتہ داری - قریب ہونا
قَرابہ - ع - بڑا شیشہ عرق رکھنے کا صراحی
شراب کا شیشہ -
قُراح - ع - پانی صاف - ہرچیز خالص -
قُراد - ع - چچڑی مشہور جانور ہے جو اکثر
کُتّے کے جسم مین ہوتی ہے - سرپستان
یعنی ٹھٹنی - سر تضیب یعنی سپاری -
قَرار - ع - سکون - آرام - مجازاً اقرار -
قَرارات - ف - خوراک اور روزینہ
یا تنخواہ سپاہیونکی -
قَرارداد - ف - اقرار - جو بات بعد مباحثہ
کے مقرر ہو جاوے -
قُراضہ - ع - سونے یا چاندی کا ریزہ -
اور اصلی معنی اسکے یہ ہین - ریزہ ہرچیز کا
جو قینچی سے کٹکر زمین پر گر پڑے - مگر
بمعنی ریزہ زر کے مستعمل ہے -
قَراقِر - ع - جمع قرقرہ کی - وہ آوازین
جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہین یعنے پیٹ
کی گڑگڑاہٹ -
قِرام - ع - ہلکا اور باریک پردہ
اور بمعنی پردہ منقش اور رنگین کے بھی ہے -
قِران - ع - نزدیک ہونا - قریب ہونا -
ایک شئے کی نزدیکی دوسری شئے سے - حج اور عمرہ کو
ملاکر کرنا - اور علم نجوم کی اصطلاح مین یکجا
ہونا دو ستارون کا سات ستارون سیارہ
یعنے چلنے والون مین سے ایک برج مین سوائے
سورج کے -
قُرآن - ع - کلام اللہ یہ لفظ مصدر ہے
بمعنی پڑھنے کے مگر بمعنی مفعول کے مستعمل
ہوکر نام کتاب خدا کا ہوگیا ہے
قَراوُل - ت - وہ شخص جو بندوق سے
شکار کرے - شکاری آدمی - جو شخص شکار
کرادے - ہیلیا - وہ سپاہی جو واسطے
تعین مکان جنگ کے مقرر ہون پیشتر و لشکر
یعنے ہراول - وہ چند سپاہی جو لشکر کے آگے آگے
چلین - تاکہ دشمنونسے خبر دیتے رہین -
قَرائن - ع - جمع قرینہ کی -
قُرب - ع - نزدیکی -
قِرَب - ع - جمع قربہ کی یعنی پانیکی مشکین
قَرب - ع - تلوار کا کاٹھی مین کرنا -
قُرب - ع - کمر جو عضو مشہور ہے -
قَرَب - ع - درد کرسے چلانا -
قُربیٰ - ع - نزدیکی - خویشی -
قُربان - ع - وہ چیز جو خدا کی راہ مین تصدق
کرین تاکہ خدا سے نزدیکی حاصل ہو -
قُربان - ف - فارسیونکے محاورہ مین بمعنی
کماندان کے ہے اور یہ ایک تسمہ چمڑے کا
ترکش مین سیا ہوا ہوتا ہے جسکے ذریعہ سے
ترکش کو گردنین مثل حمائل ڈال لیتے ہین -
اور اُسی تسمہ مین کمان کو بھی اٹکا لیتے ہین
اور یہ ترکش مع کمان پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے -
قُربان - ع - نزدیک ہونا - اور کنایہ جماع سے
قُربانی - ف - اونٹ اور گائے اور بکری
وغیرہ جو بقرعید کے دن ذبح کرین -
قُربت - ع - نزدیکی - پاس ہونا -
قَرَبُوس - ع - گھوڑے کے زین کے آگے کی
بلندی جسکو حنائے زین کہتے ہین -
قِربہ - ع - مشک پانی سے بھری ہوئی -
قُرت - ت - خشک دہی -
قَرح - ع - زخم کرنا - گھاؤ کرنا - وہ زخم
جو فساد پیدا کرے -
قَرحہ - ع - وہ زخم جسمین پیپ پڑگئی ہو
قُرحہ - ع - جراحت - زخم -
قِرد - ع - بوزینہ - کپی - بندر -
قُررہ - ع - کھانے کی کھرچن جو دیگ
کے پیندے مین لگ جاتی ہے -
قِرش - ع - ایک دریائی جانور عظیم الجثہ
کا نام جو تمام دریائی جانورون پر غالب ہے
اسی کی تصغیر قریش ہے جو بسبب غلبہ کے
لقب قبیلۂ عرب کا ہوگیا -
قُرشی - ع - وہ شخص جو منسوب طرف قبیلہ
قریش کے ہو - اور اس قبیلہ کے بڑا اعلی نضر بن کنانہ
تھے - جو اجداد حضرت رسول صلعم سے تھے

قرص ع- ٹکیا-

قرص روئین - ف- گھڑیال- گھنٹہ-

قرط -ع- گوشوارہ اور برہان مین لکھا ہے پانی کے گھونٹ کی آواز-

قرطاس -ع- کاغذ-

قرطبوس -ع- بلائے عظیم- سخت حادثہ-

قرطعب -ع- قلیل شی- تھوڑی چیز-

قرطق - معرب کرتہ کا جو پیراہن مشہور ہی

قرطم -ع- کرڈ مشہور دوا ہے-

قرطہ -ع- ایک گوشوارہ-

قرطین -ع- دو گوشوارے- اور کنایہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام سے

قرع -ع- لوکی- مشہور ترکاری ہی- اور بمعنی کوٹنا- مارنا- ٹھوکنا-

قرع -ع- سر کے بالونکا گرجانا مرض سے

قرع -ع- جمع قرعہ بمعنی پالنسہ کی-

قرعہ -ع- پالنسہ تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو پھینک کر رمال غیب کی بات بتلاتے ہین-

قرعیہ -ع- ہرا کدو- لوکی-

قرق -ع- مرغی کی آواز-

قرق -ت- ونبہ-

قرق -ت- نگہبانی- منع کرنا- روکنا

قرقرہ -ع- کبوتر اور اونٹ کی آواز پیٹ کے اندر کی آواز- رعد کی ہنسی- ٹھٹھا-

قرق شدن - ف- منع ہونا- بند ہونا-

قرقف -ع- بمعنی شراب-

قرقوز -ع- بڑی کشتی- جہاز-

قرم -ع- اونٹ- سردار قوم-

قرمز -ع- وہ چیز جس سے ریشم کو سرخ رنگ رنگین- لال- سرخ رنگ-

قرمزی -ع- منسوب طرف قرمز کے سرخ رنگ

قرمساق -ت- وہ شخص جو اپنی جورو کو دوسرون کے پاس بھیجے اور اُسکی کمائی کھائے-

قرمل -ع- اونٹنی کا بچہ نر-

قرن -ع- حیوان کی شاخ یعنے سینگ گیسو سو برس کی مدت- خواہ اسی برس کی خواہ تیس برس کی- اور اسی تیس برس کی مدت پر اکثرون کا اتفاق ہے- نام ایک مقام کا نزدیک طائف کے-

قرن -ع- نام پدر قبیلہ کا یمن سے جسمین کے اُویس قرنی تھے-

قرنا - ف- بڑی تُرہی-

قرناس -ع- پہاڑ کی چوٹی- نام دیو کا-

قرناق -ت- لونڈی- غلام- خدمتگار-

قرنفل -ع- لونگ-

قرنق -ت- لونڈی- غلام- خدمتگار

قرو -ع- جمع قر کی جسکے معنی آگے ذکر ہین

قرواط -ع- سفینہ- کشتی- وہ خالی مشک جسکو پھلا کر منہ اُسکا مضبوط باندھتے ہین اور بوقت ضرورت اُسپر بیٹھکے دریا کے پار اُترتے ہین

قروت -ت- پنیر- خشک دہی-

قروت شدن صحبت - ف- صحبت کا برہم ہوجانا

قروح -ع- جمع قرحہ بمعنی زخم کی-

قرون -ع- جمع قرن بمعنی شاخ اور زمانہ دراز کی

قرون خالیہ -ع- زمانہائے گذشتہ-

قرہ -ع- خنکی- سردی- اور بعضون نے بمعنی راحت اور روشنی کے بھی لکھا ہے مگر معنی اول زیادہ تر صحیح ہین- اور بمعنی آنکھ کی پتلی کے جو عرف مین مشہور ہے محض غلط ہی اور منتخب مین بمعنی روشنی چشم اور لطائف مین بمعنے خنکی چشم اور روشنی چشم کے لکھا ہی-

قرء -ع- زمانہ عورت کی پاکی کا درمیان دو حیض کے اور اُس کو طُہر بھی کہتے ہین- اور بمعنی حیض کے بھی آیا ہے اور یہ لغات اضداد سے ہے- فرق اتنا ہے کہ قرء بمعنی حیض کی جمع اقراء آتی ہے اور بمعنی طُہر کی جمع قروء-

قریات -ع- جمع قریہ بمعنی گانو کی-

قریب -ع- نزدیک-

قریحہ -ع- ہر چیز کا اول- بہتر اور عمدہ مال آدمی کی طبیعت-

قریر -ع- خنک چشم یعنی شادمان اور خوش

قریش -ع- نام ایک قبیلہ کا درمیان عرب کے رسول خدا صلعم اسی قبیلہ سے ہین-

قریشی -ع- منسوب طرف قبیلہ قریش کے

اوران معنوںمین قرشی بھی آیا ہے۔
قریض -ع- شعر یعنی کلام منظوم۔
قریش -ع- نام ایک قبیلہ کا یہود سے۔
قرین -ع مصاحب ہمنشین۔ یار۔ دوست ہم صحبت۔ پاس آلا۔ ملا ہوا۔ اور یعنی مثل و نظیر کے بھی آیا ہے۔
قرینہ ع مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے۔ پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے مناسبت باطنی درمیان دوام کے۔
قریہ -ع- گانوںن۔

فصل قاف مع زاے معجمہ

قز۔ ب۔ معرب کژ کا۔ کچا ریشم۔
قزاق -ت- راہزن۔ لوٹیرا۔
قزاکند -ف- جہلتہ اور یہ ایک قسم کالباس ہے جو بروز جنگ پہنتے ہین اور اُسکے اندر کچا ریشم بھرتے ہین تاکہ تلوار اُسپر اثر نہ کرے۔
قزح -ع- نام ایک پہاڑ کا مزدلفہ مین نام ایک فرشتہ کا جو موکل ابر ہے۔ نام ایک بادشاہ کا بادشاہان عجم مین سے۔
قزح -ع- تخم پیاز۔ سانپ کا گوہ۔ گرم مصالح جو کھانے مین پڑتے ہین۔
قزح -ع- گرم مصالحہ کا دیگ مین ڈالنا کُتے کا پیشاب۔ کُتے کا موتنا۔
قزعہ -ع- رنگا رنگ جسپر زرد اور سرخ اور سبز لکیرین ہون۔
قزغان -ت- بڑا پتیلہ۔ دیگ۔
قزل -ت- لال۔ سُرخ۔
قزل ع- لنگڑا پن۔
قزل -ع- لنگڑا۔
قزل ارسلان -ت- لقب ایک بادشاہ کا جو ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا۔ اصلی معنی اسکے شیر سرخ رنگ اسلیئے کہ قزل ترکی مین بمعنی سرخ اور ارسلان بمعنی شیر۔ اور چونکہ یہ باوشاہ لنگڑا تھا اس صورت مین قزل ارسلان کہنا چاہئے اور اب یہ مرکب ہوگا ایک لفظ عربی اور ایک ترکی سے اسلیئے کہ قزل عربی مین بمعنی لنگڑا اور ارسلان ترکی مین بمعنی شیر ہے۔
قزلباش -ت- قزل کے معنی سرخ اور باش کے معنی سر یعنی لال سر والا اور یہ کنایہ ہے فوج کے سپاہی سے اسلیئے کہ شاہ اسمعیل صفوی نے اپنی کل فوج کے سپاہیون کو لال ٹوپی کی وردی پہنائی تھی اور چونکہ یہ بادشاہ اامیہ مذہب رکھتا تھا اسلیئے ہر ٹوپی کے بارہ کونے رکھے تھے موافق شمار عدد بارہ اامون کے اُس روز سے یہ لقب ایران مین فوج کے تمام سپاہیون کا ہوگیا۔
قزوین -ف- نام ایک شہر کا ایران مین۔

فصل قاف مع سین مہملہ

قسام -ع- تقسیم کرنے والا۔ حصہ دینے والا بہت قسم کھانے والا۔
قسام -ع-
قسامت -ع- } خوبی۔ حسن۔ خوبصورتی۔
قساوت -ع- سخت دل اور سیاہ دل ہونا
قسر -ع- زبردستی سے کسی کو کسی کام پر رکھنا۔ بزور کسی سے کوئی کام لینا۔ اور دور قسری اور حرکت قسری وہ دور اور وہ حرکت جسکا محرک دوسرا شخص ہو۔
قسط -ع- بیداد اور ظلم کرنا۔ پراگندہ کرنا جدا کرنا۔ حق سے پھر جانا۔
قسط -ع- داد۔ عدل۔ انصاف حصہ نصیب۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ اندازہ۔ ترازو۔
قسط -ع- نام دوا کا اور یہ ایک لکڑی ہوتی ہے دو قسم کی تلخ و شیرین۔ تلخ کو ہندی مین کٹ کہتے ہین۔
قسط -ع- گردنکی خشکی اور یہ ایک مرض ہے جو یبوست سے ہوتا ہے۔ آفتابہ وضو کرنیکا جسمین نصف صاع یعنی ایک سو ستر تولہ پانی سماتا ہو۔
قسطا ف -ف- نام کتاب کا جو احکام دین آتش پرستی مین ہے اور اُسکو لوقا نام ایک حکیم نے تصنیف کیا ہے۔
قسطاس -ع- بڑی تراز و جسکو ہندی مین تک کہتے ہین۔
قسط بندی -ف- روپیہ کی کسی مقدار کو مقرری حصے کرکے ادا کرنا۔

قسطلانی -ع- منسوب طرف قسطلہ کے۔ جو نام ایک شہر کا ہے۔ بضم اول غلط ہے۔
قسطنطین -ع- نام بادشاہ کا جو بانی شہر قسطنطینیہ کا تھا جو اب استنبول کے نام سے روم میں مشہور ہے۔
قسطنطنیہ -ع- نام شہر دارالملک روم کا۔
قسم -ع- سوگند مشہور لفظ ہے۔
قِسم -ع- حصہ۔ بہرہ۔ بھانت۔ طرح۔
قسم -ع- حصہ کرنا۔ تقسیم کرنا۔
قسمت -ع- حصہ کرنا۔
قِسمت -ع- حصہ۔ نصیب۔
قسوت -ع- سخت دل اور سیاہ دل ہونا۔
قسورہ -ع- بمعنی شیر درندہ۔
قسوط -ع- ظلم کرنا۔ حق سے پھر جانا۔ پراگندہ کرنا۔ جدا کرنا۔ بے انصافی کرنا۔
قسوہ -ع- سخت دل ہونا۔
قِسّیس -ع- عالم اور دانا دین نصاری کا۔
قسیم -ع- حصہ کرنے والا۔ شریک اور بمعنی خوبصورت اور حسین کے بھی ہے۔
قسیمہ -ع- مشک کا نافہ۔

فصل قاف مع شین معجمہ

قش -ع- بعد دبلاپے کے موٹا ہونا۔ آدمی خواہ چوپایہ کا۔
قِشر -ع- میوہ کا چھلکا۔ درخت کی چھال حیوان وغیرہ کی کھال سعر سنگہر پوست کو قشر کہتے ہیں۔
قشعریرہ -ع- یکایک جسم پر رونگٹو نکا کھڑا ہو جانا کسی باعث سے کیوں نہو۔
قشف -ع- دھوپ کی تیزی سے منھ کے پوست کا جل جانا۔ فقیری اور تنگی معاش اور تکلیف سے منھ کا مرجھا جانا۔
قشف - وہ شخص جسکے چہرہ کا رنگ بسبب تکلیف اور مصیبت کے متغیر ہو گیا ہو۔
قشقہ - ف - تلک۔ ٹیکا۔ صندل وغیرہ کا جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں۔
قِشلاق -ت- گرم مکان جاڑون کے رہنے کے قابل۔
قشور -ع- جمع قشر یعنے پوست کی۔
قشور -ع- دوا چہرہ پر ملنے کی جس سے رنگ چہرہ کا صاف اور روشن ہو جائے۔
قشور -ع- وہ عورت جسکو حیض نہ آتا ہو۔
قشون -ت- فوج کا ایک گروہ۔
قشیب -ع- نیا کپڑا۔ نئی چیز۔

فصل قاف مع صاد مہملہ

قص -ع- کاٹنا۔ کترنا۔ استخوان سینہ۔
قصاب -ع- کاٹنے والا گوشت کا قسائی۔
قصابگان - ف - جمع قصاب کی بطور فارسی کے لیکن خلاف قیاس۔
قصابک - ف - ایک مرغ یعنے پرندہ نہایت تیز پر اور خوش رفتار کہ اکثر ندیو نکے کنارے بیٹھتا ہے۔
قصار -ع- گازر۔ دھوبی۔
قصارت -ع- کپڑے دھونا۔ دھوبی کا پیشہ
قِصاص -ع- قاتل کو قتل کرنا بعوض مقتول کے۔ عوض لینا زخم کا زخم سے دی ہوئی چیز کا پھیر لینا۔ بدلہ لینا۔
قصاص -ع- قصہ خوان۔ داستان گو۔
قصائد -ع- جمع قصیدہ کی۔
قصب -ع- نرکل جو چیز مثل نرکل کے ہو مثل قلم وغیرہ کے۔ ایک قسم کپڑے کی جو کتان اور ریشم ملاکے بنا جاتا ہے۔
قصب -ع- کاٹنا۔ اور لفظ قصاب کا اسی سے بنایا گیا ہے۔
قصب الجیب -ع- ایک قسم ہے خرما کی اور ایک گھاس ہے جسمین تھوڑی سی مٹھاس ہوتی ہے اور کہتے ہین کہ یہ کانس کی طرح ہے جو دریا کے نزدیک اُگتی ہے۔
قصب الجب -ع- جب بمعنی کنوان پس یہ ایک قسم کی نے ہے جو جنگل مین پرانے کنوونکے درمیان سے اُگتی ہے۔
قصب الجیب -ع- بعضون نے بفتح جیم کہا ہے اسوجہ سے کہ اکثر قاصد لوگ امیرون یا بادشاہو کے خطونکو لپیٹ کر حفاظت کے لئے نرکل کے چھوٹے ٹکڑے مین رکھکر اپنی جیب کی تھیلی مین ڈال کے دور دور دراز ملکون مین لیجاتے تھے

قصب الجیب - ع - نیشکر - گنا - اس صورت مین گلستان کے فقرہ کو یون پڑھنا چاہیے (قصب الجیب حدیثش را ہمچو شکر میخورند) یعنے مع نقل وغیرہ مثل شکر کے -

قصب السبق - ع - نرکل پیشدستی کا اور یہ گھوڑدوڑ کی ایک قسم ہے یعنے ایک نرکل فاصلہ دور پر زمین مین گاڑ دیا اور ایک مقام مقرر سے سب سوارون نے گھوڑے دوڑائے جس سوار نے پہلے ہونچکر اُس نرکل کو جھک کے اُکھیڑ لیا - وہ شرط جیتا -

قصب السبق بردن - ف - غالب آنا سبقت اور پیشدستی کرجانا -

قصب الذریرہ - ع - چرائتہ مشہور دوا ہے

قصبات - ع - جمع ہے قصبہ کی -

قصبہ - ع - چھوٹا شہر - بڑا گانوان - لتے جو چیز نرکل کے مانند خولدار ہو جیسے قلم کا نیزہ وغیرہ گلے کا نرخرہ - یہ لفظ صاد کے جزم سے غلط مشہور ہے -

قصد - ع - ارادہ - اعتدال - ہر چیز جو معتدل ہو سیدھی راہ جانا - راہ کی راستی

قصد کردن - ف - کسیکے قتل کا ارادہ کرنا -

قصر - ع - کوتاہی - کمی - کپڑے کا دھونا - مکان عمدہ محل -

قصص - ع - جمع قصہ کی - کہانیان

قصص - ع - مصدر ہے بمعنی حکایت کرنا -

اور بعضون کے نزدیک بمعنی قصہ یا - اس صورت مین قصہ کا اسم جمع ہے نہ قصہ کی جمع

قصعہ - ع - بہت بڑا کاسہ -

قصویٰ - ع - انتہا - نہایت - آخر بہت دور - یہ صیغہ مونث اقصیٰ کا ہے -

قصور - ع - کوتاہی - عاجز ہونا - قاصر رہنا جمع قصر بمعنی محل کی - نام ایک شہر کا نواح لاہور سے -

قصہ - ع - کہانی - بیان کسی شخص کا -

قصیدہ - ع - دلدار گودا کسی چیز کا اور شاعرونکے نزدیک وے اشعار جنمین کسی کی تعریف یا مذمت ہو اور پندرہ بیت سے کم نہون - زیادہ جسقدر ہون -

قصیر - ع - کوتاہ - کوتاہی کرنے والا نام ایک غلام کا ہے جو بڑا باوفا تھا -

قصیل - ع - غلہ جو کا نیا اُگا ہوا اور کچا فارسی مین اسکو خوید کہتے ہین -

فصل قاف مع ضاد معجمہ

قضا - ع - حکم کرنا - ادا کرنا واجب کا - اور کرنا - پیدا کرنا - تمام کرنا - بیان کرنا - وہ عبادت جسکا وقت گذر گیا ہو - حکم خدا کا جو مخلوقات کے حق مین دفعۃً واقع ہوجائے -

قضات - ع - جمع قاضی کی اور ضاد کی تشدید سے یہ لفظ غلط مشہور ہے -

قضارا - ف - ناگہان - اتفاقاً - یکایک - اس لفظ مین کلمہ (را) بمعنی از ہے پس اصل اسکی یون سمجھنا چاہیے (از قضا)

قضاعہ - ع - ایک حیوان ہے بشکل کتے کے جو دریا مین ہوتا ہے اسی کا خصیہ جند بیدستر کہلاتا ہے - نام ایک قبیلہ عرب کا -

قضا وقدر - ع - یعنی تقدیر اور قسمت -

قضایا - جمع ہے قضیہ کی - جملے - عبارات کے فقرے - جھگڑے - جزئین - احکام -

قضبان - ع - شاخین درخت کی یہ جمع ہے قضیب بمعنی شاخ درخت کی -

قضیب - ع - درخت کی شاخ - تلوار تیز - تازیانہ - کوڑا - وہ کمان جو شاخ درخت سے بنی ہو - مجازاً ذکر یعنے آلہ تناسل خواہ مرد کا ہو خواہ کسی اور حیوان کا -

قضیم - ع - ارداوا جو کا جو گھوڑون وغیرہ کو دیا جاتا ہے -

قضیہ - ع - مقصد - مطلوب - ادا کرنا - خبر حکم - جملہ خبریہ جسپر سچ ہونے اور جھوٹ ہونے دونون کا احتمال ہو - جملہ - فقرہ - اور بمعنی جھگڑے کے بھی مستعمل ہے -

قضیۂ منعکسہ - ع - محاورہ مین مراد ہے اس مقدمہ سے جو خواہش کے خلاف واقع ہو -

فصل قاف مع طائے مہملہ

قط - ع - سخت چیز کا کاٹنا - اور اسی بنا پر ہے قط قلم - نرخ غلہ کا گران ہونا -

قِطّ - ع - حصّہ - نصیب - قبالہ - کتاب محاسبہ کی - نامہ - ان معنون مین جمع اسکی قطوط آتی ہے - اور بمعنی گربہ نر یعنی بلاؤ اور اسکی جمع قطاط آتی ہو-

قَطّ - قَطًّ - قَطْ - قُطْ - ع - چارون طرح سے بمعنی ہرگز اور ہمیشہ -

قَط - ع بمعنی بس اور اسی بنا پر ہے فقط -

قَطَا - ع - ایک پرند ہے جسکو فارسی مین سنگخوار کہتے ہین جنگل مین اس جانور کے بولنے سے مسافرون کو معلوم ہوجاتا ہے کہ یہان کسی جگہ پر چشمہ پانی کا ضرور ہو-

قِطَاب - ع - جیب یعنے گریبان جامہ -

قَطَاب - ع - ایک قسم سنبوسہ کی اور سنبوسہ ایک غذاے لطیف مشہور ہو-

قِطَار - ع - کم سے کم دس اونٹ آگے پیچھے برابر برابر ایک چال چلنے والے بفتح اول غلط ہے مگر اب طلاق اسکا ہر چیز کی جمع پر جو آگے پیچھے ہو واقع ہوتا ہے -

قُطَّاع - ع - کاٹنے والے -

قُطَّاع الطَّرِیق - ع رہزن - لٹیرے -

قِطَاف - ع - کل میوون خصوصًا انگور کے توڑنیکا وقت -

قَطَام - ع - نام ایک عورت کا عرب مین

قَطَامَہ - ع - عورت پر شہوت - یہ ماخوذ ہے قطم سے جو بمعنی تیزی شہوت کے ہے -

قَطَائِف - ع - ایک حلوا ہے نفیس جسمین بادام بھی پڑتے ہین - بادام کی لوز - وہ رونی روئی جسمین بادام پڑے ہون - سویان جو سیدے کی بنتی ہین - اور اسکو رشتہ قطائف بھی کہتے ہین - اور جمع قطیفہ کی جو بمعنی چادر پیچیدہ اور جامہ مخمل کے ہے -

قُطْب - ع - لوہے کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے - سردار قوم کا - افضل اور برتر شخص جسپر مدار کار ہو - ہر چیز کی اصل - وہ نقطہ مین کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے - اور وہ دو ستارے جوان دونون قطبون کے محل پر واقع ہین پس ہر ایک کو انمین سے بھی مجازًا قطب کہتے ہین - لقب اس ولی کا جسکے قبضہ قدرت مین انتظام کسی ملک کا عالم معنوی مین خدا کی جانب سے سپرد ہو -

قَطْر - ع - باران - مینھ - ٹپکنا پانی کا

قِطْر - ع - پگھلا ہوا تانبا -

قُطْر - ع - طرف کنارہ کسی چیز کا اقطار اسکی جمع ہے - اور علم ہندسہ کی اصطلاح مین وہ خط مستقیم جو مرکز پر دائرہ کے گذر کر اُسکے دو ٹکڑے کر دے -

قَطَرَات - ع - جمع قطرہ کی بوندین -

قَطْرَان - ع - نام ایک شاعر کا - نام ایک شہر کا - نام ایک روغن کا جو نہایت سیاہ اور بدبودار ہوتا ہو اور خارشتی اونٹون کی جلد پر ملا جاتا ہے اور یہ درخت چیڑ کا تیل ہے اور یہ لفظ بمعنی روغن مذکور تین طرح پر ہے - قِطْران - قُطْران - قَطِران -

قُطْرُب - ع - ایک قسم ہے جنون کی - اور قطرب اصل مین ایک کیڑا ہے سیاہ رنگ جو پانی پر چارون طرف دوڑتا پھرتا ہو اور کسی جگہ قرار نہین پکڑتا ہے اسی مناسبت سے اس مرض کا نام رکھا گیا کہ صاحب اس مرض کا بھی کہین قرار نہین پکڑتا ہے اور سب سے بھاگتا پھرتا ہے - اور بمعنی دزد - چور - چوہا - بھیڑیا - جسکے تمام بدن کے بال جھڑ گئے ہون جاہل - بیدل - مصروع یعنی جسکو مرگی کا عارضہ ہو - نام ایک دانشمند نحوی شاگرد سیبویہ کا جو علم کی طلب مین ہر طرف پھرا کرتا تھا -

قَطْرَہ - ع - بوند پانی کی - دوڑ کر چلنا -

قَطْرَۂ آب - ف - سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد نطفہ یعنی مرد کی منی سے -

قَطْرَہ برداشتن - ف - دوڑنا - سعی کرنا -

قَطْرَۂ دزد - ف - کنایہ ابر سے -

قَطْرَہ زن - ف - دوڑ کر چلنے والا - سعی اور کوشش حد سے زیادہ کرنیوالا -

قَطْرَہ زدن - ف - جھپٹ کر چلنا -

قَطْرَہ فشاندن - ف - دوڑنا - تیز چلنا -

قَطْرَہ کردن - ف - سعی اور کوشش

قَطْرَہ کشیدن - ف - حد سے زیادہ کرنا

قطزن ۔ف۔ اصل مین یہ لفظ بانو کا تب پر صادق آتا ہے یا چاقو پر۔ اور یہ جو اس لکڑی وغیرہ پر اطلاق کرتے ہین جسپر قلم کو رکھ کے قط لگاتے ہین یہ بطور مجاز کے ہے عربی مین اسکو مقط کہتے ہین۔

قطع ۔ع۔ کاٹنا۔ گلا گھونٹنا۔

قِطع ۔ع۔ پچھلی رات کی تاریکی۔ چھوٹی کملی۔

قِطَع ۔ع۔ ٹکڑے جمع قطعہ کی۔

قطعًا ۔ع۔ بمعنے ہرگز۔

قطعہ ۔ع۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ اور اصطلاح شاعری مین وہ نظم جو دو بیت سے کم نہو زیادہ ہو مگر مطلع نہو۔

قطف ۔ع۔ چھیلنا۔ میوہ وغیرہ توڑنا۔ چوپایہ کا آہستہ راہ چلنا۔

قِطف ۔ع۔ میوہ۔ درخت کا پختہ پھل۔

قَطَف ۔ع۔ سرمق۔ بتھوے کا ساگ۔

قط گیر ۔ف۔ وہ چیز جسپر قلم کو قط لگائین۔

قِطم ۔ع۔ شہوت کی تیزی۔

قطمیر ۔ع۔ باریک پوست جو خرمے کی گٹھلی پر ہوتا ہے۔ یا سفید نقطہ جو پشت خرما پر ہوتا ہے یا خرمے کی گٹھلی کا شگاف۔ یا وہ ریشہ جو درمیان خرمے کی گٹھلی کے شگاف کے ہوتا ہے غرضکہ کنایہ قلیل شی اور حقیر اور نہایت چھوٹی چیز سے ہے نام اصحاب کہف کے کتے کا۔

قُطن ۔ع۔ روئی۔ پنبہ۔

قَطَن ۔ع۔ وہ ہڈی جو درمیان دونون چوتڑون کے ہے۔ ریڑھ کی ہڈی یعنی ڈھڈی مرغ کی دُم کی جڑ۔

قطنی ۔ع۔ روئی کا کپڑا یعنی سوتی کپڑا اور جامہ مشروع بھی جسکا تانا ریشم کا اور بانا سوت کا ہوتا ہے۔

قَطور ۔ع۔ وہ پتلی دوا جو کان اور ناک مین ٹپکائین۔ بضم اول غلط ہے۔

قُطور ۔ع۔ دوڑ کر چلنا۔ تیز چلنا۔ روان ہونا۔ ٹپکنا پانی وغیرہ کا۔

قُطوط ۔ع۔ قلم پر قط لگانا۔

قُطوف ۔ع۔ میوے۔ جمع قطف کی۔

قَطیع ۔ع۔ / **قطیعہ** ۔ع۔ } بکری اور گاے اور گھوڑے وغیرہ کا گلہ۔

قطیعت ۔ع۔ بریدگی۔ جدائی۔ دور ہونا

قطیفہ ۔ع۔ چادر پیچیدہ۔ جامہ مخمل مشہور ہے

فصل قاف مع عین مہملہ

قعب ۔ع۔ بات کی تہ۔ گہرا پن بات کا بڑا پیالہ جسمین پانی پینے سے ایک آدمی خوب سیراب ہوجائے۔

قَعدہ ۔ع۔ بیٹھنا۔

قِعدہ ۔ع۔ ایک طرحکی نشست۔

قُعدہ ۔ع۔ سواری کا مرکب۔

قعر ۔ع۔ تہ کنوئین کی عمق یعنے گہراؤ کنوئین یا دریا وغیرہ کا۔

قعقعہ ۔ع۔ کاغذ اور خشک چمڑے اور ہتھیار کی آواز یعنی کھڑکھڑاہت۔

قعلی ۔ف۔ میر شکار۔

قُعود ۔ع۔ مطلق بیٹھنا۔ کھڑے سے بیٹھنا۔ سوتے سے اُٹھکر بیٹھنا۔

قَعود ۔ع۔ جوان اونٹ جو پہلے پہل سواری یا باربرداری مین آیا ہو۔

قعور ۔ع۔ نہایت گہرا کنوان۔

قعید ۔ع۔ ہمنشین مرد۔

قعیدہ ۔ع۔ ہمنشین عورت۔

فصل قاف مع فا

قفا ۔ع۔ گدی۔ گردن کی پشت مجازًا بمعنی مطلق پیچھے اور پس پشت کے مستعمل ہے اور بمعنی وقت غیبت کے بھی۔ اور وہ گھونسا جو کسی کی گدی پر مارین۔

قفا خاریدن ۔ف۔ شرمندہ ہونا۔

قفار ۔ع۔ روکھی روٹی یعنے بغیر دال سالن کے وہ زمین جو پانی اور گھاس سے خالی ہو۔

قفر ۔ع۔ وہ زمین جسپر گھاس اور پانی نہو۔ بھوکھا رہنا آدمی کا غذا سے۔

قَفَر ۔ع۔ کم ہونا مال کا۔ کم گوشت یعنی دبلا ہونا

قفس ۔ف۔ / **قفص** ۔ع۔ } پرندونکا پنجرا یہ لفظ سین اور صاد دونون سے صحیح ہے مگر اتنا فرق ہے کہ فارسی مین تو سین اور صاد دونون سے آتا ہے اور عربی مین فقط صاد سے

قُفل - ع - تالا۔
قُفّہ - ع - زمین بلند - مگر بمعنی بلند اور بلند
مقام کے مستعمل ہے۔
قُفّہ منارہ - ع - وہ نشست کا مقام جو
منار کے اوپر بیٹھنے کے لئے بناتے ہین۔
قَفِیز - ع - ایک پیمانہ ہے بارہ صاع کا
اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور
ایک رطل آدھ سیر کا اور زمین کی پیمائش
مین قفیز ایک سو چوالیس گز شرعی کو کہتے ہین

فصل قاف مع قاف

قُقنُس - ی - یہ لفظ یونانی ہے مخفف
لفظ قوقنوس کا جو یونانی ہے - یہ ایک پرند
کا نام ہے جسکی رنگ برنگ آواز سے حکیمون
نے علم موسیقی کو نکالا ہے - کہتے ہین کہ عمر
اسکی ہزار برس کی ہوتی ہے اور جوڑا اسکا
یعنے مادہ اسکی نہین ہوتی ہے - اور پیدائش
اسکی اسطرح بیان کرتے ہین کہ جب یہ
جانور بوڑھا ہوجاتا ہے تو لکڑیان جمع کرکے اُنپر
جا بیٹھتا ہے اور اپنی چونچ سے جسمین بہت سے سوراخ
ہوتے ہین اور ہر سوراخ سے ایک علحدہ راگ نکلتا ہے
آواز کرنے اور بولنے لگتا ہے پس منجملہ سب سوراخون کے
ایک سوراخ سے دیپک کا راگ بھی نکلتا ہے
اور اسوقت وہ اسی سوراخ پر زیادہ زور دیتا ہے
پس دیپک کے راگ کی خاصیت سے اُن لکڑیون
مین آگ لگجاتی ہے اور وہ جانور اُسی آگ مین
جل بھن کر راکھ ہوجاتا ہے پس بقدرت الٰہی
اس راکھ پر مینھ برستا ہے اور اس راکھ مین
انڈا پیدا ہوتا ہے اور کچھ دنون مین اس
انڈے سے ویسا ہی دوسرا جانور پیدا ہوتا ہے
اور بعضون نے لکھا ہے کہ اُسکی چونچ مین تین سو
ساٹھ سوراخ ہوتے ہین اور ہر سوراخ سے
ایک علحدہ راگ نکلتا ہے پس جب اسکی موت
آتی ہے تو یہ جانور لکڑیان جمع کرکے اُنپر
بیٹھتا ہے اور گانے یعنی بولنے لگتا ہے اور اپنی
آواز سے آپ ہی مست ہوکر پرون کو جھاڑتا
اور بازوون کو پیٹ پھٹاتا ہے یہانتک
کہ اُسکے پرون سے آگ جھڑنے لگتی ہے
اور لکڑیان بھڑک اُٹھتی ہین اور وہ اسی
آگ مین جل جاتا ہے - باقی حال پیدائش بدستور
اور اس مرغ کو فارسی مین آتش زن کہتے ہین

فصل قاف مع لام

قُل - ع - صیغہ امر کا ہے - کہہ - بول -
قُل - ت - غلام -
قِلاء - ع - دشمنی - دشمن رکھنا کسیکو -
قُلاب - ع - قُلابہ - حلقہ -
قَلّاب - ع - بدل دینے والا خالص کو
غیر خالص سے - یعنے دغاباز - فریبیا -
قُلابہ - ع - حلقہ مچھلی پکڑنے کا کانٹا -
قَلّابی - ف - کھوٹی چیز بیچنا - دغابازی -
قِلاج - ت - زور سے کسی چیز کا کھینچنا جیسے
کمان کا کھینچنا - مقدار درازی دونون ہاتھ کی
قِلادہ - ع - گلوبند - کُتے وغیرہ کا پٹہ -
قَلّاش - ت - مفلس - بے نام و ننگ لُچا -
بدمعاش - مرد مجرد -
قِلاع - ع - جمع قلعہ کی -
قُلاع - ع - جوشش دہن - مُنھ کا آنا -
قَلاق - ت - نام ایک ملک کا ترکستان
مین - نام ایک قوم کا ترکون سے -
قُلاق - ت - گوش - کان -
قَلاوُز - ت - راہبر - رستہ بتانے والا
جو ساتھ ساتھ چلے - سوار محافظ لشکر کے
جو فوج سے آگے چلین -
قَلاوُزی - ت - رہبری - پیشروی -
قَلائد - ع - جمع قلادہ یعنی گلوبند وغیرہ کی
قَلب - ع - اُلٹا ہوا - اوندھا - دل
اور کہتے ہین کہ دل کا قلب اسلئے نام ہوا کہ
دل سینہ مین اُلٹا لٹکا ہوا ہے - ہر چیز کا
بیچ بیچ درمیان شے کا - کھوٹی چاندی - کھوٹا
سونا - فوج درمیان لشکر کی جسمین بادشاہ
یا سردار رہتا ہے - خرد - عقل -
قُلب - ع - کلائی پر پہننے کی چیز مثل
کنگن وغیرہ کے سفید رنگ کا سانپ -
قُلَّب - ع - مرد حیلہ گر - دغاباز - کامون
وغیرہ کو دوسرے رنگ پر پھیر دینے مین عقلمند
قَلَب - ع - برگشتگی - لب یعنی ہونٹ کی

قُلبہ - ع - زمین جوتنے کا ہل۔
قُلبہ ران - ف - ہل جوتنے والا۔
قَلبی - ع - بدلا ہوا - الٹا کیا ہوا - دلی۔
قُلپاق - ت - کلاہ - ٹوپی۔
قِلّت - ع - کمی - کمیابی۔
قَلّت - ع - بیماری سے صحت پانا - مفلسی اور فقیری سے رہائی پانا۔
قُلت - ف - کھڑے ماش - اُرد۔
قَلتبان - ف - دیوث جسکی جورو بدکار ہو اور وہ اس امر پر راضی ہو۔
قُلّتین - ع - دو مٹکے جنمین ایکہزار اور دو سو رطل عراقی پانی سما سکے اور بموجب مذہب شافعی اسقدر پانی ملاقات نجاست سے نجس نہین ہوتا ہے۔ یہ تثنیہ قلّہ کا ہے
قُلچاق - ت - لوہے کا دستانہ۔
قَلَح - ع - دانتونکی زردی اور میلاپن۔
قُلزم - ع - نام ایک شہر کا ہے درمیان مصر اور مکہ کے نزدیک کوہ طور کے اُس شہر سے منسوب کرکے اُس دریا کو جسکے کنارہ پر وہ واقع ہے بحر قُلزم کہتے ہین۔
قَلَس - ع - گلے سے غذا کا ایک دفعہ نکل پڑنا اور جو غذا دو تین مرتبہ کرکے حلق سے نکلے اُسکو تے کہتے ہین۔
قَلع - ع - اُکھیڑنا - نام ایک کان کا ہے جسمین سے خالص رانگہ نکلتا ہے۔

قَلعہ - ع - ابر کا ٹکڑا - پتھر کا مکان اور حصار محفوظ جسمین بادشاہ وغیرہ رہین۔
قلعۂ بغداد - ف - لوطیون کی اصطلاح مین شکم یعنے پیٹ کو کہتے ہین۔
قَلعی - ع - منسوب طرف قلع کے جو نام ایک کان کا ہے جسمین سے خالص رانگا نکلتا ہے
قُلفہ - ع - سر ذکر یعنے عضو تناسل کا سر بغیر ختنہ کیا ہوا۔
قَلَق - ع - بیقراری - بے آرامی۔
قَلِق - ع - بیقرار - بے آرام - ڈرپوک۔
قُلقاس - ع - اروی مشہور ترکاری ہے۔
قُلقان - ف - سپر - ڈھال۔
قُلقچی - ت - نوکر - خدمتگار - مگر بادشاہ کے نوکر کو قلقچی نہ کہین گے۔
قُلقطار - ت - زاک - ہندی پھٹکری۔
قُلقُل - ع - آواز پانی یا شراب کے گرنیکی شیشہ یا صراحی کے گلے سے مجازاً مہمل کلام۔
قَلقلہ - ع - جوش بیقراری - ملانا حرف ساکن کا اُسکے مخرج مین اور حروف قلقلہ پانچ ہین۔ قاف - دال - طا - با - جیم۔
قُلقُلہ - ع - آواز صراحی یا شیشہ کی بروقت اونڈیلنے پانی یا شراب کے۔
قُلَل - ع - پہاڑ کی چوٹیان - جمع قُلّہ کی
قَلم - ع - کاٹنا - تراشنا - ناخن لینا۔
قَلَم - ع - تراشا ہوا یعنے بنا ہوا قلم - جو چیز کہ کٹی ہوئی اور تراشی ہوئی ہو - وہ تھوڑے بال جو دونون طرف درمیان کان اور بھونکے لٹکا کر قینچی سے کاٹ دیتے ہین۔
قَلّما - ع - اندک - تھوڑا۔
قلماش - ت - بیہودہ۔
قلم بند - ف - بنانے والا مو قلم کا جس سے نقاشی کرتے ہین۔ وہ چیز جسکو لکھ لین۔
قلم بناخن شکستن - ف - سزا کو پہونچانا۔
قلم بہ دم شمشیر افتادن - ف - تلوار کی باڑھ مڑجانا - تلوار کی دھار مین دندانے پڑجانا۔
قلم در کشیدن - ف - معاف کرنا مٹا دینا۔
قلم در سیاہی نہادن - ف کسی کو سزا دینا کسیکے نام پر بُرے کلمات لکھنا۔
قلم دست - ف بغیر اضافت کے بمعنی تحریر
قلم دست و پا - ف - ہاتھ کی کلائی اور پانوُن کی پنڈلی کی ہڈی۔
قلمرو - ف - سلطنت - ملک - راجدھانی۔
قلمزن - ف - محرّر - مصوّر۔
قلمکار - ف - وہ کپڑا جسپر رنگ برنگ کے نقش اور بیل بوٹے ہون - چھینٹ
قلم موے - ف - بالون کا قلم مصوّری کا۔
قلم انگشت - ف - یعنی حساب و پرسش [illegible]
قلمہاے شکین - ت - مراد کوٹلون سے۔
قلمی - ف - لکھی ہوئی چیز - وہ ایک قسم چاول کی جسپر سیدھے لمبے خطوط ہون۔

قَلَندر - ف - اصل مین یہ لفظ کلندر تھا
بمعنی کندۂ ناتراشیدہ - اصطلاحاً وہ فقیر جو
بے پروا ہو اور پابند شرع نہو - رند بیباک -
قَلَندری - ف - ایک قسم ہے حنیہ کی -
قَلَنسہ - ع - } کلاہ - ٹوپی - ظاہراً قلنسہ
قَلَنسُوہ - ع - } مخفف ہے قلنسوہ کا -
قَلتَغہ - ت - محاصرہ کرنا - گھیر لینا - خوراک
پیادے کی جو گانون پر دستک جائے -
قُلُوب - ع - جمع قلب بمعنی دل کی -
قَلُوص - ع - جوان اونٹنی -
قُلّہ - ع - پہاڑ کی چوٹی - ہر چیز کے سر کی
نوک - بڑا مٹکا جسمین چھ سو رطل پانی سمائے -
قُلہ - ت - بغیر تشدید لام کے گھوڑے کا ایک
قسم کا رنگ جو مائل بزردی ہوتا ہے - مثل
بادام کے اور ایال کے بالون سے دُم تک
ایک سیاہ خط پیٹھ پر ہوتا ہے -
قُلی - ت - غلام -
قَلی - ع - ماہی توے مین کسی چیز کا بھوننا -
قَلی - ع - سجی مشہور کھار ہے -
قِلیان - ف - حقہ -
قَلِیب - ع - پرانا کچا کنوان -
قَلِیچ - ف - شمشیر - تلوار -
قُلیدس - ع - نام حکیم کا نام اسکی کتاب کا
اشکال علم ہندسہ مین مخفف اُقلیدس کا ہے -
قَلِیہ - ع - ماہی توے مین گوشت بھنا ہوا -

مگر استعمال اس لفظ کا اُس گوشت پر ہے
جو گھی اور مصالح وغیرہ کے ساتھ پتیلی وغیرہ
مین شوربا دار پکتا ہے -

فصل قاف مع میم

قُم - ع - صیغہ امر کا ہے - اُٹھ کھڑا ہو -
قُمّ - ع - نام شہر کا نزدیک اصفہان کے -
قَمّ - ع - گھر مین جھاڑو دینا -
قُمّا - ت - کنیزک - لونڈی -
قُماج - ت - ایک قسم روٹی کی اور اسکو
کماج بھی کہتے ہین -
قِمار - ع - ہر بازی جسمین شرط لگائی جائے
وہ بازی جسمین روپیہ کی لین دین کی شرط
ہو - ہندی جوا -
قُمار - ع - نام ایک موضع کا بلاد ہند سے جہان
اگر بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے اور اسی شہر کی
طرف منسوب کرکے عود قماری مشہور ہے -
قِمارباختن - ف - جُوا کھیلنا -
قِمارباز - ف - جُواری -
قُماری - ع - عود کی صفت ہے منسوب
طرف شہر قمار کے - اور جمع قمری پرند مشہور کی -
قُماش - ع - اسباب گھر کا اسباب - کپڑے
ریشمی وغیرہ - اور بمعنی جوہر اور صفت کے بھی -
قِماط - ع - وہ کپڑا جسمین نئے پیدا ہوے لڑکے
کو خوب لپیٹ کے باندھ دیتے ہین فقط ہند
کھلار کہتے ہین اور یہ رسم ولایت کی ہے

فارسی مین اسکو غُندک کہتے ہین -
قُمامہ - ع - گھر کا کوڑا کرکٹ جو جھاڑو
دیکر ایک جگہ پھینکدیا جاتا ہے - آدمی کا گروہ -
قمچی - ت - تازیانہ - کوڑا - چابک -
قمح - ع - گیہون بھنے ہوے اناج کا آٹا
جسکو ہندی مین ستو کہتے ہین -
قمحدُوہ - ع - پس سر یعنے وہ مقام کھوپڑی کا
جو چت لیٹنے مین زمین سے ملجاتا ہے -
قَمر - ع - جوے مین اپنے حریف پر غالب آنا -
قُمر - ع - چیزین سفید اور روشن جمع اقمر کی -
قَمَر - ع - چاند - واضح ہو کہ چاند رات سے
تین شب تک چاند کو ہلال کہتے ہین اور پھر
آخر مہینہ تک قمر - اور کیمیاگرون کی اصطلاح
مین قمر چاندی کو کہتے ہین -
قَمرا - ع - چاندنی - روشنی ماہ -
قَمَران - ع - } دونون تثنیہ قمر کا ہے
قَمَرین - ع - } اور مراد اس سے چاند اور سورج
یہ تثنیہ تغلیبی کہلاتا ہے اسلیئے کہ محاورہ
عرب مین قمر مذکر ہے اور شمس یعنی سورج
مونث ہے جسطرح مان اور باپ کو والدین
کہتے ہین اسلیئے کہ مرد غالب ہوتا ہے عورت پر والدین کہتے
قَمرُغہ - ت - شکارگاہ -
قَمرہ - ع - جوا جوے کا گھر - قمارخانہ -
قُمری - ع - نام مشہور پرند کا -
قَمری - ع - منسوب قمر سے -

قمطر - ع - موٹا اونٹ چھوٹے قد کا آدمی وہ صندوق جسمین کتابون کو رکھین - اور بمعنی کتاب کے جزودان کے بھی لکھا ہی

قمع - ع - توڑنا جڑ کے نا گرز مارنا کسی چیز

قمقام - ع - بڑا چھرا - دریا - سردار قوم

قمقمہ - ع - نام ایک چھوٹے گول ظرف کا جسکو فارسی مین کوزہ کہتے ہین -

قمل - ع - سپش - جوُن -

قمل - ع - جوؤن کا پڑجانا - شکم کلان یعنے بڑے پیٹ کا ہونا -

قمل - ع - گتہ - ہندی چچڑی - کلنی -

قمم - ع - جمع قمہ کی - ہر چیز کے سر کی نوکین مجازاً بلندیان -

قمہ - ع - بلندی ہر چیز کی - ہر چیز کے سر کی نوک - بلندی - کلس -

قمہ - ت - نام ایک ہتھیار کا -

قمی - ع - منسوب طرف قم کے جو نام شہر کا ہے ایران مین - تخلص ایک شاعر کا -

قمیص - ع - کرتہ - پیراہن -

قمین - ع - سزاوار - لائق -

فصل قاف مع نون

قنات - ع - چھوٹی نہر نیزہ استخوان صرہ پشت

قنات - ت - پردہ دلدار جو قائم مقام دیوار کے ہوتا ہے اور مشہور ہے -

قناد - ع - قند بنانے والا - حلوائی

قنادخانہ - ف - وہ مقام جہان حلوائی شکر اور قند وغیرہ بناتے ہین ہندی کھنڈسال -

قنادیل - ع - جمع قندیل کی -

قنار - ع - وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخ وغیرہ جسپر قصاب لوگ ساری بکری کو بعد ذبح کرنے کے کھال وغیرہ صاف کرکے لٹکا دیتے ہین اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیچتے ہین -

قناع - ع - ایک پردہ دوسرا جو اوپر مقنعہ کے ڈال لیتے ہین - اور بعضون نے بمعنی مقنعہ کے بھی لکھا ہے -

قناعت - ع - راضی ہونا تھوڑی چیز پر

قنب - ع - ایک درخت ہے جسکی پتی نشہ لاتی ہے - ہندی بھنگ -

قنبر - ع - نام حضرت علیؑ کے غلام کا -

قنتورہ - ت - ایک قسم کا لباس رنگین جسکے دامن چھوٹے ہوتے ہین اور بند اسمین بہت ہوتے ہین - وہ تسمہ جو جراب پر باندھ لیتے ہین تا کہ گرد اُسکے اندر نہ جائے -

قند - ع - سفید شکر -

قنداق - ت - وہ لکڑی جسمین بندوق کی نال چسپان کرتے ہین - عرف مین اسکو کندہ کہتے ہین -

قندر - ت - نام ایک ولایت کا قریب ظلمات کے نام ایک جانور سیاہ رنگ کا مشابہ کتّے کے جو کہ ترکستان مین ہوتا ہے اسکی کھال کا بہت عمدہ پوستین بنتا ہے مجازاً اس جانور کے پوست کو بھی قندر کہتے ہین اور بعضون کا قول ہے کہ قندر دریائی کتا ہے اُسکا پوست نہایت گرم ہوتا ہے اور اسی کا خصیہ جندبیدستر کہلاتا ہے جو نہایت مقوی باہ ہوتا ہے -

قندمکرر - ف - وہ قند جسکو دوبارہ صاف کرتے ہین اور اس مرتبہ یہ نہایت صاف اور براق ہوجاتا ہے اور اکثر قند مکرر سے معشوق کے ہونٹ مراد ہوتے ہین -

قندیل - ع - فانوس جسمین چراغ جلاتے ہین اور بہ فتح قاف غلط مشہور ہے -

قندیل آب - ف - وہ شیشہ کا ظرف جسمین آدھی دور پانی بھر کے اوپر تیل ڈالتے ہین اور بتی اُسکے اندر رکھ کے روشن کرتے ہین

قنص - ع - شکار کرنا - دام بچھانا -

قنطار - ع - ایک کھال بیل کی چاندی یا سونے سے بھری ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ قنطار ایک سو بیس رطل چاندی یا سونا -

قنطرہ - ع - عمدہ اور مضبوط پل کا بنانا - بڑا پل دریا کا - بنائے بلند - اونچی عمارت -

قنفذ - ع - خارپشت ایک جانور ہے جسکے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہین - ہندی ساہی -

قنق - ت - مہمان -

قنو - ع - خوشہ خرمائے تازہ -

قنوات - ع - جمع قنات کی چھوٹی نہرین

قلندر - ف - اصل مین یہ لفظ کلندر تھا
بمعنی کندۂ ناتراشیدہ - اصطلاحاً وہ فقیر جو
بے پروا ہو اور پابند شرع نہو - رند بیباک -
قلندری - ف - ایک قسم ہے حنیہ کی -
قلنسہ - ع - کلاہ - ٹوپی - ظاہر اقلنسہ
قلنسوہ - ع - } مخفف ہے قلنسوہ کا -
قلنغہ - ت - محاصرہ کرنا - گھیر لینا - خوراک
پیادے کی جو گانون پر دستک جائے -
قلوب - ع - جمع قلب بمعنی دل کی -
قلوص - ع - جوان اونٹنی -
قلہ - ع - پہاڑ کی چوٹی - ہر چیز کے سر کی
نوک - بڑا مٹکا جسمین چھ سو رطل پانی سمائے -
قلہ - ع - بغیر تشدید لام کے گھوڑے کا ایک
قسم کا رنگ جو مائل بزردی ہوتا ہے - مثل
بادام کے اور ایال کے بالون سے دم تک
ایک سیاہ خط پیٹھ پر ہوتا ہے -
قلی - ت - غلام -
قلی - ع - ماہی توے مین کسی چیز کا بھوننا
قلی - ع - سجی مشہور کھار ہے -
قلیان - ف - حقہ -
قلیب - ع - پرانا کچا کنوان -
قلیچ - ف - شمشیر - تلوار -
قلیدس - ع - نام حکیم کا نام اسکی کتاب کا
اشکال علم ہندسہ مین مخفف اقلیدس کا ہے -
قلیہ - ع - ماہی توے مین گوشت بھنا ہوا -
مگر استعمال اس لفظ کا اس گوشت پر ہے
جو گھی اور مصالح وغیرہ کے ساتھ پتیلی وغیرہ
مین شوربادار پکتا ہے -

فصل قاف مع میم

قم - ع - صیغہ امر کا ہے - اٹھ کھڑا ہو -
قم - ع - نام شہر کا نزدیک اصفہان کے -
قم - ع - گھر مین جھاڑو دینا -
قما - ت - کنیزک - لونڈی -
قماج - ت - ایک قسم روٹی کی اور اسکو
کماج بھی کہتے ہین -
قمار - ع - ہر بازی جسمین شرط لگائی جائے
وہ بازی جسمین روپیہ کی لین دین کی شرط
ہو - ہندی جوا -
قمار - ع - نام ایک موضع کا بلاد ہند سے جہان
اگر بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے اور اسی شہر کی
طرف منسوب کرکے عود قماری مشہور ہے -
قمار باختن - ف - جوا کھیلنا -
قمارباز - ف - جواری -
قماری - ع - عود کی صفت ہے منسوب
طرف شہر قمار کے - اور جمع قمری پرند مشہور کی -
قماش - ع - اسباب گھر کا اسباب - کپڑے
ریشمی وغیرہ - اور بمعنی جوہر اور صفت کے بھی -
قماط - ع - وہ کپڑا جسمین نئے پیدا ہوئے لڑکے
کو خوب لپیٹ کے باندھ دیتے ہین فقط اسکو
کھلار کہتے ہین اور یہ رسم ولایت کی ہے
فارسی مین اسکو غنداک کہتے ہین -
قمامہ - ع - گھر کا کوڑا کرکٹ جو جھاڑو
دیکر ایک جگہ پھینکدیا جاتا ہے - آدمی کا گروہ
قمچی - ت - تازیانہ - کوڑا - چابک -
قمح - ع - گیہون بھنے ہوے اناج کا آٹا
جسکو ہندی مین ستو کہتے ہین -
قمحدوہ - ع - پس سر یعنے وہ مقام کھوپڑی کا
جو چت لیٹنے مین زمین سے ملجاتا ہے -
قمر - ع - جوے مین اپنے حریف پر غالب آنا
قمر - ع - چیزین سفید اور روشن جمع اقمر کی -
قمر - ع - چاند - واضح ہو کہ چاند رات سے
تین شب تک چاند کو ہلال کہتے ہین اور بعد
آخر مہینہ تک قمر - اور کیمیا گرون کی اصطلاح
مین قمر چاندی کو کہتے ہین -
قمرا - ع - چاندنی - روشنی ماہ -
قمران - ع - } دونون تثنیہ قمر کا ہے
قمرین - ع - } اور مراد اس سے چاند اور سورج
یہ تثنیہ تغلیبی کہلاتا ہے اسلیئے کہ محاورہ
عرب مین قمر مذکر ہے اور شمس یعنی سورج
مونث ہے جسطرح مان اور باپ کو والدین
کہتے ہین اسلیئے اگر مرد غالب ہوتا ہے عورت پر والدین ہین کہتے
قمرغہ - ت - شکارگاہ -
قمرہ - ع - جوا - جوے کا گھر - قمارخانہ -
قمری - ع - نام مشہور پرند کا -
قمری - ع - منسوب قمر سے -

قمطر - ع - موٹا اور ٹھگنا چھوٹے قد کا آدمی
وہ صندوق جسمین کتابون کو رکھین - اور
بمعنی کتاب کے جزو دان کے بھی لکھا ہے
قمع - ع - توڑنا خراب کرنا گرز مارنا کسی چیز پر
قمقام - ع - بڑا چھرا - دریا - سردار قوم
قمقمہ - ع - نام ایک چھوٹے گول ظرف کا
جسکو فارسی مین کوزہ کہتے ہین -
قمل - ع - سپش - جُون -
قمل - ع - جوؤن کا پڑ جانا - شکم کلان
یعنے بڑے پیٹ کا ہونا -
قمل - ع - گنہ - ہندی چچڑی - کلنی -
قمم - ع - جمع قمہ کی - ہر چیز کے سر کی
نوکین مجازاً بلندیان -
قمہ - ع - بلندی ہر چیز کی - ہر چیز کے سر
کی نوک - بلندی - کلس -
قمہ - ت - نام ایک ہتھیار کا -
قمی - ع - منسوب طرف قم کے جو نام
شہر کا ہے ایران مین - تخلص ایک شاعر کا -
قمیص - ع - کرتہ - پیراہن -
قمین - ع - سزاوار - لائق -

فصل قاف مع نون

قنات - ع - چھوٹی نہر نیزہ استخوان مہرہ پشت
قنات - ت - پردہ دلدار جو قائم مقام
دیوار کے ہوتا ہے اور مشہور ہے -
قناد - ع - قند بنانے والا - حلوائی
قنادخانہ - ف - وہ مقام جہان حلوائی
شکر اور قند وغیرہ بناتے ہین ہندی کھنڈسال -
قنادیل - ع - جمع قندیل کی -
قنار - ع - وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخ
وغیرہ جسپر قصاب لوگ ساری بکری کو بعد ذبح
کرنے کے کھال وغیرہ صاف کرکے لٹکا دیتے ہین
اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیچتے ہین -
قناع - ع - ایک پردہ دوسرا جو اوپر
مقنعہ کے ڈال لیتے ہین - اور بعضون نے
بمعنی مقنعہ کے بھی لکھا ہے -
قناعت - ع - راضی ہونا تھوڑی چیز پر
قنب - ع - ایک درخت ہے جسکی پتی نشہ
لاتی ہے - ہندی بھنگ -
قنبر - ع - نام حضرت علیؑ کے غلام کا -
قنتورہ - ت - ایک قسم کا لباس رنگین
جسکے دامن چھوٹے ہوتے ہین اور بند اسمین
بہت ہوتے ہین - وہ تسمہ جو جراب پر باندھ
لیتے ہین تاکہ گرد اُسکے اندر نہ جائے -
قند - ع - سفید شکر -
قنداق - ت - وہ لکڑی جسمین بندوق
کی نال چسپان کرتے ہین - عرف مین اسکو
کندہ کہتے ہین -
قندر - ت - نام ایک ولایت کا قریب
ظلمات کے نام ایک جانور سیاہ رنگ کا مشابہ
کتے کے جو کہ ترکستان مین ہوتا ہے اسکی کھال کا بہت
عمدہ پوستین بنتا ہے مجازاً اس جانور کے
پوست کو بھی قندر کہتے ہین اور بعضون کا
قول ہے کہ قندر دریائی کتا ہے اُسکا پوست
نہایت گرم ہوتا ہے اور اسی کا خصیہ جند بیدستر
کہلاتا ہے جو نہایت مقوی باہ ہوتا ہے -
قند مکرر - ف - وہ قند جسکو دوبارہ صاف
کرتے ہین اور اس مرتبہ یہ نہایت صاف
اور براق ہو جاتا ہے اور اکثر قند مکرر سے
معشوق کے ہونٹ مراد ہوتے ہین -
قندیل - ع - فانوس جسمین چراغ جلاتے
ہین اور بہ فتح قاف غلط مشہور ہے -
قندیل آب - ف - وہ شیشہ کا ظرف
جسمین آدھی دور پانی بھر کے اوپر تیل ڈالتے
ہین اور بتی اُسکے اندر رکھ کے روشن کرتے ہین
قنص - ع - شکار کرنا - دام بچھانا -
قنطار - ع - ایک کھال بیل کی چاندی یا
سونے سے بھری ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ
قنطار ایک سو بیس رطل چاندی یا سونا -
قنطرہ - ع - عمدہ اور مضبوط پل کا بنانا -
بڑا پل دریا کا - بناے بلند - اونچی عمارت -
قنفذ - ع - خارپشت ایک جانور ہے جسکے
تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہین - ہندی ساہی -
قنق - ت - مہمان -
قنو - ع - خوشہ خرماے تازہ -
قنوات - ع - جمع قنات کی چھوٹی نہرین

قِنوان - ع - جمع قنو کی - خوشے خرمائے
تازہ کے اور تثنیہ بھی ہے یعنے دو خوشہ خرما
قُنُوت - ع - فرمانبرداری - تابعداری دعا
مانگنا - خاموشی - نام دعائے مشہور کا جو نماز
مین پڑھی جاتی ہے - چھوٹی نہرین - پیٹھ
کی ہڈی کی گریان -
قُنُوط - ع - نا اُمیدی - نا امید ہونا -
قَنُوط - ع - نا اُمید -
قُنُوع - ع - قانع ہونا - راضی رہنا کم چیز پر
قَنُوع - ع - بڑا قانع - ہر حال مین راضی -
قِنیہ - ع - سرمایہ - پونجی -
قِنّینہ - ع - شیشہ اور صراحی شراب کی -

فصل قاف مع واؤ

قُویٰ - ع - جمع قوت کی -
قُوّاد - ع - دلال - کٹنا - قرمساق دیوث -
قَوارِع - ع - جمع قارعہ کی سختیان زمانہ
کے حوادث - بلائین -
قُوارہ - ع - گول ٹکڑا کسی چیز کا - گول ٹکڑا
جو درزی لوگ گریبان وغیرہ مین سے بیونت
چھانٹ کے نکال لیتے ہین -
قَوّاس - ع - کمان بنانے والا -
قَواعِد - ع - جمع قاعدہ کی - نام کتاب کا
قَوافِل - ع - جمع قافلہ کی -
قَوّال - ع - گویا - ڈوم - کلاونت اور
اصلی معنی اسکے مرد زبان آور اور بسیار گو -

قَوام - ع - راستی - سچائی - عدل -
قِوام - ع - نظام - اصل کسی چیز کی - اور معنے
آراستگی - باقی رہنا - کھڑا ہونا - کسی چیز کی
بقا - بندش کے بھی آیا ہے -
قَوانین - ع - جمع قانون کی -
قَوائم - ع - جمع قائمہ کی - کسی چیز کے پائے -
جنکے سبب سے وہ چیز تھمی رہے - آدمی اور
کل جانورون کے ہاتھ اور پانون -
قُوباء - ع - نام مرض کا - ہندی داد -
قُوَّت - ع - طاقت زور -
قُوت - ع - خوراک - کھانا -
قُوَّۃ الظَّہر - ع - طاقت پیٹھ کی اور کنایہ
حامی اور مددگار اور پشت پناہ سے -
قُورچ - ت - لڑائی کا جھنڈا نشان خدار - اور
یہ لفظ قچ بحذف واو معروف بھی آیا ہے -
قَوَد - ع - قاتل کو قتل کرنا مقتول کے
عوض مین قصاص -
قُور - ت - واو مجہول سے سلاح ہتھیار -
قُورت - ت - واو معروف سے خشک ہی -
قُورچی - ت - ہتھیار بند - سپاہی - سلاحدار
یعنے جسکے پاس ہتھیار رہین - ہتھیار کا اہتمام
کرنے والا دربار بادشاہی کا -
قُورچی باشی - ف - سردار سپاہیون کا
داروغہ سلاح خانہ -
قُورخانہ - ف - وہ مکان جسمین ہتھیار رہین

قُورمہ - ت - مطلق بھنی ہوئی شے خصوصاً
گوشت بھنا ہوا -
قَوس - ع - کمان - ٹکڑا دائرے کا
نام ایک برج کا آسمان پر -
قَوسُ السَّماء - ع - قوس قزح - دھنک
قَوس قُزَح - ع - دھنک جو رنگ
برنگ کی ہوتی ہے اور اکثر برسات مین بعد کھلنے
ابر کے آسمان پر دکھائی دیتی ہے اور اسکو کمان
رستم اور کمان شیطان بھی کہتے ہین - قزح
ماخوذ ہے قزحہ سے جسکے معنی زرد اور سرخ اور
سبز کے ہین یا ماخوذ ہے قزح سے جسکے معنی بلندی
کے ہین - یا منسوب ہے قزح سے جو نام ایک
فرشتہ موکل ابر کا ہے اور بعضے کہتے ہین قزح
نام شیطان کا ہے اسی سے اسکو کمان شیطان
اور کمان رستم بمناسبت اسکے بڑے ہونے کے کہتے ہین
قَوسِ مُشکین - ف - کنایہ معشوق کی بھون سے -
قُوش - ت - پرند شکاری مثل شکرہ اور
چرغ اور شاہین خصوصاً باز کے -
قُوشچی - ت - میر شکار -
قُوقہ - ت - گریبان وغیرہ کا تکمہ -
قَول - ع - گفتار - گفتگو - کہنا بات کا -
اور موسیقی کی اصطلاح مین وہ گیت
جسمین عبارت عربی بھی شامل ہو -
قُول - ت - رومیون کی فوج - انبوہ سپاہ کا
قُوللقچی - ت - نوکر - خدمتگار -

قولنامہ ف- اقرار نامہ- وہ کاغذ جسمین قول و قرار لکھا جائے۔
قولنج ع- وہ درد شدید جو قولون انتڑی مین پیدا ہوتا ہے- بفتح لام بھی درست ہے-
قوم ع- گروہ آدمیون کا-
قومہ ع- ایک مرتبہ اُٹھنا- ایکبار کھڑا ہونا-
قوۃ ع- قوت- استعداد- امکان-
قوی ع- مضبوط- طاقت والا-
قوی پشت ف- بہادر- دلیر-
قویم ع- سیدھا- راست- استوار-
قویمہ ع- ہر چیز سُونت جو سیدھی اور مضبوط ہو

فصل قاف مع ہاے ہوز

قہار ع- بڑا قہر کرنے والا- اور صفت خداے تعالے کی ہے۔
قہر ع- زبردستی کرنا- زور کرنا-
قہرمان- معرب کہرمان کا- وکیل کارفرما- خزانچی- حاکم- صاحب غلبہ- مجازا وہ حکومت اور حکم جو قہر او جلال کیساتھ ہو-
قہستان ف- نام ملک کا خراسان مین-
قہقاہ ع- کھل کھلا کر ہنسنا- زور کی ہنسی
قہقہہ ع- قہقہہ اور قہقہا نام ایک قلعہ کا ہے ایران مین-
قہوہ ع- نام ایک تخم کا جو کسیلا اور سیاہ ہوتا ہے ہندی مین اُسکو بُن کہتے ہین اسکو پانی مین جوش کرکے پیتے ہین-

فصل قاف مع یاے تحتانی

قے ع- اُبکائیونکے ساتھ کھایا ہوا اگل دینا-
قیادت ع- رہبری کرنا- رستہ بتانا- اور مجازا بمعنی قرمساقی اور دلالی کے بھی آتا ہے-
قیاس ع- اندازہ- اندازہ کرنا درمیان دو چیز کے برابر کرنا فکر سے ایک کو ساتھ دوسرے کے کسی بات مین- اور منطق کی اصطلاح مین ایک قول ہے مرکب دو جملون سے جس سے نتیجہ نکلے اور اسکو اصطلاح منطق مین شکل بھی کہتے ہین
قیاس مع الفارق ع- قیاس کرنا ایک چیز کا دوسری چیز پر بغیر اسکے کہ ان دونون چیزونمین کچھ مناسبت اور مشارکت ہو-
قیاسی ع- وہ چیز جو موافق قیاس اور قاعدہ کے ہو منسوب قیاس سے-
قیافہ ع- صورت دیکھکر اچھی یا بُری علامت کے دریافت کرلینے کا علم-
قیام ع- کھڑا ہونا- استادہ ہونا-
قیامت ع- مصدر ہے بمعنی قائم ہونا اور قیامت مشہور کو قیامت اسی وجہ سے کہتے ہین کہ اُس روز تمام مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہو جائینگے اور فارسی مین لفظ قیامت بمعنی نہایت اور بہت اور کار عجیب کے بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے (فلان طفل قیامت شوخ است)
قیامت کردن ف- عجیب و غریب کام کرنا- کسی کام مین طاقت سے زیادہ کوشش کرنا-

قیان ع- جمع قینہ کی گانیوالی لونڈیان-
قیچی ت- مقراض-
قیح ع- پیپ جو زخم مین پڑجاتی ہے-
قید ع- بند- بیڑی- کتاب کا شیرازہ- شکنجہ جسمین کتاب دبا دیتے ہین-
قید الاسنان ع- دانتونکی جڑونکا گوشت جسکو ہندی مین مسوڑھا کہتے ہین-
قیدافہ ف- نام نوشابہ کا جو ملک بردع کی ملکہ تھی اسکا قصہ سکندر نامہ مین مذکور ہے-
قیدبند ف- حصار نام ایک قلعہ کا ہے-
قیدی ف- بندھوا-
قیر ف- ایک قسم کا سیاہ روغن ہے جو خارشتی اونٹونپر ملاجاتا ہے- اور ایک قسم کا گوند ہے سیاہ اور نہایت چیکنے والا جو جہازون اور کشتیون کی درارون مین بھر دیتے ہین تاکہ پانی اندر نہ آوے اور بعضون نے بمعنی رال لکھا ہے
قیراط ع- آدھا دانگ یعنی چار جو کی مقدار-
قیروان ع- نام ملک کا نزدیک افریقہ کے-
قیروطی ی- موم روغن-
قیس ع- عرب مین نام ہے ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد سے ہے- نام مجنون عاشق لیلی کا
قیصر ع- لقب بادشاہ روم کا جو کوئی ہو- واضح ہو کہ زبان رومی مین قیصر اُس بچہ کو کہتے ہین جسکی ماں اُس بچے کے جننے کے قبل مرجائے اور پھر اُس عورت کا پیٹ چاک کرکے

وہ بچہ نکال لیا جاوے - چونکہ پہلا بادشاہ
روم کا اغسطوس نام اسی طرح پیدا ہوا تھا
اسلیئے اُسکا خطاب قیصر ہوا - اُس روز سے
اب ہر بادشاہ روم کا لقب ہوگیا -
قیصریۃ - ع - نام شہر کا -
قیصور - ع - نام شہر کا جہان کا فور نہایت
عمدہ پیدا ہوتا ہے -
قیطون - ت - جو کہ نخ ابریشم سے تار چاندی
یا سونیکے لمع کے لگا کر بنتی ہے -
قیفال - ع - نام ایک رگ کا ہے جس سے
خون نکالنا سر اور چہرے اور گلے کی اکثر بیماریون
کو دور کرتا ہے اسلیئے عرف مین اُسکو سرارو کہتے ہین
قیل - ع - نام ایک بیابان کا - کنایہ کلام
اور سخن سے اس صورت مین قیل و قال کا مخفف ہے
قیل - ع - نام ایک مرد کا - دوپہر کو شراب
پینا - وہ شخص جو دوپہر کو سوتا ہو - اور بمعنی
بادشاہ اور اس معنی کر کے اقیال جمع ہے -
قیل و قال - ع - گفتگو اچھی ہو خواہ بری -
قیلولہ - ع - دوپہر دن چڑھے کے وقت سونا
قیلہ - ع - ایک قسم کی بیماری جسمین خصیہ
بڑا ہوجاتا ہے اور یہ فتق کی ایک قسم ہے -
قیم - ع - جمع ہے قیمت کی -
قیم - ع - نگاہ رکھنے والا اور قائم رکھنے والا
کسی چیز کا - ایک نام خدا کے نامون سے -
قیماز - ت - لونڈی - خدمتگار -

قیماق - ت - دودھ پر کی ملائی -
قیمت - ع - مول - قدر -
قیمتی - ع - جو شے قیمت والی ہو -
قیمہ قیمہ کردن - ت - ریزہ - ریزہ کرنا -
قین - ع - آہنگر - لہار -
قین - ت - زوجہ - چھری و تلوار کا میان
قینہ - ع - گانے والی لونڈی -
قیود - ع - جمع قید کی - قیدین -
قیوم - ع - صیغہ مبالغہ کا ہے - بہت بڑا
قائم ہونے والا - بہت بڑا نگاہ رکھنے والا -
اور ایک نام خدا تعالے کے نامون مین سے -

باب کاف عربی

فصل کاف مع الف

کابک - ف - پرندونکا آشیانہ عموماً اور
گھر کبوترونکا خصوصاً -
کابوس - ع - ایک حالت ہے کہ سوتے ہوئے
آدمی کو لاحق ہوتی ہے اسطرح کہ آدمی کوئی
شکل ڈراونی یا کوئی ہنگامہ آفت کا خواب مین
دیکھکر ڈرتا ہے اور تمام جسم اسکا بوجھل ہوجاتا ہے
اور باوجودیکہ سوتے مین غل مچاتا ہے مگر آواز
نہین نکلتی - اور اُسکا نام عربی مین ضاغوطہ
بھی ہے اور فارسی مین سکاچہ کہتے ہین -
کابیشہ - ف - بیاے معروف سے گل
عصفر - ہندی مین کسنبھ کہتے ہین -

کابین - ف - وہ روپیہ جو شوہر بوقت نکاح
زوجہ کو دینا منظور کرتا ہے عربی مین مہر کہتے ہین
کاث - ت - نام ایک شہر کا خراسان سے جو
نزدیک خوارزم کے واقع ہے - اور ایک درخت کی
لکڑی کا عصارہ جو پانین کھاتے ہین ہندی مین کتھا
کاتب - ع - لکھنے والا - محرر -
کاج - ف - احول - بھینگا - اور کلمۂ تمنا اور
افسوس کا اس معنی مین کاش کی شین جیم
عربی سے بدلگئی ہے - نام درخت کا قسم صنوبر سے
کاجیرہ - ف - بیاے معروف سے گل عصفر ہندی
مین کسنبھ کہتے ہین -
کاچار - ف - گھر کا اسباب -
کاچال - ف - اسباب خانہ -
کاچک - ف - سر کے اوپر کی ہڈی - مغز سر کے
اوپر کی ہڈی - چندیا -
کاچہ - ف - زنخ - ٹھوڑی -
کاخ - ف - عمارت بلند - محل -
کاخ مشتری - ف - برج حوت -
کاخ مجازی - ف - کنایہ دنیا سے -
کاد - ف - حرص - لالچ -
کادی - ع - نام ایک درخت کا جسکا
کاذی - ع - پھول نہایت خوشبو ہوتا ہے
ہندی مین اُسکو کیوڑہ کہتے ہین -
کاذب - ع - جھوٹا - دروغگو -
کار - ف - کام - مجازاً بمعنی پیشہ - ہنر -

کاربند-ف- کام کرنیوالا- اطاعت کرنیوالا
کاربستن-ف- عمل مین لانا-
کاربجان رسیدن-ف- قریب ہلاکت پہونچنا-
کارد-ف- رائے موقوف سے چاکو چھری اور بفتح رائے مہملہ غلط ہے-
کارواز-ف- عامل کارگزار- وزیر بادشاہ کے آگے کام کرنیوالا-
کاردان-ف- کام جاننے والا- عاقل ہنرمند- بادشاہ کا وزیر-
کارد باستخوان رسیدن-ف- کنایہ نہایت تنگ آنے اور قریب ہلاکت پہونچنے سے-
کاردست بستہ-ف- مشکل کام جو کہ آسانی سے نہو سکے-
کارزار-ف- جنگ- لڑائی- مقابلہ-
کارشناس-ف- کام کو پہچاننے والا-
کارطلب-ف- کنایہ شجاع اور بہادر سے-
کارفرمات-ف- کام تبلانیوالا- حاکم-
کارکسی ساختن-ف- کسیکو مار ڈالنا-
کارکسی شدن-ف- کسی کا مرجانا-
کارکن-ف- کام کرنیوالا- کارندہ-
کارکیا-ف- یہ مقلوب الاضافت ہے یعنے کیاے کار بمعنی صاحب کار جسکے متعلق بہت سے کام ہون- مراد اس سے بادشاہ وزیر کارفرما- کارگزار- کارندہ-
کارکیائی-ف- بادشاہی- کارفرمائی-

کارگاہ-ف- ہر چیز کے بنانے کی جگہ عموماً اور کپڑا بننے کا مقام خصوصاً-
کارگر-ف- کام کرنیوالا- ہنرور- اور زلیخا مین ایک جگہ کنایہ خالق سے-
کارگزار-ف- نوکر- کارندہ-
کارمند-ف- خدمتگار-
کارنامہ-ف- تصویرون کا مرقع جو نقاش اپنے اظہار کمال کے لیئے تیار کرتے ہین جسکا نام کتاب تواریخ کی- کتاب قوانین ریاست اور عدالتی جسکو کتاب آئین اور دستور العمل بھی کہتے ہین
کاروان-ف- قافلہ-
کاروانسرا-ف- سرا جسمین قافلہ اور مسافر اترے-
کاریدن-ف- بیج کا بونا-
کاریز-ف- یاے مجہول سے نالی پانی دینے کی کھیت مین- وہ نالی جو ندی سے کھود کر کھیت مین لیجاوین تاکہ کھیت مین پانی دیا جاوے پنجابی زبان مین اسکو کول کہتے ہین-
کاریکر و کردن-ف- قطع معاملہ کرنا- دوستی اور محبت کا قطع کرنا-
کارنگر-ف- مزید علیہ کارگر کا- ہنرمند- کام کرنے والا-
کازہ-ف- وہ گڑھا جسمین صیاد چھپکر بیٹھتے ہین شکار پکڑنے کی تاک مین اور اس گڑھے کے منہ کو درخت کی ٹہنیون سے چھپا لیتے ہین تاکہ شکار دیکھکر بھڑکے نہین- کھیت والون اور غریب آدمیون کا جھوپڑا جو کھر اور پھوس کا ہو جھولا جو رسّی سے درخت وغیرہ پر ڈالکر جھولتے ہین
کاژ-ف- احول بھنگا- ایک قسم صنوبر کی-
کاژیرہ-ف- یاے معروف سے- گل عصفر ہندی مین کسنبھ کہتے ہین-
کاس-ف- نقارہ- خوک- سور-
کاس-ع- پیالہ شراب سے لبالب اور بمعنی مطلق جام کے بھی آیا ہے-
کاسات-ع- جمع کاسہ یعنی پیالہ کی-
کاسب-ع- کسب کرنیوالا- کمانیوالا- پیشہ سے پیدا کرنے والا-
کاستن-ف- گھٹنا- گھٹانا-
کاسد-ع- بے رواج- کھوٹا- جس چیز مین کچھ کھوٹ ملی ہو اور اس وجہ سے کوئی اُسکے خریدنیکی رغبت نہ کرے-
کاسر-ع- توڑنے والا-
کاسف-ع- چھپانے والا- پوشیدہ کرنیوالا بدحال- ترشرو-
کاس موے-ف- یعنے موے کاس معنی اُسکے سُور کے بال اسلیئے کہ کاس بمعنی سور ہے-
کاسہ-ع- پیالہ-
کاسہ بازی-ف- ایک قسم کا تماشہ جو بازیگر کرتے ہین- مجازاً بمعنی مکاری-
کاسہ بر سر کسی شکستن-ف- کسی کو رسوا

کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر کرنا۔
کاسہ بند کردن ف۔ خوشامد کرنا۔ کسی سے
کسی شے کی اُمید اور طمع کرنا۔
کاسۂ فغفور۔ ف۔ چینی کا پیالہ۔
کاسہ لیسان۔ ف۔ لالچی۔ فقیر۔ کمینے خوشامد
کرنے والے پست ہمت لوگ۔
کاش۔ ف۔ خدا کرے۔ امید یون ہے۔
یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے اور بمعنی شیشہ بھی۔
کاشانہ۔ ف۔ جھونپڑا۔ چھوٹا گھر۔ یہ کلمہ تحقیر کا
ہے۔ جاڑون کے رہنے کا وہ مکان کہ جسمین
چار رطرف روشندانون مین شیشے لگے ہون
مثل حمام کے تا کہ روشنی آوے اور ہوا نہ آسکے
اسلیئے کہ کاش بمعنی شیشہ ہے۔
کاشت۔ ف۔ کھیتی کرنا۔ یہ ماضی بمعنی مصدر ہے
کاشتن۔ ف۔ بونا۔ بیج بونا۔
کاشف۔ ع۔ کھولنے والا۔ دور کرنے والا۔
ظاہر کرنے والا۔ برہنہ یعنی ننگا کرنیوالا۔
کاشکے۔ ف۔ یہ کلمہ بھی تمنا اور آرزو کا ہے۔
کاظم۔ ع۔ غصہ مارنیوالا غصہ کا کھانیوالا لقب
حضرت امام موسی بن جعفر صادق علیہما السلام کا۔
کاغ۔ ف۔ نام ایک پرند کا۔ کوے کی آواز
نالہ۔ فریاد۔ چوپایونکی جگالی۔ آگ۔
کاغذ۔ ب۔ معرب کاغذ کا۔ مجازاً نامہ۔
کاغذ باد۔ ف۔ ہندی کنکوا۔
کاغذ حلوا۔ ف۔ ہر چیز ناقص اور ناکارہ
اور وجہ مناسبت کی یہ ہے کہ جس کاغذ مین
حلوا رکھا اور لپٹا جاتا ہے وہ کاغذ پھر لکھنے
وغیرہ کے کام کا نہین رہتا اور بعضون نے
کہا ہے کہ ایک قسم کاغذ نفیس کی ہے۔
کاغذ زر۔ ف۔ تمسک۔ قبالہ۔ ہنڈوی
روپیہ کی۔ نوٹ۔
کاف۔ ع۔ باز رکھنے والا۔ بچانے والا
بوڑھا اونٹ جسکے دانت گھس گئے ہون۔
کافتن۔ ف۔ کھودنا۔ چیرنا۔
کافر۔ ع۔ پوشیدہ کرنیوالا۔ چھپانیوالا۔
چونکہ بیدین حق کو چھپاتا ہے اور اسلام کی طرف
نہین پھرتا ہے اسلیئے کافر کہا۔ فارسیون نے
اُسکو بفتح فا بھی استعمال کیا ہے اور خنجر اور اختر کے
ساتھ قافیہ باندھا ہے۔ اور کافر بمعنی بڑی نہر اور
اندھیری رات کے بھی مجازاً آیا ہے۔
کاف ران۔ ف۔ کنایہ عورت کی شرمگاہ سے۔
کافر ماجرا۔ ف۔ وہ شخص جسکا حال مثل کافر
کے حال کے ہو۔
کافر ماجرائی۔ ف۔ مجازاً بمعنی ظلم و بیداد کے۔
کافر نعمت۔ ف۔ چھپانیوالا نعمت کا۔
ناسپاس۔ ناشکرا۔
کافل۔ ع۔ ضامن۔
کافور۔ ع۔ نام دوا ہے سفید اور خوشبو کا
جسکو ہندی مین کپور کہتے ہین۔ نام بہشتی چشمہ کا۔
کافور خوار۔ ف۔ کنایہ نامرد سے۔
کافور خوردن۔ ف۔ نامرد ہونا۔ کنایہ ہے
عدم رجولیت سے اسلیئے کہ کافور کا مزاج
تیسرے درجہ مین سرد و خشک ہے اور مشہور ہے
کہ اسکے کھانیکی کثرت کرنے سے شہوت زائل ہوجاتی ہے
کافور و عنبر۔ ف۔ سکندرنامہ مین ایک مقام پر مراد
کاغذ کی سفیدی اور روشنائی کی سیاہی سے۔
کافوری عمامہ۔ ف۔ مراد دستار سفید سے
کاف و نون۔ ف۔ کنایہ لفظ کن سے ہے
جو حقتعالے نے کل مخلوقات کے پیدا فرمانے سے
پہلے ارشاد کیا تھا اور اس لفظ کے فرماتے ہی
سب پیدا ہوگئے۔ کن کلمہ عربی ہے بمعنی موجود ہوجا
کافہ۔ ع۔ کل۔ ہمہ۔ سب۔ تمام۔
کافۂ انام۔ ع۔ سب لوگ۔ کل آدمی۔
کافی۔ ع۔ کفایت کرنیوالا۔ ضامن۔ نام
کتاب کا علم فقہ مین۔ نام کتاب کا علم نحو مین
مجازاً بمعنی دانا۔ عقلمند۔ کارگزار۔ کارندہ
پیشکار۔ ہندی مین نام راگنی کا۔
کاک۔ ف۔ روئی کی ایک قسم جو ٹکیہ کے مثل
ہوتی ہے۔ بعضے کہتے ہین روغنی ٹکیہ۔
کاکا۔ ف۔ بڑا بھائی۔ گھر کا بوڑھا غلام۔
کاکل۔ ف۔ زلف۔ بال سر کے آگے لٹکے ہوئے
گھوڑے کی گردن کے بال۔
کاکل شمع۔ ف۔ دھوان جو شمع کے سر پہ ہوتا ہے
کاکل صبح۔ ف۔ صبح صادق۔
کالا۔ ف۔ گھر کا اسباب غیر جاندار۔

کالبُد- ف- لام موقوف سے- قالب یعنی
سانچا ہر چیز کا- تن اور بدن اور جسم آدمی اور
دوسرے حیوانون کا- بفتح با بھی آیا ہے-
کالُم- ف- وہ عورت جو کنواری نہو- وہ
عورت جسکا شوہر مرگیا ہو- وہ عورت جسکے
شوہر نے اُسکو طلاق دیدی ہو-
کالُوج- ف- چھوٹی اُنگلی ہاتھ کی-
کالیدہ- ف- یاے معروف سے پریشان-
کالیو- ف- یاے مجہول سے سرگشتہ حیران-
پریشان- احمق- دیوانہ- بہرا-
کالیوگی- ف- سرگشتگی- حیرانی- دیوانگی-
کام- ف- مراد- مقصد- مطلب- حلق
کی چھت جسکو ہندی مین تالو کہتے ہین- اور زبان
ہندی مین بمعنی شہوت اور جماع-
کام پر شکر شدن- ف- منہ میٹھا ہونا-
کام دل- ف- مراد معشوق سے-
کامران- ف- جسکا مطلب ہوگیا ہو-
کامگار- ف- کامیاب- مقصدور-
کامگر- ف- مخفف کامگار کا-
کامِل- ع- پورا- نام ایک بحر کا اُنیس بحرین
اشعار سے-
کام ناکام- ف- چارہ ناچار-
کامن- ع- چھپا ہوا- پوشیدہ- اور
پوشیدہ ہونے والا-
کامہ- ف- مراد- مقصود- کام- اور ایک چیز
ترش مزہ جسکے ساتھ روٹی کھاتے ہین-
کامیاب- ف- کام پانے والا- جسکا
مطلب ہوگیا ہو- فتحیاب-
کان- ف- معدن- کھان-
کانون- ع- آتشدان مطلقاً خواہ لہارون
کی بھٹی ہو خواہ بھاڑ وغیرہ- دو مہینون کا
نام زبان رومی مین جنکا ذکر ہوتا ہے-
کانون الاوّل- ع- ہندی مین تقریباً
ماہ پوس اور انگریزی مین ماہ دسمبر-
کانون الآخر- ع- ہندی مین تقریباً
ماہ ماگھ اور انگریزی مین ماہ جنوری-
کانی- ف- کھان کی چیز- معدنی-
کاو- ف- امر ہے کاویدن سے یعنی کھود-
کاواک- ف- خالی- بےمغز- کھوکھلی چیز-
کاوس- ف- ایک بادشاہ تھا عظیم الشان
اسی کے نوکرون مین سے رستم پہلوان
بھی تھا اور اُسکو کیکاؤس بھی کہتے ہین-
کاوش- ف- کھوج لگانا- تلاش کرنا-
کاوکاو- ف- تلاش- تجسس- کاوش
اور بعضون نے بمعنی آواز کے بھی لکھا ہے-
کاوہ- ف- نام ایک لُہار کا جسنے ضحاک پر
خروج کرکے فریدون کو تخت پر بٹھایا تھا-
کاوِی- ع- کسی عضو پر آگ سے داغ دینے والا
کاویانی درفش- ف- فریدون کی فوج کا
علم منسوب ہے کاوہ لُہار کے اور یہ پلنگ کا
پوست یعنے کھال تھی جسکو کاوہ کام کرتے
وقت اپنی کمر پر باندھ لیتا تھا فریدون نے
ضحاک سے جنگ کرتے وقت اُس چمڑے کو اپنی
فوج کے علم پر باندھا تھا بعد فتح اُسکو مرصع بجواہر کیا-
کاویدن- ف- کھودنا-
کاہ- ف- سوکھی کٹی ہوئی گھاس-
کاہ در دہان گرفتن- ف- کنایہ عاجزی
کرنے اور امان چاہنے سے-
کاہش- ف- کم ہونا- نقصان قبول کرنا-
کاہکشان- ف- اُسکو کہکشان بھی کہتے ہین
وہ لمبی راہ جو کبھی کبھی آسمان پر رات کو نظر
آتی ہے اور یہ مہین مہین ستارون کی ہوتی ہے
جو آپسمین ملے ہوے اور گھنے ہوتے ہین اور
اُسکو کاہکشان اسلیئے کہتے ہین کہ یہ مشابہ ہے
اُس لمبی لکیر سے جو نرم زمین پر گھاس پھوس
کے کھینچنے سے پڑجاتی ہے-
کاہ کہنہ بباد دادن- ف- گذرے ہوے
زمانہ کی باتون اور چیزون کا ذکر اپنی بڑائی
کے لیئے کرنا- غرور کرنا- فخر کرنا- گپ مارنا-
کاہل- ع- سُست-
کاہلی- ع- سُستی-
کاہن- ع- فال گو- جادوگر- شگون
لینے والا- جانورون کی آواز سے غیب کی
باتون کو بتانے والا-
کاہو- ع- نام دوا ے مشہور کا-

کاہیدن۔ ف۔ گھٹنا۔ گھٹانا۔
کائد۔ع۔ مکار۔ فریبیا۔
کائن ۔ع۔ ہونیوالا۔ موجود۔
کائنات ۔ع۔ دنیا۔ موجودات۔

فصل کاف مع بائے موحدہ

کباب۔ف۔ گوشت کو کوٹ کر گول کرکے اور کئی طرحسے آگ پر بھونتے ہین۔
کباب تر۔ف۔ کنایہ برف سے۔
کباب ور رسانیدن۔ف۔ کباب پکانا۔
کباد ۔ع۔ دردجگر۔
کبادہ ۔ع۔ بالکل نرم کمان۔ لیزم۔ جسکا چلہ لوہے کی کڑیون کا ہوتاہے اور اسکو پہلوان لوگ ہلاتے ہین۔
کبار ۔ع۔ جمع کبیر کی۔ بزرگ لوگ۔
کبار ۔ع۔ بزرگ ہونا۔
کُبار ۔ع۔ بہت بڑا بزرگ۔
کبائر ۔ع۔ جمع کبیرہ کی۔ بڑے گناہ۔
کبت ۔ع۔ خوار کرنا۔ ذلیل کرنا ہلاک کرنا۔ منھ کے بل گرادینا۔
کبد ۔ع۔ } جگر کلیجہ جو عضو رئیس دہنی
اکبد ۔ع۔ } طرف پہلو مین ہے الکباد جمع
کبد ۔ع۔ سختی۔ رنج۔ بلا۔
کبر ۔ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔ بزرگ ہونا۔
کبر ۔ع۔ [illegible]ن سالی۔ بڑھاپا۔ بوڑھا ہونا۔
کبر ۔ع۔ [illegible] ہے ترش مزہ اسکا اچار
کبر ع۔ ایک میوہ

پڑتا ہے اور خراسان مین بہت پیدا ہوتاہی
کبرا ۔ع۔ جمع کبیر کی بزرگ لوگ۔
کبری ۔ع۔ ہرچیز مؤنث جو بڑی بزرگ ہو۔
کبرسن ۔ع۔ کلان سالی۔ بڑھاپا۔
کبریا۔ بزرگی۔ بزرگ پن عظمت۔
کبریت ۔ع۔ گوگرد۔ گندھک۔ اور بمعنی خالص چاندی اور سونے کے بھی۔
کبریت احمر ۔ع۔ سرخ گندھک۔ اور کنایہ اکسیر سے اسلیئے کہ سرخ گندھک سے اکسیر بنتی ہے مگر سرخ گندھک نایاب ہی۔
کبس ۔ع۔ کنوئین کا خاک سے پاٹ دینا۔ گریبان مین سر کا ڈال لینا۔ شبخون مارنا۔
کبس ۔ع۔ گڑھے مین منھ کے بل گرنا۔
کبس ۔ع۔ وہ مٹی جس سے کنوان پاٹا جاے۔
کبش ۔ع۔ مینڈھا جنگی شاخدار۔
کبک۔ ف۔ چکور پرند مشہور ہے۔
کبوتر۔ف۔ مشہور پرند ہے۔
کبوتردم۔ف۔ کنایہ بوسۂ خاطرخواہ سے۔
کبود۔ف۔ نیلگون۔ نیلا۔
کبیب۔ع۔ منھ کے بل گرا ہوا۔
کبیر ۔ع۔ بزرگ بڑا۔
کبیرہ ۔ع۔ بڑا گناہ۔
کبیسہ ۔ع۔ کنوان خاک سے پٹا ہوا۔ گول ہانڈی مٹی سے بھری ہوئی۔ اور اصطلاح مین لوند کے دن یعنی ۱۱ ۳/۴ دن بحساب سال شمسی کے مقابلہ مین حساب قمری کے جو زائد آتے ہین انکو تین برس کے بعد جمع کرکے ایک مہینہ لوند کا جو سنہ و بڑھاتے ہین۔
کبیشہ ۔ع۔ حضرت رسول صلعم کے غلام کا نام

فصل کاف مع بائے فارسی

کپان۔ف۔ بڑی ترازو جس سے لکڑی وغیرہ تولتے ہین۔ ہندی مین ٹک کہتے ہین۔
کپنک۔ف۔ گدڑی جو محتاج آدمی جاڑے مین اوڑھتے ہین۔
کپی۔ف۔ بوزنہ۔ بندر بعضے کہتے ہین کہ سیاہ بندر یعنے لنگور۔

فصل کاف مع تائے فوقانی

کتاب ۔ع۔ لکھا ہوا۔ لکھنا۔ نامہ۔ فرض کیا ہوا۔ آزاد کرنا غلام اور لونڈی کا بعوض انکے مال کے۔
کُتّاب ۔ع۔ جمع تکسیر کاتب کی یعنی لکھنے والے مجازاً بمعنی مکتب کے جہان لڑکے پڑھین
کُتّاب ۔ع۔ مکتب۔
کتابت ۔ع۔ لکھنا۔
کتایون ۔ع۔ قیصر روم کی بیٹی کا نام جو گشتاسپ کے نکاح مین تھی اور اسی کے پیٹ سے اسفندیار پیدا ہوا تھا۔
کتابہ ۔ع۔ وہ عبارت جو مسجدون لوحون مقبرون اور امیرونکے دروازون پر لکھتے ہین یا پتھر پر کھود کے نصب کرتے ہین۔

کِتَابِی ۔ع۔ منسوب طرف کتاب کے جو بمعنی مکتب اور دبستان کے ہے۔
کِتَابِی ۔ع۔ کافر کتابی۔ جو دین منسوخ رکھتا ہو
کَتَارَہ۔ف۔ یہ وہ حربہ ہے جسکو ہند کے لوگ کٹار کہتے ہین اور بعضون نے بمعنی خنجر اور تلوار کے بھی لکھا ہے۔
کِتَام ۔ع۔ بھید کا پوشیدہ رکھنا۔
کَتَّان ۔ع۔ السی جس سے تیل نکلتا ہے اور ایک قسم کا کپڑا ہے نہایت باریک۔
کَتَائِب ۔ع۔ جمع کتیبہ بمعنی لشکر کی۔
کُتُب ۔ع۔ جمع کتاب کی۔
کِتْبَہ ۔ع۔ مصدر ہے بمعنے ایکبار لکھنا فارسی مین کبھی بمعنی مفعول یعنی لکھی ہوئی چیز کے بھی آتا ہے۔
کَتَبَہ ۔ع۔ جمع کاتب بمعنی لکھنے والے کی۔
کَتْخُدَا۔ اسکی اصل کدخدا ہے یعنے گھر کا مالک صاحبخانہ۔ اور بمعنی لائق اور سزاوار کے بھی آیا ہے۔ گھر والا۔ گھر والی۔
کَتْخُدَائی ۔ف۔ شادی۔ بیاہ۔
کَتِف ۔ع۔ شانہ۔ کندھا۔ یہ اعراب اصلی ہین اور کِتْف اور کَتْف فرع ہین۔
کُتُکَہ ۔ت۔ موٹا ڈنڈا۔
کُتَل ۔ف۔ ٹیلہ جو جنگل مین ہو۔
کَتْم ۔ع۔ چھپانا بھید کا پوشیدہ رکھنا مجازاً بمعنی پوشیدگی۔ پردہ۔

کَتَم ۔ع۔ ایک گھاس ہے جس سے خضاب کرتے ہین۔ نیل کی پتی۔
کِتْمَان ۔ع۔ گواہی کا چھپانا۔ بھید کا پوشیدہ کرنا۔ پوشیدگی۔
کَتِیب ع۔ یاے معروف سے لکھی ہوئی چیز۔
کِتِیب ۔ع۔ یاے مجہول سے امالہ کتاب کا
کَتِیبَہ ۔ع۔ فوج۔ لشکر۔ نام ایک قلعہ کا بھی ہے خیبر کے قلعون سے۔

فصل کاف مع ثاے مثلثہ

کَثَافَت ۔ع۔ بھدا ہونا۔ موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ضدّ لطافت۔
کُثُب ۔ع۔ بالو کے تودے بلند۔
کُثْبَان ۔ع۔ جمع کثیب بالو کے تودے بلند
کَثَرَات ۔ع۔ جمع کثرت کی۔
کَثْرَت ۔ع۔ بہت ہونا۔ زیادتی۔ بہتایت مجازاً انبوہ آدمیون کا۔ علاقے دنیا کے۔
کَثِیب ۔ع۔ بالو کا بلند تودہ۔
کَثِیر ۔ع۔ بہت زیادہ۔
کَثِیف ۔ع۔ جو لطیف نہو دلدار۔ گندلا۔ غلیظ موٹا۔

فصل کاف مع جیم

کَج ۔ع۔ ٹیڑھا پن۔ کُب۔ خم۔
کُجَا۔ کہان۔ کس جگہ۔ اور بمعنے ہر جا کے بھی آیا ہے۔
کَجَاوَہ ۔ف۔ اونٹ پر ایک کاٹھی اسطرح جسپر باندھتے ہین جسپر دو شخص مقابل ایک دوسرے کے بیٹھتے ہین اسکو کجاوہ بولتے ہین۔
کَجدار و مَریز ۔ف۔ وہ حکم جسکا بجالانا نہایت مشکل ہو بلکہ نہو سکے۔
کَجَک ۔ف۔ آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو فیلبان کے ہاتھ مین ہوتا ہے۔ نقارہ بجانیکی چوب۔
کَجکُول ۔ف۔ وہ کاسہ جو فقیرونکے پاس ہوتا ہے جسمین بھیک کی چیزین مانگ کر رکھتے ہین۔
کَجمَج ۔ف۔ وہ شخص جسکی گفتگو فصیح نہو مہمل الفاظ بولنے والا۔ توتلا آدمی۔
کَجواج ۔ف۔ کج۔ خم۔ اوندھا۔
کَجَہ ۔ف۔ انگلی مین پہننے کا چھلا چاندی وغیرہ کا جو بہت مشہور ہے۔
کُجَّہ ۔ع۔ کپڑے کا گول گیند جسکو لڑکے بناکر آپسمین کھیلتے ہین۔
کَجِی ۔ف۔ ٹیڑھا پن۔ کبڑا پن۔
کَجَیم ۔ت۔ } برگستوان ہندی یا گھر جو گھوڑے
کَجَین ۔ت۔ } پر بروز جنگ ڈالتے ہین۔

فصل کاف مع حاے مہملہ

کَحَّال ۔ع۔ سرمہ لگا دینے والا۔ وہ حکیم جو لوگوں کی فقط آنکھون کا علاج کرے۔
کَحْل ۔ع۔ قحط کا برس۔ سال قحط۔ آنکھ مین سرمہ لگانا۔
کُحْل ۔ع۔ سرمہ۔
کَحَل ۔ع۔ سیاہ رنگ سرمہ گون ہونا آنکھ کا

کحل الجواہر - ع - وہ سرمہ جسمین بن بدھے موتی وغیرہ جواہر پڑتے ہین اور اسطرحکا سرمہ آنکھون کی روشنی کو بہت قوت دیتا ہے۔
کحلی - ع - سرمئی رنگ - نام ایک کپڑے کا جو نفیس اور سیاہ رنگ ہوتا ہے اور اکثر ولایت کی عورتین اُسکو پہنتی ہین۔
کحیل - ع - وہ شخص جسکی آنکھونمین سرمہ لگا ہو۔

فصل کاف مع خاے معجمہ

کخ - ف - نام ایک گھاس کا جس سے بوریا بنا جاتا ہے - وہ کیڑا جو میوہ وغیرہ مین پڑجاتا ہے - وہ صورت ڈرونی جس سے بچون کو ڈراتے ہین جیسے ہیجہ وغیرہ۔
کخ - ف - کڑوا مزہ - اور کلمہ نفرت اور منع کرنے کا بھی ہے۔
کخ کخ - ف - یہ وہ کلمہ ہے جو محل نفرت مین کہتے ہین - اور ہنسی کی آواز۔
کخ کخ - ف - کھانسی کی آواز

فصل کاف مع دال مہملہ

کد - ف - خانہ - گھر - گانون۔
کدام - ف - کون شخص - کون چیز یہ کلمہ استفہام کا ہے اور انسان اور غیر انسان اور کل اشیا پر بولا جاتا ہے۔
کدبانو - ف - گھر کی مالک - بیوی گھر کی گھر کی بیگم - صاحب خانہ۔
کدخدا - ف - صاحب خانہ مالک گھر کا اصطلاحاً وہ مرد اور عورت جنکی شادی ہوگئی ہو - گھر والا - گھر والی۔
اکدر - ع - تیرہ - گندلا - مکدر۔
اکدر - ع - گندلاپن - گندلا ہونا۔
کدر - ف - نام ایک درخت خوشبو کا جسکا پھول بہایت خوشبو ہوتا ہو ہندی کیوڑا
کدس - ع - خرمن ناکوفتہ۔
کدو - ف - نام ایک ترکاری مشہور کا۔
کدوے حجام - ف - چھوٹا سا کدو گول ہوتا ہے جو بعد پچھنہ مارنے کے پچھنے کے زخم پر ایک خاص تدبیر سے چپکا دیتے ہین تاکہ خون اُسمین کھنچ آوے - ہندوستان مین بجاے کدو کے مٹی کی کلھیا وغیرہ ہوتی ہے کہ اُسمین بانو وغیرہ جلاکے دھوان جب بھر جاتا ہے فوراً چپکا دیتے ہین اور اس ترکیب سے خون خوب کھنچ آتا ہے - یا سینگی کے ذریعہ سے دم کی کشش سے کھینچتے ہین۔
کدوخ - ف - مکان گرم - حمام - جام۔
کدود - ف - کنوان - چاہ۔
کدورت - ف - گندلاپن - تیرگی۔
کدہ - ف - خانہ - گھر - دہ - گانون۔
کدرہ - ف - مکدر - گندلا - پوشیدہ۔
کدیور - ف - یاے مجہول سے - کسان - کھیتی کرنیوالا - باغبان - مالی - صاحب خانہ - گانون کا رئیس۔

فصل کاف مع ذال معجمہ

کذا - ع - ایسا۔
کذاب - ع - جھوٹ بولنا۔
کذّاب - ع - بہت بڑا جھوٹ بولنے والا۔
کذاوکذی - ف - یعنی چنان وچنین اور کنایہ دشنام دینے گالی سے بھی۔
کذب - ع - دروغ جھوٹ۔
کذب - ع - جھوٹ بولنے والا - جھوٹا بات
کذوب - ع - بڑا جھوٹا - بڑا کاذب۔

فصل کاف مع راے مہملہ

کر - ف - بہرا جسکو کم سُنائی دے۔
کر - ع - پھیر دینا - ہٹا دینا - دشمن پر حملہ کرنا - وہ رسی جسکو پکڑکے درخت پر چڑھتین۔
کراء - ع - کرایہ دینا - کرایہ - بھاڑا۔
کرا - ف - کسکے تئین - کسکو۔
کرات - ع - بہت دفعہ - بہت مرتبہ یہ جمع کرت کی ہے۔
کرات - ع - جمع کرہ کی - گول چیزین۔
کراث - ع - گندنا - ایک قسم کا ساگ ہے۔
کراثی - ع - گندنا کی طرح کا رنگ۔
کراجیدن - ف - مرغی کا کڑکڑانا - انڈا دینے کیوقت۔
کرار - ع - ہٹا دینے والا - دشمن پر بڑا حملہ کرنیوالا - لقب حضرت علی علیہ السلام کا ہے اسوجہ سے کہ وہ حضرت لڑائی مین دشمنون کی

صف پر بےخوف وخطر برابر حملے فرماتے تھے۔

کَرّاریس۔ ع۔ کتاب کے جزو۔ قرآن شریف کے پارے۔ یہ جمع کرّاسہ کی ہے۔

کَرّاز۔ ع۔ بوتل شیشی۔ وہ کوزہ جسکا منھ تنگ ہو۔

کَرّاسہ۔ ع۔ کتاب کا ایک جزو۔ قرآن شریف کا ایک ٹکڑا۔ یعنے ایک پارہ۔

کُرّاسہ۔ ع۔ قرآن مجید۔ مطلق کتاب۔

کُراع۔ ع۔ بکری یا گائے کے پائے۔

کِرام۔ ع۔ جمع کریم کی سخی اور بزرگ لوگ

کُرام۔ ع۔ کریم۔ بزرگ۔ سخی۔

کُرّام۔ ع۔ بہت بڑا کریم۔ بڑا سخی۔

کَرامت۔ ع۔ بزرگی۔

کِران۔ ع۔ نام ساز کا۔ بربط۔

کَران۔ ف۔ کنارہ اور انتہا کسی چیز کی۔

کَرانہ۔ ف۔ ہر چیز کا کنارہ۔

کَراہت۔ ع۔ ناپسندی۔ ناخوشی۔

کَراہیت۔ ع۔ ناپسند رکھنا۔

کِرایہ۔ ع۔ کسی چیز کا بھاڑا۔

کَرب۔ ع۔ غم۔ رنج۔ دکھ۔ درد۔

کَرِب۔ ع۔ غمگین۔ اور بے آرام ہونا۔

کِرباس۔ ب۔ معرب کرباس کا۔

کِرباس۔ ف۔ پنبہ۔ روئی اور مجازاً بمعنی سوتی کپڑے کے مستعمل ہے۔

کرباشو۔ ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔

کُربت۔ ع۔ دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔

کَربس۔ ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔

کربلا۔ نام شہر کا جہان حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے ہین۔ اصل اس لفظ کی کرب بلا تھی باے اول حسب قاعدہ گر گئی ہے۔ کیونکہ جب دو کلمون کو ترکیب دینگے اور کلمۂ اول کا حرف اخیر اور کلمۂ دوم کا حرف اوّل ایک جنس کا ہوگا تو کلمۂ اول کے حرف اخیر کو حذف کر دیتے ہین۔

کَرّت۔ ع۔ نوبت۔ باری۔ دفعہ۔

کَرخ۔ ف۔ مخفف کرخت بمعنی سخت کا۔

کَرخ۔ ع۔ نام ایک گانوٗن کا قریب بغداد کے یا نام ایک محلہ کا بغداد مین۔

کَرخت۔ ف۔ وہ عضو جو بے حس حرکت ہوجائے۔ اور بمعنی سخت کے مستعمل ہے۔

کَرد۔ ف۔ / کِرد۔ ف۔ } کار۔ عمل۔ کام۔

کُرد۔ ع۔ نام ایک گروہ کا جسکے لوگ جنگل مین رہتے ہین۔ اکراد اس کی جمع ہے۔ اور وہ قطعۂ زمین کا جسکے کنارہ بلند ہون اور بیچ مین کچھ بویا ہو ہندی مین اسکو کیاری کہتے ہین اور یہ لفظ بمعنی شان کے بھی آیا ہے۔

کِردار۔ ف۔ طرز۔ روش۔ کار۔ کام عمل۔ فعل۔

کَرْدَر۔ ف۔ سخت زمین۔ بلند پشتہ۔

کُردستان۔ ف۔ نام ملک کا ایران سے ملا

کُردک۔ ف۔ قوی ہیکل پہلوان۔

کُردک۔ ف۔ بیحیا۔ زبان آور۔

کردگار۔ ف۔ ترکیبی معنی اسکے خداوندگار اسلیئے کہ کرد بمعنی کار اور گار بمعنی خداوند ہے پس مراد حق تعالے جل شانہ سے ہے۔

کردن۔ ف۔ کرنا۔ اور کردن بمعنی شدن کے بھی آیا ہے۔

کُرس۔ ع۔ گوبر۔

کرسنہ۔ ف۔ نام غلہ کا ہندی مٹر۔

کُرسی۔ ع۔ چھوٹا تخت۔ چوکی۔ آٹھوان آسمان اور کرسی خط کی کنایہ ہے حرفون کے اپنے مقام پر ہونے اور دائرونکے برابر ہونے سے اور کرسی مکان کی مراد ہے بلندی زمین سے

کَرِش۔ ع۔ جگالی کرنے والے چوپایون کا

کِرِش۔ ع۔ شکنبہ جیسے آدمیونکا معدہ

کرشم۔ ف۔ / کرشمہ۔ ف۔ } ناز۔ غمزہ۔ آنکھ اور بھون کا اشارہ۔

کَرفس۔ ع۔ نام دوا کا جسکی بو ناخوش اور تیز مانند اجوائن کے ہوتی ہے ہندی اجمود

کَرفش۔ ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔

کُرکم۔ ف۔ زعفران۔ کیسر۔

کَرگن۔ ف۔ ہر غلہ کچا جسکو آگ مین بھون کے کھائین خواہ بوٹون کی ڈالیان ہون خواہ گیہون اور جو کی بالیان

گرگی - ع - کلنگ ایک پرند مشہور ہی -
کرگ - ف - مخفف کرگدن کا -
کرگدن - ف - ایک جانور چوپایہ مشہور ہی جسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین یہ جانور بڑا زبردست اور ڈیل مین بھینسے سے بڑا اور ہاتھی سے چھوٹا ہوتا ہے اسکا چمڑا بڑا سخت اور پیشانی پر ایک سیدھا سینگ بڑا مضبوط ہوتا ہے جو سخت اور قوی ہیکل ہی -
کرگس - ف - ایک پرند مردار خوار جسکو ہندی مین گدھ کہتے ہین تیر وغیرہ مین اکثر اسکے پرون کو لگاتے ہین - اور مجازاً تیر کے پرون کو بھی کرگس کہتے ہین -
کرگسان گردون - وہ آسمان پر دو ستارے ہین بصورت کرگس ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہین نسر عربی مین کرگس کو کہتے ہین جسکے معنی گدھ کے ہین -
کرم - ع - مروت - سخاوت - عزیزی - مردی - بزرگواری - جوانمردی - مجازاً مہربانی -
کرم - ع - درخت انگور کا -
کرم - ع - بڑا غم - سخت اندوہ -
کرم - ف - کیڑا -
کرمان - ف - کیڑے جمع کرم کی -
کرمان - ع - نام ایک شہر کا جہان زیرہ سیاہ نہایت خوب پیدا ہوتا ہے اور مشہور زیرہ کرمانی ہے اور فرش بھی وہانکا بہت نفیس ہوتا ہے

کرم پیلہ - ف - ریشم کا کیڑا -
کرمک شب تاب - ف - } ہندی جگنو
کرمک شب افروز - ف - }
کرم کلہ - ف - ایک قسم گوبھی کی ہی -
کرمن دارمن - ف - کنایہ مغرب اور مشرق سے -
کرنا - ف - بڑی تُرہی -
کرنب - ع - } کرم کلہ ترکاری مشہور ہی -
کرنب - ع - }
کرنگ - ف - گھوڑا سرخ رنگ -
کرو - ف - چھوٹی کشتی دریا کی -
کروب - ع - جمع کربت بمعنی رنج کی -
کروبی - ع - فرشتۂ مقرب -
کرور - ع - پھرنا - ظاہر ہونا - حملہ کرنا -
کروم - ع - انگور کے درخت - بہت سے غم - بہت سے رنج اندوہ -
کروہ - ف - کوس اسکی مقدار مسافت چار ہزار گز کی ہے -
کرویا - ف - ایک قسم زیرہ کی جو مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے -
کرہ - ع - گیند جس سے کھیلتے ہین ہر چیز گول اور مدور - گولا -
کرہ - ف - گھوڑے کا بچہ - گدھے کا بچہ اور بمعنی تازیانہ - ہندی کوڑا -
کرہ - ف - مخفف کروہ بمعنی کوس کا -
کرہ - ع - ہاے ہوز کے اظہار کے ساتھ بمعنے رنج - غم - سختی - ناخوشی - مصیبت -
کرہ - ع - ہاے ہوز کے اظہار کے ساتھ بمعنی جبر - نارضامندی -
کرہ - ع - مکروہ چیز - نامرغوب -
کرہ ناکشادہ - ف - وہ گھوڑے کا بچھیڑا جسپر ابھی سواری نہ کی ہو -
کری - ف - بہرا پن -
کریاس - ع - وہ طہارت خانہ جو کوٹھے پر بنا ہو - مگر مستعمل ان معنون مین ہے یعنی بالاخانہ - کوٹھے پر کا مکان - بادشاہ اور امیرونکا دربار - عالیشان محل -
کریم - ع - سخی - بزرگ - گناہ بخشنے والا -
کریما - ع - اے کریم - اے سخی - اے خدا -
کریوہ - ف - ٹیلہ -
کریہ - ع - ہاے ملفوظ کے ساتھ - مکروہ بھونڈا - بدشکل -

فصل کاف مع زاے عربی و فارسی

کز - ف - کج - خم - ٹیڑھا - کچا ریشم کم قیمت جسکا معرب قز ہے -
کزاز - ع - نام ایک درد کا جو نہایت سردی سے گردن اور سینہ کے جوڑون مین بسبب تشنج یعنے کھنچنے اور اینٹھنے پٹھونکے پیدا ہوتا ہی -
کزبرہ - ع - کشنیز سبز - ہرا دھنیا -
کزترازو - ف - کنایہ بدمعاملہ آدمی سے اسلئے کہ کز بمعنی کج ہے -

کژدُم - ف - } بچھو۔
کژ دُم - ف - }

کژخمہ - ف - بدعمل - دغا باز - وہ شخص جسکی مضراب ساز کے تار پر سیدھی نہ پڑے۔

کژک - ف - فیلبان کی آنکس۔

کژلک - ف - چھوٹی چھری - چاقو۔

کژم - ف - حوض اور نہر کے کنارہ کا سبزہ۔

کژمژ زبان - ت - وہ شخص جسکی زبان سے صاف الفاظ نہ نکل سکیں - وہ لڑکا جو ابھی تتلا کے بولتا ہو - غیر فصیح۔

کژہ - ف - وہ گوشت کا ٹکڑا جو آدمی کے حلق میں لٹکا ہوتا ہے ہندی کوّا - وہ بڑا چھوہرا جس سے گوشت کا قیمہ بناتے ہیں۔

فصل کاف مع سین مہملہ

کَس - ف - یار - رفیق - ساتھی - مرد شریف لائق آدمی - اور بمعنی مطلق آدمی کے بھی ہے۔

کُس - ف - عورت کی شرمگاہ۔

کِسا - ع - چادر - گلیم - کملی۔

کَساد - ع - ناروا جی متاع کی بے رواجی

کَسادی - ع - اشیا کی عدم خریداری - اسباب وغیرہ کی کسادی بزیادت یائے تحتانی بھی کساد کے ہم معنی ہے۔

کَسالت - ع - سُستی سُست ہونا۔

کِسائی - ع - نام ایک شخص قاری اور نحوی کا جو مشہور ہیں اور اس نام کی وجہ یہ ہے کہ وہ اکثر کملی اوڑھا کرتے تھے۔

کَسب - ع - حاصل کرنا - پیدا کرنا - اور مجازاً بمعنی ہنر - پیشہ۔

کُسُب - ع - روغن کا تفل - کھلی۔

کَسبی - ع - پیشہ ور - ہنر والا - مجازاً بمعنی زن فاحشۂ بازاری۔

کُستن - ف - ملنا - کوٹنا۔

کُستی - ف - دو شخصوں کا کھڑے ہو کر آپس میں زور کرنا - کشتی۔

کس خانہ - ف - مراد صاحب خانہ۔

کَسر - ع - توڑنا - شکستگی - ٹوٹا ہوا - اور حرکت زیر کی - ٹکڑا - حصہ۔

کِسَر - ع - جمع ہے کسرہ کی۔

کَسرہ - ع - زیر جیسے دِن کی دال کے نیچے۔

کِسریٰ - ع - معرب ہے خسرو کا لقب نوشیروان بادشاہ کا خصوصاً اور لقب دربادشاہوں فارس اور مدائن کا عموماً اسی لئے اسکی جمع اکاسرہ آتی ہے - واضح ہو کہ خسرو بمعنی واسع الملک ہے۔

کَسَل - ع - کاہلی - سُستی۔

کَسلان - ع - سُست - کاہل۔

کَسنی - ف - مخفف کاسنی کا۔

کِسوت - ع - جامۂ پوشیدنی - لباس۔

کُسُور - ع - جمع ہے کسر کی۔

کُسُوف - ع - بدحال ہونا - گہن لگنا چاند کا گہن لگنا سورج کا مگر عرف میں چاند کے گہن کو خسوف اور سورج کے گہن کو کسوف کہتے ہیں۔

کَس وکو - ف - متعلقین - اقربا - رفقا۔

کسے - ف - کوئی شخص - کوئی آدمی - یہ لفظ فقط آدمی کے نکرہ کے لئے آتا ہے۔

کَسِیدہ - ع - کھوٹی چیز - متاع بے رواج۔

کَسیر - ع - ٹوٹا ہوا۔

کَسِیف - ع - پوشیدہ - بدحال - ترش رو۔

فصل کاف مع شین معجمہ

کَش - ف - بغل - سینہ - کمر - تہیگاہ - کبھی نام ایک شہر کا ماوراء النہر سے نزدیک نخشب کے - اسی شہر کش کے اطراف میں ایک کنواں تھا جس میں سے ابن مقنع حکیم ہر رات کو ایک چاند نکالا کرتا تھا اور اسکی روشنی رات بھر بارہ میل مربع میں رہا کرتی تھی۔

کُشاد - ف - صیغہ ماضی کا کشادن سے اور بمعنی فراخ - خوشی - فتح - اور بمعنی تیر کمان سے چھوڑنے کے بھی آیا ہے۔

کُشادگی - ف - وسعت - کشادہ ہونا۔

کُشادن - ف - کھلنا - کھولنا۔

کُشادنامہ - ف - بادشاہی فرمان - معافی کا پروانہ - طلاق نامہ - خط آزادی۔

کُشادن عالم - ف - نام عالم پر قبضہ کرنا۔

کُشادہ - ف - کھلا ہوا۔

کُشادہ نفس - ف - زیادہ گو۔

کَشّاف - ع - بہت کھولنے والا - بہت ظاہر کرنے والا - بڑا پردہ اُٹھانے والا - اور نام ایک تفسیر کا جار اللہ زمخشری سے -

کَناکَش - ف - چھینا جھپٹی - اور کنایہ ہے غم و الم و رنج سے -

کَشاورز - ف - کسان - دہقان -

کُشائش - ف - کشادگی - فراخی -

کِشت - ف - کھیتی - اور شطرنج کی اصطلاح مین شاہ کا اُس گھر مین ہونا کہ اگر اس گھر مین سوائے شاہ کے کوئی اور دوسرا مہرہ ہوتا تو پٹ جاتا -

کُشت - مارا - قتل کیا -

کِشت زار - ف - کھیت -

کِشتکار - ف - کھیتی کرنے والا -

کِشتَن - ف - بونا -

کُشتَن - ف - مار ڈالنا - قتل کرنا -

کِشتہ - ف - بوئی ہوئی چیز - آلو بخارا یا شفتالو یا زرد آلو وغیرہ میوے جنکی گٹھلیان نکالکر اُنکو خشک کرلیا ہو - نام ایک خوشبو کا جو اگر اور لوبان اور صندل اور مشک اور گلاب سے ترکیب دیکر ٹکیان بنا رکھتے ہین اور آگ پر جلانے سے خوشبو دھوان نکلتا ہے -

کُشتہ - ف - مقتول - قتل کیا ہوا - اور معنی عاشق کے بھی مجازاً آتا ہے -

کِشتی - ف - ناؤ جو دریا مین ہوتی ہے اور ایک قسم پیالہ شراب کی -

کُشتی - ف - اصل اس لفظ کی سین مہملہ سے ہے منسوب طرف کست کے جو کستن بمعنی کوٹنے سے ہے اسلئے کہ جب دو آدمی آپسمین کشتی لڑتے ہین تو ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ حریف کو زمین پر دے مارے مگر رواج اس لفظ کا ان معنو مین شین نقطہ دار سے ہے -

کِشتیبان - ف - ملاح -

کُشتیخان - ف - دیوث - بھڑوا -

کُش زدن - ف - کشتی کی اصطلاح مین اپنے حریف کی گردن مین ہاتھ ڈال کے یکبارگی زور کرکے زمین پر پچھاڑ دینا -

کَشِش - ف - کھینچنا - جذب کرنا -

کَشف - ع - پردہ اُٹھا دینا کسی چیز سے کھولنا - برہنہ کرنا - ننگا کرنا -

کَشَف - ف - کچھوا ایک جانور دریائی ہے اسکو عربی مین سلحفاۃ اور فارسی مین باخہ اور سنگ پشت بھی کہتے ہین -

کَشک - ع - آش جو - جو مقشر - سوکھا دہی نام ایک کھانیکا جسکو ہریسہ کہتے ہین -

کُشک - ف - مخفف کوشک کا قصر - محل -

کِشک - ت - پاسبانی - چوکیداری -

کشکاب - ف - آش جو - جو کی بھوسی جو الگ کرکے پانی مین پکاکے بیمارون کو پلاتے ہین -

کِشکچی - ف -
کِشکدار - ف - } پاسبان - چوکیدار -

کُشکنجیر - ف - وہ چیز جس سے قلعہ کی دیوار کو توڑین - مجازاً بمعنی گولہ - توپ -

کَشکُول - ف - واو معروف سے بروزن مقبول ٹھیپا یا بھیک کا جو فقیر دنکے پاس ہوتا ہے -

کَشمیر - ف - مخفف کاشمیر کا جو نام شہر کا ہے -

کِشمِش - ف - ایک قسم کے سوکھے انگور اور یہ لفظ مشہور ہے -

کِشنیز - ف - دھنیا مشہور ہے -

کَشُوث - ع - نام ایک دوائے مشہور کا جسکے بیج کو سریانی مین دینار کہتے ہین اور شربت دینار اسی سبب سے نام شربت کا ہوا -

کُشودَن - ف - کھلنا - کھولنا -

کِشوَر - ف - ملک - ولایت - واضح ہو کہ سات اقلیم مین اور سات ستارے جو چلتے ہین پس ایک اقلیم ایک ستارے سے متعلق ہے - چنانچہ ہند زحل سے - اور چین مشتری اور ترکستان مریخ سے اور خراسان آفتاب سے اور ماوراء النہر یعنی توران زہرہ سے - اور روم عطارد سے - اور بلخ چاند سے -

کَشیدہ کمر - ف - مراد مستعد سے -

کَشیدَن - ف - کھینچنا - مجازاً جماع کرنا -

کِشیش - ت - پیشوا اور معلم اور پادری اور زاہد اور عابد نصرانیون اور بت پرستونکا یہ لفظ یائے معروف سے بروزن حریص ہے -

کِشیشان - ف - جمع کشیش کی ہے -

فصل کاف مع عین مہملہ

کعب -ع- شتالنگ ٹخنہ۔ چوکور ہڈی کا پانسہ جس سے جُوا کھیلتے ہین۔ اور اصطلاح علم حساب مین تیسرا درجہ عدد کا اور نام پدر قبیلہ کا عرب مین۔ نام لڑکون کے ایک کھیل کا۔ نام ایک صحابی کا بھی کعب بن زہیر جو حضرت رسول صلعم کے مداح تھے

کعب الغزال ع ایک قسم ہے شکرپارہ

کعب غزال ع کی اور بعضے کہتے ہین کہ اسکو ہندی مین بتاسہ کہتے ہین۔

کعبتین -ع- دو پانسے ہوتے ہین چوکور ہڈی کے چھوٹے اور شش پہلو جنکے ہر پہلو پر ایک سے چھ تک کے عدد کھدے ہوتے ہین اور اُن پانسون سے جُوا کھیلا جاتا ہے

کعب گرگ پیکان -ف- بھیڑیے کے ٹخنہ کی ہڈی جسکو پیک یعنی قاصد لوگ اپنے پانؤن مین باندھتے ہین اور اُسکی خاصیت کے سبب سے چلنے مین تھکتے نہین

کعب لنگری -ف- نام ایک شخص کا جو نہایت لالچی تھا خصوصاً کھانے پر۔

کعبہ -ع- نام بیت اللہ یعنے خدا کے گھر کا جسکی طرف نماز مین سجدہ کرتے ہین۔ اصلی معنی اسکے بلند کے ہین چونکہ کعبہ زمین بلند پر ہے یا از روئے مراتب کے بلند ہی اسلیے یہ نام ہوا

کعک -مب معرب کاک کا- ایک قسم کی روٹی ہے۔ چھوٹی اور موٹی۔ اور بعضے کہتے ہین کہ ٹیمی روغنی روٹی۔ اور بعضے کہتے ہین نان تنک یعنے باریک چپاتی۔

کعوبث -ع- نحوست۔ دشواری۔

کعیت -ع- بلبل جو پرند مشہور ہے۔

فصل کاف مع فا

کف -ع- پنجہ۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ پوشیدہ ہونا۔ اندھا کرنا۔ خرقہ۔ لعقہ۔ گرانا ساتوین حرف رکن بحر کا مثل نون فاعلاتن کے۔

کف -ف- ہاتھ کی ہتھیلی۔ پانؤن کا تلوا پھین۔ جھینا۔ جھاگ۔ چقماق کا سوختہ۔

کفات -ع- جمع کافی کی۔ عقلمند۔ اور کارگزار اور ضامن لوگ۔

کفار -ع- جمع ہے کافر کی۔

کفّار -ع- اندھیری رات۔ کسان۔ ندی دریا۔ بڑا ناشکرا۔ بڑا کافر۔

کفّارہ -ع- چھپانیوالا گناہون کا یعنے عوض خطا یا گناہ کا شرعی طور پر۔

کفاف -ع- اندازہ اور اسقدر معاش جو کفایت کرے روزمرّہ کا خرچ۔

کفالت -ع- ضامن ہونا۔ کفیل ہونا۔ اپنے ذمہ پر کوئی کام لینا۔ ذمہ داری۔

کف الخضیب -ع- نام ایک ستارہ کا جو سرخ رنگ اُتر کی طرف آسمان پر ہی

کفانیدن -ف- پھٹوانا۔ شق کرانا۔

کفاءت -ع- ہم مثل ہونا۔ ہم مانند ہونا۔

کفایت -ع- بس ہونا۔ کافی ہونا۔ نفع لینا ضامن ہونا۔

کف پا -ف- پانؤن کا تلوا۔

کفت -ف- یہ صیغہ ماضی کا ہے کفتن سے۔ شق کیا۔ چیرا۔ پھاڑا۔

کفتار -ف- نام ایک جنگلی جانور درندہ کا جسکو ہندی مین ہنڈار کہتے ہین۔ اور بمعنی زن ساحرہ یعنی جادوگرنی کے بھی ہے جو فقط گھورنے سے آدمی خصوصاً بچّون کا کلیجہ نکالکر کھالیتی ہے ہندی مین اسکو ڈائن کہتے ہین۔

کفتن -ف- شق کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔

کفتین -ع- تثنیہ کفہ کا یعنی تولنے کی ترازو کے دونون پلّے۔

کفچہ -ف- ڈوئی۔ کفگیر۔ سانپ کا پھن۔

کف خضیب -ع- ہتھیلی ہاتھ کی رنگین دست حنا بستہ۔

کف دست -ف- ہاتھ کی ہتھیلی۔

کفر -ع- ناشکری۔ خدا کو واحد نہ جاننا۔

کفر -ع- چھپانا۔ بڑا کوزہ۔

کفران -ع- ناشکری نعمت کی۔

کفرہ -ع- جمع ہے کافر کی۔

کف زنان -ف- تالیان بجاتا ہوا۔

کفش -ف- جوتی۔

کفش دوز ۔ف ۔ موچی۔
کفشک ۔ف ۔ چھوٹی جوتی ۔ تنگ جوتی۔
کفک ۔ف ۔ ہاتھ کی ہتھیلی ۔ پانی اور صابون
اور دودھ وغیرہ کا پھین۔
کف کردن ۔ف ۔ اصطلاحاً کوئی چیز کھانا۔
کفگیر ۔ف ۔ ڈوئی ۔ بڑا چمچہ ۔
کَفَل ۔ع ۔ سُرین جو تر آدمی یا حیوان کا۔
کِفل ۔ع ۔ بہرہ کسی چیز کا حصہ ۔ ٹکڑا ۔
وہ کملی جو چوپائے کی پیٹھ پر ڈالتے ہین۔
کفل پوش ۔ف ۔ لمبی عبا جو چوتڑ کو چھپائے
اور عبا ایک لباس مشہور ہے۔
کفل گرد کردن ۔ف ۔ مراد موٹے ہونے سے
کفن ۔ع ۔ مُردہ کا لباس جسمین اُس کو
لپیٹ کر دفن کرتے ہین ۔ فارسی مین کبھی
لفظ حرف دوم کے سکون سے بھی آتا ہے۔
کفن پارہ کردن ۔ف ۔ بیماری سے صحت پانا
ضعف اور آفت وغیرہ سے نجات پانا۔
کفنی ۔ع ۔ وہ کپڑا جو ایک خاص طور کا ہوتا
ہے اور مُردہ کے گلے مین پہناتے ہین ۔
اور فقیر لوگ بھی ویسا ہی پہنتے ہین۔
کُفو ۔ع ۔ ہم جنس ۔ ہم نسب ۔ مانند ۔ مثل
اور یہ لفظ حرف دوم کے جزم سے بھی آیا ہے
کُفور ۔ع ۔ ناشکری ۔ ناسپاسی ۔
کَفور ۔ع ۔ بڑا ناشکرا ۔ ناشکری کرنے والا۔
کُفّہ ۔ع ۔ پیراہن کا حاشیہ۔
کفہ ۔ع ۔ نیمکوفتہ باجی جسمین دانہ موجود ہو۔

کِفّہ ۔ع ۔ ترازو کا ایک پلہ ۔ اور جو چیز کہ
مثل پلہ ترازو کے گول ہو۔
کُفیت ۔ع ۔ صیغہ ماضی مجہول کا ہے یعنے
کفایت کیا گیا تو ۔ بچایا گیا تو۔
کفیدن ۔ف ۔ پھٹنا۔
کفیدہ ۔ف ۔ پھٹا ہوا ۔ چرا ہوا۔
کفیل ۔ع ۔ ذمہ دار ۔ ضامن دوسرے کا
کام اپنی خوشی سے اپنے ذمہ لینے والا۔

فصل کاف مع لام

کل ۔ت ۔ جسکے سر پر بال نہون ۔ گنجا۔
کَلّ ۔ع ۔ گونگا ۔ گرانی ۔ بھاری بوجھ ۔ وہ
شخص جسکا نہ باپ ہو نہ فرزند ۔ یتیم ۔ عاجز
ہونا ۔ کند ہونا زبان کا ۔ آنکھ کا چوندھیا جانا۔
کُلّ ۔ع ۔ تمام ۔ پورا ۔ جمیع ۔ سب ۔ واضح ہو
کہ یہ لفظ مفرد ہے کہ معنی جمع کے آتا ہے اور اصطلاح
صوفیہ مین کل واحد مطلق کو کہتے ہین یعنے صفاتی
اور فارسی مین کُل بغیر تشدید لام کے آتا ہے۔
کَلّا ۔ع ۔ یہ ایک حرف ہے جو پہلے کلام کی رد
کے واسطے کہتے ہین یعنے یہ بات اسطرح پر ہرگز
نہین ہے ۔ اور کبھی واسطے مسلم رکھنے سخن غیر کے
آتا ہے اس صورت مین یہ اسم بمعنی حق ہے۔
کَلا ۔ع ۔ ہری گھاس۔
کِلا ۔ع ۔ یہ ایک لفظ موضوع ہے واسطے
معنی تثنیہ کے اور اس حالت مین یہ لفظ بغیر
اضافت کے مستعمل نہین ہوتا ہے۔

کِلاب ۔ع ۔ جمع کلب بمعنی کتے کی۔
کلابہ ۔ف ۔ سوت کی کُکڑی۔
کلاپیسہ ۔ف ۔ آنکھ کا بدل جانا اپنی
حالت اصلی سے اسطرح کہ سیاہی آنکھ کی
چھپ جائے خواہ زیادتی لذت شہوت سے
خواہ بسبب ضعف کے خواہ انتہائے غصہ وغیرہ امور سے
کلات ۔ف ۔ قریہ ۔ گانون ۔ پہاڑ کے
اوپر جو قلعہ ہو ۔ نام ایک پیچ کا کشتی سے۔
کلاتہ ۔ت ۔ چھوٹا گانون ۔ کھیت۔
کِلاسہ ۔ع ۔ جو چیز چونے سے بنی ہو یعنی پختہ
ماخوذ کِلس سے جو بمعنی چونہ اور گچ ہے۔
کلاشکن ۔ف ۔ ایک قسم ہے حلوا کی جو
نہایت سخت ہوتا ہے جیسے حلوا سوہن کی ٹکڑی
کُلاغ ۔ف ۔ جنگلی کوا۔
کُلاغ زدن ف } طعنہ دینا کسی کی
کُلاغ گرفتن ف } ہجو کرنا۔
کلافہ ۔ف ۔ سوت کی کُکڑی۔
کَلال ۔ع ۔ سستی اعضا کی ۔ تکان تھکن
کُلال ف ۔ وہ شخص جو مٹی کے برتن بناوے
ہندی کمہار ۔ کسگر۔
کَلالہ ۔ع ۔ ماندہ ہونا ۔ سُست ہونا ۔ کند
ہونا ۔ بے باپ اور ماں کا ہونا بے فرزند کا
ہونا ۔ وہ شخص جو مر جائے اور باپ اور بیٹے
کو چھوڑ نہ جائے۔
کلالہ ۔ف ۔ گھونگھر والے بال ۔ زلف پیچدار

کَلَام - ع - بات کرنا - اور اصطلاح علم نحو میں وہ عبارت جو مرکب ہو دو کلمہ سے -

کَلَامِ مُستَلَام - کنایہ کلام الٰہی اور وحی سے -

کَلَان - ف - لمبا - بڑا -

کَلَانِی - ف - بڑائی - لمبائی -

کَلَاوَہ ف - لگڑی سوت کی - کچا سوت جو چرخہ کے تکلے پر لگا ہوا ہو -

کُلَاہ ف - ٹوپی - اور بمعنی تاج بادشاہی بھی

کُلَاہ افگندن ف } مراد تعظیم کرنے سے
کلاہ انداختن ف } اسلیئے کہ بعض ملکوں
کلاہ برکشیدن ف } میں واسطے تعظیم
دوسرے کے اپنے سر سے ٹوپی اُتار لیتے ہیں جیساکہ معمول اہل فرنگ کا ہے - اور بمعنی عاجزی کرنیکے بھی

کلاہ برآسمان انداختن - ف } کنایہ ہے
کلاہ بہوا انداختن - ف - } کمال ذوق اور خوشی اور خوشحالی اور شادمانی سے -

کلاہ گوشہ شکستن ف - کنایہ ہے فخر اور غرور کرنے اور ٹیڑھی ٹوپی پہننے سے -

کِلَاءَۃ - ع - حفاظت - نگہبانی -

کَلْب ع - سگ - کُتا -

کَلِب - ع - کاٹنے والا - دیوانہ -

کلب عَوَّا - ع - کُتا بہت فریاد کرنیوالا - نام ایک منزل کا چاند کی منزلوں سے -

کَلْب کَلِب - ع - دیوانہ کُتا - کاٹنے والا کتا

کُلبہ ت - چھوٹاسا گھر تنگ و تاریک اور بمعنی گوشہ و حجرۂ دوکان کے بھی آیا ہے

کَلْبَتَان - ع } سنڈاسی - سنسی گرم لوہا
کَلْبَتَین - ع } پکڑنیکا اوزار - زنبور ظاہرا یہ دونوں لفظ کَلبہ کا تثنیہ ہیں کہ سنسی کے ایک پترہ کو کلبہ کہتے ہیں اور بمعنی گلگیر شمع کے بھی آئے ہیں -

کُلپَترَہ - ف - نادرست - بیہودہ کے معنی -

کَلْتَبَان ف - دیوث بے شرم - بھڑوا -

کَلْتَہ ف - اندک - تھوڑا - دم کٹا - توتلا - ڈنڈا - سونٹا - گتکہ - اصلی معنی اسکے بُریدہ اور مقطوع کے ہیں اسی لیئے کَلتہ دُم دُم کٹے اور کلتہ پر پر کٹے اور کلتہ زبان گونگے اور توتلے کو کہتے ہیں اب ہر شئے ناقص کو بطور مجاز کے کلتہ کہتے ہیں -

کِلْس - ع - آہک سفید چونہ - وہ چونہ جس سے عمارت بنتی ہے یعنی کانپ -

کَلَف - ع - جھائیاں یعنے داغ جو منہ پر پڑجاتے ہیں اور بمعنی عشق کے بھی ہے -

کَلْف - ع - کسی چیز پر عاشق ہونا -

کُلْفَت - ع - تکلیف - رنج - سختی - کدورت

کُلفَت - ف - گندہ - سخت - ناہموار -

کِلْک - ف - ہر ایک نے جو اندر سے خالی ہو خصوصاً قلم کا نیزہ -

کَلَک - ف - خاکستر - راکھ - بھڑبھونجے کا بھاڑا - فصد کھولنے کا نشتر - پچھنہ - اور بمعنی شوم - نامبارک - بلا - سختی - درد سر -

کَلَک - ف - بغل - آغوش -

کُلک - ف - دنبہ کے نرم بال -

کَلکَج - ف - لڑنے جھگڑنیوالا -

کَلک خُسُپ - ف - نہایت محتاج اور مفلس اور پریشان حال جو ناداری کیوجہ سے گرمی میں زمین پر اور جاڑے میں بھاڑ پر بستر کرتا ہو

کَلکَل - ف - بیہودہ گوئی -

کَلَل ف - پردنکا جیغہ اور کلغی

کَلَل - ع - گونگاپن -

کَلْم - ع - زخمی کرنا -

کَلِم - ع } جمع ہے کلمہ کی -
کَلِمَات - ع }

کَلَمح البرق - ع - مثل چمکنے بجلی کے یعنے نہایت جلدی اور بہت ہی جلدی -

کَلْمُرْغ - ف - ایک قسم گدھ سرخ سر کی جسکے سر پر نہیں ہوتے -

کَلْمَکَل - ف - شور - غل - غوغا -

کَلِمَہ - ع - لفظ مفرد جو بامعنی ہو - اور منطقی لوگ کلمہ فعل کو کہتے ہیں -

کُلُمبہ ف - ایک قسم کا کاچہ جسمین حلوا اور مغز بادام بھر کے پکاتے ہیں -

کَلَند - ف - بروزن سمند زمین کھودنے اور کھیت گوڑنیکا آہنی آلہ ہندی میں اسکو کسی اور پھاوڑا کہتے ہیں -

کُلنگ ف۔ مبدل کلند کا اسلیئے کہ فارسی مین دال کاف سے بدل جاتی ہے پھاوڑا۔
کُلنگ۔ ف نام ایک پرند مشہور کا جو سارس سے مشابہ ہے جسکو کنج بھی کہتے ہین
کلو۔ ف۔ واو مجہول سے۔ رئیس محلہ۔
کُلوا ۔ ہ۔ صیغہ جمع امر حاضر کا۔ کھاؤ۔
کَلوب ع۔ سنسی گرم لوہا پکڑنے کی۔
کُلوخ ف۔ ڈھیلا مٹی کا۔
کلوخ انداز۔ ف۔ گوپھن مین رکھکر پتھر کا مارنیوالا۔ قلعہ کی دیوار کے رندے یعنی سوراخ جنمین سے پتھر یا بالفعل بندوق دشمن کی فوج پر مارتے ہین۔
کلوخ خشک برلب مالیدن ف۔ کنایہ ہے کسی بات کے مخفی اور پوشیدہ رکھنے سے۔
کلوخ کوب۔ ف بڑے ڈھیلون کے کوٹنے کا آلہ۔ موگری۔ دُرمُٹ۔
کُلوم ع۔ جبراحتہا۔ بہت سے زخم۔
کُلَہ۔ ف۔ ہاے ملفوظہ سے مخفف ہے کلاہ یعنی ٹوپی کا۔ اور بمعنی آلت تناسل اور حرکات جماع کے بھی آیا ہے۔
کِلَّہ۔ ع۔ باریک اور مہین کپڑے کا چھوٹا خیمہ جو فقط مکھی اور مچھر کے نہ آنیکے لیئے بناتے ہین
کُلَہ برکُلہ کسے زدن۔ ف۔ کسی کے ساتھ دعویٰ برابری کا کرنا۔
کُلہداری۔ ف۔ بادشاہی۔

کُلۂ قند۔ ف۔ قند کا کوزہ۔
کُلّی ۔ ع۔ جسکے مفہوم مین بہت سے افراد شامل ہون جیسے حیوان۔
کُلِّیات ۔ ع۔ جمع ہے کُلّی کی۔
کُلیچہ۔ ف۔ میدے کی خمیری روٹی۔
کُلیچہ شدن ف کنایہ مجتمع ہونے سے۔
کِلید ۔ ف۔ کنجی۔ تالی۔
کِلیدان۔ ف۔ قفل۔
کِلیسا۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ گرجا۔ مندر عبادت خانہ یہود اور نصاریٰ وغیرہ کا۔
کَلِیل ۔ ع۔ توتلی زبان۔ کند تلوار۔ ہر چیز کند جو اپنے کام مین ناقص ہو۔
کَلِیلَہ۔ ف۔ نام ایک گیدڑ کا جسکا قصہ کتاب کلیلہ دمنہ مین لکھا ہے۔
کَلِیم ۔ ع۔ سخن گو۔ ہم سخن۔ بات کرنیوالا مجروح زخمی۔ لقب حضرت موسیٰ کا اسلیئے کہ آپ اکثر خدا سے کلام کرتے تھے تخلص شاعر کا۔
کُلِّیَہ ۔ ع۔ تمام وکمال۔ ہمگی۔
کُلْیَہ۔ ع۔ گردہ جو ایک عضو اندرونی ہے۔
کُلْیَتَین ۔ دونون گردے تثنیہ کلیہ کا۔

فصل کاف مع میم

کَم ۔ ع۔ چند۔ کتنا۔ بسیار۔ بہت۔
کُم ۔ ع۔ ضمیر جمع مذکر مخاطب کی یعنی تم۔
کَم ۔ ع۔ مقدار کسی چیز کی۔
کُم ۔ ع۔ آستین۔ اکمام جمع ہے۔
کِم۔ ع۔ غلاف۔ شگوفہ۔ اکمام اسکی بھی جمع ہے
کَم ۔ ف۔ تھوڑا۔ واضح ہو کہ لفظ کم اور اندک کے اگرچہ بمعنی تقلیل کے ہے لیکن اکثر استعمال اِن دُونون لفظونکا بمعنی نفی مطلق کے ہوتا ہے۔
کَمَاۃ ۔ ع۔ سمارونع۔ اور یہ ایک چیز ہے سفید بشکل انڈے یا چتر کے جو اکثر موسم برسات مین زمین سے اُگتی ہے۔ ہندی کُکرمتا۔
کُمَاۃ ۔ ع۔ سپاہی لوگ۔ ولاور لوگ یہ جمع کمی بمعنی دلاور کی ہے۔
کُمَاچ۔ ت۔ ایک قسم کی موٹی روٹی
کَمَا حَقَّہٗ۔ ع۔ جیسا چاہیے جیسا اُسکا حق ہے۔ بہت ہی ٹھیک۔
کِمَاد ۔ ع۔ بمعنی تکمید۔ ٹکور لگانا۔ کسی عضو کو سینکنا کسی چیز سے جسکو آگ پر گرم کرلیا ہو
کَمَال ۔ ع۔ تمام۔ تمام ہونا۔ تخلص دو شاعر مشہور ایک ساکن اصفہان اور دوسرے ساکن خجند کا۔
کَمَالات ۔ ع۔ جمع ہے کمال کی۔
کِمَام ع۔ وہ چھینکا جو اونٹ کے منھ پر باندھ دیتے ہین تاکہ وہ نہ کسی کو کاٹ سکے اور نہ کسی کا کھیت وغیرہ چر سکے۔
کَمَان۔ ف۔ اصل مین خمان تھی منسوب خم سے مشہور آلہ ہے تیر پھینکنے کا۔
کَمَان پشت۔ ف۔ کبڑا۔
کَمَانچہ۔ ف۔ نام ایک ساز مشہور کا جس

گز یعنے بجانے کا آلہ بشکل کمان ہوتا ہے
اور مراد خود مضراب سے بھی۔
کماندار۔ف۔ کمان رکھنے والا۔
کمان رستم۔ف۔ } قوس قزح دھنک
کمان شیطان۔ف۔ }
کمان کسی کشیدن۔ف۔ کسی کا ہم مقابل
ہونا۔ کسی پر غالب آنا۔
کمان گروہہ۔ف۔ وہ کمان جسمین مٹی وغیرہ
کا گلہ رکھکر مارتے ہین ہندی غلیل۔
کمانہ۔ف۔ بڑھئی کی کمان برمہ چلانیکی۔
کماہی۔ع۔ جیسا کہ وہ مقدمہ ہے۔ اور
محاورۂ فارسی مین بہ سکون یا مستعمل ہے۔
کما ینبغی۔ع۔ جیسا چاہیئے۔
کمبخت۔ف۔ کم نصیب۔
کم بودگی۔ف۔ ناداری۔ مفلسی۔
کمتر۔ف۔ بہت کم۔
کمتر روزگار۔ف۔ تھوڑی مدت۔
کمترین۔ف۔ بہت ہی کم۔
کمثری۔ع۔ نام میوہ کا جسکو امرود کہتے ہین۔
کم چیزے گرفتن۔ف۔ کسی چیز کو معدوم
اور نابود اور ناشدہ جان لینا۔ واضح ہو کہ
لفظ کم نفی مطلق کے مقام مین مستعمل ہوتا ہے۔
کمخاب۔ف۔ ایک قسم کا کپڑا ہے زرین
تارون سے بنا ہوا۔ خاب بمعنی ریشم باریک یعنی
روان اور کم نفی مطلق کے لیے یعنے اُس کپڑے
مین روانی نہین ہوتا۔ یہی وجہ تسمیہ
رشیدی مین لکھی ہے۔
کم خویش گرفتن۔ف۔ اپنے کو معدوم
اور نابود سمجھ لینا۔
کمر۔ف۔ میان۔ کر۔ اور بمعنی میان بند
یعنے پٹکہ کے جو کمر مین لپیٹتے ہین مجازاً۔
کمر باختن۔ف۔ ہمت ہار دینا۔ غم و رنج
یا خوف و دہشت سے بے طاقت ہو جانا۔
کمر بر کمر۔ف۔ بلندی پر بلندی اسلیئے کہ کمر
بمعنے بلندی کے بھی ہے۔ اور بمعنی برابر برابر کے بھی۔
کمر بستن۔ف۔ مستعد خدمت کا ہونا۔
کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہونا۔
کمربستہ۔ف۔ موجود۔ مستعد۔ اور کنایہ ہے
نوکر اور خادم سے بھی۔
کمر بند۔ف۔ پٹکہ۔ کمر باندھنے کی شئے۔
نوکر۔ خادم۔ چاکر۔ ازار بند۔
کمر کشادن۔ف۔ کسی کام کا ترک کر دینا
کمزن۔ف۔ کم ہمت۔ اور بمعنی ذکر کم کن یعنی
ذکر ترک کر دے چپ رہ۔
کمک۔ت۔ اعانت اور مدد خواہ جنگ
اور لڑائی مین ہو خواہ کاروبار مین۔
کمکام۔ع۔ گول ڈیل کا آدمی۔
کم گرفتن۔ف۔ کسی چیز کا نہ لینا۔ اور
کنایہ ہے کسیکو بحقارت دیکھنے سے۔
کمم۔ف۔ نام ایک تالاب کا کشمیر مین۔
کمند۔ف۔ اصل مین خمند تھا اسلیئے کہ
اسمین خم و پیچ بہت ہوتے ہین یہ ایک
قسم کا پھندا بہت مشہور ہے۔
کمند حلقہ کردن۔ف۔ جنگ اور لڑائی
اور شکار کرنے پر مستعد اور آمادہ ہونا۔
کمون۔ع۔ نام دوا کا ہندی زیرہ۔
کمہ۔ع۔ ہائے ملفوظ سے مادرزاد اندھا
ہونا یعنے مان کے پیٹ سے اندھا پیدا ہونا۔
کمی۔ع۔ سپاہی اور دلاور اور دلیر آدمی
جو ہتھیار بند ہو۔
کمیاب۔ف۔ جو کم دستیاب ہو۔
کمیت۔ع۔ سرخ شراب انگوری جو مائل
بسیاہی ہو۔ ایک قسم گھوڑے سرخ رنگ
کی جو سیاہی مائل ہوتا ہے اور یال اور دم
اسکی سیاہ ہوتی ہے۔ نام ایک شاعر عرب کا۔
کمیت۔ع۔ چندگی۔ مقدار۔ مقدار
اُس چیز کی جو تولی یا ناپی یا گنی جائے۔
کمیز۔ف۔ بروزن گریز۔ پیشاب۔ بول۔
کمیزدان۔ف۔ پیشاب کا پھکنا۔
کمین۔ع۔ کسی جگہ پوشیدہ ہوکر بیٹھنا۔
دشمن یا شکار کیواسطے۔ کسی کی گھات مین بیٹھنا۔
کمین آوردن۔ف۔ بے خبر دوڑنا۔
کمینگاہ۔ف۔ وہ جگہ جہان کوئی شخص
کسیکی گھات مین چھپکر بیٹھے۔
کمینہ۔ف۔ کم رتبہ۔ نیچ۔

فصل کاف مع نون

کن - ع - صیغہ امر کا ہے یعنی ہوجا - ہو - اور اشارہ ہے طرف حکم حق سبحانہ جل شانہ کے جو روز ازل مین موجودات کے پیدا ہونے کے باب مین ہوا تھا -

کَنَ - ع - پردہ - پوشش -

کُن - ن - گرد -

کَن - ن - کھود -

کُن - ت - پس - عقب - پیچھا -

کنار - ت - کنارہ کسی چیز کا - گوشہ - طرف -

کنار - ف - بغل - آغوش -

کُنار - ت - نام پھل کا ہندی بیر -

کنارہ ف - کونا - طرف -

کنّاس - ع - خاکروب - حلال خور - بھنگی - چوڑھا - اور بمعنی جلاد - اور گردن مارنیوالے کے بھی آیا ہے -

کِناس - ع - وہ مقام جہان ہرن اور بارہ سنگھا رہتا اور سوتا ہے -

کُناسہ - ع - کوڑا کرکٹ - وہ چیز جو جھاڑو بہاری جائے -

کُنام - ع - چوپائے جانورون کی آرامگاہ جنگلی پرندونکا گھونسلا - چراگاہ -

کُنانہ - ع - کہنہ - پرانا -

کِنانہ - ع - ترکش جسمین تیر رہتے ہین -

کِنایہ - ع - سخن پوشیدہ - پوشیدہ کہنا بات کا

کنائس - ع - جمع ہے کنیسہ کی - مندر - یہود اور نصاریٰ وغیرہ کے عبادت خانے -

کَنَب - ف - بھنگ کے بیج اور پتی -

کَنَب - ع - ہاتھ اور پاؤن کی چرک اور سیل -

کَنّہ - ع - منکوحہ پسر بیٹے کی زوجہ -

کُنّہ - ع - دروازہ کا چھجہ - سائبان -

کُنج - ف - کونا - گوشہ -

کُنجارہ - ف - تل یا السی وغیرہ کا تیل نکالنے کے بعد جو ثفل باقی رہے - ہندی کھلی -

کُنجد - ف - تل ایک قسم کا غلہ ہے جس سے تیل نکالا جاتا ہے -

کُنجشک ف - چڑیا ایک پرند مشہور ہے -

کُنج کاوی - ف - تجسس - تلاش - وقت - غور - فکر - سوچ -

کَند - مع - شکر سفید - قند اسی کا معرب ہے نام ایک شہر کا خجند سے - جراحت - زخم - اور بمعنی بھاگنے کے بھی آیا ہے - اور تیراندازون کی اصطلاح مین کمان کو خوب کھینچکر تیر چھوڑتے وقت جو کسی قدر اور کشش دیکے چھوڑتے ہین اور اسطرحکا تیر توڑا اور بلہ خوب کرتا ہے -

کُنداور - ف - دانا - حکیم - پہلوان -

کُندپیر - ف - عورت بڑھیا پھوس -

کُندُر - ع - نام ایک گوند کا جو کہ مشابہ مصطگی سے ہوتا ہے -

کَندَن - ف - کھودنا - اور بمعنی رمیدن یعنی بھاگنے کے بھی آیا ہے -

کَندو ف - بڑی مٹھور جسمین غلہ بھرتے ہین -

کَندوری - ف - دستارخوان طعام -

کُندہ - ف - ہر لکڑی جو بہت موٹی اور بڑی ہو - وہ لٹھ سوراخدار جسکے سوراخ مین گنہگار کا پاؤن دے کے میخ سے بند کردیتے ہین

کَندہ - ف - خندق اسی کا معرب ہے -

کُندہ شدن ف - بند ہونا - قید ہونا -

کَندہ کاری ف - کسی چیز پر کچھ کھودنا -

کَندیدن ف - کھودنا -

کنز - مع - معرب گنج کا - خزانہ - نام کتاب کا علم فقہ مین - نام کتاب کا لغت مین -

کِنش - ف - کینہ - دلی بَیر -

کُنش - ف - کردار - عمل -

کُنشت - ف - بتخانہ - آتشکدہ یہود اور نصاریٰ وغیرہ کا عبادت خانہ -

کنعان - ع - حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو کافر تھا - نام حضرت یعقوب علیہ السلام کے شہر کا - نام نمرود کے باپ کا -

کَنَف - ع - جانب - کنارہ - پناہ -

کُن فکان - ع / کُن فیکون - ع - کنایہ عالم موجودات سے

کُنگ - ف - فربہ - موٹا - قوی ہیکل -

کِنگ - ف - بجیا - زبان آور -

کُنگ - ف - انسان کا بازو - پرند جانور کا پر -

درخت کی ٹہنی۔
کنگاش ف۔ شورہ۔ باہم صلاح کرنا۔
کنگر۔ ف۔ مخفف کنگرہ کا۔
کنگرہ۔ ف۔ جو عمارت کے اوپر بناتے ہین
چارون طرف اور مشہور ہے۔
کنگش۔ ف۔ شورہ۔ مخفف کنگاش کا۔
کن مکن ف۔ کنایہ زبردستی اور حکومت سے
کنندہ در خیبر۔ ف۔ کنایہ حضرت علیؑ سے
کنود۔ ع۔ ناسپاس۔ ناشکرا۔ وہ زمین
کہ جسمین گھاس نہ اُگے۔
کنود۔ ع۔ ناسپاسی۔ ناشکری۔
کنوز۔ ع۔ جمع ہے کنز کی۔ خزانے۔
کنون ف۔ اب۔ اُسوقت مخفف اکنون کا
کنہ۔ ع۔ ہائے ملفوظ سے۔ حقیقت ماہیت
انتہا کسی چیز کی۔
کنہ۔ ع۔ ف۔ ہائے غیر ملفوظ سے۔ ایک
جانور ہے چھوٹا جو کتے وغیرہ کے جسم مین چمٹکر
خون پیتا ہے ہندی مین اسکو چچڑی کہتے ہین
کنیت۔ ع۔ بروزن مہلت۔ وہ نام جسکے
اول مین لفظ (اب) یا (ام) یا (ابن) یا
(بنت) ہو جیسے ابوالحسن۔ ابی بکر۔ ابا ہریرہ
ام الکتاب۔ ابن حاجب۔ بنت العنب
بمعنی شراب انگوری۔ بنت الصدر بمعنی
اندیشہ اور کبھی لفظ کنیت کا فارسی مین بمعنے
مطلق لقب کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

کنیز۔ ف۔ باندی۔ لونڈی۔ اور بمعنی کنواری
لڑکی کے بھی آیا ہے۔
کنیزک۔ ف۔ اس لفظ کے آخر کا کاف کلمہ کا
جزو نہین ہے بلکہ واسطے تحقیر یا تصغیر کے ہے۔
کنیسہ۔ ع۔ معبد۔ مندر۔ یہود اور نصاریٰ
وغیرہ کا عبادتخانہ۔

فصل کاف مع واو

کو۔ ف۔ گلی۔ کوچہ۔ اور بمعنی محلہ اور
گھر کے بھی آیا ہے۔ اور یہ کلمہ واسطے
استفہام ذوی العقول کے بھی آتا ہے جیسے
مصرعہ۔ کو دوستے کہ حال مرا پرسشے کند۔
کواعب۔ ع۔ بمعنی زنان نارپستان
اور یہ جمع کاعب کی ہے۔
کواعب النجم۔ ع۔ بنات النعش۔ اور یہ
سات ستارے ہین قریب قطب شمالی کے
کواکب۔ ع۔ جمع کوکب کی۔ روشن ستارے
کوائیدن ف۔ کھیتی وغیرہ کا پھپکنا۔
کوب۔ ع۔ وہ کوزہ جسمین نہ دستہ ہو نہ
ٹونٹی۔ جمع اسکی اکواب آتی ہے۔
کوبہ۔ ف۔ موگری۔
کوبیدن۔ ف۔ کوٹنا۔
کوپال ف۔ واو معروف سے لوہے کا گرز
کوپلہ۔ ف۔ واو مجہول سے۔ حباب بلبلہ
جو پانی اور رقیق شے مین پڑتا ہے۔ شگوفہ۔
قفل۔ کلاہ۔ ٹوپی۔

کوتاہ۔ ف۔ چھوٹا۔
کوتاہ بین۔ ف۔ ناعاقبت اندیش۔ اور
بمعنی پست ہمت کے بھی۔
کوتاہی۔ ف۔ چھوٹائی۔
کوتر۔ ف۔ بمعنی کبوتر۔
کوتل۔ ت۔ گھوڑا سواری خاص کا۔
کوتوال۔ ف۔ مفرس یعنے فارسی بنایا گیا
ہے لفظ ہندی سے۔ اصل اسکی کوٹوال
تھی بمعنی صاحب قلعہ۔ محافظ قلعہ۔
کوتہ۔ ف۔ ہائے ملفوظ سے مخفف کوتاہ کا
کوتہ نظر۔ ف۔ ناعاقبت اندیش۔ پست ہمت
کوثر۔ ع۔ بڑا سخی۔ بڑی بخشش کرنیوالا
نام ایک نہر کا جو درمیان جنت کے ہے۔
کوچ۔ ف۔ روانہ ہونا۔
کوچک۔ ف۔ چھوٹا۔ نام ایک مقام کا
بارہ مقامون موسیقی سے۔
کوچک ابدال۔ ف۔ قلندرون کی اصطلاح
مین اُس مرید کو کہتے ہین جو اور مریدون سے
سن مین چھوٹا ہو۔
کوچک دلی ف۔ بیرحمی۔ پست ہمتی۔
اور بمعنی نازک دلی و نرم کے بھی لکھا ہے۔
کوچہ۔ ف۔ گلی۔
کوچہ بند۔ ف۔ بمعنی محفوظ اور وہ گلی
جسکے دونون طرف نکاس پر دروازے لگے
ہون کہ بروقت اندیشہ کسی آفت کے دونون

در وازہ کو حفاظت کے لیئے بند کر دین -
کوچہ خموشان - ف - قبرستان -
کوچہ دادن - ف - کسی کے لیے رستہ چھوڑ دینا تاکہ وہ نکل جاوے -
کوچہ سلامت ف ایک رستہ مثل خندق کے بہت کج اور ٹیڑھا بناتے ہین تاکہ فوج کے سپاہی اُس رستہ کی کجیون کی آڑ مین بچتے ہوئے نزدیک قلعہ غنیم کے پہونچ جائین -
کوچۂ لوت - مراد کسبیون کے محلہ سے -
کوچہ یافتن ف - رستہ پا جانا -
کوخ - ف - واو مجہول سے - خانۂ بے روزن اندھیرا مکان - ایک گھاس ہوتی ہے جس سے بوریا بُنا جاتا ہے - اور معنی کرم یعنی کیڑا جیسا کہتے ہین کہ (در فلان چیز کوخ افتادہ یعنے فلان چیز مین کیڑے پڑ گئے -
کود - ف - واو معروف سے غلہ کی کھلیان کا تودہ یعنے انبار -
کوداب - ف - دلا مجہول سے نام ایک آش کا جسکو شیرۂ انگور ڈالکر پکاتے ہین -
کودک - ف - لڑکا - بچہ -
کودن - ع - مریل ٹٹو جو اچھی طرح چل نہ سکے وہ خچر اور ٹٹو وغیرہ جو بوجھ لادنے کا ہو مجازاً وہ شخص جو احمق اور بیوقوف ہو -
کور - و - افزونی - زبونی - فراغت - اور دستار یعنے پگڑی کا پیچ -

کور - ف - اندھا -
کورچشم - ف - ایک قسم ہے کپڑے کی -
کورچشم حریر - ف - ایک قسم ریشمی کپڑے کی -
کوردین - ف - بروزن پوستین بالون کا موٹا کپڑا - کمّل -
کورمقری - ف - اندھا مادر زاد -
کورنش - ت - بروزن بلبل کسی کو خم ہوکر یعنے جھککر ادب سے سلام کرنا - اسمین واو علامت ضمہ ما قبل کی ہے ملفوظ نہین ہے
کورنشات - ف - جمع ہے کورنش کی -
کورہ - ع - آتشدان بھٹی - پژاوہ - جہان اینٹین وغیرہ پکائی جائین - شہر قصبہ آبادی - یہ لفظ واو معروف سے ہے -
کوری - ف - اندھاپن -
کوز - ع - واو معروف سے - کوزہ اور ہر برتن جسمین دستہ لگا ہو -
کوز - ف - خمیدہ - کبڑا -
کوزپشت - ف }
کوزہ پشت - ف } جسکی پیٹھ کبڑی ہوگئی ہو
کوزہ - ف - برتن دستہ دار -
کوس - ف - واو مجہول سے بڑا نقارہ - اور بمعنی کوفتن یعنے کوٹنا - نقارہ کو اسی سبب کوفتن سے کوس کہتے ہین - اور بمعنی آسیب یعنی صدمہ - لشکر کی صف - قطار فوج کی پرا سپاہیو نکا نام ایک قسم کی بازی کا مشابہ شطرنج کے

گوشہ اور کنارہ جامہ کا - ایما - اشارہ -
کوست - ف - صدمہ -
کوستن - ف - بروزن و معنی کوفتن -
کوسج - سب - معرب کوسہ کا وہ شخص جسکے باوجود درازی سن کے ڈاڑھی کے بال نہ نکلے ہون
کوس زدن - ف - مقابلہ حریف کا کرنا - لشکر کے پرے کو آراستہ کرنا -
کوسہ - ف - جسکی داڑھی کے بال نہ نکلین
کوشش - ف - سعی -
کوشک - ف - بلند مکان - محل - قصر -
کوشیدن - ف - کوشش کرنا -
کوف - ف - واو معروف سے - بوم - اُلو -
کوفتن - ف - کوٹنا -
کوفتہ - ف - وہ شخص جسکو صدمہ پہنچا ہو - یا بیمار ہو یا محنت سفر وغیرہ سے تھک گیا ہو قیمہ گوشت کے ایک قسم مشہور کے کباب اور قرمی اور کُنّا پے اور دیوتی کیوجہ سے جو کچھ حاصل ہوا اُسکو بھی کوفتہ اصطلاحاً کہتے ہین -
کوک - ف - واو معروف سے - آواز جو بہت بلند اور باریک ہو تخم کاہو جو مشہور ہے
کوک - ف - واو مجہول سے سب سازون اور باجون کا باہم سرون مین ملانا موافق کرنا باجہ کے تارون کی آوازون کا - گانیوالون کا آپسمین اپنی آوازون کو ملانا - اور بمعنی سرفہ یعنی کھانسی کے بھی ہے - اسی جہت سے پوست کے

ڈورے کو کنار کہتے ہین کہ وہ کھانسی کو مفید
اور فائدہ مند ہے ۔

کوک ۔ ت ۔ واو معروف سے ترکی مین
کبود اور نیلے رنگ کو کہتے ہین ۔

کوکب ۔ ع ۔ ستارہ روشن اور بڑا ۔

کوکبہ ۔ ع ۔ ستارہ ۔ انبوہ ۔ جماعت ۔
گروہ مجازاً بمعنی شکوہ حشمت ۔ بزرگی ۔
فوج ۔ بادشاہ کی سواری کے آگے کا جلوس ۔

کوک شدن ۔ ف ۔ موافق ہونا ساز و نکا
باہم سر دن مین ۔

کوک کردن ۔ ف ۔ موافق کرنا ساز و نکا
باہم سرونمین اور موافق کرنا اپنی آوازون کا ۔

کوکلتاش ۔ ت ۔ برادر رضاعی یعنی دودھ
شریکا بھائی ۔ واضح ہو کہ جن دو بچون نے
ایک دایہ کا دودھ پیا ہو وہ آپسمین
ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہے ۔

کوکن ف ۔ بروزن موسن ۔ بوم ۔ اُلو ۔

کوکنار ف ۔ پوست کا ڈورا یہ لفظ مرکب ہے
کوک بمعنی کھانسی اور نار بمعنی انار سے اسلیے
کہ یہ کھانسی کو مفید ہے ۔

کوکو ۔ ف ۔ آواز فاختہ کی ۔ ایک قسم کا
پلاؤ جو مرغی کے انڈون سے تیار ہوتا ہے ۔

کوکہ ۔ ف ۔ دودھ شریکا بھائی ۔

کول ۔ ف ۔ واو مجہول سے ۔ تالاب ۔ گڑھا

کولاب ۔ ف ۔ تالاب ۔

کون ۔ ع ۔ ہونا ۔ ہو جانا ۔ ہست ہونا ۔ اور
بمعنی دنیا اور اس جہان کے مستعمل ہے ۔
واضح ہو کہ کون مصدر ہے بمعنی موجود ہو جانا
کسی چیز کا جو پہلے سے نہ تھی اب پیدا ہو گئی ۔

کون ۔ ف ۔ مقعد ۔ پاخانہ کا مقام ۔

کون خاریدن ۔ ف ۔ پشیمان ہونا ۔

کون خر ۔ ف ۔ نادان ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔
بے عقل بے تمیز ۔

کونستہ ف ۔ بروزن گلدستہ ۔ آدمی کا چوتڑ ۔

کون و فساد ف ۔ موجود ہونا اور پھر تباہ
ہو جانا ۔ ہو کر مٹ جانا ۔

کونین ۔ ع ۔ یہ جہان اور وہ جہان یعنے
دنیا اور دین ۔

کونیہ ۔ ع ۔ منسوب کون سے ۔

کوہ ۔ ف ۔ پہاڑ ۔

کوہان ۔ ف ۔ واو مجہول سے ۔ اونٹ کی
پیٹھ کا کوبڑ ۔ بیل کے شانہ کی بلندی ۔

کوہ پایہ ۔ ف ۔ زمین دامن کوہ اور بمعنی
پہاڑ کے بھی مستعمل ہے ۔

کوہچہ ۔ ف ۔ ٹیلہ ۔

کوہ رحمت ف ۔ نام پہاڑ کا قریب مکے کے ۔

کوہستان ف ۔ جہان بہت سے پہاڑ ہون ۔

کوہ سنج ۔ ف ۔ بڑا جفاکش اور بردبار آدمی ۔

کوہکن ۔ ف ۔ لقب فرہاد کا جو شیرین پر
عاشق تھا اسلیے کہ خسرو پرویز بادشاہ نے
جو شیرین کا شوہر تھا فرہاد سے براہ فریب
شیرین کے وصل کا وعدہ کرکے بے ستون
نامے پہاڑ کو کھدوا کے راہ برابر نکلوائی تھی ۔

کوہہ ف ۔ واو مجہول سے ۔ برآمدگی یعنی
اُبھراپن ہر چیز کا ۔ اونٹ کی پیٹھ اور بیل کے
کندھے کی اونچان مجازاً انسان کا کندھا
اور بمعنی حملہ اور نشیب کے بھی آیا ہے ۔

کوے ۔ ف ۔ گلی ۔ کوچہ ۔

فصل کاف مع ہائے ہوز

کہ ف مخفف کاہ کا سوکھی کٹی ہوئی گھاس

کہ ۔ ف ۔ مخفف کوہ کا ۔ پہاڑ ۔

کہ ۔ ف ۔ چھوٹا ۔ کوچک ۔ کم رتبہ ۔

کہ ۔ ف ۔ جو ۔ وہ ۔ یعنی ۔

کہانت ۔ ع ۔ غیب کی بات بتلانا ۔ فال گوئی ۔

کہبد ۔ ف ۔ زاہد اور درویش کوہ نشین ۔

کہبد ۔ ف ۔ صراف ۔ خزانچی ۔

کہتر ۔ ف ۔ بہت چھوٹا ۔ نہایت حقیر ۔

کہر ۔ ف ۔ گھوڑے اور خچر کا مخصوص
ایک رنگ جسکو کمیت کہتے ہین ۔

کہربا ۔ ف ۔ گھاس اُٹھانیوالا ۔ یہ ایک
قسم کا گوند زرد رنگ چمکدار ہوتا ہے اسکی
خاصیت یہ ہے کہ اگر اسکو کپڑے پر خوب گھسین اور
جب یہ گرم ہو جائے اور اسکو گھاس کے باریک
تنکے کے پاس لیجائین تو یہ اسکو کھینچ لیتا ہے

کہف ۔ ع ۔ غار ۔ گڑھا ۔ پناہ ۔

کہکشان۔ ف۔ ایک لمبی سفیدی باریک باریک ستارون کی جو آسمان پر راتون کو مشابہ لمبی گلی کے معلوم ہوتی ہے خصوصًا اخیر موسم برسات مین۔ اسکا نام کہکشان اسلیئے ہوا کہ یہ مشابہ اُسکے ہے جیسے کوئی گھاس کے پولے کو یا لو کی زمین پر رگڑتا اور کھینچتا ہوا لیجائے اور اُس سے زمین پر سیدھے خطوط اور لکیر پڑتی جائے۔

کہل۔ ع۔ مرد میانہ سال یعنے جو شخص نہ جوان ہو نہ بوڑھا۔ ادھیڑ۔

کہلہ۔ ع۔ ادھیڑ عورت۔

کہن۔ ف۔ } پرانا۔
کہنہ۔ ف۔ }

کہنہ۔ ع۔ جمع کاہن بمعنی فال دیکھنے والے اور غیب کی بات بتانے والے کی۔

کہنہ سوار۔ ف۔ شہسوار۔ بڑا۔ پہلوان۔ کشتی گیرون کا خلیفہ۔

کہنہ فغاہ۔ ف۔ مکار حیلہ گر۔ تجربہ کار۔

کہول۔ ع۔ وہ شخص جسکی داڑھی مین سفید اور سیاہ بال ہون۔ ادھیڑ۔

کہولت۔ ع۔ دو مو ہونا یعنے بالون کا سیاہ اور سفید ہوجانا۔ ادھیڑ ہونا۔

کہی۔ ف۔ وہ تھوڑے سپاہی یا سوار جو لشکر سے آگے چلین اور اطراف و جوانب مین جاکر لشکر کیواسطے لکڑی اور گھاس اور دانہ وغیرہ لادین اور دشمن کی خبر بھی لیتے رہین۔

کہین۔ ف۔ } کوچک تر۔ بہت چھوٹا
کہینہ۔ ف۔ }

فصل کاف مع یاے تحتانی

کے۔ ف۔ یہ کلمہ واسطے استفہام زمان کے آتا ہے بمعنی کب۔ اور بمعنی شہنشاہ بلند قدر عادل۔ لطیف۔ اصیل کے بھی ہے۔

کی۔ ع۔ بمعنی داغ کہ لوہے کو آگ مین گرم کرکے کسی عضو کو داغ دیتے ہین۔

کیا۔ ف۔ پہلوان۔ خداوند۔ پاکیزہ۔

کیاد۔ ع۔ بڑا مکار۔ بڑا حیلہ گر۔

کیاست۔ ع۔ دانائی۔ زیرکی عقلمندی یہ لفظ کاف فارسی سے غلط ہے۔

کیال۔ ع۔ ناپنے والا۔ تولنے والا۔ کسی چیز کو پیمانہ سے پیمایش کرنے والا۔

کیان ف۔ بادشاہان عظیم الشان اور یہ چار بادشاہ گذرے ہین۔ (۱) کیکاؤس۔ (۲) کیخسرو۔ (۳) کیقباد۔ (۴) کے لہراسپ

کیانی۔ ف۔ منسوب طرف کیان کے جو جمع ہی کے کی پس کیانی وہ چیز جو لائق عظیم الشان بادشاہون کے ہو۔

کیت و ذیت۔ ع۔ بمعنی چنان و چنین۔

کید۔ ع۔ مکر۔ فریب۔ حیلہ۔ بدسگالی۔

کید۔ ہ۔ یاے مجہول سے مخفف کیدار کا۔ نام ایک ہند کے راجہ کا جو ہمعصر سکندر کا تھا۔ اور نام ایک ہندؤن کے دیوتا کا۔ اور نام ایک ستارۂ منحوس کا جسکو کیت کہتے ہین۔

کید قاطع۔ ف۔ ظاہرا یہ مفرس کیت کا ہے نام ایک ستارۂ منحوس دُم دار کا جو قطع کرنے والا عمرون یعنی زندگیون کا ہے۔

کیخسرو۔ ف۔ نام ایک بڑے بادشاہ عجم کا

کیر۔ ف۔ آلت مرد کا۔ پیشاب کرنیکا عضو۔

کیس۔ ع۔ زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔

کیس۔ ع۔ کیسہ۔ تھیلی۔

کیس فدا ف۔ وہ روپے کی تھیلی جو مخالف بر وقت اپنے بھاگنے کے پھینک دیتا ہے تاکہ لوگ اُس روپیہ کے لوٹنے مین مشغول ہوجائین اور اُسکا پیچھا نہ کرین۔

کیسہ۔ ع۔ تھیلی۔

کیست۔ ف۔ کون ہے۔ یہ لفظ فقط واسطے ذوی العقول کے مستعمل ہوتا ہے۔

کیش۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ خو۔ عادت۔ دین۔ مذہب۔ ترکش جسمین تیر رکھتے ہین۔ نام شہر کا جزیرۂ بحر فارس مین۔ نام ایک جانور کا جسکی کھال کا پوستین بناتے ہین اور بمعنی درخت شمشاد۔ اور ایک لفظ ہے جو بوقت شطرنج کھیلنے کے ایک موقع پر کہتے ہین جسکو آج کل کے لوگ کشت کہتے ہین مگر یہ غلط ہے اسلیئے کہ کیش صیغہ امر کا ہے بمعنی (دور ہو) اور شطرنج کھیلنے مین اُس موقع پر یہی معنی مراد ہوتے ہین۔

کیف۔ ع۔ چگونہ۔ کیونکر۔ یہ لفظ واسطے

پوچھنے احوال کے آتا ہے۔ اور اصطلاح مین
وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نہ کرے جیسے
سیاہی۔ سفیدی۔ اور مجازاً بمعنی نشہ
مستی۔ وہ چیز جو نشہ اور بیہوشی لاوے۔
کیفدان۔ ف۔ وہ ظرف جس مین نشہ کی
معجون وغیرہ رکھین۔
کیفر۔ ف۔ بدلہ بدی کا۔ سزا بُرے کام کی۔
کیف ما اتفق۔ ع۔ جسطرح کہ اتفاق پڑا۔
کیف ما یتفق۔ ع۔ جسطرح کہ اتفاق پڑتا ہو۔
کیف و کم۔ ع۔ چگونہ وچند۔
کیفیت۔ ع۔ چگونگی۔ حالت۔ اور وہ
وصف جو کسی چیز مین حاصل ہوگیا ہو۔ فارسی
مین یہ لفظ بغیر تشدید یاے دوم کے آتا ہے۔
کیقباد۔ ف۔ لفظی معنی اسکے عادل برحق اسلیے
کہ دکے بمعنی عادل اور (قباد) اصل مین عباد
تھا غین نقطہ دار سے بمعنی برحق۔ یہ نام ہے
ایک بادشاہ عظیم الشان کا عجم کے۔ یہ بادشاہ
بڑا عیاش تھا اور اُسنے سو برس بادشاہت کی ہے
اور لقب ہے معزالدین بادشاہ دہلی ممدوح امیرخسرو کا۔
کیک۔ ف۔ پسو ایک کیڑا مشہور ہے۔ اور برہان
مین لکھا ہے ایک کیڑا کاٹنے والا سرخ رنگ۔
کیک در شلوار افتادن۔ ف۔ } بیقرار اور
کیک در موزہ افتادن۔ ف۔ } مضطرب ہونا
کیکاوس۔ ف۔ نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا
ایران کے اسی کے رفیقون مین رستم پہلوان
ملازم تھا۔ اور نام معزالدین کیقباد دہلی کے
بادشاہ کے بھائی کا۔
کیل۔ ع۔ پیمایش کرنا۔ تولنا۔ ناپنا۔ آنکنا
اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے۔ اور یہ لفظ بمعنی
پیمانہ کے بھی آیا ہے۔
کیلوس۔ ع۔ وہ غذا جو معدہ مین پہلی مرتبہ
پکتی اور مثل آش جو کے ہوتی ہے۔
کیلہ۔ ع۔ پیمانہ۔
کیمخت چرم۔ ف۔ مراد سختی اور درشتی سے۔
کیموس۔ ع۔ نام ہے اُس صورت غذا کا
جو دوسرے طبخ مین درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے
کیمیا۔ ع۔ مکر حیلہ۔ اصطلاح مین سبب
ملانے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے انکو
مرتبہ کمال پر پہونچانا یعنی رانگ کو چاندی اور
تانبے کو سونا بنا دینا۔ اور چونکہ یہ عمل خالی مکر
اور فریب سے نہین ہے اسواسطے اسکو کیمیا کہتے
ہین اور فارسی کی اصطلاح مین پیر و مرشد کامل
کی نظر اور عشق کو کیمیا کہتے ہین اور عشقبازی کو
کیمیاگری اور زر خالص کو بھی کیمیا کہتے ہین
کیمیاگر۔ ف۔ فریب کرنے والا۔ مکار اور
کیمیا بنانے والا۔
کین۔ ع۔ فرج زن یعنی عورت کی شرمگاہ
کے اندر کا گوشت۔
کینونت۔ ع۔ ہونا۔ آفرینش۔ پیدایش۔
کینہ۔ ف۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔
کینہ توز۔ ف۔ واو مجہول سے۔ کینہ اندوز
یعنے دلمین کینہ رکھنے والا۔ کینہ نکالنے والا۔
کینہ کش۔ ف۔ جو شخص دشمنی رکھتا ہو۔
کیوان۔ ع۔ نام ہے ستارہ زحل کا جو
ساتوین آسمان پر ہے اور مجازاً ساتوین
آسمان کو بھی کیوان کہتے ہین۔
کیوبت۔ ع۔ شکستگی۔ بدحالی۔
کیوس۔ ع۔ جمع کاسہ بمعنی پیالہ کی۔
کیومرث۔ ع۔ مب۔ معرب ہے کیومرت کا
جو کاف فارسی اور تاے فوقانی سے ہے
ترکیبی معنی اسکے مالک زمین کا اسلیے کہ
کیو بمعنی زمین کے ہے اور مرث بمعنی پیشوا اور صاحب
یہ نام ہے ایک بادشاہ عظیم الشان کا جس نے
پہلے پہل جہاں مین بادشاہی کی ہے۔
کیہان۔ ف۔ بروزن ایشان بمعنی جہان
زمانہ۔ دنیا۔ اور یہ لفظ بفتح اول بھی آیا ہے
اور کاف فارسی سے بھی۔

باب کاف فارسی

فصل کاف فارسی مع الف

گار۔ ف۔ بمعنی کرنے والے کے آتا ہے جیسے
ستمگار۔ گنہگار۔ خدمتگار۔ اور لائق کے
معنی مین بھی آتا ہے جیسے رستگار یعنی لائق
رہائی پانیکے اور بمعنی سبب کے بھی جیسے روزگار
بمعنی سبب روز و شب اور یادگار بمعنی سبب

کسی کے یا دانے کا۔
گاز۔ ف۔ قینچی۔ مقراض۔ گلگیر جس سے
شمع کا گل کرتے ہین۔ اور بمعنی ہری گھاس
کے بھی جو خوراک گھوڑے وغیرہ کی ہے۔
گازر۔ ف۔ دھوبی۔
گازروار۔ ف۔ نام کشتی کے ایک پیچ کا
جسکو ہندی مین دھوبی پاٹ کہتے ہین۔
گازرون۔ ف۔ نام ایک مقام کا۔
گازہ۔ ف۔ جھولہ جسپر لڑکے وغیرہ جھولتے ہین
گاش۔ ف۔ جگہ۔ جا۔ مقام۔
گال۔ ف۔ نام ہے ایک بہت چھوٹے
غلہ کا جسکو ہندی مین کنکنی کہتے ہین اور بمعنی
فریاد اور فریب اور مکر کے بھی ہے۔ اور بمعنی
گیدڑ کے بھی ہے جو جانور مشہور ہے۔
گام۔ ف۔ قدم۔ پیر۔ وہ فاصلہ جو رستہ
چلنے مین دونون پانون کے بیچ مین ہوتا ہے
اور بمعنی گھوڑے کی لگام کے بھی ہے۔
گام کشادن۔ ف۔ روانہ ہونا۔ چلنا۔
گان۔ ف۔ لائق۔ سزاوار۔
گان۔ ف۔ } یہ الفاظ عدد کے آخر مین واسطے
گانہ۔ ف۔ } تعین تعداد کے آتے ہین جیسے
دوگان۔ سہ گان۔ ہفتگانہ۔ ہشتگانہ وغیرہ۔
گاو۔ ف۔ بیل جو جانور مشہور ہے اور ایک
قسم کی صراحی جو بصورت گائے کے بنتی ہے۔
گاو آہن۔ ف۔ ایک لوہا ہوتا ہے نوکدار جو
ہل مین لگا ہوتا ہے اور اُس سے کھیت کی
زمین جوتی جاتی ہے۔ ہندی مین پھار کہتے ہین۔
گاو پرواری۔ ف۔ وہ بیل جسکو گرمی کی
فصل مین سرد مکان مین رکھکر عمدہ غذا دیکر
موٹا اور تیار کرتے ہین۔
گاو تازی۔ ف۔ دشمن کے مقابلہ مین اپنی
بڑائی کے کلمے کہنا تاکہ اُسکے دلمین اُسکی
طرف سے خوف پیدا ہو۔ غلبہ کرنا۔
گاو در خرمن کردن۔ ف۔ کسی کا کام
خراب کرنا۔ رسوا کرنا۔ کسیکو تباہ کرنا۔
گاودم۔ ف۔ قرنا ے جسکو کرنا ے بھی
کہتے ہین۔ بگل۔ نفیری۔ ترہی۔
گاودوش۔ ف۔ } گائے وغیرہ کے دودھ
گاودوشہ۔ ف۔ } دوہنے کا خاص برتن
گاورس۔ ف۔ نام ایک غلہ مشہور کا
جسکو ہندی مین باجرا یا چینا کہتے ہین۔ اور
اسی کا معرب جاورس ہے۔
گاورس نقرہ گون۔ ف۔ مراد تلوار کے
جوہر سے جو خراسانی اور اصفہانی فولادی
تلوار مین ہوتا ہے۔
گاوریش۔ ف۔ احمق۔ مسخرہ۔ لالچی۔
گاوزادن۔ ف۔ میراث۔ اور ترکہ پانا۔
بڑا نفع حاصل ہونا۔
گاوزمین۔ ف۔ وہ بیل جسکی پیٹھ پر زمین
ہے اور وہ بیل مچھلی کی پیٹ پر ہے۔
گاوزور۔ ف۔ کشتی لڑنے والا۔ پہلوان۔
گاوزوری۔ ف۔ کشتی لڑنے کی قوت
بزور کشتی لڑنے کی خواہش کرنا۔
گاوسار۔ ف۔ } نام فریدون کے گرز کا
گاوسر۔ ف۔ } جسکا سر بصورت بیل کے
بنا تھا اور اسی سے یہ نام رکھا گیا۔
گاو سفالین۔ ف۔ مراد خم شراب سے
گاوعنبر۔ ف۔ ایک جانور دریائی ہے گائے
سے مشابہ کہتے ہین کہ عنبر اسی کا گوبر ہے
اور اصطلاح مین گاوعنبر کنایہ ہے اُس امیر
اور مالدار سے جس سے لوگون کو فائدہ پہونچے
گاوکون۔ ف۔ احمق۔ نادان۔ مسخرہ۔
گاوگردون۔ ف۔ کنایہ برج ثور سے۔
گاہ۔ ف۔ وقت۔ جگہ۔ خیمہ۔ تخت
بادشاہی۔ اور جوے کا داو۔
گاہ گاہ۔ ف۔ کبھی کبھی۔
گائیدن۔ ف۔ عورت سے جماع کرنا۔

فصل کاف فارسی مع بائے عربی و فارسی

گپ۔ ف۔ کلام۔ سخن۔ صحبت۔ اختلاط۔
اور بمعنی جھوٹ بولنے۔ بڑائی کرنے۔ شیخی مارنے
فضول بکنے کے بھی آیا ہے۔
گبر۔ ف۔ قوم آتش پرست۔ آتش پرست
آگ کا پوجاری۔
گبز۔ ف۔ ولدار۔ موٹا۔ سخت۔ اسی کو
بطور عربی کے بنا لیا ہے اور عفص کہتے ہین

فصل کاف فارسی مع جیم فارسی

گچ۔ ف۔ عمارت کا چونہ مرکب۔

فصل کاف فارسی مع دال مہملہ

گد۔ ف۔ مخفف گدیہ کا بمعنی گدائی۔
گدا۔ ف۔ فقیر بھیک مانگنے والا۔
گداختن۔ ف۔ پگھلنا۔ پگھلانا۔
گدازش۔ ف۔ پگلاہٹ۔ گلنا۔
گدائی۔ ف۔ بھیک مانگنا۔
گدائے شب کوک۔ ف۔ وہ فقیر جو رات کو ہر شخص کے دروازے پر جاکر بھیک مانگے اور ولایت مین ایک طرحکے فقیر ہوتے ہین کہ ہر ایک اپنے اپنے محلہ مین اسطرح بھیک مانگتا ہی کہ رات کو اس محلہ مین کسی منار یا کسی درخت یا کسی ٹیلہ پر یا جو چیز کہ اونچی ہوئی چڑھ گیا اور اُس محلہ کے ہر شخص کو نام بنام دعائین دیا کیا اونچی چیز پر اسلیے چڑھ جاتا ہے تا کہ سب محلہ والے اُسکی آواز سنین پس صبح کو وہ فقیر ہر شخص کے دروازہ پر جاتا ہے اور لوگ اُسکو صدقہ دیتے ہین۔
گدیہ۔ ف۔ بھیک مانگنا۔ گدائی۔

فصل کاف فارسی مع ذال معجمہ

گذار۔ ف۔ راہ۔ ادا کرنا۔ ادا۔
گذاردن۔ ف۔ چھوڑ دینا۔ ترک کردینا اسلیے کہ از روے تحقیق یہ بات ہے کہ گذاردن ذال سے بمعنی ترک کرنا ہے اور زاے ہوز سے بمعنی ادا کرنا۔
گذارش۔ ف۔ ادا کرنا یہ لفظ زاے ہوز سے بھی صحیح ہے۔
گذارہ۔ ف۔ جو چیز کہ حد سے گذر جائے اور بمعنی بے حد بیحساب۔ کامل۔ بہت۔
گذاشتن۔ ف۔ چھوڑ دینا۔
گذر۔ ف۔ راہ۔ رستہ۔ اور صیغہ امر کا بھی بمعنی گذر تو۔
گذران۔ ف۔ گذرتی ہوئی خرچ کرتی ہوئی۔
گذرانیدن۔ ف۔ گذرانا
گذربان۔ ف۔ راہدار۔ محافظ راہ کا۔
گذرگاہ۔ ف۔ جگہ گذرنیکی۔ گھاٹ۔
گذرنامہ۔ ف۔ راہداری کا پروانہ۔
گذشت۔ ف۔ صیغہ ماضی کا ہے بمعنی گذرا اور بمعنے راہ۔ گذرگاہ۔ اور بمعنی پیچھے اور بعد کے بھی آیا ہے۔
گذشتن۔ ف۔ گذرنا۔

فصل کاف فارسی مع راے مہملہ

گر۔ ف۔ اگر۔ جو مرض خارش۔ اور ایک کلمہ ہے بمعنی بنانے والا اور کرنے والا جیسے شیشہ گر۔ حیلہ گر۔ اور بمعنی صاحب اور رکھنے والے کے بھی جیسے خصومت گر۔ توانگر۔
گرا۔ ف۔ حجام یعنے پچھنہ مارنیوالا غلام
گراز۔ ف۔ خوک نر۔ سور جو نر ہو۔ اور بمناسبت اسکی دلیری اور شجاعت کے بمعنی مرد دلیر اور بہادر کے بھی آتا ہے۔ اور مرد ظالم اور ستمگر کو بھی کہتے ہین۔ اور بمعنی ناز سے اٹھلاکر چلنے کے بھی ہے اور بمعنی پھاوڑہ وا ... کدال جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔
گرازان۔ ف۔ خرامان۔ اٹھلاکر چلتا ہوا
گرازی۔ ف۔ کنایہ جرأت اور دلیری سے
گرازیدن۔ ف۔ ناز سے اٹھلاکر چلنا۔
گرامی۔ ف۔ بزرگ۔
گران۔ ف۔ بھاری۔ مہنگا۔ بیش قیمت اور اُس شخص کو بھی کہتے ہین جسکی موجودگی لوگون پر دشوار ہو۔ اور یہ لفظ بفتح اول کے بھی آیا ہے

گران ارزش۔ ف۔ } بیش قیمت
گران بہا۔ ف۔ }

گران جان۔ ف۔ مرد سخت جان اور وہ شخص جو بڑا کاہل اور سست ہو۔ اور بمعنی بوڑھا
گرانجانی۔ ف۔ سستی۔ کاہلی سخت جانی
گران کاب۔ ف۔ بحمل۔ باتمکین۔ بردبار۔ صاحب وقار۔ وہ شخص جو لڑائی اور جنگ مین ثابت قدم ہو اور دشمن کے حملہ سے پیچھے نہ ہٹے
گران سایہ۔ ف۔ بلند مرتبہ۔ عالی قدر صاحب شکوہ پر تمکین۔
گران سر۔ ف۔ مغرور۔ متکبر۔
گران سنگ۔ ف۔ باتمکین۔ باوقار۔ صابر۔ بھاری بھرکم۔ قناعت والا۔
گران کردن کاب۔ ف۔ بمعنی سوار ہونا۔
گرانمایہ۔ ف۔ بیش قیمت۔ عمدہ۔ بلند مرتبہ

گرانمایگان۔ ف۔ مراد سرداروں سے
گرانی۔ ف۔ بھاری پن۔ بوجھ۔ مہنگی
گرای۔ ف۔ میل۔ رغبت۔ خواہش۔ قصد۔ اور صیغہ امر کا بھی ان معنوں میں۔
گرایش۔ ف۔ خواہش۔ رغبت۔ میل۔
گرائیدن۔ ف۔ خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔
گربال۔ ف۔ آٹا چھاننے کی چھلنی۔
گربز۔ ف۔ مکار۔ دغاباز۔ حیلہ گر اصل میں یہ لفظ گرگ بُز تھا یعنی گرگ بصورت بُز۔ مطلب یہ کہ ظاہر میں بکری کی طرح غریب اور باطن میں بھیڑیے کی طرح خونخوار۔
گربہ۔ ف۔ بلی۔
گربہ بید۔ ف۔ نام ایک قسم کا درخت بید کی سترہ قسموں میں سے۔ مثل خر بید۔ بید مجنوں مشک بید۔ بید موش۔ بید طبری۔ بید سادہ سرخ بید۔ سیاہ بید۔ سفید بید۔ بید مولہ وغیرہ کے
گربہ درانبان۔ ف۔ مکر۔ حیلہ۔ مکار۔
گربہ و بغل داشتن۔ ف۔ مکر و حیلہ کرنا۔
گربہ گون۔ ف۔ مکار۔ حیلہ گر و دغاباز۔
گرج۔ ف۔ نام ایک ولایت کا جس کو گرجستان بھی کہتے ہیں۔
گرچ۔ ف۔ خربزہ وغیرہ کی پھانک۔
گرچ۔ ف۔ کرتے اور پیراہن کے گریبان کا شگاف۔ یعنی کنٹھہ۔
گرچ۔ ف۔ گچ جو عمارت کے کام آتی ہے۔

گرچہ۔ ف۔ اگرچہ۔
گرد۔ ف۔ وصول۔ اور بمعنی شہر۔ ایک قسم کا نفیس ریشم۔ آفتاب۔ غم۔ نفع
گرد۔ ف۔ دلاور۔ پہلوان۔
گرد۔ ف۔ گول۔ حلقہ۔
گرداب۔ ف۔ بھنور۔
گرداگرد۔ ف۔ چاروں طرف۔ سب طرف۔
گردانیدن۔ ف۔ لپیٹنا۔ لوٹانا۔
گرداوری۔ ف۔ حکومت۔
گردباد۔ ف۔ بگولا۔
گردبالش۔ ف۔ گول تکیہ۔ گول تکینی
گردبر۔ ف۔ بڑھی کا برمہ
گرد بر آوردن۔ ف۔ پامال کرنا۔ ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ مٹا دینا۔
گرد بر آمدن۔ ف۔ کسی چیز کی تلاش اور تجسس میں چاروں طرف پھرنا۔
گردش۔ ف۔ دورہ۔
گردک۔ ف۔ خیمہ۔ حجرہ ایک قسم کی روٹی چیستان جسکو پہیلی کہتے ہیں۔ جوز۔
گرد کردن۔ ف۔ گول کرنا۔ جمع کرنا۔
گردگان۔ ف۔ اخروٹ مشہور میوہ ہے
گردن۔ ف۔ پہلوان۔ دلاور۔
گردنان۔ ف۔ بہت سے پہلوان اور دلاور
گردن باریک۔ ف۔ ملائم۔ مطیع۔ تابعدار
گردن برافراختہ۔ ف۔ قوی۔ زورمند۔

عزت دار۔ طاقت دار۔
گردن پیچیدن۔ ف۔ انکار کرنا۔ کسی کے حکم سے نافرمانی کرنا۔
گردن دادن بہ کسے۔ ف۔ مراد ہے مطیع اور تابعدار ہونے سے۔
گردن فراز۔ ف۔ معزز۔ صاحب مرتبہ۔
گردن کشادن۔ ف۔ غرور کرنا۔
گردون۔ ف۔ آسمان۔ ارابہ۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ اور بمعنی رتھ اور بہل کے بھی ہے۔ اور بمعنی چرخی کے بھی جو اسباب جرثقیل سے ہے۔
گردون گرای۔ ف۔ سربلند۔ نامور۔
گردہ۔ ف۔ مشہور عضو ہے۔
گردہ۔ ف۔ ٹکیا ایک قسم ہے روٹی کی۔
گردہ۔ ف۔ مصوروں کا خاکہ۔
گردیدن۔ ف۔ پھرنا۔ ہونا۔
گرزم۔ ف۔ نام اسفندیار کے حقیقی بھائی کا۔
گرزہ۔ ف۔ بڑے سانپ کا پھن۔
گرس۔ ف۔ مخفف گرسنگی بمعنی بھوکھ کا۔
گرستن۔ ف۔ مخفف گریستن بمعنی رونے کا
گرسنگی۔ ف۔ بھوکھ۔
گرسنہ۔ ف۔ }
گرسنہ۔ ف۔ } بھوکھا
گرسنہ چشم۔ ف۔ کنجوس۔ بخیل۔ لالچی۔ فقیر
گرسنہ چشمی۔ ف۔ حرص۔ گدائی۔ بخیلی۔
گرفت۔ ف۔ صیغہ ماضی کا گرفتن سے۔ اور یہ

صیغہ ماضی کا اکثر معنے مصدر کے آتا ہے
اور بمعنی گپ۔ طعنہ۔ اعتراض مواخذہ کے بھی آیا ہے
اور گرفت لازم اور متعدی دونون آیا ہے جیسے
کہتے ہین (آواز فلان گرفت) یعنی آواز بند ہوگئی۔
گرفتار۔ ف۔ پھنسا ہوا۔ پکڑا ہوا۔ اور بمعنی
گرفتاری کے بھی آیا ہے۔
گرفتاری۔ ف۔ گرفت کرنا۔ پکڑنا۔
گرفتم۔ ف۔ مجازاً بمعنی فرض کیا مین نے۔
گرفتن۔ ف۔ پکڑ لینا۔ اور بمعنی کاٹنا۔
جیسے گرفتن ناخن۔ اور بمعنی بند کرنا جیسے
در را گرفتم۔ اور بمعنی اُکھاڑنا جیسے دندان
گرفتن۔ اور بمعنی بجھا دینا جیسے گرفتن چراغ
اور بمعنی شروع کرنا۔ اور فرض کرنا۔
گرفتن خاطر۔ ف۔ خاطر کا رنجیدہ ہونا۔
گرفتہ۔ ف۔ گپ۔ جھوٹ۔ طعنہ۔
گرفتہ زن۔ ف۔ طعنہ دینے والا۔ جھوٹ
بولنے والا۔ گپ مارنیوالا۔
گرگ۔ ف۔ بھیڑیا۔
گرگ۔ ف۔ نام شہر کا۔
گرگ آشتی۔ ف۔ نفاق۔ کسی مصلحت
سے بطریق فریب دشمن سے ظاہری صلح کر لینا
گرگان۔ ف۔ نام شہر کا ایران سے اسی
کا معرب جُرجان ہے۔
گرگ باران دیدہ۔ ف۔ شخص آزمودہ کار
گرم و سرد زمانہ کا دیکھے ہوئے۔

گرگ بند۔ ف۔ وہ شخص جو چند بھیڑیون
مین پھنس جائے اور ایسا آدمی جانبر نہین
ہوتا۔ اور کنایہ شخص زبون اور قیدی سے۔
گرگ بندی۔ ف۔ آدمی کا سات بھیڑیون
کے درمیان پھنس جانا کہ وہ پھر زندہ نہین رہ سکتا
گرگ پیر۔ ف۔ کنایہ اُس شخص سے کہ جو
زمانہ کا گرم و سرد دیکھے ہوئے ہو آزمودہ کار
گرگ مسیحا دم۔ ف۔ کنایہ صبح سے۔
گرگین۔ ف۔ نام ایک بڑے پہلوان ایرانی کا
گرگین۔ ف۔ صاحب مرض خارش۔
گرگینہ۔ ف۔ مطلق پوستین کو کہتے ہین۔
گرم۔ ف۔ تتا۔ سرد کا ضد۔ جلد شتاب۔
گرمابہ۔ ف۔ / **گرماوہ**۔ ف۔ } حمام۔ غسلخانہ گرم۔
گرم جوشیدن۔ ف۔ بہت محبت کرنا۔
گرم جوشی۔ ف۔ محبت اور اختلاط کرنا۔
گرم خون۔ ف۔ بڑا دوست۔ بڑا یار۔
گرم خیز۔ ف۔ چالاک۔
گرم دماغی۔ ف۔ کنایہ غرور اور تکبر سے۔
گرم راندن۔ ف۔ دوڑنا۔ جلدی کرنا۔
گرم سیر۔ ف۔ گرم ولایت۔ آب و ہوا گرم۔
گرمک۔ ف۔ تصغیر گرم کی۔ اور ایک قسم ہے
خربزہ کی جو سردہ کے مقابلہ مین ہوتا ہے اور یہ
گرمک سفید رنگ کا خربزہ ہوتا ہے بہت میٹھا
گرمی۔ ف۔ مراد محبت سے۔

گرنج۔ ف۔ چاول جو دھان سے نکلتا ہے
گرو۔ ف۔ رہن۔ شرط۔ داؤ۔ اور مجازاً
بمعنی قید کے بھی آتا ہے۔
گرو بستن۔ ف۔ شرط باندھنا۔
گروگر۔ ف۔ بروزن کبوتر۔ نام ہے حق تعالیٰ
کے نامون سے۔ معنی اسکے مراد دینے والا۔
گروہ۔ ف۔ غول۔ آدمیون کی جماعت۔
گروہہ۔ ف۔ بندوق کی گولی۔ غلیل کا گلہ۔
گرویدن۔ ف۔ رغبت کرنا۔
گرہ۔ ف۔ گانٹھ۔
گرہ۔ ف۔ گھڑا۔ ٹھلیا۔
گرہ بباد زدن۔ ف۔ غیر ممکن اور ناپائدار
اور بے بقا کام پر بھروسہ کرنا یا ایسے کام
کا ارادہ کرنا جو ہو نہ سکے۔
گرہ بر گرہ۔ ف۔ غم پر غم۔ رنج پر رنج۔ اندیشہ
پر اندیشہ۔ فکر بالاے فکر۔
گریان۔ ف۔ رونے والا۔ روتا ہوا۔
گریاندن۔ ف۔ رُلانا۔
گریبان۔ ف۔ گلنٹھ۔ یہ لفظ مرکب ہے
گری بمعنی گردن اور بان بمعنی محافظ سے۔
گریختن۔ ف۔ بھاگنا۔
گریز۔ ف۔ بھاگنا۔ اور اصطلاح شعرا
مین ایک مضمون سے دوسرے مضمون کو آجانا
گریزانیدن۔ ف۔ بھگا دینا۔
گریزپا۔ ف۔ وہ لونڈی یا غلام جو بار بار

بھاگ جایا کرے۔

گِریستن۔ ف۔ رونا۔

گریستن ہوا۔ ف۔ مینھ کا برسنا۔

گُریغ۔ ف۔ یاے مجہول سے بدل گریز کا۔

گرِیوَہ ف۔ پشتہ۔ یعنی زمین بلند۔ ٹیلہ۔

گِریہ ف۔ رونا۔ رقت۔

فصل کاف فارسی مع زاے معجمہ

گز۔ ف۔ آلہ پیمایش کرنے کپڑے اور زمین وغیرہ کا۔ جھاؤ کا درخت۔

گزار۔ ف۔ فصد کھولنے کا نشتر۔ پچھنہ مارنے کا نشتر۔ تصویر بنانیکا خاکا اور صیغہ امر کا گزاردن سے

گزاردن۔ ف۔ ادا کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا۔ میر نور اللہ احراری نے شرح گلستان مین لکھاہے کہ گذاردن ذال سے غلط مشہور ہوگیا ہے

گزارش ف۔ ادا کرنا۔

گزارندگان ف مراد راویون سے۔

گزاف ف } دروغ۔ جھوٹ۔ بیہودہ

گزافہ۔ ف۔ } شیخی۔ گپ۔ بڑائی۔ فریب اور بمعنی بیحد اور بیحساب کے بھی آیا ہے۔

گزالہی ف۔ مراد اکبری گز سے اور یہ گز اکتالیس انگل کا گز ہوتا ہے۔

گزان۔ ف۔ کاٹتا ہوا۔

گزانیدن ف۔ کٹوانا۔

گزبازی ف۔ ایک قسم کا ناچ ہے۔

گزپا ف۔ سارس ایک پرند مشہور ہے اسوجہ سے کہ اُسکی ٹانگین بہت لمبی ہوتی ہین

گزر۔ ف۔ زردک۔ ہندی گاجر۔

گُزر۔ ف۔ رستہ۔ راہ۔

گزگردن۔ پیمایش کرنا۔ ناپنا۔

گزلک۔ ف۔ چھری۔ چاقو۔ اور یہ لفظ کاف عربی سے بھی صحیح ہے۔

گزم۔ ف۔ جھاؤ کا درخت۔

گزند۔ ف۔ صدمہ۔ دُکھ۔ تکلیف۔ رنج۔ آسیب۔ آفت۔ نظربد۔

گزَہ۔ ف۔ نقارہ بجانے کی چوب۔

گزید۔ ف } باج۔ خراج۔ محصول

گزیدہ۔ ف }

گُزیدہ۔ ف۔ پسندیدہ۔ اختیار کیا ہوا۔

گزیدہ۔ ف۔ کاٹ کھایا ہوا۔

گزیدن۔ ف۔ کاٹ کھانا۔ دانت سے کاٹنا۔ ڈنگ مارنا۔ جیسا سانپ اور بچھو کا کام ہے

گُزیدن۔ ف۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔ منتخب کرنا۔ چن لینا۔

گُزیر۔ ف۔ چارہ۔ علاج۔

گُزین ف۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ اور صیغہ امر کا بھی گزیدن سے۔

گزیہ۔ ف۔ خراج جو کافرون سے لیا جائے اسی کا معرب جزیہ ہے۔

فصل کاف فارسی مع سین مہملہ

گسار۔ ف بمعنی کھانیوالا۔ جیسے غمگسار

گُساردن۔ ف۔ چھوڑنا۔ کھانا۔

گُستاخ۔ ف۔ شوخ۔ چالاک۔ بے ادب اور بمعنی دلیر اور بیباک کے بھی۔

گُستاخ دست۔ ف۔ چالاکدست۔

گستاخ روئی ف۔ بیشرمی۔ بیحیائی۔

گستاخی۔ ف۔ بے ادبی۔

گُسترانیدن ف۔ بچھوانا۔

گستردن۔ ف۔ بچھانا۔

گُستہم۔ ف۔ بروزن محترم نام نوذر ابن منوچہر بادشاہ کے بیٹے کا۔ نام ایک بہت بڑے پہلوان ایرانی۔

گسستن ف۔ ٹوٹنا۔ توڑنا

گُسِل۔ ف۔ صیغہ امر کا بمعنی توڑ۔

گُسلانیدن ف۔ کاٹنا۔ توڑنا۔

گسیختن۔ ف۔ ٹوٹنا۔

گُسیل۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ دفع کرنا۔ رخصت کرنا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا۔ اور بمعنی رخصت کے بھی آیا ہے۔

فصل کاف فارسی مع شین معجمہ

گش۔ ف۔ خوب۔ خوش رفتار۔ خوش

گشاد۔ ف۔ فتح۔ ظفر۔ خوشی۔ برآمد کار۔ کمان کو خوب کھینچکر تیر کو چٹکی سے رہا کرنا اور یہ لفظان معنونمین کاف عربی سے بھی آیا ہے۔

گشت۔ ف۔ ہوا۔ ہوگیا۔ پھرنا۔ سیر۔

گشتاسپ۔ ف۔ نام ایک بادشاہ کا جو اسفندیار روئین تن کا باپ تھا۔

گشتر۔ ف۔ خوشتر۔ خوبتر۔

گشتن۔ ف۔ ہونا۔ پھرنا۔ سیر کرنا۔

گشتہ۔ ف۔ ہوا۔

گشن۔ ف۔ بروزن چمن۔ بسیاری۔ انبوہی۔ ہر چیز کی بہتایت۔ اور یہ لفظ ان معنوں مین بہ سکون شین بھی آیا ہے۔

گشن۔ سن۔ نر جو مقابلۂ مادہ ہوتا ہے مادہ کا نر کو طلب کرنا۔ مادہ کا گابھن ہونا درخت خرما مین پھل لگنا۔

گشنی۔ ف۔ نر کا مادہ سے جفتی کھانا۔

گشنیز۔ ف۔ دھنیا مشہور ہے۔

فصل کاف فارسی مع فا

گفتار۔ ف۔ بات چیت۔ گفتگو۔ تقریر۔

گفتگو۔ ف۔ بات چیت۔

گفتن۔ ف۔ کہنا۔ اور بمعنی کردن کے بھی آیا ہے

گفتہ۔ ف۔ کہا ہوا۔

فصل کاف فارسی مع لام

گل۔ ف۔ پھول۔ واضح ہو کہ جس جگہ لفظ گل بغیر اضافت کے تنہا مذکور ہوتا ہے تو خاص گل سرخ یعنے گلاب کا پھول مراد ہوتا ہے اور اگر مضاف کسی درخت کی طرف ہوتا ہے تو اُسی درخت کا پھول مراد ہوتا ہے جیسے گل نرگس گل سوسن وغیرہ۔ اور بمعنی آگ کا انگارہ۔ اور مجازاً بمعنی نتیجہ و بہتر و خوب کے بھی آیا ہے اور اصطلاحاً کنایہ عورت کی شرمگاہ سے بھی۔

گِل۔ ف۔ مٹی خاک پانی مین ملی ہوئی اور کبھی بمعنی خاک سخت اور خشک کے بھی آتا ہے۔

گلاب۔ ف۔ گلاب کے پھولوں کا عرق۔ نام ایک قسم کے پھول کا۔ اور کنایہ آنسوؤں معشوق کے رخسار کے پسینہ سے۔

گل ابر۔ ف۔ بدلی کا ٹکڑا۔ ابر کا لکہ۔

گلاب گلگون۔ ف۔ مراد شراب سرخ سے۔

گِلابہ۔ ف۔ پانی مین گھلی ہوئی مٹی جس سے دیوار لیپتے ہین۔

گلابی۔ ف۔ ایک قسم کا شیشہ چھوٹا اور گول اور رنگین و منقش اور ایک قسم امرود کی۔

گل آتشی۔ ف۔ سدا گلاب جو سرخ ہوتا ہے اور بعضوں نے لکھا ہے کہ یہی گل سرخ ہے جسکا عرق کھینچتے ہین۔

گلاج۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا ہے

گلالہ۔ ف۔ گھونگھر والے بال اور بمعنی زلف بھی

گلان۔ ف۔ ایک قسم کی سیدہ کی روٹی۔

گلانی۔ ف۔ پھول بیچنے والا۔ باغبان۔

گلبام۔ ف۔ موسیقی کے ایک لحن کا نام۔

گلبانگ۔ ف۔ آواز قلندروں کی اور بلبل کی۔ آواز خوش۔ خوشخبری کی آواز۔ لیکن بمعنی مطلق شور۔ مردم کا جو شادی کے وقت مین ہوتا ہے مستعمل ہے۔

گلبرگ۔ ف۔ گلاب کے پھول کی پنکھڑی اور کنایہ معشوق کے ہونٹھ سے۔

گلبن۔ ف۔ گلاب کا درخت۔

گلبند۔ ف۔ ایک قسم کا کپڑا رنگین جسکو ہندی مین باندھنو کہتے ہین۔

گل بیگانہ۔ ف۔ گل خودرو جو خود بخود بغیر بوئے ہوئے اُگے۔

گل پیادہ۔ ف۔ وہ پھول جسکا درخت چھوٹا ہو مثل نرگس اور لالہ اور سوسن کے اور بعضوں نے بمعنی گل خودرو لکھا ہے

گل تسبیح۔ ف۔ تسبیح کا امام۔

گل جعفری۔ ف۔ ایک پھول ہے۔ زرد رنگ گیندی کی قسم سے۔

گل چشم۔ ف۔ آنکھ کی پھلی مرض مشہور ہے۔

گلچہر۔ ف۔ وہ شخص جسکا چہرہ مثل گلاب کے پھول کے ہو مراد معشوق سے۔

گل چیدن۔ ف۔ پھول چننا۔ تماشہ دیکھنا

گلچین۔ ف۔ پھول چننے والا۔ تماشا دیکھنے والا

گل حکمت۔ ف۔ پتلی مٹی مین کپڑے کو لتھیڑ کے مٹی یا شیشے کے برتن پر وصل کرتے ہین اور پھر اسپر مٹی چڑھاتے ہین تاکہ وہ برتن آگ مین پھٹ نہ جاوے

گلخن۔ ف۔ آگ کی جگہ بھٹی۔ بھاڑ جسمین غلہ بھونتے ہین۔ آتش خانہ اسلئے کہ گل بمعنی آگ کا انگارا اور خن مخفف خانہ ہے۔ اور مجازاً

وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالیں۔

گُل خُواندَن ف ولایت کے جواریوں کی اصطلاح میں اپنے کل مال کو ایک ہی مرتبہ داؤ پر رکھدینا۔

گُل خُودرَو۔ ف۔ وہ پھول جو بغیر بوئے ہوئے خود بخود اُگے مثل لالہ کوہی وغیرہ کے

گُلدَستہ۔ ف۔ پھولوں کا مُٹھا بندھا ہوا۔

گُلرُخ۔ ف۔ وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے پھول کے مثل ہوں۔ مراد معشوق سے۔

گُل رَعنا ف۔ وہ پھول جو دو رنگ کا ہو اندر سے سرخ باہر سے زرد۔

گُلرنگ۔ ف۔ وہ چیز جسکا رنگ مثل گلاب کے پھول کے ہو۔

گُلریز۔ ف۔ ایک قسم کی آتشبازی جسکو ہندی میں پھلجھڑی کہتے ہیں۔

گُلزار۔ ف۔ باغ۔

گُلزارِ ابراہیم۔ ف۔ نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈلوا دیا تھا اور وہ آگ بحکم خدا پھولوں کا باغ بن گئی تھی۔

گُل زرد۔ ف گیندے کا پھول۔ زرد رنگ کا پھول۔ اور مراد چہرۂ زرد سے۔

گُل زمین۔ ف۔ قطعہ زمین خوب کا۔

گُلُستان۔ ف / **گُلِستان** ف } پھول کی جگہ۔ باغ۔

گُلُستان زادہ۔ ف۔ باغ کا سبزہ۔ لونڈی اور غلام کا لڑکا۔

گُل سَرسَبَد۔ ف۔ چوٹی کا پھول۔ رونق کی چیز۔ وہ شے جو اپنے ہمجنس میں عمدہ اور بہتر اور ممتاز ہو اسلئے کہ پھول بیچنے والوں اور باغبانوں کا معمول ہے کہ جو پھول سب پھولوں میں اچھا اور بڑا ہوتا ہے اُس کو ٹوکری میں سب پھولوں کے اوپر رکھتے ہیں

گُل شُدَن۔ ف۔ ظاہر کرنا۔

گُلشَکَر۔ ف۔ بمعنی گلقند۔

گُلشکری ف۔ ایک قسم کا حلوا۔

گُل شگُفت ف۔ یعنی عجیب و غریب امر ظاہر ہوا

گُل شگُفتہ ف۔ کھلا ہوا پھول۔ اور مراد دہکتے ہوئے آگ کے انگاریسے۔

گُلشَن۔ ف۔ پھول کا مقام۔ باغ۔ یہ لفظ مرکب ہے گل بمعنی پھول اور شن کلمہ نسبت سے۔

گُل صد برگ۔ ف۔ گلاب کا پھول۔ نام ایک پھول زرد رنگ کا۔ ہندی گیندا۔

گُلغُنچہ۔ ف / **گُلغُونہ**۔ ف } گلگونہ جو عورتیں اپنے چہرے پر ملتی ہیں۔ پوڈر

گُلفام۔ ف۔ گلرنگ۔ گلاب کے پھول کی طرح کا رنگ۔ مراد معشوق سے۔

گُلفشان ف۔ ایک قسم آتشبازی کی جسکو ہندی میں پُھلجھڑی کہتے ہیں۔

گُلقند۔ ف۔ مشہور دوا ہے۔ اور کنایہ معشوق کے ہونٹھ سے۔

گُل کردہ۔ ف۔ ظاہر ہوا۔

گُل کردن۔ ف۔ ظاہر اور نمودار ہونا۔ ظاہر اور نمودار کرنا۔ اور بمعنی چراغ کے روشن کرنے اور بجھا دینے کے بھی آیا ہے۔

گُلکُشتی۔ ف۔ وہ پھول جو ایک پہلوان کشتی کرنیکی خواہش سے دوسرے پہلوانکے پاس بھیجتا ہے اور یہ رسم ولایت میں بہت ہے اور نام ایک مثنوی کا جو میر نجات نے کشتی کی اصطلاح میں تصنیف کی ہے۔

گُلگُچہ۔ ف۔ وہ شادی اور خوشی جو بچہ کے عقیقہ کے دن تک کرتے ہیں۔

گُل گُز۔ ف۔ جھاؤ کے درخت کے پھول سے مشابہ رنگ اور یہ رنگ سُرخ ہوتا ہے کسی قدر مائل بہ کبودی۔ ہندی عباسی رنگ۔

گُلگشت۔ ف۔ مرغوب مکانونکی سیر۔

گُلگُون۔ ف۔ سرخ رنگ۔ اور نام شیرین فرہاد اور خسرو پرویز کی معشوقہ کے گھوڑے کا۔ مجازاً ہر گھوڑے عمدہ اور بہتر کو کہتے ہیں۔

گُلگُونہ۔ ف۔ نام ایک رنگ کا جو عورتیں اپنے چہرہ پر ملتی ہیں واسطے صاف ہونے رنگ کے اسکو غازہ بھی کہتے ہیں۔

گُلگیر۔ ف۔ شمع کے گل کترنیکی قینچی

گِلمالہ۔ ف۔ کرنی جس سے معمار لوگ گارا وغیرہ دیوار اور اینٹوں پر ملتے ہیں۔

گُل مُشکی ف۔ نام ایک پھول سیاہ رنگ کا

گُل مہتاب ف۔ نام ایک سفید پھول کا

جسکو ہندی مین چاندنی کا پھول کہتے ہین۔ اور
وہ چاندنی کے ٹکڑے جو درخت کے پتون
کے درمیان سے زمین پر پڑتے ہین۔
گل میزان۔ف۔ ستارۂ زہرہ اسلئے
برج میزان خانہ زہرہ ہی۔
گلنار۔ف۔ } ایک قسم ہو انار کے
گلنار فارسی۔ف } درخت کی جسمین بجز
پھول کے پھل نہین لگتا ہی اور پھول اسکا بڑا
اور صد برگ ہوتا ہی یعنی اُسمین پنکھڑیان
بہت ہوتی ہین اور برابر گلاب کے پھولکے ہوتا ہی
گل ناشگفتہ۔ف۔ مراد کنواری عورت سے۔
گل نشاط۔ف۔ کنایہ شراب سے۔
گلو۔ف۔ گلا۔
گلو بند۔ف۔ وہ رومال جو گلے سے باندہتے ہین
گلوسوز۔ف۔ خوشنما۔ خوش آیندہ۔ میٹھا
شیرین اسلئے کہ جو چیز زیادہ میٹھی ہوتی ہی وہ
کھاتے وقت گویا گلے کو جلاتی ہی لہذا شیرین
کو گلوسوز کہا۔ اور حسن گلوسوز کنایہ ہی میٹھے
حسن یعنی گورے رنگ سے برخلاف سانولے
رنگ کے کہ اُسکو حسن ملیح یعنے نمکین کہتے ہین
گلوشاخ شاخ۔ف۔ کنایہ اُن داستانون سے
جو لوگونکے مجمع مین آواز بلند کہی جائین۔
گلولہ۔ف۔ گولی۔ گولہ۔
گلہ۔ف۔ شکایت۔
گلہ۔ف۔ ریوڑ۔ جانورون کا غول۔

گلہ بان۔ف۔ ریوڑ والا۔ گڈریا۔
گلہ بانی۔ف۔ نگہبانی کرنا گلہ کی۔
گل ہمچشمی۔ف۔ } گل کشتی اور رسم سکی
گل ہمکاری۔ف۔ } تحقیق او پر گذری
گلی۔ف۔ مٹی کی چیز۔
گلیم۔ف۔ کمل۔ کملی۔
گلین گوے۔ف۔ کنایہ زمین سے۔

فصل کاف فارسی مع میم

گم۔ف۔ کھویا جانا۔
گماشتن۔ف۔ مقرر کرنا۔
گماشتہ۔ف۔ مقرر کیا ہوا۔ وہ شخص جو کسی
کی طرف سے کسی کام کے لیے مقرر ہو۔
گمان۔ف۔ بمعنی شک۔
گم بودگی۔ف۔ ڈرجانا۔ ہراسان ہونا۔
گمراہ۔ف۔ راہ بھولا ہوا۔
گمراہی۔ف۔ راہ بھولنا۔
گمزن۔ف۔ نیست اور معدوم کرنے والا۔
خراب کرنے والا۔
گمزدہ۔ف۔ گمراہ۔
گم کردن۔ف۔ ضایع کرنا۔
گم گرفتن چیزے۔ف۔ کسی چیز کو نیست
اور معدوم جانکر اُسکا قصد نہ کرنا۔
گم گم۔ف۔ سینہ دینے اور سرنگ لگانے
مین زمین کھودنیکی آواز۔
گمیز۔ف۔ یاے معروف سے۔ بول۔ پیشاب۔

فصل کاف فارسی مع نون

گناہ۔ف۔ خطا۔
گناہگار۔ف۔ خطا کار جسنے گناہ کیا ہو۔
گنبد۔ف۔ گول عمارت۔ اور کنایہ چوتڑ سے بھی
گنبد آب۔ف۔ حباب۔ پانیکا بلبلہ۔
گنبد تیزگشت۔ف۔ کنایہ آسمان سے۔
گنبد چار بندین۔ف۔ کنایہ دنیا سے بلحاظ اربعہ
عناصر کے۔ اور بعضے کہتے ہین کنایہ آسمان سے
باعتبار پورب پچھم اُتر دکھن کے۔
گنبد لاجوردی۔ف۔ کنایہ آسمان
گنج۔ف۔ مال کثیر۔ خزانہ۔ واضح ہو کہ خسرو
پرویز کے آٹھ گنج تھے۔ (۱) گنج عروس یہ خزانہ
خود اُسنے جمع کیا تھا (۲) گنج بادآورد (۳) گنج
دیبا خسروی (۴) گنج افراسیاب (۵) گنج
سوختہ یہان لفظ سوختہ بمعنی سنجیدہ ہی (۶)
گنج خضرا (۷) گنج شادآورد (۸) گنج بار۔
گنج۔ بمعنی گنجائش۔
گنجارہ۔ف۔ بمعنی گلگونہ جسکے معنی گذرے۔
گنج الہی ف۔ کنایہ قرآن مجید سے۔
گنجایش ف۔ سمائی۔
گنج بادآورد۔ف۔ خسرو پرویز کے ایک خزانہ
کا نام۔ اس نام کی یہ وجہ ہے کہ قیصر روم نے
اسی پرویز کے خوف سے چند جہاز زرسرخ سے
بھر کے کسی جزیرہ کی طرف پوشیدہ کرنیکے لیئے
بھیجے تھے باد مخالف سے وہ جہاز تباہ ہوکر پرویز

ملک کی طرف آنکلے پرویز نے اس مال پر قبضہ کرلیا تو گویا یہ خزانہ ہوا لے آئی تھی۔ اور اصطلاح مین گنج باد آورد مال مفت کو کہتے ہین۔

گنج باآزُردہ۔ ف۔ مراد مال بے منیں سے۔

گنجدان۔ ف۔ خزانہ کی پوشیدہ جگہ۔

گنج دیوار بست۔ ف۔ وہ خزانہ جو دیوار کی نیو مین گڑا ہو۔ اور نام اُس خزانہ کا بھی جو ایک شخص نے اپنے مرتے وقت اپنے بیٹے کے واسطے جو نہایت خرد سال تھا دیوار کی نیو مین دفن کرکے اُسپر دیوار اُٹھوا دی تھی۔ بعد ایک مدت کے وہ دیوار قریب گرنے کے ہوگئی تھی پس حضرت خضر علیہ السلام نے ہمراہی حضرت موسیٰ کے اُس گرتی ہوئی دیوار کو ازسرنو درست اور مضبوط کر دیا تھا کہ مال یتیم کا غیرونکے ہاتھ سے محفوظ رہے۔

گنج روان۔ ف۔ کنایہ گنج قارون سے اسلئے کہ قارون کا خزانہ روز قیامت تک زمین کے نیچے دھنستا چلا جائیگا۔

گنج شائگان۔ ف۔ یہ بھی گنج باد آورد کا نام ہے۔ دو معنی کرکے۔ ایک تو یہ کہ شائگان بمعنی فراخ اور لائق اور بہتر اور خوب اور عمدہ کے ہے اسلیے کہ شائگان اصل مین شاہگان تھا یعنے لائق بادشاہ کے چونکہ یہ خزانہ بہت بڑا اور عمدہ تھا اسلیئے یہ نام ہوا۔ دوسرے شائگان بمعنی کار بے مزدوری یعنی بیگار کے ہے چونکہ یہ خواہ مفت اور بے مشقت خسرو پرویز کے ہاتھ آیا اسلیئے یہ نام ہوا۔

گنجفہ۔ ف۔ چند ورق گول ایک کھیل کے ہوتے ہین بہت مشہور۔

گنج قارون۔ ف۔ اس کافر کے پاس اتنے خزانے تھے کہ بقول امام فرا کے اُن خزانون کی کنجیان چالیس آدمیونکا بوجھ تھین آخر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بد دعا سے قارون مع اُن تمام خزانون کے زمین مین دھنس گیا اور تا بہ قیامت نیچے کو دھنستا چلا جائیگا۔

گنج گاؤ۔ ف۔ نام ایک خزانہ کا جمشید کے خزانون سے جو بہرام گور کے زمانہ مین ظاہر ہوا تھا اور یہ ایک بہت بڑی عمارت زمین کے نیچے تھی اور اسمین تمام سونے کے بیل جواہر سے جڑاؤ بھرے ہوئے تھے اور اور قسم کے جانور بھی سونے کے جڑاؤ اسمین تھے۔ بہرام گور نے اُس تمام خزانہ کو لیکر فقیرون اور محتاجونکو خیرات کر دیا۔

گنجوُر۔ ف۔ خزانہ رکھنے والا۔ خزانچی۔ خزانہ کا مالک۔ یہ لفظ مرکب ہے لفظ گنج بمعنی خزانہ اور وَر بمعنی صاحب سے پس ماقبل واو کو واسطے تخفیف کے ضمہ دیا اور واو کو ساکن کر دیا اور یہی حال ہے رنجور اور مزدور کا کہ یہ بھی اصل مین رنجوَر اور مزدوَر تھے۔

گنجہ۔ ف۔ نام شہر کا ایران مین درمیان تبریز اور شیروان کے جہان نظامی رہتے تھے۔

گنجیدن۔ ف۔ سمانا۔

گنجینہ۔ ف۔ خزانہ جائے گنج۔ منسوب طرف گنج کے۔ اور کبھی اطلاق ظرف کا مظروف پر کرکے مجازاً بمعنی مال کثیر کے بھی آتا ہے۔

گند۔ ف۔ بدبو۔ بوے بد۔

گندپیر۔ ف۔ بے معروف سے بوڑھی عورت جو نہایت بوڑھی ہو۔

گندُم۔ ف۔ گیہون مشہور غلہ ہے۔

گندُم گون۔ ف۔ گیہوان رنگ۔

گندنا۔ ف۔ ایک قسم کی سبزی مثل لہسن کے بہت مشہور ہے۔

گندنازار۔ ف۔ گندنیکا کھیت۔

گندناگون۔ ف۔ کنایہ سبز رنگ سے جو تھوڑا مائل بہ سیاہی ہو۔

گُندہ۔ ف۔ مقابل ہے باریک کے یعنے موٹا دلدار۔ اور آٹے کا پیڑا جو روٹی پکانے کے لیے گول کرتے ہین۔

گندہ۔ ف۔ ناپاک۔ بدبو۔

گندہ مغز۔ ف۔ مغرور۔ بڑ بولا۔

گندہ مغزی۔ ف۔ بڑبولاپن۔ غرور کے کلمے کہنا۔ شیخی بگھارنا۔

گندیدن۔ ف۔ کسی چیز کا سڑجانا اور اُس مین سے بدبو کا آنا۔

گنگ۔ ف۔ گونگا۔

گنگ۔ ف۔ نام دریاے گنگا کا۔

گنگل۔ ف۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ دل لگی

گنہ - ف - مخفف ہے گناہ کا -
گنہگار - ف - گناہ کرنیوالا -

فصل کاف فارسی مع واو

گون گرٹھا - زمین نشیب - اور بمعنی معتبر -
شجاع - بزرگ - بہادر - اور مخفف گاؤ
بمعنی بیل کا جسکو عربی مین بقر کہتے ہین -
گو - ف - بمعنی گوے جو چوگان سے کھیلتے ہین -
گوا - ف - مخفف گواہ کا -
گوار - ف - } کھانے پینے کی شی جو ذائقہ
گوارا - ف - } مین خوش مزہ اور زود ہضم
یعنے جلدی ہضم ہوجانیوالی ہو -
گوارش - ف - گوارا ہونا - خوش مزہ ہونا -
خوش مزگی - ہضم طعام - نام دواے مرکب کا
جو واسطے ہضم طعام کے تیار کرین مگر شرط
یہ ہے کہ وہ دوا خوش مزہ بھی ہو - جوارش
اسی کا معرب ہی -
گواریدن - ف - ہضم ہونا - پسند ہونا -
گوال - ف - جوال اسی کا معرب ہی -
گون جسمین غلہ بھر کے ٹٹو پر لادتے ہین -
گوالبار - ف - بڑا بوجھ - بار سنگین -
گوالیدن - ف - درخت وغیرہ کا پھیلنا -
گوان - ف - جمع گو بمعنی پہلوان دلاور کے -
گواہ - ف - گواہی دینے والا -
گواہی - ف - شاہدی -
گوبال - ف - لوہے کا گرز - نام پہلوان کا

گوتازی - ف - دعوی بے حقیقت - گپ
جھوٹ - اپنی جوانمردی کی گپ مارنا -
گوجی - ف - چھوٹا گڑھا -
گوداب - ف - واو مجہول سے نام ایک
کھانیکا جو پلاؤ کی قسم سے ہوتا ہی -
گودبان - ف - اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ -
گودرز - ف - نام ایک پہلوان ایرانی کا
نام ایک بادشاہ کا -
گودہ - ف - تن - بدن -
گور - ف - واو مجہول سے جنگلی گدھا
جسکو گورخر کہتے ہین - اور یہ مخفف گورخر کا
ہے اور بمعنی صحرا - دشت ہموار جنگل - قبر
جسمین مردہ دفن کرتے ہین - اور بمعنی عیش و
عشرت - آرام - شراب -
گوران نگار - ف - وہ نگارستان جسمین
گورخر دن اور دوسرے حیوانون کی
تصویرین نقش ہون یعنی کھنچی ہون -
گورپے برکشیدہ - ف - مراد مغلوب سے -
گورچشم - ف - ایک کپڑا ہوتا ہی جسکی بناوٹ
مین مثل گورخر کی آنکھ کے نقوش ہوتے ہین -
جیسے ہندوستان مین بلبل چشم کپڑا مشہور ہے
گورخان - ف - لقب بادشاہ خطا اور ختن کا -
گورخر - ف - جنگلی گدھا - اسلیے کہ گور
بمعنی جنگل اور خر بمعنی گدھا ہی -
گورستان - ف - جہان قبرین بہت ہون -

گورکن - ف - قبر کھودنیوالا - نام ایک
جانور چوپایہ کا جسکو ہندی مین بجو کہتے ہین -
گورگان - ف - وہ شخص جو لائق عیش و عشرت
کے ہو اسلیے کہ گور بمعنی عیش و عشرت و شراب
کے ہے اور گان بمعنی لائق اور سزاوار اور
لقب شاہ تیمور کا بھی - اور مجازاً ہر بادشاہ
کو کہہ سکتے ہین جو جلیل القدر ہو -
گوز - ف - واو مجہول سے - وہ ہوا جو پاخانہ
کی راہ سے بہ آواز نکلے -
گوز - ف - مخفف گوزن کا - ہندی بارہ سنگا
گوز - ف - اخروٹ - جوز معرب اسکا ہی -
گوزن - ف - بارہ سنگا مشہور جانور ہی -
گوسالہ - ف - بچھڑا - گاے کا بچہ - وہ بچہ
گاے کا جو ایک سال کا ہو -
گوسپند - ف } بھیڑ - اور بعضون نے
گوسفند - ف } لکھا ہی کہ اطلاق اسکا
بھیڑ اور بکری دونون پر آیا ہی
گوش - ف - کان - اور مخفف گوشہ کا بھی
اور چودھوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی -
گوش بودن - ف - منتظر رہنا -
گوش پیچ - ف - بمعنی گوشمال -
گوشت - ف - ماس -
گوش تا گوش - ف - اس سرے سے اس
سرے تک -
گوشت خر - ف - کنایہ ایسی ناقص چیز سے

جو کسی کام مین نہ آوے۔
گوش خر و ندان سگ۔ ف۔ یعنی ناقص اور بری چیز برے اور ناپاک ہی کے قابل ہوتی ہی۔
گوش داشتن ف۔ دیکھنا۔ نگاہ رکھنا۔ یاد رکھنا۔ متوجہ ہونا۔ دل سے سننا۔
گوش دادن۔ ف۔ سننا
گوش ساغر مالیدن ف۔ جام شراب کو ہاتھ سے اٹھا کر پینا۔
گوش کردن۔ ف۔ سننا
گوش گران۔ ف۔ بغیر اضافت کے وہ شخص جو بہت اونچا سنے یعنے بہرا۔
گوش ماہی۔ ف۔ صدف۔ سیپ پیالہ۔
گوش مال۔ ف۔ سزا۔ کان ملنا۔
گوش مالیدن۔ ف۔ سزا دینا۔ ہوشیار کرنا۔
گوشوارہ۔ ف۔ اہل دفتر کی اصطلاح مین ورق کا ہیچ جہان کل کی میزان یا اختصار مطلب کاغذ کا لکھتے ہین اور شاعرونکی اصطلاح مین مطلع جو بعد مقطع کے لاوین۔ نام زیور کا جو کانمین پہنتے ہین۔
گوشہ۔ ف۔ گونہ
گوشۂ زنجیر۔ ف۔ زنجیر کا حلقہ۔
گوشیار۔ ف۔ بروزن ہوشیار لقب ایک حکیم کا جسکا ابوالحسن نام تھا استاد شیخ ابوعلی سینا کا
گوک۔ ف۔ چھوٹا گڑھا۔ چھوٹی خندق۔
گو گرد۔ ف۔ گندھک۔
گو گرد سرخ ف۔ کنایہ اکسیر سے اسلئے کہ سرخ گندھک اکسیر کا جزو اعظم ہی اور اس سے اکسیر بنتی ہی۔
گول۔ ف۔ واو مجہول سے احمق۔ نادان اور بمعنی مکر اور فریب کے بھی۔
گول ت۔ واو غیر ملفوظ سے چھوٹا تالاب۔
گول ف۔ فقیر و نکے اوڑھنے کی کملی۔
گولہ ف۔ توپ کا گولہ۔ بندوق کی گولی
گون ف۔ رنگ۔
گوناگون ف۔ رنگ برنگ طرح بطرح۔
گونہ۔ ف۔ رنگ۔ قسم۔ ڈھنگ۔ طور۔ وضع اسلوب۔
گونیا۔ ف۔ واو معروف سے بڑھیون اور معمار و نکا ایک آلہ لکڑی کا جس سے کجی اور سیدھائی لکڑی اور عمارت کی معلوم کرتے ہین
گوہر۔ ف۔ ذات کسی شی کی۔ اصل ہر چیز کی جوہر۔ موتی۔ مطلق جواہر مثل یاقوت و لعل وزمرد و الماس وغیرہ کے۔ پوشیدہ صفت عقل۔ دانائی۔ اور بمعنی فرزند۔ سخن آبدار۔
گوہر از لب افشاندن۔ ف۔ کنایات کرنے سے
گوہر افشانی چشم۔ ف۔ مراد رونے سے۔
گوہر آما۔ ف۔ موتی پرونے والا۔
گوہر پسند۔ ف۔ مراد قدر دان سخن سے۔
گوہر خاتون ف۔ سلطان سنجر کی زوجہ کا نام
گوہر خانہ خیبر ف۔ سکندر نامہ مین مراد ذات آنحضرت صلعم یا علی ابن ابیطالب علیہ السلام سے۔
گوہر سنج۔ ف۔ تولنے والا اور پرکھنے والا۔ موتی کا۔ اور مراد شاعر سے۔
گوہر شادی بمژگان سفتن۔ ف۔ خوشی اور شادی کی انتہا مین رونا۔
گوہر فروش۔ ف۔ مراد شاعر سے۔
گوہر یکدانہ ف۔ بیش قیمت اور بے بہا موتی۔
گوہری۔ ف۔ جوہری۔
گوے۔ ف۔ مراد آفتاب سے۔
گویا۔ ف۔ بولتا ہوا۔ کلمہ تشبیہ کا۔
گویائی۔ ف۔ گفتگو کی طاقت۔
گوے انگلہ۔ ف۔ گھنڈی اور حلقہ کو بمعنی گھنڈی اور انگلہ بمعنی حلقہ۔
گوے بردن۔ ف۔ غالب ہو جانا۔ غلبہ پانا۔
گویزہ ف۔ یاے مجہول سے۔ زمین ہموار سراب یعنی وہ بالو جو دور سے پانی معلوم ہوتی ہی اور بمعنی صحرا اور میدان کے بھی۔
گوے سیمین۔ ف۔ کنایہ ستارون سے۔
گوے گریبان۔ ف گریبان کی گھنڈی۔
گوئیدہ۔ ف۔ کہنے والا۔
گوے ہفتاد راہ۔ ف۔ مراد دنیا سے۔
گوئی۔ ف۔ صیغہ خطاب کا ہی گفتن سے یعنی کہے تو۔ اور مجازاً بمعنی تشبیہ اور شک کے بھی مستعمل ہوتا ہی۔
گوئیا۔ ف۔ بمعنی گوئی۔ اور کلمہ تشبیہ کا۔

فصل کاف فارسی مع ہاے ہوز

گہ۔ ف۔ جگہ۔ وقت۔ صبح۔ ستارونکی ٹھہریا

جسمین سونا اور چاندی گلاتے ہین اور بمعنی زود۔ شتاب۔ جلدی اور بمعنی کوچک یعنے چھوٹے کے بھی آیا ہی۔ اور مخفف گاہ کا۔

گہر۔ ف۔ مخفف گوہر کا موتی۔

گہگیر۔ ف۔ شریر گھوڑا جو سواری نہ دے۔

گہوارہ ف۔ ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے جو بچونکے جھلانیکے واسطے بناتے ہین۔

فصل کاف فارسی مع یاے تحتانی

گیا۔ ف۔ مخفف گیاہ کا۔

گیاہ۔ ف۔ ہری گھاس۔

گیتی۔ ف۔ دنیا۔ عالم۔

گیتی نورد۔ ف۔ جہانکا پھرنیوالا۔

گیج۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ پریشان پراگندہ

گید۔ ف۔ یاے معروف سے غلیواز چیل

گیدی۔ ف۔ منسوب طرف گید کے چونکہ چیل چھ مہینہ نر اور چھ مہینہ مادہ رہتی ہی۔ اسواسطے اطلاق گیدی کا اُس مرد پر کرتے ہین جو بے غیرت اور بے حمیت ہو اور رجولیت یعنے قوت باہ نہ رکھتا ہو۔

گیر۔ ف۔ پکڑ۔ صیغہ امر کا ہی۔

گیرا۔ پکڑنے والا۔

گیرم۔ ف۔ یعنی فرض کیا اور قبول کیا مینے۔

گیرودار۔ ف۔ حکومت۔ حکمرانی۔ اور بمعنی جنگ اور لڑائی کے بھی آیا ہی۔ اور کنایہ کر و فر اور سلطنت اور امیری سے بھی۔ اور میر نوراللہ نے شرح گلستان مین لکھا ہی۔ کہ یہ دونون صیغہ امر کے ہین یعنے اسکو لے اور اسکو نگاہ رکھ جو مقام حکومت مین کہا جاتا ہی۔

گیسو۔ ف۔ زلف۔ لپٹے ہوے لمبے بال۔

گیسو بریدہ۔ ف۔ بیحیا عورت۔

گیسو دار۔ ف۔ غلام زادہ۔ غلام کا لڑکا اور بمعنی ستارۂ دم دار کے بھی۔

گیل۔ ف۔ نام ملک کا جسکو گیلان کہتے ہین

گیلان۔ ف۔ نام ایک قصبہ کا نزدیک بغداد کے جیلان اسی کا معرب ہی۔ اسی قصبہ مین شیخ عبدالقادر پیدا ہوے تھے۔

گیلی۔ ف۔ منسوب طرف گیل کے جو ایک ملک ہی طبرستان سے۔ اور کنایہ عمدہ گھوڑے سے اسلیئے کہ وہان کا گھوڑا بہت خوب ہوتا ہی اور گیلی ایک قوم مغلونکی بھی ہی۔

گین۔ ف۔ صاحب۔ خداوند۔ اور مخفف آگین کا بمعنے پر۔ مملو۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔

گیو۔ ف۔ یاے مجہول سے گودرز پہلوان ایرانی کے بیٹے کا نام۔ اور یہ بھی پہلوان تھا

گیہان۔ ف۔ روزگار۔ زمانہ۔ جہان۔

باب لام

فصل لام مع الف

لا۔ ع۔ نہین یہ کلمہ نفی کا ہی۔ اور کبھی کنایہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ سے۔

لا۔ ف۔ پردہ۔ تہ۔ اور کنایہ قینچی سے۔

لا اُبالی۔ ع۔ اُبالی صیغہ واحد متکلم کا ہی مضارع سے معنی اسکے۔ باک یعنے پروا نہین رکھتا ہون مین۔ مگر فارسی مین مجازاً بمعنی شخص بے پروا اور بیباک کے مستعمل ہی۔ اور بجاے ہمزہ کے واو لکھنا غلط ہی

لا اُحِبُّ الآفِلِین۔ ع۔ ترجمہ اسکا دوست نہین رکھتا ہون مین غروب ہونے والون اور ناپدید ہونے والون کو۔ مراد اُسنے ستارے ہین آسمان کے۔

لا اُحصِی۔ ع۔ احاطہ نہین کر سکتا ہون مین یہ اشارہ ہے طرف حدیث شریف نبوی کے لا احصی ثناءً علیک انت کما اثنیت علی نفسک یعنی شمار نہین کر سکتا ہون مین صفتون کو اوپر تیرے اے خدا جیسا کہ تو نے صفت کی ہی آپ اپنی ذات پر۔

لابث۔ ع۔ دیر کرنیوالا۔

لابد۔ ع۔ ضروری۔ ناچار۔ بالضرور۔ لا حرف نفی کا اور بُد بمعنی چارہ و عوض۔

لابدی۔ ع۔ ضروری۔

لابرلا۔ ف۔ تہ بر تہ۔

لابن۔ ع۔ دودھ پلانے والا۔ دودھ والا دودھ کا مالک۔

لابہ۔ ف۔ نہایت عاجزی سے اپنی محبت کا ظاہر کرنا۔ تملق۔ چاپلوسی۔ خوشامد۔ اور

بمعنی فریب اور عاجزی اور خلاص کے مجاز ہی
لات -ع- نام ایک بت کا جسکو حضرت
شعیب علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی۔
لا تذر -ع- صیغہ نہی کا۔ مگذار نہ چھوڑ۔
لا تعد -ع- بیشمار۔ بے گنتی۔
لا ثانی -ع- بےمثل۔ یگانہ۔ بے مانند۔
لاثم -ع- بوسہ لینے والا۔ چومنے والا۔
لا جرعہ -ع- پانی وغیرہ جو چیز کہ پیالہ مین
ہو اُسکا ایک ہی دفعہ بغیر سانس توڑنیکے
ڈگڈگا کے پی جانا۔
لاجرم -ع- ناچار۔ بالضرور۔ لاعلاج
لا حرف نفی کا اور جرم بمعنی علاج۔
لاجواب -ع- جس کا جواب نہ ہو سکے۔
لاجورد -ع- ایک پتھر ہے کبود رنگ جسکے نگینے
بناتے ہین۔ اور پیس کر کتاب وغیرہ پر رنگ اسکا
کرتے ہین اور کبھی مراد ہوتی سب
ماتمی کپڑون یعنے جامہ نیلی سے۔
لاجورد کشیدن -ف- کنایہ ہے کتاب پر
نقاشی کرنے اور عمدہ لکھنے سے۔
لاجوردی بساط -ف- کنایہ آسمان سے۔
لاجوردی نقاب -ف- کنایہ جامۂ
ماتم یعنے ماتمی لباس سے۔
لاچار -ف- یہ غلط ہے صحیح ناچار ہے
اسلیے کہ لا لفظ عربی کی ترکیب چار لفظ
فارسی کے ساتھ درست نہین ہے معنی
اسکے۔ ضرور۔ لاعلاج۔ جسکا چارہ نہو
لاچین -ت- شاہین شکاری۔
لاحق -ع- } جو پیچھے سے آکر ملے۔ جو کسی
لاحقہ -ع- } چیز سے پیچھے آکر ملے۔
لا حل -ع- جو حل نہو سکے۔
لا حول -ع- نہین ہے قوت۔ یہ کلمہ
نفرت اور بیزاری کا ہے۔ اور کبھی اس سے
مراد لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہوتی ہے۔
لاخ -ف- جگہ۔ مقام۔ مگر بغیر ترکیب کے
بولا نہین جاتا جیسے سنگلاخ یعنے وہ
جگہہ جہان پتھر بہت ہون۔ اور بمعنی
بسیاری اور انبوہ کے بھی آتا ہے۔
لاخراج -ع- جسپر محصول سرکاری نہو۔
لاد -ف- دیوار کا ردہ۔ ایک قسم کی خوشبو
در بمعنی قلعہ۔ ایک قسم دیبا کی۔
لا دعوی -ع- بے دعوی۔
لادغ -ع- کاٹنے والا۔ ڈنک مارنے والا۔
نام ایک درخت کا۔
لادن -ف- نام ایک خوشبو کا اور اسکو
عنبر عسلی بھی کہتے ہین۔
لادنہ -ف- سن جسکی رسی بٹتے ہین۔
لا دوا -ع- جسکی دوا نہو۔
لاذع -ع- جلتا ہوا۔ جلانے والا۔
لاریب -ع- بیشک جسمین شک نہو۔
لازب -ع- چسپندہ چپکنے والا اور
ضربت لازب وہ مار جسکا نشان بعد اچھا
ہو جانے کے بھی باقی رہے۔
لازق -ع- } جو چیز کہ چپکنے والی ہو مثل
لازقہ -ع- } سریش کے۔
لازم -ع- چمٹا ہوا۔ لگا ہوا۔ اور مقابل
متعدی کا یعنے وہ فعل جسکے معنی مین حاجت
مفعول کی ثابت نہو۔
لازمی -ع- منسوب طرف لازم کے۔
لازمہ -ع- کنایہ اسباب ضروری سے۔
لازوال -ع- ہمیشہ۔
لازوالی -ع- جسکو کبھی زوال نہو۔ قدیم
جو ہمیشہ رہے۔
لاس -ف- حراب ریشم۔
لاش -ت- تن مردہ کا۔
لاش -ع- مخفف لاشے کا جس سے مراد
نیست اور معدوم ہے۔
لاشک -ع- بیشک۔ بے شبہہ۔
لاشکن -ف- نام ایک پہاڑ کا جو قریب
ملک روس کے ہے۔
لاشہ -ف- زبون۔ لاغر۔ دبلا ضعیف
خواہ انسان ہو خواہ حیوان۔ اور اکثر یہ لفظ
گھوڑے اور گدھے کی صفت مین واقع
ہوتا ہے۔ اور گدھے کے معنی مین بھی آیا
ہے۔ اور مردہ آدمی وغیرہ کا۔
لاصق -ع- لگا ہوا۔ ملا ہوا۔

لَاطَائِل - ع - بیفائدہ - اسلیے کہ طائل بمعنی نفع اور فائدہ کے ہی-

لَاعِب - ع - کھیلنے والا-

لَاغ - ف - ہزل - ظرافت - خوش طبعی-

لَاغَر - ف - دُبلا-

لَاغِیَہ - ف - ایک گھاس ہی شیردار نہایت گرم اور تیز-

لَاغِیَہ - ع - باطل - عورت بیہودہ-

لَاف - شیخی - گپ -

لَافِیدَن - ف - فضول بکنا-

لَاقِح - ع - وہ ہوا جو ابر پیدا کرے اور درخت کو بار ور کرے-

لَاقِن - ع - عیب کرنیوالا-

لَاقِیس - ع - نام اُس دیو کا جو آدمی کے دل مین نماز کے اندر وسوسہ ڈالتا ہی-

لَاک - ف - لکڑیکا پیالہ-

لَاک پشت - ف - باخہ - ہندی کچھوا

لَا کَلَام - ع - بیشک - بے گفتگو - وہ بات جسمین کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہی ہو-

لَاکَن - ف - مخفف لَاشِکَن کا جو نام ایک پہاڑ کا ہے ملک روس مین-

لَکِنَّ - ع - نون کی تشدید اور تخفیف

لَاکِن - ع - دونون طرح سے بمعنی لیکن-

لَال - ت - گنگ - گونگا - اور بمعنی سُرخ رنگ کے مشترک ہی درمیان ترکی اور فارسی زبان کے نام ایک جوہر سرخ رنگ کا جو بہت بیش قیمت ہوتا ہی جسکا معرب لعل ہی

لَالَا - ف - بندہ - غلام - خدمتگار - روشن درخشان - مگر استعمال اسکا بمعنی روشن اور درخشان کے اکثر لفظ لُولُو بمعنی موتی کے ساتھ ہوتا ہی-

لَالَایَان - ف - غلامان - خدمتگاران-

لَالَائے چشم - ف - کنایہ آنکھ کی پُتلی سے باعتبار اُسکی سیاہی کے اسلیے کہ لالا غلام کو کہتے ہین اور غلام اکثر حبشی ہوتا ہی-

لَال شہباز - ف - نام ایک فقیر کا جسکے ساتھ قلندر لوگ برا اعتقاد رکھتے ہین اور بھنگ پیتے وقت اُسکو یاد کرتے ہین-

لَالَنگ - ف - آگے کا جھوٹا بچا ہوا-

لَالَہ - ف - ایک قسم کا پھول سرخ رنگ بہت مشہور ہے - منسوب طرف لال بمعنی سرخ کے یا ہا اسکی زائد ہے مثل خان اور خانہ کے اور یہ چند قسم کا ہوتا ہی - کوہی صحرائی - نعمانی - شقائق - دلسوخت - دلسوز خطائی - خودرو - سفید - زرد - عباسی - بیکانی - مقراضی - دختری وغیرہ-

لَآلِی - ع - بروزن بکالی - بڑے موتی اور یہ جمع لُولُو کی ہے-

لَام - ف - نام حرف مشہور کا جس سے زلف محبوب کو تشبیہ دیتے ہین - اور بمعنی کالبد - قالب - بدن - اور ایک قسم نمد کے ٹوپی کی جو فقیر لوگ پہنتے ہین-

لَام - ع - بہت سی زرہین - جمع لامہ بمعنی ایک زرہ کی-

لَامَان - ف - فریب - دروغ - جھوٹ بیوفائی - ابنوہی - گڑھا-

لَامَانی - ف - دروغگو - فریبیا - جھوٹا شیخی کرنے والا - اور بمعنی زرہ پوشی کے بھی آیا ہی-

لَامُحَالَہ - ع - ناچار - بالضرور - اسلیے کہ محالہ بمعنی چارہ وعلاج کے ہی-

لَامِس - ع - چھونیوالا-

لَامِسَہ - ع - ایک قوت ہی بدن انسان کی جلد مین جسکے سبب سے آدمی ہر شے کی سختی و نرمی و گرمی و سردی وغیرہ چھونے سے معلوم کرلیتا ہی-

لَامِع - ع - چمکنے والا - روشن-

لَامَہ - ع - ایک زرہ جو بروقت جنگ سپاہی لوگ پہنتے ہین اور یہ لوہے کی کڑیون سے بنائی جاتی ہی-

لَامِن - ف - نام ایک پہاڑ کا-

لَا اُسَلِّم - ع - سلامت نہین رکھتا ہون یعنی قبول نہین کرتا ہون مین مگر فارسی کی نظم مین اسکی میم موقوف آتی ہی

لَانَہ - ف - بے شہد کی زنبور کا چھتہ

پرندجانورونکا جھونجھ۔

لَاۡ۔ ف۔ سفید مٹی جس سے مکان کی دیوارین پوتی جاتی ہین۔

لَاوَلَدَ۔ ع۔ جسکے اولاد نہو۔

لَاوَنَعَمْ۔ ع۔ کلمہ نفی وایجاب کا بمعنی انکار واقرار کے۔

لَاوَہْ۔ ف۔ نام ایک کھیل کا جسکو ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین

لَاہُوت۔ ع۔ عالم ذات آلہی کا جسمین سالک کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہی واضح ہو کہ مرتبۂ صفات کو جبروت اور مرتبۂ اسمار کو ملکوت کہتے ہین۔

لاے۔ ف۔ سیاہ مٹی جو حوض وغیرہ کی تہ مین جم جاتی ہی۔ تلچھٹ شراب کی۔ رستی کی ایک لڑ۔ کاغذ یا کپڑے کی تہ۔ اور بمعنی گفتار وکلام۔

لَائِح۔ ع۔ ظاہر چمکنے والا۔

لَایَزَال۔ ع۔ بے زوال۔ دائم ہمیشہ اور یہ خدا کی صفت مین واقع ہے۔

لَایَعْقِل۔ ع۔ } یہ صفت حیوان مین واقع
لَایَعْلَمْ۔ ع۔ } ہوتے ہین یعنی یہ ہمیشہ بیوقوف اور بے علم یعنے احمق رہیگا۔

لَایَعْنِی۔ ع۔ بیفائدہ۔ بیہودہ۔

لَائِق۔ ع۔ سزاوار۔

لَائِم ع۔ ملامت کرنیوالا۔

لَایَمُوْت۔ ع۔ جسکو کبھی موت نہو۔ اور یہ حقتعالی کی صفت مین واقع ہوتا ہی۔

لَایَنْبَغِی۔ ع۔ جو نہ چاہیے۔ نامناسب۔

لَایَہ۔ ف۔ ردہ دیوار کا۔ کپڑے اور کاغذ کی تہ۔

لَایِیدَن۔ ف۔ شور کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ گپ مارنا شیخی کرنا۔

فصل لام مع باے موحدہ

لَب۔ ف۔ ہونٹھ۔

لُبّ۔ ع۔ عقل۔ خالص ہر چیز کا خلاصہ مغز بادام وغیرہ کا۔

لِبَا۔ ع۔ گاڑھا دودھ جو حیوان کے بعد جننے کے تین دن تک رہتا ہے ہند مین اسکو پیوسی کہتے ہین۔

لُبَاب۔ ع۔ مغز خالص ہر چیز کا۔ اور نام ایک کتاب کا۔

لُبَاد۔ ف۔ وہ لکڑی جو گاڑی وغیرہ کے بیل کی گردن پر رکھتے ہین ہندی جوا۔

لَبَاد۔ ف۔ } جامۂ بارانی۔
لَبَادَہ۔ ف۔ }

لِبَاس۔ ع۔ پوشاک۔

لِبَاسَات ف۔ کنایہ تملق اور چاپلوسی اور خوشامد سے۔ اور جمع لباس کی بھی

لِبَاسُ الرَّجُل۔ ع۔ کنایہ عورت سے۔

لِبَاسُ المَرْءَۃ۔ ع۔ کنایہ مرد سے۔

لِبَاسُ التَّقْوٰی۔ ع۔ شرم۔ حیا۔ سخت اور موٹے کپڑونکی پوشاک۔

لِبَاسِ عَبَّاسِی۔ ف۔ کنایہ سیاہ پوشاک سے اسلیے کہ خلفاے عباسیہ نے سیاہ پوشی اپنے واسطے خاص کرلی تھی۔

لَبَالَب۔ ف۔ کنارے تک بھرا ہوا۔

لِبَان۔ ع۔ دودھ پلانا دائی کا بچہ کو۔

لَبَان۔ ع۔ سینہ۔

لُبَان ف۔ کندر۔ ایک گوند مشہور ہے۔

لَبَّان۔ ع۔ اینٹ بنانے والا۔

لَب بَلَب جُستن۔ ف حد کی تلاش کرنا ہر ایک سے کسی چیز کا سراغ پوچھنا۔

لَبْث۔ ع۔ دیر دیر کرنا۔

لَب چَرَا۔ ف۔ مثل بھنے ہوے چنون اور میوہ وغیرہ کے جو چند آدمی باہم بیٹھکر باتین کرتے ہین اور انکو ٹنگار کرتے جاتے ہین

لَب چَش ف۔ کسی چیز کا مزہ دریافت کرنے کے لیے چاشنی جو چکھتے ہین

لُبَد۔ ع۔ مال کثیر۔

لَب داشتن۔ ف۔ لیاقت وخوبی رکھنا

لب را بہ شیر دوشتن۔ ف۔ دائی کا اپنی چھاتی سے بچہ کو دودھ پلانا۔

لَبْرِیز۔ ف۔ اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے چھلکنا شروع کرے۔

لَب زَدَن ف۔ خاموش یعنی چپ رہنا

بات کرنا - یہ قسم اضداد سے ہے۔
لَبَس - ع - } لباس اور پوشاک پہننا
لُبْس - ع - }
لِبس - ع - پہننے کی پوشاک۔
لب شیرین کردن - ف - مسکرانا۔
لَبَق - ع - عقلمندی - ہوشیاری - تملق
چاپلوسی - چرب زبانی۔
لَبِق - ع - عقلمند - ہوشیار - چرب زبان
لَبَق - ع - لائق ہونا - کام میں اُستاد ہونا
ہوشیار ہونا۔
لب گزیدن - ف - اصلی معنی ہونٹھ کا
کاٹ کھانا - اصطلاحی افسوس کرنا
شرمندہ ہونا - سہم دنیا کرنا - غصہ
ہونا - اشارہ سے منع کرنا۔
لَبلاب - ع - عشق پیچاں کا درخت یہ
ایک قسم گھاس کی مشہور ہے۔
لَبَن - ع - شیر - دودھ۔
لَبْن - ع - دودھ پلانا - لاٹھی سے مارنا
لَبِن - ع - کچی اینٹیں جمع لَبِنہ کی۔
لَبِنہ - ع - ایک کچی اینٹ۔
لب نان - ف - روٹی کا کنارہ۔
لُبنان - ع - نام ایک پہاڑ کا ملک شام میں
نزدیک جبل عامل کے - واضح ہو کہ یہ کوہ
لُبنان مسکن فقرا ہے۔
لُبُوب - ع - ہر چیز کے خلاصے - میوہ
وغیرہ کے مغز جمع لب کی۔
لب و دندان داشتن - ف - لیاقت اور
اور شائستگی اور خوبی رکھنا۔
لَبُوس - ع - جامہ - پوشاک - زرہ۔
لَبُون - ع - شیردار - جسکے دودھ ہو۔
لَبِیب - ع - مرد دانا - عقلمند۔
لَبِیبہ - ع - عورت عقلمند۔
لَبِید - ع - چھوٹی گون جس میں غلہ بھر کے
ٹٹو وغیرہ پر لادتے ہیں - اور نام ایک شاعر
مشہور کا عرب میں۔
لَبیشہ - ع - یاے مجہول سے بروزن
ہمیشہ پوزمال اسپ مراد لگام سے۔
لَبِیق - ع - عقلمند - ہوشیار - چرب زبان
لَبَّیک - ع - کھڑا ہوں اور موجود ہوں
اور حاضر ہوں میں آپ کی خدمت میں
اور کبھی اس لفظ کے بعد سعدیک بھی زیادہ
کرتے ہیں معنی سعدیک کے - یاری اور مدد
کرتا ہوں میں آپ کی جو حق یاری کرنیکا ہے
اور یہ دونوں کلمے ایجاب کے ہیں جب
مخدوم یعنی مالک اور آقا اپنے خادم کو پکارتا ہے
تو خادم لبیک کہتا ہے - حاجی لوگ بھی
اس لفظ کو مقام عرفات میں بار بار
کہتے ہیں۔
لَبِین - ع - دودھ پلایا ہوا - پرورش
کیا ہوا - پالا ہوا۔

فصل لام مع تاے فوقانی

لت - ف - مارنا - کوٹنا - لات - ٹکڑا جیسے
لت لت کردم یعنی پارہ پارہ کردم - اور
لتہ بھی اسی سے ماخوذ ہے بمعنی پارہ آیا ہے
اور بمعنی شکم یعنی پیٹ کے بھی۔
لت انبار - ف - } بڑا پیٹا - وہ شخص جو
لت انبان - ف - } بہت کھانا کھائے
لت بمعنی پیٹ اور انبار بمعنی بہت اور بڑا
اور انبان چمڑے کا ظرف مثل مشک کے۔
لتہ - ف - کپڑے کا ٹکڑا۔

فصل لام مع ثاے مثلثہ

لِثام - ع - دہان بند - منہ باندھنے کا
ڈھاٹا - وہ چیز جس سے منہ بند کریں
لَثَق - ع - تری - تر ہونا - بہت نمناک
ہونا ہوا کا۔
لِثقہ - ع - ایک قسم بلغمی تپ کی۔
لَثم - ع - بوسہ لینا - چومنا - منہ پر ڈھاٹا
کا باندھنا۔
لثوم - ع - بوسہ لینا - چومنا۔
لِثہ - ع - مسوڑھا دانت کا۔

فصل لام مع جیم عربی

لِجام - ع - معرب ہے لگام کا۔
لِجاج - ع - ستیزہ - لڑائی لڑنا۔
لجاجت - ع - مبالغہ کرنا - لڑنا جھگڑنا
لُجج - ع - جمع لُجہ بمعنی بھنور کی۔

لجلاج ۔ع۔ وہ شخص جسکی زبان بات کرنے مین رُکے اور درست لفظ نہ نکل سکے ہندی ہکلا۔ اور نام ایک شطرنج باز کا جو اس فن مین بڑا کامل تھا۔

لجوج ۔ع۔ بڑا لڑنے جھگڑنے والا۔

لجّہ ۔ع۔ دریا کا بیچ وہ مقام دریا کا جہان بہت گہرا پانی ہو۔ بھنور۔

لجبہ ۔ع۔ آواز۔ غل۔ شور۔ غوغا۔

لجّی ۔ع۔ بہت بڑا دریا جسکا پانی بہت عمیق اور گہرا ہو۔

لجین ۔ع۔ یاے مجہول سے خالص چاندی

فصل لام مع جیم فارسی

لُچ ۔ف۔ برہنہ۔ ننگا۔ نام ایک قوم کا جنکے بزرگ لوگ سابق مین اپنے سینے عریان یعنے کھلے ہوے رکھتے تھے۔

لچک ۔ت۔ چادر اور چوکور رومال جسپر تکلف کا کام بنا ہو۔

لُچّن ۔ف۔ زن قحبہ۔ بازاری۔ بدکار عورت۔ برہنہ۔ ننگی۔

فصل لام مع حاے مہملہ

لحا ۔ع۔ جمع لحیہ یعنی ڈاڑھی کی۔

لحاظ ۔ع۔ کسی چیز کا آنکھ مین خیال رکھنا اور دیکھنا۔

لحاظ ۔ع۔ آنکھ کا دنبالہ۔

لحاف ۔ع۔ روئی دار کپڑا رات کے اوڑھنے کا۔

لحّام ۔ع۔ گوشت بیچنے والا۔

لحام ۔ع۔ ٹانکا چاندی یا سونے وغیرہ کا وہ چیز جسکا ٹانکا چاندی یا سونے وغیرہ مین لگادین۔

لحد ۔ع۔ شگاف قبر۔ وہ حصہ اندرونی قبر کا جسمین مردہ رکھا جاتا ہے۔

لحظہ ۔ع۔ تھوڑی دیر نظر کرنا۔ ایک دفعہ کنکھیوں سے دیکھنا۔

لحقہ ۔ع۔ جمع لاحق کی پیچھے سے آکر ملنے والے۔ بعد کو پہونچنے والے۔

لحم ۔ع۔ گوشت۔ ماس۔

لحم ۔ع۔ خواہش مند گوشت کا ہونا۔

لحمہ ۔ع۔ گوشت کا ٹکڑا۔

لُحمہ ۔ع۔ باز کی خوراک جو اسکے شکار کیے ہوے جانورون سے دیتے ہین تاکہ وہ شکار کرنے پر اور حریص ہو۔ کپڑے کا پود جسکو ہندی مین بانا کہتے ہین۔

لحن ۔ع۔ آواز خوش اور خوب جو نغمہ کے ساتھ ہو قرآن شریف وغیرہ کو ایک قسم کی خوش آوازی سے پڑھنا۔ وہ خطا جو بات کرنے مین واقع ہو۔ ایک قسم قافیہ عیوب کی شعر مین۔

لحوق ۔ع۔ دو چیز یا زیادہ کا آپسمین ملنا پیچھے سے آکر شامل ہونا۔

لحوم ۔ع۔ جمع لحم یعنی گوشت کی۔

لحیان ۔ع۔ لمبی ڈاڑھی والا۔ نام رمل کی ایک شکل کا اسطرح ۔

لحیانی ۔ع۔ لمبی ڈاڑھی والا۔

لحیم ۔ع۔ فربہ۔ موٹا۔

لحیہ ۔ع۔ ڈاڑھی

فصل لام مع خاے معجمہ

لُخ ۔ف۔ نام ایک گھاس کا جسکا بوریا بنتے ہین اور یہ دریا کے کنارے ہوتی ہے۔

لخت ۔ف۔ لوہے کا گرز۔ کسی چیز کا ٹکڑا پارہ۔ اندک۔ تھوڑا۔

لخت در ۔ف۔ دروازہ کا پٹ۔

لخت لخت ۔ف۔ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔

لختے ۔ف۔ قدرے۔ تھوڑا۔

لخچہ ۔ف۔ آگ کا شعلہ۔ انگارا۔

لخشان ۔ف۔ ایسی صاف چیز جس پر چلنے سے پاؤن اور چھونے سے ہاتھ پھسلے۔

لخشہ ۔ف۔ آگ کا شعلہ۔ انگارا۔

لخشیدن ۔ف۔ پھسلنا۔

لخلخہ ۔ع۔ چند خوشبودار چیزون کو باہم ملاکر سونگھتے ہین۔

فصل لام مع دال مہملہ

لُدّ ۔ع۔ جمع اَلدّ کی بڑے گمراہ۔ بڑے لڑنے جھگڑنے والے۔ نام ایک ضلع شام کے ملک مین۔

لَدّ - ع - سخت دشمنی اور جھگڑا کرنا-
لَدغ - ع - } بچھو اور سانپ کا کاٹنا
لَدغہ - ع - } ابن حاج نے لکھا ہی کہ جو
جانور اپنی دم کی طرف سے ڈنک مارے
مثل زنبور اور بچھو وغیرہ کے اُسکے کاٹنے
کو لدغ اور لسع کہتے ہین- اور جو جانور
دانت سے کاٹے مثل کتے اور سانپ وغیرہ کے
اُسکے کاٹنے کو نہش کہتے ہین-
لَدُن - ع - بمعنی نزدیک-
لَدُنی - ع - منسوب طرف لدن بمعنی نزدیک
کے وہ چیز جو کسی کو بغیر اُسکے سیکھنے اور حاصل
کرنے اور بغیر اُسکی سعی اور کوشش اور تلاش
کے حق تعالے محض اپنے فضل سے اسکو عطا
کر دے - یا بغیر دوسرے کے سکھانے کے
وہ شخص اپنے ذہن اور طبیعت سے پیدا
کرے -
لَدُود - ع - بڑا لڑنے اور جھگڑنے والا-
لَدِیغ - ع - وہ شخص جسکو سانپ اور بچھو
کاٹ کھائے-

فصل لام مع ذال معجمہ

لَذّاع - ع - بڑا جلانے والا- بڑی جلن
اور سوزش ڈالنے والا-
لَذائذ - ع - جمع لذت کی-
لَذّت - ع - مزہ- ذائقہ-
لَذع - ع - سوزش جلن جلانا آگ
کا کسی کو- سوزش دینا-
لَذِیذ - ع - مزہ دار خوش ذائقہ-

فصل لام مع راے مہملہ

لُر - ف - ایک گروہ ہے جنگلی آدمیون کا-
اور بمعنی روستائی اور دہاتی اور مراد احمق
اور نادان کے مستعمل ہے
لَرزَہ - ف - کپکپی- کانپنا-
لَرزیدن ف - کانپنا-

فصل لام مع زاے معجمہ

لَزّاب - ع - بڑا چپکنے والا-
لَزِج - ع - چیپ دار شی جیسے سریش
وغیرہ ہوتا ہی-
لُزُوجت - ع - چسپیدگی- چیپ-
لُزُوق - ع - چپکنا- چسپان ہونا-
لُزُوم - ع - لازم ہونا-

فصل لام مع سین مہملہ

لِسان - ع - زبان- لغت قوم کی
لَسّان - ع - فصیح بیان- تیز زبان-
لِسانُ الحَمَل - ع - ہری بارتنگ کا پتا-
لِسانُ الصِدق - ع - سچی تعریف-
لِسانُ العَصافِیر - ع - اندرجو-
لِسانُ الثَور - ع - گاؤ زبان-
لِسانُ القَوم - ع - ترجمان-
لِسانِیت - ع - تیز زبانی-
لَسع - ع - کاٹنا سانپ اور بچھو وغیرہ کا
ڈنک مارنا-
لَسِن - ع - فصیح- زبان آور-
لُسُن - ع - جمع لسن بمعنی فصیح کی-
لُسن - ع - جمع اَلسَن کی جو بمعنی فصیح اور
زبان آور کے ہے-
لَسَن - ع - فصاحت- زبان آوری-
لِسن - ع - لسان- زبان-

فصل لام مع شین معجمہ

لَشکر - ف - فوج-
لَشکرکَش - ف - سردار- سپہ سالار-
لَشکرکُش - ف - بڑے پہلوان بڑے
بہادر اور بڑے تیغ زن کی تعریف مین
بطور مبالغہ کے آتا ہی-
لَشکری ف - مرد سپاہی-

فصل لام مع صاد مہملہ

لِص - ع - دزد- چور-
لُصُوص - ع - جمع لص بمعنی چور کی
لُصُوق - ع - چسپان ہونا-

فصل لام مع طاے مہملہ

لَطافت - ع - پاکیزگی- باریکی-
لَطائف - ع - جمع لطیفہ کی-
لَطائفُ الحِیَل - ع - نیکیان اور خوبیان
حیلونکی- عمدہ بہانے-
لَطخ - ع - لتھڑنا- آلودہ ہونا- کسی کو
بدی کے ساتھ بدنام کرنا-

لطم - ع - تھپڑ مارنا۔

لطمات - ع - جمع لطمہ یعنی تھپڑ کی

لطف - ع - نرمی - خوبی - نازکی - عمدگی باریک بینی - مہربانی۔

لطیف - ع - نیکوکار - پاکیزہ - نرم باریک - عمدہ - مہربان۔

لطیفہ - ع - نکوئی - خوبی - چیز نیک اور عمدہ اور نازک۔

لطمہ - ع - طمانچہ - تھپڑ۔

لطیم - ع - تھپڑ کھایا ہوا۔

فصل لام مع ظاے معجمہ

لظی - ع - نام دوزخ کا - وہ آگ جو شعلہ مارنے والی ہو۔

فصل لام مع عین مہملہ

لعاب - ع - آب دہن - تھوک - اور ہر ایک شے کا رس یا پانی جس مین چسپیدگی یعنی چپک اور گاڑھا پن ہو۔

لعاب - ع - کھیلنے والا - بازیگر۔

لعان - ع - آپسمین ایک کا دوسرے کو لعن اور نفرین کرنا - اور شرع مین لعان وہ ہی کہ شوہر اپنی زوجہ کو زنا کی تہمت لگا دے اور گواہ نہون پس دونون بحکم قاضی بطور مقررہ شرعی آپسمین لعنت کرتے ہین اور بعد اسکے قاضی دونون مین ہمیشہ کے لیے جدائی کرا دیتا ہے۔

لعان - ع - بڑا نفرین اور لعنت کرنیوالا

لعب - ع - } کھیل - بازی۔
لعب - ع -

لعبت - ع - کھلونا کھیلنے کی چیز کپڑے کی گڑیا جس سے لڑکیاں کھیلتی ہین۔

لعل - ع - حرف امید کا ہے - یعنی امید کرنا ایسی چیز کی جس کا ملنا ممکن ہو - اور بمعنی شاید کے بھی آیا ہی

لعل - ب - معرب لال کا ہی بمعنی ہر چیز سرخ عموما اور بمعنی ایک جوہر سرخ رنگ قیمتی کے جو مشہور ہے خصوصا واضح ہو کہ لعل بہت قسم کا ہوتا ہے - رمانی - پیازی - تری - لحمی - عنابی - انجمی - اور سیخ - دوشابی - پیکانی - عقربی - قطبی۔

لعل خندان - ف - کنایہ معشوق کے دونون ہونٹھ سے۔

لعل زر - ف - کنایہ صبح کی روشنی سے

لعل مذاب - ع - لعل گلا ہوا - اور یہ کنایہ ہے شراب سرخ انگوری سے۔

لعل می پرست ف - کنایہ لب معشوق سے

لعلی - ف - ایک رنگ ہی سرخ جسکو مصور اور نقاش کام مین لاتے ہین

لعلین ف - بمعنی سرخ منسوب طرف لعل کے جو ایک جوہر مشہور ہے۔

لعن - ع - نیکی اور رحمت سے دور کرنا لعنت کرنا نفرین کرنا۔

لعنت - ع - نفرین - پھٹکار۔

لعوق - ع - دوا جو کم گاڑھی ہو اس طرح کہ موافق چاٹنے کے ہو۔

لعین - ع - ملعون - مردود - نفرین کیا گیا رحمت سے نکالا گیا - یہ لفظ مفرد اور جمع دونون آیا ہی۔

فصل لام مع غین معجمہ

لغات - ع - جمع لغت کی۔

لغت - ع - زبان کسی قوم کی اور اصطلاح مین وہ لفظ جسکے معنی مشہور نہون۔

لغز - ع - جنگلی چوہے کا سوراخ - اور چونکہ یہ سوراخ نہایت پیچدار ہوتا ہے لہذا نام ایک قسم کے مبہم کلام کا جسکو فارسی مین چیستان اور ہندی مین پہیلی کہتے ہین۔

لغزش ف - پھسلنا پیر کا - غلطی۔

لغزان - ف - پھسلتا ہوا۔

لغزیدن ف - پھسلنا۔

لغو - ع - بیہودہ بکنا کتے کا چلانا سخن باطل - نکمی چیز - وہ قسم جو دل کے ارادے سے نہ کھائی ہو - بیہودہ۔

لغو - ع - زبان قوم کی۔

لغوب - ع - رنجوری - بیماری - تھک جانا

لغونہ - ف - گلگو - آرائش۔

لغوی - ع - منسوب طرف لغت کے یعنی لغت کا۔

لغوی - ف - بیہودہ گو - بیہودہ -

فصل لام مع فا

لف - ع - لپیٹنا -

لفاح - ع - یبروج بری کا پھل جو زرد اور تیز بو ہوتا ہے - اور یبروج ایک نبات ہے بصورت انسان جسکو فارسی مین مردم گیاہ کہتے ہین -

لفافہ - ع - اوپر کا خول - مردہ کا کفن -

لف النشر - ع - پراگندہ کا لپیٹنا -

لفت - ع - شلغم ترکاری مشہور ہے -

لفچ - ف - گوشت کا ٹکڑا بے ہڈی کا - مجازاً موٹا ہونٹھ - اور کبھی بمعنی مطلق ہونٹھ کے آتا ہے - اور بہ جیم عربی سے بھی آیا ہے -

لفچن - ف - موٹے ہونٹھ والا -

لفچہ - ف - بے ہڈیکے گوشت کا ٹکڑا -

لفظ - ع - جو منھ سے نکلے - بات کہنا - منھ سے کسی چیز کا پھینکنا - اور بمعنی مطلق انداختن یعنے پھینکنے کے بھی آیا ہے -

لفق - ع - دو کپڑونکی درزونکو آپسمین ملا کر سینا -

لفیف - ع - لپٹی ہوئی چیز - دوست - وہ کلمہ جسمین دو حرف علت ہون - اور حرف علت تین ہین - و - ا - ی -

فصل لام مع قاف

لق - ع - بے بالون کا - صاف -

لقا - ع - دیدار - ملاقات - دیکھنا - پہونچنا جنگ کرنا -

لقا - ع - بمعنی جماع کے -

لقاح - ع - پیٹ رہنا - حاملہ ہونا -

لقاطہ - ع - چیز زبون اور بے قیمت -

لقاعہ - ع - مرد بر گو اور حاضر جواب -

لقب - ع - وہ نام جسمین معنی تعریف یا مذمت کے نکلین برخلاف علم کے کہ اس نام مین کوئی معنی منظور نہین ہوتے -

لقطہ - ع - کسی کی گری پڑی چیز جو زمین سے اُٹھا لیجائے - اور اسمین ضرور ہے کہ اُسکے مالک کو تلاش کرکے حوالہ کردے -

لقط - ع - گری پڑی چیز کا اُٹھا لینا -

لقلق - مس - معرب لکلک کا - یہ پرند آبی ہے سانپ اور مچھلی کا شکار کرتا ہے -

لقلقہ - ع - لقلق جانور کا سخت آواز سے بولنا - مجازاً ہر کڑی آواز -

لقمان - ع - انکے والد کا نام باعور ہے یہ مرد حکیم تھے - حضرت ایوب علیہ السلام کی بہن کے بیٹے یا اُنکے خالہ زاد بھائی بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے شاگرد تھے - اور بعضے کہتے ہین کہ بنی اسرائیل کے یہ قاضی تھے اور یہ دونون باتین بھی جمع ہوسکتی ہین - بعضے کہتے ہین کہ یہ غلام حبشی تھے ملک نوبہ کے رہنے والے گرانڈیل تھے اور انکی نبوت مین اختلاف ہے -

لقمہ - ع - نوالہ -

لقمہ خلیفہ - ف - نام ایک قسم کے حلوے کا جو نہایت نفیس اور خوش ذائقہ ہوتا ہے -

لقن - ع - دریافت کرلینا - جلد سمجھ جانا کسی بات کا کسی سے کوئی بات سیکھ لینا -

لقن - ع - بہت جلد سمجھ جانے والا - بڑا عقلمند نہایت زود فہم -

لقوماجس - ی - نام ایک حکیم کا جو ارسطو کا باپ تھا -

لق و دق - ف - زمین ہموار اور سخت جسمین درخت اور گھاس تک نہو -

لقوہ - ع - نام ایک مرض کا جسمین منھ ٹیڑھا ہوجاتا ہے -

لقیط - ع - } وہ بچہ نوزادہ جو راہ مین
لقیطہ - ع - } کسی نے ڈال دیا ہو اور اُسکو کوئی اٹھاکر اپنے گھر مین لاکر پرورش کرے

لقیہ - ع - ملاقات -

فصل لام مع کاف عربی و فارسی

لک - ع - واسطے تیرے -

لک - ف - بیوقوف - نادان - اور عدد معروف یعنی سو ہزار - واضح ہو کہ لاکھ بمعنی سو ہزار ہندی ہے اور لک اسکی ایک قسم کی تفریس ہے اسلیے کہ فارسیون اور تازیون کے نزدیک سوائے ایک اور دس

اور سو اور ہزار کے اور کوئی مرتبہ عدد کا
مقرر نہین ہی - لاکھ جو ایک قسم کا گوند ہی
لُکّ - ت - گندہ - دلدار - موٹا - بڑا انا
چلینھڑا - ناتراشیدہ بے ڈول -
لُکّ - ف - ایک چیز ہے جس سے سرخ
رنگ حاصل کرتے ہین -
لگام - ف - گھوڑے کے ساز مین سے
ایک مشہور چیز ہے -
لگد - ف - لات -
لگدکوب - ف - لات مارنا -
لکلک - ف - ایک پرندآبی کا نام جو سانپ
اور مچھلی کا شکار کرتا ہے -
لُکَن - ع - لکنت - ہکلاپن
لِکَن - ع - کند زبان ہکلا -
لگن - ف - طشت جسمین ہاتھ دھوتے
ہین لنسلہ - ترکی مین اسکو چلاکچی کہتے ہین -
اور بمعنی شمعدان کے نیچے کی تھالی اور
انگیٹھی کے بھی آیا ہے -
لُکنت - ع - ہکلانا -
لِکَنہ - ف - ران کی جڑ سے پاؤن کی
انگلیون تک کو کہتے ہین -
لکوک - ف - جمع لک کی جو مفرس لاکھ
بمعنی سو ہزار کا ہی -
لکہ - ف - داغ - دھبا - ٹکڑا - پارچہ
اور بہار عجم مین بضم اول لکھا ہے -

فصل لام مع لام

للہ الحمد - ع - شکر خدا - سپاس خدا کو -

فصل لام مع میم

لِمَ - ع - چرا - کسواسطے - مگر محاورہ فارسی
مین یہ لفظ بہ سکون میم بمعنی علت وسبب
وحجت و اعتراض وسبب پرسی کے
مستعمل ہوتا ہی - اور محاورۂ عربی مین
جب اُسکے آخر مین یاے نسبتی ملتی ہے
تو اسکی میم کو تشدید سے پڑھتے ہین -
لَم - ع - حرف نفی کا -
لَمّا - ع - بمعنی ہرگاہ - اور بمعنی اِلّا - اور
ایک حرف ہی حروف جازمہ نافیہ سے -
لَمّاز - ع - عیب کرنے والا - آنکھ سے
اشارہ کرنے والا -
لَمتر - ف - فربہ - موٹا - قوی -
لمحہ - ع - چمکنا بجلی کا کسی چیز کو ایکمرتبہ تھوڑا
سا دیکھ لینا - مجازاً تھوڑا زمانہ جو بالکل
بمقدار قلیل ہو چشم زدن یعنے آنکھ
جھپکنے کی دیر -
لمز - ع - عیب کرنا - آنکھ سے اشارہ کرنا
لمزہ - ع - عیب کرنے والے -
لمس - ع - چھونا - حاجت - جماع -
لمع - ع - روشن ہونا - چمکنا - روشنی -
لمعات - ع - روشنیان - نام کتاب کا
علم حدیث مین -
لمعان - ع - چمکنا - روشن ہونا -
لمعہ - ع - روشنی - چمک - تھوڑی روشنی
لُمعہ - ع - وہ ٹکڑا عضو کا جو وضو یا غسل
کرتے مین خشک رہ جائے -
لمم - ع - آلودگی گناہ صغیرہ سے ایک
قسم جنون کی
لموع - ع - روشن ہونا - چمکنا - اور جمع
لمعہ بمعنی روشنی وچمک کی -
لم یزل - ع - ہمیشہ - برقرار - بے زوال
کنایہ ذات حقتعالے سے -

فصل لام مع نون

لنبک - ف - نام ایک ملازم بہرام گور کا
جو مروت اور مہمان نوازی مین بڑا مشہور
تھا - اسکا نون تلفظ مین آواز میم کی دیتا
ہے - یہ شخص سقہ تھا -
لن ترانی - ع - ہرگز نہ دیکھے گا تو مجھکو - اور
مجازاً بمعنی اپنی تعریف آپ کرنے کے
بھی مستعمل ہی -
لنج - ف - مستک کی چال - ناز ونخرہ [illegible]
لنج - ف - لب - ہونٹھ - اندر کی جانب
رخسارہ کی - اور رشیدی مین بمعنی شل آدمی
کے یعنے جسکے ہاتھ اور پاؤن حرکت نہ
کرسکین -
لنگ - ف - لنگڑا - سفر کے درمیان مین
کہین مقام کرنا - مردونکا آلت تناسل

ہندی میں اس معنی اخیر کے لیے لِنگ لام کے کسرہ سے بولتے ہیں۔

لُنگ ف۔ لُنگی۔ لنگوٹ۔

لِنگ۔ ف۔ پنڈلی۔ ران کی جڑ سے پاؤں کی انگلیوں تک۔

لِنگ خاکی۔ ف۔ حریف کو زمین پر گرا کے اُس کی پیٹھ پر لات مارنا۔

لنگر۔ ف۔ ایک لوہا ہوتا ہے بڑا وزنی جسکے سبب سے جہاز اور کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں پر غریبون اور محتاجون اور مسافرون کو کھانا تقسیم ہو۔ وہ کھانا جو محتاجون کو تقسیم ہو۔

لنگر انداختن۔ ف۔ کسی جگہ مقام کرنا۔ کہیں قرار پکڑنا۔

لنگری۔ ف۔ ایک قسم بہت بڑے طشت کی۔ اور منسوب طرف لنگر کے۔

لِنگِ سرکش۔ ف۔ نام ایک پیچ اور فن کا فنون کشتی سے۔

لِنگ گمر۔ ف۔ نام ایک پیچ کا کشتی میں

لنگیدن۔ ف۔ لنگڑانا۔

فصل لام مع واؤ

لِوا۔ ع۔ نیزہ۔ جھنڈا۔ علم فوج کا۔ نشان لشکر کا۔ بفتح اول غلط ہے۔

لواحظ۔ ع۔ آنکھ کے دُنبالے۔

لَواحِق۔ ع۔ جمع ہے لاحق کی۔

لواذ۔ ع۔ آپس میں ایک کا دوسرے کے ساتھ پناہ لینا۔

لَوازِم۔ ع۔ جمع لازم اور لازمہ کی۔

لَواش۔ ت۔ گیہوں کی چپاتی باریک اور نرم

لواطت۔ ع۔ اغلام کرنا۔ اغلام کرانا۔

لَوّاف۔ ع۔ خیال کے ماردن اور بالون کا کوڑا اور رسی بنانے اور بیچنے والا۔

لَوامِع۔ ع۔ روشن اور چمکنے والی چیزیں۔

لوّامہ۔ ع۔ سخت ملامت کرنے والا۔

لَواہب۔ ع۔ جمع لاہب یعنی آگ شعلہ زن یعنے بھڑکنے والی آگ کے۔

لَوائح۔ ع۔ روشنیان۔ جمع لائحہ کی اور نام ایک کتاب کا تصوف میں۔

لَوائم۔ ع۔ جمع لائمہ یعنی ملامت کنندہ۔

لُوب۔ ع۔ واؤ معروف سے وہ پتھریلی زمین جہان پانی نہ ہو۔

لوبیا۔ ایک قسم کی پھلی ہوتی ہے اُس کی ترکاری پکاتے ہیں۔

لُوت۔ ف۔ واؤ معروف سے برہنہ۔ ننگا۔

لوت۔ ف۔ واؤ مجہول سے قسم قسم کے مزہ دار کھانے۔ لڑکا امرد جسکی ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔

لوت پوت۔ ف۔ واؤ مجہول سے قسم قسم کے مزہ دار کھانے۔

لَوث۔ ع۔ آمیزش۔ آلودگی۔ لتھڑنا۔

لُوچ۔ ت۔ واؤ غیر ملفوظ سے۔ برہنہ ننگا اُگھول۔ بھنگا۔

لَوح۔ ع۔ تختی۔ تختہ۔ ہر چیز چوڑی خواہ ہڈی ہو خواہ لکڑی خواہ پتھر وغیرہ چمکنا بجلی کا پیدا ہونا ستارہ وغیرہ کا۔

لُوح۔ ع۔ وہ فرق اور وہ ہوا جو درمیان زمین اور آسمان کے ہے۔

لَوح پا۔ ف۔ ایک لکڑی ہوتی ہے جس پر جُلاہے کپڑا بُنتے وقت پاؤں رکھتے ہیں اور اُسکو ہلاتے جاتے ہیں۔

لَوح سیمین۔ ف۔ چاندی کی تختی۔ اور کنایہ معشوق کے پیٹ اور پیشانی سے۔

لَوحش اللہ۔ ع۔ فارسی لوگ پر وقت تعظیم اور تعجب کے معنی خواہش اور تحسین اور آرزو کے استعمال کرتے ہیں۔

لَوح طلسم۔ ف۔ ایک تختی ہوتی ہے جس پر طلسم کے کھولنے کا طریق لکھکر یا بیان طلسم درمیان طلسم کے رکھدیتے ہیں۔

لَوح ناخوانده۔ ف۔ بغیر اضافت کے مرد جاہل جو بے پڑھا ہو۔

لَوحِ ناخوانده۔ ف۔ اضافت کے ساتھ کنایہ لوح محفوظ اور علم لدنی اور کتابون غیر مروج سے۔ اور بیان علم لدنی کا او برگزیدہ

لُوخ۔ ف۔ ایک گھاس ہے جو دریا کے کنارے ہوتی ہے اور اُس سے بوریا بنایا جاتا ہے۔

لَوذ۔ ع۔ پناہ لینا۔

لَوذَعِی۔ ع۔ بڑا زود فہم۔ نہایت عقلمند۔

نُور۔ ف۔ واؤ مجہول سے۔ وہ زمین جس کو سیلاب نے کاٹ دیا ہو۔ دُھنیے کی کمان جس کو دُھنکی کہتے ہین۔

نُورکَند۔ ف۔ گڑھا جو سیلاب کی وجہ سے زمین مین پڑگیا ہو۔

لُورِی۔ ف۔ واؤ مجہول سے۔ ایک قوم ہے صحرانشین جنمین اکثر ڈاکو اور لٹیرے ہوتے ہین۔ اور اکثر بازیگری یعنے نٹون کا کام کرتے ہین۔ اور اکثر گلی کوچون مین گاتے پھرتے اور کما کھاتے ہین۔

لُوریان۔ ف۔ جمع لُوری کی۔

لَوز۔ ع۔ بادام۔

لَوزہ۔ ع۔ ایک بادام۔

لَوزِیات۔ ف۔ بادام کا حلوا۔

لَوزِینہ۔ ف۔ وہ حلوا جسمین بادام کی گری ملی ہو۔

لَوزِینج۔ مب۔ معرب لوزینہ کا۔

لُوس۔ ف۔ واؤ مجہول سے۔ چاپلوسی۔ تملق۔ خوشامد۔

لُوش۔ ف۔ واؤ مجہول سے بیخبر بیہوش اور بمعنی کیچڑ۔ کالی مٹی کیچڑ کی۔ اور بمعنی کج دہن یعنے ٹیڑھے منھ والا۔

لُوشا۔ ی۔ نام ایک حکیم یونانی کا۔

لَوص۔ ع۔ دروازہ کے سوراخ سے جھانکنا۔

لَوصَہ۔ ع۔ درد پشت۔ پیٹھ کا درد۔

لُوط۔ ع۔ نام ایک پیغمبر کا۔ آپ کی زوجہ کافرہ تھی اور آپکی قوم کے لوگ کودک باز تھے آخر قہر الٰہی اُس قوم پر نازل ہوا۔

لُوطی۔ ع۔ اغلام کرنے والا۔

لَوعات۔ ع۔ دل کی سوزشین کسی کے عشق اور محبت مین۔

لَوعَت۔ ع۔ دل کی سوزش عشق سے

لُوقا۔ ی۔ نام ایک حکیم یونانی کا۔

لوک۔ ف۔ } واؤ مجہول سے وہ شخص
لوکان۔ ف۔ } جو بسبب سُستی اور ضعف اور شدت ناتوانی کے مثل لڑکونکے ہاتھون اور گھٹنون کے بل رستہ چلے۔ اور لوک بمعنی عاجزی اور زبونی کے بھی آیا ہے۔

لُول۔ ف۔ واؤ مجہول سے بے شرم۔ بیحیا۔ بے شرمی۔ بیحیائی۔ لوٹے کی ٹونٹی۔

لَولاک۔ ع۔ اشارہ ہے طرف لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الاَفلاکَ کے۔ ترجمہ۔ اگر نہوتے تم اے محمد صلعم البتہ نہ پیدا کرتا مین آسمانون کو۔ اور یہ حدیث قدسی ہے اور حدیث قدسی وہ ہے جو آنحضرت صلعم کو خواب مین وحی پہونچتی تھی۔

لُولُو۔ ع۔ بڑا موتی آبدار۔ بڑے موتی آبدار یہ اسم جنس ہے قلیل اور کثیر دونون پر صادق آتا ہے۔

لُولہ پیچ۔ ف۔ وہ کپڑا جو مثل مکتوب کے لپٹا ہو جیسے اطلس وغیرہ۔

لُولِی۔ ف۔ زن قحبہ۔ بازاری کسبی منسوب طرف لول بمعنی بیحیا کے۔

لَوم۔ ع۔ ملامت کرنا۔ مجازاً بمعنے بخل اور کنجوسی کے بھی ہے۔

لَومَت۔ ع۔ ملامت کرنا۔

لَون۔ ع۔ رنگ۔

لَوند۔ ف۔ رند۔ بدمعاش۔

لَوِید۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ دیگ اور بڑا پتیلہ منھ کھلا ہوا۔

لَوِیشَہ۔ ف۔ یاے معروف سے۔ وہ رسّی جس سے گھوڑے کو بروقت نعل باندھنے کے بے قابو کردیتے ہین۔

فصل لام مع ہاے ہوز

لَہاب۔ ع۔ لپٹ آگ کی۔ آگ کا شعلہ مارنا آگ کا بھڑکنا۔ شعلہ۔

لَہات۔ ع۔ وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق مین لٹکا ہوتا ہے ہندی کوّا۔

لَہَب۔ ع۔ پیاسا ہونا۔ آگ کا شعلہ لپٹ آگ کی۔ غبار۔ اوپر چڑھا ہوا۔

لَہث۔ ع۔ پیاسا ہونا۔ زبان باہر نکالنا کُتّے کا پیاس سے۔

لُہجہ۔ طعام ناشتا۔ یعنی نہاری۔

لہجہ - ع - زبان - محاورہ - آواز خوش آغاز الفاظ کی - لغت قوم کی -

لہٰذا - ع - اسی واسطے -

لہراسپ - ف - نام ایک بادشاہ کا جو اسفندیار کا دادا تھا -

لہز - ع - درمیان قوم کے شامل ہونا - کسی کے سینہ پر گھونسا یا برچھی مارنا بکری وغیرہ کے بچّہ کا دودھ پیتے وقت مان کے تھن مین اپنا سر مارنا -

لہف - ع - افسوس کرنا - رنجیدہ ہونا -

لہنہ - ع - طعام ناشتا یعنے وہ کھانا جو صبح سویرے تھوڑا سا کھالین - اور وہ کھانے کی تھوڑی سی چیز جو مہمان کے آگے رکھدیتے ہین کہ وہ اُس سے شغل کرے جبتک کہ ضیافت کا کھانا تیار ہو -

لہو - ع - کھیل کود جماع - وہ چیز جو کسی کو نیک کام سے باز رکھے -

لہو الحدیث - ع - عشق کے قصّے کہانے اور سرود وغیرہ کی حکایتین -

لہیب - ع - آگ شعلہ مارنے والی -

لہیف - ع - افسوس کرنے والا - بیچارہ غمگین - رنجیدہ -

فصل لام مع یاے تحتانی

لیاذ - ع - پناہ لینا - پناہ مانگنا -

لیاقت - ع - استعداد - حوصلہ -

لیالی - ع - جمع لیل کی - راتین -

لیام - ع - بخیل و رکنجوس لوگ - یہ جمع لئیم کی ہے -

لیامت - ع - ملامت کرنا -

لیت - ع - یہ ایک کلمہ ہے جو بروقت آرزو کسی چیز کے بولتے ہین فارسی مین اسکا ترجمہ کاشکے ہے - واضح ہو کہ لیت اُس چیز کی آرزو کے لیے آتا ہے جسکا ملنا ممکن نہو جیسے - لیت الشباب یعود یعنے کاشکے جوانی پھر آتی اور ظاہر ہے کہ جوانی جاکے پھر نہین آتی - برخلاف لعل کے کہ وہ اُس چیز کی آرزو کے لیے مستعمل ہوتا ہے جسکا ملنا ممکن ہو -

لیت و لعل - ع - کنایہ ہے کسی کام مین ڈھیل کرنے اور امروز و فردا کہہ کے ٹالنے سے -

لیث - ع - شیر درندہ -

لیثرغس - ی - سرسام بلغمی جو نام ایک مرض مشہور کا ہے -

لیزم - ف - لہادہ - نرم کمان جسپر کمان کھینچنے کی مشق کرتے ہین -

لیسیدن - ف - چاٹنا -

لیغ - ف - بد دل آدمی -

لیف - ع - یاے معروف سے درخت خرما کی چھال جو بہت باریک ہو -

لیق - ع - }
لیقہ - ع - } صوف جو دوات مین ڈال کر سیاہی مین اُس کو تر کرتے ہین -

لیک - ف - مخفف لیکن کا - مگر -

لیکن - ف - مگر -

لیل - ع - رات -

لیلا - ف - معرّب لیلی کا جو معشوقہ قیس عرف مجنون کی تھی -

لیلۃ الاسری - ع - شب معراج آنحضرت صلعم کی -

لیلۃ البدر - ع - چودھوین رات ہر مہینہ کی جسمین چاند پورا ہوتا ہے -

لیلۃ القدر - ع - ماہ رمضان کے مہینہ مین ایک رات ہوتی ہے جس کی عبادت ہزار مہینہ کے برابر ہے - اسکی تحقیق مین اختلاف ہے مگر بموجب اکثر روایت کے شیعون کے نزدیک تیئسوین اور سنّیون کے نزدیک ستائیسوین شب رمضان ہی -

لیل لائل - ع - شب تاریک -

لیلی - ع - نام مجنون کی معشوقہ کا -

لیلی - ف - }
لیلیٰ - ف - } یاے معروف اور مجہول سے دونون طرح درست معرّب لیلی کا جو معشوقہ مجنون کی تھی لیلی اصل مین لیلاء تھا چونکہ اسکا رنگ سیاہ تھا اسلیے یہ نام رکھا گیا -

لِیمُو - ع - } **لیموں - ع -** } نیبو مشہور پھل ہے۔

لِین - ع - نرمی - ضد خشونت - اور حرف لین - واؤ - الف - یا - ہین جس وقت کہ یہ ساکن ہون اور انکا ماقبل مفتوح ہو

لَیِّن - ع - نرم

لِینَت - ع - نرمی -

لَیُوس - ع - بے غیرت - بے شرم -

لَئِیم - ع - ناکس - کنجوس - بڑا بخیل و فرق کہ لئیم اور بخیل مین یہ فرق ہے کہ بخیل اسکو کہتے ہین جو آپ کھائے اور دوسرے کو نہ دیوے اور لئیم وہ جو نہ آپ کھائے نہ دوسرے کو دے -

لئیمان - ف - جمع فارسی لئیم کی ہے وہ لوگ جو بڑے کنجوس ہون -

باب میم

فصل میم مع الف

ما - ع - بغیر ہمزہ کے حرف نفی ہے بمعنی نیست اور نہین - اور کلمہ استفہام کا بھی ہے یعنے کیا چیز ہے - اور اسم موصول بھی ہے بمعنے انچہ - جو کہ -

ما - ف - ہم -

ماء - ہمزہ سے - پانی - میاہ اسکی جمع ہے -

ماءُ الجُبن - ع - پانی دودھ کا جو اُس کو ترشی سے پھاڑ کر نکالتے ہین -

ماءُ الحَیٰوۃ - ع - آب حیات - اور اصطلاح مین کیمیا گرون کی ایک دوا کا نام جو شہد اور سہاگہ اور گھی سے مرکب ہوتی ہے اور خاصیت اسکی یہ ہے کہ جس مری ہوئی دھات مین اسکو ملا کر آنچ دین زندہ ہو جائے -

ماءُ الوَرد - ع - عرق گلاب کا -

ماءِ مَعِین - ع - وہ جاری پانی جو پاک اور صاف ہو معین صیغہ اسم مفعول کا ہے عین سے جیسے مَبِیع بیع سے -

مَآب - ع - بروزن شراب - جائے بازگشت - وہ جگہ جہان آدمی لوٹ کر جاوے جیسے اپنا گھر -

مَابَعدُ الطَّبِیعَۃ - ع - وہ چیز جو سوائے طبیعت کے ہے یعنی علم الٰہی -

مَابَقَا - ع - کسی چیز کا باقی بچا ہوا - اور بمعنی پس خوردہ کے بھی مستعمل ہے یعنے آگے کا جھوٹا کھانا جو بچ رہے -

مَاَبُون - ع - بو نیسیا - یعنی وہ شخص جو علت اُبنہ مین گرفتار ہو -

مَابَین - ع - درمیان -

مات - ع - مرگیا - اور شطرنج بازون کی اصطلاح مین مات سے موقوف کے ساتھ گرفتار اور قید ہو جانا شاہ شطرنج کا -

مِائَت - ع - } بروزن صفت - بمعنی صد
مِائَہ - ع - } یعنے سو جو عدد مشہور ہے -

مِآت - ع - صدہا - سیکڑون -

مِائَتَین - ع - تثنیہ مائۃ کا - دو سو

مَاتِح - ع - کنوئین سے پانی کھینچنے والا -

مَاتَقَدَّم - ع - وہ چیز جو پہلے گذر چکی -

مَاتَم - ع - رونا پیٹنا -

مَآثِر - ع - الف کے مد سے - نشانیان نیک کارہائے عمدہ اور پسندیدہ -

مَاثَم - ع - مصدر میمی ہے بمعنی اثم یعنے گناہ

مَآثِم - ع - الف کے مد سے جمع ماثم بمعنے گناہ کی - بہت سے گناہ -

مَاثُور - ع - منقول نقل شدہ - اور فارسی مین بمعنی اثر پذیرشدہ کے بھی آتا ہے اور بمعنی بدلہ دیے گئے کے بھی -

مَاثُورَہ - ع - منقولہ - اور ادعیہ ماثورہ وہ دعائین جو آنحضرت صلعم سے منقول ہین

مَاثُوم - ع - گناہگار -

ماخ - ف - ماہ - چاند -

مَاجِد - ع - مرد بزرگوار -

مَاجِدہ - ع - زن بزرگوار -

ماجرا - ع - واردات - وہ چیز جو گذر گئی سرگذشت - زمانہ گذشتہ کا حال -

مَاجِن - ع - بیباک - مسخرا -

مَاجُوج - ع - یافث بن نوح کی اولاد تاتاری لوگ -

مَاجُور - ع - اجر دیا گیا - نیک بدلہ دیا گیا -

ثواب دیا گیا۔

ماچ ۔ف۔ چوما ۔ بوسہ۔

ماچین ۔ف۔ ایک ملک ہے چین کے دکھن اور ہندوستان کے پورب طرف آدر بمعنی چومی ہوئی چیز کے اسلیے کہ ماچ بمعنے چوما اور بوسہ کے ہے۔

ماح ۔ع۔ سفیدی جو مرغی کے انڈے مین ہوتی ہے۔ اور مح زردی اُسکی۔

ماحصل ۔ محصول ۔ حاصل کی ہوئی شے ۔ خلاصہ۔

ماحضر ۔ع۔ جو حاضر ہو۔ جو شے موجود ہو کھانے وغیرہ کی۔ مگر خاص کر استعمال اسکا فارسی مین کھانے پر آتا ہے۔

ماحضری ۔ف۔ یاے مجہول سے فارسیون کے تصرف سے اسکا استعمال طعام قلیل اور بے تکلف پر آتا ہے جو بروقت حاجت کے موجود اور حاضر ہو۔

ماحی ۔ع۔ محو کرنے والا ۔ نیست اور نابود کر دینے والا۔

ماخذ ۔ع۔ مصدر جگہ اخذ کی ۔ وہ جگہ جہان سے کوئی چیز لین۔

ماخوذ ۔ع۔ گرفتار ۔ پکڑا گیا ۔ لیا گیا۔

ماخول ۔ف۔ } تصرف فارسیون کے
ماخولیا ۔ف۔ } یہ مخفف ہے مالیخولیا کا جو ایک مرض سوداوی دماغ مین ہوتا ہے اور مجازاً ان لفظون کا اطلاق صاحب مرض پر بھی ہوتا ہے۔ وحشی مہ ماخولیا گر نیستم جو ہم چرا خونخوارہ + کو قصد جان من کند من جان براے او دہم + اسیری لاہجی مہ کے بود جز شاد وقتے بند را دیگر خیال + زاہد ماخول ہر دم در خیال دیگر ست +

مادام ۔ع۔ یہ افعال ناقصہ مین سے ہے بمعنے تا وقتے ۔ اور بمعنی مدام اور ہمیشہ کے بھی آتا ہے۔

مادبہ ۔ف۔ ضیافت۔

مادح ۔ع۔ تعریف کرنے والا۔

مادخ ۔ع۔ مرد بزرگ و غالب وار جمند۔

مادر ۔ف۔ مان ۔ والدہ۔

مادر بخطا ۔ف۔ یہ ایک گالی ہے یعنی تیری مان حرامکار تھی۔

مادر بخشتن ۔ف۔ یہ ایک لفظ سہل ہے مگر بمقابلہ مادر بخطا کے کرسی نشین ہے طغراے طعنہ مشک خطائی شدہ مادر بخشتن نیسکہ پیدا شدہ مادر بخطا در کشمیر +

مادرزاد ۔ف۔ وہ بچہ جو اپنی مان کا جنا ہوا ہو۔ اور وہ عیب یا خوبی جو پیدائشی ہو اس وقت مین یہ لفظ اُس عیب یا خوبی کی صفت واقع ہوگا جیسے کور مادرزاد وغیرہ۔

مادر مادر ۔ف۔ نانی۔

مادری ۔ف۔ مان کا۔

مادر اندر ۔ف۔ }
مادندر ۔ف۔ } سوتیلی مان۔

مادون ۔ع۔ ماسوا ۔ علاوہ اور بمعنی فروتر کے بھی آیا ہے۔

مادہ ۔ف۔ استری عورت جو مقابل نر کے ہے اور اس کا استعمال غیر انسان مین ہوتا ہے۔

مادّہ ۔ع۔ ہیولا ۔ اصل ہر چیز کی ۔ ترکیب ہر شے کا سامان ۔ استعداد ۔ وہ چیز جس سے کوئی دوسری چیز بنائی جائے ۔ وہ شے جو محسوس ہو سکے ۔ اور کبھی یہ لفظ بمعنی باب اور مقدمہ کے بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے در مادۂ فلان یعنی در باب فلان۔

مادّی ۔ع۔ منسوب طرف مادہ کے۔

مادیان ۔ف۔ ایک اسپ مادہ یعنی گھوڑی یہ لفظ مفرد ہے جمع نہین ہے ۔ اور چونکہ لفظ مادیان فقط گھوڑی کے واسطے خاص ہے دوسرے حیوانون کی مادہ کو مادیان نہین کہتے ہین اسلیے اسپ مادیان کہنا غلط ہے۔

ماذون ۔ع۔ اذن دیا گیا ۔ حکم کیا گیا ۔ اجازت دیا گیا۔

مار ۔ف۔ سانپ ۔ اور مراد ظالم اور بے رحم سے۔

مارا ۔ف۔ ہمارے تئین ۔ ہم کو۔

مار اسفند ۔ف۔ انیسوین تاریخ ہر

شمسی مہینہ کی۔
مار افسا۔ف۔سانپون کا افسونگر یعنے
منتر پڑھنے والا۔اور مجازاً بمعنے مطلق
افسونگر کے بھی آیا ہے۔
مارب۔ع۔مطلب۔مقصد۔
مآرب۔ع۔بروزن مقاصد جمع مارب
بمعنی مطلب اور حاجت کی اور بمعنی
حاجت طلب کرنے کے مقامات۔
ماریرہ۔ف۔دایہ۔منھ بولی مان۔
مارپیچیدہ۔ف۔کنایہ زنجیر سے۔
مارپیچ۔ف۔پرخم۔خمدار۔لشکر کے جھنڈے
کا پرچم اور کئی سانپون کے مانند باہم
پیچیدہ تصویر جو بنی ہو۔
مارپیکر درفش۔ف۔کنایہ رات سے
اور کنایہ آسمان سے۔
مارج۔ع۔بے دھوئین کی روشن آگ
آتش بے دود۔نوع جن کے باپ کا نام
جسطرح آدم نوع انسان کے باپ کا نام
مارجیری۔ف۔کنایہ ضحاک بادشاہ
سے جو قبیلہ جیر سے تھا۔
مار ضحاک۔ف۔وہ سانپ جو ضحاک
بادشاہ کے شانہ مین پیدا ہوا تھا اور ہمیشہ
آدمی کے سر کا بھیجا کھاتا تھا اور کنایہ
سرزنجیر سے بھی۔
مارق۔ع۔دین سے خارج۔گمراہ

مارِ گرزہ۔ف۔کالا سانپ جس کا بڑا
پھن ہو۔
مار مہرہ۔ف۔ایک مہرہ ہوتا ہے جو پرانے
سانپ کے سر سے نکالتے ہین اور یہ
زہرون کا باطل کرنے والا ہوتا ہے اور
بمعنے فادزہر کے بھی ہے اور فادزہر
بھی زہرون کی باطل کرنے والی دوا ہے۔
مارن۔ع۔ناک کی پھننگ جسقدر کہ نرم
ہوتی ہے۔
مار و نہ سر۔ف۔کنایہ آسمان سے اس لیے
کہ مجموع آسمان نو طبق ہین۔
ماروت۔ع۔نام ایک فرشتہ کا ہے جو
بابل کے کنوئین مین بحکم خدا قید ہے۔
ماری۔ت۔ہلاکت۔
مازاغ۔ع۔اشارہ ہے طرف آیۂ کریمہ
مازاغ البصر وما طغی کے یعنی آنحضرت
صلعم نے معراج کی شب کو مقام قرب
الٰہی مین نہ پھیری اپنی آنکھ طرف دوسری چیزون
کے اور نہ بے فرمانی کی حکم خدا سے۔
مازن۔ع۔چیونٹی کا انڈا۔اور نام ایک
قبیلہ کا تمیم سے۔
مازنی۔ع۔نام ایک علم نحو کے عالم کا
منسوب طرف مازن قبیلۂ مذکور کے۔
مازندران۔ف۔ملک طبرستان کا [illegible]
کے توابع سے اور یہ چوتھی اقلیم مین

واقع ہے۔قدیم زمانے مین یہ ملک دیوون کا
مسکن یعنے مقام بود و باش تھا۔
مازو۔ف۔نام ایک دوا ے مشہور کا۔
ماس۔ع۔مرد خبیث اور چالاک۔اور بمعنی
الماس کے بھی آیا ہے جس کو ہندی مین
ہیرا کہتے ہین۔
ماس۔ف۔مخفف آماس کا جسکو ورم
اور سوجن کہتے ہین۔
ماسبق۔ع۔گزشتہ جو پہلے گذر چکا۔
ماست۔ف۔جغرات۔دہی۔
ماست بند۔ف۔پنیر بنانے والا۔
ماسخ۔ع۔بے مزہ۔پھیکا۔
ماسک۔ع۔مرکز بیضوی شکل کا۔
ماسکہ۔ع۔نام ایک قوت کا ہے جو غذا
کو معدہ مین ٹھہرا رکھتی ہے پکنے کے لیئے۔
ماسلف۔ع۔گذشتہ۔
ماسوا۔ع۔علاوہ۔سوا اصطلاح مین
سوا خدا تعالےٰ کے تمام مخلوقات اور
موجودات کو کہتے ہین۔
ماش۔ع۔کھڑے مونگ ایک غلہ مشہور
ہے اور بمعنی اسباب خانہ۔ہندی مین ماش
اردو کو کہتے ہین اور اُس کی دال کو اردو
کی دال بولتے ہین۔
ماشری۔ع۔نام ایک ورم دموی کا جو
سر اور چہرہ اور پیشانی مین ظاہر ہوتا ہے۔

اور یہ لفظ سریانی ہے۔

ماشطہ۔ ع۔ وہ عورت جو دوسری عورتون کے سرون مین کنگھی کرتی ہے اور دولھن کو سنوارتی اور آرائش دیتی ہے اور اسکو مشاطہ بھی بولتے ہین۔ یہ لفظ ماخوذ ہے مشط سے جو بمعنے کنگھی کے ہے۔

ماشو۔ ف۔ غربال۔ چھلنی۔

ماشورہ۔ ف۔ لوٹے وغیرہ کی ٹونٹی۔ جلاہون کے کپڑا بُننے کا ایک آلہ۔ کچے سوت کی لکڑی جو چرخہ کے تکلے پر چڑھتی ہے

ماشہ۔ ف۔ لُہارون کی سنسی جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین۔ بندوق کا ترما جسکے مُنھ مین فتیلہ یعنے توڑا رکھ کر اسکو سلگا کر بندوق داغتے ہین۔ اور آٹھ رتی کا وزن۔

ماشی۔ ع۔ اپنے پیرون سے چلنے والا۔

ماص۔ ع۔ چوسنے والا۔

ماصدق۔ ع۔ وہ چیز جو صادق ہو۔ اور محاورہ مین بمعنی مضمون و معنی کے مستعمل ہے

ماضغ۔ ع۔ نہایت کھٹا دودھ۔

ماضغہ۔ ع۔ قوت چبانے کی۔

ماضی۔ ع۔ گذرا ہوا زمانہ۔ گذشتہ۔

ماضیہ۔ ع۔ گذشتہ۔

ماطر۔ ع۔ مینہ برسنے والا۔

ماعز۔ ع۔ بز نر۔ بکرا۔

ماعزہ۔ ع۔ بز مادہ۔ بکری۔

ماعون۔ ع۔ زکوٰۃ مال کی۔ اور وہ چیزین جیسے امور خانہ داری مین مدد طلب کرین جیسے ہانڈی۔ توا۔ کڑاہی۔ فرش وغیرہ اسباب گھر کا۔

ماغ۔ ف۔ نام ایک پرند سیاہ رنگ کا جو اکثر پانی پر بیٹھتا ہے۔ اور بمعنی ابر۔ اور بمعنی اُس بخار اور بھاپ کے جو جاڑے کی فصل مین اکثر صبح کے وقت ہوتی ہے ہندی مین اُسکو کہرا کہتے ہین۔ ایک قسم کا کبوتر اور بمعنے ابلق یعنے چتکبرے کے بھی آیا ہے۔

مافات۔ ع۔ جو چیز فوت ہوگئی۔ وہ چیز جسکے کرنے کا وقت گذر گیا۔

مافوق۔ ع۔ اوپر۔

ماق۔ ع۔ آنکھ کا کویا جو ناک کی طرف ہے۔

ماقبل۔ ع۔ پہلے۔

ماقل و دل۔ ع۔ کنایہ قلیل کلام سے جو دلالت کرے زیادہ مراد اور بہت مطلب پر۔

ماقوت۔ ف۔ نام ایک قسم کے حلوے کا۔

ماقی۔ ع۔ ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ۔

ماکر۔ ع۔ مکار۔ حیلہ گر۔

ماکل۔ ع۔ خوردن کھانا۔ مجازاً کھانے کی شے یہ مصدر میمی ہے۔

مآکل۔ ع۔ بروزن مطالب جمع ماکل کی

ماکول۔ ع۔ کھایا گیا۔ کھانے کی چیز وہ چیز جو کھائی جائے۔

ماکو۔ ف۔ ایک آلہ لوہے کا ہوتا ہے جلاہون کا ہندی مین اُسکو نال کہتے ہین۔

ماکیان۔ ف۔ یہ لفظ مفرد ہے جمع نہین ہے ایک مُرغی گھر کی پلی ہوئی۔ اور اسکے نر یعنے مرغ کو خروس کہتے ہین۔

مال۔ ع۔ دولت۔ دھن۔ روپیہ۔ مال کو مال اسلیے کہتے ہین کہ طبیعت انسان کی اسکی طرف مائل ہوتی ہے۔

مآل۔ ع۔ بروزن مقال۔ جاے رجوع جاے بازگشت۔ جگہ لوٹنے کی۔ اور بمعنے انجام کار کے مستعمل ہے۔

مالاکلام۔ ع۔ جسمین کچھ کلام باقی نہ ہو۔

مالامال۔ ع۔ کثیر بہت۔ مجازاً بمعنے پُر بھرا ہوا۔ لبالب۔

مالایطاق۔ وہ کام جسکے کرنے کی طاقت اور قدرت نہ ہو۔

مالاینحل۔ ع۔ وہ چیز جو قابل کھلنے کے نہو وہ چیز جو قابل حل ہونے کے نہو۔ مجازاً بمعنے کٹھن۔ سخت۔ بہت دشوار۔

مالایعنی۔ ع۔ بیہودہ۔ وہ چیز جس سے کسی کی کچھ مراد نہ ہو۔ بیکار۔ بیفائدہ۔

مالج۔ عب۔ تھوڑی کی کرنی معرب مالہ کا۔

مالح۔ ع۔ شور۔ نمکین۔

مالخ۔ ع۔ گریزندہ۔ بھاگنے والا۔ سودا خلل دماغ۔ خبطی۔ سودائی۔

مالش - ف - مالیدگی - ملنا۔ طبیعت کا قے کرنے پر مستعد ہونا - جی متلانا - ماندگی کوفتگی راہ - راہ کی تھکن -

مالشگری - ف - عورتون سے بوس و کنار کرنا

مال ضامن - ف - وہ شخص جو اسطرح پر اقرار کرے کہ اگر یہ شخص بھاگ جائیگا تو مین اسقدر مال سرکار مین حاضر کرونگا -

مال ضامنی - ف - ضمانت مال کی بنا یعنے اتنا مال بھر دونگا -

مالک - ع - صاحب - خداوند - آقا نام اُس سوداگر کا جس نے حضرت یوسفؑ کو انکے بھائیون سے خریدا کیا تھا - نام اُس فرشتے کا جو دوزخ کا موکل ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ دربان دوزخ ہے -

مالکانہ - ف - مالک ہونیکا حق -

مالک دینار - لقب ایک ولی کا - اور اُس لقب کی یہ وجہ ہوئی کہ ایک روز آپ کشتی پر سوار تھے ناخدا کی ایک اشرفی کھو گئی اُسنے آپ پر چوری کی تہمت لگائی آپ نے دُعا کی مچھلیون نے اسقدر اشرفیان لالا کر اُس کشتی مین ڈالنا شروع کین کہ اگر وہ ناخدا توبہ نہ کرتا تو کشتی اشرفیون کے بوجھ سے غرق ہو جاتی -

مالکیت - ع - مالک ہونا - مالک پن -

مالگزار - ف - سرکاری محصول دینے والا

مالگزاری - ف - سرکاری زمین وغیرہ کا محصول ادا کرنا -

مال و متاع - ع - اسباب اور روپیہ -

مالوف - ع - الفت کیا گیا - خو گرفتہ - دوستی کیا گیا -

مالہ - ف - تھوپون کی گرنی جس سے کہگل اور گارا وغیرہ دیوار پر ملتے ہین -

مالی - ع - پُر کرنے والا - پُر ہونے والا -

مالیت - دھن - دولت -

مالیخولیا - ع - خلل دماغ - سودا - خیال خام - یہ ایک قسم کا جنون ہے مگر ایسا مریض کسی کو ستاتا نہین ہے برخلاف مانیا کے کہ اُسکا مریض دوسرون کو ایذا پہونچاتا ہے اصل اسکی مالنخولیا ہے نون کے ساتھ اور یہ لغت یونانی ہے - ترجمہ لفظی اسکا خلط سیاہ ہے چونکہ یہ مرض سوداوی ہے اور سودا کا رنگ سیاہ ہے لہذا یہ نام ہوا -

مالیدن - ف - ملنا -

مالیدہ - ف - ملا ہوا - اور اسی کا مخفف مالیدہ ہے جو بہت مشہور ہے -

مالیدہ گوش - ف - ہوشیار - خبردار -

مام - ف - مادر - مان -

ماما - ف - بڑھیا - بوڑھی عورت -

ماماچھہ - ف - دائی جنائی جو بچہ جناتی ہے -

مامضیٰ - ع - وہ جو گذر گیا زمانہ گذشتہ -

مامک - ف - مان - والدہ - یہ پیار کا لفظ ہے تصغیر مام کی جو بمعنی مان کے ہے مگر یہ تصغیر پیار کے طور پر ہی نہ واسطے حقارت کے اور کبھی پیار سے بیٹی کو بھی کہتے ہین اور لڑکون کے ایک کھیل کا نام بھی ہے جسکو سرمامک بھی کہتے ہین - ہندی دائی بچولا -

مامن - ع - جاے امن - جگہ آرام کی -

مامن رضا - ع - یعنی جاے امن رضا کی یہ اشارہ ہے طرف مشہد مقدس کے کیونکہ وہان پر مزار مطہر حضرت امام علی موسی رضا کا ہے - اور شیعون کے نزدیک یہ مزار مقدس حکم کعبہ شریف کا رکھتا ہے کہ جو گنہ گار صدق دل سے وہان جا کر زیارت کرتا ہے پھر اُس سے پُرسش گناہ کی دور ہو جاتی ہے گویا اُس نے امن پایا عذاب سے

مامور - ع - حکم کیا گیا - امر کیا گیا -

مامول - ع - اُمید کیا گیا -

مامون - ع - امن کیا گیا - محفوظ - بیخوف اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون رشید کا بیٹا تھا -

ماميثا - ع - یہ لغت سُریانی ہے - نام ایک گھاس کا جو نہایت بدمزہ ہوتی ہے اور اسکے رس کو بھی ماميثا کہتے ہین سین حطمہ اور شین معجمہ سے یہ لفظ غلط ہے -

ماميران - ع - نام ایک جڑ کا جو ہلدی سے

مشابہ ہوتی ہے۔ یہ آنکھ کی دوا کے لیے
کام آتی ہے۔
مَان۔ف۔ بمعنی خانہ۔ گھر۔ اور بمعنی متاع
اسباب۔ اور بمعنی ما جو ضمیر متکلم کی ہے یعنی
(ہم) اور بمعنی تارا اور مرا کے بھی آتا ہے
یعنے (ہم کو) اور صیغہ امر کا بھی ہے
ماندن سے یعنی (ٹھہر) اور (چھوڑ) اور بمعنی
شبیہ اور نظیر اور مانند کے بھی۔
مَانَا۔ف۔ شبیہ۔ مانند۔ نظیر۔ مانند
ہونیوالا۔ مشابہ۔ شاید تحقیق۔
مَانِح۔ع۔ سخی بخشنے والا۔ کریم۔
مَانْدگی۔ف۔ عاجزی۔ تھکن۔
مَانْدہ۔ف۔ عاجز رہا ہوا تھکا ہوا۔
مُاندن۔ف۔ رہنا۔
مَانِستن۔ف۔ مشابہ ہونا۔
مَانِستہ۔ف۔ مانند کیا گیا۔ مشابہ۔
مَانِع۔ع۔ منع کرنیوالا۔ روکنے والا۔
مَانِند۔ف۔ حرف تشبیہ کا ہے۔ جیسا۔
مَانُوس۔ع۔ جس چیز سے محبت ہوگئی ہو
خوگر۔ پسند۔ مرغوب۔
مَانِی۔ف۔ نام ایک بہت بڑے کامل
نقاش ساکن روم کا۔ اسنے جھوٹا دعویٰ
نبوت کا کیا تھا اور نقاشی کو اپنا معجزہ
گردانا تھا اور کتاب ارژنگ تصنیف کی
تھی اور اُسکے احکام کیطرف لوگونکو دعوت کرتا تھا

مَانِیَا۔ع۔ نام ایک قسم کے جنون کا اسکے
مریض مین درندون کی سی خاصیت آجاتی
ہے۔ اور لوگون کو ضرر پہونچانیکا قصد کرتا ہے
مَانْدَر۔ف۔ سوتیلی ماں۔ باپ کی جورو
جسکے پیٹ کا یہ نہو۔
مَاوٰی۔ع۔ جاے بازگشت۔ جاے پناہ
اپنا گھر۔ جگہ پھر کر آنے کی۔
مَاوَرَاے۔ع۔ وہ چیز جو کسی چیز کے
پیچھے ہو۔ سوا۔ علاوہ۔
مَاوَرَاءُ النَّہر۔ع۔ وہ چیز جو دریا اور نہر
کے اُسطرف ہو۔ چونکہ ملک توران ایران سے
دریاے جیحون کے اُس طرف ہے لہذا
ملک توران کو عربی دان ایرانی مَاوَرَاءُالنَّہر
کہتے ہین۔
مَاوَرُالنَّہر۔ع۔ مخفف ماوراءالنہر کا۔
مَاؤُف۔ع۔ بروزن مقول۔ آفت رسیدہ
دکھ پہونچا ہوا۔
مَاوَّل۔ع۔ بروزن مقرّر۔ تاویل کیا گیا
یعنی وہ کلام جو ظاہری معنون سے طرف
غیر ظاہری معنون کے پھیرا گیا ہو۔
مَاہَانَہ۔ف۔ ماہواری۔
مَاہتَاب۔ف۔ چاند۔ چاندنی یعنی چاند
کی روشنی اور عکس جو زمین پر پڑتا ہو۔
مَاہتَاب بگز پیمودن ف۔ چاندنی کو گز
سے ناپنا چونکہ یہ بات غیر ممکن ہے لہذا
کنایہ ہے امر محال کے کرنے اور حرکت
لغو اور بیفائدہ سے۔
ماہتابی۔ف۔ وہ چبوترہ جو مکان کے
صحن اور باغ وغیرہ مین بناتے اور اُسپر
بیٹھکر چاند کی سیر دیکھتے ہین۔
ماہج۔ع۔ بالکل پتلا دودھ۔
ماہ جلالی۔ف۔ کنایہ ماہ شمسی سے جو
منسوب ہے طرف تاریخ جلال الدین ملک
شاہ سلجوقی کے۔ اور بعضے ماہ جلالی مراد
لیتے ہین ماہ فروردین سے اسلیے کہ آفتاب کو
اس مہینے مین شرف ہوتا ہے۔ اور دوسرے
دفتر ابوالفضل کی ابتدا مین ماہ
جلالی منسوب ہے طرف تاریخ جلال الدین
محمد اکبر بادشاہ کے اور اُسکو ماہ آلہی بھی
کہتے ہین اور ابتدا اس مہینہ کی تحویل
آفتاب سے ہے ایک برج سے دوسرے
برج مین۔
ماہچہ۔ف۔ مانند چاند کے ایک شکل
چاندی یا سونے وغیرہ کی گول بناکر علم پر
یا فوج کے جھنڈے پر لگاتے ہین۔
ماہ درعقرب ف۔ ہونا چاند کا برج
عقرب مین اور اُسوقت مین نیک کام
کرنا منع ہے۔
ماہر۔ع۔ کسی کام مین بڑا اُستاد۔
ماہرو۔ف۔ معشوق۔ چاند کے مانند چہرہ

ماہِ کنعان ف - کنایہ یوسفؑ سے -
ماہ ماہ گفتن - ف - ولایت مین عورتین بچون کے منھ دھلاتے وقت جب وہ روتے ہین تو آسمان کیطرف اشارہ کرکے ماہ ماہ کہتی ہین تاکہ اس بہانہ سے بچے ادھر متوجہ ہوکر رودین نہین -
ماہ مقنع - ف } وہ چاند ہے جس کو حکیم
ماہ نخشب - ف } ابن عطا نے جو بنام ابن مقنع مشہور ہے چند اجزا کو مثل پارے وغیرہ کے ملاکر شعبدہ کے طور پر بنایا تھا - یہ چاند دو مہینے تک ہر رات کو ایک کنوئین سے جو کوہ سیام کے نیچے واقع تھا نکلتا تھا اور بارہ میل تک اسکا نور پہونچتا تھا نخشب ایک شہر ہے ملک ماوراءُالنہر مین - اور وہ کنوان نخشب سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے - مقنع اصل مین اس حکیم کے دادا کا نام تھا - اور بعضے کہتے ہین کہ اس حکیم کا نام عطا تھا اور اسکی کنیت ابن مقنع تھی اسلیے کہ مقنع اسکے باپ کا نام تھا -
ماہن - ع - خادم - خدمتگار -
ماہوار - ف - ہر مہینے - مہینے مہینے -
ماہور - ف - موسیقی کے ایک راگ کا نام ہے
ماہِ ورق - ف - مراد آسمان سے -
ماہہ - ف - برمہ جس سے لکڑی وغیرہ مین سوراخ کرتے ہین - اور بمعنی ماشہ جو آٹھ رتی کا وزن ہوتا ہے -
ماہی - ف - مچھلی - اور کبھی مراد اُس مچھلی سے بھی ہوتی ہے جو زمین کے نیچے ہے -
ماہیانہ - ف - مہینے کا - ماہواری -
ماہیت - ع - اصل اسکی (ماہی) ہے لفظی معنی اسکے (کیا ہے یہ) اُسپر (تا) بڑھاکر مصدر بنالیا ہے - یہ مصدر جعلی ہے - اہل منطق وحکمت کا بنایا ہوا - اب بمعنی کسی چیز کی حقیقت کے مستعمل ہے -
ماہیچہ - ف - یاے معروف سے میدہ کی سوئیان جنکو دودھ اور شکر کے ساتھ کھاتے ہین - عربی اسکی اطریہ ہے -
ماہِ یمانی - ف - سرور کائنات صلعم کے روے اقدس سے مراد ہے -
مائت - ع - مرنے والا -
مایحتاج - ع - وہ شے جسکی طرف انسانکو حاجت پڑتی ہے -
مائدہ - ع - خوان بھرا ہوا کھانے اور نعمت سے - دسترخوان جسپر کھانا چنا ہو -
مائدۂ مسیح - ف - ایک خوان پر از طعام حضرت عیسیٰ کی دعا سے آپ پر بوساطت ابر مدتون ہر روز آسمان سے اُترا کیا - اُسمین بے کانٹے کی ایک مچھلی تلی ہوئی تھی جس سے گھی ٹپکتا تھا - اور مچھلی کے سر کے پاس نمک اور دُم کے نزدیک سرکہ رکھا ہوتا تھا - اور پانچ روٹیان ہوتی تھین ایک پر روغن زیتون دوسری پر شہد تیسری پر گھی چوتھی پر پنیر پانچوین پر بھنا ہوا گوشت اور ان سبکے گرد انواع واقسام کی ترکاریان عمدہ چنی ہوتی تھین - حکم خدا تھا کہ محتاج اس مین سے کھائین - جب دولتمند کھانے لگے تب رفتہ رفتہ کرکے اُترنا موقوف ہوگیا -
مائع - ع - رقیق اور پتلی شے جیسے پانی تیل - سرکہ - شہد وغیرہ -
مایعرف - ع - کنایہ ہے گھر کے اسباب سے اور وہ چیز جو کسی کے قبضہ مین ہو -
مایقرأ - ع - ایسا لکھا ہوا جس کو آدمی پڑھ سکے -
مائل - ع - متوجہ - میل کرنیوالا - خواہش کرنیوالا - شائق - جھکا ہوا -
مائن - ع - دروغگو - جھوٹا -
مائین - ع - صدہا - سیکڑون - یہ بھی جمع مائۃ کی ہے بحذف تاے فوقانی -
مایوس - ع - ناامید - بےآس - وہ چیز جسکے پانے کی اُمید قطع ہوگئی ہو - اگرچہ یہ لغت کلام عرب مین نہین آیا ہے مگر فارسی مین بہت مستعمل ہے - مستعمل عرب آئس ہے -
مایہ - ف - پونجی - اصل - مادہ - مقدار

قدرت- سامان- بنیاد- اور بمعنی مادہ جو ضد نر کی ہے- نام اُس گاے کا جو فریدون کو عالم بیکسی مین بحکم خدا دودھ پلا جاتی تھی- اور مراد اعمال سے بھی-

مَابِی -ع- منسوب طرف ما بمعنی پانی کے یعنے آبی اور مخفف ماوراءالنہر کا بھی یعنی ملک ماوراءالنہر کا رہنے والا-

فصل میم مع باے موحدہ

مَبَا- ف- مخفف مباد کا- مت ہوجیو-

مَبَات -ع- کسی جگہ رات کاٹنی- وہ جگہ جہان رات گزاری جائے-

مُبَاح -ع- جائز رکھا گیا- حلال کیا گیا-

مُبَاحثہ -ع- باہم بحث کرنا-

مَبَاد - ف- مت ہوجیو- یہ کلمہ بددعا کا ہے- بضم اول غلط ہے-

مَبَادا - ف- خدا نہ کرے کہ یون ہو-

مُبَادات -ع- ظاہر کرنا-

مُبَادِر -ع- جلدی کرنے والا- پیشی اور سبقت لیجانیوالا-

مُبَادرت -ع- شتابی کرنا- پیشی لیجانا دلیری کسی کام مین کرنا-

مُبَادلہ -ع- بدلہ کرنا- باہم بدل کرنا-

مُبَادی -ع- صیغہ اسم فاعل کا ہے بمعنی ظاہر اور آشکارا کرنیوالا-

مَبَادِی -ع- جمع مبدء کی جو صیغہ اسم ظرف بمعنی جگہ ظاہر ہونیکے ہے- مجازاً ابتدا کی باتین جو شروع مین سکھائی جائین-

مَبَادِی عالیہ -ع- فرشتے اور عقول عشرہ

مُبَارَا -ع- اصل مین مبارات تھا بمعنی بیزاری زوجہ اور شوہر کی آپسمین-

مُبَارِز -ع- کسی کے مقابلہ پر جنگ کے لیے نکلنے والا- سپاہی لڑنیوالا-

مُبَارزت -ع- جنگ- لڑائی-

مُبَارَک -ع- برکت کیا گیا- بزرگ کیا گیا خجستہ- ہمایون- خوب-

مُبَاسطت -ع- پھیلانا- کسی کے ساتھ کشادگی اور فراخی کا برتاؤ کرنا اور یہ کنایہ دوستی اور محبت سے ہے-

مُبَاسَلت -ع- شجاعت- جوانمردی-

مُبَاشِر -ع- کسی کام کا آپ اپنی خوشی سے کرنے والا- جماع کرنیوالا-

مُبَاشرت -ع- آپ کسی کام مین گھسنا عورت سے جماع کرنا-

مُبَاعَدت -ع- دوری- مفارقت-

مَبَاقِل -ع- ترکاری کے کھیت جہان لہسن پیاز ساگ پات چُکین شلغم وغیرہ بوئے ہون- مفرد اسکا مَبْقَلہ ہے-

مَبَال -ع- پیشاب کرنیکا مقام مراد اُس سے فرج عورت کی اور ذکر مرد کا-

مُبَالا -ع- مخفف مُبَالات کا-

مُبَالات -ع- ڈر رکھنا- خوف رکھنا- اندیشہ کرنا- فکر کرنا-

مُبَالغہ -ع- کسی کام مین سخت کوشش کرنا اور اصطلاح مین کسی کی تعریف یا ہجو اسطرح بیان کرنا جو محال معلوم ہو- اور اسکی تین قسمین ہین اسطرح-

مُبَالغہ اغراق -ع- وہ مبالغہ جو عقل کے نزدیک ممکن ہو مگر بحسب عادت ناممکن ہو-

مُبَالغہ تبلیغ -ع- وہ مبالغہ جو بحسب عقل اور عادت کے ممکن ہو-

مُبَالغہ غُلو -ع- وہ مبالغہ جو بحسب عقل اور عادت دونون کے ناممکن ہو-

مَبَانِی -ع- جمع مَبْنیٰ بمعنی جاے بنا کی- بنیادین- اور کبھی بمعنی مضامین کے بھی آتا ہے اور کبھی کنایہ اعضا اور اندام سے بھی ہوتا ہے-

مُبَاہات -ع- فخر کرنا- ناز کرنا-

مُبَاہجت -ع- باہم فخر کرنا نکوئی اور حسن مین- باہم خوش ہونا-

مُبَاہلہ -ع- ایک دوسرے کو نفرین کرنا ایک دوسرے کے حق مین دعاے بد کرنا-

مُبَاہی -ع- ناز کرنیوالا- فخر کرنیوالا

مُبَایعت -ع- بیعت کرنا- تابع کرنا-

مُبَاینت -ع- جدا ہونا- ایک دوسرے سے علحدہ ہونا- دوری- جدائی-

مُبُت - ع - ننگ - عار - شرم -
مُبْتَدَا - ع - شروع - اول جزو جملۂ اسمیہ کا -
مُبْتَدِع - ع - بدعت کرنیوالا - بدعتی -
مُبْتَدِی - ع - شروع کرنیوالا - ابتدا اور آغاز کرنیوالا -
مُبْتَذَل - ع - ذلیل - خوار - بیقدر -
مُبْتَر - ع - دم کٹا ہوا - بے اولاد - خراب - اور بمعنی دشمن کے بھی آیا ہے -
مُبْتَسِم - ع - کھلنے والا - ہنسنے والا -
مُبْتَغَا - ع - } چاہا گیا - خواہش کیا گیا -
مُبْتَغیٰ - ع - } اُمّید - آرزو -
مُبْتَغَیات - ع - امیدین - آرزوئین
مُبْتَلَا - ع - آزمایا گیا - بلا مین پھنسا ہوا گرفتار بلا و رنج مین -
مُبْتَلِی - ع - آزمانیوالا - امتحان لینے والا
مُبْتَنِی - ع - بنا کرنیوالا - بنا ہونیوالا -
مُبْتَنیٰ - ع - بنا کیا گیا - بنیاد ڈالا گیا -
مُبْتَہِج ع - شادان - خوش -
مَبْثُوثَہ - ع - پراگندہ - پریشان -
مَبْحَث - ع - جاے بحث - مقام بحث -
مُبْخِر - ع - بھاپ اُٹھانیوالی شئے -
مُبَخَّل - ع - بخیلی - بخل سے نسبت کیا جانا
مُبَدْرِق - ع - رہبر -
مُبْدِع - ع - آپ کسی چیز کا اپنے دلسے پیدا کرنیوالا - بے مادہ بنانیوالا -

مُبَدَّل - ع - بدلا ہوا - بدلا گیا -
مَبْدَء - ع - صیغہ اسم ظرف کا ہے ثلاثی مجرد سے - مقام آغاز کرنے کا جگہ آشکارا اور ظاہر ہونیکی -
مُبْدِء - ع - صیغہ اسم فاعل کا باب افعال سے شروع کرنے والا - ظاہر کرنے والا - پیدا کرنیوالا -
مُبْدَء - ع - صیغہ اسم ظرف کا باب افعال سے مقام شروع کرنیکا - جگہ ظاہر کرنیکی - واضح ہو کہ اس لفظ سے جو تین طرح پر مذکور ہوا کبھی ذات حقتعالی کی مراد ہوتی ہے - اور بصورت ظرفیت کے بمعنی مطلع غزل و قصیدہ بھی آتا ہے -
مُبْدِءِ فَیّاض - ع - شروع کرنے والا بڑا فیض رسان - مراد خدا تعالے سے -
مُبَذِّر - ع - اسراف کرنیوالا - بیہودہ اور بیموقع خرچ کرنیوالا فضول خرچ -
مَبْذُول - ع - خرچ کیا گیا - قبول کیا ہوا بخشی ہوئی چیز -
مُبَرَّا - بیزار شدہ - دور شدہ - بیزار - پاک کیا گیا -
مُبَرَّات - ع - ہر چیز مؤنث جو پاک کی گئی ہو -
مُبَرِّد - ع - سردی دینے والا - سرد کرنیوالا
مُبَرَّد - ع - نام ایک عالم علم نحو کا - سرد اور ٹھنڈا کیا گیا -

مِبْرَد - ع - سوہان یعنی سوہن جس سے لوہا وغیرہ رگڑتے ہین -
مُبَرِّدات - ع سرد کرنیوالی چیزین - وہ دوائین سرد جو مزاج سردی کا بخشین -
مُبَرِّدَہ - ع - سردی بخشنے والی اور سرد کرنیوالی چیز -
مَبْرَز - ع - مقعد - پاخانہ - نکلنے کی راہ -
مُبَرَّز - ع - ظاہر - روشن - بزرگ - نامور
مُبَرْقَع - ع - نام ایک نغمہ کا موسیقی مین -
مُبْرَم - ع - محکم - استوار -
مَبْرُور - ع - نیکی کیا گیا - پاک -
مُبَرْہَن - ع - دلیلون سے ثابت کی ہوئی شئے - بہت ظاہر اور روشن -
مَبْسُوط - ع - پھیلا ہوا فراخ کشادہ کیا گیا - نام ایک کتاب کا فقہ مین -
مَبْسُوطَہ - ع - فراخ چیز - کشادہ کی گئی - وہ چیز جو غیر مرکب ہو -
مُبَشِّر - ع - خوشخبری پہونچانیوالا بشارت دینے والا -
مُبَصِّر - ع - بینائی والا - پہچاننے والا -
مِبْضَع - ع - فصد کھولنے کا نشتر -
مِبْطَان - ع - وہ شخص جسکا پیٹ ہمیشہ بڑا رہے زیادہ کھانیکے سبب سے -
مَبْطَخَہ - ع - خربزہ کا کھیت -
مُبْطِل - ع - باطل کرنیوالا -

مَبطُون - ع - وہ شخص جسکو پیٹ کی کوئی بیماری ہو -

مَبعُوث - ع - اُٹھایا گیا - برانگیختہ کیا گیا یعنے پیدا کیا گیا -

مُبَقلَہ - ع - ترکاری کا ایک کھیت جسمین ساگ پیاز لہسن بیگن شلغم وغیرہ بوئے جاتے ہین مَبَاقِل اسکی جمع ہے -

مُبقِی - ع - باقی رکھنے والا کسی چیز کا - قائم اور برپا رکھنے والا -

مُبِلّ - ع - گرانے والا - ترک کرنیوالا - اشکبار - آنسوؤنکا بہانیوالا -

مَبلَغ - ع - جگہ پہونچنے کی - مقام حد نہایت مقدار اور بمعنی اندک یعنی تھوڑے اور بسیار یعنی بہت کے بھی ہے - اور مصدر میمی بھی ہے جو زر نقد کی صفت مین بمعنی اسم مفعول واقع ہوتا ہے -

مُبلَغ - ع - پہونچایا گیا - صیغہ اسم مفعول کا ابلاغ سے بعضون نے لکھا ہے کہ مبلغ بضم اول بھی زر نقد کی صفت مین واقع ہوتا ہے -

مُبَلَّغ - ع - بروزن منقش - پہونچایا گیا -

مُبلِغ - ع - پہونچانیوالا -

مَبنِی - ع - بنا کیا گیا - اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکا حرف آخر ہمیشہ اپنی حالت پر رہے اور باختلاف عوامل متغیر نہو -

مَبنیٰ - ع - جگہہ بنا کی - مقام بنیاد کسی چیز کا

مُبہِج - ع - شادمان - خوش -

مُبَہِّج - ع - خوش اور شاد کرنیوالا -

مُبہَم - ع - پوشیدہ - کار فروبستہ - اور کلام مبہم وہ جو کسی طرح دریافت نہ ہوسکے کہ اسکا کیا مطلب ہے -

مَبہُوت - ع - حیران - بھوچکا -

مُبہِی - ع - بمعنی پیدا کنندۂ قوت باہ تحقیق اسکی لفظ مبہی مین مرقوم ہے -

مَبِیت - ع - کسی جگہ رات گذارنا - شب گذارنے کا مقام -

مَبِیع - ع - شے خریدکی ہوئی چیز بکی ہوئی یہ دونون معنی پر آتا ہے -

مُبِین - ع - ظاہر - آشکارا - ظاہر اور آشکارا کرنیوالا - ظاہر شدہ -

مُبَیِّن - ع - بیان کرنیوالا -

مُبَیَّن - ع - بیان کیا گیا -

مُبہِیَہ - ع - بروزن مصورہ صیغہ ہے اسم فاعل کا - قوت باہ پیدا کرنیوالا -

مُبہِی - ع - بروزن مہیمی منسوب بطرف مُبہِیَۂ بروزن مصور کے حالت نسبت مین حسب قاعدہ تشدید (یا) کا جاتا رہا -

مَبِیش - ف - امالہ مباش کا - مت جھڑک -

فصل میم مع تاے فوقانی

مَتیٰ - ع - کب - کسوقت - جسوقت -

مَتَاب - ع - لوٹ جانا - جاے رجوع -

مُتَابعت - ع - تابعداری - اطاعت

مُتَأثِّر - ع - اثر پذیر - اثر قبول کرنیوالا

مُتَاجَرت - ع - باہم سوداگری کرنا -

مُتَأخِّر - ع - پیچھے آنے والا - وہ شخص جو پیچھے رہ گیا ہو -

مُتَأخِّرِین - ع - پچھلے لوگ - حال کے زمانہ کے لوگ -

مُتَأدِّی - ع - پہونچانیوالا -

مُتَأذِّی - ع - تکلیف پانیوالا - آزردہ ہونیوالا -

مُتَأسِّف - ع - افسوس کرنیوالا -

مَتَاع - ع - پونجی - اسباب سوداگری گھر کا اسباب -

مَتَاعِب - ع - جمع تعب بمعنی رنج اور ماندگی کی - مگر یہ جمع خلاف قیاس ہے

مَتَاعِ رُوے دَست - ف - کم قیمت اور حقیر چیز جو ہاتھ پر لیکر بیچتے پھرین -

مَتَاعِ عِرقی - ف - کنایہ آلہ تناسل سے -

مَتَاعِ غُرُور - ع - دنیا - یہ جہان - اور کنایہ لتۂ حیض سے بھی -

مَتَاعِ کَس نَخر - ف - وہ اسباب جسکو بوجہ ناقص ہونیکے کوئی نہ خرید کرے -

مَتَاعِ کم ارز - ف - کم قیمت اور حقیر شے -

مُتَألَّف - ع - تالیف کیا گیا - مرکب کیا گیا - ملایا گیا -

مُتَألِّم - ع - رنج کشیدہ - رنجیدہ - دکھیا
دردناک - دردمند -

مُتَألِّہین - ع - خدا کی پرستش کرنیوالے
خدا کی عبادت کرنیوالے - وہ حکیم لوگ
جو صاحب اسلام تھے -

مُتَأمِّل - ع - تامل کرنیوالا - بہت غور
اور فکر کرنیوالا -

مَتَانَت - ع - استواری - محکمی -

مُتَأہِّل - ع - جورو لڑکون والا -

مُتَبَادِر - ع - جلد ذہن مین آنیوالا -
جیسے پہچانے والا -

مُتَبَایِن - ع - آپس سے جدا ہونے والا -
ایسے دو مخالف جو ایک دوسرے پر
صادق نہ آسکین -

مُتَبَحِّر - ع - وہ آدمی جسکو بہت بڑا علم ہو
بڑا عالم -

مُتَبَخَّر - ع - بخارات بنایا گیا -

مُتَبَدَّل - ع - بدلا کیا گیا - تبدیل کیا گیا -

مُتَبَرِّک - ع - برکت والا - برکت یافتہ -

مُتَبَسِّم - ع - مسکرانیوالا - اور یعنی شگفتہ
یعنے کھلے ہوے کے بھی مستعمل ہے -

مُتَبَلِّد - ع - کند ذہن - احمق -

مُتَبَنّٰی - ع - فرزند کیا ہوا - فرزندی
مین لیا ہوا - لے پالک لڑکا

مُتَبَنَّاۃ - ع - لے پالک لڑکی -

مَتْبُوع - ع - پیروی کیا گیا - سردار
وہ شخص جسکے لوگ تابع ہون -

مُتَتَابِعَہ - ع - پے در پے آنیوالا - ایک
دوسرے کے پیچھے جانیوالا -

مُتَجَاوِز - ع - حد سے گذرنیوالا -

مُتَجَاہِل - ع - جان بوجھکر جاہل ہونیوالا
اپنے کو انجان بنانے والا -

مُتَجَبِّرَہ - ع - ظالمون کا فرقہ - جماعت
ظلم کرنے والونکی -

مُتَجَسِّس - ع - تلاش کرنے والا -
ڈھونڈھنے والا -

مُتَجَلِّی - ع - روشن - آشکارا -

مُتَحَتِّم - ع - واجب - لازم - یقینی -
واجب ہونیوالا -

مُتَحَتِّمَات - ع - واجب ہونیوالی چیزین
یقینی اور ضرور ہونیوالی باتین -

مُتَّحِد - ع - ملا ہوا - ایک -

مُتَحَرِّک - ع - حرکت کرنیوالا -

مُتَحَصِّن - ع - قلعہ نشین جس نے قلعہ
مین پناہ لی ہو -

مُتَحَظِّی - ع - لذت پانیوالا - بہرہ مند -

مُتْحِف - ع - تحفہ دینے والا -

مُتْحَف - ع - تحفہ دیا گیا -

مُتَحَقَّق - ع - تحقیق کیا گیا - درست -

مُتَحَلِّی - ع - زیور پہننے والا - زیور سے
آراستہ - آراستہ ہونے والا -

مُتَحَمِّل - ع - برداشت کرنیوالا سہنے والا

مُتَحَیِّر - ع - حیران - بھوچک -

مُتَخَاصِم - ع - خصومت کرنیوالا - دشمن
جھگڑالو - دشمنی کرنیوالا -

مُتَخَاصِمَین - ع - مدعی اور مدعا علیہ دو
آدمی جو آپسمین جھگڑا کرین -

مُتَخَاصِمِین - ع - بہت سے لوگ جو باہم
جھگڑا کرین -

مُتَخَصِّص - ع - خصوصیت رکھنے والا -

مُتَخَلِّل - ع - خلل انداز - خلل ڈالنے والا

مُتَخَلْخِل - ع - پولا جو ٹھوس نہو -

مُتَخَیَّل - ع - خیال کیا گیا -

مُتَخَیَّلَہ - ع - خیال کیا گیا - اور خیال کا
مکان یعنے دماغ -

مُتَخَیِّلَہ - ع - نام ایک قوت کا جو دماغ
مین ہوتی ہے - قوت خیال -

مُتَدَارِکَہ - ع - کھوئی ہوئی چیز کا پانیوالا -

مُتَدَاوَل - ع - دست بدست جو چیز

مُتَدَاوَلَہ - ع - پھری ہو - نوبت بنوبت
ہاتھون ہاتھ لی ہوئی شے - مروج -

مُتَدَرِّع - ع - زرہ پوش -

مُتَدَیِّن - ع - دیندار -

مُتَرَادِف - ع - ایک دوسرے کے پیچھے
سوار ہونیوالا - اور وہ دو تین لفظ جو معنی

مین باہم شریک ہون جیسے قلب اور جنان
اور فواد کہ یہ تینون لفظ بمعنی دل کے ہین
پس تینون سے ہر ایک دوسرے کا مترادف
ہوا۔ اور مُتَرَادِف بمعنی پے درپے کے بھی
مستعمل ہوتا ہے۔

مُتَرَاقِی۔ع۔ منتر پڑھنے والا۔

مُتَرَاکِب۔ع۔ باہم بیٹھنے والا۔

مُتَرَاکِم۔ع۔ باہم ملکر بیٹھنے والا۔ اکٹھا اور جمع ہونیوالا۔ انبوہ اور ہجوم کرنیوالا۔

مُتَرَتَّب۔ع۔ دُرست کیا گیا۔

مُتَرجَم۔ع۔ ترجمہ کیا گیا۔ ایک زبان سے دوسری زبان مین بیان کیا گیا۔

مُتَرجِم۔ع۔ ترجمہ کرنے والا۔

مُتَرَدِّد۔ع۔ متفکر۔ فکر کرنے والا۔ اور بمعنی آنے جانیوالا۔

مُتَرَسِّم۔ع۔ لکھنے والا۔ رسم کرنیوالا۔ صاحب رسم۔

مُتَرَسِّل۔ع۔ خط بھیجنے والا۔

مُتَرَشِّش۔ف۔ ڈاڑھی منڈانیوالا۔ اور یہ تصرف فارسیون کا ہے کہ تراشیدن کلمہ فارسی سے بطور عربی کے اشتقاق کیا ہے

مُتَرَشِّح۔ع۔ تراوندہ۔ ٹپکنے والا۔

مُتَرَصِّد۔ع۔ امیدوار۔ امید رکھنے والا۔

مُتَرَقَّب۔ع۔ انتظار کیا گیا۔

مُتَرَقِّب۔ع۔ انتظار کرنیوالا۔ منتظر۔

مُتَرَقِّی۔ع۔ افزون اور زیادہ ہونیوالا ترقی کرنیوالا۔

مُتَرَنِّم۔ع۔ گانے والا۔

مُتَرَنَّم۔ع۔ گایا گیا۔

مَترُوک۔ع۔ چھوڑا گیا۔ ترک کیا گیا۔

مُتَزَائِد۔ع۔ بڑھنے والا۔ افزون اور زائد ہونیوالا۔

مُتَزَلزِل۔ع۔ کانپنے والا۔ ہلنے والا۔ ڈگمگانیوالا۔

مُتَسَاقِط۔ع۔ باہم نیچے گرانیوالا

مُتَسَاوِی۔ع۔ باہم برابر ہونے والا۔ ایک دوسرے کا برابر۔

مُتَّسِع۔ع۔ فراخ اور کشادہ ہونیوالا۔

مُتَسَلِّط۔ع۔ غالب ہونے والا۔ غلبہ کرنیوالا۔

مُتَسَلَّط۔ع۔ مقرر کیا گیا۔ سزاوار کیا گیا۔ وہ شخص جسپر غلبہ پایا ہو۔

مُتَّسِم۔ع۔ داغ دینے والا۔ مخصوص نشانی کرنیوالا۔

مُتَّسَم۔ع۔ داغ کیا گیا۔ خاص نشان کیا گیا۔

مُتَشَابِہ۔ع۔ ہم شکل۔ ہم شبیہ۔ اور جسکے معنی مین کچھ شبہہ ہو۔

مُتَشَابِہات۔ع۔ قرآن مجید کی وہ آیتین جنکے معنی مخفی اور پوشیدہ ہین۔

مُتَشَاعِر۔ع۔ جو شخص شاعر نہو اور اپنے کو شاعر جتاوے۔

مُتَشَکِّل۔ع۔ شکل اختیار کرنیوالا

مُتَشَکِّی۔ع۔ شک کرنیوالا۔

مُتَصَاعِد۔ع۔ اوپر چڑھنے والا۔

مُتَصَدِّع۔ع۔ دردسر پانیوالا۔ تکلیف اور ایذا پانیوالا۔ واضح ہو کہ کسی کو خطوط مین یہ لکھنا (متصدع خدمت میشوم) یہ غلط ہے بلکہ اس مقام پر صحیح لفظ مصدع ہے جو بمعنی درد سر یعنی تکلیف دینے والے کے ہے۔

مُتَصَدِّی۔ع۔ پیش آنے والا۔ مراد پیشکار اور آگے کا کام کرنیوالے سے ہے۔

مُتَصَرِّف۔ع۔ قابض۔ تصرف کرنیوالا۔

مُتَّصَف۔ع۔ موصوف صفت کیا گیا۔ وہ شخص جسکے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔

مُتَّصِل۔ع۔ پاس۔ قریب۔ ملا ہوا۔ اتصال رکھنے والا۔

مُتَصَوَّر۔ع۔ تصور اور خیال کیا گیا

مُتَضَاد۔ع۔ } آپس مین مخالفت
مُتَضَادَّہ۔ع۔ } کرنیوالا۔ باہم مخالف

مُتَضَایِف۔ع۔ باہمدیگر نسبت رکھنے والا۔

مُتَضَایِق۔ع۔ آپسمین تنگی کرنیوالا۔

مُتَضَرِّر۔ع۔ ضرر پہونچانیوالا۔

مُتَضَرَّر۔ع۔ ضرر پہونچایا گیا۔ وہ شخص جسکو ضرر پہونچا ہو۔

مُتَضَرِّع -ع- زاری کرنیوالا- کنایہ عاجزی کرنے والے سے -

مُتَضَعِّف -ع- بڑا ضعیف ہونیوالا-

مُتَضَمِّن -ع- شامل-

مُتَطَرِّق -ع- راہ پانے والا- راہ پیدا کرنے والا-

مُتَظَلِّم -ع- فریادی- دادخواہ-

مُتَعَارَف -ع- معروف- مشہور- باہم تعارف کیا گیا اور پہچانا گیا-

مُتَعَارِک -ع- کان ملنے والا- گوشمال دینے والا- پھیلنے والا- محو کرنے والا- مٹا دینے والا- حاجت روائی کرنیوالا- کامیاب ہونیوالا- جنگ کرنے والا انبوہ ہونے والا-

مُتَعَاقِب -ع- پیچھے سے آنے والا- ایک دوسرے کے پیچھے دوڑنے والا- کسی کے پیچھے دوڑنے والا-

مُتَعَال -ع- بلند ہونیوالا- بزرگ یعالی بلند- اصل اسکی متعالی تھی -

مُتَعَالِی -ع- بلند ہونیوالا- بزرگ -

مُتَعَبِّد -ع- بڑا عبادت کرنیوالا عبادت کرنے والا تکلف کے ساتھ-

مُتَعَدِّد -ع- شمار کیا گیا- چند-

مُتَعَدِّی -ع- اپنی حد سے بڑھ جانیوالا اور علم صرف ونحو کی اصطلاح مین وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے برخلاف لازم کے کہ معنی اسکے فقط فاعل پر تمام ہوجاتے ہین

مُتَعَذِّب -ع- خوش مزہ- خوشگوار-

مُتَعَذَّبہ -ع- کھانے اور پینے کی چیز جو خوش مزہ اور خوشگوار ہو- عذاب کرنیوالا سزا دینے والا-

مُتَعَذِّر -ع- دشوار- مشکل-

مُتَعَرِّض -ع- پیش آنے والا- اور روکنے والا-

مُتَعَسِّر -ع- دشوار- مشکل-

مُتَعَصِّب -ع- دین کی پچ کرنیوالا- تعصب کرنیوالا-

مُتَعَطِّش -ع- تشنہ- پیاسا-

مُتَعَفِّف -ع- متقی- پارسا-

مُتَعَلِّق -ع- لگاؤ رکھنے والا- تعلق رکھنے والا-

مُتَعَلِّم -ع- تعلیم لینے والا- یعنے شاگرد- طالب علم-

مُتَعَنِّت -ع- خطا اور سہو کسی شخص کی پکڑنیوالا- کسی کا عیب نکالنے والا-

مُتَعَنِّد -ع- عناد رکھنے والا- دشمن- دشمنی رکھنے والا- بدخواہ-

مُتَعَنِّدَان ف- جمع ہے متعند کی-

مُتَعَنِّف -ع- سرزنش کرنیوالا درشت خوئی کرنیوالا-

مُتَعَوِّب -ع- رنجیدہ- رنج کشیدہ-

مُتَعَوِّد -ع- خوگر- عادت کرنیوالا-

مُتَعَهِّد -ع- ذمہ دار- کام مین مشغول-

مُتَعَیَّن -ع- مقرر کیا ہوا تعین کیا گیا-

مُتَغَیَّر -ع- تغیر کیا گیا- بدلا ہوا-

مُتَفَاوَت -ع- فرق کیا گیا- اور تفاوت کیا گیا-

مُتَفَاوِل -ع- فال لینے والا- یہ لفظ واو سے لکھنا غلط ہے صحیح متفائل ہے -

مُتَفَائِل -ع- ہمزہ سے لکھنا اور پڑھنا صحیح ہے- فال گیرندہ فال لینے والا-

مُتَفَتِّش -ع- ڈھونڈھنے والا-

مُتَفَحِّص -ع- تلاش کرنیوالا-

مُتَفَرَّج -ع- سیر اور تماشا کی جگہ-

مُتَفَرِّع -ع- کسی چیز سے مثل شاخ کے باہر نکلنے والا- شاخ ہونیوالا-

مُتَفَرِّق -ع- علحدہ- جدا-

مُتَّفِق -ع- ملا ہوا- اتفاق کرنیوالا-

مُتَفَکِّر -ع- فکرمند- جسکو فکر ہو-

مُتَقَاضِی -ع- تقاضا کرنیوالا-

مُتَقَاعِد -ع- پست ہونیوالا- سستی کرنے والا-

مُتَقَدِّم -ع- پیش ہونیوالا- اور آگے بڑھنے والا-

مُتْقَن -ع- استوار- محکم-

مُتقنہ - ع - استوار - حکم - مضبوط -
مُتکا - ع - تکیہ گاہ - تکیہ لگانے کی جگہہ -
مُتکاے رسیانی - ف - سوت یا اُون کی بٹی ہوئی رسّی ہوتی ہے جس سے درویش لوگ بروقت مراقبہ کے کمر اور زانو ون کو باندھ لیتے ہین اور اُسکو کمند وحدت بھی کہتے ہین - ہندی سیلی -
مُتکاثف - ع - گاڑھا - موٹا - دلدار -
مُتکبّر - ع - مغرور - تکبر کرنے والا -
مُتکسّر - ع - شکستہ ہونے والا - اور ٹوٹنے والا -
مُتکفّل - ع - ضامن - کفیل - ذمہ دار
مُتکلّف - ع - تکلیف کرنیوالا -
مُتکلّم - ع - بولنے والا -
مُتکلّمین - ع - صاحبان علم کلام - اور علم کلام وہ علم ہے جسمین علم منقول کے مقدمون کو عقلی دلیلون سے ثابت کرتے ہین -
مُتکوّن - ع - ہست اور موجود ہونیوالا
مُتکی - ع - تکیہ کرنیوالا -
مُتلاشی - ع - پریشان - معدوم - خراب ماخوذ لاشئی سے - اور بمعنی تلاش کرنیوالے کے محض غلط ہے اسلیے کہ تلاش بمعنی جستجو لفظ ترکی ہے - اور اس معنی مین فقط (تلاشی) صحیح ہے -

مُتلاطم - ع - آپسمین لطمہ یعنے طمانچہ مارنیوالا - اور یہ لفظ اکثر دریا سے شدید الموج کی صفت مین واقع ہوتا ہے - یعنے مَوّاج - موج زن -
مُتلالی - ع - تابان - روشن -
مُتلبّس - ع - لباس پہننے والا - پنہان ہونیوالا - پوشیدہ -
مُتلذّذ - ع - لذّت اُٹھانے والا -
مُتلطّخ - ع - آلودہ - لتھڑنے والا -
مُتلف - ع - تلف کرنے والا خراب وضایع کرنیوالا -
مُتلقّی - ع - ملاقات کرنے والا -
مُتلقّیٰ - ع - ملاقات کیا گیا -
مُتلوّن - ع - رنگ برنگ ہونیوالا -
مُتلہّف - ع - افسوس کرنے والا - اندوہگین غمگین -
مُتمادی - ع - دراز -
مُتماثل - ع - مشابہ - مانند - اورایک دوسرےکیا مانند ہونیوالا -
مُتمائل - ع - میل اور خواہش کرنیوالا - خم اور کج ہونیوالا -
مُتمتّع - ع - برخوردار - فائدہ اورنفع اُٹھانے والا -
مُتمثّل - ع - ہم مثل - ہم مانند -
مُتمرّد - ع - سرکش - نافرمان -

مُتمزّق - ع - ٹکڑے ٹکڑے ہونیوالا -
مُتمشّی - ع - جاری ہونے والا - روان ہونے والا - چلنے والا -
مُتمکّن - ع - مکان لینے والا - مقام کرنیوالا - جگہہ پکڑنے والا - رہنے والا - اور اصطلاح مین وہ اسم جس کے آخر مین بہ اختلاف عوامل مختلف اعراب پیدا ہو جایا کرین -
مُتمّم - ع - تمام کرنے والا - اور کامل کرنے والا -
مُتمّمات - ع - جمع متمم بمعنی تمام اور کامل کرنیوالے کی -
مُتمنّی - ع - تمنا کرنے والا - اور آرزو رکھنے والا -
مُتمنّیٰ - ع - آرزو کیا گیا -
مُتمنّیات - ع - آرزو اور اُمید کی ہوئی چیزین - جمع متمنّیٰ کی -
مُتموّج - ع - موج مارنیوالا - تموّج کرنے والا - لہرین مارنیوالا -
مَتن - ع - پشت - پیٹھ - استوار - محکم - مضبوط - سخت جاے بلند مجازاً وہ اصل کتاب جو شرح کرنے کے قابل ہو - اور ان معنون مین تاے فوقانیکے فتحہ سے پڑھنا غلط ہے -
مُتناہی - ع - انتہا کو پہونچنے والا -

مُتناہیہ - ع - کسی چیز کی انتہا اور آخر کو پہونچنے والا -

مُتنبہ - ع - واقف - آگاہ - خبردار -

مُتنعم - ع - ناز و نعمت میں گذران کرنیوالا - چین میں رہنے والا -

مُتنفر - ع - نفرت کرنے والا - وحشت کرکے بھاگنے والا -

مُتنوع - ع - } نوع نوع اور طرح طرح
مُتنوعہ - ع - } اور قسم قسم کا ہونیوالا

مُتواتر - ع - پے در پے آنیوالا -

مُتواری - ع - پوشیدہ ہونے والا چھپنے والا -

مُتوازی - ع - باہم برابر ہونے والا -

مُتواضع - ع - فروتن - عاجزی اور خاکساری کرنے والا - ذلت کا اختیار کرنے والا -

مُتوافر - ع - زیادہ ہونے والا - اور زیادتی اختیار کرنے والا -

مُتوالی - ع - پے در پے آنے والا - پیاپے ہونے والا -

مُتوج - ع - تاج دیا گیا جسکے سر پر تاج رکھا گیا ہو -

مُتوجہ - ع - توجہ کرنیوالا - دھیان اور خیال کرنیوالا -

مُتوحش - ع - وحشت اختیار کرنیوالا -

مُتورع - ع - پارسائی اختیار کرنیوالا پارسا - پرہیزگار -

مُتوزع - ع - پراگندہ - پریشان -

مُتوسل - ع - وسیلہ ڈھونڈھنے والا -

مُتوصل - ع - وصل اختیار کرنیوالا -

مُتوطن - ع - رہنے والا - باشندہ -

مُتوفی - ع - وفات پایا ہوا - اور مُوا ہوا - مردہ -

مُتوقع - ع - امید رکھنے والا - توقع رکھنے والا - امیدوار -

مُتوقف - ع - دیر کرنے والا -

مُتوکل - ع - خدا پر بھروسا کرنیوالا -

مُتولد - ع - پیدا ہونے والا -

مُتولی - ع - کام پر رہنے والا - دوستی رکھنے والا - برسرکار رہنے والا -

مُتوہم - ع - وہم کرنے والا -

مُتوہم - ع - وہم کیا گیا -

متہ - ف - بڑھیوں کا برما جس سے سوراخ کرتے ہیں - اور تاے فوقانی کے تشدید سے بھی آیا ہے -

مُتہاون - ع - سستی کرنیوالا - خوار حقیر - سست -

مُتہم - ع - جسپر تہمت لگائی جاوے -

مُتیم - ع - خوار - ذلیل - دردمند -

مُتیمنات - ع - برکت والی چیزیں -

مَتین - ع - اُستوار محکم - مضبوط اور نام ہے حضرت رسول اللہ صلعم کے مبارک ناموں میں سے -

فصل میم مع ثاے مثلثہ

مَثابت - ع - } یہ لفظ واسطے تشبیہ کے
مَثابہ - ع - } آتا ہے بمعنی مانند مشابہ

مُثاب - ع - ثواب دیا گیا - بدلہ دیا گیا -

مَثاب - ع - جگہ پھر کر آنے کی - جگہ انبوہ پانی اور آدمیوں کی -

مِثال - ع - شبیہ - نظیر - مانند - تصویر - حکمنامہ قاضی کا - بادشاہی فرمان - پروانہ مطلق حکم -

مَثالب - ع - زبونیاں - برائیاں -

مَثالث - ع - تین چیزیں - اور کبھی کنایہ گویوں کے سازسے بھی ہوتا

مِثالہ - ع - فرمان [illegible]

مَثانہ - ع - پُھکنا - دو تھیلی جسمیں پیشاب رہتا ہے اور یہ پیٹ میں ہوتی ہے -

مَثانی - ع - سورۂ فاتحہ - اور کبھی مراد تمام قرآن شریف سے - اور جمع مثنی بمعنے دو دو کی بھی ہے -

مُثبَت - ع - لکھا گیا - ثابت کیا گیا -

مُثبّت - ع - برقرار رکھا گیا -

مِثقال - ع - ساڑھے چار ماشہ کے وزن کو کہتے ہیں ۴½

مِثقَب - ع - یہ صیغہ اسم آلہ کا ہے یعنی
برمہ جس سے سوراخ کیا جاتا ہے -
مِثل - ع - مانند واضح ہو کہ مثل اُسکو
کہتے ہین جو سب صفتون مین مساوی ہو
در مثال کے لیے سب صفتون مین برابری
شرط نہین ہے -
مَثَل - ع - مانند - مثال - کہاوت -
وصف حال - داستان - قصہ -
مُثَلَّث - ع - سہ تا - سہ گوشہ تین کیا
گیا - نام ایک خوشبو کا جو مشک اور
صندل اور کافور سے مرکب ہوتی ہے -
ایک قسم ہم شراب کی جو صاف کرتے کرتے سوم
حصہ باقی رہجاتی ہے - اور فقہ کی اصطلاح
مین انگور کا شیرہ جسکے دو حصے آگ پر جوش
دینے سے جلجائین اور ایک حصہ باقی رہجائے
بس پینے والے کے لیے نفع اسکا شراب کے
قریب رہتا ہے - اور اہل لغت کی اصطلاح
مین وہ لفظ جسکے حرف اول کو فتحہ اور کسرہ
اور ضمہ تینون طرح سے پڑھنا صحیح ہو اور
ہر حال مین معنی ایک ہی رہین - جیسے صُفوت
بمعنی برگزیدگی کے - اور کبھی کنایہ کلمۂ
سہ حرفی سے بھی ہوتا ہے جیسے لفظ مہر
اور ماہ - اور دماغ انسان کی تجویف مثلث
ہے - اور نام ایک شکل کا علم تعویذ کی
شکلون سے جسکے خانے ہر طرف سے
تین ہوتے ہین اس طرح - ایک قوم
نصاریٰ کی جو تین خدا کے قائل ہین -
ایک قسم نشست ادب کی یعنی دو زانو
نام ایک سہ گوشہ شکل کا اشکال علم ہندسہ
مین سے اسطرح سے -
مُثَلَّثَاتُ الاَفلَاک - ع - مراد ہے
آسمان کے کل برجون سے اور وہ بارہ
ہین اس تفصیل سے -
مُثَلَّثِ آبی - ف - تین برج آبی ہین -
یعنے سرطان عقرب - حوت -
مُثَلَّثِ آتشی - ف - تین برج آتشی ہین -
یعنے حمل - قوس - اسد -
مُثَلَّثِ بادی - ف - تین برج بادی ہین
یعنے جوزا - میزان - دلو -
مُثَلَّثِ خاکی - ف - تین برج خاکی ہین
یعنے - ثور - سنبلہ - جدی -
مُثَلَّث نشین - ف - دو زانو ادب سے
بیٹھنے والا -
مُثلہ - ع - کان اور ناک کاٹنا - عذاب
کرنا - مگر یہ مصدر بمعنی اسم مفعول کے مستعمل
ہوتا ہے جس طرح خلق بمعنی مخلوق کے
یعنے گوش و بینی بریدہ اور بعضون نے
بمعنی اعضاے بریدہ کے بھی لکھا ہے -
مُثمِر - ع - پھل رکھنے والا - میوہ لانیوالا -
پھل دینے والا - نتیجہ دینے والا -
مُثَمَّن - ع - ہشت پہلو - آٹھ کیا گیا -
اور کبھی کنایہ بہشت سے اسلیے کہ بہشت
بھی آٹھ ہین -
مُثَمَّن روضہ - ع - کنایہ آٹھ بہشت سے
مُثَنّیٰ - ع - دوبارہ کیا گیا - دوم کیا گیا -
مَثنیٰ - ع - دو دو -
مَثنَوِی - ع - منسوب طرف مثنیٰ کے جو
بمعنی دو دو کے ہے - چونکہ مثنوی کی ہر
بیت مین دو قافیہ علیحدہ علیحدہ ہوتے ہین
اسلیے مثنوی نام ہوا -
مثوب - ع - ثواب دیا گیا - بدلہ نیکی
کا دیا گیا - واضح ہو کہ ثواب عبادت
کے عوض کو کہتے ہین جو آخرت مین ملیگا -
مَثُوبات - ع - عوض نیکیون کے - بدلے
بھلائیون کے - یہ جمع مَثُوبَت کی ہے -
مَثُوبَت - ع - جزاے نیکی - بھلائی کا
مَثُوبہ - ع - بدلہ - عبادت کا عوض
جو آخرت مین ملتا ہے -
مَثویٰ - ع - جاے آرام - قرار کی جگہ
مُثیب - ع - عوض نیکی کا دینے والا -
مزاج کے اعتدال پر پھر آنیوالا -
مُثیل - ع - یاے مجہول سے امالہ مثال کا

فصل میم مع جیم عربی و فارسی

مَجّ - ع - کھڑے مونگ جو غلہ مشہور ہے
مُجاب - ع - جواب دیا گیا - قبول کیا گیا

مُجابات - ع - وہ باتین جنکا جواب دیا گیا ہو
مُجادِل - ع - لڑنے والا -
مُجادلہ - ع - جنگ کرنا - لڑنا -
مَجاذِیب - ع - جمع مجذوب کی ہے - خدا کی محبت مین کھنچے ہوے لوگ - آپے سے گذرے ہوے لوگ -
مَجارِی - ع - جمع مجریٰ کی ہے - جگہین جاری ہونے کسی چیز کی - راہین رواں ہونے کسی چیز کی -
مَجاز - ع - راہ جگہ گذرنے کی - اور وہ چیز جو حقیقت نہو - اور وہ کلمہ جو اپنے غیر حقیقی معنی مین مستعمل ہو -
مَجازا - ع - مخفف مجازات کا -
مُجازات - ع - بدلہ دینا نیکی خواہ بدی کا عوض دینا - جزا دینا -
مَجازِی - منسوب طرف مجاز کے یعنے غیر حقیقی -
مُجازِی - ع - بدلہ اور عوض دینے والا -
مُجاعَت - ع - گرسنگی - بھوک -
مَجال - ع - جولانگاہ - میدان - مجازاً بمعنی موقع و حوصلہ و طاقت و قدرت کے مستعمل ہے -
مُجالِس - ع - مصاحب - جلیس - باہم بیٹھنے والا -
مَجالِس - ع - جمع مجلس کی ہے -

مُجالَست - ع - ہمنشینی - باہم صحبت مین بیٹھنا -
مَجالِی - ع - جمع مجلیٰ کی ہے - جگہین جلوہ کی - مراد آئینے -
مَجامِع - ع - جگہین جمع ہونیکی -
مُجامِع - ع - صحبت کرنیوالا - اور جماع عورت سے کرنیوالا -
مُجامَعَت - ع - صحبت کرنا - جماع کرنا -
مُجامَلَت - ع - نیکی کرنا -
مَجّان - ع - ہرزہ - رائگان - مفت -
مُجانَبَت - ع - کسی چیز سے دور رہنا - کسی کام سے یکسو ہونا -
مُجانَسَت - ع - ہمجنسی - ہمقومی -
مَجانِین - ع - دیوانے اور سڑی لوگ یہ جمع مجنون کی ہے -
مُجاوَبَہ - ع - کسی کو جواب دینا -
مُجاوِر - ع - ہمسائگی کرنیوالا - ہمسایہ پڑوسی -
مُجاوَرَت - ع - ہمسایہ پن - پڑوس قرب - نزدیکی -
مُجاوِز - ع - تجاوز کرنے والا - اور درگذر کرنیوالا -
مُجاہِد - ع - کوشش کرنیوالا - خدا کی راہ مین کافرونسے لڑنیوالا -
مُجاہِدِین - ع - جمع مجاہد کی -

مُجاہَدَہ - ع - رنج - مشقت - کوشش کافرونسے جنگ کرنا -
مُجَہِّز - ع - سامان کا درست کرنے والا اسباب کا رکھنے والا -
مَجبُور - ع - وہ عضو جو بعد ہڈی ٹوٹ جانے کے باندھا گیا ہو - وہ شخص جو زبردستی کسی کام پر مقرر کیا گیا ہو - ناچار -
مَجبُول - ع - پیدا کیا گیا - پیدا الشئی کیا گیا -
مُجتاز - ع - چھوڑا گیا - تجاوز کیا گیا -
مُجتَبیٰ - ع - برگزیدہ - پسندیدہ -
مُجتَث - ع - جڑ سے اُکھیڑا ہوا - اور نام ایک بحر کا شعر مین -
مُجتَمِع - ع - جمع کیا گیا -
مُجتَنِب - ع - کسی چیز سے دوری اختیار کرنیوالا - پرہیز کرنیوالا -
مُجتَہِد - ع - کوشش کرنیوالا - راہ نیک پیدا کرنیوالا -
مَجد - ع - بزرگی - بزرگوار ہونا -
مُجِد - ع - کوشش کرنیوالا کسی کام مین -
مُجَدِّد - ع - کسی کام کو نئے سرسے کرنیوالا نیا کرنیوالا کسی کام کا -
مُجَدَّد - ع - نیا پیدا کیا گیا نئے سرسے پیدا کیا گیا -
مُجَدَّر - ع - وہ شخص جسکے چیچک نکلی ہو - وہ شخص جسکے تمام بدن مین آبلے پڑگئے

ہون- مجازاً یعنی منقش کے-
مجدود- ع- صاحب بخت وروزی نصیب ور
نام حکیم سنائی غزنوی کا-
مجذوب- ع- کھینچا گیا- خدا کی محبت
مین کھنچا ہوا- آپے سے گذرا ہوا-
مجذور- ع- حساب کی اصطلاح مین وہ
مضروب جو ضرب سے حاصل ہو جیسے دو
کو دو مین ضرب دیا چار حاصل ہوئے
پس یہ چار مجذور ہوا-
مجذوم- ع- وہ شخص جسکو جذام کی بیماری
ہو- کوڑھی-
مجرا- ع- روان کیا گیا- روان کرنا-
مجرّب- ع- تجربہ کیا گیا- آزمایا ہوا-
مجرِّب- ع- آزمانیوالا-
مجرّد- ع- تنہا- اکیلا- تارکِ دنیا-
مرد بے زن- برہنہ کیا گیا- اور حکیمونکی
اصطلاح مین وہ شے جو مادہ سے پاک
ہو جیسے فرشتہ- روح-
مجرِّد- ع- برہنہ کرنے والا-
مجرّدات- ع- عقول عشرہ- اور بعضون
کے نزدیک ارواح فرشتے-
مجرم- ع- جرم کرنیوالا- گنہگار-
مجروح- ع- زخمی- گھائل-
مجرہ- ع- کہکشان- اور یہ ایک سفید
لکیر ہے باریک باریک ستارونکی جو شمال کے اکثر
راتون کو آسمان پر دکھائی دیتی ہے-
مجری- ع- جگہ جاری ہونے کی- رستہ
روان ہونے کا- اور نام حرکت روی کا
شعر مین-
مجزّا- ع- ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا- اور
جزو جزو علیحدہ کیا گیا-
مجزو- ع- نام ایک بحر کا شعر مین-
مجزوم- ع- قطع کیا گیا- کاٹا گیا-
یقین کیا گیا-
مجس- ع- طبیب کے ہاتھ رکھنے
کی جگہ بیمار کی نبض پر-
مجسطی- ع- نام ایک کتاب کا علم ریاضی
مین دلائل اور اصول اشکال علم ہندسہ
کے بیان مین- مصنف اسکا حکیم بطلیموس
ہے- اور بعضے کہتے ہین کہ مصنف اسکا
حکیم اقلیدس ہے اور یہ جو بالفعل مجسطی
موجود ہے یہ ترجمہ اُس کا ہے جو نصیر الدین
طوسی نے تحریر کیا ہے-
مجسطی کشا- ف- وہ شخص جو کتاب
مجسطی کے مسائل کو حل کرے- بڑا حساب
جاننے والا- بڑا ہندسہ دان-
مجسّم- ع- جسم دار شی جسمین لمبائی
اور چوڑائی اور گہرائی ہو-
مجصّص- ع- پختہ چیز جسپر گچ کی گئی ہو-
مجعّد- ع- گھونگھر والے بال-
مجفّف- ع- خشک کرنیوالا-
مجلّی- ع- صاف- روشن- آشکارا
جلا دیا ہوا-
مجلّی- ع- جلا دینے والا- چمکانے والا
روشن کرنیوالا-
مجلیٰ- ع- جگہ روشن کرنے اور چمکانے
کی- مراد آئینہ-
مجلّد- ع- جلد بندی کیا ہوا-
مجلس- ع- جگہ بیٹھنے کی- مجازاً وہ
مقام جہان لوگ جمع ہون-
مجلَس- ع- بیٹھنا-
مجلس نویس- ف- اخبار نویس- دربار
بادشاہی کا واقعہ نویس-
مچلکا- ت- عہدنامہ جو گنہگارون سے
لکھوایا جاتا ہے-
مجمّد- ع- وہ پتلی شی جو بسبب سردی کے
جم گئی ہو-
مجمر- ع- انگیٹھی جسمین آگ رکھین اور
عود وغیرہ جلادین-
مجمع- ع- مجلس اور جگہ جمع ہونیکی-
مجمع البحرین- ع- وہ مقام جہان دو دریا
جمع ہوئے ہون- نام اُس مقام کا
جہان موسیٰ علیہ السلام نے خضر علیہ السلام
سے ملاقات کی تھی اور اس مقام پر بھی
دریاے روم اور فارس جمع ہوئے ہین-

مُجمَعٌ علیه - ع - وہ چیز جسپر لوگون کا
اجماع اور اتفاق ہو متفق علیہ -
مُجمَل - ع - اکٹھا کیا گیا - وہ چیز یا وہ
آیت جو محتاج تفصیل کی ہو -
مُجمَلات - ع - وے آیات قرآنی
جنکے معنی محتاج تفصیل کے ہین -
مَجمُوع - ع - تمام وکمال - جمع کیا گیا
سب - کلُ -
مِجَن - ع - سپر - ڈھال -
مُجنِح - ع - صاحب بازو -
مُجنَدہ - ع - لشکر جمع کیا گیا - جگہ جمع
ہونے لشکر کی - مجازاً بمعنی پامال اسلیے
کہ لشکر جمع ہونیکی جگہ کو پامالی ضرور ہے -
مَجنُون - ع - پاگل - دیوانہ - سڑی -
لقب قیس کا جو عاشق لیلی تھا -
مَجنَّہ - ع - نام بازار کا قریب مکہ معظمہ کے -
مُجَوِّز - ع - تجویز کرنے والا - روا اور
جائز رکھنے والا کسی کام کا
مُجَوَّز - ع - تجویز کیا گیا - جائز رکھا گیا -
مَجُوس - ع - قوم آتش پرست جو تابع
زردشت کی ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ
وہ لوگ جو چاند اور سورج اور آگ کی
پرستش کرتے ہین - یہ لفظ جمع ہے -
مَجُوسی - ع - یہ مجوس کا واحد ہے -
مُجَوَّف - ع - وہ چیز جو اندر سے خالی یعنی
کھوکھلی ہو -
مُجُون - ع - بیباکی کرنا - شوخی - بیہودگی -
مَجهُود - ع - کوشش کیا گیا -
مجهول - ع - نامعلوم - نادانستہ شدہ
اور وہ فعل جسکا فاعل معلوم نہو -
مجیٔ - ع - آنا -
مُجیب - ع - جواب دینے والا - اور
قبول کرنیوالا -
مجیئت - ع - آنا -
مَجید - ع - بزرگوار - گرامی - بزرگ -
مُجیر - ع - دستگیر - پناہ دینے والا -

فصل میم مع حاے مہملہ

مُحّ - ع - زردی جو مرغی کے انڈے کے
اندر ہوتی ہے -
مُحابا - ع - چھوڑ دینا - مروت - اعانت
مدد نگہداشت - لحاظ - رعایت - یہ اصل
مین محابات تھا - فارسی لوگ تاے فوقانی
کو حذف کرکے اسکا استعمال کرتے ہین -
مُحادثہ - ع - آپسمین بات کرنا - گفتگو -
مُحاوَلت - ع - طلب کرنا - چاہنا -
مُحاذی - ع - مقابل - آمنے سامنے
والا - روبرو ہونیوالا -
مُحاذات - ع - مقابلہ - روبرو ہونا -
برابر ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے -
مُحارِب - ع - لڑنیوالا - جنگ کرنیوالا -
مُحارَبہ - ع - کسی کے ساتھ جنگ اور کارزار
کرنا - لڑائی - جنگ -
مُحارَبات - ع - جمع محاربہ بمعنی جنگ کی -
مَحارِیب - ع - جمع ہے محراب کی -
مُحاسِب - ع - حساب کرنیوالا - حساب
جاننے والا -
مُحاسَبہ - ع - حساب -
مَحاسِن - ع - خوبیان - بھلائیان جمع ہے
حسن کی خلاف قیاس اور بمعنے
مردونکی ڈاڑھی کے -
مُحاصِر - ع - گھیرنیوالا - محاصرہ کرنیوالا -
مُحاصَرہ - ع - چارون طرف سے کسی
کی راہ بند کردینا - گھیر لینا -
مُحاضَرات - ع - معلومات - یاد رکھی
ہوئی باتین - موافق حال کی نقلین - مناسب
مقام کی حکایتین - گذری ہوئی کہانیان
بیان کرنا یعنی علم تواریخ -
مُحاط - ع - احاطہ کیا گیا - گھیرا گیا -
مُحافِظ - ع - نگہبان -
مُحافَظت - ع - نگہبانی -
مَحافِل - ع - جمع محفل کی مجلسین -
مُحافہ - ع - اصل مین یہ لفظ فا کی تشدید
سے صحیح ہے اسلیے کہ یہ صیغہ اسم ظرف کا
ہے باب مُفاعلت سے مگر فارسی لوگ
بغیر تشدید کے پڑھتے ہین معنی اسکے ڈولی
کے

پالکی وغیرہ جسمین عورتین سوار ہوتی ہین
اور کہار اُسکو اُٹھاتے ہین-
مُحَاق -ع- چاند کا گھٹنا اور ابتدا اُسکی
پندرھوین تاریخ سے ہوتی ہے اُور یہی
تین تاریخ اخیر چاند کی جنمین چاند غائب
رہتا ہے یہ لفظ میم کی تینون حرکتون سے آیا ہے-
مُحَاکَا -ع- مخفف محاکات کا ہے -
مُحَاکَات -ع- باہم حکایت کرنا آپسمین
بات چیت کرنا- کہانی کہنا-
مُحَاکَمَات -ع- جمع محاکمہ کی-
مُحَاکَمہ -ع- حاکم کے پاس جھگڑے کے
فیصلہ کے لیے جانا- منصف ہو کر لڑائی
جھگڑے کا تصفیہ کرنا-
مُحَال -ع- انہونی بات جسکا ہونا ممکن
نہو امر غیر ممکن-
مَحَالّ- جمع مَحَل کی- مقامات ضلعے
اُترنیکی جگہین- یہ اصل مین مَحَالِل تھا
لام کو لام مین ادغام کر دیا-
مَحَال -ع- بڑی چرخی- بڑا ڈول-
مِحَال -ع- مکر- حیلہ- مکر کرنا- حیلہ کرنا-
منہہ کا تھم جانا- گھاس کا خشک ہو جانا-
حاکم کے سامنے کسی کی چغلی کھانا-
مُحَالَات -ع- ناممکنات- غیر ممکن چیزین
مُحَامَات -ع- نگاہ رکھنا- کسی سے کسی
برائی کا دفع کرنا- حفاظت کرنا-

مَحَامِد -ع- جمع ہے مَحمَدَت کی- خوبیان
تعریفین- نیک خصلتین-
مَحَامِل -ع- جمع محمل بمعنی ہودج کی-
مُحَامَلَت -ع- باہم بوجھ اُٹھانا-
مُحَاوَرَت -ع- جواب دینا-
مُحَاوَرَات -ع- ہم کلامیان- گفتگوئین-
مُحَاوَرَہ -ع- آپسمین کلام کرنا- ایک
دوسرے کو جواب دینا- گفتگو-
مُحَاوِل -ع- گرداگرد پھرنے والا- حوالہ
کرنے والا-
مُحِب -ع- دوست رکھنے والا- دوستی
کرنیوالا- پیار رکھنے والا-
مُحَبَّت -ع- دوستی- الفت- یہ لفظ
میم کے ضمہ سے غلط ہے اسلیے کہ ثلاثی مجرد
سے مصدر میمی بضم اول مستعمل نہین ہوا ہے
مَحبَرَہ -ع- لکھنے کی دوات مجازًا بمعنے
قلمدان کے بھی آیا ہے-
مَحبَس -ع- قیدخانہ- زندان-
مَحبُوب -ع- پیارا- دوست-
مَحبُوس -ع- قید کیا گیا- قیدی-
مُحتَاج -ع- حاجتمند- غریب- مفلس
مُحتَاط -ع- وہ شخص جو بہت احتیاط
رکھے- احتیاط کیا گیا-
مُحتَال -ع- مکر و حیلہ کرنیوالا مرد-
مُحتَالَہ -ع- مکر و حیلہ کرنیوالی عورت-

مُحتَجِب -ع- پردہ مین ہونے والا
پوشیدہ- پنہان- چھپا ہوا-
مُحتَجِبَات -ع- پردہ نشین عورتین-
مُحتَرِز -ع- پرہیز کرنے والا- اپنے کو
نگاہ رکھنے والا-
مُحتَرِف -ع- ہم پیشہ-
مُحتَرِفَہ -ع- پیشہ ور لوگ- کاریگر لوگ
یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ فرقہ یا جماعت کی
پڑتا ہے اور اطلاق اسکا جمع کے معنی
مین ہوتا ہے-
مُحتَرِق -ع- سوختہ- جلا ہوا-
مُحتَرَم -ع- عزت کیا گیا- حرمت کیا گیا-
مُحتَسِب -ع- شمار کرنے والا- حساب
کرنیوالا- وہ حاکم جو خلاف شرع باتون
کے کرنیکی ممانعت کرے-
مُحتَشَم -ع- صاحب خدم و حشم کا یعنی
جسکے پاس نوکر اور دولت بہت ہو-
مُحتَظ -ع- بہرہ یاب- فائدہ مند
مجازًا بمعنی خوش اور مسرور کے-
مُحتَکِر -ع- وہ غلہ بیچنے والا جو گرانی کی
نیت سے غلہ کو رکھ چھوڑے-
مُحتَمَل -ع- احتمال کیا گیا- گمان کیا گیا-
مُحتَوَم -ع- واجب کیا گیا- حکم کیا گیا-
مُحتَوِی -ع- شامل- گھیرنیوالا-
مُحَجَّل -ع- گھوڑا اسطرح رنگ یا سیاہ رنگ کا

جسکے چارون ہاتھ پانون سفید ہون۔
محجمہ -ع- پچھنہ جسکو سینگی لگا کر مارتے
ہین اور خون نکالتے ہین۔
محجن -ع- چوگان۔
محجوب -ع- پنہان۔ پوشیدہ۔
محجوبہ -ع- عورت پردہ نشین۔
محجور -ع- منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
محدب -ع- کب کیا گیا۔ وہ چیز جو شکل
قبہ کے ہو۔
محدث -ع- حدیث بیان کرنے والا
جاننے والا پیغمبر صلعم کی حدیثونکا راوی
محدث -ع- نیا پیدا کرنے والا۔ نئی
بات نکالنے والا۔
محدث -ع- نیا پیدا کیا گیا۔ اور وہ
شخص جسے بے وضو ہو جائے۔
محدود -ع- حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔
محذور -ع- وہ چیز جس سے ڈر لگے
ڈرونی شے۔
محذوف -ع- حذف کیا گیا۔ گرایا گیا۔
کاٹا گیا۔ وہ گھوڑا جسکی دُم کٹی ہوئی ہو۔
محذی -ع- ایک آلہ ہے جس سے موچی
چمڑا کاٹتے ہین۔ ہندی رانپی۔
محراب -ع- اصلی معنی اسکے اوزار لڑنیکا
اصطلاح مین اُس طاق کو کہتے ہین
جو بشکل کمان مسجد مین اندر کے درجہ مین
بطرف قبلہ بناتے ہین چونکہ وہ ایک آلہ ہے
شیطان کی لڑائی کا اسلیے اسکا نام محراب
رکھا۔ اور بمعنی مکان اور صدر مجلس
کے بھی آیا ہے۔
محرابگاہ -ف- } کنایہ مسجد سے۔
محرابگہ -ف-
محرابی -ف- ایک قسم خمدار تلوار کی۔
اور بمعنی مسجد کے بھی آیا ہے۔
محراک -ع- بہت حرکت کرنے والا۔
بڑا افسوس کرنے والا۔ اور ایک نام ہے
اسرافیل علیہ السلام کے نامون سے۔
محرر -ع- لکھنے والا۔ آزاد کرنیوالا۔
محرر -ع- لکھا گیا۔ آزاد کیا گیا۔
محرص -ع- لالچ اور حرص مین ڈالنے والا
محرص -ع- لالچ اور حرص مین ڈالا گیا۔
محرض -ع- جنگ پر کسی کو آمادہ اور
مستعد کرنیوالا۔ ورغلانے والا۔
محرض -ع- لڑائی اور جنگ پر مستعد
اور آمادہ کیا گیا۔ ورغلایا گیا۔
محرف -ع- سدھائی سے پھیرا گیا یعنی
ترچھا اور کج۔
محرف -ع- سدھائی سے پھیرنے والا۔
ترچھا اور کج کرنیوالا۔
محرق -ع- جلانے والا۔
محرق -ع- جلایا گیا۔
محرقہ -ع- ہر چیز مونث جلانے والی۔
نام ایک قسم کی تپ شدید کا۔
محرک -ع- تحریک کرنے والا۔ حرکت
دینے والا۔
محرم -ع- حرام کیا گیا۔ حرام رکھا گیا۔
نام مسلمانون کے پہلے مہینے کا۔
محرم -ع- وہ شخص جسنے احرام حج کا
باندھا ہو۔ وہ شخص جو حرم کعبہ مین آوے۔
محرم -ع- عورت کا وہ رشتہ دار
قریب جسکے ساتھ اُسکا نکاح حرام ہو۔ اور
مجازاً بمعنی واقف کار کے بھی آتا ہے۔
محرمات -ع- حرام چیزین۔ وے باتین
جنکا کرنا جائز نہو۔
محرمان -ف- جمع فارسی محرم بمعنی واقفکار
کی ہے۔
محرم راز -ف- بھید جاننے والا۔
محرور -ع- حرارت کیا گیا۔ گرم۔ دُبلا۔
لاغر۔ گرم مزاج والا۔
محروس -ع- نگاہ رکھا گیا نگہبانی کیا گیا
محروسہ -ع- نگہبانی کیا گیا۔ اور ممالک
محروسہ کنایہ ہے اپنے ملکون سے اسلیے
کہ انسان اپنی چیزون کی خوب نگہبانی
کرسکتا ہے۔ اور عرف مین ممالک محروسہ
کنایہ ہے بادشاہی ملکون سے۔
محروم -ع- روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔

مُحزُون - ع - غمگین - رنجیدہ -

مُحسِن - ع - نیکی اور احسان کرنیوالا -

مُحسِنات - ع - نیکیاں - خوبیاں - یہ جمع مُحسِنہ کی ہے -

مُحسِنہ - ع - نیک کی گئی شے - اور معنی نیکی اور خوبی کے مستعمل ہے -

مُحسِنین - ع - جمع ہے مُحسِن کی -

مَحسُوب - ع - حساب کیا گیا - شمار کیا گیا -

مَحسُود - ع - حسد کیا گیا - رشک کیا گیا -

مَحسُوس - ع - وہ شی جو معلوم ہو سکے جس سے - جانی ہوئی شی - دریافت کی ہوئی چیز اور معنی آشکارا اور ظاہر کے بھی -

مَحشَر - ع - جگہ اکٹھا ہونے لوگوں کی

مَحشَر - ع - قیامت کے روز

مَحشُو - ع - آگندہ - بھرا ہوا - مملو - فارسی میں بغیر تشدید واو کے بھی آتا ہے -

مَحشُور - ع - قیامت کے دن اُٹھایا گیا -

مَحشُوش - ع - جلا ہوا - آلودہ - مکروہ -

مُحَشّٰی - ع - حاشیہ چڑھایا گیا -

مُحَشّی - ع - حاشیہ چڑھانیوالا -

مُحَصِّل - ع - تحصیل کرنیوالا - بہت بڑا حاصل کرنیوالا -

مُحَصَّل - ع - حاصل کیا گیا -

مَحصَل - ع - جگہ حاصل ہونیکی -

مُحصِن - ع - جورو والا مرد - پرہیزگار

مُحصَنِین - ع - جمع مُحصَن کی -

مُحصَنہ - ع - زن شوہردار - پرہیزگار عورت

مُحصَنات - ع - شوہردار عورتیں - پرہیزگار عورتیں - آزاد عورتیں -

مَحصُود - ع - کھیتی کٹی ہوئی -

مَحصُور - ع - حصر کیا گیا - گھیرا گیا - قیدی -

مَحصُول - ع - حاصل کیا گیا -

مَحض - ع - خالص دودھ - ہر چیز خالص

مَحضَر - ع - نامہ قاضی کا - عدالت کی کچہری - حضور - حاضر ہونا - جگہ حاضر ہونے کی وقت حاضر آنے کا - اور نیک محضر وہ شخص جو کسی کو اسکی پیٹھ پیچھے نیکی سے یاد کرے -

مُحضَرُون - ع - حاضر کیے گئے لوگ - حاضر شدگان -

مَحظُور - ع - منع کیا گیا - حرام کیا گیا -

مَحظُوظ - ع - بہرہ مند - بختور - نصیب ور

مَحفِل - ع - جگہ جمع ہونے آدمیوں کی -

مَحفِل شکستن - ف - کنایہ اُٹھ کھڑے ہونے سے -

مُحفَلِ ناہم رنگ - ف - کنایہ قیامت کے دن سے ہے -

مَحفُوظ - ع - حفاظت کیا گیا -

مَحفُوف - ع - گرداگرد گھیرا گیا -

مِحفَہ - ع - ڈولی جسپر عورتیں سوار ہوتی ہیں اور کہار اسکو اُٹھاتے ہیں -

مَحق - ع - باطل کرنا - پاک کرنا - گھٹنا گھٹانا - دھوپ کا کسی چیز کو جلانا -

مُحِق - ع - حقدار - وہ شخص جسکی طرف حق ہو - اور معنی امر معقول کے بھی -

مُحَقَّر - ع - ذلیل - حقیر -

مُحَقِّق - ع - تحقیق کرنیوالا - وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے - واضح ہو کہ مدقق کا درجہ اس سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ اُسکے معنی ہیں - دلیل کو دلیل سے ثابت کرنیوالا -

مُحَقَّق - ع - تحقیق کیا گیا - اور نام ایک خط کا خوشنویسی میں -

مَحقُوق - ع - راست اور درست کیا گیا -

مِحَک - ع - میم کے کسرہ اور فتحہ دونوں طرح سے درست ہے - نام ایک سیاہ پتھر کا جسپر سونے اور چاندی کی آزمائش کیجاتی ہے - ہندی میں اسکو کسوٹی کہتے ہیں -

مُحکَم - ع - مضبوط - مستعد -

مُحکَمات - ع - قرآن شریف کی وہ آیتیں جنکے معانی صریح اور ظاہر ہیں -

مَحکَمہ - ع - جگہ حکم کرنے قاضی کی - جگہ انصاف کرنیکی - کچہری عدالت کی -

مَحکُوم - ع - حکم کیا گیا - مطیع - تابعدار

مَحکِیَہ - ع - حکایت کی گئی - نقل کی گئی -

مَحَل - ع - جگہ - مکان - منزل - اور مجازاً

بادشاہ یا امیر کا مکان-فارسی مین اکثر یہ لفظ بغیر تشدید لام کے آتا ہے-
محلات -ع-جمع محلہ کی-
محلب ع وہ برتن جس مین دودھ دوہین-نام ایک درخت خوشبودار کا جسکے بیج کو حب المحلب کہتے ہین-
محل نظر -ف-مقام فکر کا-اور کنایہ ہے اعتراض کی جگہ سے-
محلوج -ع-روئی بنولہ سے الگ کی ہوئی دھنکی ہوئی روئی-
محلول -ع-حل کیا ہوا-باریک پیسا گیا
محلہ -ع-جگہ اترنے کی-منزل-وہ مقام جہان بہت لوگ رہین-مجازاً قطعہ شہر کا
محلی -ع-آراستہ-زیور پہنایا گیا-صفت کیا گیا-مجازاً بمعنی جہرہ کے بھی آیا ہے-
محمد -ع-بسیار ستودہ شدہ-بہت تعریف کیا گیا-نام پیغمبر خدا صلعم کا-
محمدت ع-ستایش-تعریف-
محمدی -ع-وہ شخص جو امت محمد صلعم سے ہو
محمل -ع-کجاوہ جو اونٹ پر کستے ہین-ہودج اونٹ کا-محامل اسکی جمع ہے-
محمل -ع-تلوار لٹکانیکا تسمہ-
محمود -ع-تعریف کیا گیا-نام ایک بادشاہ مشہور کا-نام ایک بہت بڑے ہاتھی کا اُن ہاتھیون مین سے جنکو ابرہہ بادشاہ حبش کے صاحب نے واسطے ڈھا دینے کعبہ شریف کے بھیجا تھا-نام ایک بہت بڑے مسخرہ ایرانی کا جو عہد اکبر بادشاہ مین ہندوستان مین آیا تھا
محمودہ -ع-تعریف کی گئی-اور نام ایک دوا تلخ کا جو مسہل صفرا اور بلغم کی ہے اور اسکو سقمونیا بھی کہتے ہین-
محمول -ع-بوجھ لادا ہوا-گمان کیا گیا اور منطق کی اصطلاح مین خبر کو محمول اور مبتدا کو موضوع کہتے ہین-
محموم -ع-وہ شخص جسکو شدت کی تپ ہو-
محن -ع-جمع ہے محنت کی-
محن -ع-آزمانا-
محنت -ع-آزمایش-بلا-دکھ-رنج
محنت سرا -ع-کنایہ دنیا سے-
محو -ع-زائل کرنا-مٹا دینا-حرفون یا نقش وغیرہ کا کاغذ وغیرہ پر سے چھیل ڈالنا-چاند کی سیاہی-اور صوفیون کی اصطلاح مین گم اور نابود ہونا وصاف عادت بشری کا-اور فارسی مین بمعنی عاشق اور دیوانہ کے بھی آتا ہے-
محور -ع-صیغہ اسم آلہ کا ہے کیلی جسپر کمہار کا چاک گھوستا ہے-یا دھری جسپر پہیہ گردش کرتا ہے یا مثل اُسی کے اور علم ریاضی کی اصطلاح مین ایک خط وہمی ہے جسکا ایک سرا قطب شمالی سے اور دوسرا سرا قطب جنوبی سے پیوستہ ہے-
محوطہ -ع- } جگہ احاطہ کرنے کی-جگہ
محوطہ -ع- } جمع کرنے کسی چیز کی-
محول -ع-پھرانے والا-حوالہ اور سپرد کرنے والا-
محول -ع-سپرد کیا گیا-
محی -ع- }
محی -ع- } زندہ کرنے والا-
محیا -ع-زیست-زندگی-
محیا -ع- }
محیی -ع- } انسان وغیرہ کا چہرہ-
محیات -ع-جماعت زندہ کی گئی-
محیص -ع-پھرنا کسی چیز سے-رہائی پانا-خلاص کرنا-رہائی دینا-
محیض -ع-حیض آنا-حالت حیض عورت کی شرمگاہ جس سے حیض آتا ہے-
محیط -ع-احاطہ کرنیوالا-گھیرنیوالا گھیرا-اور گول خط دائرہ کا-سمندر جو تمام زمین کو گھیرے ہوئے ہے-نام کتاب مصنفہ امام محمد کا فقہ مین-
محیل -ع-حیلہ گر-مکار مرد-
محیلہ -ع-مکار عورت-

فصل میم مع خاے معجمہ

مخ -ع-سر کا بھیجا-ہڈی کا گودا-مجازاً خلاصہ ہر چیز کو کہتے ہین-

مُخاتیم - ع - جمع مختوم کی ہے - اور مختوم کے معنی مُہر کیا گیا پس پیمانون کو مخاتیم اسلیے کہتے ہین کہ اُسپر بادشاہی مہر ہوتی ہے -

مُخادِع - ع - مکار اور فریب کرنیوالا -

مُخادَعت - ع - مکر اور فریب کرنا - مکر - فریب - دغا -

مَخادِعات - ع - بہت سے مکر و فریب -

مُخادِیم - ع - جمع مخدوم کی - بزرگ لوگ

مَخاذِیل - ع - جمع مخذول یعنی ذلیل کی -

مَخارِج - ع - جمع مخرج کی - اور مخرج کے معنی جگہ نکلنے کی -

مَخازِن - ع - جمع مخزن کی - خزانے -

مُخاصَمت - ع - } آپسمین دشمنی اور
مُخاصَمہ - ع - } خصومت کرنا -

مُخاض - ع - بچہ جننے کا درد -

مُخاط - ع - آب بینی - ناک کی سنک -

مُخاطِب - ع - سامنے سے بولنے والا روبرو بات کرنیوالا - اور کبھی اس لفظ سے مراد ہوتی ہے غصہ کرنے والا -

مُخاطَب - ع - وہ شخص جس سے بات کیجائے لقب دیا گیا - خطاب دیا گیا - اور کبھی مراد اس شخص سے جسپر غصہ کیا گیا ہو -

مُخاطَبات - ع - آپسمین کلام کرنا - گفتگو کرنا - اور کبھی مراد مراسلات اور مکاتبات اور نامون اور خطون سے ہوتی ہے -

مُخاطَرہ - ع - خطر - اندیشہ - اور وہ بات جو ذہن مین آوے -

مُخاطِی - ع - خطا کرنیوالا - اور ایک قسم بلغم کی جو مثل ناک کے پانی کے پتلا ہوتا ہے

مَخافات - ع - جمع مخافت کی ہے -

مَخافت - ع - خوف - ڈر - خوف کرنا - اور یہ مصدر میمی ہے -

مُخافِت - ع - آہستہ پڑھنے والا -

مُخافَت - ع - آہستہ پڑھا گیا -

مُخافَتت - ع - آہستہ پڑھنا -

مُخالِب - ع - مرغان شکاری مثل باز اور چرہ وغیرہ اور شیر وغیرہ کے چنگل -

مُخالَطت - ع - آپسمین میل جول کرنا - کسی سے دوستی کرنا -

مُخالِف - ع - وہ شخص جو خلاف پر ہو - دشمن - اور نام ایک راگ کا جو پانچ نغمون سے مرکب ہوتا ہے اور بوقت زوال کے گایا جاتا ہے -

مُخالَفت - ع - دشمنی کرنا - خلاف کرنا -

مُخام - ع - خیمہ استادہ کرنیکی جگہ -

مَخاوِف - ع - خوف کی جگہین -

مَخایِل - ع - جمع مخیلہ کی - خیال کی جگہین خیال کے محل - گمان لیجانے کے مقامات علامتین - نشانیان -

مُخبِر - ع - خبر دینے والا - جاسوس - اور کبھی مراد چہرہ انسان سے اسلیے کہ چہرہ باطن کے حالات سے خبر دیتا ہے -

مُخبرِ صادق ع - کنایہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے -

مُخبَّط - ع - درہم آمیختہ - ملا جلا - اور کبھی بمعنی فاسد اور تباہ کے بھی آتا ہے -

مُختار - ع - اختیار کیا گیا -

مُختال - ع - منکر - انکار کرنے والا -

مُختَبِط - ع - کسی شخص سے کسی چیز کا مانگنے والا بغیر وسیلہ اور اگلی جان پہچان کے بسبب شرم کے رات کو سوال کرنے والا -

مُختَرَع - ع - نیا نکالا گیا - اختراع کیا گیا -

مُختَرِع - ع - نئی بات نکالنے والا - اور نیا کام پیدا کرنے والا -

مُختَص - ع - خاص کیا گیا -

مُختَصَر - ع - جو طویل نہو - جو دراز نہو -

مُختَصِم - ع - دشمنی کرنے والا -

مُختَل - ع - خلل پایا گیا - اور فارسی مین بغیر تشدید لام کے مستعمل ہے -

مُختَلِف - ع - اختلاف کرنیوالا -

مُختَلَف - ع - اختلاف کیا گیا - اور وہ لغت جسکے فارسی اور عربی ہونے مین اختلاف ہو -

مُختَتَم - ع - } مہر لگا ہوا - قفل دیا ہوا -
مَختُوم - ع - } بند کیا گیا -

مختون - ع - ختنہ کیا گیا۔
مُخَدِّر - ع - کسی عضو کو سن کر دینے والی چیز۔
بےحس کر دینے والی چیز - پردہ مین بٹھانیوالا۔
مُخَدَّر - ع - سست کیا گیا - سن کیا گیا۔
بےحس کیا گیا - پردہ مین بٹھایا گیا۔
مُخَدَّرہ - ع - پردہ نشین عورت۔
مُخَدَّرات - ع - عورتین پردہ نشین۔
مُخَدِّرات - ع - وہ دوائین جو اعضا کو
سست کر دیتی ہین اور بےخوابی لاتی ہین
یعنی نیند اُچاٹ کر دیتی ہین۔
مَخدُوش - ع - وسوسہ کیا گیا۔
مَخدُوم - ع - خدمت کیا گیا۔
مَخذُول - ع - ذلیل - خوار - ذلیل کیا گیا۔
مِخراق - ع - دُرّہ - جو گنہگار کو مارتے ہین
سزا دینے کے لیے۔
مُخَرِّب - ع - ویران کرنیوالا۔
مَخرَج - ع - جگہ باہر نکلنے کی۔
مُخرِج - ع - باہر نکالنے والا۔
مُخَرِّق - ع - ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا -
پھاڑنیوالا۔
مَخرَقَہ - ع - حیا - شرمندگی - تیرگی۔
مِخرَقَہ - ع - لکڑی کی تلوار جس سے لڑکے
کھیلتے ہین اور بعضون نے بمعنی فقیرون
کی گدڑی کے لکھا ہے۔
مَخرُوش - ع - چھیلا گیا - تراشا گیا۔
اور یہ مشتق ہے خُرش بمعنی خراشیدن سے -
مَخرُوط - خراط کیا گیا - تراشا گیا۔
چھیلا گیا - اور وہ چیز جو بشکل گاجر کے ہو
سرا پتلا پیندا چوڑا۔
مَخرُوطی - ع - وہ چیز جو بشکل گاجر کے ہو
ایک سرا باریک اور دوسرا چوڑا۔
مَخزَن - ع - خزانہ کی جگہ - جمع کرنیکی جگہ
مَخزُون - ع - خزانہ مین رکھی ہوئی چیز۔
مَخزُونات - ع - جمع مخزون کی اور کنایہ
پوشیدگیون اور مخفی ارادون سے۔
مَخصُوص - ع - خاص کیا گیا۔
مُخَضَّب - ع - خضاب کیا گیا - رنگین
کیا گیا - وسمہ باندھا ہوا۔
مَخضُود - ع - درخت پاک اور صاف کیا گیا
کانٹون سے۔
مُخَطَّط - ع - لکیرون والا - وہ شی جس پر
لکیرین اور نقوش ہون - اور وہ معشوق
جسکے خط نکل آیا ہو۔
مَخطُوبہ - ع - وہ عورت جسکے ساتھ نکاح
کی خواستگاری کی گئی ہو۔
مَخطُور - ع - اندیشہ - جو دل مین خیال گذرے
ہلاکت کے قریب کیا گیا۔
مَخطُورات - ع - جمع مخطور کی - فکرین -
اندیشے - وہ چیزین جنکا خیال دل مین گذرے
وہ چیزین جن مین خوف ہو۔
مُخطی - ع - وہ شخص جو ارادہ نیکی کا کرے -
اور اچانک اور بے قصد اس سے خطا سرزد
ہو جائے - اور خاطی وہ شخص جو قصداً اپنے
ارادے سے خطا کرے۔
مُخُفت - ف - صیغہ نہی کا ہے خفتن سے
برخلاف قیاس یعنے مت سو۔
مُخَفَّف - ع - ہلکا کیا گیا۔
مَخفُوض - ع - ٹوٹا ہوا - پست کیا گیا۔
مَخفی - ع - پوشیدہ۔
مُخِل - ع - خلل ڈالنے والا - خلل انداز۔
مِخلات - ع - توبڑہ جسمین دانہ بھر کے
گھوڑے کے منھ پر چڑھا دیتے ہین۔
مُخلاف - ع - بڑا وعدہ خلاف -
مِخلَب - ع - مرغ شکاری کا چنگل -
اور شیر وغیرہ کا پنجہ۔
مُخَلخَل - ع - وہ چیز جسکے اجزا باہم خوب
چسپان اور متصل نہون - پولا۔
مُخَلَّد - ع - ہمیشہ - مدام۔
مُخلِص - ع - اخلاص کرنیوالا - دوست
خالص - سچا دوست۔
مُخَلِّص - ع - خالص کرنے والا - خلاص
کرنیوالا - رہائی دینے والا۔
مُخَلَّص - ع - رہائی پایا گیا - خالص کیا گیا
مَخلَص - ع - جگہ اخلاص کی - اور مصدر
میمی بھی ہے بمعنی رہائی - خلاصی۔

مُخلصِی - ف - رہائی - اسلیے کہ مُخلص مصدر یمی ہے - اور زیادتی یاے مصدری کی بعد مصدر عربی کے فارسیون کے تصرف سے ہے جیسے سلامت سے سلامتی اور فضول سے فضولی -

مُخلّط - ع - ملانیوالا -

مُخلَّط - ع - ملایا گیا -

مُخلَّع - ع - خلعت دیا گیا -

مُخلَّف - ع - پیچھے چھوڑا گیا -

مُخلِف - ع - نو برس سے زیادہ کا اونٹ

مَخلُوط - ع - ملا ہوا - ملا جُلا -

مَخلُوع - ع - نکالا گیا - باہر لایا گیا -

مَخلُوق - ع - پیدا کیا ہوا -

مخلوقات - ع - جمع ہے مخلوق کی دنیا اور جو چیز دنیا مین ہے -

مُخلّٰی - ع - خالی کیا گیا - رہا کیا گیا -

مُخلّی بالطبع - ع - رہا کیا گیا ساتھ طبیعت کے یعنی بلا تکلف - بے اندیشہ -

مُخمَّر - ع - خمیر کیا گیا - گوندھا گیا - تیار ملایا گیا -

مُخمَّس - ع - پانچ گوشہ کیا گیا - ایک قسم نظم کی جسکے پانچ مصرعے ہوتے ہین وہ چیز جسکے پانچ کونے ہون - یا پانچ چیزین جو کسی شی مین شامل ہون - نام ایک قسم کا اصول موسیقی سے جسکو ہندی مین تال کہتے ہین -

مَخمَصہ - ع - شدت کی بھوکھ - وہ جلن جو سینہ اور پیٹ مین بھوکھ کی شدت سے پیدا ہو - مجازاً وہ غم عظیم جس سے اضطراب پیدا ہو جائے -

مُخمَل - ع - نام ایک مشہور کپڑے کا جو ریشمی اور نرم ہوتا ہے -

مُخمَل دوخوابہ - ف - ایک قسم کی مخمل جسکے دونون طرف رونوا ہوتا ہے اور رنگین اور نہایت ملائم ہوتی ہے خواب بمعنی رونوا -

مَخمُور - ع - شراب پیے ہوے متوالا -

مُخَنَّث - ع - ہیجڑا جس کو دستکاریسے نامرد بنا دیا ہو -

مَخنُق - ع - } گلا گھونٹا گیا -
مَخنُوق - ع - }

مَخُوف - ع - ڈرا ہوا - خوفناک -

مُخَوِّف - ع - خوف دلانے والا - ڈرانے اور دھمکانے والا -

مُخَوَّف - ع - ڈرایا گیا -

مُخَیدَرہ - ع - پھسلا ہوا - مجازاً بمعنی خراب -

مُخَیَّر - ع - اختیار دیا گیا -

مُخَیِّر - ع - دوسرے کو اختیار دینے والا - بڑا مرد نیک - بڑا سخی - وہ شخص جو بہت نیکی کرے -

مَخِیض - ع - وہ دہی جسمین سے گھی نکال لیا گیا ہو -

مِخیَط - ع - سوئی - سوزن -

مَخِیط - ع - سی ہوئی چیز -

مُخَیَّل - ع - خیال کیا گیا -

مُخَیِّلہ - ع - محل خیال کا یعنی دماغ -

مُخَیَّلہ - ع - نام ایک قوت کا جسکو خیال بھی کہتے ہین -

مُخَیِّم - ع - } جگہ خیمہ استادہ کرنے کی
مُخَیَّم - ع - } جگہ خیمہ لگانے کی -

فصل المیم مع دال مہملہ

مُدّ - ع - نام ایک پیمانہ کا جو نزدیک اہل عراق کے دو رطل کا ہوتا ہے -

مَدّ - ع - کشش - افزونی - درازی - زیادتی - لمبائی - کسی چیز کی طرف نظر کرنا - دریا کے پانی کا بڑھنا - جس کو ہندی مین جوار کہتے ہین - لمبا خط جو حساب مین لکھتے ہین وہ خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہین - دوات مین سیاہی ڈالنا -

مدّ البصر - ع - نظر پہونچنے کی حد -

مدّ النہار - ع - بلندی دن کی - وقت چاشت کھانے کا -

مَدّاح - ع - تعریف کرنیوالا -

مَداخِل - ع - دخل کی جگہین - اور بمعنی آمدنی زر کے مستعمل ہے - اور مکانون اور گھرونکو بھی کہتے ہین -

مُدَاخلَت - ع - دخل دینا -
مِدَاد - ع - دوات کی سیاہی - سرگین - گوبر - چراغ کا تیل - نمونہ - طریقہ -
مَدَار - ع - جگہ دورہ کی - جگہ گردش کی ستارہ کے دورہ کرنیکی جگہ - اور بمعنی دائرہ اور دورہ اور حلقہ کے بھی آتا ہے مجازاً وہ چیز جسپر کوئی بات ٹھہری ہوئی ہو -
مُدَارا - ع - رعایت کرنا صلح اور آشتی کرنا خاطر و تواضع کرنا - اصل اسکی مدارات ہے - کلام فارسی مین بحذف تا بھی مستعمل ہوتا ہے اور عربی مین تا کے ساتھ -
مُدَارَات - ع - رعایت کرنا صلح اور آشتی کرنا - خاطر و تواضع کرنا -
مَدَارَات - ع - ستارون کی حرکت کے دائرے جو حکما نے کرۂ افلاک پر فرض کیے ہین - جمع مدار کی -
مَدَارُالمَہَام - ع - وہ شخص جس سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہون - وزیر یا فوج کا حاکم یا ذی اختیار کارندہ -
مَدَارِج - ع - راہین - درجے -
مَدَارِس - ع - جمع ہے مدرسہ کی -
مُدَارَسَت - ع - باہم پڑھنا - اور پڑھانا -
مُدَاعَبَت - ع - مزاح اور خوش طبعی اور بازی اور کھیل کرنا -
مُدَافِع - ع - دفع کرنیوالا -

مُدَافعَت - ع - ایک دوسرکو دفع کرنا -
مُدَام - ع - ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا - اور بمعنی شراب کے بھی ہے -
مُدَاوا - ع - یہ لفظ مخفف ہے مداوات کا دارو درمن کرنا - علاج کرنا -
مُدَاوَات - ع - دوا کرنا - علاج کرنا -
مُدَاوَمَت - ع - ہمیشگی - ہمیشگی کرنا -
مُدَاوٰی - ع - صیغہ اسم مفعول کا ہے دوا کیا گیا اور علاج کیا گیا -
مُدَاہِن - ع - سستی کرنے والا -
مُدَاہَنَت - ع - ظاہر کرنا اس چیز کے برخلاف جو کہ دل مین ہو - جھوٹھ بولنا نفاق - چرب زبانی - خوشامد - سستی کرنا -
مَدَائِح - ع - جمع مَدِیحَہ کی - تعریفین -
مَدَائِن - ع - جمع مَدِینَہ بمعنی شہر کی - اور نام ایک شہر کا عراق عرب مین جو تختگاہ نوشیروان بادشاہ کا تھا -
مُدبَر - ع - پیٹھ دیا گیا یعنی وہ شخص جسکو اسکے نصیب اور دولت نے پشت دی ہو یعنی بدنصیب - برگشتہ بخت -
مُدَبِّر - ع - تدبیر کرنیوالا - صاحب تدبیر -
مُدَبَّر - ع - تدبیر کیا گیا - پرورش کیا گیا - وہ غلام جو بعد مرنے آقا کے آزاد ہوجاے -
مُدَبلُبل - ف - بلبل کا نالہ -
مُدَّت - ع - عرصہ - دیر -

مُدَّت عِدَّت - ع - وہ زمانہ جسمین عورت دوسرا شوہر نکر سکے - اور یہ مدت طلاق دی ہوئی عورت کے لیے اگر حمل سے ہو تو وضع حمل ہے اور اگر حمل نہو تو تین حیض یا تین مہینے ہین - اور بیوہ کے لیے چار مہینے اور دس روز ہین یا وضع حمل -
مَدح - ع - ستایش - تعریف -
مِدحَت - ع - تعریف - ستایش -
مَدخَل - ع - دخل کرنا - داخل ہونا اس صورت مین مصدر میمی ہے - اور بمعنی جاے دخل - جگہ دخل کی اس صورت مین اسم ظرف ہے -
مُدخِل - ع - بخیل - کنجوس -
مُدخَل - ع - جگہ دخل کرنے کی اور بمعنی دخل کیا گیا -
مَدخُول - ع - داخل کیا گیا -
مَدخُولَہ - ع - وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو یعنی زن جماع کردہ شدہ -
مَدَد - ع - کمک -
مَدَدگار - ع - ف - مدد کرنیوالا -
مَدَر - ع - کلوخ - ڈھیلا مٹی کا - اور کبھی کنایہ زمین سے بھی ہوتا ہے -
مُدِر - ع - پیشاب جاری کرنیوالی چیز -
مِدرَار - ع - بڑا پانی گرانے والا - ابر بہت برسنے والا - اور بمعنی مینھ کے بھی آتا ہے -

مُدَرِّس۔ع۔ پڑھانے والا۔ اور درس دینے والا۔

مَدَارِس۔ع۔ جمع مَدرَسہ کی۔

مَدرَسہ۔ع۔ جگہ پڑھنے اور پڑھانے کی۔

مُدرِک۔ع۔ سمجھنے والا۔ بات کو خوب پہونچنے والا۔ دریافت کرنیوالا۔

مُدرَک۔ع۔ سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔

مُدرَکات۔ع۔ عقلین۔ دانشین۔

مُدرِکہ۔ع۔ وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کرسکے یعنے عقل اور ذھن۔

مُدرُوس۔ع۔ وہ چیز جو پرانی ہوگئی ہو۔ وہ شئ جو غائب اور ناپدید ہوگئی ہو۔ وہ چیز جو بڑھی گئی ہو۔ اور بمعنی بے رونق۔

مُدَّعا۔ع۔ کنایہ مطلب اور آرزو سے۔

مِدعَم۔ع۔ نام غلام آنحضرت صلعم کا۔

مُدَّعیٰ۔ع۔ دعوی کیا گیا۔ آرزو کیا گیا۔

مُدَّعی۔ع۔ دعوی کرنیوالا۔

مُدَّعِیَات۔ع۔ جمع مُدَّعیٰ کی۔ خواہشین۔ آرزوئین۔

مُدَّعَاعَلَیہ۔ع۔ جسپر دعوی کیا گیا ہو۔

مُدغَم۔ع۔ وہ حرف جو اپنے ہمجنس حرف مین ادغام کیا گیا ہو۔ پیوستہ۔ درہم رفتہ ملا ہوا۔ داخل کیا گیا۔ اور بمعنی پوشیدہ کے بھی آیا ہے۔

مَدفَن۔ع۔ مقام دفن کا۔

مَدفُون۔ع۔ دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔

مُدَقِّق۔ع۔ باریک کام کرنیوالا۔ باریک نکتے پیدا کرنیوالا۔ اور وہ شخص جو دلیل کو دلیل سے ثابت کرے۔

مَدقُوق۔ع۔ کوٹا ہوا۔ باریک کیا گیا۔ لاغر۔ دُبلا۔ وہ شخص جسکو تپ دق ہو۔

مُدَلَّل۔ع۔ جسپر دلیل قائم کی گئی ہو۔ وہ چیز جو دلیل سے ثابت کی گئی ہو۔

مُدَلِّل۔ع۔ دلیل سے ثابت کرنیوالا۔

مَدلُول۔ع۔ اہل منطق کی اصطلاح مین معنی کو کہتے ہین۔

مُدلَہِم۔ع۔ نہایت سیاہ اور تاریک۔

مُدلَہِمَّات۔ع۔ جمع مُدلَہِم کی۔

مُدَمِّل۔ع۔ وہ چیز جو زخم کو پیپ سے پاک کرکے بھر دے اور برابر کردے۔

مُدمِن۔ع۔ ہمیشہ کرنے والا کسی کام کا۔

مَدَن۔ع۔ کھڑا ہونا۔ قائم ہونا۔

مُدُن۔ع۔ جمع مدینہ بمعنی شہر کی۔

مَدَنی۔ع۔ شہر کا رہنے والا۔ منسوب طرف مدینہ کے حالت نسبت مین یا اور ہا مدینہ کی گر گئی ہے۔

مَدّ و جَزر۔ع۔ جوار بھاٹا جو سمندر مین ہوتا ہے۔

مُدَوَّر۔ع۔ گول۔

مُدَوَّن۔ع۔ جمع کیا گیا۔

مُدُوَن۔ع۔ ایک جگہ پر ہمیشہ رہنا۔

مُدہَامَّتَان۔ع۔ دو باغ سبز اور سیراب جو انتہائے سبزی سے سیاہی مائل ہون۔ اور بعضون نے بمعنے دو برگ سبز کے بھی لکھا ہے۔

مِدَّہ۔ع۔ پیپ جو زخم سی نکلتی ہے۔

مَدَّہ۔ع۔ علم صرف کی اصطلاح مین وہ حرف علت ساکن جسکے ماقبل کی حرکت موافق اُسکے ہو جیسے واو ساکن ماقبل مضموم اور یا ساکن ماقبل مکسور۔ اور الف ساکن ماقبل مفتوح۔

مَدَّہ ولین۔ع۔ مَدّہ کے معنی تو ابھی بیان ہوئے اور لین واو ساکن ماقبل مفتوح او یا ساکن ماقبل مفتوح ہے۔

مَدہُوش۔ع۔ واو معروف سے بروزن مسرور صیغہ اسم مفعول کا ہے بمعنی متحیر۔ سرگشتہ۔ حیران۔ اور یہ جو فارسی مین واو مجہول سے بمعنی مست اور بیہوش کے آتا ہے یہ ایک قسم کی تفریس ہے۔

مَدیٰ۔ع۔ انتہا۔ نہایت۔ غایت۔

مِدیَان۔ع۔ بڑا قرض کرنیوالا۔

مَدِیح۔ع۔ ستایش۔ تعریف۔

مَدِیحَہ۔ع۔ ایک تعریف۔ جمع اُسکی مدائح آتی ہے۔

مدید ۔ع۔ دراز۔ لمبا۔ کھنچا ہوا۔ اور نام ایک بحر کا عروض سے۔
مدیر ۔ع۔ گول حرکت دینے والا۔
مدین ۔ع۔ نام ایک قصبہ کا جسمین حضرت شعیب رہتے تھے۔
مدین ۔ع۔ بندہ۔ غلام۔ قرضدار مزدوری دیا گیا۔ خوار کیا گیا۔
مدینہ ۔ع۔ مطلق شہر۔ نام ایک شہر کا جسمین مرقد مطہر آنحضرت صلعم کا ہے۔
مدیون ۔ع۔ قرضدار۔

فصل میم مع ذال معجمہ

مذ ۔ع۔ ابتدا سے زمان۔ وہ زمانہ۔
مذ ۔ ف۔ } صاحب۔ خداوند۔ اور اکثر
مذ ۔ ف۔ } مرکب آتا ہے جیسے اسفندارمذ۔
مذاب ۔ع۔ گلا ہوا پگھلا ہوا۔
مذاق ۔ع۔ چکھنا۔ قوت ذائقہ کا محل یعنی زبان و تالو۔ اصطلاحاً بمعنی خوش طبعی۔ ظرافت۔ اظہار شوق معشوق کے آگے۔
مذاق زدن ف۔ بوس و کنار کے شوق کی بے اختیاری کا ظاہر کرنا۔
مذاکرہ ۔ع۔ باہم ذکر کرنا۔
مذاکیر ۔ع۔ جمع ذکر بمعنی عضو تناسل کی۔
مذاہب ۔ع۔ جمع مذہب کی۔
مذبح ۔ع۔ جگہ ذبح کرنیکی۔
مذبذب ۔ع۔ دھکر پکر کیا گیا۔ وہ امر جو صاف نہو۔ متردد۔
مذبوح ۔ع۔ ذبح کیا ہوا۔
مذخورہ ۔ع۔ ذخیرہ یعنے جمع کیا گیا۔
مذروع ۔ع۔ گز سے پیمایش کیا گیا۔
مذکر ۔ع۔ مرد۔ نر۔ یاد دلا گیا۔
مذکر ۔ع۔ یاد دلانے والا۔
مذکر سماعی ف۔ وہ مرد جو عورت یعنی اپنی زوجہ کا تابعدار ہو۔
مذکور ۔ع۔ ذکر کیا گیا۔ اگرچہ یہ صیغہ اسم مفعول کا ہے مگر فارسی مین بمعنی ذکر کے بھی مستعمل ہے۔
مذکی ۔ع۔ بسمل۔ گلا کٹا ہوا۔
مذلت ۔ع۔ خوار ہونا۔ رسوا ہونا۔ ذلت۔ رسوائی۔
مذمت ۔ع۔ ہجو۔ برائی۔ بدی۔
مذموم ۔ع۔ بد۔ برا۔ زشت۔ اور وہ امر جو برا مشہور ہو۔
مذمومہ ۔ع۔ بد اور بری چیز۔
مذنب ۔ع۔ گنہگار۔
مذہب ۔ع۔ راہ۔ رستہ جگہ جانے اور چلنے کی مجازاً۔ دین۔ آئین۔
مذہب ۔ع۔ سونا چڑھایا ہوا۔ ملمع کیا گیا۔
مذہب ۔ع۔ سونا چڑھانے والا۔ ملمع کرنے والا۔
مذہوب ۔ع۔ زر نگار ملمع کیا ہوا۔ سونا چڑھی ہوئی چیز۔
مذی ۔ع۔ نام ایک رطوبت لسدار کا جو غلبہ شہوت مین مردون کے پیشاب کے مقام سے نکلتی ہے۔
مذیب ۔ع۔ گلانیوالا اور پگھلانیوالا۔
مذیبہ ۔ع۔ گلانے اور پگھلانیوالی۔

فصل میم مع راے مہملہ

مر ۔ع۔ تلخ۔ کڑوا۔ نام ایک بدر قبیلہ کا تمیم سے عرب مین۔ نام دوا سے مشہور کا۔
مر ۔ع۔ گذرنا۔ جانا۔ رستی۔ کلھاڑی
مر ۔ف۔ عدد پچاس کا۔ اسی سبب سے سو عدد کو دو مر کہتے ہین۔ اور کبھی مجازاً بمعنی شمار کے آتا ہے۔ اور کبھی بمعنی بیحد اور بیحساب اور بہت کے۔ اور یہ لفظ فائدہ بمعنی حصر کا بھی دیتا ہے یعنی خاص۔ اور کبھی زائد بھی آتا ہے واسطے تحسین کلام کے۔
مرابح ۔ع۔ منافع۔ فائدے۔
مرابحت ۔ع۔ نفع اور فائدہ سے بیچنا۔
مرابط ۔ع۔ باہم ربط رکھنے والا۔
مرابطات ۔ع۔ وہ چیزین جو باہم رابطہ پیدا کرین۔
مرابع ۔ع۔ منزلین۔ بہت سے مکان
مرأۃ ۔ع۔ } زن۔ عورت۔
مرآت ۔ع۔ }

مِرْآۃ - ع - } منھ دیکھنے کا شیشہ -
مِرْآت - ع - } آئینہ -
مَرَاتِب - ع - جمع ہے مرتبہ کی - درجے رتبے - مرتبے -
مَرَاتِبِ چہارگانہ - ف - شریعت طریقت - معرفت - حقیقت -
مَرَاتِع - ع - جمع مَرْتَع بمعنی چراگاہ کی -
مَرَاثِی - ع - جمع ہے مرثیہ کی -
مُرَاجَعَت - ع - لوٹنا - رجوع کرنا - اُلٹا پھرنا -
مَرَاح - ع - جانا - روان ہونا - اور بمعنی جاے آسایش و راحت کے بھی -
مُرَاح - ع - اُونٹو نکے رہنے کا مقام -
مِرَاح - ع - شادی - خوشی -
مَرَاحِل - ع - جمع مرحلہ بمعنی منزل کی -
مَرَاحِم - ع - جمع مرحمت کی - مہربانیان -
مُرَاد - ع - ارادہ کیا گیا مطلب مقصد -
مُرَادَفت - ع - باہم ردیف ہونا - ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا -
مُرَادِف - ع - کسی کے پیچھے سوار ہونے اور بیٹھنے والا - وہ لفظ جو دوسرے لفظ کے ساتھ ہم معنی ہو -
مَرَارَت - ع - تلخی - کڑواپن -
مَرَارَہ - ع - پتّہ ہر حیوان کا -
مُرَاسِل - ع - اُس عورتکو کہتے ہین جس کی دونون پنڈلیون پر بال بہت ہون اور دراز ہون - اور وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنیوالون مردون سے پیغام یا خط وکتابت جاری رکھے - یا وہ عورت جسکو اُسکے خاوند سے جدائی ہوگئی ہو اور وہ دوسرونسے پیغام سلام کرے - یا کلان سال اور سن رسیدہ عورت -
مُرَاسَلَات - ع - جمع ہے مُراسَلَہ کی -
مُرَاسَلَہ - ع - باہم نامہ وپیغام کرنا -
مَرَاسِم - ع - جمع رسم بمعنی نشان اور آئین کی رسمین -
مَرَاصِد - ع - جمع ہے مرصد کی اور مرصد کے معنی آگے لکھے ہین -
مُرْضِعَت - ع - دودھ پلانا دایہ کا بچّے کو -
مُرَاعَات - ع - باہم ملکر چوپایون کا چرنا نگاہ رکھنا - حفاظت کرنا - گوشۂ چشم یعنی انکھیون سے دیکھنا - مجازًا بمعنی سلوک اور رعایت کے -
مُرَاعَاتُ النَّظِیر - ع - رعایت کرنا یعنی جمع کرنا اُس قسم کے لفظون کا جو آپسمین مناسبت رکھتے ہون جیسے گل و خار و بلبل - اور تیر و کمان و زہ و تربان وغیرہ -
مُرَاعِی - ع - رعایت کرنیوالا - نگہبانی کرنے والا - جانورونکا چرانیوالا -
مَرَاعِی - ع - جانورون کے چرنے کے مقامات جہان سبزہ وگھاس بہت ہو - اور چرائے گئے جانور - اور بمعنے رعایتون کے بھی آیا ہے -
مُرَاغَبَت - ع - خواہش - رغبت -
مَرَاغَہ - ع - لوٹنا جانور کا زمین پر خواہ پرند ہو خواہ چوپایہ - اور نام ایک شہر کا ولایت آذربیجان سے -
مُرَافَعَات - ع - عرضداشتین جو بزرگونکی خدمت مین لکھین
مُرَافِعَت - ع - } حاکم کے سامنے اپنا
مُرَافِعَہ - ع - } دعوی پیش کرنا -
مُرَافِق - ع - رفاقت کرنیوالا - ہمراہ -
مَرَافِق - ع - جمع مرفق بمعنی کہنی کی اور وہ چیزین جنسے فائدہ پہونچے -
مُرَافَقَت - ع - ہمراہی - اور رفاقت کرنا -
مُرَاقِب - ع - اُمید رکھنے والا - امیدوار ڈرنیوالا - مُراقَبہ کرنے والا - نگہبان -
مُرَاقَبَت - ع - اُمید چشمداشت - نگہبانی - حفاظت - امید رکھنا -
مُرَاقَبہ - ع - اُمید رکھنا - نگاہ رکھنا - حفاظت کرنا - گردن نیچے ڈالنا - اصطلاح مین حضوری دل کی طرف خدا کے -
مَرَاقِی - ع - سیڑھیان جمع مرقاۃ کی -

مَراقی - ع - منسوب طرف مراق کے کنایہ اس شخص سے جسکو مالیخولیا ہو اسلیے کہ مراق اصل مین نام ایک پردۂ عشائی کا ہے جلد شکم انسان کے نیچے پس جب مادہ سودا معدہ یا تلی وغیرہ مین جمع ہوجاتا ہے تو پردۂ مراق پھول جاتا ہے اور ابخرے اُٹھ کر دماغ مین جاتے ہین اور حواس مین خلل پڑجاتا ہے اور اُس شخص کے خیالات فاسد ہوجاتے ہین پس اگرچہ اُس عارضہ کا نام مالیخولیا ہے مراقی ہے لیکن کبھی لفظ مراق بھی بولا جاتا ہے -

مَراکِب - ع - جمع مَرکَب کی وہ چیزین جنپر سوار ہوتے ہین خواہ جانور خواہ کشتی -

مَرام - ع - مطلب - مراد - مقصد -

مَرامات - ع - جمع مَرام بمعنے مطلب کی -

مُراہِق - ع - وہ لڑکا جو قریب بلوغ کے پہونچا ہو -

مَراہِم - ع - جمع مرہم کی -

مِراء - ع - خودنمائی - اور جنگ کرنا -

مَرایا - ع - یہ جمع مرآۃ کی ہے خلاف قیاس جسکے معنی ہین آئینہ -

مُرائی - ع - خودنما - اپنی کسی بات کا ظاہر کرنیوالا - مکار مکر کرنیوالا -

مُرَبّیٰ - ع - تربیت کیا گیا - پرورش کیا گیا اور وہ چیز جو قند یا شکر کے قوام مین پرورش کی گئی ہو -

مُرَبّح - ع - سودمند - نفع بخش -

مَرْبِض - ع - بکریون کے رہنے کی جگہ -

مَرْبَط - ع - جگہ باندھنے کی - خصوصاً وہ مکان جہان حیوان باندھے جائین -

مِرْبَط - ع - رسّی وغیرہ جس سے کوئی چیز یا حیوان باندھا جائے -

مُرَبّع - ع - چوگوشہ - ہر چیز جسکے چار کونے ہون اور لمبان اور چوڑان مین برابر ہو - ایک قسم کی نشست جس کو پالتھی مارکے بیٹھنا کہتے ہین - ایک قسم کا تعویذ جسکے سولہ خانہ ہوتے ہین -

مربع طولانی - ع - وہ چیز جسکے چار کونے ہون اور لمبان زیادہ ہو چوڑان سے -

مُربع مُستطیل - ع - ہر چیز چارگوشہ جو لمبی ہو جیسے تقطیع کتاب کی -

مُربع نشین - ع - چار زانو یعنے پالتھی مار کے بیٹھنے والا -

مَربُوب - ع - یعنی مخلوق -

مَربُوط - ع - بندھا ہوا - ربط کیا گیا - لگایا گیا -

مُرَبّی - ع - پرورش کرنے والا - تربیت کرنے والا -

مَرّۃ - ع - ایک مرتبہ - ایک دفعہ -

مُرتاح - ع - عیش و عشرت کرنیوالا -

مُرتاض - ع - ریاضت کرنیوالا - اور اہل تصوف کی اصطلاح مین تابعدار اور مغلوب کرلینے والا اپنے نفس سرکش کا رنج اُٹھانے والا تحصیل علم و ہنر یا عبادت کرنے مین -

مُرَتِّب - ع - ترتیب دینے والا - انتظام کرنیوالا - راست و درست کرنیوالا -

مُرَتَّب - ع - راست و درست کیا گیا - اپنے اپنے درجہ اور مقام پر لایا گیا -

مُرتبط - ع - ربط دیا گیا - لگایا گیا -

مَرتبہ - ع - درجہ - رتبہ -

مُرتّبہ - ع - درست کیا گیا درجہ بدرجہ اپنے اپنے مقام پر رکھا گیا -

مُرتجا - ع - امید رکھا گیا -

مُرتد - ع - مذہب اسلام سے پھرا ہوا -

مُرتسم - ع - نقش قبول کرنے والا -

مُرتشی - ع - رشوت لینے والا - اور اس معنی مین راشی غلط مشہور ہے اسلیے کہ راشی بمعنی رشوت دینے والے کے ہے -

مُرتضیٰ - ع - پسندیدہ - اور لقب ہے حضرت علیؑ کا -

مُرتضوی - ع - منسوب طرف مرتضیٰ علی علیہ السلام کے واضح ہو کہ جس لفظ کے آخر مین الف مقصورہ بصورت یا ہوگا اُسکے آخر مین جب یاے نسبت آئے گی وہ الف واو سے بدل جائیگا - اور یہ بھی واضح ہو کہ

یاے نسبت عربی مین مشدد پڑھی جاتی ہے اور فارسی مین مخفف یعنے بغیر تشدید کے
مَرتَع - ع - چراگاہ - وہ سبزہ زار جسمین جانور چرتے ہین -
مُرتَعِب - ع - خائف - ڈرنیوالا -
مُرتَعِش - ع - رعشہ دار - کانپنے والا -
مُرتَفَع - ع - اٹھایا گیا - بلند کیا گیا - مجازاً دور کیا گیا -
مُرتَفِع - ع - بلند ہونے والا - کسی جگہ سے باہر ہونیوالا - بلند -
مُرتَقیٰ - ع - بلند کیا گیا -
مُرتَقی - ع - بلند ہونیوالا - اوپر جانیوالا -
مُرتَقَد - ع - خوابگاہ سونیکی جگہ -
مُرتَکِب - ع - اختیار کرنیوالا ایک امر کا پسند کرنے والا - کسی کام کا شروع کرنیوالا سوار ہونے والا - عمل مین لانے والا -
مُرتَہِن - ع - دوسرے شخص کا زیور وغیرہ اپنے پاس گرو رکھنے والا -
مُرتَہَن - ع - رہن کیا گیا -
مَرثِیَہ - ع - اوصاف مردے کے اسطرح بیان کرنے کہ سننے والونکو رحم آوے -
مَرَج - ع - چراگاہ - چوپایون کے چرنیکی جگہ - چھوڑ دینا دو چیز کا باہم -
ہَرَج - ع - فساد تباہی - بگڑ جانا کام کا اور اسی بنا پر ہے ہرج مرج اور ہرج کی مناسبت سے مرج راے مہملہ کے سکون سے پڑھا جاتا ہے -
مَرجَان - ع - چھوٹا موتی - جیسے لولو یعنی بڑا موتی -
مَرجَان - ف - ہندی مونگا -
مَرجَان پَروَردَہ - ف - اشارہ ہے شراب سرخ کی طرف -
مُرَجِّح - ع - غلبہ دینے والا کسی چیز کو کسی چیز پر ترجیح دینے والا -
مَرجَع - ع - جاے رجوع - جگہ بازگشت کرنیکی -
مِرجَل - ع - تانبے کی بڑی دیگ -
مَرجُوّ - ع - امید کیا گیا -
مَرجُوح - ع - عاجز - مغلوب -
مَرجُوع - ع - رجوع کیا گیا -
مَرجُوم - ع - ہنکایا گیا - دور کیا گیا - سنگسار کیا گیا -
مَرَح - ع - نہایت خوش ہونا - غرور کرنا -
مَرحَب - ع - کشادہ ہونا - جگہ کشادہ - نام ایک پہلوان کافر کا عرب مین -
مَرحَبا - ع - شاباش - یہ لفظ عرب مین واسطے تعظیم مہمان کے کہتے ہین -
مَرحَلَہ - ع - منزل کی جگہ - کوچ کا مقام منزل - اسباب رکھنے کی جگہ - کوچ کرنا اونٹ پر پالان رکھنا - اور مقدار مسافت بارہ میل کی - اور ایک طرح کی عمارت کا نام جو جنگی قلعہ کے گرداگرد بناتے ہین اور اسپر بیٹھکر دشمنون سے جنگ کرتے ہین -
مَرحَمَت - ع - مہربانی - رحم - رحم کرنا -
مَرحُوم - ع - رحمت کیا گیا - مجازاً وہ شخص جو مرگیا ہو -
مَرخ - ع - جسم پر تیل ملنا -
مُرَخِّص - ع - رخصت کرنیوالا -
مُرَخَّص - ع - رخصت کیا گیا -
مُرَخَّم - ع - نرم کیا گیا - اور وہ کلمہ منادیٰ جسکا حرف آخر تخفیف کیلیے گرا دیا گیا ہو -
مَرد - ف - منش - آدمی -
مَرَد - ع - بغیر ڈاڑھی کا ہونا حد سے گذرنا -
مُرد - ع - جمع امرد کی یعنے وے لڑکے جنکی ابھی داڑھی نہ نکلی ہو -
مَرد - ع - کسی چیز کا ہاتھ سے ملنا - پانی مین کسی چیز کا تر کرنا اور بھگونا -
مَرَدّ - ع - رد کر دینا - قبول نہ کرنا -
مُرداد - ف - فارسی مہینہ کا نام جس مین آفتاب برج اسد مین رہتا ہے ہندی مین تقریباً بھادون کا مہینہ اور انگریزی ماہ جولائی -
مُردار - ف - مردہ کی لوتھ - ناپاکی -
مَردان ف - جمع ہے مرد کی -
مُردان - ع - جمع امرد کی لڑکے جنکی ابھی

داڑھی نہ نکلی ہو۔

مَرْدَانگی ۔ف۔ مردپن۔ مردمی۔

مَرْدَان مَرْد ۔ف۔ بہادر سپاہی۔

مُرَدِّد ۔ع۔ پھیر دینے والا۔

مُرَدَّد ۔ع۔ پھیر دیا گیا۔

مَرْدَشْت ۔ف۔ نام ایک مقام کا۔

مَرْدَک ۔ف۔ چھوٹا مرد۔ یہ حقارت کا کلمہ بطور گالی کے بولتے ہین۔

مُرْدَگَان ۔ف۔ مردے۔ مرے ہوے لوگ۔ یہ جمع مردہ کی ہے۔

مَرْدُم ۔ف۔ ایک آدمی۔ بہت سے آدمی یہ لفظ بمعنی مفرد اور جمع دونون کے مستعمل ہے۔ پتلی آنکھ کی۔ اور مَرْدُمَک اُسی کی تصغیر ہے۔

مَرْدِم آبی ۔ف۔ جل مانس یہ ایک قسم کا دریائی جانور ہوتا ہے بصورت انسان سفید پوست نہایت نازک اندام۔

مَرْدُم آزار ۔ف۔ ظالم شخص۔ آدمیونکا تکلیف دینے والا۔

مَرْدُمَان ۔ف۔ جمع ہے مَرْدُم کی۔

مَرْدُم زن ۔ف۔ جلاد۔ آدمیون کا قتل کرنیوالا۔

مَرْدُمَک ۔ف} آنکھ کی پتلی۔ وہ تل جو
مَرْدُمَک چشم ۔ف} آنکھ کی سیاہی مین ہوتا ہے اور اُسکو مردمک اسی لیے کہتے ہین کہ اس تل مین تصویر انسان کی چھوٹی سی معلوم ہوتی ہے۔

مَرْدُم گیا ۔ف۔ گیا۔ مخفف گیاہ بمعنے ہری گھاس کا۔ مردم گیا ایک گھاس ہے جسکی جڑ انسان کے سر سے مشابہ ہوتی ہے اور بعضون نے لکھا ہے کہ یہ گھاس بشکل تمام جسم آدمی کی ہوتی ہے۔ اور مادہ اور نر دونون ہوتی ہے

مَرْدُمی ۔ع۔ مردانگی۔ مروّت۔ حلم۔ بردباری۔ انسانیت۔ رعایت۔

مَرْدِ مَیْدَان ۔ف۔ کنایہ ہے مرد حریف اور مقابل اور دلاور سے۔

مُرْدَن ۔ف۔ مرنا۔ مجازاً بیہوش ہونا۔

مَرْدُود ۔ع۔ رد کیا گیا۔ نکالا گیا۔ بےعزت ذلیل۔

مُرْدَہ ۔ف۔ مرا ہوا۔ مجازاً عاشق۔

مَرْدَہ ۔ف۔ بہادر شخص۔

مَرَدَہ ۔ف۔ جمع مارد بمعنی دیو سرکش کی مجازاً سرکش لوگ۔

مُرْدہ ریگ ۔ف۔ بیاے مجہول سے ناچیز کمینہ۔ فرومایہ۔ عاجز۔ ذلیل۔

مُرْدِی ۔ف۔ مردانگی۔

مَرْدِی ۔ع۔ ملاحون کا بانس جس سے کشتی کھیتے ہین۔

مُرْدِی ۔ع۔ ہلاک کرنے والا۔

مَرْز ۔ف۔ زمین۔ زمین آباد۔ وہ زمین جو قابل کھیتی کرنے کے ہو۔ سرحد۔

مُرْز ۔ع۔ سوراخ مقعد کا اور بمعنی مجامعت کے بھی آیا ہے۔

مِرْزَا ۔ف۔ اصل اسکی میرزا ہے یعنی سردار زادہ۔

مَرْزُبَان ۔ف۔ زمیندار۔ حاکم۔ مالک زمین پادشاہ۔ سرحد کا نگاہ رکھنے والا نگہبان سردار۔ عالم۔ اور بزرگ آتش پرستون کا۔

مَرْزُبُوم ۔ف۔ بغیر واد اور بغیر اضافت کے جاے پیدایش۔

مَرْزَغَان ۔ف۔ دوزخ۔ گورستان قبرستان۔

مَرْزَنْجُوش ۔ب} ایک قسم ہے ریحان
مرزنگوش ۔ف} کی جو خوشبودار ہوتی ہے زلف اور خط معشوق کو اس سے مثال دیتے ہین۔ ہندی اسکی دونہ ہے۔

مُرْزَہ ۔ع۔ موش۔ چوہا۔

مَرَس ۔ع۔ وہ رسی جو گھوڑے اور کتے وغیرہ کے گلے مین باندھین۔ اور بمعنی طبیب اور کحال کے بھی آیا ہے۔

مَرْس ۔ع۔ مرد علاج کرنے والا۔ لڑکے کا انگلی چوسنا۔

مُرش - ف - نام ایک میوہ کا جو میخوش
یعنے کھٹ مٹھا ہوتا ہے -
مُرسِل - ع - بھیجنے والا - نامہ بھیجنے والا -
مُرسَل - ع - بھیجا گیا - نبی صاحب کتاب -
مُرسلہ - ع - بھیجی گئی - لٹکائی گئی - ایک لڑ
ہے جسکو عورتین گلے مین پہنتی ہین - ظاہرا
اسکو ہندی مین ہار کہتے ہین -
مُرسَلِین - بہت سے نبی صاحب کتاب
مُرسُوب - ع - تہ مین بیٹھا ہوا - ہندی مین
اسکو تلچھٹ کہتے ہین -
مُرسول - ع } یہ دونون لفظ غلط ہین
مُرسُولہ - ع } بجاے انکے مرسل اور
مرسلہ یعنی فرستادہ شدہ صحیح ہین -
مُرسُوم - ع - رسم کیا گیا - آئین و قاعدہ
کیا گیا - نشان کیا گیا - اور کبھی اس
لفظ سے مراد ورماہہ اور روزینہ
ہوتا ہے -
مُرشَّح - ع - ٹپکا ہوا - سیراب -
مُرشِد - ع - ہدایت کرنے والا - راہ نیک
اور سیدھی بتلانیوالا -
مَرشَد - ع - راہ راست - مَراشِد اسکی
جمع آتی ہے -
مُرشُوش - ع - ٹپکا ہوا - پانی وغیرہ
چھڑکا ہوا -
مِرصَاد - ع - راہ کشادہ - اور فراخ -

مَرصَد - ع - جگہ نگاہ رکھنے کی - جگہ جمع کرنیکی -
مقام اُمید کا کسی چیز کے انتظار کا موقع -
مَراصِد اسکی جمع ہے -
مُرَصَّع - ع - جڑا گیا - جڑاؤ کیا گیا - وہ چیز
جسمین جواہر جڑے ہون - وہ نظم اور نثر
جسکے الفاظ اپنے مقابل کے ساتھ ہموزن
اور ہم سجع ہون -
مَرصُود - ع - اُمید رکھا گیا - ستارونکا
حال رصد سے معلوم کیا گیا -
مَرصُوص - ع } رانگ ڈھالکر رکھونین
مَرصُوصہ - ع } ڈالکر مستحکم اور مضبوط
کی ہوئی شے - نہایت استوار اور مضبوط
کیا ہوا -
مَرصُوع - ع - بمعنی مُرَصَّع -
مَرَض - ع - بیماری - رُوگ -
مَرضیٰ - جمع مریض کی - بیمار لوگ -
مَرضَع - ع - پستان - چھاتی - جگہ دودھ
پینے کی -
مُرضِع - ع } لڑکون کی دودھ
مُرضِعہ - ع } پلانے والی عورت
دایہ - انا -
مَرضِی - ع } پسندیدہ - مرغوب -
مَرضِیّ - ع } پسند کیا ہوا -
مِرط - ع - بالون کی کملی - اور بعضے
کہتے ہین ایک قسم کی چادر -

مَرطُوب - ع - تر - بھیگا ہوا - وہ چیز
جسمین رطوبت ہو - فربہ - موٹا -
مَرطُوبی - ع - موٹا آدمی بلغمی مزاج جسکا
موٹاپا بغیر اسباب ظاہری کے ہو -
مَرعیٰ - ع - چراگاہ جگہ جانورون کے چرنے
کی - ہری گھاس چرنا -
مُرعَش - ع } ایک قسم ہے کبوترونمین
مُرعِش - ع } گرہ باز کی جو ہوا پر جاکے
بازی یعنی کلا کرتے جاتے ہین - اور اُونچے
ہوتے جاتے ہین - انوری سے شعر م
بہمہ جہان رسیدہ است - مانند کبوتران
مُرعَش + اور بعضون نے لکھا ہے کہ اس
قسم کا کبوتر اکثر نامہ بر ہوتا ہے -
مَرعُوب - ع - ڈرایا گیا - خوف کیا گیا -
مَرعی - ع - رعایت کیا گیا - لحاظ کیا گیا
مَرغ - ف - ایک قسم کی ہری گھاس
جسکو ہندی مین دُوب کہتے ہین جانور
اُسکو بڑی خوشی سے چرتے ہین -
مُرغ - ف - آفتاب - ہر پرند جانور منقاردار
اُڑنے والا - ایک قسم کی صراحی -
مَرغ - ع - چوپایہ کا لوٹنا زمین پر یا
گھاس وغیرہ پر -
مَرغ - ع - آب دہن - تھوک -
مُرغاب - ف - نام ایک ندی خراسان کا
جو شہر مرو شاہجہان کے نیچے بہتی ہے

مُرغابی - ف - مشہور پرند ہے جو دریا مین تیرتا رہتا ہے -

مُرغِ آتشخوار - ف - سمندر - اور سمندر ایک جانور ہوتا ہے بشکل بڑے چوہے کے جو آتشکدون مین پیدا ہوتا ہے اور جب آگ سے باہر نکلتا ہے مرجاتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ سمندر ایک جانور پردار ہے جو آگ مین نہین جلتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ مرغ آتشخوار کبک کو کہتے ہین جسکی ہندی چکور ہے -

مُرغِ آمین - ف - مشہور ہے کہ ایک فرشتہ ہوا مین اُڑا کرتا ہے اور آمین کہا کرتا ہے پس جسکی دعا اُسکی آمین سے برابر ہوجاتی ہے مستجاب ہوجاتی ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ مرغ آمین یعنی ستارہ کفّ الخضیب ہی اور نجومیون کے نزدیک مقرر ہے کہ جو شخص اس ستارہ کے طلوع کے وقت دعا کرتا ہے فوراً قبول ہوجاتی ہے -

مُرغانِ اُولی اَجنِحَہ - ف - طائران صاحب بازوہا - اور یہ کنایہ فرشتون سے ہے اصطلاح مین -

مُرغبات - ع - چیزین مرغوب و پسندیدہ -

مرغ بیضۂ فولاد - ف - فولادی خود جسکو سپاہی بروز جنگ سر پر پہنتے ہین ایک تصویر مرغ کی فولاد سے بنا کے نصب کرتے ہین -

مُرغِ حق گو - ف - ایک پرند ہے جو رات کو اپنے دونون پیرون سے درخت مین اُلٹا لٹک کر آواز بلند سے حق حق کہا کرتا ہے اور اُسکو مرغ زیرک بھی کہتے ہین -

مَرغَز - ف - نام ایک موضع کا ایران مین -

مَرغزار - ف - سبزہ زار - وہ جگہ جہان مرغ یعنے دُوب جو ایک قسم کی گھاس نرم اور نازک ہوتی ہے بہت اُگی ہوئی ہو -

مُرغِ زیرک - ف - ایک پرند مشہور ہی جو درخت مین اُلٹا لٹک کر راتون کو بلند آواز سے حق حق کہا کرتا ہے - اور یعنی طوطی کے بھی لکھا ہے - اور بعضون نے ابلیس سے مراد لی ہی - اور بعضون نے ہاروت اور ماروت سے -

مُرغِ زرّین - ف - ایک پرند ہے مثل تیتر کے اور کسی قدر مور سے بھی مشابہت رکھتا ہے بال و پر اُسکے سبزی مائل اور مثل سونے کے چمکتے ہوے - اور سر پر کلغی بھی رکھتا ہے - قد مین برابر مرغی کے -

مُرغِ سُلیمان - ف - ہُدہُد مشہور پرند ہی -

مرغِ سحر - ف - بلبل - مُرغا -

مُرغِ شب آہنگ - ف }
مُرغِ شب خوان - ف } بلبل اسلیے کہ ایام بہار مین یہ پرند اکثر بوقت شب بولا کرتا ہے -

مُرغِ صُبح - ف - بلبل - مُرغا -

مُرغِ عیسیٰ - ف }
مُرغِ مسیحا - ف } چمگادڑ -

مُرغِ مجنون - ف - وہ پرند جسنے مجنون عاشق لیلی کے سر کے بالون مین جھونجھ لگایا تھا -

مُرغِ نامہ بر - ف - کبوتر - ہُدہُد -

مَرغُوب - ع - رغبت کیا گیا - خواہش کیا گیا - پسندیدہ - معقول -

مَرغول - ف }
مَرغولہ - ف } پیچ و تاب - مڑے ہوے بالونکا گھونگھر - یہ لفظ گھونگھر والے بالون کی صفت مین آتا ہے - خوش آواز پرندون کی آواز گویّون کی ایک آواز خاص جسکو ہندی مین گٹکری کہتے ہین -

مُرفَق - ع - بڑا پیالہ - کاسہ -

مِرفَق - ع - کہنی -

مَرفُوع - ع - بلند کیا گیا - اُٹھایا گیا حرکت پیش کی دیا گیا -

مُرفَّہ - ع - ہاے ملفوظ سے - آسودہ خوش معاش -

مُرفَّہ الحال - ع - آسودہ حال -

مَرَق - ع - شوربا -

مُرَق - ع - دیگ مین شوربا کرنا -

مرقات - ع } زینہ - سیڑھی -
مرقاۃ - ع }
مرقد - ع - خوابگاہ - مجازاً قبر -
مرقع - ع - تصویر رنگی کتاب - گدڑی
فقیر رنگی - اسلیے کہ ان دونون مین رقعہ
رقعہ اور ٹکڑے ٹکڑے اور پیوند پیوند
جمع کیے ہوے اور سئے ہوے ہوتے ہین -
مرقوم - ع - لکھا ہوا -
مرکب - ع - لکھنے کی سیاہی - وہ چیز
جو کئی چیز سے ملکر بنی ہو - ترکیب دیا گیا -
مرکب - ع - وہ چیز جسپر سوار ہون خواہ
چوپایہ ہو خواہ کشتی مگر اکثر اس لفظ کا استعمال
بمعنی اسپ یعنے گھوڑے کے ہوتا ہے -
مرکز - ع - درمیان چیز کا - کسی چیز کے
قائم کرنے کی جگہ - نقطہ بیچو بیچ دائرے کا
جس سے جتنے خطوط محیط تک نکالین سب
برابر ہون -
مرکز چرخ - ف } زمین - وسط کرہ
مرکز خاک - ف } زمین کا -
مرکز مثلث - ع - زمین باعتبار ابعاد
ثلثہ یعنی لمبائی - چوڑائی - گہرائی -
مرکن - ع - لگن - طشت - تغار
مرکوب - ع - سواری کیا گیا -
مرکوز - ع - گڑا ہوا - محکم کیا ہوا - یہ لفظ
مشتق ہے رکز سے جس کے معنی ہین زمین
مین نیزہ گاڑنا - مگر مجازاً بمعنی منظور کے
بھی آتا ہے -
مرگ - ف - موت -
مرگ پیچ - ف - معمول بہادرونکا
ہے کہ پگڑی باندھکر ایک سرا اسکا بل دیکے
کان اور گردن کیطرف لٹکا دیتے ہین پس
اسطرح کی پگڑی کو مرگ پیچ اسلیے بولتے
ہین کہ اسکا باندھنے والا ہر وقت اپنے
کو گرفتار موت جانتا ہے بسبب اپنی
بہادری کے اور مستعد ہونیکے مقابلہ حریف پر -
مرگ نو - ع - فتنہ تازہ - اور بعضون
نے بمعنی عشق کے لکھا ہے -
مرگ نو مبارک باد - ف - یہ اس مقام پہ
بولتے ہین جہان کوئی نیا فساد برپا ہوا ہو -
یا کوئی کسی پر حد سے زیادہ عاشق ہوا ہو -
مرگی - ف - بمعنی وبا -
مرمت - ع - کسی چیز کا خلل درست کرنا
اصلاح کرنا - بگڑے کو سنوارنا -
مرمد - ع - وہ شخص جسکی آنکھین دکھتی
ہون یعنی آشوب چشم ہو -
مرمر - ع - نام ایک قسم کے پتھر کا ہے
جو سفید اور نرم ہوتا ہے اور اس کو رخام
بھی کہتے ہین -
مرو - ف - نام ایک شہر کا خراسان سے
اور نام ایک گھاس خوشبودار کا -
مروات - بمعنی فال نیک -
مروارید - ف - موتی -
مروت - ف - مردانگی - مردی - یہ
لفظ ماخوذ ہے مرء سے جو بمعنی مرد ہے اور
بفتح راے مہملہ غلط مشہور ہے -
مروج - ع - رواج دینے والا -
مروج - ع - رائج کیا گیا - رواج دیا گیا
مروح - ع - راحت اور آسایش اور
خوشی دینے والا - خوشبودار کرنیوالا -
مروح - ع - راحت اور آرام دیا گیا -
مروح - ع - شادمان - خوش -
مروحہ - ع - بادکش - پنکھا
مرور - ع - گذرنا - چلا جانا -
مرؤس - ع - تابعدار - خادم اور کنایہ
رعیت سے -
مرو شاہجہان - ف - نام ایک شہر کا ہے
خراسان سے -
مروض - ع - ریاضت دیا گیا - تابعدار
کیا گیا -
مروض - ع - ریاضت دینے والا -
مروض - ع - ریاضت دیا گیا -
مروع - ع - ڈرایا گیا -
مروق - ع - بالکل صاف کیا گیا - ایسا
صاف جسمین ذرا تلچھٹ اور میل نہو -
مروق - ع - رواق بنانے والا - یعنی

سقوبئی اور معمار - اور وہ شخص جو مکان کی
چھت مین پردہ یعنے چھت گیری باندھے -
مروق -ع- تعجب مین ڈالنا - کسی کو
خوش حال کرنا -
مروہ -ع نام پہاڑ کا مکۂ معظمہ مین -
مروی -ع- روایت کیا گیا -
مرہ -ع- نام ایک خلط زرد رنگ اور
تلخ مزہ کا - صفرا - اور بمعنی قوت - توانائی
عقل -
مرہ -ع- یکبار - ایک مرتبہ -
مرہم -ع- وہ دوا السدار جو زخم کے اچھا
ہونیکو لگاتے ہین -
مرہوب -ع- بمعنی ڈرایا گیا غلط ہے اسلیے
کہ رہب بمعنی ڈرنا لازم ہے اور صیغۂ اسم مفعول
لازم سے درست نہین ہوسکتا بجاے اسکے
مرعوب صحیح ہے کہ یہ رعب بمعنی ڈرانے
سے ہے -
مرہون -ع- رہن کیا گیا -
مری -ع- بروزن امیر - ایک جسم ہے
گوشت والا متصل آنت کے حلق کے اندر
جسکے رستہ سے پانی اور کھانا معدہ مین
پہونچتا ہے - اور قصبۂ ریہ یعنے نرخرا
جسکے راستہ سے سانس آتی جاتی ہے یہ
اُس مری کے اوپر ہے - اور لفظ مری
بمعنی گوارا اور ہضم کے بھی ہے -

مری -ع- آبکامہ - ہندی کانجی -
مرے ف - یاے مجہول سے لڑائی -
جنگ - کوشش کرنا - کسی کے ساتھ اُسکے
مرتبہ مین برابری کرنا -
مریج -ع- آمیختہ - ملا جلا -
مریح -ع- انتہا سے زیادہ خوش -
مریخ -ع- نام ایک ستارہ کا پانچوین
آسمان پر ہے - منگل
مریخ زحل خوار ف - کنایہ ہے آتشدان
اور انگیٹھی سے -
مرید -ع- سرکش - نافرمان رانذہ
خدا کے حکم سے باہر ہوجانیوالا -
مرید -ع- ارادہ کرنے والا - اور کنایہ
دینی شاگرد سے -
مریر -ع- مرد توانا اور بہادر - وہ رسّی
جو لمبی اور مضبوط اور کڑی اینٹھن کی ہو -
مریش ف - یعنے زخمی مت کر - اور مبدل
مریز کا بھی ہے یعنے مت گرا - اسلیے کہ
(ز) (ش) سے بدلا ہوتا ہے -
مریض -ع- بیمار - روگی -
مریع -ع- زمین آباد - چراگاہ کشادہ
جہان پانی اور ہری گھاس بہت ہو -
مرئی -ع- دیکھا گیا - وہ شے جو
دکھائی دے -
مرئیات -ع- وہ چیزین جو نظر سے
دکھائی دیتی ہین -

فصل میم مع زاے معجمہ

مز -ع- چوسنا -
مز -ع- مزہ ترش اور شیرین ملا ہوا - فارسی
میخوش - ہندی کھٹ مٹھا -
مز -ع- افزونی زیادتی -
مزابلہ -ع- جمع مزبلہ کی - نجاست اور گوبر
وغیرہ کے ڈالنے کی جگہین -
مزاج -ع- آمیزش ملنا - اور طبیبون کی
اصطلاح مین وہ کیفیت جو چند چیزون
کے ملنے سے پیدا ہو - اور انسان کی
طبیعت کو اسی وجہ سے مزاج کہتے ہین
کہ ایک کیفیت اربعہ عناصر کے ملنے سے
پیدا ہوتی ہے - خاصیت - خو -
عادت -
مزاح -ع- } خوش طبعی کرنا - آپس
مزاحت -ع- } مین دل لگی کرنا - ہنسی
خوش طبعی - دل لگی -
مزاح -ع- خوش طبعی کرنا -
مزاح -ع- بڑا خوش طبعی کرنیوالا -
مزاحف -ع- اصطلاح عروض مین وہ
رکن جس مین تغیر ہوا ہو -
مزاحفات -ع- وہ بحر جنمین زحاف واقع
ہوا ہو - اور زحاف کرنا ایک حرف یا دو
حرف کا رکن اصلی بحر سے یا زیادہ

ہونا حرف کا رکن اصلی پر۔

مُزَاحِم ۔ ع۔ کسی پر تنگی کرنے والا۔ کسی کو رنج پہونچانے والا۔ روکنے والا۔ انبوہی کرنے والا۔

مُزَاحَمَت ۔ ع۔ کسی پر تنگی کرنا۔

مَزَاد ۔ ع۔ توشہ دان۔ وہ چیز جس مین زادراہ رکھین۔

مُزَاد ۔ ع۔ زیادہ کیا گیا۔

مَزَاد کردن مَتَاع ۔ ف۔ اسباب کی فروخت کا نرخ بڑھا دینا۔

مَزَادَہ ۔ ع۔ توشہ دان۔

مَزَار ۔ ع۔ جگہ زیارت کرنیکی۔ مگر اطلاق اس لفظ کا اکثر قبر پر ہوتا ہے۔

مُزَارِع ۔ ع۔ کھیتی کرنے والا۔ کسان۔

مَزَارِع ۔ ع۔ جمع مَزْرَع کی جسکے معنی ہین جگہ بونے اور کھیتی کرنیکی۔

مَزَال ۔ ع۔ لغزش۔ جاے لغزش۔

مَزَالِف ۔ ع۔ جگہین انبوہ کی جگہین جمع ہونیکی۔

مَزَالِق ۔ ع۔ جگہین پھسلنے کی۔

مَزَامِیر ۔ ع۔ جمع مِزْمَار بمعنی بانسری کی مجازاً سب ساز گویّون کے۔

مَزَامِیر داؤد ۔ ع۔ زبور کی آیتین جو خوش آوازی سے پڑھتے ہین۔ دعائین جو الحان مین کی جاتی ہین۔

مُزَاوَلَت ۔ ع۔ کسی کام پر ہمیشگی کرنا۔ کوشش کرنا کسی چیز پر۔

مَزَایَا ۔ ع۔ جمع مَزِیَّت کی افزونیان۔ زیادتیان فضیلتین۔ مجازاً بمعنی بخششون اور انعامون کے مستعمل ہوتا ہے۔

مِزْبَر ۔ ع۔ لکھنے کا قلم۔

مَزْبَلَہ ۔ ع۔ گوہ اور گوبر نجاست وغیرہ ڈالنے کی جگہ۔

مَزْبُوْر ۔ ع۔ لکھا ہوا۔

مَزْج ۔ ع۔ ملنا۔ ملانا۔

مُزْجَات ۔ ع۔ اندک۔ تھوڑا۔ حقیر۔ بے اعتبار۔

مُزَخْرَف ۔ ع۔ جھوٹی بات جو مانند سچی بات کے آراستہ کی ہوئی ہو۔ ملمع کی ہوئی کوئی شے۔

مُزَخْرَفَات ۔ ع۔ جمع مُزَخْرَف کی۔

مُزْد ۔ ف۔ مزدوری۔ اُجرت۔ خواہ دنیا کی ہو خواہ دین کی۔

مُزْدَحَم ۔ ع۔ ازدحام کیا گیا۔ انبوہ کیا گیا۔

مُزْدَحِم ۔ ع۔ ازدحام کرنے والا۔ انبوہ کرنے والا۔

مُزْدَلِفَہ ۔ ع۔ نام ایک مقام کا جو مکہ معظمہ مین ہے۔

مُزْدَوَج ۔ ع۔ ہم قرین۔ ہم صحبت باہم ملا ہوا اور اہل بدیع کی اصطلاح مین بمعنی مثنوی۔

مُزْدَوَجَہ ۔ ع۔ ہم قرین۔ ہم صحبت آپس مین ملا ہوا۔

مُزْدُوْر ۔ ف۔ مزدوری کرنے والا۔ یہ مرکب ہے لفظ مزد بمعنی اُجرت اور کلمۂ ور بمعنی صاحب سے یعنے صاحب اُجرت اور یہ لفظ بفتح میم غلط مشہور ہے۔

مُزْدُوْرِی ۔ ف۔ اُجرت۔

مُزَرَّد ۔ ع۔ زرہ پوش۔

مَزْرَع ۔ ع۔ } کھیت۔
مَزْرَعَہ ۔ ع۔ }

مَزْرُوْع ۔ ع۔ بوئی ہوئی چیز۔

مُزَعْفَر ۔ ع۔ زعفرانی زرد رنگ ایک قسم میٹھے پلاؤ کی جسکے چاولون کو زعفران مین رنگتے ہین۔

مُزَکّٰی ۔ ع۔ پاک کیا گیا۔ وہ مال جسکی زکوۃ ادا کر دی گئی ہو۔

مُزَکِّت ۔ ع۔ مسجد۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔

مَزْکُوْم ۔ ع۔ وہ شخص جسکو زکام ہو۔

مُزَکِّی ۔ ع۔ پاک کرنے والا۔ اپنے مال کی زکوۃ دینے والا۔

مَزَلَّت ۔ ع۔ پھسلنا۔ لغزش کرنا۔

مَزَلَّت ۔ ع۔ جگہ پھسلنے کی۔

مَزَلَّات ۔ ع۔ جگہین پھسلنے کی۔ مقامات

لغزش کے۔
مُزَلَّف - ف۔ معشوق صاحب زلف۔ وہ معشوق جسکے نیا خط نکلا ہو۔ واضح ہو کہ یہ فارسیونکا تصرف ہے کہ زلف لفظ فارسی کو بطور صیغہ عربی بنا لیا ہے۔ جیسے نزاکت لفظ نازک سے۔
مُزَلَّفَہ - ع۔ نزدیک لایا گیا۔ فراہم اور اکٹھا کیا گیا۔ انبوہ کیا گیا۔
مُزلِق - ع۔ } لغزش دینے والا۔ اور
مُزلِقَہ - ع۔ } پھسلانے والا۔
مِزمَار - ع۔ نَے بجانے کی یعنی بانسری اصطلاحاً گوتون کا ہر باجا۔
مِزمَر - ع۔ عُود جو ایک قسم کا باجا مشہور ہے۔ اور یعنی بربط کے بھی لکھا ہے۔
مُزمِن - ع۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ پُرانا لنگڑا شل۔ اپاہج۔
مُزن - ع۔ ابر۔ ابر سفید۔ ابر نیسان۔
مِزوَاج - ع۔ وہ عورت جو بہت شوہر کرے۔
مُزَوَّر - ع۔ وہ غذا جو تسلی بیمار کے لیے پکائین۔ نرم غذا جو مریض کو دین۔
مُزَوِّر - ع۔ جھوٹا۔ مکار۔ فریبیا۔
مزہ - ف۔ لذت۔ چسکا۔
مَزِیٰ - ع۔ مخفف مَزِیَّت بمعنی زیادتی کا۔
مُزَیَّب - ف۔ زیب و زینت دیا گیا۔ یہ بھی فارسیونکا تصرف ہے کہ لفظ زیب کو جو فارسی ہے بطور صیغہ عربی بنا لیا ہے جیسے ملبّب وغیرہ۔
مَزِیَّت - ع۔ افزونی۔ زیادتی فضیلت اسکی جمع مزایا آتی ہے۔
مَزِیج - ع۔ یاے مجہول سے۔ امالہ مزاج بمعنی طبیعت کا۔
مَزِید - ع۔ مصدر میمی ہے بمعنی زیادتی وافزونی۔ اور اسم مفعول بھی ہے بمعنی زیادہ کیا گیا۔
مَزِیدَن - ف۔ بمعنی چُوسنا۔
مَزِیر - ع۔ سخت۔ سخت دل۔
مُزِیل - ع۔ دور کرنے والا کسی چیز کے نشانو نکا مٹانیوالا۔
مُزَیَّن - ع۔ زینت دیا گیا آراستہ۔
مُزَیِّن - ع۔ آراستہ کرنیوالا

فصل میم مع زاے فارسی

مَژدَک - ف۔ نام ایک شخص کا جو نوشیروان بادشاہ کے باپ کے وقت مین تھا۔ یہ شخص بڑا فصیح و بلیغ اور عقلمند تھا۔ اس نے اک نیا مذہب اختراع کیا تھا جسمین بہت سی حرام باتونکو حلال کیا تھا جب نوشیروان بادشاہ ہوا تب اُسنے مَژدَک کو مع اُسکے تمام رفیقون کے قتل کیا۔
مژدگانی - ف۔ وہ نقد یا جنس جو خوشخبری پہونچانے والے کو دین۔
مُژدَہ - ف۔ خبر خوش۔ بشارت۔
مژگان - ف۔ جمع مژہ کی آنکھون کی پلکین کبھی اسکا استعمال مفرد پر بھی ہوتا ہے اگرچہ اصل مین یہ لفظ زاء فارسی کے فتحہ سے ہے مگر بیشتر بہ سکون مستعمل ہے۔ مسیح کاشی سے

چشمت بہ دامن مژگان برکباب دل
آتش نہ زد کہ بال سمندر شکستہ است۔

مِژہ - ف۔ آنکھ کی پلک۔

فصل میم مع سین مہملہ

مَسّ - ع۔ چھونا۔ ہاتھ سے ملنا۔ اور عورت سے جماع کرنا۔
مِسّ - ف۔ تانبا۔
مَسَاء - ع۔ شام۔ وقت شام۔
مُسَابَقَت - ع۔ باہم سبقت لیجانا۔
مَسَاجِد - ع۔ جمع مسجد کی۔
مَسَّاح - ع۔ بڑا پیمایش کرنیوالا زمین کا
مِسَاحَت - ع۔ پیمایش کرنا زمین کا۔ پیمایش۔ اور بفتح میم غلط ہے۔
مُسَارَعَت - ع۔ باہم شتابی اور جلدی کرنا۔
مُسَارَقَت - ع۔ باہم چوری کرنا۔
مَسَاس - ع۔ ہاتھ سے ملنا۔ جماع کرنا ہاتھ پھیرنا۔
مُسَاعِد - ع۔ یاری دینے والا۔ مددگار

مُسَاعَدَت -ع- یاری کرنا- مدد کرنا-
مُسَاعِی -ع- کوششین- جلدیان-
مَسَاغ -ع- جگہ روانی کسی چیز کی- جگہ روان ہونے کی-
مَسَافَات -ع- جمع مسافت کی- دوریان بیابانون کی-
مَسَافَت -ع- دوری بیابان کی- فاصلہ منزلون کا-
مُسَافِر -ع- سفر کرنے والا-
مُسَافَرَت -ع- سفر کرنا-
مَسَاق -ع- جگہ ہنکانیکی-
مَسَاکِن -ع- جمع ہے مسکن کی یعنی اسکے مکانات-
مَسَاکِین -ع- جمع ہے مسکین کی- غریب ومحتاج ومفلس لوگ-
مَسَال -ع- لوہے کے بڑے سُوے ٹاٹ وغیرہ سینے کے- یہ جمع مِسَلّہ کی ہے
مَسَالِک -ع- جمع مَسلک کی- رستے راہین-
مَسَالَت -ع- پوچھنا- درخواست کرنا سوال کرنا-
مُسَالَمَت -ع- باہم صلح اور آشتی کرنا صلح- دوستی-
مَسَام -ع- جمع مَسَم کی بہت باریک اور چھوٹے سوراخ جو تمام جلد انسان وغیرہ مین ہر رونگٹے اور بال کے نیچے ہوتے ہین جنسے پسینہ نکلتا ہے- فارسی مین بغیر تشدید میم کے مستعمل ہے-
مَسَامَات -ع- بدن کے سوراخ بہت چھوٹے چھوٹے جنسے پسینہ نکلا کرتا ہے یہ جمع فارسی مین مستعمل ہے-
مُسَامِح -ع- صلح کرنے والا- کسی کام مین کسی کے ساتھ آسانی کرنے والا-
مُسَامَحَت -ع- چشم پوشی کرنا- جوانمردی کرنا- طرح دینا- آسان کرنا کام کا کسیکے نرمی کرنا- صلح کرنا- کسی چیز کو آسان اور سہل جانکر اُسکی طرف توجہ نہ کرنا-
مُسَامَرَت -ع- قصہ کہنا- کہانی کہنا-
مَسَامِع -ع- جمع مِسمَع کی ہے جسکے معنی گوش یعنے کان کے ہین-
مُسَاوَات -ع- برابری کرنا- برابری-
مُسَاوَمَت -ع- چیز کے بیچنے مین خریدار کے ساتھ دیر کرنا واسطے گران بیچنے کے-
مُسَاوِی -ع- بمعنی برابر-
مَسَاوِی -ع- جمع سَیِّئَہ کی ہے جو بمعنی بدی اور گناہ کے ہے-
مُسَاوِیُ الْاَضْلَاع -ع- وہ چیز تکونہ یا چوگوشہ وغیرہ جسکے سب گوشے برابر ہون-
مُسَاہَرَت -ع- بیداری- کسیکے ساتھ جاگنا-
مُسَاہَلَت -ع- آسان معلوم کرنا- سہل جاننا- مجازاً بمعنی سُستی کرنے کے بھی مستعمل ہے-
مُسَاہِم -ع- شریک- حصّہ دار-
مُسَاہَمَت -ع- شرکت- ساجھا-
مُسَایَرَت -ع- برابری کرنا-
مَسَائِل -ع- جمع ہے مسئلہ کی- وہ باتین جو پوچھی جائین-
مُسَبِّح -ع- تسبیح کرنیوالا- خداکو پاکی کے ساتھ یاد کرنیوالا-
مُسَبِّحَہ -ع- انگشت شہادت-
مُسَبِّحَانِ مَلَاِ اَعْلٰی -ع- تسبیح کرنے یعنی خداکو پاکی کے ساتھ یاد کرنیوالے گروہ برتر اور یہ کنایہ فرشتون سے ہے-
مُسَبَّع -ع- سات حصہ کیا گیا- وہ چیز جسکے سات پہلو ہون- ایک قسم شعر کی جسکا ہر بند سات مصرعہ رکھتا ہو-
مَسْبُوق -ع- وہ چیز جسپر کوئی چیز سابق ہو- گذشتہ- گذرا ہوا-
مَسْت -ف- متوالا-
مُسْت -ف- غم- اندوہ- رنج- حاجت
مُسْتَاجِر -ع- ٹھیکہ دار- اجارہ لینے والا
مُسْتَاصِل -ع- جڑ سے اُکھیڑنے والا- برباد کرنے والا-
مُسْتَاصَل -ع- برباد- تباہ- اور جڑ سے اُکھاڑا گیا-

مُستانہ۔ ف۔ مست کے مانند۔اور متوالے کے موافق۔
مُستَانِس۔ ع۔ الفت قبول کرنے والا۔ خوگر۔ محبت دار۔
مُستَانِفَہ۔ ع۔ شروع کرنے والا۔ ایک طرف کھڑا ہونیوالا۔ تابعدار۔ آہستہ مجازاً بمعنی جُدا اور علیحدہ کے۔
مُستَاہِل۔ ع۔ سزاوار۔ لائق
مُستَبِد۔ ع۔ وہ شخص جو کسی کام کرنے میں اکیلا مستعد ہو۔
مُستَبدَل۔ ع۔ بدل کیا گیا۔
مُعْرَب۔ع۔زیر زبر پیش دیا ہوا۔اعراب دیا ہوا۔ظاہر۔آشکار۔اور علم نحو کی اصطلاح مین وہ لفظ جس کا آخر اختلاف عوامل سے بدل جائے۔
مُعْرِب۔ع۔بیان کرنے والا۔اعراب دینے والا۔فحش بکنے والا۔
مُعَرْبِد۔ع۔لڑاکا۔بدخو۔جنگجو۔
مِعْرَج۔ع۔نردبان۔سیڑھی۔
مَعْرَج۔ع۔جگہ اوپر چڑھنے کی۔
مُعَرَّج۔ع۔نام ایک کپڑے نہایت نفیس اور پھولدار کا۔اور مُعَرَّج گر بننے والا اُس کا۔
مُعَرَّج گران فلک۔ف۔مراد قضا اور قدر سے جو کارخانہ دار آسمانوں کے ہین اور مراد عقول عشرہ سے بھی اور وہ دس فرشتے مقرب ہین کہ حکما کے اعتقاد مین آسمانون کو انھین نے بنایا ہے۔
مَعْرِض۔ع / مَعْرَض۔ع۔جگہ ظاہر ہونے کسی چیز کی۔جاے عرض۔
مُعْرِض۔ع۔روگردانی کرنے والا۔منھ پھیرنے والا۔
مُعَرِّف۔ تعریف کرنے والا۔پہچنوانے والا۔حد بتلانے والا۔اور

کنایہ چوبدار سے بھی۔
مُعَرَّف۔ع۔پہچانا گیا۔تعریف کیا گیا۔
مَعْرِفَت۔ع۔شناخت۔پہچان۔پہچاننا۔
مُعَرِّق۔ع۔پسینہ لانے والی شے۔
مَعْرَکَہ۔ع۔میدان جنگ۔لڑائی کی جگہ یہ صیغہ اسم ظرف کا ہے۔
مَعْرکہ گیر۔ف۔کشتی گیر۔اور دوسرے اہل بازی جو بازار مین تماشا کرکے لوگون کو اپنے پاس جمع کرلین۔
مَعْرُوری۔ع۔ننگی پیٹھ کے گھوڑے کا سوار۔
مَعْرُوض۔ع۔عرض کیا گیا۔پیش کیا گیا۔
مَعْرُوف۔ع۔پہچانا ہوا۔مشہور۔اور بمعنی نیکی کے بھی۔نام ایک ولی کا۔اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ فعل جو فاعل کی طرف نسبت رکھتا ہو۔اور مجہول وہ فعل جو نسبت طرف مفعول کے رکھتا ہو۔
مَعْرُوف کرخی۔ع۔نام ایک ولی کا جو بڑے خداترس تھے یہ قصبۂ کرخ مین رہتے تھے جو قریب بغداد کے ہے۔
مَعْز۔ع۔بکری۔بکرا۔ایک ہو یا بہت۔
مُعَزَّز۔ع۔عزت کیا گیا۔عزت دیا گیا۔
مُعِزّ۔ع۔عزت دینے والا۔نام خدا کا۔
مُعَزِّی۔ع۔سوگوار۔ماتم زدہ۔
مُعَزَّز۔ع۔عزت کیا گیا۔عزت دار۔
مُعَزِّم۔ع۔عزیمت خوان۔افسون گر

منتر پڑھنے والا۔
مُعَزَّم ۔ع۔ افسون زدہ ۔ وہ شخص جسپر منتر کیا گیا ہو۔
مَعْزُول ۔ع۔ بیکار کیا گیا۔ بیکار۔
مُعَزِّی ۔ع۔ ماتم پرسی کرنے والا۔
مُعِزِّی ۔ع۔ منسوب طرف مُعِز کے جو نام حق تعالےٰ کا ہے اور نام ایک بادشاہ جلیل القدر کا بھی ہے ۔ اور مُعِزّی تخلص ایک شاعر کا بھی ہے شعرائے متقدمین ایران سے ۔
مَعْزِی ۔ع۔ بروزن مَرضِی بمعنی منسوب
مَعْزِیٌ اِلَیْہِ ۔ع۔ بمعنی منسوب الیہ ۔ اور اس معنی مین مُعزّا الیہ غلط ہے۔
مُعْسِر ۔ع۔ مفلس ۔ غریب ۔ محتاج
مُعَسَّر ۔ع۔ مشکل ۔ دشوار۔
مُعَسْکَر ۔ع۔ جگہ اُترنے لشکر کی۔ لشکرگاہ چھاؤنی فوج کی۔
مُعَشَّار ۔ع۔ دہ یکی لینا۔
مَعْشَر ۔ اقارب ۔ رشتہ دار لوگ دوستون اور عزیزونکا گروہ۔
مُعَشَّر ۔ع۔ وہ چیز جسکے دس گوشے ہون
مُعَشَّوش ۔ع۔ اکٹھا کیا گیا۔ جمع اور یکجا کیا گیا ۔ وہ پیراہن جس مین بہت سے پیوند لگے ہون۔
مَعْشُوق ۔ع۔ عشق کیا گیا یعنے وہ شخص جسپر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو۔
مَعْشُوقَہ ۔ع۔ وہ عورت جس پر کوئی مرد عاشق ہو مگر فارسی مین اس لفظ کا استعمال مذکر پر بھی ہوتا ہے ۔ سلیم ؂ مفلس چو شدیم رو بادآوردیم ۔ معشوقۂ روزبینوائی ست خدا۔
مِعْصَر ۔ع۔ اوزار نچوڑنے کا ۔
مِعْصَرَہ ۔ع۔ تیلی کا کولھو۔
مَعْصَرَہ ۔ع۔ جگہ کشید شراب کی ۔ اور جگہ نچوڑنیکی۔
مُعْصَر ۔ع۔ نچوڑا ہوا ۔ عرق وغیرہ
مُعْصَرَہ ۔ع۔ نچوڑی ہوئی شئے۔
مُعَصْفَر ۔ع۔ وہ چیز جو کسنبھ کے رنگ مین رنگی ہوئی ہو۔
مُعَصْفَر ۔ع۔ خاقانی اپنے سخن مین اس لفظ کو بمعنی گل کا چہرہ یعنی کسنبھ کے لایا ہے
مِعْصَم ۔ع۔ کلائی جہان عورتین کنگن پہنتی ہین۔
مَعْصُوم ۔ع۔ بچایا گیا اور نگاہ رکھا گیا گناہ سے ۔ بیگناہ۔
مَعْصِیَت ۔ع۔ گناہ ۔ نافرمانی۔
مُعْضِل ۔ع۔ دشوار ۔ مشکل کام۔
مُعْضِلات ۔ع۔ دشواریان ۔ اور مشکلین۔
مُعَطَّر ۔ع۔ خوشبودار ۔ خوشبو کیا گیا۔
مُعَطِّش ۔ع۔ پیاس لگانے والی چیز۔
مُعَطَّل ۔ع۔ بیکار ۔ خالی کام سے۔
مَعْطُوف ۔ع۔ لپٹا ہوا۔ لپیٹا ہوا۔
مُعْطِی ۔ع۔ عطا اور بخشش کرنے والا۔
مُعَظَّم ۔ع۔ بزرگ ۔ بزرگی دیا گیا۔
مُعَظَّمَات ۔ع۔ بزرگ چیزین۔
مَعْفُو ۔ع۔ معاف کیا گیا۔
مُعَقِّب ۔ پیچھے آنیوالا ۔ کسی کام مین دیر کرنے والا۔
مَعْقَد ۔ جگہ باندھنے کی ۔ جگہ پیوند لگانیکی۔
مُعَقَّد ۔ گرہ لگا ہوا ۔ بہت بندھا ہوا وہ سخن جو دقیق اور مشکل ہو۔
مُعَقَّل ۔ع۔ وہ اونٹ جسکا ہاتھ اور پنڈلی رسّی سے بندھی ہو۔
مَعْقُود ۔ع۔ گرہ لگایا گیا۔ باندھا گیا۔
مَعْقُول ۔ع۔ بندھا ہوا ۔ پناہ لے گیا ہوا عقل مین لایا گیا ۔ مناسب ۔ اچھا ۔ پسندیدہ
مَعَکَ ۔ع۔ ساتھ تیرے۔
مَعْکُوس ۔ع۔ اُلٹا ۔ اوندھا۔
مُعَلّیٰ ۔ع۔ بلند کیا گیا ۔ برتر۔
مَعْلیٰ ۔ع۔ مصدر میمی ہے بمعنی بلندی
مِغْلاق ۔ع۔ وہ چیز جسکے سہارے سے کوئی چیز لٹکائین ۔ کھونٹی ۔ خصوصًا وہ لوہے کی سلاخ جسپر قصاب گوشت لٹکائین۔

مِعلَف - ع - وہ چیز جس سے گھوڑ ے کے لیے گھاس جھیلی جائے- کھریا-

مَعلَف - ع - جگہ گھاس کھانے گھوڑونکی

مُعلَّق - ع - لٹکا ہوا-

مُعلّقات - ع - لٹکی ہوئی چیزین-

مُعلّق زن - ف - کلا کرنیوالا- بازی گرنیوالا- نٹ- ناچنے والا-

مُعلّق زدن - ف - کلا کرنا- بازی

مُعلّق کشیدن - ف - کلا کرنا- اوندھا ہوکے جلدی سے سیدھا ہوجانا جسطرح کبوتر اڑتے ہین اور نٹ کلا کرتے ہین-

مُعلَّم - ع - نقاشی کیا گیا- نقشدار-

مُعلِّم - ع - سکھانیوالا- استاد- اور کشتی کے ملاح اور جہاز کے ناخدا کو بھی مُعلّم کہتے ہین اسلیے کہ وہ اس فن کا ماہر ہے-

مُعلَّم - ع - سکھایا گیا- تعلیم دیا گیا- ادب سکھایا گیا- اوراکثر استعمال اسکا حیوانات مین ہوتا ہے جیسے سگ مُعلّم- طوطی مُعلّم وغیرہ-

مَعلَم - ع - علامت- نشانی-

معلم اوّل - ع - کنایہ ارسطو حکیم سے اسلیے کہ پہلے پہل اسی نے علم حکمت کو کتاب مین لکھکر شاگردون کو پڑھایا ہے اور قبل اسکے حکما شاگردونکو زبانی تعلیم دیتے تھے-

معلم ثانی - ع - ابُونصر فارابی اسلیے کہ کتب حکمت کو جو حکماے سابق نے یونانی زبان مین لکھا تھا اسنے عربی زبان مین انکا ترجمہ کرکے شاگردون کو پڑھایا-

مُعلّم ثالث - ع - بوعلی سینا-

معلّم الملائک - ع - لقب شیطان کا-

معلُول - ع - علت کیا گیا- وہ چیز جسکو اور دوسرے ضروری سببون اُسکے سے ثابت کیا ہو- وہ شے جسکا کوئی سبب اور باعث ہو- اور بمعنی بیمار غلط ہے اسلیے کہ علت جو بمعنی مرض کے ہے صیغہ صفت کا علیل آتا ہے نہ معلول لیکن باوجود اس امر کے بعض ثقات کے کلام مین واقع ہوا ہے-

معلُوم - ع - علم کیا گیا- جانا گیا- اور کنایہ مال وزر اور روپیہ واشرفی سے بھی اسلیے کہ زر اسقدر مشہور ہے جسکے نام لینے کی ضرورت نہین ہے جس طرح لفظ یقین کا بمعنی موت کے مستعمل ہے-

مُعمّا - ع - پوشیدہ چیز- چھپی ہوئی شے- نابینا یعنی اندھا کیا گیا- اور اصطلاحاً بمعنی چیستان- پہیلی-

مِعمار - ع - عمارت بنانیوالا- تعمیر کرنیوالا- راج- مستری- تھوئی-

مُعمَّر - ع - آباد کیا ہوا- کہن سال- بوڑھا- سن رسیدہ-

مَعمَعان - ع - موسم گرمی کی شدت-

مُعمَّم - ع - وہ شخص جو سر پر عمامہ اور پگڑی باندھے-

معمُور - ع - آباد- بھرا ہوا- پُر-

معمُورہ - ع - بستی- شہر-

معمُوری - ع - منسوب طرف معمور کے کنایہ آبادی سے-

معمُول - ع - عمل کیا گیا- وہ بات جو روز کیجاے-

مَعن - ع - نام ایک شخص کا عرب مین جو نہایت سخی اور بلند ہمت تھا-

مُعنبر - ع - وہ چیز جسمین عنبر ملایا گیا ہو- خوشبودار- اور کنایہ سیاہ رنگ سے-

مُعنبر دام - ف - کنایہ معشوق کے سر کے بالون اور زلف سے-

مُعنبر سایبان - ف - کنایہ معشوق کی بھووئنے-

معنُون - ع - عنوان کیا گیا- یعنی دیباچہ کیا گیا-

معنوی - ع - منسوب معنی سے- باطنی-

معنٰے - ع - قصد کیا گیا- جگہ قصد کی- جگہ مطلب چاہنے کی- مطلب- مراد- مضمون- اسکے آخر مین الف مقصورہ ہے مگر فارسی مین یاے معروف سے بروزن مرضی مستعمل ہے-

معنی بیگانہ - ف - نیا مضمون جس کو

پہلے کسی نے نہ باندھا ہو۔
مُعوَجّ - ع - کج - خم - ٹیڑھا -
مُعَوَّضَت - ع - وہ شے جو کسی شی کے بدلے اور عوضمین دیجاوے -
مُعَوَّق - ع - باز رکھا گیا - قید مین رکھا گیا - مجازاً بمعنے مشکل اور دشوار کے مستعمل ہے -
مُعَوَّل - ع - } اعتماد کیا گیا -
مَعْوُول - ع - }
مُعَوَّل - ع - جگہ اعتماد کی - جگہ بھروسے کی - جگہ مدد چاہنے کی -
مِعْوَل - ع - پتھر کاٹنے کا بسولہ -
مَعُونَت - ع - مدد کرنا - مدد - یاری -
مَعْہٰذا - ع - ساتھ اس بات کے باوجود اس بات کے -
مَعْہُود - ع - پُرانا - قدیم - کہنہ - عہد کیا گیا پیمان کیا گیا -
مِعْیَار - ع - کسوٹی جسپر سونے کا اچھا برا معلوم ہوتا ہے - کانٹا چاندی اور سونا تولنے کا -
مُعِیب - ع - عیب کرنیوالا - عیب دار -
مَعِیَّت - ع - ہمراہی پن - ساتھ پن - اور کبھی اس لفظ سے اشارہ ہوتا ہے طرف اس آیہ کے - اِنَّ اللہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ -
مُعِید - ع - اعادہ کرنے والا - کسی کام کا بار بار کرنے والا -
مُعِیر - ع - کسی کو کوئی چیز عاریت یعنی مانگے دینے والا -
مَعِیش - ع - } زندگانی - زندگی -
مَعِیشَت - ع - } زندگی کرنا - وہ چیز جس سے زندگی کرین - سبب زندگی -
مُعِیل - ع - عیال دار آدمی - وہ شخص جسکے لڑکے بالے اور متعلق بہت ہون -
مُعِین - ع - مدد کرنے والا -
مَعِین - ع - جاری رواں - وہ پانی جو جاری ہو -
مُعَیَّن - ع - مقرر کیا گیا - خاص کیا گیا -
مَعِیُوب - ع - عیب کیا گیا - عیب دار -

فصل میم مع غین معجمہ

مَغ - ف - گہراؤ -
مُغ - ف - آتش پرست -
مَغَابِن - ع - ران کی جڑین - چڈھے -
مُغَاث - ع - نام ایک دوا کا جو ایک جنگلی درخت کی چھال ہے -
مُغَادَرَت - ع - آپسمین ایک دوسرے کے ساتھ بیوفائی کرنا - چھوڑ دینا - کسی چیز کو ترک کر دینا -
مَغَار - ع - وہ غار جو پہاڑ مین ہو -
مَغَارہ - ع - پہاڑ کی کھو - وہ غار جو پہاڑ مین ہو - اور جگہ غارت کرنے اور لوٹنے کی اسلیے کہ اسم ظرف غارت سے بھی درست ہو سکتا ہے -
مُغَازَلَت - ع - محبوب کے ساتھ بازی کرنا - آپسمین غزل کہنا -
مُغَاضَبَت - ع - کسی پر غصہ کرنا -
مَغَاک - ف - گڑھا - یہ لفظ مرکب ہے مغ بمعنی گہرائی اور آک سے جو کلمہ نسبت کا ہے -
مُغَالَبَت - ع - کسی پر غلبہ ڈھونڈھنا -
مُغَالَطَہ - ع - غلطی مین کسی کو ڈالنا -
مُغَان - ف - جمع ہے مُغ کی آتش پرست لوگ - اور نام ایک شہر کا ہے آذربائجان مین سے -
مُغَانَہ - ف - آتش پرستونکی طرح -
مُغَایَرَت - ع - باہم غیر ہونا - مخالفت -
مُغْبَر - ع - غبار آلودہ - تیرہ رنگ -
مَغْبُوطَہ - ع - } محسود - حسد کیا گیا -
مَغْبُوط - ع - } رشک کیا گیا -
مَغْبُون - ع - وہ شخص جسکو نقصان پہونچا ہو - زیان پہونچا ہوا -
مُغْتَبِط - ع - محسود - حسد کیا گیا -
مُغْتَذِی - ع - غذا پانیوالا -
مُغْتَنَم - ع - غنیمت معلوم کیا ہوا - غنیمت کیا گیا -
مُغْرَا - ع - تعجب کیا گیا - تعجب انگیز

سریشس سے چپکایا گیا۔
مَغرِب ۔ع۔ جگہ چھپنے سورج کی پچھم
مُغرِب ۔ع۔ دُور جانے والا۔ غائب ہونے والا۔
مغرِبلی ۔ف۔ کنایہ اشرفی سے۔
مَغرَس ۔ع۔ جگہ بٹھانے درخت کی۔ تھالا۔
مُغرِف ۔ع۔ چلّو مین پانی لینے والا۔
مِغرَفہ ۔ع۔ ڈوئی۔ کفگیر۔ کفچہ۔
مُغرَق ۔ع۔ مرادی معنی چپکول۔ جگمگا۔
مَغرُور ۔ع۔ جسکو غرور ہو۔ گھمنڈی۔
مَغرُوق ۔ع۔ ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مَغرَہ ۔ع۔ ایک مٹی ہے سرخ رنگ جسکو ہندی مین گیرو کہتے ہین۔
مُغرِی ۔ چپکنے والا۔ لسدار۔ کسی کو جنگ پر اُبھارنے والا۔
مَغز ۔ع۔ گودا۔ دماغ۔ بھیجا۔
مَغز پالُودَہ ۔ف۔ مغز ضعیف۔
مَغز تَر کَردَن ۔ف۔ بات کرنا۔
مَغز دَر سَر کَردَن ۔ف۔ چپ ہونا۔
مَغز سُخن سوختن ۔ف۔ بات کرنے کی بے انتظامی غصہ اور غضب کے وقت۔
مِغزَل ۔ع۔ چرخہ کا تکلا۔
مَغزِی ۔ف۔ ایک قسم حلوا کی ہے جسمین مغز بادام و پستہ پڑتا ہے۔
مُغَسِّل ۔ع۔ غسل دینے والا۔

مُغَسَّل ۔ع۔ غسل دیا گیا۔
مَغسَل ۔ع۔ جگہ غسل کی۔ جگہ نہلانے مردہ کی۔
مَغسُول ۔ع۔ دھویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔ اور وہ کلام سہل اور ذلیل و حقیر جو عمدگی سے خالی ہو۔
مَغشُوش ۔ع۔ خیانت کیا گیا۔ کھوٹ ملایا ہوا۔ غیر خالص۔
مَغشِی ۔ع۔ جسپر غشی آگئی ہو۔ بیہوش۔
مَغص ۔ع۔ مروڑا پیچش شکم کی انتڑی اور پیٹ کا درد۔
مُغضِب ۔ع۔ غصہ والا۔ غصہ اور غضب دلانیوالا۔
مَغضُوب ۔ع۔ وہ شخص جسپر غصہ کیا گیا ہو غضب کیا گیا۔
مِغفَر ۔ع۔ لوہے کا خود۔
مَغفِرت ۔ع۔ بخشش۔ گناہ بخشنا۔
مَغفُور ۔ع۔ بخشا گیا۔ مغفرت کیا گیا۔
مُغَل ت۔ نام ایک فرقہ کا ہے جو اعلیٰ قوم ترکستان کی ہے۔ اور بمعنی شریر اور سادہ دل کے بھی آیا ہے۔
مِغلاق ۔ع۔ قفل۔ زنجیر دروازہ کی۔
مَغالِطہ ۔ع۔ وہ مقام جہاں لوگ شبہہ اور غلطی مین پڑین۔
مُغَلَّظہ ۔ع۔ موٹا۔ دلدار۔ سخت مضبوط اور استوار کیا گیا۔

مُغلَق ۔ع۔ } بند دروازہ۔ اور مشکل
مُغلَقہ ۔ع۔ } کلام جسکے معنی کا سمجھنا آسان نہو۔
مَغلُوب ۔ع۔ عاجز۔ غلبہ کیا گیا۔
مَغلُوق ۔ع۔ دروازہ بند کیا ہوا۔
مَغلُول ۔ع۔ لوہے کا طوق گردن مین ڈالا ہوا۔ عذاب کا طوق ڈالا گیا۔
مُغمَد ۔ع۔ پوشیدہ کیا گیا۔ چھپایا ہوا۔ تلوار غلاف مین کی ہوئی۔
مُغمِز ۔ع۔ آنکھ اور بھون سے اشارہ کرنیوالا۔ چغلخور۔ لُترا۔
مَغمُور ۔ع۔ ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔
مَغمُوز ۔ع۔ معیوب۔ عیب دار۔
مَغمُوم ۔ع۔ غمگین۔ رنجیدہ۔
مُغَنِّی ۔ع۔ گانے والا۔ گویا۔ ڈوم۔
مُغَنِّیہ ۔ع۔ گانے والی۔ ڈومنی۔
مُغنِی ۔ع۔ بے پروا کرنیوالا۔ بے نیاز کرنے والا۔
مُغیب ۔ع۔ غائب ہونا۔ غائب غائب شدہ۔
مُغَیَّب ۔ع۔ غائب کیا گیا۔
مُغِیث ۔ع۔ فریادرس۔ وہ شخص جو کسی کی فریاد کو پہونچے۔
مُغِیر ۔ع۔ غارت کرنے والا۔ شتاب

اور جلدی کرنیوالا۔ لوٹنے والا۔

مُغِیل -ع- ببول کا درخت۔

مُغِیلان -ع- ببول کا درخت۔ کیکر۔ یہ لفظ مفرد ہے اسکی اصل ام غیلان تھی ام بمعنی مادر اور غیلان جمع غول کی چونکہ یہ درخت جنگل مین ہوتا ہے اور وہان اکثر دیو رہتے ہین اس مناسبت سے ام غیلان نام ہوا یعنے مادر دیوان کثرت استعمال سے الف کو حذف کرکے مغیلان کہنے لگے۔

فصل میم مع فا

مَفَاتِح -ع- جمع مِفتَح بمعنی کنجی کی۔ اور جمع مَفتَح بمعنی خزانہ کی۔

مَفَاتِیح -ع- جمع مفتاح کی۔ کنجیان۔

مَفَاجَا -ع- مخفف مفاجات کا جو بمعنی ناگاہ کے ہے۔

مُفَاجَات -ع- اچانک ہونا۔ دفعتہً ہوجانا۔ ناگاہ ہونا۔

مُفَاخَرَت -ع- بزرگی اور ہنر مین کسی کے ساتھ فخر اور ناز کرنا۔

مُفَاخِر -ع- فخر کرنیوالا۔

مُفَاخِرَہ -ع- فخر کرنیوالی۔

مُفَارِق -ع- فرق کرنے والا۔

مَفَارِق -ع- جمع مفرق کی جو بمعنی تارک یعنے سر کے بالون کی مانگ کے ہے۔

مُفَارَقَت -ع- جدائی۔

مُفَارَہ -ع- چوہے کے رہنے کا بل۔

مَفَاز -ع- پہونچنے کی جگہ۔

مَفَازَہ -ع- جگہ رہائی پانیکی۔ جگہ فتح و فیروزی کی۔ جگہ کامیابی کی۔ مجازاً بمعنی جنگل۔ بیابان۔

مَفَاسِد -ع- برائیان۔ خرابیان۔

مَفَاصِل -ع- جمع مَفصَل کی۔ ہاتھ اور پاؤن کے جوڑ اور بند۔ مقامات اور جگہین جدا ہونے کی۔

مُفَاصَلَہ -ع- ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ باہمی فرق۔

مَفَاوِز -ع- جمع مفاز کی۔ پہونچنے کی جگہین۔ منازل۔ مقامات۔

مُفَاوَصَت -ع- صاد مہملہ سے اپنے راز اور بھید کہنا۔ مشورہ کرنا نرمی سے بات بیان کرنا۔

مُفَاوَضَہ -ع- ایک دوسرے کو سونپنا اور سپرد کرنا۔ شرکت کرنا۔ کسی بات مین کسی کی برابری کرنا۔ اور اہل انشا کے محاورہ مین بمعنی خط اور مکتوب کے مستعمل ہے۔ مجازاً بمعنی جماع کے بھی۔

مُفَاوَضَات -ع- وہ مکتوب جو بڑے چھوٹون کو لکھین۔ اور مراسلات وہ مکتوب جو برابر والون کو لکھے جائین۔

مُفت -ف- وہ چیز جو بے محنت ملے۔

مِفتَاح -ع- کلید۔ کنجی۔ اور نام ایک کتاب کا علم معانی مین سکاکی سے اسکی جمع مفاتیح آتی ہے۔

مُفتَتَن -ع- فساد اٹھایا گیا۔ فتنہ اور فساد مین ڈالا گیا۔

مَفتَح -ع- خزانہ۔ جگہ کھولنے کی۔ جگہ فتح کی۔

مِفتَح -ع- کلید۔ کنجی۔

مُفتَخِر -ع- فخر کرنے والا۔ بڑائی اور شیخی کرنے والا۔

مُفتَخَر -ع- فخر کیا گیا۔ بزرگ۔

مُفتَرَضَات -ع- وہ چیزین جو فرض اور واجب کی گئی ہین۔

مُفتَرَع -ع- شاخ کیا گیا۔

مُفتَرِق -ع- علٰحدہ اور فرق کرنیوالا۔

مُفتَرِی -ع- بہتان لگانے والا۔ کسی پر تہمت اٹھانے والا۔ جھوٹ بات بنانے والا۔

مُفَتِّش -ع- ڈھونڈھنے والا۔

مُفتَقَد -ع- گم کیا ہوا۔ کھویا ہوا۔ بازپرس کیا گیا۔

مُفتَقِر -ع- محتاج۔ فقیر۔

مُفتَل -ع- بٹا ہوا۔ بل دیا ہوا۔ خواہ رسی ہو خواہ ڈورا۔

مُفْتِنِین ۔ع۔ فساد اٹھانے والے فتنہ انداز لوگ۔

مَفْتُوح ۔ع۔ کھولا گیا۔ فتح کیا گیا۔

مَفْتُول ۔ع۔ بٹا ہوا کئی تار آپس میں بٹے ہوئے ۔ تار خواہ سوت کے ہوں خواہ ریشم یا کلابتون کے۔

مَفْتُون ۔ع۔ فتنہ و فساد میں ڈالا ہوا۔ شیفتہ ۔ مبتلا۔ عاشق۔

مُفْتِی ۔ع۔ فتوے دینے والا۔

مُفَجِّج ۔ع۔ کچا اور خام رکھنے والا اور منضج کا ضد ہے۔

مُفَخَّر ۔ فخر کیا گیا۔ بہت بزرگ۔

مَفْخَر ۔ع۔ مصدر میمی ہے۔ فخر کرنا اور ناز کرنا کسی چیز پر۔

مُفَخَّم ۔ع۔ بزرگ رکھا گیا۔ بہت عزت اور حرمت کیا گیا۔ بڑا بزرگ۔

مَفَرّ ۔ع۔ جگہ بھاگ جانے کی یعنے وہ جگہ جہاں آدمی کسی آفت سے بھاگ کر جائے اور وہاں آرام پاوے۔ اور وہ راہ جدھر سے بھاگ سکے اور بمعنی مطلق بھاگنے کے بھی ہے۔

مَفَرّ ۔ع۔ جائے گریز۔ جگہ بھاگنے کی

مُفِرّ ۔ع۔ بھاگنے والا۔

مِفَرّ ۔ع۔ آلہ بھاگنے کا۔ وہ گھوڑا جو بہت تیز دوڑتا ہو۔

مِفْرَاح ۔ع۔ بہت خوشی کرنے والا۔

مُفْرِج ۔ع۔ وہ مرغی جسکے پاس بچے چھوٹے چھوٹے ہوں۔

مُفْرَج ۔ع۔ شانہ۔ کنگھی۔

مُفَرِّج ۔ع۔ غم کا دور کرنیوالا۔

مُفَرِّح ۔ع۔ فرحت دینے والا۔ وہ دوا مرکب جو خوش مزہ اور خوشبو اور طاقت دینے والی دل و جگر کی ہو۔

مَفْرَح ۔ع۔ جائے خوشی۔

مُفْرَد ۔ع۔ وہ جو مرکب نہو۔ تنہا۔ اور کبھی فارسی کی اصطلاح میں بمعنی بندہ فرمابردار کے بھی آتا ہے۔

مُفْرَدات ۔ع۔ جمع مفرد بمعنی تنہا کی حرف ہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں گنتی ایک سے دس تک۔

مُفْرَد سَوَار ۔ف۔ شہسوار۔

مُفْرَدَہ ۔ع۔ تنہا۔ اکیلا۔

مُفَرِّز ۔ع۔ جدا کرنے والا۔

مُفَرَّز ۔ع۔ جدا کیا گیا۔

مُفْرَش ۔ع۔ وہ چیز جسمیں کپڑے رکھیں صندوق وغیرہ۔ بستر۔ فرش جامہ خواب رات کے کپڑے۔

مُفْرِط ۔ع۔ حد سے زیادہ گذرنے والا زیادہ ہونے والا۔ مجازاً کثیر۔ زیادہ۔

مُفْرَغ ۔ع۔ جگہ گرنے پانی کی۔

مَفْرَغَہ ۔ع۔ جگہ گرانے پانی کی۔

مُفَرِّق ۔ع۔ پراگندہ اور پریشان کر دینے والا۔

مَفْرِق ۔ع۔ سر کے بالوں کے دو حصہ کرنے سے جو لکیر پڑ جاتی ہے ہندی میں اسکو مانگ کہتے ہیں۔

مَفْرُوز ۔ع۔ جدا کیا گیا۔

مَفْرُوش ۔ع۔ بچھایا گیا۔ بچھونا۔

مَفْرُوض ع۔ فرض اور واجب کیا گیا۔

مَفْرُوغ ۔ع۔ گرایا گیا۔

مَفْرُوق ۔ع۔ فرق کیا گیا۔

مَفْزَع ۔ع۔ پناہ کی جگہ۔

مُفْزَع ۔ع۔ بد دل۔ ڈرپوک۔

مُفْسِد ۔ع۔ فساد کرنے والا۔

مَفْسَدَہ ۔ع۔ فساد۔ دنگا۔ بگاڑ۔

مُفَسِّر ۔ع۔ معنی بیان کرنے والا تفسیر کرنے والا۔

مَفْسُوخ ۔ع۔ فسخ کیا گیا۔ اگلی صورت بگاڑی گئی۔ قول و قرار توڑا گیا۔

مَفْشُوش ۔ع۔ سست عقل۔ بیہودہ جھوٹا۔

مَفْصَد ۔ع۔ جگہ فصد کرنے کی۔ خون نکالنے کی جگہ۔

مَفْصِل ۔ع۔ بدن کا جوڑ۔ پیوند گاہ۔

مُفَصَّل ۔ع۔ تفصیل کیا گیا۔ کھول کر

بیان کیا گیا۔ جدا کیا گیا۔
مفصل - ع - کنایہ زبان سے۔
مفضال - ع - بڑا احسان کرنیوالا۔ بڑا فضل و بخشش کرنے والا۔
مفضح - ع - رسوا کرنے والا۔
مفضل - ع - افزون اور زیادہ کیا گیا فوقیت اور برتری دیا گیا۔
مفضل - ع - زیادتی دینے والا۔ فوقیت اور برتری دینے والا۔
مفضل - ع - نیکی کرنے والا - اور افزون کرنے والا۔
مفضول - ع - زیادتی دیا گیا۔ اور فضیلت دیا گیا۔
مفضی - ع - پہونچانے والا۔ مباشرت کرنیوالا - جماع کرنے والا۔
مفطر - ع - روزہ کھولنے والا۔
مفطن - ع - سمجھانے والا۔ فہمایش کرنیوالا۔
مفطور - ع - پیدا کیا گیا - چیرا اور پھاڑا گیا - شگافتہ شدہ۔
مفعول - ع - فعل کیا گیا۔
مفقر - ع - محتاج کرنے والا - فقیر اور مفلس کرنے والا۔
مفقود - ع - گم کیا ہوا - کھویا ہوا۔
مفکر - ع - فکر کرنے والا۔

مفلوک - ع - جدا کیا گیا - چھڑایا گیا۔
مفلس - ع - جسکے پاس پیسہ نہو - محتاج - غریب -
مفلوج - ع - فالج زدہ - وہ شخص جسکو فالج کی بیماری ہو۔
مفلوک - ع - فلک زدہ - مفلس - تباہ - تباہ حال - یہ صیغہ اسم مفعول کا مصدر جعلی سے ہے۔
مفوِض - ع - کسیکو کام سپرد کرنے والا۔
مفوَّض - ع - کام کسی کو سپرد کیا ہوا۔
مفہوم - ع - سمجھا گیا۔
مفید - ع - فائدہ دینے والا۔
مفیض - ع - فیض پہونچانیوالا۔
مفیق - ع - ہوش مین لانیوالا - ہوشیار ہوش والا۔

فصل میم مع قاف

مقابر - ع - جمع مقبرہ کی - مردون کی قبرونکی جگہین۔
مقابح - ع - برائیان - خرابیان۔
مقابل - ع - سامنے والا۔
مقابلہ - ع - آپسمین برابری کرنا آپس مین روبرو ہونا - آمنا - سامنا۔
مقابیح - ع - برائیان - قباحتین۔
مقاتل - ع - باہم لڑکر قتل کرنیوالا۔
مقاتَل - ع - جنگ کیا گیا - قتل کیا گیا۔

مقاتلہ - ع - باہم قتل کرنا۔
مقادیر - ع - جمع مقدار کی - اندازے۔
مقاربت - ع - نزدیکی - قرب - کسی شےسے نزدیک ہونا - کنایہ جماع سے بھی۔
مقارعت - ع - باہم قرعہ ڈالنا - آپسمین تلوار مارنا۔
مقارنت - ع - باہم نزدیک ہونا - نزدیک کرنا - اکٹھا ہونا دو ستارونکا ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ مین۔
مقاریض - ع - جمع مقراض بمعنی قینچی کی۔
مقاسات - ع - رنج کھینچنا - دکھ اٹھانا۔
مقاسمت - ع - باہم تقسیم کرنا - آپسمین بانٹ لینا - کسی سے قسم کھانا - کسی کو کوئی چیز دے ڈالنا۔
مقاصد - ع - جمع ہے مقصد کی - مطالب نام کتاب کا علم کلام مین۔
مقاطر - ع - پانی وغیرہ کا ٹپکانیوالا۔
مقاطع - ع - قطع کرنیوالا - کسی چیز کو اجارہ اور ٹھیکہ پر لینے والا۔
مقاطع - ع - جگہین تمامی اور انتہائی کی۔
مقاطعت - ع - کاٹنا اور قطع کرنا۔
مقاطیع - ع - جمع ہے مقطع کی جگہین قطع کرنے اور کاٹنے کی۔
مقاعد - ع - جمع ہے مقعد کی بیٹھنے کی جگہین۔

مَقال -ع- گفتگو- بات چیت- یہ مصدر میمی ہے۔

مَقالَت -ع- مصدر میمی ہے بمعنی گفتگو

مَقالَہ -ع- بات کہی ہوئی۔

مَقالِید -ع- کلید ہا- کنجیان- یہ جمع ہی مقلید کی۔

مَقام -ع- جگہ ٹھہرنے کی- جگہ قیام کی اور اصطلاح موسیقی مین پردہ سرود کا۔

مُقام -ع- اقامت- ٹھہرنا- قیام۔

مُقامات -ع- جمع مقام کی- اور کنایہ مراتب اور قواعد اور حکایات سے جیسے مقامات حریری وغیرہ۔

مُقامِر -ع- حریف- جواری۔

مُقامَرت -ع- قمار بازی- جوا کھیلنا۔

مَقامِ محمود -ع- نیکیون کا اعلیٰ درجہ- نام ایک مقام کا جہان پر آنحضرت صلعم معراج کی رات کو پہونچے تھے۔

مُقادِم -ع- برابری کرنے والا۔

مُقاوَمَت -ع- کسی کیساتھ برابری کرنا

مَقاہیر -ع- جمع مقہور کی- قہر کیے گئے لوگ- غضب کیے گئے لوگ۔

مُقایسَہ -ع- قیاس اور اندازہ کرنا۔

مَقبَرَہ -ع- گور مردہ کی- جگہ قبر کی۔

مِقبَض -ع- وہ رسی جس سے ہاتھ پانون چوپائے کے باندھ دین بروقت دودھ دوہنے کے تاکہ وہ شوخی نہ کرے

مُقبَض -ع- قبضہ و دستہ کسی چیز کا۔

مُقبِل -ع- خدا کا حکم قبول کرنے والا- کسی چیز کیطرف مُنھ کرنے والا- سامنے ہونے والا- روبرو ہونے والا- صاحب اقبال دولت والا۔

مُقبَل -ع- قبول کیا گیا- روبرو کیا گیا- عزت دار- منھ چڑھا جس کی بات حاکم مانے۔

مَقبُوح -ع- نیکی سے دور رکھا گیا- زشت- بد- بُرا۔

مَقبُوض -ع- قبضہ کیا گیا- قبضہ مین لیا گیا- پکڑا گیا۔

مَقبُول -ع- قبول کیا گیا- مانا گیا۔

مَقت -ع- دُشمنی۔

مُقتَبِس -ع- روشنی لینے والا- آگ لینے والا۔

مُقتَحِم -ع- غالب- ظالم۔

مُقتَدا -ع- } وہ شخص جس کی اور
مُقتَدیٰ -ع- } لوگ پیروی کرین
پیشوا- دینی سردار۔

مُقتَدِر -ع- قدرت رکھنے والا- طاقتور- زور آور۔

مُقتَدِی -ع- پیروی کرنے والا- پیرو۔

مُقتَر -ع- فقیر- مفلس- محتاج۔

مُقتَصِد -ع- بیچ کی چال چلنے والا- حد اوسط نگاہ رکھنے والا۔

مُقتَصِر -ع- تھوڑے پر صبر کرنے والا- مختصر کرنیوالا۔

مُقتَضا -ع- } چاہا گیا- خواہش کیا گیا
مُقتَضیٰ -ع- } مجازاً- مراد مطلب

مُقتَضَب -ع- قطع کیا گیا- کاٹا گیا- نام ایک بحر کا شعر مین۔

مُقتَضِی -ع- خواہش کرنے والا اور چاہنے والا۔

مُقتَفی -ع- پیچھے سے آنے والا- پیرو۔

مَقتَل -ع- وہ زمین جہان پر کوئی قتل کیا گیا ہو- جگہ قتل کرنے کی- وہ مقام جہاں پر زخم لگنے سے آدمی مرجائے۔

مُقتَنِص -ع- شکار کرنیوالا- قید اور اسیر کرنیوالا- کسب کرنے والا۔

مُقتَنی -ع- سرمایہ دار- پونجی والا- سرمایہ دینے والا۔

مُقتَنیات -ع- دنیاکے اسباب سرمایہ کی ہوئی چیزین- اسباب دنیوی۔

مَقتُول -ع- قتل کیا گیا۔

مِقدار -ع- اندازہ۔

مِقدام -ع- بہادر- شجاع- دلاور جو میدان جنگ مین سب سے آگے بڑھکر لڑے۔

مُقَدِّر۔ ع۔ تقدیر اور اندازہ کرنیوالا۔
مُقَدَّر۔ ع۔ تقدیر اور اندازہ کیا گیا۔ وہ چیز جسپر قدرت اور توانائی ہو۔
مَقْدِرَت۔ ع۔ قدرت۔ توانائی۔ طاقت دولتمندی۔ توانگر ہونا۔
مُقَدَّس۔ ع۔ پاک مرد۔ پاک چیز۔
مُقَدَّسَہ۔ ع۔ پاک عورت۔
مُقَدِّم۔ ع۔ پیش کرنے والا۔
مُقَدَّم۔ ع۔ پیش کیا گیا۔ چودھری۔ اور منطق کی اصطلاح مین قضیہ شرطیہ کے جزو اول کو مقدم کہتے ہین۔ اور جزو ثانی کو تالی۔ نام چھبیسوین منزل کا چاند کی منزلون سے۔
مَقْدَم۔ ع۔ سفر سے یا کسی اور جگہ سے پھر کر آنا۔ جگہ قدم رکھنے کی۔ کسی شخص کے آنے کا وقت۔
مُقْدِم۔ ع۔ آگے جانیوالا۔ دلیر۔ پیشقدمی کرنیوالا۔ آنکھ کا گوشہ یعنی کویا جوناک کی طرف ہوتا ہے۔
مُقْدِمُ الْعَیْن۔ ع۔ آنکھ کا کویا جوناک کی طرف ہوتا ہے۔
مُقَدِّمَۃُ الْجَیْش۔ ع۔ وہ تھوڑا سا لشکر جو ساری فوج سے آگے بھیجا جاوے اور اس لشکر کا یہ بھی کام ہے کہ جگہ اُترنے کی فوج کے لیے تلاش اور دیگر امور ضروری کی فکر کرے۔ اور وہ شخص جو نہایت بہادری سے لشکر کا ہراول ہو۔ اور سردار لشکر کا۔
مُقَدِّمَہ۔ ع۔ آگے جانیوالا۔ پیش کرنیوالا۔ کچھ عبارت جو مضمون کتاب کے شروع کرنے سے پہلے لکھی جاوے یا وہ مطلب جو پیشتر کہا جاوے واسطے آسانی سمجھنے مطلب دیگر کے۔
مُقَدَّمَہ۔ ع۔ پیش کیا گیا۔ مجازاً واردات کسی حال کی۔
مَقْدُور۔ ع۔ قدرت کیا گیا۔ قوت طاقت۔ زور۔
مُقْذِع۔ ع۔ بیہودہ بات کہنے والا۔ گالیان بکنے والا۔
مَقْذُور۔ ع۔ نجس۔ پلید۔ وہ شخص جس سے لوگ پرہیز کرین۔
مَقَر۔ ع۔ جگہ اقرار کی۔ جگہ آرام کی۔
مُقِر۔ ع۔ اقرار کرنیوالا۔
مِقْرَاض۔ ع۔ } کاٹنے کا اوزار
مِقْرَاضَین۔ ع۔ } کترنی۔ قینچی۔
مِقْرَاض شتر گردن۔ ف۔ ایک قسم کی قینچی جو خمدار ہوتی ہے۔
مِقْرَاضَک۔ ع۔ کشتی کا ایک پیچ ہے کہ دونون پانون حریف کی گردن مین ڈالکر گرا دیتے ہین۔
مِقْرَاض ہندی۔ ف۔ سروتا جس سے چھالیا کاٹتے ہین۔
مِقْرَاضَہ۔ ع۔ } نام ایک حلوے کا
مِقْرَاضی۔ ع۔ }
مُقَرَّب۔ ع۔ نزدیک کیا گیا۔ بزرگی کیا گیا۔ مجازاً خاص دوست۔
مَقْرُبَہ۔ ع۔ خویشی۔ عزیزداری۔
مُقَرَّر۔ ع۔ قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ تقریر کیا گیا۔
مُقَرِّر۔ ع۔ قرار دینے والا۔ تقریر کرنیوالا۔
مِقْرَض۔ ع۔ کترنی۔ قینچی۔
مُقْرَض۔ ع۔ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔
مُقَرَّط۔ ع۔ گوشوارہ سے زینت دیا گیا۔
مِقْرَعَہ۔ ع۔ مارنیکی لکڑی۔ دھوبیونکی کُندی۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ یہ صیغہ ہے اسم آلہ کا قرع سے جسکے معنی کوٹنے کے ہین۔
مُقْرَم۔ ع۔ شتر نر۔ اونٹ۔
مُقَرْنَس۔ ع۔ وہ عمارت جو مخروطی شکل کی بنی ہو جیسے چوٹی پہاڑ کی اور مراد اس سے عمارت بلند اور بناے عالی۔
مَقْرُوض۔ ع۔ قرضدار وہ شخص جس پر کسی کا قرض ہو۔ قرض دیا ہوا۔
مَقْرُون۔ ع۔ نزدیک کیا گیا۔
مُقْرِی۔ ع۔ پڑھانیوالا۔ تعلیم دینے والا قرآن شریف کا لڑکونکو۔ اور گور مقری

مراد ہے اُس اندھے حافظ سے جو قرآن شریف لڑکوں کو پڑھاوے۔ اور اکثر ایسے حافظ اندھے مادرزاد ہوتے ہیں۔ واضح ہو کہ اندھا مادرزاد کبھی اپنے کو خواب میں آنکھوں والا یعنی بینا نہیں دیکھتا اور جو درمیان میں اندھا ہو جاتا ہے وہ خواب میں اپنے کو بینا دیکھتا ہے۔

مُقسِم -ع- جگہ تقسیم کی۔

مَقسُوم -ع- بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔

مُقَشَّر -ع- چھلکا اُتارا ہوا۔ وہ چیز جو چھیلی گئی ہو۔

مِقَصّ -ع- کترنی۔ قینچی۔

مَقصَد -ع- جگہ قصد کرنے کی۔ مجازاً مطلب مراد۔ یہ لفظ بفتح صاد غلط مشہور ہے اسلیے کہ قصد یقصِد باب ضرب یضرب سے آیا ہے۔

مُقَصِّر -ع- کم کرنیوالا۔ تقصیر کرنیوالا۔

مُقَصَّر -ع- کم کیا گیا۔ تقصیر کیا گیا۔

مَقصُود -ع- قصد کیا گیا ارادہ کیا گیا۔

مَقصُودِ کُن فَکان -ع- کنایہ ذات آنحضرت صلعم سے۔

مَقصُور -ع- کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا اور چھوٹا کیا گیا۔

مَقصُورہ -ع- چھوٹا حجرہ۔ چھوٹی جگہ امام کے کھڑے ہونیکی جگہ مسجد میں۔

مَقضِی -ع- ادا کیا گیا۔ تمام کیا گیا۔

مَقضِیہ -ع- ادا کی گئی۔ تمام کی گئی۔

مِقَطّ -ع- قطزن۔ قطگیر۔

مُقَطَّر -ع- ٹپکایا گیا۔ وہ چیز جو قطرہ قطرہ کرکے ٹپکائی جاوے۔

مُقَطِّع -ع- قطع کرنیوالا مقدمات اور معاملات کا کاٹنے والا۔

مُقَطَّع -ع- قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ وہ چیز جسکے اطراف کی زیادتیاں چھانٹ کے اُسکو درست کر لیا ہو۔ چھوٹے قد کا آدمی۔

مِقطَع -ع- مقراض۔ قینچی۔

مَقطَع -ع- جگہ کاٹنے کی۔ محل انتہا کا مقام تمامی کا۔ غزل اور قصیدے کی اخیر بیت۔

مَقطُوع -ع- قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ وہ شخص جو کسی سبب سے قافلے کی ہمراہی سے چھٹ گیا ہو۔ کبڑا قطع کیا ہوا۔

مَقعَد -ع- جائے نشست۔ جگہ بیٹھنے کی۔ مجازاً جائے پاخانہ کا مقام۔

مُقعَّر -ع- جائے عمیق۔ گہری جگہ۔ گڑھا جو گہرا کھدا ہو۔

مُقفّیٰ -ع- قافیہ کیا گیا۔

مَقل -ع- سخن چینی کرنا۔ لترا پا کرنا۔ کسی کے آگے دوسرے کو بُرا اور بد کہنا۔ کسی چیز کو گھورنا۔

مُقل -ع- ایک گوند مشہور ہے جس کو ہندی میں گوگل کہتے ہیں۔

مُقِلّ -ع- درویش۔ فقیر۔ تقلیل یعنی تھوڑا کرنے والا۔

مُقَل -ع- جمع مقال بمعنی گفتگو اور بات کی۔ اور بمعنی لذر کے بھی آیا ہے۔

مِقلاد -ع- کلید۔ کنجی۔ مقالید جمع ہے

مُقَلِّد -ع- عمل کرنیوالا کسی کے قول پر بغیر دلیل کے پیرو اور مجازاً بمعنی نقال کے بھی آتا ہے۔

مُقَلِّد پیشہ -ف- نقل کرنیوالا۔ ناچنے والا۔ گانے والا۔

مُقَلقَل -ع- بیقرار۔ مضطرب۔ اور بمعنی خراب کے بھی آیا ہے۔

مُقَلقَلہ -ع- آواز صراحی اور شیشہ کی بروقت اُنڈیلنے پانی وغیرہ کے۔

مَقلُوب -ع- اُلٹا گیا۔ پلٹا گیا۔ اوندھا

مُقلَہ -ع- تمام آنکھ کا کاسہ مع سیاہی اور سفیدی کے اور ابن مقلہ نام ایک خوشنویس کا جسنے چھ خط ایجاد کیے۔

مِقلِید -ع- کلید۔ کنجی۔ مقالید جمع ہے

مُقلِیاثا -ع- یہ لغت سُریانی ہے۔ تخم تیزک جسکو ہالون کہتے ہیں۔

مِقْنَاطِیس - ع - ایک پتھر ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ہندی مین اُسکو چمک کہتے ہین اور اس لفظ مین بجائے قاف غین معجمہ بھی آئی ہے -

مُقَنَّب - ع - بھنگ ملا ہوا کھانا وغیرہ -

مِقْنَب - ع - شیر کا چنگل - توبرہ اور توشہ دان شکاریکا جسمین وہ شکار کو ڈالتا جائے - گلّہ گھوڑونکا تیس سے چالیس تک اور تین سو گھوڑون کی مقدار کو بھی کہتے ہین -

مُقَنَّد - ع - قند ملی ہوئی شَی - میٹھی چیز -

مُقَنْطَرَہ - ع - قنطار - زیادہ کیا گیا - اور بھرا ہوا - اور قنطار بیل کی ایک کھال بھر زر کو کہتے ہین -

مُقَنَّع - ع - بروزن مُعَمَّع نام ایک شخص کا جسکے بیٹے کا نام عطا تھا اور کنیت ابن مقنع اور اسی عطا نے سحر اور طلسم سے ایک کنوئین مین سے چاند نکالا تھا جس سے نخشب اور کش وغیرہ شہر رات بھر روشن رہا کرتے تھے اور یہ چاند دو مہینے تک ہر رات اُسی کنوئین سے نکلا کیا اور وہ کنوان کوہ سیام کے نیچے واقع تھا اور اس چاند کو ماہ مقنع بھی کہتے ہین اگرچہ بنایا ہوا ابن مقنع کا تھا اور یہ اس قبیل سے ہے جیسے کہتے ہین منصور کو سولی پر چڑھایا حالانکہ جسنے انا الحق کہا تھا اور جسکو سولی پر چڑھایا تھا وہ اصل مین حسین بن منصور تھا -

مِقْنَعَہ - ع - چادر باریک جو ایک عورت کی ہو - ایک بڑی اوڑھنی -

مُقَنِّن - ع - قانون بنانیوالا - قانون جاننے والا -

مُقَنَّد - ع - قند ملی ہوئی شے - اور میٹھی چیز جسمین شکر ملی ہو -

مُقْنِی - ع - نہر کھودنے والا -

مِقْوَال - ع - وہ شخص جو بڑا زبان آور اور بڑا باتونی ہو -

مِقْوَد - ع - رسّی - باگڈور -

مُقَوَّر - ع - ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا -

مُقَوَّس - ع - وہ شئے جو مانند کمان کے خمدار ہو - خمیدہ چیز -

مِقْوَس - ع - گھوڑدوڑ کی رسّی -

مُقَوْقِس - ع - نام ایک پرند کا جسکے گلے مین طوق ہوتا ہے - لقب حاکم مصر اور اسکندریہ کا جو ترسا تھا اور آنحضرت صلعم پر ایمان لایا تھا - اب لقب ہے ہر بادشاہ مصر اور اسکندریہ کا -

مِقْوَل - ع - زبان - جیب -

مُقَوِّم - ع - قیمت کرنیوالا - راست اور سیدھا رکھنے والا -

مُقَوِّی - ع - قوّت اور طاقت دینے والا -

مَقْہُور - ع - قہر و غضب کیا گیا - وہ شخص جسپر غصّہ بادشاہ یا خدا کا پڑے -

مِقْیَاس - ع - اندازہ - اور وہ شئے جس سے اندازہ کرین -

مُقِیت - ع - توانا - طاقت دار - روزی دینے والا - نگاہ رکھنے والا - گواہ - حافظ -

مُقَیَّد - ع - قید کیا گیا - قیدی -

مُقَیَّش - ع - وہ چیز جسپر چاندی یا سونے کے چپٹے اور باریک تار لپٹے ہون -

مَقِیل - ع - دوپہر دنکو سو رہنا - صبحکو چاشت کے وقت شراب پینا -

مُقِیم - ع - رہنے والا -

مُقِیْ - ع - قے کرنے والی چیز -

فصل میم مع کاف

مَکّ - ع - چوسنا -

مُکَابِر - ع - وہ شخص جو اپنی بزرگی جتانے کے لیے کسی سے بحث کرے - غلبہ کرنیوالا - جنگ کرنے والا -

مُکَابَرَہ - ع - بحث کرکے کسی پر اپنی بزرگی ثابت کرنا - غلبہ کرنا - کسی کے ساتھ جنگ کرنا -

مُکَاتَب - ع - وہ غلام جو مالک کی خوشی سے اپنی قیمت آپ محنت مزدوری کرکے مالک کو ادا کرکے آزاد ہوجائے -

مُکَاتَبَہ - ع - آپسمین خط و کتابت کرنا -

مجازاً نامہ اور خط کو بھی کہتے ہین - غلام کو آزاد کر دینا اُسی غلام کے ذاتی مال کے عوض مین یعنے اُسکو اُسی کے ہاتھ بیچ ڈالنا-
مَکّار - ع- مکر کرنیوالا- فریبیا-
مَکَارِم - ع- جمع ہے مکرمت کی- بزرگیان- نوازشین-
مَکَارِہ - ع- بروزن مساجد- رنج- سختیان- مکروہات-
مَکَّارَہ - ع- عورت بڑی مکار اور فریب کرنیوالی-
مَکَارِی - ع- وہ شخص جو مکان اور گھوڑا وغیرہ لوگونکو کرایہ پر دے-
مُکَاس - ع- دیر کرنا اور توقف کرنا اور تنگی کرنا مالک کا اسباب کے بیچنے مین-
مَکَاسِب - ع- پیشے- حرفے- یہ جمع کسب کی ہے خلاف قیاس-
مُکَاشحت - ع- دشمنی کرنا-
مُکَاشَفہ - ع- ظاہر ظاہر دشمنی کرنا- برملا جنگ کرنا- امور غیبی کے اسرار کا ظاہر ہو جانا دلی اللہ کے دلمین-
مُکَافَات - ع- باہم برابر ہونا- برابر کھڑا ہونا- بدلہ- بدلہ- سزا-
مُکَافِی - ع- مساوی- برابر-

مَکَامِن - ع- جمع ہے مکمن کی- وہ جگہین جہانپر پوشیدہ ہو سکین- جگہین چھپنے کی گھاتین-
مَکَان - ع- جگہ رہنے کی- مطلق جگہین
مَکَانَت - ع- مرتبہ عزت-
مُکَاوَحَت - ع- کوشش کرنا- دشمنی کرنا- گالی دینا-
مُکَاہَنَت - ع- غیب کی خبر کو بتلانا-
مَکَائِد - ع- جمع ہے مکیدہ بمعنی فریب بداندیشی- بدسگالی- مکر کی-
مُکَائَلہ - ع- باہم مل کر کسی شے کو ناپنا پیمانے سے-
مُکَاسِل - ع- | جمع مکیال کی جس کے
مَکَائِیل - ع- | معنی پیمانے کے ہین-
مُکِبّ - ع- اوندھے منھ گرنے والا- اوندھے منھ گرانے والا- لازم اور تعدی دونون آیا ہے-
مُکَبّ - ع- اوندھے منھ گرا گیا- اوندھے منھ گرا ہوا-
مَکْبُول - ع- قید کیا گیا- قیدی-
مَکْتَب - ع- جگہ لکھنے کی- جگہ کتاب کی مجازاً- مدرسہ- اسکول-
مَکْتَب خَانَہ - ف- تحقیق کی روسے یہ ترکیب غلط ہے اسلیے کہ مکتب صیغہ اسم ظرف کا ہے بمعنی جاے کتاب اب اس کے

ساتھ خانہ کی ضرورت نہین ہے لیکن بعض استادونے شعر مین بطریق تجرید لائے ہین ظہوری سے کنم ز عشق کتب خانۂ خود کوہ و ہامون را * بیاموزم طریق عاشقی فرہاد و مجنون را * با این ہمہ ایسے الفاظ سے پرہیز اولی ہے-
مُکْتَتِم - ع- پنہان- پوشیدہ-
مُکْتَسِب - ع- کسی چیز کا اپنی کوشش سے حاصل کرنیوالا- کسب کرنیوالا-
مُکْتَسَب - ع- وہ چیز جو اپنی سعی اور کوشش سے حاصل کی گئی ہو-
مُکْتَسَبَہ - ع- کسب کیا گیا محنت اور مشقت سے حاصل کی ہوئی چیز-
مُکْتَسَبِی - ع- محنت سے حاصل کی گئی شئے- اسلیے کہ مکتسب مصدر میمی بھی ہے بمعنی اکتساب اور جب یاے نسبت مصدر سے ملحق ہوتی ہے تو کبھی معنی مفعول کے بھی حاصل ہوتے ہین-
مُکْتَسِی - ع- چھپنے والا- کملی مین پوشیدہ ہونے والا- کملی اوڑھنے والا-
مُکْتَفِی - ع- کافی- کفایت کرنیوالا-
مُکْتَنِس - ع- کوڑا کرکٹ بُہارنیوالا-
مُکْتَنِف - ع- پناہ ڈھونڈھنے والا- یکسو ہونے والا-
مَکْتُوب - ع- لکھا ہوا- لکھا گیا-

مکتوم - ع - پوشیدہ - پنہان - اور کنایہ بھید سے - پوشیدہ کیا گیا -
مکث - ع - دیر کرنا - انتظار کرنا -
مکث - ع - } درنگ - دیر -
مکث - ع - }
مکثار - ع - بڑگو - باتونی - کثیر الکلام -
مکحل - ع - سرمہ دیا گیا - وہ شخص جو سرمہ لگائے ہوئے ہو -
مکحل - ع - سرمہ دان -
مکحل - ع - سرمہ لگانیکی سلائی -
مکحلہ - ع - سرمہ دان -
مکحول - ع - جو سرمہ لگائے ہوئے ہو -
مکدر - ع - کدورت آمیز - گندلا -
مکدر - ع - کدورت مین ڈالنے والا - گندلا کرنیوالا -
مکر - ع - فریب - دغا -
مکران - ف - نام شہر کا جو ولایت سندھ مین ہے -
مکرر - ع - دوبارہ - بار بار کیا گیا اصطلاحاً بمعنی غیر مرغوب -
مکرعہ - ع - پانی کی مشک -
مکرم - ع - عزت دیا گیا - بزرگی دیا گیا گرامی کیا گیا -
مکرم - ع - بخشش کرنیوالا - بزرگوار رکھنے والا - مہربانی کرنے والا -

مکرم - ع - بزرگوار رکھا گیا - مہربانی کیا گیا اکرام کیا گیا -
مکرم - ع - گرامی کرنیوالا -
مکرمت - ع - بزرگی - نوازش -
مکروب - ع - غمگین - اندوہناک -
مکروہ - ع - کراہت کیا گیا - ناپسند -
مگر - ف - پر سوائے اسکے -
مگس - ف - مکھی -
مگس ران - ف - مورچھل چونری
مگس گیر - ف - مکڑی -
مکسور - ع - ٹوٹا ہوا - شکستہ حرکت زیر کی دیا گیا -
مکشوف - ع - کھولا گیا - ظاہر کیا گیا -
مکظوم - ع - گرفتار غم - دل غصہ کھایا ہوا
مکعب - ع - چارگوشہ کیا گیا - وہ نوجوان عورت جو نار پستان ہو -
مکفر - ع - کفارہ دینے والا گناہ کا - کسیکو کافر کہنے والا -
مکفوف - ع - باز رکھا گیا - نابینا - اندھا - پیراہن لپیٹے ہوئے -
مکفی - ع - کفایت دینے والا -
مکلف - ع - تکلیف دینے والا -
مکلف - ع - تکلیف دیا گیا - تکلف کیا گیا - ٹیپ ٹاپ کیا گیا -
مکلل - ع - درخشان - چمکتا ہوا - ملمع کیا گیا - تاج سر پر رکھے ہوئے -

مکمل - ع - پورا کیا گیا - تمام اور کامل کیا گیا -
مکمل - ع - پورا کرنے والا - تمام اور کامل کرنیوالا -
مکمن - ع - گھات کی جگہ - پوشیدہ ہونے اور چھپ رہنے کی جگہ - پوشیدہ ہوکر داؤ لگانیکی جگہ -
مکمون - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا -
مکناس - ع - جاروب - جھاڑو -
مکنت - ع - قدرت - توانگری -
مکنسہ - ع - جاروب - جھاڑو -
مکنوز - ع - خزانہ کیا گیا اور مجازاً بمعنی پوشیدہ رکھا گیا -
مکنون - ع - پوشیدہ رکھا گیا - اور چھپایا ہوا - گوہر مکنون مجازاً قیمتی اور آبدار موتی کو کہتے ہین اسلیئے کہ بوجہ بیش قیمت ہونیکے ایسے موتی کو حفاظت سے چھپا کر رکھتے ہین -
مکوک - ف - بمعنی ماکو جسے ہندی مین نال کہتے ہین - اور یہ جولاہون کا ایک آلہ ہوتا ہے جسمین تاگا رکھکر چلاتے ہین -
مکوکب - ع - ستارہ دار کیا گیا - روشن وہ چیز جسمین چاندی سونے کے ستارے لگے ہون -

مُکوَّن - ع - ہست کیا گیا - پیدا کیا گیا -

مُکوّنات - ع - مخلوقات - موجودات -

مِکیال - ع - پیمانہ - لوٹا اور برتن اناج کے ناپنے کا -

مَکید - ع - مکر کرنیوالا -

مَکیدت - ع - بداندیشی یعنی کسی کے حق مین برا چاہنا -

مکیدن - ف - چوسنا -

مَکیس - ع - یاے مجہول سے امالہ مکاس کا ہے - معاملہ مین تنگی اور نہایت طلبی کرنا بیچنے مین دقت اور دیر کرنا - اور بمعنی مرد باوقار کے بھی - اور بمعنی نہایت تاکید اور مبالغہ کرنا کسی کام مین - اور بعضون نے بمعنی نقصان اور کمی کے بھی لکھا ہے - اور بمعنی باج اور خراج کے بھی -

مِکیَل - ع - } وہ چیز جس سے کوئی شے ناپی جائے - پیمانہ

مِکیَلہ - ع - }

مَکِیل - ع - پیمانہ سے ناپا گیا -

مَکین - ع - مکان رکھنے والا - مکاندار - مکانین رہنے والا - صاحب مکان - صاحب منزلت - صاحب مرتبہ -

فصل میم مع لام

مُل - ف - شراب انگوری -

مُلّا - ع - یہ صیغہ مبالغہ کا ہے بمعنی بہت بھرا ہوا - بسیار پر - مراد اس سے وہ شخص جو علم سے بہت بھرا ہوا اور پر ہو یعنی بہت پڑھا ہوا - بڑا عالم - فارسی کے استعمال مین اکثر یہ لفظ بغیر ہمزہ آخر کے آتا ہے -

مَلا - ع - بڑی صحرا - جنگل - آشکارا - اور کبھی مراد انجمن اور محفل سے -

مَلاء - ع - گروہ اشراف اور بزرگ لوگونکا -

ملاء الاعلی - ع - گروہ فرشتونکا -

مَلابِس - ع - جمع ملبس کی جو بمعنی پوشش اور لباس کے ہے -

مُلابَست - ع - آپس مین مشابہت رکھنا کسی چیز کی شبیہ ہونا -

مَلّاح - ع - کشتیبان - کشتی چلانے والا - یہ ماخوذ ہے ملح سے جسکے معنی ہین دونون بازوؤنسے اڑنا پرند جانور کا -

مَلاحت - ع - نمکینی - نمکینی حسن کی خوبصورتی - نمکدار - سانولا رنگ

مَلاحِد - ع - } جمع ہے ملحد کی - یعنے

مَلاحِدہ - ع - } بیدین لوگ -

مُلاحظہ - ع - گوشہ چشم سے دیکھنا کنکھیونسے دیکھنا - مجازاً دیکھنا -

مَلاخ - ف - نام ایک شہر کا - نام ایک جزیرے کا -

مَلاذ - ع - جاے پناہ - جگہ پناہ کی -

مَلّاذ - ع - بڑا دروغگو - بڑا جھوٹا -

مَلاذ - ع - مزے دار چیزین - یہ جمع ہے ملذ بمعنی لذیذ شے کی -

مُلّازادہ - ف - نام ایک کتاب کا علم معانی مین اور یہی نام اسکے مصنف کا بھی ہے اور اصطلاح مین کنایہ ہے مرد کے عضو تناسل سے -

مُلازمت - ع - ہمیشہ رہنا کسی جگہ پر کسی کے پاس ہمیشہ رہنا -

مُلازم - ع - کسی کے پاس یا کسی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا - اور اسی مناسبت سے نوکر کو ملازم کہتے ہین -

مُلازہ - ف - وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق مین لٹکا ہوتا ہے - ہندی کوّا -

مُلاست - ع - نرمی - صاف پن اور ہمواری - صفائی -

مُلاصِق - ع - لگا ہوا - چسپیدہ -

مِلاط - ع - گارا یا چونہ جس سے دیوار کی اینٹین وصل کرتے ہین -

مُلاطِف - ع - مہربانی کرنیوالا -

مُلاطفت - ع - کسی پر مہربانی کرنا -

مُلاطفہ - ع - کسی کیساتھ نیکی کرنا - مجازاً خط - نامہ - مراسلہ -

مَلاطِیہ - ع - نام ایک شہر کا روم سے -

مَلاعِب - ع - جمع ہے ملعب کی جو بمعنی کھیل کود اور بازی کے ہے -

ملاعبت - ع - } کسی کے ساتھ بازی کھیل کو داور بازی کے ہین -
ملاعبہ - ع - } کرنا - کھیلنا -

ملاعق - چمچے یہ جمع ہی ملعقہ بمعنی چمچہ کی -

ملاعنہ - ع - جمع ملعون کی خلاف قیاس یعنی لعنت کئے گئے لوگ -

ملاعین - ع - جمع ملعون کی - لعنت کئے گئے - مردود لوگ -

ملاقات - ع - ایک دوسرے سے ملنا -

ملاقی - ع - ملنے والا -

ملاک - ع - اصل کسی چیز کی - وہ چیز جسکے ساتھ کوئی چیز قائم ہو -

ملال - ع - رنجیدگی - طبیعت کا اداس ہونا - اکتا جانا - غمگین ہونا -

ملال - ع - تپ کی گرمی -

ملالت - ع - اداسی - اداس ہونا رنج - آزردگی -

ملام - ع - ملامت کرنا - سرزنش کرنا - جگہ ملامت کی -

ملامت - ع - برا بھلا کہنا - جھڑکنا -

ملامست - ع - باہم گھسنا - اور جماع کرنا -

ملان - ع - پر کرنے والا - بھرنے والا مجازاً پر - بھرا ہوا -

ملاہی - ع - جمع ہی لہو کی جسکے معنی

ملائک - ع } جمع ملک کی فرشتے -
ملائکہ - ع }

ملائم - ع - نرم - فراہم ہونے والا - مناسب - موافق طبیعت کے -

ملائمت - ع - نرمی سازداری - مناسبت دو چیز کو باہم جمع کرنا -

ملبس - ع - پوشاک - لباس -

ملبس - ع - کپڑے پہنایا گیا - لباس پہنے ہوئے چھپایا گیا -

ملبن - ع - اینٹ بنانیکا قالب -

ملبن - ع - اینٹ بنانے والا -

ملبوس - ع - پہننے کا کپڑا مثل قبا اور پیراہن اور پگڑی اور ٹوپی وغیرہ کے -

ملبوسات - ع - جمع ملبوس کی ہے پہننے کے کپڑے -

ملبوسہ - ع - پہننے کا کپڑا -

ملت - ع - دین - مذہب - گروہ - اور بعضی شریعت کے بھی -

ملتاع - ع - جلنے والا - مجازاً بمعنی مشتاق - حریص - آرزومند -

ملتانی - ت - ولایت مین مطلق ہندو کو ملتانی کہتے ہین -

ملتبس - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا اشتباہ کیا گیا -

ملتثم - ع - جگہ بوسہ کی - چوما ہوا -

ملتثم - ع - چومنے والا - بوسہ لینے والا -

ملتجا - ع - جگہ پناہ کی - پناہ لینا -

ملتجی - ع - پناہ ڈھونڈھنے والا - التجا کرنیوالا -

ملتحد - ع - جگہ پناہ کی -

ملتحم - ع - زخم انگور لایا ہوا - زخم جو بھر گیا ہو - وہ زخم جو خشک ہونے کے قریب ہو گیا ہو -

ملتحمہ - ع - پہلا طبقہ باہر والا آنکھ کا منجملہ سات طبقون کے -

ملتحی - ع - جسکی ڈاڑھی نکل آئی ہو -

ملتزم - ع - نام ایک مقام کا نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبہ شریف کے جہان دعا حاجتمندون کی قبول اور مستجاب ہوتی ہے -

ملتزم - ع - التزام کرنے والا - اور اپنے اوپر لازم پکڑنے والا -

ملتصق - ع - ملا ہوا - لگا ہوا -

ملتفت - ع - التفات کرنے والا - توجہ کرنے والا -

ملتقط - ع - چننے والا - چگنے والا - اٹھانے والا - رفو کرنے والا -

ملتقط - ع - چنا گیا - چگا گیا - اٹھایا گیا - رفو کیا گیا

ملتقم - ع - لقمہ کھانیوالا-
ملتقی - ع - جگہ ملاقات کی جگہ ملنے دو
نہر کی آپس مین-
ملتمس - ع - عرض کرنیوالا-
ملتوی - ع - پیچ در پیچ ہونے والا-
لپٹنے والا- دیر کرنیوالا- ایک قسم کی
حرکت نبض کی جو مانند رسی کے پیچیدہ
معلوم ہوتی ہے-
ملتہب - ع - آگ بھڑکنے والی- شعلہ
بھڑکنے والا-
ملتئم - ع - التیام اور پیوستگی او وصل
دینے والا- زخم کے دونون طرف سے
کنارونکو ملا دینے والا-
ملتئمہ - ع - وہ زخم جسکے دونون کنارے
ملکر اچھا ہوگیا ہو-
ملتثم - ع -
ملثوم - ع - } بوسہ لیا گیا- اور چوما گیا-
ملجأ - ع - جاے پناہ پناہ کی جگہ-
ملح - ع - نمک-
ملح - ع - کسی کام مین مبالغہ کرنیوالا
عاجزی کرنے والا- گڑگڑانے والا-
ملح - ع - دونون بازوؤن سے اڑنا
پرندکا اسی سے لفظ ملاح بنا ہے جو
کشتیبان کو کہتے ہین
ملحاح - ع - کسی کام مین بڑا مبالغہ
کرنے والا- بہت عاجزی کرنے والا-
نہایت گڑگڑانیوالا-
ملحد - ع - راہ حق سے پھرنیوالا- فاسق
بے دین-
ملحق - ع - پہونچنے والا- دریافت
کرنیوالا- پہونچانے والا- وہ چیز جو آخر
مین آکر ملے ملنے والا-
ملحق - ع - لگا ہوا- ملا ہوا- اور اصطلاحاً
حرامزادہ-
ملحم - ع - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو نہایت
نرم اور ملائم ہوتا ہے- وہ شخص جسکی روزی
شکار کے گوشت پر ہو
ملحمہ - ع - جنگ عظیم کی جگہ- بڑا فتنہ
بڑا فساد- بڑی جنگ-
ملحوظ - ع - لحاظ کیا گیا- دیکھا گیا-
کنکھیون سے دیکھا گیا-
ملخ - ع - ٹڈی-
ملخص - ع - پاک کیا گیا- خالص کیا گیا
خلاصہ کیا گیا- اور بمعنی مختصر کے بھی-
ملدم - ع - وہ شخص جو موٹا اور فربہ اور
احمق ہو- اور ام ملدم کنیت ہے تپ یعنی
بخار کی-
ملذ - ع - لذیذ چیز- مزے دار شے-
ملزم - ع - کسی کے ذمہ کوئی کام کردینے
لازم اور واجب کر دینے والا-
ملزوم - ع - لازم کیا گیا-
ملصق - ع - چپکنے والا- ملنے والا-
ملصق - ع - لگایا گیا چمٹا ہوا- پیوستہ
کیا گیا- اصطلاحاً حرامزادہ-
ملطیہ - ع - نام ایک شہر کا روم مین
جو ابتدائے اسلام مین کافرون کا
مسکن تھا-
ملعقہ - ع - قاشق چمچہ- اور طبیبون
کی اصطلاح مین نام ایک وزن معین کا
ہے معجون اور شہد مین اٹھارہ ماشے کا
ملعقہ ہوتا ہے اور دوسری دواؤن مین
ساڑھے چار ماشہ کا-
ملعون - ع - لعنت کیا گیا- مردود-
ملغ - ع - احمق- بدزبان-
ملفوف - ع - لپیٹا ہوا- لفافہ کیا گیا
ملق - ع - دوست رکھنا- محو کرنا-
ملق - ع - زمین ہموار-
ملق - ع - وہ شخص جو زبانی خوشامد
اور چاپلوسی کرے اور دلمین کینہ رکھے-
ملقب - ع - لقب دیا گیا- نام معنی
وصفی دیا گیا-
ملقن - ع - تلقین کیا گیا- اور
سکھلایا گیا-
ملقن - ع - تلقین کرنے والا
سکھلانے والا-

مَلَک - ع - فرشتہ - وہ چیز جس سے
کوئی کام قائم ہو -
مَلِک - ع - بادشاہ - مُلوک جمع -
مِلک - ع - کسی چیز کا مالک ہونا - وہ چیز
جو کسی کا حق ہو - سیدھی راہ - جاگیر -
اسباب - مال - اور کبھی مجازاً بمعنی جامہ
کے بھی آتا ہے -
مُلک - ع - بادشاہ ہونا - بادشاہی -
ایک دیس جو ایک بادشاہ کے قبضے
مین ہو -
مَلک - ع - آٹے کے خمیر کا سخت کرنا -
عورت کی خواستگاری کرنا -
مَلَکات - ع - جمع ملکہ کی جسکے معنی ہین
قوت حصول شی طبیعت مین -
مَلَکاتِ ردیہ ہشتگانہ - ف - حسد -
بغض - بخل - حرص - جھوٹھ بولنا - غضب
غرور - بیحیائی -
ملکات فاضلہ - ع - اچھی خصلتین -
ملکات فاضلۂ چہارگانہ - ف - حکمت
شجاعت - عفت - عدالت -
مَلکُ الکلام - ع - لقب ایک شخص کا
جسکا نام ملک قمی تھا - اور یہ شخص سلطان
ابراہیم عادل شاہ تخت نشین بیجاپور کا
مصاحب اور ملک الشعرا تھا اس نے
اپنی بیٹی ظہوری کے عقد مین دی

تھی جو شاعر مشہور ہے اور سلطان
عادل شاہ ظہوری کا ممدوح تھا -
مَلَکُ الموت - ع - وہ فرشتہ جو جان
نکالتا ہے - عزرائیل علیہ السلام -
مَلَکِ آوازہ - ف - بلند آوازہ -
مَلَکِیّت - ع - بادشاہی -
مَلِک قمی - ع - نام ایک شاعر کا جسکا
لقب ملک الکلام تھا - اسکا بیان تفصیلی
ابھی گذرا -
مَلِکِ نیمروز - ف - کنایہ رستم پہلوان
سے اسلیے کہ یہ بادشاہ سیستان کا تھا
اور سیستان کا نام نیمروز ہے - اور کنایہ
حضرت آدم علیہ السلام سے بھی اسلیے
کہ آپ بہشت مین آدھے دن یعنی دوپہر
رہے تھے اور اس عالم کے دوپہر دنیا
کے پانسو برس کے برابر ہوتے
ہین -
مَلَکوت - ع - بادشاہی - تصرف
پروردگاری - عالم فرشتون کا - اور
صوفیون کے نزدیک عالم ارواح کو
کہتے ہین - اور بعضون نے بمعنی عالم غیب
کے لکھا ہے -
مَلَکہ - ع - مہارت - قوت حصول شی کی
ذہن مین یعنی قوت علم یا ہنر کی جو انسان
مین حاصل ہو جاتی ہے -

مَلِکہ - ع - بادشاہ کی بیوی -
مَلَکی - ع - منسوب طرف مَلَک بمعنی فرشتہ
کے - فرشتہ جیسی -
مِلکِ یمین - ع - فقہ کی اصطلاح مین
بمعنی لونڈی اور غلام - اسلیے کہ یمین لغت
مین بمعنی غلبہ کے ہے اور لونڈی غلام غلبۂ
اسلام سے ہاتھ آتے تھے مگر اب مجازاً
ہر لونڈی اور غلام زرخرید کو
کہتے ہین -
مِلَل - ع - جمع ہے ملت کی جو بمعنی مذہب
اور دین کے ہے - واضح ہو کہ اطلاق
ملت کا دین حق اور باطل دونون
پر آتا ہے -
مَلَل - ع - اندوہ - غم - تنگی -
مُلِم - ع - صغیرہ گناہ کرنے والا - وہ لڑکا
جو قریب بلوغ کے پہونچا ہو -
مِلماس - ع - بمعنی قلم - مگر لغت کی معتبر
کتابون مین پایا نہین گیا -
مُلَمَّع - ع - روشن کیا گیا - چمکایا گیا -
روشن - چمکول - وہ چیز جسپر چاندی یا سونا
ترکیب مقررہ سے چڑھایا گیا ہو اور وہ
قسم اشعار کی جن مین ایک مصرع یا ایک
بیت عربی اور ایک فارسی
کی ہو -
مَلموح - ع - دیدہ شدہ - دیکھا گیا -

مُلْنَر - ف - صیغہ نہی کا ہے معنی اسکے جھوٹ نہ بول - گپ مت مار -

مِلواح - ع - وہ پرند جسکو جال مین باندھ دیتے ہین تاکہ دوسرے پرندے اسکو دیکھکر آوین اور گرفتار ہون -

مُلَوَّث - ع - آلودہ - لتھڑا ہوا -

مُلوک - ع - جمع مَلِک بمعنی بادشاہ کی

مَلُول - ع - رنجیدہ - اُداس غمگین -

مَلُوم - ع - ملامت کیا گیا -

مُلَوَّن - ع - رنگ آمیزی کیا گیا - اور رنگ برنگ کیا گیا -

مَلَوین - ع - روز و شب - دن رات -

مُلْہِم - ع - الہام کرنے والا - دل مین نیک بات ڈالنے والا یعنے خدا -

مُلْہَم - ع - الہام کیا گیا - نیک بات خدا کی طرف سے دلمین ڈالی گئی -

مَلْہُوب - ع - شعلہ زن آگ - آگ بھڑکی ہوئی -

مَلْہُوف - ع - غمگین مظلوم -

مُلْہِی - ع - غافل کرنے والا کھیل کود مین لگانے والا -

مَلی - ع - بھرا ہوا - پُر - دولتمند -

مَلِی - ع - زمانۂ دراز -

مَلِیح - ع - نمکین - نمک آلودہ - مجازاً سانولا رنگ -

مَلِیخ - ع - گوشت بیمزہ -

مَلِیک - ع - مالک - صاحب - اور ایک نام ہی حق تعالی کے نامون سے -

مُلِیم - ع - سزاوار ملامت -

مُلَیِّن - ع - نرمی کرنے والا - قبض دور کرنے والا -

فصل میم مع میم

مِمّا - ع - اُس چیز سے -

مَمات - ع - موت - مرنا -

مُماثِل - ع - ہم مثل - مانند ہونیوالا مشابہ ہونے والا - برابر -

مُماثَلَت - ع - ہم مثل ہونا - مانند ہونا -

مُمارات - ع - گذشتہ ہا - گذری ہوئی باتین - ماجرے -

مُمارات - ع - کسی کے ساتھ جانا - دشمنی کرنا - عداوت کرنا - لڑنا -

مُمارَسَت - ع - تجربہ کرنا - کوشش کرنا کسی کام مین مشق بہم پہونچانا - تلاش کرنا - جستجو کرنا -

مُمازَحَت - ع - ملنا - ربط بڑھانا -

مُماس - ع - یہ اسم فاعل ہی بمعنی گھسنے اور رگڑنے والا - اور اسم مفعول بھی ہی بمعنی گھسا اور رگڑا گیا - اور اسم ظرف بھی ہی بمعنے جگہ گھسنے اور رگڑنے کی - ماخذ اسکا مس ہی -

مُماسِخ - ع - مسخ کردینے والا یعنی اصلی اچھی صورت کا بُری صورت سے بدل دینے والا -

مُماشات - ع - کسی کے ساتھ جانا - کسی کی ہمراہی کرنا -

مُماطَلَت - ع - دفع الوقت کرنا - دیر کرنا - کسی کام کا پیچھے ڈال دینا -

مَمالِک - ع - جمع مملکت کی بادشاہی مقامات سلطنت کے مقام -

مَمالِیک - ع - جمع مملوک کی - لونڈی غلام - زرخرید چیزین -

مُمان - ف - بمعنی مباش -

مُمانَعَت - ع - باز رکھنا - منع کرنا -

مُمایَزَت - ع - تمیز کرنا - جدا کرنا -

مُمتاز - ع - امتیاز دیا گیا - عزت اور آبرو دیا گیا - جدا کیا گیا -

مُمتَثَل - ع - ہم مثل کیا گیا -

مُمتَحِن - ع - آزمانے والا -

مُمتَحَن - ع - آزمایا گیا -

مُمتَد - ع - کشیدہ - دراز -

مُمتَزِج - ع - ملنے والا -

مُمتَلی - ع - بھرا ہوا - پُر -

مُمتَنِع - ع - رکا گیا - باز رکھا گیا -

مُمتَہَن - ع - خوار اور ذلیل کیا گیا -

مُمَجَّد - ع - بزرگی دیا گیا - بزرگ -

مُمِد - ع - مدد کرنے والا -
مُمَدَّد - ع - نام ایک درد کا ہے جس سے بدن کے پٹھے کھنچ جاتے ہین -
مَمدُوح - ع - تعریف کیا گیا -
مَمدُود - ع - دراز کیا گیا - پھیلایا گیا -
مَمَر - ع - راہ جگہ گذرنے کی - گذرنے کی راہ - مجازاً بمعنی سبب -
مُمراض - ع - وہ شخص جسکو بہت مرض رہتا ہو - بسیار مرض -
مُمراضیت - ع - بہت مریض ہونا - مجازاً بمعنی غلطی کے بھی -
مُمَرَّد - ع - وہ عمارت جو چمکدار اور سادہ اور ہموار ہو -
مُمَزَّق - ع - دریدہ شدہ - پھٹا ہوا - پراگندہ - اور مصدر بھی ہے - بمعنے پراگندہ کرنا - پھاڑنا -
مُمزُوج - ع - آمیختہ شدہ - ملایا گیا - اور وہ شراب جسمین پانی یا گلاب وغیرہ ملا کر پیوین -
مِمسَحَہ - ع - تھویون کی کرنی جس سے گارا وغیرہ ملتے ہین - ملنے کا آلہ -
مُمسِک - ع - چنگل مارنے والا - باز رکھنے والا اور منع کرنے والا نکلنے سے - خرچ نہ کرنے والا - بخیل - کنجوس -
مَمسُوح - ع - مسح کیا گیا - کسی عضو پر یا سر پر ہاتھ ملا گیا -
مُمَشَّط - ع - کنگھی کیا گیا -
مَمضُوغ - ع - چبایا گیا -
مُمضِی - ع - گذرا ہوا - روان کیا گیا -
مُمطِر - ع - برسنے والا مینھ -
مَمقُوت - ع - دشمن کیا گیا - دشمن بنایا گیا - مبغوض -
مُمکِن - ع - حاصل ہونے والا - پیدا ہونے والا - جو بات ہو سکے - جو انہونت نہو - اور کبھی بمعنی مخلوق اور انسان کے بھی آتا ہے -
مُمَکِّن - ع - قائم کرنے والا -
مُمَکَّن - ع - قائم کیا گیا -
مُمکِنُ الوُجُود - ع - وہ چیز جسکا نہ وجود ضروری ہو نہ عدم اور وہ مخلوق ہے -
مُمِل - ع - رنجیدہ کرنے والا -
مُملِکَت - ع - مقام سلطنت - ملک بادشاہت سلطنت اور اسکے لام کو فتحہ اور کسرہ بھی آیا ہے -
مَملُو - ع - بھرا ہوا - پر - مگر فارسی مین بغیر تشدید واو کے بھی آتا ہے -
مَملُوک - ع - لونڈی - غلام - زرخرید -
مَمنُوع - ع - منع کیا گیا - روکا گیا -
مَمنُون - ع - احسان کیا گیا - نعمت دیا گیا - نقصان کیا گیا -
مُمَوَّہ - ع - بروزن مقدس - ملمع اور زراندود کیا گیا - وہ جھوٹ جسکو فریب سے مثل سچ کے بنالیا ہو -
مَمَّہ - ف - عورت کی چھاتیان - یعنے پستان - چوچی -
مُمَہَّد - ع - بچھایا گیا - آراستہ کیا گیا - تمہید کیا گیا - پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی جسپر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو -
مُمَہِّد - ع - بچھانے والا - آراستہ کرنیوالا - تمہید کرنے والا -
مُمَیِّز - ع - تمیز اور جدا کرنے والا اچھے کو برے سے -
مُمَیَّز - ع - تمیز اور جدا کیا گیا -

فصل میم مع نون

مِن - ع - ترجمہ لفظ از کا ہے - یعنی سے اور بمعنی بر کے بھی آیا ہے -
مَن - ع - وہ شخص - کون شخص - کون ہے - جمع اور مفرد دونون کے لیے یہ لفظ آتا ہے -
مَنّ - ع - نعمت دینا - احسان رکھنا - نقصان کرنا - ترنجبین شیرخشت - وہ رطوبت شیرین جو مثل شبنم کے قوم موسٰے پر برسی تھی - نام وزن معلوم کا اور من ہندی کا وزن چالیس سیر کا اور وزن سیر کا اکثر

ملکون مین مختلف ہوتا ہی اور طبیبیون کے
نزدیک اکثر وزن من کا دو رطل ہوتا ہی
مَن ۔ف۔ ضمیر متکلم واحد کی یعنی مین
اور بمعنی نسبت کے بھی جیسے دشمن منسوب
بہ وش جو مخفف ہی دشست بمعنی زشت اور
بُرے کا۔ اور بمعنی تودے کے بھی جیسے
خرمن مین خر بمعنے کلان ہے یعنے
تودہ کلان ۔
مِنا ۔ع۔ نام ایک مقام کا مکہ معظمہ مین
جہان بازار ہی اور حاجی لوگ وہان
قربانی بھی کرتے ہین ۔
مُنیٰ ۔ع۔ جمع منیہ بمعنے اُمید اور مقصد
اور آرزو کی ۔
مَنی ۔ف۔ مقدار ۔ اندازہ ۔ برابری ۔
اور من جو تولنے مین وزن مقرر ہی ۔
مِنا ۔ف۔ مخفف منازل کا ۔
مَناب ۔ع۔ جگہ کھڑے ہونے کی کسیکا
قائم مقام ہونا ۔
مَنابِر ۔ع۔ جمع ہی منبر کی جس کے معنی
آگے لکھے ہین ۔
مَنابِع ۔ع۔ جمع منبع بمعنی چشمہ کی ۔
مَنات ۔ع۔ نام ایک بت کا ہی جسکو
قبیلہ ہُذیل اور خزاعہ عرب مین پوجا
کرتے تھے ۔
مُناجات ۔ع۔ سرگوشی کرنا ۔ کان مین
بات کہنا ۔ مجازاً دعا کرنی خدا کی جناب
مین اسطور پر کہ اُسکو حاضر جان کر جسطرح
باتین کرتے ہین ۔
مِن اَجَل ۔ع۔ واسطے ۔ سبب ۔
مُناحہ ۔ع۔ مصدر میمی ہی بمعنی ماتم کرنا ۔
اور کبھی بمعنی جاے نوحہ اور ماتم کے ۔
مَناخ ۔ع۔ محل خواب کا ۔ جگہ سونے کی
جگہ آرام اور آسودگی کی ۔ جگہ بٹھلانے
اونٹ کی ۔
مَناخِر ۔ع۔ } جمع منخر کی ۔ ناک کے
مَناخیر ۔ع۔ } نتھنے یعنے سوراخ ناک کے ۔
مَناخیرِ در ۔ف۔ دروازہ کی مینی یعنی وہ
لمبا ٹکڑا لکڑی کا جو ایک تختہ در مین وصل ہو
اور دوسرا اُسپر بند کرتے
وقت آکر ٹھہرتا ہی ۔ واضح ہو کہ مناخیر
اگرچہ لفظ جمع ہے مگر اس ترکیب
مین بمعنی واحد مستعمل ہی ۔
مُنادی ۔ع۔ آواز دیا گیا ۔ پکارا گیا ۔
اور مرادف ندا کا بھی آیا ہی ۔
مُنادَمت ۔ع۔ باہم ندیم ہونا ۔ صحبت
ہونا ۔ ہم نشینی ۔
مُنادِی ۔ع۔ ندا کرنے والا ۔ اور
پکارنے والا ۔ ڈھنڈھوریا ۔ فارسی مین
بمعنی ندا کے بھی استعمال ہوتا ہی ۔ اور
بمعنی ڈھول کی آواز کے بھی جو واسطے
لوگون کی آگاہی کے بجاتے ہین ۔
مَنادِیل ۔ع۔ جمع ہی مندیل کی جو بمعنی
رومال اور پگڑی کے ہی ۔
مَنار ۔ع۔ } چراغدان ۔ جاے نور
مَنارہ ۔ع۔ } اونچا ستون خواہ اینٹ
کا ہو خواہ لکڑی کا ۔ وہ جگہ بلند جس پر
چراغ روشن کرکے رکھین ۔ مجازاً جگہ
بانگ اذان کہنے کی اور وہ ستون جو
مسجد کے پہلوؤن مین بناتے ہین ۔
اور مِینا محض غلط ہی ۔
مُنازِع ۔ع۔ جھگڑا کرنے والا ۔
مُنازعت ۔ع۔ باہم جھگڑا کرنا ۔
مَنازِل ۔ع۔ جمع ہی منزل کی جگہین
اُترنے کی ۔ مکانات ۔
مُناسِب ۔ع۔ نسبت رکھنے والا لگاؤ
رکھنے والا ۔
مُناسَبت ۔ع۔ باہم لگاؤ رکھنا ۔ آپس
مین نسبت رکھنا ۔
مَناسِک ۔ع۔ حاجیون کی عبادت
کرنے کی جگہین مجازاً اعمال اور افعال
حج کے مثل طواف کعبہ اور قربانی وغیرہ
کے ۔ یہ جمع منسک کی ہی ۔
مَناشیر ۔ع۔ جمع ہی منشور کی جو بمعنے
بادشاہی فرمان کے ہی ۔
مَناص ۔ع۔ بھاگنا ۔ بھاگنے کی جگہ

مُناصِب - ع - جمع ہے منصب کی -
جگہ برپا اور قائم ہونے کی - مجازاً بمعنی
رتبہ - عہدۂ جلیل -
مُناصِر - ع - یاری دینے والا - مدد
کرنے والا -
مَناصِر - ع - جگہین یاری دینے کی -
مُناصَرت - ع - یاری دینا - مدد کرنا -
مُناصَفہ - ع - کسی چیز کا آپس مین
آدھون آدھ کر لینا -
مُناضَلہ - ع - کسی کے ساتھ برابری
کرنا تیراندازی مین - اور مجازاً بمعنی مسابقت
کے بھی آیا ہی -
مَناط - ع - یہ مصدر میمی ہی کسی چیز کے
ساتھ ملنا - اور بمعنی حاصل بالمصدر کے
مستعمل ہی یعنی در آویختگی و پیچیدگی -
اور صیغہ اسم ظرف کا بھی ہی بمعنے جگہ
ملنے اور لٹکنے کسی چیز کی اور مجازاً کبھی
بمعنے مطلب اور مقصد کے بھی مستعمل
ہوتا ہے -
مَناظِر - ع - جمع منظر بمعنی جاے نظر کی -
مُناظَرہ - ع - باہم فکر کرنا کسی چیز کی حقیقت
اور ماہیت مین - مگر بمعنی باہم بحث کرنے
کے مستعمل ہی - نام ایک علم کا جس مین
مباحثے کے قاعدے مندرج ہین -
مُناظَرات - جمع ہی مناظرہ کی جو
بمعنی باہم بحث کرنے کے ہی -
مَناظِم - ع - جگہین ملنے اور پیوستہ ہونے کی
جگہین ترتیب و نظم کی -
مَنّاع - ع - بہت منع کرنے والا - بڑا
روکنے والا - نام ایک شخص کا -
مَناعت - ع - عزیز ہونا - استوار ہونا
محکمی - استواری -
مَناعِم - ع - جمع ہی نعمت کی -
مُناعَمت - ع - استوار کرنا - ناز اور
نعمت مین پالنا -
مُناف - ع - نفی کرنے والا - ضد -
مُنافات - ع - ایک دوسرے کو نفی
کرنا - باہم ایک دوسرے کو نیست کرنا
نقیض - ضدیت جیسی رات و دن اور
گرمی و سردی مین ہی -
مَنافِذ - ع - جمع ہی منفذ کی جسکے معنی ہین
جگہ جاری ہونے کی راہ -
مُنافِر - ع - نفرت کرنے والا -
مُنافَرت - ع - باہم نفرت کرنا - حاکم
کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے
ثابت کرنے بزرگی حسب اور نسب
کے جانا -
مُنافَسہ - ع - رغبت کرنا کسی چیز مین
بطور مساوات کے - تعرض کرنا حسد
کرنا - رشک کرنا -
مُنافِع - ع - فائدہ دینے والا -
مَنافِع - ع - جمع منفعت بمعنے نفع اور
فائدے کی -
مُنافِق - ع - نفاق رکھنے والا - وہ
شخص جسکے دل مین کچھ اور ہو اور
ظاہر اسکے خلاف کرے -
مُنافی - ع - نیست کرنے والا - باطل
کرنے والا - ضد -
مَناقِب - ع - جمع منقبت کی ہی -
اوصاف حمیدہ -
مُناقَشہ - ع - جھگڑا کرنا - نزاع کرنا -
لڑائی - جھگڑا -
مُناقِض - ع - توڑنے والا مخالف -
مُناقَضہ - ع - باہم ایک دوسرے کی
بات کو توڑنا - اعتراض جھگڑا -
مَناکِب - ع - جمع منکب کی ہی -
دوش - مونڈھے -
مُناکَحت - ع - نکاح کرنا - باہم نکاح
ہونا عورت و مرد کا -
مُناکَرت - ع - باہم کارزار کرنا جنگ
کرنا -
مَناکیب - ع - جمع ہی منکوب کی جسکے
معنے ہین خراب - بدحال مفلس
سختی رسیدہ -
مَناکیر - ع - جمع ہی منکر کی - بد اور

بُری باتین - ناشائستگیان -

مَنَال - ع - جاے یافت - جگہ حاصل ہونے کسی شی کی جیساکہ اراضی - ملک جاگیر - باغ کھیتی - دوکان یہ سب جگہ حصول مال اور زر کی ہین انکو منال کہتے ہین -

مَنَام - ع - خوابگاہ - جاے خفتن - سونے کی جگہ - خواب - نیند -

مَنَامَات - ع - جمع منام کی خوابہا -

مَنَّان - ع - بہت بڑا احسان اور نیکی کرنے والا - بڑی نعمت دینے والا - اور نام خداے تعالے کا -

مَنَاہِج - ع - جمع منہج کی راہین رہت اور کشادہ -

مُنَاہَزت - ع - ایک دوسرے کی طرف درمیان لڑائی کے قصد کرنا - انگلیون پر فال لینا - یا نسہ کسی کے ہمراہ پھینکنا فال کے واسطے -

مَنَاہِل - ع - جمع منہل کی چشمے -

مَنَاہِی - ع - جمع منہی کی منع کی ہوئی چیزین - غیر شرع اور ناجائز اور بُری باتین -

مَنَایَا - ع - جمع منیہ کی جس کے معنی ہین - مرگ - موت -

مَنْبَت - ع - جگہ اُگنے کی -

مُنْبَت - ع - اُگایا گیا - اور نقاشون اور معمارون کی اصطلاح مین وہ چیز جس پر اُبھرے ہوئے نقش ہون جیسے سکہ کا نقش روپیہ وغیرہ پر -

مِنْبَر - ع - آلہ بلند ہونے کا یعنی ایک قسم کی سیڑھی جو لکڑی یا اینٹ کی اکثر مسجدون وغیرہ مین بنی ہوتی ہے اور اسپر عالم لوگ بیٹھکر نصیحت وغیرہ کرتے اور خطبہ وغیرہ پڑھتے ہین -

مُنْبَسِط - ع - کشادہ ہونیوالا - کھینچنے والا پھیلنے والا - اور مجازاً بمعنے مسرور خوش حال -

مَنْبَع - ع - چشمہ جگہ نکلنے پانی کی - پانی کی سوت -

مُنْبَعِث - ع - برانگیختہ ہونے والا -

مُنْبَعَث - ع - برانگیختہ کیا گیا -

مِنْ بَعْد - ع - اسکے بعد -

مُنْبَل - ع - کاہل سست - بداعتقاد -

مُنْبَلِی - ع - بداعتقادی سستی کاہلی - منکری - زشتی -

مُنَبِّہ - ع - خبردار کرنے والا -

مُنَبَّہ - ع - خبردار کیا گیا -

مُنْبِی - ع - خبر دینے والا -

مِنَّت - ع - کسی کے ساتھ نیکی اور احسان کرنا - نکوئی - احسان -

مُنْتَبِہ - ع - آگاہ - خبردار -

مُنْتِج - ع - نتیجہ دینے والا -

مُنْتَخَب - ع - خلاصہ - برگزیدہ -

مُنْتَجِع - ع - نیکوکار - وہ جگہ جہان پانی اور ہری گھاس بہت ہو -

مُنْتَجِم - ع - تابان - روشن -

مُنْتَخَب - ع - انتخاب کیا گیا - خلاصہ کیا گیا - برگزیدہ - مقبول -

مُنْتَزِع - ع - کسی چیز مین سے کھینچکر نکال لینے والا -

مُنْتَسِب - ع - لگاؤ رکھنے والا - نسبت رکھنے والا کسی کے ساتھ -

مُنْتَسَج - ع - بافتہ شدہ - بُنا ہوا -

مُنْتَسِخ - ع - نسخہ لینے والا - نسخہ پڑھنے والا -

مُنْتَسَخ - ع - نسخہ لیا ہوا - نسخہ لیا گیا - اور بعضون نے بمعنی رد کردہ شدہ کے بھی لکھا ہے -

مُنْتَسِم - ع - ٹھنڈی ہوا کھانے والا - مجازاً خوشبو لینے والا -

مُنْتَشِر - ع - بکھرنے والا - پراگندہ پھیلنے والا -

مُنْتَصِب - ع - عہدہ پانیوالا - کسی کام پر قائم ہونے والا -

مُنْتَصِد - ع - اقامت کرنے والا کسی

مکان پر - ایک دوسرے پر چنا ہوا -
مُنتظم - ع - انتظام کرنے والا - درست اور درست ہونے والا -
مُنتفع - ع - فائدہ مند -
مُنتفی - ع - نیست ہونے والا -
مُنتقِذ - ع - منقذ ہونے والا -
مُنتقَد - ع - پرکھا گیا - کھرا کیا گیا - پاک وصاف -
مُنتقَع - ع - تر شدہ - بھیگا ہوا -
مُنتقِل - ع - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا -
مُنتقِم - ع - بدلا لینے والا کسی سے کینہ کا عوض لینے والا -
مُنتقی - ع - برگزیدہ - مقبول -
مُنتِن - ع - گندہ - بدبو - بدبودار - اور سڑی ہوئی چیز -
مُنتہج - ع - راہ اختیار کرنے والا -
مُنتہِز - ع - فرصت پانیوالا - غنیمت جاننے والا جنبش میں رکھنے والا -
مُنتہی - ع - انتہا کو پہونچنے والا -
مُنتہیٰ - ع - جائے انتہا - اخیر ہر چیز کا -
مُنتہی الجموع - ع - وہ وزن جمع کا جو پھر جمع نہو سکے جس طرح وزن مفاعل اور مفاعیل کا - پس کو اغذات غلط مشہور ہے -

مُنثَنی - ع - دوتا - سرنگون - خم -
مُنتثِر - ع - بن بدھا موتی - متفرق پراگندہ - وہ کلام جو نظم نہو -
مُنتِج - ع - سبز مکھی جسکے بیٹھنے سے گوشت مین کیڑے پڑ جاتے ہین -
مُنجَر - ع - کھینچا گیا -
مُنجِس - ع - ناپاک کرنے والا -
مُنجَل - ع - کھرپا گھاس چھیلنے کا - وہ آلہ لوہے کا جس سے کھیتی وغیرہ کو کاٹین - درانتی -
مُنجِل - ع - جگہ ڈالنے کسی چیز کی -
مُنجلاب - ف - یہ لفظ مرکب ہے منجل بمعنی جائے انداخت چیزے اور آب بمعنی پانی سے پس منجلاب کے معنے یہ ہوئے جگہ ڈالتے پانی کی مگر اصطلاح اور استعمال مین اُس گڑھے اور حوض کو کہتے ہین جسمین خراب اور بدبودار پانی حمام اور باورچیخانہ وغیرہ کا جمع ہو -
مُنجلی - ع - ظاہر - آشکارا اور روشن - وطن سے باہر جانے والا -
مُنجِّم - ع - نجومی - جوتشی -
مُنجمِد - ع - سردی سے جما ہوا - بسبب سردی کے ٹھٹھرا ہوا جیسے پانی اور گھی سردی سے جم جاتا ہے -
مَنجنیق - ع - بڑا فلاخن - ڈھیکلی -

اور یہ ایک آلہ ہوتا ہے جسمین بڑے بڑے پتھر رکھکر گھما کر قلعہ کی دیوار پر مارتے ہین تاکہ وہ ٹوٹ جائے -
مُنجوش - ع } ماہچہ علم یعنے سونے یا چاندی کی ایک چیز جو مثل چاند کے بنا کر فوج کے نشان پر نصب کرتے ہین -
مُنجوق - ع -
مِنحات - ع - بڑھیون کا رندہ جس سے لکڑی کو صاف کرتے ہین -
مِنحَت - ع - بڑھئی کا رندہ - بسولہ -
مُنحدِر - ع - اوپر سے نیچے اترنے والا -
مُنحرِف - ع - پھرا ہوا - خم کھایا ہوا - برگشتہ ہونے والا -
مُنحَل - ع - کشادہ ہونے والا -
مُنحنی - ع - خمیدہ جھکا ہوا - خم کھایا ہوا - کبڑی پیٹھ کا - مجازاً بمعنے ضعیف اور ناتوان کے بھی مستعمل ہے -
مَنحوت - ع - تراشا گیا - چھیلا گیا -
مَنحول - ع - وہ شعر جو کسی اور کا ہو اور دوسرا شخص بغیر تغیر الفاظ اور مضمون کے اپنا بنا دے -
مَنخَر - ع - } سوراخ ناک کا - نتھنہ
مِنخَر - ع -
مَنخِرَین - ع - } دونون سوراخ ناک کے -
مِنخَرَین - ع -

منخرط - ع - چھلی ہوئی شی یعنے وہ چیز جو بسبب تراشنے کے سب طرف اسکے صاف ہو گئے ہون - مجازاً بمعنے آراستہ اور درست ہونیوالے کے مستعمل ہے اور بمعنی دھاگے مین پرو دیا جانے والا -

منخرق - ع - پھٹنے والا -

منخرم - ع - ناک کٹا ہوا - نکٹا وہ شخص جسکے کان مین سوراخ کیا گیا ہو -

منخفض - ع - نشیب مین گرا ہوا - پست ہونے والا -

منخل - ع - آٹا چھاننے کی چھلنی -

منخور - ع - ناک کا نتھنا -

مند - ف - بمعنی صاحب -

مندبور - ف - رستہ چلنے کی زیادتی سے تھکا ہوا - ماندہ - پریشان حال -

منذر - ع - وہ شخص جو کسی کے راز کو فاش اور ظاہر کردے -

مندرج - ع - درج کیا گیا - داخل کیا گیا -

مندرس - ع - کہنہ - پرانا - فرسودہ گھسا ہوا - خصوصاً پرانا کپڑا -

مندفہ - ع - دھنکی ہوئی روئی جس کو ہندی مین گالہ کہتے ہین -

مندفع - ع - دفع ہوتے والا -

مندک - ف - پارہ پارہ اور بمعنی کساد اور ناروائی متاع کے بھی لکھا ہے -

مندل - ف - وہ دائرہ جس کو منتر اور عزیمت پڑھنے والے اپنے گرد اگرد زمین پر کھینچ لیتے ہین - اور ہندی زبان مین ایک قسم ڈھول کی جس کو پکھاوج کہتے ہین -

مندمج - ع - داخل ہونیوالا شامل ہونے والا -

مندمل - ع - گھاو بھرنے والا - وہ زخم جسکا گوشت بھر کے اچھا ہو گیا ہو -

مندوب - ع - رویا گیا - نوحہ اور ماتم کیا گیا - وہ لفظ جو بین کے طور پر رونے مین کہا جائے -

مندیل - ع - رومال - دستار - پگڑی پٹکہ جو کمر مین باندھتے ہین -

منذر - ع - ڈرانے والا - ایک نام ہے پیغمبر صلعم کے نامون شریف سے کہ وہ حضرت بھی کافرون کو عذاب دوزخ سے ڈراتے تھے -

منزجر - ع - باز رہنے والا -

منزحف - ع - دور ہونے والا سمت معقولیت سے - دور ہونے والا وزن صحیح سے -

منزل - ع - جگہ اترنے کی - لیکن اکثر بمعنی اس جگہ کے مستعمل ہے جہان مسافر واسطے سونے اور آرام کرنے کے اترتے ہین اور بمعنی مطلق مکان اور گھر کے بھی مستعمل ہوتا ہے -

منزل - ع - نیچے اتارا گیا - اور نیچے بھیجا گیا -

منزل - نیچے اترنے والا -

منزلت - ع - رتبہ - درجہ -

منزلگاہ - ف - واضح ہو کہ اگرچہ منزل خود بمعنے جائے نزول ہے اور لفظ گاہ اسکے ساتھ بیکار معلوم ہوتا ہے لیکن کلام فصحا مین بہت آیا ہے اور وجہ اسکی یہ ہے کہ اسمین ترکیب مقلوب ہے یعنے گاہ منزل - گاہ بمعنی مطلق زمین اور منزل بمعنی مکان خاص پس اس صورت مین اضافت عام کی طرف خاص کے ہے -

منزرع - ع - کھینچا گیا - نکالا گیا -

منزوی - ع - گوشہ اختیار کرنے والا - خلق سے ایک طرف ہونیوالا گوشہ مین بیٹھنے والا

منزہ - ع - پاک صاف -

منسا - ع - لاٹھی - عصا -

منسج - ع - بننے والا - جولاہہ -

منسحب - ع - کھینچنے والا -

منسجم - ع - پانی اور آنسو بہنے والا -

منسد - ع - انسداد کیا گیا - روکا گیا - بند باندھا گیا -

مُنسرح - ع - آسانی کیا گیا - روانی کیا گیا
نام ایک شعر کی بحر کا -
مِنسفہ - ع - چوب پنجشاخہ جس سے غلہ کا
کھلیان درست کرتے ہین -
مَنسک - ع - عبادت کی جگہ - جگہ قربانی
کرنے حاجیون کی
مُنسکب - ع - پانی گرانے والا - بہت
رونے والا - آنسو بہانے والا -
مُنسلک - ع - کسی چیز مین آنے والا
لڑی مین پرو دیا جانے والا -
مَنسوب - ع - نسبت کیا گیا -
مَنسوج - ع - بافتہ شدہ - بنا ہوا - ایک
قسم کا ریشمی کپڑا - اور کبھی مراد زربفت
سے بھی ہوتی ہے -
مَنسوخ - ع - دور کیا گیا - مٹایا گیا -
نیست کیا گیا -
مَنسی - ع - فراموش کیا گیا
مَنِش - ف - خو - طبیعت - مزاج -
مَنشا - ع - جگہ پیدا ہونے کی - جگہ ہونے کی
مجازاً بمعنی سبب - واضح ہو کہ منشا کے آخر
مین بعد الف کے ہمزہ لکھنا غلط ہے
اصطلاح (منشاء) اس لیے کہ یہ جو الف ہے
یہی ہمزہ ہے الف نہین ہے -
مُنشآت - ع - پیدا کی ہوئی چیزین -
اور مراد اس سے مسودے - عبارتین -
تصنیفین -
مِنشار - ع - آرہ جس سے لکڑی کے تختہ
وغیرہ چیرے جاتے ہین -
مُنشِد - ع - شعر پڑھنے والا -
مُنشرح - ع - کھلا ہوا - آشکارا -
مُنشِط - ع - خوشی مین لانے والا -
مُنشعِب - ع - شاخ در شاخ ہونے والا -
پراگندہ - پھیلا ہوا - نام کتاب کا علم صرف
مین -
مُنشق - ع - شگفتہ کیا گیا - پارہ پارہ کیا
گیا - ٹکڑے ٹکڑے ہونیوالا -
مَنشور - ع - پراگندہ - پھیلا ہوا - فرمان
بادشاہی جسمین لطف اور عنایت کا مضمون ہو
مُنشی - ع - آغاز کرنیوالا - پیدا کرنے والا
کسی بات کا اپنے دل سے -
مَنصب - ع - جگہ قائم ہونے کی جگہ
برپا ہونے کی - مجازاً بمعنی رتبہ
عہدہ جلیل القدر - مرتبہ - مرجح
ہے کہ یہ لفظ صاد کے فتحہ سے غلط ہے
مگر یہ غلط عام ہے غلط العوام نہین
ہے - اس لیے کہ شاعرون نے
اسکا قافیہ لب اور غضب کے
ساتھ کیا ہے -
مُنصَبِغ - ع - رنگین ہونے والا -
مُنصرِف - ع - ایک حال سے دوسرے
حال پر پھر جانے والا - اور نحو کی اصطلاح
مین وہ اسم جو کسرہ اور تنوین کو قبول کرے
برخلاف غیر منصرف کے کہ وہ کسرہ اور
تنوین کو قبول نہین کرتا ہے -
مُنصِف - ع - انصاف کرنیوالا -
مَنصوبہ - ع - کوئی شے برپا کی ہوئی -
تدبیر کسی کام کی - بازی شطرنج کی - نام
ساتوین بازی نرد کا -
مَنصوب - ع - کھڑا کیا گیا - قائم کیا گیا
حرکت زبر کی دیا گیا
مَنصور - ع - یاری دیا گیا - مدد دیا گیا
نام ایک فقیر کامل کا ہے - درحقیقت انکا
نام حسین تھا اور انکے باپ کا نام منصور تھا
مگر وہ اپنے باپ کے نام سے مشہور ہین -
مَنصوص - ع - کمال تحقیق کو پہونچایا گیا
نہایت تحقیق کیا گیا - اور وہ امر جو قرآن شریف
کی آیت صحیح یا حدیث صحیح سے ثابت ہو
اور محتاج تاویل کا نہو -
مَنصّہ - ع - جگہ ظاہر کرنے کسی چیز کی [illegible]
کے لحاظ سے - وہ تخت یا چوکی جس پر
دلہن کو بٹھلا کر جلوہ دین -
مُنضِج - ع - پکانے والا اور پختہ کرنیوالا میوہ
اور زخم اور خلط مادہ وغیرہ کا -
مُنضّد - ع - تو بر تو ایک دوسرے پر
چنا ہوا - تہ بر تہ رکھا ہوا -

منضم - ع - ملایا گیا -
منضود - ع - تہ بر تہ چنا ہوا -
منطبع - ع - منقوش ہونے والا چھپنے والا -
منطبع - ع - چھاپا گیا -
منطبق - ع - تہ بر تہ ہونیوالا - مجازاً بمعنے برابر - موافق - مطابق -
منطفی - ع - بجھنے والا - بجھا ہوا -
منطق - ع - بات کہنا - گفتگو - بات اور نام ایک علم کا -
منطق - ع - کمربند - پٹکہ -
منطیق - ع - گویا - کلام کرنے والا -
منطقہ - ع - پٹکہ - کمربند -
منطقۃ البروج - ع - آسمان پر ایک بڑا دائرہ جسپر بارہ برج آسمانی واقع ہین -
منطمس - ع - نیچے بیٹھ جانے والا - محو اور نیست ہونے والا -
منطوق - ع - سخن - کلام - اور بمعنی
منطوقہ - ع - مضمون اور معانی کے بھی آیا ہے -
منطوی - ع - لپٹا ہوا -
منطیق - ع - فصیح - خوش کلام -
منظر - ع - جاے نظر - آنکھ - چہرہ دریچہ - کھڑکی -

منظوم - ع - پرویا گیا - نظم کیا گیا - اور کلام جو نثر نہو -
منظومہ - ع - نظم کیا ہوا رسالہ -
منع - ع - باز رکھنا - روکنا -
منعام - ع - بہت بخشش کرنیوالا بہت نعمت دینے والا -
منعدم - ع - نیست ہونے والا - نابود اور محو ہونے والا -
منعطف - ع - مڑنے والا - لوٹنے والا - خم کھانے والا -
منعقد - ع - بستہ ہونے والا - جمنے والا -
منعکس - ع - عکس قبول کرنیوالا - شعاع جو الٹ کر آئی ہو -
منعل - ع - وہ چیز جو گھوڑے کی نعل کی شکل پر ہو -
منعم - ع - مالدار - نعمت دینے والا -
منعوت - ع - تعریف کیا گیا - صفت کیا گیا -
منغض - ع - مکدر - تیرہ - مجازاً بمعنے رنجیدہ
منغمس - ع - غرق - ڈوبا ہوا -
منفاق - ع - بہت خرچ کرنے والا -
منفجر - ع - پھٹا ہوا - جاری ہوا چشمہ -
منفخ - ع - دھونکنی لوہاروں کی جس سے آگ کو دھونکتے ہین -

منفخ - ع - وہ چیز جو پیٹ مین ریح پیدا کرے اور پیٹ پھلا دے -
منفذ - ع - جگہ گذرنے کی - راہ - جگہ جاری ہونے کی - جگہ گھس جانے کی -
منفرج - ع - کشادہ -
منفرح - ع - خوش - شاد -
منفرد - ع - تنہا - اکیلا -
منفسخ - ع - فاسد - تباہ - خراب -
منفصل - ع - جدا - علیحدہ -
منفصم - ع - ٹوٹا ہوا - ختم کیا ہوا -
منفطر - ع - شگافتہ ہونے والا - چرا ہوا -
منفعت - ع - سودمندی - فائدہ -
منفعل - ع - اثر قبول کرنے والا - شرمندہ - خجل -
منفق - ع - خرچ کرنے والا کسی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینے والا -
منفک - ع - جدا جدا کیا گیا -
منفوش - ع - دھنکی ہوئی شے -
منفی - ع - نیست کیا گیا - نفی کیا گیا -
منقاد - ع - مطیع - فرمان بردار عاجزی کرنے والا -
منقاش - ع - موچنہ جس سے بال اکھیڑتے ہین - نہرنی جس سے ناخن وغیرہ

تراشتے ہین -
مُنقّٰی - ع - پاک کیا گیا - صاف کیا گیا - موز منقی یعنی موز گٹھلی سے صاف کیا گیا اور یہ جو عوام موز کو منقی کہتے ہین غلط ہے - موز خشک انگور -
مِنقار - ع - چونچ پرندکی - برما جس سے بڑھئی لکڑی مین سوراخ کرتے ہین -
مَنقَبت - ع - ہنر - تعریف کرنا اصطلاح مین تعریف اور ثنا اہل بیت نبی صلعم اور اصحاب کبار کی -
مُنقَبِض - ع - کھنچا ہوا - گرفتہ شدہ تنگ کرکے باندھا ہوا سمٹا ہوا -
مُنَقّح - ع - پاک او صاف کیا گیا جھوٹ سے وہ شے جسمین دروغ نہو -
مُنقَرِض - ع - بریدہ شوندہ - کترا ہوا گذرا ہوا -
مُنقَسِم - ع - تقسیم ہونے والا - بانٹا ہوا -
مُنَقّش - ع - نقش نگار کیا گیا -
مَنقَصت - ع - نقصان عیب -
مُنقَضت - ع - نقیض شکستگی -
مُنقَضی - ع - گذشتہ - گذرا ہوا -
مُنقَطِع - ع - قطع کیا گیا -
مِنقَل - ع - انگیٹھی -
مُنقَلات - اگلی فوج - یعنے ہراول -

مُنقَلِب - ع - گردش کھانے والا - اُلٹنے والا - الٹا ہونے والا -
مُنقَلَب - ع - مصدر میمی ہے بمعنے الٹنا - اُلٹا ہونا - اور اسم ظرف بھی ہے بمعنی جگہ اُلٹنے کی -
مُنقَلِع - ع - اکھڑنیوالا - پرکندہ ہونیوالا
مِنقَلہ - ع - بروزن سُنبلہ - انگیٹھی -
مُنقَنِع - ع - قناعت کرنیوالا تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا -
مَنقُوب - ع - سوراخ کیا گیا - اور چھید اگیا -
مَنقُوش - ع - نقش کیا گیا کھدا ہوا -
مَنقُوص - ع - ناقص - کم -
مَنقُول - ع - نقل کیا گیا - بیان کیا گیا - ذکر کیا گیا -
مُنَقّی - ع - پاک کرنے والا - صاف کرنے والا آلائش سے -
مَنکِب - ع - دوش - مونڈھا -
مَنکِبَین - ع - تثنیہ ہے منکب کا یعنے دونون مونڈھے -
مُنکَدِر - ع - تیرہ - دھندلا - گندلا -
مُنکَر - ع - بد قبیح - ناشایستہ - وہ بات جو خلاف شرع ہو - وہ چیز جو پہچانی ہوئی نہو - نام ایک فرشتہ کا دو فرشتون مین سے جو قبر مین سوال کرتے ہین - اور دوسرے کا نام نکیر ہے -
مُنکِر - ع - انکار کرنے والا -
مُنکَسِر - ع - ٹوٹا ہوا - شکستہ -
مُنکَسِرہ - ع - شکستہ ہونیوالا - فروتن شکستہ حال -
مُنکَشِف - ع - کھلنے والا - کشادہ - برہنہ - کھلا ہوا -
مَنکُوب - ع - خراب - بدحال - سختی پہونچا ہوا - مفلس -
مَنکُوحہ - ع - بیوی - جورو نکاح کی ہوئی عورت -
مَنکُوس - ع - اوندھا - سرنگون -
مِنگِیدن - ف - آہستہ زیر لب بات کہنا - بڑبڑانا -
مُنَمّ - ع - سخن چین - لُترا -
مِنَن - ع - جمع ہے مِنّت بمعنی احسان اور نیکی کی -
مِنوال - ع - وہ لکڑی جولاہے کی جسپر کپڑا بنا ہوا لپیٹتا ہے - مجازاً بمعنے دستور و طور کے مستعمل ہے -
مَنُوب - ع - نیابت کیا گیا - وہ شخص جسکا کوئی نائب ہو -
مَنُوب عنہ - ع - وہ شخص جسکا کوئی نائب ہو -

مَنُوچِہر - ف - مخفف ہے مینو چہر کا معنی بہشت نژاد یہ نام ہے ایک بادشاہ ایران کا جو ایرج کا نواسہ تھا اور ایرج فریدون کا بیٹا ہے -

مُنَوَّر - ع - روشن - روشنی دیا گیا -

مَنُوط - ع - لٹکایا گیا - وہ چیز جو کسی چیز سے وابستہ ہو -

مَنُوع - ع - باز رکھنے والا - بہت منع کرنے والا -

مَنُون - ع - بہت احسان رکھنے والا - روزگار - زمانہ - مرگ - موت - اور ریب المنون یعنی حوادث روزگار -

مُنَوَّن - ع - تنوین دیا گیا -

مَنوِی - ع - نیت کیا گیا - مراد وہ چیز جو ارادے میں ہو -

مِنہاج - ع - راہ راست - کشادہ رستہ -
مَنہج - ع - } سڑک

مُنہَتِک - ع - ذلیل و رسوا ہونیوالا -

مُنہَدِم - ع - ویران ہونیوالا - گری ہوئی عمارت -

مُنہَزِم - لڑائی سے بھاگنے والا - شکست کھایا ہوا -

مُنہَضِم - ع - ہضم کیا ہوا - پچا ہوا -

مَنہَل - ع - وہ چشمہ جو چراگاہ اور جنگل میں ہو جس میں چوپائے اور آدمی پانی پیویں -

مُنہَمِر - ع - چھلکنے والا - باران منہمر -

مُنہَمِک - ع - کسی کام میں بہت بڑی کوشش کرنے والا -

مَنہُوم - ع - حریص - لالچی - کھاؤ - کھانے کا گرسنہ - مربھکا -

مَنہِی - ع - خلاف شرع - منع کیا گیا - مجازاً بمعنی بد - زبون - برا -

مُنہِی - ع - خبر دینے والا - قاصد - اس کی جمع منہیان آئی ہے -

مَنہِیّات - ع - وہ برے اور بد کام جن کا کرنا شرع میں منع ہے -

مُنہِیان - ع - یہ جمع منہی کی بطور فارسی ہے - خبر دینے والے -

مَنِی - ع - آب پشت - مشہور ہے -

مَنِی - ع - بغیر تشدید یا کے - غرور - تکبر - خودبینی -

مِنیٰ - ع - نام ایک بازار کا مکہ معظمہ میں جو مقام قربانی ہے -

مُنِیب - ع - پھرنے والا طرف حق کے -

مُنیَہ - ع - آرزو - مطلب - مقصد -

مَنِیَّہ - ع - مرگ - موت -

مُنِیر - ع - روشنی دینے والا - روشن -

مَن یَزِید - ع - اس بیع کو کہتے ہیں کہ جو دام زیادہ دے وہ لے جیسے بولی نیلام کی -

مَنِیژہ - ف - یائے مجہول سے نام ہے افراسیاب بادشاہ ترکستان کی بیٹی کا جس پر بیژن نام پہلوان گیو کا بیٹا رستم کا بھانجا عاشق ہوا تھا -

مَنِیع - ع - باز رکھنے والا اور منع کرنیوالا - مجازاً محکم - استوار - مضبوط -

مُنِیف - ع - بروزن مقیم - پاک - بزرگ - بلند - زیادہ -

مَنِیوش - ف - صیغہ نہی کا ہے مصدر نیوشیدن سے بمعنی مت سن -

فصل میم مع واو

مُو - ف - بال -

مَوات - ع - وہ چیز جو بیجان ہو - وہ زمین جو خشک ہو اور بے مالک کی ہو -

مُوات - ع - مرگ - موت -

مَواثِیق - ع - جمع ہے میثاق کی جسکے معنے عہد و پیمان و استواری کے ہیں -

مَواجِب - ع - جمع ہے موجب کی جس کے معنی ہیں لازم کیا گیا - اور مقرر کیا گیا - مجازاً بمعنے تنخواہ و مشاہرہ - اگرچہ یہ لفظ جمع ہے مگر مفرد کی جگہ بھی مستعمل ہے -

مُواجَہہ - ع - باہم روبرو ہونا -

مَواجِید - ع - وہ حالتیں اور کیفیتیں جو راگ کے سننے سے صوفیوں کو حاصل

ہوتی ہین - اور یہ جمع وعد کی ہی مگر خلاف قیاس -

مُواخات - ع - باہم برادری رکھنا - کسی کو بھائی بنانا - واضح ہو کہ اس لفظ مین ہمزہ بصورت واو ہی -

مُواخذہ - ع - گرفت کرنا کسی سے کسی بات مین کسی سے جواب مانگنا -

مُواخذ - ع - گرفت کرنے والا - مواخذہ کرنے والا -

مُواد - ع - جمع ہی مادہ کی جو معنی اصل ہر چیز کے ہی - فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید دال کے آتا ہی -

مُوادعت - ع - رخصت کرنا - وداع کرنا - ایک دوسرے کو باہم رخصت کرنا -

مُوارد - ع - جمع ہی مورد کی چشمے جگہین وارد ہونے کی -

مُواریث - ع - جمع ہی میراث کی -

مُوازات - ع - مقابلہ - برابری -

مُوازرت - ع - وزارت کرنا - کسی کی مدد اور یاری کرنا -

مُوازنہ - ع - ہموزن ہونا - دو چیزون کا باہم ہموزن ہونا -

مُوازی - ع - برابر - مقابل -

مُوازین - ع - جمع ہی میزان یعنے ترازو کی -

مُواسا - ع - } **مُواسات** - ع - } یاری کرنا - رعایت کرنا - مدد کرنا - صلح اور غمخواری کرنا - مال اور تن سے کسی کے ساتھ غمخواری کرنا - مُواسا اصل مین مواسات تھا مگر استعمال فارسی مین بغیر تاے فوقانی کے بھی مستعمل ہوتا ہی - اور واضح ہو کہ مُواسات مین ہمزہ واو کی صورت سے لکھا جاتا ہی -

مُواشی - ع - جمع ہی ماشیہ کی - چوپائے بہت راہ چلنے والے - اور اطلاق اس لفظ کا اُن چوپایون پر ہوتا ہی جو بارکش ہین مثل گھوڑے اور بیل وغیرہ کے -

مُواصلت - ع - ملاقات کرنا - ملنا وصل ہو جانا - مل جانا -

مُواضعت - ع - باہم شرکت کرنا -

مُواطات - ع - موافقت کرنا -

مُواطن - ع - جمع ہی موطن کی جس کے معنی وطن کے ہین -

مُواظبت - ع - ہمیشہ ایک کام پر رہنا - ایک کام کا ہمیشہ کرنا - ایک کام پر ہمیشگی کرنا -

مُواعدت - ع - باہم وعدہ کرنا -

مُواعظ - ع - نصائح نصیحتین - جمع ہی موعظت کی -

مُواعید - ع - جمع ہی میعاد کی جس کے معنی ہین وعدہ کرنا - جگہ وعدہ کی - زمانہ وعدے کا -

مُوافق - ع - مطابق - اور موافقت کرنے والا -

مُوافقت - ع - ساتھ - دوستی - برابری میل جول -

مُواقع - ع - جمع ہی موقع کی جس کے معنی ہین جگہ - محل -

مُواقف - ع - جمع ہے موقف کی - جگہین ٹھہرنے کی -

مُواکب - ع - جمع ہی موکبہ کی - گروہ سوارون کے - سوارون کے لشکر - رسالے سوارون کے -

مُوالات - ع - کسی کے ساتھ دوستی رکھنا - پی درپی ایک کام کا کرنا -

مُوالفت - ع - کسی کے ساتھ اُلفت کرنا - خوگر ہونا - باہم اُلفت کرنا -

مُوالی - ع - جمع مولی یعنے خداوند یار و مددگار کی -

مُوالید - ع - جمع ہی مولود یعنے بچے اور فرزند کی -

مُوالید ثلاثہ - ع - کنایہ ہی حیوانات و نباتات و جمادات سے - حیوانات وہ جاندار ہین جو اپنے ارادے اور خواہش سے چل پھر سکتے ہین - نباتات

وہ چیزین جو زمین سے اُگتی ہین۔ جمادات
وہ چیزین جو جاندار نہون مثل پتھر اور مٹی
وغیرہ کے۔
مُوامَرت۔ ع۔ کسی سے مشورہ کرنا۔
مُوانَست۔ ع۔ باہم دوستی کرنا۔
مَوانِع۔ ع۔ جمع ہے مانع کی منع کرنے والی
اور روکنے والی چیزین۔
مَواہِب۔ ع۔ جمع ہے مَوہِبت کی۔
بخششین۔
مُواہِبت۔ ع۔ بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔
مُواہِنت۔ ع۔ سُستی کرنا۔
مَوائد۔ ع۔ جمع ہے مائدہ کی۔ کھانے
کے بھرے ہوئے خوان۔
مُوبِد۔ ف۔ حکیم اور دانشمند اور پیشوا
آتش پرستون کا۔ صاحب حکمت
پیر میفروش۔
مُؤبَّد۔ ع۔ ہمیشگی کیا گیا۔ ہمیشہ۔ اس لفظ
مین ہمزہ بصورت واو ہے۔
موبر آوردن زبان۔ ف۔ } مشکل ہونا
مو بہ کف آمدن۔ ف۔ }
کسی کام کا غیر ممکن یا سخت ہونا کسی کام
کا۔ اور کنایہ امر محال کے ظہور مین
آنے سے بھی۔
مُوبمو۔ ف۔ سب بالون مین۔ اور کنایہ
تمام و کمال سے۔

مَوت۔ ع۔ مرجانا۔
مَوتِ احمر۔ ع۔ لفظی معنی سُرخ موت اور
اصطلاحی موت سخت۔
مَوتیٰ۔ ع۔ مردگان۔ مرے ہوئے لوگ
مُردے۔ یہ جمع ہے مَیّت کی۔
مُوتراش۔ ف۔ اُسترہ جس سے بال
مونڈے جاتے ہین۔
مُؤتفِک۔ ع۔ اُلٹ دینے والا۔
مُؤتفِکات۔ ع۔ وہ ہوائین جو کہ ہر طرف
سے چلین۔ جو بادی ہوائین۔ قوم لوط
علیہ السلام کے شہر جو حکم خدا سے
اُلٹ دیے گئے ہین۔
مُؤتلِف۔ ع۔ خوگرفتہ ہونے والا۔
موافق آنے والا۔
مُؤتمِر۔ ع۔ فرمان بردار۔ مشورہ
کرنے والا۔
مُؤتمَن۔ ع۔ امانت دار۔ وہ شخص جو
کسی کے مال مین خیانت نکرے۔
مُؤثِّر۔ ع۔ تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔
اسمین ہمزہ بصورت واو ہے۔
مُؤثِر۔ ع۔ ایثار کرنے والا۔ بخشش
کرنے والا۔ سخی۔
مُؤثِّرات۔ ع۔ تاثیر کرنے والے۔ اثر
کرنے والے۔ اور کبھی آسمان کے
ستارون سے کنایہ ہوتا ہے۔

مُؤثِم۔ ع۔ مجرم۔ گنہگار۔
مُوثَّق۔ ع۔ استوار۔ مضبوط۔
مَوج۔ ع۔ لہر۔ پانی کی لہر۔
مُوجِب۔ ع۔ واجب کرنے والا۔ لازم
کرنے والا۔ مجازاً سبب۔
مُوجَب۔ ع۔ لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔
مَوج خیز۔ ف۔ کنایہ دریا سے۔
مُوجِد۔ ع۔ کسی چیز کا اپنے دل سے
پیدا کرنیوالا۔ نئی چیز پیدا کرنے والا۔
مُوجَز۔ ع۔ کوتاہ مختصر۔ نام ایک کتاب کا
علم طب مین۔
مَوج زن۔ ف۔ لہراتا ہوا۔ موج
مارنے والا۔
مُوجِع۔ ع۔ درد مین لانے والا۔
دردناک۔ دردمند۔
مُؤجَّل۔ ع۔ مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر
کیا گیا۔ فرصت دیا گیا۔
مَوجُود۔ ع۔ پیدا ہوا۔ حاضر۔
مَوجُودات۔ ع۔ پیدا کی ہوئی چیزین جمع ہے
موجودہ کی۔ مخلوقات۔
مُوجَّہ۔ ع۔ خوب پسندیدہ اور وہ چیز
جسکی طرف مُنھ کیا جاوے۔
مُوچِنیہ۔ ف۔ بالون کے اُکھاڑنے کا
آلہ۔ موچنہ۔
مُوحِش۔ ع۔ وحشت مین ڈالنے والا

بھگانے والا۔
مُوحِش۔ ع۔ غمگین کرنے والا۔
مُؤَخَّر۔ ع۔ آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ نام چاند کی ایک منزل کا۔
مُؤخِر۔ ع۔ آنکھ کا کویا جو کان کی طرف ہے۔
مُؤَدِّب۔ ع۔ ادب دینے والا۔
مُؤَدَّب۔ ع۔ ادب دیا گیا۔
مُوَدَّت۔ ع۔ دوستی کرنا۔ دوست رکھنا دوستی۔ محبت۔
مُؤَدّیٰ۔ ع۔ ادا کیا گیا۔ پہونچایا گیا۔ اور کبھی بمعنی مضمون و معنی کے بھی آتا ہے۔
مُؤَدِّی۔ ع۔ ادا کرنے والا۔ اور پہونچانے والا۔
مُودِع۔ ع۔ رخصت کرنے والا۔
مُودَع۔ ع۔ رخصت کیا گیا۔
مُودَعَہ۔ ع۔ سپرد کی ہوئی شے۔
مُوْدُود۔ ع۔ دوست رکھا گیا۔
مُوذیٰ۔ ع۔ اذیت دیا گیا۔ اذیت پہونچایا گیا۔
مُؤَذِّن۔ ع۔ نماز کی بانگ دینے والا۔ اذان کہنے والا۔
مُؤَذِّن۔ ع۔ آگاہی دینے والا۔ خبردار کرنے والا۔
مُؤَذِّنِ تسبیح۔ ف۔ کنایہ ہے۔ تسبیح کے امام سے۔
مُوذی۔ ع۔ دکھ دینے والا۔
مُور۔ ف۔ چونٹی۔
مُورِث۔ ع۔ وارث کرنے والا۔ ترکہ پہونچانے والا۔ وہ مرنے والا جو مال اور وارث چھوڑ جائے۔
مُورچانہ۔ ف۔ وہ زنگ جو لوہے کے اندر گھس جائے۔
مُورچال۔ ف۔ } دونون لفظ مجہول
مُورچل۔ ف۔ } واؤ سے ہین۔ وہ گڑھے جو قلعہ فتح کرنے کے لیے چارون طرف کھودتے ہین۔ اس زمانہ مین اسکو مورچہ کہتے ہین۔
مُورچہ۔ ف۔ ایک قسم کی چونٹی جو بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ زنگ جو لوہے کے اندر گھس جاتا ہے۔
مُورِّخ۔ ع۔ تاریخ لکھنے والا۔
مُورِد۔ ع۔ چشمہ پانی پینے آدمیون اور بہائم کا جنگل مین۔ جگہ اور مقام وارد ہونے کا۔
مُوَرَّد۔ ع۔ گلگون یعنی سرخ رنگ مانند گلاب کے پھول کے کیا گیا۔
مُورْد۔ ف۔ نام ایک درخت کا جسکو عربی مین آس کہتے ہین اسکے پتہ مین نہایت سبزی اور تازگی ہوتی ہے۔
مُورسَرج۔ ع۔ معرب۔ یہ لفظ معرب ہے مُورسَرہ کا۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے اور یہ خروج طبقہ عنبیہ کا ہے جو ابتدا مین چونٹی کے سر کے برابر ہوتا ہے۔
مُوَرَّث۔ ع۔ ارث دیا گیا۔ ترکہ دیا گیا وراثت دیا گیا۔
مُوْرُوث۔ ع۔ باپ دادے کی وہ شے جو ورثہ مین ملی ہو۔
مُوَرَّد۔ ع۔ ورد کیا گیا۔ وظیفہ کیا گیا۔ ہر روز بلا ناغہ کیا گیا۔
مُوری۔ ف۔ گھر کے صحن کے پانی کے نکلنے کا رستہ۔ اور یہ لفظ اس معنی پر ہندی اور فارسی مین مشترک ہے۔
مُوریانہ۔ ف۔ لوہے کا زنگ۔
مُوز۔ ف۔ کیلہ کا درخت۔
مُوَزِّع۔ ع۔ پراگندہ کرنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔
مُوزُون۔ ع۔ تلا ہوا۔ وزن کیا ہوا۔
مُوسِر۔ ع۔ توانگر۔ دولتمند۔
مُؤَسِّس۔ ع۔ استوار اور مضبوط کرنے والا۔ بنیاد ڈالنے والا۔ اس لفظ مین ہمزہ بصورت واو ہے۔
مُوسِم۔ ع۔ ہنگام۔ وقت کسی چیز کا اور بفتح سین غلط ہے۔
مُوَسَّم۔ ع۔ نام رکھا گیا۔

مُوسُوم - ع - نام رکھا گیا - نام کیا گیا - نشان کیا گیا - داغدار -

مُوسیٰ - ع - اُسترہ بال مونڈنے کا - اور نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جو مشہور ہین اس معنی مین یہ لفظ مرکب ہے مُو سے جو زبان سریانی مین تابوت کو کہتے ہین اور سا سے جو زبان سریانی مین پانی کو کہتے ہین چونکہ آپ کی والدہ نے بخوف فرعون آپ کو تابوت مین بند کرکے دریا نیل مین ڈالدیا تھا اور فرعون نے مع تابوت دریاے مذکور سے نکالا تھا اِسلیے یہ نام رکھا گیا -

مُوسیچہ - ف - ایک پرند ہے سفید رنگ برابر قمری کے - اور بعضے ممولا کو موسیچہ کہتے ہین -

مُوسیقار - ع - نام ایک ساز یعنی باجہ کا - نام ایک پرند کا جسکی چونچ مین بہت سوراخ ہوتے ہین اور اُن سوراخون سے بروقت اُس کے بولنے کے طرح طرح کے راگ نکلتے ہین حکما نے علم موسیقی اُسی سے نکالا ہے -

مُوسیقی - ع - نام ہے علم ہے راگ کا -

مُوش - ف - چوہا -

مُوَشَّح - ع - زیور سے آراستہ کیا گیا بدّھی پہنایا گیا - اِسلیے کہ وِشاح حمائل اور گلوبند مرصع یعنی جڑاؤ کو کہتے ہین جو ایک قسم کا زیور ہے عورتون کا - اور توشیح اصطلاح اہل بدیع مین نام ایک صنعت کا ہے کہ ہر شعر یا ہر مصرعہ کے اول سے ایک ایک حرف جمع کرتے ہین اور اُس سے نام کسی شخص کا یا مصرع یا مادّہ تاریخ نکل آتا ہے -

مُوش خور - ف - چیل یا گدّ -

مُوش خرما - ف - ایک جانور ہے جس کو ہندی مین گلہری کہتے ہین -

مُوش دشتی - ف - جنگلی چوہا -

مُوش کور - ف } چھچھوندر - اور اندھے
مُوشک کور - ف } ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اِس جانور کو دن کو آفتاب کی روشنی مین سوجھتا نہین ہے -

مُوشک دوانی - ف - ایک قسم کی آتشبازی کا نام ہے جسکو ہندوستان مین چھچھوندر کہتے ہین - اور اصطلاح مین کنایہ ہے فتنہ انگیزی سے -

مُوصیٰ - ع - } وہ شخص جسکو وصیت کی
مُوصّی - ع - } وصیت کیا گیا -

مُوصیٰ الیہ - ع - وہ شخص جسکو کہا ہو کہ بعد میرے مرنے کے یہ کام کرنا -

مُوصیٰ بہ - ع - وہ شی جس کے دینے کی وصیت کی ہو -

مُوَصَّف - ع - صفت و تعریف کیا گیا -

مُوصِل - ع - نام ایک شہر کا عرب مین - نام ایک جزیرہ کا - جگہ وصل کی ملنے کی جگہ - ملاقات کا مقام -

مُوصِل - ع - پہونچانے والا -

مُوَصَّل - ع - وصل کیا گیا - پیوند کیا گیا - ملایا گیا -

مُوصُوف - ع - وصف و تعریف کیا گیا -

مُوصُول - ع - ملا ہوا - وصل کیا گیا -

مُوصی - ع - وصیت کرنے والا -

مَوضِع - ع - کسی چیز کے رکھنے کی جگہ اور بمعنی مطلق جگہ کے مستعمل ہے - جگہ مکان - گانون -

مَوضُوع - ع - رکھا گیا - کیا گیا - وہ شے اور مقصد جسکا ذکر اس علم مین ہو - اور منطق کی اصطلاح مین مبتدا کو موضوع اور خبر کو محمول کہتے ہین -

مَوطِن - ع - جاے وطن - اپنا دیس - مواطن اسکی جمع ہے -

مُوَظِّف - ع - وظیفہ کرنے والا - وظیفہ دینے والا - ہمیشہ ایک کام کو کرنے والا -

مُوَظَّف - ع - وظیفہ کیا گیا - وظیفہ دیا گیا -

مَوعِد - ع - وقت وعدہ کرنے کا -

جگہ وعدہ کرنے کی ۔
مُوَاعَدَت ۔ ع ۔ وعدہ ۔ عہد ۔ پیمان ۔
مُوعِظَت ۔ ع ۔ نصیحت کرنا ۔ پند ۔ نصیحت ۔
مَوعُود ۔ ع ۔ وعدہ کیا گیا ۔
مُوَفّا ۔ ع ۔ وفا کیا گیا ۔ مجازاً بمعنی تمام اور کامل کے بھی آتا ہی ۔
مُوَفِّر ۔ ع ۔ زیادہ کرنے والا ۔
مُوَفَّر ۔ ع ۔ زیادہ کیا گیا ۔
مُوَفِّق ۔ ع ۔ توفیق دینے والا ۔
مُوَفَّق ۔ ع ۔ توفیق دیا گیا ۔ نیک کام کرنے کا اسباب مہیا کیا گیا کوئی شخص ۔
مَوفُور ۔ ع ۔ زیادتی کیا گیا ۔ تمام ۔
مُوَفّیٰ ۔ ع ۔ تمام کیا گیا ۔ وفا کیا گیا ۔ مجازاً کامل ۔ تمام ۔
مُوق ۔ ع ۔ گویا آنکھ کا جو ناک کی طرف ہی ۔
مُوَقَّت ۔ ع ۔ کسی وقت پر ٹھہرایا ہوا ۔ وقت کیا گیا ۔
مُوَقَّر ۔ ع ۔ بزرگ رکھا گیا ۔ آزمایا گیا ۔ عزت دیا گیا ۔ بردبار ۔ حلیم ۔
مَوقِع ۔ ع ۔ جگہ واقع ہونے کی ۔ جگہ گرنے کی ۔ اور بفتح قاف بھی آیا ہی ۔
مُوَقَّع ۔ ع ۔ بلند کیا گیا ۔
مَوقِف ۔ ع ۔ جگہ کھڑے ہونے کی جگہ کھڑے ہونے حاجیون کی اور وہ ایک میدان ہی مکہ معظمہ سے سات کوس کے فاصلہ پر جہان حاجی رات کو رہتے ہین اور صبح سے آخر ظہر تک کھڑے رہتے ہین اور اسکو عرفات بھی کہتے ہین ۔
مُوقِن ۔ ع ۔ یقین کرنے والا مرد ۔
مُوقِنہ ۔ ع ۔ یقین کرنے والی عورت ۔
مَوقُوف ۔ ع ۔ ٹھہرایا گیا ۔ مجازاً برخاست کیا گیا یعنی اپنے کام معمولی سے ردکیا گیا ۔ اور صرف کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکے حرف آخر کی بحالت وقف حرکت گرجاتی ہے ۔
مَوکِب ۔ ع ۔ گروہ سوارون کا جو امیر کی سواری سے آگے چلے ۔ لشکر سوارون کا ۔
مُؤَکِّد ۔ ع ۔ تاکید کرنے والا ۔
مُؤَکَّد ۔ ع ۔ تاکید کیا گیا ۔ استوار ۔
مُوَکَّل ۔ ع ۔ وہ شخص جسکو کسی نے کچھ کام سپرد کیا ہی ۔
مُوَکِّل ۔ ع ۔ سپرد کرنے والا کام کا دوسرے شخص کو ۔
مُول ۔ ف ۔ اسکے کئی معنی ہین ۔ عورت حسین جو معشوقہ ہو ۔ ناز ۔ غمزہ ۔ درنگ تاخیر ۔ دیر ۔ توبہ ۔ حرامزادہ ۔ اور امر بھی ہی بمعنی باش یعنی ٹھہر ۔
مَولیٰ ۔ ع ۔ آزاد غلام ۔ ہمسایہ ۔ یار ۔ مددکرنے والا ۔ مددگار ۔ اور بمعنی خداوند سردار ۔ مالک ۔ بزرگ قوم ۔ اور فارسی مین یہ لفظ الف کے ساتھ یعنی مولا بھی لکھا جاتا ہی ۔
مَولِد ۔ ع ۔ جاے ولادت ۔ وہ مقام جہان پیدا ہوا ہو ۔ وطن جنم بھوم ۔ زمان ولادت ۔ وقت پیدایش ۔
مُوَلِّد ۔ ع ۔ جننے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔
مُوَلَّد ۔ ع ۔ عجمی شخص جسنے عرب مین پرورش پائی ہو ۔ وہ لفظ عجمی جسکو عرب اپنے کلام مین استعمال کرین ۔ وہ دوغلہ آدمی جسکا باپ کسی اور شہر کا ہو مثل حبش وغیرہ کے اور مان اسکی کسی اور شہر کی ہو مثل ہندوغیرہ کے ۔ ایک قسم لغت عرب کی جو اصل مین موضوع نہو اور اسکو اصلی لغت سے بنالیا ہو ۔
مُولِع ۔ ع ۔ حریص ۔ لالچی ۔
مُؤَلِّف ۔ ع ۔ الفت دلانیوالا ۔ جمع کرنیوالا متفرق چیزونکا آپس مین ۔
مُؤَلَّف ۔ ع ۔ جمع کیا گیا ۔
مُؤَلَّفات ۔ ع ۔ وے کتابین جو تالیف کی گئی ہون ۔
مُولِم ۔ ع ۔ درد دینے والا ۔ دکھ اور الم دینے والا ۔ دردمند کرنے والا ۔
مُولُو ۔ ف ۔ آمین دونون واو معروف ہین

بکہ چلا جانیوالا - مفارقت کرنیوالا اپنے
مکان اور عزیزون سے یعنی مسافر وہ
شخص جس نے رسول اللہ صلعم کے ہمراہ مکہ
سے طرف مدینہ کے ہجرت کی -

مہاجرت - ع - جگہ رہنے کی چھوڑنا -
وطن چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جانا -

مہاد - ع - بستر - فرش - بچھونا - واضح ہو کہ
یہ لفظ مفرد ہے جمع مہد کی
نہین ہے -

مہار - ع - اونٹ کی نکیل - وہ لکڑی جو
اونٹ کی ناک مین ڈالتے ہین اور اسمین
ایک رسی باندھتے ہین -

مہارب - ع - جمع مہرب کی جسکے معنی ہین
گریزگاہ - بھاگنے کی جگہ -

مہارت - ع - استادی - استعداد -

مہالک - ع - جمع مہلکہ کی جگہین
ہلاکت کی -

مہام - ع - جمع مہم کی - سخت کام - یہ
لفظ اصل مین مہامم تھا -

مہان - ف - جمع مہ کی - بزرگ لوگ -

مہان - ع - اہانت کیا گیا - ذلیل -

مہب - ع - جگہ چلنے ہوا کی -

مہبط - ع - جگہ اترنے کی -

مہبل - ع - عورت کی شرمگاہ کا دہن -

مہتاب - ف - یہ لفظ مقلوب ہے کہ
اصل مین تاب مہ تھا یعنی چاندنی
پس اطلاق اسکا چاند پر درست نہین ہے
لیکن کتب لغت قدیمہ مین بمعنی چاند کے
بھی آگیا ہے سعید اشرف نے فیض
پیران جوانو جوان تبود ز مہتاب ہلال و
بدر یکسان نبود -

مہتاب بگز پیمودن - ف - کنایہ ہے
کار محال سے جسکا سر انجام ممکن نہو -

مہتابی - ف - وہ چھوٹی عمارت جو لب حوض
وغیرہ بناتے ہین واسطے دیکھنے چاندنی
کی سیر کے - ایک قسم آتشبازی کی
جو مشہور ہے - اور بمعنی رنگ شکستہ
کے بھی آیا ہے -

مہتدی - ع - ہدایت کرنے والا -

مہتدی - ع - ہدایت کیا گیا - ہدایت
پایا گیا - راہ راست پایا گیا -

مہتر - ف - بہت بڑا بزرگ -

مہج - ع - جمع مہجہ کی جو بمعنے جان اور
روح کے ہے -

مہجۃ الاحجار - ع - لفظی معنی جان پتھرون
کی اور اصطلاحاً بمعنے جواہر مثل زمرد
و لعل و یاقوت وغیرہ کے -

مہجع - ع - سونے والا -

مہجع - ع - خوابگاہ - سونے کی جگہ -

مہجو - ع - ہجو کیا گیا -

مہجور - ع - چھوڑا گیا - جدا - جدائی کیا گیا -
سخن پریشان اور ناحق -

مہجہ - ع - جان - روح - دل کے درمیان
کا خون - مجازاً خلاصہ ہر چیز کا -

مہچہ - ف - ماہچہ - یعنی وہ چیز خوبصورت
چاند کے چاندی یا سونے وغیرہ کی گول
بنا کے صیقل کرکے فوج کے نشان اور
علم کے سرے پر نصب کرتے ہین - پرچم
جو اوپر جھنڈے کے ہوتا ہے -

مہد - ع - گہوارہ جو چھوٹے لڑکون کی
پرورش کے لیے بنایا جاتا ہے -

مہدی - ع - ہدایت کیا گیا -

مہدی - ع - ہدایت کرنیوالا - رہنما -

مہذار - ع - بیہودہ گو -

مہذب - ع - عیبون سے پاک کرنیوالا -

مہذب - ع - عیبون سے پاک کیا گیا -
آراستہ کیا گیا - نام کتاب لغت کا -

مہذب الاخلاق - ع - خوش خو -
نیک خصلت - خوش خلق -

مہر - ع - وہ روپیہ یا جنس جو عورت کو
عوض نکاح کے خاوند دیتا ہے -

مہر - ف - سورج - محبت - نام سی مہینہ کا
مطابق ماہ کاتک کے -

مہر - ع - مشہور ہوا ور لفظ کردن و
زدن و کندن و اشتن و بستن و نہادن کے

ساتھ مستعمل ہی۔
مُہرّا۔ ع۔ خوب پکایا گیا یعنی وہ چیز جو پانی مین آگ پر خوب پکائی گئی ہو یہانتک کہ گھل گئی ہو۔
مُہران۔ ف۔ نام ایک دوا کا۔
مہر آوردن۔ ف۔ رحم کرنا۔
مَہرَب۔ ع۔ گریزگاہ۔ بھاگنے کی جگہ۔
مہربان۔ ف۔ محبت کرنے والا۔
مہربانی۔ ف۔ اُلفت شفقت۔ اور ایک قسم ہی جامہ لطیف کی۔
مُہرَبست۔ ف۔ یعنی تمام ہوا۔
مِہرجان۔ مب۔ یہ معرب ہی مہرگان کا جو نام ہی ایک ماہ خزان کا یعنی مدت رہنے آفتاب کی برج میزان مین۔
مِہرجان افروز۔ ف۔ کنایہ شراب سے ہی۔
مُہرشفا۔ ف۔ وہ چیز جو عزیمت پڑھنے والے سوت کی ڈوری پر پڑھ پڑھ کے پھونکتے جاتے اور گرہ لگاتے جاتے ہین اور پھر اُسکو بیمار کے گلے مین صحت کیلیے ڈال دیتے ہین۔ ہندی مین اُسکو گنڈا کہتے ہین۔
مُہرکن۔ ف۔ مہر کھودنے والا۔
مُہرگان۔ ف۔ نام ایک خزان کے مہینہ کا جسمین آفتاب برج میزان مین رہتا ہی۔

مہر گرم کردن۔ ف۔ بڑی محبت کرنا۔
مُہر گیا۔ ف۔ مردم گیا جسکو عربی مین یبروح اور یبروج الصنم اور ہندی مین لکھمنی کہتے ہین یہ ایک نبات ہی جسکی جڑ بشکل سر آدمی ہوتی ہی اور بعضے کہتے ہین بشکل تمام جسم آدمی کے یہ ہوتی ہے اور نر اور مادہ بھی ہوتی ہی۔ اور بعضے مہر گیا گل آفتاب پرست یعنی سورج مکھی کو کہتے ہین۔
مُہر موم۔ ف۔ نقش مُہر کا۔
مُہر موم ساختن۔ ف۔ کنایہ ہے ظاہر کرنے سے۔
مُہرہ۔ ف۔ چاندی کی شکل کا۔
مَہرُوب۔ ع۔ بھاگا ہوا۔
مُہرَہ۔ ف۔ کوڑی۔ گھونگا۔ منکا۔ گریا جیسے پیٹھے کی۔ دانہ جیسے تسبیح کا۔
مُہرَہ۔ ع۔ گھوڑی کا بچھیڑا چھیرہ گھوڑے کا۔
مَہرَہ۔ ع۔ جمع ماہر کی۔ بڑے جاننے والے اور اُستاد لوگ۔
مُہرہ از کف بیرون افگندن۔ ف۔ کنایہ بازی کے ہار جانے سے اسلیے کہ نرد بازون کا دستور ہے کہ جب اپنی بازی ہرنے کے قریب دیکھتے ہین

تو اکثر ہاتھ سے پانسہ پھینک دیتے ہین۔
مُہرہ بازی۔ ف۔ مکاری۔
مُہرہ تپ۔ ف۔ ایک مہرہ ہے جو بالخاصیت تپ کو دفع کرتا ہی۔
مُہرہ چین۔ ف۔ حقہ باز۔ بازیگر۔ حیلہ گر مکار۔
مُہرہ سفید۔ ف۔ ناقوس جسکو ہندی مین سنکھ کہتے ہین۔
مُہرہ کہر باگون۔ ف۔ مراد زمین۔
مُہرہ لاجورد۔ ف۔ مراد آسمان۔
مُہرہ مار۔ ف۔ سکندر نامہ مین مراد ایک کنیز مخصوص سے۔
مُہرہ نماز۔ ف۔ سجدہ گاہ جسکو خاک شفا سے بناتے ہین اور امامیہ مذہب والے نماز مین اُسپر سجدہ کرنا افضل جانتے ہین۔
مَہزُول۔ ع۔ لاغر۔ دُبلا۔
مَہزُوم۔ ع۔ شکست دیا گیا۔ شکست پایا ہوا۔
مَہضُوم۔ ع۔ ہضم کیا گیا۔ پچایا گیا۔
مہ کنعان۔ ف۔ مراد یوسف علیہ السلام سے۔
مَہَل۔ ع۔ آہستگی۔ درنگ۔ دیر۔
مُہل۔ ع۔ مس گداختہ یعنی تانبا پگھلایا ہوا۔
مَہِل۔ ف۔ صیغہ نہی کا ہی ہلیدن سے

یعنی مت چھوڑ۔ مت رہا کر۔

مَہلًا۔ ع۔ آہستہ رہ۔

مُہلَت۔ ع۔ درنگ۔ آہستگی۔ دیر۔ فرصت۔ تاخیر۔

مُہلِک۔ ع۔ ہلاک کرنے والا۔

مَہلِکہ۔ ع۔ جگہ ہلاکت کی۔

مُہَلِّل۔ ع۔ تہلیل کرنے والا۔ یعنے لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا۔

مُہَلہَل۔ ع۔ زہر دیا گیا۔ کپڑا باریک بنا ہوا یعنی جھر جھرا۔

مُہِم۔ ع۔ غم اور رنج مین ڈالنے والا۔ چونکہ ہم بمعنے رنج اور اندوہ کے ہے لہذا مجازاً امر عظیم اور کار دشوار کو مہم کہتے ہین اسلیے کہ کار دشوار طبیعت کو اندوہ و فکر مین ڈالتا ہے۔

مَہما اَمکَن۔ ع۔ جہانتک کہ ممکن ہو۔

مُہِمّات۔ ع۔ بہت سی مہمین۔ امور عظیمہ ضروری کام۔

مِہمار۔ ع۔ سخت بیہودہ گو۔

مِہماز۔ ع۔ لوہے کا کانٹا جو سوارون کے موزون کی ایڑی پر لگا ہوتا ہے۔

مِہمان۔ ف۔ وہ شخص جو کسی کے گھر مین آوے یہ لفظ مشتق ہے مہ بمعنی بزرگ اور مان بمعنی مانند سے یعنی مانند بزرگ کے چونکہ مہمان کی خاطر تواضع کرتے ہین لہذا مانند بزرگ کے ہوا۔ اور مہمان بمعنی مہمانی کے بھی آیا ہے۔

مِہمان سرا۔ ف۔ مسافرون کے اترنے کی جگہ۔ لنگر۔ سدابرت۔

مِہمانی۔ ف۔ ضیافت کرنا۔ کھانا کھلانا کسی غیر کو۔

مِہمَر۔ ع۔ سخت بیہودہ گو۔ بسیار گو۔

مُہم ساز۔ ف۔ کنایہ اس شخص سے جو انعام کردے۔ یا عورتون کی دلالی اور کٹنا پا کرے۔

مُہمَل۔ ع۔ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا گیا۔ بیکار۔ بمعنی۔ لفظ بیہودہ۔

مُہمَلہ۔ ع۔ خالی۔ اور وہ حروف جنپر نقطہ نہو۔

مَہموز۔ ع۔ معیوب۔ عیب کیا گیا۔ وہ کلمہ جسکے اصلی حرفون مین سے ایک حرف ہمزہ ہو۔

مَہموسہ۔ ع۔ حروف تہجی کی ایک قسم جو زبان پر نرمی سے جاری ہون اور پست آواز سے ادا ہون۔ اور وہ یہ ہین۔ ت۔ ث۔ ح۔ خ۔ س۔ ش۔ ص۔ ف۔ ک۔ ہ۔ اور سوا انکے باقی سب مجہورہ ہین۔

مَہموم۔ ع۔ اندوہگین۔ غمگین۔

مَہمَہ۔ ع۔ جنگل۔ بیابان۔

مُہَمِّہ۔ ع۔ غم و رنج مین ڈالنے والی شی مجازاً بمعنی کار ضروری۔ اور دشوار کام۔

مِہمیز۔ ف۔ یاے مجہول سے مالہ مہماز کا یعنی وہ خار آہنی جو سوارون کے موزون کی ایڑی کے قریب لگا ہوتا ہے۔

مُہَنّا۔ ع۔ گوارا۔ با ضم۔ خوش مزہ۔

مُہَنَّد۔ ع۔ ہندوستان کی بنی ہوئی شمشیر یعنے تلوار۔

مُہَندِس۔ ع۔ اندازہ کرنے والا۔ وہ شخص جو علم ہندسہ اور اشکال مین عالم ہو۔

مِہنہ۔ ف۔ نام ایک موضع کا خراسان مین جہان انوری شاعر پیدا ہوئے تھے۔

مَہوَش۔ ف۔ چاند کے مانند۔

مَہول۔ ع۔ خوف زدہ۔ ترسناک۔

مِہی۔ ف۔ بزرگی۔ سرداری۔

مُہَیِّی۔ ع۔ آمادہ و مستعد کرنے والا۔

مُہَیّا۔ ع۔ تیار۔ موجود۔

مَہیب۔ ع۔ میم کے فتحہ سے وہ شخص جس سے لوگ ڈرین اور اسکے چہرہ سے ہیبت اور رعب برسے اور میم کے ضمہ سے غلط مشہور ہے۔

مُہیج۔ ع۔ اٹھانے والا۔ غبار اور
مُہَیِّج۔ ع۔ گرد اٹھانے والا۔

مُہیل - ع - جگہ خوف کی -
مُہیمِن - ا - وہ شخص جو دوسرے کو خوف سے امین کردے - گواہ صادق - اور ایک نام ہے خدا کے ناموں میں سے اور بمعنی مہربان - نگہبان -
مِہین - ف - بزرگ تر - بڑا بزرگ -
مَہِین - ع - سست - ضعیف - مجازاً بمعنی حقیر - خوار - ذلیل -
مُہِین - ع - اسم فاعل ہے اہانت سے بمعنے خوار اور ذلیل رکھنے والا -
مہینہ - ف - بزرگ -

فصل میم مع یاے تحتانی

مے - ف - شراب -
مَیادِین - ع - جمع ہے میدان کی -
مے آلودہ کردن - ف - کنایہ ہے بہت سُرخ کرنے سے -
مَیامِن - ع - جمع میمنت کی - برکتیں سعادتیں - نیکیاں - اور جمع میمنہ کی جانب راست کے اندام -
مَیامِین - ع - جمع میمون کی - بابرکت لوگ - بابرکت چیزیں - مبارک اشیا -
مِیان - ف - کسی چیز کا بیچو بیچ اور اسی سبب سے بمعنی کمر مستعمل ہے اسلیے کہ کمر وسط بدن میں واقع ہے -
میان بستن - ف - مستعد ہونا -
میانجی - ف - ایلچی - قاصد - اور بمعنی ایلچی گری اور قاصدی کے بھی ہے -
مِیانداری - ف - دلالی - ترساقی گٹھنا یا کسی کام میں واسطہ ہونا اور کشتی گیروں کی اصطلاح میں دو شخص لڑتے ہوؤں کو آپس سے جُدا کردینا -
مِیان دادن - ف - اجازت دینا -
میانِ دو عید - ف - ماہ ذلقعدہ -
میانہ - ف - درمیان کا یعنی نہ بڑا نہ چھوٹا منجھولا -
میانہ روی - ف - زیادتی اور کمی سے بچنا - بیچ کی راہ چلنا -
مِیاہ - ع - جمع ماء بمعنی پانی کی -
مَیِّتُ - ع - مردہ - مری ہوئی تو تھ -
مَیتَت - ع - اسمیں مذکر اور مونث برابر ہے -
مِیتِین - ف - پہلی یاے مجہول ہے - لوہے کا آلہ جس سے پتھر میں شگاف کرتے ہیں -
مِیثاق - ع - وعدہ - عہد و پیمان - استواری - مضبوطی - اور روز میثاق مراد روز ازل سے جسمیں کل ارواح نے خدا کی ربوبیت کا اقرار کیا تھا -
مِیخ - ف - کیل خواہ لوہے کی ہو خواہ لکڑی کی -
مے خام - ف - شراب خالص -
مَیخانہ - ف - شراب خانہ اور مراد اسباب اور ظروف شرابخواری سے -
مِیخ دوز - ف - عدیم الحرکت - جو شخص چل پھر نہ سکے - اپاہج -
مِیخک - ف - چھوٹی کیل - کوکا -
مَیخوش - ف - واو غیر ملفوظ سے ترش مزہ جسمیں مٹھاس بھی ہو جیسے گٹ مٹھا کہتے ہیں -
مَیدان - ع - کشادہ زمین - جاے
مِیدان - ع - وسیع صاف سطح زمین کی جہاں پہاڑ نہو -
مَیدان دادن - ف - کسی کی تعظیم کیلیے جگہ خالی کردینا -
مے در گریبان گردن - ف - زبردستی کسی کو شراب پلانا -
مَیدہ - ف - نفیس آٹا باریک چھنا ہوا کپڑے میں - اور مخفف مائدہ کا جو بمعنے خوان پُر طعام کے ہے -
مِیذنہ - ع - جگہ اذان کہنے کی -
مِیر - ع - مخفف امیر کا - سردار -
مِیر آب - ع - باغبان جسکا ذمہ درختوں میں پانی دینے کا ہو - داروغہ گذر دریا کا جسکے اختیار میں کشتیاں ہوں -
مِیر آتش - ف - داروغہ توپخانہ کا -

میراث - ع - مال مُردے کا جو اُسکے
وارثون کے ہاتھ آوے
میر آخور - ف - داروغہ اصطبل -
میر آخور باشی - ف - بادشاہی اصطبل کے
کارندون کا سردار - واضح ہو کہ آخور
مین واو غیر ملفوظ ہی -
میر بحر - ع - داروغہ گذر دریا کا -
میر بخشی - ع - وہ شخص جو سب کی تنخواہ
تقسیم کرے -
میر حاج - ع - سردار حاجیون کا -
میرزا - ف - اصل مین امیرزا تھا یعنی امیر
کا بیٹا - سردار زادہ - اور ایران مین یہ
لفظ سادات پر اطلاق کرتے ہین -
واضح ہو کہ اس تقدیر پر مرزا بحذف
یاے تحتانی درست نہین ہی لیکن اکثر
اُستادان نظم مین لائے ہین سعد مرزا ہمہ وقت
جامہ زر تاری نیست - پیوستہ سپہر بر بیاری
نیست ہی عبد الرزاق فیاض سعد بدین
وسیلہ کہ مرزا سعید ما تنہا ہا چہ خوب کرد کہ
فیاض رفت از دل ما -
میرزائی کشیدن - ف - کسی کی
نازبرداری کرنا -
میر شبگیر - ف - شہر کا کوتوال جو رات
کو نگہبانی کے لیے پھرا کرے -
میر شکار - ف - میر شکاریون کا سردار -

میز - ف - یاے مجہول سے - وہ تخت
جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہین اور کتابین
وغیرہ اسباب رکھتے ہین - اور بمعنے
ضیافت اور اسباب ضیافت کے
بھی آیا ہی -
میزاب - ع - پرنالہ -
میزان - ع - ترازو -
میزان روز - ف - کنایہ ہی بہادر
اور شجاع آدمی سے -
میزبان - ف - صاحب خانہ جو کسی کی
ضیافت کرے اسلیے کہ میز بمعنی اسباب
ضیافت اور کرسی طعام کے ہی اور
بان بمعنی دارندہ -
میزر - ع - تہبند - تہمد - چادر - شلوار -
زیر جامہ - پاجامہ -
میزہ - ع - یاے مجہول سے - کاٹھی کے
درمیان کی جگہ جسپر بیٹھتے ہین -
میسّر - ع - آسان کیا گیا - اور سیم کے
فتحہ سے غلط مشہور ہے -
میسر - ع - جوا کھیلنا - جوا -
میسرہ - ع - توانگری - فراغت - طرف
دست چپ - بائین طرف - وہ فوج جو
وقت لڑائی کے بادشاہ کے بائین ہاتھ
کی طرف رہتی ہی -
میسور - ع - آسان ہونا - آسان

اس صورت مین یہ مصدر ہی بر وزن مفعول -
میش - ف - بھیڑی -
میشوم - ع - یہ لفظ غلط ہی صحیح مشئوم اور
مشئوم بر وزن مقول اور مقسوم کے
ہی - چنانچہ اسکا بیان اوپر گذرا - معنے
اسکے منحوس -
میعاد - ع - آپس مین وعدہ کرنا جگہ
وعدہ کرنے کی - زمانہ وعدہ کا - اور
وقت مقرر -
میغ - ف - ابر سیاہ - اور کبھی بمعنی مطلق
سیاہ کے بھی آتا ہی -
میق - ع - گریان - روتا ہوا -
میقات - ع - وقت - ہنگام کار - وعدہ
کی جگہ - وعدہ گاہ - اور وہ مقام
جہان پر احرام حج کا باندھتے ہین - اور
یہ مقام پانچ ہین - ذو الحلیفہ - ذات عرق
جحفہ - قرن - یلملم -
میکال - ع - نام ایک فرشتہ مقرب کا
میکائیل - ع - جو مخلوقات کے رزق
پہونچانے پر جانب خدا سے مقرر ہین -
میکدہ - ف - شراب خانہ -
میگون - ف - نام ایک رنگ کا مائل
بسرخی - شراب کا سا رنگ -
میل - ع - منتہا درازی بصر کی زمین پر
یعنی مد نظر - سلائی جس سے آنکھ مین

سر پر لگاتے ہین - منار علامت فرسنگ کا - لوہے یا تانبے وغیرہ کی لمبی کیل جو گنبد کے سر پر لگاتے ہین - مسافت چار ہزار قدم کی -

میل وَرزِش - ف - رگ ذکر -

مَیل - ع - خم ہونا - خمیدگی - ہلنا - جنبش کرنا - توجہ - خواہش -

میلاد - ع - وقت ولادت - زمانہ پیدا ہونے کا - نام ایک شہر کا - نام ایک پہلوان ایرانی کا -

مَیلان - ع - جھکنا - خم ہونا - مائل ہونا - رجوع - خواہش طبیعت -

میل در دیدہ کشیدن - ف - کنایہ
میل در چشم کشیدن - ف - کنایہ
کسی کو اندھا کر دینا اسلیے کہ سلائی کو گرم کر کے آنکھ مین پھیر دینے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے -

مِیلَک - ف - ایک قسم کا کپڑا ہے جو شہر نوشاد سے لاتے ہین -

میمِ کاتب - ف - کنایہ اندھے سے -

میمِ مطوّق - ف - کنایہ الف کوفی سے جس سے مراد آلت مردی ہے -

مَیمَنت - ع - برکت - سعادت -

مَیمَنَد - ع - نام ایک قصبہ کا ہے جو مضافات غزنین سے ہے یہین کا رہنے والا حسن میمندی مشہور ہے -

مَیمَنہ - ع - جانب دست راست - دہنے ہاتھ کی طرف - اور وہ فوج جو لڑائی کے وقت بادشاہ کے دہنی طرف کھڑی ہو -

مَیمُون - ع - خجستہ - مبارک - نام ایک مرد کا -

مَیمُون - ف - بندر ایک مشہور جانور ہے -

مَیمُونَہ - ع - نام ایک پیچ کا ہے کشتی مین -

مَین - ع - جھوٹھ بولنا - دروغ - جھوٹھ -

مینا - ف - شیشہ شراب کا - آبگینہ رنگین جس سے سونے اور چاندی پر نقاشی کرتے ہین اور یہ مینا سبز اور لاجوردی اور سفید اور سرخ ہوتا ہے -

میناکار - ف - چاندی اور سونے پر مینا کا کام کرنے والا -

مینو - ف - عالم علوی - بہشت - فلک - آسمان - آبگینہ رنگین یعنی مینا - زمرد جو قسم جواہر سے ہے -

میوہ - ف - } پھل کسی درخت کا
مَیوہ - ف - } اور سکندر نامہ مین مراد ایک کنیزک کی ذات سے ہے -

باب نون

فصل نون مع الف

نا - ف - حرف نفی ہے جو اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ پر داخل ہوتا ہے جیسے نابالغ اور ناممسوع وغیرہ اور لفظ (بے) مصادر اور اسماے جامد پر آتا ہے جیسے بے علم - بے شعور وغیرہ - مگر چند مقام پر اس قاعدے کے برخلاف مستعمل ہے جیسے نامراد - ناہنجار - ناانصاف - نااُمید - ناتوان - ناسپاس - ناامن - ناکام وغیرہ -

نا - ع - ہم - ہم لوگ - ہم عورتین -

ناب - ع - وہ دانت جسکو ہندی مین کچلی کہتے ہین - بوڑھی اونٹنی -

ناب - ف - خالص - صاف - پاک -

ناپاک - ف - گندہ - پلید -

ناپائدار - ف - جو دیر تک نرہے -

ناپائستہ - ف - نالایق - نازیبا -

نابت - ع - اُگنے والا - اُگانے والا -

ناپدید - ف - جو دکھلائی نہ دے -

ناپسند - ف - جو پسند نہو -

نابغہ - ع - نام ایک شاعر کا جو مداح تھا نعمان بن منذر کا -

نابکار - ف - جو کام کا نہو - نالایق -

نابود - ف - جو نیست ہو جائے -

نابہ - ف - خالص شراب -

ناہرہ - ف - کمینہ - فرومایہ - بے عقل

بے نصیب۔
ناپیدا۔ف۔ جو ظاہر نہو۔
نابینا۔ف۔ اندھا۔
ناتراشیدہ۔ف۔ نہ چھلا ہوا۔ بے ادب۔ بے تمیز۔
ناتراش۔ف۔ ناہموار۔ سفلہ کمینہ۔ بے ادب۔
ناتوان۔ف۔ ناطاقت۔ کمزور۔
ناتوان بین۔ف۔ حسد کرنے والا۔
ناتوانی۔ف۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔
ناجی۔ف۔ع۔ } نجات پانیوالا۔
ناجیہ۔ع۔ } عذاب سے چھٹکارا پانے والا۔
ناچار۔ف۔ لاعلاج۔ لابد۔ بالضرور۔ عاجز۔ لاچار غلط ہے۔
ناچاق۔ف۔ دبلا۔ مریض۔ وہ شخص جو تندرست نہو۔
ناچخ۔ف۔ چھوٹا نیزہ۔
ناچیز۔ف۔ بے حقیقت۔ ذلیل۔
ناحفاظ۔ف۔ بے شرم۔ فاسق۔ بے احتیاط۔ بے حیا۔
ناحق۔ف۔ بے حق۔ بے سبب۔
ناخج۔ع۔ قصد کرنے والا۔ اور کنارہ پکڑنے والا۔
ناحیہ۔ع۔ کونا۔ کنارہ۔ کونا ملک کا۔

ناخ۔ف۔ ناف۔ شکم پر جو سوراخ ہوتا ہے۔
ناخدا۔ف۔ ملاح۔ اصل مین ناؤخدا تھا یعنے مالک ناؤ کا۔
ناخس۔ع۔ مثل سوئی کے چبھنے والا ورد جسمین ٹیس پیدا ہو۔
ناخص۔ع۔ وہ عورت جو بڑھاپے سے دبلی ہوگئی ہو۔
ناخلف۔ف۔ وہ بیٹا جو نالائق ہو اور جو باپ کے موافق نہو۔
ناخن آفتاب۔ف۔ آتش۔ آگ۔
ناخن بدل زدن۔ف۔ دل پر اثر کرنا کسی بات کا۔ بیقرار کرنا۔
ناخن بسنگ آمدن۔ف۔ کنایہ امر نالائم اور مکروہ کے پیش آنے سے۔
ناخن گذاشتن۔ف۔ کنایہ ہے کمال خوف اور نہایت عاجزی سے۔
ناخنہ۔ف۔ نام آنکھ کی ایک بیماری کا اور یہ گوشت ہوتا ہے مائل بسفیدی مثل ناخن کے جو آنکھ کے کونے مین پیدا ہوجاتا ہے اگر علاج نہ کیا جائے تو سیاہی آنکھ کی ڈھانپ لیتا ہے اور آدمی اندھا ہوجاتا ہے۔
ناخواست۔ف۔ بے اختیار۔ بے طلب۔ بے تلاش۔

ناخواندہ۔ف۔ بے پڑھا ہوا۔ بن بلایا ہوا۔
ناخوش۔ف۔ جو راضی نہو۔
نادار۔ف۔ نہایت مفلس جس کے پاس کچھ نہو۔
ناداری۔ف۔ مفلسی۔ محتاجی۔
ناداشت۔ف۔ مفلس۔ محتاج۔ اور بمعنی ناواقف کے بھی آیا ہے۔
ناداشتی۔ف۔ مفلسی۔ بے شرمی۔ بے اخلاصی۔ ناواقفی۔
نادان۔ف۔ بیوقوف۔
نادانستہ۔ف۔ انجان۔
نادانی۔ف۔ بے وقوفی۔
نادر۔ف۔ قلیل شے۔ کمتر چیز۔ تحفہ۔ اور بمعنی تنہا اور معدوم کے بھی آیا ہے۔
نادرست۔ف۔ جو ٹھیک نہو۔
نادرہ۔ف۔ عجیب۔ تحفہ۔
نادم۔ف۔ شرمندہ۔ پشیمان۔
نادی۔ع۔ پکارنے والا۔
نادیدنی۔ف۔ قابل نہ دیکھنے کے۔
نادیدہ۔ف۔ نہ دیکھا ہوا۔
نار۔ف۔ انار مشہور میوہ ہے۔
نار۔ع۔ آتش۔ آگ۔
ناراست۔ جو سیدھا نہو۔ جو

سچا نہو۔ کھوٹا آدمی۔
ناربن۔ ف۔ انار کا درخت۔
نارجیل۔ ع۔ ناریل۔ کھوپرا۔
نارد۔ ف۔ ایک جانور ہوتا ہے مثل جون کے جو حیوانات کے پوست مین پیدا ہو کر خون پیا کرتا ہے۔
نارداان۔ ف۔ دانۂ انار۔ اور بعض انار دانۂ ترش کو کہتے ہین۔
نار دانک۔ ف۔ آب انار۔
نارس۔ ف۔ وہ میوہ جو ابھی خام ہو۔
نارسائی۔ ف۔ پہونچ کا نہونا۔
نارسیدہ۔ ف۔ کچا۔ خام۔ نابالغ کم سن لڑکی۔
نارفارسی۔ ف۔ مرض آتشک۔
نارنج۔ مب۔ معرب نارنگ کا ہے۔
نارنج زرین۔ ف۔ کنایہ آفتاب سے
نارنگ۔ ف۔ | نارنگی مشہور پھل ہے
نارنگی۔ ف۔ |
ناروا۔ ف۔ ناجائز۔ غیر شرع۔
ناردن۔ ف۔ ایک قسم ہے انار کی۔ جسمین بجز پھول کے پھل نہین ہوتا۔ اور پھول اسکا مثل گیند سے کے بڑا اور نہایت سرخ ہوتا ہے اسکو گلنار فارسی بھی کہتے ہین۔ اور نام ایک درخت کا بھی جو نہایت خوش اندام اور سیدھا اور بہت سایہ دار اور خوبصورت ہوتا ہے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہین۔ اور بہار عجم مین لکھا ہے کہ ناردن مبدل ہے ناربن کا بمعنی درخت انار کا۔
ناری۔ ع۔ آگ کا۔ آتشی۔ جن۔ پری۔ اور بمعنی دوزخی کے بھی آیا ہے۔
ناز۔ ف۔ نیا اُگا ہوا سرو و صنوبر کا درخت۔ بیدماغی۔ بے پروائی معشوق کی۔ فخر۔ لاڈ۔ پیار۔
نازا۔ ف۔ ہر حیوان کی مادہ جس مین جننے کی قابلیت نہو۔ بانجھ۔
نازبالش۔ ف۔ نرم تکیہ۔
نازک۔ ف۔ پتلا۔ خوبصورت جو بھدا نہو۔
نازک بدن۔ ف۔ پتلے بدن کا۔
نازک خیالان۔ ف۔ عارف لوگ بڑے فکر کرنے والے حق تعالی کی صنعتون اور مضامین شعری مین۔
نازل۔ ع۔ اترنے والا۔
نازل منزلہ۔ ع۔ قائم مقام۔
نازلہ۔ ع۔ حادثہ۔ مصیبت۔
نازندہ۔ ف۔ ناز کرنے والا۔
نازنین۔ ف۔ نازک اندام۔ یہ مرکب ہے ناز اور نین کلمۂ نسبت سے۔
نازیدن۔ ف۔ ناز کرنا۔
نازو۔ ف۔ درخت چنار۔ اور بمعنی درخت سرو کے بھی لکھا ہے۔
ناس۔ ع۔ آدمی۔ انسان۔ یہ صیغہ اسم جنس کا ہے واحد اور جمع دونون پر بولا جاتا ہے۔
ناساز۔ ف۔ ناموافق۔
ناسپاس۔ ف۔ بے شکر۔
ناستودہ۔ ف۔ جسکی تعریف نہوئی ہو۔
ناسج۔ ع۔ کپڑے کا بُننے والا۔
ناسخ۔ ع۔ لکھنے والا۔ رد کرنے والا نیست کرنے والا۔
ناسرہ۔ ف۔ کھوٹا۔ غیر خالص۔ وہ روپیہ اشرفی جس مین کچھ عیب ہو۔ اور مجازاً بمعنی سخن بد کے بھی آتا ہے۔ اس کلمہ مین (نا) نفی کا ہے۔
ناسزا۔ ف۔ نازیبا۔ نالائق۔
ناسفتہ۔ ف۔ بغیر پرویا ہوا جس مین سوراخ نہوا ہو۔
ناسفتگان۔ ف۔ کنواری عورتین۔
ناسق۔ ع۔ انتظام و ترتیب کرنے والا
ناسک۔ ع۔ عبادت کرنیوالا۔ راہ حق تعالی مین قربانی کرنے والا۔
ناسکان۔ ف۔ عبادت کرنیوالے۔
ناسوت۔ ع۔ عالم اجسام کہ مراد اس سے دنیا اور یہ جہان ہے۔ اور کبھی مجازاً بمعنی

شریعت اور عبادت ظاہری سے بھی آتا ہے۔
ناسُور ۔ ع ۔ یہ لفظ سین اور صاد دونون سے لکھا جاتا ہے ۔ وہ زخم جو ہمیشہ بہا کرے اور کبھی اچھا نہو۔
ناسِی ۔ ع ۔ بھولنے والا۔
ناشاد ۔ ف ۔ جو خوش نہو۔
ناشائستہ ۔ ف ۔ نالائق ۔ نامناسب۔
ناشپاتی ۔ ف ۔ نام ایک میوہ کا جو زردی مین مشابہ امرود سے ہوتا ہے اور بہت مشہور ہے ۔
ناشِتا ۔ ف ۔ بھوکھا رہنا یعنی صبح سے کچھ نہ کھایا ہوا ہونا۔
ناشُنُدنی ۔ ف ۔ سننے کے لائق ۔
ناشِر ۔ ع ۔ پراگندہ ۔ فاش کرنے والا۔ اور کھولنے والا ۔ اور ظاہر کرنے والا کسی چیز کا ۔ خوشبو دینے والا۔
ناشِرات ۔ ع ۔ سخت آندھیان ۔
ناشِز ۔ ع ۔ اونچا بیٹھنے والا۔
ناشِط ۔ ع ۔ خوشی کرنے والا۔
ناشِطات ۔ ع ۔ خوشی اور سرور پیدا کرنے والی جماعتین ۔
ناشکیبائی ۔ ف ۔ بیصبری ۔
ناشناس ۔ ف ۔ جو پہچانتا نہو۔
ناشناخت ۔ ف ۔ نہ پہچانا ہوا ۔
ناشی ۔ ع ۔ اٹھنے والا ۔ ظاہر اور پیدا ہونے والا ۔ نوجوان ۔
ناصِب ۔ ع ۔ برپا کرنے والا ۔ اور قائم کرنے والا ۔ دشمن رکھنے والا ۔ کلمۂ معرب مین حرکت زبر کی دینے والا۔
ناصِبہ ۔ ع ۔ مؤنث ہے ناصب کی ۔
ناصِح ۔ ع ۔ نصیحت کرنے والا ۔
ناصِر ۔ ع ۔ مددگار ۔
ناصِع ۔ ع ۔ خالص ۔
ناصِف ۔ ع ۔ آدھون آدھ کرنے والا۔
ناصَواب ۔ ع ۔ جو درست نہو ۔ غلط ۔
ناصُور ۔ ع ۔ یہ لفظ سین اور صاد دونون سے درست ہے ۔ وہ زخم جو کبھی بند نہو۔
ناصِیہ ۔ ع ۔ پیشانی کے بال مگر فارسی مین بمعنی پیشانی یعنے ماتھے کے مستعمل ہے۔
ناضِح ۔ ع ۔ وہ اونٹ جسپر پانی کی پکھال لادی جائے ۔
ناضِر ۔ ع ۔ تر و تازہ ۔
ناطِح ۔ ع ۔ سینگ مارنے والا چوپایہ ۔
ناطِر ۔ ع ۔ نگہبان باغ انگور کا ۔
ناطِس ۔ ع ۔ جاسوس ۔
ناطِق ۔ ع ۔ بولنے والا ۔ صاحب عقل سمجھنے والا کلیات اور جزئیات کا ۔
ناطُور ۔ ع ۔ باغبان اور نگہبان انگور کے باغ کا ۔
ناظِر ۔ ع ۔ دیکھنے والا ۔ محررون کا سردار اور بمعنی خواجہ سرا یعنی خوجہ کے بھی آیا ہے اور بمعنی داروغہ کے بھی ۔ اور کنایہ جاسوس اور ہرکارہ سے بھی ۔
ناظِم ۔ ع ۔ پرونے والا ۔ شعر کہنے والا ۔ انتظام کرنے والا ۔
ناظُور ۔ ع ۔ نظر کرنے والا ۔ نگہبان اور نظر کیا گیا ۔
ناظُورہ ۔ ع ۔ معشوقہ ۔ محبوبہ ۔
ناعِس ۔ ع ۔ اونگھنے والا ۔ وہ شخص جسکی آنکھون مین نیند بھری ہوئی ہو ۔
ناعِش ۔ ع ۔ زندگانی بخشنے والا ۔
ناعِم ۔ ع ۔ نرم ۔ نازک ۔ ناز و نعمت مین پلا ہوا ۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون مین سے
ناعِمہ ۔ ع ۔ نرم اور نازک بدن عورت ۔
ناف ۔ ف ۔ پیٹ کی ناف ۔ سونڈی ۔
ناف پیچ ۔ ف ۔ پیچش کا درد ۔
نافِجہ ۔ ع ۔ خوشبودار شے ۔
نافِخ ۔ ع ۔ پھونکنے والا ۔ ہوا بھر کر پھلانے والا ۔
نافِ خاک ۔ ف ۔ مکۂ معظمہ ۔
نافِذ ۔ ع ۔ جاری ہونے والا ۔ نفوذ کرنے والا ۔ یہ اکثر صفت لفظ امر اور

حکم کے واقع ہوتا ہے۔
نافر۔ ع۔ نفرت کرنے والا۔ غائب۔ بھاگ جانے والا۔
نافرجام۔ ف۔ بدانجام۔ بداصل۔
نافرمان۔ ف۔ جو حکم نہ مانے۔
نافرمانی۔ ف۔ حکم نہ ماننا۔
ناف زدن۔ ف۔ طفل نو پیدا کی ناف کاٹنا۔
ناف زمین۔ ف۔ مکہ معظمہ۔
ناف شب۔ ف۔ آدھی رات۔
نافض۔ ع۔ ہلانے والا اور وہ تپ جو لرزہ سے آوے۔
نافع۔ ع۔ نفع دینے والا۔
ناف عالم۔ ف۔ مکہ معظمہ۔
نافلہ۔ ع۔ زائد۔ وہ عطیہ اور بخشش جو غیر واجب ہو۔ نماز سنت۔ وہ عبادت جو بندہ پر واجب نہو۔
نافہ۔ ف۔ مشک یعنی کستوری کی تھیلی۔ جو ہرن کی ناف سے نکلتی ہے۔
ناف ہفتہ۔ ف۔ منگل کا روز۔
نافہم۔ ف۔ جو سمجھ نرکھتا ہو۔
نافی۔ ع۔ نفی کرنیوالا نیست کرنیوالا۔
ناقابل۔ ف۔ جو قابل نہو۔
ناقد۔ ع۔ پرکھیا۔ روپیہ اور اشرفی کا پرکھنے والا۔

ناقر۔ ع۔ جو چونچ مارنے والا۔ چونچ سے کھٹکنے والا۔ صور پھونکنے والا۔
ناقص۔ ع۔ کم ہونیوالا جسمین کچھ کمی ہو کم ادھورا۔ اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکے اصلی حرفون مین سے آخر کا حرف۔ (و) یا (ا) یا (ی) ہو۔
ناقل۔ ع۔ نقل کرنے والا کسی بات کا بیان کرنے والا۔
ناقور۔ ع۔ بڑی نے۔ صور۔ سنکھ۔
ناقوس۔ ع۔ سنکھ جو ہندو لوگ بروقت پوجا کے بجاتے ہین۔ بڑا گھنٹہ جو گرجا گھر مین بروقت نماز بجتا ہے۔
ناقہ۔ ع۔ اونٹنی۔
ناقہ۔ ع۔ جو ابھی بیماری سے اٹھا ہو۔
ناک۔ ف۔ بھرا ہوا۔ صاحب۔ خداوند۔ مالک۔ آلودہ۔ مگر یہ لفظ کسی موصوف کی صفت کرنے کے لیے کلمات کے آخر مین لاتے ہین۔
ناکارہ۔ ف۔ جو کام کا نہو۔
ناکاشتہ۔ ف۔ جو بویا گیا نہو۔
ناکام۔ ف۔ نامراد۔ ناچار۔ بالضرور۔
ناگاہ۔ ف۔ / ناگہ۔ ف۔ } اچانک۔ ناگاہ۔
ناکب۔ ع۔ اوندھا گرانے والا۔ رنج و غم دینے والا۔

ناکتخدا۔ ف۔ بن بیاہا ہوا جسکی شادی ابھی نہوئی ہو۔
ناکح۔ ع۔ مرد نکاح کرنے والا۔ عورت نکاح کرنے والی۔ جماع کرنے والا۔
ناکردنی۔ ف۔ وہ بات جو کرنے کے لائق نہو۔
ناگرفت۔ ف۔ ناگاہ۔ یکایک۔
ناگزاران۔ ف۔ / ناگزارو۔ ف۔ / ناگزیر۔ ف } ناچار۔ ضرور۔ لابد۔ لاعلاج۔ یعنی بالضرور۔
ناکس۔ ف۔ کمینہ۔ نالائق۔
ناکس۔ ع۔ اوندھا۔ سرنگون۔
ناکسی۔ ف۔ نالایقی۔ کمینہ پن۔
ناگفتہ دان۔ ف۔ عالم الغیب۔
ناگوار۔ ف۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناپسند ناخوش۔ جو ہضم نہو۔ واضح ہو کہ بفتح کاف فارسی غلط ہے۔
ناگہان۔ ف۔ یکایک۔
نال۔ ف۔ وہ چیز جو مثل سوت کے قلم کے تراشنے مین نکلتی ہے اور بمعنی گنّا۔ نیشکر۔ رودخانہ کوچک۔ وہ نے جو اندر سے خالی ہو۔
نالان۔ ف۔ روتا ہوا۔ نالہ اور فریاد کرتا ہوا۔
نالائق۔ ف۔ جو لائق نہو۔

نالش - ف - نالان ہونا - اور فریاد کرنا -

نالہ - ف - فریاد - آواز بلند جو سوز دل سے ہو - اور بمعنی مطلق بلند آواز کے بھی آیا ہی - اور بمعنی چھوٹی ندی کے بھی آیا ہی -

نالیدن - ف - شور کرنا -

نامبارک - ف - منحوس - وہ چیز جو مبارک نہو -

نامبردہ - ف - ذکر کیا گیا - وہ شخص جسکا نام اوپر ذکر ہوا ہو -

نامبردار - ف - نامی - نامور -

نام بر یخ زدن - ف - بھول جانا - فراموش کرنا - محو کرنا - مٹا دینا - بیفائدہ کام کرنا جو ممکن نہو -

نامتر - ف - بڑا نامی -

نامتناہی - ف - جسکی انتہا نہو -

نامجو - ف - ناموری چاہنے والا -

نامحدود - ف - بیحد - بے انتہا -

نامحرم - ف - ناواقف -

نام خدا - ف - قسم خدا کی -

نامدار - ف - عزت والا - نامور -

نامراد - ف - بے مراد -

نامرد - ف - جو مرد نہو - ہیجڑا -

نامردم - ف - نالائق - واضح ہو کہ مردم وہ لفظ ہی جو مفرد اور جمع دونون پر بولا جاتا ہی -

نامردی - ف - نامرد ہونا -

نامزد - ف - مشہور -

نامساعد - ف - ناموافق -

نامشخص - ف - بےتحقیق - نامعین اور اصطلاح مین وہ شخص جو ایک وضع اور ایک حالت پر نہ رہے -

نامعقول - ف - نامناسب جو عقل مین نہ آوے - بیوقوفی کی بات اور اصطلاحاً بیوقوف بے عقل -

ناملائم - ف - نامناسب - درشت - امر خراب اور بد -

نامور - ف - مشہور آدمی -

ناموری - ف - شہرت -

ناموس - ع - عصمت - عفت - خلق سے عزت کی امید رکھنا - نیکنامی - شریعت - تدبیر - سیاست - فرشتے - احکام خدا - جبرئیل علیہ السلام - قاعدہ - دستور - صدا - آواز - صاحب راز - مکر - پوشیدہ حیلہ -

ناموس اکبر - ع - بڑا قاعدہ - بڑا دستور - شریعت - اور لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا -

نامہ - ف - لکھا ہوا خط - چٹھی -

نامۂ سفید - ف - نہایت نیک اور صالح اور پرہیزگار آدمی -

نامی - ف - نامور - مغرور - مشہور -

نامی - ع - بڑھنے والا - پھیکنے والا -

نامیدن - ف - نام رکھنا -

نامیہ - ع - ایک قوت ہی جسم حیوانی اور نباتی مین جو جسم کو طول و عرض و عمق مین بڑھاتی ہی -

نان - ف - روٹی -

نانبا - ف - مخفف ہی نانبائی کا - روٹی پکانے والا -

نانبائی - ف - مخفف ہی نان آبائی کا یعنی طباخ جو نان یعنے روٹی اور آبا یعنے شوربا بیچتا ہے -

نان پختن - ف - روٹی پکانا -

نانخواہ - ف - نام دوا کا - اجوائن -

نانخورش - ف - وہ چیز جسکے ساتھ روٹی کھائی جائے خواہ وہ چیز نمکین ہو خواہ میٹھی خواہ ترش - دال - سالن -

نان در روغن افتادن - ف - خاطر خواہ کامیاب ہونا - نفع پانا -

نان رباط - ف - لنگر کی روٹی - وہ روٹی جو خانقاہون مین ملتی ہی -

نان زرین - ف - آفتاب -

نان سیمین - ف - چاند -

نانِ کُلاغ - ف - ایک گھاس ہے جسکے تخم کو کوا دوست رکھتا ہے اور اسی تخم کو روٹی پر چھڑک کے پکاتے ہین لہذا اس قسم کی روٹی کا نام نانِ کُلاغ رکھا -

نانِ گور - ف - کمینہ - لالچی -

نان وحلوا - ف - نام ایک مثنوی مختصر کا شیخ بہاء الدین آملی علیہ الرحمۃ سے -

نانِ وَقف - ف - خدا کے نام کی روٹی یعنے نذر کا کھانا -

ناو - ف - کشتی - پرنالہ -

ناوِدان - ف - پرنالہ - بدرو -

ناوَرد - ف - جنگ وجدل -

ناوُس - ف - بوزن طاؤس آتشکدہ - عبادت خانہ کفار کا -

ناوَک - ف - ایک قسم تیر کی جو چھوٹا ہوتا ہے -

ناوُنوش - ف - نغمہ بانسری کا سننا اور شراب پینا - اور حاصل معنی اسکے عیش وعشرت -

ناوہ - ف - واو سے پرنالہ - بدررو -

ناہار - ف - اصل مین ناآہار تھا اور اہار خورش کو کہتے ہین یعنی وہ شخص جسنے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -

ناہِج - ع - راہ کا چلنے والا - کشادہ راہ پیدا کرنے والا -

ناہِد - ع - نارپستان یعنی وہ لڑکی جسکی چھاتیان نئی اٹھی ہون -

ناہِض - ع - وہ پرند جو پرون کو کھولکر اڑنے کی تیاری کرے -

ناہِق - ع - گدھا - خرخر -

ناہِل - ع - چشمہ سے پانی پینے والا -

ناہمتا - ف - بےمثل - بےمانند -

ناہموار - ف - جو برابر نہو - نیچا اونچا مجازاً بےادب - نالائق -

ناہنجار - ف - بدذات - بداصل -

ناہی - ع - منع کرنے والا - روکنے والا -

ناہید - ف - ستارۂ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے اور اسکو مطربۂ فلک بھی کہتے ہین -

نائے - ف - نے - بانسری جسکو بجاتے ہین - گلا - حلق - اور بمعنی کوچہ کے بھی آیا ہے -

نایاب - ف - جو چیز نہ پائی جائے - ناموجود - معدوم -

نائب - ع - قائم مقام -

نائبہ - ع - حادثہ - واقعہ - اور وہ تپ جو بہت گرم ہو -

نائے ترکی - ف - قرنا -

نائچہ - ف - نیچہ حقہ کا -

نائحہ - ع - گریہ - رونا - نالہ - فریاد - مصیبت -

نائرہ - ع - شعلہ - لپک آگ کی - دشمنی بھاگنے والا - نکل جانے والا - اور اسی معنی اخیر کی مناسبت سے نام حرف آخر کا نو حرف نون قافیہ سے چونکہ یہ حرف حروف قافیہ کے کنارے پر ہوتا ہے تو گویا درمیان حروف سے بھاگ گیا ہے -

نائزہ - ف - لوٹے کی ٹونٹی - نلی خولدار مجازاً عضو تناسل -

نائک - ع - جماع کرنے والا -

نائل - ع - پہونچنے والا - پانیوالا -

نائم - ع - خفتہ - سوتا ہوا - سونے والا -

نائیدن - ف - فخر کرنا - ڈینگ مارنا -

فصل نون مع باے موحدہ

نبا - ع - بمعنی خبر -

نَبات - ع - ہری گھاس - روئیدگی ہر سبزہ اور درخت جو زمین سے اُگے ترکاری - گھاس پات ایک قسم صاف قند کی جسکو مصری کہتے ہین -

نَباتی - ع - روئیدگی کا - وہ شے جو گھاس پات کی قسم سے ہو -

نُباح - ع - بڑی آواز غیر معمولی کتے کی جسکو نالۂ سگ کہتے ہین -

نَبّاش - ع - قبر کھود کر کفن کا لینے والا اور چرانے والا - کفن چور -

نَبّاض - ع - نبض پہچاننے والا - واضح ہو کہ یہ صیغہ مبالغہ کا نہین ہے بلکہ صیغہ نسبت کا ہی جیسے عطّار -

نَبالت - ع - بزرگواری - آگاہی - مشہور ہونا - اُستاد ہونا - تیر تراشنا -

نَباہت - ع - بزرگوار و مشہور ہونا - چمک - شان - عزت -

نَبائر - ف - پسر زادگان - پوتے یہ جمع نبیرہ کی ہی بتصرف فارسیان عربی دان لفظ فارسی کو بطور عربی کے جمع بنا لیا ہی جیسے فرامین جمع فرمان کی -

نَبائل - ع - بزرگ لوگ - بزرگ کام نیکیان یہ جمع نَبِیلہ کی ہی -

نَبْت - ع - اُگنا - روئیدگی -

نَبْذ - ع - تھوڑا - ٹکڑا - تھوڑی چیز بقیہ کسی چیز کا -

نَبْذے - ف - یاے وحدت کے ساتھ بمعنے اندک -

نَبْر - ع - بلندی - بلند کرنا - اُٹھانا -

نِبراس - ع - چراغ - لالٹین - شمع -

نَبرد - ف - لڑائی - جنگ -

نبردگاہ - ف - میدان جنگ کا -

نَبَردہ - ف - دلاور - بہادر -

نَبْش - ف - کفن چرا لینا مُردہ کا قبر کھود کر -

نَبِشْتن - ف - لکھنا -

نَبْض - ع - اُچھلنا رگ کا -

نَبْع - ع - پانی کا چشمہ سے باہر نکلنا -

نَبْق - ع - لکھنا - بیری کے درخت کے پھل یعنی بیر -

نَبْقہ - ع - ایک بیر -

نَبْل - ع - تیر پھینکنا - تیر -

نَبَل - ع - چھوٹا - خرد - بڑا - بزرگ - اور یہ لغات اضداد سے ہی -

نُبلہ - ع - ڈھیلا استنجا کرنے کا -

نُبُوّت - ع - خبر دینا - پیغمبری -

نُبُوع - ع - پانی کا زمین سے پھوٹ کر اوپر نکلنا -

نَبَہ - ع - ہاے ملفوظ سے خبردار ہونا - آگاہ ہونا -

نَبِہ - ع - مشہور - شہرت یافتہ - اور آنحضرت صلعم کے غلام کا نام -

نَبی - ع - خبر دینے والا - پیغمبر جو خدا کی طرف سے بندون کی ہدایت کے لیے آیا ہو - واضح ہو کہ نبی عام ہی خواہ صاحب کتاب ہو یا نہو اور رسول خاص ہے یعنی وہ پیغمبر جو صاحب کتاب ہو -

نَبِیْ - ع - یاے معروف سے مصحف کلام الٰہی - قرآن شریف -

نَبِیذ - ع - وہ شراب جو خرما اور جَو سے بنائی جاوے - اور بعضون نے بمعنے اُس شراب کے لکھا ہی جسکو ہندی مین بوزہ کہتے ہین - اور استعمال فارسی مین نَبِید دال مہملہ سے بھی صحیح ہی -

نَبِیرہ - ع - پسر زادہ - پوتا - پوتی - اور کبھی بمعنی دختر زادہ کے بھی آتا ہے - یعنی نواسا - نواسی -

نَبِیسہ - ف - نواسا - نواسی - اور کبھی بمعنی پوتا اور پوتی کے بھی آتا ہی -

نَبِیل - ع - } خوبصورت - بزرگ - دانا - عقلمند - فربہ - موٹا
نَبِیلہ - ع - }

نُبَیہ - ع - بروزن صغیر - آگاہ - خبردار آگاہی دینے والا -

فصل نون مع تاے فوقانی

نَتاج - ع - زادہ - پیدا - جنا ہوا -

نَتالِنست - ف - مخفف نتوانست کا -

نَتائج - ع - جمع ہی نتیجہ کی - مراد ہین مطالب - انجام کار - بچے - اولاد -

نتائج و آثار - ع - مراد ہی مَوالیدِ ثلاثہ یعنی نباتات - حیوانات - جمادات سے اور مراد حرارت - برودت - رطوبت - یبوست سے بھی -

نَتْش - ع - بال اُکھیڑنا - پر اُکھیڑنا - نکالنا کانٹے کا موچنہ سے -

نَتْف - ع - بال اُکھیڑنا -

نتن - ع - بدبو -

نتو - ع - اُبھار - ارتفاع - بلندی - اونچا ہونا کسی چیز کا -

نتیجہ - ع - باہر نکلا ہوا - تراشا ہوا - بچہ حاصل - مطلب - غرض -

نتین - ع - بدبو شئے -

فصل نون مع ثاے مثلثہ

نث - ع - پھیلانا - فاش کرنا - ظاہر کرنا -

نثا - ع - خبر -

نثار - ع - وہ چیز جو کسی کے سر پر سے نچھاور کرین زر و گوہر وغیرہ کی قسم سے -

نثار - ع - بکھیرنا - نچھاور کرنا - روپیہ اور جنس وغیرہ کسی پر سے تصدق کرنا -

نثر - ع - پراگندہ کرنا - بکھیرنا - وہ سخن جو برخلاف نظم کے ہو -

نثرہ - ع - چوپایہ کی چھینک - چھینکنا ناک کا چھنکنا - نام دو ستارون کا ہی - برج اسد مین - آٹھوین منزل چاند کی منزلون مین سے -

فصل نون مع جیم

نجابت - ع - شرافت - اصالت - بزرگواری - گرامی ہونا -

نجات - ع - مخلصی - رستگاری -

نجاح - ع - حاجت روائی - مخلصی - رستگاری - چھٹکارا - فیروزی -

نجاد - ع - پرتلہ تلوار کا جو کندھے پر ڈالتے ہین -

نجار - ع - بڑھئی -

نجار - ع - اصل جڑ - ذات -

نجارت - ع - بڑھئی کا پیشہ کرنا -

نجارہ - ع - لکڑی کی چھیلن -

نجارِ شروان - ف - کنایہ امام خاقانی سے جو مشہور شاعر ہین اسلیے کہ انکے والد بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے -

نجاست - ع - پلیدی -

نجاشی - ع - نام بادشاہ حبش کا -

نجاق - ف - نام ایک سلاح یعنی ہتھیار کا -

نجائب - ع - } جمع نجیب کی جسکے
نجبا - ع - } معنی یہ ہین - عمدہ اونٹ - مرد اصیل - بزرگ - برگزیدہ بزرگوار -

نجح - ع - فیروزی - حاجت روائی -

نجد - ع - زمین بلند - نام ایک ملک کا ہی درمیان عرب کے جسکی زمین بلند ہی اور بمعنی آرائش خانہ - دلیری سے غلبہ کرنا - پناہ - خوشی - خرمی -

نجدت - ع - شجاعت - دلیری -

نجس - ع - ناپاک ہونا - پلید - ناپاک -

نجس - ع - پلید - ناپاک -

نجف - ع - نام شہر کا ہی جہان پر مرقد مطہر حضرت علی علیہ السلام کا ہی -

نجل - ع - نسل - اولاد - فرزند - اور پھینک دینا کسی چیز کا -

نجم - ع - ستارہ - اور وہ درخت جسکا تنہ نہو - اور ہندی مین اُسکو بیل کہتے ہین مثل درخت کدو وغیرہ کے -

نجوی - ع - سرگوشی - کانا پھوسی - کان مین چپکے سے بات کہنا - بھید -

نجوم - ع - جمع ہی نجم کی ستارے -

نجیب - ع - عمدہ اونٹ - شریف - بزرگ - مرد اصیل -

نجید - ع - دلیر - بہادر -

نجیف - ع - چوڑے سر کا تیر -

فصل نون مع حاے مہملہ

نحاریر - ع - جمع نحریر کی - دانشمند اور زیرک اور عقلمند لوگ -

نحاس - ع - مس جسکو ہندی مین تانبا کہتے ہین - وہ دھوان جس مین آگ کا شعلہ نہو -

نحاس - ع - سرشت - اصل طبیعت -

نحاس - ع - تانبا بنانے والا -

نحافت - ع - دبلاپن - لاغری -

کمزوری - ناتوانی -

نحت - ع - چھیلنا - صاف کرنا -

نحر - ع - اونٹ کا قربانی کرنا - اور سینہ پر زخم مارنا -

نحریر - ع - زیرک - عقلمند - عالم -

نحس - ع - نامبارک -

نحل - ع - شہد کی مکھی -

نحل - ع - جمع نحلۃ بمعنی مذہب کی - اور بمعنی مذہبہاے باطل کے بھی اور بخشش -

نحل - ع - عورت کا مہر - عورت کے مہر کا نام ذکر کرنا - دعوے کرنا -

نحل - ع - عطیہ بخشش -

نحلت - ع - عورت کا مہر دینا - پیدا کرنا - دعویٰ کرنا - بخشش بغیر عوض کی - مذہب باطل -

نحلہ - ع - بخشش عطا - صدقہ -

نحلہ - ع - عورت کا مہر دینا - ایک مکھی شہد کی -

نحن - ع - مایان - ہم -

نحو - ع - طریق - راہ - مانند - طرف - قصد - ارادہ - اسلوب - نام ایک علم کا جس سے کلام عرب کے اعراب معلوم ہوتے ہین -

نحوست - ع - نامبارکی - بدبختی -

نحول - ع - لاغری - دبلاپن - گداختہ ہونا گلنا - پگھلنا -

نحیب - ع - رونے کی آواز - اور آہ وزاری - چلا کے رونا -

نحیف - ع - دبلا - لاغر - ناتوان - مرد عاجز -

فصل نون مع خاے معجمہ

نخ - ف - ریشم اور سوت وغیرہ کا دھاگا صف لشکر - کملی -

نخاس - ع - وہ بازار جسمین گھوڑے اور دوسرے چوپایے اور حیوانات اور لونڈی وغلام فروخت ہوتے ہین -

نخاع - ع -
نخاع - ع -
نخاع - ع - } حرام مغز یعنے مغز مہرہاے پشت -

نخاعہ - ع -
نخامہ - ع - } وہ بلغم جو گلے سے نکلتا ہے -

نخالہ - ع - بھوسی جو آٹے کے چھاننے سے نکلتی ہے -

نخبہ - ع - انتخاب کی ہوئی چیز -

نخچیر - ف - شکار کرنا - شکار کیا ہوا جانور جنگلی جانور مثل ہرن وغیرہ کے - شکار - شکارگاہ -

نخست - ف -
نخستین - ف - } اول پہلا - واضح ہو کہ نخستین

مین یا اور نون زائد ہے -

نخشب - ع - نام ایک شہر کا ہے ترکستان مین جہان حکیم عطا ابن مقنع نے سحر وطلسم سے چاند ایک کنوئین سے نکالا تھا -

نخع - ع - سنک - آب بینی -

نخل - ع - درخت خرما - اور چھاننا آٹے وغیرہ کا -

نخل بن - ف - درخت خرما -

نخل بند - ف - باغبان - مالی -

نخل تابوت - ف - ایک قسم کی آرائش ہے جو مردون کے تابوت پر کرتے تھے اور یہ رسم ایران مین شائع تھی -

نخل طور - ف - وادی ایمن مین حوالی کوہ طور مین ایک درخت تھا جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی انوار خدا دکھائی دی تھی -

نخل ماتم - ع - ف - وہی نخل تابوت جسکے معنی ابھی مذکور ہوئے -

نخل مریم - ع - ایک درخت خشک تھا - خرما کا جنگل مین جب حضرت مریم جننے کے درد سے بیقرار ہوکر اس درخت کے نیچے تشریف لیگئین تو وہ درخت خشک آپ کی برکت سے ہرا ہوگیا -

نخلہ - ع - ایک درخت خرما کا -

نخلۂ بنی محمود - ع - نام ایک موضع کا درمیان مکہ اور طائف کے -

نخلۂ بنی ہلال - ع - نام ایک مقام کا مکہ معظمہ کی راہ میں - اور میان ایک باغ ہی خرما کا اور بنی ہلال ایک قبیلہ ہی عرب سے -

نخوت - ع - بزرگی - تکبر - غرور -

نخود - ف - چنا - ایک قسم غلہ کی ہے -

نخیر - ع - یاے معروف سے - ناک کی آواز - آواز بینی -

نخیز - ف - بروزن فقیر - وہ زمین جس مین کسی درخت کا تخم بووین اور جب درخت نکل آوے تو وہان سے کھود کر دوسری جگہ پر لگا دین - اور بمعنے مرد فرومایہ اور کمینہ -

نخیل - ع - ایک درخت خرما کا - اور بہت سے درخت خرما کے - اِس لفظ کا اطلاق مفرد اور جمع دونون پر آتا ہی ظاہرا یہ جمع نہین ہی بلکہ اسم جمع ہی -

فصل نون مع دال مہملہ

ند - ع - مانند - ہمتا - نظیر - اور نام ایک بت کا بھی ہی -

ندی - ع - تری - نمی - بخشش -

ندا - ع - آواز کرنا - پکارنا -

ندا - ع - تری - نم -

نداف - ع - روئی کا دھنکنے والا جسکو دھنیا کہتے ہین -

ندامت - ع - شرمندگی - پشیمانی -

نداوت - ع - تری - نمناکی -

ندب - ع - شرط - جوا - قمار - زخم کا نشان -

ندب - ع - مردہ پر رونا اور نوحہ کرنا اور اسکی خوبیون کا بیان کرنا -

ندبہ - ع - نوحہ - شیون - ماتم -

ندرت - ع - تنہائی - یکی - اکیلا - اور فرد ہونا - نادر ہونا - تحفگی -

ندف - ع - روئی کا دھنکنا -

ندم - ع - پشیمانی - شرمندہ ہونا -

ندما - ع - جمع ہی ندیم کی - یار اور ہمنشین اور مصاحب لوگ -

ندمان - ع - شرمندہ - پشیمان -

ندید - ع - ہمتا - نظیر - مانند -

ندیر - ع - اکیلا - فرد - غریب -

ندیف - ع - دھنکی ہوئی روئی -

ندیم - ع - مصاحب ہمنشین - شرمندہ پشیمان -

فصل نون مع ذال معجمہ

نذارت - ع - خوف - ڈر - ڈرنا -

نذر - ع - عہد - پیمان - وہ چیز جو اپنے اوپر واجب کرلین - اور جو خدا کے واسطے شلاً روزہ یا صدقہ وغیرہ مقرر کرلین کھانا فاتحہ روح بزرگون کا - وہ نقد وجنس جو امیرون اور بادشاہون کے سامنے بروقت ملاقات کے رکھین -

نذر - ع - حیران - خوف زدہ -

نذر - ع - خوف - ڈر -

نذیر - ع - ڈرانے والا - اور ایک نام ہی پیغمبر صلعم کے نامون شریف سے اسلیے کہ آپ اپنی امت کو عذاب دوزخ وغیرہ اور نافرمانی خدا سے ڈراتے تھے -

فصل نون مع راے مہملہ

نر - ع - مرد ضد مادہ -

نرجس - مب - معرب نرگس کا -

نرخ - ف - بھاؤ اناج وغیرہ کا -

نرد - ف - گوٹ چوسر شطرنج وغیرہ کی نام ایک بازی کا -

نردبان - ف - سیڑھی - زینہ -

نرگاو - ف - بیل - بدھیا -

نرگس - ع - نام ایک پھول کا ہے مجازاً آنکھ -

نرگس شہلا - ف - ایک قسم نرگس کی ہی جسمین بجاے زردی سیاہی ہوتی ہی - اور بعضے کہتے ہین نرگس سفید مائل لسیاہی کو کہتے ہین -

نرگس مست - ف - کنایہ معشوق

اور محبوب کی آنکھ سے ۔
نرگسی ۔ ف ۔ نام ایک قلیہ کا جو مرغی کے انڈون سے ترکیب پاتا ہے ۔ اور نام ایک قسم کے پلاؤ کا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا طعنہ دینا ۔ نام ایک شاعر کا ۔
نرگسی زدن ۔ ف ۔ چشمک زدن یعنی سینہ مارنا ۔ کنکھیون سے اشارہ کرنا ۔ طعنہ دینا ۔
نرم ۔ ف ۔ ملائم ۔ گدگدا ۔
نرم آہنی ۔ ف ۔ عاجزی ۔ زبونی ۔
نرم گردن ۔ ع ف ۔ تابعدار ۔ فرمانبردار ۔
نرم نرم ۔ ع ف ۔ آہستہ آہستہ ۔
نرمہ گوش ۔ ف ۔ کان کی لو ۔
نرمی ۔ ع ۔ گدگداپن ۔ ضد سختی ۔
نرمیش ۔ ف ۔ مینڈھا ۔
نرہ ۔ ف ۔ عضو تناسل ۔ آلت مردی ۔ اور بمعنی زشت ۔ برا جیسے نرہ دیو ۔ اور بمعنی درخت کے بھی آیا ہے ۔
نرہ دیو ۔ ف ۔ بدصورت دیو ۔ دیو نر ۔
نری ۔ ف ۔ بکری اور بکرے اور مینڈھے کا چمڑا ۔
نریمان ۔ ف ۔ رستم پہلوان کا دادا ۔

فصل نون مع زاے معجمہ

نزار ۔ ف ۔ لاغر ۔ دبلا ۔ اور مراد مفلس سے بھی ۔
نزاع ۔ ع ۔ آرزومند ہونا ۔ جھگڑا آرزومندی ۔ آپس مین خصومت اور دشمنی کی راہ سے کشاکش کرنا ۔
نزاکت ۔ ع ف ۔ نازک پن ۔
نزاکت کردن ۔ ف ۔ اپنی نازک مزاجی کا اظہار کرنا ۔
نزاہت ۔ ع ۔ پاکی ۔ ناپاکی اور بدی سے دور ہونا ۔
نزح ۔ ع ۔ کنوئین کا پانی کھینچنا ۔
نزد ۔ ف ۔ مخفف نزدیک کا ۔
نزدیک ۔ ف ۔ پاس ۔ قریب ۔
نزر ۔ ع ۔ قلیل ۔ تھوڑا ۔ بہرہ ۔
نزع ۔ ع ۔ ایک شے کو اسکی جگہ سے کھینچنا ۔ جان کندن ۔ دم توڑنا ۔
نزف ۔ ع ۔ تمام پانی کنوئین کا کھینچ لینا ۔ سست کرنا ۔ خون چلنا کسی عضو سے جریان خون کا ۔
نزل ۔ ع ۔ ضیافت ۔ مہمانی جو مہمان کے آگے رکھین ۔ کھانا جو مہمان کے کھانے کے واسطے رکھین ۔
نزلہ ۔ ع ۔ آب منی مرد ۔
نزول ۔ ع ۔ اترنا ۔
نزول ۔ ف ۔ فوج کا پڑاؤ ۔ اترنے کا مقام آدمیون کا ۔
نزہ ۔ ع ۔ کل عیبون سے پاک ۔ مجازاً بمعنی تازہ و خوب ۔
نزہت ۔ ع ۔ بے عیب ہونا ۔ پاکیزگی نکوئی ۔ خوشحالی ۔
نزیدن ۔ ع ف ۔ باہر کھینچنا ۔ باہر نکالنا ۔
نزیف ۔ ع ۔ تپ زدہ ۔ مست ۔ اور بیہوش ۔ وہ شخص جسکا خون بہت نکلا ہو ۔ اور اس سبب سے وہ سست ہوگیا ہو ۔ وہ شخص جسکی زبان پیاس کے سبب سے خشک ہوگئی ہو ۔
نزیل ۔ ع ۔ مہمان ۔ مسافر ۔ پردیسی جو سراے وغیرہ مین جا کر اترے ۔

فصل نون مع زاے فارسی

نژاد ۔ ف ۔ اصل ۔ نسب ۔
نژادہ ۔ ف ۔ اصیل ۔ نجیب ۔
نژخار ۔ ف ۔ بانگ ۔ فریاد ۔ نعرہ ۔
نژم ۔ ف ۔ وہ بخار جو جاڑون مین صبح کے وقت زمین پر ہوتا ہے ہندی مین اسکو کہرا کہتے ہین ۔
نژند ۔ ف ۔ اوندھا ۔ سرنگون ۔ خوار سرگشتہ ۔ غمگین ۔ خفا ۔
نژیدن ۔ ف ۔ کھینچنا ۔

فصل نون مع سین مہملہ

نس ۔ ع ۔ اونٹ کا ہانکنا ۔
نساء ۔ ع ۔ عورتین ۔ یہ جمع امراۃ کی

خلاف قیاس ہے۔
نَسَا ۔ع۔ نام رگ کا جو تڑے سے پنڈلی تک
نَسَّاج ۔ع۔ کپڑے کا بننے والا۔
نَسَائِج ۔ع۔ جمع ہی نسیجہ کی جو بمعنی کپڑے
کے ہی۔
نَسَائِم ۔ع۔ جمع نسیم کی سرد اور خوشبودار
ہوائیں ۔ نرم ہوائیں ۔
نَسَب ۔ع۔ نسل ۔ نژاد ۔ خاندان ۔
نِسَب ۔ع۔ جمع نسبت کی ہی۔
نِسْبَت ۔ع۔ لگاؤ ۔ علاقہ ۔
نَسْتَر ۔ف۔ مخفف نسترن کا ۔
نَسْتَرَن ۔ف۔ نام ایک پھول کا جو
خوشبودار ہوتا ہی عربی مین اُسکو نسرین اور
ہندی مین سیوتی کہتے ہین ۔
نَسْتَعْلِیق ۔ع۔ یہ لفظ اصل مین
نسخ تعلیق تھا چونکہ یہ لفظ نسخ اور لفظ
تعلیق سے نکلا ہی اس لیے یہ نام اسکا
ہوا پس بسبب کثرت استعمال او تخفیف
کے خاے معجمہ کو حذف کردیا ۔
نَسْتَعْلِیق حرف زدن ۔ف۔ فصیح
اور بلیغ گفتگو کرنا ۔ الفاظ کو اُنکے مخرج سے
ادا کرنا ۔
نَسْتَعْلِیق گو ۔ف۔ فصاحت و بلاغت
سے کلام کرنے والا ۔ الفاظ کو اُن کے
مخرج سے نکالنے والا ۔

نَسْتُوه ۔ف۔ ناز نان ۔ غیر مطیع ۔
نَسِیج ۔ع۔ کپڑا بُننا ۔ بُنا ہوا ۔
نَسْخ ۔ع۔ دور کرنا ۔ زائل کرنا ۔ رد کرنا ۔
بُری چیز کا اچھی چیز سے ۔ لکھنا ۔ نام خط
عربی کا جسکو خواجہ نصیر الدین نے
نکالا تھا ۔
نُسَخ ۔ع۔ جمع نسخہ بمعنی کتاب کی ۔
نُسْخَہ ۔ع۔ کتاب ۔ لکھا ہوا کاغذ ۔ وہ
پرچہ جس پر حکیم دوا لکھکر بیمار کو
دیتا ہی۔
نَسْر ۔ع۔ کرگس ۔ گدھ ۔ اور نام ایک
بُت کا بھی ہی۔
نَسْر طَائِر ۔ع۔ نام ایک ستارہ کا ہے
آسمان پر بصورت اُس کرگس کے جو
اُڑنے کو تیار ہو اور یہ ستارہ منطقۃ البروج
کے اُتر طرف واقع ہی اور اِسکو عقاب
بھی کہتے ہین ۔
نَسْر واقِع ۔ع۔ نام ایک ستارہ روشن کا
بصورت اُس کرگس کے جو اوپر سے
نیچے آتا ہوا ہو اور یہ ستارہ آسمان پر
قطب جنوبی کی طرف ہی۔
نَسْرِین ۔ع۔ نام ایک پھول سفید
خوشبودار کا جسکو فارسی مین نسترن اور
ہندی مین سیوتی کہتے ہین ۔
نَسْرَین ۔ع۔ تثنیہ نسر کا ہے اور

یہ دو ستارے ہین آسمان پر ایک کو
نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے
ہین اور یہ دونون بصورت کرگس یعنی
گدھ کے ہین ۔
نَسْطُور ۔ف۔ } نام ایک دانشمند اور
نَسْطُورِی ۔ف۔ } مجتہد کا قوم ترسا
مین سے ۔
نَسْف ۔ع۔ بنیاد کا کھود ڈالنا ۔
نَسَف ۔ع۔ نام ایک شہر کا ۔
نَسَق ۔ع۔ روش ۔ دستور ۔ اور
ترتیب دینا ۔
نَسَق بند ۔ف۔ انتظام کرنے والا ۔
ملک کا عامل ۔
نَسَقچی ۔ف۔ چوبدار انتظام کرنے والا
شہر اور لشکر کے لوگون کا ۔
نَسْک ۔ف۔ نام ایک غلہ کا جس کو
ہندی مین مسور کہتے ہین ۔
نُسْک ۔ع۔ قربانی عبادت ۔
نُسُک ۔ع۔ قربانیان ۔ عبادتین جمع ہی
نُسْک کی ۔
نَسْل ۔ع۔ اولاد ۔ کنبہ ۔
نَسَم ۔ع۔ مردم ۔ آدمی ۔
نَسَمَات ۔ع۔ خوشبوئین ۔
نَسَمَہ ۔ع۔ دم ۔ آدمی ۔ روح ۔
نَسْنَاس ۔ع۔ بن مانس یہ ایک

جانور ہوتا ہو مشابہ انسان سے ۔
نَسُوۡ ۔ ع ۔ واؤ معروف سے بمعنی نرم و ہموار ۔
نِسۡوان ۔ ع ۔ جمع امرأۃ کی ہے خلاف قیاس عورتین ۔
نِسۡوَۃ ۔ ع ۔ عورتین ۔ یہ ایسی جمع ہے جسکا مفرد نہین ہو ۔
نَسِیۡ ۔ ع ۔ بھولی ہوئی چیز ۔
نِسۡیان ۔ ع ۔ فراموشی ۔ بھول ۔ فراموش کرنا ۔ بھولنا ۔
نَسۡیان ۔ ع ۔ وہ شخص جسپر بھول بہت غالب ہو ۔ بھلکڑ ۔
نَسۡیاً مَنۡسِیّاً ۔ ع ۔ کمال فراموش بہت بھولا ہوا ۔
نَسِیۡب ۔ ع ۔ شخص عالی نسب ۔
نَسِیۡج ۔ ع ۔ } بنا ہوا جامہ ۔ ایک قسم
نَسِیۡجَہ ۔ ع ۔ } حریر زربافت کی ۔
نَسِیۡق ۔ ع ۔ آراستہ کیا ہوا ۔
نَسِیۡم ۔ ع ۔ نرم ہوا ۔ ٹھنڈی ہوا ۔ خوشبودار شے ۔
نَسِیۡئَہ ۔ ع ۔ قرض ۔ اُدھار ۔

فصل نون مع شین معجمہ

نَشۡ ۔ ع ۔ سایہ درخت کا ۔ اور مقام سایہ دار جہان درخت ہون ۔
نَشۡأ ۔ ع ۔ پیدا کرنا ۔ نو پیدا ہونا ۔
مجازاً بمعنی جہان اور عالم کے مستعمل ہوتا ہو ۔ اس لفظ کے آخر مین ہمزہ بصورت الف ہو ۔
نَشّاب ۔ ع ۔ تیرگر ۔ تیر بنانے والا ۔
نَشاپُور ۔ ف مخفف نیشاپور کا نام ایک شہر کا خراسان مین ۔ اور نشاپور نام ایک شعبہ کا بھی ہو موسیقی سے ۔
نَشأۃ ۔ ع ۔ پیدائش ہر ایک قسم کی عالم موجودات ۔ نیا پیدا ہونا ۔ نوجوان ہونا ۔ شروع کرنا ۔
نَشأتَیۡن ۔ ع ۔ دنیا و آخرت ۔
نُشارہ ۔ ع ۔ بُرادہ لکڑی اور ہاتھی دانت وغیرہ کا ۔
نَشاط ۔ ع ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔
نِشاط ۔ ع ۔ جمع ہو نشیط کی جسکے معنے خوش اور شادمان کے ہین ۔
نشاط از پشت راندن ۔ ف کنایہ ہو جماع سے ۔
نَشّاف ۔ ع ۔ جذب کرنے والا ۔ اپنے مین کھینچ لینے والا ۔
نَشاف ۔ ع ۔ مجنون ۔ دیوانگی خبط سڑی پن ۔
نِشان ۔ ف ۔ علم فوج کا جھنڈا لشکر کا فرمان بادشاہ کا ۔
نِشاندن ۔ ف ۔ ٹھلانا ۔
نِشانَہ ۔ ف ۔ جگہ تیر مارنے کی ۔ جگہ گولی مارنے کی ۔
نِشانیدن ۔ ف ۔ ٹھلانا ۔
نَشَب ۔ ع ۔ ہر ایک قسم کی جائداد خواہ لونڈی غلام ہو خواہ مال اور دولت خواہ املاک وغیرہ ۔
نِشۡتَر ۔ ف مخفف ہے نیشتر کا ۔ اوزار فصد کھولنے کا ۔
نُشۡخوار ۔ ف ۔ بروزن دشوار جگالی جیسے بکری اور گاے وغیرہ جگالی کرتی ہین ۔
نَشۡدَت ۔ ع ۔ جستجو کرنا ۔ گم ہوئی چیز کا ڈھونڈھنا ۔
نَشۡر ۔ ع ۔ بوے خوش ۔ خوشبو ۔ دوبارہ گھاس کا ہرا ہونا ۔ آرہ سے لکڑی کا کاٹنا ۔ بچھانا ۔ پھیلانا ۔ فاش کرنا خبر کا مجازاً زندگی ۔
نَشۡر ۔ ع ۔ پراگندہ ہونا ۔ پراگندہ پراگندگان ۔ واحد اور جمع دونون مقام پر مستعمل ہوتا ہو ۔
نُشۡرَہ ۔ ع ۔ تعویذ جو حفاظت اطفال کیلیے لکھین ۔ افسون ۔ منتر ۔
نَشۡرَہ ۔ ع ۔ شادی ختم قرآن کی ۔ وہ کاغذ یا وصلی جسپر زعفران اور شنگرف سے بروز مکتب نشینی لڑکون کے لیے

لکھتے ہین -

نشز - ع - بلندی ڈھونڈھنا - بلند -
نشز - ع - بیٹھنا - بلند جگہ -

نشستن - ف - بیٹھنا - اور بمعنی بدن اور ماندن کے بھی آیا ہی -

نشط - ع - سانپ کا کاٹنا - کنوئین سے پانی بھرنا بغیر چرخی کے - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - گرہ کا آسانی سے کھولنا

نشف - ع - جذب کرنا - کپڑے کا پسینہ کو جذب کرلینا -

نشفہ - ع - ایک قسم کا سیاہ پتھر جو نہایت سخت ہوتا ہی -

نشفہ - ع - کاسۂ سر - کھوپری - لکڑی کا پیالہ -

نشق - ع - سونگھنا - ہرن کا دام مین پھنسنا -

نشق - ع - خوشبو -

نشکردہ - ف - رانبی اور ریلیک اوزار ہے چمارون کا چمڑا کاٹنے کا -

نشکرم - ف - بمعنی شکار نکنم یعنے شکار نہ کرون گا مین -

نشلنج - ف - دو انگلیون کے سرون یا ناخنون سے کسی کا گوشت اسطرح سے پکڑنا کہ درد کرنے لگے - ہندی مین اسکو چٹکی لینا کہتے ہین -

نشو - ع - پیدا ہونا - اور بمعنی اُگنا اور بڑھنا کے بھی -

نشوار - ف - بمعنی نشخوار جس کی ہندی جگالی ہی -

نشوان - ع - مست - متوالا -

نشوۃ - ع - ظاہر ہونا - مست ہونا متوالا ہونا -

نشوۃ - ع - خوشبو دریافت کرنا - خبردار ہونا -

نشور - ع - زندہ ہونا - یوم النشور مراد روز قیامت سے -

نشوز - ع - ناموافقت کرنا عورت کا اپنے شوہر سے اور نافرمانی کرنا -

نشوق - ع - وہ پتلی دوا جو ناک مین ٹپکائین -

نشوونما - ع - پیدا ہونا - اُگنا - بڑھنا - اور لفظ نما کو نون کے ضمہ سے پڑھنا غلط ہے اس لیے کہ نما لفظ عربی ہی بمعنے افزایش اور بالیدگی کے -

نشہ - ف - بروزن پشہ - بیہوشی - کندہونا اور ناقص ہوجانا ہوش وحواس کا بسبب پینے شراب او بھنگ وغیرہ کے اور اس معنی مین نشا الف اور ہمزہ کے ساتھ لکھنا غلط ہی -

نشیب - ف - یاے مجہول سے پستی پست زمین - نچان - مخفف اسکا شیب بھی آتا ہی -

نشید - ع - یاے معروف سے شعر پڑھنا - آواز بلند کرنا -

نشید - ف - یاے مجہول سے - سرود آواز گانے کی -

نشیط - ع - خوش - شادمان -

نشیم - ف - یاے مجہول و معروف دونون سے درست ہی مخفف نشیمن کا بمعنی آشیانہ و آرامگاہ -

نشیمن - ف - یاے مجہول سے بمعنے خلوتخانہ و آرامگاہ - پرند کا گھونسلا -

نشین - ف - بیٹھنے والا - (اگر ترکیب کی حالت مین) صیغہ امر کا بمعنی بیٹھ -

فصل نون مع صاد مہملہ

نص - ع - خوب دریافت کرنا کسی امر کو یہانتک کہ اصل حال اُسکا کھل جاوے بلند کرنا کسی چیز کا - ظاہر کرنا - اور علم اصول کی اصطلاح مین وہ آیت قرآنی جس مین صاف صاف بیان ہوا ور جو ظاہر اور ممتاز کردے متشابہ کلام کو کہ یہ نیک ہی اور وہ بد - اور فارسی لوگ ہر کلام صریح اور آشکارا اور پُرظاہر کو نص کہتے ہین -

نِصاب ـ ع ـ وہ مقدار مال کی جسپر زکوٰۃ واجب ہوجائے اقل درجہ اس مال کا چاندی مین دوسو درم اور سونے مین بیس مثقال ہی اور زکوٰۃ مال کی چالیسوان حصہ اُس مال کا ہوتا ہی ـ بعد ہر سال کے اور فارسی مین لفظ نصاب اکثر بمعنے زر اور سرمایہ اور پونجی کے مستعمل ہوتا ہے ـ

نِصَاح ـ ع ـ کپڑا وغیرہ سینے کا دھاگا ـ نام ایک مرد کا قاریون مین سے ـ

نَصَارٰی ـ ع ـ عیسوی ـ عیسائی ـ

نِصَال ـ ع ـ جمع ہی نصل کی ـ تیرون اور نیزون کی پھالین ـ

نَصَائح ـ ع ـ جمع ہی نصیحت کی ـ

نَصْب ـ ع ـ برپا کرنا ـ دشمن رکھنا ـ حرکت زبر کی کلمہ معرب مین جس طرح فتحہ کلمہ مبنی مین ہوتا ہی ـ

نَصْب ـ ع ـ } بت اور جو چیز واسطے
نُصُب ـ ع ـ } پوجا کے قائم کرین
اور نصب بمعنی رنج بھی ـ

نُصْبُ العَین ـ ع ـ مدّ نظر منظور خاطر ـ مقابل چشم ـ

نِصْح ـ ع ـ کپڑا سینا ـ

نُصْح ـ ع ـ نصیحت کرنا ـ پند دینا ـ نیکی چاہنا ـ نصیحت ـ پند ـ

نَصْر ـ ع ـ یاری کرنا ـ مدد دینا ـ

نُصَّر ـ ع ـ یاری کرنے والے ـ مدد دینے والے ـ یہ جمع ناصر کی ہی ـ اور نام پدر قبیلہ کا بنی اسد سے ـ

نَصْرانی ـ ع ـ وہ شخص جو مذہب عیسوی رکھتا ہو ـ

نُصْرَت ـ ع ـ یاری کرنا ـ مدد دینا ـ

نِصْف ـ ع ـ یعنی آدھا ـ ½ ـ

نَصَفَت ـ ع ـ انصاف ـ نیاؤ ـ اور نِصفت غلط مشہور ہے ـ

نَصْل ـ ع ـ تیر اور نیزے کی پھال ـ

نَصُوح ـ ع ـ صاف ـ خالص ـ وہ توبہ استوار جس کے بعد پھر گناہ ہرگز نہ کرے ـ نام ایک حمامی کا جسکے توبہ کرنے کا قصہ مثنوی معنوی مین مفصل لکھا ہے ـ

نُصُوص ـ ع ـ وہ آیات قرآنی جنکے معنی ظاہر اور صاف صاف ہون ـ

نُصُول ـ ع ـ جمع ہی نصل کی ـ تیرون اور نیزون کی پھالین ـ

نَصِیب ـ ع ـ قسمت حصہ ـ تقدیر ـ

نَصِیبَہ ـ ع ـ بہرہ ـ روزی حصّہ ـ

نَصِیح ـ ع ـ نصیحت کرنے والا ـ

نَصِیحَت ـ ع ـ پند بھلی بات ـ

نَصِیر ـ ع ـ مددگار ـ یاری کرنے والا اور نام ایک قبیلہ کا یہود سے ـ

نُصَیری ـ ع ـ نام ایک فرقہ کا جو منسوب ہے نُصَیر سے ـ اور نُصَیر نام ایک شخص کا ہی فدائیان حضرت علی علیہ السلام سے جو آپ کو نعوذ باللہ منہا خدا کہتا تھا اور وہ حضرت اُسکو قتل فرماتے تھے اور پھر وہ زندہ ہوجاتا تھا اور اُس کا قصہ مشہور ہی ـ پس نصیری بمعنی فدوی جان نثار اور مضبوط اعتقاد والے کے مستعمل ہی ـ

نَصِیف ـ ع ـ ایک عرض کی چادر جو بغیر سی ہوئی ہو ـ ہر چیز کا آدھا حصہ اور بمعنی خادم کے بھی ـ

فصل نون مع ضاد معجمہ

نُضار ـ ع ـ زر ـ سونا ـ ہر شے جو خالص ہو ـ

نَضارَت ـ ع ـ تازگی ـ آبداری ـ

نُضج ـ ع ـ پختہ ہونا میوے کا پکنا ہر شے کا ـ پکنا زخم اور مادہ اور خلط کا ـ

نَضح ـ ع ـ پانی کھینچنا ـ

نَضِیح ـ ع ـ حوض ـ انضاح اسکی جمع آتی ہے ـ

نَضِر ـ ع ـ زر ـ تازہ روئی ـ اور تروتازگی ـ

نُضرت ۔ ع ۔ ترو تازگی ۔
نُضُو ۔ ع ۔ زائل ہونا رنگ خضاب کا ۔
نُضُوب ۔ ع ۔ پانی کا زمین کے اندر سما جانا ۔
نَضِیج ۔ ع ۔ میوہ ۔ پختہ ۔ دمل پکا ہوا ۔ ہر چیز کا مادہ پختہ جسکی پختگی آگ کے ذریعہ سے نہو ۔
نَضِیح ۔ ع ۔ عرق ۔ حوض ۔
نَضِیر ۔ ع ۔ تازہ ۔ آبدار ۔ زر ۔ سونا ۔ نام ایک قبیلۂ یہود کا بھی ۔

فصل نون مع طاے مہملہ

نَطاة ۔ ع ۔ نام ایک قلعۂ خیبر کا ۔
نِطاق ۔ ع ۔ کمربند ۔ ہندی پٹکا ۔
نَطح ۔ ع ۔ سینگ مارنا ۔ بکری وغیرہ کا ۔
نِطع ۔ ع ۔ چمڑے کا بچھونا ۔ اور فرش وہ کھال جسکو فقیر لوگ کمر پر لپیٹتے ہین ۔ اور یہ لفظ طاے مہملہ کے فتحہ سے بھی آیا ہی یعنی نَطَع ۔
نطع پوشان ۔ ف ۔ کنایہ پہلوانون سے اسلیے کہ وقت کشتی لڑنے کے چمڑہ کی جانگیا پہنتے ہین ۔
نطعی ۔ ف ۔ چمڑے کی جانگیا جسکو پہلوان کشتی لڑتے وقت پہنتے ہین ۔
نُطف ۔ ع ۔ عیب دار ہونا ۔ سر کا شکستہ ہو جانا اس طرح پر کہ مغز سر پر زخم پہونچے ۔ تباہی زخم کی ۔
نُطَف ۔ ع ۔ جمع نُطفہ کی ۔
نُطفہ ۔ ع ۔ صاف پانی ۔ مرد کی منی ۔
نُطفہ ۔ ع ۔ گوشوارہ ۔
نُطق ۔ ع ۔ بات کرنا ۔ بولنا ۔
نُطُق ۔ ع ۔ جمع نطاق کی جو بمعنی کمربند یعنی پٹکہ کے ہی ۔
نُطُو ۔ ع ۔ دور ہونا ۔ دوری ۔
نُطُول ۔ ع ۔ دواؤن کے جوش دیے ہوئے پانی سے کسی عضو کو دھارنا ۔ پاشویہ کرنا ۔ گرم پانی کا تریرہ دینا ۔
نَطُول ۔ ع ۔ وہ پانی دواؤن کا جوش دیا ہوا جس سے دھارین ۔

فصل نون مع ظاے معجمہ

نُظّار ۔ ع ۔ نظر کرنیوالے ۔ دیکھنے والے ۔
نُظار ۔ ع ۔ زر ۔ سونا ۔ خالص چیز ۔
نَظارت ۔ ع ۔ نظر کرنا کسی چیز کو دیکھنا ۔ نگہبانی ۔
نَظارت پیشہ ۔ ف ۔ نگہبان ۔ خواجہ سرا ۔
نَظّارگی ۔ ف ۔ دیکھنا ۔ دیدہ بازی کرنا مجازاً دیکھنے والا ۔ تماشائی ۔
نَظارہ ۔ ع ۔ بغیر تشدید ظا کے دیکھنا کسی چیز کا ۔ فارسی مین تشدید ظا سے بھی مستعمل ہی ۔
نَظّارہ ۔ ع ۔ دیکھنے والے ۔ اور نظر کرنے والے ۔
نَظافت ۔ ع ۔ پاکیزگی ۔
نِظام ۔ ع ۔ دھاگا جسمین جواہر پروئے جائین ۔ آراستگی کسی چیز کی ۔ انتظام سلسلہ کسی انتظام کا ۔
نُظّام ۔ ع ۔ جمع ناظم کی ۔ انتظام کرنے والے ۔ شعر کہنے والے ۔
نِظامیہ ۔ ع ۔ نام ایک مقام کا ۔
نَظائر ۔ ع ۔ جمع نظیر کی ۔ مثالین ۔
نَظَر ۔ ع ۔ نگاہ ۔ تامل اور بمعنی فکر کے بھی آیا ہے ۔
نظرباز ۔ ف ۔ وہ شخص جو صرف دیکھنے کا مزہ اٹھائے ۔
نظربند ۔ ف ۔ وہ قیدی جو نظر سے غائب نہونے پائے ۔
نظرتنگ ۔ ف ۔ کنجوس ۔
نظرداشتن ۔ ف ۔ عاشق ہونا ۔
نظرزدن ۔ ف ۔ دیکھنا ۔
نظرغلط انداز ۔ ف ۔ کنایہ معشوق کی ایسی نظر سے جو عاشقون کو غلطی مین ڈالے یعنی ہر عاشق یہی جانے کہ یہ خاص ہم ہی کو دیکھتا تھا ۔
نظری ۔ ع ۔ یہ پہلی قسم ہے حکمت کی دونون قسمون مین سے واضح ہو کہ

حکمت نظری کو حکمت علمی بھی کہتے ہین اور
یہ تصور حقائق موجودات کا ہی اور قسم دوسری
حکمت عملی ہی اور اقسام نظری کے
بہت ہین جیسے علم ہئیت علم تشریح
علم معادن علم نباتات وغیرہ۔
نظر یافتن ۔ف۔ ترتیب پانا کسی سے
فیضیاب ہونا۔
نظم ۔ع۔ پرونا موتیون کا دھاگے مین
مجازاً کلام موزون شعر۔ آرایش۔
آراستہ کرنا۔
نظم آرائے شروان ۔ف۔ کنایہ ہی
خاقانی شاعر مشہور سے۔
نظم و نسق ۔ع۔ انتظام کرنا۔ اور آرائش
اور آراستگی۔
نظیر ۔ع۔ مانند۔ مثل۔
نظیف ۔ع۔ حلال۔ پاک۔ طاہر۔

فصل نون مع عین مہملہ

نعاب ۔ع۔ کوّے کا بچہ۔
نعاج ۔ع۔ جمع نعجہ کی۔ بھیڑیان۔
نعاس ۔ع۔ اونگھنا۔ اونگھ۔ سورہنا۔
نعّال ۔ع۔ نعلبند۔
نعال ۔ع۔ جمع ہی نعل کی جس کے معنی
آگے لکھے ہین۔
نعامہ ۔ع۔ شتر مرغ۔
نعائم ۔ع۔ جمع ہی نعامہ کی شتر مرغ۔ اور
نام بیسوین منزل کا چاند کی منزلون سے۔
نعت ۔ع۔ تعریف۔ صفت۔ تعریف کرنا
خاصکر صفت رسول اللہ صلعم کی۔
نعثل ۔ع۔ کفتار نر۔ ہندی ہنڈار۔
پیرنا دان۔ نام ایک مرد دراز ریش کا جس سے
حضرت عثمانؓ کو تشبیہ دیتے تھے۔
نعج ۔ع۔ خالص سفیدی۔ سفید ہونا۔
نعج ۔ع۔ موٹا ہونا اونٹ کا۔
نعجہ ۔ع۔ بھیڑی۔ مادہ میش۔
نعرہ ۔ع۔ زور کی آواز۔
نعش ۔ع۔ جنازہ مُردے کا خواہ مُردہ
مسلمان ہو خواہ غیر مسلمان اور بنات النعش
کو بھی کہتے ہین اور یہ سات ستارے ہین
آسمان پر جانب شمال۔
نعل ۔ع۔ جوتی۔ پاپوش کفش۔ اور
وہ لوہا جو کفش کی ایڑی اور گھوڑے وغیرہ
کے پاؤن مین لگاتے ہین۔ اور وہ لکڑی
وزن دار جسکو کشتی گیر ہلاتے اور اُٹھاتے
ہین۔
نعل افگندن ۔ف۔ گھوڑے کا دوڑنا
گھوڑے کا عاجز ہو جانا چلنے سے۔
نعلبند ۔ف۔ وہ شخص جو چوپایون کی
نعل باندھتا ہی۔
نعل بہا ۔ف۔ جو راجہ اور بادشاہ اپنے
ملک کی آمدنی دوسرے قوی بادشاہ کو
دے تاکہ وہ اُسکے ملک کو تاراج نہ کرے۔
نعل در آتش ۔ف۔ بیقرار۔ یہ ایک عمل ہی
کہ جسکو اپنی محبت مین بیقرار کرنا منظور ہوتا
ہے تو گھوڑے کی نعل پر اُسکا نام
لکھکر آگ مین ڈال دیتے ہین اور کچھ
افسون پڑھتے ہین پس وہ شخص اپنے
طالب کی محبت مین بے قرار ہو کر اُسکے
پاس چلا آتا ہی اور اُسکا مطیع ہو جاتا ہی
اور بمعنی اضطراب اور بیقراری کے بھی
لکھا ہے۔
نعل در آتش نہادن ۔ف۔ کسی کو
اپنی محبت مین بیقرار کرنا۔
نعل ریختن ۔ف۔ گھوڑے کا دوڑنا۔
گھوڑے کا عاجز ہو جانا چلنے سے۔
نعل واژگون بستن ۔ف۔ کسی کو
بہکا دینا۔
نعلین ۔ع۔ دو جوتیان۔
نعلین چوبین ۔ف۔ کھڑاون۔
نِعَم ۔ع۔ جمع ہے نعمت کی۔
نَعَم ۔ع۔ آرے۔ بلے۔ ہان۔ اور بمعنی
چوپایہ مثل اونٹ گائے وغیرہ کے۔
نعم ۔ع۔ نازکی۔ نرمی۔ نکوئی۔
نِعم ۔ع۔ نیک۔ اچھا۔
نعما ۔ع۔ بمعنی نعمت۔ اور یہ صیغہ
اسم جنس کا ہے جمع نہین ہے۔ اور

بعضے اسکو اسم جمع کہتے ہین ۔

نُعمَان ۔ ع ۔ ایک بادشاہ عرب کا نام ہے جسکو نعمان بن منذر کہتے ہین ۔ اور امام ابو حنیفہ کا نام بھی ۔ اور نام ایک شخص کا جسکو نوشیروان بادشاہ نے ہاتھی کے پانؤن کے نیچے کچلوا ڈالا تھا ۔ اور جمع نَعم کی چوپائے ۔

نَعمَان ۔ ع ۔ نام ایک نہر کا ۔

نِعمَ البَدَل ۔ ع ۔ بہتر بدلا ۔ نیک عوض ۔

نِعمَت ۔ ع ۔ دسترس ۔ مال ۔ روزی ۔ ناز ۔ آسائش ۔ نیکوئی بخشش ۔ عطا ۔

نَعنَاع ۔ ع ۔ } پودینہ ۔
نُعنُع ۔ ع ۔ }

نُعُوت ۔ ع ۔ جمع نعت کی ۔

نَعُوذُ ۔ ع ۔ پناہ مانگتے ہین ہم ۔

نَعُوذُ بِاللّٰہ ۔ ع ۔ پناہ مانگتے ہین ہم خدا سے ۔

نَعُوس ۔ ع ۔ دودھ والی اونٹنی ۔

نُعُوظ ۔ ع ۔ ایستادگی آلہ تناسل کی ۔

نُعُومَت ۔ ع ۔ نازکی ۔ نرم ہونا ۔ نرمی نازک ہونا ۔

نَعِی ۔ ع ۔ کسی کے مرنے کی خبر کسی کو پہونچانا ۔ شہرت دینا کسی کی بدی کا مشہور کرنا موت کی خبر کا ۔

نَعِیّ ۔ ع ۔ موت کی خبر دینے والا ۔ اور اسی معنی مین (ناعی) بھی ہے ۔

نَعِیب ۔ ع ۔ } کوّے کی آواز ۔
نَعِیق ۔ ع ۔ }

نَعِیم ۔ ع ۔ بہشت ۔ نعمت ۔ نیکی ۔ دسترس ۔ مال ۔ ناز ۔ تازگی ۔

فصل نون مع غین معجمہ

نَغز ۔ ف ۔ نادر ۔ خوب ۔

نَغزَک ۔ ف ۔ ہر شئے نادر اور خوب اور لطیف ۔ ہر چھوٹا کام جو خوبی کے ساتھ ہو ۔ اصطلاحاً نام میوہ ہندی کا جسکو آم کہتے ہین ۔

نَغِل ۔ ف ۔ وہ جگہ جہان چوپائے رات کو جنگل مین رہین ۔ سیراب ہونا ۔

نَغِل ۔ ع ۔ بدنسب ۔ خراب چمڑا ۔ کینہ ور ہونا ۔ کینہ وری ۔

نُغُل ۔ ع ۔ تباہ ہونا ۔

نَغَم ۔ ع ۔ جمع ہے نغمہ کی ۔ گیت اور راگ بہت سے ۔

نَغَمَات ۔ ع ۔ آوازین خوش اور نرم اور ملائم اور خوب اور دلکش ۔

نَغمَہ ۔ ع ۔ آواز خوب اور مرغوب ۔

نَغمہاے نیم رنگ ۔ ف ۔ وہ نغمے جو ناتمام رہجائین ۔

نُغنُغَہ ۔ ف ۔ آواز لطیف ۔ نغمہ سرود ۔ راگ ۔

نُغُول ۔ ف ۔ وہ مقام جہان چوپائے رات کو جنگل مین رہین ۔

نُغُول ۔ ف ۔ عمیق ۔ گہرا ۔ بعید ۔ دور دراز ۔ تمام ۔ کامل ۔

نُغُول ۔ ف ۔ نردبان ۔ سیڑھی ۔

نُغُولَہ ۔ ف ۔ واو مجہول سے سر کے بال پیچ دیے ہوئے جسکو ہندی مین جوڑہ کہتے ہین ۔ اور بمعنی زلف معشوق کے بھی آیا ہے ۔

فصل نون مع فا

نَفَّاثَات ۔ ع ۔ عورتین جادوگرنیان جو رسی یا ڈورے وغیرہ مین منتر پڑھ پڑھکے گرہین لگاتی ہین ۔

نَفَّاخ ۔ ع ۔ پھلانے والا ۔

نَفَاذ ۔ ع ۔ گذرنا ۔ تمام ہونا ۔ کٹے ہونا ۔ بے توشہ ہونا ۔ بے چوپایہ جانور کا ہونا ۔

نَفَاذ ۔ ع ۔ گذر جانا ۔ یعنی پار ہو جانا تیر کا نشانہ کو توڑکر ۔ جاری ہونا فرمان اور نامہ کا ۔ جاری ہونا حکم کا ۔

نِفَاس ۔ ع ۔ رغبت کرنا کسی چیز کی ۔ وہ خون جو عورت کو بعد جننے کے آتا ہے زچہ خانہ کے دنون مین ۔

نَفَاسَت ۔ ع ۔ عورت کا زچہ ہونا ۔ حسد اور بخیلی کرنا ۔ اور بمعنے خوبی ۔ پسندیدگی ۔ لطافت ۔

نَقَّاع - ع - بڑا نفع پہونچانیوالا -

نُفَّاع - ع - جمع نافع کی - نفع اور فائدہ پہونچانے والے -

نِفَاغ - ف - بڑا پیالہ -

نَفَاق - ع - روان - جاری - رواج پانا ضد کساد -

نِفَاق - ع - دل مین کچھ اور ظاہر کچھ کرنا - دوغلاپن - دشمنی رکھنا -

نَفَائح - ع - خوشبوئین -

نَفَائِس - ع - جمع ہی نفیسہ کی - عمدہ اور پسندیدہ چیزین -

نَفْت - ف - ایک قسم کا روغن سیاہ رنگ ہی جو زمین سے اُبلتا ہی اور اسی کا معرب نفط ہی -

نَفْث - ع - پھونکنا کسی چیز کا فضلہ منھ سے پھینکنا -

نَفْح - ع - چلنا ہوا کا پھیلنا خوشبو کا -

نَفَحَات - ع - خوشبوئین جمع نفحہ کی -

نَفْحَہ - ع - خوشبو -

نَفْخ - ع - پھونکنا - ہوا سے بھرنا -

نَفَخَات - ع - جمع نفخہ کی -

نَفْخَہ - ع - ایک مرتبہ پھونکنا -

نَفَاذ - ع - روانی کسی شی کی - جاری ہونا کسی چیز کا -

نَفَر - ع - گروہ آدمیون کا تین سے دس تک - فارسی مین ایک شخص پر اسکا اطلاق ہوتا ہی - اور بمعنی جا کر کے بھی آیا ہے -

نَفْرَت - ع - کسی چیز سے بھاگنا گھن کرنا بیزار ہونا -

نَفْرَۃ - ع - ایک بار گھن کرنا - ایک مرتبہ بھاگنا اور بیزار ہونا -

نَفْرِین - ع - دعاے بد - ملامت پھٹکار -

نَفَس - ع - دم - سانس - واضح ہو کہ سانس کے آنے اور جانے دونون کو ملاکر مجموع ایک نفس ہے جمع اسکی انفاس آتی ہی -

نَفْس - ع - جان - روح - حقیقت شے کی ہستی - عین ہر چیز کا جمع اسکی نفوس اور انفس آتی ہے - اور نفس بمعنی خون اور تن اور چشم زخم کے بھی آیا ہے اور فارسی مین بمعنی آلت تناسل کے بھی مستعمل ہے - واضح ہو کہ اصطلاح تصوف مین نفس کی تین قسم ہے اس طرح -

نفسِ امّارہ - ع - خواہش طبیعت انسان کی طرف لذات دنیا اور بُرے کامون کے امّارہ صیغہ مبالغہ کا ہے بمعنے سخت حکم کرنے والا -

نفسِ لوّامہ - ع - اپنے آپ کو ملامت کرنیوالا - نور دل کی ہدایت سے گناہون کے کرنے پر اور ایسا نفس نیکون اور اچھے لوگون کو حاصل ہوتا ہی -

نفسِ مطمئنہ - ع - یہ وہ نفس ہی جو بُری باتون سے بالکل پاک صاف ہے اور کُل اچھی باتون سے موصوف اور خدا کے پاس نہایت اطمینان سے جاتا ہی -

نفس الامر - ع - حقیقت کسی کام کی اصل مدعا - ثابت - تحقیق - واقعی -

نَفْسَانی - ع - منسوب طرف نفس کے -

نَفْسَانِیَّت - ع - خود غرضی - ہٹ دھرمی

نفس بہیمی - ع - جان حیوان چوپایہ کی - اور مراد اس سے نفس امّارہ ہے -

نفس مُربّا - ف - وہ کلام جسکا پڑھنا زبان پر سہل ہو - دشوار نہو -

نفس راست کردن - ف - توقف کرنا ٹھہر جانا - آرام لینا -

نفس زدن - ف - سانس لینا -

نفس سوختن - ف - ہانپنا - دم کا پھولجانا جیسا کہ بعد دوڑنے اور زیادہ محنت کرنے کے کیفیت ہوجاتی ہی اور نفس سوختن کنایہ ہی محنت کرنے سے بھی -

نفس کُل - ع - کنایہ عرش سے -

نفس کشادن - ف - کلام کرنا -

نفس ناطقہ۔ع۔حکما کی اصطلاح مین یعنے روح وجان ہو۔
نفس نباتی۔ع۔وہ روح جو روئیدگی اور درختون مین ہوتی ہو۔
نفس واپسین۔ف۔مرتے وقت کی سانس۔
نفسی۔ع۔اپنا ذاتی۔یہ منسوب ہو طرف نفس کے۔
نفسی۔ع۔سانس کا۔یہ منسوب ہو طرف نفس کے۔
نفش۔ع۔روئی اور اون دھنکنا۔
نفض۔ع۔جھاڑنا۔کپڑے کا جھٹکنا۔درخت کا ہلانا۔عورت کا بہت بچے جننا۔لرزہ کی تپ کا کسی کو ہلا دینا۔پتے اور میوہ درخت سے گرنا۔
نفط۔مب۔معرب نفت کا۔اور یہ لفظ بکسر اول فصیح ہو۔یہ ایک قسم کا روغن سیاہ اور سفید ہوتا ہے جو ملک شروان مین زمین سے ابلتا ہے۔اور کبھی مجازاً بارود کو بھی کہتے ہین۔
نفطہ۔ع۔آبلہ۔
نفع۔ع۔فائدہ۔سود۔
نفق۔ع۔تمام ہونا خرچ کا۔نیست ہونا۔روان اور جاری ہونا پانی وغیرہ کا۔راہ باریک زمین کے اندر کی سرنگ کا سوراخ۔
نفقہ۔ع۔کھانا کپڑا اور خرچ وغیرہ جو اولاد اور بیوی وغیرہ کو دین۔
نفل۔ع۔زائد۔وہ عبادت جو بندے پر واجب نہو۔
نفوخ۔ع۔سوکھی دوا جو بطور ناس کے ناک مین چڑھائین۔
نفوذ۔ع۔تیر کا نشانہ کو توڑ کر پار نکلجانا۔گذرنا۔جاری ہونا فرمان یا نامہ کا اثر کرنا۔
نفور۔ع۔بھاگنے والا۔اور نفرت کرنے والا۔
نفوس۔ع۔جمع ہی نفس کی جسکے معنی جان و روح کے ہین۔
نفوس ثلاثہ۔ع۔نفس امارہ۔نفس لوامہ۔نفس مطمئنہ جنکے معنی ابھی گذرے اور ارواح ثلاثہ سے بھی کنایہ ہی یعنے روح حیوانی۔روح نباتی روح جمادی۔
نفوس قدسیہ۔ع۔پاک ذاتین نیکون کی روحین۔پاک روحین۔نیک لوگ فرشتے۔
نفول۔ف۔دور۔بعید۔عمیق۔گہرا۔فہمیدگی۔غور۔
نفی۔ع۔دور کرنا۔دور ہونا۔ہنکانا۔اور معنے شہر سے بدر کر دینا۔
نفیر۔ع۔فریاد۔نالہ۔آواز۔اور معنے بھاگنے والے اور نفرت کرنیوالے کے بھی اور معنی کرنائے اور بڑی بانسری کے بھی۔
نفیس۔ع۔ قیمتی چیز۔پسندیدہ۔
نفیسہ۔ع۔ گرانمایہ۔لطیف۔
نفی کردن۔ف۔ردکرنا۔نیست کرنا۔شہر سے نکال دینا۔

فصل نون مع قاف

نقاء۔ع۔پاکیزگی۔
نقاب۔ع۔پردہ جو منھ پر یا کسی نفیس چیز پر ڈالتے ہین۔بفتح نون غلط ہو۔
نقاب۔ع۔سوراخ کرنے والا۔سرنگ کھودنے والا۔
نقاب لاجورد کشیدن۔ف۔بمعنے ترک کرنا۔چھوڑ دینا۔
نقابت۔ع۔صفت۔تعریف۔
نقابت۔ع۔تعریف کرنا۔سراہنا۔
نقاد۔ع۔روپیہ اشرفی کا پرکھنے والا۔کھوٹے کو کھرے سے الگ کرنے والا۔
نقار۔ع۔کینہ۔عناد۔عداوت۔
نقارچی۔ف۔نقارہ بجانے والا۔
نقاش۔ع۔چیترا۔نقش کرنے والا۔
نقاشی۔ع۔پیشہ نقش کرنے کا۔

نِقاط - ع - جمع ہی نُقطہ کی -
نَقّال - ع - نقل کرنے والا -
نَقاوت - ع - پاکیزگی -
نُقاوہ - ع - برگزیدہ - پسندیدہ - خلاصہ
بفتح اول غلط ہی -
نَقاہت - ع - ضعف - ناتوانی نا طاقتی
جو بیماری مین ہوتی ہے -
نَقائِص - ع - جمع ہے نَقیصہ کی -
سخن چینی - عیب - بُری خصلتین -
نَقب - ع - سوراخ کرنا - دیوار مین
سیندھ لگانا - سُرنگ لگانا - اسلیے
کہ سوراخ بمعنی سُرنگ کے بھی آتا ہی -
نُقَبا - ع - جمع ہی نَقیب کی -
نَقبہ - ع - کھجلی - خارش - اور یہ ایک
مرض ہی جو خشکی اور غلبۂ خون سے
پیدا ہوتا ہی -
نَقد - ع - آمادہ کرنا - دینا - روپیہ
اشرفی کا پرکھنا - اور بمعنی زر مسکوک یعنی
روپیہ - اشرفی - پیسا - اور کبھی مجازاً بمعنی
دل - اور ذات اور فی الحال یعنے
ابھی اور پسر یعنی فرزند کے بھی آتا ہی -
نَقدا - ف - فارسی مین بمعنی بالفعل اور
فی الفور اور ابھی کے مستعمل ہی -
نَقر - ع - کوٹنا - کھودنا - مرغ کا دانہ چُگنا
لکڑی کاٹنا - سنکھ بجانا - عیب کرنا -

نِقرِس - ع - نام ایک درد شدید کا ہی
جو پیرون کی اُنگلیون سے اُٹھتا ہی -
نُقرہ - ع - گلی ہوئی چاندی - گڑھا -
خصوصاً وہ گڑھا جو انسان کی گُدّی مین
ہوتا ہی - نام ایک قریہ کا -
نُقرہ پا - ف - نام ایک پرند کا جسکے
پانون سفید رنگ کے ہوتے ہین -
نُقرہ تابناک - ف - وہ کلام جو نہایت
عمدہ ہو - سخن آبدار -
نُقرہ خِنگ - ف - بغیر اضافت وہ گھوڑا
سفید رنگ جو مثل چاندی کے روشن ہو
فارسی مین لفظ خنگ بمعنی مطلق سفید کے
ہی جیسے بُت خنگ بمعنی بت سفید -
نُقرہ ریختی - ف - چاندی خالص اور
سفید اور بُرّاق -
نُقرئی - ف - چاندی کی چیز -
نقش - ع - مشہور ہی اور ایک قسم
قوالون کے راگ کی جو خراسانیون نے
نکالا ہی - اور جوے کا وہ داؤ جو موافق
مطلب کے آوے - اور بمعنی لیاقت
اور سزاواری کے بھی -
نقش بد نشستن - ف - وہ داؤ
جو مراد کے موافق نہ آوے -
نقش برآب کشیدن - ف - عبث
اور بے فائدہ کام کرنا - وہ کام کرنا
جسکو پائداری نہو -
نقشبند - ف - کنایہ ہی خالق اور
صانع سے -
نقشِ جہان - ف - نام ایک باغ کا
جو اصفہان مین ہی -
نقشِ دل - ف - کنایہ یقین سے -
نقش زدن - ف - موافق مراد کے
داؤ لیجانا -
نقش زیاد - ف - اسم بلامسمّیٰ - وہ
چیز جو قابل دیکھنے کے نہو -
نقشِ عروسی - ف - وہ سرود جو وقت
شادی نکاح کے مخصوص ہے -
نقشِ قرینہ - ف - نقش مقابل -
نقشِ گزارش - ف - وہ قصہ جو
قابل بیان کے ہو -
نقشِ نیرنگ - ف - دین آتش پرستی
کی رسم -
نقشہ - ف - تصویر - نمونہ کسی
چیز کا -
نَقص - ع - کمی - کم ہونا - کم کرنا - اور
بضم اول غلط مشہور ہے -
نُقصان - ع - کمی -
نُقصانی - ف - نقصان - کمی - اسمین
یاے تحتانی زائد ہی جیسے سلامتی اور
خلاصی وغیرہ مین -

نُقض - ع - توڑنا عہد وغیرہ کا -

نُقط - ع - جمع ہے نقطہ کی -

نُقطہ - ع - مشہور ہے - اور حکمت اور ہندسہ کی اصطلاح مین بمعنی منتہاے خط یعنی خط کی انتہا -

نُقطۂ انتخاب - ف - وہ نقطہ جو کسی شعر مرغوب یا مضمون عمدہ کے سامنے کتاب کے حاشیہ پر واسطے یادداشت کے دیدیتے ہین اور صوفیون کی اصطلاح مین خدا کی ذات -

نُقطۂ جاگیر - ف - کنایہ زمین سے -

نُقطۂ ریختن - ف - کنایہ رمل کی فال دیکھنے سے -

نُقطۂ سہو - ف - وہ نقطہ جو حرف بے نقطہ پر بھولے سے دیدین -

نُقطۂ شک - ف - وہ نقطہ جو کسی لفظ یا مضمون مشکوک کے مقابل کتاب کے حاشیہ پر واسطے یادداشت کے لگاوین اور صوفیون کی اصطلاح مین ہستی ظاہری کو کہتے ہین -

نُقطہ گاہ - ف - دائرہ کا مرکز اور کبھی مراد زمین کہ منظلہ سے -

نُقطۂ مقابل - ف - کنایہ مہرۂ ہم شکل سے اور کبھی کنایہ حریف سے بھی ہوتا ہے -

نُقطۂ موہوم - ف - وہ باریک نقطہ جسکے وجود کو وہم تصور کرے اور ظاہر مین دکھائی نہ دے اور بعضے اسکو جوہر فرد اور جزو لایتجزی بھی کہتے ہین یعنی وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کر سکے -

نُقطۂ نوک زیر - ف - روشنائی کی بنکی جو قلم کی نوک سے کاغذ پر گر پڑے -

نَقع - ع - غبار - گرد -

نَقل - ع - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا - مجازاً کسی چیز کا نمونہ بنانا اور لکھنا -

نُقل - ع - وہ چیز جو بعد شراب پینے کے کھاتے ہین از قسم ترش و نمکین و کباب وغیرہ کے نام ایک مٹھائی مشہور کا -

نقل رُوح - ع - ایک عمل ہے بعضے اہل ریاضت کا کہ اپنی روح کو دوسرے کے جسم مین لیجاتے ہین بشرطیکہ وہ جسم جان سے خالی ہو - اور اس عمل کو خلع بدن بھی کہتے ہین یعنی اسکے چھوڑ دینا بدن کا -

نُقل شیرین - ف - معشوق کے بوسہ سے کنایہ ہے -

نَقَلہ - ع - نقل کرنیوالے جمع ناقل کی -

نِقمت - ع - عذاب - کینہ - بغض - عقوبت - عداوت - دشمنی -

نُقود - ع - جمع ہے نقد کی -

نُقوش - ع - جمع ہے نقش کی -

نُقوع - ع - پانی مین ترکیا ہوا میوہ - پانی مین بھیگی ہوئی دوا - بھگوئی دوا کا پانی جو بیمار کو پلاتے ہین -

نُقول - ع - جمع ہے نقل کی -

نقوماجس - ی - نام ارسطو حکیم کے باپ کا اور یہ لفظ لام سے بھی آیا ہے -

نَقی - ع - پاک - خالص -

نِقی - ع - ہڈی کا گودا -

نَقیب - ع - بزرگ - سردار - وہ شخص جسکو لوگون کے نسب معلوم ہون - قوم کا جاننے والا - مردکار آگاہ -

نَقیر - ع - وہ گڑھا جو کھجور کی گٹھلی کی پشت پر ہوتا ہے شگاف خرما - اور بمعنی حقیر اور کم حقیقت کے بھی - اور نقیر و قطمیر سے اندک و بیش مراد ہے - اور کبھی بلحاظ نسبت اندکی و بیشی کے کنایہ صغیر و کبیر سے بھی ہوتا ہے -

نَقیصت - ع - عیب - زشتی - برائی - کمی - نقصان - بدی -

نَقیض - ع - توڑنے والا سرشتے کا - ضد - آواز محمل اور پالان کی - واضح ہو کہ نقیض اور ضدین مین فرق ہے - نقیضین وہ ہے کہ جو نہ ایک ساتھ مین جمع ہو سکے اور نہ معدوم ہو سکے - جیسے ہست اور نیست اور موت اور زندگی یعنی ان دونون مین سے

ایک حالت رہیگی ۔ اور ضد وہ ہے کہ
ایک ساتھ مین جمع نہو سکے ۔ جیسے سیاہ و
سفید لیکن یہ دونون معدوم ہو سکتے ہین
یعنی ممکن ہو کہ نہ رہو ۔
نقیع ۔ع ۔ آب استادہ ۔ وہ کنوان جسمین
بہت پانی ہو ۔ بانگ سفریاد ۔ آب
خوشگوار ۔ آب شیرین اور سرد ۔ پانی
مین ترکیے ہوئے میوے ۔ پانی مین
بھیگی ہوئی دوائین ۔ بھگوئی دواؤن کا
پانی جو بیمار کو پلاتے ہین ۔
نقیعہ ۔ع ۔ نام مسافر کی ضیافت کا جو
اسکے آنے پر کرین ۔
نقیق ۔ع ۔ مرغی اور سور کی آواز ۔
نقیہ ۔ع ۔ پاک ۔ خالص ۔

فصل نون مع کاف عربی و فارسی

نک ۔ ف ۔ مخفف ہے نگینہ کا ۔
نکابت ۔ع ۔ دشمن کو گزند پہونچانا ۔
نکات ۔ع ۔ جمع نکتہ کی ۔
نکاح ۔ع ۔ شادی کرنا جماع کرنا ۔
نکاحی ۔ ف ۔ شادی کی ہوئی عورت ۔
نگار ۔ ف ۔ نقش ۔ بت ۔ معشوق محبوب
وہ نقش مہندی کا جو معشوق اپنے ہاتھ
پاؤن پر بناتے ہین ۔
نگار ارمنی ۔ ف ۔ مراد شیرین سے جسپر
فرہاد عاشق تھا ۔
نگاربستہ ۔ ف ۔ بمعنی معشوق ۔
نگارخانہ ۔ ف ۔ تصویرون کا مکان ۔
نگار عالم ۔ ف ۔ بہت خوبصورت ۔
نگارینہ ۔ ف ۔ معشوق ۔
نگارش ۔ ف ۔ لکھنا ۔
نگاشتن ۔ ف ۔ لکھنا ۔
نکال ۔ ع ۔ عذاب ۔ رنج ۔ دکھ ۔
نگاہ ۔ ف ۔ نظر ۔
نگاہبان ۔ ف ۔ چوکیدار ۔
نگاہداشت ۔ ف ۔ حفاظت اور
ہوشیاری ۔ خبرداری ۔
نگاہداشتن ۔ ف ۔ نگاہ رکھنا ۔
نگاہ کردن ۔ ف ۔ دیکھنا ۔
نکب ۔ع ۔ کجی ۔ رنج ۔ سختی ۔
نکبا ۔ع ۔ وہ ہوا جو بیچ مین طرف سے چلے
اور ایسی ہوا بُری ہوتی ہے خصوصاً جہاز
کے حق مین ۔ اور وہ ہوا جو پورب پچھم
اتر دکھن کے کونون سے چلے یعنی
سیدھی نہ چلے ۔
نکبت ۔ع ۔ خواری ۔ ذلت ۔ رنج ۔
نکت ۔ع ۔ جمع ہے نکتہ کی ۔
نکت ۔ع ۔ زمین کا کھودنا ۔ اوندھے
منھ گرادینا ۔
نکتہ ۔ ف ۔ بات پاکیزہ جو پوشیدہ ہو یعنی
ہر شخص کی سمجھ مین نہ آسکے ۔ اور بمعنے
نقطہ کے بھی آیا ہے ۔
نکتہ دان ۔ ف ۔ باریک بات کا جاننے
والا ۔ بڑا عقلمند ۔
نکث ۔ع ۔ رسی کا بل کھولنا ۔ قول اور
عہد کا توڑنا ۔ مجازاً بمعنی مطلق قطع اور
توڑنے کے آتا ہے ۔
نکد ۔ع ۔ سختی ۔ ناخوشی ۔ دشواری ۔
کنوئین کے پانی کا کم ہونا ۔
نکر ۔ع ۔ ناسپاسی ۔ ناشکری ۔ ناخوشی
تعجب ۔ مجازاً بمعنی عذاب ۔
نکرہ ۔ع ۔ ناشناسی ۔ ناآشنائی ۔ اور
معرفہ کی ضد ۔
نگر ۔ ف ۔ دیکھ ۔
نگران ۔ ف ۔ دیکھنے والا ۔ منتظر ۔
نگریدن ۔ ف ۔ دیکھنا ۔
نگریستن ۔ ف ۔ دیکھنا ۔ نگاہ کرنا ۔
نکس ۔ع ۔ بیماری کا پھر عود کرنا ۔
نکس ۔ع ۔ سرنگون کرنا ۔ نگونسار یعنے
اوندھا کرنا ۔
نکل ۔ع ۔ لوہے کی بیڑی جو گنہگارون کے
پیر مین ڈالتے ہین ۔
نکو ۔ ف ۔ خوب ۔ اچھا ۔
نکوب ۔ع ۔ پھرنا راہ سے ۔
نکوص ۔ع ۔ بدل ہونا ۔ برگشتہ ہونا
کسی کام سے جسکو پہلے کر رہا ہو ۔

نکول - ع - قسم کھانے سے انکار کرنا۔ بدلی - انکار - روگردانی۔

نگون - ف - گم شدہ - کبڑا - اوندھا۔

نکوہش - ف - سرزنش کرنا - ملامت دھمکی - سرزنش۔

نکوہیدن - ف - ملامت کرنا۔

نکوہیدہ - ف - ملامت کیا گیا - زشت - خراب آدمی۔

نکوہیدہ رائے - ف - بدعقل۔

نکوئی - ف - بھلائی۔

نگہبان - ف - چوکیدار۔

نگہبانی - ف - حفاظت۔

نکہت - ع - کاف عربی سے منھ کی خوشبو مطلق خوشبو۔

نگیسا - ف - نام ایک گوئیے کا۔ جو خسرو پرویز کا ملازم تھا۔

نگین - ف - نگینہ۔

نگین پیادہ - ف - وہ نگینہ جو جڑا ہوا نہو۔

نگین سوار - ف - جڑا ہوا نگینہ۔

فصل نون مع میم

نم - ف - تری۔

نما - ع - بڑھنا - بلند ہونا - اور درخت کا اگنا۔

نمارق - ع - جمع ہی نمرقہ کی جس کے معنی تکیہ کے ہین۔

نماز - ف - پرستش - خدمتگاری۔ عاجزی - نیاز۔

نماز بردن - ف - پرستش کرنا۔ عاجزی کرنا۔

نمازی - ف - نماز پڑھنے والا۔

نمازی کردن - ف - پاک کرنا صاف کرنا۔

نمام - ع - غماز - چغلخور - اور نام ایک خوشبودار گھاس کا جسکو ہندی مین پودینہ کہتے ہین۔

نمامی - ع - غمازی - چغلخوری۔

نمایان - ف - نمودار ہونیوالا - مجازاً بمعنی کلان اور بہت۔

نمائش - ف - دکھلاوٹ - اور نموداری ظاہری کام۔

نمائق - ع - جمع ہی نمیقہ کی مکتوب۔

نمد - ف - نمدہ۔

نمد پوش - ف - نمدہ پہننے والا۔

نمد زین - ف - وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہین اور اسکو خوگیر کہتے ہین - معنی خوگیر کے پسینہ کا جذب کرنے والا۔

نمر - ع - پلنگ - چیتا - مشہور درندہ۔

نُمُر - ع - جمع نمر کی ہی چیتے۔

نمرق - ع - بالش کوچک یعنے

نمرقہ - ع - چھوٹے تکیے۔

نمرود - ع - نام ایک بادشاہ کافر کا جو زمانہ قدیم مین گذرا ہی۔

نمش - ع - نام ایک مرض کا جس سے بدن کی کھال پر چھیپ کی طرح دھبے پڑ جاتے ہین۔

نمص - ع - بال اکھیڑنا۔

نمط - ع - بچھونا - فرش رنگین - بساط - شطرنج - روش - دستور۔

نمک - ف - مشہور ہی اور کبھی بمعنے لذت کے بھی آتا ہی۔

نمک حرام - ف - وہ شخص جو طرفدار اپنے مالک کا نہو۔

نمک حلال - ف - طرفدار آقا کا۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن - ف - نمک حرامی کرنا۔

نمکدان - ف - نمک رکھنے کا برتن۔

نمکین - ف - منسوب طرف نمک کے یعنی نمک ملا ہوا - اور اصطلاح مین بمعنی مسخرہ کے بھی آتا ہی۔

نمگیرہ - ف - وہ کپڑا جو پلنگ وغیرہ پر بطور چھت کے لگاتے ہین تاکہ شبنم کی نمی سے محفوظ رہے۔

نمل - ع - مور - چونٹی - نام ایک

مرض کا جس مین چھوٹے چھوٹے دانے
بدن کی کھال پر پیدا ہو جاتے ہین -
نملہ - ع - ایک قسم کی پھنسیان صفراوی
ہوتی ہین جو بتدریج پھیل جاتی ہین -
نمناک - ف - تری سے بھرا ہوا -
نم نداشتن - ف - مفلس و نادار ہونا -
نموّ - ع - بالیدگی - افزایش - پھپھکنا -
فارسی مین بغیر تشدید واو کے آتا ہے -
نمود - ف - علامت - نشان - ظاہر
رونق - خوبی - شان - شوکت -
نمودار - ف - ظاہر -
نمودن - ف - دیکھنا - دکھانا - کرنا -
نموذج - ع - نمونہ -
نموم - ع - بڑا چغلخور -
نمونہ - ف - نمودار - دکھانے کی چیز -
نمی - ف - تری -
نمیر - ع - آب خوشگوار - میٹھا پانی -
نمیقہ - ع - لکھا ہوا - مکتوب - نامہ -
خط - جمع اسکی نمائق آتی ہے -
نمیم - ع - چغلخور -
نمیمہ - ع - چغلخوری - حرکت - آواز نرم -

فصل نون مع نون

ننگ - ف - عار - شرم -
ننگ - ت - ترجمہ لفظ درانتین -
ننگین - ف - معیوب - زشت - برا -

فصل نون مع واو

نو - ف - نیا -
نوا - ف - مطلق آواز - نام ایک
مقام کا بارہ مقامون موسیقی سے
اور بمعنی سامان - اسباب - لشکر
فوج - لشکر - سپاس - بیٹا - پوتا - نذرانہ
پیشکش - سازگاری - موافقت -
خوراک - غذا - گرفتار - قید کسی کے
عوض مین دوسرے کو قید مین بٹھانا -
نام ایک گروہ کا مغلون سے -
نوا - ع - مخفف نواۃ کا جسکے معنی ہین
خرمے کی گٹھلی -
نوا - ع - دشمنی کرنا -
نوّاب - بہت نیابت کرنے والا -
نوّاب - ع - نیابت کرنیوالے یہ جمع ہے
نائب کی -
نوابت - ع - جمع نابت کی گھاس اور
روئیدگیان -
نوات - ع - گٹھلی خرما کی -
نواح - ع - اطراف -
نواحی - ع - جمع ناحیہ کی - اطراف
کنارے ملک کے -
نواخانہ - ف - قید خانہ -
نواخانی - ف - گانا -
نواخت - ف - اصطلاحًا بمعنے موافق
مطابق - برابر - لائق -
نواختن - ف - نوازنا - مراد و مطلب
کو پہونچانا - خوش کرنا - گانا - بجانا - اور
کشتی گیرون کی اصطلاح مین حریف کو
زمین پر دے مارنا -
نواخل - ع - جمع نخل کی خلاف قیاس
اور نخل بمعنی درخت خرما -
نوادر - ع - عجیب و غریب چیزین
نوادہ - ف - پوتا - بیٹے کا بیٹا -
نوار - ف جس سے پلنگ بنتے ہین
ہندی نواڑ - اور بکسر اول غلط ہے -
نوازش - ف - مہربانی - عنایت -
نوازشات - ف - جمع نوازش کی -
نوازل - ع - جمع نازلہ کی مصیبتین -
نوازندگی - ف - باجا بجانا -
نواساز - ف - گویا -
نواسہ - ف - بیٹی کا بیٹا -
نواصب - ع - ایک گروہ ہے مسلمانون
مین جو حضرت علیؑ سے دشمنی رکھتے ہین
انکو ناصبی بھی کہتے ہین -
نواصی - ع - جمع ناصیہ کی جسکے معنی ہین
پیشانی کے بال اور فارسی مین ناصیہ
بمعنے پیشانی کے مستعمل ہے -
نوافل - ع - زوائد - مطلب سے زائد
چیزین - بخششین - نمازین غیر واجب

نوال ۔ بخشش ۔ عطا۔
نوالہ ۔ ف ۔ ایک لقمہ۔
نوآموز ۔ ف ۔ نوسکھیا ۔ مبتدی۔
نوامیس ۔ ع ۔ جمع ناموس کی۔
نوان ۔ ف ۔ فرمان ۔ جنبان ۔ لرزان ۔ کانپتا ہوا ۔ خمیدہ ۔ کبڑا ۔ کہنہ ۔ پرانا ۔ لاغر ۔ دبلا ۔ آگاہ ۔ ہوشیار۔
نوآورد ۔ ف ۔ نئی بات نکالی ہوئی۔
نواہی ۔ ع ۔ جمع نہی کی۔ وہ باتین جنکا کرنا شرع مین منع ہے۔
نوآئین ۔ ف ۔ زیبا ۔ آراستہ ۔ نئی بات نکالنے والا ۔ آراستگی کرنے والا۔
نوائب ۔ ع ۔ جمع نائبہ کی ۔ حوادث ۔ مصیبتین ۔ بلائین۔
نوائر ۔ ع ۔ جمع نائرہ کی ۔ شعلے ۔
نواے فاختہ ۔ ف ۔ ایک قسم ہے تال کی منجملہ تالون موسیقی سے اور اسکو سور فاختہ بھی کہتے ہین۔
نواے مخالف ۔ ف ۔ کنایہ ہے دشنام یعنی گالی اور مکروہ بات سے۔
نوب ۔ ع ۔ نزدیکی۔
نوب ۔ ع ۔ حبشیون کا ایک گروہ اور اسکو نوبہ بھی کہتے ہین ۔ نوبی اسکا مفرد ہے۔
نوبادہ ۔ ف ۔ نئی چیز ۔ نیا میوہ ۔ نیا درخت ۔ تحفہ ۔ عمدہ ۔ اور بمعنے مطلق تازہ کے بھی آتا ہے۔
نوبت ۔ ع ۔ وقت کسی چیز کا ۔ اور بمعنی کرت یعنی مرتبہ ۔ دفعہ ۔ باری ۔ اور بمعنی مصیبت ۔ نقارہ ۔ خیمہ۔
نوبتخانہ ۔ ف ۔ جہان نقارہ بجائین۔
نوبتی ۔ ف ۔ نقارہ بجانیوالا ۔ نقارچی ۔ پاسبان ۔ چوکیدار ۔ بڑا خیمہ ۔ کوتل گھوڑا۔
نوبر ۔ ف ۔ نیا پھل ۔ لڑکی نارپستان۔
نوبر کردن ۔ ف ۔ نئے پھل کو اول مرتبہ اسکی فصل مین کھانا۔
نوبردہ ۔ ف ۔ غلام نوخریدا ۔ بردہ ترکی مین غلام کو کہتے ہین۔
نوبہار ۔ ف ۔ وہ شے جس پر نئی بہار ہو ۔ موسم بسنت کا ۔ نام آتشکدۂ بلخ کا ۔ نام ایک تبخانہ کا۔
نوپیدا ۔ ف ۔ جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو۔
نوجوان ۔ ف ۔ گبھرو جسکی ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔
نوچہ ۔ ف ۔ بمعنی نوجوان۔
نوح ۔ ع ۔ نوحہ کرنا ۔ نالہ کرنا ۔
نوح ۔ ع ۔ نام ایک پیغمبر کا جو بہت نالہ کیا کرتے تھے۔
نوحہ ۔ ع ۔ مردے پر رونا ۔ اور اسکی اچھی صفتون کا بیان کرنا ۔
نوحہ گر ۔ ف ۔ نوحہ کرنے والا ۔ نوحہ کرنے والی۔
نوخط ۔ ف ۔ نئی چیز ۔ وہ معشوق جو سبزہ آغاز ہو۔
نوخاستہ ۔ ف ۔ نوجوان ۔ اور بمعنی جوان نوآموز ۔ ناتجربہ کار۔
نود ۔ ف ۔ نوے (۹۰) ۔
نوذر ۔ ف ۔ نام منوچہر بادشاہ کے پسر یعنے بیٹے کا۔
نور ۔ ف ۔ روشنی ۔ اور فارسی مین کبھی مراد چاند سے بھی۔
نور ۔ ع ۔ کلی ۔ غنچہ پھول کا۔
نور الٰہی ۔ ف ۔ خدا کا نور۔
نورانی ۔ ع ۔ روشن ۔ منور ۔ منسوب طرف نور کے اور الف و نون اس مین زائد ہے جیسے حقانی اور ربانی مین۔
نوربخش ۔ ف ۔ روشنی دینے والا۔
نورچشم ۔ ف ۔ آنکھ کا نور ۔ مجازاً بمعنے فرزند ۔ بیٹا۔
نورد ۔ ف ۔ تہ ۔ پیچ و تاب ۔ فرش ۔ بساط ۔ گول لکڑی جو لاہون کی جس پر بنا ہوا کپڑا لپیٹتے جاتے ہین ۔ اور بمعنے برابر ۔ جنگ ۔ خصومت ۔ لائق ۔ سزاوار ۔ پسندیدہ ۔ کپڑا تہ کرنا ۔ کنج ۔ گوشہ ۔ سوراخ ۔ پیراہن کا دامن ۔ اور کبھی

مراد نوموڑی کے سوراخ سے کہ وہ بھی
پیچ در پیچ ہوتا ہے - اور بمعنی چادر -
نوردِ ملوکانہ - ف - وہ نفیس پوشاک
جو لائق بادشاہون کے ہو -
نوردیدن - ف - } لپیٹنا -
نوردن - ف - }
نورس - ف - میوہ - تازہ نیا پکا ہوا -
ہر چیز تازہ **نورسیدہ** - نام ایک کتاب کا
علم موسیقی کے قاعدون مین جسکو سلطان
ابراہیم عادل شاہ ممدوح ظہوری نے
زبان ہندی مین تصنیف کیا ہے -
نوروز - ف - اول روز ماہ فروردین کا
یعنی جس روز کہ آفتاب نقطۂ حمل پر آتا ہے
مطابق ۲۲ مارچ کے - نام ایک پردہ کا
موسیقی مین -
نوروز بزرگ - ف - } نام تین شعبون کا موسیقی مین -
نوروز خارا - ف - }
نوروز عرب - ف - }
نورہ - ع - آہک - چونہ - نام ایک چیز
مرکب کا جسکو چونہ اور ہرتال سے بناتے ہین اور
اسکے لگانیسے بال اڑجاتے ہین -
نوربان - ف - تحفہ - سوغات - عطا -
صلہ - انعام -
نوری - ف - سفید طوطی - ایک قسم ہے
زرد آلو کی -

نوز - ف - مخفف ہنوز کا -
نوزدہ - ف - انیس - (۱۹)
نوش - ف - واو مجہول سے - امرت
آب حیات - شیرین - میٹھا - گوارا - زندگی
تریاق - شہد - اور امر ہے نوشیدن سے
پی - اور اصطلاحًا مراد ہے معشوق کے
ہونٹھ سے -
نوشابہ - ف - واو مجہول سے - نام ملکۂ
ملک بردع کا جو سکندر کے وقت مین تھی
اور اسکا قصہ سکندرنامہ مین مرقوم ہے -
نوشاد - ف - نام ایک شہر حسن خیز کا -
نوشادر - ف - مشہور کھار ہے - مشابہ نمک
سے - نوش بمعنی تریاق اور آذر بمعنی آتش
یعنی وہ تریاق جو آگ سے بنتا ہے -
نوش آذر - ف - نام ایک آتشکدہ کا -
نوشت - ف - تحریر لکھت - اور ماضی ہے
نوشتن سے یعنی لکھا -
نوشتن - ف - لکھنا -
نوشتن - ف - لپیٹنا -
نوشتہ - ف - لکھا ہوا - سند -
نوشدارو - ف - بمعنی تریاق -
نوش گیا - ف - نام ایک گھاس کا جو
زہرون کی دفع کرنے والی ہے -
نوشندہ - ف - پینے والا -
نوشہ - ف - بادشاہ - نوجوان - اور نئے

داماد کو بھی کہتے ہین - دولھا -
نوشہ - ف - خوش - خرم -
نوشہر - ف - نام ایک قصبہ کا جو نزدیک
شروان کے ہے -
نوشیدن - ف - پینا -
نوشین - ف - شیرین - میٹھا منسوب طرف
نوش کے جسکے معنی شہد کے ہین -
نوشین لعل - ف - لب معشوق -
نوشیروان - ف - واو مجہول اور یاے
معروف سے بمعنی شیرین جان - نام ایک
بادشاہ فارس کا چونکہ یہ بادشاہ بڑا عادل
اور خوشخو تھا اسلیے یہ نام ہوا -
نوطا - ع - لٹکانا -
نوع - ع - گونہ - قسم - اور وہ کلی جو عین
حقیقت اپنے افراد کی ہو جیسے انسان
کہ زید و بکر و خالد وغیرہ پر اطلاق کرتے ہین
اور فرس کہ ہر فرس کو کہینگے -
نوق - ع - جمع ناقہ کی - اونٹنیان -
نوک دیدہ - ف - کنایہ پلکون سے -
نوکر - ف - خدمتگار -
نوکیسہ - ف - نو دولت -
نول - ف - عطا بخشش -
نول - ف - واو مجہول سے - چونچ
پرندون کی - طوطے کی ٹونٹی -
نوم - ع - خواب - نیند -

نومید - ف - ناامید -
نومیدی - ف - یاس - ناامیدی -
نون - ع - مچھلی - تلوار - نام شہر کا
دوات - دوات کی سیاہی - رات -
چاہ زنخدان - نام ایک حرف کا -
نون - ف - تنہ درخت کا - او مخفف
کنون کا جو مخفف اکنون کا ہی -
نوند - عند تیز رفتار گھوڑا -
نون والقلم - ع - نام ایک سورۂ قرآنی کا
اور کنایہ دنیا سے اسلیئے کہ دوات
اور قلم لوازم دنیا سے ہین -
نونہال - ف - نیا پودھا درخت کا -
نونیاز - ف - نیا عاشق - اور وہ لڑکا
جو نومشق ہو -
نوی - ف - تازگی - نیاپن -
نوی - ف - قرآن مجید -
نوی - ع - خرمے وغیرہ کی گٹھلی - نام
ایک گانون کا دمشق مین جہان کے
امام نووی شارح صحیح مسلم ہین -
نوئین - ف - بروزن پروین مخفف ہی
نوآئین کا -
نوئین - ف - واو مجہول سے بروزن
روئین اصل مین داماد کو کہتے ہین - اور
بمعنی بادشاہزادہ و امیر اعظم کے بھی -
نوید - ف - یاے مجہول سے - خوشخبری
اور یہ لفظ بفتح نون بھی آیا ہے -
نویدن - ف - رونا - زاری کرنا - حرکت
کرنا - ہلنا - لرزنا -
نویسانیدن - ف - لکھوانا -

فصل نون مع ہاے ہوز

نہ - ف - بمعنی نہین -
نہ - ف - بمعنی شہر جیسے نیشاپور کہ اصل
مین نہ شاپور تھا یعنی شہر شاپور کا -
نہ - ف - نو (۹)
نہار - ع - عقلہا عقلین -
نہاب - ع - غارتہا غنیمتہا -
نہاد - ف - بنیاد - اصل - خلقت
پیدائش - طینت - باطن -
نہاد - ف - طرز - روش - رسم - عادت
نہادن - ف - رکھنا -
نہار - ف - روز - دن -
نہار - ف - وہ شخص جس نے صبح سے
کچھ نہ کھایا ہو - نہار مخفف ہی ناآہار کا
اور آہار بمعنی خورش ہی -
نہاری - ف - کنایہ ہی طعام صبح سے
اور عرف مین ایک قسم کا شوربا ہے گوشت
جو بوقت صبح کھاتے ہین -
نہاز - ع - وہ بکرا جو بکریون کو گابھ رکھاوے
اور یہ اسی کام کے لیے مخصوص ہوتا ہی -
نہاق - ع - آواز گدہے کی -
نہال - ف - درخت - خوبصورت - اور
بمعنی کامیاب کے مجاز ہی - اور بمعنی بستر
اور توشک اور شکار کے بھی آیا ہی -
نہال ساختن - ف - درخت بونا -
نہالی - ف - } بستر - توشک - اور
نہالین - ف - } بمعنی غلاف کے بھی
نہان - ف - پوشیدہ - چھپا ہوا -
نہانخانہ - ف - تہ خانہ -
نہان شدن - ف - چھپ جانا -
نہانی - ف - پوشیدگی -
نہاوند - ف - نام ایک شہر کا عراق سے
نام ایک پردہ کا موسیقی سے جو آدھی
رات کے وقت گایا جاتا ہی -
نہایت - ع - انتہا - انجام - حد -
نہب - ع - لوٹ - غارت غنیمت -
نہبت - ع - لوٹ - لوٹنا -
نہج - ع - راہ راست - راہ کشادہ -
فارسیون نے نہج بفتحتین بھی استعمال کیا
ہی - والہ ہروی سے ہر کسے بر نہجے
رفت رہ آسائش ؎ غنچہ از راہ دل تنگ
و گل از روے کشادہ
نہ مجرہ - ف - کنایہ افلاک سے -
نہر - ع - کسی پر چلا کے غصہ کرنا - منع کرنا -
گھڑکنا - ایک شاخ دریا کی - ندی -
نہر - ع - دن کو لوٹنے والا -

نَہس ۔ع۔ } آگے کے دانتون سے
نَہش ۔ع۔ } کاٹنا کتّے وغیرہ کا ۔
کاٹنا سانپ وغیرہ کا ۔
نُہضت ۔ع۔ اُٹھنا ۔قصد کرنا ۔لیکن
بمعنی کوچ کے مستعمل ہے ۔
نہفت ف ۔ماضی ہے نہفتن کا یعنے
چھپایا اور پوشیدہ کیا اور پوشیدگی کے
معنی مین بھی آتا ہے ۔
نُہفتن ۔ف ۔چھپنا ۔چھپانا ۔
نُہم ۔ف ۔نوان حصہ ۔(۱/۹)
نُہمت ۔ف ۔ہمت باندھنا ۔ارادہ
کرنا کسی چیز پر حرص کرنا ۔مُراد ۔
نَہُنبَن ۔ف ۔دیگ کا سرپوش ۔
نہنگ ۔ف ۔گھڑیال ۔دریا کا جانور
ہے اور مشہور ہے ۔
نہنگ سیاہ ۔ف ۔کنایہ تلوار سے ۔
نُہود ۔ع۔ اُبھرنا ۔اُٹھنا ۔جانا طرف
دشمن وغیرہ کے ۔لڑکی کی چھاتیون کا
اُبھرنا ۔
نُہوض ۔ع۔ کوچ کرنا ۔روان ہونا ۔
حرکت کرنا ۔اُٹھنا ۔
نُہوکت ۔ع۔ لاغری ۔دُبلاپن ۔
فرسودگی ۔گھس جانا ۔
نَہی ۔ع۔ بازرکھنا ۔منع کرنا ۔
نُہیٰ ۔ع۔ جمع نُہیَہ کی ۔عقل ۔خِرد ۔

نَہیب ۔ع۔ یاے مجہول سے امالہ نہاب
کا بمعنی خوف ۔ڈر ۔ہیبت ۔عظمت
لوٹ کی ڈرونی آواز ۔
نُہیب ۔ع۔ بروزن نقیب بمعنی غارتگر
یعنی لوٹنے والا ۔لٹیرا ۔
نُہیق ۔ع۔ آواز گدھے کی ۔
نَہیم ۔ع۔ حریص ۔لالچی خصوصًا لالچی
کھانے کا ۔آواز شیر اور ہاتھی کی ۔
نہی منکر ۔ع۔ منع کرنا ۔اور باز رکھنا
خلاف شرع باتون سے ۔
نُہیہ ۔ع۔ خرد ۔عقل ۔

فصل نون مع یاے تحتانی

نے ۔ف ۔بانسری ۔
نے ۔ف ۔کلمہ نفی کا نہین ۔
نی ۔ع۔ خام ۔کچّا ۔
نیا ۔دادا ۔نانا ۔مان کا بھائی
یعنی ماموں اور بمعنی قدر وعظمت ۔
نیابت ۔ع۔ نائب ہونا کسی کی جگہ پر
اُسکا قائم مقام ہونا ۔
نیاح ۔ع۔ } نوحہ کرنا ۔رونا پیٹنا ۔
نیاحت ۔ع۔ }
نیارست ۔ف بمعنی توانست ۔
نیاز ۔ف ۔حاجت ۔احتیاج ۔خواہش
آرزو ۔اظہار محبت ۔
نیازمند ۔ف ۔حاجتمند ۔محتاج ۔

نیاق ۔ع۔ جمع ناقہ کی ۔اونٹنیان ۔
نیّاک ۔ع۔ بڑا جماع کرنے والا ۔
نیاکان ۔ف جمع نیا کی جسکے معنی ابھی
مذکور ہوئے ۔واضح ہو کہ یہ جمع خلاف
قیاس ہے اسلیے کہ کاف فارسی حالت
جمع مین ہاے مختفی کے بدلے مین آتا
ہے حالانکہ نیا مین ہاے مختفی نہ تھی ۔
نیام ۔ف ۔میان تلوار وغیرہ کا ۔
نیام ۔ع۔ جمع ہے نوم کی ۔نیندین
اور نائم کی بھی جمع ہے بمعنی سوتے ہوئے
لوگ ۔مردمان خوابیدہ ۔
نے انبان ۔ف ۔نام ایک باجہ کا جو
نے اور چمڑے سے بنایا جاتا ہے ۔
نیایش ۔ف ۔زاری ۔ستایش
تعریف ۔دعا ۔آفرین ۔
نے لبست ۔ف ۔ہندی چھپیر ۔
نیّت ۔ع۔ ارادہ ۔اور فارسی مین بغیر
تشدید یا کے بھی آیا ہے ۔
نیچہ ۔ف ۔چھوٹی نے ۔حقہ کی نے ۔
نیدلان ۔ع۔ بروزن مردمان ۔وہ
گرانی یا ڈرونی صورت جو خواب مین
معلوم ہوتی ہے اور جس سے آدمی ڈر کر چیختا
ہے اور اسکو کابوس بھی کہتے ہین ۔
نے درناخن کردن ۔ف ۔ایک قسم کا
عذاب ہے گنہگارون کے لیے ۔

نَیّر - ع - صیغہ مبالغہ کا ہے یعنی بہت روشنی دینیوالا - بڑا روشن ستارہ -

نیر اصغر - ع - چاند -

نیر اعظم - ع - آفتاب -

نیر اکبر - ع - آفتاب -

نِیران - ع - جمع نار کی - آگ -

نیرج - مب - معرب نیرنگ کا -

نیرنجات - ع - جمع نیرنج کی جو معرب نیرنگ کا ہے -

نیرنگ - ف - یاے معروف سے مکر فریب - حیلہ - طلسم - سحر - جادو - فسون منتر - جادوگری - تصویر کا خاکہ - مجازاً بمعنی عجائب -

نیرنگ باز - ف - مکار - فریبیا -

نیرو - ف - زور - قوت - قدرت -

نیریز - ف - دونوں یاے مجہول ہین نام ایک شعبہ کا پردہ صفاہان سے موسیقی مین - نام ایک قصبہ فارس کا -

نیرین - ع - تثنیہ نیر کا ہے - مراد آفتاب اور مہتاب سے -

نیز - ف - بھی -

نیزہ - ف - بھالا -

نیزۂ خطی - ف - وہ نیزہ جو بہت سیدھا مثل خط جدول کتاب کے ہو -

نیزۂ خطی - ف - وہ نیزہ جو منسوب طرف خطہ کے ہے اور خطہ نام ایک موضع کا ہے یمامہ سے کہ وہان نیزہ بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے -

نیسان - ع - نام ساتوین مہینہ رومی کا اور اُس مہینہ مین جو بارش ہوتی ہے اُسکو بھی مجازاً نیسان کہتے ہین اِس مہینہ بھر آفتاب برج حمل مین رہتا ہے اور اِس مینھ کے قطرون سے سیپ مین موتی پیدا ہوتا ہے -

نیست - ف - نہین - عدم -

نیستان - ف - وہ جنگل جہان نرکل کے درخت بہت ہون -

نیست شدن - ف - ہونا معدوم ہونا -

نیستی - ف - نیست ہونا -

نیش - ف - تیزی نوک کی جیسے چھری وغیرہ مین نوک ہوتی ہے - ڈنک بچھو اور زنبور کا - لمبے دانت نوکدار جو دونون طرف درندون کے منھ مین ہوتے ہین -

نیشاپور - ف - نام ایک شہر کا ہے خراسان مین جسکے حدود مین فیروزہ کی کان ہے - نام ایک شعبہ کا موسیقی مین اور کشف مین بکسر اول لکھا ہے اور رشیدی وغیرہ مین کسرہ کی یہ وجہ لکھی ہے کہ یہ اصل مین نےشاپور تھا یعنی شہر شاپور کا اسلیے کہ فارسی قدیم مین نے بمعنی شہر ہے بس ہاے ہوز یاے تحتانی سے بدل گئی ہے -

نیشتر - ف - اوزار فصد کھولنے کا -

نیش زدن - ف - ڈنک مارنا -

نیشکر - ف - گنّا -

نیشہ - ف - بانسری -

نے عسکر - ف - مراد قلم سے - اسلیے کہ عسکر ایک موضع ہے اہواز سے - اور یہان کا قلم بہت عمدہ ہوتا ہے -

نیفق - مب - ازاربند ڈالنے کی جگہ - پوستین - بقچہ -

نیفہ - ف - ازاربند ڈالنے کی جگہ - پوستین - بقچہ -

نیک - ف - اچھا - خوب - بہت

نیک - ع - جماع - واضح ہو کہ عربی مین اصلی نام جماع کا یہی ہے اور باقی نام جو مشہور ہین بطور مجاز کے ہین -

نیک محضر - ف - نیک چہرہ اور نیک شکل اور خوبصورت آدمی -

نیکو - ف - اچھا - خوب -

نیکوئی - ف - بھلائی - خوبی -

نیکی - ف - بھلائی - خوبی -

نیکی کردن و بہ آب انداختن - ف - بے توقع عوض کے نیکی کرنا -

نیل - ع - پانا - بہونچنا -

نیل - ع - نام دریاے مصر کا -

نیلک - ف - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -

نیل کشیدن - ف - گدنا - گدانا -

جسم کا داغنا - گل کھانا -
نیل گاؤ - ف - ایک قسم کا چوپایہ جنگلی ہوتا
ہے اسکو نیلا بھی کہتے ہین -
نیلگون - ف - نیلا رنگ -
نیلم - ع - ایک جوہر ہے قیمتی نیلے رنگ کا -
نیلوفر - مب - معرب ہے نیلوپل کا - یہ
پھول پانی مین اُگتا ہے اور دو قسم کا ہوتا ہے
ایک آفتابی یہ سُرخ رنگ ہوتا ہے اور
صبح سے کھلتا ہے اور تا غروب آفتاب
کھلا رہتا ہے اسکو ہندی مین کوَل
کہتے ہین - دوسرا ماہتابی اور یہ بھی دو
قسم کا ہوتا ہے ایک محض سفید دوسرا
سفید مائل بہ کبودی یہ دونون بوقت شام
کھلتے ہین اور تمام رات کھلے رہتے ہین
انکو ہندی مین کوکابیلی کہتے ہین اور
یونانی دواؤن مین یہی ماہتابی کام آتا ہے
اور ایک قسم اور بھی ہوتا ہے جو بالکل کبود ہوتا
ہے اور بیل اسکی درختون پر پھیلتی ہے
قاسم گونابادی شاہنامہ اسمٰعیل صفوی مین
کہتا ہے ؎ سپر محکم بدوش نیکبختان
چو نیلوفر کہ پیچید بر درختان +
نیله - ف - نیل گاؤ -
نیم - ف - آدھی - نصف -
نیم آدمی - ف - کنایہ عورت سے اسلیے کہ
شرع مین دو عورتون کی گواہی بمنزلہ
ایک مرد کے متصور ہے - اور دیوان خاقانی
مین مراد والدہ خاقانی سے -
نیمبر - ف - ایک فن ہے کشتی کا -
نیم بسمل - ف - آدھا گھائل -
نیم تاج - ف - ایک قسم ہے تاج کی جو
جواہر سے مرصع ہوتا ہے -
نیم جان - ف - کنایہ عاشق سے -
نیم خایہ - ف - مراد آسمان سے اسلیے
کہ یہ کروی شکل ہے اور ہمیشہ آدھا دکھائی
دیتا ہے اور آدھا حجاب زمین مین
پوشیدہ رہتا ہے -
نیمدست - ف - چھوٹی مسند -
نیم راست - ف - ایک پردہ موسیقی کا -
نیمرخ - ف - تصویر ایک چشمی اسلیے کہ
اُسکا آدھا چہرہ بنایا جاتا ہے -
نیمرس - ف - ہر شئے جو بامراد پختہ نہوئی
ہو - وہ پرند جانور جسکے پر ابھی اُڑنے
کے قابل نہون -
نیمرنگ - ف - رنگ ناقص اور ناتمام
اُترا ہوا رنگ - ہلکا رنگ -
نیمروز - ف - ولایت سیستان دوپہر کا
وقت - نام ایک پردہ کا موسیقی مین -
نیم سُفت - ف - کنایہ ہے ناتمام سے
نیم کار - ف - وہ کاریگر جو دوسرے شخص
کے اوزار سے کام کرے اور اپنی
مزدوری مین سے اوزار کے مالک کو
حصّہ یا کرایہ اوزار کا دے -
نیم کاسہ در زیر کاسہ داشتن - ف
کنایہ مکر و حیلہ سے -
نیمکارہ - ف - ادھورا کام - ناقص
کام - ناکام - ناقص -
نیمہ - ف - آدھا - نصف - طرف
جانب - معمارون کا آدھا گز - ایک قسم
جامۂ کوتاہ کی -
نیم ہلال - ف - معشوق کا ہونٹھ -
نے نے - ف - نہین نہین -
نیو - ف - پہلوان - دلیر - بہادر -
نیوش - ف - واو مجہول سے صیغہ امر کا
ہے بمعنی سُن - اور اکثر اسم کے ساتھ مرکب
ہوکر بمعنی اسم فاعل کے آتا ہے -
نیوشیدن - ف - سُننا -
نیین - ف - نرکل کی چیز اور خانۂ نیین
کی ہندی چھپر -

باب واو

فصل واو مع الالف

وا - ف - کشادہ - کھلا ہوا - جدا اور
اشارہ دا ویلا سے بھی -
وابستگان - ف - رشتہ دار ایک
گھر کے متعلق لوگ -

وابستن - ف - باندھنا -
وابستہ - ف - بندھا ہوا - متعلق - رشتہ دار - عزیز -
واپس - ف - ہٹا ہوا - پھرا ہوا -
واپسین - ف - پچھلا - اخیر -
وابل - ع - مینھ بڑی بڑی بوندون کا - نام ایک قبیلۂ عرب کا -
وابوسیدن - ف - انکار کرنا -
واثق - ع - مضبوط -
واجب - ع - دائم - ہمیشہ - لازم - سزاوار ہونے والا - اور وہ جو اپنے وجود مین محتاج دوسرے کسی کا نہ ہووے خدائے تعالےٰ -
واجبات - ع - جمع واجب کی -
واجب الوجود - ع - جسکی ذات مقتضی اُسکے وجود کی ہو یعنی حق تعالیٰ کہ ذات اُسکی وجود مین محتاج غیر یعنی دوسرے کسی کی محتاج نہین ہے -
واجبی - ف - وہ بات جو نہایت درست ہو یا واجب ہو - اور بمعنی وظیفہ اور روزینہ کے بھی -
واجد - ع - پانے والا -
واجستن - ف - بہت ڈھونڈھنا -
واجف - ع - جسکا دل دھڑکتا ہو -
واچیدن - ف - چننا - چگنا -

واحد - ع - ایک نام خدا کا -
واخریدن - ف - ظاہر مین خریدنا سبکے سامنے مول لینا - خرید کرنا -
واخواست - ف - مطالبہ حساب لینا - باز خواست -
واخوردن - ف - ملاقات کرنا -
واخیدن - ف - دُھنکنا -
واد - ع - زندہ قبر مین دفن کردینا - آواز سخت کرنا - آواز سخت -
وادادن - ف - ظاہر مین دینا -
واداشتن - ف - رکھنا -
وادع - ع - رخصت کرنے والا -
وادی - ع - جنگل - نالی - پانی کی زمین نشیب اور ہموار اور کم درخت جہان ہو سیلاب کے جانے کی راہ ہو - مجازاً مقدمہ - معاملہ -
وادی ایمن - ع - وہ جنگل جس مین حضرت موسیٰ نے نورِ الٰہی درخت کے اوپر دیکھا تھا اور ایمن اسوجہ سے کہ یہ صحرا کوہ طور کے دہنی طرف تھا -
واویدن - ف - دیکھنا -
وار - ف - مانند - لائق - طرز - روش - دستور - اور کلمہ نسبت کا بھی ہے جیسے سوگوار اور تقصیروار -
وارث - ع - میراث لینے والا -

وارث تاج ونگین - ف - کنایہ ہے شاہزادہ اور ولیعہد سے -
واردات - ع - واقعہ - حادثہ - وہ حال جو آدمی پر گذرے -
وارد - ع - آنیوالا - قاصد -
وارسیدن - ف - پہونچنا - خبر پانا -
وارستگی - ف - آزادی - فارغ دل ہونا - فارغ البالی - بے قیدی -
وارستہ - ف - آزاد - فارغ البال -
وارفتن - ف - جانا -
وارفتگی - ف - منفعل ہونا - اور پشیمان ہونا - گدازپن - بیخودی -
وارون - ف - اُلٹا - اوندھا - معکوس - نامبارک -
واز - ف - کھلا ہوا - ظاہر -
وازع - ع - باز رکھنے والا - منع کرنیوالا - سردار لشکر کا - حاکم - بادشاہ -
وازگون - ف - برگشتہ - اُلٹا - یا نامبارک - منحوس -
وازون - ف - اُلٹا - اوندھا - نامبارک - یہ مخفف وازگون کا ہے -
واسط - ع - نام ایک شہر کا عراق عرب مین واسط اسلیے نام ہوا کہ یہ شہر بغداد اور بصرہ کے بیچ مین واقع ہے اِس کے جنگل مین قلم بہت عمدہ ہوتا ہے -

واسطہ - ع - درمیانی - بیچ والی -

واسطۃ العقد - ع - بیش قیمت اور بڑا موتی جو موتیون کی لڑی کے بیچ مین ہوتا ہے -

واسطی - ع - شہر واسط کا جیسے واسطی قلم مشہور ہے -

واسع - ع - پھیلنے والا - وسیع اور نام حق تعالے کا -

واسوختن - ف - ایرانی شاعرون کی اصطلاح مین بمعنی بیزار ہونا او منھ پھیر لینا معشوق سے - ظاہرا واسوخت اسی سے بنا ہے -

واشگفتگی - ف - شگفتگی - کھلن -

واشدن - ف - شگفتہ ہونا - کھلنا - جدا ہونا - تکلیف سے نکلنا -

واشمہ - ع - وہ عورت جو دوسری عورتون کے ہاتھ اور پاؤن وغیرہ پر سوئی سے گُدنا گودتی ہے -

واشی - ع - دروغگو - جھوٹا -

واصف - ع - تعریف کرنے والا -

واصل - ع - ملنے والا - اور ملاقات کرنے والا - ملا ہوا -

واضح - ع - روشن - کھلا ہوا - ظاہر -

واضع - ع - رکھنے والا کسی چیز کا اسکی جگہ پر - پیدا کرنے والا - بنانے والا -

واضع چار کتاب - ف - یعنی خدا جسنے توریت موسیٰ اور زبور داؤد اور انجیل عیسیٰ اور قرآن شریف حضرت محمد صلعم پر نازل فرمایا -

واعجباہ - ع - مقام افسوس پر کہتے ہین یعنی ای تعجب - واضح ہو کہ بحالت ندبہ آخر الفاظ مین الف اور ہا واسطے بڑھانے آواز کے زیادہ کرتے ہین جیسے واحسرتاہ وامصیبتاہ وغیرہ -

واعد - ع - وعدہ کرنے والا -

واعظ - ع - نصیحت کرنے والا -

واعی - ع - نگہبان - یاد رکھنے والا - فریاد کرنے والا - نگاہ رکھنے والا -

واعیہ - ع - عورت فریاد کرنے والی - یاد رکھنے والی - نگاہ رکھنے والی - نگہبان -

وافد - ع - قاصد - پیام لیکے کسی کے پاس جانے والا - شتر سوار -

وافر - ع - بہت - کثیر -

وافی - ع - پورا - تمام - کامل -

وافی الحسب - ع - وہ شخص جو شرف مال و دین و علم و دیگر کمال مین کامل ہو -

واق - ع - نگاہ رکھنے والا یعنی کسی کو بچانے والا - نام ایک پرند جانور کا -

واقد - ع - آگ روشن کرنے والا -

واقع - ع - ہونے والا -

واقعات - ع - جمع واقعہ کی -

واقعہ - ع - خواب - جنگ - حادثہ - سختی - زمانہ قیامت کا - مرنا - حال -

واقع شدن - ف - ہونا کسی امر کا مجازاً دوچار ہونا -

واقعہ طلب - ف - مفسد - جنگجو -

واقعی - ع - منسوب طرف واقع کے - مجازاً بمعنی درست -

واقف - ع - کھڑا ہونے والا اور بمعنی جاننے والا -

واقفیت - ع - جان پہچان - علم یعنی جاننا کسی چیز کا -

واقی - ع - نگاہ رکھنے والا یعنے کسی کو بچانے والا - حفاظت کرنے والا -

واکردن - ف - کھول دینا - فارغ کرنا -

واگرنہ - ف - اور نہین تو -

واکشیدن - ف - زبردستی یا حیا سے کوئی چیز کسی سے چھین لینا - کمان وغیرہ کا خوب کھینچنا -

واگویہ - ف - گفتگو سنی ہوئی بات کا دہرانا - چرچا -

وال - ع - پناہ ڈھونڈھنا - پناہ -

وال - ع - ف - ایک قسم کی مچھلی جسکے چھلکا بھی ہوتا ہے -

والا - ف - بزرگ - بلند مرتبہ - ایک

قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔

وَالّا۔ ع۔ اور نہین تو۔

وَالاجاہ۔ ف۔ بلند مرتبہ۔

وَالان۔ ف۔ بادبان جسکو ہندی مین سونت کہتے ہین۔

والد۔ ع۔ باپ۔

وَالدہ۔ ع۔ مان جننے والی۔

والدین۔ ع۔ باپ اور مان۔

واللہ۔ ع۔ قسم خدا کی۔

واللہ اعلم۔ ع۔ اور خدا خوب جانتا ہے۔

وَالِہ۔ ع۔ ہاے ملفوظ سے شیفتہ سرگشتہ عاشق۔ مفتون۔

والہ۔ ع۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔

وَالی۔ ع۔ دوست۔ حاکم۔ مالک۔ اور بمعنی خویش اور قریب کے بھی آیا ہے۔

وام۔ ف۔ قرض۔ اور بمعنی لعل یعنے رنگ کے بھی آیا ہے۔

وَاماندہ۔ ف۔ بسکون نون سے تھکنے کے ساتھ بمعنی بقا۔ قیام۔ باقی رہنا۔

واماندگان۔ ف۔ پیچھے رہے ہوئے جمع واماندہ کی۔

وَاماندن۔ ف۔ پیچھے رہنا۔ اور باقی رہنا۔ عاجز رہنا۔

وَاماندہ۔ ف۔ پس ماندہ۔ باقی اور قائم رہا ہوا یعنی خوردہ۔ جوٹھا یعنے آگے کا بچا ہوا کھانا۔ عاجز۔

وَام خواہ۔ ف۔ قرضخواہ۔ اپنا قرض دیا ہوا مانگنے والا۔

وَامق۔ ع۔ دوست رکھنے والا عاشق۔ نام ایک مرد کا جو عذرا پر فریفتہ اور عاشق تھا۔

وَان۔ ف۔ نام شہر کا ولایت ترکستان سے اور حرف تشبیہ کا بمعنی مانند۔ اور بمعنی دارندہ یعنی رکھنے والے کے بھی آتا ہے۔

وَانگریستن۔ ف۔ دیکھنا۔

وَانمودن۔ ف۔ ظاہر کرنا۔

وَانہندہ۔ ف۔ رکھنے والا کسی چیز کا کسی مقام پر پیدا کرنے والا۔

وَاویلا۔ ع۔ افسوس۔ مجازاً بمعنی فریاد۔ اور واویلاہ بزیادتی ہا کے بھی آتا ہے۔

واہ۔ ف۔ خوب۔

وَاہب۔ ع۔ بخشنے والا۔

وَاہلہ۔ ع۔ نام زوجہ نوح کا۔

وَاہمہ۔ ع۔ قوت وہم کی جو جزئیات کو معلوم کرے۔ واضح ہو کہ قوت واہمہ کا یہ کام ہے کہ دیکھی اور بغیر دیکھی ہوئی چیزونکا خواہ سچ ہون خواہ جھوٹے خیال کرلے اور یہ قوت تابع عقل کی نہین ہے برخلاف دوسری قوتون کے مثلاً کوئی شخص اندھیرے مکان مین مردہ کے پاس ہو ہر چند عقل کہے گی کہ مردہ جماد ہے اس سے خوف کرنا نہ چاہیے مگر قوت واہمہ ضرور خوف دلائے گی۔

وَاہی۔ ع۔ سست۔

وَاہیہ۔ ع۔ سست۔ پھٹا ہوا۔ اور بمعنی گمراہ کے بھی ہے۔

وَائل۔ ع۔ نام قریہ کا عرب مین نام قبیلہ کا عرب سے۔

وَایہ۔ ف۔ حاجت۔ مراد مجازاً بمعنی مقدمہ اور بمعنی معتاد ہر روزہ کے مثل خوراک افیون وغیرہ کے۔

فصل واو مع باے موحدہ

وَبا۔ ع۔ موت عام۔ موت جو بسبب ہوا خراب ہونے کے عام ہوتی ہے۔

وَبال۔ ع۔ سختی۔ گرانی۔ عذاب۔ واضح ہو کہ آفتاب کو دشتہ۔ اُلٹا ہوتا ہے۔ اور چاند کو جدی عُطارد کو قوس اور حوت اوندھا نامبارک کو عقرب اور حمل مین۔ ا میزان اور ثور مین۔ اور مریخ کا عراق عرب مین اور سنبلہ مین۔ اور زحل کا بغداد اور اسد مین۔ ہے اس کے

وَبر۔ ع۔ ایک جانور ہے بلی نما ہے۔

وَبَر - ع - اونٹ وغیرہ کے بال -
وَبِیص - ع - چمکنا -

فصل واو مع تاے فوقانی

وَتَد - ع - } لکڑی کی میخ کھونٹی -
وَتِد - ع - }
وِتْر - ع - طاق - تنہا -
وَتَر - ع - زہ کمان کی - چلہ کمان کا - باجہ کے تار -
وَتِیرہ - ع - راہ - روش - نہاد - اصل - دستور -
وَتِین - ع - ایک رگ ہے جس سے دل معلق ہے اسکے کٹ جانے سے آدمی فوراً مر جاتا ہے -

فصل واو مع ثاے مثلثہ

وِثاق - ع - } بند - قید -
وَثاق - ع - }
وُثاق - ع - گھر - حرم سرا -
عورتو
- ع - استوار مضبوط -
سوئی سے گذ
بت پتھر کا ہو خواہ اورکسی چیز کا
وَاثِنی - ع -
ا جمع ہے -
وَاصِف
- بت پرست -
وَاصِل
ع - استواری - اعتماد -
کرنے والا -
ذ - استوار مضبوط -
وَاضِح - ع
- استواری - عہد - پیمان -
وَاضِع - ع
- دستاویز -
پیدا کرنے و

فصل واو مع جیم

وَج - ع - نام ایک دوا کا ہے جسکو فارسی مین اگر ترکی اور ہندی مین بج کہتے ہین -
وِجا - ع - جانور کو خصی کرنا اور مار ڈالنا -
وَجا - ع - خوف - ڈر - گردن پر تیکہ مارنا -
وِجار - ع - بھیڑیے کا بھٹ -
وَجاہت - ع - خوبصورتی - عزت - روشناسی - چہرہ کا روشن ہونا -
وَجب - ع - بالشت -
وُجد - ع - توانا ہونا - دولتمند ہونا -
وَجد - ع - غمگین ہونا - عاشق ہونا - مجازاً حالت ذوق وشوق کی جو اکثر صوفیون کو راگ سننے سے ہوتی ہے -
وِجدان - ع - کھوئی ہوئی چیز کو پانا - جاننا - دریافت کرنا -
وَجَر - ع - خوف کرنا ڈرنا -
وَجِر - ع - ڈرنے والا -
وَجَع - ع - درد - دکھ -
وَجَل - ع - ڈرنا - یہ مصدر ہے -
وَجِل - ع - ڈرپوک - ڈرنیوالا وہ شخص جو بسبب وہم کے خائف ہو -
وَجْنہ - ع - واو کی تینون حرکتون سے بمعنی رخسار - گال -
وَجَنات - ع - جمع ہے وَجْنہ کی -

وُجُوب - ع - واجب ہونا - لازم ہونا - سزاوار ہونا - مقرر ہونا -
وُجُود - ع - مطلوب کا پانا - ہستی - مجازاً جسم - بدن -
وَجُور - ع - پتلی دوا جو حلق مین ٹپکائین -
وُجُوہ - ع - جمع وَجہ کی -
وَجہ - ع - رو - چہرہ - منھ - طریقہ - طور - ذات - اور حقیقت کسی چیز کی - وہ چیز جسکے سبب سے معاش کرین - جیسے زمین - مشاہرہ وغیرہ - اور بمعنی طرف اور جانب کے بھی ہے -
وِجہَت - ع - طرف - جانب - قبلہ وہ مقام جسکی طرف منھ کیا جائے -
وَجِیز - ع - کوتاہ - مختصر -
وَجِیع - ع - دردناک -
وَجِیہ - ع - مرد روشناس - خوبصورت - صاحب جاہ - دولتمند - خوشنما چیز -

فصل واو مع حاے مہملہ

وُحدان - ع - جمع ہے واحد کی -
وَحدانیت - ع - واحد ہونا ایک ہونا -
وَحدت - ع - تنہائی - ایک ہونا -
وَحدۃ الوجود - ع - صوفیون کی اصطلاح مین کل موجودات کو ایک وجود حق تعالیٰ کا جاننا - اور وجود ماسوا کو محض اعتباری سمجھنا جیسے موج اور حباب

اور کھبورا اور قطرہ وغیرہ سب کو پانی معلوم کرنا -
وحدت ارادی - ع - خدا کو ایک جاننا فقط اپنے اعتقاد اور ارادہ سے بغیر جبر کے ایک دل ہونا آدمیون کا اپنی خواہش سے بغیر جبر کے خدا کی وحدت پر جیسے ایک نبی کی امت کے لوگ ہوتے ہین -
وحدت قہری - ع - ایک جاننا یعنی مسلمان ہونا آدمیون کا بادشاہان اسلام کے قہر اور غلبہ سے -
وحدت نوعی - ع - بسبب ایک نوع ہونے کے جو وحدت حاصل ہو - جیسے زید عمرو بکر وغیرہ مین وحدت نوعی ہے اسلیے کہ یہ سب انسان ہین -
وحش - ع - جمع ہو وحشی کی یعنے جنگلی جانور -
وحش - ع - بد - زشت - برا -
وحشت - ع - نفرت آدمیون سے جیسے جانورون مین ہوتی ہو -
وحشی - ع - جنگلی جانور جو آدمی سے بھاگتا ہو - بائین طرف کسی عضو کا بیرونی رخ اور اندرونی رخ کو انسی کہتے ہین جیسے پشت دست کو جانب وحشی کہتے ہین اور ہتھیلی کو جانب انسی -
وحل - ع - کیچڑ - اور وہ زمین جو پانی کے سبب سے نرم ہوگئی ہو -
وحوش - ع - جمع ہو وحش کی اور وحش جمع ہو وحشی کی جنگلی جانور -
وحی - ع - خدا کا پیغام - سخن نرم -
وحید - ع - یگانہ - تنہا - اکیلا -
وحی منزل - ع - قرآن شریف -

فصل واو مع خائے معجمہ

وخ - عرف - ہم معنی واہ واہ کا -
وخامت - ع - ناموافقت - گرانی - دشواری - ناسازگاری -
وخش - ت - نام شہر کا ولایت ختلان سے - نام شہر کا نواحی بلخ مین - نام شہر کا ملک بدخشان مین -
وخش - ع - نام ایک مرض کا جو بہائم کو ہوتا ہو - نام ایک بیماری کا جو گھوڑے کے پاؤن مین ہوتی ہے -
وخم - ع - ناگوار - ناسازگار -
وخ وخ - ع - واہ واہ - کیا خوب -
وخیم - ع - دشوار - گران - ناگوار - بد - زشت - برا - بدگو -

فصل واو مع دال مہملہ

ود - ع - دوستی -
ود - ع - قوم نوح علیہ السلام کے بت کا نام جو بصورت مرد تھا -
وداد - ع - دوستی - محبت -
وداد - ع - آرزو کرنا - چاہنا -
وداج - ع - رگ گردن -
وداجین - ع - دونون رگین جو گردن کے دونون طرف ہوتی ہین -
وداع - ع - رخصت کرنا -
ودائع - ع - امانتین - جمع ودیعت کی
ودع - ع - مہرہ سفید جو دریا سے نکلتا ہو ہندی سنکھ -
ودود - ع - دوست - نام خدا کا -
ودیعت - ع - امانت - دھروہر -

فصل واو مع رائے مہملہ

وراثت - ع - مردے کے مال کا وارث ہونا - میراث پانا -
وراق - ع - کاغذ کا ٹنے والا - دولتمند آدمی - لکھنے والا - محرر -
وراق - ع - سبزی زمین کی بسبب گھاس اور نباتات کے زمین سبز پر گیاہ - سبزہ زار -
وراء - ع - پس - عقب - پیچھے - فرزند سوا بدون -
ورا - ع - } دنیا - مخلوقات جن اور
وری - ع - } انسان وغیرہ سے -
ورا - ع - مخفف ورا کا - اُسکو -
ورثہ - ع - میراث پانے والے لوگ یہ جمع وارث کی ہو -

ورنج۔ ف۔ زبون۔ پلید۔

ورخس۔ ف۔ نام ایک ورم کا جو ناخن کی جڑ مین پیدا ہوتا ہے۔

ورخرج۔ ف۔ فضول خرچ۔ زیادہ خرچ کرنے والا۔

ورخوردن۔ ف۔ ملاقات کرنا۔

ورد۔ ع۔ گلاب کا پھول۔

ورد۔ ع۔ ہر روز کا کام۔ دائمی۔ جگہ پانی پینے کی۔ پنگھٹ۔

وردمرزی۔ ع۔ گلقند۔

وردوک۔ ف۔ بروزن مفلوک۔ ہندی اسکی جھیر۔

وردی۔ ع۔ گلاب کی سی رنگت۔

ورزش۔ ف۔ ڈنڈ پیلنا۔ کثرت کرنا۔ مگدر ہلانا وغیرہ وغیرہ۔

ورزیدن۔ ف۔ مشق کرنا۔ اختیار کرنا۔ ورزش اسی کا حاصل مصدر ہے۔

ورطہ۔ ع۔ ہلاکی کا محل۔ وہ زمین جسمین راہ نہو۔ مجازاً گھنور پانی کا۔

ورع۔ ع۔ پرہیزگاری۔

ورع۔ ع۔ پرہیزگار۔ پارسا۔

ورغلانیدن۔ ف۔ بہکانا۔

ورق۔ ع۔ پتہ درخت کا۔ ٹکڑا کاغذ کا۔ کاغذ کٹا ہوا۔

ورق۔ ع۔ چاندی کا سکہ۔ روپیہ وغیرہ۔

ورق۔ ع۔ جمع ورقا کی جو معنی کبوتر اور فاختہ کے ہے۔

ورقا۔ ع۔ فاختہ۔ کبوتر۔

ورق الخیال۔ ع۔ بنگ جسکو ہندی مین بھنگ کہتے ہین یہ ایک نشہ کی چیز ہے۔

ورق خام۔ ف۔ کاغذ اہل دفتر کا جسکو کچا چٹھہ کہتے ہین۔

ورق ریختن۔ ف۔ بازی کو مات کرنا۔ خراب کرنا۔

ورق گردانیدن۔ ف۔ فعل عبث کرنا۔ اپنی بےعلمی کا عیب چھپانا۔ اپنی قدیمی وضع کا یکبارگی ترک کر دینا۔

ورک۔ ع۔ / ورک۔ ع۔ } سرین۔ کولا۔ چوتڑ۔

ورل۔ ع۔ ایک جانور ہے جو مشابہ سقنقور اور سوسمار کے ہوتا ہے۔

ورم۔ ع۔ جسم کا سوج پھول جانا بسبب بیماری کے۔

ورناک۔ ف۔ نام چشمہ کا کشمیر مین۔

ورنہ۔ ف۔ اور نہین تو۔

ورود۔ ع۔ کسی جگہ کے اندر جانا۔ داخل ہونا۔ نازل ہونا۔

ورہ۔ ع۔ احمق اور بیوقوف ہونا۔

ورید۔ ع۔ بروزن جدید۔ گردن کی رگ اور طبیبون کے نزدیک وہ رگ جو دھڑکتی نہو برخلاف شریان کے کہ وہ دھڑکتی ہے۔

فصل واو مع زائے معجمہ

وزارت۔ ع۔ وزیر ہونا۔

وزان۔ ف۔ روان۔ جاری۔

وزان۔ ع۔ بڑا تولنے والا۔

وزان۔ ع۔ بہت سے تولنے والے۔

وزر۔ ع۔ گرانی۔ بوجھ۔ بھاری بوجھ جو پیٹھ پر اٹھائین۔ پشتارہ۔ گناہ۔ ہتھیار۔ اوزار جمع ہے۔

وزراء۔ ع۔ جمع ہے وزیر کی۔

وزش۔ ف۔ ہوا کا چلنا۔ یہ لفظ حاصل مصدر ہے۔

وزغ۔ ع۔ / وزغہ۔ ع۔ } مینڈک۔ گرگٹ۔ اور ایک قسم چھپکلی کی۔

وزن۔ ع۔ تولنا۔ بوجھ۔ اندازہ اور فارسی مین بمعنی عزت اور وقار۔ اور بزرگی کے بھی مستعمل ہے۔

وزیدن۔ ف۔ ہوا کا چلنا۔

وزیر۔ ع۔ وہ شخص جو بوجھ اٹھانے مین کسی کا شریک ہو۔ چونکہ سلطنت کے کام کا بوجھ اٹھانے مین وزیر شریک بادشاہ کا ہوتا ہے اسلیے یہ نام ہوا۔

فصل واو مع سین مہملہ

وسادہ۔ ع۔ تکیہ۔ وسائد جمع ہے۔

وُساطت - ع - درمیان ہونا - وسیلہ ہونا - واسطہ ہونا -
وُسامت - ع - خوبی - زیبائی اور خوبصورت ہونا -
وساوِس - ع - جمع وسواس کی -
وَسائد - ع - تکیے - جمع وسادہ کی -
وَسائط - ع - واسطے - وسیلے - یہ جمع واسطہ کی ہے -
وَسائل - ع - وسیلے - ذریعے - یہ جمع وسیلہ کی ہے -
وَستا - ف - خدا کی تعریف -
وَسَخ - ع - } چرک - میل -
وَسِخ - ع - }
وَسِخ - ع - چرکین - میلا -
وَسط - ع - وہ چیز جو میانہ ہو یعنی لمبائی چوڑائی دُٹاپے دُبلے پن وغیرہ کیفیتوں مین متوسط ہو - وہ چیز جو بیچ مین واقع ہو -
وَسط - ع - یہ ظرف مبہم ہے بمعنی درمیان ہر چیز کا بیچ -
وُسطیٰ - ع - بیچ کی اُنگلی یہ مؤنث اوسط کا ہے -
وُسع - ع - فراخی - دسترس - توانائی -
وُسعت - ع - فراخی - چوڑاپن -
وَسق - ع - اکٹھا کرنا - بوجھ لادنا - بوجھ اُٹھانا - ہانکنا - چلانا -
وَسق - ع - بار شتر ساور وہ ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع دو سو چونتیس تولہ کا ہوتا ہے -
وَسم - ع - نشان کرنا - داغ کرنا - عیب - نشان - داغ -
وَسمت - ع - داغ کرنا - نشان کرنا - مجازاً تہمت کرنا -
وَسمہ - ع - نیل کی پتی جس سے بالون کو سیاہ کرتے ہین -
وَسمی - ع - اول بہار کا مینھ - بڑی بڑی بوندون والا مینھ -
وَسَن - ع - نیند - غنودگی - اونگھ -
وَسِن - ع - خفتہ - سویا ہوا آدمی -
وَسنی - ہند - بسوت - واضح ہو کہ جس مرد کی دو جوروان ہون وہ آپس مین ایک دوسرے کی وَسنی ہوئی -
وَسواس - ع - وہم - وسوسہ -
وَسوسہ - ع - اندیشۂ بد - بُری بات جو دل مین آوے - عورت کے زیور کی آواز - بدی - بُرائی -
وَسیط - ع - میانہ - بزرگوار - وہ شخص جو نسب مین میانہ اور درجہ مین رفیع یعنے بلند ہو -
وَسیع - ع - فراخ - چوڑا -
وَسیلہ - ع - ذریعہ - واسطہ -
وَسیم - ع - خوبصورت - جمیل - نشان کیا گیا -

فصل واو مع شین معجمہ

وَش - ف - خوب - خوش - خالص - شبیہ - نظیر - مانند - نام شہر کا ہے ترکستان سے - ایک قسم ریشمی کپڑے کی - شملہ - دستار - پگڑی -
وُشات - ع - جھوٹ بولنے والے سخن چین - لُترے - جمع واشی کی -
وِشاح - ع - ہار - بدھی - گلوبند -
وُشاق - ت - خدمتگار - امرد غلام اور برہان مین یہی لفظ واو کے کسرہ سے بمعنی کنیز یعنی لونڈی کے آیا ہے -
وَشت - ف - خوب - خوش -
وَشتا - ف - نام شرح زند کا اور زند ایک کتاب ہے دین آتش پرستی مین -
وِشتَن - ف - رقص کرنا ناچنا -
وَشیق - ع - گوشت کا دھوپ مین خشک کر کے رکھ چھوڑنا تاکہ آیندہ بوقت حاجت کام آوے -
وَشق - ت - نام ایک جانور کا جو لومڑی کے برابر ترکستان مین ہوتا ہے سفید رنگ اور کالے کالے دھبے اُس پر ہوتے ہین اس کے پوست کا پوستین بنتا ہے

اور اس پوستین کو بھی وشق کہتے ہیں۔
وُشل - ع - تھوڑا پانی۔
وَشی - ع - کپڑے کا رنگنا - جامۂ رنگین - ایک قسم ریشمی کپڑے کی منسوب طرف شہر وش کے۔
وَشیک - ع - شتابی کرنے والا - اور بمعنی قاصد تیز رفتار۔

فصل واو مع صاد مہملہ

وَصّاف - ع - بہت تعریف کرنے والا۔
وَصّال - ع - بڑا ملنے والا - بڑا پیوند کرنے والا - بڑا ملانے والا۔
وُصال - ع - جمع واصل کی ملنے والے۔
وِصال - ع - ملنا - ملاقات ہونا۔
وَصایا - ع - جمع وصیّت کی۔
وَصَب - ع - بیماری - رنج۔
وَصف - ع - تعریف - خوبی - اچھی باتوں کا بیان کرنا
وَصلہ - ع - کاغذ کا ٹکڑا - کپڑے وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
وَصل - ع - ملاقات معشوق سے ملنا۔
وُصلت - ع - پیوند - خویشی - پیوستگی - ملنا - ملاقات - وصل۔
وَصمت - ع - عیب - نقصان۔
وُصول - ع - پہونچنا کسی چیز کا کسی دوسری چیز کے پاس۔
وَصی - ع - وہ شخص جسکو وصیت کیگئی ہو - کنایہ حضرت علی علیہ السلام سے۔
وَصیت - ع - مرتے وقت یا سفر کرتے وقت جو کوئی شخص کہے کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا وہ وصیت ہے۔
وَصید - ع - آستانہ - چوکھٹ۔
وَصیف - ع - خدمتگار - لونڈی - غلام۔
وَصیفہ - ع - باندی - کنیز - لونڈی۔
وَصیلہ - ع - عمارت - فراخی - زمین فراخ - ارزانی - گروہ - ہم سفر - تیغ۔

فصل واو مع ضاد معجمہ

وَضارت - ع - پاکیزگی - خوبی - خوبصورت ہونا - روشن چہرہ ہونا - پاک خالص ہونا - بے عیب ہونا۔
وَضّاح - ع - مرد سفید رنگ یعنی خوبصورت گوری رنگت والا - مرد مبروص یعنی جسکو برص کا عارضہ ہو۔
وَضاحت - ع - کشادگی۔
وَضاعت - ع - کمینہ ہونا۔
وَضع - ف - رکھنا - ترتیب کرنا - جننا - اور بمعنی کرنے کے بھی ہے۔
وَضع کردن - ف - بچہ جننا - رکھنا حساب سے خارج کرنا۔
وُضُو - ع - مصدر ہے بمعنی منھ دھونا - مجازاً منھ ہاتھ پاؤں دھونا بطور مقررہ واسطے پڑھنے نماز کے۔
وَضُور - ع - وہ پانی جس سے وضو کریں۔
وُضُوح - ع - ظہور - واضح ہونا - پیدا اور روشن ہونا۔
وَضیع - ع - نالائق - ہیچ - کمینہ۔
وَضیمہ - ع - ماتم کی ضیافت۔

فصل واو مع طائے مہملہ

وَطاء - ع - جانا پائمال کرنا۔
وِطاء - ع - کسی کے ساتھ موافقت کرنا - لباس - بستر - فرش۔
وَطر - ع - حاجت۔
وَطن - ع - جگہ رہنے آدمی کی۔
وَطواط - ع - ابابیل مشہور پرندہ ہے۔
وَطی - ع - جماع کرنا - عورت سے صحبت کرنا - اصلی معنی پائمال کرنا۔
وَطیس - ع - لوہے کا تنور روٹی پکانے کا اور حمی الوطیس بمعنی سخت گرم ہونا تنور کا یعنی سخت ہونا جنگ کا۔

فصل واو مع ظائے معجمہ

وَظائف - ع - جمع ہے وظیفہ کی۔
وَظیفہ - ع - وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہو۔

فصل واو مع عین مہملہ

وِعاء - ع - برتن ظرف۔
وُعاظ - ع - جمع ہے واعظ کی یعنے

نصیحت کرنے والے لوگ -

وَعدہ - ع - اقرار کرنا نیکی کرنیکا - اقرار کرنا - مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد - مگر اکثر استعمال اسکا نیکی اور خیر مین ہو -

وَعر - ع - دشوار - سختی - تھوڑا احسان - گرمی کی سختی - کینہ - غصہ -

وَعظ - ع - نصیحت - پند - نصیحت کرنا -

وُعُود - ع - جمع ہو وعدہ کی -

وَعوَع - ع - آواز کتے کی - اور بعضے کہتے ہین آواز گیدڑ اور بھیڑیے کی بھی -

وَعِید - ع - برا وعدہ - عذاب کا وعدہ اور یہ شر اور بدی مین مستعمل ہے -

فصل واو مع غین معجمہ

وَغا - ع - جنگ - لڑائی - شور - غوغا - یہ لفظ بکسر اول غلط ہو -

وَغد - ع - ناکس - کمینہ - نالائق وغیرہ مادر اسواے اسکے -

فصل واو مع فا

وَفا - ع - وعدہ پورا کرنا - دوستی کا پورا کرنا - قول و قرار کا بجالانا -

وَفات - ع - مرگ - موت -

وَفادار - ع - نمک حلال - دوست وعدہ کا پورا کرنے والا -

وَفاوَت - ع - نزدیک بادشاہ کے جانا - ایلچی ہونا - قاصدی -

وِفاق - ع - سازگاری کرنا - موافقت کرنا - اور بمعنی محبت اور اتفاق کے مستعمل ہو -

وِفاقت - ع - سازگاری کرنا - موافقت کرنا - دوستی اور محبت کرنا -

وَفد - ع - ایلچی گری اور قاصدی کے طور پر کسی کے پاس جانا -

وَفر - ع - زیادتی مال کی - بہتایت زیادتی ہر چیز کی -

وَفضہ - ع - تیرونکا ترکش - جھولی گدڑیونکی جسمین کھانا وغیرہ رکھتے ہین -

وَفق - ع - موافق - سازگار - مطابق -

وُفُود - ع - جمع وفد کی - قاصد لوگ -

وُفور - ع - تمام ہونا - بہت ہونا - زیادتی - بہتات

وَفی - ع - تمام - کامل -

فصل واو مع قاف

وَقاح - ع - بیشرم - بیحیا - بے ادب -

وَقاحت - ع - بیحیائی - بیشرمی - بے ادبی

وَقاد - ع - بہت بھڑکنے والا - بہت شعلہ مارنیوالا - روشن - افروختہ -

وَقار - ع - آرام - آہستگی - بردباری - حلم - گرانباری - بھاری بھرکم پن -

وَقّاص - ع - گردن توڑنے والا - جنگجو - نام ایک صحابی کا جنکو فن تیراندازی مین بڑا کمال تھا -

وِقاع - ع - جماع - جنگ - لڑنا -

وِقایہ - ع - نگاہ رکھنا - حفاظت - نگہبانی - وہ چیز جس سے دوسری چیز کو محفوظ رکھ سکین کتاب کا مقوی - نام ایک کتاب کا فقہ مین -

وَقائع - ع - حوادث - مصیبتین - لڑائیان - لڑائی کی خبرین - جنگ کے حالات - یہ جمع وقعہ کی ہو جو بمعنی فتنہ اور قتل کے ہو - اور جو لوگ اسکو جمع واقعہ کی کہتے ہین غلط ہو -

وَقت - ع - زمانہ - عرصہ - ہنگامہ -

وَقِح - ع - بے شرم آدمی -

وَقر - ع - کان سے اونچا سننا - گرانی گوش مجازاً بمعنی عزت - حلم - تمکین - بھاری بھرکم پن -

وِقر - ع - اتنا بوجھ جسکو گدھا یا خچر اٹھا سکے اور مقدار چالیس صاع کی ہو اور بار شتر کو وسق کہتے ہین -

وَقع - ع - بلند جگہ - مجازاً بمعنی عزت اور اعتبار کے -

وَقعت - ع - سختی - آسیب - لڑائی -

وُقُوف - ع - کسی جگہ کھڑا ہونا - ٹھہرنا - کھڑا ہونا - توقف کرنا کلام مین - جاننا خبردار ہونا - وہ چیز جو کسی کی ملک

مین نہو یعنی راہ خدا مین اُسکو دے ڈالا ہو
اور کبھی بمعنی مطلق عطا یعنی بخشش کے
مستعمل ہوتا ہی۔
وَقفَہ۔ ع۔ تھوڑی دیر ٹھہر جانا۔
وَقوَاق۔ ع۔ نام ایک جزیرہ کا جہان
ایسے درخت ہین جنکے پھل بشکل چہرۂ
انسان کے ہوتے ہین۔ اور مجازاً اُس
درخت کو بھی وقواق کہتے ہین ۔
وُقود۔ ع۔ لکڑی وغیرہ جس سے آگ
سُلگائی جائے۔ ایندہن۔
وَقود۔ ع۔ مصدر ہو۔ آگ روشن کرنا
بھڑکنا آگ کا۔
وَقور۔ ع۔ ذی عزت آدمی۔
وُقوف۔ ع۔ جاننا۔ آگاہی۔ خبردار ہونا
کھڑا ہونا۔
وُقوع۔ ع۔ واقع ہونا۔ گرنا۔ پرندکا نیچے
اُترنا۔ مجازاً ظاہر ہونا ہر چیز کا۔
وَقی۔ ع۔ نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔
وَقیح۔ ع۔ بیحیا۔ بیشرم۔
وَقید۔ ع۔ وہ چیز جس سے آگ روشن کرین
مثل لکڑی اور گھاس وغیرہ کے۔
وَقیذ۔ ع۔ دُبلا۔ ناتوان۔
وَقیع۔ ع۔ بلند۔ اونچا۔
وَقیعت۔ ع۔ ملامت۔ ملامت کرنا۔
عیب گوئی کسی کے پیچھے کسی کو بُرا کہنا
عمازی۔ لُتراپن۔
وُقیَہ۔ ع۔ نام ایک وزن کا جو چالیس
درم کا ہوتا ہی اور ایک درم ساڑھے
تین ماشہ کا ہوتا ہی۔

فصل واؤ مع کاف عربی و فارسی

وِکاف۔ ع۔ گدھے کا پالان اور
گھوڑے کا زین۔
وِکالت۔ ع۔ وکیل ہونا۔ دوست ہونا
اپنا کام دوسرے کے سپرد کرنا۔
وَکر۔ ع۔ آشیانہ۔ گھونسلا پرندکا۔
وَگر۔ ف۔ اور اگر۔
وَگر۔ ف۔ اور اگر نہیں ۔
وَکز۔ ع۔ گھونسا مارنا۔
وَکس۔ ع۔ زیان۔ نقصان۔ کمی۔
وَکس۔ ع۔ کم ہونا۔ کم کرنا۔
وَکف۔ ع۔ مینھ کی بوندون کا گھر کی
چھت سے ٹپکنا۔ ٹپکنا پانی کا کسی اور
چیز سے۔
وَکف۔ ع۔ گنہگار ہونا۔ عیب ناک
ہونا۔ گناہ۔ عیب۔
وُکل۔ ع۔ کسی پر اپنا کام چھوڑ دینا۔
وَکل۔ ع۔ مرد عاجز جو اپنا کام دوسرے
شخص کے بھروسہ پر چھوڑ دے۔
وُکَلا۔ ع۔ جمع ہو وکیل کی۔
وُکن۔ ع۔ مُرغی کا انڈون کو سینا۔
وُکُور۔ جمع وَکر کی۔ پرندون کے
گھونسلے۔
وَکُوف۔ ع۔ اونٹنی بہت دودھ والی
وَکُول۔ ع۔ مرد عاجز جو اپنا کام دوسرے
پر چھوڑ دے۔
وَکیرہ۔ ع۔ نئے مکان کے بنانے کی ضیافت
یعنے لوگون کو کھانا کھلانا۔
وَکیع۔ ع۔ سخت۔ محکم۔ نام ایک مرد
دانشمند مشہور کا۔
وَکیف۔ ع۔ پے درپے ٹپکنا مینھ کی
بوندون کا مکان کی چھت سے ٹپکنا
پانیکا اور کسی چیز سے۔
وَکیل۔ ع۔ وہ شخص جسپر کوئی دوسرا
شخص اپنا کام چھوڑ دے۔

فصل واؤ مع لام

وَلا۔ ع۔ دوستی۔ محبت۔ پے درپے
کسی کام کا کرنا۔
وِلا۔ ع۔ آزاد غلام کی میراث۔ اور
دوستان و یاران۔
وُلات۔ ع۔ جمع ہو والی کی۔ دوست
لوگ۔ حاکم لوگ۔
وِلادت۔ ع۔ بچہ جننا۔
وَلاس۔ ع۔ گرگ۔ بھیڑیا۔
وِلاف۔ ع۔ اُلفت کرنا۔ محبت کرنا۔
وِلایت۔ ع۔ حاکم ہونا۔ کسی کا ولی

ہونا۔ یار ہونا۔ دوست ہونا۔ یاری
بادشاہی۔ ایک بادشاہ کا مالک۔ وہ
زمین جو آباد ہو۔ کسی کے کام کا ذمہ دار ہونا
تصرف۔ دوستی۔ حکومت۔ امیری۔
نزدیکی بندہ کی خدا سے۔
وَلایت۔ع۔ یاری کرنا۔ مدد دینا۔
وُلد۔ع۔ فرزند۔ واضح ہو کہ یہ دونون۔
وُلد۔ع۔ لفظ مفرد اور جمع دونون طرح پر
استعمال ہوے ہین۔
وِلد۔ع۔ بچہ۔
وَلدُالزنا۔ع۔ حرام کا بچہ۔ اور اصطلاح
مین وہ کیڑے اور پروانے وغیرہ جو برسات
مین پیدا ہوتے ہین اور بعد طلوع کرنے
ستارۂ سہیل کے مرجاتے ہین۔
وِلدان۔ع۔ بچے۔ لڑکے غلام کمسن یہ
جمع ولید کی ہی۔
وَلَع۔ع۔ حرص۔ لالچ۔ فریفتگی۔
وَلع۔ع۔ دروغ۔ جھوٹ
وَلع۔ع۔ جھوٹھ بولنا۔ باز رکھنا۔
وَلغ۔ع۔ کتے کا پانی پینا۔
وَلکن۔ع۔ اور لیکن۔ اور مگر۔
وُلوج۔ع۔ داخل ہونا کسی چیز کا کسی
چیز مین۔ اندر گھسنا۔
وَلُود۔ع۔ وہ عورت جو بچہ بہت جنتی
ہو۔ بکری بہت بچے جننے والی۔

وُلوع۔ع۔ حریص ہونا۔ لالچی ہونا۔
وَلوع۔ع۔ حریص۔ لالچی۔
وُلوغ۔ع۔ کتے کا پانی پینا۔
وَلوَلہ۔ع۔ وادیلا کرنا۔ غل۔ شور۔ جوش
وخروش۔ فریاد۔
وَلَہ۔ع۔ سرگشتگی۔ عشق۔ غصہ۔ غضب
شیفتگی۔ بیعقل ہونا۔
وَلہان۔ع۔ حیران ہونا۔ بیہوش ہونا۔
غمگین۔ جیود۔ وہ شخص جو بسبب غم
یا عشق کے سرگشتہ و پریشان ہو۔
وَلے۔ف۔ مخفف ولیک کا۔ اور
ولیک مخفف ولیکن کا اور ولیکن امالہ
ہے وَلکن کا۔
وَلی۔ع۔ دوست۔ یار۔ متصرف۔
مددگار۔ مصاحب۔ خداوند۔ نزدیک
کسی کے کام کا ذمہ دار اور کفیل۔ وہ
نیک بندہ جو خدا کی درگاہ مین مقرب ہو۔
وَلید۔ع۔ کودک۔ لڑکا۔ غلام کمسن
نام ایک بادشاہ کا۔
وَلیدہ۔ع۔ لڑکی کمسن لونڈی۔
وَلیغ۔ع۔ غنچۂ ناشگفتہ۔ منہ بند کلی۔
وَلیعہد۔ع۔ حاکم وقت اصطلاحاً وہ
شخص جسکو بادشاہ اپنی زندگی مین اپنی
جگہ پر بیٹھنے کا حکم اس طور پر دے کہ بعد
میرے یہ بادشاہ ہوگا۔

وَلیک۔ف۔ مخفف ولیکن کا۔
وَلیکن۔ف۔ امالہ ولکن کا۔
وَلیمہ۔ع۔ شادی کا کھانا۔ کتخدائی اور
بیاہ کی ضیافت۔
وَلی نعمت۔ع۔ بغیر اضافت کے وہ
شخص جو کسیکو کھانے کو دے پرورش
کرنے والا۔ واضح ہو کہ لفظ ولی اکثر
مقطوع الاضافت آتا ہی جیسے ولیعہد
ولی نعمت وغیرہ۔

فصل واو مع نون

وَن۔ع۔ کلمہ تشبیہ کا ہی بمعنی مانند۔
نام ایک میوہ کا جسکو ہندی مین
چرونجی کہتے ہین۔
وَند۔ف۔ ترہ تیزک۔
وَنیٰ۔ع۔ کامون مین سستی کرنا ماندگی
سستی۔ سست ہونا۔
وَنیم۔ع۔ مکھی کا گوہ۔

فصل واو مع ہائے ہوز

وَہ۔ف۔ کلمہ تعجب اور تحسین اور
تعریف اور افسوس کا ہے۔
وَہّاب۔ع۔ بہت بخشنے والا۔
وَہّاج۔ع۔ درخشان۔ روشن۔ اور
چمکتا ہوا۔ بڑا روشن۔
وِہاد۔ع۔ زمینین پست اور نیچی۔ یہ
جمع وَہدہ کی ہی۔

وَہب۔ع۔ بخشش کرنا۔
وَہبی۔ع۔ بخشا ہوا۔عطا کیا گیا۔
وَہج۔ع۔ آگ کا شعلہ مارنا۔
وَہَج۔ع۔ آگ کی روشنی اور سوزش۔
وَہدَہ۔ع۔ زمین پست اور نشیب۔
وَہق۔ع۔ کمند۔
وَہل۔ع۔ ڈرنا۔ غلط اور سہو کرنا۔
وَہلہ۔ع۔ ڈرنا۔خوف۔ڈر۔نوبت۔ مرتبہ۔دفعہ۔ایکبار۔
وَہم۔ع۔ کسی چیز کی طرف دل کا جانا۔ بغیر قصد اور ارادہ کے۔وسواس۔
وَہمہ۔ع۔ درد ولادت یعنی جننے کا درد جو عورتون کو ہوتا ہی۔
وَہمی۔ع۔ کوئی بات منسوب طرف وہم کے۔اور وہ شخص جسکو وہم ہو۔
وَہن۔ع۔ سستی۔سست ہونا۔سست کرنا۔سست ہونا اعضا کا۔اور اسی معنی اخیر مین یہ مستعمل ہی۔
وَہی۔ع۔ سست ہونا۔نرم ہونا۔

فصل واؤ مع یاے تحتانی

وَے۔ف۔ وہ۔اُس۔جیسا کہ وراکے معنی اُسکو۔
ویح۔ع۔ کلمہ رحم اور ترحم۔اور مدح یعنی تعریف۔اور بمعنی زہے یعنی کیا خوب اور تحسین۔اور افسوس اور تنبیہ اور زجر کی کا۔
وَیس۔ع۔ کلمہ حقارت کا۔
وِیس۔ف۔ یاے مجہول سے نام ایک عورت حسینہ کا جسپر رامین ایک شخص عاشق تھا۔
وِیرا۔ف۔ اُسکے تئین۔
وِیران۔ف۔ یاے معروف سے بمعنی غیر آباد۔اُجڑا ہوا۔
وِیرانی۔ف۔ غیر آبادی۔
وَیل۔ع۔ بمعنی واے جو کلمہ افسوس کا ہی۔اور بمعنی عداوت۔بختی۔شور۔فغان ہلاکت۔مصیبت اور غم مین فریاد اور بیقراری۔اور نام ایک وادی کا ہی دوزخ مین۔
وَیہ۔ع۔ کلمہ برانگیختہ کرنے کا اور زجر کا کا ہی۔اور کلمہ لذت کا بھی ہی جسکے معنے فارسی مین چہ خوش۔

باب ہاے ہوز

فصل ہا مع الف

ہا۔ع۔ اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی لے۔اور حرف تنبیہ کا بھی ہی۔
ہا۔ف۔ فارسی مین حرف جمع کا ہے اور کبھی زائد آتا ہے جیسے آداب ہا اسلیے کہ آداب خود جمع ادب کی ہے اب اس صورت مین ہا زائد ہی۔
ہابط۔ع۔ نیچے اُترنے والا۔اور نیچے آنے والا۔
ہابیل۔ع۔ نام حضرت آدم علیہ السلام کے فرزند کا جنکو قابیل اُنھین کے بھائی نے قتل کیا تھا۔
ہات۔ع۔ اسم فعل بمعنی امر ہی یعنی دے بخشش کر۔
ہاتف۔ع۔ آواز دینے والا۔وہ فرشتہ جو عالم غیب سے آواز دے۔
ہاجر۔ع۔ ہجرت کرنے والا۔اور نام ایک قبیلہ کا عرب سے۔
ہاجرہ۔ع۔ نام والدۂ حضرت اسمٰعیل کا۔
ہاجرہ۔ع۔ دوپہر دن کا وقت جو نہایت گرمی اور حرارت کا ہو۔
ہاجس۔ع۔ دل مین خیال آنیوالا۔
ہاجن۔ع۔ کنواری لڑکی۔
ہاجی۔ع۔ ہجو کرنیوالا۔
ہادم۔ع۔ ڈھانے والا عمارت کا۔ مٹانیوالا۔اُجاڑنیوالا۔
ہادم اللذات۔ع۔ اصلی معنی مٹادینے والا لذتون کا۔اصطلاحاً لقب حضرت عزرائیل کا جو فرشتہ ہین روحون کے قبض کرنیوالے اور ہاذم ذال معجمہ سے بھی آیا ہی۔
ہادی۔ع۔ ہدایت کرنیوالا۔نیک راہ

دکھلانیوالا۔ رہنما۔

ہٰذا ع۔ یہ۔

ہار ۔ع۔ اُفتادہ اور منہادم ہونیوالا۔

ہار ۔ ف۔ پھولون وغیرہ کی بدھی۔ اگرچہ یہ لفظ ہندی ہی مگر فارسی مین بھی استعمال ہوتا ہی۔

ہارب ۔ع۔ بھاگنے والا۔

ہارُوت و مارُوت ۔ع۔ نام دو فرشتون کا جو بابل کے کنوئین مین خدا کے حکم سے لٹکائے گئے ہین اور قیامت کے دن تک لٹکے رہین گے اور جو کوئی اس کنوئین کی حکمت پر جادو سیکھنے جاتا ہے اسکو سکھا دیتے ہین۔

ہاروتی ۔ ف۔ ساحری۔

ہارُون ۔ع۔ نام ایک پیغمبر کا جو حضرت موسیٰ کے بڑے بھائی تھے۔ نام خلیفہ بغداد کا مشہور بہ ہارون رشید۔ اور بمعنی قاصد اور پیک و نقیب اور پاسبان کے بھی آیا ہی۔

ہارُونی ۔ف۔ قاصدی نقیبی۔ پاسبانی چوکیداری۔

ہاشم ۔ع۔ نام آنحضرت صلعم کے پردادا صاحب کا۔

ہاشمی ۔ع۔ منسوب طرف حضرت ہاشم کے اولاد ہاشم۔ اور ہاشم رضو دادا عبداللہ کے اور باپ عبدالمطلب کے اور بیٹے عبد مناف کے تھے۔

ہاضِم ۔ع۔ ہضم کرنے والا۔ اور ہضم ہونیوالا۔

ہاضُوم ۔ع۔ دوا جو کھانا ہضم کرے۔

ہاطل ۔ع۔ ابر بہت برسنے والا۔

ہاع ۔ع۔ مرد بددل۔

ہال ۔ف۔ الاچی سفید۔ اور بمعنی قرار و آرام

ہالِع ۔ع۔ شتر مرغ تیز رفتار۔ اور وہ شخص جو بڑا لالچی ہو۔

ہالِک ۔ع۔ نیست کرنیوالا۔ اور نیست ہونیوالا۔ ہوالک جمع ہی۔

ہالکہ ۔ع۔ نفس حریص

ہالگاہ ۔ف۔ چوگان کھیلنے کا میدان اور مقام۔

ہالہ ۔ع۔ چاند کے گرد کا کنڈل۔ اور اسکو فارسی مین خرمن ماہ کہتے ہین۔ اور یہ کنڈل آفتاب کے گرد کبھی کبھی پڑتا ہی۔ اور بعضون نے لکھا ہی کہ ہالۂ ماہ دلیل ہی مینہ برسنے کی۔ اور ہالۂ آفتاب دلیل ہی جنگ و مقاتلہ کی اور فارسی مین ہالہ بمعنی یون یعنی رنگ اور قرار اور آرام کے بھی آتا ہی۔

ہاَم ۔ع۔ جمع ہامہ کی کھوپری۔ اُلّو

ہامان ۔ع۔ نام وزیر فرعون کا۔

ہامِر ۔ع۔ ابر بہت برسنے والا۔

ہامِز ۔ع۔ عیب کرنیوالا۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔

ہامش ۔ع۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ اور یہ لغت اصل نہین ہی بلکہ مولد ہی۔

ہاموم ۔ع۔ چربی پگھلی ہوئی اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ۔ کوہان شتر۔

ہامون ۔ف۔ صحرا۔ میدان۔

ہامّہ ۔ع۔ کاسۂ سر۔ کھوپری۔ پیشانی تن مردہ۔ بوم۔ اُلّو۔

ہامہ ۔ع۔ سانپ۔ بچھو۔ نیولا۔ وغیرہ زمین کے اندر گھسنے والا جانور۔

ہان ۔ف۔ کلمہ تنبیہ کا۔ خبردار رہ۔

ہاوَن ۔ف۔ اوکھلی۔ وہ ظرف جس مین دوا وغیرہ ڈالکر کوٹین۔

ہاوَن دَستہ ۔ف۔ لوہے اور پیتل وغیرہ کا ہوتا ہی۔ اوکھلی اور دستہ۔

ہاویہ ع۔ ساتوین طبقہ دوزخ کا نام جو سب سے نیچے ہی۔

ہٰہُنا ۔ع۔ بمعنی اُس جگہ۔

ہاے ہاے ۔ف۔ آواز رونے کی ماتم کی آواز۔

ہائب ۔ع۔ ڈرنیوالا۔

ہائع ۔ع۔ مرد بددل۔

ہائل۔ ع۔ شدید۔ ہولناک ڈرانیوالا۔ وہ چیز جس سے خوف معلوم ہو۔ مادہ اسکا ہول ہے۔

ہائلہ۔ ع۔ وہ چیز جس سے خوف معلوم ہو ڈرانیوالی چیز۔

ہاے مشقق۔ ف۔ کنایہ ہاے دوچشمی سے

ہائم۔ ع۔ شیفتہ۔ سرگشتہ ہونیوالا عشق مین سرگردان بہت پیاسا۔

ہاے وہوے۔ ف۔ شور وغوغا۔

فصل ہا مع باے موحدہ

ہباء۔ ع۔ غبار اور گرد جو کسی سوراخ سے آفتاب کی روشنی مین اڑتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ مجازاً بمعنی حقیر۔ ذلیل۔ وخوار ناچیز۔

ہبت۔ ع۔ بخشنا۔ بخشش۔

ہبص۔ ع۔ خوش ہونا۔

ہبص۔ ع۔ خوش۔ شادان۔

ہبط۔ ع۔ نیچے اُتارنا۔ نقصان کرنا۔

ہبل۔ ع۔ بے فرزند ہونا۔ مان کا اپنے فرزند کو گم کرنا۔

ہُبل۔ ع۔ نام ایک بُت کا ہے جو کعبہ مین رکھا ہوا تھا ایام جاہلیت مین۔

ہبل۔ ع۔ کاہل سست۔ بوڑھا۔

ہبنقہ۔ ع۔ ایک مرد کا لقب تھا عرب مین اور یہ شخص حماقت مین ضرب المثل تھا۔

ہُبوب۔ ع۔ ہوا کا چلنا۔

ہبوب۔ ع۔ ہوا خاک اڑانیوالی۔

ہُبوط۔ ع۔ نیچے اترنا نیچی زمین۔ بیماری سے دُبلا ہونا۔ نقصان ہونا۔ نقصان کرنا کسی شئ کی قیمت کا کم ہوجانا۔ پستی۔

ہبوط۔ ع۔ دُبلا اونٹ۔

ہبول۔ ع۔ وہ عورت جسکا فرزند زندہ نہ رہتا ہو۔

ہبہ۔ بخشنا۔ بخشش۔

ہبہ نامہ۔ ف۔ وہ کاغذ جس مین اقرار بخشش کا لکھا جاوے۔

فصل ہا مع تاے فوقانی

ہتاف۔ ع۔ آواز۔

ہتاک۔ ع۔ پردہ دریعنی وہ شخص جو لوگون کے بھید کو ظاہر کردے۔

ہترہ۔ سخن بیفائدہ۔ زمانہ کی سختی مجازاً بمعنی غیبت۔

ہتف۔ ع۔ آواز۔ آواز کرنا۔

ہتک۔ ع۔ پردہ دری۔ رسوائی کسی کا بھید ظاہر کردینا۔

فصل ہا مع جیم

ہجا۔ ع۔ ہجو کرنا کسی کی برائی بیان کرنا برا کہنا۔ عورت کا اپنے شوہر کو برا جاننا۔ حرفون کا اعراب سے ظاہر کرنا۔ اور حروف ہجا کنایہ ہے۔ اب ت ث۔ وغیرہ سے۔

ہجر۔ ع۔ مصدر ہے بمعنی جدائی کرنا بیمار کا ہذیان بکنا۔ اور بمعنی نیم روز یعنی دوپہر کا وقت اور بمعنی ہذیان۔

ہجر۔ ع۔ اسم مصدر۔ ہے بمعنی جدائی۔

ہُجر۔ ع۔ سخن بیہودہ۔ فحش۔

ہجران۔ ع۔ کسی سے قطع تعلق کرنا۔ جدائی اختیار کرنا۔

ہجرت۔ ع۔ کنبہ سے جدا ہونا۔ چھوڑنا وطن کا جدائی۔

ہجرس۔ ع۔ روباہ۔ لومڑی۔

ہجری۔ ع۔ منسوب طرف ہجرت آنحضرت صلعم کے۔

ہجع۔ ع۔ مدہوش۔ جغد۔ احمق۔

ہجعت۔ ع۔ خواب نیند۔ اول شب مین سورہنا۔

ہجف۔ ع۔ آدمی اور شتر مرغ جو بڑے ڈیل ڈول کا ہو۔

ہجل۔ ع۔ زمین نشیب جو پہاڑون کے درمیان مین ہو۔

ہجمہ۔ ع۔ اونٹونکا گلہ بشرطیکہ چالیس اونٹ سے زیادہ ہون۔

ہجو۔ ع۔ مذمت کسی کی کرنا۔ کسی کی برائی بیان کرنا۔

ہُجُود۔ ع۔ رات کو سونا۔ رات کو جاگنا۔ رات کو نماز پڑھنا۔ اور اسی معنی مین تہجد بھی ہے۔ واضح ہو کہ یہ لغت اضداد سے ہے۔

ہُجُوع۔ ع۔ نیند۔ آرام۔

ہُجُول۔ ع۔ زن فاحشہ۔

ہُجُوم۔ ع۔ غلبہ۔ ازدحام۔ انبوہ۔ انبوہ کرنا۔ غلبہ کرنا۔

ہَجُوم۔ ع۔ وہ ہوا جو مکانون کو ویران کردے۔

ہَجِیر۔ ع۔ ٹھیک دوپہر کی گرمی اور شدت دھوپ کی۔ بڑا حوض۔

ہِجِّیر۔ ع۔ عادت۔ خصلت۔

ہَجِین۔ ناکس۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ وہ شخص جسکا باپ آزاد ہو اور مان لونڈی وہ گھوڑا جسکا باپ عربی ہو اور مان اور کسی ملک کی ہو یعنی ٹٹو۔

فصل ہا مع دال مہملہ

ہُدا۔ ع۔ راستی۔ راہ راست۔

ہُدات۔ ع۔ ہدایت کرنیوالے۔ راہ راست دکھلانیوالے۔ یہ جمع ہادی کی ہے۔

ہُدان۔ بددل۔ احمق۔

ہَدایا۔ ع۔ تحفے جمع ہدیہ کی۔

ہدایت۔ ع۔ رہنمائی۔ راہ دکھانا۔

ہَدر۔ ع۔ کسی کے خون کرڈالنے اور قتل کرڈالنے کا مباح اور جائز ہونا۔ باطل اور ضائع اور ناچیز ہونا کسی کے حق وغیرہ کا۔ اور یہ لفظ دال مہملہ کے فتحہ سے بھی ہے یعنی ہَدَر۔

ہَدَف۔ ع۔ بلند چیز بلند عمارت۔ بالو کا ٹیلہ۔ پشتہ۔ مرد بزرگ۔ تیر کا نشانہ اور اسی معنی اخیر مین فارسی مین زیادہ تر مستعمل ہے۔

ہَدم۔ ع۔ ویران کرنا اور ڈھا دینا عمارت کا۔ خرابی۔ بربادی۔

ہِدم۔ ع۔ جامۂ کہنہ۔ پرانا کپڑا۔

ہُدن۔ ع۔ صلح۔

ہُدہ۔ ف۔ حق۔ فائدہ اور بیہودہ بمعنے ناحق اور بیفائدہ۔

ہُدہُد۔ ف۔ نام ایک پرند مشہور کا اسکو فارسی مین پوپک کہتے ہین۔

ہَدی۔ ع۔ نیک خصلت رکھنا۔ وہ جانور جو واسطے قربانی کے مکہ معظمہ مین بھیجین۔

ہُدیٰ۔ ع۔ راستی۔ راہ راست دکھانا۔

ہَدِی۔ ع۔ ہدیہ۔ تحفہ۔ وہ دلھن جو شوہر کے گھر بھیجی جائے۔

ہُدبُد۔ ع۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے پلکین جھڑ جاتی ہین۔

ہَدیر۔ ع۔ آواز کبوتر کی۔ اور اونٹ کی آواز کو بھی کہتے ہین۔

ہَدیل۔ ع۔ کبوتر نر۔ آواز کبوتر کی۔ آواز قمری وغیرہ کی۔

ہَدیّہ۔ ع۔ تحفہ۔ سوغات۔ اور ہدیہ دال کے سکون سے بھی استادون کے کلام مین مستعمل ہے۔ اور اصطلاحاً قرآن مجید کی قیمت کو بھی کہتے ہین۔

فصل ہا مع ذال معجمہ

ہَذّار۔ ع۔ بڑا بیہودہ گو۔

ہَذر۔ ع۔ بیہودہ بکنا۔ سخن بیہودہ۔

ہُذَرۃ۔ ع۔ بیہودہ شخص۔

ہُذرہ۔ ع۔ بیہودہ بکنا۔

ہَذیان۔ ع۔ مرض کی بیہوشی مین بیہودہ باتین بکنا۔ بڑانا۔ اور فارسی مین ذال کے جزم سے بھی مستعمل ہے۔

ہُذَیل۔ ع۔ نام ایک قبیلہ کا عرب سے

فصل ہا مع رائے مہملہ

ہِرّ۔ ع۔ گربہ۔ بلی۔

ہَر۔ ف۔ ایک کلمہ ہے جو افادہ معنے عموم کا کرتا ہے۔

ہَرا۔ ف۔ چاندی اور سونیکی ٹہرین جو گھوڑے کے زین مین لگائی جاتی ہین مجازاً مطلق زیور گھوڑے کا۔ اور گھوڑے کی حمائل۔ ٹہرے گھونگرو جو اونٹ وغیرہ کے گلے مین پہناتے ہین

اور بمعنی زین مرصع کے بھی ہے۔
ہُراف۔ شور۔ فریاد۔ غل۔ ڈر۔ خوف
ڈرونی آواز۔
ہَراۃ۔ ف۔ مخفف ہَرات کا۔
ہَرات۔ ف۔ نام شہر مشہور کا۔ اگرچہ یہ
لفظ مشہور بکسر اول ہے مگر اکثر ارباب
لغت نے بفتح اول تحقیق کیا ہے۔
ہَراس۔ ف۔ خوف۔ ڈر۔ اور ہراسیدن
سے امر بھی ہے یعنی خوف کر۔
ہَراسان۔ ف۔ ڈرپوک۔
ہَراسہ۔ ف۔ وہ ڈرونی صورت جو
باغبان اور کسان بناکر باغ اور کھیت
مین کھڑی کردیتے ہین تاکہ پرندے اُسکو
دیکھکر ڈرین اور بھاگ جائین
ہَراسیدن۔ ف۔ ڈرنا۔ وہم کرنا۔
ہَراش۔ ع۔ اونٹ کی مہار۔
ہَراش۔ ع۔ کُتّون کو لڑنے کے واسطے
برانگیختہ کرنا۔
ہَرانچہ۔ ف۔ جو کچھ۔
ہرآنکہ۔ ف۔ جو شخص۔
ہَراوُل۔ ت۔ وہ تھوڑی فوج جو کل
لشکر سے آگے ہو۔
ہِراہ۔ ف۔ ہرات۔
ہرآئینہ۔ ف۔ ناچار۔ بالضرور۔ بفتح راو
مہلہ غلط ہے۔

ہَرَب۔ ع۔ بھاگنا۔ غم کی شدت۔
ہَرَج۔ ع۔ آشوب۔ فتنہ۔ شور۔ فساد۔
خرابی۔
ہَرجا۔ ف۔ ہرجگہ۔
ہرچند۔ ف۔ جتنا کچھ۔ جسقدر۔
ہَرج مَرج۔ ع۔ آشوب۔ فتنہ۔ تباہی۔
ہرچہ۔ ف۔ جو کچھ۔
ہَرد۔ ع۔ گوشت کا نہایت گلاکر پکانا۔
کپڑے کا پھاڑنا۔ کسی کی بُرائی اور عیب
کہنا۔ طعنہ دینا۔ کسی چیز کو زرد رنگ رنگنا
زردچوبہ یعنی ہلدی۔
ہُردی۔ ع۔ زردچوبہ ہلدی۔
ہَرزہ۔ ف۔ بیہودہ۔
ہرزہ دراے۔ ف۔ بیہودہ گو اسلیے کہ
درآئیدن بمعنی آواز کردن کے ہے۔ اسی
سبب سے جرس کو درا کہتے ہین۔
ہرزہ درائی۔ ف۔ بیہودہ بکنا۔
ہرزہ گردی۔ ف۔ بیہودہ پھرنا۔
ہرزہ گو۔ ف۔ بیہودہ بکنے والا۔
ہُرزہ لاے۔ ف۔ بیہودہ گو اسلیے کہ
لائیدن بمعنی گفتن۔
ہرسُو۔ ف۔ ہرطرف۔
ہِرَقل۔ ع۔ لقب بادشاہ روم کا۔
ہرکارہ۔ ف۔ ہرکام کا آدمی۔ قاصد
وہ شخص جو خبرین لاوے۔

ہرگاہ۔ ف۔ } جسوقت جب کبھی
ہرگہ۔ ف۔ }
ہَرَم۔ ع۔ بُڑھاپا۔ بوڑھا ہونا۔
ہَرِم۔ ع۔ بہت بوڑھا شخص۔
ہِرماس۔ ع۔ شیر درندہ
ہَرمان۔ ع۔ مصر مین دو گنبد ہین پتھر کے
نہایت قدیم کہ حکما نے قبل طوفان
نوح علیہ السلام کے اُنکو تعمیر کیا تھا اور
بعض کہتے ہین کہ حضرت ادریس پیغمبر
کے بنائے ہوے ہین اور اسقدر مضبوط
ہین کہ طوفان نوح سے بھی یہ خراب
نہین ہوے۔
ہُرمان۔ ع۔ عقل۔ ہوش۔
ہُرمز۔ ف۔ نام نوشیروان کے بیٹے کا
جو باپ خسرو پرویز کا تھا۔ ہر مہینہ شمسی کی
پہلی تاریخ۔ اور مخفف ہورمز کا جو بمعنے
ستارۂ مشتری کے ہے۔
ہُرمُس۔ ی۔ نام دو حکیمون کا۔ نام
حضرت ادریس کا جو حکیم تھے اور نبی اور
بادشاہ بھی۔ علم حساب اور ہندسہ
اور ہیئات اور نجوم کو انھین حضرت
نے ایجاد فرمایا تھا۔
ہَروَلہ۔ ف۔ ایک قسم کی چال کا نام جسکو
پویہ کہتے ہین۔
ہَرَوی۔ ت۔ منسوب طرف شہر ہرات کے

ہِرّہ ۔ ع ۔ گربہ مادہ ۔ بلی
ہفت ۔ ف ۔ مزوہی عورتون کی سات
طرح کی آرایش سے اور وہ یہ ہیں ۔ پوشاک
زیور ۔ مہندی ۔ سرمہ ۔ پان ۔ مسّی ۔
آراستگی سر کے بالون کی ۔
ہری ۔ ف ۔ نام شہر ہرات کا ۔
ہریر ۔ ع ۔ بروزن فقیر کتے کی آواز ۔
سردیکی شدت سے کتے کی فریاد ۔
ہریرہ ۔ ع ۔ گربہ ۔ بلی ۔
ہریسہ ۔ ع ۔ کوفتہ شدہ اور ایک قسم کی
آش جسکو کٹے ہوئے گیہون اور گوشت
اور گھی اور نمک اور مصالح وغیرہ سے
تیار کرتے ہین ۔

فصل ہا مع زائے معجمہ

ہزار ۔ ف ۔ بلبل ۔ اور نام چوتھی بازی نرد
کا اور دس سو کا عدد ۔ الف ۔
ہزار آواز ۔ ف ۔ کنایہ بلبل سے
ہزار پا ۔ ف ۔ انکسلائی مشہور کیڑا ہے
ہزار پایہ بھی ۔ اور بعضے کنکھجورا
کہتے ہین ۔
ہزار جریب ۔ ف ۔ ایران مین ایک مقام
کا نام ہے جہان شیعہ رہتے ہین ۔
ہزار چشمہ ۔ ف ۔ سرطان کی بیماری ۔ یہ
ایک پھوڑا انسان کی پشت پر ہوتا ہے
اور اکثر اس سے آدمی مرجاتا ہے
اسکے منہہ بہت ہوجاتے ہین اس سبب سے
اسکو ہزار چشمہ کہتے ہین ۔
ہزار خانہ ۔ ف ۔ کبریون کا معدہ اور اسکو
چار خانہ بھی کہتے ہین ۔
ہزار داستان ۔ ف ۔ بلبل ۔
ہزار میخ ۔ ف ۔ ایک قسم کا لباس فقیرون کا
جسکو گدڑی کہتے ہین ۔
ہزاع ۔ ع ۔ مرد ضعیف ۔ بددل ۔
ہُزال ۔ ع ۔ لاغری ۔ دبلا پن ۔
ہزّال ۔ ع ۔ مسخرہ ۔
ہزاہز ۔ ع ۔ لشکر غالب کے خوف سے جو
لشکر مغلوب مین بھگدڑ پڑجائے ۔ فساد
فتنے جنبشین ۔
ہزبر ۔ ع ۔ شیر درندہ
ہزت ۔ ع ۔ عیش ۔ طرب ۔ خوشی ۔
ہزج ۔ ع ۔ گانے کی آواز خوش آیند ۔
نام ایک بحر کا شعر کی بحرون سے ۔ چونکہ
عرب کے اشعار جو گائے جاتے ہین اکثر
اسی وزن پر ہوتے ہین ۔ اسلیے اس بحر کا
ہزج نام ہوا ۔ وزن اصلی اسکا آٹھ مرتبہ
مفاعیلن ہے ۔ دو مصرعون کے لیے ۔
ہزل ۔ ع ۔ لاغر کرنا ۔ دبلا کرنا ۔ بیہودہ بات
مسخرگی ۔
ہزمان ۔ ف ۔ مخفف ہرزمان کا ۔
ہزو ۔ ع ۔ افسوس ۔
ہزہ ۔ ع ۔ ہلانا ۔
ہزہ ۔ ع ۔ جنبش سوارون کی غل اور
شور خوشی کا ۔
ہزباز ۔ ع ۔ / ہزہز ۔ ع ۔ ہلانا ۔
ہزم ۔ ع ۔ رعد کی آواز ۔
ہزیمت ۔ ع ۔ شکست ۔
ہزینہ ۔ ف ۔ بروزن و معنی خزینہ ۔ اور بمعنی
خرچ ۔ اہل و عیال کا روٹی کپڑا وغیرہ
اور بمعنی ہمیشہ ۔

فصل ہا مع شین معجمہ

ہش ۔ ع ۔ شادان ۔ فرحان ۔ و خوش
درخت سے پتے جھاڑنا اپنی مویشی کے
کھانیکے واسطے ۔ وہ گھوڑا جو چلنے مین پسینہ
نہ لاوے ۔
ہش ۔ ف ۔ مخفف ہوش کا ۔
ہشاش ۔ ع ۔ خندان رو ۔ خوش ۔
ہشاش بشاش ۔ ع ۔ شادان ۔ فرحان
خوش و خرم ۔ ہنستا ہوا ۔
ہشاشت ۔ ع ۔ کشادہ رو ہونا ۔ شاد
اور خوش ہونا ۔ خوش طبع ہونا ۔ سبک
ہونا ۔ نرم ہونا ۔ بکری اور اونٹنی وغیرہ کا
پر شیر یعنی بہت دودھ والا ہونا ۔
ہشت ۔ ف ۔ آٹھ کا عدد ۔
ہشتن ۔ ف ۔ چھوڑنا ۔

ہشت بہشت ۔ ف۔ آٹھ بہشت اور نام اُنکے یہ ہین (۱) خلد (۲) دارالسّلام (۳) دارالقرار (۴) جنت عدن (۵) جنت الماوی (۶) جنت النعیم (۷) علیین (۸) فردوس۔

ہشت صفات ۔ ف۔ (۱) خدا کی معرفت (۲) علم (۳) ہر حال مین شکر کرنا۔ (۴) قسمت ازلی پر راضی رہنا (۵) بلا پر اور رزق کی کمی پہ صبر کرنا۔ (۶) خدا کے حکم کی تعظیم کرنا۔ (۷) خلق اللہ کی محبت کرنا اور انکے ساتھ شفقت کرنا (۸) عفت یعنی گناہون سے بچنا۔

ہشت و چہار چشم فلک ۔ ف۔ کنایہ آسمان کے بارہ برجون سے۔

ہشوش ۔ ع۔ بکری بہت دودھ والی۔

ہشیش ۔ ع۔ نرم۔ شادان۔ خوش خندان رو۔ اونٹنی اور بکری وغیرہ جسکے بہت دودھ ہو۔

فصل ہا مع ضاد معجمہ

ہضاض ۔ ع۔ توڑنیوالا۔

ہضم ۔ ع۔ کسی چیز کا توڑنا بچانا کھانے کا معدہ مین کسی کے حق مین سے کم کر دینا ظلم کرنا۔

ہضم ۔ ع۔ زمین پست۔

ہضیم ۔ ع۔ ظلم کیا گیا مظلوم وہ عورت جو لطیف اندام ہو اور جسکے چوتڑ نازک ہون اور کمر تپلی ہو۔ غنچہ ناشگفتہ یعنی منھ بند کلی۔

ہضیمت ۔ ع۔ ظلم ستم غصّہ۔

فصل ہا مع طاء مہملہ

ہطل ۔ ع۔ مینھ کا برابر برسنا۔ آنسوؤن کا آنکھون سے بہنا۔

ہطل ۔ ع۔ ابر بہت برسنے والا۔

ہطل ۔ ع۔ بہت برسنے والے ابر یہ جمع ہاطل کی ہے۔

ہطلان ۔ ع۔ باران ضعیف جو برابر کئی دن تک برسے۔

فصل ہا مع فا

ہفت ۔ ف۔ سات۔ (معہ) (۷)۔

ہفت ۔ ف۔ ایک گھونٹ پانی۔

ہفت اختر ۔ ف۔ سات ستارے اور نام اُنکے یہ ہین (۱) قمر فارسی مین اسکو چاند اور ہندی مین سوم کہتے ہین مقام اسکا پہلا آسمان (۲) عطارد فارسی مین اسکو تیر اور ہندی مین بُدھ کہتے ہین مقام اسکا دوسرا آسمان (۳) زہرہ فارسی مین اسکو ناہید اور ہندی مین شکر کہتے ہین مقام اس کا تیسرا آسمان (۴) شمس فارسی مین اسکو خورشید اور ہندی مین آدیت کہتے ہین مقام اسکا چوتھا آسمان (۵) مریخ فارسی مین اسکو بہرام اور ہندی مین منگل کہتے ہین مقام اسکا پانچوان آسمان (۶) مشتری فارسی مین اسکو برجیس اور ہندی مین برہسپت کہتے ہین مقام اسکا چھٹا آسمان (۷) زحل فارسی مین اسکو کیوان اور ہندی مین سنیچر کہتے ہین مقام اسکا ساتوان آسمان۔

ہفتاد ۔ ف۔ ستر (معہ) (۷۰)

ہفتادم ۔ ف۔ سترّوان حصّہ۔ (۱/۷۰)۔

ہفتاد و دو شاخ ۔ ف۔ مراد بہتّر مذہب سے۔

ہفت اندام ۔ ف۔ بحسب ظاہر یہ ہین (۱) سر (۲) سینہ (۳) پشت (۴) و (۵) دونون ہاتھ (۶) و (۷) دونون پانون۔ اور بحسب باطن یہ ہین (۱) دماغ (۲) دل (۳) کلیجہ (۴) تلی (۵) پھیپھڑا (۶) پتّہ (۷) معدہ اور بعضون نے بجاے معدہ کے گردہ لکھا ہے۔ اور نام ایک رگ کا بھی ہے اس لیے کہ اس کی فصد مین سر و سینہ و پشت و دست و پا کا خون خارج ہوتا ہے اور اس رگ کو نہر البدن بھی کہتے ہین۔

ہفت اورنگ ۔ ف۔ سات ستارے بنات النعش کے۔

ہفت پردہ چشم ۔ ف۔ یعنی آنکھ کے

سات پردے اور نام انکے یہ ہین (۱) ملتحمہ (۲) قرنیّہ (۳) عنبیہ (۴) عنکبوتیہ (۵) شبکیہ (۶) شمیّہ (۷) صلبیہ۔ واضح ہو کہ درمیان عنبیہ اور عنکبوتیہ کے ایک رطوبت ہے جسکا بیضی نام ہے اور درمیان عنکبوتیہ اور شبکیہ کے دو رطوبتین ہین جلیدی و زجاجی۔

ہفت پیر۔ ف مراد سات قاریون سے جنکے نام آگے مرقوم ہین۔

ہفت جوش۔ ف۔ سات دھاتین ملی ہوئی جسکو اثر دھات کہتے ہین اور یہ نہایت مضبوط ہوتا ہی۔ نام ان سات دھاتون کے یہ ہین (۱) سونا (۲) چاندی (۳) تانبا (۴) جست (۵) لوہا (۶) سیسہ جس سے بندوق کی گولی ڈھالتے ہین (۷) رانگہ۔

ہفت دریا۔ ف۔ (۱) دریاے خضر (۲) دریاے عمان (۳) دریاے قلزم (۴) دریاے بربرہ (۵) دریاے اوقیانوس (۶) دریاے قسطنطنیہ اور اسکو بحر روم بھی کہتے ہین۔ (۷) دریاے اسود۔

ہفتدہ۔ ف۔ سترہ (مثّ) (۱۷)۔

ہفتدہم۔ ف۔ سترھوان حصہ ۱/۱۷

ہفت دوزخ۔ ف۔ سات دوزخ اور نام انکے یہ ہین (۱) سقر (۲) سعیر (۳) لظی (۴) حطمہ (۵) جحیم (۶) جہنم (۷) ہاویہ۔ واضح ہو کہ دوزخ ایک ہی ہی اور یہ سات طبقہ ہین جنکے نام ذکر ہوے اور ہاویہ سب سے نیچے کا طبقہ ہی اور اسمین عذاب بھی زیادہ ہی۔

ہفت سُبع۔ ف۔ مراد تمام قرآن سے اسلیے کہ قرآن مجید کے سات حصے ہین اور اسکو ہفت منزل بھی کہتے ہین۔ واضح ہو کہ قاریون نے قرآن شریف کے سات حصہ کرکے ایک ہفتہ مین پورا قرآن پڑھنا مقرر کیا ہی۔ اور تعین سورتون کا فمی بشوق کے حروف کی ترتیب سے رکھا ہی اسطرح پہلے دن سورۂ فاتحہ سے شروع کرتے ہین دوسرے دن سورۂ مائدہ سے تیسرے دن سورۂ یونس سے چوتھے دن سورۂ بنی اسرائیل سے پانچوین دن سورۂ شعرا سے چھٹے دن سورۂ والصّافات سے ساتوین دن سورۂ قاف سے آخر قرآن مجید تک۔

ہفت قرا۔ ف۔ نام انکے یہ ہین۔ (۱) نافع مدنی (۲) عبداللہ ابن کثیر مکی (۳) ابوعمرو بصری (۴) ابن عامر شامی (۵) عاصم کوفی (۶) حمزہ کوفی (۷) علی کوفی ملقب بہ کسائی۔

ہفت قرائت۔ ف۔ انھین سات قاریون کی سات قرات علحدہ علحدہ ہی جنکے نام ذکر ہوے۔

ہفت قلم۔ ف۔ کنایہ سات خط سے جو مشہور ہین (۱) ثلث (۲) محقق (۳) توقیع (۴) ریحان (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) تعلیق۔

ہفت کشور۔ ف۔ سات اقلیم جو حکما نے کل آبادی کے سات حصے مقرر کیے ہین۔

ہفت لاے چشم۔ ف۔ سات پردے آنکھ کے جنکے نام ہفت پردۂ چشم مین مذکور ہوے۔ واضح ہو کہ (لا) فارسی مین بمعنی تہ کے ہی۔

ہفتم۔ ف۔ ساتوان حصہ۔ (۱/۷)

ہفتہ۔ ف۔ سات دن جو مشہور ہین۔ اور وہ شخص جو بہت راہ چلنے سے تھک گیا ہو۔

ہفت ہشت۔ ف۔ کنایہ ہی گفتار خصومت انگیز اور کلمات نا ملائم سے۔

ہفت ہیکل۔ ف۔ وہ سات دعائین جو ہفتہ کے سات دنون مین ہر روز ایک دعا پڑھی جاتی ہی تاکہ پڑھنے والا امن و سلامتی مین رہے۔

ہفوت۔ ع لغزش اور خطا کرنا مجازاً بیہودہ گوئی۔

ہفوات ع. خطا کرنا۔

فصل ہا مع کاف

ہکاع ع. کھانسنا۔

ہکذا ع. بمعنی ہمچنین۔ اسی طرح

ہکہ ف. / ہکہک ف } عربی فواق ہندی ہچکی۔

فصل ہا مع لام

ہل ع. آیا۔ بدرستی۔ آیا ایسا ہو۔

ہل ف. الائچی سفید۔ اور صیغہ امر کا ہے ہلیدن سے یعنی چھوڑ دے۔ تل اور سرسون وغیرہ کی کھلی۔

ہل ف. آغوش۔

ہلا ع. کلمہ تنبیہ کا ہو۔ آگاہ ہو۔

ہلا ع. حرف تخصیص کا ہے بمعنی چرا یعنی کیون نہین۔

ہلاث ع. نرم اور سست ہوجانا آدمی کے کسی عضو کا۔

ہلاس ع. سل کی بیماری

ہلاک ع. نیست ہونا۔

ہلاک ع. جمع ہالک کی یعنی نیست ہونیوالے نیست کرنیوالے۔

ہلاکت ع. نیست ہونا۔

ہلاکو ت. اصل مین یہ نام ہولاکو خان ہو اور یہ ایک بادشاہ بہت بڑا ظالم گذرا ہو جس نے ہزارون بندگان خدا کو ناحق قتل کیا ہو اسکے باپ کا نام تولیخان ہو اور دادا کا چنگیز خان۔

ہلال ع. نیا چاند۔ واضح ہوکہ چاند رات سے تیسری تاریخ تک ہلال بولتے ہین اور بعد اسکے قمر۔ نام ایک قبیلہ کا عرب مین ہوازن سے۔ اور فارسی کی اصطلاح مین بمعنی تراش ناخن کے بھی آیا ہو اسلیے کہ وہ بھی ہلال کی صورت سے مشابہ ہوتا ہو۔

ہلال ہلال ف. لخت لخت۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔

ہلاہل ف. نام ایک زہر قاتل کا جسکا کھانیوالا کسی دوا اور تریاق سے اچھا نہین ہوتا اور تحفۃ المومنین مین لکھا ہو کہ ہلاہل ایک پہاڑ کا نام ہو حدود چین مین اسپر ایک درخت ہوتا ہو جسکی جڑ زہر قاتل ہو پس اس جڑ کا نام اس پہاڑ کے نام سے مشہور ہوگیا ہو اس صورت مین اگر زہر ہلاہل بولین تو مناسب ہو۔

ہلب ع. سور کے بال۔

ہلک ع. ہلاکی۔ نیستی۔

ہلک ف. عربی فواق۔ ہندی ہچکی۔

ہلکہ ع. نیست ہونیوالے

ہللم ف. نام ایک کھیل کا ہو جو شہر کرمان کے لڑکے کھیلتے ہین۔

ہلم ع. بیا۔ آ۔

ہلوع ع. بڑا لالچی۔ بڑا ڈرنیوالا نہایت بیصبرا۔ بڑا جلد باز۔

ہلوک ع. نیست ہونا۔

ہلی ف. چھوڑ دے تو۔

ہلیدن ف. چھوڑنا۔

ہلیون ع. ایک گھاس ہو جسکا بیج دوا مین پڑتا ہے۔ فارسی مین اسکو مارچوبہ کہتے ہین۔

ہلیہ ف. ایک چوڑی لکڑی ہوتی ہو جس سے چھوٹی کشتیون کو کھیتے ہین۔

فصل ہا مع میم

ہم ع. اندوہ۔ غم۔ اندیشہ۔ قصد کرنا۔ چاہنا۔ بیماری کا بدن کو گھلا دینا۔ بچہ کو سلانا لوری دیکر۔ واضح ہوکہ ہم اُس رنج کو کہتے ہین جو آنے والی مصیبت کے خیال سے ہو۔ اور غم اُس رنج کو کہتے ہین جو مصیبت موجودہ پر ہو۔

ہم ع. نہایت بوڑھا اور ضعیف۔

ہم ف. بمعنی نیز بھی۔

ہما ف. نام ایک پرند کا جو فقط ہڈی کھاتا ہو اور جو شخص اس کے سایہ کے نیچے آجاوے دولت و سلطنت پاوے نام بہمن بادشاہ کی بیٹی کا جو موافق دین زردشتی اپنے باپ کے نکاح مین

تھی اور داراب اس سے پیدا ہوا۔
ہمار۔ف۔ } انداز۔ حساب ہمیشہ
ہمارہ۔ف۔ }
ہمّار۔ع۔ بسیار گو۔ ٹراکی۔
ہمّاز۔ع۔ عیب کرنیوالا۔ اور آنکھ سے اشارہ کرنیوالا۔
ہمال۔ف۔ بروزن کمال بمعنی مانند ہمتا۔ مثل۔ نظیر۔ شریک۔
ہُمال۔ع۔ ہر شئے جو شکست ہو زمین غیر آباد جو مقام جنگ ہو۔
ہُمام۔ع۔ بزرگ سردار قوم کا۔ مرد بزرگ ہمت خوش تدبیر
ہَمان۔ف۔ اصل اُسکی ہم آن ہو۔ یعنی وہ چیز۔ بضم اول غلط ہو۔
ہمانا۔ف۔ گویا۔ شاید۔ بیشک۔ بضم اول غلط ہو۔
ہم آورد۔ف۔ حریف جنگ۔ اور بمعنی بادل جو ہاتھی وغیرہ کو دیتے ہین۔
ہُمایون۔ف۔ مبارک۔ با برکت اور یہ مرکب ہو لفظ ہما سے جو نام ایک پرند مبارک سایہ کا ہے اور کلمۂ یون سے جو واسطے نسبت کے آتا ہو۔
ہمباز۔ف۔ شریک۔
ہمپا۔ف۔ ہمراہ۔ ساتھی۔
ہم پشت۔ف۔ مددگار۔

ہم پنجگی۔ف۔ برابری۔
ہمت۔ع۔ رنج۔ فکر۔ غم۔ ارادہ۔ قصد۔ بوڑھی عورت۔ مجازاً بڑا قصد۔ دل کا ارادہ بلند۔ اور کبھی بمعنی دعا کے بھی مستعمل ہوتا ہو۔
ہمتا۔ف۔ برابر۔ مثل۔ مانند
ہمت خواستن۔ف۔ کسی سے یہ چاہنا کہ ہمارے لیے دعا کیجیے۔
ہمترازو۔ف۔ مقابل۔ برابر۔ ہم قوت زور مین برابر۔
ہمتک۔ف۔ قوم بہ قوم۔
ہمتنگ۔ف۔ برابر۔ موافق۔
ہم جوار۔ف۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہمچنین۔ف۔ اسی طرح
ہمچو۔ف۔ حرف تشبیہ کا ہے بمعنی مانند اور بمعنی ہمچنین کے بھی آیا ہو۔
ہم خانہ۔ف۔ وہ شخص جو کسی کے ساتھ ایک گھر مین رہتا ہو۔ مراد زوجہ سے بھی۔
ہمخوابہ۔ف۔ ساتھ سونے والا۔ ساتھ سونیوالی۔ کیونکہ آخر کی ہا اس مین زائد ہو۔ مراد زوجہ سے۔
ہمخو۔ف۔ وہ شخص جس کی خصلت اور عادت اپنے برابر ہو۔
ہمداستان۔ف۔ ہم کلام۔ ہم صحبت۔
ہمدامان۔ف۔ دو بہنون کے دونون شوہر آپسمین ایک دوسرے کے ہمدامان ہوے یعنی ہمزلف۔ ساڑھو۔

ہُمدان۔ع۔ نام قبیلہ کا یمن سے۔
ہَمَدان۔ف۔ نام شہر کا ایران سے اور معرب اسکا ہمذان ذال معجمہ سے ہے۔
ہمدرس۔ف۔ ہم سبق۔
ہمدست۔ف۔ شریک۔ متفق۔ برابر ہم قدرت۔ ہم طاقت۔
ہمدگر۔ف۔ ایک دوسرے کے باہم۔
ہمدل۔ف۔ کنایہ رفیق خالص سے۔
ہمدم۔ف۔ جو ہر وقت ساتھ رہے یعنی موافق۔
ہمدہ۔ع۔ بیماری سکتہ کی جس مین آدمی بالکل مُردہ معلوم ہوتا ہو۔
ہم دیوار۔ف۔ پڑوسی۔
ہمذات۔ف۔ جو اپنی ذات ہو۔
ہمذان۔ب۔ معرب ہو ہمدان کا جو شہر ہے ایران سے۔
ہمراز۔ف۔ جو اپنا بھید جانتا ہو۔
ہمراہ۔ف۔ ساتھی۔ شریک۔ سفر وغیرہ مین ساتھ چلنے والا۔
ہمراہی۔ف۔ ساتھی۔ ہمسفر۔ اور بمعنے برابری و مدد کے بھی آیا ہو۔
ہمرشتہ۔ف۔ جو رشتہ مین برابر ہو ایک ڈوری مین پروئی ہوئی۔

یا بندھی ہوئی چیزین۔

ہمرنگ۔ف۔ رنگ مین برابر مراد دوست خالص سے۔

ہمرو۔ف۔ ساتھ چلنے والا۔

ہمرہ۔ف۔ سفر مین ساتھ چلنے والا۔

ہمز۔ع۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ عیب کرنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

ہمزاد۔ف۔ ہمسن۔ جو ساتھ پیدا ہوا ہو۔

ہمزبان۔ف۔ کنایہ دوست خالص سے

ہمزلف۔ف۔ سالی کا شوہر اسکو ہندی مین ساڑھو کہتے ہین۔

ہمزہ۔ع۔ الف متحرک۔

ہمزہ۔ع۔ شیطانی وسوسہ۔

ہمس۔ع۔ نرم آواز۔ آواز کی نرمی۔ نرم کرنا آواز کا۔

ہمساز۔ف۔ موافق۔ دوست۔

ہمسائگی۔ف۔ پڑوس۔

ہمسایہ۔ف۔ پڑوسی۔

ہمسبق۔ف۔ کتاب کے ایک مقام خاص کا ساتھ پڑھنے والا۔

ہمسر۔ف۔ برابر۔ جورو۔ زوجہ۔

ہمسفر۔ف۔ جو ساتھ سفر کرے۔

ہمسفرہ۔ف۔ جو ایک دسترخوان پر ساتھ کھانا کھاوے۔

ہمسلک۔ف۔ مراد سومی سے۔

ہمسنگ۔ف۔ برابر۔ ہموزن۔

ہمشوے۔ف۔ ایک مرد کی دو جوروان آپس مین ہمشوے ہوتین

ہمشیر۔ف۔ / ہمشیرہ۔ف۔ } سگی بہن

ہمعنان۔ف۔ ہمراہ۔ برابر۔

ہم عیار۔ف۔ ہموزن۔

ہمقران۔ف۔ ہمنشین۔ مصاحب واضح ہو کہ قران مصدر ہے اسلیے یہ ترکیب درست ہے۔

ہمقرین۔ف۔ اسمین ہم زائد پڑتا ہے اسلیے کہ قرین صیغہ ہے صفت مشبہ کا بمعنی یار و مصاحب۔ مصدری معنے اسمین نہین ہے۔

ہم کاسہ۔ف۔ دوست۔

ہمگنان۔ف۔ تمام آدمی۔ یہ جمع ہے ہمگین کی یا ہمگی۔

ہمگی۔ف۔ فرید علیہ ہے ہمہ کا بمعنے تمامی اور تمام۔ یا یہ کہ مخفف ہے ہمگین کا۔

ہمگین۔ف۔ تمام و کمال۔ یہ مرکب ہے ہمہ اور گین سے جو حرف نسبت کا ہے زیادتی کے طور پر جیسے لفظمند فیروزمند مین۔

ہمم۔ع۔ جمع ہمت کی۔ ارادے۔

ہم مقیل۔ف۔ ہمخوابہ۔ ایک جگہ ساتھ سونیوالی۔

ہم نفس۔ف۔ رفیق۔ ہمکلام۔

ہموارہ۔ف۔ ہمیشہ۔

ہموم۔ع۔ جمع ہم کی۔ رنج۔ غم اندیشے۔

ہمہ۔ف۔ تمام

ہمہ دان۔ف۔ سب کچھ جاننے والا۔

ہمہمہ۔ع۔ شیر کا ڈکارنا۔

ہمیان۔ف۔ / ہمیان۔ہب۔ } اشرفیون اور روپیون کی تھیلی۔

ہمیدون۔ف۔ بائے مجہول سے اسی طرح۔ اب۔

ہمیع۔ع۔ / ہمیغ۔ع۔ } مرگ مفاجات۔ یعنے ناگہانی موت۔

ہمیم۔ع۔ آہستہ چلنا۔

فصل ہا مع نون

ہن۔ع۔ رونا۔ نالہ کرنا۔ چلانا۔ عضو تناسل مرد کا۔ شرمگاہ عورت کی اور بغیر تشدید نون کے بھی آیا ہے۔

ہن۔ع۔ صیغہ ضمیر مونث کا ہے یعنی گروہ عورتون کا۔

ہنجار۔ف۔ راہ۔ رستہ۔ مجازاً بمعنے طرز۔ روش۔ قاعدہ۔

ہند۔ ع۔ نام ایک عورت کا جس نے امیر حمزہ کو بغض قتل کیا تھا۔ نام ملک کا۔

ہندب۔ ع۔ / ہندبا۔ ع۔ } کاسنی

ہندسہ۔ معرب اندازہ کا۔ اندازہ لینا۔ او۔ نام ایک علم کا ہے جس سے پہچان شکلون کی حاصل ہوتی ہے اور رقم اعداد کو بھی کہتے ہین اور کبھی بمعنی مکر و فریب کے بھی آتا ہی۔

ہندسی۔ ف۔ علم ہندسہ کا عالم۔

ہندو۔ ف۔ منسوب طرف ہند کے جو نام ملک مشہور کا ہے۔ اس لفظ مین واو واسطے نسبت کے ہے اور یہ نسبت خاص انسانون کے ساتھ ہے۔ اور محاورہ فارسی مین لفظ ہندو بمعنی چور اور ڈاکو اور راہزن اور غلام کے آتا ہی۔

ہندوانہ۔ ف۔ تربوز۔

ہندوانہ افگندن۔ ف۔ کنایہ ہے کمال خوف اور ڈر سے۔ واضح ہو کہ ہندوانہ تربوز کو کہتے ہین اور یہ ہان کنایہ ہے۔ ہاتھی وغیرہ کے لینڈ سے یعنی خوف کے مارے ہگ دینا۔

ہندوانہ در گون کسی غلطانیدن ف۔ کنایہ ہے کسی کو انتہا سے زیادہ ڈرا دینے اور خوف زدہ کر دینے سے

ہندوزن۔ ف۔ جادوگرنی۔

ہندوے چرخ۔ ف۔ کنایہ ہے ستارۂ زحل سے۔

ہندی۔ ف۔ ہندوستان کی چیز ہندوستان کا رہنے والا۔

ہنر۔ ف۔ کاریگری۔ کام۔

ہنگ۔ ف۔ قصد۔ وقار۔ زور۔ قوت ہوشیاری۔ چوٹ۔ صدمہ۔

ہنگار۔ ف۔ شتابی۔ جلدی۔

ہنگام۔ ف۔ وقت۔ ہنگامہ۔ مجمع۔

ہنگامہ۔ ف۔ ازدحام۔ انبوہ۔ اور مجمع لوگون کا۔ وقت۔ ہنگام۔

ہنگامہ بندی۔ ف۔ نمودار ی۔

ہنگامہ گیر۔ ف۔ ہجوم کرنیوالا۔ بازیگر تماشہ کرنے والا۔ وہ شخص جو رستون پر بیٹھکر تعویذون اور دواؤن کے بہانہ سے لوگون کو جمع کرے اور انکو فریب دیکر بیچے۔

ہنگفت۔ ف۔ یعنی بطبر گندہ موٹا۔ ملدار۔

ہنوز۔ ع۔ مرد کا قضیب یعنی عضو تناسل اور عورت کی شرمگاہ۔

ہنود۔ ع۔ وہ عورتین جنکے نام ہند ہون اور ہندو لوگ۔

ہنوز۔ ف۔ واو معروف سے بمعنے تا حال۔ ابھی تک۔ اور تا ہنوز کہنا محض غلط۔

ہنی۔ ع۔ بروزن قریب۔ ہا ضم۔ گوارندہ خوشگوار۔ بامزہ۔ اور وہ چیز جو بے مشقت حاصل ہو۔

ہنین۔ ع۔ روز چلاّنا۔ فریاد کرنا۔ نالہ فریاد۔

فصل ہا مع واو

ہو۔ ف۔ آواز قلندرون کی۔ آواز کشتی گیرون کی جو بروقت کشتی لڑنے کے بلند کرتے ہین۔

ہو۔ ع۔ خوف۔ نام ذات خدا کا۔

ہوا۔ ع۔ آرزو۔ اشتیاق۔ خواہش دل کی بے فرزند ہونا اُس کی مان کا۔ اور باجہ والون کی اصطلاح مین باجہ کا آگ سے سینکنا تا کہ خوب بولے۔

ہواء۔ ع۔ وہ فرق جو آسمان و زمین کے درمیان مین ہی۔ وہ عنصر ہوا کا جو آگ کے کرہ کے نیچے ہے۔ وہ ہوا سے ساکن جو ہر مکان مین بھری ہوئی ہے۔ اور بمعنی خالی کے بھی۔

ہوا پرست۔ ف۔ عیاش آدمی۔ بیہودہ شخص۔ نالائق۔

ہواجس۔ ع۔ شیطانی خطرے اور وسوسے جو انسان کے دل مین

گذرا کرتے ہین۔ یہ جمع ہاجنہ کی ہے۔
ہَوا خواہ۔ ف۔ خیر خواہ دوست۔
ہَوا خُوردن بادہ۔ ف۔ کنایہ ہے شراب کی کیفیت زائل ہوجانے سے اسلیے کہ ہوا کھانے سے شراب کا نشہ اتر جاتا ہے۔
ہَوادار۔ ف۔ دوست۔ عاشق۔ وہ مکان جس مین تازہ ہَوا آتی ہے۔
ہَوادِج۔ ع۔ جمع ہَودَج کی اونٹ کی عماریان اور کجاوے۔
ہَوازِن۔ نام قبیلہ کا بنی قیس سے
ہَوا گرِفتن۔ ف۔ اُڑنا۔
ہَوالِک۔ ع۔ جمع ہالِک کی نیست ہونیوالے۔
ہَوالہ۔ ع۔ ہولناک۔ ڈراونی چیز۔
ہَوَام۔ ع۔ حشرات الارض مثل سانپ بچھو۔ نیولے چیونٹی کیڑے مکوڑے وغیرہ کے جو زمین کے اندر گھسنے والے اور کاٹنے والے جانور ہون۔ یہ جمع ہامّہ کی ہے۔
ہَوان۔ ع۔ خواری۔ بیعزتی۔ ذلت۔
ہَوائی۔ ف۔ محب عاشق۔ دوست آرزومند۔ بوالہوس۔ پریشان۔ ایک قسم آتشبازی کی۔
ہَوائی شدن۔ ف۔ اُڑنا۔ گم ہونا۔

ہَوَج۔ ع۔
ہَوَج۔ ع۔ } نادانی۔ شتابی۔
ہُوختن۔ ف۔ کھینچنا۔ باہر نکالنا۔ ظاہر ہونا۔ آنا۔
ہُود۔ ع۔ نام ایک پیغمبرؑ کا ہے جن کی دعاے بد سے قوم عاد پر ہَوا کا طوفان آیا تھا۔ نام ایک سورہ کا قرآن شریف مین۔ اور جمع ہائد کی بھی یعنے توبہ کرنے والے۔
ہَود۔ ع۔ توبہ کرنا۔ خدا کی طرف رجوع کرنا۔ نیک کام کرنا۔ یہودی ہونا۔
ہَوْد۔ ع۔ جمع ہَوْدَہ کی کوہان شتر یعنی اونٹ کی پٹھہ کے کوبڑ۔
ہَودَج۔ ع۔ کجاوہ اونٹ کا یا عماری جسمین عورتین سوار ہوتی ہین۔
ہَوْدَہ۔ ع۔ اونٹ کی پٹھہ کا کوبڑ۔
ہُودَہ۔ ف۔ حق۔ درست۔ چنانچہ بیہودہ بمعنی ناحق ونادرست۔
ہُور۔ ف۔ واو مجہول سے آفتاب اور بمعنی بخت ونصیب کے بھی۔ اور بعضے کہتے ہین کہ ہُور نام ایک ستارہ کا ہے جسکا دورہ ہزار برس کا ہوتا ہے۔
ہُورمُز۔ ف۔ ستارۂ مشتری۔
ہُورخش۔ ف۔ سورج۔
ہَوَس۔ ع۔ ایک قسم ہے جنون کی دیوانہ ہونا۔ اصطلاح فارسی مین بمعنی آرزو۔ شوق کسی چیز کا۔ عشق خام ناقص محبت۔

ہُوش۔ ف۔ واو مجہول سے بمعنی دانائی۔ عقل۔ جان۔ ہلاکت۔ موت
ہُوشمند۔ ف۔ عقلمند۔ ہوش والا۔
ہُوشمندی۔ ف۔ عقلمندی۔
ہُوشَنگ۔ ف۔ نام ملک فارس کے دوسرے بادشاہ کا۔
ہُوشَہ۔ ف۔ سست۔ کم ہمت۔
ہُوشیار۔ ف۔ جو غافل نہو یعنے صاحب ہوش۔ چوکنا۔
ہُوشیاری۔ ف۔ خبرداری۔
ہُوشیدن۔ ف۔ سمجھنا۔
ہُوف۔ ع۔ گرم ہَوا
ہَوْل۔ ع۔ ڈرانا۔ خوف۔ ڈر۔
ہُولاء۔ ع۔ یہ لوگ۔
ہَولگی۔ ف۔ خوف زدہ۔ ہراسان ڈرا ہوا۔ گیا۔ مجازاً بمعنی مضطرب۔
ہولناک۔ ف۔ خوف کا بھرا ہوا۔
ہَولَہ۔ ع۔ ایکبار ڈرانا۔
ہَون۔ ع۔ آرام۔ آہستگی۔ وقار نرمی۔ سبکی۔ نرمی کرنا۔
ہُون۔ ع۔ خواری۔ بیعزتی۔ ذلت۔
ہُون۔ ف۔ کلمہ تاکید اور کراہت کا

ہُود ۔ف۔ ایک مرد کی دو جوروان آپس مین
ہُوو دہو ہین بمعنی سَوت۔
ہُوہُو ۔ع۔ اسی طرح جیسا تھا ویسا ہی
جون کا تون۔
ہُوے اوّل ۔ف۔ کشتی گیرون کی
اصطلاح مین بمعنی بار اول۔
ہُوِیّت ۔ع۔ مرتبۂ وحدت۔ اور ذات
باری تعالی۔ اور لاہوت۔

فصل ہا مع یاے تحتانی

ہی ۔ف۔ کلمۂ تنبیہ کا ہے جو واسطے
آگاہ کرنے کے کہتے ہین۔ اور کبھی بمعنی
افسوس اور حسرت کے بھی آتا ہے۔ اور
کبھی مقام تحسین اور تعریف مین۔ اور
زبان دری اور ہندی مین بمعنے
ہست یعنے ہے۔
ہَیأت ۔ع۔ بروزن غیرت۔ بمعنی صورت
شکل۔ اور نام ایک علم کا جس سے
آسمانون کی شکلین اور زمین کے کرہ کا
حال معلوم ہوتا ہے۔
ہَیات ۔ع۔ بروزن خیرات یہ جمع ہے
ہیأت بروزن غیرت کی۔
ہَیاکل ۔ع۔ جمع ہیکل کی جسکے معنے
آگے مرقوم ہین۔
ہَیبت ۔ع۔ خوف۔ ڈر۔ خوف کرنا۔
بزرگ رکھنا۔

ہَیت ۔ع۔ بمعنی بیا آ۔
ہَیج ۔ع۔ غبار۔ برانگیختہ شدن۔ جوش
مین آنا۔
ہَیج ۔ع۔ اٹھانیوالا۔
ہیچ ۔ف۔ کچھ تھوڑا۔ معدوم۔
ہَیجا ۔ع۔ لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔
ہَیجان ۔ع۔ برانگیختگی۔ جوشش
ہیجان ۔ع۔ مین آنا۔
ہیچکاره ۔ف۔ نالائق۔ بے فائدہ کسی
کام کا نہین۔
ہیچکس ۔ف۔ نالائق۔ کوئی شخص۔
ہیچگونہ ۔ف۔ کسی طرح۔
ہیچ مرد ۔ف۔ مرد ضعیف۔
ہیچمدان ۔ف۔ نادان۔ بے علم۔
ہیربد ۔ف۔ یاے معروف سے بمعنی خادم
آتشکدہ اسلیے کہ ہیر بمعنی آگ کے ہے
اور بد بمعنی صاحب کے۔
ہیز ۔ف۔ مخنث ہیجڑا۔
ہیزم ۔ف۔ سوکھی لکڑی جلانیکی۔
ہیزم کش ۔ف۔ لکڑہارا۔ لکڑی لاکر
بیچنے والا۔
ہَیص ۔ع۔ سختی کرنا کسی چیز مین۔ سختی
ورشتی۔ گردن پہ مارنا۔ پرند جانور کی
بیٹ یعنی گوہ
ہَیصم ۔ع۔ شیر درندہ۔

ہَیضہ ۔ع۔ بدہضمی کھانے کی ایک قسم کا
مرض مشہور جس مین دست آتے ہین۔
ہَیف ۔ع۔ سختی پیاس کی۔ ستم۔ ظلم
گرم ہوا۔
ہَیف ۔ع۔ باریکی کمر کی۔ گرم ہوا۔
ہَیفان ۔ع۔ بہت پیاسا۔
ہَیفاء ۔ع۔ عورت پتلی کمر کی۔
ہَیکل ۔ع۔ بڑا ڈیل ڈول۔ گھوڑا
بڑے ڈیل کا۔ شکوہ۔ عظمت۔ بلند
مکان۔ اونچی عمارت۔ بتخانہ۔ صورت
شکل۔ حمائل۔ تعویذ۔
ہیکل الزُّہرہ ۔ع۔ نام بتخانہ کا روم مین۔
ہیل ۔ف۔ الاچی سفید۔
ہَیلاج ۔ع۔ یاے معروف سے حساب
نجومیون کا جس سے مولود کی عمر وغیرہ
دریافت کرتے ہین۔ مجازاً زائچہ مولود یعنے
بچہ کا جنم پتری۔
ہَیم ۔ع۔ سرگشتگی عشق مین سرگشتہ
ہونا کسی چیز کی طرف منھ کرنا۔ بہت
پیاسا ہونا۔
ہِیم ۔ع۔ آدمی اور اونٹ بہت پیاسے
ہِیم ۔ف۔ یاے مجہول سے۔ سوکھی
لکڑی جلانے کی۔
ہَیمان ۔ع۔ سرگشتگی۔ حیرانی۔
ہیمہ ۔ف۔ یاے مجہول سے سوکھی

لکڑی جلانے کی۔
ہیمیا۔ ع۔ یاے معروف سے علم طلسم۔
ہین۔ ف۔ اینک۔ ابھی۔ بگذار۔ چھوڑدے
بشتاب۔ دوڑ۔ آگاہ ہو۔ خبردار ہو۔ اور
کلمہ جھڑکی کا۔
ہین۔ ع۔ آسان۔ سہل۔
ہیولا۔ ع۔ مادہ ہر شے کا۔ ہر چیز۔
ہیولی۔ ع۔ ہر شے کی ماہیت۔ اور اصل
ہر شے کی۔
ہیولانی۔ ع۔ منسوب طرف ہیولا کے جو
بمعنی مادۂ اصلی کے ہے۔
ہیولاے اول۔ ع۔ جوہر اول۔
ہیون۔ ف۔ گھوڑا۔ اونٹ۔
ہیہات۔ ع۔ افسوس اور فارسی مین
بمعنی تعجب اور تحیر کے بھی مستعمل ہوتا
ہے۔

باب یاے تحتانی

فصل یا مع الف

یا۔ ع۔ اے۔ یہ حرف ندا کا ہے۔ اور
فارسی میں حرف علت کا ہے اور
افادہ تردید کا کرتا ہے۔
یا آسفی۔ ع۔ واے۔ افسوس۔ فریاد۔
آہ۔ اور کبھی بجاے تحیر و تعجب کے
بھی مستعمل ہوتا ہے۔

یا اللہ۔ ع۔ اے خدا۔
یاب۔ ف۔ امر ہے یافتن سے یعنے
معلوم کر۔
یابس۔ ع۔ سوکھا ہوا خشک خشکی
کرنیوالا
یا بشری۔ ع۔ یا۔ حرف ندا کا ہے اور بشری
بمعنی بشارت یعنی خوشخبری یہ منادے
واقع ہوا ہے یعنے پکارا گیا معنے یہ کہ ہے
خوشخبری آ کہ یہ وقت تیرے آنے کا ہے
اور یہ مقام خوشی مین بولا جاتا ہے یا ندا
واسطے تعجب کے ہے یعنے اے عجب
بشارت ہو۔ یا یہ کہ۔ جب حضرت
یوسف علیہ السلام کو آپ کے بھائیون نے
کنوئین مین گرایا تو تیسرے روز اُس
طرف سے ایک قافلہ گذرا اُس قافلہ کا
سردار مالک بن زعر تھا اور اُس کے
دو غلام تھے ایک کا نام بشری دوسری کا
بشیر مالک نے اِن دونون کو پانی لانے
کیواسطے بھیجا وہ دونون اُسی کنوئین پر
آئے بشیر نے کنوئین مین ڈول ڈالا اور
بشری قضاے حاجت کے لیے چلا گیا
جب ڈول مین حضرت یوسف علیہ السلام
بحکم خدا تشریف لائے اور ڈول بھاری
ہوگیا تو بشیر سے کھینچ نہ سکا اسوقت بشیر نے
پکارا کہ یا بشری ہٰذا غلام۔ یعنے اے
بشری دوڑ اس ڈول کو ایک لڑکے نے
بیٹھکر بھاری کردیا ہے جب وہ آیا دونون نے
ملکر نکالا۔
یابو۔ ت۔ گھوڑا بوجھ سے چلنے والا چھوٹا
گھوڑا۔ ٹٹو۔
یاجوج و ماجوج۔ ع۔ نام قوم کا جسکے
لوگ نہایت زبردست مثل دیوون کے
اولاد یافث بن نوح علیہ السلام سے تھے
اور یہ لوگ بلاد شمال مین کوہستان مین
رہتے تھے اور وہان سے نکل کر لوگون کو
نہایت ایذا پہونچاتے تھے۔ سکندر
بادشاہ نے انکے آنے کی راہ مین ایک
پہاڑ سے دوسرے پہاڑ تک لوہے کی
سلون کی دیوار کھلے ہوے سیسہ سے
جماکر نہایت مستحکم اور اونچی کھچوادی جس
سے انکے آنیکا رستہ بند ہوگیا۔
یاختن۔ ف۔ ہاتھ دراز کرنا کسی کام کے
قصد سے۔ ظاہر کرنا۔ باہر نکالنا۔
یاد۔ ف۔ دل۔ خاطر۔ حفظ۔
یاد بود۔ ف۔ بمعنی یادگار۔
یادداشت۔ ف۔ یاد۔ یاد رکھنے کی
نشانی۔
یاد گرفتن۔ ف۔ یاد کرلینا۔
یادگار۔ ف۔ نشان۔ اور مجازاً بمعنی
فرزند کے بھی آتا ہے۔

یادگاری - ف - بمعنی یادگار -
یار - ف - دوست - مددگار - اور مخفف
یارا کا جو بمعنی طاقت ہے -
یارا - ف - قوت - توانائی - حوصلہ -
طاقت - روز -
یاران - ف - جمع ہے یار کی -
یارانہ - ف - دوستی کے طریق پر - دوستی کے
طور پر - دوستانہ -
یارائی - ف - چارہ - علاج - مدد -
یارب - ع - ای پروردگار - اور فارسی مین
بمعنی نالہ وآہ کے بھی مستعمل ہے - اور
بمعنی تعجب اور تاسف کے بھی آتا ہے -
یارد - بمعنی تواند -
یارستن - ف - سکنا - طاقت رکھنا
دست دراز کرنا -
یارفروشی - ف - دوست کی تعریف
اور تحسین کرنا - سراہنا -
یارق - ت - روشن - سفید -
یارگی - ف - قدرت - توانائی -
یارنامہ - ف - کارنیک -
یارہ - ف - زیور کی ایک قسم ہے جسکو
ہندی مین کنگن کہتے ہیں -
یاری - ف - مدد کرنا - مجازاً دوستی -
یاریگر - ف - مددگار -
یازان - ف - حملہ کرنے والا - اور
دست دراز کرنیوالا -
یازون - ف - کسی کام کے قصد سے
ہاتھ کا دراز کرنا - دست درازی کرنا -
بڑھنا - پھپکنا -
یازدہ در - ف - کنایہ ہے گیارہ
سوراخون سے جو انسان کے جسم مین
ہوتے ہین (۱ و ۲) دونون کان کے
سوراخ (۳ و ۴) ناک کے دونون سوراخ
(۵ و ۶) دونون آنکھین (۷ و ۸) دہن
جو مشتمل ہے دو منفذ پر ایک رستہ ہے
آب وطعام کا اور دوسرا سانس کی
آمد ورفت کا - (۹ و ۱۰) راہ بول جو
مشتمل ہے دو منفذ پر ایک رستہ
پیشاب کے آنے کا اور دوسرا منی کے
نکلنے کا اور عورتون مین ایک راہ بول
دوسری راہ حیض (۱۱) رستہ
پاخانہ کا اور بعضون نے چار راہین
اور زیادہ کرکے پندرہ رستے مقرر کیے
ہین (۱) رستہ تالو کا جہان کو آلثکتا ہے
اور یہ راہ دماغ سے حلق مین گئی ہے
(۲) ناف جسکی راہ سے بچہ ماں کے
پیٹ مین غذا پاتا ہے - (۳ و ۴) دونون
چھاتیون کے رستے -
یازدہ - ف - (لہعہ) (۱۱)
یازدہم - ف - گیارھوان حصہ (۱/۱۱)
اور گیارھوین تاریخ -
یازش - ف - قصد - ارادہ - اور بلندگی
اور دست درازی -
یازندہ - ف - کسی کام کے کرنے پہ ہاتھ کا
دراز کرنیوالا -
یازہ - ف - لرزہ - کپکپی -
یازیدن - ف - دست درازی کرنا -
کسی کام کے ارادہ سے ہاتھ بڑھانا
بڑھنا پھپکنا -
یاس - ع - ف - ناامیدی -
یاس - ف - مخفف ہے یاسمن کا چنبیلی
کا پھول -
یاسا - ت - ماتم - مجازاً بمعنی قتل -
غارت لوٹ - قصاص -
یاسج - ف - تیر پیکان دار - اور بعضون
نے بمعنی نیزہ لکھا ہے - اور کبھی مرد مظلوم
کی آہ سے ہوتی ہے -
یاسر - ع - طرف چپ - بائین طرف
قمار بازی جواری -
یاسم - ع - چنبیلی کا پھول -
یاسمن - ع - } نام ایک پھول کا جو
یاسمون - ع - } خوشبودار اور دو طرح
یاسمین - ع - } کا ہوتا ہے زرد اور
سفید اور ہندی مین دونون کو چنبیلی
کہتے ہین -

یاسہ۔ ف۔ آرزو۔ حکم۔ قانون۔ سیاست قصاص۔
یاسین۔ ع۔ نام ایک سورۂ قرآنی کا جسکے شروع مین آنحضرت کی تعریف مذکور ہو اور بعضون کے نزدیک یاسین آنحضرت صلعم کا اسم شریف ہے اور تفسیر حسینی مین لکھا ہے کہ یا سین میں یا حرف ندا کا ہو اور سین کنایہ ہو لفظ سید سے واضح ہو کہ سید بمعنی سردار ہو اور اشارہ طرف آنحضرت صلعم کے۔
یاغ۔ ت۔ روغن۔
یاغی۔ ت۔ دشمن۔ نافرمان۔
یافتن۔ ف۔ پانا۔
یافتن بازی۔ ف۔ فریب کھانا۔
یافع۔ ع۔ جوان بلند بالا۔
یافوخ۔ ع۔ آدمی کا تالو جو دودھ پینے کے زمانہ مین سر پر ہلا کرتا ہو فارسی مین اسکو نرمۂ سر کہتے ہین۔
یافہ۔ ف۔ گم شدہ۔ معدوم۔ بیہودہ باتین۔ پوچ۔ داہیات۔
یافہ درای۔ ف۔ بیہودہ گو۔
یاقوت۔ ایک جوہر بیش قیمت بہت مشہور جو چار رنگ کا ہوتا ہے سرخ و زرد۔ کبود۔ سفید۔ اور نام ایک شخص کا مل خوشنویس کا ہے جو مستعصم باللہ کا غلام تھا اور مستعصم باللہ خلفاے عباسیہ سے ایک خلیفہ کا نام ہو۔
یاقوت احمر۔ ع۔ سرخ یاقوت۔
یاقوت جگری۔ ف۔ یاقوت سرخ جو سیاہی مائل ہو مثل رنگ کلیجی کے۔
یاقوت خام۔ ف۔ کنایہ ہو معشوق کے ہونٹھ سے۔
یاقوت رمانی۔ ع۔ وہ یاقوت جسکا رنگ انار کے دانہ سے مشابہ ہو۔
یاقوت روان۔ ف۔ کنایہ شراب سے جو سرخ ہو اور مراد اشک خونی سے۔
یاقوت سربستہ۔ ف۔ کنایہ ہے لب خاموش سے۔
یاقوت ناسفتہ۔ ف۔ مراد شفق سے۔
یاقوت نوش۔ ف۔ شراب کا پیالہ۔
یاقہ۔ گریبان جامہ کا۔
یال۔ ت۔ گردن مجازاً گھوڑے کی گردن کے بال۔
یال بستن۔ ف۔ غرور کرنا۔ ناز کرنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔
یال کوپال۔ ف۔ کاف عربی کے ضمہ سے شان۔ شوکت۔ تن و توش۔
یالہ۔ ف۔ بیل کا سینگ۔
یالیت۔ ع۔ اے کاشکے۔ واضح ہو کہ لیت ایسی چیز کی آرزو کے لیے ہے جسکا حاصل ہونا ناممکن ہو برخلاف لعل کے کہ وہ ایسی چیز کی آرزو کے لیے ہو جسکا حصول ممکن ہو۔
یام۔ ف۔ وہ گھوڑا جو منزل پر واسطے
یامہ۔ ف۔ ڈاک کے رکھتے ہین۔
یامن۔ ع۔ جانب راست۔ داہنی طرف
یانع۔ ع۔ میوہ رسیدہ یعنی وہ میوہ جو درخت کی ڈالی پر پک گیا ہو۔
یاور۔ ف۔ مددگار۔
یاوری۔ ف۔ مددگاری۔ مدد۔
یاوگی۔ ف۔ بیہودہ گوئی۔ گم ہونا۔
یاوگیان۔ ف۔ بیہودہ لوگ۔ اور گمراہ لوگ۔
یاوہ۔ ت۔ گم۔ ناپدید۔ بیہودہ۔
یاوہ گو۔ ف۔ بیہودہ گو۔
یاہو۔ ف۔ ایک قسم کے کبوتر کا نام ہے جو آواز یاہو کی کرتا ہو۔
یاے معکوس۔ ف۔ لبی۔ اور بڑی یا کہ اس شکل کی ے ہے۔

فصل یا۔ مع باے موحدہ

یباب۔ ع۔ بمعنی خراب۔
یبروح۔ ع۔ ایک قسم کی گھاس
یبروح الصنم۔ ع۔ ایک جڑ ہے جو مشابہ صورت انسان سے ہوتی ہے اور یہ گھاس نر و مادہ بھی ہوتی ہے

فارسی مین اسکو مردم گیا اور ہندی مین
لکھنی کہتے ہین۔
یبس -ع- } خشک ہونا۔
یبس -ع-
یبوست -ع- خشکی۔

فصل یا مع تاے فوقانی

یتاق -ت- پاسبانی یعنی چوکی پہرا۔
یتاقی -ت- پاسبان - چوکیدار۔
یتامیٰ -ع- جمع ہے یتیم کی جسکے معنی آگے
مذکور ہین۔
یتن -ع- وہ بچہ جو برخلاف معمول پیدا
ہو یعنے جسکے پانون پہلے نکلین ہندی
مین ایسے بچہ کو پائل کہتے ہیں۔
یتوع -ع- واو معروف سے ہر درخت
جسمین سے زہریلا دودھ نکلے مثل زقوم
اور مدار وغیرہ کے اور مدار کو ہندی مین
آگ کہتے ہین اور عربی مین عُشر
یتیم -ع- وہ بچہ جسکا باپ مرگیا ہو اور کبھی
بدون مان کے بچہ کو بھی یتیم کہتے ہین۔
اور جس لڑکے کے ماں باپ دونون نہون
اُسکو یتیم الطرفین کہتے ہین۔ اور یعنی غلام
اور روزو یعنے چور اور عیار کے بھی ہے اور
یعنے بیار چوپایہ کے بھی۔ اور یعنے
بے مانند اور بے نظیر کے بھی جیسے دُر یتیم
وغیرہ۔

فصل یا مع ثاے مثلثہ

یثرب -ع- نام مدینہ منورہ۔

فصل یا مع حاے مہملہ

یحییٰ -ع- نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا اور
نام ایک بہت بڑے سخی کا ہے۔
یحمور -ع- واو معروف سے جنگلی گدھا
یعنے گورخر جو مشہور ہے۔
یحموم -ع- کالا دھوان۔ اندھیری رات
نعمان بن منذر کے گھوڑے کا نام۔

فصل یا مع خاے معجمہ

یخ -ف- واضح ہو کہ یخ اور برف مین یہ
فرق ہے کہ برف آسمان سے مثل
غبار کے برستی ہے اور یخ مانند پگھلے
ہوے موم کے قطرہ قطرہ ٹپکتی ہے اور
پہاڑون پر اور جنگلون مین جمع ہو کر مثل
سفید پتھر کے ہو جاتی ہے۔
یخچہ -ف- ژالہ - تگرگ - اولا۔
یخ خوردن -ف- سردمہری کرنا
افسردہ دلی کرنا۔
یخ در بہشت -ف- حلوا کی ایک قسم
یخدان -ف- وہ صندوق یا الماری
جسمین اقسام طعام اور حلوے اور مربے
مٹھائیان رکھین۔
یخشی -ت- یاے معروف سے یعنی
خوب نیک مبارک بہتر۔
یخنی -ف- کھانا یا مال وغیرہ جو احتیاط
سے رکھ چھوڑین اس خیال سے کہ دوسرے
وقت کام آوے۔ پکا ہوا گوشت۔

فصل یا مع دال مہملہ

ید -ع- ہاتھ شانہ تک - یا ہتھیلی سے
کلائی تک۔ نعمت۔ دولت۔ نیکی۔ ملک
احسان۔ قدرت۔ قوت۔ توانائی۔
خواری۔ خوابی۔
ید بیضا -ع- ہاتھ روشن اور سفید مراد
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہتھیلی سے
جو بچپنے مین فرعون کی آزمایش کے وقت
بحکم خدا آگ سے جل گئی تھی حق تعالیٰ نے
اسکے عوض مین آپ کو یہ معجزہ عنایت کیا
کہ جب آپ ہتھیلی کو بغل کے اندر چھپا کے
نکالتے تھے مثل آفتاب کے روشن دکھائی
دیتی تھی۔ مجازاً بمعنی کرامت۔
ید بیضا نمودن -ف- کرامت دکھانا۔
ید طولیٰ -ع- یہ دونون لفظ موصوف
اور صفت ہین معنی اسکے بہت لمبا ہاتھ
اور کنایہ ہے مہارت اور آن کمال
اور ہنرون سے جو ہاتھ سے کیے جاتے ہین
یدین -ع- دونون ہاتھ۔

فصل یا مع راے مہملہ

یراش -ت- رخصت۔ توجہ۔
یراق -ت- فوج کے ہتھیار مثل تلوار

اور ڈھال وغیرہ کے۔اور کبھی بمعنی مطلق
سامان اور اسباب کسی چیز کے آتا ہی۔
یراعہ۔ع۔وہ نے جس کا قلم بنتا ہی اور
وہ نے جسکو بجاتے ہین یعنی بانسری اور
وہ کیڑے جو رات کو چمکتا ہے یعنی جگنو اور
بمعنی مویدول۔
یرت۔ت۔بمعنی منزل۔
یرغا۔ت۔گھوڑا تیز رفتار۔اور بمعنی یلغار
کے بھی لکھا ہی۔
یرغو۔ت۔سیاست۔
یرقان۔ع۔زردی آنکھ اور بدن کی۔
اور اس کی راے مہملہ کو جزم سے پڑھنا
بھی درست ہے۔
یرلیغ۔ت۔بادشاہی فرمان۔
یرملون۔ع۔ایک لفظ ہے جو واسطے
یادداشت قاعدہ قرات کے چھ حرفون
سے مرکب کرلیا ہے پس جس وقت کہ بعد
نون ساکن اور نون تنوین کے کوئی
حرف یرملون کے حرفون سے واقع ہوتا
ہی اُس نون کو اُس حرف کی جنس سے
بنا کے باہم ادغام کر دیتے ہین یا غنہ
مگر لام اور راے مہملہ مین غنہ نہین کرتے
ہین جیسے مِن یَّوم۔مِن رَّبھم مِن مَّاءٍ
مِن نِّعمۃٍ۔مِن وَّالٍ۔مِن نُّورٍ۔خیراً یَّرہ
خیرٌ مِن شرکۃ۔

یرہ۔ت۔زمین۔

فصل یا۔مع زاے معجمہ

یزدان۔ف۔ایک نام خدا کے نامون
سے واضح ہو کہ فارس کے لوگ قبل
اسلام کے دو خدا کے قائل تھے ایک
یزدان اور اُسکو فاعل خیر کا اور دوسرا
اہرمن اور اُسکو فاعل شر کا جانتے
تھے۔
یزدجرد۔ف۔نام ایک بادشاہ کا جو
پوتا نوشیروان عادل کا تھا۔
یزدی۔ف۔شہر یزد کا رہنے والا۔
منسوب طرف یزد کے۔اور یزد ایک شہر
ہی توابع شیراز سے۔
یزک۔ف۔محافظان لشکر وہ تھوڑے
سوار جو اپنی فوج کے آگے آگے چلین تاکہ
دشمن کی فوج سے اپنی فوج کو خبردار
کرین۔اور بمعنی مطلق فوج کے بھی
آیا ہے۔
یزکدار۔ف۔طلایہ کی فوج کا سوار۔
یزنہ۔ت۔بہن کا شوہر۔بہنوئی۔

فصل یا۔مع سین مہملہ

یسار۔ع۔توانگری۔دولتمندی۔ثروت
بایان ہاتھ۔بایان طرف۔
یسارت۔ع۔توانگری۔دولتمندی۔
یساق۔مہم۔جنگ کی تیاری
اور بمعنی دیوان اور دربار کے بھی۔
یسال۔ت۔فوج کا پرہ۔
یساول۔ت۔یسر تزک۔نقیب
چوبدار۔
یُسر۔ع۔ / یُسُر۔ع۔ } آسان ہونا۔آسانی۔
یسر۔ع۔آسان۔سہل۔
یسل۔ت۔فوج کا پرہ۔
یسیر۔ع۔تھوڑا۔آسان۔

فصل یا۔مع شین معجمہ

یشب۔مع۔معرب یشم کا۔نام ایک پتھر
قیمتی کا جو مائل بہ سبزی ہوتا ہی۔
یشک۔ف۔اونٹ اور بھیڑیے اور
گھوڑے اور کتے وغیرہ کا نکیلا اور تیز
دانت جسکو ہندی مین کچلی کہتے ہین۔
یشم۔ف۔نام ایک پتھر قیمتی کا جو مائل
بہ سبزی ہوتا ہے۔

فصل یا۔مع عین مہملہ

یعسوب۔ع۔شہد کی مکھیون کا سردار
سردار قوم۔یعاسیب جمع۔
یعسوب المؤمنین۔ع۔لقب حضرت
علی علیہ السلام کا۔
یعقوب۔ع۔نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا
یعقوبی کردن۔ف۔عاشقی کرنا۔
یعمور۔ع۔بکری اور بھیڑی کا بچہ۔

یَعنی۔ع۔چاہتا ہو۔قصد کرتا ہو۔

یَعُوق۔ع۔قوم نوحؑ کے بت کا نام جو گھوڑے کی صورت کا تھا۔

فصل یا مع غین معجمہ

یَغما۔ن۔تاراج۔غارت۔لوٹ۔نام شہر حُسن خیز کا ترکستان سے۔

یَغمائی۔ن۔لوٹ لیا گیا۔ملک یغما کا رہنے والا۔

یَغُوث۔ع۔نام بت کا جو شیر درندہ کی صورت کا تھا۔

فصل یا۔مع فا

یفاع۔ع۔زمین بلند۔

یفن۔ع۔بہت بوڑھا مرد۔

فصل یا۔مع قاف

یَقطِین۔ع۔کدو کا درخت۔ہر درخت جسکی بیل چلتی ہو۔

یَقِظ۔ع۔ } جاگتا ہوا بیدار۔
یَقظان۔ع۔ }

یَقظہ۔ع۔بیداری۔

یَقِین۔ع۔بے شبہہ۔بیشک۔اور بمعنے موت کے بھی۔

فصل یا۔مع کاف

یگان۔ن۔نامعین لوگ۔

یگانہ۔ن۔ایک۔بے مانند۔

یکایک۔ن۔ہر ایک۔اچانک۔

یک بغل۔ن۔ہر ایک تمام۔اچانک

یک پشت ناخن۔ن مقدار قلیل۔

یکتار۔ن۔تھوڑا۔اندک

یک تن۔ن۔ایک شخص۔

یک تہی۔ن۔اکہرا کپڑا گرمی کی فصل میں پہننے کا۔

یک جلو۔ن۔تیز رفتار۔

یکجہت۔ن۔موافق متفق۔

یک چشمی۔ن۔کل نیک اور بد کو ایک نظر سے دیکھنا۔

یک دست۔ن۔یکسان۔

یکدِلہ۔ن متفق۔بہادر۔

یک دندانہ۔یکسان۔

یکران۔ن۔اشقر گھوڑا یعنی جسکا رنگ سُرخ ہو اور یال اور دُم کے بال سفید ہوں۔گھوڑا عمدہ اور خوب

یکران توسن۔ن۔گھوڑا جو بہت عمدہ اور اصیل ہو۔

یک رقیب۔ن۔کنایہ حق تعالیٰ سے۔

یک رکابی۔ن۔کسی کام میں بجد ہونا اور جلدی کرنا مستعد۔اور بمعنی کوتل گھوڑے کے بھی آیا ہے۔

یکرنگی۔ن۔بے نفاقی۔اخلاص۔

یکرو۔ن۔سچا دوست۔

یکرو کردن۔ن۔ملاقات وغیرہ۔کسی بات کو بالکل قطع کر دینا۔

یکرہ۔ن۔تمام وکمال۔

یک زبانی۔ن۔یگانگی۔

یکسر۔ن۔سراپا۔سر سے قدم تک۔

یکسرہ۔ن تمام وکمال۔سب۔

یک سوارہ۔ن۔تنہا۔اکیلا۔

یکسطرف اُفتادن۔ن۔سامنے اور مقابل ہونا۔ایک طرف ہونا۔

یک فنی۔ن۔بے مانند۔کامل کسی فن میں اُستاد۔

یکقلم۔ن۔بالکل۔تمام۔

یکمشت خاک۔ن۔کنایہ زمین سے بطور حقارت کے۔

یک نفس زدن۔ن۔کچھ کہنا۔

یک نعل۔ن۔کنایہ بہت مقدار سے۔

یکے۔ن۔فرید علیہ یک کا ایک۔

یکے خوردن۔ن۔کسی کے خوف سے پیچھے ہٹنا۔حیران وسراسیمہ ہونا۔

فصل یا۔مع لام

یَل۔ن۔پہلوان۔شجاع۔بہادر۔آزاد اور ترکی میں بمعنی راہ۔

یَلاق۔ت۔نام بادشاہ ترک کا۔

یَلمَہ۔ع۔ایک قسم کی زرہ جو بعضے حیوان کی کھال سے بناتے ہیں۔

یَلدا۔ن۔شب تاریک۔اندھیری رات

نام ایک رات کا جو سب راتون سے
زیادہ بڑی اور بہت اندھیری ہوتی ہی
اور یہ رات تمام سال مین ایک ہوتی ہی
پوس کے مہینہ مین۔
یلغار۔ت۔دشمن کی فوج پر دھاوا کرنا۔
دوڑ لیجانا۔
یللے۔ف۔آخر مین یاے مجہول۔ایک
کلمہ ہی کہ جوان لوگ خوشی کی حالت مین
عالم وجد مین کہتے ہین۔
یلمق۔ت۔ } بمعنی قبا۔
یلمہ۔ف۔ }
یلمہ۔ت۔کھلی بھوسی وغیرہ جو کچھ کہ نقار
یا ناند مین بھر کے حیوانات کو کھلاتے
ہین۔
یلملم۔ع۔نام ایک مقام کا جہان سے
اہل یمن حج کا احرام باندھتے ہین۔
یلوج۔ت۔بمعنی پیغمبر۔
یلہ۔ف۔رہا شدہ۔جو چھوڑ دیا گیا ہو۔
آزاد۔بے قید۔جو نکال دیا گیا ہو۔دوڑنا۔
ہوا لزن فاحشہ۔
یلہ کردن۔آزاد کردینا۔رہا کرنا۔نکال دینا۔

فصل یا مع میم

یم۔ع۔دریا اور استعمال فارسی مین بغیر
تشدید میم کے بھی آتا ہی۔

یمام۔ع۔جنگلی کبوتر۔
یمامہ۔ع۔جنگلی کبوتر۔نام ایک ولایت کا
نام ایک عورت کا عرب مین جسکی آنکھین
نیلی تھین اور جو ایسی تیز نظر تھی کہ تین دن
کی راہ سے آدمی وغیرہ کو پہچان
لیتی تھی۔
یمانی۔ع۔منسوب طرف یمن کے جو نام
ایک ملک مشہور کا ہی اور جو کعبہ کی داہنی
طرف واقع ہے۔
یمکن۔ع۔صیغہ مضارع معروف کا بمعنے
امکان رکھتا ہے۔ہو سکتا ہی۔مگر فارسی
مین نون ساکن سے آتا ہی۔
یمن۔ع۔مبارک ہونا۔مبارکی۔
یمن۔ع۔نام ملک مشہور کا جو کعبہ کی داہنی
طرف واقع ہی۔
یمہ۔ع۔ت۔خوراک۔
یمہ داران۔ف۔روزینہ دار لوگ
امیہ داران غلط ہے۔
یمین۔ع۔دہنا ہاتھ۔داہنی طرف۔
سوگند۔قسم۔توانائی۔قوت۔منزلت
مرتبہ۔قدرت۔

فصل یا مع نون

ینابیع۔ع۔بڑے چشمے پانی کے۔اور
یہ جمع ینبوع کی ہی۔
ینبوع۔ع۔بڑا چشمہ پانیکا۔

ینک۔ف۔آئین۔روش۔اور نام ہی
ایک جزیرہ کا۔
ینگا۔ف۔بھائی کی جورو یعنی بھاوج
چچا کی جورو یعنی چچی۔اور بمعنی کد بانو یعنے
وہ عورت جو صاحب خانہ ہو۔اور بمعنی
مشاطہ کے بھی آیا ہی۔

فصل یا مع واو

یواش۔ت۔کوتل گھوڑا۔وہ گھوڑا جو نرم
رفتار اور شائستہ ہو۔
یواقیت۔ع۔جمع یاقوت کی جو ایک
جوہر سرخ رنگ بیش قیمت ہوتا ہی۔
یوبب۔ع۔حضرت شعیب پیغمبر کے
والد کا نام۔
یوح۔ع۔آفتاب۔
یورش۔ت۔واو غیر ملفوظ سے۔دشمن پر
حملہ کرنا۔دھاوا کرنا۔دوڑ لیجانا کسی مہم پر
جلد جانا۔
یوز۔ف۔واو معروف سے ایک درندہ
مشہور ہی جسکو ہندی مین چیتا کہتے
ہین اور یہ پنیر بڑی رغبت سے کھاتا ہی
اور بمعنی ڈھونڈھنا اور تلاش کرنا۔
دریوزہ اسی سے ماخوذ ہی۔
یوز۔ت۔سو عدد۔
یوزباشی۔ت۔سو آدمی کا سردار۔
یوزہ۔ف۔تنہ درخت کا۔

یُوزیدن۔ ف۔ ڈھونڈھنا۔ طلب کرنا تلاش کرنا۔

یُوس۔ ع۔ نا اُمید۔

یُوسُف۔ ع۔ نام ایک پیغمبر مشہور کا۔

یوغ۔ ف۔ واؤ مجہول سے وہ لکڑی جو بیل کی گردن پر رکھتے ہین ہندی مین اسکو جوا کہتے ہین۔

یُوفُ۔ ف۔ واؤ معروف سے بیہودہ گو۔

یُول۔ ت۔ راہ۔ رستہ۔

یُولچی۔ ت۔ واؤ غیر ملفوظ سے محافظ راہ راہدار۔ وہ فقیر جو رستہ پر بیٹھکر لوگون سے سوال کرے۔

یوم۔ ع۔ روز۔ دن۔

یوم الحساب۔ ع۔ قیامت کا دن جو پچاس ہزار برس کی مقدار ہوگا۔

یُومُ التَّنادِ۔ ع۔ پکار کا یعنی روز قیامت کیونکہ اُس دن ایک دوسرے کو پکاریگا کہ میری فریاد کو پہونچ لیکن کوئی کسی کو نہ پوچھے گا۔

یُومُ النُّشُور۔ ع۔ قیامت کا دن اسلیے کہ نشور بمعنی زندہ ہونیکے ہے۔

یُومُ الباحُور۔ ع۔ بحران کا دن۔

یُومِیہ۔ ع۔ روزینہ ہر روز کا معمول۔

یُونان۔ ی۔ نام ایک ملک کا جو بنام یونان بن یافث بن نوح کے آباد ہوا تھا۔ مگر مشہور بضم اول ہے۔

یُونس۔ ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جنکو بحکم خدا مچھلی نگل گئی تھی۔ واضح ہو کہ یہ لفظ نون کے کسرہ اور فتحہ سے بھی آیا ہے۔

یُویہ۔ ف۔ واؤ مجہول سے۔ قصد عزم۔ ارادہ۔

فصل یا مع ہاے ہوز

یہقوف۔ ع۔ مرد بددل۔ زیرک عقلمند تیز طبع۔

یَہُود۔ ع۔ جمع ہے یہودی کی۔

یَہُودا۔ ع۔ نام حضرت یوسف کے بڑے بھائی کا جو دوسری ماں سے تھے۔

یَہُودی۔ ایک شخص قوم یہود سے۔

فصل یا مع یاے تحتانی

یَیلاق۔ ت۔ جاے سرد۔ ہوادار جس مین گرمی کی فصل مین رہین۔

یَیلان۔ ت۔ بروزن فیلان۔ یہ لفظ مفرد ہے بمعنی سانپ۔

یَیل۔ ت۔ بروزن فیل بمعنی سال۔

قطعۂ تاریخ طبع سابق از فکر سید تصدق حسین رضوی متخلص بہ عاشق مرحوم و مغفور مولف کتاب ہذا

این کتاب لغت از فضل الٰہ — بار ہشتم شدہ مطبوع عباد

از سر زیب نوشتہ عاشق — فیض بخش طلبہ دائم باد

التماس والا مرتبت خداوند نعمت رئیس ذیشان عمیم الاحسان مشہور زمن بجناب معلی القاب منشی **بشن نرائن** صاحب بھارگو ادام اللہ اقبالہم و اجلالہم مالک مطبع ہذا نے جبکہ جمیع کتب کی صحت کیطرف اپنی توجہ مبذول فرمائی ہو تو پھر یہ کتاب تو خاص طور سے اسکی مستحق تھی لہذا اب کی مرتبہ حسب الحکم آقاے نامدار اس خاکسار نے من اولہ الی آخرہ ہر ہر لغت کو کتب لغات مستندہ سے ملاکر اعراب لغات کو جن پر مدار صحت ہے نہایت احتیاط سے درست کیا ہے اور بعض جا لغات مروجہ مین اختلافات پاکر تنبیہ بھی درج کر دیا گیا ہے خدا سے اُمید ہے کہ ناظرین اولی الابصار جب اسکو مطبوعہ سابقہ سے ملاکر ملاحظہ فرمائینگے تو میری گذارش پر یقین لائینگے اللہ تعالی اس یادگار مصنف مرحوم کو شرف قبولیت سے یونہی سرفراز رکھے اور میری شفقت کو مشکور فرمائے آمین ثم آمین

حقیر فقیر محمد منیر عفی عنہ مصحح مطبع ہذا

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ حلال لغات فارسی و کشاف اصطلاحات تازی یعنی لغات کشوری نہایت حسن و خوبی کے ساتھ حسب ایماے آقاے نامدار بابو بشن نرائن صاحب مالک مطبع بار دوازدہم ماہ جولائی ۱۹۲۳ء مین چھپکر نذر ناظر شائقین ہوئی خدا وند کریم مقبول عالم فرمائے